Ketabton.com
www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

درسِ مسلم

جلد اوّل

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ
رئیس الجامعہ دارالعلوم کراچی

کی تقریر "صحیح مُسلِم"

تخریج و تعلیق

مولانا اعجاز احمد صمدانی
مولانا طاہر اقبال

اِدارۃُ المعارف کراچی ۱۴

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جملہ حقوقِ ملکیت بحق ادارۃ المعارف کراچی۱۴ محفوظ ہیں

باہتمام : محمد مشتاق سنی
طبع جدید : ذی قعدہ ۱۴۳۳ھ - اکتوبر ۲۰۱۲ء
مطبع : شمس پرنٹنگ پریس کراچی
ناشر : ادارۃ المعارف کراچی۱۴

ملنے کے پتے :

ادارۃ المعارف کراچی۱۴

احاطہ جامعہ دارالعلوم کراچی، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی
فون: 021-35032020، 021-35123161
موبائل: 0300 - 2831960
ای میل: imaarif@live.com

- مکتبہ معارف القرآن کراچی۱۴
- دارالاشاعت، اُردو بازار کراچی
- ادارۂ اسلامیات، انارکلی، لاہور
- بیت الکتب، گلشن اقبال، کراچی
- مکتبۃ القرآن، بنوری ٹاؤن، کراچی

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فہرستِ مضامین

عنوان	صفحہ نمبر
پیش لفظ	۱۳
ضروری گزارش	۱۷
مقدمة العلم	۲۰
الحدیث	۲۰
وجہ تسمیة الحدیث حدیثا	۲۱
حدُّ علم روایة الحدیث	۲۳
موضوعہٗ	۲۳
غایتہٗ	۲۳
شرافة هذا العلم	۲۳
حجیتِ حدیث	۲۵
منکرینِ حدیث کے نظریات	۲۶
پہلے نظریے کی تردید	۲۷
وحیٔ غیر متلو کا اثبات	۲۷
اطاعتِ رسول کی فرضیت	۲۹
قرآن فہمی کے لئے حدیث کی ضرورت	۳۰
بعض عقلی دلائل	۳۱
منکرینِ حدیث کے چند دلائل اور ان کا جواب	۳۳
دُوسرے نظریے کی تردید	۳۶
تیسرے نظریے کی تردید	۳۷
۱- حفظ الحدیث بالروایة	۴۱
۲- حفظ الحدیث بالتعامل	۴۲
۳- حفظ الحدیث بالکتابة اور ممانعتِ کتابت کی حقیقت	۴۳
تدوینِ حدیث	۴۴
عہدِ رسالت میں کتابتِ حدیث	۴۵
عبداللہ بن عمروؓ کا کارنامہ "الصحیفة الصادقة"	۴۶
ایک اشکال اور اس کا جواب	۴۸
۷- صحیفہ حضرت علی رضی اللہ عنہ	۴۹
۸- حضرت انسؓ کی تألیفات	۵۰
۹- کتاب الصدقة	۵۱
۱۰- صحیفہ عمرو بن حزمؓ	۵۱
۱۱- عمرو بن حزمؓ کی ایک تألیف	۵۲
۱۲- کئی اور صحیفے	۵۲
۱۳- نومسلم وفود کے لئے صحائف	۵۳

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
۱۴- تبلیغی خطوط	۵۴
۱۵- سرکاری وثیقے	۵۴
خلاصہ اور ممانعتِ کتابت کی حقیقت	۵۶
عہدِ صحابہ میں کتابتِ حدیث	۵۶
حضرت ابوہریرہؓ کی دیگر تالیفات	۵۸
۳- الصحیفۃُ الصحیحۃ (صحیفہ ہمّام بن منبہؒ)	۵۸
حضرت ابوبکر صدیقؓ کی کتاب الصدقۃ...	۵۹
صحیفۂ جابر رضی اللہ عنہ	۵۹
رسالۃ سَمُرۃ بن جُندُب رضی اللہ عنہ......	۶۰
رسالۃ سعد بن عُبادۃ رضی اللہ عنہ........	۶۰
حضرت براء بن عازبؓ کا اِملاءِ احادیث .	۶۰
رسالۃ ابن مسعود رضی اللہ عنہ	۶۰
حضرت ابن عباسؓ کی تالیفات...........	۶۰
حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث کی کتابت	۶۱
حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	۶۲
حضرت مغیرۃ بن شعبہؓ..............	۶۲
حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور کتابتِ حدیث ..	۶۳
حضرت علیؓ اور کتابتِ حدیث	۶۵
عہدِ صحابہ میں کتابتِ حدیث کی کچھ اور مثالیں .	۶۶
حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے دور میں سرکاری طور پر تدوینِ حدیث	۶۷
دوسری صدی ہجری میں تدوینِ حدیث ...	۶۸
تیسری صدی ہجری میں تدوینِ حدیث ...	۷۲
طبقاتُ الرُّواۃ (من حیث الضبط وملازمۃ الشیخ).................	۷۵
طبقاتُ الرُّواۃ (من حیث العصر واللقاء) ..	۷۶
انواع المُصنَّفات فی علم الحدیث..	۷۷
مقدمۃ الکتاب	۸۲
الصّحاحُ المجرَّدَۃ	۸۲
اَوّل من صنَّف فی الصحیح المجرَّد ..	۸۲
طبقاتُ کتب الحدیث من حیث الصحۃ والشھرۃ والقبول............	۸۳
الصحاح المجرَّدہ الزائدۃ علی الصحیحین	۸۵
منازل الصحاح الستۃ	۸۶
مذاھب مؤلفی الصحاح الستۃ فی الفروع	۸۶
ترجمۃُ الإمام مسلمؒ.................	۸۸
إسمہ ونسبہٗ وکنیتہ ومولدہ	۸۸
سماعہٗ................................	۸۸
امام بخاریؒ سے تعلق	۸۹
شانہ وعَبْقَرِیَّتُہ فی علم الحدیث	۹۰
تلامیذہٗ...............................	۹۱
وفاتہٗ................................	۹۲

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
تصانیفهٗ..................................	۹۲
اختلاف الشیخین فی الحدیث المعنعن..................	۹۳
المقدمة الأُولٰی	۹۴
المقدمة الثانیة	۹۵
المقدمة الثالثة	۹۶
تتمةُ هٰذا البحث..........................	۱۰۱
الموازنة بین الصَّحیحین للبخاری ومسلم	۱۰۲
وجوهُ ترجیح کتاب البخاری علٰی کتابِ مسلم....................	۱۰۳
وجوهُ ترجیح کتابِ مسلم علٰی کتاب البخاری (کتابِ مسلم کی خصوصیات)........................	۱۰۵
دونوں کی مشترک احتیاط	۱۰۹
عَدَدُ ما فی صحیح مسلم من الأحادیث..............	۱۱۰
تراجم صحیح مسلم	۱۱۰
شروحِ صحیح مسلم	۱۱۱
مختصراته والمستخرجات علیه	۱۱۳
معنی قولهم "علٰی شرط الشیخین" او "علٰی شرط احدهما"	۱۱۴
صِیَغ الأداء والتحمل	۱۱۶
الإجازة وفائدتها فی هٰذا الزمان	۱۱۸
الاستخراج والإخراج والتخریج....	۱۱۹
کتبِ حدیث کی عبارت پڑھنے اور لکھنے کے لئے کچھ ہدایات اور رُموزِ اِسناد	۱۲۰
إتصال السند منّا إلی الإمام مسلمؒ...	۱۲۲
حدیثُ الرحمةِ المسلسلِ بالأوّلیة..	۱۲۵
آغازِ کتاب	۱۳۱
ملخص ما فی مقدمة صحیح مسلم من المسائل المهمة وشرح المواضع منها	۱۳۱
حاصلِ بحث	۱۳۸
شاذّ اور منکر میں فرق	۱۳۹
"باب وجوب الروایة عن الثقات وترک الکذّابین ... الخ."	۱۴۱
"باب تغلیظ الکذب علی رسول الله صلی الله علیه وسلم"	۱۴۳
"باب النهی عن الحدیث بکل ما سمع"	۱۴۵
"باب النهی عن الروایة عن الضعفاء.... الخ"	۱۴۶
"باب بیان ان الاسناد من الدین....الخ"	۱۴۸

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
باب صحة الاحتجاج بالحديث المعنعن اذا أمكن لقاء المعنعنين ولم يكن فيهم مدلِّس	۱۶۰
ایک بڑا اِشکال	۱۶۰
جوابات	۱۶۰
امام بخاریؒ نے اپنی شرط کی خلاف ورزی نہیں کی	۱۶۱
چار مثالیں جن میں شرطِ بخاری کے باوجود انقطاع پایا گیا	۱۶۷
چند حدیثیں جو شرطِ بخاری کے بغیر صحیح قرار دی گئیں	۱۷۰
اِشکال	۱۷۰
جواب	۱۷۱
پھر ویسا ہی اِشکال	۱۷۲
جواب	۱۷۲
یہاں بھی وہی اِشکال ہے	۱۷۳
اس کا جواب	۱۷۳
پھر اِشکال	۱۷۳
اس کا جواب	۱۷۴
خلاصۂ بحث	۱۷۵
كتاب الإيمان	
المسئَلة الأُولٰى	۱۷۷
معنى الإيمان والإسلام لغةً والنسبة بينهما	۱۷۷
الإيمان اصطلاحًا	۱۷۸
بما عُلم مجيء النبي صلى الله عليه وسلم به	۱۷۹
الإسلام اصطلاحًا	۱۸۲
النسبة بينهما باعتبار المعنى الإصطلاحي الثاني	۱۸۳
ایمان کے لئے اقرار باللسان کس حد تک شرط ہے؟	۱۸۴
ایمان اور اسلام میں تلازم کی تفصیل	۱۸۶
المسئلة الثانية	۱۸۷
العمل جزء من الايمان ام لا؟	۱۸۷
الردُّ على الجهميَّة	۱۸۹
ہمارے دلائل	۱۸۹
الرَّدُّ على الكرَّامية	۱۹۱
دلائل المُرجِئة والرَّدُّ عليهم	۱۹۳
أدلّةُ المُعتزلة والخوارج والرَّدُّ عليهم	۱۹۶
دلائل أهل السنة والجماعة	۱۹۷
مذهبُ أهلِ السنة والجماعة	۱۹۹
تواتُر الاسناد	۲۰۰
تواتُر العمل	۲۰۱

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
تواتُر الطبقة	۲۰۱
تواتُر القدرُ المشترک	۲۰۱
اقلُّ عددٍ فی التواتُر	۲۰۱
تعریف الایمان عند المحدثین	۲۰۲
المسئلة الثالثة	۲۰۴
الایمان یزید وینقص أم لا؟	۲۰۴
المسئلة الرابعة	۲۰۷
مُلحِدین کی تکفیر	۲۰۷
اہلِ قبلہ کی تکفیر	۲۰۸
کافر کی سات قسمیں	۲۱۱
موٴوِّل کی تکفیر	۲۱۱
تکفیر میں کڑی احتیاط اور اس کی حدود	۲۱۳
ہر کلمۂ کفر بولنے والا کافر نہیں	۲۱۴
تکفیر میں بے احتیاطی پر سخت وعید	۲۱۵
ایک اِشکال اور اس کا جواب	۲۱۵
المسئلة الخامسة	۲۱۸
مسئلۂ تقدیر	۲۱۸
قدر اور قضاء	۲۱۸
ایمان بالقدر یعنی تقدیر پر ایمان	۲۱۹
ایمان بالقضاء یعنی ”قضاء“ پر ایمان	۲۱۹
انسان کا اختیار؟	۲۲۰
کسب کی حقیقت؟	۲۲۰
اس کی ایک نظیر	۲۲۲
جبریہ کا عقیدہ	۲۲۲
قدریہ کے دو گروہ	۲۲۴
ان کی دلیل	۲۲۵
ہمارا جواب	۲۲۵
جبریہ کی طرف سے ایک اعتراض	۲۲۷
اس کا جواب	۲۲۷
جبریہ کا ایک اور سوال	۲۲۸
اس کے دو جواب	۲۲۸
کسب کے بارے میں ایک ضروری وضاحت	۲۲۹
تقدیرِ معلّق اور تقدیرِ مُبرَم	۲۳۲
جواب	۲۳۳
تقدیرِ مُعلّق	۲۳۳
تقدیرِ مُبرَم	۲۳۳
مسئلۂ تقدیر کا آسان خلاصہ ایک نظر میں	۲۳۴
مسئلۂ علم غیب	۲۳۶
کتاب الإیمان	۲۳۷
باب معرفة الایمان والاسلام	۲۳۷
امام مسلمؒ نے تراجم الابواب کیوں قائم نہیں فرمائے؟	۲۳۹
مسئلۂ تقدیر	۲۴۲
وجه الفرق بین اصطلاح الفقهاء والمحدثین	۲۶۲

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
مسئلۂ علم غیب کا خلاصہ	۲۶۹
مسئلۂ علم غیب کے متعلق ایک فائدۂ مہمہ ...	۲۷۱
علم غیب کے بارے میں بریلوی عقیدے کی حقیقت	۲۷۲
باب بیان الصلوٰت التی ھی احد ارکان الاسلام	۲۷۷
باب السؤال عن أرکانِ الإسلام	۲۸۳
باب بیان الإیمان الّذی یدخل به الجنة .... الخ	۲۸۴
باب بیان أرکانِ الاسلام ودعائمه العظام	۲۸۹
باب الأمر بالإیمان بالله تعالٰی ورسولهٖ .... الخ	۲۹۳
باب الدعاء الی الشهادتین وشرائع الإسلام	۳۱۰
باب الأمر بقتال الناس حتّٰی یقولوا لا اله اِلّا الله.... الخ	۳۱۴
کیا اسلام تلوار کے زور سے پھیلایا گیا ہے؟..	۳۱۹
مستشرقین کون ہیں؟	۳۲۰
مستشرقین کا اعتراض	۳۲۰
ان کے اعتراض کی ظاہری دلیلیں	۳۲۰
یہ اعتراض کم فہمی یا دھوکا دہی پر مبنی ہے	۳۲۱
جہاد کی اَقسام	۳۲۳
اِس موضوع پر ہمارے بزرگوں کی تصانیف ..	۳۲۵
باب الدلیل علٰی صحة إسلام من حضره الموت .... الخ	۳۲۶
باب الدلیل علٰی من مات علی التوحید دخل الجنة	۳۳۰
چند سوالات اور اُن کے جوابات	۳۴۹
باب الدلیل علٰی أنّ من رضی باللهِ ربًّا .... الخ	۳۵۵
باب بیان عدد شعب الایمان ....الخ	۳۵۶
ایمان کے کل کتنے شعبے ہیں؟............	۳۵۷
باب جامع أوصاف الإسلام..........	۳۶۳
باب تفاضل الإسلام وأیّ أُموره أفضل	۳۶۴
باب بیان خصال من اتصف بهنّ وجد حلاوةَ الایمان..................	۳۶۸
باب وجوب محبة رسولِ الله ﷺ .... الخ	۳۷۰
باب الدلیل علٰی أنّ من خصال الإیمان .... الخ	۳۷۱
باب بیان تحریم ایذاء الجار..........	۳۷۲
باب الحث علٰی اکرام الجار والضیف ولزوم السکوت .... الخ .	۳۷۲

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
باب بيان كون النهي عن المنكر من الايمان الخ	۳۷۴
باب تفاضل أهل الايمان فيه ورجحان أهل اليمن فيه	۳۸۶
باب بيان أنّه لا يدخل الجنة الّا المؤمنون .... الخ	۳۹۲
باب بيان ان الدِّين النصيحة	۳۹۳
باب بيان نقصان الإيمان بالمعاصي ...الخ	۳۹۷
باب خصالِ المنافق	۴۰۱
باب بيان حال إيمان من قال لأخيه المسلم يا كافر	۴۰۴
باب بيان حال ايمان من رغب عن ابيه وهو يعلم	۴۰۷
باب قول النبي ﷺ: سِبابُ المسلم فسوقٌ وقِتالهٗ كفر	۴۱۱
باب بيان معنى قول النبي ﷺ: لا ترجعوا بعدي كُفارًا .... الخ	۴۱۱
باب اطلاق اسم الكفر على الطعن في النسب والنياحة	۴۱۳
باب تسمية العبد الأبق كافرًا	۴۱۴
باب بيان كفر من قال مطرنا بالنوء	۴۱۵
باب الدليل علٰى انّ حُبَّ الأنصار وعليٍّ من الإيمان الخ	۴۱۷
باب نقصان الإيمان بنقص الطاعات .... الخ	۴۲۰
باب اطلاق اسم الكفر علٰى من ترك الصلٰوة	۴۲۳
باب بيان كون الإيمان بالله تعالٰى أفضل الأعمال	۴۲۴
باب بيان كون الشرك أقبح الذنوب وبيان أعظمها بعدهٗ	۴۲۸
ضبطِ ولادت کی شرعی حیثیت	۴۲۸
باب الكبائر وأكبرها	۴۳۰
باب تحريم الكبر وبيانهٖ	۴۳۱
باب الدليل علٰى أنّ من مات لا يشرك بالله .... الخ	۴۳۳
باب تحريم قتل الكافر بعد قولهٖ لا اله الّا الله	۴۳۴
باب قول النبي ﷺ: من حمل علينا السلاح فليس منا	۴۴۳
باب قول النبي ﷺ: من غشّ فليس منّا	۴۴۴
باب تحريم ضرب الخدود وشق الجيوب .... الخ	۴۴۴
باب بيان غلظ تحريم النميمة	۴۴۵
باب بيان غلظ تحريم اسبال الازار .... الخ	۴۴۷

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
باب غلظ تحریم قتل الإنسان نفسه.... الخ	۴۵۱
باب تحریم الغلول .... الخ	۴۵۹
باب الدلیل علٰی أنّ قاتل نفسہ لا یکفر	۴۶۰
باب الریح التی تکون فی قرب القیامة .... الخ	۴۶۲
باب الحث علی المبادرة بالأعمال قبل تظاهر الفتن	۴۶۳
باب مخافة المؤمن أن یُحبَطَ عملُه.... الخ	۴۶۳
باب هل یؤاخذ بأعمالِ الجاهلیة؟...	۴۶۵
باب کون الإسلام یهدم ما کان قبلهٗ.... الخ	۴۶۵
باب بیان حکم عمل الکافر اذا أسلم بعدهٗ	۴۷۰
باب صدق الایمان واخلاصه	۴۷۲
باب بیان تجاوز الله عن حدیث النفس .... الخ	۴۷۳
باب بیان الوسوسة فی الإیمان .. الخ	۴۷۶
مادّی فلسفہ کا مختصر تعارف	۴۷۸
باب وعید من اقتطع حق مسلم بیمین فاجرةٍ بالنّارِ	۴۷۹
باب الدلیل علٰی أن من قصد أخذ مال غیره .... الخ	۴۸۱
باب استحقاق الوالی الغاش لرعیة النّار	۴۸۲
باب رفع الأمانة والإیمان من بعض القلوب .... الخ	۴۸۳
باب بیان أنّ الإسلام بدأ غریبًا وسیعود غریبًا .... الخ	۴۸۸
باب ذهاب الإیمان اٰخر الزمان	۴۸۹
باب جواز الإسْتِسْرَارِ بالإیمان للخائف	۴۹۰
باب تألف قلب من یخاف علٰی ایمانه لضعفه .... الخ	۴۹۱
باب زیادة طمانینة القلب بتظاهر الأدلة	۴۹۳
باب وجوب الإیمان برسالة نبینا محمد ﷺ إلٰی جمیع الناس ... الخ	۴۹۶
باب نزول عیسیٰ ابن مریم علیه السلام حاکمًا بشریعةِ نبیّنَا .... الخ	۴۹۸
علاماتِ قیامت	۵۰۲
علاماتِ بعیده	۵۰۲
علاماتِ متوسطہ	۵۰۲
علاماتِ قریبہ	۵۰۳

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
باب بیان الزمن الّذی لا یقبل فیه الإیمان	٥٠٥
آفتاب کا سجدہ اور طلوع الشمس مِن مَغْرِبِهَا	٥٠٦
علمِ فلکیات کے اعتراضات اور ان کے جوابات	٥٠٨
باب بدء الوحی الٰی رسول ﷺ	٥١٢
باب الإسراء برسولِ الله ﷺ الخ	٥١٤
مسئلہ حیاتِ انبیاء علیہم السلام	٥٢٤
شہداء اور انبیاء کی حیاتِ برزخی اور اس کے درجات میں تفاضل	٥٢٨
خلاصۂ بحث	٥٢٩
باب معنٰی قول الله عزّ وجلّ: "ولقد راٰہ نزلۃً أخرٰی .... الخ	٥٣٥
مسئلۂ رُؤیتِ باری تعالٰی	٥٣٥
"فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى" کی تشریح	٥٣٨
باب اثبات رُؤیة المؤمنین فی الأخرة ربهم سبحانه وتعالٰی	٥٤٣
باب اثبات الشفاعة واخراج المؤحّدین من النّار	٥٥٥
امانت کا مفہوم	٥٦٧
باب دعاء النبی صلی الله علیه وسلم لِأمّتِه الخ	٥٧١
باب بیان أن من مات علی الكفر فهو فی النّار الخ	٥٧١
باب شفاعة النبی ﷺ لأبی طالب	٥٧٥
باب الدلیل علٰی أن من مات علی الكفر لا ینفعُه عمله	٥٧٨
باب موالاة المؤمنین ومقاطعة غیرهم ...الخ	٥٧٩
باب الدلیل علٰی دُخول طوائف من المسلمین الجنة بغیر حساب ولا عذاب	٥٧٩
باب بیان كون هٰذه الأمّة نصف أهل الجنّة	٥٨٥
کتابیات	٥٨٨

***

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پیشِ لفظ

بقلم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم العالی

نحمده ونصلي على رسوله الكريم، وعلى اله واصحابه اجمعين،

ومن تبعهم باحسان الى يوم الدين، اما بعد.

یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم اور ناچیز کے اساتذہ اور بزرگوں کی دُعاؤں کا ثمرہ ہے کہ مجھ ناکارہ کو ۱۳۹۲ھ سے، یعنی ۳۴ سال سے صحیح مسلم کی تدریس کی سعادت حاصل ہے۔

اس درس کی تقریر سب سے پہلے مولانا محمد عبدالغفار ارکانی صاحب نے ۱۳۹۲ھ ہی میں قلمبند کی تھی، جو اُس وقت جامعہ دارالعلوم کراچی کے دورۂ حدیث کے طلبہ میں ممتاز سمجھے جاتے تھے، اور اب ماشاء اللہ پُرانے تجربہ کار عالمِ دین ہیں اور ایک بڑے تعلیمی ادارے سے وابستہ ہیں۔ پھر اس کی ایک کاپی میرے پاس بھی رہی جس میں ناچیز کچھ کمی بیشی اور ردّ و بدل اپنے نئے مطالعے اور تازہ ترین علمی تقاضوں کے مطابق تقریباً ہر سال کرتا رہا۔

پھر ۲۴ سال بعد ۱۴۱۶ھ میں ہمارے دورۂ حدیث کے ایک اور ہونہار بنگلہ دیشی طالبِ علم مولوی محمد عبدالغفور سلّمہٗ نے اس کی صاف کاپی تیار کی۔ اللہ تعالیٰ اِن دونوں اہلِ علم کو جزائے خیر عطا فرمائے، اور ان کے علم وعمل اور عمر میں برکت عطا فرمائے۔ پچھلے کئی سال سے ایک ناشر ادارہ اس تقریرِ درس کو میری اجازت سے شائع کرتا رہا ہے۔

لیکن اَوّلاً تو مجھ جیسے ناکارہ کا درس ہی کیا کہ اُس کی طباعت سے اہلِ علم کے فائدے کی توقع کی جاتی۔

ثانیاً:- آج سے پہلے اس ''درسِ مسلم جلدِ اَوّل'' کے جتنے ایڈیشن شائع ہوئے ہیں وہ صرف ''کتاب الایمان'' کے اُصولی مباحث تک کی تقریر پر مشتمل تھے، ''کتاب الایمان'' کی احادیث کی تشریح اور متعلقہ تفصیلی مسائل جو طلبہ نے مختلف برسوں میں قلم بند کئے تھے وہ اس میں شامل نہ ہوسکے تھے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ثالثاً:- طباعت سے پہلے اس تقریرِ درس پر جس علمی خدمت کی ضرورت تھی، وہ بھی نہ ہوسکی تھی، اس لئے اُس وقت اس کی طباعت و اشاعت قبل از وقت ہی معلوم ہوتی تھی، تاہم اُس ادارے کو اشاعت کی اجازت اس اُمید پر دے دی تھی کہ شاید اللہ تعالیٰ اس حالت میں بھی طلبہ کو اس سے کچھ فائدہ عطا فرمادے۔ چنانچہ پچھلے چند برسوں میں اس کے تین ایڈیشن شائع ہوئے، جن کو کمپوزنگ کی سنگین اغلاط کے باوجود طلبہ اور اہلِ علم نے نہ صرف برداشت کیا بلکہ پذیرائی اور تحسین سے نوازا، وللہ الحمد۔

اس وقت جو ایڈیشن ''اِدَارَۃُ الْمَعَارِفْ کَرَاچِیْ'' کا شائع کردہ آپ کے ہاتھ میں ہے یہ بحمداللہ پچھلے ایڈیشنوں کی تصحیح شدہ شکل تو ہے ہی، ساتھ ہی یہ ''کتاب الایمان'' کی احادیث کی تشریح و توضیح اور متعلقہ مسائل کی تفصیلات پر بھی مشتمل ہے، جو بعد کے دورۂ حدیث کے چند طلبہ نے قلم بند کی ہیں، اس کا مختصر حال آپ مولانا اعجاز احمد صمدانی صاحب کے قلم سے ''ضروری گزارش'' کے عنوان کے تحت اسی کتاب کے شروع میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

نیز اس ایڈیشن میں ایک بڑا کام یہ ہوا ہے کہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے ہونہار فاضلین مولانا اعجاز احمد صمدانی اور مولانا طاہر اقبال سلّمہما نے ناچیز کے مشورے سے اس پورے ''درسِ مسلم جلدِ اوّل'' پر مفید حاشیہ تحریر کیا ہے، اس کی تفصیل بھی آپ ''ضروری گزارش'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں گے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام ابنائے جامعہ دارالعلوم کراچی کے علم و عمل اور عمروں میں برکت عطا فرمائے جن کی مخلصانہ کاوشوں کے نتیجہ میں ''درسِ مسلم'' یہ کتابی شکل اختیار کرسکا، اور آئندہ آنے والے طلبہ کے لئے اسے زیادہ سے زیادہ نافع بنائے، اور ناچیز کے لئے بھی اسے ذخیرۂ آخرت بنادے، آمین۔ قارئین سے بھی اسی دُعا کی درخواست ہے۔

''درسِ مسلم'' کی جلدِ ثانی جو زیادہ تر اَحکامِ عملیّہ، خصوصاً معاملات، اسلامی اقتصادیات وسیاسیات اور اسلام کے بین الاقوامی قوانین کی احادیث سے متعلق ہے، اُس پر حاشیہ وتعلیقات کا کام بحمداللہ جاری ہے، دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے بھی جلد حسن وخوبی کے ساتھ مکمل کراکے طلبہ واہلِ علم کے لئے نافع اور اس خدمت کو انجام دینے والوں کے لئے ذخیرۂ آخرت بنادے۔

ایک وضاحت:

جن حضرات کو جامعہ دارالعلوم کراچی میں دورۂ حدیث کا منہج اور طریقۂ کار معلوم نہیں

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اُن کے ذہنوں میں یہاں یہ سوال ضرور پیدا ہوگا کہ ''درسِ مسلم'' کی جلدِ اوّل نئی اضافی شکل میں بھی صرف ''کتاب الایمان'' کے آخری درس پر کیوں ختم ہوگئی ہے؟ آگے کے مباحث اس میں کیوں نہیں آئے؟ حالانکہ ''کتاب الایمان'' کے آخر تک کی احادیث صحیح مسلم جلدِ اوّل کا صرف چوتھائی حصہ ہیں۔

اس لئے یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ میرے والدِ ماجد، جامعہ دارالعلوم کراچی کے بانی وصدر، مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب نور اللہ مرقدہٗ اپنے زمانے میں دورۂ حدیث کے اسباق کے طریقِ کار میں یہ خامی محسوس فرماتے تھے کہ دورۂ حدیث کا ہر اُستاذ اپنے سے متعلق کتاب کے شروع کے اَبواب تو نہایت شرح وبسط اور سیر حاصل دلائل کے ساتھ پڑھاتا تھا، لیکن سہ ماہی امتحان کے بعد درس مختصر ہونے لگتا تھا، اور آخری سہ ماہی میں تو احادیث کی صرف قراءۃ ہی ہوتی تھی، اس طریقۂ کار کا نقصان یہ تھا کہ طلبہ کے سامنے کتاب الایمان، کتاب الطہارت اور کتاب الصلوٰۃ کے اَبواب تو اتنی شرح و بسط اور تفصیلی دلائل کے ساتھ بار بار آجاتے تھے کہ بسااوقات وہ ضرورت سے بھی بہت زیادہ ہوتے ہیں، کیونکہ تقریباً ہر کتاب کے شروع میں یہی اَبواب ہوتے ہیں اور ہر اُستاذ انہی کو تفصیل سے بیان کرتا تھا، لیکن باقی اَبواب کی ضروری تشریح وتفصیل سے طلبہ تقریباً محروم ہی رہ جاتے تھے۔ اس سنگین محرومی سے طلبہ کو بچانے کے لئے حضرت والدِ ماجد رحمۃ اللہ علیہ نے علمِ حدیث سے متعلق تمام درسی مباحث و مسائل اور ان کی تفصیلات کے بیان کو دورۂ حدیث کی کتابوں میں اس طرح تقسیم فرمادیا تھا کہ اُستاد کچھ اَبواب کے تحقیقی مباحث ومسائل ایک کتاب کے درس میں شرح وبسط کے ساتھ بیان کردے، اور کچھ دوسرے اَبواب کے مباحث شرح وبسط کے ساتھ دوسری کتاب کے درس میں بیان کردیئے جائیں۔ اور کچھ اَبواب کے تیسری کتاب میں، غرض علم حدیث کے تمام اَبواب پر سیر حاصل بحثیں مختلف کتابوں میں متعلقہ اساتذہ کے ذریعہ سے آجائیں۔ جن اَبواب کو ایک کتاب میں شرح وبسط اور مفصل دلائل کے ساتھ پڑھایا جارہا ہو ان اَبواب کو دوسری کتبِ حدیث میں اتنی تفصیل سے نہ پڑھایا جائے۔

چنانچہ اُس وقت سے (تقریباً ۳۴ سال سے) جامعہ دارالعلوم کراچی میں بڑی حد تک اسی نئے طریقہ پر عمل ہورہا ہے، اس طریقہ کے تحت صحیح مسلم کا درس مندرجہ ذیل معیار کے مطابق جاری ہے:۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صحیح مسلم جلدِ اوّل میں:-

۱- مقدمۃ العلم:- شرح و بسط اور سیر حاصل تفصیل کے ساتھ، جسے اُستاذ اپنی تحقیق اور مطالعے سے تیار کرتا ہے۔

۲- مقدمۃ الکتاب:- شرح و بسط اور سیر حاصل تفصیل کے ساتھ، جسے اُستاذ اپنی تحقیق اور مطالعے سے تیار کرتا ہے۔

۳- مقدمۃ الامام مسلم:- شرح و بسط اور سیر حاصل تفصیل اور ضروری مباحث کے ساتھ۔

۴- کتاب الایمان:- شرح و بسط اور سیر حاصل تفصیل اور ضروری مباحث کے ساتھ مع بیان مذاہب و دلائل۔

۵- کتاب الطہارۃ سے کتاب الحج کے آخر تک صرف قراءۃ، مشکل الفاظ اور مشکل عبارات کا حل، اور مشکل مقامات کی صرف بقدرِ ضرورت تشریح۔

۶- کتاب النکاح سے کتاب العتق کے ختم تک، عبارت کی تشریح اور مسائل و مذاہبِ فقہاء کا مختصر بیان بقدرِ ضرورت دلائل کے ساتھ۔

صحیح مسلم جلدِ ثانی میں:-

۱- کتاب البیوع سمیت آخر کتاب تک وہ تمام اَبواب جن کا تعلق فقہ یعنی اَحکامِ عملیہ سے ہے، اُن کا مفصل بیان شرح و بسط، مذاہبِ فقہاء اور ان کے دلائل کے ساتھ۔

۲- جلدِ ثانی کی باقی تمام احادیث کا ترجمہ اور اطمینان بخش تشریح و توضیح۔

یہی وجہ ہے کہ درسِ مسلم کی جلدِ اَوّل میں صرف کتاب الایمان کے آخر تک کے مباحث ضبطِ تحریر میں لائے گئے ہیں، اور جلدِ ثانی میں صرف اَحکامِ عملیہ سے متعلق مسائل ومباحث۔

اللہ تعالیٰ اس حقیر کاوش کو شرفِ قبول سے نوازے اور طلبہ کے لئے نافع بنا کر ناچیز کے لئے بھی ذخیرۂ آخرت بنادے، آمین، واللہ المستعان وعلیہ التکلان.

محمد رفیع عثمانی عفا اللہ عنہ

خادمِ طلبۂ جامعہ دارالعلوم کراچی

۴رشوال ۱۴۲۵ھ

۱۷رنومبر ۲۰۰۴ء

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ضروری گزارش

بقلم مولانا اعجاز احمد صمدانی صاحب، اُستاذ جامعہ دارالعلوم کراچی

الحمد لله رب العالمين، والصّلوٰة والسّلام علىٰ سيد الأنبياء والمرسلين، وعلىٰ اٰله وصحبه أجمعين، وعلىٰ كل من تبعهم باحسان الىٰ يوم الدين، اما بعد:-

سچ یہ ہے کہ آج میرے پاس ایسے الفاظ نہیں جن کے ذریعے میں بارگاہِ ذوالمنن میں اِس نعمتِ کبریٰ کا شکر بجا لاسکوں کہ اُس نے محض اپنے فضل وکرم اور بے پایاں لطف واحسان سے درسِ مسلم جلدِ اوّل کی تخریج وتعلیق کی عظیم سعادت سے نوازا۔ دیکھا جائے تو اس کام میں ہمیں تین سعادتیں حاصل ہوئی ہیں۔

۱- استاذ الاساتذہ مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم کی عظیم شخصیت جو علمی دُنیا میں ایک مستند نام کی حیثیت سے پہچانی جاتی ہے، ان کی تقریرِ درسِ مسلم کی تخریج وتعلیق کی سعادت۔

۲- علمِ حدیث جو تاجدارِ کونین سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پُرنور اَقوال و اَفعال کا مجموعہ ہے، اس کے ایک حصے کی خدمت کا شرف۔

۳- علمِ حدیث کی بھی ایسی کتاب جسے محدثینِ کرام نے بالاتفاق ''صحیح'' قرار دیا ہے یعنی صحیح مسلم، اس کی خدمت کا اعزاز۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ، وَاللهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم.

اگرچہ درسِ مسلم کی پہلی جلد عرصہ دراز سے شائع ہو رہی ہے اور اس سے تشنگانِ علم خوب خوب استفادہ کر رہے ہیں، تاہم اس میں مسلم شریف جلدِ اوّل کی کتاب الایمان کے صرف بنیادی مباحث تک کی تقریر تھی، کتاب الایمان کی احادیث سے متعلق درسی تقریر ابھی تک منصۂ شہود پر نہیں آئی تھی، الحمد للہ اِس بار پہلی مرتبہ یہ جلدِ اوّل کتاب الایمان کے آخر تک کے تمام مباحث پر مشتمل ہے۔ نیز درسِ مسلم جلد اوّل کے نئے ایڈیشن میں حضرتِ والا مدظلہم کے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مشورے سے ان احادیثِ مبارکہ کا مکمل متن لکھ دیا گیا ہے جن پر حضرتِ والا مدظلہم نے کچھ کلام فرمایا ہے، البتہ طویل احادیثِ مبارکہ کے متن کے صرف ان حصوں کو درج کرنے پر اکتفاء کیا گیا ہے جن پر حضرت نے کلام فرمایا ہے، اس سلسلے میں قدیمی کتب خانہ کراچی کا چھپا ہوا صحیح مسلم کا نسخہ ہمارے پیشِ نظر رہا ہے۔

درسِ مسلم میں احادیث کے نمبر

درسِ مسلم کے نئے ایڈیشن میں احادیث کے ساتھ ساتھ "رقم الحدیث" لکھنے کا بھی اہتمام کیا گیا ہے، اس سلسلے میں شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم کے مشورے سے ہم نے "فتح الملہم" کے بیروت سے شائع شدہ نسخے کو پیشِ نظر رکھا ہے۔

کتاب الایمان سے متعلق جو حصہ پہلی بار اس جلدِ اوّل میں شامل ہو رہا ہے، یہ تین شرکاءِ درس کی قلم بند کی ہوئی تقریرِ مسلم کا مجموعہ ہے۔

۱- مولانا محمد عمیر صادق آبادی صاحب

۲- مولانا حفیظ اللہ ڈیروی صاحب

۳- راقم الحروف

اَوّل الذکر دو حضرات نے ۱۴۱۹ھ میں حضرت الاستاذ مدظلہم کی درسی تقریر کو قلمبند کیا اور احقر نے ۱۴۲۱ھ میں درسی تقریر کو قلمبند کرنے کی سعادت حاصل کی، پھر اِن دونوں برسوں کی تقاریر کو ملا کر حذفِ تکرار کے ساتھ ایک نیا مجموعہ تیار ہوا جس کی تبییض جامعہ کے ہونہار فاضل و متخصص مولانا عبدالجمیل صاحب نے فرمائی جو بحمداللہ اب جامعہ کے اُستاذ ہیں۔ پھر اس پر حضرت مدظلہم نے نظرِ ثانی بھی فرمائی۔

حضرت مدظلہم نے ایک مرتبہ احقر سے فرمایا کہ اگر درسِ مسلم کی نئی جلد تخریج و تعلیق کے ساتھ شائع ہو جائے تو بہتر ہوگا۔ احقر کے دِل میں حضرت مدظلہم کی اس مبارک خواہش کی تکمیل کا جذبہ شدّت سے پیدا ہوا لیکن اپنی تہی دامنی کی وجہ سے اس کی ہمت نہ پڑی، سوچ بچار کے بعد بندہ نے برادرِ مکرم جناب مولانا طاہر اقبال صاحب (حال متعلم درجۂ تخصص فی الافتاء جامعہ ہٰذا) سے تعاون کی درخواست کی، اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے کہ انہوں نے نہایت خندہ پیشانی سے بندہ کی درخواست کو قبول فرمایا اور اس طرح بنامِ خدا تعالیٰ اِس کام کا آغاز ہوا۔

شروع کے خاصے حصے کی تخریج کا کام تو برادرِ مکرم مولانا طاہر اقبال صاحب نے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تنِ تنہا انجام دیا، البتہ گاہے گاہے احقر سے مشورہ کرتے رہے، اور کبھی ہم دونوں مل کر حضرت مدظلہم کی خدمت میں حاضر ہوکر مفید مشورے لیتے رہے۔ اور آخر کے کافی حصے کی تخریج احقر نے کی، اور اِس سلسلے میں ان سے اور حضرت مدظلہم کے مفید مشوروں سے مستفید ہوتا رہا۔ اِس دوران ترکی کے ہمارے ہم درس برادرِ مکرم مولانا درسون علی یلماز صاحب (فاضل و متخصص جامعہ ہذا) نے بھی وقتاً فوقتاً بندہ کی رہنمائی فرمائی، علاوہ ازیں حضرت مدظلہم نے ہم پر شفقت فرماتے ہوئے اپنے انتہائی قیمتی اوقات میں سے کچھ وقت نکال کر شروع کے تقریباً ڈیڑھ سو صفحات کی تخریج پر نظرِ ثانی فرمائی، فجزاهم الله أحسن الجزاء.

تخریج کے دوران ہم نے درج ذیل اُمور کا اہتمام کرنے کی کوشش کی:-

۱- متن میں ذکر کردہ آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ نبویّہ کی تخریج اور مفصل حوالے۔

۲- متنِ تقریر میں جہاں کوئی حوالہ دیا گیا ہے اصل کتاب سے اس کا مقابلہ کرنا اور جہاں حوالہ درج نہ ہو وہاں حاشیہ میں اس کی تخریج بھی کرنا۔ البتہ جو حواشی اور حوالے حضرت مدظلہم نے خود تحریر فرمائے ہیں، ان کے آخر میں "من الأستاذ حفظهم الله" کے الفاظ لکھ دیئے گئے ہیں۔ اور کہیں کہیں ایسے بعض حواشی کے آخر میں حضرت مدظلہم نے خود ہی لفظ "رفیع" یا "رف" تحریر فرمادیا ہے۔ البتہ حضرت مدظلہم کے تحریر فرمودہ بہت سے حواشی پھر بھی اس میں ایسے موجود ہیں جن کے آخر میں اِن دونوں میں سے کوئی علامت درج نہیں کی جاسکی۔

۳- لغت کی مستند کتابوں کے حوالے سے مشکل الفاظ کے لغوی معانی کا بیان۔

۴- ضروری اور مفید مختصر وضاحتیں اور حواشی۔

بارگاہِ الٰہی میں التجا ہے کہ وہ ہماری اِس ادنیٰ خدمت کو شرفِ قبولیت سے نوازے اور اسے ہمارے لئے، ہمارے اساتذہ وشیوخ اور والدین کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے اور طلبہ اور اہلِ علم کے لئے نافع بنائے، آمین!

وصلّى الله تعالىٰ على نبيّنا الكريم وعلىٰ اٰله واصحابه اجمعين

احقر
اعجاز احمد صمدانی
اُستاذ جامعہ دارالعلوم کراچی

۱۵رشعبان المعظم ۱۴۲۵ھ مطابق یکم اکتوبر ۲۰۰۴ء
بروز جمعۃ المبارک

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمة العلم

اُستاذِ محترم نے فرمایا:

الحدیث

الحدیث لغةً:- علامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:-

الحدیث ضد القدیم، وقد استعمل فی قلیل الخبر وکثیره، لأنه یحدث شیئًا فشیئًا. (۱)

اصطلاحًا:- اصطلاح میں اس کی مختلف تعریفیں کی گئی ہیں:-

فقال العلماء رحمهم الله: الحدیث: أقوال النبی صلی الله علیه وسلم وأفعاله. (۲)

اس تعریف میں تقریرات کی صراحت نہیں کی گئی اس لئے کہ افعال کے اندر تقریرات بھی داخل ہیں، اور تقریر کہتے ہیں اس کو کہ کسی مسلمان کے قول یا فعل کی اطلاع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہو اور آپ اس پر نکیر نہ فرمائیں۔

''مقدمہ مشکوٰۃ'' میں حدیث کی تعریف یوں بیان کی گئی ہے:-

انّ الحدیث فی إصطلاح جمهور المحدثین یطلق علیٰ قول النبی صلی الله علیه وسلم وفعله وتقریره. (۳)

---

(۱) تدریب الراوی ص:۲۳۔

(۲) مقدمہ فتح الملهم ج:۱ ص:۲۔

(۳) مقدمہ مشکوٰۃ ص:۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تو اس کا اور جو تعریف اُوپر بیان کی گئی ہے دونوں کا حاصل ایک ہی ہے، صرف اختصار اور تفصیل کا فرق ہے، ان دونوں تعریفوں کی رو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے احوالِ اختیاریہ حدیث کی تعریف میں داخل ہوگئے، کیونکہ احوالِ اختیاریہ آپ کے اقوال ہوں گے یا افعال، البتہ احوالِ غیر اختیاریہ مثلاً آپ کا حلیۂ مبارکہ اور ولادت باسعادت کا وقت ونحو ذلک اس تعریف میں داخل نہیں، لیکن احوالِ غیر اختیاریہ کا تعریف میں داخل نہ ہونا اس لئے مضر نہیں کہ ان سے کسی حکمِ شرعی کا تعلق نہیں ہے، چنانچہ اس تعریف کو زیادہ تر علمائے اُصولِ فقہ نے اختیار کیا ہے (وهو الموافق لفنهم)۔

اور بعض علماء نے حدیث کی تعریف میں احوالِ غیر اختیاریہ کو بھی داخل کیا ہے، چنانچہ انہوں نے کہا: "الحديث اقوال النبي صلى الله عليه وسلم وافعاله واحواله." [1]

اس تعریف کی رو سے وہ تمام روایات بھی جو احوالِ غیر اختیاریہ مثلاً آپ کے حلیۂ مبارکہ اور وقتِ میلاد وغیرہ سے متعلق ہیں، سب حدیث کی تعریف میں داخل ہوگئیں۔

وهذا التعريف هو المشهور عند علماء الحديث، وهو الموافق لفنهم.

وجه تسمية الحديث حديثا

حدیث کے لغوی اور اصطلاحی معنیٰ میں مناسبت علمائے کرام نے مختلف طریقوں سے بیان فرمائی ہے۔

ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے وجہ یہ بیان کی ہے کہ قرآنِ کریم قدیم ہے، حدیث کو اس سے ممتاز کرنے کے لئے اس کا نام "حدیث" بمعنیٰ "حادث" رکھا گیا ہے۔ [2]

لیکن شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے "مقدمہ فتح الملہم" میں ایک لطیف وجۂ تسمیہ بیان فرمائی ہے جو سورۃ "الضحیٰ" کی مندرجہ ذیل آیات سے مأخوذ ہے:-

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝

(۱) مقدمہ فتح الملہم ج:۱ ص:۳۔

(۲) مقدمہ فتح الملہم ج:۱ ص:۱۔ وکذا فی تدریب الراوی ص:۴۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ۝[۱]

ان میں سے پہلی تین آیات میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تین انعامات کا ذکر فرمایا ہے، یعنی:-

۱- الإيواء بعد اليُتم.

۲- والهداية بعد ما وجده ضآلًّا، اى غافلًا عن الشرائع التى لا تستبدُّ بدركها العقول.

۳- والإغناء بعد العيل أى الفقر.

ان تین انعامات کے ذکر کے بعد اللہ جل شانہ نے ان کے مناسب اَحکام بھی تین ذکر فرمائے جو لف ونشر غیر مرتب کے قبیل سے ہیں، اور وہ یہ ہیں:-

۱- (ترک قهر اليتيم) یہ "اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى" کے مقابلے میں ہے۔

۲- (ترک نهر السائل) "وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى" کے مقابلے میں ہے۔

۳- (تحديث بالنعمة) "وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ" یہ "وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى" کے مقابلے میں ہے۔

جس کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے آپ کو شرائع کا علم بذریعۂ وحی عطا کیا ہے، لہٰذا اس کا تقاضا ہے کہ ان شرائع کی جو ہدایت آپ کو دی گئی ہے وہ آپ دوسروں کو بتائیں، اور ظاہر ہے کہ یہ بتانا اور خبر دینا آپ نے اپنے اقوال و افعال اور تقریرات سے کیا ہے، اور انہیں کو "حدیث" کہا جاتا ہے، اس توجیہ کا خلاصہ یہ ہے کہ حدیث کا نام "حدیث" رکھنا قرآنِ حکیم کی آیت "وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ" کے اس لطیف اشارہ پر مبنی ہے۔

لیکن زیادہ صحیح اور واضح بات یہ ہے کہ لفظِ "حدیث" جو لغت میں ہر خبر کے لئے استعمال ہوتا ہے، اُسے شرعی اصطلاح میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال کے لئے خاص کر لینا خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض ارشادات پر مبنی ہے[۲] جن میں سے دو ارشادات آگے (آنے والے عنوان "شرافة هذا العلم" کے تحت نمبر۲ و نمبر۵ میں) آرہے ہیں۔

(۱) الضحیٰ آیات: ۶ تا ۱۱۔

(۲) مقدمہ فتح الملهم ج:۱ ص:۱،۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حدُّ علم رواية الحديث

هو علم يبحث فيه عن أقوال النبي صلى الله عليه وسلم وأفعاله وأحواله من حيث كيفية السند اتصالا وانقطاعا ونحو ذلك.

موضوعهٗ

بعض حضرات نے علمِ روایۃ الحدیث کا موضوع "ذات النبي صلى الله عليه وسلم" کو قرار دیا ہے، لیکن شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ نے "مقدمة أوجز المسالک" میں فرمایا کہ ذات النبی صلی اللہ علیہ وسلم علمِ حدیث کا موضوع تو ہے لیکن علمِ روایۃ الحدیث کا موضوع نہیں اور علمِ روایۃ الحدیث کا موضوع درحقیقت "الروايات والمرويات من حيث الاتصال والانقطاع ونحو ذلک" ہیں۔[1]

غايتهٗ

هو الفوز بجميع السعادات الدنيوية والأخروية.

شرافة هٰذا العلم

علمِ حدیث کے فضائل اور منافع تو بے شمار و بے اندازہ ہیں، احادیث اور اقوالِ سلف میں بہت زیادہ روایات اس کی فضیلت پر ناطق ہیں، یہاں صرف چند روایات ذکر کی جاتی ہیں:-

۱- عن ابن مسعود رضي الله تعالٰى عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: نضّر الله عبدًا سمع مقالتي فحفظها ووعاها وأدّاها، فرب حامل فقه غير فقيه ورب حامل فقه الٰى من هو افقه منه.[2]

۲- عن ابن عباس رضي الله تعالٰى عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللّٰهم ارحم خلفائي! قلنا: ومن خلفاؤک يا

---

(۱) مقدمة أوجز المسالک ص:۷۔

(۲) مشکوٰة المصابيح، کتاب العلم، الفصل الثاني ج:۱ ص:۳۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رسول الله؟ قال: الذين يروون أحاديثي ويعلّمونها الناس.(۱)

۳- عن الحسن البصري رحمه الله تعالیٰ مرسلًا قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من جاءهُ الموت وهو يطلب العلم ليحيي به الإسلام فبينه وبين النبيين درجة واحدة في الجنة.(۲)

۴- عن ابن عباس رضي الله تعالیٰ عنهما قال: "تدارسُ العلم ساعةً من الليل خيرٌ من احيائها.(۳)

۵- عن ابي الدرداء رضي الله تعالیٰ عنه قال: سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم ما حد العلم الذی إذا بلغه الرجل كان فقيها؟ قال: من حفظ علیٰ أمتي أربعين حديثا في أمر دينها، بعثه الله فقيها وكنت له يوم القيامة شافعا وشهيدا.(۴)

۶- قال الإمام الأعظم أبوحنيفة رحمه الله تعالیٰ: لو لا السنة ما فهم أحدٌ منا القرآن.(۵)

۷- قال الإمام الشافعي رحمه الله تعالیٰ: جميع ما تقوله الائمة شرح للسنة وجميع السنة شرح للقرآن.(۶)

۸- قال سفيان الثوری رحمه الله: لا أعلم علمًا أفضل من علم الحديث لمن أراد به وجه الله.(۷)

(۱) نصب الراية ج:۱ ص:۳۴۸۔

(۲) سنن الدارمی ج:۱ ص:۱۰۶۔

(۳) سنن الدارمی ج:۱ ص:۹۴۔

(۴) مشكوٰة كتاب العلم الفصل الثالث ج:۱ ص:۳۸۔

(۵) مقدمة التعليق الصبيح ج:۱ ص:۳۔

(۶) حوالۂ بالا۔

(۷) مقدمة: اوجز المسالک ص:۷. وتمام كلام الثوریؒ: "ان الناس يحتاجون اليه حتى في طعامهم وشرابهم، فهو افضل من التطوع بالصلاة والصيام."

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حُجیّتِ حدیث

جب سے مسلمانوں کا اقتدار دُنیا میں روبزوال ہوا، اور یورپ کے اقتدار نے اس کی جگہ لی، اس وقت سے بہت سے مسلمانوں کو اس مرعوبیت نے سب سے زیادہ نقصان پہنچایا جو ان کے ذہنوں پر مغربی افکار و تہذیب نے مسلط کردی، رفتہ رفتہ یہ مرعوبیت اس درجہ میں آگئی کہ اسلام کی جو تعلیمات، اُن کو مغربی افکار سے متصادم معلوم ہوئیں، ان کا انکار کرنے لگے، اور یہ بات ان کے ذہنوں میں راسخ ہوگئی کہ دُنیا کی کوئی ترقی تقلیدِ مغرب کے بغیر ممکن نہیں، مرعوب ذہنیت کا یہ طبقہ مختلف ممالکِ اسلامیہ میں مغرب سے ہم رکاب ہونے کے شوق میں اسلامی تعلیمات میں تحریف تک پر آمادہ ہوگیا، اس طبقے کو "مُتَجَدِّدِیْن" یا "اَهلِ تَجَدُّد" کہا جاتا ہے۔

اس طبقے کے سرگروہ ترکی میں "ضیاء گوک الپ"، مصر میں "طٰہٰ حسین" اور ہندوستان میں "سرسیّد احمد خان" تھے، مولوی چراغ علی بھی سرسیّد احمد کے ساتھی تھے،[1] ان کی قیادت میں تحریکِ تجدُّد آگے بڑھی، انہوں نے کھل کر حجیتِ حدیث کا انکار تو نہیں کیا، لیکن جو حدیث مغربی افکار سے متصادم نظر آئی اس کی صحت سے انکار کردیا خواہ اس کی سند کتنی ہی قوی ہو، کہیں کہیں دبے الفاظ میں یہ بھی کہا جانے لگا کہ اس زمانے میں حدیث حجت نہیں ہونی چاہئے، مگر ساتھ ہی جو حدیث مفیدِ مطلب نظر آتی اس سے استدلال بھی کرتے تھے۔

ان کے بعد یہ تحریک "عبداللہ چکڑالوی"[2] کی قیادت میں قدرے اور منظم ہوئی، یہ خود کو "اہلِ قرآن" کہتے تھے اور حجیتِ حدیث کے منکر تھے، "اسلم جیراجپوری"[3] نے اس تحریک کو اور

(۱) سرسیّد احمد خان اور مولوی چراغ علی کے بارے میں مزید تفصیل کے لئے مفتی ولی حسن صاحب ٹونکیؒ کا رسالہ "اس دور کا عظیم فتنہ" ملاحظہ فرمائیں۔

(۲) یہ شخص ضلع میانوالی (پنجاب) کے ایک گاؤں "چکڑالہ" کا رہنے والا تھا، اور لنگڑا ہونے کے باعث لکڑی کے ایک تخت پوش (اَریکہ) پر ٹیک لگائے ہوئے علمِ حدیث کے متعلق نازیبا الفاظ استعمال کرتا تھا، چنانچہ اس کا کہنا بقول مولانا سرفراز خان صاحب صفدر مدظلہم کے یہ تھا کہ: "کتاب اللہ کے مقابلہ میں انبیاء و رسولوں کے اقوال و افعال یعنی اَحادیثِ قولی و فعلی و تقریری پیش کرنے کا مرض ایک قدیم مرض ہے ..... الخ۔" (انکارِ حدیث کے نتائج ص:۳۲)۔

(۳) یہ شخص اپنے دور میں انکارِ حدیث کا ایک بہت بڑا ستون بلکہ بعض وجوہ سے مرکز تھا اور اسی کے علوم وفنون سے متمتع ہوکر پرویز صاحب پروان چڑھے، اس کے تفصیلی عقائد جاننے کے لئے اس کی لکھی ہوئی کتابیں "مقامِ حدیث" اور "نوادرات" کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔ (بحوالۂ بالا)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

آگے بڑھایا، یہاں تک کہ ہمارے زمانے میں "غلام احمد پرویز" نے انکارِ حدیث کو ایک منظّم نظریہ بنا کر نوتعلیم یافتہ طبقے اور خصوصاً پاکستان کے حکمران طبقے میں بڑی منصوبہ بندی کے ساتھ پھیلا دیا۔(۱) اس کے جواب میں بحمداللہ علمائے کرام نے چھوٹی بڑی کتابیں مختلف پہلوؤں سے خوب مؤثر انداز میں تالیف کیں، اُردو اور عربی میں منکرینِ حدیث کی مدلل تردید میں بحمداللہ ایک بڑا ذخیرۂ کتب تیار ہو چکا ہے، جس میں اس فرقے کے پھیلائے ہوئے مغالطوں اور شبہات کا کافی شافی مدلل جواب موجود ہے۔(۲) یہاں اس فرقے کے باطل نظریات اور ان کے مقابلے پر ٹھوس دلائل اُصولی طور پر ذکر کئے جاتے ہیں۔

یہ بحث ۱۳۷۹ھ میں اُستاذِ محترم حضرت مولانا رشید احمد صاحب لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ نے ہمیں درسِ بخاری میں نوٹ کروائی تھی، اس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ بنیادی طور پر قرآنِ کریم ہی کی صریح آیات پر مبنی ہے، لہٰذا جو شخص قرآنِ کریم پر ایمان رکھتا ہو اُس کے لئے یہ کافی شافی ہونی چاہئے، بندۂ ناچیز اس کو کچھ توضیح و تشریح کے ساتھ یہاں بیان کرتا ہے۔

منکرینِ حدیث کے نظریات

منکرینِ حدیث میں تین نظریات پائے جاتے ہیں:-

۱- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث شرعی اُمور میں نہ صحابہ کرامؓ کے لئے حجت تھیں نہ ہمارے لئے حجت ہیں، کیونکہ:-

(الف) وحی صرف قرآن ہے، قرآن کے سوا کوئی وحی نہیں۔

(ب) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت من حیث الرسول واجب نہیں، نہ ہم پر، نہ صحابہ پر، صحابہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت حاکمِ وقت ہونے کی حیثیت سے واجب

(۱) غلام احمد پرویز بٹالہ متصل قادیان ضلع گورداسپور کا رہنے والا تھا اور احادیث سے متعلق وہ اپنی رائے کا یوں اظہار کرتا ہے کہ: "احادیث کی جس قدر کتابیں ہمارے پاس موجود ہیں، ان میں ایک حدیث بھی ایسی نہیں جس کے متعلق یہ دعویٰ کیا جاتا ہو کہ اس کے الفاظ وہی ہیں جو رسول اللہ نے فرمائے تھے۔" (بحوالہ: انکارِ حدیث کے نتائج ص:۱۰۸)۔

(۲) بطور مثال ملاحظہ فرمایئے: مفتاح الجنة في الاحتجاج بالسنة للإمام السيوطيؒ. المستصفى للإمام الغزاليؒ۔ حجیتِ حدیث لشیخ الاسلام مولانا محمد تقی العثمانی مدظلہم، ایک قرآن از حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ، اس دور کا عظیم فتنہ از مفتی ولی حسن صاحب ٹونکیؒ، انکارِ حدیث کے نتائج از مولانا سرفراز خان صاحب صفدر مدظلہم، حجیتِ حدیث از مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تھی، نہ کہ من حیث الرسول۔

(ج) قرآن سمجھنے کے لئے حدیث کی ضرورت نہیں۔

۲- احادیثِ نبویہ، صحابہؓ کے لئے حجت تھیں، ہمارے لئے حجت نہیں۔

۳- احادیث، صحابہؓ کے لئے بھی حجت تھیں اور ہمارے لئے بھی، لیکن ہم تک احادیث براہِ راست نہیں پہنچیں، بلکہ بہت سے راویوں کے واسطے سے پہنچی ہیں اور یہ واسطے قابلِ اعتماد نہیں، اس لئے اب ان احادیث کو حجت نہیں قرار دیا جا سکتا۔

یہ تینوں نظریات باہم متعارض ہیں، منکرینِ حدیث کی تقریر و تحریر میں ان میں سے کوئی ایک نظریہ ضرور پایا جاتا ہے، اور عجیب بات یہ ہے کہ کہیں ایک شخص ہی کے اقوال میں یہ تینوں نظریات مختلف اوقات میں پائے جاتے ہیں۔ ہم یہاں ہر نظریئے کے باطل اور بالکل غلط ہونے پر کچھ دلائل پیش کرتے ہیں۔

پہلے نظریے کی تردید

وحیٔ غیر متلو کا اثبات

یعنی اس کے دلائل کہ وحی قرآن میں منحصر نہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی قرآن کے علاوہ بھی آتی تھی۔

۱- وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ.ط[1]

اس آیت میں بشر سے اللہ تعالیٰ کے ہم کلام ہونے کی تین صورتیں بیان کی گئی ہیں، ایک "وَحْيًا" کہ اللہ تعالیٰ نبی کے دِل میں کوئی بات ڈال دے، نہ کوئی صورت دِکھائی دے، نہ آواز سنائی دے۔ دُوسری "مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ" کہ آواز تو سنائی دے مگر صورت کوئی نظر نہ آئے۔ تیسری "يُرْسِلَ رَسُوْلًا" کہ اللہ تعالیٰ اپنا کلام کسی فرشتے کے ذریعہ بھیجے۔ ان میں سے قرآنِ کریم تیسری صورت "يُرْسِلَ رَسُوْلًا" کے ساتھ خاص ہے، باقی دونوں صورتیں یعنی "وَحْيًا" اور "مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ" کا تعلق غیر قرآن یعنی وحیٔ غیر متلو سے ہے اور وہی حدیث ہے، "يُرْسِلَ رَسُوْلًا" کے ساتھ قرآن کے مخصوص ہونے کی دلیل سورہ الشعراء کی یہ آیت ہے: "وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ

(۱) الشوریٰ آیت:۵۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ O نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ O" (۱)

۲- وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَا اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ط (۲)

یہ آیت تحویلِ قبلہ کے موقع پر نازل ہوئی، "اَلْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَا" سے مراد بیت المقدس ہے، "وَمَا جَعَلْنَا" میں اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو قبلہ قرار دینے کی نسبت اپنی طرف فرمائی ہے، جس سے یہ ثابت ہوا کہ بیت المقدس کو قبلہ بنانے کا حکم اللہ تعالیٰ کی طرف سے تھا، مگر پورے قرآن میں یہ حکم کہیں مذکور نہیں، ظاہر ہے کہ یہ حکم ایسی وحی کے ذریعہ آیا جو قرآن نہیں تھی، اس سے وحی کا قرآن میں منحصر نہ ہونا ثابت ہوا، اور جو وحیٔ قرآن نہیں اُس کا بھی حجت (اتھارٹی) ہونا ثابت ہوا، اور جو وحی قرآن نہیں وہی حدیث ہے۔

۳- وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى O اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى O (۳)

اس سے بھی ثابت ہوا کہ اُمورِ دین میں آپ کا ہر کلام وحی کے مطابق ہوتا تھا۔

۴- عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ج فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ. الآية. (۴)

ابتداءِ اسلام میں رمضان کی راتوں میں جماع ممنوع تھا، بعض صحابہ کرامؓ سے خلاف ورزی ہوئی تو یہ آیت نازل ہوئی، جس میں ممانعت کی خلاف ورزی کو خیانت سے تعبیر کیا گیا، حالانکہ یہ ممانعت پورے قرآن میں کہیں بھی مذکور نہیں، معلوم ہوا کہ یہ ممانعت بھی ایسی وحی کے ذریعہ آئی تھی جو قرآن کے علاوہ تھی اور اس کی اطاعت واجب تھی۔

۵- وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ج فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ج فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ط قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ O (۵)

اس آیت کے خط کشیدہ الفاظ میں صراحت ہے کہ حضرت حفصہ و عائشہ رضی اللہ عنہما کا واقعہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتادیا تھا، ظاہر ہے کہ یہ بھی ایسی وحی کے ذریعہ بتلایا گیا جو قرآن کے علاوہ تھی، کیونکہ یہ واقعہ پورے قرآن میں کہیں بھی مذکور نہیں۔

(۱) الشعراء آیت: ۱۹۲، ۱۹۳۔ (۲) البقرۃ آیت: ۱۴۳۔ (۳) النجم آیت: ۳ و ۴۔
(۴) البقرۃ آیت: ۱۸۷۔ (۵) التحریم آیت: ۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۶- وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ (الٰی قوله تعالٰی) وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰی لَكُمْ.[1]

یہ آیات غزوۂ اُحد کے موقع پر نازل ہوئی ہیں، جن میں بتایا گیا ہے کہ غزوۂ بدر کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمانی مدد کی جو خوشخبری بطور پیش گوئی مسلمانوں کو دی تھی وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تھی، لقولہٖ تعالیٰ: "وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰی لَكُمْ" حالانکہ یہ خوشخبری پورے قرآن میں کہیں مذکور نہیں، ظاہر ہے کہ یہ بھی ایسی وحی کے ذریعہ آئی تھی جو قرآن کے علاوہ تھی۔

۷- وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ.[2]

یہ آیت غزوۂ بدر کے بعد نازل ہوئی، جس میں بدر کے موقع پر اللہ تعالیٰ کے کئے ہوئے ایک وعدے کا ذکر ہے، مگر یہ وعدہ پورے قرآن میں کہیں بھی مذکور نہیں، ظاہر ہے یہ بھی ایسی وحی کے ذریعہ آیا تھا جو قرآن کے علاوہ تھی۔

اطاعتِ رسول کی فرضیت

۸- يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ[3]

اس میں صراحت کے ساتھ اطاعتِ رسول کا حکم ہے، منکرینِ حدیث جو یہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت بحیثیتِ رسول واجب نہیں تھی، بلکہ بحیثیتِ حاکمِ مسلمین واجب تھی، اس کی بھی صراحۃً تردید ہے، دو وجہ سے: ایک تو اس لئے کہ مشتق پر جب کوئی حکم لگتا ہے تو مادۂ اشتقاق اس حکم کی علّت ہوتی ہے، یہاں رسول کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے اور لفظِ "رسول" مشتق ہے جس کا مادۂ اشتقاق (مصدر) ''رسالت'' ہے، تو معلوم ہوا کہ یہاں رسول کی اطاعت من حیث الرسالۃ واجب کی گئی ہے، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اس آیت میں حاکمِ مسلمین کی اطاعت لفظِ "اُولِي الْاَمْرِ" سے مستقلاً بیان کردی گئی ہے، اگر اطاعتِ رسول صرف بہ حیثیتِ حاکم ہی واجب ہوتی تو لفظ "اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ" کی کوئی ضرورت نہ ہوتی۔

---

(۱) آلِ عمران آیت: ۱۲۳ تا ۱۲۶۔ (۲) الانفال آیت: ۷۔ (۳) النساء آیت: ۵۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۹- مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ[۱]

اس میں اطاعتِ رسول کو اللہ کی اطاعت کا درجہ دیا گیا ہے، اور اللہ کی اطاعت بالاتفاق واجب ہے، تو اِطاعتِ رسول بھی واجب ہے۔

۱۰- فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ.[۲]

اس آیت میں اختلافی معاملات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کئے ہوئے فیصلے کی اطاعت کو مدارِ ایمان قرار دیا گیا ہے۔

قرآن فہمی کے لئے حدیث کی ضرورت

۱۱- لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ.ۚ[۳]

اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن کا معلّم قرار دیا گیا ہے، اور ظاہر ہے کہ استاذ کتاب کی تعلیم اپنے اقوال و افعال ہی سے کرتا ہے، اگر یہ اقوال و افعال معتبر نہ ہوں تو تعلیم بے کار ہے، تو ایسی بے کار تعلیم پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مقرر کرنے کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہونا لازم آتا ہے، اور ظاہر ہے کہ بے کار بات کی اور عبث کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہونا باطل ہے، پس لازم ہے کہ آپ کے اقوال و افعال کو جو کہ "حدیث" ہیں اور قرآن کی تفسیر ہیں، حجت یعنی اتھارٹی قرار دیا جائے۔

۱۲- وَاَنْزَلْنَا اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝[۴]

اس میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فریضہ اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی تعلیمات کی تفسیر کرنا بتلایا گیا ہے، جو ظاہر ہے کہ آپ کے اقوال و افعال ہی کے ذریعہ ہوگی۔

۱۳- اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ۚ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ۚ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ؕ[۵]

اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآنِ حکیم کی جو تفسیر فرماتے تھے وہ

(۱) النساء آیت: ۸۰۔ (۲) النساء آیت: ۶۵۔ (۳) آل عمران آیت: ۱۶۴۔
(۴) النحل آیت: ۴۴۔ (۵) القیامۃ آیت: ۱۷ تا ۱۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

آپ کی طبع زاد نہیں تھی بلکہ وہ بھی من جانب اللہ تھی، کیونکہ یہاں اللہ تعالیٰ نے "ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ" فرما کر صراحت کردی ہے کہ تفسیرِ قرآن ہمارے ذمہ ہے، اور اُوپر کی دو آیتوں سے معلوم ہوا کہ اس تفسیر کا ذریعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بنایا گیا ہے، پس تفسیرِ رسول درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔

۱۴- قرآنِ حکیم میں متعدد انبیاء سابقین علیہم السلام کی احادیث کا ذکر ہے جن کی اطاعت ان کی اُمتوں پر لازم کی گئی، ارشادِ ربانی ہے:

"وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ط"(۱)

اور ان کے انکار پر عذاب نازل کیا گیا، سورۂ ہود، سورۂ اعراف اور سورۂ شعراء وغیرہ میں اس کی متعدد مثالیں موجود ہیں، جب ان کی اطاعت واجب تھی حالانکہ وہ سب حاکم بھی نہیں تھے، تو خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت "من حیث الرسول" واجب نہ ہونے کے لئے دلیل کی ضرورت ہے، ودونہ خرط القتاد۔

۱۵- انبیاء سابقین میں سے اکثر پر کوئی کتاب یا صحیفہ نازل نہیں ہوا، انہوں نے صرف اپنے اقوال وافعال سے تبلیغ فرمائی، اگر احادیثِ انبیاء حجت نہ ہوتیں تو ایسے انبیاء کرام کی بعثت کا لغو اور بے کار ہونا لازم آتا ہے۔

۱۶- قَالَ يَا بُنَيَّ اِنِّيْ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ط قَالَ يٰاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ز(۲)

اس واقعہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خواب کو اَمرِ خداوندی قرار دیا گیا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے خواب بھی وحی اور حجت ہیں، پس حالتِ بیداری کے اقوال وافعال کیسے حجت نہ ہوں گے؟

بعض عقلی دلائل

۱- قرآنِ حکیم ایک اُصولی جامع کتاب ہے، اس میں قیامت تک کی ضرورت کے تمام اَحکام کے بنیادی اُصول کہیں صریح طور پر اور کہیں اجمالی طور پر بیان کردیئے گئے ہیں، مگر ان کو سمجھنا احادیث کے بغیر محض لغت یا محض عقل سے ممکن نہیں، اگر تفسیرِ قرآن میں احادیثِ نبویہ

(۱) النساء آیت:۶۴۔

(۲) الصّٰفّٰت آیت:۱۰۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے قطعِ نظر کر کے محض لغت پر مدار رکھا جائے تو قرآنِ حکیم پر عمل ممکن نہ رہے گا، اور اُرکانِ اسلام تک کی تفصیلات بھی اس طرح ثابت نہ ہوسکیں گی، مثلاً: نماز میں تعدادِ رکعات اور ترتیبِ اُرکان قرآنِ حکیم میں کہیں بھی مذکور نہیں، یہ باتیں صرف حدیث سے معلوم ہوئیں، اور "صلوٰۃ" کے جو معنی شریعت میں معروف ہیں یہ بھی حدیث ہی سے معلوم ہوئے، ورنہ لغت میں اس کا مادۂ اشتقاق "الصّلا" ہے جو کولہے کو کہتے ہیں اور "مصلی" اس گھوڑے کو کہا جاتا ہے جو گھڑدوڑ میں سب سے اگلے گھوڑے سے ذرا پیچھے ہو۔

کیونکہ "مصلی" کا سر اگلے گھوڑے کے کولہے کے پاس ہوتا ہے، کہا جاتا ہے:-

صَلَّى الْفَرَسُ اذا جاءَ مصلّيًا وهو الذی يتلو السابق۔ (۱)

"صلوٰۃ" کے دُوسرے معنی دعاء کے ہیں۔ (۲)

پس اگر حدیث سے قطعِ نظر کر کے محض لغت پر مدار رکھا جائے تو اس کے معنی گھڑدوڑ میں دوسرے نمبر پر آنے کے بھی ہوسکتے ہیں، اور صرف دعاء کے بھی، پس "اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ" کے معنی یہ کرنا پڑیں گے کہ دعاء قائم کرو، یا گھڑدوڑ میں دوسرے نمبر پر آنے کا اہتمام کرو۔ اسی طرح "الزَّکٰوۃ" کے لغوی معنی "النماء" (بڑھوتری، اضافہ) کے ہیں، یقال "زکا الزرع" (۳) أي نما۔ پس اگر حدیث سے قطعِ نظر کی جائے تو "اتوا الزکٰوۃ" کے معنی کوئی یہ کرسکے گا کہ "رباد وُ" کیونکہ وہ بھی نماء (بڑھوتری اور اضافہ) ہے، اس طرح کی بہت سی مثالیں ہیں، حاصل یہ کہ حدیث کے بغیر قرآن کے اَحکام کو نہ سمجھنا ممکن ہے، نہ ان پر عمل کرنا، اور درحقیقت منکرینِ حدیث کا مقصد بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ قرآن پر اور دینِ اسلام پر عمل نہ کیا جائے، مگر برملا وہ یہ بات نہیں کہہ سکتے، مجبوراً انکارِ حدیث کا بہانہ بنایا ہے۔

۲- مشرکینِ عرب کا مطالبہ تھا کہ ہم پر براہِ راست کتاب نازل کی جائے، اس کے بغیر

---

(۱) الصحاح ج:۶ ص:۲۴۰۲۔ مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: لسان العرب ج:۷ ص:۳۵۲۔

(۲) حوالۂ بالا۔

(۳) زکا الزرع يزکو، زکاء ممدودًا أي نما (الصحاح)۔ اسی طرح "الرکوع" کے معنی "الانحناء" ہیں۔ رکع الشيخ، انحنی من الکبر ورکع الرجل اذا افتقر بعد غنی (الصحاح ص:۵۰۷)۔ اسی طرح "سَجَدَ" کے معنی ہیں: خضع، ومنه سجود الصلوٰۃ وهو وضع الجبهة علی الارض ۔ (الصحاح ص:۳۵۲) از حضرت استاذنا المکرّم مدظلہم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہم ایمان نہیں لائیں گے، جیسا کہ قرآنِ حکیم میں ہے:

حَتّٰی تُنَزِّلَ عَلَیْنَا کِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ (۱)

ان کا یہ مطالبہ مان لیا جاتا تو اس میں معجزے کا اظہار بھی زیادہ ہوتا اور ان مشرکین کے ایمان لانے کی اُمید بھی زیادہ ہوتی، سوال یہ ہے کہ اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے کتاب اُن کے پاس براہِ راست کیوں نہیں بھیجی، رسول ہی کے ذریعہ کیوں بھیجی؟ وجہ وہی ہے کہ انسان کا معلّم کتاب نہیں، انسان ہی ہوسکتا ہے، جو کتاب کے معانی اپنے اقوال و افعال سے بیان کرے، پس کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اسی لئے بھیجی گئی کہ آپ اپنے اقوال و افعال سے اس کی تفسیر فرمائیں اور وہ حجت ہوں۔

۳- چودہ سو سال سے اب تک پوری اُمتِ مسلمہ کے علماء وعقلاء اور عوام و خواص حدیث کو حجت مانتے آئے ہیں، اب دو حال سے خالی نہیں، یا تو یہ سب کے سب دین کو نہیں سمجھ سکے، اگر یہ بات ہے تو ایسا دین کیسے قابلِ اتباع ہوسکتا ہے جسے چودہ سو سال تک نہ سمجھا جاسکا ہو، اور اسی کی کیا دلیل ہے کہ منکرینِ حدیث نے صحیح سمجھا ہے؟ اور یا پھر یہ سب لوگ دین کے (نعوذ باللہ) دُشمن تھے کہ جان بوجھ کر ایک غلط عقیدہ دین میں شامل کردیا، پھر اسی کی کیا دلیل ہے کہ پرویز صاحب دین کے مخلص دوست ہیں؟

نیز ہم تک قرآن بھی پچھلی مسلم نسلوں ہی کے ذریعہ پہنچا ہے، اگر یہ دین کے دُشمن تھے تو قرآن پہنچانے میں بھی قرآن دُشمنی سے کام لیا ہوگا، اس طرح تو قرآن کا اعتماد بھی ختم ہوجاتا ہے۔

منکرینِ حدیث کے چند دلائل

اور ان کا جواب

۱- منکرینِ حدیث یہ دلیل بہت زور شور سے پیش کیا کرتے ہیں کہ سورۂ قمر میں ارشادِ باری ہے:-

وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ O (۲)

اس سے معلوم ہوا کہ قرآن خود واضح اور آسان ہے، اسے سمجھنے کے لئے تفسیر یا تعلیم رسول کی حاجت نہیں۔

(۱) الاسراء آیت: ۹۳۔ (۲) القمر آیت: ۱۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس کا الزامی جواب تو یہ ہے کہ اگر تفسیر کی حاجت نہیں تو پرویز صاحب نے تفسیر کیوں تصنیف کی؟ اور درسِ قرآن کیوں دیتے ہیں؟ اور تحقیقی جواب یہ ہے کہ قرآنِ حکیم میں مضامین دو طرح کے ہیں: ایک وہ جن کا تعلق فکرِ آخرت، اللہ کی یاد، خوفِ خدا، ترغیب و ترہیب اور وعظ ونصیحت سے ہے، اور دوسرے وہ جن کا تعلق اَحکامِ عملیّہ سے ہے، اس آیت میں قسمِ اوّل کے آسان ہونے کا ذکر ہے، قسمِ ثانی کا نہیں، جس کی دلیل یہ ہے کہ اس آیت میں "یَسَّرْنَا" کو "لِلذِّکْرِ" کے ساتھ مقید کیا گیا ہے اور "الذکر" کے معنی یاد کرنا، حفظ کرنا اور نصیحت حاصل کرنا ہیں[1]، پس آیت کا مطلب یہ ہے کہ: "ہم نے قرآن کو حفظ یاد کرنے کے لئے یا نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان بنایا ہے۔" نیز اس آیت میں "فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ" فرمایا گیا "فهل من مستنبط" نہیں فرمایا گیا، چنانچہ دوسری آیات میں صراحت کردی گئی کہ قرآن فہمی کے لئے معلّم کی حاجت ہے، وہ آیات پیچھے گزر چکی ہیں۔

۲- منکرینِ حدیث کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آیاتِ قرآنیہ کو "اٰیٰتٌ بَیِّنٰتٌ" فرمایا ہے، لہٰذا معلّم کی حاجت نہیں۔

اس کا الزامی جواب تو یہ ہے کہ پھر پرویز صاحب "درسِ قرآن" کیوں دیتے ہیں اور انہوں نے تفسیر کیوں لکھی؟

تحقیقی جواب یہ ہے کہ "اٰیٰتٌ بَیِّنٰتٌ" (واضح آیتیں) ان مواقع پر فرمایا گیا ہے جہاں اسلام کے بنیادی عقائد کا بیان ہے، اور مطلب یہ ہے کہ ان بنیادی عقائد کے سمجھنے اور ان پر ایمان لانے کے لئے یہ آیات اتنی واضح ہیں کہ عربی جاننے والا ہر شخص ان کو سمجھ سکتا ہے، کیونکہ قرآن میں عموماً ان عقائد کے لئے نہایت سادہ اور عام مشاہدے میں آنے والے دلائل پیش کئے گئے ہیں، اگر علی الاطلاق ہر قسم کے مضامین کی آیات خود بخود واضح ہوتیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یوں نہ فرمایا جاتا: "وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ" اور "لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیْهِمْ"۔

۳- منکرین کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآنِ حکیم نے عام انسانوں کی طرح بشر قرار دیا ہے، پس آپ کے اقوال و افعال واجب الاتباع ہونے کی کوئی وجہ نہیں، جیسا

(۱) تفسیر معارف القرآن ج:۸ ص:۲۳۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کہ قرآنِ حکیم میں ہے:

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰی اِلَیَّ.[۱]

اس کا جواب یہ ہے کہ اس مضمون کی آیات مشرکینِ عرب کی طرف سے مخصوص معجزوں کے مطالبے کے جواب میں آئی ہیں، جن کا حاصل یہ ہے کہ: آپ کہہ دیجئے کہ تم جو معجزہ بھی مانگو وہ میں خود لانے پر قادر نہیں، کیونکہ میں بھی تمہاری طرح ایک بشر ہوں، معجزہ کی قدرت اللہ کو ہے۔ پس یہ تشبیہ من کل الوجوہ نہیں بلکہ "عدم القدرة علی المعجزة من غیر مشیة اللّٰہ" میں ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ اسی آیت میں "یُوْحٰی اِلَیَّ" فرما کر آپ کے اور اَفرادِ اُمت کے درمیان فرق کو واضح کر دیا گیا کہ مجھ پر وحی آتی ہے تم پر نہیں آتی، اور یہاں وحی مطلقاً مذکور ہے جو وحیٔ متلو (تلاوت کی جانے والی وحی یعنی قرآن) اور وحیٔ غیر متلو (تلاوت نہ کی جانے والی وحی یعنی غیر قرآن) دونوں کو شامل ہے، اور ظاہر ہے کہ وحی واجب الاتباع ہے، پس اس آیت سے منکرین کا استدلال محض زبردستی ہے۔

۴۔ منکرین کہتے ہیں کہ قرآنِ حکیم میں کئی مقامات پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلوں پر اللہ تعالیٰ کی عدمِ رضامندی کا اظہار فرمایا گیا ہے، مثلاً:۔

مَا کَانَ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّکُوْنَ لَهٗ اَسْرٰی حَتّٰی یُثْخِنَ فِی الْاَرْضِ.[۲]

وکقولہ تعالیٰ: عَفَا اللّٰهُ عَنْکَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ.[۳]

پس آپ کے اقوال وافعال کیسے واجب الاتباع ہو سکتے ہیں؟

اس کا جواب یہ ہے کہ ان واقعات میں بلاشبہ آپ سے اجتہادی خطا ہوئی، لیکن انہی آیات میں غور کیا جائے تو ان سے بھی آپ کے اقوال وافعال کا واجب الاتباع اور حجت ہونا ثابت ہوتا ہے، کیونکہ انہی واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ اجتہادی خطاء پر آپ کو برقرار نہیں رکھا گیا اور بذریعۂ وحی اس کی تصحیح کر دی گئی، یہ خود حدیث کے حجت ہونے کی ایک دلیل ہے۔

۵۔ تأبیر النخل (کھجور کے درخت میں ایک خاص قسم کا پیوند لگانے) کی ممانعت کے واقعہ سے بھی منکرین استدلال کرتے ہیں کہ بعد میں آپ نے اس ممانعت سے رجوع

(۱) الکہف آیت: ۱۱۰۔ (۲) الانفال آیت: ۶۷۔

(۳) التوبہ آیت: ۴۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فرما کر "انتم اعلم بأمور دنیاکم"[۱] فرمایا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات دو طرح کے ہیں:
ایک وہ جو آپ نے منصبِ رسالت کے مطابق حکمِ شرعی کے طور پر فرمائے، اور دوسرے وہ جو آپ نے دنیاوی جائز اُمور میں سے کسی فعل کے کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں بطورِ مشورہ کے فرمائے، آپ کے زیادہ تر ارشادات قسمِ اوّل کے ہیں، اور اَحکامِ شرعیہ کے ثبوت کا تعلق انہیں سے ہے، اور وہ سب وحی من جانب اللہ ہیں، ولو تقریرًا ، اور حجیتِ حدیث کا تعلق ان ہی سے ہے، اور قسمِ دوم کے ارشادات شاذ و نادر ہیں، ان کا تعلق شرعی اَحکام سے نہیں۔

اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ پھر تو تمام احادیث میں یہ احتمال پیدا ہوگیا کہ وہ آپ نے نجی مشورے کے طور پر فرمائی ہوں، حکمِ شرعی کے طور پر نہ فرمائی ہوں، فاذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔

اس کا جواب یہ ہے کہ آپ کا اصل منصب رسالت ہے، پس جہاں کوئی دلیل کسی حدیث کے قسمِ ثانی سے متعلق ہونے کی نہ ہو، اسے قسمِ اوّل ہی میں شمار کیا جائے گا، کیونکہ جہاں کوئی حدیث نجی مشورے کے طور پر آئی ہے دلائل میں غور کرنے سے پتہ چل جاتا ہے کہ اس کا تعلق قسمِ اوّل سے نہیں ہے، قسمِ ثانی سے ہے، جیسے کہ تابیر النخل ہی کے واقعہ میں وضاحت سے معلوم ہوگیا، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد "انتم اعلم بأمور دنیاکم" سے یہ بات صریح طور پر ثابت ہوگئی کہ تأبیر کے بارے میں آپ نے جو بات پہلے ارشاد فرمائی تھی وہ حکمِ شرعی کے طور پر نہیں تھی۔

دُوسرے نظریے کی تردید

اس نظریہ کا حاصل یہ ہے کہ حدیث صحابہ کرامؓ کے لئے تو حجت تھی، ہمارے لئے حجت نہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اس سے لازم آئے گا کہ (نعوذ باللہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت صرف عہدِ رسالت کے ساتھ مخصوص تھی، حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا قیامت تک پوری دنیا کے لئے ہونا آیاتِ قرآنیہ سے قطعی طور پر ثابت ہے، مثلاً:-

قولہ تعالیٰ:-

---

(۱) صحیح مسلم، باب امتثال ما قالہ صلی اللہ علیہ وسلم شرعًا دون ما ذکرہ صلی اللہ علیہ وسلم من معایش الدنیا علی سبیل الرأی۔ ج:۲ ص:۲۶۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا. (۱)

۲- وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ O (۲)

۳- وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا. (۳)

۴- تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا O (۴)

نیز یہ نظریہ عقلاً اس لئے باطل ہے کہ صحابہ کرامؓ، قرآنِ حکیم کے براہِ راست مخاطب تھے، قرآن ان کی زبان اور محاورے میں نازل ہوا، ان کے ماحول میں نازل ہوا، اور ان واقعات کا انہوں نے خود مشاہدہ کیا تھا جو آیاتِ قرآنیہ کے لئے شانِ نزول بنے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن انہوں نے بلاواسطہ سنا، پھر یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ قرآن فہمی کے لئے صحابہ تو حدیثِ رسول کے محتاج ہوں اور ہم محتاج نہ ہوں؟ حالانکہ ہمیں ان چیزوں میں سے ایک بھی حاصل نہیں، اور کسی کا کلام سمجھنے کے لئے یہ چیزیں سب سے زیادہ معاون ہوتی ہیں۔

تیسرے نظریے کی تردید

اس نظریے کا حاصل یہ ہے کہ حدیث کا حجت ہونا تو ہر زمانے کے لوگوں کے لئے ہے، لیکن ہم تک ان کے پہنچنے میں بہت سارے واسطے آجانے کے باعث وہ قابلِ اعتماد اور قابلِ استدلال نہیں رہیں، لہٰذا اب اُن پر عمل نہیں کیا جاسکتا۔

اس نظریے کا غلط اور باطل ہونا مندرجۂ ذیل دلائل سے واضح ہے:

۱- جن واسطوں سے ہم تک حدیث پہنچی ہے، اُنہی سے ہم تک قرآن پہنچا ہے، پس لازم آئے گا کہ (نعوذ باللہ) قرآن بھی حجت (اتھارٹی) نہ ہو۔

اور اگر کہا جائے کہ قرآن کی حفاظت کی ذمہ داری تو خود اللہ تعالیٰ نے لی ہے، قرآنِ حکیم میں ارشاد ہے: "اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ O" (۵) پس قرآن تو محفوظ ہے لہٰذا حجت ہے، اور حدیثیں محفوظ نہیں رہیں لہٰذا وہ حجت نہیں۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ آیت بھی تو ہم تک انہی واسطوں سے پہنچی ہے جن سے

(۱) الاعراف آیت: ۱۵۸۔ (۲) الانبیاء آیت: ۱۰۷۔ (۳) سباء آیت: ۲۸۔

(۴) الفرقان آیت: ۱۔ (۵) الحجر آیت: ۹

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حدیث پہنچی ہے، لہٰذا (نعوذ باللہ) یہ آیت بھی قابلِ اعتماد اور قابلِ استدلال نہ ہوگی۔

اور اگر کہا جائے کہ قرآن کا قرآن ہونا تو اس کے اعجاز سے یعنی معجزہ ہونے سے معلوم ہوجاتا ہے، اور حدیث کلامِ معجز یعنی معجزہ نہیں کہ اس کو پہچانا جاسکے، تو قرآن حجت ہوگا حدیث حجت نہ ہوگی۔

تو جواب یہ ہے کہ قرآن کا معجزہ ہونا بھی تو ہمیں قرآن کی آیاتِ تَحدّی سے معلوم ہوا ہے، یعنی اُن آیات سے معلوم ہوا ہے جن میں اللہ تعالیٰ نے کافروں کو چیلنج کیا ہے کہ تم اگر کہتے ہو کہ قرآن اللہ کا کلام نہیں، بلکہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے خود بنالیا ہے تو تم قرآن کی کوئی ایک چھوٹی سے چھوٹی سورۃ جیسی ایک سورۃ بنالاؤ، وہ تم ہرگز نہیں بناسکوگے۔ تو قرآن کا معجزہ ہونا ہمیں اِن آیات ہی سے معلوم ہوا ہے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ یہ آیات بھی تو ہم تک اُنہی انسانوں کے واسطے سے پہنچی ہیں جن سے ہم تک حدیثیں پہنچی ہیں، تو (نعوذ باللہ) یہ آیات بھی قابلِ اعتماد نہ ہوں گی، کیونکہ کہا جاسکے گا کہ یہ آیات بھی اُن ناقابلِ اعتماد واسطوں نے اپنی طرف سے صرف اس لئے بڑھادی ہیں کہ لوگ قرآن کو اللہ کا کلام سمجھیں۔

۲- منکرین کے اس نظریۂ ثالثہ کا حاصل یہ ہے کہ احادیث واجب العمل تو ہیں، ممکن العمل نہیں، کیونکہ کثیر واسطوں کی وجہ سے ان کا حدیثِ رسول ہونا معلوم نہیں، اور علم نہ ہونے کی وجہ سے عمل ممکن نہیں۔

اس نظریہ پر "تکلیف ما لا یطاق" لازم آتی ہے، جو "لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا"[1] کے قرآنی قانون کے منافی ہے۔ یعنی اس نظریے پر لازم آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم پر ایسی چیز واجب کی ہے جو ممکن العمل نہیں، حالانکہ قرآن نے واضح طور پر یہ قانون بتایا ہے کہ: "لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا" یعنی اللہ تعالیٰ کسی شخص کو ایسا حکم نہیں دیتا جس پر عمل اُس کی قدرت میں نہ ہو۔

۳- یہ اُوپر ثابت ہوچکا ہے کہ قرآن فہمی حدیث کے بغیر ممکن نہیں، اور ظاہر ہے کہ جب تک قرآن سمجھ میں نہ آئے تو اس پر عمل کیسے ممکن ہوگا؟ پس اگر احادیث قابلِ اعتماد نہیں ہیں تو قرآن سمجھنا اور اس پر عمل کرنا ممکن نہ رہا، جس کا مطلب یہ ہے کہ قرآن اس زمانے میں

---

(۱) البقرۃ آیت: ۲۸۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

(نعوذ باللہ) ناقابلِ عمل ہوگیا۔

۴- قرآن کا وعدہ ہے: "اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّکۡرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ O"[۱]

اور قرآن نام ہے نظم (یعنی لفظ) اور معنی دونوں کے مجموعے کا، پس لفظ و معنی دونوں کی حفاظت کا وعدہ ہوا، اور معنی حدیث میں بیان کیے گئے ہیں، پس بالواسطہ حدیث کی حفاظت کا وعدہ بھی اس آیت سے ثابت ہوگیا۔

۵- منکرینِ حدیث بہت زور وشور سے کہا کرتے ہیں کہ: محدثین بھی مانتے ہیں کہ حدیث ظنّی ہے، حالانکہ قرآن نے اتباعِ ظن کی مذمت کی ہے، اور اس کو علم منافی قرار دیا ہے:-

کما فی قولہ تعالٰی:- مَا لَہُمۡ بِہٖ مِنۡ عِلۡمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ج[۲]

وکقولہ تعالٰی: - اِنۡ یَّتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ ج وَاِنَّ الظَّنَّ لَا یُغۡنِیۡ مِنَ الۡحَقِّ شَیۡئًا O[۳]

وقولہ تعالٰی:- اِنۡ ہُمۡ اِلَّا یَظُنُّوۡنَ O[۴]

اس کا جواب یہ ہے کہ "ظن" قرآنِ حکیم اور لغت میں چار معنی میں استعمال ہوا ہے:-

۱- بمعنی الیقین، کما فی قولہ تعالٰی:- "وَاِنَّہَا لَکَبِیۡرَۃٌ اِلَّا عَلَی الۡخٰشِعِیۡنَ O الَّذِیۡنَ یَظُنُّوۡنَ اَنَّہُمۡ مُّلٰقُوۡا رَبِّہِمۡ."[۵]

۲- بمعنی الرأی الغالب، کما فی قولہ تعالٰی:- "وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰہُ فَاسۡتَغۡفَرَ رَبَّہٗ."[۶]

۳- بمعنی الشک، کقولہ تعالٰی:- "وَاِنَّ الَّذِیۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِیۡہِ لَفِیۡ شَکٍّ مِّنۡہُ ط مَا لَہُمۡ بِہٖ مِنۡ عِلۡمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ج."[۷]

۴- بمعنی التخمین والوہم (اٹکل پچوں)، کما فی قولہ تعالٰی:- "اِنۡ ہُمۡ اِلَّا یَظُنُّوۡنَ O"[۸]

پس قرآن میں مذمت اُس ظن کی ہے جو تیسرے یا چوتھے معنی میں ہو، اور جو ظن پہلے یا دُوسرے معنی میں ہو اس کی تو مدح آئی ہے، جیسا کہ پہلی اور دُوسری آیت سے واضح ہے۔ اور

(۱) الحجر آیت:۹۔ (۲) النساء آیت:۱۵۷۔ (۳) النجم آیت:۲۸۔
(۴) البقرۃ آیت:۷۸۔ (۵) البقرۃ آیت:۴۶۔ (۶) صٓ آیت:۲۴۔
(۷) النساء آیت:۱۵۷۔ (۸) الجاثیۃ آیت:۲۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

احادیث کا ظنی ہونا پہلے اور دُوسرے معنی ہی میں ہے، چنانچہ احادیثِ متواترہ یقین ضروری کا یعنی علمِ قطعی، اور احادیثِ مشہورہ یا وہ احادیث جو "محتف بالقرائن" ہوں، مثلاً: مسلسل بالحفاظ ہوں یقینِ استدلالی نظری کا فائدہ دیتی ہیں، (صرح به ابن حجرؒ في شرح نخبة الفكر)[1] اور عام اخبارِ آحاد یعنی باقی احادیث جو محدثین کے نزدیک قابلِ استدلال ہیں، رائے غالب کا فائدہ دیتی ہیں، اور رائے غالب، یعنی ظنِ غالب عقلاً بھی حجت ہے، عرفاً بھی اور شرعاً بھی۔

عقلاً اس لئے کہ اگر یہ حجت یعنی قابلِ اعتماد نہ ہو تو دُنیا کا اکثر کاروبار معطل ہو جائے، کیونکہ ہر چیز میں علمِ یقینی کا حاصل ہونا ممکن نہیں، مثلاً: اگر ظنِ غالب معتبر نہ ہو تو لازم آئے گا کہ ہم بازار سے کوئی چیز نہ خریدیں، کیونکہ یقین نہیں کہ اس میں زہر یا نجاست ملی ہوئی نہیں۔

اور عرفاً اس لئے کہ روزمرہ زندگی میں ہم ظنِ غالب پر عمل کرتے ہیں، خود ثبوتِ نسب بھی ہر انسان کا ظنِ غالب ہی سے ہوتا ہے، کیا کوئی شخص یقین سے کہہ سکتا ہے کہ وہ کس کے نطفے سے پیدا ہوا ہے؟ اگر پرویز صاحب ظن بمعنی الرأی الغالب کی حجیت کے قائل نہیں تو ان کا نسب ثابت نہ ہوسکے گا۔

اور شرعاً اس لئے کہ بے شمار مسائل میں شریعت نے ظنِ غالب ہی پر مدار رکھا ہے، مثلاً: وضو کا ٹوٹنا، قبلے کی طرف رُخ کرنا، ثبوتِ نسب اور گواہیاں وغیرہ، مثلاً: دو مردوں کی شہادت کو حجتِ ملزمہ یعنی حکم کو لازم کرنے والی دلیل قرار دیا گیا ہے اور حدِ زنا میں چار مردوں کی شہادت (گواہی) کو حجت بنایا گیا ہے، حالانکہ شہادت خواہ دو کی ہو یا چار کی، اس سے ظنِ غالب ہی حاصل ہوتا ہے، یقین حاصل نہیں ہوتا، لاحتمال کذبهم، اس کے باوجود قرآن نے ان کو حجت قرار دیا ہے۔

۶- منکرینِ حدیث نے یہ مغالطہ بھی بہت پھیلایا ہے کہ صرف تیسری صدی سے احادیث لکھنے کا رواج ہوا ہے، اسی زمانے میں صحاحِ ستہ وغیرہ لکھی گئی ہیں، اس سے پہلے عہدِ صحابہ و عہدِ رسالت میں احادیث کے لکھنے کا رواج نہیں تھا، صحاحِ ستہ کے مؤلفین نے اپنی یادداشت سے کچی پکی اور سچی جھوٹی باتیں جو عالمِ اسلام میں احادیث کے نام سے پھیلی ہوئی تھیں، اپنی کتابوں میں درج کردیں، جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو کتابتِ حدیث سے

(۱) ص: ۲۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ممانعت فرمادی تھی، چنانچہ حضرت ابوسعید خدریؓ کی روایت صحیح مسلم میں موجود ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

لا تکتبوا عَنّی غیر القراٰن ومن کتب عنّی غیرَ القُراٰنِ فَلْیمحُهُ.(۱)

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات سراسر غلط ہے کہ عہدِ رسالت وعہدِ صحابہ وتابعین میں احادیث کو لکھ کر محفوظ نہیں کیا گیا، واقعہ یہ ہے کہ کتابتِ حدیث کا سلسلہ عہدِ رسالت ہی سے مسلسل جاری ہے، جیسا کہ آگے تدوینِ حدیث کے عنوان میں بیان ہوگا، اور اس سے ذرا پہلے عنوان: ''حفظ بالکتابۃ اور ممانعتِ کتابت کی حقیقت'' کے تحت کتابتِ حدیث کی ممانعت کی حقیقت بھی وضاحت سے سامنے آجائے گی۔

اور دُوسرا جواب یہ ہے کہ حفاظتِ حدیث صرف کتابت میں منحصر نہیں، بلکہ حفاظتِ حدیث کے تین طریقے شروع سے آج تک مسلسل جاری ہیں:-

۱- **حفظ بالروایۃ**: یعنی احادیث کو زبانی یاد کرنا اور دوسروں کو پہنچانا۔

۲- **حفظ بالتعامل**: یعنی احادیث پر انفرادی اور اجتماعی زندگی میں عمل۔

۳- **حفظ بالکتابۃ**: یعنی تحریر اور کتابت کے ذریعہ احادیث کو محفوظ کرلینا۔

۱- حفظ الحدیث بالروایۃ

یہ طریقہ حفاظتِ حدیث کے لئے سب سے زیادہ مؤثر طور پر استعمال کیا گیا ہے، صحابہ کرامؓ کی جماعتوں کی جماعتیں احادیث یاد کرنے اور دوسروں تک پہنچانے میں لگی ہوئی تھی، اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو جو حیرت ناک حافظہ عطا کیا تھا، وہ حفظِ حدیث کی ناقابلِ انکار ضمانت ہے، ان کو گھوڑوں کے نسب نامے تک ازبر یاد ہوتے تھے، ایک ایک شخص کو بیسیوں اشعار صرف ایک مرتبہ سن کر یاد ہوجاتے تھے، جب اتنی معمولی چیزوں کا یہ حال تھا تو حدیثِ نبوی، جس کو یہ مدارِ دین سمجھ کر جان سے زیادہ عزیز رکھتے تھے، اسے یاد کرنا ان کے لئے کیا مشکل تھا، خصوصاً جبکہ روایتِ حدیث کا حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت تاکید سے بار بار دیا تھا، مثلاً یہ ارشاد کہ: ''بلغوا عَنّی وَلَو اٰیَۃً''(۲) اور مثلاً یہ ارشاد کہ: ''فَلْیُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الغائب''(۳)

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الزھد، باب التثبت فی الحدیث ج:۲ ص:۴۱۴۔

(۲) مشکوٰۃ، کتاب العلم ج:۱ ص:۳۲۔

(۳) صحیح بخاری، باب خطبۃ أیام منیٰ، الحدیث: ۱۶۵۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

روایتِ حدیث کی تاکید اور فضیلت سے متعلق کچھ احادیث پیچھے "شرافة هذا العلم" کے عنوان کے تحت آئی ہیں۔

ان حضرات کی حیرت ناک قوتِ حافظہ کے عجیب وغریب واقعات کتبِ تاریخ و"اسماء الرجال" میں دیکھے جاسکتے ہیں، مثلاً: حضرت ابوہریرہؓ ہی کا واقعہ ہے کہ مدینہ منورہ کے گورنر مروان بن الحکم(۱) نے ان کے حافظے کا امتحان اس طرح لیا کہ ان کو بلاکر درخواست کی کہ مجھے حدیثیں سنایئے، اور پردے کے پیچھے ایک کاتب کو بٹھالیا کہ وہ خفیہ طور پر لکھتا رہے، بڑی تعداد میں احادیث انہوں نے اس وقت سنائیں وہ کاتب نے لکھیں، ایک سال بعد مروان نے حضرت ابوہریرہؓ کو پھر بلایا اور درخواست کی کہ جو حدیثیں پچھلے سال آپ نے سنائی تھیں دوبارہ سنادیجئے، کیونکہ مجھے پوری طرح یاد نہیں رہیں، حضرت ابوہریرہؓ نے وہی تمام حدیثیں بعینہٖ پھر پچھلی ترتیب کے مطابق سنادیں، اس مرتبہ بھی مروان نے کاتب کو بٹھالیا تھا جو لکھتا رہا، حضرت ابوہریرہؓ کے جانے کے بعد جب دونوں تحریروں کا مقابلہ کیا گیا تو ایک حرف کی کمی بیشی ان میں نہ تھی، نہ کسی حرف کو مقدم کیا تھا نہ مؤخر(۲)۔ تقریباً یہی حال دوسرے صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ و تبع تابعینؒ کا تھا، جس کی مثالیں بیشمار ہیں۔

پھر راوی کتنا ہی قابلِ اعتماد کیوں نہ ہو، سننے والا اس کی روایت پر اس وقت تک اعتماد نہیں کرتا تھا جب تک وہ سند بیان نہ کرے، اور سند کا ہر راوی حافظ اور ثقہ نہ ہو، اس کی تفصیلات بہت ہیں، یہاں صرف اشارہ مقصود ہے، واقعہ یہ ہے کہ حفاظتِ حدیث کا اگر کوئی اور طریقہ نہ ہوتا، تب بھی تنہا اس طریقے کو حفاظتِ حدیث کا ضامن کہا جاسکتا ہے۔

۲- حفظ الحديث بالتعامل

حفظِ حدیث کا دوسرا طریقہ صحابہؓ وتابعینؒ کا "تَعَامُل" ہے، صحابہ کرامؓ کی عام عادت تھی کہ وہ کوئی فعل مثلاً: وضو وغیرہ اپنے شاگردوں کو دکھا کر کرتے اور فرماتے:

---

(۱) المولود ۲ھ المتوفی ۶۵ھ۔

(۲) مستدرک الحاکم، کتاب معرفة الصحابة ج:۳ ص:۵۸۳ وکذا فی سیر اعلام النبلاء ج:۲ ص:۵۹۸ وکذا فی الاصابة ج:۴ ص:۲۰۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

هٰكذا رأيت رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُ.[۱]

اس کی مثالیں بہت زیادہ ہیں، نیز خلفائے راشدینؓ کے سامنے جب کوئی نیا مسئلہ آتا تو وہ صحابہ کرامؓ سے دریافت کرتے کہ: کسی نے اس کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ سنا ہے؟ اگر کسی نے سنا ہوتا تو بیان کر دیتا،[۲] اور حضرت عمرؓ تو بسا اوقات اس راوی سے دو گواہ بھی طلب کرتے[۳]، اور اس روایت کے مطابق فیصلہ کر لیا جاتا، اور وہ حدیث حکومت کا قانون بن جاتی، ایسے بہت سے مسائل ہیں اور ان پر صدیوں تک مسلم حکومتیں عامل رہی ہیں، ظاہر ہے کہ جس حدیث پر بار بار عمل کیا جائے وہ ذہن میں "كالنقش على الحجر" ہو جاتی ہے، اور یہ یاد کرنے کا سب سے بہتر طریقہ ہے۔

۳- حفظ الحديث بالكتابة۔ اور ممانعتِ کتابت کی حقیقت

حفظِ حدیث کا تیسرا طریقہ کتابت ہے، جو ابتدائے اسلام سے آج تک جاری ہے،

---

(۱) اس کی ایک مثال یہ ہے: "عن عثمان بن عبدالرحمٰن التيمي قال: سئل ابن ابي مليكة عن الوضوء، فقال: رأيت عثمان بن عفان يُسأل عن الوضوء، فدعا بماءٍ ... الى قوله ... ثم قال: اين السائلون عن الوضوء؟ هٰكذا رأيت رسول الله يتوضأ." سنن ابی داؤد، كتاب الطهارة، باب في صفة وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم.

(۲) اس کی ایک مثال "مؤطا امام مالک، كتاب الفرائض" میں یہ بیان کی گئی ہے: "عن قبيصة بن ذؤيب انه قال: جاءت الجدة الى أبي بكر الصديق تسأله ميراثها، فقال لها أبوبكر: مالک في كتاب الله شئ وما علمت لک في سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم شيئًا، فارجعي حتى أسأل الناس، فسأل الناس، فقال المغيرة بن شعبة: حضرتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم أعطاها السدس، فقال أبوبكر: هل معک غيرک؟ فقام محمد بن مسلمة الأنصاري فقال مثل ما قال المغيرة بن شعبة، فأنفذه لها أبوبكر الصديق." رقم الحديث: ۷۲۲۔

(۳) حضرت عمرؓ کا ایک واقعہ یہ ہے: "عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال: كنت في مجلس من مجالس الأنصار إذ جاء أبوموسىٰ كأنّه مذعورٌ فقال إستأذنت علىٰ عمر ثلثا فلم يؤذن لي فرجعت، فقال: ما منعک؟ قلت: إستأذنت ثلثا فلم يؤذن لي فرجعت، وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا استأذن أحدكم ثلثا فلم يؤذن له فليرجع. فقال والله! لتقيمَنّ عليه بينة. امنكم أحدٌ سمعه من النبي صلى الله عليه وسلم؟ قال أُبَيُّ بن كعب: والله! لا يقوم معک إلا أصغر القوم، فكنت أصغر القوم، فقمت معه، فأخبرت عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم قال ذٰلک." صحيح البخاري ج: ۲ ص: ۹۲۳، كتاب الإستيذان، باب التسليم والإستئذان ثلثا.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جس کی کچھ تفصیل ''تدوینِ حدیث'' کے عنوان کے تحت آئے گی، اس سے یہ بھی واضح ہوگا کہ حضرت ابوسعید خدریؓ کی جس روایت میں کتابتِ حدیث سے منع کیا گیا ہے، اس سے مراد مطلق ممانعت نہیں، بلکہ ابتدائے اسلام میں حدیث کو قرآن کے ساتھ ملا کر ایک چیز پر لکھنے سے منع کیا گیا تھا، تاکہ قرآن و حدیث باہم ملتبس یعنی خلط ملط نہ ہو جائیں، کیونکہ اس وقت صحابہ کرامؓ کے ذہنوں میں اسلوبِ قرآنی ایسا راسخ نہ ہوا تھا کہ وہ ایک نظر میں دونوں کے درمیان امتیاز کر سکیں، لیکن حدیثیں قرآن سے الگ لکھنے کی ممانعت کسی زمانے میں میں نہیں ہوئی، محدثین کی بڑی جماعت نے اس حدیث کا یہی جواب دیا ہے۔(۱)

احقر کے نزدیک بھی راجح یہی ہے، کیونکہ تدوینِ حدیث کی بحث سے واضح ہوگا کہ ہجرتِ مدینہ کے وقت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک احادیث لکھنے کا عمل مسلسل جاری رہا ہے، حدیثیں لکھنے کی علی الاطلاق ممانعت کسی زمانے میں نہیں ہوئی، اور بعد میں جب صحابہ کرامؓ کے قلوب میں اُسلوبِ قرآنی خوب راسخ ہوگیا تو قرآن و حدیث ایک ہی چیز پر لکھنے کی ممانعت بھی منسوخ ہوگئی، منسوخ ہونے کی دلیل ''ھِرقل قیصر روم'' کے نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ نامۂ مبارک ہے جس میں اپنے ارشادات کے ساتھ آپ نے قرآنِ حکیم کی یہ آیت بھی لکھوائی ہے: ''قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ..... الخ.''(۲)

یہ واقعہ ۶ھ کا ہے۔(۳)

تدوینِ حدیث

عہدِ رسالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیث لکھنے کی نہ صرف اجازت دی بلکہ اس کا حکم فرمایا، اور صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت احادیث کو قلمبند کرتی رہی، جن میں ایسے صحابہ کرامؓ بھی ہیں جنہوں نے دو چار احادیث لکھ کر محفوظ کیں، اور ایسے بھی جنہوں نے احادیث

---

(۱) شرح النووی مع صحیح مسلم، کتاب الزهد، باب التثبت فی الحدیث وحکم کتابة العلم، ج:۲ ص:۴۱۴ وکذا فی اکمال المعلم بفوائد مسلم للقاضی عیاضؒ ج:۸ ص:۵۵۳۔

(۲) آل عمران آیت:۶۴۔

(۳) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: صحیح البخاری، باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ج:۱ ص:۵ وفتح الباری ج:۱ ص:۳۹ وتاریخ الخمیس ج:۲ ص:۲۹ تا ۳۳.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کا ایک بڑا ذخیرہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سن کر قلمبند کیا، نیز احادیث کا ایک بڑا ذخیرہ ایسا ہے جو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے املاء کرایا اور صحابہ کرامؓ نے اسے لکھا، عہدِ رسالت اور عہدِ صحابہ میں کتابتِ حدیث کا جو کام ہوا اس کی تفصیل احقر کی کتاب ''کتابتِ حدیث عہدِ رسالت وعہدِ صحابہ میں'' میں آگئی ہے، جس کے کئی ایڈیشن شائع ہوچکے ہیں، یہاں اس کا خلاصہ ذکر کیا جاتا ہے:-

عہدِ رسالت میں کتابتِ حدیث

۱- امام ترمذیؒ نے ''کتاب العلم'' میں روایت کیا ہے کہ ایک انصاری صحابی نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ! میں آپ کی احادیث سنتا ہوں وہ مجھے پسند آتی ہیں، مگر بھول جاتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: "استعن بیمینک وأومأ بیده للخطّ." [۱]

۲- ''مقدمہ صحیفۂ ہمام بن منبہ'' میں مشہور محقق ڈاکٹر حمیداللہ صاحب نے مستند حوالے سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ابورافع نے بھی کتابتِ حدیث کی اجازت مانگی تھی جو آپ نے مرحمت فرمائی،[۲] ابورافع نے جو احادیث لکھیں، ان کی نقل در نقل کا سلسلہ بھی جاری رہا، طبقاتِ ابنِ سعد میں حضرت سلمہ کا یہ بیان نقل کیا گیا ہے کہ:-

رأيت ابن عباس معه الألواح يكتب عليها عن ابى رافع شيئًا من فعل رسول الله صلى الله عليه وسلم. [۳]

پھر ابنِ عباسؓ کے بارے میں ترمذی کی ''کتاب العلل'' کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی لکھی ہوئی احادیث اُن کے شاگردوں کے پاس کتابی شکل میں محفوظ تھیں جو شاگردوں نے ان کی توثیق حاصل کرنے کے لئے ان کو پڑھ کر سنائیں،[۴] نیز طبقاتِ ابنِ سعد کی

---

(۱) ج:۲ ص:۹۵ باب ما جاء فى الرخصة فيه.

(۲) مقدمہ صحیفۂ ہمام بن منبہ ص:۵۱۔

(۳) طبقاتِ ابن سعد ج:۲ جزء:۷ ص:۳۷۱، فى تذكرة ابن عباس رضى الله عنهما۔

(۴) وہ روایت یہ ہے: "عن عكرمة أن نفرا قدموا على ابن عباس من اهل الطائف بكتاب من كتبه فجعل يقرأ عليهم فيقدم ويؤخر فقال انى بلهت لهذه المصيبة فاقرؤا علىّ فان اقرارى به كقرأتى عليكم." ج:۲ ص:۲۳۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ابنِ عباسؓ کے انتقال کے وقت ان کی اتنی تالیفات موجود تھیں کہ اُونٹ پر لادی جاتی تھیں۔[۱]

۳- فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا، جس میں انسانی حقوق وغیرہ کے اَحکام تھے، یمن کے سردار ابوشاہ نے عرض کیا کہ: یہ مجھے لکھوا دیجئے! آپ نے حکم فرمایا کہ: "اکتبوا لأبی شاہ."[۲]

عبداللہ بن عمروؓ کا کارنامہ "الصحیفۃ الصادقۃ"

۴- مستدرک حاکم میں مرفوعاً روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "قَیِّدُوا العلم" حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ فرماتے ہیں کہ: میں نے پوچھا: ما تقییدُہ؟ قال "الکتابۃ"[۳] چنانچہ سُننِ ابوداؤد میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ کا یہ بیان منقول ہے کہ: "میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو احادیث سنتا وہ لکھ لیا کرتا تھا، بعض لوگوں نے مجھے منع کیا اور کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کبھی حالتِ نشاط میں ہوتے ہیں اور کبھی حالتِ غضب میں، اس لئے آپ کی ہر بات لکھ لینا مناسب نہیں۔" ابن عمروؓ فرماتے ہیں: "میں نے اس کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے اپنی زبانِ مبارک کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: "اس سے حق کے سوا کوئی بات نہیں نکلتی"۔[۴] چنانچہ سُننِ ابوداؤد، اسد الغابہ، مستدرک حاکم وغیرہ سے ثابت ہے کہ انہوں نے احادیث کا ایک بڑا مجموعہ لکھ کر تیار کرلیا تھا اور اس کا نام انہوں نے "الصحیفۃ الصادقۃ" رکھا تھا، اس میں سب وہ احادیث تھیں جو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ

---

(۱) والفاظہٗ: "حدثنا موسٰی بن عقبۃ قال: وضع عندنا کریب حمل بعیر أو عدل بعیر من کتب ابن عباس." طبقاتِ ابنِ سعد ج: ۵ ص: ۲۹۳ جزء: ۱۸ فی تذکرۃ کریب بن ابی مسلم مولی عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما.

(۲) صحیح البخاری، کتاب اللقطۃ، باب کیف تعرّف لقطۃ اھل مکۃ، ج:۱ ص:۳۲۹.

(۳) مستدرک حاکم ج:۱ ص:۱۸۸، کتاب العلم، رقم الحدیث: ۳۶۲.

(۴) سنن ابی داؤد، کتاب العلم، باب کتابۃ العلم ج: ۲ ص: ۱۵۷، ۱۵۸ وکذا فی مستدرک الحاکم، کتاب العلم، ج:۱ ص:۱۸۶ رقم الحدیث: ۳۵۷، ۳۵۹.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علیہ وسلم سے بلاواسطہ سنی تھیں اور اسے وہ بہت حفاظت سے رکھتے تھے۔[۱]

صحیح بخاری ''کتاب العلم'' میں حضرت ابو ہریرہؓ کا یہ ارشاد مذکور ہے کہ: "ما من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم احدٌ اکثرًا حدیثًا عنہ مِنّی الّا ما کان من عبداللہ بن عَمرٍو فانّہ یکتب ولا اَکتب."[۲]

اس سے معلوم ہوا کہ عبداللہ بن عمروؓ کے پاس جو احادیث محفوظ تھیں وہ حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت کردہ احادیث سے زیادہ تھیں، اور حضرت ابو ہریرہؓ کی جو روایات ہم تک پہنچی ہیں ان کی کل تعداد پانچ ہزار تین سو چوہتر (۵۳۷۴) ہے۔[۳] تو حضرت عبداللہ بن عمروؓ کے پاس احادیث یقیناً اس سے زیادہ تھیں، اور یہ بات اُوپر ثابت ہوچکی ہے کہ انہوں نے جتنی احادیث سنی تھیں، لکھ لی تھیں، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ صحیفہ صادقہ میں احادیث کی تعداد پانچ ہزار تین سو چوہتر سے زیادہ تھی، جس کا مطلب یہ ہے کہ اس میں صحیح بخاری سے بھی زیادہ احادیث تحریر تھیں، کیونکہ مکررات حذف کرکے احادیثِ بخاری کی تعداد تقریباً چار ہزار (۴۰۰۰) بیان کی گئی ہے۔

اس کی تائید "اسد الغابۃ" میں حضرت ابنِ عمروؓ کے اس بیان سے ہوتی ہے کہ: "حفِظتُ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اَلفَ مَثَلٍ."[۴]

یعنی میں نے ایک ہزار امثال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کی ہیں، اور ظاہر ہے

---

(۱) اسد الغابہ میں طبقاتِ ابنِ سعد کے حوالے سے بیان کیا گیا ہے، طبقاتِ ابنِ سعد کی عبارت یہ ہے: "عن مجاھد قال: رأیت عند عبداللہ بن عمرو صحیفۃ فسألتہ عنھا فقال: ھٰذہ الصادقۃ! فیھا ما سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس بینی وبینہ فیھا احد." ج:۴ جزء: ۱۵ ص:۲۶۲، فی تذکرۃ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ. علاوہ ازیں اسی مضمون کی یہ روایت بھی طبقاتِ ابنِ سعد میں منقول ہے کہ: "عن صفوان بن سلیم عن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ قال: استأذنت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی کتابۃ ما سمعتہ منہ، قال: فأذن لی فکتبتہ فکان عبداللہ یسمی صحیفتہٗ تلک الصادقۃ." حوالۂ بالا، نیز سُننِ دارمی کی ایک روایت میں اس صحیفۂ صادقہ کا یوں تذکرہ کیا گیا ہے: "عن عبداللہ بن عمرو قال: ما یرغبنی فی الحیاۃ الا الصادقۃ والوھط، فاما الصادقۃ فصحیفۃ کتبتھا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم." ج:۱ ص:۱۳۴۔

(۲) صحیح البخاری، باب کتابۃ العلم ج:۱ ص:۲۲.

(۳) سیر اعلام النبلاء ج:۲ ص:۶۳۲، فی تذکرۃ أبی ھریرۃ رضی اللہ عنہ.

(۴) اسد الغابہ ج:۳ ص:۳۵۷، فی تذکرۃ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنھما.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کہ یہ لکھی ہوئی تھیں، جیسا کہ اُوپر بیان ہوا، تو جب ''صحیفہ صادقہ'' میں امثال کی تعداد ایک ہزار تھی، تو سادہ اسلوب کی احادیث اس سے پانچ چھ گنا زیادہ ہوں تو تعجب نہیں ہونا چاہئے۔

یہ ''صحیفہ صادقہ'' ان سے نسلاً بعد نسلٍ منتقل ہوتا رہا، چنانچہ ان کے پڑپوتے حضرت عمرو بن شعیب جو مشہور محدث ہیں، صحیفہ صادقہ کو سامنے رکھ کر اس کا درس دیا کرتے تھے، پھر اس صحیفہ صادقہ کی احادیث کثیر تعداد میں امام احمدؒ نے اپنی مسند میں نقل کر دیں، اسی طرح اس ''صحیفہ صادقہ'' کی احادیث ابوداؤد، ترمذی، نسائی وغیرہم نے اپنی اپنی کتابوں میں نقل فرمائیں۔

حافظ ابنِ حجرؒ نے ''تهذیب التهذیب'' میں یحییٰ بن معین اور علی بن المدینی کے حوالے سے اس صحیفے کی احادیث کی یہ علامت ذکر کی ہے کہ جو حدیث بھی ''عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده'' کی سند سے ہو وہ اسی صحیفے کی حدیث ہے۔(۱)

ایک اشکال اور اس کا جواب

اُوپر کی تفصیل سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمروؓ کے پاس پانچ ہزار تین سو چوہتر سے زیادہ احادیث محفوظ تھیں، حالانکہ ان کی مرویات جو موجودہ کتبِ حدیث میں ملتی ہیں، صرف سات سو ہیں۔(۲)

اس کا جواب یہ ہے کہ زیادہ احادیث محفوظ ہونے سے لازم نہیں آتا کہ وہ سب کی سب بعد کے لوگوں کو بھی پہنچی ہوں۔

حضرت ابوہریرہؓ کے پاس احادیث اگرچہ عبداللہ بن عمرو سے کم تھیں، مگر حضرت ابوہریرہؓ کو ان کی تبلیغ و تدریس کے زیادہ مواقع ملے، کیونکہ ان کا قیام مدینہ طیبہ میں تھا جو عہدِ صحابہ میں علومِ نبوّت کا مرکز تھا، تشنگانِ علوم سب سے پہلے وہیں پہنچتے تھے، پھر ان کا خاندان

---

(۱) حافظ ابنِ حجرؒ نے تهذیب التهذیب میں فرمایا: ''عن یحیی بن معین اذا حدث عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده فهو کتاب.'' ج: ۸ ص: ۴۹، فی تذکرة عمرو بن شعیب بن محمدؒ۔ اور اسی طرح حافظ ابنِ حجرؒ نے حضرت علی بن المدینیؒ کی ایک روایت کا یوں تذکرہ کیا ہے: ''قال محمد بن عثمان بن ابی شیبة: سألت علی ابن المدینی عن عمرو بن شعیب، فقال: ما روی عنه ایوب وابن جریج فذاک له صحیح، وما روی عن ابیه عن جده فهو کتاب.'' ج:۸ ص:۵۳۔

(۲) مرقاة المفاتیح ج:۱ ص:۱۴۲، ۱۴۳، کتاب الایمان، رقم الحدیث:۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مدینے میں نہیں تھا، جس کے باعث ان پر گھریلو ذمہ داریاں بہت کم تھیں، چنانچہ انہوں نے تبلیغِ حدیث ہی کو اپنا مشغلہ بنالیا تھا، بخلاف ابنِ عمروؓ کے کہ ان کا قیام اپنے والد عمرو بن العاصؓ کے ساتھ شام وغیرہ میں رہا، ان کے والد مصر کے حاکم تھے، نظمِ حکومت اور جہاد وغیرہ کی مشغولیات ان سے وابستہ تھیں، باپ بیٹے دونوں کو جنگِ صِفّین میں بھی شریک ہونا پڑا تھا، ان حالات میں انہیں اپنی محفوظ احادیث کی روایت کا زیادہ موقع نہ مل سکا، لہٰذا ہم تک وہ صرف سات سو کی تعداد میں پہنچ سکیں۔

۵- ہجرت کے سفر میں جب سراقۃ بن مالک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گرفتار کرنے کی نیت سے پہنچا، مگر آپ کے معجزے نے اسے عاجز کردیا تو واپس جاتے وقت اس نے درخواست کی کہ آپ مجھے امان نامہ لکھ دیجئے تاکہ جب آپ کو غلبہ حاصل ہو تو میں مامون و محفوظ رہوں، آپ نے امان نامہ لکھوادیا،(۱) ظاہر ہے کہ یہ بھی حدیث تھی۔

۶- ہجرت کے صرف پانچ ماہ بعد آپ نے قرب و جوار کے غیر مسلموں کے ساتھ ایک معاہدہ کیا اور اسے لکھا گیا، یہ ''میثاقِ مدینہ'' باون ۵۲ دفعات پر مشتمل تھا،(۲) اسے ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے دُنیا کا سب سے پہلا تحریری دستورِ مملکت قرار دیا ہے۔(۳)

۷- صحیفۂ حضرت علی رضی اللہ عنہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کا ایک صحیفہ تحریری موجود تھا، وہ اپنے خطبات اور مجلسوں میں سامنے رکھ کر اس کے مضامین سنایا کرتے تھے، یہ ''صحیفۂ علی'' کے نام سے مشہور ہے، صحیح بخاری میں اس کا ذکر چھ جگہ آیا ہے، مثلاً ایک جگہ ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا:-

---

(۱) صحیح البخاری، باب هجرة النبی صلی الله علیه وسلم واصحابه الی المدینة، رقم الحدیث: ۳۹۰۶.

(۲) سیرت المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ج:۱ ص:۴۵۵، ۴۵۶ والوثائق السیاسیة للدکتور حمید الله پی ایچ ڈی، فرانس۔

(۳) مقدمہ صحیفہ ہمام بن منبہؒ ص:۴۰، نیز اسی معاہدہ کو ''السیرة النبویة'' المعروف بہ ''سیرة ابن هشام'' میں ان الفاظ میں نقل کیا گیا ہے: ''کتب رسول الله صلی الله علیه وسلم کتابا بین المهاجرین والانصار وادع فیه یهود وعاهدهم.'' ج:۱ ص:۵۰۱، کتابه صلی الله علیه وسلم بین المهاجرین والانصار وموادعة الیهود.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مَا کتبنا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الّا القراٰنَ وما فی ھٰذہ الصحیفۃ.(۱)

احادیث میں اس صحیفے کے حوالے سے جن مسائل کا ذکر آتا ہے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بہت سے مسائل پر مشتمل تھا، حضرت علیؓ اسے "قِرابُ السَّیف" میں رکھتے تھے۔

۸- حضرت انسؓ کی تألیفات

مقدمہ فتح الملہم میں اور مولانا مناظر احسن گیلانی کی کتاب "تدوینِ حدیث" میں بحوالہ مستدرک حاکم روایت ہے کہ معبد بن ہلال فرماتے ہیں کہ: جب ہم حضرت انسؓ سے احادیث سننے کے لئے اصرار کرتے تو وہ ہمارے لئے "مَجالّ" یعنی کئی بیاضیں (دفتر) نکالتے اور فرماتے:-

ھٰذہٖ سمعتُھا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکتبتُھا وعرضتُھا علیہ.(۲)

اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں، ایک یہ کہ حضرت انسؓ کے پاس احادیث کے کئی تحریری مجموعے تھے کیونکہ روایت میں "مَجَالّ" کا لفظ ہے جو "مجلّہ" کی جمع ہے، دوسری بات جو زیادہ اہم ہے، یہ کہ انہوں نے یہ احادیث لکھ کر بغرضِ احتیاط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھ کر سنا بھی دی تھیں، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مجموعے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توثیق فرمودہ تھے۔

حضرت انسؓ اپنے بیٹوں کو بھی تاکید فرمایا کرتے تھے کہ:- "قَیِّدُوا العِلْمَ بِالْکِتابِ."(۳)
نیز صحیح مسلم میں روایت ہے کہ عُتبان بن مالکؓ نے ایک حدیث مرفوع محمود بن الربیعؓ

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الجھاد، باب اثم من عاھد ثم غدر، رقم الحدیث: ۳۱۷۹۔

(۲) مقدمہ فتح الملہم کی عبارت یہ ہے: "روی عن انس انہ قال: ھٰذہ احادیث سمعتھا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و کتبتھا وعرضتھا." ج:۱ ص:۲۵۸۔

(۳) جامع بیان العلم وفضلہ ص:۱۰۳ رقم الحدیث: ۳۲۰ وسننِ دارمی ج:۱ ص:۱۳۴ رقم الحدیث: ۴۹۷، نیز یہ روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بھی مروی ہے، دیکھئے جامع بیان العلم وفضلہ ص:۱۰۱ رقم الحدیث: ۳۰۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کو سنائی، اور محمود نے حضرت انسؓ کو سنائی تو حضرت انسؓ نے فرمایا کہ: "فاعجبنی هذا الحديث فقلت لابنی اكتبه فكتبه."(۱)

۹- كتاب الصدقة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات سے کچھ پہلے ایک کتاب "کتاب الصدقة" لکھوائی تھی، جس میں مویشیوں کی زکوٰۃ اور عمروں کے مفصل اَحکام درج تھے، یہ آپ اپنے عاملوں کو بھیجنا چاہتے تھے، مگر آپ کا وصال ہوگیا، آپ کے بعد یہ کتاب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس رہی اور اس کے بعد حضرت عمرؓ کے پاس، دونوں نے اپنے اپنے دورِ خلافت میں اس پر عمل کیا اور کرایا، حضرت عمرؓ کے انتقال کے بعد یہ ان کی اولاد میں منتقل ہوتی رہی، یہاں تک کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے فاروقِ اعظمؓ کے پوتے حضرت سالمؒ سے اس کا نسخہ حاصل کیا اور یہ نسخہ انہوں نے ابن شہاب زہریؒ کو دیا، جبکہ ابنِ شہاب زہریؒ نے یہ پہلے سے حضرت سالمؒ سے پڑھ کر حفظ کیا ہوا تھا اور زہریؒ اسے اپنے سامنے رکھ کر درس دیا کرتے تھے، یہ سب تفصیل سننِ ابی داؤد اور جامع ترمذی کتاب الزکاۃ میں مذکور ہے۔(۲)

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے ایک کتاب "کتاب الصدقہ" حضرت انسؓ کو لکھوائی تھی، جس کے حوالے سے صحیح بخاری میں مسائلِ زکوٰۃ کی احادیث، کتاب الزکوٰۃ میں کئی جگہ آئی ہیں،(۳) ہوسکتا ہے کہ یہ کتاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مذکورہ بالا کتاب الصدقہ کی نقل ہو، کیونکہ سننِ ابوداؤد میں ہے کہ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر لگی ہوئی تھی۔(۴)

۱۰- صحیفہ عمرو بن حزمؓ

حضرت عمرو بن حزمؓ کو جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجران کا عامل بنا کر بھیجا تو ایک

---

(۱) صحيح مسلم، كتاب الايمان، باب الدليل على ان من مات على التوحيد دخل الجنة. ج:۱ ص:۴۶.

(۲) سنن ابی داوٗد ج:۱ ص:۲۲۷ وجامع الترمذی، باب ما جاء فی زكوٰة الابل والغنم ج:۱ ص:۱۳۵، ۱۳۶.

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: صحيح البخاری، كتاب الزكوٰة، رقم الحديث: ۱۴۴۸، ۱۴۵۰ تا ۱۴۵۵۔

(۴) سنن ابی داوٗد، كتاب الزكوٰة ج:۱ ص:۲۲۵ وفتح الباری، كتاب الزكوٰة رقم الحديث: ۱۴۵۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہدایت نامہ بھی ان کو دیا، جس میں نماز[۱]، زکوٰۃ و عشر، حج و عمرہ، جہاد، غنیمت اور جزیہ وغیرہ کے بہت سے اَحکام درج تھے۔[۲] انہوں نے اس کے مطابق عمل کیا اور اسے محفوظ رکھا، پھر وہ ان کی اولاد میں منتقل ہوتا رہا، یہاں تک کہ ان کے پوتے ابوبکر بن محمد سے اس کی نقل مشہور محدث ابنِ شہاب زہریؒ نے حاصل کی، جسے سامنے رکھ کر ابنِ شہاب زہریؒ درسِ حدیث دیا کرتے تھے، پھر اس صحیفے کی احادیث بعد میں تألیف ہونے والی کتب مثلاً: مؤطا امام مالک، مسندِ احمد، مسندِ دارمی، نسائی اور طبقاتِ ابنِ سعد وغیرہ میں شامل کرلی گئیں، حافظ ابنِ حجرؒ نے اس صحیفے کو "تلخیص الحبیر" میں خبرِ مشہور قرار دیا ہے۔[۳]

۱۱- عمرو بن حزمؓ کی ایک تألیف

انہوں نے نہ صرف مذکورہ صحیفہ کو محفوظ رکھا، بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیگر اکیس[۲۱] نوشتے جو مختلف قبائل کو لکھے گئے تھے، جمع کرکے ایک تألیف کی شکل دی، جسے عہدِ رسالت کی سیاسی و سرکاری تحریروں کا اَوّلین مجموعہ قرار دیا جاسکتا ہے، یہ تألیف ابنِ طولون کی کتاب "اعلام السائلین عن کتب سید المرسلین" کا ضمیمہ بنادی گئی ہے، جو چھپ چکی ہے، ابنِ طولون کی اس کتاب کا نسخہ بخطِ مؤلف دمشق کے کتب خانہ "المجمع العلمی" میں محفوظ ہے۔[۴]

۱۲- کئی اور صحیفے

ایسے کئی اور صحیفوں کا ذکر کتبِ سیر و حدیث میں ملتا ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

(۱) حافظ ابنِ عبدالبرؒ کے بیان کے مطابق اس میں صدقات، دیات، فرائض اورسنن کے اَحکام تھے۔ (جامع بیان العلم ص:۱۰۰) اس صحیفہ کی باقی سب تفصیلات مقدمہ صحیفہ ہمام بن منبہ سے اور "الوثائق السیاسیہ" سے مأخوذ ہیں۔ (از حضرت استاذنا المکرّم مدظلہم)

(۲) صحیفہ عمرو بن حزمؓ کے بارے میں مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: اسد الغابۃ ج:۴ ص:۲۲۸۔

(۳) حافظ ابنِ حجرؒ نے "تلخیص الحبیر" میں اس صحیفہ کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا: "روی عن عمرو بن حزم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کتب فی کتابہ الی اهل الیمن، وهو مشهور قد رواہ مالک والشافعی عنه، عن عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابیه: ان فی الکتاب الذی کتبه رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لعمرو بن حزم فی العقول ... الخ" ج:۴ ص:۱۳۱۵ رقم الحدیث:۱۶۸۸۔

(۴) الوثائق السیاسیۃ و مقدمہ صحیفہ ہمام بن منبہ ص:۵۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بحیثیتِ عامل (گورنر) بھیجتے وقت ان کو لکھوا کر دیئے، مثلاً: حضرت ابوہریرہ اور علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہما کو "هَجَر" کے مجوسیوں کی طرف بھیجتے وقت[1] اور معاذ بن جبلؓ و مالک بن مرارہؓ کو اہلِ یمن کی طرف بھیجتے وقت ایک ایک صحیفہ دیا تھا۔[2]

۱۳- نو مسلم وفود کے لئے صحائف

جو وفود مشرف باسلام ہوکر اپنے وطن واپس گئے، ان میں سے متعدد وفود کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلامی تعلیمات پر مشتمل تحریریں لکھ کر دیں تاکہ وہ اپنی قوم میں ان کی تبلیغ کریں۔ طبقاتِ ابنِ سعد (ذکر بعثة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرسل بکتبہ الی الملوک اور ذکر وفادات العرب) میں اس کی بہت سی مثالیں اور صحیفوں کے متون درج ہیں، مثلاً: حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ جب وطن جانے لگے تو ان کی درخواست پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تین نوشتے عطا فرمائے۔[3]

اسی طرح وفد عبدالقیس کی مدینہ منورہ آمد سے پہلے کا واقعہ ہے کہ اسی قبیلے کے ایک صاحب مُنقِذ بنُ حیّان رضی اللہ عنہ بغرضِ تجارت مدینہ آئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی برکت سے مشرف باسلام ہوگئے، واپسی کے وقت آپ نے ان کو تحریر عطا فرمائی جو اسلامی تعلیمات پر مشتمل تھی، تاکہ یہ اپنی قوم میں تبلیغ کریں، شروع میں تو اس خط کو انہوں نے چھپائے رکھا، پھر اپنے سسر کو جو قوم کے سردار تھے یہ تحریر دکھائی، وہ مشرف باسلام ہوگئے، پھر قوم کو بھی یہ خط سنایا تو وہ بھی مشرف باسلام ہوگئی، پھر اس قوم کا ایک وفد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینہ طیبہ میں حاضر ہوا، جو وفد عبدالقیس کے نام سے معروف ہے، اور جس کا ذکر

(۱) اس واقعہ کی مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: طبقاتِ ابنِ سعد ج:۱ جزء:۳ ص:۲۶۳، ذکر بعثة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرسل بکتبہ الی الملوک۔

(۲) طبقاتِ ابنِ سعد میں اس صحیفے کا متن یہ ہے: "وکتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی أهل الیمن کتابًا یخبرہم فیہ بشرائع الاسلام وفرائض الصدقة فی المواشی والاموال ویوصیہم بأصحابہ ورسلہ خیرا، وکان رسولہ الیہم معاذ بن جبل ومالک بن مرارة." ج:۱ جزء:۳ ص:۲۶۴۔

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: طبقاتِ ابنِ سعد ج:۱ جزء:۳ ص:۲۸۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صحیح بخاری و صحیح مسلم (کتاب الایمان) میں کافی تفصیل سے آیا ہے۔[۱]

۱۴- تبلیغی خطوط

۶ھ کے اواخر میں صلح حدیبیہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف ممالک اور قبائل کے سربراہوں کے نام تبلیغی خطوط روانہ کئے، روم، فارس، مصر اور حبشہ کے بادشاہوں کے نام بھی خطوط بھیجے، ان میں سے ہرقل (ہرکلیوس) قیصر روم کے نام خط کا پورا متن صحیح بخاری کے بالکل شروع میں "باب کیف کان بدء الوحی" میں مذکور ہے[۲]، ایسے خطوط کو طبقاتِ ابنِ سعد کے ایک باب میں یکجا کر دیا گیا ہے اور طبقاتِ ابنِ سعد میں ایسے ایک سو پانچ خطوط کا پورا متن مذکور ہے[۳]، بلکہ "الوثائق السیاسیة" میں ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے ایسی تقریباً دو سو پچاس تحریریں مع متن مستند حوالوں کے ساتھ نقل کی ہیں۔

ان میں سے بعض خطوط جو قیصرِ روم اور مقوقس حاکمِ مصر اور نجاشی شاہِ حبشہ کے نام بھیجے گئے تھے ان کے اصل نسخے دریافت ہو چکے ہیں، جو محفوظ ہیں اور ان کے فوٹو کراچی سے چھپ چکے ہیں، ان پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر بھی ثبت ہے، کسریٰ پرویز شاہِ فارس کے نام جو خط بھیجا گیا تھا اس کی اصل بھی چند سال پہلے مل گئی ہے، اس کا فوٹو اور مفصل رُوئیداد "البلاغ" میں چھپ چکی ہے، فوٹو میں تیسری سے دسویں سطر تک چاک ہونے کا نشان بھی صاف نظر آتا ہے۔

۱۵- سرکاری وثیقے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں بارہ لاکھ مربع میل کا علاقہ آپ کے زیرِ حکومت آ چکا تھا، اس کے انتظامات کے لئے آپ کو کس قدر تحریری کام کرانا پڑتا ہوگا اس کا اندازہ کرنا بہت مشکل نہیں، چند مثالیں یہ ہیں:-

---

(۱) یہ پوری تفصیل علامہ نوویؒ کی شرح صحیح مسلم اور مرقاۃ میں مذکور ہے اور اس میں یہ جملہ بھی ہے: "ومعه كتابه عليه الصلوٰة والسلام" ج:۱ ص:۱۲۸ کتاب الایمان، علاوہ ازیں وفد عبدالقیس کے بارے میں صحیح بخاری ج:۱ ص:۱۳، ج:۲ ص:۶۲۶ میں بھی تفصیل موجود ہے۔

(۲) صحیح البخاری رقم الحدیث:۶.

(۳) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: طبقاتِ ابنِ سعد، ذکر بعثة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرسل بکتبه الی الملوک..... الخ. ج:۱ جزء:۳ ص:۲۵۸ تا ۲۹۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- جنگی ہدایت

اس کی ایک مثال صحیح بخاری "کتاب العلم، باب ما یذکر فی المناولة" میں بھی ملتی ہے:۔

كتب لأمير السرية كتابا وقال لا تقرئه حتى تبلغ مكان كذا وكذا، فلما بلغ ذٰلك المكان قرأه على الناس، واخبرهم بامر النبي صلی اللہ علیہ وسلم.[1]

۲- امان نامے

بہت سے لوگوں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے امان نامے لکھوا کر دیئے جس کی ایک مثال سراقہ بن مالک کے واقعہ میں بیان ہو چکی ہے، مزید مثالیں طبقاتِ ابنِ سعد وغیرہ میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

۳- جاگیر نامے

بہت سے صحابہ کرام کو آپ نے جاگیریں عطا فرمائیں، اور ان کی دستاویزیں لکھوا کر انہیں دیں، مثلاً: ایک جاگیر نامہ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کو اور ایک حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا، اس کی اور بھی بہت سی مثالیں ہیں۔[2]

۴- تحریری معاہدے

ایسے معاہدوں کی تعداد بھی بہت ہے جو دوسری قوموں سے کرتے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قلمبند کرائے، مثلاً ہجرت کے پانچ ماہ بعد آس پاس کے قبائل سے آپ نے معاہدہ کیا تھا، جو باون ۵۲ دفعات پر مشتمل تھا،[3] اور "میثاقِ مدینہ" کے نام سے مشہور ہے، اسی طرح صلح حدیبیہ کے موقع پر جو معاہدہ لکھا گیا، سیرت اور حدیث کی تقریباً سب کتابوں میں اس کی تفصیلات موجود ہیں۔

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب العلم ج:۱ ص:۱۵۔

(۲) طبقاتِ ابنِ سعد ج:۱ جزء:۳ ص:۲۸۷، جو جاگیر نامہ حضرت زبیر بن العوامؓ کو عطا کیا گیا اس کا متن "طبقاتِ ابنِ سعد" میں یہ ہے: "بسم الله الرحمٰن الرحيم هذا كتاب من محمد رسول الله، للزبير بن العوام، انى اعطيته شواق اعلاهٗ واسفلهٗ، لا يحاقه فيه احد." ان کے علاوہ جن حضرات کو جاگیر نامے عطا کیے گئے ان میں سے دو یہ ہیں: جميل بن رزم العدوى اور حصين بن نضلة الاسدى، طبقاتِ ابنِ سعد ج:۱ جزء:۳ ص:۲۷۴۔

(۳) اس کے مفصل حوالے پیچھے آ چکے ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

خلاصہ اور ممانعتِ کتابت کی حقیقت

"کتاب الصدقة" سے یہاں تک جتنی مثالیں ذکر کی گئیں، ظاہر ہے کہ یہ سب احادیث تھیں، اور ان کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود املاء کرائی تھیں۔

ان تمام تاریخی شواہد کے ہوتے ہوئے یہ کیسے کہا جاسکتا ہے کہ عہدِ رسالت میں کتابتِ حدیث کی مطلقاً ممانعت تھی؟ بس سوائے اس کے چارہ نہیں کہ حضرت ابوسعید خدریؓ کی حدیث سے جو ممانعت معلوم ہوتی ہے اسے کسی خاص صورت پر محمول کیا جائے، اور وہ یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض صحابہ کرام کو قرآن و حدیث ایک چیز پر لکھنے کی ممانعت فرمائی تھی، تاکہ التباسِ حدیث بالقرآن لازم نہ آئے، اس کی تائید مجمع الزوائد کی اس روایت سے ہوتی ہے جو خود حضرت ابوسعید خدریؓ ہی سے منقول ہے، فرماتے ہیں کہ: ہم جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنتے تھے، لکھتے جاتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے تو پوچھا: تم یہ کیا لکھ رہے ہو؟ ہم نے عرض کیا:

ما نسمع منک! فقال أكتابٌ مع كِتابِ الله؟ امحَضوا كتابَ الله وخلِّصوهُ.[1]

چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے جو کچھ لکھا تھا آگ میں جلا دیا، اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صراحۃً "كتابٌ مع كتاب الله" پر نکیر فرمائی جو معیت کے ساتھ مقید ہے، اور کتاب اللہ کو خالص لکھنے کی تاکید فرمائی، معلوم ہوا کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی جو روایت امام مسلم نے ذکر فرمائی، مختصر ہے، اور مفصل روایت وہ ہے جو مجمع الزوائد کے حوالے سے یہاں نقل کی گئی، پس مسلم کی روایت کو مجمع الزوائد کی روایت سے الگ کر کے سمجھنے کی کوشش ایسی ہی مضحکہ خیز ہے جیسے "لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ" کو "وَاَنْتُمْ سُكٰرٰی" سے الگ کر کے سمجھنے کی کوشش۔

عہدِ صحابہ میں کتابتِ حدیث

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دور میں کتابتِ حدیث کا کام اور بھی زیادہ وسعت اور تیزی کے ساتھ ہوا، اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک بڑی جماعت نے یہ خدمت انجام دی،

(۱) مجمع الزوائد ج:۱ ص:۱۵۱ وكذا في مسند احمد برواية ابي هريرة رضي الله عنه ج:۳ ص:۱۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس دور میں حدیث کی انفرادی کتابت کے علاوہ یہ صورت بھی بکثرت جاری رہی کہ بذریعہ خط و کتابت صحابہؓ نے ایک دوسرے کو یا بعض تابعین کو احادیث لکھ کر بھیجیں، صحیح مسلم میں ایسے کئی واقعات مذکور ہیں۔

مثلاً: حضرت مغیرۃ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے اَحکامِ شرعیہ سے متعلق کئی احادیث حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو لکھ کر بھیجیں، مثلاً ملاحظہ ہو: مسلم شریف جلد اول۔[۱]

مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ حضرت معاویہؓ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو لکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے خود سنی ہوئی کوئی حدیث مجھے لکھ کر بھیجیں، جواب میں حضرت عائشہؓ نے ایک حدیث لکھ کر بھیجی۔[۲]

اس طرح کی بیسیوں مثالیں اُس دور میں ملتی ہیں، علاوہ ازیں اس دور میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حدیث کی متعدد کتابیں تالیف فرمائی ہیں۔

روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے عہدِ رسالت میں احادیث حفظ تو کر لی تھیں، لکھی نہیں تھیں، مگر عہدِ صحابہ میں انہوں نے بھی اپنی تمام مرویات خود لکھ کر یا کسی سے لکھوا کر محفوظ کر لی تھیں۔ چنانچہ ایک مرتبہ ان کے ایک شاگرد حسن بن عمرو نے ان کو ایک حدیث سنائی اور کہا کہ یہ حدیث میں نے آپ سے سنی ہے، تو ابوہریرہؓ نے فرمایا:-

اِنْ کُنتَ سَمِعتَه مِنّی فَھُوَ مَکْتُوبٌ عِندِیْ.

یہ شاگرد فرماتے ہیں:-

فَاَخذَ بِیدِی اِلٰی بیته فأرَانَا کُتُبًا کثیرةً من حدیث رسول الله صلی الله علیه وسلم فَوَجدَ ذٰلک الحدیث، فقال: قد اخبرتک اَنّی اِنْ کُنتُ حَدَّثْتُک بِهٖ فَهُوَ مَکْتُوبٌ عِندِیْ.[۳]

---

(۱) صحیح مسلم میں روایت ہے کہ: "عن ورّاد مولٰی المغیرة بن شعبة، قال: کتب معاویة الی المغیرة: اکتب الیّ بشیء سمعته من رسول الله صلی الله علیه وسلم، قال: فکتب الیه: "سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: اذا قضی الصلٰوة لا اله الا الله وحدهٗ لا شریک لهٗ له الملک وله الحمد وهو علٰی کل شیءٍ قدیر اللّٰهم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منک الجد." (الحدیث) باب استحباب الذکر بعد الصلٰوة وبیان صفته، رقم الحدیث: ۱۳۳۸۔

(۲) مشکوٰۃ کتاب الآداب ج:۲ ص:۴۳۵ باب الظلم۔

(۳) جامع بیان العلم وفضله، باب ذکر الرُّخصة فی کتابة العلم، رقم الحدیث: ۳۳۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

معلوم ہوا کہ انہوں نے اپنی ساری مرویات لکھ کر یا لکھوا کر محفوظ کرلی تھیں۔

نیز ان کی روایت کی ہوئی احادیث کے مجموعے متعدد حضرات نے ان سے سن کر لکھے، چونکہ یہ حضرت ابوہریرہؓ کے املاء کردہ ہیں، اس لئے درحقیقت یہ بھی انہی کی تالیف قرار دی جائیں گی، اس طرح آپ کی کئی تالیفات جو اس دور میں تیار ہوئیں، یہ ہیں:-

حضرت ابوہریرہؓ کی دیگر تالیفات

۱- پیچھے بیان ہوا ہے کہ مروان بن الحکم نے آپ سے سنی ہوئی احادیث پردے کے پیچھے کاتب کو بٹھا کر لکھوائی تھیں، اور اگلے سال اس تحریر کا مقابلہ کرکے اسے اور بھی موثّق کرلیا تھا۔

۲- حضرت ابوہریرہؓ کے شاگرد بشیر بن نہیک کا بیان ہے کہ میں ابوہریرہؓ سے جو کچھ سنتا تھا لکھ لیتا تھا، جب میں نے رُخصت ہونے کا ارادہ کیا تو اپنی لکھی ہوئی کتاب ان کے پاس لایا اور ان سے کہا کہ: یہ وہی (حدیثیں) ہیں ناں جو میں نے آپ سے سنی ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: نعم۔[1]

۳- الصحیفۃُ الصحیحۃ (صحیفہ ہمّام بن منبہؒ)

یہ صحیفہ حضرت ابوہریرہؓ[2] نے اپنے شاگرد ہمام بن منبہ[3] کو املاء کرایا تھا، اس میں تقریباً ڈیڑھ سو[5] حدیثیں تھیں، اس صحیفے کی احادیث کو امام احمد رحمہ اللہ نے اپنی مسند میں بعینہٖ جوں کا توں اُسی ترتیب سے نقل فرمالیا جس ترتیب سے اس صحیفے میں تھیں، اور امام بخاریؒ و مسلمؒ وغیرہما نے اپنی کتابوں میں اپنی اپنی ترتیب کے مطابق ان احادیث کو متفرق مقامات پر نقل کردیا ہے۔ لہٰذا اس صحیفے کا الگ درس و تدریس کا وہ رواج و اہتمام باقی نہ رہا جو ان کتابوں کی تالیف سے پہلے تھا، یہ صحیفہ صدیوں سے نایاب تھا، مگر ۱۳۷۳ھ مطابق ۱۹۵۴ء میں اس کے صدیوں پُرانے دو قلمی نسخے دستیاب ہوگئے، ایک نسخہ برلن جرمنی کے کتب خانے سے اور ایک دمشق کے کتب خانے سے دستیاب ہوا، اسے بڑی تحقیق کے ساتھ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے شائع کرایا، یہ دونوں نسخے مشہور محدث عبدالرزاق کے شاگرد ابوالحسن السلمی کی روایت سے نسلاً بعد نسلٍ صدیوں

---

(۱) جامع بیان العلم وفضلہ، باب ذکر الرخصۃ فی کتابۃ العلم رقم الحدیث: ۳۱۳. وایضًا فی سنن الدارمی، باب من رخص فی کتابۃ العلم رقم الحدیث: ۵۰۰.

(۲) حضرت ابوہریرہؓ کی وفات ۵۹ھ میں ہوئی (ملاحظہ ہو مقدمہ صحیفہ ہمام بن منبہ کا حاشیہ بحوالہ طبقات ابنِ سعد ج:۴ حصہ:۲ ص:۶۴)۔

(۳) ان کی وفات ۱۰۱ھ یا ۱۰۲ھ میں ہوئی (مقدمہ صحیفہ ہمام بن منبہ بحوالہ طبقات ابنِ سعد)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تک درس و تدریس کے ذریعے منتقل ہوتے رہے۔ اب تک دستیاب ہونے والی قدیم کتبِ حدیث میں یہ سب سے قدیم کتاب ہے اور ابوہریرہؓ جیسے صحابی کی براہِ راست تألیف ہے۔

۴- حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے والد عبدالعزیز جو مصر کے گورنر تھے، انہوں نے کثیر بن مرۃ کو لکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کی جو احادیث ہوں ہمیں لکھ بھیجو "الا حدیث ابی هريرة فانه عندنا" اس سے معلوم ہوا کہ حضرت ابوہریرہؓ کی تمام مرویات لکھی ہوئی عبدالعزیز کے پاس محفوظ تھیں۔(۱)

۵- ہمام بن منبہؒ کے بھائی وہب بن منبہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہؓ نے مجھے اپنی کتابیں دکھائیں۔(۲)

حضرت ابوبکرؓ صدیق کی کتاب الصدقة

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جب اپنے دورِ خلافت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کو تحصیلِ زکوٰۃ کے لئے بحرین روانہ کیا تو ان کو ایک "کتاب الصدقة" لکھ کر حوالے کی، یہ اُن احادیثِ نبوّیہ پر مشتمل تھی جن میں مختلف قسم کے اَموال کا نصاب اور متعلقہ اَحکام تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں، صحیح بخاری میں اس کے اقتباسات کتاب الزکوٰۃ کے متفرق ابواب میں آئے ہیں۔(۳)

صحیفۂ جابر رضی اللہ عنہ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ایک صحیفہ تألیف کیا تھا جس میں حج سے متعلق احادیث تھیں، حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ مجھے سورۂ بقرہ کے مقابلہ میں صحیفۂ جابر زیادہ یاد ہے،(۴) انہوں نے وہب بن منبہ کو بھی احادیث املاء کرائی تھیں، سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے بھی ان کے صحیفے سے احادیث روایت کی ہیں، ان کے اور بھی متعدد شاگردوں نے اس صحیفے کی روایت کی ہے۔(۵)

---

(۱) طبقاتِ ابنِ سعد ج:۳ جزء:۲۸ ص:۴۴۸ فی تذکرة کثیر بن مرة الحضرمی، وکذا فی تهذیب التهذیب ج:۴ ص:۵۶۳ وکذا فی تهذیب الکمال للمزی ج:۲۴ ص:۱۶۰۔

(۲) مقدمہ صحیفہ ہمام بن منبہؒ ص:۱۷۔

(۳) اس کا ذکر پیچھے آچکا ہے اور اس کے مفصل حوالے بھی وہیں درج ہیں۔

(۴) تهذیب التهذیب ج:۴ ص:۵۱۸ فی ذکر قتادة بن دعامة نیز تهذیب التهذیب میں امام احمدؒ کا یہ مقولہ بھی منقول ہے کہ: "کان قتادة احفظ من اهل البصرة لم یسمع شیئًا الّا حفظه وقرئ علیه صحیفة جابر مرة واحدة فحفظها." ج:۴ ص:۵۱۹۔

(۵) تهذیب التهذیب لابن حجر.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ونقل ابن عبدالبر فی جامع بیان العلم عن الربیع بن سعد قال:
رأیت جابرًا یکتب عند ابن سابط فی الواح.(۱)

رسالةُ سَمُرة بن جُندُب رضی اللّٰہ عنه

حضرت سمرة بن جندبؓ نے بھی احادیث کا ایک مجموعہ تألیف کیا تھا، جسے حافظ ابن حجرؒ نے ''تھذیب التھذیب'' میں ''نسخةٌ کبیرةٌ'' سے تعبیر کیا ہے اور مشہور تابعی محمد بن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ ''فیه علمٌ کثیر'' اس رسالے کی روایت ان کے صاحبزادے سلیمان نے کی ہے۔(۲)

رسالۃ سعد بن عُبادة رضی اللّٰہ عنہ

انہوں نے بھی ایک ''کتاب'' تألیف فرمائی تھی، جس کی روایت ان کے صاحبزادے نے کی ہے، اس کتاب کی ایک حدیث ترمذی نے بھی نقل کی ہے۔(۳)

حضرت براء بن عازبؓ کا اِملاءِ احادیث

عن عبداللّٰہ بن خنیس (یا حنش) قال: رأیتھم عند البراء یکتبون علٰی ایدیھم بالقصب.(۴)

رسالۃ ابن مسعود رضی اللّٰہ عنہ

عن معن قال: اخرج الیَّ عبدالرحمٰن بن عبداللّٰہ بن مسعود کتابًا وحلف لی انه خط ابیه بیده.(۵)

حضرت ابن عباسؓ کی تألیفات

۱- ترمذی نے ''کتاب العلل'' میں روایت کی ہے کہ ابن عباسؓ کے پاس طائف کے کچھ

---

(۱) باب ذکر الرخصة فی کتابة العلم رقم الحدیث: ۳۰۹۔

(۲) تھذیب التھذیب ج:۴ ص: ۱۹۸ فی ذکر سلیمان بن سمرة.

(۳) دیکھئے: جامع ترمذی، باب ما جاء فی الیمین مع الشاھد، کتاب الاحکام ج:۱ ص:۲۴۹۔ (از حضرت استاذنا المکرّم مدظلہم)۔

(۴) جامع بیان العلم باب ذکر الرُخصة فی کتابة العلم رقم الحدیث: ۳۱۸ وایضًا مصنف ابن ابی شیبة رقم الحدیث: ۶۴۸۹، وسنن الدارمی ج:۱ باب:۴۳.

(۵) جامع بیان العلم رقم الحدیث: ۳۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لوگ آئے اور ان سے احادیث سنانے کی درخواست کی، آپ نے انہیں احادیث املاء کرائیں۔(۱)

۲- عن سعید بن جبیر انه كان مع ابن عباس فيسمع منه الحديث فيكتبه في واسطة الرحل فاذا نزل نسخه.(۲)

۳- طبقاتِ ابنِ سعد کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنے انتقال کے وقت اتنی کتابیں چھوڑیں کہ وہ اُونٹ پر لادی جاسکتی تھیں۔(۳)

۴- ایسی بھی کئی مثالیں کتبِ حدیث میں ملتی ہیں کہ ابن عباسؓ نے دوسرے شہروں میں بعض حضرات کو احادیث بذریعۂ خط بھیجیں۔(۴)

نیز اپنے شاگردوں کو لکھنے کی تلقین فرماتے تھے:-

عن يحيٰى بن ابى كثير قال ابن عباس: قيدوا العلم بالكتاب.(۵)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث کی کتابت

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث بھی لکھی ہوئی موجود تھیں، ان کے شاگرد نافع ہیں جن کی روایت امام مالک، عن نافع عن ابن عمر بکثرت کرتے ہیں اور اس سند کو محدثین "سلسلة الذهب" کہتے ہیں۔ نافع کے ایک شاگرد سلیمان بن موسیٰ کا بیان ہے کہ:-

انه رأى نافعًا مَولى ابنِ عُمَرَ يُملي علمَه، ويُكتَبُ بين يديه.(۶)

---

(۱) اس کا مفصل حوالہ پیچھے آچکا ہے۔

(۲) جامع بيان العلم رقم الحديث: ۳۱۵، وأيضًا سنن الدارمي باب من رخص في كتابة العلم رقم الحديث: ۵۰۵ و مصنف ابن ابى شيبة رقم الحديث: ۶۴۸۵.

(۳) اس کا مفصل حوالہ پیچھے آچکا ہے۔

(۴) اس کی ایک مثال صحیح مسلم میں یہ ہے: "عن يزيد بن هرمز ان نجدة كتب الى ابن عباس يسأله عن خمس خلال فكتب اليه ابن عباس كتبت تسألني هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يغزو بالنساء وقد كان يغزو بهن فيداوين الجرحى ويُحذَين من الغنيمة وأما بسهمٍ فلم يضرب لهن، وان رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يكن يقتل الصبيان فلا تقتل الصبيان." (باب النساء الغازيات يرضخ لهن ولا يسهم ..... الخ. ج:۲ ص:۱۱۶، ۱۱۷۔

(۵) جامع بيان العلم، باب ذكر الرخصة في كتابة العلم رقم الحديث: ۳۰۹.

(۶) سنن الدارمي ج:۱ باب:۴۳ رقم الحديث: ۵۱۳.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

معلوم ہوا کہ نافع کے پاس ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایات احادیث لکھی ہوئی موجود تھیں، جن کی نقل نافع نے املاء کر کے تیار کروائی۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

حضرت عائشہؓ کے بارے میں یہ تو معلوم نہیں کہ انہوں نے خود بھی احادیث کا کوئی مجموعہ تالیف فرمایا تھا یا نہیں؟ لیکن آپ وقتاً فوقتاً لوگوں کی فرمائش پر ان کو حدیثیں لکھ کر بھیجتی رہی ہیں[۱]، ان کی شاگرد عَـمْـرة بنت عبدالرحمٰن کے پاس جن کی پرورش انہوں نے بچپن سے کی تھی، حضرت عائشہؓ کی روایت کردہ حدیثیں محفوظ تھیں[۲] چنانچہ عمر بن عبدالعزیزؒ نے جب سرکاری طور پر تدوینِ حدیث کا کام شروع فرمایا تو مدینے کے حاکم ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم کو لکھا کہ عمرة بنت عبدالرحمٰن اور قاسم بن محمد کے پاس حضرت عائشہ کی جو احادیث ہیں ہمیں لکھ کر بھیجو[۳]، نیز حضرت عائشہ کے بھانجے اور خاص شاگرد حضرت عُروۃؓ نے بھی احادیث کی کئی کتابیں لکھی تھیں، جو بظاہر انہی سے مروی ہوں گی، مگر یومِ حَرّہ میں ضائع ہوگئیں، جس پر وہ فرمایا کرتے تھے:۔

وَدِدتُّ لو انَّ عندی کتبی بأهلی ومالی.[۴]

حضرت مغیرۃ بن شعبہؓ

صحیح مسلم اور دیگر کتبِ حدیث میں کئی مثالیں ملتی ہیں کہ حضرت معاویہؓ نے ان کو لکھا کہ مجھے حدیثِ نبوی لکھ کر بھیجو، اور مغیرۃ بن شعبہؓ نے اپنے کاتب ''وَرّاد'' سے احادیث لکھوا کر ان کو بھیجیں۔[۵]

---

(۱) مثلاً ایک حدیث حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو ان کی درخواست پر لکھ کر بھیجی تھی، ملاحظہ ہو مشکوٰۃ مع مرقاۃ ج:۲ باب العلم، کتاب الآداب۔

(۲) تهذيب التهذيب ج:۱۲ ص:۴۳۹ فی ذکر عمرة بنت عبدالرحمٰنؒ.

(۳) تهذيب التهذيب ج:۱۲ ص:۳۹ فی ذکر ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم الانصاریؒ.

(۴) السنة قبل التدوين ص: ۳۵۴ بحوالہ "الكفاية" ص: ۲۰۵ وجامع بيان العلم رقم الحديث: ۳۳۶ (من الاستاذ مدظلهم)۔

(۵) اس کی تفصیل کے لئے بھی میری کتاب ''کتابتِ حدیث عہدِ رسالت و عہدِ صحابہ میں'' کی مراجعت کی جائے۔ رفیع۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور کتابتِ حدیث

حضرت فاروقِ اعظمؓ نے ایک وقف نامہ عہدِ رسالت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مشورے سے تحریر فرمایا تھا،(۱) اور پیچھے آچکا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر حیات میں جو "کتاب الصدقة" لکھوائی تھی، وہ آپ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس رہی، اور ان کے انتقال کے بعد فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے پاس رہی، نیز فاروقِ اعظمؓ نے بھی ایک "کتاب الصدقة" اپنے دورِ خلافت میں لکھی تھی، جس کا متن امام مالکؒ نے مؤطا میں نقل کیا ہے۔

نیز صحیح مسلم میں ہے کہ فاروقِ اعظمؓ نے آذربیجان میں اپنے سپہ سالار "عُتبہ" کو ایک فرمان بھیجا جس میں ایک حدیث لکھ کر بھیجی تھی، اس کا متن بھی صحیح مسلم جلد ثانی میں منقول ہے، اور جامع ترمذی کی روایت ہے کہ آپ نے حضرت ابوعبیدہؓ کو بھی ایک حدیث لکھ کر بھیجی تھی، ان تمام واقعات کی تفصیل مکمل حوالوں کے ساتھ میری کتاب "کتابتِ حدیث عہدِ رسالت اور عہدِ صحابہ میں" میں دیکھی جاسکتی ہے۔

نیز آپ نے ایک ضخیم مجموعۂ احادیث بھی لکھنے کا ارادہ کیا تھا، حافظ ابنِ عبدالبر رحمہ اللہ نے یہ واقعہ تفصیل سے سند کے ساتھ نقل کیا ہے، جس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد بھی منقول ہے:-

إني كنتُ أريد أن أكتب السنن وأني ذكرت قوما كانوا قبلكم كتبوا كتبا فاكبّوا عليها وتركوا كتاب الله وإني والله لا أشوبُ كتاب الله بشيء ابدًا.

اسی واقعہ میں تحریر ہے کہ انہوں نے صحابہ کرامؓ سے مشورہ کیا، ان سب نے لکھنے کا مشورہ دیا، پھر آپ ایک ماہ تک استخارہ کرتے رہے، پھر مذکورہ بالا ارشاد فرمایا۔(۲)

منکرینِ حدیث اس واقعہ سے دو نتیجے نکالتے ہیں:-

---

(۱) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقف نامہ کا ذکر صحیح مسلم ج:۲ ص:۴۱ باب الوقف میں بھی ہے جس کے آخر میں حضرت ابنِ عونؒ کا یہ قول مذکور ہے: "وانبانی من قرأ هذا الكتاب الخ."

(۲) جامع بيان العلم لابن عبدالبر، باب ذكر كراهية كتابة العلم رقم الحديث: ۲۷۲ وكذا في مصنف عبدالرزاق، باب كتاب العلم رقم الحديث: ۲۰۴۸۴.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- فاروقِ اعظمؓ کے نزدیک احادیث حجت نہیں تھیں۔
۲- وہ احادیث لکھنے کو جائز نہیں سمجھتے تھے۔

مگر پہلا نتیجہ اس لئے غلط ہے کہ فاروقِ اعظمؓ کی پوری زندگی شاہدِ عدل ہے کہ حدیث کی اتباع کو یہ جزءِ ایمان سمجھتے تھے، پورے دورِ خلافت میں جب کوئی نیا قضیہ پیش آتا اور قرآنِ کریم میں اس کا صریح حکم نہ ملتا، تو صحابہ کرامؓ سے اس کے بارے میں حدیث دریافت کرتے، مل جاتی تو اس کے مطابق فیصلہ فرماتے، اور بسا اوقات راوی سے گواہ بھی طلب فرماتے تھے۔ اگر حدیث ان کے نزدیک حجت نہ ہوتی تو خود بھی روایتِ حدیث نہ کرتے، حالانکہ ان کی مرویات، طرق کی تعداد نکال کر دو سو سے زیادہ ہیں۔

اور دوسرا نتیجہ اس لئے غلط ہے کہ اُوپر معلوم ہو چکا ہے کہ حضرت عمرؓ نے خود حدیثیں لکھی ہیں، نیز صحابہ کرامؓ کی ایک بڑی تعداد، جیسا کہ پیچھے معلوم ہو چکا ہے، احادیث لکھتی چلی آرہی تھی اور کسی قابلِ اعتماد روایت سے ثابت نہیں کہ حضرت عمرؓ نے ان کو منع فرمایا ہو، بلکہ اس کے برعکس جامع بیان العلم (ج:۱ ص:۷۲) میں ابنِ عبدالبرؒ نے اپنی سند سے حضرت عمرؓ کا یہ ارشاد روایت کیا ہے کہ: "قیدوا العلم بالکتاب."(۱)

البتہ بعض روایتیں ایسی ملتی ہیں کہ انہوں نے اِکثار فی الحدیث سے صحابہ کرامؓ کو سختی سے منع فرمایا، ایک روایت میں ہے کہ آپ نے لوگوں سے فرمایا کہ: تم نے جو احادیث لکھی ہیں وہ سب میرے پاس لاؤ، پھر منگوا کر انہیں جلا دیا، نیز اپنا فرمان دوسرے بلادِ اسلامیہ میں بھیجا کہ جس کے پاس کچھ ہو تو وہ مٹا دے،(۲) مگر ان سب روایات کو محدثین نے مشتبہ قرار دیا ہے اور ان کے راویوں پر جرح کی ہے۔(۳)

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر ان روایات کو مان لیا جائے، تب بھی یہ ممانعت اِکثار فی الحدیث کی تھی، تاکہ لوگ بے احتیاطی سے روایت نہ کریں اور رطب و یابس نہ لکھ ڈالیں۔(۴)

---

(۱) أيضًا في سنن الدارمي باب من رخص في كتابة العلم رقم الحديث: ۵۰۳ وكذا في المستدرك للحاكم ج:۱ ص:۱۸۸ رقم الحديث: ۳۶۰.

(۲) جامع بيان العلم وفضله باب ذكر كراهية كتابة العلم رقم الحديث: ۲۷۴.

(۳) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: تدوینِ حدیث ص:۳۳۹ از مولانا مناظر احسن گیلانیؒ۔

(۴) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: جامع بيان العلم وفضله ص:۹۶ باب ذكر كراهية كتابة العلم.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور خود کتابی شکل میں کوئی مجموعۂ احادیث تالیف کرنے میں یہ خطرہ تھا کہ اس وقت تک قرآن شریف کا سرکاری نسخہ صرف ایک تھا، اگر حضرت عمرؓ احادیث کا مجموعہ بھی تالیف فرمادیتے تو خطرہ تھا کہ رفتہ رفتہ لوگ اسے بھی قطعی سمجھ کر قرآن کا درجہ دے دیتے، چنانچہ یہاں حضرت عمرؓ کے یہ الفاظ کہ: "وانی واللہ لا اشوبُ کتابَ اللہ بشیء ابدًا" اس میں صریح ہیں کہ خود لکھنے میں التباس القراٰن بالحدیث لازم آتا تھا، یہ خوف دوسروں کے لکھنے میں نہ تھا، اسی لئے ان کو منع نہیں فرمایا۔ ان واقعات سے یہ نتیجہ نکالنا کہ "حضرت عمرؓ حجیتِ حدیث اور اس کی روایت و کتابت کو جائز نہ سمجھتے تھے" اس لئے بھی غلط ہے کہ خود حضرت عمرؓ کا ارشاد "ازالۃ الخفاء" میں حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے نقل فرمایا ہے: "انہ سیکون قومٌ یکذبون بالرجم والدجال والشفاعۃ وعذاب القبر وبقوم یخرجون من النار بعد ما امتحشوا۔"(۱)

ظاہر ہے کہ یہ سب باتیں حدیث ہی سے ثابت ہوئی ہیں، قرآن کریم میں ان کی کہیں صراحت نہیں ہے، معلوم ہوا کہ حضرت عمرؓ ان سب چیزوں کا عقیدہ بھی رکھتے تھے اور اس خوف سے فکرمند تھے کہ لوگ کہیں ان کا انکار نہ کرنے لگیں۔

نیز ایک مرتبہ آپ نے لوگوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث سنائی اور فرمایا:-

فَمَن عقلھا ووعاھا فلْیحدث بھا حیث انتھتْ بہٖ راحلتہٗ، ومَن خَشیَ اَن لا یعقِلھا فلا اُحلّ لأحدٍ ان یّکذِب عليَّ.(۲)

حضرت علیؓ اور کتابتِ حدیث

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا عمل بھی کتابت و روایتِ حدیث کے بارے میں وہی رہا جو حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کا تھا، پھر بعد میں فتنۂ سبائیت اور فتنۂ خارجیت کی وجہ سے جب جھوٹی احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کی جانے لگیں اور باطل فرقوں نے وضعِ حدیث کا کام شروع کردیا اور وہ صحابہ کرامؓ کی مذمت کرنے لگے، تو حضرت علیؓ نے احادیثِ صحیحہ کی روایت و کتابت اور تبلیغ نہایت اہتمام سے فرمائی، خصوصاً ان روایات کو زیادہ پھیلایا جو فضائلِ صحابہ سے متعلق تھیں، آپ برسرِ منبر اعلان فرماتے کہ: "مَن یشتری منّی علمًا بدرھمٍ؟" (کون ہے جو مجھ سے ایک درہم کے عوض علم خریدے؟) یعنی کون ہے جو ایک درہم کا

(۱) ازالۃ الخفاء ج:۲ ص:۲۱۵ (توسط فاروقِ اعظمؓ در تبلیغِ حدیث)۔

(۲) صحیح البخاری ج:۲ ص:۱۰۰۹، کتاب المحاربین باب رجم الحُبلٰی من الزنا اذا احصنت۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کاغذ خرید لائے تا کہ میں اس کو حدیثیں اِملاء کروادوں؟

چنانچہ لوگ آپ سے سن کر احادیث لکھتے، حارث اعور نے بھی اسی طرح آپ کی مرویات کا ایک مجموعہ لکھ لیا تھا اور حضرت علیؓ کو دکھایا تھا۔(۱)

نیز حضرت علیؓ کی روایات کے تین اور مجموعوں کا پتہ چلتا ہے، ایک مجموعہ حُجر بن عَدِیؓ کے پاس تھا،(۲) ایک مجموعہ حضرت علیؓ کے صاحبزادے محمد بن الحنفیہ کے پاس تھا،(۳) اور ایک مجموعہ امام جعفر صادقؒ کے پاس تھا۔(۴)

عہدِ صحابہ میں کتابتِ حدیث کی کچھ اور مثالیں

۱- حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ ایک حدیث صحیح بخاری کتاب الجہاد "باب لا تمنوا لقاء العدو" میں مذکور ہے، جو انہوں نے عمر بن عبیداللہ کو لکھ کر بھیجی تھی(۵) (صحیح مسلم و سنن ابی داؤد میں بھی یہ روایت مذکور ہے)۔(۶)

۲- صحیح مسلم جلد اوّل میں ہے کہ حضرت ابوسلمہ فرماتے ہیں: "کتبت من فیھا کتابا" فیھا کی ضمیر حضرت فاطمہ بنت قیسؓ کی طرف راجع ہے، اس سے معلوم ہوا کہ فاطمہ بنت قیسؓ سے انہوں نے احادیث سن کر اسی وقت لکھی تھیں۔(۷)

۳- حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ نے اپنے صاحبزادے عبیداللہ کو خط میں ایک حدیث لکھ کر سجستان بھیجی تھی۔(۸)

---

(۱) طبقاتِ ابنِ سعد ج:۶ جزء:۲۲ ص:۱۶۸ فی تذکرۃ حارث الاعورؒ۔

(۲) طبقاتِ ابنِ سعد ج:۶ جزء:۲۲ ص:۲۲۰ فی تذکرۃ حجر بن عدیؓ۔

(۳) تدوینِ حدیث از مولانا مناظر احسن گیلانیؒ۔

(۴) تھذیب التھذیب ج:۱ ص:۴۴۵ فی تذکرۃ جعفر بن محمد الصادقؒ۔

(۵) ج:۱ ص:۴۲۴، ۴۲۵ رقم الحدیث:۳۰۲۴۔

(۶) صحیح مسلم، کتاب الجھاد والسیر، باب کراھیۃ تمنی لقاء العدو .... الخ. رقم الحدیث: ۴۳۰۵ وسنن ابی داؤد کتاب الجھاد، باب فی کراھیۃ تمنی لقاء العدو رقم الحدیث:۲۵۱۶۔

(۷) کتاب الطّلاق باب المطلّقۃ البائن لا نفقۃ لھا رقم الحدیث: ۳۵۸۹۔

(۸) صحیح البخاری جلد دوم میں یہ واقعہ اس طرح آیا ہے: "کتب ابوبکرۃ الی ابنہ وکان بسجستان ان لا تقض بین اثنین وانت غضبان، فانی سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول: لا یقضِیَنَّ حَکَمٌ بین اثنین وھو غضبان." کتاب الأحکام باب ھل یقضی الحاکم او یفتی وھو غضبان؟ رقم الحدیث: ۷۱۵۸، وأیضًا فی صحیح مسلم باب کراھۃ قضاء القاضی وھو غضبان رقم الحدیث: ۴۳۵۱ وأیضًا فی سنن ابی داؤد کتاب القضاء باب القاضی یقضی وھو غضبان رقم الحدیث: ۳۵۸۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے دور میں سرکاری طور پر تدوینِ حدیث

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۱ھ) نے سرکاری طور پر تدوینِ حدیث کا کام اہتمام سے شروع فرمایا اور مدینہ منورہ کے حاکم ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم کو یہ فرمان بھیجا:-

انظُر ما كان من حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم فاكتُبْهُ فَانِّي خِفتُ دُرُوْسَ العلمِ وذهَابَ العُلَمَاءِ.(۱)

ابونعیم اِصفہانی رحمہ اللہ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی مضمون کا فرمان تمام بلادِ اسلامیہ کے حکام کو بھیجا تھا، ان بلاد سے احادیث کے مجموعے تیار ہوکر دارالخلافہ دمشق آئے اور عمر بن عبدالعزیزؒ نے یہاں اُن کی نقلیں تیار کرا کے اسلامی خلافت کے گوشہ گوشہ میں بھیجیں، اس کام میں حضرت ابن شہاب زہری رحمہ اللہ نے سب سے زیادہ حصہ لیا، چنانچہ پہلی صدی کے اَوَاخر میں مندرجہ ذیل کتبِ حدیث وجود میں آچکی تھیں:-

۱- کتب ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزمؒ

انہوں نے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے حکم پر کئی کتابیں جمع فرمائی تھیں، لیکن دمشق بھیجنے نہ پائے تھے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا انتقال ہوگیا۔(۲)

۲- رسالۃ سالم بن عبداللہ فی الصدقات

یہ بھی حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی فرمائش پر لکھا گیا۔(۳)

۳- دفاتر الزهری

حضرت ابن شہاب زہریؒ نے بھی اپنی تمام مسموع احادیث کئی دفاتر (رجسٹروں) میں جمع کیں، اور ان کی نقلیں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے تمام ایسے بلادِ اسلامیہ میں بھیجیں جہاں

---

(۱) صحیح البخاری، باب کیف یقبض العلم، کتاب العلم رقم الحدیث: ۱۰۰ باب: ۳۴.

(۲) التمهيد لابن عبدالبر لما في المؤطا من المعاني والاسانيد للامام الحافظ ابن عبدالبر ج: ۱ ص: ۸۰، ۸۱.

(۳) تاریخ الخلفاء للسیوطیؒ ص: ۱۷۷ فی تذکرۃ عمر بن عبدالعزیزؒ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کوئی مسلمان حاکم ان کی طرف سے مقرر تھا۔[۱]

۴- کتاب السنن لمکحولؒ

بہ ظاہر یہ کتاب بھی حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی فرمائش پر تألیف کی گئی ہے، کیونکہ مکحول عمر بن عبدالعزیزؒ کے زمانہ میں قاضی تھے اور ان کی دو کتابیں مشہور ہیں: ۱- کتاب السنن فی الفقه. ۲- کتاب المسائل فی الفقه.[۲]

۵- ابواب الشعبی رحمه الله

یہ کتاب عامر بن شراحیل شعبی کی تألیف ہے، یہ حدیث کی پہلی مبوّب کتاب ہے،[۳] شعبی بھی عمر بن عبدالعزیزؒ کے زمانہ میں کوفہ کے قاضی تھے۔[۴]

۶- حضرت حسن بصریؒ کی تفسیرِ قرآن

قال ابن وهب واخبرنی السدی بن یحییٰ عن الحسن انه کان لا یری بکتابة العلم بأسًا وقد کان املیٰ التفسیر فکتب.[۵]

دوسری صدی ہجری میں تدوینِ حدیث

اس صدی کی مشہور تألیفات یہ ہیں:-

۱- کتاب الآثار للامام ابی حنیفة رحمه الله

یہ امامِ أعظمؒ کی براہِ راست تألیف ہے، اور یہ بات معروف ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ نے ان کی کتاب سے استفادہ کیا ہے، اس لئے اسے مؤطا کی پیشرو کہہ سکتے ہیں، حدیث میں

---

(۱) جامع بیان العلم باب ذکر الرخص فی کتاب العلم رقم الحدیث: ۳۴۵ وأیضًا فی "السنة قبل التدوین" للخطیب ص: ۳۳۲.

(۲) الفهرست لابن ندیم ص: ۳۲۶.

(۳) تدریب الراوی للسیوطی، بحوالہ حافظ ابنِ حجرؒ، تحت عنوان "اول مصنَّف فی الصحیح المجرد" ص: ۴۰.

(۴) تهذیب التهذیب ج: ۳ ص: ۴۴، ۴۵، نیز "السنة قبل التدوین" میں حضرت عامر الشعبیؒ کا یہ مقولہ بھی منقول ہے: "الکتاب قید العلم" مزید یہ بھی لکھا ہے کہ: "کان یحض علی الکتابة ویقول: اذا سمعتم منی شیئًا فاکتبوه ولو فی حائط." ص: ۳۲۵۔

(۵) جامع بیان العلم رقم الحدیث: ۳۳۱ باب ذکر الرخص فی کتابة العلم.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امامِ اعظمؒ کی براہِ راست تألیف صرف یہی ہے، مسندِ امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نام سے جو کتابیں معروف ہیں، یہ ان کی اپنی تألیفات نہیں، بلکہ ان کی مرویات کو بعد کے علماء نے مرتب کیا ہے، مسندِ ابی حنیفہ کے نام سے متعدد مجموعے لکھے گئے، علامہ خوارزمی رحمہ اللہ نے ان کو جمع کرکے ''مسانید امامِ اعظم'' کے نام سے کتاب تألیف کی، جو چھپ چکی ہے۔

۲- مؤطا امام مالک

اس کا مفصل تعارف آپ اس کے درس میں اپنے استاذ سے حاصل کریں گے۔

امام مالکؒ نے جب یہ کتاب تألیف کرکے علماء کے سامنے پیش کی، تو سب نے اس کے مستند اور صحیح ہونے پر اتفاق کیا، کہا جاتا ہے کہ اس کا نام مؤطا اسی وجہ سے رکھا گیا، امام شافعیؒ کا قول ہے کہ: ''اصح الکتب بعد کتاب اللہ المؤطا'' اس کی ساری احادیثِ مرفوعہ صحیح ہیں، ساتھ ہی اس میں آثارِ صحابہ کو بھی درج کیا گیا ہے، اس کے پندرہ سے زائد نسخے امام مالک رحمہ اللہ کے شاگردوں کی روایت سے دنیا میں پھیلے، ہمارے دیار میں مؤطا امام مالک کے نام سے جو نسخہ متداول ہے وہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسیؒ کی روایت سے ہے، دوسرا نسخہ مؤطا امام محمد کے نام سے معروف ہے، یہ بھی درحقیقت مؤطا امام مالک کا نسخہ ہے، جو امام محمدؒ نے امام مالکؒ سے سن کر قلمبند کیا ہے، لیکن اس میں امام محمدؒ نے ان آثارِ صحابہ و تابعین کا اضافہ کیا ہے جو حنفیہ کے مستدل ہیں، اس کے علاوہ بھی مؤطا کے متعدد نسخے رائج ہوئے جن کی تفصیل ''بُستان المحدثین'' کے بالکل شروع میں دیکھی جاسکتی ہے۔

۳- سننُ ابنِ جریج

هو عبدالعزیز بن جُریج الرومی الاموی مولاهم المکی صاحب التصانیف الذی یقال انه اول من صنف الکتب فی الاسلام المتوفیٰ سنة خمسین او احدیٰ وخمسین ومائة من الهجرة النبویة علیٰ صاحبها الصلوٰة والسلام.(۱)

---

(۱) الرسالة المستطرفة لمحمد بن جعفر الکتانی المتوفی ۱۳۵۴ھ ص:۳۴ نیز ظفر الأمانی فی مختصر الجرجانی (للامام عبدالحی اللکنوی) ص:۱۳۵ میں ہے کہ: ''واما اول من صنف فی الحدیث مطلقًا فهو علیٰ ما قیل ابن جریج.''

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۴- مصنف وکیع بن الجراح الکوفی محدث العراق المتوفی سنة ست وتسعین ومائة۔(۱)

۵- جامع معمر بن راشد (المتوفی ۱۵۳ھ اور ۱۵۴ھ)

معمر، یمن کے رہنے والے ہیں، اور ہمام بن منبہؒ کے شاگرد اور عبدالرزاق صاحبِ مصنف کے استاذ ہیں، یہ کتاب "جامع" اور مبوّب ہے، ابھی تک طبع نہیں ہوسکی، اس کے دو قلمی نسخے ترکی میں محفوظ ہیں، ایک استنبول کے کتب خانہ "فیض اللہ آفندی" میں اور دوسرا نسخہ انقرہ کی لائبریری میں محفوظ ہے۔(۲)

۶- مصنف حماد بن سلمة البصری (المتوفی ۱۶۷ھ)۔(۳)

۷- مصنف اللیث بن سعد (المتوفی ۱۷۵ھ)۔(۴)

۸- جامع سفیان الثوریؒ المتوفی بالبصرة ۱۶۰ھ او ۱۶۱ھ۔(۵)

۹- جامع سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ

---

(۱) امام یحییٰ بن معینؒ نے فرمایا کہ: "میں نے وکیع بن جراحؒ سے زیادہ افضل کوئی شخص نہیں دیکھا" ان سے عرض کیا گیا کہ: "کیا ابن المبارکؒ بھی ان سے زیادہ افضل نہیں؟" تو فرمایا کہ: "امام ابن المبارکؒ کی بھی ایک فضیلت اور شان ہے، لیکن میں نے وکیعؒ سے افضل کوئی نہیں دیکھا۔" حضرت وکیع بن الجراحؒ قائم اللیل، صائم النہار تھے اور حضرت امام ابوحنیفہؒ کے قول کے مطابق فتویٰ دیتے تھے، نیز امام احمدؒ نے فرمایا کہ: "میری آنکھوں نے وکیع جیسا شخص کبھی نہیں دیکھا۔ میں نے علم کی حفاظت کرنے والا اور علم کو یاد رکھنے والا وکیع سے زیادہ کوئی نہیں دیکھا" تاریخِ بغداد ج:۱۳ ص:۴۶۶، شذرات الذهب ج:۱ ص:۳۵۰۔

(۲) یقال لهٗ جامع ابی عروة ایضًا، الرسالة المستطرفة ص:۴۰۔

(۳) حضرت شہاب بلخیؒ نے فرمایا کہ: "حماد بن سلمة کا شمار ابدال میں ہوتا تھا" نیز یہ فصیح اللسان اور عربیت میں امام تھے اور ان کی حدیث شریف میں کئی تصانیف ہیں۔ شذرات الذهب ج:۱ ص:۲۶۲۔

(۴) حضرت امام شافعیؒ، حضرت لیث بن سعدؒ کی وفات پر افسوس کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ: "وہ حضرت امام مالک سے افقہ تھے۔" حضرت ابنِ وہبؒ نے فرمایا کہ: "اگر امام لیثؒ اور امام مالکؒ نہ ہوتے تو ہم گمراہ ہوجاتے۔" ان کی کثیر تصنیفات ہیں۔ (تذکرة الحفاظ للذهبی)۔

(۵) الرسالة المستطرفة ص:۴۰، امام شعبہؒ اور امام یحییٰ بن معینؒ، حضرت سفیان ثوریؒ کو "امیر المؤمنین فی الحدیث" کے لقب سے یاد فرماتے تھے۔ شذرات الذهب ج:۱ ص:۲۵۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ مرتب علی الأبواب الفقهية ہے، سفیان بن عیینہؒ کی ایک تفسیر بھی ہے، ان کی وفات مکہ مکرمہ میں ۱۹۸ھ میں ہوئی۔ (۱)

۱۰- کتاب الزہد والرقاق

یہ حضرت عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ کی تألیف ہے، جن کی ولادت ۱۱۸ھ یا ۱۲۰ھ میں اور وفات ۱۸۱ھ یا ۱۸۲ھ میں ہوئی۔ عبداللہ بن المبارک حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے بھی شاگرد ہیں اور حضرت امام مالکؒ کے بھی۔ مذہباً حنفی تھے، مگر مالکیہ بھی ان کو اپنے اصحاب میں شمار کرتے ہیں، تفصیل کے لئے دیکھئے "بُستان المحدثین"، ان کی ایک تألیف "الاستیذان" بھی ہے۔ (۲)

۱۱- کتاب الآثار للإمام محمد رحمہ اللہ

وهو مرتب على الأبواب الفقهية في مجلدة لطيفة۔ یہ کتاب ہمارے مدارس میں داخلِ نصاب ہے۔ (۳)

---

(۱) رسالة المستطرفة حوالۂ بالا۔ امام شافعیؒ کا فرمان ہے کہ: "اگر مالک اور ابنِ عیینہ نہ ہوتے تو علمِ حجاز رُخصت ہوجاتا۔" حضرت ابنِ وہبؒ نے فرمایا کہ: "میرے علم میں ابنِ عیینہ سے بڑھ کر علمِ تفسیر کو جاننے والا کوئی نہیں۔" امام احمد بن حنبلؒ کا ارشاد ہے کہ: "ابنِ عیینہ سے بڑھ کر میرے علم میں سُنن کو جاننے والا کوئی نہیں۔" شذرات الذهب ج:۱ ص:۳۵۴۔

(۲) الرسالة المستطرفة ص:۴۶، ۴۷۔ امام عبداللہ بن المبارکؒ کی تصانیف بہت ہیں اور ان کی ایک منفرد شان یہ تھی کہ ایک سال حج فرماتے اور ایک سال جہاد کرتے۔ (شذرات الذهب) علاوہ ازیں حضرت ابن المبارکؒ کی ایک کتاب "الجہاد" بھی ہے اور آپ جہاد کے سلسلے میں سب سے پہلے تصنیف کرنے والے ہیں۔ الرسالة المستطرفة ص:۴۵۔

(۳) الرسالة المستطرفة ص:۴۰، ۴۱۔ امام محمدؒ کی ولادت ۱۰۲ھ میں اور وفات ۱۸۹ھ میں ہوئی، کتاب الآثار کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ کسی عالم کی ہمیں اتنی فقہ کی کتب نہیں پہنچیں جتنی امام محمدؒ کی تصانیف و کتب پہنچی ہیں، بلکہ امام محمدؒ کی کتب مذاہبِ عالم کی فقہ کے لئے مدار اور بنیاد ہیں، حضرت امام شافعیؒ نے فرمایا کہ: "اللہ نے دو آدمیوں کے ذریعہ میری مدد فرمائی، حدیث میں امام ابن عیینہؒ کے ذریعہ اور فقہ میں امام محمدؒ کے ذریعہ۔" ایک دوسری روایت امام شافعیؒ سے یہ منقول ہے کہ: "جس قدر (امام) محمدؒ کا مجھ پر احسان ہے اس قدر علم اور اسبابِ دُنیا میں کسی اور کا مجھ پر احسان نہیں۔" "کتاب الآثار" دراصل امام اعظم ابوحنیفہؒ کی تألیف ہے، جب آپؒ نے اسے تألیف فرمایا تو آپ کے کئی تلامذہ نے اسے روایت فرمایا، اب جو "کتاب الآثار" ہمارے دیار میں مشہور اور متداول ہے یہ دراصل حضرت امام محمدؒ نے اپنے استاذ حضرت امامِ اعظمؒ سے روایت کی ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱۲- کتاب الذکر والدعاء للإمام أبی یوسف (المتوفی ۱۸۲ھ)[۱]

۱۳- کتاب السیر للإبن شہاب الزہری (المتوفی ۱۲۳ھ او ۱۲۴ھ او ۱۲۵ھ)

وهو اول من ألّف في السيرة، قال بعضهم اول سيرةٍ في الإسلام سيرة الزهري.[۲]

۱۴- السیر لأبی بکر محمد بن اسحاق (المتوفی ۱۵۱ھ او ۱۵۲ھ او ۱۵۳ھ)

وهي التي هذبها ابن هشام، فصارت تنسب اليه.[۳]

تیسری صدی ہجری میں تدوینِ حدیث

اس صدی میں حدیث کی تدوین نہایت عظیم الشان پیمانے پر ہوئی، علمِ حدیث کو مختلف فنون پر تقسیم کر کے ہر فن میں عظیم الشان تصانیف معرضِ وجود میں آئیں، اور کتبِ حدیث کو متنوع ترتیبوں کے ساتھ تألیف کیا گیا، اسی صدی کے نصفِ آخر میں صحاحِ ستہ تألیف ہوئیں، ان میں سے ہر کتاب کا مفصل تعارف اس کتاب کے درس میں آئے گا، یہاں صحاحِ ستہ کے علاوہ باقی کتبِ حدیث ذکر کی جاتی ہیں۔

۱- مصنف عبدالرزاق

"مُصنَّف" قدیم اصطلاح کے مطابق بمعنی السنن ہے، یہ ابوابِ فقہیہ پر مرتب ہے، اس کی اکثر احادیث ثلاثی ہیں، صحاحِ ستہ میں بھی اس کی بہت سی روایتیں آئی ہیں، عرصے سے

---

(۱) الرسالة المستطرفة ص:۴۸، سب سے پہلے "قاضی القضاۃ" کا لقب امام ابو یوسفؒ کو دیا گیا اور آپؒ ہی نے امامِ اعظمؒ کے مذہب کی بنیاد پر اُصولِ فقہ میں کتب لکھیں۔ شذرات الذهب ج:۱ ص:۳۰۱۔

(۲) الرسالة المستطرفة ص:۹۰، اس کے علاوہ الرسالة المستطرفة ص:۹۱ میں امام زہریؒ کی ایک اور کتاب "المغازی" کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے، نیز تهذیب التهذیب ج:۵ ص:۲۶۸ میں ابوالزنادؒ کا یہ قول منقول ہے: "كنا نكتب الحلال والحرام وكان ابن شهاب يكتب كلما سمع فلَمّا احتيج اليه علمت إنه أعلم الناس." اور اسی مضمون کا ایک مقولہ صالح بن کیسانؒ سے بھی منقول ہے، حوالۂ بالا۔ اور اکمال تهذيب الكمال ج:۱۰ ص:۳۵۳ میں علامہ دراوردیؒ کا یہ قول منقول ہے: "اول من دوّن العلم وكتبه ابن شهاب."

(۳) الرسالة المستطرفة ص:۹۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ کتاب نایاب تھی اور طبع نہیں ہوئی تھی، چند سال قبل مجلسِ علمی نے اسے بیروت سے آب و تاب سے طبع کر کے شائع کیا ہے۔

عبدالرزاق، معمر بن راشد کے ممتاز شاگردوں میں سے ہیں، یہ ان کی صحبت میں سات سال رہے،(۱) امام بخاریؒ و امام مسلمؒ وغیرہ ان کے بالواسطہ شاگردوں میں سے ہیں۔

۲- مصنف ابی بکر بن ابی شیبہ

یہ بھی ابوابِ فقہیّہ پر مرتب ہے، چونکہ یہ خود عراقی ہیں، لہٰذا فقہاء عراق کے فقہی مذاہب سے خوب واقف ہیں، اور ان کے دلائل بھی ان کی کتاب میں سب سے زیادہ پائے جاتے ہیں، یہ بخاری و مسلم جیسے جلیل القدر محدثین کے استاذ ہیں، یہ کتاب طبع ہو چکی ہے۔(۲)

۳- مسند احمد بن حنبلؒ

حضرت امام احمد رحمہ اللہ نے اس میں اٹھارہ مسندات بیان کی ہیں، یہ کتاب امام احمدؒ نے صرف یادداشت کے طور پر جمع فرمائی تھی، جو تیس ہزار (۳۰۰۰۰) احادیث پر مشتمل تھی، مگر ترتیب و تہذیب سے پہلے ہی آپ کا انتقال ہو گیا، بعد میں ان کے صاحبزادے عبداللہ نے جو بڑے درجے کے محدث تھے، اس کو مرتب کیا، اور تقریباً دس ہزار (۱۰۰۰۰) احادیث کا اس میں اضافہ بھی کیا،(۳) چنانچہ اب اس کی احادیث تقریباً چالیس ہزار (۴۰۰۰۰) ہیں، یہ چھپ چکی ہے، بعد کے علماء نے اسے ابوابِ فقہیّہ پر مرتب کیا، "الفتح الربانی" کے نام سے یہ مبوّب شکل میں بھی چھپ چکی ہے۔

۴- مسند ابی داؤد الطیالسیؒ

یہ ابوداؤد سجستانی نہیں جن کی سنن صحاحِ ستہ میں سے ہے، بلکہ یہ ان سے مقدم ہیں،

(۱) امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمامؒ کی ولادت ۱۲۶ھ میں اور وفات ۲۱۱ھ میں ہوئی۔ میزان الاعتدال ج:۲ ص:۶۰۹۔

(۲) آپؒ امام احمد بن حنبلؒ، امام اسحاق بن راہویہؒ اور امام علی ابن المدینیؒ کے معاصرین میں سے ہیں، امام ابوعبیدؒ نے فرمایا کہ: "کتاب کو ترتیب دینے میں امام ابوبکر بن ابی شیبہؒ کو خصوصی مہارت حاصل ہے۔" آپ کی اس مصنف کے علاوہ بھی کئی تصنیفات ہیں۔ تذکرۃ الحفاظ للذہبیؒ ج:۲ ص:۴۳۲، ۴۳۳۔

(۳) مقدمۂ کتاب ج:۱ ص:۱۹، ۲۰۔ آپؒ کے بارے میں امام علی ابن المدینیؒ کا ارشاد ہے کہ: "ان اللہ ایدّ ھذا الدین بابی بکر الصدیق یوم الردۃ وباحمد بن حنبل یوم المحنۃ." تذکرۃ الحفاظ للذہبیؒ ج:۲ ص:۴۳۲۔ مسندِ احمد اب مزید تحقیق کے ساتھ بیروت سے پچاس جلدوں میں شائع ہوئی ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ان سے ابوداؤد سجستانی غالبًا ایک یا دو واسطہ سے روایت کرتے ہیں۔(۱)

۵-سنن الدارمیؒ

یہ عبداللہ بن عبدالرحمٰن الدارمیؒ کی تالیف ہے، جو امام مسلمؒ وغیرہ ائمہ حدیث کے استاذ ہیں، یہ کتاب درحقیقت "سُنن" ہے، اصطلاح(۲) کے خلاف مُسند کے نام سے مشہور ہوگئی، اس میں ثُلاثیات، بخاری سے زیادہ ہیں، بعض علماء نے ابن ماجہ کے بجائے اس کو صحاحِ ستہ میں شمار کیا ہے، یہ طبع ہوچکی ہے۔(۳)

۶-مسند البزارؒ

یہ ابوبکر البزار رحمہ اللہ کی تالیف ہے، اسے "المسند الکبیر" بھی کہتے ہیں، "بزار" بتقدیم الزاء المعجمة علی الراء المهملة ہے، تخم فروش کو کہتے ہیں، ان کی مسند معلّل ہے، یعنی اس میں عللِ احادیث بھی بیان کی گئی ہیں۔(۴)

۷-مُسنَد ابی یعلیٰؒ

یہ کتاب مسند بھی ہے اور سنن بھی، یعنی یہ ابوابِ فقہیہ پر مرتب ہے مگر ہر باب کی احادیث کو صحابہ کی ترتیب پر جمع کیا ہے، ابویعلیٰ کی ایک مُعجم بھی ہے، جو اس کتاب کے علاوہ ہے۔(۵)

---

(۱) امام عبدالرحمٰن بن مہدیؒ فرماتے ہیں کہ: امام ابوداؤد طیالسی "اصدق الناس" تھے، امام علی ابن المدینیؒ نے فرمایا کہ: "میں نے امام ابوداؤد سے زیادہ حافظہ والا شخص نہیں دیکھا" ماخذۂ شذرات الذهب ج:۲ ص:۱۲، تاریخِ بغداد ج:۹ ص:۲۷، تهذیب الکمال ج:۱۱ ص:۴۰۵۔

(۲) یہ اصطلاحات آگے "انواع المصنفات فی علم الحدیث" کے عنوان کے تحت بیان ہوں گی۔ رفیع

(۳) اس سنن میں تقریباً ۳۳۷۵ روایات ہیں، امام مسلمؒ نے آپ سے تقریباً تہتر۷۳ احادیث نقل کی ہیں، آپؒ نے ایک تفسیر بھی تالیف فرمائی، امام ابن ابی الحاتمؒ نے آپ کو "امام اَھل زمانہ" قرار دیا ماخذۂ شذرات الذهب ج:۲ ص:۱۳۰ ومقدمة مسند الدارمی و تذکرة الحفاظ للذهبیؒ ج:۲ ص:۵۳۵۔

(۴) آپؒ نے آدم بن ابی ایاسؒ سے اس وقت روایت کی جب آپؒ کی عمر دس سال سے بھی کم تھی، اور آپؒ کی اس مسند کے علاوہ بھی کئی تالیفات ہیں، اس مسند کو "البحر الزخار" بھی کہا جاتا ہے، حافظ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ "مسند البــــزار" میں تعالیل کا جو بیان ہے وہ کسی اور مسند میں نہیں، اس مسند میں تقریباً ۴۰۷۸ روایات ہیں اور یہ مسند ۹ جلدوں میں شائع ہوئی ہے۔ شذرات الذهب ج:۲ ص:۲۰۹۔

(۵) یہ مسند ۱۶ جلدوں میں بیروت سے شائع ہوچکی ہے، اور اس میں تقریباً ۷۵۵۵ روایات ہیں، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: شذرات الذهب ج:۲ ص:۲۵۰ ومقدمۂ مسندِ ابی یعلیٰ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۸- المعاجم الثلٰثة للطبرانیؒ

یہ تین کتابیں ہیں: المعجم الکبیر، المعجم الأوسط، المعجم الصغیر۔ "الکبیر" میں احادیث، صحابہ کی ترتیب پر ہیں۔ "الاوسط" میں امام طبرانی نے احادیث کو اپنے شیوخ کے اسماء پر مرتب کیا، اور ان کے شیوخ ایک ہزار ہیں، نیز "الاوسط" میں انہوں نے اپنے شیوخ کی غرائب خاص طور سے بیان کی ہیں، اور "الصغیر" میں ان شیوخ کی روایتیں ذکر کی ہیں جن سے انہوں نے صرف ایک ایک حدیث حاصل کی۔ (۱)

۹- مُسنَد عبد بن حمیدؒ

ان کا پورا نام عبدالحمید بن حمید ہے، تخفیفاً عبد بن حمید کہا جاتا ہے۔ (۲)

طبقاتُ الرُّواة

(من حیث الضبط وملازمة الشیخ)

راویوں کے طبقات مختلف حیثیتوں سے مختلف بیان کئے گئے ہیں، حفظ و اتقان اور تعلق مع الاستاذ کے اعتبار سے ان کے پانچ طبقات ہیں، ان کو سب سے پہلے علامہ ابوبکر حازمیؒ نے اپنی کتاب "شروط الائمة الخمسة" میں بیان کیا ہے۔

الاولیٰ :- کامل الضبط کثیر الملازمة بالاستاذ.

الثانیة :- کامل الضبط قلیل الملازمة بالاستاذ.

الثالثة :- قلیل الضبط کثیر الملازمة بالاستاذ.

الرابعة :- قلیل الضبط قلیل الملازمة بالاستاذ.

---

(۱) آپؒ کو "مسند الدنیا" کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے، آپؒ کی تصانیف کی تعداد تقریباً ایک سو ہے، "المعاجم الثلاثة" آپ کی مشہور ترین تالیفات ہیں۔ ماخذۂ شذرات الذهب ج:۳ ص:۳۰ وتذکرة الحفاظ للذهبیؒ ج:۳ ص:۹۱۲۔

(۲) آپؒ سے امام مسلمؒ، امام ترمذیؒ اور دیگر حضرات ائمہ محدثین نے روایات نقل کی ہیں، اور امام بخاریؒ نے بھی "دلائل النبوة" میں ایک روایت آپ سے نقل کی ہے، آپ کی دیگر تصانیف میں ایک تفسیر بھی ہے۔ شذرات الذهب ج:۲ ص:۱۲۰، وتذکرة الحفاظ للذهبیؒ ج:۲ ص:۵۳۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الخامسة :- الضعفاء والمجاهيل.[1]

طبقاتُ الرُّواة

(من حيث العصر واللقاء)

تاریخی اعتبار سے راویوں کے بارہ[2] طبقات ہیں، اور رجال کی کتابوں میں جب کسی راوی کا طبقہ بیان کیا جاتا ہے تو عموماً اس سے مراد یہی طبقات ہوتے ہیں، ان تاریخی طبقات کو سب سے پہلے حافظ ابنِ حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ''تقریب التهذیب'' میں بیان فرمایا،[2] وہ طبقات یہ ہیں:-

۱- صحابہ رضی اللہ عنہم، خواہ کسی رُتبے کے ہوں۔

۲- کبار التابعین، جیسے سعید بن المسیّب رحمہ اللہ۔

۳- الطبقة الوسطیٰ من التابعین، جیسے حسن البصری و محمد بن سیرین رحمہما اللہ۔

۴- وُسطیٰ کے بعد والا طبقہ، جن کی روایتیں صحابہ سے کم اور کبار تابعین سے زیادہ ہیں، جیسے زہری وقتادہ رحمہما اللہ۔ ناچیز کا خیال تاریخی حقائق کی بناء پر یہ ہے کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق بھی اسی طبقہ سے ہے کیونکہ علامہ سیوطیؒ نے ''تبییض الصحیفة بمناقب ابی حنیفة'' میں اور حافظ ابومعشر عبدالکریم الطبریؒ نے اس موضوع پر اپنے ایک مستقل رسالے میں متعدد صحابہ کرامؓ سے امام ابوحنیفہؒ کے سماع کی صراحت کی ہے۔

۵- الطبقة الصغریٰ من التابعین، جنہوں نے ایک یا دو صحابہ کو دیکھا لیکن ان سے روایت نہیں کی، جیسے سلیمان الاعمش رحمہ اللہ۔

۶- وہ حضرات جو پانچویں طبقہ کے معاصر ہیں لیکن انہوں نے کسی صحابی کی زیارت نہیں کی، مثلاً: ابنِ جُریج رحمہ اللہ۔

۷- کبار اتباع تابعین، جیسے امام مالک وسفیان ثوری رحمہما اللہ۔

۸- الطبقة الوسطیٰ من اتباع التابعین، جیسے سفیان بن عیینہ اور اسماعیل ابن عُلَیَّة۔

---

(۱) مقدمة فتح الملهم ملخصًا ج:۱ ص:۲۶۲، وشروط الائمة الخمسة ص: ۷۹، ۸۰ ومعارف السنن ج:۱ ص:۲۰.

(۲) ج:۱ ص:۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۹- الطبقة الصغریٰ من اتباع التابعین، جیسے امام شافعی و ابوداؤد الطیالسی وعبدالرزاق رحمہم اللہ۔

۱۰- کبار الأخذین عن تبع الاتباع، جیسے امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ۔

۱۱- الطبقة الوسطیٰ منهم، جیسے امام بخاری وامام ذہلی رحمہما اللہ۔ ناچیز کا خیال ہے کہ بظاہر امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی طبقے میں شامل ہیں۔ (رفیع)

۱۲- الطبقة الصغریٰ منهم، جیسے امام ترمذی رحمہ اللہ۔

ان بارہ طبقات میں سے پہلے دو طبقات پہلی دو صدی ہجری کے ہیں، تیسرے سے آٹھویں طبقہ تک دوسری صدی ہجری کے، اور نویں طبقہ سے آخری طبقہ تک تیسری صدی ہجری کے ہیں۔

مختصراً کتبِ رجال میں راوی کے استادوں اور شاگردوں کی طویل فہرست لکھنے کی بجائے راوی کا صرف تاریخی طبقہ بیان کرنے پر اکتفاء کیا جاتا ہے، یہ طریقہ سب سے پہلے حافظ ابنِ حجر رحمہ اللہ نے "تقریب التهذیب" میں شروع کیا، بعد میں دوسرے حضرات نے ان کی پیروی کی، اب راوی کے ساتھ صرف اتنا لکھا جاتا ہے کہ: "من الخامسة" جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ تابعین کے طبقہ صغریٰ سے تعلق رکھتا ہے اور اس نے ایک دو صحابہ کی زیارت تو کی ہے، لیکن ان سے کوئی روایت نہیں کی۔

انواع المُصنَّفات فی علم الحدیث

کتبِ حدیث کی بہت سی قسمیں ہیں، مراجعت الی الکتب اور ان سے استفادے کے لئے ان اقسام کا جاننا نہایت ضروری ہے، اہم اقسام یہ ہیں:-

۱- **الجوامع**: یہ جامع کی جمع ہے، "جامع" حدیث کی اس کتاب کو کہا جاتا ہے جو احادیث کے تمام مضامین پر مشتمل ہو، احادیث کے مضامین بنیادی طور پر کل آٹھ ہیں جو اس شعر میں جمع ہیں:-

سِیَر آداب وتفسیر وعقائِد
فِتَن اَشراط واَحکام ومَنَاقِب

عقائد:- وہ مضامین جن کا تعلق عقائد سے ہے۔

سِیَر:- سیرۃ کی جمع ہے، یعنی وہ مضامین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کے حالات و واقعات پر مشتمل ہیں۔

آداب:- ادب کی جمع ہے، مراد ہیں آداب المعاشرہ، مثلاً: کھانے پینے، اُٹھنے بیٹھنے اور لوگوں سے ملنے جلنے وغیرہ کے آداب۔

تفسیر:- یعنی قرآنِ کریم کی تفسیر۔

فِتَنْ:- فتنہ کی جمع ہے، یعنی وہ فتنے اور صبر آزما واقعات جن کی پیش گوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی۔

أشراط:- یعنی علاماتِ قیامت۔

أحکام:- اَحکامِ عملیہ جن پر فقہ مشتمل ہے، ان کو "السُّنَن" بھی کہا جاتا ہے۔

مَناقِب:- مَنقبۃٌ کی جمع ہے، یعنی صحابہ، صحابیات اور مختلف قبائل و امکنہ کے فضائل۔

جو کتاب ان آٹھوں مضامین پر مشتمل ہو اسے "جامع" کہا جاتا ہے، کجامع البخاری، وجامع الترمذی، اور صحیح مسلم کے بارے میں بعض علماء نے فرمایا کہ یہ "جامع" نہیں ہے کیونکہ اس میں تفسیر کا حصہ بہت کم ہے، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ یہ بھی "جامع" ہے اور اس میں تفسیر کی احادیث اگرچہ کتاب التفسیر میں بہت کم ہیں لیکن بہت سی احادیثِ تفسیر، صحیح مسلم ہی کے دیگر ابواب میں آگئی ہیں۔

۲-المَسانید: مُسنَد کی جمع ہے، "مسند" حدیث کی اس کتاب کو کہا جاتا ہے جس میں احادیث صحابہ کرام کی ترتیب سے جمع کی گئی ہوں، (وہ ترتیب خواہ حروف الھجاء کے مطابق ہو یا سابقیت فی الاسلام کے اعتبار سے یا افضلیتِ قبائل کے اعتبار سے) کمسند الامام احمد بن حنبل رحمہ اللہ۔

۳-المعاجم: المُعْجَم کی جمع ہے، مشہور یہ ہے کہ معجم، حدیث کی وہ کتاب ہے جس میں مؤلف، احادیث کو شیوخ کی ترتیب سے جمع کرے:- کالمعجم الکبیر، والمعجم الصغیر، والمعجم الأوسط للطبرانی۔

لیکن شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہم نے اس تعریف کو غلط قرار دے کر صحیح تعریف یہ فرمائی ہے کہ: معجم حدیث کی وہ کتاب ہے جو حروفِ تہجی کی ترتیب پر لکھی گئی ہو، خواہ یہ ترتیب صحابہ کرامؓ میں ہو یا اساتذہ و شیوخ میں، اس تعریف کی رُو سے المسند اخص

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور المعجم اعم ہے۔[۱]

۴-الاجزاء: الجزء کی جمع ہے، "جامع" کے بیان میں جن مضامینِ ثمانیہ کا ذکر ہوا ہے ان میں سے کسی ایک مضمون کے مسئلۂ جزئیہ کی احادیث جس کتاب میں جمع کردی جائیں اس کو اصطلاحِ محدثین میں "الجزء" کہا جاتا ہے، کجزء القراءة للبخاری وجزء رفع الیدین لہٗ، یا مثلاً: ایک محدث نے رؤیتِ باری تعالیٰ کی احادیث ایک کتابچہ میں جمع کردیں، اس کو "الجزء" کہا جائے گا۔[۲]

۵-الاربعینات: جمع الاربعین، بمعنی "چہل حدیث"، اربعین اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں چالیس حدیثیں کسی ایک باب یا ابوابِ متفرقہ کی ذکر کی گئی ہوں۔[۳]

۶-المفرَد: اُس کتابِ حدیث کو کہتے ہیں جن میں کسی ایک شخص کی حدیثیں جمع کی گئی ہوں، مثل احادیث ابی ہریرہؓ یا احادیث حذیفہؓ۔[۴]

۷-الغریبة: وہ کتاب جس میں کسی تلمیذ کی صرف وہ حدیثیں جمع کی گئی ہوں جن کی وہ اپنے شیوخ سے روایت کرنے میں متفرد ہے، یعنی جو کسی تلمیذ کے صرف تفردات پر مشتمل ہو۔[۵]

۸-المشیخات: جمع المشیخہ، وہ کتاب جس میں ایک یا متعدد شیوخ کی حدیثیں جمع کی گئی ہوں اور شیوخ میں کوئی ترتیب قائم نہ کی گئی ہو۔[۶]

---

(۱) لامع الدراری ج:۱ ص:۲۲۹ وکذا فی الرسالة المستطرفة ص: ۱۰۸، مزید چند معاجم کے نام یہ ہیں: معجم الصحابة لاحمد بن علی الهمدانی ومعجم الشیوخ لابی بکر الاسماعیلی، حوالۂ بالا۔

(۲) مزید چند اجزاء کے نام یہ ہیں: جزء ابن نجید (المتوفی ۳۶۵ھ)، وجزء الفیل لابی بکر عمرو بن السماک (المتوفی ۳۴۴ھ) بحوالہ "بُستان المحدثین" ص:۲۵۱، ۲۵۴۔

(۳) چند اربعینات کے نام یہ ہیں: الأربعین لأبی القاسم عبدالکریم القشیریؒ (المتوفی ۴۶۵ھ)، والأربعین لأبی بکر محمد بن حسین البغدادیؒ (المتوفی ۳۶۰ھ)، والأربعین لابن حجر العسقلانیؒ، بحوالہ "بُستان المحدثین" ص:۲۶۲۔

(۴) مقدمہ فتح الملہم اور جیسے کتاب الأفراد للدارقطنیؒ اور کتاب الأفراد لأبی حفص بن شاهینؒ، بحوالہ الرسالة المستطرفة ص:۹۵۔

(۵) مقدمہ فتح الملهم ج:۱ ص:۲۹۴۔

(۶) جیسے المشیخة للحافظ أبی یعلی الخلیلیؒ والمشیخة لأبی یوسف بن جَوّانؒ ومشیخة القاضی عیاضؒ ومشیخة الشیخ ابی حفص عمر بن محمد السهروردیؒ، حوالۂ سابقہ ص:۱۱۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۹- **المستدرک**: وہ کتاب جس میں ایسی حدیثیں ذکر کی گئی ہوں جو کسی اور کتاب کی شرائط پر پوری اُترتی ہوں مگر اُس میں درج نہ ہوں، کالمستدرک للحاکم أبی عبداللہ النیسابوریؒ، کہ اس میں انہوں نے صحیحین پر استدراک کیا ہے، یعنی وہ حدیثیں ذکر کی ہیں جو ان کے نزدیک بخاری یا مسلم یا دونوں کی شرائط پر پوری اُترتی ہیں، مگر صحیحین میں موجود نہیں۔

۱۰- **الاَطراف**: طرف کی جمع ہے، وہ کتابِ حدیث جس میں حدیث کے شروع اور آخر کا صرف اتنا حصہ ذکر کیا گیا ہو جس سے پوری حدیث کو پہچانا جاسکے اور آخر میں اس حدیث کا حوالہ ذکر کردیا گیا ہو کہ فلاں فلاں کتب سے یہ حدیث لی گئی ہے۔(۱)

۱۱- **الصحیح**: وہ کتابِ حدیث جس میں صرف احادیثِ صحیحہ ذکر کی گئی ہوں، اِلَّا یہ کہ متابعت یا استشہاد کے لئے حَسَن بھی آجاتی ہوں۔

تنبیہ:- جن مضامینِ ثمانیہ کا ذکر ''جامع'' کے بیان میں ہوا ہے، اگر کوئی کتاب ان میں سے صرف ایک مضمون پر مشتمل ہو تو اسے عموماً اسی مضمون کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے، مثلاً جو کتاب صرف اَحکامِ فقہیّہ پر مشتمل ہو اسے ''السُّنَن'' کہا جاتا ہے، کسنن أبی داوٗد وسنن النسائی وسنن ابن ماجۃ وسنن البیھقی، اور جو کتاب مثلاً صرف سیرت پر مشتمل ہو اسے ''السیرۃ'' کہا جاتا ہے، اور جو مناقب پر مشتمل ہو اسے ''المناقب''۔

۱۲- **المُستَخرَج**: یہ وہ قسم ہے جس میں کسی ایک یا زائد کتابوں کی احادیث کی وہ سندیں ذکر کی جائیں جن میں اصل کتاب کے مؤلف کا واسطہ نہ آئے، بلکہ وہ سندیں اس مؤلف کے شیخ یا اُوپر کے شیخ سے مل جائیں، اور اس عمل کو ''الاستخراج'' کہا جاتا ہے۔(۲)

۱۳- **العِلَل**: اس قسم میں ان اسباب وعلل کا بیان ہوتا ہے جو سندِ حدیث میں موجبِ طعن ہیں، ککتاب العِلل للبخاری، وکتاب العِلل لمسلم، وکتاب العِلل للترمذی۔

۱۴- **المُسلسَلات**: المسلسَل اس حدیث کو کہا جاتا ہے جس کی روایت میں اس

---

(۱) جیسے اطراف الصحیحین لأبی مسعود ابراھیم بن محمد الدمشقی، اور أطراف الکتب الخمسۃ لأبی العباس احمد بن ثابت الأصبھانی اور اطراف الکتب العشرۃ للحافظ ابن حجرؒ۔ حوالہ بالا ص:۱۲۹۔

(۲) جیسے المستخرج علی صحیح مسلم لأبی نعیم الأصفھانی وعلی صحیح البخاری لأبی نعیم الأصبھانی (المتوفیٰ ۴۳۰ھ)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کی سند کے تمام راوی کسی ایک صفت یا خاص لفظ یا خاص فعل پر متفق ہوگئے ہوں، مثلاً کسی حدیث کی سند کے تمام راوی حفاظ ہوں، یا فقہاء ہوں، یا اس کے ہر راوی نے اس کی روایت کے وقت کوئی خاص کام کیا ہو، مثلاً: مصافحہ کیا ہو اور جن کتابوں میں ایسی حدیثیں جمع کی جائیں ان کو "المسلسلات" کہا جاتا ہے۔[1]

***

(۱) جیسے المسلسل بالأوّلية لأبی طاهر عماد الدين احمد بن محمد الأصبهانی" (المتوفیٰ ۵۷۶ھ) اور جیسے الجوهر المفصلات فی الأحاديث المسلسلات لأبی القاسم قاسم بن محمد القرطبی المعروف بابن طيلسان" (المتوفیٰ ۶۴۲ھ) اور المسلسلات الكبریٰ لجلال الدين عبدالرحمٰن بن ابی بكر السيوطی" (المتوفیٰ ۹۱۱ھ) بحوالہ الرسالة المستطرفة ص: ۷۱ تا ۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مقدمة الكتاب

اُستاذِ محترم نے فرمایا:

الصِّحاحُ المجرَّدَة

کتبِ حدیث کی ایک قسم "الصحیح" کا بیان اُوپر ہوچکا ہے، مگر چونکہ ایسی کتابوں کو بھی تغلیباً "الصحیح" کہہ دیا جاتا ہے جن میں "صحیح" کے علاوہ "حسن" وغیرہ احادیث بھی اصالۃً (مسائل پر استدلال کرنے کے لئے) آگئی ہوں، لہٰذا الصحاح کو ایسی کتابوں سے ممتاز کرنے کے لئے "المجرَّدة" کی قید بڑھادی جاتی ہے، "الصحیح المجرَّد" اس کتاب کو کہا جاتا ہے جس میں اصالۃً (یعنی مسائلِ دینیہ پر استدلال کرنے کے لئے) صرف صحیح حدیثیں ہوں، اگرچہ متابعت و استشہاد کے طور پر قدرے کم درجہ کی حدیثیں بھی ہوں، جیسے الصحیحین للبخاری ومسلم۔

اَوّل من صنَّف فی الصحیح المجرَّد

صحیح مجرَّد میں سب سے پہلی تصنیف جامع البخاری ہے، اور اس کے متصل بعد صحیح مسلم کی تکمیل ہوئی، "الموطا للإمام مالک" اپنی جلالتِ شان کے باوجود صحیح مجرد میں شمار نہیں ہوسکتی، کیونکہ اس میں مرسل، منقطع اور بلاغیات بھی بکثرت موجود ہیں۔[1]

بلاغیات سے مراد وہ حدیثیں ہیں جو امام مالک نے لفظ "بلغنی" سے ذکر کی ہیں اور ان کی سند کا ابتدائی حصہ حذف کردیا ہے، یعنی تعلیقات کے قبیل سے ہیں۔

اشکال ہوتا ہے کہ ایسی حدیثیں تو بخاری میں بھی بصورتِ تعلیقات بکثرت موجود ہیں، اور مسلم میں بھی قلت کے ساتھ موجود ہیں، لہٰذا صحیحین کو بھی صحیح مجرد میں شمار نہیں کرنا چاہئے؟

جواب یہ ہے کہ صحیحین میں جو حدیثیں صورۃً منقطع نظر آتی ہیں، محدثین کی صراحت کے مطابق وہ بھی دراصل سب متصل ہیں، کیونکہ ان کی سندوں کو محض تخفیف یا کسی اور مصلحت

---

(۱) مقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۲۶۱ وکذا فی معرفة انواع علم الحدیث لابن الصلاح ص:۸۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے وہاں حذف کردیا گیا ہے، لیکن جب ان کی سندوں کی تحقیق کی گئی تو اتصالِ سند ثابت ہوگیا اور جن احادیث معلقہ کو صیغہ جزم کے ساتھ ذکر کیا ہے وہ سب معیارِ صحت پر پوری اُتریں، چنانچہ بسا اوقات وہی حدیث صحیح سند کے ساتھ بخاری یا مسلم میں دوسری جگہ موجود ہوتی ہے، یا کسی اور کتاب میں اس کی سند قوت اور صحت کے ساتھ مل جاتی ہے، شیخ عمرو بن الصلاح نے اس کی صراحت کی ہے۔(۱)

''الصحاح الستة'' کا لفظ جو مشہور و معروف ہے، اس میں صحیحین کے علاوہ جامع ترمذی، سنن ابی داؤد، سنن نسائی اور سنن ابنِ ماجہ کو شمار کیا جاتا ہے، لیکن لفظ "صحاح" کا اطلاق ان چار کتابوں پر حقیقت کے اعتبار سے نہیں، کیونکہ ان کتابوں میں حَسَن وغیرہ احادیث بھی بڑی تعداد میں موجود ہیں، حتیٰ کہ سنن ابنِ ماجہ میں تو متعدد حدیثیں نہایت ضعیف ہیں، اور بعض کو تو موضوع بھی کہا گیا ہے، لہٰذا ان کو صحاح میں شمار کرنا صحیح نہیں، محض تغلیباً صحاح میں شمار کیا جاتا ہے۔

طبقاتُ کتب الحدیث من حیث الصحة والشهرة والقبول

صحت وشہرت اور قبولیت کے اعتبار سے حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے کتبِ حدیث کے چار طبقات بیان کئے ہیں:۔(۲)

الطبقة الاُولٰی(۳) :۔ یہ تین کتابوں میں منحصر ہے، صحیح بخاری، صحیح مسلم اور المؤطا لمالکؒ، مؤطا مالک کی تمام احادیث مرفوعہ محدثین کے نزدیک صحیح ہیں، اور جب تک بخاری اور مسلم کی تالیف نہیں ہوئی تھی، قرآنِ کریم کے بعد اس کو صحیح ترین کتاب سمجھا جاتا تھا، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے:۔

---

(۱) كذا في مقدمة النووي ص:۱۴ وكذا في معرفة انواع علم الحديث ص: ۹۲ تا ۹۴۔

(۲) حجة الله البالغة ج:۱ باب:۷۷ ص:۳۸۱۔

(۳) حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے طبقۂ اولیٰ کے بارے میں فرمایا کہ اگر کسی کتاب میں دو صفات کامل طور پر جمع ہوجائیں تو اس کتاب کا شمار ''طبقۂ اُولیٰ'' میں ہوگا، پہلی صفت ''الصحة'' اور دوسری صفت ''الشهرة''۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: حجة الله البالغة ج:۱ ص:۳۸۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ما علی وجه الارض بعد کتاب اللہ اَصحُّ من کتابِ مالک.[۱]

لیکن چونکہ صحیحین میں مؤطا کی تمام احادیثِ مرفوعہ شامل کردی گئی ہیں، اس لئے متاخرین کی نظریں زیادہ تر بخاری و مسلم پر مرکوز ہوگئیں، اور مؤطا کی شہرت کی جگہ ان دونوں کتابوں نے لے لی، کیونکہ یہ دونوں کتابیں مؤطا کی احادیثِ مرفوعہ سے تقریباً دس گنی زیادہ احادیث پر مشتمل ہیں۔

الطبقة الثانية[۲]:- اس طبقہ میں جامع ترمذی، سنن ابی داؤد اور سنن نسائی الصغریٰ شامل ہیں، حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:-

کاد مسند احمد یکون من جملة هذه الطبقة.[۳]

احقر کا خیال ہے کہ سنن ابنِ ماجہ اور "**المختارة لضياء الدين المقدسی**" کا شمار بھی اسی طبقہ میں ہے۔

الطبقة الثالثة[۴]:- اس میں **سنن الدارقطنی، کتب البیهقی والطحاوی والطبرانی، مصنف إبن أبی شیبة، مصنف عبدالرزاق، مسند أبی داوٗد الطیالسی** وغیرہ شامل ہیں۔

اس طبقہ کی کتابوں میں صحیح، حسن، ضعیف، معروف، غریب، شاذ، منکر، خطاء، صواب، ثابت، مقلوب احادیث ہیں، اگرچہ ان پر نکارتِ مطلقہ کا حکم بھی نہیں لگایا جاسکتا۔[۵]

---

(۱) مقدمہ فتح الملهم ج:۱ ص:۲۶۱۔ نیز دیکھئے: معرفة انواع علوم الحديث لابن الصلاح ص:۸۴۔

(۲) حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی ذکر کردہ تفصیل کے مطابق "طبقہ ثانیہ" میں وہ کتب شمار ہوں گی جن کے مؤلفین وثوق، عدالت اور حفظ میں مشہور ہوں، اور فنونِ حدیث میں بھی ماہر ہوں اور جن شرائط کو انہوں نے اپنے اُوپر لازم کیا ہے ان میں کبھی تساہل سے کام نہ لیا ہو اور ان کے بعد ہر زمانہ کے محدثین اور فقہاء نے ان کتابوں کو قبول کیا ہو، البتہ اس طبقہ کی کتب طبقہ اُولیٰ کی کتب کے درجہ کو نہیں پہنچتیں ......الخ۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: حجة الله البالغة ج:۱ ص:۳۸۴۔

(۳) مقدمہ فتح الملهم ج:۱ ص:۲۹۲ نیز حجة الله البالغة ج:۱ ص:۳۸۴۔

(۴) اس طبقہ میں ان مسانید، جوامع اور مصنفات کو شمار کیا گیا ہے جو حضرت امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ کے زمانہ سے پہلے اور ان کے زمانہ میں اور ان کے بعد وجود میں آئیں، اس طبقہ کی کتب میں ہر قسم کی احادیث ہوتی ہیں اور طبقہ ثانیہ کی کتب کی طرح یہ کتب زیادہ مشہور و معروف نہیں ہوئیں.....الخ۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: حجة الله البالغة حوالۂ بالا۔

(۵) مقدمہ فتح الملهم ج:۱ ص:۲۹۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الطبقة الرابعة:(۱) اس طبقہ میں مندرجہ ذیل کتبِ حدیث کو شمار کیا جاتا ہے: کتاب الضعفاء لإبن حبان، وکامل ابن عدی، وکتب الخطیب و ابی نعیم والجوزقانی وابن عساکر، وابن نجار، والدیلمی. وکاد مسند الخوارزمی یکون من هذه الطبقة۔

اس طبقہ کی کتب میں اسرائیلیات، موقوفات، کلامِ حکماء وواعظین کو بھی جمع کر دیا گیا ہے۔(۲)

الصحاح المجرَّدة الزائدة علی الصحیحین

صحیحین کے علاوہ بھی کئی کتابوں کو ان کے مصنفین نے "صحاحِ مجردہ" میں شمار کیا ہے جو یہ ہیں:

۱- المستدرک للحاکم ابی عبداللہ النیسابوری.

۲- وصحیح ابن خزیمة.

۳- وصحیح ابن حبان.

۴- والسنن الصحاح لسعید بن السکن.

۵- والمختارة لضیاء الدین المقدسی.

لیکن صحیح بات یہ ہے کہ اگرچہ ان کے مؤلفین نے جو حدیثیں اپنی ان کتابوں میں ذکر کی ہیں، وہ سب ان کے نزدیک معیارِ صحت پر پوری اُترتی تھیں، مگر ناقدینِ حدیث نے صراحت کی ہے کہ ان میں سے ہر کتاب میں غیر صحیح احادیث بھی بکثرت آ گئی ہیں، حتیٰ کہ مستدرک حاکم میں تو علامہ ذہبی رحمہ اللہ نے تقریباً سو حدیثیں موضوع بھی شمار کی ہیں۔(۳)

---

(۱) اس طبقہ میں ان کتب کا شمار ہوتا ہے جن کے مؤلفین نے ایک طویل زمانہ کے بعد اس بات کا قصد کیا کہ ان روایات کو جمع کریں جو طبقۂ اُولیٰ اور ثانیہ کی کتب میں نہیں تھیں ....الخ۔ مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: حجة اللہ البالغة ج:۱ ص:۳۸۵۔

(۲) مقدمہ فتح الملہم حوالۂ بالا۔

(۳) اور ان کو ایک رسالہ میں جمع کر دیا ہے۔ (مقدمہ فتح الملہم ج:۱ ص:۲۸۲) رفیع۔

قال الذهبی: وهذا الأمر مما یتعجب منه فان الحاکم کان من الحفاظ البارعین فی هذا الفن ویقال ان السبب فی ذلک انه صنفه فی اواخر عمره وقد عثرته غفلة وکان میلاده ۳۲۱ھـ ووفاته ۴۰۵ھـ فیکون عمره اربعًا وثمانین سنة. وقال الحافظ ابن حجر: انما وقع للحاکم التساهل لأنه سوّد الکتاب لینقحه فعاجلته المنیة ولم یتیسر له تحریره وتنقیحه، قال وقد وجدت فی قریب نصف الجزء الثانی من تجزئة من المستدرک "الی هنا انتهی املاء الحاکم" قال وما عدا ذلک من الکتاب لا یؤخذ عنه الّا بطریق الاجازة، والتساهل فی القدر المملی قلیل بالنسبة الی ما بعده. مقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۲۸۳. رفیع۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لہٰذا درحقیقت ان میں سے کسی کتاب کو بھی ''صحیح مجرد'' نہیں کہا جاسکتا، حاصل یہ ہوا کہ حقیقت میں ''صحیح مجرد'' صرف دو ہی کتابیں ہیں: صحیح البخاری اور صحیح مسلم۔

منازل الصحاح الستة

ما قبل کی تفصیل سے معلوم ہو چکا ہے کہ صحاحِ ستہ اپنی صحت وشہرت اور قبولیت کے اعتبار سے باہم متفاوت ہیں، چنانچہ ان میں مندرجہ ذیل ترتیب ہے:-

۱- صحیح بخاری۔

۲- صحیح مسلم۔

۳- سنن ابی داؤد والنسائی۔

۴- جامع الترمذی۔

۵- سنن ابن ماجہ۔

اور اس ترتیب کی وجہ یہ ہے کہ رواۃ کے طبقاتِ خمسہ جو ہم نے شروع میں بیان کئے ہیں، ان میں سے طبقۂ اُولیٰ کو امام بخاری رحمہ اللہ بیشتر اختیار کرتے ہیں اور طبقۂ ثانیہ کو احیاناً، اور امام مسلم رحمہ اللہ پہلے اور دوسرے دونوں طبقوں کو بکثرت لیتے ہیں اور کبھی ضمناً و استشہاداً تیسرے کو بھی لے لیتے ہیں، اور امام ابوداؤد اور امام نسائی تیسرے کو بھی بکثرت لیتے ہیں، اور ترمذی طبقۂ رابعہ کو بھی بکثرت لیتے ہیں، اور ابن ماجہ چاروں طبقوں کے علاوہ پانچویں طبقہ کو بھی لے آتے ہیں۔[1]

مذاهب مؤلفی الصحاح الستة فی الفروع

ان چھ ائمۂ حدیث کے مذاہبِ فقہیّہ کے بارے میں علماء کے مختلف اقوال ہیں، کیونکہ ان میں سے کسی نے اپنے فقہی مذہب کی خود صراحت نہیں کی، چنانچہ بعض علماء کا خیال ہے کہ یہ سب کے سب علی الاطلاق ائمۂ مجتہدین ہیں کسی کے مقلد نہیں، اور بعض کا خیال ہے کہ ان میں

(۱) اسی سے مؤلفینِ صحاحِ ستہ کی شروط بھی معلوم ہوگئیں، کہ بخاری کی شرط طبقۂ اُولیٰ ہے، مسلم کی شرط اُولیٰ وثانیہ ہے، ابوداؤد ونسائی کی شرط اُولیٰ، ثانیہ اور ثالثہ ہے، ترمذی کی شرط اُولیٰ، ثانیہ، ثالثہ اور رابعہ ہے، اور ابن ماجہ کی شرط پانچوں طبقات ہیں، اسی لئے منازلِ صحاحِ ستہ کی بحث کو مقدمہ فتح الملھم ج:۱ ص:۲۶۲ میں ''شروط البخاری ومسلم'' کے عنوان میں ذکر کیا ہے۔ (ھذا التعلیق من الأستاذ حفظھم اللہ)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے کوئی مجتہد نہیں اور ان کا مذہب عامۃ المحدثین کا ہے کہ نہ مقلد ہیں نہ مجتہد، اور بعض نے تفصیل کی ہے، پھر اس تفصیل میں بھی اختلاف ہے۔

حضرت مولانا الامام الحافظ سیّد محمد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کی رائے بعض دلائل کی بناء پر یہ ہے کہ امام بخاریؒ تو بلاشک وشبہ مجتہدِ مطلق ہیں، اور ان کی کتاب اس پر شاہدِ عدل ہے، عام طور سے جو امام بخاریؒ کا شافعی ہونا مشہور ہے، وہ اس وجہ سے کہ مسائلِ مشہورہ(۱) میں ان کا مذہب امام شافعی کے موافق ہے، مگر یہ موافقت ان کے شافعی ہونے کی دلیل نہیں بن سکتی، اس لئے کہ جتنے مسائل میں امام بخاریؒ نے امام شافعیؒ کی موافقت کی ہے، تقریباً اتنے ہی مسائل میں امام ابوحنیفہؒ کی موافقت کی ہے، نیز یہ کہنا بھی امام بخاریؒ کے شافعی ہونے کی دلیل نہیں بن سکتا کہ امام بخاریؒ امامِ حُمیدیؒ کے شاگرد ہیں اور حُمیدی شافعی ہیں، اس لئے کہ امام بخاریؒ امام اسحاق بن راہویہؒ کے بھی شاگرد ہیں جو حنفی ہیں، نیز کثیر مسائل میں امام بخاریؒ نے امام شافعیؒ کی مخالفت بھی کی ہے۔

امام ابوداوٗدؒ اور نسائیؒ دونوں حنبلی ہیں، حافظ ابنِ تیمیہؒ نے اس کی صراحت کی ہے، اور دونوں کتابوں کے انداز سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے(۲)، اور امامِ ترمذیؒ شافعی ہیں، انہوں نے اپنی پوری کتاب میں سوائے مسئلہ "اِبْراد بالظُّھر" کے کسی مسئلہ میں امام شافعیؒ سے اختلاف نہیں کیا۔

اور امام مسلمؒ اور ابن ماجہؒ کے بارے میں حضرت شاہ صاحبؒ کا ارشاد یہ ہے کہ ان کا مذہب معلوم نہیں ہوسکا، اور امام مسلمؒ کا شافعی ہونا جو مشہور ہے اس کی بنیاد صحیح مسلم کے تراجم ہیں جو بیشتر شافعی مذہب کے موافق ہیں، لیکن یہ بنیاد صحیح نہیں، کیونکہ تراجم امام مسلمؒ نے خود قائم نہیں کئے، بعد کے لوگوں نے قائم کئے ہیں، جیسا کہ آگے بھی بیان ہوگا، اور بعض حضرات نے امام مسلمؒ کو مالکی قرار دیا ہے اور بعض نے اہلِ حدیث(۳) اور بعض نے مجتہدِ مطلق(۴)۔

---

(۱) مثلاً: رفع الیدین والجھر بالتأمین وغیرھما، کذا فی حاشیۃ لامع الدراری علی جامع البخاری ص:۱۵۔ (من الاستاذ حفظھم اللہ)۔

(۲) اگرچہ بعض دوسرے حضرات نے ان دونوں کو شافعی کہا ہے۔ (لامع الدراری ج:۱ ص:۱۶۱) من الاستاذ حفظھم اللہ.

(۳) یہاں اہلِ حدیث سے ہمارے زمانے کے غیر مقلد ہرگز مراد نہیں ہیں، بلکہ عامۃ المحدثین کا مسلک مراد ہے۔ (من الاستاذ حفظھم اللہ)

(۴) مقدمہ فیض الباری ج:۱ ص:۵۸، نیز تفصیل کے لئے دیکھئے: مقدمہ لامع الدراری ج:۱ ص:۱۵۸ تا ۱۶۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ترجمةُ الإمام مسلمؒ

إسمه ونسبهٗ وكنيته ومولده

هو الامام الهمام الحافظ الحجة ابوالحسين مسلم بن الحجاج بن مسلم بن ورد بن کوشاذ(۱) القشیری(۲) النیشافوری رحمہ اللہ۔ قشیری عرب کے مشہور قبیلہ ''قشیر'' کی طرف نسبت ہے، ولاءً آپ اسی قبیلہ سے منسوب ہیں اور نیشاپور، خراسان کا بڑا شہر ہے، یہاں آپ کی ولادت ۲۰۲ھ یا ۲۰۴ھ یا ۲۰۶ھ میں ہوئی، آخری قول کو ابن الاثیرؒ نے ''جامع الاصول'' میں اختیار کیا ہے۔(۳)

سماعهٗ

امامؒ نے سماعِ حدیث کا آغاز ۲۱۸ھ میں کیا اور بلخ (شمالی افغانستان)، خراسان، رے، عراق، مصر اور حجاز وغیرہ ممالک کے کثیر شیوخ سے علمِ حدیث حاصل کیا، آپؒ کے مشہور ترین اساتذہ میں سے یحییٰ بن یحییٰ، اسحاق بن راہویہ، امام احمد بن حنبل، عبداللہ بن مسلمہ قعنبی، محمد بن مہران اور ابوبکر بن ابی شیبہ وغیرہم ہیں، آپ نے امام ابوزرعہ رحمہ اللہ سے بھی ایک حدیث اپنی

---

(۱) كذا فی سير اعلام النبلاء ج:۱۲ ص:۵۵۸ ووفيات الاعيان ج:۵ ص:۱۹۴ واكمال تهذيب الكمال ج:۱۱ ص:۱۷۰، البتہ شذرات الذهب ج:۲ ص:۱۴۴ میں ''ورد بن کوشان'' مذکور ہے لیکن وہاں حاشیہ میں ہے: ''وفی النسخ کوشاذ'' نیز بُستان المحدثین ص:۲۷۸ میں ''ورد بن کرشاد'' مذکور ہے، لیکن ہمیں کسی اور کتاب میں ''ورد بن کرشاد'' نہیں ملا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۲) اختلف فيه: هل هو قشيری من انفسهم ام من مواليهم؟ قال الامام ابن الصلاح ''من انفسهم'' وكثير من اهل الحديث والتراجم يقولون فيه ''القشيری'' مطلقًا والصحيح انه من مواليهم وذكر الذهبی هذا احتمالًا فقال: ''فلعله من موالی قشير (كذا فی الكتاب المسمّٰی بـ''الامام مسلم بن الحجاج ومنهجه فی الصحيح'' ج:۱ ص:۱۱، ۱۲، وسير اعلام النبلاء ج:۱۲ ص:۵۵۸) وقشير كما جاء فی تهذيب الاسماء واللغات (ج:۲ ص:۸۹) من قبائل العرب. (من الاستاذ حفظهم الله).

(۳) بُستان المحدثین صفحہ:۱۷۹، علامہ نوویؒ نے ''مقدمہ شرح'' میں صفحہ:۱۲ پر امام مسلمؒ کی وفات کی تاریخ ۲۶۱ھ لکھی ہے اور فرمایا ہے کہ: ''وهو ابن خمس وخمسين سنة'' اس سے بھی سنِ ولادت ۲۰۶ھ ہی متعین ہوتا ہے۔ (من الاستاذ حفظهم الله)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صحیح میں روایت کی ہے۔[۱] آپ نے اپنے جن اساتذہ سے حاصل کی ہوئی حدیثیں اپنی کتاب "الجامع الصحیح" میں درج کی ہیں، ان اساتذہ کی تعداد علامہ مِزّیؒ نے ۲۱۴ بیان کی ہے اور علامہ ذہبیؒ نے ۲۱۳۔[۲]

امام بخاریؒ سے تعلق

امام بخاریؒ بھی آپ کے جلیل القدر استاذ ہیں، خاص طور پر آپ نے عِلَلِ حدیث میں ان سے بہت استفادہ کیا، اس سلسلے میں ایک واقعہ بھی مشہور ہے کہ ایک مرتبہ امام مسلمؒ نے امام بخاریؒ کے سامنے ایک حدیث اور اس کی سند پڑھنے کے بعد ان سے پوچھا: "تعرف بهذا الاسناد حديثاً؟" امام بخاریؒ نے فوراً جواب دیا: "اِلَّا أنه معلولٌ" یہ سن کر امام مسلمؒ نے باصرار پوچھا کہ آپ اس کی علت بیان فرمادیں، امام بخاریؒ نے اس کی علت بھی ذکر فرمائی اور پھر اس حدیث کو غیر معلول سند سے بھی بیان فرمایا، یہ سن کر امام مسلمؒ نے فرمایا:۔

ولا يبغضك اِلَّا حاسدٌ وأشهد أنّه ليس في الدنيا مثلك.[۳]

امام مسلمؒ اپنے اس استاذ یعنی امام بخاریؒ کی دل و جان سے قدر کرتے اور بہت احترام کرتے تھے، مشہور محدث محمد بن یعقوب فرماتے ہیں:

"رأيت مسلم بن الحجاج بين يدى البخارى يسألهُ سوال الصبى."[۴]

اور ایک روایت میں ہے کہ ایک مرتبہ امام صاحبؒ نے امام بخاریؒ کی پیشانی پر بوسہ دیا اور عرض کیا:۔

---

(۱) وہ روایت یہ ہے: "حدثنی عبيدالله بن عبدالكريم ابوزرعة (الٰى قوله) عن عبدالله بن عمر قال: كان من دعاء رسول الله صلى الله عليه وسلم "اللّٰهم انى اعوذ بک من زوال نعمتک وتحوّل عافيتک وفجاءة نقمتک وجميع سخطک" صحيح مسلم ج: ۲ ص: ۳۵۲، باب اكثر اهل الجنة الفقراء واكثر اهل النار النساء .... الخ.

(۲) "الامام مسلم بن الحجاج ومنهجهٔ فى الصحيح" ج:۱ ص:۵۵ بحوالہ تهذيب الكمال۔

(۳) سير اعلام النبلاء ج:۱۲ ص:۴۳۶، ۴۳۷، وتاریخِ بغداد ج:۲ ص:۲۹، وكذا فى النكت على ابن الصلاح ج:۲ ص:۷۱۷ تا ۷۲۰۔

(۴) تاریخِ بغداد ج:۲ ص:۲۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دعني أقبل رجليك يا استاذ الأستاذين، وسيد المحدثين وطبيب الحديث في علله.(۱)

آپ نے امام بخاریؒ سے طویل عرصہ تک استفادہ کیا، جب امام ذہلیؒ اور امام بخاریؒ کے درمیان "خلقِ قرآن" کے مسئلہ پر اختلاف ہوا تو آپؒ نے امام بخاریؒ کا ساتھ دیا اور جو حدیثیں امام ذہلیؒ سے حاصل کر کے لکھی تھیں وہ تمام احادیث انہیں واپس لوٹا دیں۔(۲)

لیکن اس کے باوجود آپ نے امام بخاریؒ کی کوئی روایت اپنی کتاب "الجامع الصحیح" میں نقل نہیں فرمائی، اس کی وجہ یہ ذکر کی گئی ہے کہ امام بخاریؒ کی روایت کردہ بہت سی احادیث میں دونوں کے استاذ مشترک تھے، اگر امام مسلمؒ وہ روایات امام بخاریؒ کے حوالے سے نقل کرتے تو امام مسلمؒ کی سند نازل ہو جاتی، اس لئے ان کی احادیث اپنی صحیح میں شامل نہیں کیں تاکہ ان کی سند عالی رہے۔(۳)

شأنه وعَبقَريَّتُه في علم الحديث

امام اسحاق بن راہویہؒ جو آپ کے استاذ ہیں، انہوں نے آپ کا ذکر کیا اور آپ کے مستقبل کے بارے میں بطورِ تعجب فرمایا: "ایُّ رجل یکون هذا؟"(۴) ابو قریش(۵) جو مشہور حافظ

(۱) تاریخِ بغداد ج:۱۳ ص:۱۰۲، و مقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۱۵۰۔

(۲) تاریخِ بغداد ج:۱۳ ص:۱۰۳، وشذرات الذهب ج:۱ ص:۱۴۴۔

(۳) "الامام مسلم بن الحجاج ومنهجه في الصحيح" ج:۱ ص:۱۵۲، نیز اس کی ایک وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ جب امام مسلمؒ نے امام ذہلیؒ کی روایت کردہ احادیث کو اپنی کتاب میں ذکر نہیں کیا تو شاید اس لئے مناسب نہیں سمجھا کہ امام بخاریؒ کی روایات کو اپنی کتاب میں ذکر کریں تاکہ امام ذہلیؒ کے دل میں کوئی میل پیدا نہ ہو۔ حافظ ابنِ حجرؒ نے امام مسلمؒ کے اس طرزِ عمل کی تعریف فرماتے ہوئے لکھا: "وقد أنصف مسلم فلم يحدّث في كتابه عن هذا ولا عن هذا." هدى السارى ص:۴۹۱۔

(۴) تهذيب الكمال ج:۲۸ ص:۵۰۶، وتذكرة الحفاظ ج:۲ ص:۵۸۹، ومقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۹ اور سير اعلام النبلاء ج:۱۲ ص:۵۶۳، ۵۶۴۔

(۵) هو ابو قريش محمد بن جُمعة بن خَلف، معاصر الامام مسلم وهو من الحفاظ، (ليراجع مقدمة شرح النووى صفحة:۱۵۔ رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حدیث ہیں اور امام مسلمؒ کے معاصر ہیں، وہ فرماتے ہیں: "حفاظ الدنیا اربعة[۱] وذکر منهم مسلما"۔[۲]

امام مسلمؒ کے رفیقِ خاص اور تلمیذِ خاص احمد بن مسلمہ فرماتے ہیں کہ: امام ابوزرعہ اور امام ابوحاتم جیسے ائمہ حدیث امام مسلمؒ کو احادیثِ صحیحہ کی معرفت میں اپنے زمانہ کے تمام مشائخ پر مقدم سمجھتے تھے۔[۳]

بُستان المحدثین میں حضرت شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ نے فرمایا کہ امام مسلمؒ کے عجائب میں سے یہ ہے کہ: "انه ما اغتاب احدًا ولا ضرب ولا شتم."[۴]

تلامیذہٗ

حفاظِ حدیث اور کبار ائمہ میں سے ایک کثیر تعداد آپ کی شاگرد ہے، امام ترمذیؒ نے بھی ایک حدیث آپ سے روایت کی ہے۔[۵]

نیز ابوحاتم رازی احمد بن سلمہ، ابوبکر بن خزیمۃ، ابوعوانہ الاسفرائنی اور عبدالرحمٰن بن ابی حاتم رحمہم اللہ جیسے جلیل القدر ائمہ حدیث بھی آپ کے شاگرد ہیں۔[۶]

---

(۱) یہی بات حضرت مولانا احمد علی سہارنپوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مقدمہ صحیح البخاری میں محمد بن بشارؒ کے حوالے سے نقل فرمائی ہے: "عن محمد بن بشار شیخ البخاری ومسلم قال: "حفاظ الدنیا اربعة، أبوزرعة بالرَّیُ، ومسلم بن الحجاج بنیسابور، وعبدالله بن عبدالرحمٰن الدارمي بسمرقند، ومحمد بن اسماعیل ببخاریٰ." رفیع

(۲) مقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۹، وسیر اعلام النبلاء ج:۱۲ ص:۵۶۴۔

(۳) حوالۂ بالا، وسیر اعلام النبلاء ج:۱ ص:۵۶۳، وتذکرة الحفاظ للذهبیؒ ج:۲ ص:۲۸۹، وتاریخ بغداد ج:۱۳ ص:۱۰۱ اور تهذیب التهذیب ج:۵ ص:۴۰۷۔

(۴) بُستان المحدثین ص:۲۸۰۔

(۵) مقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۹ اور تهذیب الکمال ج:۲۷ ص:۵۰۴۔ وہ حدیث امام ترمذیؒ نے جامع الترمذی، "باب ما جاء في احصاء هلال شعبان لرمضان" میں ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے: "حدثنا مسلم بن الحجاج (الٰی قوله) عن أبی هریرة قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: احصوا هلال شعبان لرمضان." (الحدیث)

(۶) مقدمه شرح النووی ص:۱۲، وتهذیب الکمال ج:۲۷ ص:۵۰۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وفاتہٗ

آپ کی وفات سن ۲۶۱ھ میں اتوار کی شام ۲۴ ررجب کو خراسان ہی میں ہوئی، اور وفات کا واقعہ بھی عجیب ہوا، جو آپ کے اشتغال بالحدیث کی عجیب مثال ہے، ایک مجلس میں آپ سے ایک حدیث پوچھی گئی جو آپ کو اس وقت مستحضر نہ تھی، آپ گھر تشریف لائے اور اپنی یادداشتوں اور کتابوں میں اس حدیث کو تلاش کرنے لگے، آپ کو بھوک لگی ہوئی تھی، قریب ہی ایک ٹوکری کھجور کی بھری رکھی تھی، آپ ایک ایک کھجور اس میں سے لے کر کھاتے جاتے اور حدیث تلاش کرتے رہے، پوری رات اسی انہماک میں گزر گئی، صبح ہوئی تو کھجوریں ختم ہوچکی تھیں، وہ حدیث تو مل گئی لیکن کھجوروں کا واقعہ آپ کی موت کا سبب بنا، آپ کا مزار خراسان میں مرجعِ خلائق ہے۔(۱)

وفات کے بعد آپ کے شاگردِ مشہور امامِ حدیث ابوحاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو خواب میں دیکھا اور حال دریافت کیا، تو فرمایا: ''ان اللہ أباح لی الجنة أتبوّأ منها حیث أشاء.''(۲)

مشہور محدث علامہ ابوعلی زغوریؒ کو کسی نے خواب میں دیکھا اور پوچھا: کس عمل سے تمہاری نجات ہوئی؟ زغوریؒ نے صحیح مسلم کے ایک جزء کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: ''اس جزء کی بدولت جو میرے ہاتھ میں ہے!''(۳)

تصانیفہٗ

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف ''صحیح مسلم'' کے علاوہ بھی بہت ہیں، جن میں سے چند یہ ہیں:-(۴)

---

(۱) مرقاة المفاتیح ج:۱ ص:۲۰، مقدمہ فتح الملہم ج:۱ ص:۲۸۰، تاریخِ بغداد ج:۱۳ ص:۱۰۳، تہذیب الکمال ج:۲۷ ص:۵۰۷۔ لیکن ناچیز کا پچھلے سال ایران جانا ہوا تو یہ افسوناک اطلاع ملی کہ آپ کا مزار اب تلاش کرنا مشکل ہے کیونکہ اُس کے آثار اب باقی نہیں رہے، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ رفیع ۱۱رشعبان ۱۴۲۶ھ

(۲) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال ج:۲۷ ص:۵۰۶، تاریخ دمشق لابن عساکر ج:۵۸ ص:۹۲، تاریخِ بغداد ج:۱۳ ص:۱۰۱۔

(۳) صیانة صحیح مسلم من الاخلال والغلط لابن الصلاح ص:۱۷، تاریخِ بغداد ج:۱۳ ص:۱۰۱، تہذیب الکمال ج:۲۷ ص:۵۰۶۔

(۴) مقدمہ فتح الملہم ج:۱ ص:۲۸۰، بُستان المحدثین ص:۲۸۰، وکذا فی تذکرة الحفاظ ج:۲ ص:۵۹۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- المسند الكبير على اسماء الرجال.

۲- كتاب العلل.

۳- كتاب اوهام المحدثين.

۴- كتاب التمييز.

۵- كتاب من ليس له الا راو واحدٌ.

٦- كتاب طبقات التابعين.

۷- كتاب المخضرمين.

۸- كتاب رواة الاعتبار.

۹- كتاب افراد الشاميّين.

۱۰- كتاب مشائخ مالك.

۱۱- كتاب مشائخ شعبة.

۱۲- كتاب مشائخ الثوری.

۱۳- آپ کی تصانیف میں سب سے زیادہ عظیم الشان، جلیل القدر، مشہور ترین کتاب "الجامع الصحیح" ہے، جس کے درس کی سعادت بحمداللہ ہم حاصل کر رہے ہیں، اس کی خصوصیات اور ضروری تعارف ہم آگے بیان کریں گے۔

اختلاف الشيخين فى الحديث المعنعن

"حدیث مُعَنعَن" اس حدیث کو کہتے ہیں جو بلفظ "عن" روایت کی جائے، اور اس طرح روایت کرنے کو "عَنعَنَہ" کہتے ہیں، لفظ "عن" سے یہ واضح نہیں ہوتا کہ راوی نے یہ حدیث مروی عنہ سے بالواسطہ حاصل کی ہے یا بلاواسطہ؟ یعنی اس اسناد میں عقلاً اتصال کا احتمال بھی ہوتا ہے اور انقطاع کا بھی، لہٰذا ائمہ حدیث کے سامنے یہ سوال پیدا ہوا کہ ایسی سند کو متصل قرار دیا جائے یا منقطع؟ اگر منقطع قرار دیا جائے گا تو حدیث کو صحیح نہیں کہا جا سکتا، اس لئے کہ صحتِ حدیث کے لئے اتصالِ سند شرط ہے، اور اگر متصل قرار دیا جائے تو دیگر شرائطِ صحت پائی جانے کی صورت میں وہ حدیث صحیح ہوگی، حاصل یہ ہے کہ حدیثِ معنعن کو صحیح یا غیر صحیح قرار دینے کے لئے یہ ضروری تھا کہ یہ طے کیا جائے کہ یہ حدیث متصل ہے یا منقطع؟

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حدیثِ مُعنعن کو کن شرائط کے ساتھ متصل قرار دیا جائے؟ اس میں دو شرطیں تو متفق علیہ ہیں۔ ۱-ایک یہ کہ عنعنہ کرنے والا راوی مدلس نہ ہو۔ ۲-دوسری یہ کہ اس راوی اور اس کے مروی عنہ کے درمیان معاصرت ثابت ہو۔ ۳-ایک تیسری شرط ہے جس میں شیخینؒ کا اختلاف ہوا، یعنی علی بن المدینی اور امام بخاری رحمہما اللہ کے نزدیک حدیثِ معنعن کو متصل قرار دینے کے لئے تیسری شرط بھی ہے، اور وہ یہ کہ ان دونوں کے درمیان عمر بھر میں کم از کم ایک بار ملاقات کا ثبوت بھی کسی دلیل سے ہو جائے۔

یہ تینوں شرطیں پائی جائیں تو ان کے نزدیک حدیثِ معنعن کو متصل قرار دیا جائے گا اور اگر تیسری شرط مفقود ہو تو توقف کیا جائے گا، یعنی اس کے متصل یا منقطع ہونے کا فیصلہ نہیں کیا جائے گا، چنانچہ اسے صحیح یا غیر صحیح بھی نہیں کہا جاسکے گا، لہٰذا وہ حدیث قابلِ استدلال بھی نہیں ہوگی۔

امام مسلم رحمہ اللہ کے نزدیک حدیثِ معنعن کو متصل قرار دینے کے لئے صرف پہلی دو شرطیں کافی ہیں، یعنی راوی کا مدلس نہ ہونا، اور راوی اور مروی عنہ کے درمیان معاصرت کا ثبوت کافی ہے، "لقاء ولو مرةً" کا ثبوت ضروری نہیں۔

فریقین کے دلائل سمجھنے کے لئے مندرجہ ذیل تین مقدمات ذہن نشین کرلینا ضروری ہے:-

المقدمة الأُولٰی

پہلا مقدمہ یہ ہے کہ حدیثِ معنعن کو راوی نے اگر واسطہ ترک کر کے روایت کیا ہو، یعنی راوی اور مروی عنہ کے درمیان واسطہ تھا مگر راوی نے اسے ذکر نہیں کیا تو ظاہر ہے کہ یہ انقطاع ہے اور ایسے انقطاع کی تین قسمیں ہیں:-

۱-اِرسالِ جلی۔ ۲- اِرسالِ خفی۔ ۳- تدلیس۔

اِرسالِ جلی یہ ہے کہ انقطاع بالکل واضح ہو بہ سبب اس کے کہ راوی اور مروی عنہ کے درمیان معاصرت ہی نہ ہو، مثلاً: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کہیں: "عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم."

یا معاصرت تو ہو لیکن دونوں کے درمیان عدم اللقاء ثابت ہو، مثلاً: مخضرمین میں سے کوئی کہے: "عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم."

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ان دونوں صورتوں میں چونکہ انقطاع بالکل ظاہر ہے، اس لئے اس انقطاع کو ''اِرسالِ جلی'' کہتے ہیں۔[۱]

اِرسالِ خفی:- یہ ہے کہ انقطاع موجود تو ہو مگر واضح نہ ہو بہ سبب اس کے کہ راوی اور مروی عنہ کے درمیان معاصرت ثابت ہو، لیکن لقاء یا عدم اللقاء معلوم نہ ہو، اس صورت میں انقطاع چونکہ ظاہر نہیں، بلکہ مخفی ہے اس لئے اس فعل کو ''اِرسالِ خفی'' کہتے ہیں۔[۲]

تدلیس:- اس کی مشہور تعریف یہ ہے کہ انقطاع موجود تو ہو مگر واضح نہ ہو بہ سبب اس کے کہ راوی اور مروی عنہ کے درمیان معاصرت بھی ثابت ہو اور لقاء بھی کم از کم ایک دفعہ ثابت ہو،[۳] پھر راوی اس مروی عنہ سے بلفظ ''عن'' ایسی حدیث نقل کرے جو اس نے خود اس سے نہیں سنی، بلکہ بالواسطہ سنی ہے، اسے اصطلاح میں ''تدلیس''، یعنی دھوکا بازی کہتے ہیں۔[۴]

المقدمة الثانية

تدلیس کا حکم یہ ہے کہ یہ مذموم ہے، اور اس کی وجہ سے راوی ایک حد تک مجروح ہو جاتا ہے، چنانچہ جو راوی تدلیس میں معروف ہو اس کا کوئی بھی عنعنہ اگرچہ باقی شرائطِ صحت کو جامع ہو، اسے متصل قرار نہیں دیا جاتا اور ''صحیح'' نہیں مانا جاتا۔ اور اِرسالِ جلی کا حکم یہ ہے کہ یہ مذموم نہیں، یعنی اِرسالِ جلی اگرچہ شرطِ صحت کے منافی ہے، لیکن اس عمل کی وجہ سے راوی مجروح نہیں ہوتا، کیونکہ یہ دھوکا بازی نہیں، چنانچہ اگر کوئی ایسا راوی جس نے کبھی اِرسالِ جلی کیا ہو یا بکثرت کرتا ہو، وہ کوئی ایسی حدیثِ معنعن روایت کرے جس میں متصل قرار دیئے جانے کی شرطیں علی اختلاف القولین موجود ہوں اور دیگر شرائطِ صحت بھی موجود ہوں تو اس کا یہ عنعنہ متصل قرار دیا جاتا ہے اور صحیح شمار ہوتا ہے۔

---

(۱) مقدمہ فتح الملھم ج:۱ ص:۱۰۴۔ نیز دیکھئے: النکت علی کتاب ابن الصلاحؒ للحافظ ابن حجرؒ ج:۲ ص:۶۲۳ و شرح شرح نخبة الفکر لمُلّا علی القاریؒ ص:۱۱۸۔

(۲) مقدمہ فتح الملھم حوالۂ بالا، و فتح المغیث، بحث التدلیس ج:۱ ص:۱۶۹، و شرحِ شرحِ نخبة الفکر لُملّا علی القاریؒ ص:۲۱۵۔

(۳) آگے معلوم ہوگا کہ متعدد علمائے محققین کے نزدیک اِرسالِ خفی بھی تدلیس ہی کی ایک قسم ہے، چنانچہ وہ حضرات تدلیس کی تعریف میں ''ثبوتِ لقاء ولو مرة'' کی قید نہیں لگاتے۔ (از حضرت استاذنا المکرّم مدظلہم)

(۴) مقدمہ فتح الملھم حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

المقدمة الثالثة

علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ اِرسالِ خفی تدلیس کے حکم میں ہے یا اِرسالِ جلی کے؟ یعنی یہ بھی دھوکے بازی ہے یا نہیں؟ حافظ ابنِ حجرؒ اور قاضی عیاضؒ کے نزدیک یہ اِرسالِ جلی کے حکم میں ہے، اور حافظ ابنِ عبدالبرؒ اور مُلّا علی قاریؒ کے نزدیک تدلیس کے حکم میں ہے بلکہ تدلیس ہی کی ایک قسم ہے،(۱) خطیب بغدادیؒ اور علامہ نوویؒ کے کلام سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے،(۲) شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانیؒ نے بھی "مقدمة فتح الملهم" میں اسی پر جزم کیا ہے،(۳) نیز دلائل سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے، اس لئے کہ تدلیس کی اصل حقیقت یہ ہے کہ راوی واسطہ چھوڑ کر اپنے معاصر مروی عنہ کی طرف روایت کو ایسے لفظ سے منسوب کرے جو موہم سماع ہو، اور یہ تعریف اِرسالِ خفی پر بھی پوری طرح صادق آتی ہے (علامہ نوویؒ نے بھی تدلیس کی یہی تعریف مقدمہ شرح مسلم میں کی ہے، اور ثبوت لقاء ولو مرۃً کی قید نہیں لگائی)۔

ان مقدمات کو ذہن نشین کرنے کے بعد اب شیخینؒ کا اختلاف دوبارہ تازہ کرلیں، وہ یہ ہے کہ امام بخاری اور علی ابن المدینی رحمہما اللہ نے اسنادِ معنعن کو اِتصال پر محمول کرنے کے لئے شرط لگائی ہے کہ راوی اور مروی عنہ کے درمیان صرف معاصرت کافی نہیں بلکہ کم از کم ایک دفعہ لقاء کا ثبوت بھی ضروری ہے، اگر ایک بار بھی لقاء ثابت نہ ہو تو اس کے عنعنہ کو اِتصال پر محمول نہیں کیا جائے گا،(۴) اور امام مسلم رحمہ اللہ کے نزدیک صرف معاصرت کافی ہے، ثبوتِ لقاء ایک دفعہ کا بھی ضروری نہیں، ہاں اگر کسی دلیل سے ثابت ہوجائے کہ معاصرت کے باوجود

---

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے: التمهيد للامام ابن عبدالبرؒ (بحث التدليس)، وشرح شرح نخبة الفكر لمُلّا علی القاریؒ (بحث الفرق بين المدلس والمرسل)۔

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے: كتاب الكفاية في علم الرواية للامام ابی بكر احمد بن علی المعروف بالخطيب البغداديؒ (بحث التدليس والمرسل)، ومقدمة شرح مسلم للامام النوويؒ ص:۱۸ (فصل في الاسناد المعنعن وفصل التدليس قسمان)۔

(۳) مقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۱۱۰۔

(۴) اور ثبوتِ لقاء ولو مرۃً کی صورت میں اِتصال پر محمول کیا جائے گا بشرطیکہ راوی غیر مدلس ہو، کیونکہ غیر مدلس سے ظاہر یہی ہے کہ اس نے یہ حدیث براہِ راست سنی ہے، استقراء سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ غیر مدلس خود سنے بغیر اپنے معاصر ملاقاتی سے عنعنہ نہیں کرتا کیونکہ اگر کرے گا تو اس کا یہ عمل تدلیس ہوجائے گا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دونوں میں کبھی ملاقات نہیں ہوئی، تو اس کو اِتصال پر محمول نہیں کیا جائے گا۔[۱]

امام مسلمؒ نے صحیح مسلم کے مقدمہ میں امام بخاریؒ کا نام لئے بغیر اُن کے اس موقف پر شدید ردّ کیا ہے اور ان کے اس مذہب پر دو اعتراض کئے، جو درج ذیل ہیں:-

۱- پہلا اعتراض یہ کیا کہ "ثبوتِ لقاء ولو مرة" کی شرط آپ کی ایجاد ہے، ماقبل کے کسی محدث نے یہ شرط نہیں لگائی، لہٰذا اجماع کے خلاف ہے، چنانچہ امام مسلمؒ نے اپنے مقدمہ میں حدیثِ معنعن کی ایسی متعدد مثالیں پیش کی ہیں جن کے راوی اور مروی عنہ کے درمیان صرف معاصرت ثابت ہے، لقاء ایک دفعہ کا بھی ثابت نہیں، اس کے باوجود کسی بھی محدث نے اس کو غیر صحیح یا غیر متصل السند نہیں کہا۔

۲- دوسرا اعتراض یہ کیا کہ ثبوت لقاء ولو مرة کی شرط بے کار اور بے فائدہ ہے، اس لئے کہ اگر اس کا یہ فائدہ بیان کیا جائے کہ معاصرتِ محضہ کی صورت میں یہ احتمال تھا کہ راوی نے مروی عنہ سے خود یہ حدیث نہ سنی ہو، اور لقاء مرة کی قید سے یہ احتمال ختم ہوگیا، تو ہم اس فائدے کو تسلیم نہیں کرتے، اس لئے کہ ہوسکتا ہے کہ ثبوتِ لقاء کے باوجود راوی نے یہ حدیث مروی عنہ سے خود سنے بغیر بلفظ "عن" روایت کردی ہو، یعنی تدلیس کردی ہو، اور یہ صرف احتمال ہی نہیں بلکہ اس کا وقوع بھی ہوتا ہے، مثلاً:-

عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة رضي الله عنها قالت: كنتُ أطيّب رسول الله صلى الله عليه وسلم لحله ولِحرمه باطيبِ ما أجد.[۲]

اس سند میں امام بخاریؒ کی شرط موجود ہے، اس لئے کہ ہشام اپنے والد عروہ سے روایت کر رہے ہیں، ان دونوں کے درمیان معاصرت بھی ثابت ہے اور ملاقات بھی، بلکہ احادیثِ کثیرہ کا سماع بھی ثابت ہے، لیکن اس کے باوجود جب تحقیق کی گئی تو ثابت ہوا کہ اس روایت میں انقطاع ہے، کیونکہ ایک دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ہشام نے یہ حدیث اپنے والد سے براہِ راست نہیں سنی، بلکہ اپنے بھائی عثمان سے سنی تھی، اور اس نے عروہ سے سنی تھی، معلوم ہوا کہ امام بخاریؒ کی شرط کے باوجود حدیثِ معنعن میں انقطاع کا احتمال ضرور باقی

(۱) صحیح مسلم فی باب صحة الاحتجاج بالحديث المعنعن ج:۱ ص:۲۲۔

(۲) صحیح مسلم باب صحة الاحتجاج بالحديث المعنعن حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رہتا ہے، بلکہ مذکورہ بالا مثال میں تو انقطاع متحقق بھی ہوگیا ہے، انقطاع کا احتمال تو صرف اسی وقت ختم ہوسکتا ہے جب راوی لفظ "عـن" کے بجائے ایسا لفظ استعمال کرے جو سماع بلاواسطہ میں صریح ہو، مثلاً: حدثنا یا حدثنی وغیرہ، مگر اس صورت میں یہ عنعنہ کی بجائے تحدیث یا اخبار ہوجائے گا، جو ہماری بحث سے خارج ہے، ہماری بحث تو حدیثِ معنعن میں ہو رہی ہے۔

حافظ ابنِ حجر رحمہ اللہ نے "شرح نخبة الفكر" میں دوسرے اعتراض کا یہ جواب دیا ہے[1] کہ امام بخاریؒ کی شرط سے عنعنہ میں (انقطاع کا احتمالِ عقلی اگرچہ باقی ہے مگر) انقطاع کا احتمالِ عادی بالکلیہ ختم ہوجاتا ہے، لہٰذا یہ شرط بے فائدہ نہیں، کیونکہ یہاں بحث غیرمدلس کے عنعنہ میں ہو رہی ہے، یعنی ایسے راوی کے عنعنہ کے بارے میں جس کے متعلق ہمیں یہ معلوم ہو کہ اس کی عادت تدلیس کرنے کی نہیں ہے۔ پس جب وہ ثبوتِ لقاء ولو مرۃً کے باوجود عنعنہ کرے گا تو اس عنعنہ میں انقطاع کا احتمال عادی نہیں پایا جائے گا، اور ظنِ غالب اس کے اتصال کا حاصل ہوجائے گا، کیونکہ اس عنعنہ میں اگر آپ انقطاع کا احتمال مانیں گے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ اس غیرمدلس راوی کے بارے میں یہ شبہ کر رہے ہیں کہ اس عـنـعـنـہ میں اس نے تدلیس کردی ہوگی، کیونکہ جب راوی اور مروی عنہ کے درمیان لقاء کم از کم ایک بار ثابت ہوچکی ہو، پھر وہ اس مروی عنہ سے کوئی حدیث درمیانی واسطہ چھوڑ کر بصیغۂ "عـن" روایت کرے تو اس کا یہ عمل تدلیس کہلاتا ہے، پس گویا آپ اس غیرمدلس راوی پر یہ شبہ کر رہے ہیں کہ وہ مدلس ہوگیا ہے، حالانکہ یہ شبہ ناشی من غیر دلیل ہے، اگر اس قسم کے بے بنیاد شبہ کا اعتبار کیا جائے تو صرف حدیثِ معنعن ہی نہیں بلکہ ہر خبرِ واحد میں اس طرح کا شبہ پیدا کیا جاسکتا ہے، کیونکہ مثلاً: جو حدیث ثقہ راوی، ثقہ مروی عنہ سے بصیغۂ حدثنا یا بصیغۂ حدثنی روایت کرے تو یہاں بھی عقلی احتمال یہ موجود ہوگا کہ اس ثقہ راوی نے یہاں کذب سے کام لیا ہو، مگر یہ احتمال چونکہ محض ایک عقلی احتمال ہے، احتمالِ عادی نہیں، اور ناشی من غیر دلیل ہے اس لئے بالاتفاق کالعدم ہے۔

اسی طرح غیرمدلس کے بارے میں تدلیس کا احتمال کالعدم ہے، معلوم ہوا کہ امام بخاریؒ نے "لقاء ولو مرة" کی شرط لگا کر انقطاع کا احتمالِ عادی بالکلیہ ختم کردیا ہے، اگر یہ شرط نہ لگائی جائے اور صرف معاصرت کے ثبوت کو کافی قرار دیا جائے تو انقطاع کا احتمالِ عادی ختم

(۱) شرح نخبة الفكر ص:۳۶، ۳۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نہ ہوگا، کیونکہ جب راوی کا غیر مدلس ہونا تو معلوم ہو، مگر یہ معلوم نہ ہو کہ وہ اِرسالِ خفی بھی کرتا ہے یا نہیں، تو جب وہ کسی ایسے مروی عنہ سے بصیغۂ "عــــن" روایت کرے گا جس سے اس کی صرف معاصرت ثابت ہے، لقاء یا عدمِ لقاء ہمیں معلوم نہیں، تو اس کے اس عنعنہ میں اگرچہ تدلیس کا احتمال تو کالعدم ہے، مگر اِرسالِ خفی کا احتمال موجود ہوگا، یعنی یہ احتمال موجود ہوگا کہ اس نے اس عنعنہ میں اپنے اور مروی عنہ کے درمیان واسطہ موجود ہونے کے باوجود اسے ذکر نہیں کیا، یعنی اِرسالِ خفی کردیا ہے، (اِرسالِ خفی کی تعریف جو پیچھے مقدمۂ اُولیٰ میں بیان ہوئی ہے اسے پھر دیکھ لیا جائے)، کیونکہ اس غیر مدلس راوی کے بارے میں یہ معلوم نہیں کہ اس کی عادت اِرسالِ خفی کرنے کی ہے یا نہیں؟ دونوں احتمال برابر کے درجے میں موجود ہیں، لہٰذا اس عــنعنہ میں اِتصال کا یعنی عدمِ اِرسالِ خفی کا ظنِ غالب حاصل نہیں ہوگا۔

لیکن مُلّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابنِ حجرؒ کے اس جواب کا یہ جواب دیا ہے(۱) کہ اِرسالِ خفی بھی تدلیس کے حکم میں ہے بلکہ تدلیس ہی کی ایک قسم ہے، تو جب غیر مدلس راوی کوئی حدیث ایسے مروی عنہ سے بصیغۂ "عــــن" روایت کرے گا جس سے اس کی صرف معاصرت ثابت ہے اور لقاء وعدمِ لقاء ہمیں معلوم نہیں تو انقطاع کا احتمالِ عادی اس صورت میں بھی ختم ہوجائے گا، کیونکہ اگر آپ یہاں انقطاع کا یعنی اِرسالِ خفی کا احتمال مانیں گے تو اس کا مطلب بھی یہ ہوگا کہ آپ اس غیر مدلس راوی کے بارے میں یہ شبہ کررہے ہیں کہ اس عــنعنہ میں اس نے اِرسالِ خفی کردیا ہوگا جو بحکمِ تدلیس ہے، یعنی غیر مدلس راوی پر یہ شبہ کررہے ہیں کہ وہ مدلس ہوگیا ہوگا، حالانکہ یہ شبہ ناشی من غیر دلیل ہے، بالکل اسی طرح جس طرح آپ نے اپنے جواب میں تدلیس کے شبہ کے بارے میں کہا ہے۔

مُلّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کے اس جواب الجواب کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اِرسالِ خفی نہ تدلیس میں داخل ہے نہ اس کے حکم میں ہے، بلکہ یہ اِرسالِ جلی کے حکم میں ہے، لہٰذا مذکورہ بالا صورت میں یعنی راوی اور مروی عنہ کے درمیان صرف معاصرت ثابت ہونے کی صورت میں اگر آپ راوی کے بارے میں یہ احتمال مانیں گے کہ اس نے یہاں واسطہ چھوڑ دیا ہے، یعنی اِرسالِ خفی کردیا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوگا کہ آپ غیر مدلس راوی پر تدلیس کا شبہ کررہے

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے: شرح شرح نخبۃ الفکر لمُلّا علی القاری" ص:۶۴، ۶۵ (مطلب مدلس) وص:۲۱۵ (مطلب مرسلۃ ومنقطعۃ)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہیں، بلکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ اس پر اِرسالِ جلی کا شبہ کر رہے ہیں، اور یہ شبہ غلط نہیں، کیونکہ غیر مدلس کے بارے میں یہ تو معلوم ہے کہ وہ تدلیس نہیں کرتا، مگر یہ تو ثابت نہیں کہ وہ اِرسالِ جلی بھی نہیں کرتا، اِرسالِ جلی کرنے یا نہ کرنے کا احتمال برابر کے درجے میں موجود ہے، لہٰذا معاصرتِ محضہ کے ثبوت کی صورت میں حدیثِ مُعَنعَن کے اتصال کا ظنِ غالب حاصل نہیں ہوتا، برخلاف ثبوت لقاء ولو مرۃ کی صورت کے کہ وہاں یہ ظنِ غالب حاصل ہوجاتا ہے، جیسا کہ حافظ ابنِ حجرؒ کے جواب میں تفصیل سے بتایا جاچکا ہے۔

حافظ ابنِ حجرؒ کے اس جواب کا مدار اس بات پر ہے کہ اِرسالِ خفی نہ تدلیس میں داخل ہے نہ تدلیس کے حکم میں ہے، بلکہ دونوں متباین ہیں اور ان کے اَحکام بھی متباین ہیں۔ اگر واقعی دونوں میں تباین ثابت ہوجائے تو حافظ ابنِ حجرؒ کا مذکورہ بالا جواب درست ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ کا مذہب قوی ہے، ورنہ مُلّا علی قاریؒ کے جواب الجواب کو درست اور امام مسلم رحمہ اللہ کے مذہب کو قوی مانا جائے گا۔

اکثر محدثین مثلاً: حافظ ابنِ عبدالبرؒ، علامہ نوویؒ اور خطیبِ بغدادیؒ کے کلام سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ اِرسالِ خفی، تدلیس کے حکم میں ہے، شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے بھی "مقدمہ فتح الملہم" میں اِرسالِ خفی کو تدلیس میں داخل کیا ہے، بلکہ حافظ ابنِ عبدالبرؒ نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ اِرسالِ خفی تدلیس کی بدترین صورت ہے۔(۱)

اور تدلیس کی حقیقت پر غور کرنے سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ اِرسالِ خفی تدلیس میں داخل ہے، اس لئے کہ تدلیس کی حقیقت یہ ہے کہ راوی ایسے مروی عنہ کی طرف حدیث کو بلفظ "عن" ونحوھا منسوب کردے جس سے اس نے یہ حدیث نہیں سنی مگر اس بات کا وہم پیدا کردے کہ خود سنی ہے، اور یہ وہم جس طرح ثبوتِ لقاء ولو مرۃ کے بعد انقطاع کرنے میں پیدا ہوتا ہے، اسی طرح معاصرتِ محضہ کی صورت میں بھی پیدا ہوتا ہے لامکان السماع، لہٰذا اِرسالِ خفی کو تدلیس سے نکالنے کی کوئی وجہ نہیں۔

جب یہ بات ثابت ہوگئی کہ اِرسالِ خفی تدلیس کے حکم میں ہے، تو امام مسلمؒ کا مذہب ہی قوی قرار پاتا ہے، کیونکہ معاصرتِ محضہ کی صورت میں بھی انقطاع کا احتمالِ عادی ختم ہوجاتا

(۱) ان سب کے تفصیلی حوالہ جات پیچھے بیان ہوچکے ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے، کیونکہ اس صورت میں بھی اگر راوی واسطہ ترک کرے گا تو اِرسالِ خفی کرنے کی وجہ سے اسے مدلس کہنا پڑے گا، حالانکہ یہاں بحث اس راوی کے بارے میں ہو رہی ہے جس کی عادت تدلیس کرنے کی نہیں ہے، یعنی اِرسالِ خفی کرنے کی بھی عادت نہیں ہے، لہٰذا ظنِ غالب یہی ہے کہ کسی بھی حدیثِ معنعن میں اس نے اِرسالِ خفی نہیں کیا ہوگا، جیسا کہ پیچھے تفصیل سے بیان ہوا، لہٰذا احتمالِ انقطاع معاصرتِ محضہ کی صورت میں بھی منتفی ہوجاتا ہے، اور لقاء ولو مرۃ کی شرط، اِتصالِ سند کے لئے ضروری نہیں رہتی، شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کی تحقیق کا حاصل بھی یہی ہے کہ اس مسئلہ میں امام مسلم رحمہ اللہ کا مذہب راجح ہے۔[1]

لیکن انصاف کی بات یہ ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ اگر حدیث کے صحیح ہونے اور متصل ہونے کے لئے تو ثبوتِ لقاء کو شرط قرار نہ دیتے ہوں مگر محض اپنے اُوپر یہ پابندی لگائی ہو کہ جس راوی کی ملاقات اُس کے مروی عنہ سے ایک مرتبہ بھی ثابت نہ ہو، اُس کی کوئی حدیثِ معنعن اپنی کتاب "صحیح البخاری" میں ذکر نہیں کریں گے تو من حیث الاحتیاط وتوکید الاتصال بلاشبہ امام بخاری رحمہ اللہ کا مسلک ہی اَحوَط ہے، اس لئے کہ معاصرتِ محضہ کی صورت میں اگرچہ غلبۂ ظن اتصال وسماع کا حاصل ہوجاتا ہے، لیکن لقاء ولو مرۃ کے ثبوت سے اس غلبۂ ظن کی تاکید ہوجاتی ہے، واللہ اعلم۔

تتمۃُ ھٰذا البحث

حافظ ابنِ حجرؒ نے "شرح نخبۃ الفکر" میں تدلیس اور اِرسالِ خفی کے درمیان فرق ثابت کرنے کے لئے ایک دلیل یہ دی ہے کہ مخضرمین، مثلاً: ابوعثمان النہدی یا قیس بن ابی حازمؒ کی روایت "عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم" کو کسی نے بھی تدلیس میں شمار نہیں کیا، حالانکہ ان دونوں کی صرف معاصرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اور لقاء کا ثبوت نہیں، اگر تدلیس کے لئے معاصرتِ محضہ کافی ہوتی تو یہ حضرات مدلّسین ہوتے، مگر کسی نے بھی ان کو مدلس نہیں کہا۔[2]

---

(۱) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: مقدمہ فتح الملہم ج:۱ ص:۴۲۰ تا ۴۲۳ (محاکمۃ بین البخاری ومسلم فی اشتراط السماع وعدمہ)۔

(۲) شرح نخبۃ الفکر ص:۳۲،۳۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مُلاّ علی قاریؒ نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ ان کو مدلس نہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ ان کی روایت "عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم" اِرسالِ خفی نہیں بلکہ اِرسالِ جلی ہے، اس لئے کہ مخضرمین ان لوگوں کو کہا جاتا ہے جن کی معاصرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہو اور عدمِ لقاء بھی معلوم ہو، اور بحث اس صورت میں ہو رہی ہے جبکہ نہ لقاء معلوم ہو نہ عدم اللقاء معلوم ہو، نہ کہ اس صورت میں جبکہ عدم اللقاء معلوم ہو،[۱] چنانچہ امام مسلمؒ نے بھی اپنے مقدمہ میں صراحت کی ہے کہ جس معاصر کا عدم اللقاء ثابت ہوجائے، اس کا عنعنہ اِتصال پر محمول نہیں کیا جائے گا، واللہ اعلم۔

الموازنة بين الصَّحيحين للبخاری ومسلم

اس سلسلہ میں یہ تفصیل ہے کہ صحتِ سند کے اعتبار سے کتابِ بخاری کا درجہ کتابِ مسلم پر بلاشبہ بڑھا ہوا ہے، جمہور محدثینؒ نے اس کی صراحت کی ہے، کسی کا قولِ صریح اس کے خلاف نہیں ملتا، لیکن حسنِ ترتیب، جودۃ سیاق، احتیاط فی الفاظ الاسناد اور سہولت علیٰ القاری کے اعتبار سے کتابِ مسلم کو بلاشبہ فوقیت حاصل ہے،[۲] جس کی تفصیل ہم آگے بیان کریں گے۔

حافظ ابنِ مندہ رحمہ اللہ نے شیخ ابوعلی نیشاپوریؒ کا جو یہ قول نقل کیا ہے کہ: "ما تحتَ اديم السماء كتابٌ اصحّ من كتاب مسلم" نیز بعض علماءِ مغرب کا بھی اس طرح کا قول منقول ہے، اس سے بعض لوگوں کو یہ شبہ ہوگیا ہے کہ اِن حضرات کے نزدیک صحتِ سند کے اعتبار سے کتابِ مسلم کا درجہ کتابِ بخاری پر بڑھا ہوا ہے، لیکن یہ شبہ صحیح نہیں، کیونکہ اوّل تو ابوعلی کے مذکورہ قول کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کتابِ مسلم، کتابِ بخاری سے اصح ہے، بلکہ اس جملہ کا حاصل زیادہ سے زیادہ یہ نکلتا ہے کہ کتابِ مسلم سے اصح کوئی کتاب نہیں، نہ یہ کہ کتابِ مسلم کے مساوی بھی کوئی کتاب نہیں۔[۳]

---

(۱) شرح شرح نخبة الفكر لمُلّا علی القاریؒ ص:۱۱۹ (مطلب الفرق بين المدلس والمرسل) وفتح المغيث ج:۱ ص:۱۶۹۔

(۲) شرح نخبة الفكر ص:۳۶ وفتح المغيث للعلامة السخاویؒ ج:۱ ص:۲۷، ۲۸ (أصح كتب الحديث) وتدريب الراوی ص:۴۴ (اول مصنَّف فی الصحيح المجرد)۔

(۳) فتح المغيث حوالۂ بالا وبُستان المحدثين ص:۲۷۹ ومقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۶۸ (رجحان البخاری علی المسلم)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ثانیاً اس مقولہ کا جواب یہ دیا جاسکتا ہے کہ ممکن ہے کہ شیخ ابوعلی نے یہ بات صحتِ سند کے اعتبار سے نہ کہی ہو بلکہ حسنِ ترتیب کے اعتبار سے اصح کہا ہو، نیز علماءِ مغرب کے کلام میں بھی اس کی صراحت نہیں ملتی کہ انہوں نے اصحیتِ سند کے اعتبار سے کتابِ مسلم کو ترجیح دی ہو، ظاہر یہی ہے کہ انہوں نے بھی حسنِ ترتیب اور جودۃ سیاق ہی کے اعتبار سے ترجیح دی ہے[۱]، اس سلسلہ میں یہ شعر دونوں کتابوں کی حیثیت متعین کرنے کے لئے کافی ہے۔[۲]

تـنـازَعَ قـومٌ فی البخاريْ ومسلمُ

لَـديَّ فـقـالـوا ايَّ ذَيـنِ يُـقـدَّمُ

فـقـلـتُ لـقـد فاق البخاريُّ صحةً

كما فاق في حُسن الصناعة مُسلمٌ[۳]

وجوہُ ترجیح کتاب البخاری علٰی کتابِ مسلم

صحتِ حدیث کا مدار تین اشیاء پر ہے:-

۱- الوثوق بالرُّواۃ. ۲- اِتصال السند. ۳- السلامة من العِلل القادحة. ان تینوں امور میں کتابِ بخاری کا درجہ کتابِ مسلم سے بڑھا ہوا ہے۔

الوثوق بالرواۃ:- کے اعتبار سے ترجیحِ بخاری کی وجوہ مندرجہ ذیل ہیں:-

۱- جن رُواۃ کے ساتھ بخاری منفرد ہیں، یعنی مسلم نے جن کی روایات ذکر نہیں کیں، ان کی تعداد چارسو چونتیس (۴۳۴) ہے، اور ان میں سے متکلم فیه رُواۃ صرف اسّی (۸۰) ہیں، برخلاف مسلم کے کہ جن رُواۃ کے ساتھ مسلم منفرد ہیں ان کی تعداد چھ سو بیس (۶۲۰) ہے، اور ان میں متکلم فیه رُواۃ ایک سو ساٹھ (۱۶۰) ہیں، اور ظاہر ہے کہ جن رُواۃ میں کسی کو کلام نہیں، ان کا درجہ ان پر بڑھا ہوا

---

(۱) شرح نخبة الفكر حوالۂ بالا، و مقدمة فتح الملهم حوالۂ بالا، وهدى السارى مقدمة فتح البارى ج:۱۴ ص:۱۳ (الفصل الثانى فى بيان موضوعه)۔

(۲) قائله الحافظ عبدالرحمٰن بن على الربيع اليمنى الشافعى، كذا فى بُستان المحدثين ص:۲۸۲۔ (از حضرت استاذنا المکرّم مدظلہم)۔

(۳) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے جن میں کلام کیا گیا ہے، اگرچہ وہ کلام نفس الامر میں قادح نہ ہو۔(۱)

۲- امام بخاریؒ نے ان متکلم فیہ رُواۃ کی حدیثیں بھی کم لی ہیں، برخلاف مسلم کے کہ وہ متکلم فیہ رُواۃ کی حدیثیں نسبتاً زیادہ لائے ہیں۔(۲)

۳- بخاری کے متکلم فیہ رُواۃ میں سے اکثر خود ان کے شیوخ ہیں، برخلاف مسلم کے کہ ان کے متکلم فیہ رُواۃ خود امام مسلمؒ کے استاذ نہیں، اُوپر کے شیوخ ہیں، اور ظاہر ہے کہ محدث اپنے شیوخ کے حال اور ان کی احادیث کے حال سے زیادہ واقف ہوتا ہے بہ نسبت استادوں کے استادوں کی احادیث کے، پس وہ اپنے استادوں کی احادیث میں سے ایسی احادیث زیادہ بصیرت سے منتخب کرسکتا ہے جو زیادہ صحیح ہوں۔(۳)

۴- امام بخاری رحمہ اللہ مسائل پر استدلال کرنے کے لئے اصالۃً طبقۂ اُولیٰ کی حدیثیں لاتے ہیں، اور طبقۂ ثانیہ کی کم لاتے ہیں، اور بیشتر ان کو بطریق التعلیق ذکر کرتے ہیں، اور طبقۂ ثالثہ کی شاذ و نادر لاتے ہیں اور وہ بھی سب کی سب بطریق التعلیق ہیں، اور ظاہر ہے کہ کتابِ بخاری اصالۃً مسندات کے لئے موضوع ہے اور تعلیقات محض استشہاد وغیرہ کے لئے لائی جاتی ہیں، برخلاف مسلم کے کہ وہ طبقۂ اُولیٰ و ثانیہ کی روایات بالاصالۃ لیتے ہیں اور طبقۂ ثالثہ کی بطورِ استشہاد۔

اِتصال السند:- کے اعتبار سے کتابِ بخاری کی ترجیح کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے حدیثِ مُعنعَن کو اپنی کتاب میں لانے کے لئے راوی اور مروی عنہ کے درمیان ثبوتِ لقاء ولو مرۃً کی شرط لگائی ہے، برخلاف مسلم کے کہ وہ مجرد معاصرت پر اکتفاء کرتے ہیں، اور پیچھے بیان ہوچکا ہے کہ لقاء ولو مرۃً کا ثبوت اگرچہ حدیثِ معنعن کو متصل قرار دینے کے لئے قولِ جمہور کے مطابق شرط نہیں، مگر بالاتفاق تاکیدِ اِتصال کا موجب تو ہے، اور امام بخاریؒ نے اپنی کتاب میں اس شرط کی پابندی فرمائی ہے۔(۴)

السلامة من العِلل القادحة:- کے اعتبار سے ترجیحِ بخاری کی وجہ یہ ہے کہ

(۱) تدریب الراوی ص:۴۲، وکذا فی فتح القدیر ج:۱ ص:۲۹، وکذا فی مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۰۔

(۲) تدریب الراوی بحوالۂ بالا، وکذا فی فتح المغیث ج:۱ ص:۳۰، وکذا فی مقدمة فتح الملهم بحوالۂ بالا۔

(۳) تدریب الراوی ص:۴۲ وکذا فی فتح المغیث ج:۱ ص:۳۰ وکذا فی مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۰۔

(۴) تدریب الراوی بحوالۂ بالا وکذا فی فتح المغیث حوالۂ بالا وکذا فی مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صحیحین کی ایسی کل حدیثیں جن میں ناقدینِ حدیث نے کوئی علت ظاہر کی ہے، ان کی کل تعداد دوسَودس ۲۱۰ ہے، جن میں سے بخاری میں اسّی ۸۰ سے بھی کم ہیں اور باقی سب مسلم میں ہیں۔ یہ تنقید اگرچہ فی نفسہٖ صحتِ حدیث سے مانع نہیں مگر ظاہر ہے کہ جن اسانید پر کوئی تنقید نہیں کی گئی ان کا درجہ تنقید کردہ اسانید سے بلند ہے۔[1]

وجوہُ ترجیحِ کتابِ مسلم علٰی کتاب البخاری

(کتابِ مسلم کی خصوصیات)

مگر متعدد وجوہ ایسی بھی ہیں جن کے باعث کتابِ مسلم کو کتابِ بخاری پر برتری حاصل ہے، وہ وجوہ درج ذیل ہیں:-

۱- جب کسی حدیث کو دو راوی الفاظِ مختلفہ سے ذکر کریں اور معنی دونوں کے متحد ہوں تو یہ جائز ہے کہ دونوں کی سندیں ذکر کردی جائیں، اور جس راوی کے الفاظ میں حدیث ذکر کی گئی ہے اس کی تعیین نہ کی جائے، امام بخاری رحمہ اللہ بیشتر مواقع میں ایسا ہی کرتے ہیں، لیکن اَولیٰ یہ ہے کہ صاحب اللفظ کی تعیین کردی جائے، اور امام مسلم رحمہ اللہ اس اَولیٰ طریق کا التزام کرتے ہیں۔[2]

۲- امام مسلمؒ بکثرت اس کا بھی اہتمام کرتے ہیں کہ دونوں راویوں میں سے ہر ایک کے الفاظ کی الگ الگ تعیین کردی جائے، مثلاً کہتے ہیں: "حدثنا فلان وفلان، قال فلان کذا وفلان کذا" اگرچہ الفاظ میں اختلاف بالکل معمولی ہو، اور خواہ اس سے معنی متغیر ہوتے ہوں یا نہیں۔[3]

۳- کتابِ مسلم میں اس کا خاص طور سے اہتمام کیا گیا ہے کہ ایک مسئلہ سے متعلق تمام حدیثیں متعلقہ باب میں ایک ہی جگہ جمع کردی گئیں، اور ہر حدیث کے طرقِ متفرقہ، اسانیدِ متعددہ اور الفاظِ مختلفہ سب کو اسی باب میں ذکر کردیا ہے، جس کی وجہ سے کسی حدیث کو کتابِ مسلم میں تلاش کرنا اور اس کے متفرق طریق، متعدد سندوں اور الفاظِ مختلفہ کو معلوم کرنا انتہائی سہل ہوگیا ہے، طالب کو یہ سب چیزیں ایک ہی جگہ مل جاتی ہیں، برخلاف امام بخاریؒ کے کہ وہ بکثرت ایک ہی حدیث کے کئی ٹکڑے کرکے ان ٹکڑوں کو متفرق ابواب میں ذکر کرتے ہیں، اور

---

(۱) تدریب الراوی بحوالۂ بالا وکذا فی مقدمة فتح الملهم بحوالۂ بالا۔

(۲) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۳ (رجحان کتابِ مسلم علی کتاب البخاری) وصیانة صحیح مسلم من الاخلال والغلط للحافظ ابن الصلاح ص:۱۰۲۔

(۳) حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بسا اوقات ایسے باب میں ذکر کرتے ہیں کہ قاری کا ذہن اُس طرف نہیں جاتا، جس کی وجہ ہم آگے بیان کریں گے، جس سے معلوم ہوگا کہ امام بخاریؒ کا یہ عمل بھی حکمت و مصلحت پر مبنی تھا۔ بہرحال کتابِ بخاری میں کسی حدیث کا تلاش کرنا انتہائی دُشوار ہے حتیٰ کہ بسا اوقات بعض محدثین کسی حدیث کے بارے میں کہہ دیتے ہیں کہ یہ بخاری میں نہیں ہے، حالانکہ وہ بخاری کے ایسے باب میں ہوتی ہے کہ وہاں تک عموماً ذہن کی رسائی نہیں ہوتی۔[۱]

۴- امام مسلمؒ "حدثنا" اور "اخبرنا" میں فرق کو واضح کرتے ہیں، اور ان کا مذہب یہی تھا کہ "حدثنا" و "حدَّثنی" صرف اس صورت کے ساتھ خاص ہیں کہ استاذ پڑھے اور شاگرد سنیں، اور "اخبرنا" و "اخبرنی" اس صورت کے ساتھ خاص ہیں کہ حدیث شاگرد پڑھیں اور استاذ سنے، یہی مذہب امام شافعیؒ، امام اوزاعیؒ و ابن جریجؒ و نسائیؒ اور جمہور علمائے مشرق کا ہے، وصار هو الشائع الغالب علىٰ أهل الحديث ۔ برخلاف امام بخاریؒ کے کہ وہ ان دونوں میں فرق نہیں کرتے، اور ان کا مذہب یہ تھا کہ ایک کو دوسرے کی جگہ استعمال کیا جاسکتا ہے، وهو مذهب الزهری ومالك وسفيان بن عيينة ويحيى بن سعيد القطّان وجماعة من المحدثين۔[۲]

۵- امام مسلمؒ نے صرف احادیثِ مرفوعہ کو بیان کیا ہے، موقوفات شاذ و نادر لائے ہیں، اور وہ بھی محض متابعت اور استشہاد کے لئے، برخلاف امام بخاریؒ کے کہ ان کے ہاں موقوفات کی تعداد زیادہ ہے۔[۳]

۶- ایسی سندیں جو صورۃً منقطع ہیں، یعنی "تعلیق" کے قبیل سے ہیں، ان کی تعداد کتابِ مسلم میں صرف ۱۴ ہے، برخلاف کتابِ بخاری کے کہ اس میں ان کی تعداد بہت زیادہ ہے۔[۴]

۷- صحیفۂ ہمام بن منبہ کا تعارف پیچھے تدوینِ حدیث کے بیان میں آچکا ہے،[۵] احادیثِ

---

(۱) ارشاد طُلّاب الحقائق للامام النوویؒ ص:۵۹ ومقدمة شرح مسلم للامام النوویؒ (فصل: اصح الكتب بعد القرآن الصحيحان) ص:۱۳۔

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے: مقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۳ وصيانة صحيح مسلم من الاخلال والغلط ص:۱۰۱، ومقدمة شرح مسلم للامام النوویؒ ص:۱۵ وفتح الباری ج:۱ ص:۱۴۵ كتاب العلم باب قول المحدّث حدثنا الخ۔

(۳) هدى السارى مقدمة فتح البارى ص:۱۲۔

(۴) ان ۱۴ مقامات کو علامہ نوویؒ اور حافظ ابن الصلاحؒ نے تفصیلاً ذکر فرمادیا ہے دیکھئے: مقدمة شرح مسلم للامام النوویؒ ص:۱۴ وصيانة صحيح مسلم من الاخلال والغلط ص:۷۵ تا ۸۱۔

(۵) یعنی "کتابتِ حدیث عہدِ صحابہ میں" کے عنوان کے تحت "حضرت ابو ہریرہؓ کی تالیفات" کے بیان میں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مرفوعہ کا یہ مجموعہ جو ایک سو اڑتیس[۱۳۸] احادیث پر مشتمل ہے[(۱)] حضرت ابوہریرہؓ نے اپنے شاگرد ہمّام بن منبہ کو املاء کروایا تھا، چنانچہ ہمام بن منبہ نے اسی صحیفے کے شروع میں اپنی سند ان الفاظ میں لکھی ہے: ”ھٰذا ما حدثنا ابوھریرۃ عن محمد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال“ آگے سب سے پہلی حدیث کا متن: ”نحن الآخرون السابقون یوم القیامۃ الخ“ لکھا ہے، پھر اُس پر عطف کرتے ہوئے ”وقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم“ لکھ کر دُوسری حدیث کا متن ذکر کیا ہے، پھر ہر حدیث کا متن اسی طرح واوِ عطف لاکر نقل کرتے چلے گئے ہیں، چنانچہ صحیفے کی پہلی حدیث کے بعد ساری حدیثیں ”وقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم“ کے الفاظ سے شروع ہوئی ہیں، یعنی پہلی حدیث کے بعد کسی حدیث کی سند ذکر نہیں کی گئی، کیونکہ اِن سب احادیث کی سند وہی ہے جو صحیفے کی پہلی حدیث کے شروع میں آچکی ہے۔

شیخینؒ نے اپنی اپنی کتاب میں اس صحیفے کی احادیث متفرق ابواب میں نقل کی ہیں، اور دونوں نے کوشش کی ہے کہ اس کی ہر حدیث کو اس طرح ذکر کریں کہ قاری کو یہ معلوم ہوجائے کہ جو حدیث میں یہاں نقل کر رہا ہوں وہ میرے اُستاذ نے مجھے ایک مجموعۂ احادیث کے ضمن میں سنائی تھی، صرف وہی ایک حدیث نہیں سنائی تھی اور اِن سب احادیث کی ایک ہی سند تھی جو مجموعہ کے شروع میں ہمّام بن منبہؒ نے بیان کردی ہے۔ اور پہلی حدیث کے بعد کی سب حدیثیں: ”وقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم الخ“ سے شروع ہوتی ہیں۔

یہ بات واضح کرنے کے لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے عام طور سے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ جب اس صحیفہ کی کوئی حدیث ذکر کرنا چاہتے ہیں تو اس صحیفہ تک اپنی سند ذکر کرکے اَوّلاً اس صحیفہ کی سب سے پہلی حدیث: ”نحن الآخرون السابقون یوم القیامۃ الخ“ نقل کرتے ہیں، پھر حدیثِ مطلوب کو ”وقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم“ کے الفاظ سے نقل فرماتے ہیں، مگر اس طریقے سے امام بخاریؒ کا مذکورہ بالا مقصد تو حاصل ہوجاتا ہے مگر قاری کا ذہن مشوّش ہوتا ہے، کیونکہ وہ پہلی حدیث کا تعلق ترجمۃ الباب سے تلاش کرتا ہے، حالانکہ ترجمۃ الباب سے اس پہلی حدیث کا کوئی تعلق نہیں ہوتا، تعلق صرف دوسری حدیث کا ہوتا ہے اور حدیثِ اَوّل صرف معطوف علیہ ظاہر کرنے کے لئے لائی جاتی ہے، پھر امام بخاریؒ نے اس

(۱) دیکھئے ”صحیفۂ ہمّام بن منبہ“ جو ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کی تحقیق کے ساتھ رشید اللہ یعقوب صاحب نے زمزمہ، کلفٹن کراچی سے مترجم شائع کیا ہے۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

طریقہ کی پابندی بھی نہیں کی، بلکہ کہیں وہ اس صحیفے کی حدیثِ مطلوب کو صحیفے کی پہلی حدیث کے بغیر بھی نقل فرما دیتے ہیں۔(۱) برخلاف امام مسلمؒ کے کہ وہ جب اس صحیفہ کی پہلی حدیث کے علاوہ بعد کی کوئی حدیث لانا چاہتے ہیں تو اس طرح ذکر کرتے ہیں:-

حدثنا ابو رافع حدثنا عبدالرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا به ابوهريرة رضي الله عنه عن محمد صلى الله عليه وسلم، وذكر احاديث، منها: "وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ....الخ."

یہ طریقہ نہایت واضح اور آسان ہے، اور اس سے وہ مقصد بھی حاصل ہو جاتا ہے جو امام بخاریؒ حاصل کرنا چاہتے ہیں اور قاری کا ذہن مشوّش بھی نہیں ہوتا۔ یاد رکھنا چاہئے کہ امام مسلمؒ کی اس عبارت میں "وذکر احادیث" پر جملہ ختم ہو گیا ہے، اس کے بعد "منها وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم" دوسرا جملہ ہے، "منها" خبر مقدم ہے اور "وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم... الخ" بتأویل مفرد ہو کر مبتدأ مؤخر ہے۔(۲)

۸- امام بخاریؒ کو رُواۃِ شامیین کے اسماء اور کنیتوں میں بعض اوقات یہ غلطی ہو جاتی ہے کہ ایک ہی آدمی کے اسم کو ایک جگہ ذکر کرتے ہیں اور دوسری جگہ اس کی کنیت ذکر فرماتے ہیں اور یہ گمان کرتے ہیں کہ یہ الگ الگ دو آدمی ہیں، حالانکہ وہ ایک ہوتا ہے، یہ مغالطہ امام مسلمؒ کو پیش نہیں آتا۔(۳)

۹- امام مسلمؒ اسانیدِ متعددہ، طرقِ متفرقہ اور تحویل الاسناد اور الفاظِ مختلفہ کا بیان نہایت مختصر، جامع اور واضح کرنے میں ممتاز ہیں۔(۴)

۱۰- امام مسلمؒ نے احادیث کی ترتیب اور اندازِ بیان میں ایسے دقائق کا لحاظ رکھا ہے جو ان کے کمال فی العلم پر دلالت کرتے ہیں، اس حسنِ بیان کا ادراک صرف وہی شخص کر سکتا ہے

(۱) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۵۔ رفیع

(۲) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۴ (رجحان کتابِ مسلم علی کتاب البخاری)۔

(۳) اس کی وجہ یہ ہے کہ بخاری کی اکثر روایات اہلِ شام سے بطریق "مناولہ" ہیں (یعنی ان کی کتابوں سے لی گئی ہیں، خود ان سے بالمشافہ نہیں لی گئیں۔ کما فی بُستان المحدثین ص:۲۸۰۔ رفیع

(۴) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۵ (رجحان کتابِ مسلم علی کتاب البخاری)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جو انتہائی ذہین ہونے کے علاوہ اُصولِ دین، اُصولِ حدیث، اُصولِ تفسیر، اُصولِ فقہ، علم الاسناد، اسماءُ الرجال اور علومِ عربیت پر اچھی دسترس رکھتا ہو۔[۱]

ترتیب اور حسنِ بیان میں بخاری اور مسلم میں اس فرق کی وجہ ابن عقدہ رحمہ اللہ نے ایک تو یہ بیان کی ہے کہ امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنی کتاب اپنے وطن میں اپنے اساتذۂ کرام کی حیات میں تالیف کی ہے، اور جن کتابوں سے مدد لی وہ سب ان کے پاس موجود تھیں، برخلاف امام بخاریؒ کے کہ انہوں نے اپنی کتاب زیادہ تر حالتِ سفر میں تالیف کی، خود امام بخاریؒ فرماتے ہیں: "رُبَّ حدیثٍ سمعتُه بالبصرة فكتبتُه بالشّام."

دوسری وجہ یہ ہے کہ امام مسلمؒ نے اَحکامِ فقہیہ کے استنباط کو اپنا مقصود نہیں بنایا، بلکہ مقصود یہ تھا کہ ہر باب کی تمام مطلوبہ حدیثیں ایک جگہ جمع کر دیں، برخلاف امام بخاری رحمہ اللہ کے کہ ان کا مقصود استنباطِ اَحکام تھا، چنانچہ وہ ایک ایک حدیث کے مختلف اجزاء سے متعدد اَحکام مستنبط کرتے ہیں، اور حدیث کے جس جزء کا تعلق ان کے نزدیک جس مسئلہ فقہیہ سے ہوتا ہے اس کو اس باب میں ذکر فرماتے ہیں جس کی وجہ سے ایک ہی حدیث کے مختلف ٹکڑے کر کے مختلف ابواب میں متفرق طور پر لانا پڑتا ہے۔[۲]

دونوں کی مشترک احتیاط

ایک احتیاط بخاری اور مسلم نے مشترک طور پر یہ اختیار کی ہے کہ ان کے کسی شیخ نے اپنے اُوپر کے کسی شیخ کا نام اگر کسی صفت یا نسبت کے بغیر ذکر کیا ہے اور بخاری و مسلم اس نام کے ساتھ صفت یا نسبت ذکر کرنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں، تو مثلاً اس طرح کہتے ہیں:-

حدثنا عبدالله بن مسلمة ثنا سليمان يعني ابن بلال عن يحيىٰ وهو ابن سعيد.

یوں نہیں کہتے کہ:-

حدثنا عبدالله بن مسلمة ثنا سليمان ابنُ بلال عن يحيىٰ بن سعيد.

---

(۱) حوالۂ بالا ج:۱ ص:۲۷۶۔

(۲) حوالۂ بالا ج:۱ ص:۲۷۶، ۲۶۹، وتدریب الراوی ص:۴۵، ۴۶ (اول مصنف فی الصحیح المجرد)۔ حافظ ابن حجرؒ نے هدی الساری مقدمة فتح الباری (ج:۱۴ ص:۱۵) میں با قاعدہ ایک فصل قائم فرما کر امام بخاریؒ کے اس طرز کی وجوہات اور نکات کو بیان فرمایا ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ احتیاط اس لئے کی جاتی ہے کہ یہ بات واضح ہوجائے کہ ہمارے استاذ نے اُوپر کے شیخ کی یہ نسبت اور صفت بیان نہیں کی تھی، ہم نے وضاحت کے لئے بڑھادی ہے، ونظائرہ کثیرة فی الصحیحین۔

عَدَدُ ما فی صحیح مسلم من الأحادیث

علامہ نوویؒ نے اپنے مقدمہ اور علامہ عثمانیؒ نے مقدمہ "فتح الملھم" میں امام مسلمؒ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ: "میں نے اپنی کتاب تین لاکھ احادیث میں سے انتخاب کرکے تالیف کی۔" چنانچہ وہ منتخب احادیث جو صحیح مسلم میں موجود ہیں ان کی تعداد باسقاط المکرّرات تقریباً چار ہزار ہے، اور مکررات کو شامل کرکے کل تعداد ایک قول کے مطابق بارہ ہزار اور ایک قول کے مطابق آٹھ ہزار ہے، بعض محققین کا کہنا ہے کہ: "آخری قول زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔"[1]

اور قولِ مشہور کے مطابق صحیح بخاری کی احادیث بھی باسقاط المکرّرات چار ہزار ہیں، اور مکررات کو شامل کرکے ایک قول کے مطابق سات ہزار دو سو پچھتر ہیں،[2] اس طرح صحیح مسلم میں بخاری کی بہ نسبت سات سو پچیس یا چار ہزار سات سو پچیس مکرر حدیثیں زیادہ ہیں۔

تراجم صحیح مسلم

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ: امام مسلمؒ نے اپنی کتاب ابواب کے اعتبار سے ترتیب دی ہے، لہٰذا درحقیقت یہ کتاب مبوّب ہے لیکن ابواب کے تراجم امام مسلم نے تحریر نہیں کئے تاکہ حجم کتاب زیادہ نہ ہوجائے یا کوئی اور مصلحت ہوگی، بعد میں لوگوں نے اپنی صوابدید سے تراجم تحریر کئے لیکن وہ قصورِ عبارت یا رکاکتِ الفاظ کی وجہ سے اس کتاب کے شایانِ شان نہیں، میں کوشش کروں گا کہ تراجم اس کی شان کے مناسب تحریر کروں،[3] مگر علامہ شبیر احمد عثمانیؒ مقدمہ فتح الملھم میں فرماتے ہیں کہ: انصاف کی بات یہ ہے کہ تراجم کا حق اب بھی ادا نہ ہوا، جیسا کہ اس

---

(۱) مقدمہ فتح الملھم ج:۱ ص:۲۷۷، وصیانة صحیح مسلم للحافظ ابن الصلاح ص:۶۸ وتدریب الراوی ص:۴۹ (اول مصنف فی الصحیح المجرد) ومقدمة شرح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۵۔

(۲) تدریب الراوی ص:۴۹ (اوّل مصنّف فی الصحیح المجرد) ومقدمة المعلم بفوائد مسلم للشیخ محمد الشاذلی ج:۱ ص:۱۰۸۔

(۳) مقدمة شرح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۵ وصیانة صحیح مسلم من الاخلال والغلط ص:۱۰۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عظیم کتاب کا حق تھا، ممکن ہے اللہ تعالیٰ اپنے کسی اور بندے کو اس کی توفیق بخشے۔[1]

شروحِ صحیح مسلم

صحیح مسلم کی بہت سی شرحیں لکھی گئی ہیں، جن میں سے بعض حسبِ بیانِ فتح الملهم[2] یہ ہیں:-

۱-المنهاج: للشيخ محي الدين أبي زكريا يحيىٰ بن شرف النووي الشافعيؒ (المتوفیٰ ۶۷۶ھ) یہ وہی شرح ہے جو صحیح مسلم کے متداول نسخوں کے ساتھ چھپی ہوئی ہے۔

۲-شرح ابی الفرج الزواویؒ (المتوفیٰ ۷۴۴ھ) فی خمس مجلّدات.

۳-الابتهاج: للشيخ احمد بن محمد الخطيب القسطلاني الشافعيؒ (المتوفیٰ ۹۲۳ھ).

۴-شرح الشيخ مُلّا علی القاری الحنفي الهرویؒ (المتوفیٰ ۱۰۱۶ھ) نزيل مكة المكرمة، في أربع مجلّدات.

مزید کچھ شرحیں جو ناچیز کو دستیاب ہوئیں، یہ ہیں:-

۵-المعلم بفوائد مسلم: للامام أبي عبدالله محمد بن علي المازریؒ (المتوفیٰ ۵۳۶ھ) یہ شرح درحقیقت امام مازریؒ کی تقریراتِ درسِ مسلم کا مجموعہ ہے، یہ تین جلدوں میں بیروت سے شائع ہوئی اور دارالعلوم کراچی کے کتب خانے میں بحمداللہ موجود ہے۔

۶-اكمال المعلم بفوائد مسلم: للقاضي عياض المالكيؒ (المتوفیٰ ۵۴۴ھ) یہ شرح نو جلدوں میں بیروت سے شائع ہوئی ہے، درحقیقت یہ شرح علامہ مازریؒ کی مذکورہ بالا شرح کا تکملہ ہے۔

۷-اكمال اكمال المعلم: لمحمد بن خليفة[3] (او "خلفة") الأُبّيّ المالكيؒ

(۱) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۸، وفتح المغيث ج:۱ ص:۳۰۔

(۲) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۸۔

(۳) یعنی یہ لفظ کتابوں میں دو طرح لکھا ہوا ملتا ہے، مقدمہ فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۸ اور کشف الظنون ج:۱ ص:۵۵۷ میں اسی طرح ہے یعنی "خليفة" علیٰ وزن "طريقة" اور اكمال اكمال العلم کے ٹائٹل پر اور المعلم بفوائد مسلم للمازریؒ اور الديباج للسيوطيؒ کے مقدمہ میں "خلفة" کا لفظ لکھا گیا ہے، یعنی بضم الخاء المعجمة وسكون اللام وفتح الفاء وفي آخره التاء. علىٰ وزن "حُمْرَة" والله اعلم بالصواب۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

(المتوفیٰ ۸۹۵ھ) یہ صحیح مسلم کی مذکورہ بالا شرح یعنی "اکمال المعلم" اور بعض دیگر شروح کی جامع ہے۔

۸- مکمل اکمال العلم: امام ابوعبداللہ محمد بن محمد السنوسیؒ (المتوفیٰ ۸۹۵ھ) نے اس شرح میں علامہ اُبیّ مالکیؒ کی مذکورہ بالا شرح پر مفید اضافے کیئے ہیں۔ ۱۳۶۸ھ میں بیروت سے یہ دونوں شرحیں اکٹھی طبع ہوئیں اور دارالعلوم کے کتب خانے میں موجود ہیں۔

۹- الحلّ المفهم: یہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ (المتوفیٰ ۱۳۲۳ھ) کی تقریراتِ درسِ مسلم کا مجموعہ ہے، جو بہت مختصر اور نہایت مفید ہے اور دارالعلوم کے کتب خانے میں موجود ہے۔

۱۰- فتح الملهم: لشیخ الاسلام العلامة شبیر احمد العثمانیؒ (المتوفیٰ ۱۳۶۹ھ) یہ اب تک کی تمام شروح سے زیادہ جامع اور محقق ہے اور نہایت مفید شرح ہے، لیکن مکمل نہیں ہوسکی صرف "کتاب الطّلاق" تک پہنچی تھی۔ آگے "کتاب الرضاع" سے برادرِ عزیز شیخ الاسلام مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب حفظہ اللہ نے اس کا تکملہ تصنیف فرما کر اس شرح کو نہایت محققانہ معیار پر مکمل فرما دیا ہے، یہ تکملہ چھ جلدوں پر مشتمل ہے، اور مکتبہ دارالعلوم کراچی سے طبع ہوا ہے، اللہ تعالیٰ موصوف کے علم وعمل اور عمر میں برکت عطا فرمائے، آمین!

یہ تکملہ موجودہ تمام شروحِ حدیث میں ایک خاص امتیاز یہ رکھتا ہے کہ اس میں پچھلی تمام شروح کے اہم مباحث کو نہایت انضباط اور اختصار و جامعیت کے ساتھ مرتب کرنے کے علاوہ موجودہ زمانے کے جدید مسائل پر محققانہ بحث کی گئی ہے، جو دوسری شروح میں کہیں دستیاب نہیں ہوتی، خصوصاً اقتصادی اور مالیاتی مسائل جو اس زمانے کے پیدا کردہ ہیں، ان پر خوب تحقیقی مباحث اس میں آگئے ہیں۔

۱۱- شیخ مصطفیٰ الذہنیؒ نے علمائے کرام کی ایک جماعت کے ساتھ مل کر صحیح مسلم پر ایک مفید اور مختصر حاشیہ تالیف کیا ہے جو مصر سے چھپا ہے، بحمداللہ یہ نسخہ دارالعلوم کراچی کے کتب خانے میں موجود ہے۔

۱۲- الدیباج: للشیخ جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطیؒ (المتوفیٰ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۹۱۱ھ) یہ نہایت مختصر شرح دو جلدوں میں ادارۃ القرآن کراچی سے طبع ہوئی اور بحمد اللہ دارالعلوم کے کتب خانے میں موجود ہے، بظاہر یہ باقاعدہ شرح نہیں بلکہ جستہ جستہ مقامات پر مختصر مختصر کلام ہے، شاید یہ اُن کی تقریرِ درس ہو۔

۱۳- مشـــارق الانـوار: علامہ قاضی عیاضؒ کی یہ تصنیف درحقیقت شرح کی بجائے غریب الحدیث کی کتاب ہے، اس میں انہوں نے مؤطا امام مالک اور صحیحین للبخاریؒ و مسلمؒ کے مشکل الفاظ کو ضبط اور ان کی تشریح کرنے کا التزام کیا ہے، نیز اسماء الرجال کو بھی اہتمام سے ضبط کیا ہے، اور کتابِ مسلم کے بارے میں جہاں جہاں لوگوں کو اوہام پیش آئے ہیں، ان سے تصحیفات ہوئی ہیں، ان کی نشاندہی کی ہے، یہ کتاب دو جلدوں میں ہے اور بحمد اللہ دارالعلوم کراچی کے کتب خانے میں موجود ہے۔

حال ہی میں ایک کتاب بنام "الامام مسلم بن الحجاج ومنهجه في الحديث" دو جلدوں میں شائع ہوئی ہے، جس میں شروحِ صحیح مسلم کی فہرست بھی دی گئی ہے، اس فہرست میں اکہتر۷۱ شرحوں کے نام مع اسماءِ مؤلفین درج ہیں۔[1]

مختصراته والمستخرجات عليه

مختصرات سے مراد تلخیصات ہیں، صحیح مسلم کی مختصرات بھی متعدد ہیں، جن کی تفصیل "مقدمة فتح الملهم" میں دیکھی جاسکتی ہے، اور مستخرجات بھی بہت زیادہ ہیں، ان کی تفصیل بھی "مقدمه فتح الملهم" میں دیکھی جائے، کتاب "الامام مسلم بن الحجاج" میں ان مختصرات کی تعداد سولہ۱۶ اور "مستخرجات" کی تعداد اٹھارہ۱۸ بیان کی گئی ہے۔[2]

---

(۱) ج:۲ ص:۶۴۳ تا ۶۴۶، اور کشف الظنون ج:۱ ص:۵۵۶ تا ۵۵۹ میں بھی شروحِ صحیح مسلم کی تفصیل موجود ہے۔

(۲) دیکھئے: کتاب "الامام مسلم بن الحجاج" ج:۲ ص:۶۳۳۔ دو مشہور مستخرج یہ ہیں: مسند ابی عوانة المعروف المستخرج علىٰ صحيح مسلم للامام ابی عوانة يعقوب بن اسحاق الاسفرائينی المتوفیٰ ۳۱۶ھ، یہ مستخرج پانچ جلدوں میں مختلف مکتبوں سے چھپی ہے۔ المسند المستخرج علىٰ صحيح مسلم للامام ابی نعيم احمد بن عبدالله بن احمد الاصبهانیؒ المتوفیٰ ۴۳۰ھ یہ چار جلدوں میں بیروت سے طبع ہوئی ہے، بحمد اللہ یہ دونوں مستخرج دارالعلوم کراچی کے کتب خانے میں موجود ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

معنی قولهم "علٰی شرط الشیخین" او "علٰی شرط احدهما"

محدثین بکثرت کسی حدیث کے بارے میں فرماتے ہیں کہ: "هذا علٰی شرط الشیخین" یا "علٰی شرط البخاری" یا "علٰی شرط مسلم" خصوصاً "مستدرک" کہ وہ بالذات موضوع ہی استدراک علی الشیخین کے لئے ہے، حاکمؒ کی اس سے کیا مراد ہے؟ اس میں دو قول ہیں:-

۱- ایک یہ کہ اس حدیث کے تمام رُواۃ "من حیث الضبط والعدالۃ" رجال الشیخین کے مثل ہیں، بعینہٖ رجال الشیخین نہیں، اس قول کی تائید حاکمؒ کے اس قول سے ہوتی ہے جو انہوں نے اپنی کتاب کے خطبہ میں تحریر کیا ہے کہ: "وأنا أستعینُ الله تعالٰی علٰی إخراج أحادیث رُواتُها ثقاتٌ قد احتج بمثلها الشیخان."[1]

۲- لیکن جمہور کے نزدیک حاکمؒ کی مراد یہ ہے کہ اس حدیث کے تمام رُواۃ بعینہٖ رجال الشیخین ہیں، اور "علٰی شرط البخاری" کا مطلب یہ ہے کہ اس حدیث کے تمام رجال بعینہٖ رجالِ بخاری ہیں، اسی طرح "علٰی شرط مسلم" کا مطلب بھی یہ ہے کہ اس حدیث کے تمام رُواۃ رجالِ مسلم ہیں، حافظ ابنِ حجرؒ، علامہ نوویؒ اور علامہ عثمانیؒ وغیرہم نے اسی معنی کو ترجیح دی ہے،[2] اور اس کی دلیل یہ ہے کہ حاکمؒ کی عادت ہے کہ جب ایسی حدیث لاتے ہیں جس کے تمام رجال بعینہٖ رجال الشیخین یا رجالُ احدِهما ہوں تو کہتے ہیں: "هذا صحیح علٰی شرط الشیخین" یا "علٰی شرط البخاری" یا "علٰی شرط مسلم"۔

اور جب ایسی حدیث لاتے ہیں جس کے تمام رجال بعینہٖ رجال الشیخین یا رجال أحدهما نہ ہوں بلکہ حاکمؒ کے نزدیک ان کے مثل ہوں تو فرماتے ہیں: "هذا صحیح الاسناد"۔[3]

رہا حاکمؒ کا قول خطبۂ کتاب میں "وأنا أستعین الله تعالٰی (الٰی قوله) قد احْتَجَّ بمثلها الشیخان" سو اس کا جواب حافظ ابنِ حجرؒ نے دیا ہے کہ مثلیت کبھی عینیت کے معنی میں مستعمل

---

(۱) المستدرک علی الصحیحین ج:۱ ص:۴۲۔

(۲) مقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۲۸۲ (المصنفات فی الصحیح المجرد الزائد علی الصحیحین) وتدریب الراوی ص:۵۱،۵۲، و ارشاد طُلّاب الحقائق ص:۶۱۔

(۳) النکت علٰی کتاب ابن الصلاحؒ ج:۱ ص:۳۱۴ تا ۳۲۰، و ارشاد طلّاب الحقائق ص:۱۲۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہوتی ہے اور کبھی مشابہت کے معنی میں، مگر معنیٔ اوّل میں یہ مجاز ہے اور معنیٔ ثانی میں حقیقت، چنانچہ جہاں بعینہٖ رجال الشیخین یا رجال أحدهما سے حدیث لاکر حاکم رحمہ اللہ "علٰی شرط الشیخین" یا "علٰی شرط أحدهما" فرماتے ہیں تو وہاں مثلیت سے مراد اس کے معنی مجازی ہیں اور جب غیر رجال الشیخین سے حدیث لاکر اسے "صحیح الاسناد" فرماتے ہیں وہاں مثلیت سے مراد معنی حقیقی ہیں۔(۱)

لیکن یہ یاد رکھنا چاہئے کہ کسی حدیث کو "علٰی شرط الشیخین" یا "علٰی شرط أحدهما" قرار دینا ہر ایک کا کام نہیں، اور قرار دینے کے لئے صرف یہ لکھ لینا کافی نہیں کہ اس حدیث کے رجال بعینہٖ رجال الشیخین یا رجال أحدهما ہیں، بلکہ یہ دیکھنا بھی ضروری ہے کہ ان رجال سے شیخین نے احادیث لینے میں کن قیود اور احتیاطوں کا لحاظ رکھا ہے، بعض اوقات کسی حدیث کے رجال بعینہٖ رجال الشیخین یا رجال أحدهما ہوتے ہیں لیکن وہ حدیث علٰی شرطهما یا علٰی شرط أحدهما نہیں ہوتی، کیونکہ ان رجال سے شیخین نے حدیثیں جن قیود اور احتیاطوں کے ساتھ لی ہیں وہ قیود اور احتیاطیں اس حدیث کی سند میں موجود نہیں ہوتیں، اس کی متعدد مثالیں حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے بیان فرمائی ہیں، ان میں سے بعض یہ ہیں:-

قال الحافظ:- وورآء ذٰلک کلّه ان یُروٰی اسنادٌ ملفقٌ من رجالهما، کسماک عن عکرمة عن ابن عباس، فسماک علٰی شرط مسلم فقط، وعکرمة انفرد به البخاری، والحق ان هذا لیس علٰی شرط واحد منهما، وأدقُّ من هذا ان یرویا عن اناس ثقات ضُعِّفوا فی اناس مخصوصین من غیر حدیث الذین ضعفوهم فیهم، فیجیٔ عنهم حدیث من طریق من ضُعفوا فیه برجال کلهم فی الکتابین أو أحدهما فنسبته انه علٰی شرط من خرج له، غلط، کأن یقول فی هشیم عن الزهری، کل من هُشَیْم والزهری خرجا له فهو علٰی شرطیهما، فیقال: بل لیس علٰی شرط واحد منهما لأنهما انما أخرجا عن هشیم من غیر حدیث الزهری، فانه ضعف فیه، لأنه کان دخل علیه فأخذ عنه عشرین حدیثا، فلقیه صاحب له وهو

---

(۱) مگر اس پر جمع بین الحقیقة والمجاز فی استعمال واحد کا اعتراض ہوسکتا ہے، جو حنفیہ کے نزدیک درست نہیں، لہٰذا احقر کے نزدیک اس کا جواب یہ ہے کہ عمومِ مجاز کے طور پر "مثلهما" سے مراد "الرجال المتصفون بصفات اشترطها الشیخان" ہے، خواہ وہ بعینہٖ رجال الشیخین ہوں یا ان کے مثل۔ رفیع۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

راجع فسأله رويته، وكانت ثمّ ريح شديدة فذهبت بالأوراق فصار هُشَيْم يحدث بما علق منها بذهنه، ولم يكن اتقن حفظها فوهم في اشياء منها فضعف في الزهري بسببها.

وكذا همَّام ضعيف في ابن جريج، مع ان كُـلًّا منهما أخرجا له لٰكن لم يخرجا له عن ان جريج شيئًا فعلٰى من يعزو الٰى شرطهما او شرط واحد منهما أن يسوق ذٰلك السند بنسق رواية من نسب الٰى شرطه ولو في موضع من كتابه.(۱)

صِيَغ الأداء والتحمل

تحملُ حدیث کی مختلف صورتوں کے اعتبار سے کچھ صیغے مقرر ہیں، جن کو "صِيَغ الأداء والتحمل" کہا جاتا ہے، ان کی چند قسمیں مندرجہ ذیل ہیں:-

۱- **سمعتُ و حَدَّثني**: یہ دونوں صیغے اس صورت کے لئے ہیں جب حدیث، استاذ سے تنہا سنی ہو، اور اگر اس کے ساتھ سننے والا کوئی اور بھی ہو تو کہا جائے گا: "سمعنا وحدثنا"۔ "قال لي" اور "قال لنا" کا بھی یہی حکم ہے، كذا في مقدمة فتح الملهم۔(۲)

۲- **أخبرني و قرأتُ عليه**: یہ الفاظ اس شخص کے لئے ہیں جس نے حدیث پڑھ کر استاذ کو سنائی ہو، اور جب پڑھنے والا کوئی اور ہو اور یہ صرف سنتا ہو تو سننے والا کہے گا: "أخبَرَنَا" یا "قُرِءَ عَلَيه وأنا أسمعُ"۔

اس طریقۂ تحمل کو "عَرض" کہا جاتا ہے۔(۳)

۳- **أنبأني**: یہ بمعنی أخبرني ہے،(۴) لیکن متأخرین کے عرف میں یہ اجازت مشافهةً کے ساتھ خاص ہے، پھر اگر "مُجاز لهٗ" (یعنی شخص مجاز) ایک ہے تو وہ "انبأني" کہے گا اور زائد ہیں تو "انبأنا" کہیں گے۔(۵)

---

(۱) مقدمه فتح الملهم ج:۱ ص:۲۸۲،۲۸۳ والنكت علٰى كتاب ابن الصلاحؒ ج:۱ ص:۳۱۵۔

(۲) ج:۱ ص:۲۰۹، و تدريب الراوى ص:۲۳۹ تا ۲۴۱، النوع الرابع والعشرون و شرح نخبة الفكر ص:۱۳۶۔

(۳) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۰۹ و تدريب الراوى ص:۲۴۵ و ارشاد طـلّاب الحقائق ص:۱۲۲۔

(۴) بعض نے اخبار اور انباء میں یہ فرق کیا ہے کہ جماعت میں جو شاگرد پڑھے وہ "أخبرنا" کہے گا اور دوسرے شاگرد جو سن رہے ہیں وہ "انبانا" کہیں گے۔ (مقدمہ درسِ ترمذی ص:۷۹)

(۵) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: فتح البارى ج:۱ ص:۱۴۵ رقم الحديث:۲۰ و ارشاد طـلّاب الحقائق ص:۱۳۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۴- شَافَهَنِي و شَافَهَنا: هما يختصان بالإجازة المتلفظ بها.[۱]

۵- كَتَبَ اِلَيَّ و كَاتَبَنِيْ: یہ اس صورت کے ساتھ خاص ہے جب استاذ کسی کے پاس اپنی سند سے لکھی ہوئی حدیثیں بھیجے اور اسی سند سے روایت کی تحریری اجازت دے۔[۲]

۶- أرسل اليّ: یہ مراسلت کے ساتھ خاص ہے، اسے "الرسالة" بھی کہتے ہیں، اس کی صورت یہ ہے کہ استاذ شاگرد کے پاس کسی قاصد کے ذریعہ زبانی پیغام بھیجے کہ:-

حدثني فلان عن فلان قال كذا فاذا بلغك مني هٰذا الحديث فَأرْوِه عَنّي بهٰذا الاسناد.[۳]

۷- عَنْ و قَالَ (جبکہ اس کے ساتھ "لنا" یا "لی" نہ ہو): یہ الفاظ براہِ راست سماع اور اجازت کی صراحت نہیں کرتے البتہ براہِ راست سماع اور اتصال کا احتمال ان میں ہوتا ہے اور انقطاع کا احتمال بھی ہوتا ہے۔[۴]

۸- المناوَلة: اس کی صورت یہ ہے کہ شیخ کچھ لکھی ہوئی حدیثیں یا احادیث کی کتاب اپنی سند کے ساتھ کسی کو دیدے، اس کی دو قسمیں ہیں:-

۱- المناولة المقرونة بالإجازة. ۲- المناولة المجرّدة عن الإجازة.

پہلے طریقے سے حدیث یا حدیثیں حاصل کرنے والے کو اپنے شیخ سے اس کی سند کے ساتھ اُن حدیثوں کی روایت کرنا بالاتفاق جائز ہے، اور دوسری قسم میں اختلاف ہے، بعض نے جائز کہا ہے اور بعض نے ناجائز، لیکن علامہ عثمانی رحمہ اللہ نے "مقدمة فتح الملهم" میں یہ محاکمہ کیا ہے کہ "المُناولة المجرَّدة" اگر طالبِ علم کی درخواست پر شیخ نے کیا، یعنی طالبِ علم نے کہا کہ: "ناوِلنِي هٰذا الكتاب لارويَه عنكَ" شیخ نے وہ کتاب دیدی اور اذن کی صراحت نہیں کی تو لینے والے کو روایت کرنا جائز ہے، کیونکہ دلالۃً اذن پایا گیا، اور اگر بغیر سوال کے یہ صورت متحقق ہوئی تو اس کی روایت عن ذٰلك الشيخ جائز نہیں۔[۵]

---

(۱) شرح نخبة الفكر ص:۱۳۹۔

(۲) فتح الباری ج:۱ ص:۱۵۴ و ارشاد طلّاب الحقائق ص:۱۳۸۔

(۳) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۱۰۔ (۴) شرح نخبة الفكر ص:۱۳۵۔

(۵) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص۲۱۳، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: تدریب الراوی ص:۲۶۸ تا ۲۷۴، و كتاب الكفاية في علم الرواية ص:۳۲۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الإجازة وفائدتها فی هٰذا الزمان

الإجازة: اجازۃ اصطلاح میں "اذن فی الروایة لفظًا أو کتابةً" کو کہتے ہیں جو "اخبارِ اجمالی" کا فائدہ دیتی ہے،[۱] اس تعریف سے معلوم ہوا کہ "المشافهة" اور "المُناولة" جو دو قسمیں پیچھے گزری ہیں درحقیقت "الإجازة" ہی کی قسمیں ہیں۔

اجازت کی دو صورتیں ہیں۔ ۱:- ایک یہ کہ جس مجموعۂ احادیث کی روایت کی اجازت دی جائے "مُجاز لهٗ" یعنی اجازت حاصل کرنے والے کو ان احادیث کا علم وفہم پہلے سے حاصل ہو۔ ۲:- دوسری یہ کہ پہلے سے علم نہ ہو، اس میں مُجاز لهٗ یعنی اجازت حاصل کرنے والے کے لئے، روایت عن المجیز کو متقدمین نے ناجائز کہا ہے، لیکن متاخرین اس کے بھی جواز کے قائل ہیں، اس لئے کہ شیخ کو حاجت ہوتی ہے کہ وہ اپنی مسموعہ احادیث کی تبلیغ کرے، مگر بسا اوقات طالب کو اس شیخ سے وہ حدیثیں پڑھنے کا موقع نہیں ملتا تو اس ضرورت کے لئے دوسری صورت بھی جائز قرار دی گئی۔[۲]

لیکن احقر کا خیال یہ ہے کہ اس صورت کا جواز اس شرط کے ساتھ ہوگا کہ "مُجاز له" یعنی شخص مجاز میں اس حدیث کے پڑھنے، سمجھنے اور روایت کرنے کی صلاحیت موجود ہو۔

اس زمانے میں کتبِ مشہورہ کی سندِ متصل کو محفوظ رکھنے یا سندِ متصل کے ساتھ ان کی روایت کی اجازت دینے یا لینے کا مقصود ان کو مؤلفین سے ثابت کرنا نہیں ہے، کیونکہ ان کا ثبوت مؤلفین سے درجۂ تواتر کو پہنچا ہوا ہے، اور ہر مشہور کتاب کے سینکڑوں اور ہزارہا نسخے اس کی تالیف کے وقت سے اب تک ہر زمانے میں موجود رہے ہیں، اور جو بات تواتر سے ثابت ہو اس کے اثبات کے لئے سند کی ضرورت نہیں ہوتی، بلکہ اس کا فائدہ اب صرف یہ ہے کہ اسنادِ متصل کا سلسلہ قیامت تک باقی رہے کیونکہ سندِ متصل کا اہتمام اسی اُمتِ محمدیہ علیٰ صاحبها الصلوٰة والتحیة کا خاص شرف ہے، جس کی حفاظت ہونی چاہئے۔[۳]

---

(۱) تدریب الراوی ص:۲۶۸۔

(۲) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۱۴۔

(۳) حوالۂ بالا ج:۱ ص:۲۱۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مؤلفین تک اپنی سند کو محفوظ رکھنے کا ایک فائدہ احقر کو یہ سمجھ میں آتا ہے کہ اگر خدانخواستہ کبھی ان کتابوں کے نسخے اور ان کو روایت کرنے والے دنیا میں صرف ایک دو باقی رہ جائیں، اور ان کا تواتر الی المؤلف ختم ہو جائے تو اس وقت اس سند کے ذریعہ ان کتابوں کی نسبت الی المؤلفین ثابت کی جاسکے گی۔

الاستخراج والإخراج والتخريج

یہ تین الفاظ اور ان کے مشتقات کتبِ حدیث میں بکثرت استعمال ہوتے ہیں، لہٰذا ان کا مطلب سمجھ لینا چاہئے۔

الاستخراج: کے معنی تو "انواع المصنّفات في علم الحديث" کے عنوان کے تحت "المستخرج" کی تعریف میں پیچھے گزر چکے ہیں، کہ کوئی حافظِ حدیث، کسی کتاب کی احادیث کو اپنی ایسی سندوں سے بیان کرے جن میں اس کے مؤلف کا واسطہ نہیں آتا، یہاں تک کہ استخراج کرنے والے کی سند مؤلف کے شیخ یا اس سے اُوپر کے شیخ کے ساتھ جاکر مل جائے۔(۱)

الإخــراج: کسی حدیث کو اپنی سند سے کتاب میں لکھنے یا املاء کرانے کو کہتے ہیں، چنانچہ کہا جاتا ہے: "هٰذا الحديث أخرَجَه البخاري في صحيحه أو أخرجه الترمذي في جامعه" ونحو ذالك.

التخريج: اس کے دو معنی آتے ہیں، ایک بمعنی الإخراج المذکور، اور یہ معنی زیادہ تر علماءِ مغرب کے یہاں مشہور ہیں، اور دوسرے معنی جو زیادہ معروف ہیں، یہ ہیں کہ کسی حدیث کے حوالے بیان کرنا کہ یہ فلاں فلاں کتابوں میں آئی ہے، مثلاً کہا جاتا ہے: "خَـرَّجَ فُلانٌ أحاديثَ إحياءِ العلوم."(۲)

یا کہا جاتا ہے: "فلان له تخريج لأحاديث الهداية كنصب الراية للزيلعي" ونحو ذلك.

---

(۱) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۸۵، و فتح المغيث للعلامة السخاويؒ ج:۱ ص:۳۹۔

(۲) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۸٦۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتبِ حدیث کی عبارت پڑھنے اور لکھنے کے لئے کچھ ہدایات اور رُموزِ اِسناد

۱- ہر روز سبق کے آغاز میں عبارت پڑھنے والے کو چاہئے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے بعد مندرجہ ذیل عبارت پڑھے:-

بالسند المتصل مِنّا الى الامام الهمام الحافظ الحجة ابى الحسين مسلم بن الحجاج بن مسلم بن ورد بن كوشاذ القشيرى النيشابورى رحمه الله تعالىٰ ومتعنا بعلومه، آمين! قال: .....الخ.

اس کے بعد ہر حدیث کی سند کے شروع میں "وبه قال" کا لفظ پڑھے جو کتاب میں لکھا ہوا نہیں، "بِهٖ" کی ضمیر "السند المتصل" کی طرف راجع ہوگی اور "قال" کی ضمیر مؤلفِ کتاب (امام مسلمؒ) کی طرف، اور "السند المتصل" سے مراد ہم سے امام مسلمؒ تک کی سند ہے جو مستقل عنوان کے تحت آگے آئے گی۔

۲- محدثین کی عادت ہے کہ حدثنی، حدثنا، أخبرنا، أخبرني، أنبأني و أنبأنا، سمعتُه، قرأتُ عليه وغیرہ الفاظ سے پہلے لفظ "قال" کو کتابت میں بکثرت حذف کر دیتے ہیں، قاری کو اس کا تلفظ ضرور کرنا چاہئے۔

۳- سند میں جہاں "قال" دو مرتبہ آتا ہے تو بکثرت کتابت میں ایک "قال" کو حذف کر دیا جاتا ہے، لیکن پڑھنا اس کا بھی ضروری ہے۔

۴- کتاب میں اختصار کے لئے بکثرت "حدثنا" کو صرف "ثنا" یا صرف "نا" لکھا جاتا ہے، اور "حدثني" کو "ثني" یا صرف "ني" لکھا جاتا ہے، اور "أخبرنا" کو "انا" اور "أخبرني" کو "اني"، تو پڑھنے والے کو چاہئے کہ وہ پورا لفظ ادا کرے۔

۵- جب کسی حدیث کی سند میں ایک طریق سے دوسرے طریق کی طرف انتقال ہوتا ہے تو وہاں لفظ "ح" لکھا جاتا ہے، اور اس کے بعد مصنف دوسرا طریق شروع کرتا ہے، پھر آگے جا کر یہ دونوں طریق کسی ایک شیخ پر متحد ہو جاتے ہیں، جس شیخ پر دونوں طریق متحد ہوں اسے "مدار الحدیث" اور "مدار السند" کہا جاتا ہے، اس "ح" کو حاءِ تحویل کہتے ہیں اور یہ تحویل ہی کا

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مخفف ہے، اسے پڑھنے کے تین طریقے ہیں۔ ایک "ح" دوسرا "حاءٌ" تیسرا "تحوِیل"، پہلا طریقہ زیادہ آسان اور مشہور ہے، یہ تحویل اکثر اوّلِ سند میں ہوتی ہے اور کہیں آخرِ سند میں ہوتی ہے، وھٰذا نادرٌ جدًّا۔

۶- سند کے آخر میں جب صحابی کا نام آئے تو "رضی اللہ تعالٰی عنہ وعنھم" کہنا چاہئے، "عنہ" کی ضمیر صحابی کی طرف، اور "عنھم" کی ضمیر باقی تمام رُواۃِ حدیث کی طرف راجع ہوگی، اور اگر وہ صحابی ابن صحابی ہو تو "رضی اللہ تعالٰی عنھما وعنھم" کہنا چاہئے، اور صحابیہ ہو تو "عنھا وعنھم"۔

۷- جب راوی اور اس کے آباء و اجداد کے ناموں کے بعد کوئی صفت مذکور ہو تو وہ راوی کی صفت ہوگی، آباء کی نہیں، اِلَّا یُوجد ھناک قرینۃٌ تدلّ علٰی خلافہ۔

۸- جب تنوین کے بعد ہمزۃ الوصل آجائے تو عربیت کا عام قاعدہ تو یہ ہے کہ ہمزہ کو حذف کر کے نونِ تنوین کو کسرہ دے کر مابعد الہمزۃ سے ملا کر پڑھتے ہیں، مثلاً "زَیْدُنِ الْعَالِمُ" لیکن تخفیف کے لئے محدثین نے سند کو اس قاعدے سے مستثنٰی قرار دیا ہے، چنانچہ وہ ہمزہ کے ساتھ تنوین کو بھی حذف کردیتے ہیں اور تنوین والے حرف کو مابعد الہمزہ سے ملا کر پڑھتے ہیں جیسے: عليُّ الْقاري، زيدُ بْنُ محمد۔

۹- ہمزۂ "ابن": ابن کا ہمزہ بھی ہمزۃ الوصل ہے اور ہمزۃ الوصل کا عام قاعدہ تو یہ ہے کہ یہ وصل کے وقت تلفظ میں تو ساقط ہوتا ہے، لکھنے میں نہیں، مگر "ابن" جب دو علموں کے درمیان واقع ہو تو اس کا ہمزہ خط سے بھی ساقط ہوجاتا ہے سوائے پانچ مواقع کے:-

۱- جب یہ ہمزہ اوّلِ سطر میں آئے۔

۲- جب اوّلِ شعر میں آئے۔

۳- جب اوّلِ مصرعہ میں آئے۔

۴- جب "ابن" کی اضافت "اُم" کی طرف ہو، مثلاً: عیسی ابنُ مریم، اور اسماعیل ابنُ عُلَیَّۃ.

۵- "ابن" ماقبل کی صفت نہ ہو بلکہ ماقبل کے ماقبل کی صفت ہو، مثلاً: "عبدُاللہ بنُ اُبَیّ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابنُ سَلُوْل" کہ اس میں "ابنُ سَلول" عبداللہ کی صفت ہے، اُبَیّ کی نہیں، اسی طرح "عبداللہ ابن سلول ابنُ اُبَیّ" میں "ابنُ اُبَیّ" سلول کی صفت نہیں، عبداللہ کی صفت ہے۔

ونظائرهُ كثيرة منها، ١-المقداد بن عمرو ابنُ الاسود، ابوه الحقيقي عمرو، والاسود رجل تبنّاه في الجاهلية فنسب اليه. ومنها ٢-عبدالله بن عمرو ابنُ امّ مكتوم. ومنها ٣-عبدالله بن مالك ابنُ بُحَينة. ومنها ٤-محمد بن علي ابنُ الحنفيَّة. ومنها ٥-اسحاق بن ابراهيم ابنُ راهوية، فان راهوية هو ابراهيم والد اسحاق. ومنها ٦-محمد بن يزيد ابنُ ماجة، فان ماجة هو يزيد والد محمد، فراهوية وماجة لقبان.[1]

إتصال السند منّا إلى الإمام مسلمؒ[2]

١- انى قد تعلّمتُ صحيح مسلم من أوّله الٰى اٰخره رواية ودراية من شيخنا[3] العلام مولانا اكبر علي السهارنفوري رحمه الله تعالٰى في جامعة دار العلوم كراتشي سنة ٧٩-١٣٧٨هـ، وهو من مولانا[4] منظور احمد المحدث في

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے: کتاب ادب الکاتب للعلامۃ ابن قتیبۃؒ ص:۱۸۴، وقطر المحیط ص:۱۴۵۔

(۲) حضرت استاذی المکرّم مدظلہم کی اسناد کی تفصیل کے لئے ان کا ثبت ملاحظہ فرمائیں جو "الفضل الربّانی فی اسانید محمد رفیع العثمانی" کے نام سے "اِدَارَۃُ المَعَارِف کَرَاچی" سے علیحدہ چھپ چکا ہے۔

(۳) حضرت مولانا اکبر علی صاحب سہارنپوریؒ کی ولادت غالباً ۱۳۲۹ھ میں ہوئی، حفظِ قرآنِ کریم اور چند ابتدائی کتب پڑھنے کے بعد ۱۳۴۲ھ میں جامعہ مظاہر العلوم آئے اور ۱۳۴۷ھ میں فارغ التحصیل ہوئے، اور اسی سال مظاہر العلوم میں تدریس شروع فرمائی اور تقریباً تیس سال تک علمی و دینی خدمات سرانجام دیتے رہے، اور پھر مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ کی دعوت پر ۱۳۷۷ھ میں جامعہ دار العلوم کراچی تشریف لائے اور یہاں بیس سال تک تدریسی خدمات انجام دیں، ذیقعدہ ۱۳۹۷ھ میں آپ کا انتقال ہوا، حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانویؒ کی کتاب "اظہار الحق" کا اُردو ترجمہ آپ کی گرانقدر یادگار ہے۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: نقوشِ رفتگاں از حضرت اقدس مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم)۔

(۴) حضرت مولانا منظور احمد خان صاحبؒ نے ۱۳۲۸ھ میں جامعہ مظاہر العلوم سے فراغت حاصل کی اور ۱۳۳۰ھ میں وہیں تدریس شروع کی تقریباً ۵۸ سال تک تفسیر و حدیث اور مختلف علوم وفنون پڑھائے یہاں تک کہ ۱۳۸۸ھ میں اپنے خالقِ حقیقی سے جاملے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مدرسة مظاهر العلوم سهارنفور بالهند، عن الشيخ (۱) خليل احمد السهارنفوری (۲) عن الشيخ الامام الحافظ مولانا (۳) محمد مظهر النانوتوی، عن شمس العلماء مولانا مملوک علی (۴)، عن مولانا (۵) رشيد الدين خان الدهلوی، عن السيد مولانا

(۱) احقر کے استاذ حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ کو اپنے استاذ مولانا منظور احمد صاحب کے بارے میں شک تھا کہ مسلم شریف انہوں نے مولانا خلیل احمد صاحبؒ یا مولانا عبداللطیف صاحب یا مولانا ثابت علی صاحب سے پڑھی ہے، احقر نے اس کی تحقیق کی تو ثابت ہوا کہ مولانا خلیل احمد صاحبؒ ہی سے پڑھی ہے۔
آج شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب سہارنپوری مدظلہم نے فرمایا کہ: مولانا عبداللطیف صاحب سے نہیں پڑھی (رفیع۔ ۳/۲/۱۳۹۴ھ) اور تاریخِ مظاہر جلد:۲ صفحہ:۲۶۲ میں صراحت مل گئی ہے کہ مولانا منظور احمد صاحب نے صحاحِ ستہ مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ سے پڑھی ہیں، تاریخِ مظاہر کا یہ نسخہ حضرت مولانا اکبر علی صاحبؒ کی وفات کے بعد ان کے صاحبزادے بھائی اختر علی صاحب کے پاس ملا تھا۔ رفیع۔
(۲) حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوریؒ کی ولادت صفر ۱۲۶۹ھ میں نانوتہ ضلع سہارنپور میں ہوئی، ابتدائی تعلیم کے بعد رجب ۱۲۸۳ھ میں مظاہر العلوم آئے اور ۱۲۸۸ھ میں درسِ نظامی مکمل فرمایا۔ ۱۳۴۴ھ تک بنگلور، بھوپال، بہاولپور، بریلی، دارالعلوم دیوبند اور آخر میں مظاہر العلوم میں تفسیر، حدیث و اُصولِ حدیث، فقہ و اُصولِ فقہ اور دیگر علوم وفنون کی کتابوں کی تدریس کے بعد آخری مرتبہ مدینہ منورہ تشریف لے گئے اور ۱۵/ربیع الثانی ۱۳۴۶ھ میں وہیں آپ کا وصال ہوا۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: تذکرۃ الخلیل)۔
(۳) حضرت مولانا محمد مظہر صاحب نانوتویؒ کی ولادت ۱۲۲۷ھ میں نانوتہ میں ہوئی، حفظِ قرآنِ کریم اور ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد حافظ لطف علی صاحبؒ سے حاصل کرنے کے بعد حضرت مولانا مملوک علی صاحبؒ اور حضرت مولانا شیخ رشید الدین صاحب دہلویؒ سے کسبِ فیض کیا، اور علمِ حدیث حضرت مولانا احمد علی صاحب سہارنپوریؒ اور حضرت شاہ محمد اسحاق صاحبؒ سے بھی حاصل کیا، ۱۲۸۳ھ میں آپ بطورِ مدرسِ اوّل مظاہر العلوم تشریف لائے اور تقریباً بیس سال تک تفسیر، حدیث اور مختلف علوم وفنون کی کتب آپ کے زیرِ درس رہیں، آپ کی خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ حجۃ الاسلام والمسلمین حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس اللہ سرہٗ نے آپ سے ابتدائی کتب پڑھیں، آپ کی وفات ۱۳۰۲ھ میں ہوئی۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: العناقيد الغالية من الاسانيد العالية، مقدمة اوجز المسالک)۔
(۴) حضرت مولانا مملوک علی صاحبؒ کی ولادت ۱۲۰۴ھ میں نانوتہ ضلع سہارنپوری میں ہوئی، آپ کی جملہ خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ حضرتِ اقدس حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ اور حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ آپ کے شاگرد اور حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتویؒ آپ کے صاحبزادے تھے، آپ کا انتقال ۱۲۶۷ھ میں ہوا۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: سیرت یعقوبؒ ومملوکؒ، ونزهة الخواطر ج:۷ ص:۵۰۱)۔
(۵) حضرت مولانا شیخ رشید الدین خان صاحب دہلویؒ کی ولادت غالباً ۱۱۸۳ھ میں ہوئی، آپ حضرت شاہ رفیع الدین صاحب دہلویؒ اور حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب دہلویؒ کے شاگرد تھے، آپؒ نے درس وتدریس کے ساتھ باطل فرقوں کے خلاف بہت کام کیا، آپؒ کی وفات ۱۲۴۳ھ میں ہوئی۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: نزهة الخواطر ج:۷ ص:۱۸۰)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الشاه[1] عبدالعزيز الدهلوی رحمهم الله تعالیٰ.

ولما كانت سلسلة أسانيدنا الهندية كلها تدور على الشيخ الاجل الشاه عبدالعزيز رحمة الله عليه اذكر هنا واحد من أسانيده المتعددة الیٰ صاحب الكتاب الامام مسلم بن الحجاج رحمه الله تعالیٰ وللشيخ المذكور أسانيد اُخر ذكرها فی رسالتہ "العُجالة النافعة" لٰكن العمدة منها طريق والده المرحوم الشاه ولی الله الدهلوی نوّر الله مرقدهما.

فذكر انه سمع من والده الشاه ولی الله الدهلوی صحيح مسلم وغيره من الصحاح الستة، عن الشيخ ابی الطاهر المدنی، عن أبيه الشيخ ابراهيم الكُردی، عن الشيخ السلطان المزاحی، عن الشيخ شهاب الدين احمد بن خليل السُبكی، عن الشيخ نجم الدين الغيطی، عن الشيخ زين الدين زكريا، عن الشيخ ابن حجر العسقلانی، عن الشيخ صلاح بن أبی عمر المقدسی، عن الشيخ فخر الدين أبی الحسن علی بن أحمد المقدسی المعروف بابن البخاری، عن الشيخ أبی الحسن مؤيد بن محمد الطوسی، عن فقيه الحرم أبی عبدالله محمد بن فضل بن احمد الفراوی، عن الامام أبی الحسن عبدالغافر بن محمد الفارسی، عن أبی احمد محمد بن عيسیٰ الجلودی النيسابوری، عن ابی اسحاق ابراهيم بن محمد بن سفيان الفقيه، وهو عن مؤلف الكتاب أبی الحسين مسلم بن الحجاج القشيری النيشابوری رحمهم الله تعالیٰ ونفعنا بعلومهم، اٰمين!

۲- وقد أجازنی الشيخ البارع الورع المتقی محمد حسن بن محمد المشّاط المكی المالكی المحدث المدرس بالمسجد الحرام المنيف، متع الله المسلمين بطول حياته، اجازة عامة مطلقة تامة بجميع مالہٗ من مرويات ومقروءات ومسموعات مجازات، أحدث بها عنه كيف شئت ولمن شئت عن شيوخ لہ بالديار الحجازية وغيرها وأعطانی ثبته المسمّٰی بـ"الارشاد بذكر بعض

---

(۱) حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب دہلویؒ کی ولادت ۱۱۵۹ھ میں ہوئی، آپ ۱۵ سال کی عمر میں اپنے والدِ ماجد حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ سے تقریباً تمام علوم وفنونِ مروّجہ بالخصوص علمِ حدیث پڑھ کر فارغ ہوئے اور اسی زمانے سے ہی پڑھانا شروع کیا، آپؒ کا انتقال شوال ۱۲۳۹ھ میں ہوا۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: نزهة الخواطر ج:۷ ص:۲۷۵)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ما لی من الاجازة والاسناد" وأجازنی به بالمسجد الحرام المنیف بمكة المكرمة، زادها الله شرفًا وكرامةً، حین حضرتها لحج بیت الله الحرام اول مرة سنة ١٣٨٤هـ وقد ذكر فی ثبته المذكور طرقَهُ المتعددة عن الشیوخ الكبار وخص بالذكر منهم سبعة عشر شیخًا.

۳- وقد أجازنی صاحب الثبت المذكور بثبت الشیخ ولی الله الدهلوی المسمّٰی بـ"الارشاد الی مُهمّات علم الاسناد" رواه عن الشیخ محمد عبدالباقی الأیوبی اللكنوی، عن العارف بالله فضل الرحمٰن بن اهل الله، عن الشاه عبدالعزیز الدهلوی، عن والده الشاه ولی الله الدهلوی، رحمهم الله تعالٰی، وهٰذا أقرب أسانیدی وأعلاها الی الشیخ عبدالعزیز الدهلوی رحمه الله، والحمد لله علٰی ذٰلک.

حدیثُ الرحمةِ المسلسلِ بالأوَّلیة

وأول حدیث حدثنی به الشیخ المذكور "حدیث الرحمة المسلسلُ بالأولیَّة" كما جرت به عادة اهل هٰذا الفن وهو أول حدیث سمعه من شیوخه المذكورین فی ثبته وذكر فی ذٰلک الثبت اسناده المتصل الٰی سفیان بن عیینة رحمه الله، قال كل واحد من رجال الإسناد عن شیخه "وهو أول حدیث سمعته منه" وانتهی التسلسل بالأولیّة الٰی سفیان بن عیینة وهو یرویه عن عمرو بن دینار عن أبی قابوس مولی عبدالله بن عمرو بن العاص عن عبدالله بن عمرو رضی الله عنهما قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "الراحمون یرحمهم الرحمٰن تبارک وتعالٰی، ارحموا من فی الأرض یرحمكم من فی السماء." أخرجه البخاری فی الكنٰی والأدب المفرد، وابوداوٗد فی سننه، والترمذی فی جامعه، والحمیدی فی مسنده الا انهم جمیعًا لم یسلسلوه.

۴- وقد أجازنی سیدی وسندی والدی الماجد فضیلة الشیخ مولانا المفتی الأكبر محمد شفیع قدس الله سرهٗ بروایة الصحاح الستة، والمؤطا للامام محمد، وشرح معانی الأثار للطحاوی، بعد ان قرأت علیه بعض الأطراف من هٰذه الكتب وسمعت بعضها بحیث قرء علیه وأنا أسمع.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وقد تعلمت منه المؤطا للإمام مالک والشمائل للترمذی فی سنة ۷۹-۱۳۷۸هـ، وتعلمت منه أيضًا الحصن الحصين للإمام الجزریؒ ولله الحمد.

وقرأ والدی الماجد "الحصن الحصين" علی المفتی الأكبر مولانا عزيزالرحمن، عن الشاه فضل الرحمن الكنج مراد آبادی، عن الشاه عبدالعزيز، عن والده الشاه ولی الله الدهلوی۔ رحمهم الله. (الازدياد السنی صفحة: ۳۷)۔ وهذا أيضًا من أقرب أسانيدی وأعلاها إلی الشيخ عبدالعزيز رحمه الله، ولله الحمد.

۵- وقد أجازنی فضيلة الشيخ محمد إدريس الكاندهلوی رحمه الله بجميع مروياته ومسموعاته ومجازاته عن مشايخه الكرام اجازة تامةً مطلقةً عامةً بشروط ذكرها فی صورة الاجازة (صفحة: ۳۱ من مقدمة صحيح البخاری لهٗ) وكتب فی أثناء هذه الصورة بيده الشريفة إسمی والدعاء لی، ولله الحمد.

وهو يروی الصحاح الستة والموطئين عن الشيخ خليل أحمد السهارنفوری، ويروي صحيح البخاری وجامع الترمذی عن الشيخ الأجل السيد محمد أنورشاه الكشميری رحمه الله تعالیٰ.

ويروی الصحاح الستة وغيرها من كتب الحديث اجازة عن حضرة والده المبجل مولانا الشيخ محمد إسماعيل بن محمد إسحاق الكاندهلوی، وهو يروی عن الشيخ السيد علی بن طاهر الوتری المدنی، واسناد الشيخ الوتری إلی الإمام البخاری أعلی سند يوجد في الدنيا في ذٰلک الوقت، كما فصله في مقدمته علی صحيح البخاری صفحة:۳.

وقد حصلت الاجازة لوالده الشيخ محمد إسماعيل بن محمد إسحاق عن الشيخ المفتی عبدالقيوم البدهانوی عن حضرة الشاه محمد إسحاق الدهلوی رحمه الله.

۶- وقد أجازنی فضيلة الشيخ مولانا ظفر أحمد العثمانی التهانوی رحمه الله صاحبُ "إعلاء السنن" بجميع مروياته اجازة عامة.

۷- وقد أجازنی فضيلة الشيخ، شيخ الحديث مولانا محمد زكريا رحمه الله صاحب "لامع الدراری" و "أوجز المسالک" برواية الصحاح الستة بأسانيده

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وكتب لي تلك الإجازة.

وأجازني أيضًا برواية الكتب المشهورةِ في الحديث -وهي ستة وثلاثون كتابًا- بعد قراءتي أطرافها عليه بالمدينة المنورة علىٰ صاحبها الصلاة والسلام، وهي كما يلي:

١-السُّنن	للإمام عبدالله بن عبدالرحمٰن الدارمي.
٢-المؤطا	للإمام مالك برواية يحيٰى.
٣-المؤطا	للإمام مالك برواية محمد بن الحسن.
٤-المسند	للإمام أبي حنيفة.
٥-المسند	للإمام الشافعي.
٦-السنن	للإمام الشافعي.
٧-المسند	للإمام احمد بن حنبل.
٨-كتاب الآثار	للإمام محمد بن الحسن الشيباني.
٩-السنن	للإمام الدارقطني.
١٠-المستخرج على الصحيح مسلم	للإمام أبي نُعَيم الاصفهاني.
١١-المصنف	للإمام أبي مسلم الكشي.
١٢-السنن	للإمام سعيد بن منصور.
١٣-المصنَّف	للإمام أبي بكر بن أبي شيبة.
١٤-شرح السنة	للإمام محي السنة حسين بن مسعود البغوى.
١٥-مصابيح السنة	للإمام البغوى.
١٦-المسند	للإمام أبي داوٗد الطيالسي.
١٧-المسند	للإمام عبد بن حميد الكشي.
١٨-المسند	للإمام أبي محمد بن أبي اسامة.
١٩-المسند	للإمام أبي بكر البزار.
٢٠-المسند	للإمام أبي يعلىٰ الموصلي.
٢١-المعجم	للإمام أبي يعلىٰ الموصلي.
٢٢-كتاب الزهد والرقاق	للإمام أبي عبدالرحمٰن عبدالله بن المبارك.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

٢٣- نوادرالاصول — للإمام أبى عبدالله الحكيم الترمذى.
٢٤- كتاب الدعاء — للإمام أبى القاسم الطبرانى.
٢٥- كتاب الخطيب البغدادى — للإمام إبن أبى بكر أحمد بن على الخطيب البغدادى.
٢٦- يحيىٰ بن معين المرى — للإمام الحافظ يحيىٰ بن معين المرى.
٢٧- المصنَّف — للإمام عبدالرزاق.
٢٨- السنن الكبرىٰ — للإمام البيهقى.
٢٩- دلائل النبوة — للإمام البيهقى.
٣٠- المستخرج — للإمام أبى عوانة.
٣١- الصحيح — للإمام أبى عبدالله محمد بن حبان التميمى.
٣٢- المستدرك — للإمام الحاكم أبى عبدالله النيسابورى.
٣٣- الصحيح — للإمام أبى عبدالله محمد بن أبى إسحاق بن خزيمة.
٣٤- الصحيح — للإمام الحافظ أبى بكر الإسماعيلى.
٣٥- عمل اليوم والليلة — للإمام أبى بكر بن السنى.
٣٦- جمع الفوائد — للإمام محمد بن محمد بن سليمان.

٨- وقد أجازنى (فى الجامعة الأشرفية بلاهور فى الحادى عشر من شعبان سنة ١٣٩٨هـ) فضيلة الشيخ القارى المقرى محمد طيب الديوبندى رحمه الله تعالىٰ مدير دار العلوم ديوبند برواية الصحاح الستة بثلاث طرقه، وهي كما يلي:-

الف- عن الشيخ الأجل السيد مولانا محمد أنورشاه الكشميرى، عن شيخ الهند مولانا محمود الحسن، عن الشيخ مولانا محمد قاسم النانوتوى، عن الشاه عبدالغنى الدهلوى، عن الشاه محمد إسحاق الدهلوى، عن الشاه عبدالعزيز الدهلوى، عن الشاه ولى الله المحدث الدهلوى، رحمهم الله تعالىٰ.

ب- عن مولانا محمد أحمد، عن الشيخ مولانا رشيد أحمد الكنكوهى، عن الشاه عبدالغنى، عن الشيخ مولانا الشاه محمد إسحاق الدهلوى، عن الشاه عبدالعزيز الدهلوى، رحمهم الله تعالىٰ.

ج- عن الشيخ مولانا خليل أحمد السهارنفورى، عن الشيخ مولانا الشاه عبدالقيوم البدهانوى، عن الشيخ الشاه محمد إسحاق الدهلوى، رحمهم الله.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۹-وقد أجازني الشيخ العلامة الفقيه الأديب الشيخ عبدالله بن أحمد الناخبي نفع الله بعلومه وأطال عمره في مرضيّاته في عافية كاملة اجازة عامة مطلقة تامة بجميع ماله من مرويات ومقروءات ومسموعات ومجازات، وأعطاني ثبته المسمّٰى بـ "اجازة عامة في الأسانيد والمرويات" وأجازني به في مدينة جدة المملكة العربية السعودية، وذلك عام ١٤٢٦هـ الموافق ٢٠٠٥م. وهو يومئذٍ ابن مأة وتسع سنوات ولله الحمد.

وأجازني بما تلقاه من الحديث الشريف والفقه والتفسير من شيوخه الكرام بل بما تلقى منهم من أوراد وأذكار وأدعية.(۱)

وثبته هذا يتضمن الحديث المسلسل بالأوّلية إلّا ان اسناد الحديث المسلسل بالأوّلية الحاصل لي من العلامة المشاطؒ عال بالنسبة إلى إسناد العلامة الناخبي، وكذلك أسانيد صحيح البخاري الحاصلة لي من مشايخي رحمهم الله كلها عالية بالقياس إلى إسناد العلامة حفظه الله تعالیٰ.

۱۰- وقد أجازني بحمد الله تعالیٰ الشيخ أبو الفيض محمد ياسين بن محمد عيسى الفاداني المكي رحمه الله تعالیٰ بما ثبت له روايته من كتب الاسناد المتداولة المشتملة علیٰ اسانيد الكتب فی شتی العلوم والفنون، والشيخ الفاداني قدس سره العزيز يروی ذلک ما بين القراءة والسماع والاجازة الخاصة والعامة من مشائخ كثيرين من اعلام الحرمين — مكة المكرمة والمدينة المنوّرة — وغيرهما. واعطانی ثبته وهو مشتمل على الحديث المسلسل بالأوّلية أيضًا إلّا ان اسناد الحديث المسلسل بالأوّلية الحاصل لی من العلامة المشاطؒ عال بالنسبة الیٰ اسناده رحمة الله عليه.

۱۱- وقد أجازنی بحمد الله تعالیٰ فضيلة الشيخ ابو الزاهد محمد سرفراز خان صفدر حفظه الله تعالیٰ شيخ الحديث بمدرسة نصرة العلوم جوجرانواله بالصحاح الستّة عن شيخ الاسلام شيخ العرب والعجم مولانا حسين أحمد المدنی شيخ الحديث بدار العلوم ديوبند (الهند) قدس الله سره العزيز وقد أخذ

(۱) شیخ ناخبیؒ ۲۴ ر جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸ھ بروز اتوار بوقتِ عصر جدہ میں وفات پا گئے، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عن شيخ الهند مولانا محمود الحسن العثماني الديوبنديؒ وأسانيده معروفة.

۱۲- وقد أجازني بحمد الله فضيلة الشيخ أحمد كفتارو مفتي الجمهورية السورية بجميع مرويّاته، ومقروئاته ومسموعاته ومجازاته، حين ما زرتُهُ في دمشق في شهر ربيع الثاني سنة ١٤٢٥هـ ولله الحمد. وتوفي رحِمَه الله بعد هذه الزيارة بشهرين تقريبًا، غفر الله لهُ وأعلىٰ درجاته، آمين.

رحمهم الله تعالى ومتعنا بعلومهم وبركاتهم في الدنيا والآخرة آمين.

❋❋❋

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

آغازِ کتاب

ملخص[1] ما فی مقدمة صحیح مسلم من المسائل المهمة وشرح المواضع منها

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مقدمہ کا آغاز اپنے کسی شاگرد یا معتقد سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا، متعین طور سے معلوم نہیں ہوسکا کہ یہ صاحب کون ہیں؟ ہوسکتا ہے کہ وہی ''ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن سفیان النیسابوری'' ہوں جنہوں نے صحیح مسلم کے موجودہ نسخے کی روایت کی ہے اور خود امام مسلمؒ سے یہ کتاب سنی ہے۔ لیکن ہمارے شیخ عبدالفتاح ابوغدہ رحمۃ اللہ علیہ نے علامہ شمس الدین الذہبیؒ کی مشہور کتاب ''الموقظة فی علم مصطلح الحدیث'' کے آخر میں ''التتمات الخمس'' کے عنوان کے تحت تیسرے تتمہ میں جزم سے تحریر فرمایا ہے کہ امام مسلمؒ نے اپنی کتابِ صحیح کو اپنے شاگردِ رشید اور سفر وحضر میں ساتھ رہنے والے رفیق حافظ احمد بن سلمۃ النیسابوریؒ کی درخواست پر تالیف کیا تھا، ـــــ لیکن افسوس کہ ہمارے شیخ کے کلام میں اس کا کوئی حوالہ ناچیز کو نہیں ملا۔

قوله: ''ذکرت انک هممت بالفحص عن تعرف جملة الاخبار المأثورة (الٰی قوله) وسألتنی ان الخصها لک.'' (ص:۲ سطر:۲ الیٰ۴)

اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ تم نے ایک ایسا مجموعۂ احادیث تالیف کرنے کی مجھ سے درخواست کی ہے جس میں مندرجہ ذیل خوبیاں ہوں:۔

۱۔ اس کی احادیث مرفوعہ ہوں۔

---

(۱) یہاں استاذِ محترم کی تقریر وتشریح کے صرف خاص خاص حصے اور ان کا خلاصہ درج کیا جارہا ہے۔ (عبدالغفور)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲- وہ حدیث کے تمام مضامین (ثمانیہ) کو جامع ہو۔
۳- احادیث سندوں کے ساتھ ہوں۔
۴- وہ سندیں اہلِ علم کے یہاں متداول[1] (مقبول) ہوں۔
۵- وہ مجموعہ مرتب ہو۔
۶- مختصر ہو۔
۷- زیادہ (غیر ضروری) تکرار سے خالی ہو۔

قولہ: "ثم انا ان شاء اللّٰہ مبتدءون فی تخریج ما سألت" (ص:۳ سطر:۴)

اس کا حاصل یہ ہے کہ میں تمہاری درخواست کے موافق تألیف شروع کرتا ہوں، یعنی اس کتاب میں انشاء اللہ وہ تمام خوبیاں ہوں گی جو تم نے طلب کی ہیں، چنانچہ اختصار کو بھی ملحوظ رکھا جائے گا اور تکرار سے حتی الوسع احتراز کیا جائے گا، اِلَّا یہ کہ تکرار میں کوئی معتد بہ فائدہ ہو، مثلاً: مکرر آنے والی روایت کی سند یا متن میں کوئی ایسی بات ہو جس کا اظہار ضروری یا مفید ہو، مگر ایسے مواقع میں بھی صرف بقدرِ ضرورت ہی تکرار ہوگا۔ اس عبارت میں امام مسلمؒ نے لفظ "تخریج" کو بمعنیٰ "الاخراج" استعمال فرمایا ہے۔

قولہ: "فنقسمها علٰی ثلٰثة اقسام وثلٰث طبقات من الناس." (ص:۳ سطر:۵)

ان طبقات اور اقسام کا خلاصہ یہ ہے:-

الأول:- ما رواه الصادقون المتقنون فی الحفظ والإتقان.

الثانی:- ما رواه الصادقون[2] المتوسطون فی الحفظ والإتقان.

---

(۱) یہاں احادیثِ صحیحہ کی صراحت تو نہیں فرمائی لیکن ان کے مجموعۂ کلام کا حاصل یہی نکلتا ہے کہ احادیثِ صحیحہ مراد ہیں، جیسا کہ آگے اسی بحث میں "فائدہ" کے عنوان کے تحت بھی آرہا ہے۔ (رفیع)

(۲) یہاں پر "الصادقون" کا لفظ استعمال ہوا ہے اور علامہ نوویؒ نے مقدمة شرح مسلم میں اس کے بجائے "المستورون" کا لفظ استعمال فرمایا ہے، علمِ اُصولِ حدیث میں "مستور" دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ ۱:- ایسا راوی جس کے حالات معلوم نہ ہوں اسے "مجهول" بھی کہتے ہیں، ایسے شخص کی روایت معتبر نہیں۔ ۲:- ایسا راوی جس کے بارے میں ایسی بات معلوم نہ ہو جو خلافِ عدل ومروءة ہو اور یہاں یہی معنیٰ مراد ہیں۔ کما قال الشیخ العثمانی فی کتابه "فتح الملهم": "والمراد بالستر هٰهنا أنّه لیس فیهم ما ینافی العدالة والمروءة فیما یبدو الناس" اس معنیٰ کے اعتبار سے "مستورون" اور "صادقون" کے کلمات مترادف ہیں اور امام مسلمؒ کی اس عبارت سے بھی اس کی طرف اشارہ ہوتا ہے، جو انہوں نے طبقۂ ثانیہ کی تعریف کرتے ہوئے فرمائی یعنی فان اسم الستر والصدق وتعاطی العلم یشملهم .... الخ. انظر مقدمة الامام النووی ص:۱۵، وفتح الملهم ج:۱ ص:۳۲۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الثالث:- ما رواہ الضعفاء المتروکون.

قولہ: ''فاذا نحن تقصّینا أخبارَ ھٰذا الصنف من الناس أتبعناھا أخبارًا یقع فی أسانیدھا بعضُ من لیس بالموصوف بالحفظ والاتقان کالصنف المتقدم قبلھم علٰی أنھم وان کانوا فیما وصفنا دونھم فان اسم السَّتر والصدق وتعاطی العلم یشملھم.'' (ص:۳ سطر آخر تا ص:۴ سطر:۲)

یہاں ''الستر'' سے مراد یہ ہے کہ ان راویوں کے بارے میں ہمیں کوئی بات عدالت کے منافی معلوم نہیں، پس یہ لفظ ''عدالت'' کے مترادف ہے۔

قولہ: ''فی مثل مجرٰی ھؤلاء'' (ص:۴ سطر:۶)

ایک نسخے میں ''مثل ذٰلک'' ہے، اس کا ترجمہ تو ظاہر ہے اور ''وفی مثل مجرٰی ھؤلاء'' میں ''ھؤلاء'' سے اشارہ مذکورہ بالا دونوں طبقات کے محدثین کی طرف ہے۔ ''مجرٰی'' اسمِ ظرف بھی ہوسکتا ہے (کما فی الصحاح)[1] جس کا اصل لفظی ترجمہ ہے ''گزرگاہ اور بہنے کی جگہ'' اس صورت میں مراد مقام یا درجہ ہوگا، یعنی مذکورہ بزرگوں کے مقام اور درجے یعنی طبقے کی طرح، اور ''مجرٰی'' مصدر میمی بھی ہوسکتا ہے جس کا اصل لفظی ترجمہ ''بہنا'' ہے (کما فی الصحاح للجوھری)[2] اس صورت میں مراد رَوِش اور چلنا ہوگا یعنی مذکورہ بزرگوں کی رَوِش اور طریقے کی طرح۔ والاول اظھر۔

قولہ: ''فاما ما کان منھا عن قوم ھم عند اھل الحدیث متَّھمون او عند الاکثر منھم فلسنا نتشاغل بتخریج حدیثھم'' (ص:۴ کے آخر سے ص:۵ کی پہلی سطر تک)

امام مسلمؒ نے جو کلام صفحہ:۳ کے آخر سے یہاں تک فرمایا ہے، اس کا حاصل یہ ہے کہ جب ہم قسمِ اَوّل سے فارغ ہوں گے تو قسمِ ثانی کی حدیثیں لائیں گے اور قسمِ ثالث کو ذکر نہیں کریں گے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول اپنے اجمال کے باعث مشکل ہوگیا ہے، چنانچہ اس کی مراد کی تعیین میں تین قول ہیں (یہ تینوں اقوال علامہ نوویؒ نے اپنی شرح کے مقدمہ میں مستقل ایک فصل[3] میں نقل کیے ہیں)۔

(۱) ج:۱ ص:۱۸۷۔ (۲) حوالۂ بالا۔

(۳) ج:۱ ص:۱۵، ۱۶، صحیح مسلم کے جو نسخے علامہ نوویؒ کی شرح کے ساتھ طبع ہوئے ہیں ان کے شروع میں علامہ نوویؒ کا یہ مقدمہ بھی طبع ہوا ہے، ہمارے زیرِ درس نسخے ایسے ہی ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- ایک قول امام مسلمؒ کے شاگرد ابواسحاق ابراہیم کا ہے کہ امام مسلمؒ نے تین الگ الگ کتابیں تألیف کی تھیں، ایک تو یہی صحیح مسلم ہے، اور دوسری کتاب میں متوسط درجہ کے رُواۃ کی حدیثیں ذکر کی تھیں، اور تیسری کتاب میں ضعفاء اور متروکین کی حدیثیں تھیں۔[۱]

۲- دوسرا قول حاکم صاحبِ مستدرک اور بیہقی کا ہے کہ امام مسلمؒ نے قسمِ اوّل اور قسمِ ثانی کی حدیثیں الگ الگ لکھنے کا ارادہ کیا تھا، لیکن قسمِ اوّل ہی کی حدیثیں صحیح مسلم میں لکھ پائے تھے کہ آپ کا انتقال ہوگیا اور قسمِ ثانی کی تألیف کا موقع نہ مل سکا۔

۳- تیسرا قول قاضی عیاض کا ہے جسے علامہ نوویؒ نے اپنی شرح کے مقدمہ[۲] میں راجح قرار دیا ہے، وہ یہ کہ امام مسلمؒ کے مذکورہ قول اور کتابِ ہٰذا کی ترتیب میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ صحیح مسلم میں انہوں نے تین قسم کے رُواۃ کی حدیثیں ذکر کی ہیں، ایک حُفّاظ متقنون، دوسرے متوسطون فی الحفظ والاتقان، اور تیسرے وہ رُواۃ جن کی بعض نے تضعیف کی ہے اور اکثر نے نہیں کی، اور خود امام مسلمؒ کے نزدیک بھی ان کی تضعیف راجح نہیں، اور ایک چوتھی قسم ہے جس کو امام مسلم نے ترک کیا ہے، یعنی وہ رُواۃ جن کو تمام محدثین یا اکثر نے ضعیف اور متروک قرار دیا ہے، چنانچہ ہر باب میں امام مسلمؒ سب سے پہلے قسمِ اوّل کی حدیثیں لاتے ہیں، پھر استشہاد اور متابعت کے لئے، یا اگر ان کو طبقۂ اُولیٰ کی حدیث اس باب میں نہ ملے تو استدلال کے لئے قسمِ ثانی کی حدیثیں لاتے ہیں، اور اس کے بعد صرف استشہاد و متابعت کے لئے قسمِ ثالث کی حدیثیں لاتے ہیں، قسمِ رابع کی یعنی جن کی اکثر یا سب محدثین نے تضعیف کی ہے، حدیثیں نہیں لاتے۔[۳]

قاضی عیاضؒ کی اس تشریح پر اِشکال ہوتا ہے کہ اس کی رو سے تو چار قسمیں بن جاتی ہیں جن میں سے تین کتاب میں آئیں اور چوتھی متروک ہے، حالانکہ امام مسلمؒ نے اپنے قولِ مذکور میں صرف تین قسموں کا ذکر کر کے تیسری کو متروک قرار دیا ہے۔

---

(۱) لیکن یہ قول اس لئے درست نہیں کہ یہ امام مسلمؒ کی صراحت کے خلاف ہے، امامؒ نے تو صراحت فرمائی ہے کہ تیسرے طبقے کی حدیثیں کتاب میں نہیں لائیں گے، کما مرّ آنفا۔

(۲) دیکھئے ان کے مقدمہ کا ص:۱۵و۱۶ (از حضرت استاذنا المکرم مدظلہم)۔

(۳) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۱۵۵، ۱۵۶، و اکمال المعلم بفوائد مسلم ج:۱ ص:۸۶، ۸۷، وصيانة صحيح مسلم من الاخلال والغلط ص:۹۰، ۹۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس کا جواب یہ ہے کہ چوتھی قسم امام مسلمؒ کے قولِ مذکور کے مفہومِ مخالف سے نکلتی ہے، اس لئے کہ ان کا ارشاد ہے کہ:-

"فاما ما كان عن قومٍ هُم عندَ اهلِ الحديث متَّهَمون أو عندَ الأكثرِ منهم، فسلنا نتشاغل بتخريج حديثِهم." (ص:۴،۵)

جس کا مفہومِ مخالف یہ ہوا کہ جو رُواۃ اکثر محدثین کے یہاں متہم نہیں بلکہ بعض کے نزدیک متہم ہیں ان کی حدیثیں اپنی کتاب میں ذکر فرمائیں گے، چنانچہ واقعہ بھی یہی ہے کہ ایسے رُواۃ کی حدیثیں متعدد مقامات پر امام مسلمؒ نے ذکر کی ہیں جو بدعت کی طرف منسوب ہیں یا جن کی بعض محدثین نے تضعیف کی ہے، لیکن امام مسلمؒ کے نزدیک ان کا ضعف راجح نہیں۔

فائدہ:- شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مقدمہ فتح الملہم[1] میں علامہ جزائری کے حوالے سے فرمایا ہے کہ: امام مسلمؒ طبقۂ ثالثہ کی روایات کو صرف متابعت اور استشہاد کے طور پر لاتے ہیں تاکہ طبقۂ ثانیہ کے راویوں میں ضبط کا جو قصور ہے اس کی تلافی طبقۂ ثالثہ کی روایات سے ہوجائے۔

ناچیز (رفیع) عرض کرتا ہے کہ اس سے ایک بڑے اِشکال کا جواب ہوجاتا ہے، اِشکال یہ ہوتا تھا کہ جب امام مسلمؒ طبقۂ ثانیہ کی روایات بھی اپنی کتاب میں لائے ہیں تو یہ کتاب "صحیح مجرّد" نہ ہوئی، کیونکہ "حدیثِ صحیح" کے راوی کا "عدلٌ تامّ الضبط" ہونا ضروری ہے،[2] حالانکہ طبقۂ ثانیہ کے رُواۃ "تام الضبط" نہیں ہوتے، لہٰذا ان کی روایات حَسَن لذاته ہوئیں، "صحیح" نہ ہوئیں، کیونکہ حدیثِ صحیح اور حدیثِ حسن کے راویوں میں صرف "ضبط" کا فرق ہوتا ہے کہ اوّل الذکر کے راوی تام الضبط ہوتے ہیں، اور "حَسَن" کے راویوں میں "ضبط" تام نہیں ہوتا قاصر ہوتا ہے۔[3]

علامہ جزائریؒ کی مذکورہ بالا تحقیق سے یہ اِشکال اس طرح رفع ہوگیا کہ "حَسَن لذاته" کے طرق اگر متعدد ہوں تو وہ "صحیح لغیره" بن جاتی ہے،[4] پس جب امام مسلمؒ طبقۂ ثانیہ کی

---

(۱) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۷۹۔ (۲) تدريب الراوی مع تقريب النواوی ص:۲۲۔

(۳) تدريب الراوی ص:۸۹، و كذا في فتح المغيث ج:۱ ص:۷۱،۷۲۔

(۴) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۷۶، و كذا في تدريب الراوی ص:۱۸۰ (شرط ترقی الضعيف الى مرتبة الحسن)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

روایات، جو کہ حسان ہیں، لانے کے بعد متابعت اور استشہاد کے طور پر طبقۂ ثالثہ کی روایات لے آتے ہیں تو تعددِ طرق کی وجہ سے اس قصور کی تلافی ہو جاتی ہے جو طبقۂ ثانیہ کے راویوں میں تھا، اور طبقۂ ثانیہ کی روایات تعددِ طرق کی وجہ سے "صحیح لغیرہ" بن جاتی ہیں، لہٰذا کتاب مسلم کے "الصحیح المجرّد" ہونے میں شبہ نہ رہا، البتہ یہ کہنا پھر بھی درست ہوگا کہ "کتابِ مسلم" میں ساری احادیث "صحیح لذاته" نہیں بلکہ اس میں "صحیح لغیرہ" بھی ہیں، تاہم یہ کتاب کے "الصحیح المجرّد" ہونے کے منافی نہیں، کما لا یخفی۔

قولہ: "سلیمان بن عمرو ابی داوٗد" (ص:۵ سطر:۲)

یہ "عمرو" بفتح العین ہے، جس کا واؤ لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا۔[1]

قولہ: "علامة المنکر" (ص:۵ سطر:۳)

یعنی حدیثِ منکر کی تعریف یہ ہے کہ وہ روایت حفاظ وثقات کے بالکل خلاف ہو یا عدمِ موافقت کے قریب ہو کہ بمشکل ان سے موافقت پیدا کی جاسکے،[2] یہ تو حدیثِ منکر کی تعریف ہوئی۔

قولہ: "فاذا کان الأغلب من حدیثه کذٰلک ..... الخ" (ص:۵ سطر:۳،۴)

یہ حکم ہے ایسے راوی کا جس کی حدیثوں میں منکر حدیثوں کا غلبہ اور اکثریت ہو، کہ اس کی کوئی روایت قبول نہیں کی جاتی، حتیٰ کہ جس روایت میں اس نے حفاظ وثقات کی مخالفت نہ کی ہو وہ بھی قبول نہیں کی جاتی، ایسے راوی کو "منکر الحدیث" بھی کہا جاتا ہے، اور جس راوی کی روایات میں غلبہ منکر روایات کا نہ ہو تو اس کی منکر روایات اگرچہ غیر مقبول ہوں گی مگر باقی روایات قبول کی جائیں گی اور اُس راوی کو "منکر الحدیث" بھی نہیں کہا جائے گا۔[3]

قولہ: "مُحرَّر" (ص:۵ سطر:۴) بضم المیم وفتح الحاء المهملة والرائین المهملتین الأُولٰی مفتوحة مشدودة (هٰکذا ضبط النووی هٰهنا ورجحه وذکر نحوه فی شرح اواخر هذه المقدمة)۔[4]

---

(۱) منهاج شرح الامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۷۔

(۲) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۱۳۵، و شرح الامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۸۔

(۳) مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: قواعد فی علوم الحدیث للعلامة ظفر احمد العثمانیؒ ص:۱۵۷-۱۵۹، ومقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۱۳۵۔

(۴) شرح الامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۸، و اکمال المعلم بفوائد مسلم للقاضی عیاضؒ ج:۱ ص:۱۰۱،۱۰۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "لأن حكم أهل العلم (الی قوله) فغير جائز قبول هذا الضرب من الناس" (ص:۵ سطر:۹)

پیچھے دو باتیں بیان ہوئی تھیں:-

۱- ایک حدیثِ مُنکَر کی تعریف۔ ۲- دوسری یہ کہ جس راوی کی روایات میں غلبہ مُنکَر روایات کا ہو وہ غیر مقبول الحدیث ہوتا ہے۔ لأن حکم .... الخ سے اس دوسری بات کی دلیل بیان فرمائی جا رہی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ("تفرُّد" اور "زیادت" اگرچہ بہ نسبت "مخالفت" کے اَھْوَن درجہ کی چیز ہے، چنانچہ) جو راوی حفاظ وثقات کی روایت کردہ بہت سی حدیثوں کو روایت کرنے میں ان کے ساتھ شریک رہا ہو، اور ان کے موافق روایت کرتا رہا ہو وہ اگر کسی حدیث میں تفرُّد یا زیادت کرے تو اس کا تفرد اور زیادت قبول کی جاتی ہے (جبکہ مخالفت قبول نہیں کی جاتی جیسا کہ اُوپر گزر چکا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ "تفرد" اور "زیادت" اھون درجہ کی چیز ہے مگر اس کے باوجود) جو راوی حفاظ وثقات کی روایات میں ان کے ساتھ شریک نہیں رہا، وہ اگر حدیثوں کی ایک تعداد میں تفرد کرے تو اس قسم کے راوی کے تفردات کو قبول نہیں کیا جاتا بلکہ اس کی باقی حدیثیں بھی قبول کرنا جائز نہیں، (تو جب تفردات اور زیادات کی کثرت کرنے والے کا یہ حکم ہے کہ اس کی کوئی روایت قبول نہیں کی جاتی تو مخالفت کی کثرت کرنے والے کا تو بدرجہ اَوْلیٰ یہ حکم ہوگا کہ اس کی کوئی روایت قبول نہ کی جائے)۔

تنبیہ:- "مُنکَر"، "تفرُّد" اور "زیادت" سے متعلق امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت کی شرح جو ناچیز نے بیان کی ہے، وہ ناچیز کو بعینہٖ تو شراح کے کلام میں نہیں ملی، لیکن ان کے کلام کے منافی بھی نہیں ہے، بلکہ شراح کے کلام میں کہیں کہیں اس کی تائید بھی ملتی ہے۔

ناچیز کی بیان کردہ شرح بڑی حد تک اس پر مبنی ہے کہ اس پوری بحث میں "مخالفت" سے مراد معارضہ ہے، یعنی حفاظ و ثقات کی روایت کے معارض روایت کرنا، کہ اس راوی کی روایت کو درست تسلیم کریں تو ان حفاظ کی روایات کو غلط ماننا پڑے اور اُن حفاظ کی روایت کو درست تسلیم کریں تو اِس کی روایت کو غلط کہنا پڑے، اور "تفرُّد" و "زیادۃ" سے مراد ایسا تفرد اور ایسی زیادت ہے جس میں حفاظ وثقات کی روایت کے معارض بات نہ ہو۔

"مخالفت" اور "تفرُّد" کا یہ فرق امام شافعیؒ اور ابن الصلاح کی اُن عبارات سے واضح ہے جو علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے مقدمہ فتح الملھم میں "الشاذ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

والمحفوظ والمنکر والمعروف" کے عنوان کے تحت نقل فرمائی ہیں۔ (۱) بلکہ خود امام مسلمؒ نے بھی اپنے کلام میں "علامة المنکر" سے یہاں تک جو فرمایا ہے اُس میں کما حقہ غور کرنے کے بعد اس فرق کو تسلیم کئے بغیر چارۂ کار نہیں رہتا۔

حاصلِ بحث

حدیثِ مُنکَر اور تفرد و زیادت سے متعلق امام مسلمؒ کے اس پورے کلام سے مندرجہ ذیل اُمور مستفاد ہوئے:۔

۱- جو حدیث حفاظ ثقات کی روایت کے خلاف ہو وہ "مُنکَر" ہے۔

۲- جس راوی کی روایات میں اکثریت منکر حدیثوں کی ہو وہ "مھجور الحدیث" ہوتا ہے، یعنی اس کی ایسی روایات بھی قبول نہیں کی جاتیں جن میں اس نے حفاظ و ثقات کی مخالفت نہیں کی، (ایسے آدمی کو "منکر الحدیث" بھی کہا جاتا ہے، رفیع)۔

۳- کسی راوی کا تفرد یا زیادت کرنا بہ نسبت مخالفت ثقات کے اَھْوَن ہے، چنانچہ ثقہ کی زیادت یا تفرد تو حفاظ و ثقات کے مقابلہ میں قابلِ قبول ہے، مگر "مخالفت" قابلِ قبول نہیں، یعنی حفاظ و ثقات کی مخالفت اگر ثقہ راوی بھی کرے گا تو مخالفت والی روایت مُنکَر ہوگی۔

۴- تفرد اور زیادت اسی راوی کا قابلِ قبول ہے جس نے بہت سی حدیثیں روایت کرنے میں اپنے ایسے اَقران کے ساتھ مشارکت کی ہو جو حافظ اور ثقہ ہیں اور ان روایات میں ان کی پوری طرح موافقت بھی کی ہو، جب یہ صفت راوی میں پائی جائے گی تو (یہ اس کے حافظ اور ثقہ ہونے کی علامت ہے لہٰذا) اس کا تفرد اور زیادت قبول کی جائے گی۔

۵- جس راوی میں یہ صفت نہ پائی جائے (تو یہ اس کے غیر حافظ اور غیر ثقہ ہونے کی علامت ہے، لہٰذا) اس کی زیادت اور تفرد قابلِ قبول نہیں۔

۶- جس راوی میں یہ صفت (مشارکت کی) نہ ہو، اور وہ بہت سی حدیثوں کی روایت میں تفرد یا زیادَت کرے تو ایسے راوی کی دوسری حدیثیں بھی قبول کرنا جائز نہیں، یعنی اس کی ایسی روایتیں بھی قبول نہ ہوں گی جن میں اس نے تفرد اور زیادَت نہیں کی، امام مسلمؒ کے قول

(۱) دیکھئے: مقدمہ فتح الملہم ج:۱ ص:۱۳۲، ۱۳۳۔ تفصیل کے لئے دیکھئے: ارشاد طلّاب الحقائق ج:۱ ص:۲۱۷، ۲۱۸، معرفة انواع علوم الحدیث لابن الصلاح ص:۱۶۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"فغير جائز قبول حديث هٰذا الضرب من الناس" کے ظاہر سے یہی معلوم ہوتا ہے، واللہ اعلم۔

۷- یہ قاعدہ جو مشہور ہے کہ "زيادة الثقة مقبولة"[۱] یہ مطلق نہیں بلکہ ان قیود کے ساتھ ہے کہ ۱-وہ زیادت ثقات کی روایت کے معارض نہ ہو (کیونکہ معارض ہوگی تو مُنکَر ہوجائے گی)۔۲-حافظ کرے۔۳-ثقہ کرے۔ پس جس تفرد یا زیادت میں ثقات کی مخالفت ہو، یا زیادت وتفرد کرنے والا غیر حافظ ہو یا غیر ثقہ ہو تو ایسا تفرد یا زیادت غیر مقبول ہے۔

شاذّ اور مُنکَر میں فرق

مقدمہ فتح الملہم میں شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں کی تعریف میں فرمایا ہے کہ:-

والمعتمَد في حدِّ الشاذِّ بحسب الاصطلاح أنّهُ ما يرويه الثقة مخالفًا لمن هو أرجح منه، وأما المنكر فقد اختلف ايضًا في حده والمعتمد فيه بحسب الاصطلاح، انه ما يرويه غير الثقة مخالفًا لمن هو أرجح منه، فهما متباينان لا يَصدق أحدهما علٰى شيء مما صدق عليه الاٰخر، وهما يشتركان في اشتراط المخالفة، ويمتاز الشاذ عنه بكون رواية ثقة، ويمتاز المنكر عن الشاذ بكون رواية غير ثقة.[۲]

ناچیز محمد رفیع عرض کرتا ہے کہ اس سے معلوم ہوا کہ امام مسلمؒ نے مُنکَر کی جو تعریف اپنے مقدمہ میں فرمائی ہے وہ اصطلاحی شاذّ اور مُنکَر دونوں کو شامل ہے، کیونکہ انہوں نے حدیثِ مُنکَر کے راوی میں غیر ثقہ کی قید نہیں لگائی، صرف مخالفت کو ذکر فرمایا ہے جو مُنکَر میں بھی پائی جاتی

(۱) اس مسئلہ میں علامہ نوویؒ نے اپنے مقدمہ (ص:۱۸) میں یہ تفصیل بیان کی ہے کہ جب کسی روایت میں کوئی راوی متفرد ہو تو اگر وہ اپنے سے احفظ کے خلاف (معارض، رفیع) روایت کر رہا ہے تو یہ روایت شاذّ و مُنکَر ہے اور مردود ہے، اور اگر خلاف تو روایت نہیں کر رہا بلکہ صرف زیادت کر رہا ہے مگر اس کا حفظ و اتقان کافی نہیں ہے تب بھی وہ روایت شاذّ و مُنکَر ہے، اور اگر وہ حافظ متقن ہے اور اپنے سے احفظ کے خلاف نہیں کہہ رہا تو یہ روایت صحیح اور مقبول ہوگی، اور اگر حافظہ میں کسی درجہ کم ہو مگر احفظ کی مخالفت نہیں کر رہا تو یہ روایت بھی مقبول ہوگی اور اس حدیث کو حسن کہیں گے، خلاصہ یہ کہ زیادت اگر حافظ ثقہ سے ہو اور احفظ کے مخالف نہ ہو تو مقبول ہے، اور اگر غیر حافظ یا غیر ثقہ سے ہو یا احفظ کے مخالف ہو تو شاذّ و مُنکَر اور مردود ہوگی، بعینہ یہی تفصیل فتح الملہم کے مقدمہ (ج:۱ ص:۱۳۳) میں ابن الصلاح سے نقل فرمائی گئی ہے، (از استاذنا المکرم حفظہم اللہ)۔

(۲) مقدمة فتح الملہم ج:۱ ص:۱۳۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے اور شاذ میں بھی۔

حاصل امام مسلمؒ کے کلام کا یہ ہوا کہ کسی راوی کی روایت حفاظ کی روایت کی مخالف ہو تو مُنکَر ہے، خواہ مخالفت کرنیوالا ثقہ ہو یا غیر ثقہ، اور راوی کی روایتوں میں مُنکَر احادیث کی اکثریت ہو تو وہ ثقہ نہیں رہتا، بلکہ مھجور الحدیث (جس کو بعض محدثین "منکر الحدیث" کہتے ہیں) ہوجاتا ہے۔

قوله: "وسنزيد ان شاء الله شرحا وايضاحًا فى مواضع من الكتاب عند ذكر الاخبار المعللة" (ص:۵ سطر:۱۲)

امام مسلمؒ کے اس ارشاد سے معلوم ہوتا ہے کہ آگے کتاب میں وہ اخبار کی علل بھی بیان کریں گے، لیکن اس میں بعض حضرات کو اِشکال ہوا ہے، کیونکہ بظاہر عِلَل کا بیان کتاب میں کہیں نظر نہیں آتا، چنانچہ بعض حضرات نے کہا ہے کہ امام مسلمؒ کا ارادہ علل بیان کرنے کا تھا لیکن موقع نہ مل سکا۔

لیکن قاضی عیاضؒ اور علامہ نوویؒ کی تحقیق یہ ہے کہ امام مسلمؒ نے یہ وعدہ بھی صحیح مسلم ہی میں پورا کردیا ہے، چنانچہ جابجا الفاظِ سند کا اختلافِ اِرسال و اسناد، اور زیادت ونقص اس طرح ذکر کرتے ہیں کہ اس کی علل کی طرف اشارہ ہوجاتا ہے، اور کہیں صراحت بھی کردیتے ہیں، متعدد مقامات پر بعض رُواۃ کی تصحیف کی بھی نشاندہی فرمائی ہے۔(۱)

قوله: "فَلَو لا الذى رأينا من سوء صنيع كثيرٍ (الى قوله) لما سَهُل ..... الخ" (ص:۵ سطر:۱۱ تا ۱۴)

اس عبارت کی تشریح وترکیب شارحین نے مختلف انداز سے کی ہے، ناچیز کے نزدیک زیادہ صحیح اور بے غبار یہ ہے کہ "لما سهل" مصنف کے قول "فلو لا" کا جواب ہے، اور ان دونوں کے درمیان کی عبارت میں "فيما يلزمهم" جار مجرور مل کر لفظ "سوء" یا "صنيع" سے متعلق ہے، اور مطلب یہ ہے کہ "ساء صنيعهم فى الامر الذى هو لازم عليهم شرعًا" اور "من طرح الاحاديث الضعيفة" میں لفظ "من" بیانیہ ہے اور یہ "سوء صنيع" کا بیان ہے، اور "طرح الاحاديث الضعيفة" سے مراد ان کی عوام میں اشاعت کرنا ہے، اور مصنف کے قول

(۱) مقدمه شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۱ ص:۱۵، و مقدمة اكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۱ ص:۸۷، و صيانة صحيح مسلم ص:۹۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"وترکھم الاقتصار" کا عطف "طرح" پر ہے،[1] اور پوری عبارت کا خلاصۂ مطلب یہ ہے کہ:-

بہت سے ایسے لوگ جو حقیقت میں تو محدث نہیں مگر خود کو محدث کہتے ہیں، ان کا غلط طرزِ عمل اپنے فرضِ منصبی میں یہ ہے کہ وہ عوام میں ضعیف احادیث کی اشاعت کرتے ہیں، اور احادیثِ صحیحہ کی روایت پر قناعت نہیں کرتے، اگر ان کا یہ غلط طرزِ عمل نہ ہوتا تو ہمارے لئے تمہاری درخواست کو قبول کرنا، یعنی صحیح مسلم کی تالیف کرنا آسان نہ ہوتا۔

"طرح" کے جو معنی ناچیز نے بیان کئے ہیں "الحل المفھم" میں یہی معنی حضرت گنگوہیؒ سے منقول ہیں،[2] چنانچہ آگے امام مسلمؒ نے اسی معنی کو ان الفاظ سے تعبیر فرمایا ہے کہ:-

بعد معرفتهم واقرارهم بألسنتهم ان كثيرًا ممّا يقذِفون به الى الاغنياء من الناس هو مستنكر ومنقولٌ عن قوم غيرِ مرضين.

اور آگے تین سطر بعد فرمایا ہے کہ:-

ولٰكن من اجل ما أعلمناک من نشر القوم الاخبارَ المنكرةَ بالأسانيد الضعاف المجهولةِ وقذِفِهِمُ بها الى العوام.

معلوم ہوا کہ "قذف" سے مراد نشر و اشاعت ہے، لہٰذا "طرح" سے بھی مراد نشر و اشاعت ہوگی، بعض شارحین نے "طرح" کے معنی "ترک" بیان کئے ہیں، مگر مصنف کی عبارت اس کی تائید نہیں کرتی اور ایسا کرنے سے ترکیب بھی بدل جائے گی اور "وترکھم الاقتصار ..... الخ" کا عطف "ما یلزمھم" پر ماننا پڑے گا جیسا کہ علامہ سندھیؒ نے کیا ہے، مگر یہ ظاہر کے خلاف ہے۔

"باب وجوب الرواية عن الثقات وترک الكذّابين ... الخ."

(ص:٦)

اس باب میں امام مسلمؒ نے تاکید فرمائی ہے کہ صحیح و سقیم روایات اور ثقہ و متہم رُواۃ میں تمیز کرنا اس فن میں نہایت ضروری ہے، اور دلیل میں متعدد آیاتِ قرآنیہ اور ایک حدیثِ مرفوع پیش کی ہے، پہلی آیت یہ ہے:-

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ

(۱) الحل المفھم ج:۱ ص:۱۰، ۱۱۔

(۲) دیکھئے: الحل المفھم ج:۱ ص:۱۰، ۱۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ O [۱]

نیز فرمایا کہ معاندین اہلِ بدعت کی روایات بیان کرنا جائز نہیں۔ لیکن اس پر اشکال ہوتا ہے کہ صحیحین میں بکثرت ایسے راویوں کی روایات بھی ہیں جو "منسوب الی البدعة" تھے حتیٰ کہ حاکم کا قول تو یہ ہے کہ: "کتاب مسلم ملأن من الشعة" [۲] اس لئے جواب یہ دیا گیا ہے کہ "معاندین" سے امام مسلم کی مراد وہ اہلِ بدعت ہیں جو اپنی بدعت کے داعی اور مبلغ ہوں، کیونکہ جو داعی و مبلغ نہ ہوں اور باقی شرائط ان میں موجود ہوں تو ان کی روایت ذکر کرنا جمہور کے نزدیک جائز ہے، علامہ نوویؒ نے اکثر کا یہی مذہب نقل فرما کر اسے "الاعدل الصحیح" کہا ہے۔ [۳]

امام مسلمؒ کے ارشاد "المُعاندین من أهل البدَع" (ص:٦ سطر:٣) میں "مِنْ" تبعیض کا ہے، یعنی اہلِ بدعت میں سے جو لوگ معاند ہیں، اور معاند سے مراد یا تو "داعیہ" (مبلغ) ہیں جیسا کہ پیچھے بیان ہوا، یا ضدی متعصب مراد ہیں کہ صرف اپنے مذہب کی مؤید روایات ذکر کرتے ہوں اور جو روایات ان کے مذہب کے خلاف ہوں انہیں چھپاتے ہوں، اگر یہ دوسرے معنیٰ (متعصب کے) لئے جائیں تو اس کا حاصل یہ ہوگا کہ امام مسلمؒ کے نزدیک "داعیہ" و "غیر داعیہ" کے بجائے "معاند" اور "غیر معاند" کی تفریق ہے۔

اہلِ بدعت کی روایات کے بارے میں علماء کے اور بھی مختلف اقوال ہیں، "شرح نخبة الفکر" میں اس کی تفصیل دیکھی جا سکتی ہے، علامہ نوویؒ نے بھی یہاں اپنی شرح میں کچھ تفصیل اور اقوال نقل فرمائے ہیں، اُس کی بھی مراجعت کی جا سکتی ہے۔ [۴]

قوله: "فَدَلَّ بما ذکرنا من هٰذه الأی" (ص:٦ سطر:٥)

اس میں "دلّ" کا فاعل اللہ تبارک وتعالیٰ ہے جس کا ذکر پچھلی سطر میں آیا ہے، حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی کو اختیار فرمایا ہے، (کما فی الحل المفهم)۔

قوله: "والخبر وان فارق معناه معنی الشهادة ..... الخ" (ص:٦ سطر:٦)

---

(۱) الحجرات آیت:٦۔

(۲) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۱۷۷، و کذا فی تدریب الراوی ص:۲۱۷۔

(۳) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:٦، و کذا معرفة انواع علوم الحدیث ص:۲۲۹ تا ۲۳۱، و کذا فی اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۱۳۔

(۴) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: فتح المغیث ج:۱ ص:۳۰۳ تا ۳۱۰، اور معرفة انواع علم الحدیث ص:۲۲۸ تا ۲۳۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس مقام پر علامہ نوویؒ نے خبر (حدیث) اور شہادۃ کے اَحکام میں متعدد فروق بیان فرمائے ہیں، مثلاً: یہ کہ روایتِ حدیث میں راوی کا ایک سے زیادہ ہونا شرط نہیں، جبکہ شہادۃ میں عدد شرط ہے وغیرہ، مگر دونوں کی حقیقت و ماہیت میں کیا فرق ہے؟ اُسے واضح نہیں فرمایا، جبکہ شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں کے اَحکام میں فروق بھی بہت زیادہ نقل فرمائے ہیں، اور علامہ مازریؒ (شارحِ مسلم) کے حوالے سے خبر اور شہادۃ کی حقیقت میں یہ فرق بیان فرمایا ہے کہ: "الروایة هی الاخبار عن عام لا ترافُع فیه الی الحکام، وخلافه الشهادةُ."(۱)

قوله: "وهو الاثر المشهور" (ص:۶ سطر:۷)

یہاں امام مسلمؒ نے لفظ "الأثر" کو حدیثِ مرفوع کے معنی میں استعمال فرمایا ہے، جمہور کی اصطلاح یہی ہے کہ لفظ "اثر" حدیثِ مرفوع اور حدیثِ موقوف دونوں کو شامل ہوتا ہے(۲)، اور بعض کے نزدیک یہ حدیثِ موقوف کے ساتھ خاص ہے۔

قوله: "احد الكاذبين" (ص:۶ سطر:۸)

اکثر کے نزدیک یہ جمع کا صیغہ ہے، بکسر الباء وفتح النون، اور ابونعیم اصفہانیؒ نے اسے بصیغۂ تثنیہ بفتح الباء وکسر النون روایت کیا ہے، اس روایت پر دو جھوٹوں میں سے ایک جھوٹا وہ ہے جس نے جھوٹ گھڑا، اور دوسرا جھوٹا وہ ہے جس نے اسے آگے روایت کیا، (کذا فی فتح الملهم)۔

یہاں امام مسلمؒ نے متن کو سند پر مقدم کیا ہے جو رائج طریقے کے خلاف ہے، مگر جائز ہے، (کذا فی فتح الملهم)۔

"باب تغليظ الكذب على رسول الله صلى الله عليه وسلم" (ص:۷)

قوله: "يعني ابنَ عُلَيَّة" (ص:۶ سطر:۲)

"یعنی" اس لئے فرمایا کہ امام مسلمؒ نے استاذ سے لفظ "ابن علیة" نہیں سنا تھا، استاذ نے صرف "اسماعیل" فرمایا تھا مگر وضاحت کے لئے امام مسلمؒ نے اس نسبت کو ذکر فرمانے کی ضرورت محسوس کی، لفظ "یعنی" سے یہی بتانا مقصود ہے کہ اس نسبت کا اضافہ میں نے کیا ہے۔

---

(۱) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: فتح الملهم ج:۱ ص:۳۳۸، ۳۳۹، اور تدریب الراوی ص:۲۴۲۔

(۲) اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۱۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امام مسلمؒ اور امام بخاریؒ اپنی کتاب میں یہ احتیاط بکثرت فرماتے ہیں تا کہ استاذ کی طرف کوئی لفظ ایسا منسوب نہ ہوجائے جو استاذ نے نہیں بولا، البتہ امام مسلمؒ اس مقصد کے لئے عموماً لفظ "یعنی" لاتے ہیں، اور امام بخاریؒ لفظ "وھو" لاتے ہیں، شیخینؒ کی اس احتیاط کا ذکر ہم اپنے مقدمے میں بھی کرچکے ہیں، (الموازنة بین الصحیحین کی بحث کے آخر میں)۔

قوله: "انه لیمنعنی ان أحدثکم حدیثا کثیرا ..... الخ" (ص:۷ سطر:۳)

حضرت انسؓ کے اس ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ میں تم کو زیادہ حدیثیں اس لئے نہیں سناتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:-

مَنْ تعمَّد عَلَیَّ کذبًا فلیتبوأ مقعده من النَّار.

اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ حضرت انسؓ کو تو "مُکثرین فی الحدیث" میں شمار کیا گیا ہے کیونکہ ان کی روایت کردہ حدیثوں کی تعداد ۲۲۸۶ (بائیس سو چھیاسی) ہے،[1] اور "مُکثر فی الحدیث" اُس صحابی کو کہا جاتا ہے جس نے ایک ہزار یا اس سے زیادہ حدیثیں روایت کی ہوں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ جو حدیثیں انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھیں اگر وہ ساری بیان فرمادیتے تو ان کی مرویات کی تعداد کئی گنا ہوتی، لیکن جس حدیث کی یادداشت میں ان کو ذرا بھی تردّد ہوا اسے روایت نہیں کیا، چنانچہ ایک مرتبہ اپنے ایک شاگرد "عتاب مولیٰ ھرمز" سے فرمایا بھی کہ:-

لو لا انّی اَخشیٰ ان اُخطیءَ لحدَّثتکَ بأشیاءَ قالها رسول الله صلی الله علیه وسلم.[2]

یہاں دوسرا اِشکال یہ ہوتا ہے کہ مذکورہ بالا حدیث میں عذابِ نار کی وعید "تَعمُّدِ کذب" پر ہے، "خطاء فی الروایة" پر نہیں، اور ظاہر ہے کہ حضرت انسؓ ارادۃً تو جھوٹی روایت نہیں کرسکتے تھے، اندیشہ صرف خطاء یعنی بھول چوک کا تھا جس پر عذاب کی وعید نہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت انسؓ کو اندیشہ تھا کہ "اِکثار فی الروایة" سے کہیں

(۱) سیر أعلام النبلاء ج:۳ ص:۴۰۶، مسندهٔ الفان ومائتان وستة وثمانون. تهذیب الأسماء ج:۱ ص:۱۳۷، تحت ترجمة انس بن مالک، فروی ألفی حدیث ومائتین وستة وثمانین حدیثا.

(۲) مسند احمد بن حنبل ج: ۲۰ ص: ۱۹۶ رقم الحدیث: ۱۲۷۶۴، سنن الدارمی ج:۱ ص: ۶۷ رقم الحدیث: ۲۴۱، باب اتقاء الحدیث عن النبی صلی الله علیه وسلم والتثبت فیه.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"خطاء فی الروایۃ" میں مبتلا نہ ہوجاؤں، اور چونکہ اِکثار ارادۃً ہوگا تو خطرہ تھا کہ ارادۂ اِکثار جو خطا فی الروایات کا سبب بنے گا وہ موجبِ اثم ہوجائے گا۔ اور جن دوسرے صحابہ کرامؓ کو اپنے حافظے پر اتنا اعتماد تھا کہ "اِکثار فی الروایۃ" سے بھی "خطاء فی الروایۃ" کا اندیشہ نہ تھا، مثلاً حضرت ابوہریرہؓ تو انہوں نے اِکثار سے اجتناب نہیں کیا، چنانچہ حضرت ابوہریرہؓ کی مرویات کی تعداد ۵۳۷۴ ہے۔[۱]

قولہ: "من کذب علیَّ متعمدًا ..... الخ" (ص:۷ سطر:۴)

اس حدیث کو "مُتواتر" کہا گیا ہے، اس قول کو فتح الملہم میں "ھو الصحیح" فرمایا ہے، اور مقدمہ فتح الملہم میں ہے کہ: "قال ابن الصلاح رواہ اثنان وستون (٦٢) من الصحابۃ. وقال غیرہ: رواہ اکثر من مائۃ نفوس. وقال النووی فی شرح مسلم: رواہ نحو مأتین. قال العراقی: لیس فی ھذا المتن بعینہ ولٰکن فی مطلق الکذب، والخاص بھٰذا المتن روایۃ بضعۃ وسبعین صحابیًا"۔[۲]

علامہ نوویؒ نے بعض حفاظِ حدیث کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ یہ حدیث ۶۲ صحابہ کرامؓ نے روایت کی ہے جن میں سب عشرہ مبشرہ بھی شامل ہیں۔ اس حدیث کو بخاری ومسلم دونوں نے اپنی اپنی صحیح میں روایت کیا ہے، (قالہ النووی)۔[۳]

یاد رہے کہ اہل سنت والجماعۃ کے نزدیک ہر وہ روایت اور خبر "کذب" ہے، جو خلافِ واقعہ ہو خواہ قصداً ہو یا خطاءً اور بھول چوک سے ہو، فرق صرف یہ ہے کہ قصداً ایسا کرنے پر عذاب ہے، خطا اور بھول پر عذاب نہیں۔

"باب النھی عن الحدیث بکل ما سمع" (ص:۸)

امام مسلمؒ نے اس باب میں ایک اہم اُصول یہ بیان فرمایا ہے کہ آدمی جو بھی سن لے اسے روایت نہ کرنے لگے "للنھی عن الحدیث بکل ما سمع" بلکہ تین چیزیں ملحوظ رہنی چاہئیں (یہ تین چیزیں ان اقوال و روایات کا لب لباب ہیں جو اس باب میں امام مسلمؒ نے بطورِ

(۱) فتح الملہم ج:۱ ص:۳۴۵۔

(۲) مقدمۃ فتح الملہم ج:۱ ص:۱۴، نیز ملاحظہ فرمایئے: مسند احمد بن حنبل، مسند انس بن مالک ج:۱۹ ص:۱۰۔

(۳) شرح النووی ج:۱ ص:۱۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دلیل ذکر فرمائی ہیں):-

۱- ایک یہ کہ وہ روایت مجہول راوی کی نہ ہو۔

۲- دوسری یہ کہ ظنِ غالب اس کے صدق کا ہو۔

۳- تیسری یہ کہ کسی کے سامنے ایسی حدیث بیان نہ کی جائے جس کو وہ صحیح طریقہ سے سمجھ نہ سکے اور غلط فہمی میں مبتلا ہو جائے۔

قولہ: "کفیٰ بالمرء" (ص:۸ سطر:۲) باء زائد ہے، ای کفیٰ المرء، اور "کفی" کا فاعل "ان یحدث بکل .... الخ" ہے، اور اگلی روایت میں "بحسب المرء" ہے، اُس میں بھی باء زائد ہے۔

"باب النهی عن الروایة عن الضعفاء .... الخ" (ص:۹)

قولہ: "اعرف وجهه ولا أدری ما اسمعه .... الخ" (ص:۱۰ سطر:۴)

یعنی مجھے اس کا نام اور حال معلوم نہیں، میں تو اسے صرف چہرے سے پہچانتا ہوں، حضرت عبداللہ کے اس قول کا حاصل یہ ہے کہ مجہول کی روایت قبول نہ کی جائے، (کذا فی فتح الملهم)۔[1]

قولہ: "یوشک ان تخرج فتقرأ علی الناس قرآناً" (ص:۱۰ سطر:۵)

یہاں "القرآن" کے بجائے نکرہ "قرآناً" ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے قرآنِ مجید مراد نہیں بلکہ ایسا کلام مراد ہے جسے وہ قرآن کی طرح پڑھیں گے، اور حضرت گنگوہیؒ نے فرمایا کہ: "ای تُفَسِّرُ علی غیر ما ارید به" یعنی وہ قرآن کی ایسی تفسیر کریں گے جو شرعاً مراد نہیں ہے تاکہ لوگوں کو گمراہ کریں، اس کی شرح میں اور بہت سے اقوال ہیں، کچھ "شرح نووی" میں اور کچھ "الحل المفهم" میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

قولہ: "بُشَیْر" (ص:۱۰ سطر:۶) "بشر" کا مصغّر ہے، اور بُشَیر مخضرمین میں سے ہیں۔[2] حضرت ابوذر غفاریؓ اور حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت کرتے ہیں، "نسائی" اور "ابنِ سعدؒ" نے ان کی توثیق کی ہے، یہاں ان کا جو واقعہ حضرت ابنِ عباسؓ کے بارے میں ذکر کیا گیا

(۱) ج:۱ ص:۳۵۷۔

(۲) سیر اعلام النبلاء ج:۴ ص:۳۵۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابنِ عباسؓ اس واقعہ کے وقت ان کے حال سے واقف نہ تھے، اس لئے ان کی روایات پر کان نہیں لگا رہے تھے۔[۱]

قوله: "ترکنا الحدیث عنه" (ص:۱۰ سطر:۸)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے اس جملے سے منکرینِ حدیث کہہ سکتے ہیں کہ حضرت ابنِ عباسؓ حجیتِ حدیث کے قائل نہیں تھے۔

مگر اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت کی مراد ترک علی الاطلاق نہیں، بلکہ صرف ان احادیث کا ترک مراد ہے جو قابلِ اعتماد طریقے سے نہ آئی ہوں، چنانچہ حضرت ابنِ عباسؓ ہی کا جو قول امام مسلمؒ نے اگلی روایت میں نقل فرمایا ہے اس میں "الا ما نعرف" کا استثناء اس معنی میں صریح ہے۔

قوله: "الا ما نعرف" (ص:۱۰ سطر:۱۲) ای ما یوافق المعروف، او ما نعرف فیه إمارات الصحة وسمات الصدق، (کذا فی فتح الملهم)[۲]۔

قوله: "ابن ابی مُلَیکة" (ص:۱۰ سطر:۱۳)

یہ عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکة ہیں، وکان إماما فقیها فصیحًا مفوّها، ان کی توثیق پر سب متفق ہیں، حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ حکومت میں ان کو طائف کا قاضی مقرّر فرمایا تھا، خود ہی فرماتے ہیں کہ: "بعثنی ابن الزبیر علیٰ قضاء الطائف فکنت أسأل ابن عباس رضی الله عنه." ۱۱۷ھ میں وفات ہوئی۔[۳]

قوله: "سمعت المغیرة" (ص:۱۰ سطر:۱۶) بضم المیم وکسرها، هو المغیرة بن مقسم الضبی، (کذا فی شرح النووی)۔

قوله: "لم یکن یصدق" (ص:۱۰ سطر:۱۶)

یہ دو طرح سے پڑھا گیا ہے، ایک بفتح الیاء واسکان الصاد وضم الدال، یعنی بابِ نصر سے اور دوسرے بضم الیاء یعنی بابِ تفعیل سے۔ (نوویؒ)

قوله: "الا من اصحاب" (ص:۱۰ سطر:۱۶)

---

(۱) تهذیب الکمال ج:۴ ص:۱۸۴ وطبقات ابن سعد ج:۷ ص:۲۲۳۔

(۲) ج:۱ ص:۳۶۰۔

(۳) فتح الملهم ج:۱ ص:۳۶۱ وتهذیب الکمال ج:۱۵ ص:۲۵۶ وطبقات ابن سعد ج:۴ ص:۴۷۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ "من" یا تو بیانِ جنس کے لئے ہے یا زائد ہے (نوویؒ)، یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بعد لوگوں کے حالات بدل گئے، حتیٰ کہ وہ حضرت علیؓ کے بارے میں خود ان کی روایات میں جھوٹ بولنے لگے، سوائے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے شاگردوں کے کہ وہ حضرت علیؓ سے روایات کو ٹھیک ٹھیک نقل کرتے ہیں یا ان روایات میں ان کی تصدیق کی جاتی ہے، (کذا فی فتح الملهم نقلًا عن بعض المحشين)[1]۔

"باب بیان ان الاسناد من الدین .... الخ" (ص:۱۱)

قوله: "من اهل مرو" (ص:۱۲) مَرْو غیر منصرف ہے "للعلمية والتأنيث" اور یہ خراسان کا عظیم شہر تھا، کذا فی فتح الملهم، خراسان کسی زمانے میں بہت بڑی ولایت تھی جو اَب کئی ملکوں ایران، افغانستان اور ترکمانستان وغیرہ میں بٹ گئی ہے، مرو ترکمانستان کا مشہور شہر ہے، اور اب ترکمانستان کا دارالحکومت "اشک آباد" ہے۔

اس باب میں امام مسلمؒ نے اسناد کی اہمیت پر زور دیا ہے اور حضرت عبداللہ بن المبارکؒ کا یہ مشہور ارشاد نقل فرمایا ہے کہ: "الإسناد من الدين، ولو لا الإسناد لقال من شاء ما شاء."[2] (ص:۱۲) اور یہ کہ روایت صرف ثقات سے ہونی چاہئے۔

ایک مسئلہ یہ ارشاد فرمایا کہ راویوں کا ایسا عیب بیان کرنا جو ان میں موجود ہو غیبتِ محرّمہ میں داخل نہیں بلکہ تحفظِ دین کے لئے ضروری ہے، اور دلیل میں کثیر واقعات و روایات ذکر فرمائیں۔

نیز "کذب فی الحدیث" کی مختلف انواع اور نمونے مختلف واقعات کے ضمن میں بیان فرمائے ہیں، مثلًا: یہ کہ "کذب فی الحدیث" کبھی متن میں ہوتا ہے، کبھی اسناد میں، "کذب فی الاسناد" یہ کہ حدیث ایسے شخص کی طرف منسوب کردی جائے جس سے وہ منقول نہیں، اور "کذب فی المتن" کے سلسلے میں بعض لوگوں کا یہ حال نقل فرمایا ہے کہ بعض اوقات کوئی مضمون فی نفسہٖ صحیح ہوتا ہے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے صراحۃً ثابت نہیں ہوتا، بعض غیر محتاط لوگ اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کردیتے ہیں، یہ بھی "وضع

(۱) ج:۱ ص:۳۶۳۔

(۲) یہ مقولہ الجرح والتعدیل لابن أبی حاتم ج:۱ ص:۱۶ اور معرفة علوم الحدیث ص:۱۱۴ میں بھی مذکور ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الأحادیث" میں داخل ہے۔

قولہ: "فلا یؤخذ حدیثهم" (ص:۱۱ سطر:۳)

اہلِ بدعت کی روایت کے بارے میں ابنِ سیرینؒ نے اپنا یہی مذہب بیان فرمایا ہے، لیکن اس میں دوسرے اقوال بھی ہیں جن کی ضروری تفصیل پیچھے "باب وجوب الروایة عن الثقات" کے تحت آچکی ہے۔

قولہ: "وبین القوم" (ص:۱۲ سطر:۴)

"قوم" سے مراد یا صحابہؓ ہیں یا اہلِ بدعت، قاله السندی۔[1]

قولہ: "الحجاج بن دینار" (ص:۱۲ سطر:۷) یہ تبع التابعین میں سے ہیں،[2] لہٰذا ان کے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان کم از کم دو واسطے یہاں محذوف ہیں، ایک تابعی کا، دوسرا صحابی کا، لہٰذا اس سند میں انقطاعِ کثیر موجود ہے، اسی انقطاعِ کثیر کو آگے حضرت عبداللہ بن المبارکؒ نے "مفاوِز تنقطع فیها أعناق المطیّ" سے تعبیر فرمایا ہے۔[3]

قولہ: "لیس فی الصدقةُ اختلاف" (ص:۱۲ سطر:۷)

یعنی یہ حدیث تو قابلِ استدلال نہیں لیکن جو شخص اپنے والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا چاہتا ہے وہ ان کی طرف سے صدقہ کرے کیونکہ اس کا فائدہ میّت کو بالاتفاق پہنچتا ہے، نماز اور روزہ میّت کو پہنچ سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں فقہاء کا اختلاف ہے جو اپنے مقام پر آئے گا۔

قولہ: "لانک ابن امامی هدی ابن ابی بکر وعمر" (ص:۱۳ سطر:۲)

یہ (مقول لہ) القاسم بن عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر بن الخطابؓ ہیں، اور ان کی والدہ بنت القاسم بن محمد بن ابی بکرؓ ہیں، لہٰذا ددھیال سے یہ حضرت عمرؓ کے بیٹے یعنی پڑپوتے ہیں اور ننھیال سے حضرت ابوبکرؓ کے پوتے کے نواسے ہیں، فهو ابنهما جمیعًا۔[4]

قولہ: "صاحب بُهَیَّة" (ص:۱۳ سطر:۴)

"بُهیَّة" حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرنے والی ایک خاتون تھیں، ابوعقیل (بفتح العین) ان کے مولیٰ تھے، ابوعقیل کو بہت سے محدثین نے ضعیف کہا ہے، بلکہ حافظ ابنِ

---

(۱) حاشیة السندی علی صحیح مسلم ج:۱ ص:۱۳۔ (۲) حوالۂ بالا۔

(۳) کتاب الثقات لابن حبان ج:۶ ص:۲۰۵ میں طبقۂ تبع تابعین کے اندر ان کے احوال بیان کئے گئے ہیں۔

(۴) فتح الملهم ج:۱ ص:۳۶۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عبدالبرؒ کا کہنا تو یہ ہے کہ: "ھو عند جمیعھم ضعیف"، کذا فی فتح الملھم۔[۱] امام مسلمؒ نے یہاں ان کی روایت یا تو اس لئے ذکر فرمادی کہ ان کے نزدیک ان کی جرح مفسراً ثابت نہیں تھی، یا اس لئے کہ مقصود اس روایت سے محض استشہاد ہے، استدلال پچھلی روایتوں سے ہو چکا ہے (نوویؒ)، یا اس لئے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث نہیں بلکہ قاسم کا قول ہے، لہٰذا اس کی سند میں وہ پابندی نہیں فرمائی جو حدیثِ مرفوع میں کی جاتی ہے۔

قولہ: "لیس بثبتٍ" (ص:۱۳ سطر:۷) ای لیس ثقة، (کذا فی فتح الملھم)۔[۲]

قولہ: "اِنّ شھرًا نزکوہ" (ص:۱۳ سطر:۷)

بابِ نصر سے ہے اور یہ لفظ "نَیْزَک" سے بنا ہے اور "نیزک" معرَّب ہے فارسی لفظ "نیزہ" سے، أی طعنوہ أی کانھم طعنوہ بالنَّیْزَک۔[۳]

قولہ: "عباد بن کثیر" (ص:۱۳ سطر:۹) یہ نیک اور زاہد تھے، وکان لا یضبط الحدیث، (فتح الملھم)۔

قولہ: "من تعرف حالہ" (ص:۱۳ سطر:۹) یعنی انت عارف بضعفہ (قالہ النوویؒ) او المراد انک تعرف حالہ من الزھد والصلاح، (کما فی فتح الملھم)۔[۴]

قولہ: "واذا حدث جاء بامرٍ عظیم" (ص:۱۳ سطر:۹) أی جاء بأحادیث منکرةٍ وَاھیةٍ، (فتح الملھم)۔[۵]

قولہ: "حدیث ھشام حدیثُ عمر بن عبدالعزیز" (ص:۱۴ سطر:۴)

دوسرا لفظ "حدیث" یا تو پہلے لفظ "حدیث" کا عطف بیان ہے، اس صورت میں یہ منصوب ہوگا، یا مبتدأ محذوف "ھو" کی خبر ہے، اس صورت میں یہ مرفوع ہوگا، اور مطلب یہ ہے کہ میں نے اپنے استاد عفان کی کتاب میں ہشام کی حدیث دیکھی جو اُوپر جاکر عمر بن عبدالعزیزؒ سے مروی تھی، لہٰذا اسے "حدیثِ ہشام" بھی کہا جاسکتا ہے اور "حدیثِ عمر بن عبدالعزیزؒ" بھی۔

قولہ: "قال ھشام" (ص:۱۴ سطر:۴)

یہ اس حدیث کی سند کے ابتدائی حصے کا بیان ہے جو حسن بن علی الحلوانی نے اپنے استاذ عفان کی کتاب میں دیکھی۔

---

(۱) ج:۱ ص:۳۶۹، ۳۷۰۔ تھذیب الکمال ج:۲۳ ص:۳۹۶۔ (۲) فتح الملھم ج:۱ ص:۳۷۱۔

(۳) فتح الملھم حوالۂ بالا۔ (۴ و ۵) ج:۱ ص:۳۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "سلیمان بن الحجاج" (ص:۱۴ سطر:۶)

"ھو" محذوف کی خبر ہے، یعنی عبداللہ بن المبارکؒ نے فرمایا کہ وہ سلیمان بن الحجاج ہیں۔

قوله: "انظر ما ضعتُ فی یدک منه" (ص:۱۴ سطر:۶)

تاء کا فتحہ اور ضمہ دونوں جائز ہیں اور اس جملہ کا مقصود سلیمان بن الحجاج کی تعریف کرنا ہے، یعنی اس روایت کی قدر کرو کیونکہ سلیمان بن الحجاج جیسے پسندیدہ راوی کی روایت ہے۔

قوله: "صاحبَ الدمِ قدرِ الدرهم" (ص:۱۴ سطر:۷)

یہ رَوح بن غُطَیف کی صفت ہے، اس نے ایک حدیث مرفوعاً روایت کی ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں کہ: "وتُعادُ الصلوٰۃ من قدرِ الدرهم" یعنی من الدم، حالانکہ یہ حدیث محدثین کے نزدیک باطل اور بے اصل ہے، اس روایت کی وجہ سے روح بن غطیف کو "صاحب الدم قدر الدرهم" کہا جانے لگا (فتح الملہم)[1]۔

قوله: "عمّن اقبل و ادبر" (ص:۱۴ سطر:۸، ۹) أی عن الثقاتِ و الضعفاء. قال ابو مسهر الغَسَّانی "بقیة لیست أحادیثه نقیّة فکن منها علی تقیة، (فتح الملہم)[2]۔

قوله: "الحارث الاعوز" (ص:۱۴ سطر:۹) غالی شیعہ تھا۔ (نوویؒ)

قوله: "واخذ سیفه" (ص:۱۵ سطر:۳)

بظاہر یہ تلوار اُٹھانا محض ڈرانے کے لئے تھا، قتل کے لئے نہیں، کیونکہ قتل بغیر قضائے قاضی کے جائز نہیں، واللہ اعلم۔

قوله: "المغیرة بن سعید" (ص:۱۵ سطر:۳) رافضی کذاب تھا نبوۃ کا دعویٰ بھی کیا تھا۔ (فتح الملہم)[3]۔

قوله: "ابا عبد الرحیم" (ص:۱۵ سطر:۴) ھو شقیق الضبی الکوفی القاص الذی سیأتی ذکرہ فی الکتاب۔ (فتح الملہم)[4]۔

قوله: "الجرّاح بن ملیح" (ص:۱۵ سطر:۸) یہ وکیع کے والد ہیں، اور محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں، امام مسلمؒ نے ان کی یہ روایت اس وجہ سے لے لی ہے کہ یہ متابعت اور استشہاد کے طور پر ہے، استدلال کے لئے نہیں۔ (فتح الملہم[5] بزیادۃ ایضاح)۔

---

(۱) ج:۱ ص:۳۷۶، ۳۷۷۔ (۲) ج:۱ ص:۳۷۷۔

(۳و۴) ج:۱ ص:۳۷۹۔ (۵) ج:۱ ص:۳۸۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "یُصِرُّ علٰی امر عظیم" (ص:۱۶ سطر:۱)

یہ حارث بن حصیرۃ "رجعۃ" کا عقیدہ رکھتا تھا، اور غالی شیعہ تھا، مگر ابنِ معین اور نسائی نے اس کو ثقہ کہا ہے، امام بخاریؒ نے "کتاب المزارعۃ" میں حضرت علیؓ کا ایک اثر اسی کا روایت کردہ تعلیقاً نقل کیا ہے۔ (فتح الملہم)۔(۱)

حافظ ابنِ حجرؒ "ھدی الساری" میں فرماتے ہیں کہ: شیعہ وہ ہے جو حضرت علیؓ کو (باقی) صحابہ سے افضل کہتا ہو، لیکن جو شخص حضرت علیؓ کو ابوبکر وعمر سے بھی مقدم سمجھتا ہو وہ "غالی شیعہ" ہے، اور اُسے "رافضی" کہا جاتا ہے اور اگر وہ "سبّ" یعنی ان کی بُرائی بھی کرتا ہو اور بغض کا اظہار کرتا ہو تو وہ "غالی رافضی" ہے، اور اگر "رجعت" کا عقیدہ رکھتا ہو تو وہ اور بھی سخت غالی ہے۔(۲)

قوله: "یتکفف الناس زمن طاعون الجارف" (ص:۱۶ سطر:۶)

اس کو طاعون الجارف اس لئے کہا گیا ہے کہ اس میں لوگوں کی اموات بہت کثرت سے ہوئی تھیں، موت کو جارف بھی کہتے ہیں، کیونکہ موت زمین سے لوگوں کا صفایا کردیتی ہے، "جَرف" سے بنا ہے، بابِ نصر سے آتا ہے جس کے معنی ہیں جھاڑو دینا اور صفایا کرنا، علامہ نوویؒ نے یہ متعین کرنے کے لئے کہ یہ طاعون کس زمانے میں آیا تھا؟ اس زمانے میں ہونے والے کئی طاعونوں کا ذکر کیا ہے، اور آخر میں یہ نتیجہ نکالا ہے کہ یہ یا تو ۶۷ھ والا طاعون ہے یا ۸۷ھ کا۔(۳)

اور یتکفف کے معنی ہیں ہاتھ پھیلا کر بھیک مانگنا۔

قوله: "لا یعرض لشیءٍ من ھٰذا .... الخ" (ص:۱۶ سطر:۷)

یعنی علمِ حدیث سے اس کا کوئی تعلق طاعونِ جارف تک نہیں تھا۔

قوله: "فواللہ ما حدثنا الحسن .... الخ" (ص:۱۶ سطر:۷)

مطلب یہ ہے کہ حسن بصریؒ اور سعید بن المسیّب جیسے جلیل القدر تابعین جو ابوداؤد اعمیٰ سے عمر میں بڑے ہیں اور حدیثیں صحابہ کرامؓ سے حاصل کرنے میں ان کی محنتیں اور علمِ حدیث میں اشتغال بھی ان کا کہیں زیادہ ہے، جب یہ بزرگ بھی کسی بدری صحابی سے حدیث براہِ راست نہیں سن سکے۔ سوائے سعید بن المسیّب کے کہ انہوں نے صرف ایک بدری صحابی سعد بن مالک (یعنی سعد بن ابی وقاصؓ) سے سماع کیا ہے۔ تو جب ان بزرگوں کا یہ حال ہے تو ابوداؤد اعمیٰ

(۱) ج:۱ ص:۳۸۳۔ (۲) ھدی الساری ص:۴۵۹۔

(۳) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اٹھارہ[۱۸] بدری صحابہ سے حدیثیں کیسے سن سکتا ہے، خلاصہ یہ کہ یہ جھوٹا اور کذاب ہے۔

قوله: "قال ابو اسحاق ابراھیم .... الخ" (ص:۱۷ سطر:۱)

یہ امام مسلمؒ کے تلمیذ ہیں جنہوں نے صحیح مسلم کی روایت کی ہے، اپنے اس ارشاد میں وہ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ یہ روایت انہوں نے ایک اور طریق سے بھی سنی ہے، جس میں امام مسلمؒ کا واسطہ نہیں آتا، ابواسحاق کا یہ عمل اصطلاح میں "استخراج" کہلائے گا، نیز اس طریق میں ایک خوبی یہ ہے کہ ابواسحاق کے اور نعیم بن حماد کے درمیان صرف ایک واسطہ محمد یحیٰی کا ہے جبکہ امام مسلمؒ کے طریق میں ابواسحاق اور نعیم کے درمیان دو واسطے ہیں، ایک امام مسلمؒ کا، دوسرا حسن الحلوانی کا۔ (نووی بزیادة ایضاح)۔[۱]

قوله: "عمرو بن عبید یکذب فی الحدیث." (ص:۱۷ سطر:۲)

یہ شخص معتزلی تھا۔ (نووی)۔[۲]

قوله: "قال کذب واللہ عمرو" (ص:۱۷ سطر:۴)

یعنی یہ حدیث اگرچہ صحیح ہے، خود امام مسلمؒ نے بھی اسے آگے کتاب الایمان میں روایت کیا ہے، لیکن عمرو بن عبید اس حدیث کو حسن بصری کے حوالے سے نقل کرنے میں جھوٹا ہے، کیونکہ یہ حدیث اس نے حسن بصری سے نہیں سنی، اور عوف بن ابی جمیلہ نے یہ بات جزم سے اس لئے کہی کہ عوف، حسن بصری کے کبار اصحاب میں سے ہیں، ان کو معلوم تھا کہ حسن بصری نے یہ حدیث روایت نہیں کی۔ (نووی)۔[۳]

قوله: "الی قوله الخبیث" (ص:۱۷ سطر:۴)

یعنی معتزلہ کا جو عقیدہ ہے کہ کبیرہ گناہ کا مرتکب دائرۂ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے، عمرو نے اس باطل عقیدے کی تائید کے لئے اس حدیث کو حسن بصری کے حوالے سے سنایا ہے، کیونکہ اس علاقے میں حضرت حسن بصری کے معتقدین زیادہ تھے، معتزلہ کے اس باطل عقیدے پر مفصل بحث کتاب الایمان کے شروع میں آئے گی۔

قوله: "ابی شیبة" (ص:۱۷ سطر:۹)

یہ مشہور امامِ حدیث ابوبکر بن ابی شیبہ کے دادا ہیں اور حدیث میں ضعیف قرار دیئے

(۱) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۷۔
(۲) حوالۂ بالا۔
(۳) حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

گئے ہیں۔ (نووی)۔[۱]

قوله:"مزّق کتابی" (ص:۱۷ سطر:۱۰)

یعنی میرا یہ خط پڑھ کر اسے ضائع کردینا، تاکہ مجھے ابوشیبہ کی طرف سے کوئی ضرر نہ پہنچ جائے۔ (نووی)۔[۲]

قوله:"ثنا الحکم عن یحییٰ .... الخ" (ص:۱۷ سطر:۱۴)

یعنی حسن بن عُمارہ نے یہاں سند میں جھوٹ بولا ہے کہ حقیقت میں تو یہ حسن بصری کا قول ہے، مگر اس نے اسے یحییٰ بن الجزار کی روایت عن علی قرار دے دیا۔

قوله:"حدیث العطّارة" (ص:۱۸ سطر:۳)

یعنی وہ حدیث جس میں عطارۃ کا قصہ ہے، عطارہ ایک خاتون کا لقب ہے، جن کا نام حولاء تھا، (ویقال ان هذه العطارة هي الحولاء بن تُویت)۔ اس حدیث کو زیاد بن میمون عن انس روایت کرتا ہے، اس میں ہے کہ حولاء حضرت عائشہؓ کے پاس آئیں اور اپنے شوہر کے بارے میں کچھ باتیں کیں، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو زوج کے فضائل سنائے، یہ ایک طویل حدیث ہے اور غیر صحیح ہے، یہاں وہی قصہ مراد ہے۔ (نووی)۔[۳]

توضیح اس مقام کی یہ ہے کہ نضر اور عبّاد دونوں معاصر ہیں، اور نضر حدیثِ عطارہ کو زیاد بن میمون سے عن أنس روایت کرتے تھے، پس محمود نے اپنے شیخ ابوداؤد سے پوچھا کہ نضر نے ہمیں حدیث العطارۃ عن زیاد بن میمون عن انس سنائی ہے، اور ظاہر یہی ہے کہ عبّاد نے بھی یہ حدیث عن زیاد عن أنس روایت کی ہوگی، کیونکہ عبّاد اور نضر دونوں معاصر ہیں، پھر کیا وجہ ہے کہ یہ حدیث آپ (ابوداؤد) نے عبّاد سے روایت نہیں فرمائی حالانکہ عبّاد سے آپ نے بہت سی حدیثیں روایت کی ہیں؟

اور ابوداؤد کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ میرے شیخ عبّاد نے اس حدیث کی روایت اس لئے نہیں کی کہ اس کا راوی زیاد بن میمون جھوٹا راوی ہے۔ ابوداؤد نے زیاد کے جھوٹ کا

---

(۱) حوالۂ بالا۔ (۲) حوالۂ بالا۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۱ ص:۱۸، وکذا فی فتح الملہم ج:۱ ص:۳۹۳، وکذا اکمال المعلم بفوائد مسلم للقاضی عیاضؒ ج:۱ ص:۱۵۱، وکذا فی الاصابۃ ج:۷ ص:۵۹۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

واقعہ اس کے جھوٹ کو ثابت کرنے کے لئے بیان فرمایا۔[۱]

قولہ: "فانتما لا تعلمان؟" (ص:۱۸ سطر:۵)

ہمزہ استفہام تقریری محذوف ہے، یعنی کیا تم نہیں جانتے؟

قولہ: "سُوید بن عَقَلَة" (ص:۱۸ سطر:۶)

یہ عبدالقدوس کی غباوت کی ایک مثال ہے کہ وہ سند میں غَـفَلَة (بـالـغيـن الـمعجمة والفاء) کو "عَقَلَة" (بالعين المهملة و القاف) کہتا تھا۔

قولہ: "ان يتخذا الرَّوح عَرْضا" (ص:۱۸ سطر:۷)

یہ اس کی غباوت کی دوسری مثال ہے کہ وہ متنِ حدیث کو اس طرح غلط پڑھتا تھا کہ الروح (بضم الراء) کو بفتح الراء پڑھتا تھا، اور غَرَضًا (بالغين المعجمة المفتوحة والراء المفتوحة) کو "عَرْضًا" (بـالـعين المهملة والراء الساكنة) پڑھتا تھا، جس کے کوئی معنی نہیں بنتے، جبکہ حدیث کے صحیح الفاظ یہ ہیں کہ: "نهٰـى رسـول الله صـلـى الله عـلـيـه وسلم اَنْ يُتَّخَذَ الـرُّوحُ غَـرَضًا" یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی (ذی) روح کو (نشانہ بازی کے لئے) ہدف کے طور پر استعمال کرنے سے منع فرمایا ہے (کیونکہ اس میں جاندار پر ظلم ہے)۔

قولہ: "تُتَخَذ كَوَّةٌ فى حائطٍ ليدخل عليه الرَّوح" (ص:۱۸ سطر:۷)

یہ عبدالقدوس کی بـنـاء الـفاسد على الفاسد کی مثال ہے کہ اس نے اپنی روایت کردہ حدیث کے الفاظ کا مطلب یہ بیان کیا کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا کہ دیوار میں کوئی روشن دان ہوا داخل ہونے کے لئے بنایا جائے" (العیاذ باللہ)۔

قولہ: "العين المالحة" (ص:۱۸ سطر:۸)

یہاں مہدی بن ہلال کو نمکین پانی کے چشمہ سے تشبیہ دی گئی ہے کہ جس طرح نمکین پانی کا چشمہ بے کار ہوتا ہے اسی طرح اس کی روایات بے کار ہیں۔

قولہ: "فقرأه عليَّ .... الخ" (ص:۱۸ سطر:۹)

یعنی ابان بن ابی عیاش وہی حدیث مجھے سنا دیتا تھا، یعنی یہ دعویٰ کرتا تھا کہ یہ حدیث میں نے پہلے سے سنی ہوئی ہے، حالانکہ ابوعوانہ کو معلوم تھا کہ اس نے پہلے سے یہ حدیث نہیں سنی

(۱) حاشية الحل المفهم ص:۱۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تھی، مجھ سے سن کر یاد کی اور جھوٹا دعویٰ کر دیا۔

قولہ:"فما عرف منها الا شيئا يسيرا خمسة او ستة." (ص:۱۸ سطر:۱۰)

یہ خواب ابان بن ابی عیاش کی دروغ گوئی کے ایک قرینہ کے طور پر ذکر فرمایا ہے، یہ مطلب نہیں ہے کہ محض اس خواب سے اس کا جھوٹا ہونا ثابت ہوگیا، اس کا جھوٹ تو دوسرے واقعات اور دلائل سے ثابت تھا، خواب سے صرف اس ثابت شدہ حقیقت کی تائید کرنا مقصود ہے۔

کیونکہ علماء کا اس پر اجماع ہے کہ غیر نبی کا خواب شریعت میں حجت نہیں، چنانچہ جو سنت ثابت شدہ ہو اس کا ابطال خواب سے نہیں ہوسکتا، اور جو سنت ثابت شدہ نہ ہو اس کا اثبات خواب سے نہیں ہوسکتا۔

علمائے کرام کے اس اجماع پر اِشکال ہوسکتا ہے کہ یہ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے خلاف ہے کہ:"من رءانی فی المنام فقد رءانی"[1] (یعنی جس نے مجھے خواب میں دیکھا تو اس نے واقعی مجھے ہی دیکھا ہے)۔

اس اِشکال کا جواب یہ ہے کہ حدیث کا مطلب تو یہی ہے کہ اس کا دیکھنا صحیح ہے اور شیطانی دھوکا نہیں اور نہ ہی محض خیالی ہے، لیکن خواب کی حالت میں انسان کسی بات کو صحیح طریقہ سے سمجھنے اور یاد رکھنے کے قابل نہیں ہوتا، تو جو کچھ اس نے خواب میں سنا اور پھر اسے بیان کیا، اس پر ایسا اعتماد نہیں کیا جاسکتا کہ اس سے شریعت کا کوئی حکم ثابت ہوسکے، کیونکہ کسی روایت یا شہادت کے قابلِ قبول ہونے کی شرط یہ ہے کہ راوی یا شاہد، سننے یا دیکھنے کے وقت بیدار ہو، غفلت میں نہ ہو، اس کا حافظہ خراب نہ ہو، زیادہ بھولنے والا نہ ہو اور بات کو خلط ملط کرنے والا نہ ہو، اور سوئے ہوئے آدمی میں یہ صفات مفقود ہوتی ہیں، لہٰذا اس کی خواب کی روایت اس درجے میں قبول نہیں کی جاسکتی کہ اس سے حکم شرعی ثابت کیا جاسکے، اور کسی راوی کو جھوٹا یا سچا قرار دینا بھی ایک حکم شرعی ہے، لہٰذا وہ خواب کی روایت سے ثابت نہیں ہوسکتا۔

البتہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کسی ایسے فعل کا حکم فرما رہے ہیں، جس کا مستحب ہونا شرعی دلائل سے پہلے سے ثابت ہے، یا کسی ایسی چیز سے منع فرما

(۱) صحیح البخاری، کتاب العلم، باب اثم من کذب علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث: ۱۱۰۔ و ایضًا کتاب التعبیر، باب رأی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المنام، رقم الحدیث: ۶۵۹۳، و کذا صحیح مسلم، کتاب الرؤیا، رقم الحدیث: ۲۲۶۵، ۲۲۶۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رہے ہیں جس کا ممنوع ہونا شرعی دلائل سے ثابت ہو چکا ہے، یا مصلحت کے کسی ایسے کام کی ہدایت فرما رہے ہیں جس کا جواز پہلے سے ثابت ہے، تو ایسے خواب کے مطابق عمل کرنا بالاتفاق مستحب ہے، کیونکہ یہ ایسا حکم نہیں جو صرف خواب سے ثابت ہوا ہو، بلکہ شرعی دلیل سے پہلے سے ثابت تھا۔ (نووی بایضاح)۔[1]

قولہ: "اکتب عن بقية .... الخ" (ص:۱۸ سطر:۱۱) اس کا حاصل یہ ہے کہ بقیہ کے مقابلے میں اسماعیل بن عیاش زیادہ ضعیف ہیں، مگر یہ صرف ابو اسحاق الفزاری کی رائے ہے جو جمہور ائمۂ حدیث کی رائے کے خلاف ہے۔

یحییٰ بن معینؒ فرماتے ہیں کہ: "اسماعیل بن عیاش ثقہ ہیں اور اہلِ شام کے نزدیک یہ بقیہ سے زیادہ پسندیدہ ہیں۔"

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: "ان کی جو روایتیں شامیین سے ہیں وہ زیادہ صحیح ہیں۔"

عمرو بن علیؒ فرماتے ہیں کہ: "ان کی جو روایتیں اپنے علاقے (شام) کے علماء سے ہیں وہ صحیح ہیں، اور جو روایتیں انہوں نے اہلِ مدینہ سے کی ہیں وہ قابلِ اعتماد نہیں، (لیس بشیء)۔

یعقوبؒ فرماتے ہیں: "هو ثقة عدل أعلم الناس بحديث الشام."

یحییٰ بن معینؒ فرماتے ہیں کہ: "اسماعیل کی جو روایتیں اہلِ شام سے ہیں ان میں وہ ثقہ ہیں، اور ان کی جو روایتیں اہلِ حجاز سے ہیں تو ان کے حفظ میں ان سے خلط ہو گیا ہے، کیونکہ ان کی کتاب (جس میں حجازیین کی روایتیں تھیں) ضائع ہو گئی تھی۔

ابو حاتم فرماتے ہیں کہ: "هو لين يكتب حديثه، ولا أعلم أحدًا كفّ عنه الا أبا اسحاق الفزاری."

امام احمدؒ فرماتے ہیں: "هو أصلح من بقية فان لبقية أحاديث مناكير." (نوویؒ)۔[2]

قولہ: "أتراهُ بُعِث بعد الموت .... الخ" (ص:۱۹ سطر:۴)

مطلب یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تو جنگِ صفین سے تقریباً پانچ

---

(۱) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۸۔

(۲) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۸، ۱۹۔ وکذا فی تهذيب الكمال ج:۳ ص:۱۶۳۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: تهذيب التهذيب ج:۱ ص:۲۶۲ تا ۲۶۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سال قبل وفات پا چکے تھے، پھر وہ صفین کے موقع پر کیسے آسکتے ہیں؟ حاصل یہ ہے کہ اس روایت میں "المعلی" نے جھوٹ بولا ہے، یعنی ابووائل کی طرف یہ قول غلط منسوب کیا ہے، کیونکہ ابووائل جیسا جلیل القدر عالی مرتبت تابعی یہ غلط بات نہیں کہہ سکتا کہ: "خرج علینا ابن مسعود بصفّین." (نوویؒ)۔[۱]

قوله: "يُكَنّي الاسامي" (ص:۱۹ سطر:۱) یعنی جو راوی اپنے نام سے مشہور ہو اس کی کنیت کا ذکر کرتا ہے نام نہیں لیتا، "ويُسمّي الكُنى" یعنی جو راوی اپنی کنیت سے مشہور ہو اس کا نام ذکر کرتا ہے، کنیت کا ذکر نہیں کرتا، یہ بھی تدلیس کی ایک قسم ہے، (نووی)۔[۲]

قوله: "قال (أي مالک) لو كان ثقة لرأيته في كتبي" (ص:۱۹ سطر:۸) اس کا ظاہری مطلب یہ بنتا ہے کہ امام مالکؒ نے ہر ثقہ راوی کی روایات لی ہیں، کوئی ثقہ راوی نہیں چھوڑا، مگر یہ ظاهر البطلان ہے، اس لئے اس کا صحیح مطلب یہ ہے کہ میں نے اپنے بلاد کا کوئی ثقہ راوی نہیں چھوڑا، اپنے بلاد کے ہر ثقہ راوی کی روایات (حتی الامکان) لی ہیں، اپنے بلاد کے کسی راوی کو اگر میں نے چھوڑا ہے تو اس کے غیر ثقہ ہونے کی وجہ سے چھوڑا ہے۔[۳]

اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں:-

۱:- ایک یہ کہ امام مالکؒ نے اپنے بلاد کے جس جس ثقہ راوی سے روایات لینے کا امکان تھا ان سب سے روایات لی ہیں، اور جن سے روایات لی ہیں وہ سب امام مالکؒ کے نزدیک ثقہ ہیں، اگرچہ دوسرے محدثین کے نزدیک غیر ثقہ ہوں۔

۲:- دوسری یہ کہ اپنے بلاد کے جس معاصر راوی کو چھوڑا ہے، وہ امام مالکؒ کے نزدیک ثقہ نہیں تھا، اگرچہ دوسرے محدثین کے نزدیک ثقہ ہو۔

قوله: "لا تأخذوا عن أخي" (ص:۲۰ سطر:۲) یعنی زید بن ابی أنيسة نے فرمایا کہ میرے بھائی سے حدیثیں نہ لینا، وہ بھائی یحییٰ بن ابی انیسة ہیں، اگلی روایت میں ان کا ذکر نام کے ساتھ آیا ہے۔

---

(۱) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:۱۹۔

(۲) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ حوالۂ بالا، وكذا في فتح المغيث للسخاویؒ ج:۱ ص:۱۷۹، وتدريب الراوی ص:۱۴۳۔

(۳) الحل المفهم ج:۱ ص:۲۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "وضعف یحییٰ بن موسیٰ بن دینار" (ص:۲۰ سطر:۶) یہاں یحییٰ اور موسیٰ کے درمیان لفظ "بــن" تمام نسخوں میں موجود ہے، مگر یقیناً غلط ہے، اور قابلِ حذف ہے، اور یہ غلطی بظاہر امام مسلمؒ کی نہیں بلکہ اس کتاب کو روایت کرنے والوں کی ہے۔ اور یحییٰ سے مراد یحییٰ بن سعید القطان ہیں، اور مطلب یہ ہے کہ یحییٰ نے ضعیف قرار دیا ہے موسیٰ بن دینار کو، پس یحییٰ فاعل ہے اور موسیٰ مفعول بہ، (نووی)۔[1]

قوله: "اذا قدمت علی جریر فاکتب علمه کُلَّهٗ الا حدیث ثلاثة" (ص:۲۰ سطر:۷) حضرت عبداللہ بن المبارک کا یہ ارشاد یہاں نقل کرنے کا مقصد یہ بتانا ہے کہ بعض اوقات ایک راوی حافظ اور ثقہ ہوتا ہے لیکن بعض ضعفاء کی احادیث بھی روایت کردیتا ہے، مثلاً: جریر کہ حافظ اور ثقہ ہیں مگر انہوں نے کچھ روایتیں عُبیدة بن مُعَتِّب اور السریُّ بن اسماعیل اور محمد بن سالم سے بھی نقل کی ہیں، حالانکہ یہ تینوں اہلِ علم کے نزدیک متروک ہیں،[2] لہٰذا کسی بھی حافظ اور ثقہ کی روایت جو اس نے متروکین یا ضعفاء سے لی ہو وہ قبول نہ ہوگی۔

قوله: "لمن تفهم وعقل مذهب القوم" (ص:۲۰ سطر:۹) یعنی اس شخص کے لئے جو قوم محدثین کا طریقہ سمجھنے اور جاننے کا ارادہ کرے۔

قوله: "فیما قالوا من ذٰلک وبینوا" (ص:۲۰ سطر:۹) "فیما .... الخ" جار مجرور مل کر "مذهب" سے متعلق اور "من ذٰلک" بیان ہے "ما قالوا" کا، اور "ذٰلک" اشارہ ہے "اخبارهم عن معائبهم" کی طرف (جو پچھلی سطر میں آیا ہے)، اور "بینوا" معطوف ہے "قالوا" پر، اور مطلب یہ ہے کہ ہم نے اہلِ علم کا جو کلام متّھمین کے بارے میں اور ان کے عیوب بیان کرنے کے بارے میں پیچھے ذکر کیا ہے، وہ ان لوگوں کے لئے کافی ہے جو محدثین کا مذہب سمجھنا اور جاننا چاہتے ہوں اُس کلام اور بیان کے بارے میں جو انہوں نے جرح رُواۃ کے سلسلے میں کیا ہے (اور وہ مذہب یہ ہے کہ لوگوں کو گمراہی سے بچانے کے لئے راویوں کا عیب ظاہر کرنا غیبتِ محرّمہ میں داخل نہیں بلکہ واجب ہے، اور جتنا عیب معلوم ہو اتنا ہی بیان کیا جائے، اس میں کمی بیشی سے اجتناب کیا جائے)۔

---

(۱) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:۲۰، و کذا صیانة صحیح مسلم ص:۱۳۰۔

(۲) صرح به النووی رحمه الله فی الشرح ج:۱ ص:۲۰، من الأستاذ مدظلهم

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب صحة الاحتجاج بالحديث المعنعن

اذا أمكن لقاء المعنعنين ولم يكن فيهم مدلِّس (ص:٢١)

اس باب میں امام مسلمؒ نے اپنا مذہب ذکر کیا ہے کہ جب راوی اور مروی عنہ کے درمیان معاصرت یعنی امکانِ لقاء موجود ہو اور راوی غیر مدلِّس ہو تو اس کا عنعنہ قبول کیا جاتا ہے، اور امام بخاریؒ کا نام لئے بغیر اس شخص پر شدید ردّ کیا ہے جس نے "لقاء ولو مرة" کے ثبوت کی بھی شرط لگائی ہے، اس مسئلہ کی پوری تفصیل ہم پیچھے بیان کر چکے ہیں، کچھ متفرقات آگے بھی بیان کریں گے۔

قوله: "بعض منتحلي الحديث" (ص:٢١ سطر:١)

انتحال کے معنی ہیں دوسرے کے شعر یا قول وغیرہ کو اپنی طرف منسوب کرنا، "منتحلی" منتحل کی جمع سالم ہے، اضافت کے باعث نون جمع ساقط ہو گیا ہے۔

ایک بڑا اِشکال

یہاں ایک بڑا اِشکال یہ ہوتا ہے کہ جس قول کے قائل پر یہاں امام مسلمؒ ردّ فرما رہے ہیں، مشہور یہ ہے کہ یہ امام بخاریؒ کا مذہب ہے، جس کا حاصل یہ ہوا کہ نعوذ باللہ امام بخاریؒ کو "منتحل الحدیث" کہا جا رہا ہے، یعنی ایسا شخص جو علمِ حدیث تو نہیں رکھتا مگر اس کا دعویٰ کرتا ہے، حالانکہ امام مسلمؒ سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ اپنے ایسے جلیل القدر اُستاذ کو "منتحل الحدیث" کہیں جس کے وہ آخر تک انتہائی معتقد رہے، اور جس کو وہ "امیر المؤمنین فی الحدیث"[1] کہتے تھے۔

جوابات

اس اِشکال کا جواب علمائے کرام نے مختلف طریقوں سے دیا ہے، حضرت گنگوہیؒ نے "الحل المفهم"[2] میں یہ جواب دیا ہے کہ امام مسلمؒ کو یہ معلوم نہیں ہوگا کہ جس قول کا وہ ردّ کر رہے ہیں وہ امام بخاریؒ کا مذہب ہے، بلکہ امام مسلمؒ کو یہ قول کسی ایسے شخص کی نسبت سے پہنچا ہوگا

---

(١) روى ان مسلم بن الحجاج جاء الى محمد بن اسماعيل البخارى رحمهما الله، فقبل بين عينيه وقال: "دعني اقبل رجليك يا استاذ الاستاذين، وسيد المحدثين، وطبيب الحديث في عِلَلِهِ." (فتح الملهم ص:١٥٠)۔ رفیع۔ (٢) ج:١ ص:٢٠۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جو امام مسلمؒ کے نزدیک حدیث کا اہل نہیں تھا، اگر انہیں معلوم ہوتا کہ یہ مذہب امام بخاریؒ کا ہے تو اس مذہب سے اختلاف کے باوجود قائل کے بارے میں ایسے سخت الفاظ ہرگز استعمال نہ فرماتے۔

احقر کے ایک بہت ہی قابلِ احترام دوست جو ایک بہت عظیم الشان دارالعلوم میں اُستاذِ حدیث اور متبحر عالمِ دین ہیں، اور جن سے بحمداللہ طلبہ اور عوام کو خوب دینی فائدہ حاصل ہو رہا ہے، انہوں نے یہ رائے قائم فرمائی ہے کہ جس مذہب کا رَدّ امام مسلمؒ فرما رہے ہیں، یعنی حدیثِ معنعن کو متصل قرار دینے کے لئے "ثبوت لقاء ولو مرة" کا شرط ہونا یہ مذہب امام بخاریؒ کا ہے ہی نہیں، لہٰذا امام مسلمؒ، امام بخاریؒ کا رَدّ نہیں فرما رہے بلکہ کسی اور شخص کا رَدّ فرما رہے ہیں جو محدثین میں شمار کئے جانے کا اہل نہیں تھا، یہ رائے قائم کرنے کی ایک وجہ انہوں نے یہ بیان کی ہے کہ امام مسلمؒ نے حدیثِ معنعن کی بحث کے آخر میں جو سولہ[۱۶] مثالیں ذکر فرمائی ہیں جن میں "لقاء ولو مرة" کی شرط مفقود ہے ان میں سے سات حدیثیں صحیح بخاری میں موجود ہیں، اگر امام بخاریؒ کے نزدیک "ثبوت لقاء ولو مرة" شرط ہوتا تو وہ انہیں اپنی صحیح میں درج نہ فرماتے، لہٰذا یہ مذہب امام بخاریؒ اور علی بن المدینیؒ کا نہیں تھا، بلکہ ادنیٰ درجے کے کسی محدث کا تھا، جس کا نام تاریخ میں محفوظ نہیں رہا، اور امام بخاریؒ کی طرف لوگوں کا ذہن اس وجہ سے ہوگیا کہ امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں اس مذہب کی فی الجملہ رعایت کی ہے تاکہ ان کی کتاب بالاتفاق صحیح تسلیم کی جائے، جبکہ امام مسلمؒ نے صرف جمہور کا مذہب پیشِ نظر رکھا ہے اس شاذ مذہب کا اعتبار نہیں کیا۔

امام بخاریؒ نے اپنی شرط کی خلاف ورزی نہیں کی

ناچیز (محمد رفیع عثمانی) عرض کرتا ہے کہ امام مسلمؒ کی پیش کردہ سولہ[۱۶] مثالوں میں سے سات نہیں بلکہ آٹھ حدیثیں صحیح بخاری میں آئی ہیں لیکن ان میں سے ایک حدیث میں عبداللہ بن یزیدؓ (صحابیِ صغیر) کا عنعنہ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے ہے، لہٰذا کہا جاسکتا ہے کہ امام بخاریؒ نے یہ عنعنہ "لقاء ولو مرة" کے ثبوت کے بغیر اس لئے اپنی صحیح میں ذکر فرمایا ہے کہ یہ عنعنہ صحابی کا ہے اور اختلاف صحابی کے عنعنہ میں نہیں بلکہ غیر صحابی کے عنعنہ میں ہے، کیونکہ صحابی کی تو مرسل (منقطع) روایت بھی بالاتفاق قبول کی جاتی ہے، پس اُس کی معنعن روایت مطلقاً قبول ہوگی بالاتفاق۔ نیز ان آٹھ میں سے تین حدیثیں (نمبر۲،۳،۴) قیس بن ابی حازم کی

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہیں جو انہوں نے بصیغۂ "عن" حضرت ابومسعود انصاریؓ سے روایت کی ہے، مگر امام بخاریؒ نے ان میں سے ایک حدیث "ان الشمس والقمر لا یخسفان لموت .... الخ" کی سند اس طرح بیان فرمائی ہے:

"عن قیس قال سمعتُ أبا مسعود یقول: قال النبی ﷺ"

اس سے معلوم ہوا کہ قیس بن ابی حازم کا سماع حضرت ابومسعودؓ سے ثابت ہے، لہٰذا ان تین حدیثوں کا صحیح بخاری میں آنا "ثبوت لقاء ولو مرۃ" کی شرط کے مطابق ہے، خلاف نہیں۔ اور ایک حدیث (نمبر۵) "عن ربعی بن حراش عن ابی بکرۃ رضی اللہ عنہ" جو بخاری میں "ثبوت لقاء ولو مرۃ" کے بغیر آئی ہے وہ تعلیقاً آئی ہے، لہٰذا کہا جاسکتا ہے کہ تعلیقاً لانا چونکہ استشہاد کے لئے ہوتا ہے استدلال کے لئے نہیں، لہٰذا اس میں امام بخاریؒ نے اپنی شرط پر عمل کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی، نیز تین حدیثیں (نمبر۶، ۷، ۸) جو صحیح بخاری میں نعمان بن ابی عیاش کی حضرت ابوسعید الخدریؓ کے حوالے سے ہیں ان میں سے ایک میں سماع کی صراحت ہے، جب اس ایک روایت سے نعمان کا سماع ابوسعیدؓ سے ثابت ہوگیا تو یہ تینوں روایتیں بھی "لقاء ولو مرۃ" کی شرط کے خلاف نہیں، اس طرح اِن آٹھ حدیثوں کا صحیح بخاری میں آنا امام بخاریؒ کے مذہبِ مشہور کے خلاف نہ رہا، لہٰذا ان آٹھ احادیث سے اس پر استدلال درست نہیں کہ امام بخاریؒ نے اپنی کتاب میں "لقاء ولو مرۃ" کے ثبوت کی پابندی نہیں فرمائی، اور نہ اس پر استدلال درست ہے کہ "ثبوت لقاء ولو مرۃ" کی شرط امام بخاریؒ کے نزدیک نہیں ہے،(۱) آگے ان آٹھ احادیث کے بارے میں مزید وضاحت اسی باب کے اواخر میں آئے گی، جہاں امامِ مسلمؒ نے ان حدیثوں کو ذکر فرمایا ہے۔

قولہ: "یقول" (ص:۲۱ سطر:۱) ہمارے سامنے کتاب صحیح مسلم کے جو نسخے ہیں ان میں اسی طرح ہے، یائے تحتانی کے ساتھ (صیغۂ مضارع)، لیکن دمشق کا نسخہ جو شرح نوویؒ کے ساتھ ٹائپ پر چھپا ہے، اور پاکستان میں جو نسخہ شرح "فتح الملھم" کے ساتھ چھپا ہے، ان دونوں

---

(۱) حافظ ابنِ کثیرؒ اور علامہ بلقینیؒ کی رائے یہ ہے کہ امام بخاریؒ کے نزدیک حدیث کے صحیح ہونے کے لئے "لقاء ولو مرۃ" شرط نہیں ہے، البتہ انہوں نے اپنی "صحیح" میں اس کا التزام کیا ہے۔ (مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: التتمۃ الثالثۃ من التتمات الخمس المحال الیھا فی التعلیق علی "الموقظۃ" للشیخ عبدالفتاح ابو غدۃؒ ص:۱۳۵ تا ۱۳۸)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میں یہ لفظ "بقول" ہے، باء جارہ کے ساتھ اور یہی زیادہ صحیح ہے،[1] اور "قول" یہاں ترکیب میں موصوف ہے، اور "لو ضربنا" سے "صحیحًا" تک جملہ شرطیہ بتأویل مفرد ہوکر اس کی صفت ہے، صفت موصوف مل کر مجرور ہیں باء حرف جار کے، اور جار مجرور مل کر متعلق ہیں "تکلم" کے۔

قوله: "ضربنا" (ص:۲۱ سطر:۱) علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ: "هو صحيح وإن كانت لغة قليلة والمشهور الذى قاله الأكثرون "اضربت" بالألف."[2]

قال العبد الضعيف محمد رفيع العثماني: الذى قاله الامام مسلم هو موافق لقول الله تعالىٰ: "أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ."[3]

قوله: "اِخمال ذكر قائله" (ص:۲۱ سطر:۲) أى اسقاطه والخامل الساقط، وهو بالخاء المعجمة. (نووی)۔[4]

قوله: "سوء رؤيته" (ص:۲۱ سطر:۲) بفتح الراء وكسر الواؤ وتشديد الياء أى فكره (نووى)[5] یعنی اس کی بُری سوچ یا غلط رائے۔

قوله: "لم يكن فى نقله الخبر عمن روى عنه علم ذٰلك" (ص:۲۲ سطر:۱)

ہمارے یہاں متداول نسخے میں "علم ذٰلک" ہے، دوسرے نسخوں میں لفظ "علم" نہیں ہے، اور یہی زیادہ صحیح ہے،[6] اور "ذٰلک" اشارہ ہے "الخبر" کی طرف، اور جس نسخے میں "علم ذٰلک" ہے، اس کی توجیہ علامہ سندھیؒ نے یہ کی کہ علم کی اضافت "ذٰلک" کی طرف

---

(۱) اسی طرح صحیح مسلم کا جونسخہ علامہ قاضی عیاضؒ کی شرح "اكمال المعلم بفوائد مسلم" اور امام أبیّ مالکیؒ کی شرح "اكمال اكمال المعلم" اور علامہ سیوطیؒ کی شرح "الديباج" کے ساتھ چھپا ہے اس میں بھی "بقول" یعنی باء جارہ کے ساتھ ہے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۲) شرح صحيح مسلم للإمام النووىؒ ج:۱ ص:۲۱، وكذا فى الديباج على صحيح مسلم بن الحجاج للامام السيوطىؒ ج:۱ ص:۱۳۰۔

(۳) الزخرف آیت:۵۔

(۴) بحوالۂ بالا، وأيضًا اكمال اكمال المعلم للإمام أبىّ المالكىؒ ج:۱ ص:۴۰۔

(۵) شرح صحيح مسلم للإمام النووىؒ بحوالۂ بالا، وأيضًا الديباج على صحيح مسلم بن الحجاج ج:۱ ص:۱۳۱، واكمال اكمال المعلم ج:۱ ص:۴۱۔

(۶) صحيح مسلم کا جونسخہ علامہ قاضی عیاضؒ کی شرح "اكمال اكمال المعلم بفوائد مسلم" اور علامہ سیوطیؒ کی شرح "الديباج" کے ساتھ چھپا ہے اس میں بھی "علم" کا لفظ نہیں ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اضافتِ بیانیہ ہے، اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا کہ: "علم جو کہ خبر ہے۔"(۱)

قوله: "والأمر كما وصفنا" (ص:۲۲ سطر:۱) جملہ حالیہ معترضہ ہے اور ترجمہ اس کا یہ ہے کہ "معاملہ اسی طرح ہو جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں" (کہ راوی اور مروی عنہ کے درمیان معاصرت ثابت ہو، یعنی امکانِ لقاء وسماع موجود ہو مگر "فعلية اللقاء" کا نہ ثبوت ہو، نہ نفی ہو)۔

قوله: "حجة" (ص:۲۲ سطر:۱) یہ "لم یکن" کا اسم مؤخر ہے، اور "في نقله الخبر" خبر مقدم۔

قوله: "مثل ما ورد" (ص:۲۲ سطر:۲) یعنی جس طرح بھی وارد ہو جائے، یعنی سماع جس طرح بھی ثابت ہو جائے یہ بظاہر کیف ما وَرَدَ کے معنی میں ہے، اور پیچھے جو فعل "یَرِدَ" آیا ہے، اُس کے مفعولِ مطلق محذوف (وُرُودًا) کی صفت ہے۔

قوله: "دلالة بينة ان هذا الراوي .... الخ" (ص:۲۲ سطر:۴) یعنی اس پر واضح دلیل موجود ہے کہ اس راوی نے اپنے مروی عنہ سے ملاقات نہیں کی ....الخ۔

مثلاً یہ ثابت ہو کہ راوی اور مروی عنہ الگ الگ شہروں میں رہتے تھے، اور کبھی بھی اپنے شہر سے نہیں نکلے، یا راوی کا یہ اعتراف صراحۃً ثابت ہو کہ اس کا سماع مروی عنہ سے نہیں ہوا ہے، اور اس اعتراف کے وقت مروی عنہ کا انتقال ہو چکا ہو۔

قوله: "على الإرسال" (ص:۲۲ سطر:۹) یعنی انقطاع کے ساتھ۔ حدیث معنعن کی بحث میں امام مسلمؒ نے جہاں بھی لفظ "ارسال" استعمال کیا ہے وہ مطلقاً انقطاع کے معنی میں ہے، یعنی سند کے اَوّل یا آخر یا درمیان کے کسی راوی کو حذف کر دینا۔

قوله: "والمرسل" (ص:۲۲ سطر:۹) اصطلاحِ محدثین میں "حديث مرسل" کی مشہور تعریف تو یہ ہے کہ: "ما رفعه التابعي الى النبي صلى الله عليه وسلم (أي ولم يذكر صحابيا)" اس تعریف کی رُو سے حدیثِ مرسل وہ ہے جس کی اسناد کے آخر میں انقطاع ہو کہ تابعی نے صحابی کا نام ذکر نہ کیا ہو، لیکن یہاں صرف یہ معنی مراد نہیں، بلکہ ہر وہ حدیث مراد ہے جس کی اسناد میں سے کسی ایک یا زیادہ راویوں کو حذف کر دیا گیا ہو، خواہ یہ حذف اسناد کے اَوّل میں ہو یا آخر میں یا درمیان میں، پس یہاں "مُرسَل" سے مراد "مُنقطع" ہے على الاطلاق،

(۱) حاشية السندي علىٰ صحيح مسلم ج:۱ ص:۲۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور فقہ و اُصولِ فقہ میں "مرسل" کے یہی دوسرے معنی معروف ہیں، اگرچہ پہلے معنی میں اس کا استعمال (محدثین کے یہاں) زیادہ ہوتا ہے۔(۱)

قوله: "في أصل قولنا وقول أهل العلم بالأخبار ليس بحجة" (ص۲۲ سطر:۹)

محدثین کا مذہبِ معروف یہی ہے، اور فقہاء کی ایک جماعت اور امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے، لیکن امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، امام احمدؒ اور اکثر فقہاء کرام کے نزدیک حدیثِ مرسل سے استدلال اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ اِرسال کرنے والے راوی کے بارے میں یہ معلوم ہو کہ وہ غیر ثقہ راوی کو حذف نہیں کرتا، اور حنفیہ نے اس کے لئے کچھ اور بھی کڑی شرطیں عائد کی ہیں جن کی تفصیل مقدمة فتح الملهم میں علامہ ابن الھمامؒ کی کتاب "التحرير" سے نقل کی گئی ہے۔(۲)

اور امام مسلمؒ نے اپنی مذکورہ بالا عبارت "أصل قولنا .... الخ" میں لفظ "أصل" کی قید بظاہر اس لئے لگائی ہے کہ مرسل احادیث کی بعض قسمیں جمہور محدثین کے نزدیک بھی حجت ہیں، مثلاً "مرسل صحابي" کہ اس میں اِرسال کرنے والا صحابي ہوتا ہے، اس لئے وہ جمہور محدثین کے نزدیک بھی حجت اور متصل کے حکم میں ہے، اس کی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: مقدمة فتح الملهم۔(۳)

قوله: "لزمک أن لا تثبت اسنادًا معنعنا حتى ترىٰ فيه السماع من أوله الىٰ اٰخره" (ص:۲۲ سطر:۱۱،۱۲)

یہ جزاء ہے "فان كانت العلة .... الخ" کی، اور مطلب اس جملہ شرطیہ کا یہ ہے کہ اگر آپ نے ثبوت "لقاء ولو مرة" کی شرط اس وجہ سے لگائی ہے کہ حدیث مُعنعن میں انقطاع کا امکان یعنی احتمال ہوتا ہے (اور آپ یہ احتمال ختم کرنا چاہتے ہیں) تو آپ پر لازم ہوگا کہ آپ کسی بھی حدیث معنعن کو قابلِ استدلال اور حجت قرار نہ دیں، کیونکہ جس راوی اور مروی عنہ کے درمیان ملاقات ثابت ہو، بلکہ کسی ایک یا زیادہ حدیثوں کا سماع بھی ثابت ہوجائے، تب بھی جب وہ راوی اس مروی عنہ سے کوئی اور حدیث بصیغۂ "عن" روایت کرے گا تو اس میں

(۱) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۸۹، وكذا اكمال اكمال المعلم ج:۱ ص:۴۱۔

(۲) دیکھئے: مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۹۰ تا ۹۳ (طبع کراچی، یا ج:۱ ص:۸۰ تا ۸۱ طبع دمشق)۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: توجيه النظر ج:۲ ص:۵۵۵ وظفر الأماني ص:۳۴۳۔

(۳) حوالۂ بالا، نیز دیکھئے: مقدمة شرح صحيح مسلم للامام النوويؒ ص:۱۷، واكمال اكمال المعلم ص:۴۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

انقطاع کا احتمال موجود ہوگا، یعنی یہ امکان ہوگا کہ یہ حدیث اس نے مروی عنہ سے براہِ راست نہ سنی ہو بلکہ بالواسطہ سنی ہو، اور واسطے کو حذف کردیا ہو، یہ احتمال تو اسی وقت ختم ہوسکتا ہے کہ اسناد کے ہر راوی کا سماع اس کے مروی عنہ سے ہر حدیث میں صراحۃً ثابت ہوجائے، یعنی راوی ہر حدیث میں عن کے بجائے حدثنی یا حدثنا یا أخبرنی یا أخبرنا جیسے صیغے - جو سماع بلا واسطہ میں صریح ہیں- استعمال کرے، اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں وہ "اسناد معنعن" نہیں ہوگی، حالانکہ بحث "حدیث معنعن" کے بارے میں ہورہی ہے۔

خلاصہ یہ کہ حدیث معنعن میں انقطاع کا احتمال آپ کی شرط کے باوجود بھی باقی رہتا ہے، اتصال کا صرف ظنِ غالب حاصل ہوتا ہے، مگر یہ ظنِ غالب اس شرط کے بغیر اس صورت میں بھی حاصل ہوجاتا ہے جبکہ راوی اور مروی عنہ کے درمیان معاصرتِ محضہ ثابت ہوجائے، یعنی لقاء و لو مرّۃ کا ثبوت نہ ہو، اور اخبارِ آحاد میں ظنِ غالب ہی مطلوب ہے، پس جب مقصود آپ کی شرط کے بغیر حاصل ہوجاتا ہے تو آپ کی یہ شرط بے فائدہ قرار پائی، رہا اتصالِ سند کا یقین، تو وہ نہ آپ کی شرط سے حاصل ہوتا ہے نہ جمہور کی شرط (معاصرتِ محضہ) سے، اور وہ یہاں مطلوب بھی نہیں۔

قوله: "وذٰلک" (ص:۲۲ سطر:۱۴) أی وتفصیل ذٰلک، أو توضیح ذٰلک، یعنی "ذٰلک" سے پہلے اس کا مضاف "تفصیل" یا "توضیح" محذوف ہے۔

قوله: "لمّا احبّ" (ص:۲۲ سطر:۱۴)

یہ مصنفؒ کے قول "لَم یقُلْ" (جو پچھلی سطر میں ہے) کا ظرف ہے۔[1]

قوله: "ان ینزّل فی بعض الروایة" (ص:۲۲ سطر:۱۶)

یعنی کسی روایت میں اس کی اسناد نازل ہو کہ اپنے شیخ کی وہ روایت اس نے بالواسطہ سنی ہو (جب شاگرد اور شیخ کے درمیان کسی اور شخص کا واسطہ آجائے تو اسناد نازل ہوجاتی ہے، اور جب واسطہ بیچ میں نہ ہو، یعنی اُستاذ سے حدیث براہِ راست سنی ہو تو اسناد عالی کہلاتی ہے، اسی طرح اسناد میں راوی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک واسطے جتنے زیادہ ہوں گے اسناد اتنی ہی نازل کہلاتی ہے، اور جتنے کم واسطے ہوں گے اتنی ہی عالی کہلاتی ہے) چنانچہ اسی "نزول فی الروایة" کی تشریح خود مصنف کے کلام میں آرہی ہے۔

(۱) حاشیة الحل المفهم ج:۱ ص:۲۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "فيسمعُ من غيره عنه بعضَ أحاديثه" (ص:۲۲ سطر:۱۶)

یہ "نزول في الرواية" کی تفسیر ہے، یعنی اپنے شیخ کی بعض احادیث کو وہ کسی اور شخص سے سنے جن کو وہ دوسرا شخص اس شیخ سے روایت کرتا ہو۔

قوله: "ثم يرسله عنهُ أحيانا ولا يسمّي من سمع منه" (ص:۲۲ سطر:۱۶)

یعنی پھر یہ راوی اپنے شیخ کی وہ حدیث جو اس نے بالواسطہ سنی تھی، انقطاع کے ساتھ روایت کرے یعنی اس واسطے کو حذف کر کے اپنے شیخ کی طرف (بصیغۂ عن) منسوب کر دے۔

قوله: "مستفيض" (ص:۲۲ سطر:۱۷) یعنی مشہور۔

چار مثالیں جن میں شرطِ بخاری کے باوجود انقطاع پایا گیا

قوله: "عن هشام قال: "أخبرني عثمان بن عُروة عن عروة." (ص:۲۲ سطر:۱۹)

مصنفؒ نے شرطِ بخاری کے باوجود انقطاع پائے جانے کی کل چار مثالیں یہاں ذکر فرمائیں، یہ ان میں سے پہلی مثال ہے، جس سے معلوم ہوا کہ پچھلی روایت میں ہشام نے اپنے اور عُروہ کے درمیان "عثمان بن عروة" کا واسطہ ہونے کے باوجود اسے حذف کر دیا تھا، جسے اس دوسری روایت میں خود ہشام ہی نے ذکر کیا ہے، حالانکہ ہشام نے دوسری بہت سی حدیثیں براہِ راست اپنے والد عُروہ سے سن رکھی تھیں، معلوم ہوا کہ راوی اور مروی عنہ کے درمیان اگر فی الجملہ احادیث کا سماع ثابت بھی ہو تب بھی جب راوی بصیغۂ "عن" اسی مروی عنہ سے کوئی اور حدیث روایت کرتا ہے تو اس میں بھی انقطاع کا احتمال موجود ہوتا ہے، بلکہ یہاں مذکورہ مثال میں تو انقطاع کا وقوع بھی ثابت ہو گیا، یہی حال باقی تین مثالوں کا ہے جو آگے آرہی ہیں۔

قوله: "عن عُروة عن عَمرة عن عائشة" (ص:۲۲ سطر:۲۱)

یہ دوسری مثال ہے جس سے معلوم ہوا کہ اس حدیث کی پچھلی روایت میں عُروہ نے اپنے اور عائشہؓ کے درمیان "عَمرة" کا واسطہ ہونے کے باوجود اسے حذف کر دیا تھا، یہاں بھی شرطِ بخاری کے باوجود انقطاع پایا گیا۔

قوله: "أخبرني أبو سلمة أن عُمر بن عبدالعزيز أخبره أن عُروة أخبره أن عائشة أخبرته" (ص:۲۳ سطر:۱)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ تیسری مثال ہے، جس سے معلوم ہوا کہ اس حدیث میں ابوسلمۃ نے اپنے اور عائشہؓ کے درمیان ''عمر بن عبدالعزیز'' اور ''عروۃ'' کا واسطہ ہونے باوجود ان دونوں کو پچھلی روایت میں حذف کر دیا تھا، یہاں بھی شرطِ بخاری کے باوجود انقطاع پایا گیا، بلکہ یہاں تو دو واسطے حذف ہوئے ہیں۔

قولہ: ''عن عمرو عن محمد بن علي عن جابر'' (ص:۲۲ سطر:۲)

یہ چوتھی مثال ہے، جس سے معلوم ہوا کہ اس حدیث میں عمرو بن دینار اور حضرت جابرؓ کے درمیان ''محمد بن علی'' کا واسطہ ہے، جسے اسی حدیث کی پچھلی روایت میں عمرو بن دینار نے حذف کر دیا تھا، حالانکہ شرطِ بخاری یہاں بھی موجود ہے، یعنی عمرو بن دینار کا سماع حضرت جابرؓ سے دوسری روایات میں ثابت ہے۔

سوال:- یہاں ایک اِشکال پیدا ہوتا ہے جس سے شارحینِ مسلم نے تعرض نہیں کیا، وہ یہ کہ پہلی مثال میں ہشام نے، دوسری مثال میں عُروہ نے، تیسری مثال میں ابوسلمۃ نے، اور چوتھی مثال میں عمرو بن دینار نے اپنے اپنے اُستاذ کی حدیث کو بالواسطہ سنا تھا، اور جب روایت کیا تو یہ واسطہ حذف کر کے بصیغۂ ''عن'' روایت کر دیا، تو اس عمل سے تو وہ مدلس ہو گئے، اور ان کا یہ عمل تدلیس ہوا، کیونکہ تدلیس کی تعریف جو حدیثِ معنعن کی بحث میں ہم تفصیل سے بیان کر چکے ہیں، اس عمل پر صادق آتی ہے، حالانکہ ان چاروں حضرات کو مدلّسین میں شمار نہیں کیا جاتا، چنانچہ ان کا عنعنہ قبول کیا جاتا ہے۔

جواب:- ناچیز نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ عبدالفتّاح ابو غدۃؒ کے سامنے پیش کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ جب کوئی راوی اس طرح واسطہ حذف کر کے حدیث روایت کرے پھر اسی واسطے کو بیان بھی کر دے تو وہ مدلس نہیں رہتا، اور یہاں ان چاروں حضرات نے یہی کیا ہے۔

اور دوسرا جواب جو اِرسال اور تدلیس کے مسائل کی تحقیق سے واضح ہوتا ہے یہ ہے کہ ایسا عمل کرنے والا اگر خود بھی ثقہ اور حافظ ہو، اور جس واسطے کو حذف کرتا ہے وہ بھی ہمیشہ ثقہ اور حافظ ہی ہو، یعنی حذف کرنے والے کی یہ عادت ہے کہ وہ غیر ثقہ واسطے کو حذف نہیں کرتا تو اس صورت میں اگرچہ تدلیس کی تعریف اس عمل پر صادق آتی ہے مگر وہ حکم میں تدلیس کے نہیں اور یہ عمل مذموم بھی نہیں کیونکہ اس میں کسی قسم کی دھوکا بازی نہیں۔

چنانچہ امام بخاریؒ اپنی تعلیقات میں جب اپنے کسی اُستاذ کی ایسی حدیث بصیغۂ ''عن''

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لاتے ہیں جو انہوں نے اُستاذ سے براہِ راست نہیں سنی بلکہ کسی واسطے سے سنی ہے اور واسطے کو حذف کردیتے ہیں، تو اس عمل پر بھی تدلیس کی تعریف صادق آتی ہے، مگر اس پر حکم تدلیس کا نہیں لگتا کیونکہ بخاری خود امام ثقہ ہیں، اور جس واسطے کا نام حذف کرتے ہیں وہ بھی ہمیشہ ثقہ ہی ہوتا ہے، لہٰذا ان کو مدلّسین میں شمار نہیں کیا جاتا۔

اور وجہ اس کی یہ ہے کہ "تدلیس" کذب نہیں، بلکہ ابہام اور اجمال ہے، پس اگر یہ ابہام اور اجمال غیر ثقہ یا ضعیف راوی کو چھپانے کے لئے ہو، تو یہ دھوکا بازی ہے اور حرام ہے، کیونکہ وہ ضعیف اسناد کو قوی ظاہر کر رہا ہے، اور اگر یہ ابہام اور اجمال محض اختصار کے لئے یا کسی اور مصلحت سے ہو اور اس میں ضعیف راوی کو نہ چھپایا گیا ہو تو یہ دھوکا بازی نہیں، کیونکہ وہ ضعیف اسناد کو قوی ظاہر نہیں کر رہا ہے۔

چنانچہ یہاں امام مسلمؒ کی پیش کردہ چاروں مثالوں میں جو واسطے حذف کئے گئے وہ سب کے سب ثقہ ہیں، اور حذف کرنے والے چاروں حضرات کے حافظ وثقہ ہونے میں بھی کسی کو کلام نہیں، لہٰذا ان کے اس عمل پر تدلیس کی اصطلاحی تعریف صادق آنے کے باوجود اس پر حکم تدلیس کا نہیں لگایا جاسکتا، اور نہ اسے مذموم کہا جاسکتا ہے۔(۱)

قوله: "لمكان الارسال فيه" (ص:۲۳ سطر:۴) ہمارے (ہندی و پاکستانی) نسخوں میں اسی طرح ہے "لمکان"۔ اس صورت میں یہ جار مجرور "معتبرةٌ" محذوف کے متعلق ہوکر خبر ہوں گے "کانت" کی، جو پچھلی سطر میں آیا ہے، اور مطلب یہ ہوگا کہ قائل موصوف (امام بخاریؒ) کے نزدیک اگر علت (عدم قبول حدیث کی) معتبر ہے بہ سبب مکان انقطاع کے، اور مکان انقطاع سے مراد "مظنّۃ انقطاع" ہے یعنی وہ اسناد محل ہے اس کی کہ اس میں انقطاع ہو۔ لیکن مصر و شام اور بیروت کے نسخوں میں "امكان الارسال فيه" ہے، اس صورت میں معنیٰ ظاہر ہیں، لفظ "امکان"، خبر ہوگا "کانت" کی اور منصوب ہوگا۔

قوله: "فيُخبرون بالنزول فيه ان نزلوا، وبالصعود فيه ان صعدوا" (ص:۲۳ سطر:۵،۶) یعنی اگر ان کی سند نازل ہو (کہ حدیث بالواسطہ سنی ہو) تو اسے بیان کردیتے

---

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے مقدمة فتح الملهم ص:۸۷، ۸۸، بحث "المرسل والمنقطع والمعضل والمعلّق"، وص:۱۰۶، بحث "المرسل الخفي والمدلّس". علاوہ ازیں دیکھئے: فتح المغيث للسخاويؒ ص:۱۶۹ تا ۱۷۵ (بحث التدليس)، وأيضًا جامع التحصيل في أحكام المراسيل للعلّامة صلاح الدين علائيؒ.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہیں، یعنی اس واسطے کو سند میں ذکر کردیتے ہیں، اور اگر ان کی سند عالی ہو (کہ حدیث واسطے کے بغیر براہِ راست سنی ہو تو) تو اسے بیان کردیتے ہیں (یعنی ایسے صیغے سے روایت کرتے ہیں جو براہِ راست سماع پر دلالت کرتا ہے، مثلاً: "حدثنا" یا "حدثنی" یا "أخبرنا" وغیرہ)۔ خلاصہ یہ کہ مصنفؒ کی مذکورہ بالا عبارت میں "نزول" سے مراد بالواسطہ سماع ہے، اور "صُعود" سے مراد بلاواسطہ سماع ہے۔

قولہ: "کی تنزاح" (ص:۲۳ سطر:۸) أی تزول.

قولہ: "فما ابتُغِيَ" (ص:۲۳ سطر:۹) بضم التاء وکسر الغین علٰی ما لم یسم فاعلہ، ھٰکذا فی أکثر الأصول کما قالہ النووی، یعنی پس طلب نہیں کیا گیا۔

چند حدیثیں جو شرطِ بخاری کے بغیر صحیح قرار دی گئیں

قولہ: "ذالک" (ص:۲۳ سطر:۹) یہاں سے امام مسلمؒ ایسی روایتیں پیش فرما رہے ہیں جن کے راویوں اور مروی عنہم کے درمیان "ثبوت لقاء ولو مرۃ" کی شرط (بقول امام مسلمؒ کے) مفقود ہے، اس کے باوجود ائمہ حدیث نے ان کو صحیح اور قوی السند قرار دیا ہے، جو اس بات کی دلیل ہے کہ حدیث مُعنعن اس شرط کے بغیر بھی متصل کے حکم میں ہوتی اور صحیح قرار پاتی ہے، لہٰذا ثبوت لقاء ولو مرۃ کی شرط درست نہیں اور بے فائدہ ہے۔

قولہ: "ان عبداللہ بن یزید الأنصاری (الٰی قولہ) وعن کل واحد منھما حدیثاً" (ص:۲۳ سطر:۹،۱۰)

تمام نسخوں میں "وعن" ہے، یعنی عن سے پہلے واؤ ہے، لیکن اسے حذف ہونا چاہیے تھا، کیونکہ اس سے معنی بدل جائیں گے۔ (نووی)۔[1]

اِشکال

حضرت عبداللہ بن یزید الانصاری نے جو حدیث حضرت ابومسعود الانصاریؓ سے روایت کی ہے اسے امام بخاریؒ نے بھی اپنی صحیح میں دو جگہ نقل فرمایا ہے،[2] اس پر اِشکال ہوتا ہے

(۱) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۱ ص:۲۳۔ وکذا فی الدیباج علٰی صحیح مسلم بن الحجاج ج:۱ ص:۱۳۷، وأیضًا فی اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۴۴۔

(۲) ایک کتاب الایمان، باب ما جاء أن الأعمال بالنیۃ والحسبۃ (ج:۱ ص:۱۳) میں، اور دوسرے کتاب النفقات، باب فضل النفقۃ علی الأھل (ج:۲ ص:۸۰۵) میں۔ (من الأستاذ حفظھم اللہ)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کہ جب اس میں شرطِ بخاری مفقود ہے تو امام بخاریؒ نے اسے اپنی صحیح میں کیسے جگہ دے دی؟

جواب

ناچیز کو اس کا جواب یہ سمجھ میں آتا ہے، جیسا کہ اس باب کے شروع میں بھی عرض کیا جاچکا ہے کہ حضرت عبداللہ بن یزید الانصاری مذکور صحابی ہیں جیسا کہ خود امام مسلمؒ نے یہاں صراحت کی ہے، ان کے اس عنعنہ کو امام بخاریؒ نے اس وجہ سے قبول کرلیا ہوگا کہ یہ صحابی کا عنعنہ ہے، اور امام بخاریؒ کے نزدیک "لقاء ولو مرة" کی شرط غیر صحابی کے لئے ہوگی، صحابہ کے لئے انہوں نے یہ شرط نہ رکھی ہوگی کیونکہ صحابی نے عنعنہ میں اگر واسطہ واقعۃً بھی حذف کردیا ہوتو وہ "مرسل صحابی" ہوگا جو جمہور محدثین کے نزدیک مقبول ہے اور بحکم متصل ہے۔[۱]

قوله: "حتى نزلا الى مثل أبي هريرة وابن عمر" (ص:۲۳ سطر:۱۵) نزول کے معنی ہم پیچھے بیان کرچکے ہیں کہ سند میں جتنے واسطے زیادہ ہوتے ہیں وہ سند اتنی ہی "نازل" کہلاتی ہے، لیکن یہاں نزول سے مراد یہ نہیں ہے، بلکہ بظاہر یہ مراد ہے کہ مروی عنہ کا درجہ دوسرے مروی عنہم سے نسبتۃً کم ہو، جیسے یہاں ہے کہ أبو عثمان النهدی اور أبو رافع الصائغ کو سابقینِ اوّلین اکابر صحابہ کی صحبت ملی ہے اور اُن سے انہوں نے حدیثیں بھی روایت کی ہیں، اور صغار صحابہ مثلاً حضرت ابوہریرہؓ و ابنِ عمرؓ کی صحبت بھی نصیب ہوئی، تو صغار صحابہ سے اگر یہ روایت کریں گے تو یہ سند باعتبار مروی عنہم کے درجے کے، کم درجے کی ہوگی۔

قوله: "وذويها" (ص:۲۳ سطر:۱۵) أی أصحابهما.

یہ "ذو" بمعنی صاحب کی جمع ہے، کہا جاتا ہے: "رجل ذو مال" أی صاحب مال (كذا في لسان العرب)[۲] بظاہر یہاں "ذويهما" أی أصحابهما سے مراد وہ صحابہ کرام ہیں جو ان کی عمر کے یا ان کے درجے کے تھے۔[۳]

---

(۱) مرسل صحابی کے بارے میں تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: مقدمة فتح الملهم ص:۹۱، ۹۳، ۹۶ تا ۹۸۔ (من الاستاذ حفظهم الله)۔

(۲) لسان العرب ج:۵ ص:۱۱۔

(۳) كذا في التعليق على الحل المفهم ج:۱ ص:۲۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "واسند قيس بن أبي حازم (الى قوله) عن أبي مسعود هو[1] الأنصاری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثلاثة أخبار" (ص:۲۴ سطر:۲،۳)

یہ تینوں حدیثیں صحیحین میں بھی آئی ہیں، صحیح بخاری میں ان کے الفاظ اس طرح ہیں:-

۱- عن قيس بن أبي حازم عن أبي مسعود الأنصاری قال: قال رجل: يا رسول الله! لا أكاد أدرک الصلوٰة مما يطول بنا فلان.... الخ.[2]

۲- عن قيس قال: سمعت أبا مسعود يقول: قال النبی صلی الله عليه وسلم: ان الشمس والقمر لا يخسفان لموت أحدٍ.... الخ.[3]

۳- عن اسماعيل ثنی قيس عن عقبة[4] بن عمرو أبي مسعود قال: أشار رسول الله صلی الله عليه وسلم بيده نحو اليمن فقال: الايمان يمانٍ هٰهنا.... الخ.[5]

پھر ویسا ہی اِشکال

یہاں بھی اِشکال ہوتا ہے کہ جب ان تین حدیثوں میں شرطِ بخاری مفقود ہے تو امام بخاریؒ نے انہیں اپنی صحیح میں کیسے جگہ دے دی؟

جواب

اس کا جواب ان تین میں سے دوسری حدیث کی سند دیکھنے سے خود بخود حاصل ہوجاتا ہے، کیونکہ اس سند میں قیس بن ابی حازم نے "سمعت أبا مسعود" کہہ کر صراحت کردی ہے کہ ان کا سماع حضرت ابومسعود سے کم از کم اس ایک روایت میں ثابت ہے، پس امام بخاریؒ کی شرط ان تین حدیثوں میں مفقود نہ ہوئی۔

قوله: "أسند رِبْعِيٌّ بن حِراش عن عمران بن حُصين عن النبی صلی الله

(۱) لفظ "هو" ہمارے ہاں متداول نسخے میں تو موجود ہے، البتہ جو نسخہ "اكمال المعلم بفوائد مسلم" ص:۱۸۳، "اكمال اكمال المعلم" ص:۴۵، اور "الديباج" ص:۱۳۹ کے ساتھ چھپا ہے اس میں یہ لفظ موجود نہیں ہے۔

(۲) صحيح بخاری، كتاب العلم، باب الغضب في الموعظة ج:۱ ص:۱۹۔

(۳) صحيح البخاری، كتاب الكسوف، باب الصلوٰة في كسوف الشمس ج:۱ ص:۱۴۱،۱۴۲۔

(۴) عقبة بن عمرو ~~یہ حضرت~~ ابومسعود الانصاری کا اسم گرامی ہے، کما في شرح النووی ص:۲۳۔

(۵) صحيح البخاری، كتاب بدء الخلق، باب خير مال المسلم ج:؟ ؟ ص:۴۶۶؟۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علیه وسلم حدیثین، وعن أبی بکرة عن النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم حدیثا"

(ص:۲۴ سطر:۴)

یہاں بھی وہی اِشکال ہے

رِبعی بن حِراش کی روایت جو حضرت ابوبکرہؓ سے ہے، اسے امام بخاریؒ نے بھی اپنی صحیح میں(۱) متعدد طرق سے ذکر کیا ہے، حالانکہ ربعی بن حراش کی ملاقات یا سماع حضرت ابوبکرہؓ سے ثابت نہیں، لہٰذا یہاں بھی وہی اِشکال ہوتا ہے کہ جب اس سند میں شرطِ بخاری مفقود ہے تو اسے صحیح بخاری میں جگہ کیسے مل گئی؟

اس کا جواب

اس کا جواب صحیح بخاری میں اس مقام کو تفصیل سے دیکھنے کے بعد ناچیز کی سمجھ میں یہ آتا ہے کہ امام بخاریؒ نے اس طریق کو اپنی صحیح میں تعلیقاً ذکر کیا ہے اور تعلیقاتِ بخاری چونکہ استدلال کے لئے نہیں بلکہ محض استشہاد کے لئے ہوتی ہیں، اور یہاں بھی یہ سند تعلیقاً استشہاد کے لئے لائی گئی ہے، لہٰذا ان میں امام بخاریؒ نے اپنی سب شرائط کی پوری پابندی نہیں فرمائی، اس لئے ثبوت "لقاء ولو مرة" کی شرط کی بھی پابندی نہیں فرمائی، ہاں کسی مسند روایت میں اس شرط کے خلاف کرتے تو اعتراض ہوسکتا تھا، تعلیقات میں یہ اِشکال نہیں ہوسکتا۔

قوله:"وأسند النعمان بن أبی عیاش عن أبی سعید الخدری ثلاثة أحادیث" (ص:۲۴ سطر:۵)

علامہ نوویؒ کا ارشاد ہے کہ: ان تین میں سے دو حدیثیں صحیحین میں اور تیسری حدیث صرف صحیح مسلم میں آئی ہے۔

مگر ناچیز عرض کرتا ہے کہ صحیح بخاری کی مراجعت سے یہ صورتِ حال سامنے آئی کہ نعمان بن ابی عیاش کی حضرت ابوسعید خدریؓ سے تین روایتیں صحیح بخاری میں، اور چوتھی صرف صحیح مسلم میں آئی ہے، اس طرح نعمان کی حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت کردہ حدیثوں کی تعداد چار ہوجاتی ہے۔

پھر اِشکال

یہاں پھر وہی اِشکال ہوتا ہے کہ جب نعمان بن ابی عیاش کا لقاء یا سماع حضرت

---

(۱) صحیح البخاری کتاب الفتن، باب "اذا التقی المسلمان .... الخ" ج:۲ ص:۱۰۴۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابوسعید خدریؓ سے ثابت نہیں تو شرطِ بخاری مفقود ہے، پھر امام بخاریؒ نے یہ تین حدیثیں اپنی صحیح میں کیسے درج فرمادیں؟

اس کا جواب

ناچیز اس کے جواب میں عرض کرتا ہے کہ صحیح بخاری میں ان تین حدیثوں کی سند جن صیغوں کے ساتھ ذکر کی گئی ہے، اس سے یہ اِشکال خودبخود حل ہوجاتا ہے، یہ تین روایتیں صحیح بخاری میں اس طرح آئی ہیں:-

۱- حدثنا اسحاق بن نصر ثنا عبدالرزاق، انا ابن جريج، قال أخبرني يحيٰى بن سعيد وسهيل بن أبي صالح أنهما سمعا النعمان بن أبي عياش عن أبي سعيد الخدري، قال: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: من صام يومًا في سبيل الله بعّد الله وجهه عن النار سبعين خريفًا.[۱]

۲- عن أبي حازم عن سهل بن سعد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "ان في الجنة لشجرة يسير الراكب في ظلها مائة عام لا يقطعها." قال أبو حازم فحدثت به النعمان بن أبي عياش فقال: حدثني أبو سعيد عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: ان في الجنة شجرة يسير الراكب الجواد المضمر السريع مائة عام ما يقطعها.[۲]

اس میں نعمان بن ابی عیاش نے "حدثني أبو سعيد" فرماکر صراحت کردی ہے کہ انہوں نے یہ حدیث حضرت ابوسعید خدریؓ سے براہِ راست سنی تھی۔

۳- حدثنا عبدالله بن مسلمة قال: حدثنا عبدالعزيز عن أبيه عن سهل عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: ان أهل الجنة ليتراءون الْغُرَف في الجنّة كما تَتَراءَوْنَ الكوكب في السماء. قال أبي فحدثت النعمان بن أبي عياش، فقال: أشهدُ لسمعت أبا سعيد يحدث ويزيد فيه: كما تراءون الكوكب الغارب في الأفق الشرقي والغربي.[۳]

(۱) صحيح البخاری، كتاب الجهاد، باب فضل الصوم في سبيل الله ج:۱ ص:۳۹۸۔

(۲) صحيح البخاری، كتاب الرقاق، باب صفة الجنة والنار ج:۲ ص:۹۷۰۔

(۳) حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس حدیث میں بھی نعمان بن ابی عیاش نے "أشهد لسمعت أبا سعيد يحدث" فرما کر صراحت کردی ہے کہ انہوں نے یہ حدیث حضرت ابوسعید خدریؓ سے براہِ راست سنی تھی۔

خلاصہ یہ کہ دوسری اور تیسری حدیث سے ثابت ہوا کہ نعمان بن ابی عیاش کا سماع حضرت ابوسعید خدریؓ سے ثابت ہے، لہٰذا نعمان کی جتنی بھی معنعن روایتیں حضرت ابوسعیدؓ سے ہیں وہ سب شرطِ بخاری پر پوری اُترتی ہیں۔

خلاصۂ بحث

حاصلِ بحث یہ کہ مذکورہ بالا تفصیل سے یہ اُمور مستفاد ہوئے۔

۱- امام مسلمؒ نے یہاں جو سولہ[۱۶] مثالیں اس دعوے کے ساتھ پیش فرمائی ہیں کہ ان کے راویوں کا لقاء وسماع ان کے مروی عنہم سے ثابت نہیں، ان میں سے چھ[۶] روایتیں ایسی نکل آئیں جو امام مسلمؒ کے دعوے کے خلاف ہیں، تین[۳] روایتیں قیس بن ابی حازم کی حضرت ابوسعید انصاریؓ سے اور تین[۳] روایتیں نعمان بن ابی عیاش کی حضرت ابوسعید خدریؓ سے۔

۲- ان مثالوں میں سے ایک یعنی پہلی مثال محلِ نزاع سے خارج ہے، کیونکہ اس میں صحابی عبداللہ بن یزید انصاریؓ کا عــنعنــہ حضرت ابومسعودؓ سے ہے، اور امام بخاریؒ کا اختلاف بظاہر صحابی کے عنعنہ میں نہیں۔

۳- ایک روایت جو ربعی بن حراش کی حضرت ابوبکرہؓ سے ہے، اسے صحیح بخاری میں لانے کی وجہ یہ ہے کہ وہ بخاری نے تعلیقاً لی ہے، اور تعلیقات میں امام بخاریؒ نے اپنی سب شرائط کی پوری پابندی نہیں فرمائی، کیونکہ وہ استشہاد کے لئے ہوتی ہیں، استدلال کے لئے نہیں۔

۴- لہٰذا یہ آٹھ[۸] روایتیں جو امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں درج فرمائی ہیں ان میں انہوں نے اپنی شرط کی خلاف ورزی نہیں کی، جیسا کہ پچھلی تفصیل سے معلوم ہوا، یعنی چھ[۶] روایتوں کی وجہ امرِ اوّل میں بیان ہوئی، اور ایک روایت کی وجہ اَمرِ دوم میں، اور ایک روایت کی وجہ اَمرِ سوم میں۔

۵- لہٰذا ان آٹھ[۸] روایتوں کے صحیح بخاری میں درج ہونے سے اس پر استدلال درست نہیں کہ "ثبوت لقاء ولو مرة" کی شرط امام بخاریؒ نے لگائی ہی نہیں، واللہ أعلم۔

قوله: "لم يحفظ عنهم سماع علمناه منهم" (ص:۲۴ سطر:۷) یہ بات امام مسلمؒ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اپنے علم کی حد تک فرما رہے ہیں، ورنہ پیچھے عرض کیا جاچکا ہے کہ قیس بن ابی حازم کا سماع حضرت ابومسعود انصاریؓ سے، اور نعمان بن ابی عیاش کا سماع حضرت ابوسعید خدریؓ سے ثابت ہے، امام بخاری نے اپنی صحیح میں اس کی صراحت فرمائی ہے۔

قوله: "يُعرَّج عليه" (ص:۲۴ سطر:۹،۱۰) أی يُلتفت اليه.[1]

قوله: "كلاما خَلْفًا" (ص:۲۴ سطر:۱۰) بسكون اللام بعدها فاء، یعنی ساقط، فاسد اور ردی۔ كذا فی فتح الملهم والصحاح للجوهری.[2]

(۴) الصحاح للجوهری ج:۱ ص:۳۶۵۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: لسان العرب ج:۴ ص:۱۸۲۔

قوله: "سَلَفَ .... الخ" (ص:۲۴ سطر:۱۰) باب نصر سے ماضی کا صیغہ ہے، بمعنی مضی مصدر سَلَفًا آتا ہے بفتحتین (كذا فی الصحاح للجوهری)[3] سَلَفَ کا فاعل ضمیر مستتر ہے جو أحدٌ کی طرف راجع ہے، اور أحدٌ ترکیب میں موصوف ہے اور سَلَفَ جملہ فعلیہ ہو کر بتاویل مفرد اس کی صفت۔

قوله: "خَلَفَ .... الخ" (ص:۲۴ سطر:۱۰) یہ بھی باب نصر سے ماضی کا صیغہ ہے، أی تأخر .... تقول: خلفتُه اذا جئت بعده (كذا فی الصحاح)[4] یہاں خَلَفَ کی ضمیر فاعل "من بعدهم" کی طرف راجع ہے۔ مصنفؒ کے قول "لم يقُلْه أحدٌ" سے یہاں تک کا ترجمہ یہ ہے کہ: یہ بات (جو قائل نے کہی ہے) کسی ایسے شخص نے نہیں کہی جو گزر چکا ہے اور اس کو منکر اور غلط قرار دے گا ہر وہ شخص جو بعد میں آئے گا، واللہ أعلم۔

---

(۱) فتح الملهم ج:۱ ص:۳۱۹۔

(۲) فتح الملهم حوالۂ بالا، والصحاح للجوهری ج:۱ ص:۳۶۴۔ وكذا فی "الديباج علٰى صحيح مسلم بن الحجاج" ج:۱ ص:۱۴۰۔ وكذا فی اكمال اكمال المعلم ج:۱ ص:۴۶۔

(۳) الصحاح للجوهری ج:۱ ص:۶۰۳، ولسان العرب ج:۶ ص:۳۳۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب الإیمان

صحیح مسلم میں "کتاب الإیمان" خصوصی اہمیت رکھتی ہے، امام مسلمؒ نے اس میں ایسی احادیث کا جامع انتخاب فرمایا ہے کہ ان کو اگر اچھی طرح ذہن نشین کرلیا جائے تو ایمانیات سے متعلق تمام اُمور، بہت واضح ہوکر سامنے آجاتے ہیں، اور ان تمام شکوک وشبہات کا ازالہ ہوجاتا ہے جن کے باعث اُمت کے مختلف فرقوں میں اختلاف ہوا، اور متعدد فرقے گمراہ ہوئے۔

کتاب الایمان میں جو ابواب آرہے ہیں انہیں کما حقہ سمجھنے کے لئے پانچ مسائل کا جاننا ضروری ہے۔

۱- ایمان اور اسلام کے لغوی و اصطلاحی معنی، اور ہر معنی کے اعتبار سے دونوں میں نسبت۔

۲- اعمال جزءِ ایمان ہیں یا نہیں؟

۳- ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے یا نہیں؟

۴- تکفیرِ ملحدین۔

۵- مسئلۂ تقدیر۔

المسئَلة الأُولٰی

معنی الإیمان والإسلام لغةً والنسبة بینهما

لفظ "ایمان" اٰمِنَ یَاْمَنُ سے مشتق ہے، اَمْن کے لغوی معنی ہیں مامون ہونا، اور ایمان کے معنی ہیں مامون کردینا۔[1]

یقال:- اٰمَنْتُ زَیْدًا ای جَعَلْتُهُ ذَا أَمْنٍ.

پھر لفظ "ایمان" تصدیق کے معنی میں استعمال ہونے لگا، اس لئے کہ جس کی تصدیق کی جاتی ہے اسے تکذیب سے مامون کردیا جاتا ہے، البتہ جب یہ تصدیق کے معنی میں استعمال

(۱) لسان العرب ج:۱ ص:۲۲۳ وفیض الباری ج:۱ ص:۴۴ والمصباح المنیر للفیومی ص:۲۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہوتو اس کے صلہ میں کبھی با آتی ہے، کقولہ تعالیٰ: "یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ"[۱] اس لئے کہ تصدیق معنیٰ اقرار و اعتراف کو متضمّن ہوتی ہے، اور اقرار و اعتراف کے صلہ میں با آیا ہی کرتی ہے۔

اور کبھی اس کے صلہ میں لام آتا ہے، کما فی التنزیل: "قَالُوْا اَنُؤْمِنُ لَکَ وَاتَّبَعَکَ الْاَرْذَلُوْنَ."[۲] اس لئے کہ تصدیق اذعان اور انقیاد کے معنیٰ کو بھی متضمن ہوتی ہے[۳] اور اذعان اور انقیاد کے صلہ میں لام آتا ہے۔

اور "اسلام" کے لغوی معنیٰ ہیں: "گردن نہادن" یعنی انقیاد اور فرمانبرداری، یہ انقیاد اور فرمانبرداری خواہ بالقلب ہو یا باللسان یا بالجوارح۔[۴]

لغوی معنیٰ کے اعتبار سے ایمان اور اسلام میں عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہے، ایمان أخصّ ہے اور اسلام أعمّ، اس لئے کہ ایمان تصدیق بالقلب ہے، یعنی یہ صرف انقیاد بالقلب ہے، جبکہ اسلام لغوی (بمعنی الانقیاد) قلب کے ساتھ خاص نہیں بلکہ وہ قلب سے بھی ہوسکتا ہے، زبان سے بھی اور جوارح سے بھی، چنانچہ لغۃً ہر مؤمن، مسلم ہے، اس لئے کہ انقیاد بالقلب ہر مؤمن میں پایا جاتا ہے، مگر ہر مسلم لغۃً مؤمن نہیں، کیونکہ جس شخص میں انقیاد باللسان یا بالجوارح ہو مگر انقیاد بالقلب نہ ہو، وہ لغۃً مسلم تو ہے مؤمن نہیں۔[۵]

الإیمان اصطلاحًا

اور اصطلاحِ شریعت میں ایمان کی حقیقت یہ ہے کہ:-

هُوَ التَّصْدِيْقُ بِمَا عُلِمَ مَجِيْءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٖ ضَرُوْرَةً، تَفْصِيْلًا فِيْمَا عُلِمَ تَفْصِيْلًا وَاِجْمَالًا فِيْمَا عُلِمَ اِجْمَالًا.[۶]

---

(۱) البقرة آیت:۳۔ (۲) الشعراء آیت:۱۱۱۔

(۳) قاله الزمخشری فی الکشاف تحت قوله تعالیٰ: "یؤمنون بالغیب" رقم الأیة: ۳ سورة البقرة ج:۱ ص:۳۸۔

(۴) المصباح المنیر للفیومی ص:۲۸۷ وتهذیب الاسماء واللغات ص:۱۵۳ ولسان العرب ج:۶ ص:۳۴۵، النبراس ص:۲۵۷۔

(۵) نقله الشیخ شبّیر احمد العثمانیؒ فی فتح الملهم عن الغزالیؒ. ج:۱ ص:۴۲۶۔

(۶) نقله شیخ الاسلام شبیر احمد العثمانیؒ فی فتح الملهم عن العلامة الألوسی ونقل عنه أن هذا مذهب جمهور المحققین. (من الاستاذ حفظهم الله)۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: رُوح المعانی ج:۱ ص:۱۱۰ والنبراس ص:۲۴۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"التصديق" سے مراد تصدیقِ لغوی ہے، یعنی ایمان میں شرعاً تصدیقِ لغوی ہی معتبر ہے، تصدیقِ منطقی کافی نہیں، دونوں میں فرق یہ ہے کہ تصدیقِ منطقی تو صرف نسبتِ تامہ خبریہ کے یقین کو کہتے ہیں، اور تصدیقِ لغوی اس نسبتِ تامہ خبریہ پر یقین کر کے اسے ماننے کو کہتے ہیں، یعنی تصدیقِ منطقی صرف جاننا ہے بمعنی ''دانستن'' اور تصدیقِ لغوی جان کر ماننا ہے بمعنی ''گرویدن''، اور یہاں یہی مراد ہے۔ (۱)

بما عُلم مجیء النبی صلی اللہ علیہ وسلم به

"به" کی ضمیر "ما" کی طرف راجع ہے اور "ما عُلم .... الخ" سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی تعلیمات ہیں اس قید سے وہ اُمور خارج ہوگئے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے علاوہ ہیں۔

ضرورةً:- یہ "عُلِمَ" کا مفعول مطلق ہے، اس لئے منصوب ہے، دراصل یہ "عِلْمَ ضرورةٍ" تھا مضاف کو حذف کر کے اس کا اعراب مضاف الیہ کو دے دیا گیا اور "عِلْمَ ضرورةٍ" سے مراد علمِ ضروری ہے، یعنی ایسا پختہ یقین جسے دفع کرنے پر آدمی قادر نہ ہو، خواہ وہ یقین بدیہی ہو یا نظر و استدلال سے حاصل ہوا ہو، آسان لفظوں میں اسے علمِ یقینی قطعی کہا جاتا ہے، اس قید سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی وہ تعلیمات خارج ہوگئیں جن کا علم مکلّفین کو یقینی قطعی درجہ کا حاصل نہیں ہوا، یعنی ان کا علم مکلّفین کو صرف ظنِ غالب کے درجہ میں ہے، پس اگر کوئی شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی ایسی تعلیمات کو نہ مانے جن کا صرف ظنِ غالب ہے تو وہ کافر نہیں ہوگا، اگرچہ ان پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے گنہگار ہوگا، کیونکہ عمل کے لئے ظنِ غالب بھی حجت ہے، جبکہ عقیدے کے لئے ظنِ غالب حجت نہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی تعلیمات کا "علمِ ضروری" حاصل ہونے کے دو ذریعے ہیں:-

۱- ایک براہِ راست سماع یا مشاہدہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فلاں بات ارشاد فرمائی یا فلاں فعل کیا، یہ ذریعہ صرف صحابہ کرامؓ ہی کو حاصل تھا۔

۲- دوسرا ذریعہ تواتر ہے، یعنی تواتر سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی فعل یا قول معلوم ہو جائے۔ ہمیں علمِ ضروری صرف اسی طریقہ سے حاصل ہوسکتا ہے، صحابہ کرامؓ کو دونوں

---

(۱) رُوح المعانی ج:۱ ص:۱۱۱ وفیض الباری ج:۱ ص:۴۷ والنبراس ص:۲۴۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

طریقوں سے حاصل ہوتا تھا۔

تواتر کی چار قسمیں ہیں:-

۱- تواتر بالاسناد. ۲- تواتر بالعمل.

۳- تواتر فی القدر المشترک. ۴- تواتر الطبقة.

ان میں سے ہر قسم سے علمِ ضروری حاصل ہوجاتا ہے۔

ان چاروں قسموں کی تشریح مقدمة فتح الملهم میں دیکھ لی جائے،[1] اور مزید تفصیل مطلوب ہوتو میرے رسالہ "فقہ میں اِجماع کا مقام" میں دیکھی جائے،[2] بلکہ یہ تفصیل آگے بھی آجائے گی، (مسئلہ ثانیہ میں مذهب أهل السنة والجماعة کے تحت)۔

تفصیلًا فیما علم تفصیلًا :- اس میں پہلا لفظ "تفصیلًا" منصوب ہے تمیز ہونے کی وجہ سے، اور یہ "التصدیق" کی تمیز ہے، أی التصدیق تفصیلًا، اور بعد میں آنے والا لفظ "تفصیلًا" مفعول مطلق ہے عُلِمَ سے، أی عُلِمَ عِلمَ تَفصِیلٍ، مضاف کو حذف کرکے اس کا اعراب مضاف الیہ کو دے دیا گیا ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی جو تعلیمات تفصیل سے معلوم ہوگئیں ان کی تصدیق بھی تفصیلاً ضروری ہوگی۔

واجمالًا فیما عُلِمَ اجمالًا :- اس کی ترکیب بھی بعینہٖ "تفصیلًا فیما علم تفصیلًا" کی طرح ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جو تعلیمات اجمالاً معلوم ہوئی ہیں اُن کی تصدیق بھی اجمالاً کافی ہوگی۔

مثلاً ایک شخص نیا نیا مشرف باسلام ہوا، اُسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات میں سے قرآن کے بارے میں صرف اتنی آیات کا علمِ ضروری اُس وقت حاصل تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کو اللہ کی کتاب قرار دیا ہے، قرآن کے بارے میں اس کا یہ علم اجمالی (اجمالاً) ہوا، وہ اتنی بات پر ایمان لے آیا تو اس کا قرآن پر ایمان بھی اجمالی ہوا، وہ اس وقت صرف اتنی ہی بات پر ایمان لانے کا مکلّف تھا، پھر جو جو آیت اور قرآن کا جو جو علم اُس کے "علمِ ضروری" میں آتا گیا، یہ قرآن کے بارے میں اُس کا علمِ تفصیلی (تفصیلاً) ہوا، اب وہ اس تفصیل پر بھی ایمان لانے (اس کو ماننے) کا مکلّف ہوگیا۔

---

(۱) ج:۱ ص:۱۳ تا ۱۵۔

(۲) نیز ملاحظہ فرمایئے: فیض الباری ج:۱ ص:۷۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس تعریف پر اِشکال ہوتا ہے کہ یہ تعریف اس تعریف سے مختلف ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیثِ جبریل میں ارشاد فرمائی ہے کہ:-

أن تؤمن بالله وملئکته وکتبه ورسله والیوم الأخر وتؤمن بالقدر خیره وشره .... الخ۔[1]

اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں ماہیتِ ایمان کی تعریف کی گئی ہے، اور حدیثِ جبریل میں ماہیت کی تعریف نہیں کی گئی بلکہ متعلقاتِ ایمان یعنی "مؤمَن به" بیان کئے گئے ہیں۔[2]

اگر کہا جائے کہ ٹھیک ہے، مگر حدیثِ جبریل میں "مؤمَن به" سات بیان کئے گئے ہیں، اور آپ کی تعریف میں مؤمَن به صرف ایک بیان کیا گیا ہے، "وھو ما علم مجیء النبی صلی اللہ علیه وسلم به .... الخ." پس آپ کی تعریف جامع نہ ہوئی۔

اس کا جواب یہ ہے کہ "ما علم مجیء النبی صلی اللہ علیه وسلم به .... الخ" میں وہ ساتوں چیزیں داخل ہیں جو حدیثِ جبریل میں بیان کی گئی ہیں، کیونکہ "ما علم" صیغۂ عموم ہے، جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی تمام تعلیمات کو شامل ہے، اور ان میں یہ سات چیزیں بھی ہیں۔

اگر اعتراض کیا جائے کہ حدیثِ جبریل میں صرف اُمورِ سبعہ کو مؤمَن به قرار دیا گیا ہے، اور آپ کی تعریف میں عموم کے باعث مؤمَن به کے افراد بہت زیادہ ہوجاتے ہیں؟ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی ایسی تعلیمات جن کا علمِ ضروری حاصل ہوچکا ہے وہ تو سات سے بہت زیادہ ہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ ذرا سے تأمل سے یہ بات واضح ہوجائے گی کہ حدیثِ جبریل میں جن چیزوں کو مؤمَن به قرار دیا گیا ہے، ہماری تعریف میں بھی صرف انہیں چیزوں کو مؤمَن به قرار دیا گیا ہے، کوئی فرد اس سے زیادہ ہے نہ کم، کیونکہ حدیثِ جبریل میں ایمان بالرسل کا بھی ذکر ہے، جس میں ایمان بِنَبِیِّنا علیه الصلوٰة والسلام بھی داخل ہے، جن کی لائی ہوئی

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الایمان والاسلام والاحسان .... الخ. رقم الحدیث: ۸، حدیثِ جبرائیل الفاظ کے قدرے فرق کے ساتھ صحیح البخاری (کتاب الایمان، باب سؤال جبریل النبی صلی اللہ علیه وسلم عن الایمان والاسلام والاحسان وعلم الساعة، رقم الحدیث: ۵۰) میں بھی موجود ہے۔

(۲) مرقاة المفاتیح ج:۱ ص:۱۱۷ و فتح الباری ج:۱ ص:۱۵۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تعلیمات میں سے قطعی طور پر ثابت شدہ کسی تعلیم کا اگر کوئی شخص انکار کرے گا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے والا نہ ہوگا، لہٰذا "ایمان بالرسل" منتفی ہوجائے گا، پس معلوم ہوا کہ حدیثِ جبریل کا حاصل بھی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی تمام تعلیمات پر ایمان لانا ضروری ہے۔

اس پر اِشکال ہوسکتا ہے کہ پھر تو حدیثِ جبریل میں اتنا فرمادینا کافی ہوتا کہ: "أن تؤمن برسله" جواب یہ ہے کہ ٹھیک ہے اگر حدیثِ جبریل میں صرف اسی پر اکتفاء کرلیا جاتا تب بھی "مؤمَن بہ" کا بیان مکمل ہوجاتا، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمت کی سہولت کے لئے باقی چھ چیزوں کو بھی ان کی اہمیت کی بناء پر بطورِ خاص ذکر فرمادیا، ورنہ ان چھ چیزوں پر ایمان لانا بھی درحقیقت ایمان بالرسل ہی میں داخل ہے، کیونکہ یہ چھ چیزیں بھی درحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی ان تعلیمات میں داخل ہیں جن کا علمِ ضروری ہم کو ہوچکا ہے۔

الإسلام اصطلاحًا

اسلام کے اصطلاحی معنی دو ہیں۔

۱- ایک یہ کہ یہ پورے دین کا عَلَم ہے، کما فی قول اللہ تعالٰی: "اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا"[۱] وکما فی قوله تعالٰی: "اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ"[۲] اس معنی کے اعتبار سے ایمان اصطلاحی اور اسلام اصطلاحی کے درمیان نسبت عموم خصوص مطلق کی ہے، کیونکہ اس معنی کے اعتبار سے اسلام أعم ہے اور ایمان أخص۔

۲- اسلام کے دوسرے اصطلاحی معنی ہیں انقیادِ ظاہری، یعنی الاقرار باللسان والعمل بالجوارح، کیونکہ حدیثِ جبریل میں اسلام کی تعریف یہ فرمائی گئی ہے کہ:-

أن تشهد أن لا اله الا الله وأن محمدًا رسول الله وتقیم الصلوٰة وتؤتی الزکوٰة وتصوم رمضان وتحج البیت ان استطعت الیه سبیلا.[۳]

اس تعریف میں شہادتین، عمل لسان ہے یعنی اقرار باللسان، اور باقی اعمال کا تعلق

---

(۱) المائدۃ آیت:۳۔ (۲) آل عمران آیت:۱۹۔

(۳) صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الایمان والاسلام والاحسان .... الخ، رقم الحدیث: ۸ وصحیح البخاری رقم الحدیث: ۵۰.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جوارح سے ہے، خلاصہ یہ کہ اسلام عبارت ہے اقرار باللسان اور عمل بالارکان سے، اور یہ دونوں چیزیں انقیادِ ظاہری ہیں، یعنی اعمالِ ظاہرہ۔

برخلاف ایمان کے کہ وہ تصدیق بالقلب ہے، یعنی انقیادِ باطنی، نیز ایک حدیثِ مرفوع جسے امام احمدؒ نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے، اس کی مزید تائید کرتی ہے، اس میں ارشاد ہے کہ:۔

الاسلام علانية والايمان في القلب.[1]

النسبة بينهما باعتبار المعنى الإصطلاحي الثاني

معلوم ہوا کہ دوسرے شرعی (اصطلاحی) معنی کے اعتبار سے ایمان اور اسلام کے درمیان نسبت تبایُن ہے، کیونکہ ایمان تصدیق ہے جو قلب کے ساتھ خاص ہے، اور اسلام اقرار اور عملِ ظاہری ہے جو لسان اور جوارح کے ساتھ خاص ہے، قرآنِ حکیم کی اس آیت سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے:۔

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ط قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ.[2]

لیکن یاد رہے کہ اگرچہ ایمان اور اسلام اپنی اپنی ماہیت کے اعتبار سے مُتباین ہیں، لیکن شرعاً معتدبہ اور مفید ہونے کے لئے باہم فی الجملہ متلازم اور ایک دوسرے کے ساتھ مشروط ہیں، ہم نے "فی الجملہ" کی قید اس لئے لگائی ہے کہ ایمان اور اسلام میں تلازم من کل الوجوہ نہیں بلکہ من بعض الوجوہ ہے، یعنی ایمان کے مفید و معتبر ہونے کے لئے اسلام کے اعمال میں سے صرف ایک خاص عمل شرطِ ایمان یا لازم ایمان ہے، اور وہ ہے اقرار باللسان، چنانچہ ایمان اس وقت تک مفید و معتبر نہیں جب تک اقرار اس کے ساتھ نہ ہو، اسی طرح اسلام بغیر ایمان کے مفید و معتبر نہیں (فی الآخرۃ) لیکن ایمان کا کوئی فرد اسلام نہیں، اور اسلام کا کوئی فرد ایمان نہیں، اور ظاہر ہے کہ دو متباین چیزیں باہم متلازم ہوسکتی ہیں، تباین اور تلازم میں کوئی منافات نہیں، کیونکہ تباین کا مطلب یہ ہے کہ دو کلیوں میں سے کوئی کلی دوسری کلی کے کسی فرد پر صادق نہ آتی ہو،

---

(۱) مسند احمد ج:۱۹ ص:۳۷۴ رقم الحدیث: ۱۲۳۸۱ ومسند ابی یعلی ج:۵ ص:۳۰۱ رقم الحدیث: ۲۹۳۲ وکشف الاستار ج:۱ ص:۱۹ رقم الحدیث: ۲۰۔

(۲) الحجرات آیت:۱۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اگر چہ وجود دونوں کا ساتھ ہو جیسے آفتاب اور دن، پس ایمان و اسلام ایک دوسرے کے کسی فرد پر صادق نہیں آتے مگر شخصِ واحد میں جمع ہو جاتے ہیں، چنانچہ جو شخص دل میں ایمان رکھتا ہو، اور زبان سے اقرار (شہادتین) بھی کرتا ہو، اس میں ایمان اور اسلام دونوں جمع ہو گئے۔[1]

ایمان کے لئے اقرار باللسان کس حد تک شرط ہے؟

یہ بات اُوپر معلوم ہو چکی ہے کہ ایمان کے مفید و معتبر ہونے کے لئے اقرار باللسان شرط ہے جو اسلام کا ایک فرد ہے، اور اسلام کے مفید و معتبر ہونے کے لئے ایمان شرط ہے، مگر اس میں اتنی تفصیل ہے کہ ایمان اور اسلام کا ایک حکم دنیوی ہے اور ایک اُخروی، دنیوی حکم یہ ہے کہ جو شخص ان سے متصف ہو اس پر دنیا میں اَحکامِ المسلمین (مثلاً: وراثت، ولایت، قبولِ شہادت اور نماز میں اقتداء وغیرہ) جاری ہوں گے، اور اُخروی حکم یہ ہے کہ وہ مُخلَّد فی النار نہیں ہوگا۔ لقوله علیه الصلٰوة والسلام: "من قال لا اله الا الله دخل الجنة"[2] وقوله علیه الصلٰوة والسلام: "یخرج من النار من کان فی قلبه مثقال ذرة من الایمان".[3]

پس اقرار باللسان کا حکمِ اُخروی (مخلّد فی النار نہ ہونا) جاری ہونے کے لئے تو ایمان باتفاق اہل السنۃ والجماعۃ شرط ہے، چنانچہ منافقین کا اقرار باللسان حکمِ اُخروی (نجات من الخلود فی النار) کے لئے بالکل مفید و معتبر نہیں، البتہ دُنیا میں کسی کے قلب کا حال چونکہ معلوم نہیں ہو سکتا اس لئے جو شخص اقرار باللسان کرتا ہو، اور زبان یا عمل سے کفر ظاہر نہیں کرتا تو دُنیا میں اس پر اسلام کے اَحکام جاری ہوں گے اگر چہ درحقیقت اس کے قلب میں ایمان نہ ہو، (یعنی اگر چہ وہ منافق ہو)۔

ایمان کا حکمِ دُنیوی جاری ہونے کے لئے اقرار باللسان باتفاق اہل السنۃ والجماعۃ شرط ہے، چنانچہ جس کے دِل میں ایمان ہو اور اس نے اقرار باللسان نہ کیا ہو تو اس پر اَحکامِ مسلمین

---

(۱) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: فتح الملھم ج:۱ ص:۴۲۶۔

(۲) معجم الأوسط للطبرانی ج:۳ ص:۴۶ رقم الحدیث: ۲۴۲۶ ومعجم الکبیر للطبرانی ج:۷ ص:۴۸ رقم الحدیث: ۶۳۴۸۔ یہ حدیث الفاظ کے فرق کے ساتھ متعدد کتبِ حدیث میں موجود ہے، بطورِ مثال ملاحظہ فرمایئے: صحیح البخاری، باب الثیاب البیض، رقم الحدیث: ۵۴۸۹ وصحیح مسلم رقم الحدیث: ۹۴۔

(۳) سنن الترمذی رقم الحدیث: ۲۵۹۸، باب منه من باب ما جاء أن النار نفسین، وما ذکر من یخرج من النار من أهل التوحید.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دُنیا میں جاری نہ ہوں گے، اور آخرت میں جاری ہوں گے یا نہیں؟ تو اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر اس نے اقرار باللسان کسی عذرِ شرعی کی وجہ سے ترک کیا تھا، مثلاً: وہ گونگا تھا یا دِل میں ایمان لانے کے بعد فوراً مرگیا اور اقرار باللسان کی مہلت نہیں ملی، یا مہلت تو ملی مگر اقرار کی صورت میں جان کا خوف تھا اس لئے اقرار نہیں کیا، تو ان صورتوں میں بالاتفاق ایمان کا حکمِ اُخروی جاری ہوگا، یعنی وہ شخص مخلّد فی النار نہ ہوگا، اور اقرار کا نہ پایا جانا اس کے لئے مضر نہ ہوگا۔

اور جس نے مہلت وقدرت کے باوجود اقرار باللسان نہ کیا تو اس کی دو صورتیں ہیں۔

۱- ایک یہ کہ اس سے اقرار کا مطالبہ کیا گیا تھا، اس کے باوجود اقرار نہیں کیا، تو یہ کفر عناد ہے، أي فیما بینه وبین الله تعالیٰ أیضًا کما هو کفر فیما بین الناس، اور ایسا شخص بالاتفاق مخلّد فی النار ہے اور اس کا ایمان مفید ومعتبر نہیں۔[1] (ذکرہ العلامة ابن الهمامؒ)۔

۲- دوسری یہ ہے کہ اس سے مطالبہ ہی نہیں کیا گیا، مگر اس کے دِل میں یہ نیت تھی کہ مطالبہ کیا جائے تو اقرار کروں گا، ایسے شخص کے بارے میں اہل السنة والجماعة کے دو قول ہیں:-

۱- جمہور محدثین کے نزدیک اس کا ایمان معتبر نہیں، اور یہ شخص مُخلّد فی النار ہے۔

۲- حنفیہ اور بعض متکلمین مثلاً: امام اشعری و ابومنصور ماتریدی کے نزدیک اس کا ایمان معتبر ہے، اور یہ شخص مُخلّد فی النار نہیں۔

امام ابوحنیفہؒ اور ان کے موافقین کی دلیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ:-

یخرج من النار من کان فی قلبه مثقال ذرة من ایمان.[2]

نیز ایک دلیل یہ ہے کہ حدیثِ جبریل میں ایمان کے لئے صرف تصدیق کو کافی قرار دیا گیا ہے۔

---

(۱) والدلیل علیه ما رُوی عن رجل من الأنصار أنه جاء بأمَة سوداء فقال: یا رسول الله! ان علیَّ رقبة مؤمنة فان کنت تری هذه مؤمنة فأعتقها، فقال لها رسول الله صلی الله علیه وسلم: أتشهدین أن لا اله الا الله؟ قالت: نعم. قال: أتشهدین أني رسول الله؟ قالت: نعم. قال: أتؤمنین بالبعث بعد الموت؟ قالت: نعم. قال: أعتقها! (رواه أحمد ورجاله رجال الصحیح) (من الأستاذ حفظهم الله).

نیز ابوطالب کی وفات کا جو واقعہ صحیح مسلم کی کتاب الایمان میں آئے گا وہ بھی اس کی دلیل ہے، کیونکہ اقرار باللسان کا اُن سے مطالبہ کیا گیا، مگر انہوں نے اقرار نہ کیا، تو اُن کو کافر ہی قرار دیا گیا۔ رفیع

(۲) بحوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایمان اور اسلام میں تلازُم کی تفصیل

خلاصہ یہ کہ اسلام اور ایمان میں معنی لغوی کے اعتبار سے عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہے، اور معنی شرعی کے اعتبار سے تباین کی نسبت ہے مع التلازم۔ البتہ بعض نصوص سے شبہ ہوتا ہے کہ دونوں میں تــرادُف یا تســـاوی ہے، مثلاً: حضرت لوط علیہ السلام کے واقعہ میں سورۃ الذاریات (رکوع۲) میں ارشاد ہے:-

فَأَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيهَا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ۝ فَمَا وَجَدْنَا فِيهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ۝ع[1]

یہاں مؤمنین اور مسلمین دونوں کا مصداق حضرت لوط علیہ السلام اور ان کے ساتھی ہیں، جس سے شبہ ہوتا ہے کہ اسلام اور ایمان میں نسبت تساوی ہے، لیکن جواب ظاہر ہے کہ شخصِ واحد میں اسلام اور ایمان کا اجتماع تلازم کی وجہ سے ہے نہ کہ نسبت تساوی کی وجہ سے، اور دوسرے الفاظ میں جواب یوں بھی ہوسکتا ہے کہ تباین، ایمان اور اسلام کی حقیقت میں ہے، مؤمن اور مسلم میں نہیں، بالکل اسی طرح جس طرح کہ قراءت اور کتابت میں تباین ہے مگر قاری (بالقوۃ) اور کاتب (بالقوۃ) میں تباین نہیں۔

اور بعض احادیث سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ اسلامؔ اور ایمان میں نسبت عموم وخصوص مطلق کی ہے: "وهو ما رواه أحمد والطبراني عن رجل من الأنصار أنه صلى الله عليه وسلم سئل: اى الأعمال أفضل؟ فقال صلى الله عليه وسلم: ايمان بالله. (هذا في الصحيح)[2] وقيل: اى الاسلام أفضل؟ فقال صلى الله عليه وسلم: الايمان. (رواه أحمد[3] والطبراني من حديث عمرو بن عبسة).

کیونکہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام أعم ہے اور ایمان أخص، اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں اسلام کے لغوی معنی مراد ہیں، یعنی فرمانبرداری (خواہ بالقلب ہو یا باللسان یا

---

(۱) الذّٰریٰت آیت: ۳۵، ۳۶۔

(۲) صحيح البخاری، باب من قال: انّ الايمان هو العمل، رقم الحديث: ۲۶ وصحيح مسلم، باب كون الايمان بالله تعالىٰ أفضل الأعمال، رقم الحديث: ۲۵۸، ۲۶۰۔

(۳) مسند أحمد بن حنبل، مسند عمرو بن عبسة ج: ۲۸ ص: ۲۵۱ رقم الحديث: ۱۷۰۲۷۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: مصنّف عبدالرزاق ج: ۱۱ ص: ۱۲۷ رقم الحديث: ۲۰۱۰۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بالجوارح) جو ایمان سے أعم ہیں، کیونکہ ایمان صرف اس فرمانبرداری کا نام ہے جو تصدیق بالقلب کی صورت میں ہو، پس لغوی معنی کے اعتبار سے اسلام أعم ہے اور ایمان أخص۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ یہاں مضاف محذوف ہے، اور تقدیر عبارت یہ ہے کہ: أيُّ لوازم الاسلام أفضل؟" یا "أيُّ لوازم الأعمال أفضل؟"۔

المسئلة الثانية

العمل جزء من الایمان ام لا؟

اس مسئلہ میں مسلم فرقوں کا شدید اختلاف ہے، جس کی وجہ سے یہ مسئلہ معرکۃ الآراء بن گیا ہے، اس میں مشہور مذاہب چھ[۶] ہیں۔

۱- **جهميّة**:[۱] کا مذہب یہ ہے کہ ایمان صرف عِلم ہے بمعنی دانستن، یعنی نسبتِ تامہ خبریہ کا یقین، مثلاً: یہ یقین کرنا کہ اللہ ایک ہے، محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، وغیرہ وغیرہ، ان کے نزدیک نسبتِ تامہ خبریہ کو یقین سے جاننا ہی ایمان ہے، ماننا یا زبان سے اقرار کرنا یا اعضاء سے عمل کرنا جزء ایمان نہیں، خلاصہ یہ کہ یہ تصدیقِ منطقی کو ایمان کہتے ہیں۔ اور ہمارے نزدیک تصدیق لغوی ایمان ہے، یعنی نسبتِ تامہ خبریہ کو یقین سے جان کر اس کو ماننا، اور شریعت میں یہی معتبر ہے۔

۲- **کــرّامية**:[۲] کا مذہب یہ ہے کہ ایمان صرف اقرار باللسان ہے مگر ان کے اس مذہب میں کچھ تفصیل ہے جو آگے بیان ہوگی۔

۳- **مُــرجئة**:[۳] کا مذہب یہ ہے کہ ایمان صرف تصدیق بالقلب ہے، یعنی تصدیق لغوی، یعنی ماننا اور وہی مطلقاً مُــنجي من دخول النار ہے، اقرار باللسان اور اعمال کا کوئی دخل

---

(۱) نسبة الی جهم بن صفوان وهو أوّل من اخترع هذا المذهب الباطل. (مقدمة فتح الملهم ص:۷۵) (من الأستاذ حفظهم الله)۔

(۲) اصحاب أبي عبدالله بن كرّام وهم قائلون بالتجسّم لله سبحانه وتعالیٰ ویثبتون له تعالیٰ جهة الفوق دون غیره من الجهات، ویقولون أنه تعالیٰ فوق العرش (كذا في الملل والنحل بهامش الفصل والملل ج:۱ ص:۱۴۴). (من الأستاذ حفظهم الله).

(۳) دراصل یہ مذہب "مُــزدک" سے چلا تھا، جو اسلام سے کچھ پہلے ایران میں تھا، موجودہ زمانہ کے کمیونسٹوں کو بھی "مزدکی" کہا جاتا ہے کیونکہ وہ بھی اباحتِ مطلقہ کے قائل ہیں۔ (من الأستاذ حفظهم الله)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نجات و عدمِ نجات یا ثواب و عقاب میں نہیں، پس جس طرح کفر کے ساتھ کوئی طاعت مفید نہیں، اسی طرح ایمان کے ساتھ کوئی معصیت مضر نہیں۔(۱)

۴- چوتھا مذہب معتزلہ اور خوارج کا ہے، جو مُرجئہ کے مذہب کی بالکل ضد ہے، ان کے نزدیک ایمان تین اُمور سے مرکب ہے: تصدیق بالقلب، اقرار باللسان اور عمل بالأرکان، چنانچہ مرتکبِ کبیرہ ان کے نزدیک خارج من الایمان ہے، پھر وہ کفر میں داخل ہوگیا یا نہیں؟ خوارج کے نزدیک کفر میں داخل ہوگیا، معتزلہ کے نزدیک ایمان سے تو نکل گیا کفر میں داخل نہیں ہوا، پس یہ ایمان وکفر کے درمیان ایک درجہ کے قائل ہیں جس کا نام انہوں نے "فِسق" رکھا ہے، ان کے نزدیک انسانوں کی تین قسمیں ہیں: ۱-مؤمن ۔۲-فاسق ۔۳-کافر۔

معتزلہ اور خوارج اس پر متفق ہیں کہ مرتکبِ کبیرہ خارج من الاسلام اور مخلد فی النار ہے۔

۵- جمہور محدثین کا مذہب یہ ہے کہ: "الایمان هو التصدیق بالجنان والاقرار باللسان والعمل بالأرکان."

یہ مذہب بظاہر معتزلہ اور خوارج کے موافق معلوم ہوتا ہے، لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے، دونوں مذہب صرف لفظوں میں متفق ہیں معنیٰ ومراد میں نہیں، آگے تفصیل سے واضح ہوجائے گا۔

۶- جمہور متکلمین اور حنفیہ کے نزدیک ایمان کی حقیقت وہی ہے جو مسئلۂ اُولیٰ میں تفصیل سے معلوم ہوچکی ہے، یعنی: "هو التصدیق بما علم مجیء النبی صلی اللہ علیه وسلم به ضرورةً، تفصیلًا فیما عُلِمَ تفصیلًا واجمالًا فیها عُلِمَ اجمالًا."(۲)

اس تعریف کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارا مذہب نعوذ باللہ مرجئہ کے مطابق ہے، لیکن حقیقۃً ہمارا مذہب اُن سے بہت مختلف ہے، اس لئے کہ ہم اقرار باللسان کو اگرچہ جزءِ ایمان نہیں کہتے، لیکن فی الجملہ شرطِ ایمان یا لازمِ ایمان کہتے ہیں، جس کی تفصیل پیچھے گزر چکی ہے، اور مرجئہ نہ جزوِ ایمان قرار دیتے ہیں، نہ شرطِ ایمان، نہ لازمِ ایمان۔ اور دوسرا فرق یہ

---

(۱) ایمان کے بارے میں ان تمام مذاہب کی تفصیل اور ان کی تردید کے لئے ملاحظہ فرمایئے: المسامرة بشرح المسایرة ص:۳۳۰ والملل والنحل ج:۱ ص:۶۴، ۱۱۵، ۱۶۸، ۲۲۲ وشرح المقاصد ج:۵ ص:۱۷۵ وشرح المواقف ج:۸ ص:۳۲۷ وشرح فقه أکبر لمُلّا علی القاری ص:۲۵۰ وفضل الباری ج:۱ ص:۲۴۵۔

(۲) اس کے تفصیلی حوالہ جات پیچھے گزر چکے ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے کہ مرجئہ، عمل بالجوارح کو بالکل بیکار اور لغو قرار دیتے ہیں، جبکہ ہمارے نزدیک عمل اگر چہ جزء ایمان نہیں لیکن عمل پر نجاتِ کلّی کا مدار ہے، چنانچہ مرتکبِ کبیرہ ہمارے نزدیک مستحقِ عذاب ہے، اور نیکوکار مؤمن مستحقِ ثواب ہے۔

ایمان کی تعریف میں محدثین اور متکلمین کے درمیان جو اختلاف بظاہر معلوم ہوتا ہے یہ محض تعبیر کا فرق (نزاعِ لفظی) ہے جو ایک مصلحت پر مبنی ہے، حقیقت میں دونوں کا مذہب ایک ہے، تفصیل آگے آئے گی، اور مصلحت کا بیان بھی وہیں ہوگا۔

الردُّ علی الجهميّة

جهمية کی دلیل یہ ہے کہ علم سے مراد تصدیقِ منطقی ہے، جو دو تصوروں کے درمیان نسبتِ تامہ خبریہ کے یقین سے عبارت ہے، مثلاً: الله واحد، محمد رسول الله ان دونوں جملوں میں مبتداء اور خبر کے درمیان جو نسبتِ تامہ خبریہ ہے اس کا یقین کر لینا تصدیق ہے، اور ایمان کی حقیقت تمام اہلِ لغت نے تصدیق ہی کو قرار دیا ہے، حتی کہ جمہور متکلمین بھی اسی کو اختیار کرتے ہیں، لہٰذا یہ کہنا صحیح ہے کہ ایمان یقین کا نام ہے۔

جواب یہ ہے کہ تصدیقِ لغوی اور تصدیقِ منطقی میں فرق ہے، تصدیقِ منطقی تو دو تصوّروں کے درمیان نسبتِ تامہ خبریہ کا علم (یقین) ہے بمعنی ''دانستن'' یعنی ''جاننا''، اس میں صرف علم (یقین) ہوتا ہے انقیادِ قلبی (ماننا) نہیں ہوتا، اور تصدیقِ لغوی اس سے اُخص ہے، جس کی حقیقت اس نسبت کو جان کر مان لینا ہے، یعنی تصدیقِ لغوی صرف جاننا نہیں، بلکہ ماننا ہے جو انقیادِ قلبی ہے (بمعنی گرویدن) اور تصدیقِ لغوی بعینہٖ تصدیقِ شرعی ہے، مثلاً: ابوطالب اور قیصرِ روم دونوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برحق ہونے کا علم حاصل تھا، یعنی وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت کو یقین سے جانتے تھے لیکن مانتے نہیں تھے، چنانچہ ان کو تصدیقِ منطقی تو حاصل تھی، تصدیقِ لغوی اور شرعی حاصل نہ تھی، اس لئے ان کے کفر پر جمہورِ اہلِ سنت والجماعۃ کا اتفاق ہے۔

ہمارے دلائل

۱- انسان ایمان کا مکلّف ہے، اور تکلیف اُمورِ اختیاریہ کی ہوتی ہے، اگر ایمان کی حقیقت محض علم کو مانا جائے تو لازم آئے گا کہ انسان اَمرِ اضطراری کا بھی مکلّف ہو، اس لئے کہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علم بسا اوقات اضطراری طور پر بھی حاصل ہو جاتا ہے، جیسے مشاہدہ وغیرہ سے، معلوم ہوا کہ ایمان صرف جاننے کا نام نہیں بلکہ ماننے کا نام ہے، اور ماننا فعلِ اختیاری ہے، اضطراری نہیں۔

۲- جھمیة کے مذہب پر لازم آئے گا کہ ھِرقل قیصر روم اور ابوطالب کو مؤمن قرار دیا جائے، کیونکہ ان دونوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت کا یقین تھا، بخاری شریف کی حدیث سے ھِرقل کا اظہارِ یقین[۱] اور ابوطالب کے قول سے کہ: "ولقد علمتُ بأنّ دينَ محمدٍ من خيرِ أديان البرية."[۲] اظہارِ یقین معلوم ہوتا ہے، حالانکہ احادیثِ صریحہ سے ان کا کافر ہونا ثابت ہے۔

۳- قرآنِ کریم سے صریح طور پر ثابت[۳] ہے کہ فرعون کو موسیٰ علیہ السلام کی حقانیت کا علم تھا، سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون سے کہا:-

لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ۝[۴]

مگر اس کے باوجود وہ بنصِ قرآنی کافر ہے، اور جھمیة کے مذہب پر اس کا مؤمن ہونا لازم آتا ہے۔

۴- عہدِ رسالت کے اہلِ کتاب یہود و نصاریٰ جو مشرف باسلام نہیں ہوئے، ان کے بارے میں قرآن نے خبر دی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت اور رسالت سے واقف تھے، اس کے باوجود قرآنِ حکیم میں جابجا انہیں کافر قرار دیا گیا، مثلاً ارشاد ہے:-

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۭ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝[۵]

---

(۱) صحيح البخاری، باب بدء الوحی، رقم الحديث: ۷۔

(۲) الاصابة في تمييز الصحابة ج:۴ ص:۱۱۶، القسم الرابع ترجمة أبي طالب.

(۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں سب سے پہلا نعتیہ قصیدہ ابوطالب نے کہا ہے، اُسی کے دو شعر یہ بھی ہیں:

ودعوتني وزعمتَ أنّكَ صادق — وصدقتَ فيه وكنتَ ثَمّ أمينًا

وعرفتُ دينكَ لا محالة أنّهُ — من خيرِ أديانِ البريّة دينًا

(۴) آیت:۱۰۲۔ من باب نصر ثبر، ثبورا، أي هلك واهلك، كذا في المنجد ويؤيده ما في معارف القرآن ج:۵ ص:۵۳۷، وكذا في لسان العرب ج:۲ ص:۸۲۔ (من الأستاذ مدظلهم)۔

(۵) البقرة آیت:۱۴۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نیز ارشاد ہے:-

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۚ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ O (۱)

سورۂ انعام میں ارشاد ہے:-

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ O ع (۲)

اور جھمیة کے مذہب پر ان اہلِ کتاب کو مؤمن ماننا پڑے گا، وھو باطل۔

۵- قرآنِ حکیم کا ارشاد ہے: "وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا" (۳)

اس میں بتایا گیا ہے کہ فرعون اور اس کے ہم نوا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لائی ہوئی آیات پر یقین رکھتے تھے مگر ہٹ دھرمی سے انکار کرتے تھے، مانتے نہ تھے، اسی لئے ان کو کافر قرار دیا گیا۔

۶- پیچھے اہلِ لغت کے حوالے سے گزر چکا ہے کہ ایمان تصدیقِ قلبی کو کہتے ہیں، جو لغۃً جان کر مان لینے کا نام ہے، اگر اس کا مصداق تصدیقِ منطقی کو قرار دیا جائے تو اس کو معنی لغوی سے تصدیقِ منطقی کی طرف منقول ماننا پڑے گا، جس کی کوئی دلیل نہیں، اور ظاہر ہے کہ قرآن منطقی اصطلاحات میں نازل نہیں ہوا، لغتِ اہلِ عرب میں نازل ہوا ہے، جب تک معنی لغوی سے منقول ہونے کی دلیل نہ ہو اسے لغوی معنی پر ہی محمول کیا جائے گا۔

الرَّدُّ علی الکرَّامیة

پہلے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ عام طور سے ان کا مذہب مطلقاً یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ایمان کی حقیقت صرفِ اقرار باللسان ہے، مگر علامہ شہرستانی نے "المِلَل والنِحَل" میں صراحت کی ہے کہ ان کا یہ مذہب علی الاطلاق نہیں ہے، بلکہ یہ تفصیل ہے کہ جس نے اقرار باللسان کیا اور تصدیقِ قلبی نہیں کی، وہ دُنیا میں تو حقیقۃً مؤمن ہے، چنانچہ اس پر مؤمن کے سب اَحکام جاری ہوں گے، لیکن آخرت میں وہ مخلد فی النار ہے۔ (۴)

اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ اس تفصیل کی بناء پر تو کرامیہ اور اہلِ سنت کا مذہب ایک

(۱) البقرۃ آیت:۸۹۔ (۲) الأنعام آیت:۲۰۔

(۳) النمل آیت:۱۴۔ (۴) الملل والنحل ج:۱ ص:۱۶۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہوگیا، اس لئے کہ اہلِ سنت والجماعۃ بھی یہی کہتے ہیں کہ اگرچہ یہ شخص مخلد فی النار ہے، لیکن دُنیا میں اس پر اَحکامِ مسلمین جاری ہوں گے۔

جواب یہ ہے کہ ان دونوں میں بہت فرق ہے، وہ یہ کہ کرامیہ ایسے شخص کو دُنیا میں حقیقۃً مؤمن قرار دیتے ہیں، اور اہلِ سنت والجماعۃ کے نزدیک وہ دُنیا میں بھی حقیقۃً کافر ہے، آخرت میں بھی، مگر چونکہ دُنیا میں اس کے دِل کا حال معلوم نہیں، اس لئے مجبوراً اس پر اَحکامِ دنیویہ مسلم کے جاری کرتے ہیں۔ ثمرۂ اختلاف یہ نکلے گا کہ ایسا شخص اگر کسی مسلمان رشتہ دار کی میراث حاصل کرے یا مسلمان عورت سے نکاح کرے، پھر اعتراف کرے کہ مورث کے انتقال یا میرے نکاح کے وقت میرے دِل میں تصدیق نہیں تھی، بعد میں تصدیق پیدا ہوئی، تو کرامیہ کے مذہب پر اس کو میراث کا مال اپنے پاس رکھنا جائز ہوگا اور تجدیدِ نکاح کی ضرورت نہ ہوگی، کیونکہ ان کے نزدیک یہ شخص تصدیقِ قلبی سے پہلے بھی دُنیا میں حقیقۃً مؤمن تھا، اور اہلِ سنت والجماعۃ کے نزدیک اس کو میراث واپس کرنا واجب ہوگا اور تجدیدِ نکاح ضروری ہوگی، کیونکہ مُورِث کی موت اور اپنے نکاح کے وقت یہ حقیقۃً مؤمن نہیں تھا، ان کا استدلال کن دلائل سے ہے؟ صراحۃً معلوم نہیں ہوسکا۔

اس مذہب کے اِبطال پر چند دلائل یہ ہیں:۔

۱۔ اس مذہب پر لازم آئے گا کہ تمام منافقین کو دُنیا میں حقیقۃً مؤمن کہا جائے، حالانکہ قرآنِ کریم میں ان کے کفر کی صراحت کی گئی ہے، سورۂ بقرہ میں ارشاد ہے:۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ۝ (۱)

سورۂ مائدہ میں ارشاد ہے:۔

يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ج (۲)

سورۂ توبہ میں ارشاد ہے:۔

وَلَا تُصَلِّ عَلٰۤى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ط اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (۳)

چنانچہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو چونکہ منافقین متعین طور سے معلوم تھے، اس لئے وہ

(۱) البقرۃ آیت:۸۔ (۲) المائدۃ آیت:۴۱۔ (۳) التوبۃ آیت:۸۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ان پر نمازِ جنازہ نہیں پڑھتے تھے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کا لحاظ رکھتے تھے کہ جب حذیفہؓ (کسی مشکوک شخص) کی نمازِ جنازہ میں حاضر نہ ہوں تو خود بھی شریک نہ ہوتے تھے۔(۱)

۲- اس مذہب کے بطلان کی دوسری دلیل یہ ہے کہ قرآنِ حکیم میں صراحت ہے کہ محلِ ایمان قلب ہے، ارشاد ہے:- "اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ."(۲)

سورۂ حجرات میں ارشاد ہے:- "وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ"(۳)

اور کرّامیۃ کے مذہب پر لازم آتا ہے کہ محلِ ایمان لسان بھی ہو، جس کی کوئی دلیل نہیں۔

۳- تیسری دلیل یہ ہے کہ ایمان لغۃً تصدیق بالقلب کو کہتے ہیں، اگر ایمان کی حقیقت اقرار باللسان کو قرار دیا جائے تو ایمان کا معنیٔ لغوی سے اقرار باللسان کی طرف منقول ہونا لازم آئے گا، جس کی کوئی دلیل موجود نہیں، واللہ أعلم۔

دلائل المُرجِئة والرَّدُّ علیهم

مرجئۃ کا استدلال مندرجہ ذیل اور ان کی ہم معنی آیات سے ہے:-

۱- فَمَنْ یُّؤْمِنْ م بِرَبِّهٖ فَلَا یَخَافُ بَخْسًا(۴) وَّلَا رَهَقًا لا(۵)(۶)

۲- وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِکَ هُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ ق وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ط لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ط(۷)

۳- لَا یَصْلٰهَآ اِلَّا الْاَشْقَیO الَّذِیْ کَذَّبَ وَتَوَلّٰیO ط(۸)

۴- کُلَّمَآ اُلْقِیَ فِیْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ یَاْتِکُمْ نَذِیْرٌO قَالُوْا بَلٰی قَدْ جَآءَنَا نَذِیْرٌ لا فَکَذَّبْنَا.(۹)

---

(۱) ذکرہ شیخ الاسلام شبیر احمد العثمانیؒ عن الغزالیؒ فی فتح الملهم ج:۱ ص:۳۴۱، وانظر أیضًا فی أسد الغابة ج:۱ ص:۵۷۳، فی ترجمة حذیفة بن الیمانؓ.

(۲) المجادلة آیت:۲۲۔ (۳) الحجرات آیت:۱۴۔

(۴) حق (اجر) میں کمی۔

(۵) رهقا: زبردستی ذلت ورُسوائی (معارف القرآن ج:۸ سورۃ الجن) من الاستاذ مدظلهم۔

(۶) الجنّ آیت:۱۳۔ (۷) الحدید آیت:۱۹۔

(۸) اللیل آیت:۱۵، ۱۶۔ (۹) الملک آیت:۸، ۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پہلی تین آیات سے ان کا استدلال واضح ہے، چوتھی آیت میں ان کی وجہِ استدلال یہ ہے کہ "كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ" عام ہے، معلوم ہوا کہ جہنم میں جو بھی داخل ہوگا وہ مُکذِّب ہوگا، غیر مُکذِّب جہنم میں داخل نہیں ہوگا۔

جواب ان دلائل کا یہ ہے کہ پہلی دونوں آیتوں میں ایمان سے مراد ایمان مع العمل ہے، یعنی ایمانِ کامل، اور تیسری آیت میں "یَصْلٰی" سے مراد محض دخولِ نار نہیں بلکہ خلود فی النار ہے، اور "صَلْیٌ" کے لغوی معنی اس تأویل کے مؤید ہیں، کیونکہ "صَلْیٌ" اس کو کہا جاتا ہے کہ کسی گڑھے میں آگ دہکائی جائے اور اس کے بیچوں بیچ کسی بکری وغیرہ کو بھوننے کے لئے رکھ دیا جائے،[1] اور ظاہر ہے کہ اس اشدیت کے ساتھ آگ میں جلانا اسی وقت ہوتا ہے جب اس سے جانور کو زندہ نکالنا مقصود نہ ہو۔ اور چوتھی آیت میں "فَوْجٌ" سے مراد "فَوْجٌ مِنَ الْكُفَّارِ" ہے، جس کا واضح قرینہ اسی آیت میں ان کا اقرار "فَكَذَّبْنَا" ہے۔

مذکورہ بالا تأویلات کی دلیل وہ آیات و احادیثِ کثیرہ ہیں جو عملی گناہوں کا ارتکاب کرنے والوں کے عذاب کے بارے میں وارد ہوئی ہیں، مثلاً یہ آیاتِ قرآنیہ:-

۱- اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ؕ وَّسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا۝[2]

۲- وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ۝[3]

۳- اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ۝[4]

۴- وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ[5]

اگر کہا جائے کہ جس طرح آپ نے ہماری پیش کردہ عمومات میں تأویل کی کہ ان کو مخصوص معنی پر محمول کر دیا، اسی طرح ہم بھی آپ کی پیش کردہ اِن عمومات کو مخصوص معنی پر محمول کر کے یوں کہہ سکتے ہیں کہ: "اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى" اور "اَلَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ" سے مراد کفار ہیں، اور "ظّٰلِمِيْنَ" سے مراد بھی کفار ہیں اور "سَيِّئَة" سے مراد کفر ہے۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہماری پیش کردہ عمومات تمہاری پیش کردہ عمومات سے معارض

(۱) لسان العرب ج:۷ ص:۳۹۹۔ (۲) النساء آیت:۱۰۔ (۳) التوبۃ آیت:۳۴۔
(۴) الشوریٰ آیت:۴۵۔ (۵) النمل آیت:۹۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہیں، رفعِ تعارض کے لئے لامحالہ کسی ایک جانب تخصیص کرنی پڑے گی، اور تمہاری پیش کردہ عمومات میں تخصیص ناگزیر ہے، اس لئے کہ دوسری متعدد آیات اور احادیث جو عملی گناہوں کا اِرتکاب کرنے والوں کے عذاب کی وعید میں نازل ہوئی ہیں، ایسی صریح ہیں کہ ان میں تخصیص ممکن نہیں، تو اگر تمہاری پیش کردہ عمومات میں تخصیص نہ کی گئی، تو اُن صریح نصوص کا اِبطال بالکلیہ لازم آئے گا، اور وہی نصوص اس مسئلہ میں ہماری حجت ہیں، جن میں سے کچھ یہ ہیں۔

۱- وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۵ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝[۱]

معلوم ہوا کہ خسران سے بچنا عمل کے بغیر ممکن نہیں۔

۲- اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ.[۲]

تعلیق بالمشیئۃ دلیلِ انقسام ہے، یعنی یہ کہ کفر سے کم درجہ کے گناہوں کا اِرتکاب کرنے والے دو قسم کے ہیں، کچھ وہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ معاف فرمادے گا، اور کچھ وہ ہیں جن کو معاف نہیں کرے گا۔

۳- وَلَیْسَتِ التَّوْبَۃُ لِلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّئَاتِ ج حَتّٰی اِذَا حَضَرَ اَحَدَھُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّیْ تُبْتُ الْئٰنَ وَلَا الَّذِیْنَ یَمُوْتُوْنَ وَھُمْ کُفَّارٌ ط[۳]

یہاں "اَلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّئَاتِ" سے مراد کفار نہیں ہوسکتے، بلکہ عُصاۃِ مؤمنین ہی مراد ہوسکتے ہیں، کیونکہ ان پر "وَلَا الَّذِیْنَ یَمُوْتُوْنَ وَھُمْ کُفَّارٌ" کا عطف کیا گیا ہے جو معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان مغایرت کی دلیل ہے،[۴] پس معلوم ہوا کہ حالتِ کفر پر مرنے والوں کی توبہ بھی قبول نہیں ہوگی، ان کو عذاب ہوگا، اور جو عصاۃِ مؤمنین عینِ موت (نزعِ رُوح) کے وقت توبہ کریں گے ان کی توبہ بھی قبول نہیں ہوگی ان کو بھی عذاب ہوگا۔

۴- اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:-

یخرج من النار من کان فی قلبہ مثقال ذرۃ من ایمان.[۵]

ظاہر ہے کہ خروج موقوف ہے دخول پر، معلوم ہوا کہ بعض مؤمنین بھی جہنم میں جائیں

---

(۱) العصر پارہ:۳۰۔ (۲) النساء آیت:۱۱۶۔ (۳) النساء آیت:۱۸۔

(۴) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: رُوح المعانی ج:۴ ص:۲۴۰، ۲۴۱۔

(۵) اس کے تفصیلی حوالہ جات پیچھے گزر چکے ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

گے جن کو بعد میں نکال لیا جائے گا۔

۵- مرجئۃ کے رَدّ پر ایک قطعی دلیل یہ ہے کہ قرآنِ کریم اور احادیث، اَوَامر و نواہی سے بھرے ہوئے ہیں، اگر طاعت مفید اور معصیت مضر نہ ہوتی تو یہ اَوَامر و نواہی عبث ہو کر رہ جاتے، اور ظاہر ہے کہ عبث کی نسبت اللہ جل شانہ کی طرف باطل ہے۔

أدلّةُ المُعتزلة والخوارج والرَّدُّ عليهم

معتزلہ اور خوارج اعمال کے جزءِ ایمان ہونے اور مرتکبِ کبیرہ کے مُخلَّد فی النار ہونے پر مندرجہ ذیل دلائل پیش کرتے ہیں:-

۱- قوله تعالٰی: وَاِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰی ۝(۱)

وجہِ استدلال یہ ہے کہ اس آیت میں مغفرت کو چار اُمور پر موقوف کیا گیا ہے، پس معلوم ہوا کہ مغفرت کے لئے صرف ایمان کافی نہیں بلکہ عملِ صالح اور توبہ، اور ہدایت پر برقرار رہنا بھی مغفرت کے لئے ناگزیر ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ مغفرت سے مراد یہاں مغفرتِ کاملہ ہے جو مُنجی من دخول النار ہے، اور نجات من دخول النار ہمارے نزدیک بھی ان اُمورِ اربعہ پر موقوف ہے، یہاں مغفرتِ ناقصہ مراد نہیں جو مُنجی مِن خُلود النار ہے۔(۲)

۲- قوله تعالٰی: وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ .... الخ.

معلوم ہوا کہ عملِ صالح کے بغیر انسان کے لئے خسران ہے۔

جواب یہ ہے کہ اس آیت سے آپ کا استدلال اس پر موقوف ہے کہ "خسران" سے مراد "خلود فی النار" ہو، جس کی کوئی دلیل آپ کے پاس نہیں، ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہاں "خسران" سے مراد دُخول فی النار ہے نہ کہ خُلود فی النار۔

---

(۱) طٰهٰ آیت:۸۲۔

(۲) دوسرا جواب احقر کی رائے میں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس آیت میں یہ بیان نہیں کیا گیا کہ جو شخص ان چاروں اُمور کے مجموعے سے متصف نہ ہوگا، میں اس کی مغفرت کرنے والا نہیں، یہ مضمون تو مفہومِ مخالف سے نکلتا ہے جو قابلِ استدلال نہیں خصوصاً بابِ عقائد میں۔۱۲ (رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳- وہ تمام آیاتِ قرآنیہ اور احادیث بھی معتزلہ اور خوارج اپنے استدلال میں پیش کرتے ہیں، جن میں مغفرت کے لئے ایمان کے ساتھ عملِ صالح کی قید لگائی گئی ہے۔

ان کا جواب یہ ہے کہ ان میں مغفرتِ کاملہ مراد ہے، یعنی دُخولِ نار سے نجات، نیز ان تینوں دلیلوں کا ایک الزامی جواب یہ ہے کہ ان میں عملِ صالح کا عطف ایمان پر کیا گیا ہے جو ان دونوں کے درمیان مغایرت کی دلیل ہے، معلوم ہوا کہ ایمان اور عمل دو الگ الگ حقیقتیں ہیں، لہٰذا یہ تو ہماری حجت ہے، نہ کہ تمہاری۔

۴- قوله تعالیٰ: وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا(۱)

اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت سے آپ کا استدلال اس پر موقوف ہے کہ معصیت سے مراد مطلق معصیت ہو، مگر ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہاں معصیت سے مراد کفر ہے نہ کہ مطلق معصیت۔(۲)

۵- قوله تعالیٰ: وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا(۳)

جواب یہ ہے کہ یہاں قتلِ مؤمن سے مراد ایسا قتل ہے جو بسبب اس کے ایمان کے کیا گیا ہو، یا قتلِ مؤمن کو حلال سمجھتے ہوئے کیا گیا ہو، اور ایسا قتل کافر ہی کرسکتا ہے، لہٰذا یہ سزا کافر کی ہے نہ کہ فاسق کی۔

دلائل أهل السنة والجماعة

۱- اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ(۴)

معلوم ہوا کہ ایسی معصیت جو کفر سے کم درجہ کی ہو اُس سے بعض لوگوں کی مغفرت ہو جائے گی، اور بعض کی نہیں ہوگی، پس معلوم ہوا کہ تمام عُصاۃِ مؤمنین کو عذاب نہیں ہوگا۔

(فائدہ) یہ آیت معتزلہ اور خوارج کے خلاف تو اس لئے حجت ہے کہ اس سے کچھ عُصاۃِ مؤمنین کی مغفرت ثابت ہے اور یہی آیت مرجئہ کے خلاف بھی حجت ہے جیسا کہ مرجئہ کے ردّ میں آچکا ہے، کیونکہ اس سے ثابت ہوا کہ کچھ عُصاۃِ مؤمنین کی مغفرت نہیں ہوگی بلکہ عذاب ہوگا۔

---

(۱) الجنّ آیت:۲۳۔

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے: التفسیر الکبیر للامام فخر الدین الرازیؒ ج:۱۵ ص:۱۶۵ تا ۱۶۷۔

(۳) النساء آیت:۹۳۔ (۴) النساء آیت:۱۱۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲–قوله علیه الصلوٰة والسلام: "یخرج من النار من کان فی قلبه مثقال ذرة من ایمان."[۱] یہ عُصاۃِ مؤمنین کے مُخلَّد فی النار نہ ہونے کی صریح دلیل ہے۔ اور ساتھ ہی یہ حدیث پچھلی آیت کی طرح مرجئہ پر بھی حجت ہے کیونکہ اس سے ثابت ہوا کہ کچھ عُصاۃِ مؤمنین جہنم میں جائیں گے اگرچہ مُخلَّد فی النار نہیں ہوں گے۔

۳– وہ تمام آیاتِ قرآنیہ اور احادیث بھی ہماری دلیل ہیں جن میں عملِ صالح کا عطف ایمان پر کیا گیا ہے، کیونکہ عطف دلیلِ مغایرت ہے، پس معلوم ہوا کہ ایمان اور عمل دونوں کی حقیقتیں جدا جدا ہیں۔

۴– حدیثِ جبریل میں جبریلِ امین علیہ السلام کے سؤال عن الایمان کے جواب میں ایمان کی تعریف آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف تصدیق سے فرمائی، اقرار باللسان اور عمل بالأرکان کا بالکل ذکر نہیں کیا، اگر اقرار اور عمل جزءِ ایمان ہوتا تو اس تعریف کا ناقص ہونا لازم آتا ہے جو موجبِ التباس ہے، حالانکہ جبریلِ امین علیہ السلام تعلیمِ دین کے لئے آئے تھے نہ کہ تلبیس فی الدین کے لئے۔

۵–رُوی عن رجل من الأنصار أنه جاء بأمَة سوداء فقال: یا رسول اللہ! ان علیَّ رقبة مؤمنة فان کنت تری هٰذه مؤمنة فأُعتِقها، فقال لها رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: أتشهدین أن لا الٰه الا اللہ؟ قالت: نعم! قال: أتشهدین انی رسول اللہ؟ قالت: نعم! قال: أتؤمنین بالبعث بعد الموت؟ قالت: نعم! فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: أعتِقها!" (رواه احمد ورجالهٗ رجال الصحیح).[۲]

معلوم ہوا کہ ایمان بغیر عمل کے بھی متحقق ہوجاتا ہے، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس باندی کے بارے میں یہ تحقیق نہیں فرمائی کہ یہ عملِ صالح بھی کرتی ہے یا نہیں؟ اس تحقیق کے بغیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مؤمنہ قرار دے دیا۔

۶– اللہ تعالیٰ نے آیاتِ کثیرہ میں مؤمنین کو اہلِ ایمان کہہ کر خطاب فرمایا، اور اس کے بعد اَوامر ونواہی کا مکلف بنایا، مثلاً:–

---

(۱) تفصیلی حوالہ جات پیچھے گزر چکے ہیں۔

(۲) مسند احمد ج:۲۵ ص:۲۹ رقم الحدیث: ۱۵۷۴۳۔ نیز ملاحظہ فرمائیے: مصنّف عبدالرزاق ج:۹ ص:۱۷۵، رقم الحدیث: ۱۶۸۱۴۔ والسنن الکبریٰ للبیهقی ج:۱۰ ص:۵۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ .... الخ.(۱)

۲- يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ. الاٰية.(۲) ونظائرهٗ كثيرة.

معلوم ہوا کہ عمل ایمان کے بعد کی چیز ہے، اگر عمل جزوِ ایمان ہوتا تو عمل سے پہلے ان کو "يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا" کہہ کر خطاب نہ کیا جاتا۔

۷- آیات اور احادیثِ کثیرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ محلِ ایمان قلب ہے۔

نحو قوله تعالىٰ:- "اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ."(۳)

وقوله تعالىٰ:- "وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ."(۴)

وقوله عليه السلام :- يخرج من النار من كان في قلبه مثقال ذرة من ايمان. ونحو ذٰلك.

اور معتزلہ وخوارج کے مذہب پر لازم آتا ہے کہ انسان کے جوارح بھی محلِ ایمان ہوں، جس کی کوئی دلیل نہیں۔

۸- پیچھے ایمان کے لغوی معنی بیان ہو چکے ہیں کہ تصدیق بالقلب کو کہتے ہیں، اگر اعمال کو جزءِ ایمان قرار دیا جائے تو لازم آئے گا کہ لفظ اپنے معنیٰ لغوی سے معنیٰ آخر کی طرف منقول ہوا ہو جس کی کوئی دلیل نہیں۔

۹- کفر، تکذیب اور جُحود کو کہتے ہیں، جس کا محل قلب ہے، اور تکذیب کی ضد تصدیق ہے، لہٰذا لازم آیا کہ تصدیق کا محل بھی قلب ہو، ورنہ تکذیب وتصدیق میں تضاد باقی نہیں رہے گا، کیونکہ تضاد کے لئے اتحادِ محل شرط ہے۔

مذهبُ أهلِ السنة والجماعة

جمہور متکلمین، اشاعرہ اور حنفیہ نے ایمان کی تعریف یہ فرمائی ہے کہ:-

"هُوَ التَّصْدِيْقُ بِمَا عُلِمَ مَجِيْٓءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٖ ضَرُوْرَةً، تَفْصِيْلًا فِيْمَا عُلِمَ تَفْصِيْلًا وَاِجْمَالًا فِيْمَا عُلِمَ اِجْمَالًا."

---

(۱) المائدة آیت:۶۔ (۲) التحريم آیت:۸۔

(۳) المجادلة آیت:۲۲۔ (۴) الحجرات آیت:۱۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ تعریف علامہ آلوسیؒ نے ذکر کی ہے،[۱] خلاصہ کے طور پر یوں بھی تعریف کی جاتی ہے کہ: "تصدیق ما عُلِمَ من الدین ضرورةً" ایمان ہے، اور "تکذیب شیئٍ مِمَّا عُلِمَ من الدین ضرورةً" کفر ہے۔[۲]

"علمِ ضروری" دو چیزوں سے حاصل ہوتا ہے، یا تو مشاہدہ اور براہِ راست سماع سے یا تواتر سے، اور تواتر[۳] کی حقیقت یہ ہے کہ کسی اَمرِ حسّی[۴] کو ہر زمانہ میں اتنے لوگ اپنی زبان یا عمل سے روایت کرتے رہے ہوں کہ ان کا تواطُؤ علی الکذب أو الخطاء محال ہو۔[۵]

ہمارے لئے دین کی کسی بات کا علمِ ضروری حاصل ہونے کا ذریعہ صرف تواتُر ہے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے براہِ راست سماع یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی فعل کا مشاہدہ ہمیں حاصل نہیں۔

مقدمۃ فتح الملہم میں تواتر کی حسبِ ذیل چار قسمیں بیان کی گئی ہیں:-

۱- تواتُر الاسناد. ۲- تواتُر العمل.
۳- تواتُر الطبقة. ۴- تواتُر القدر المشترک.[۶]

تواتُر الاسناد

یہ ہے کہ وہ روایتِ سند کے ذریعہ ہو، مثلاً یہ حدیث: "من کذب علیّ متعمّدًا فلیتبوأ مقعده من النار".[۷]

اس حدیث کو بقول حافظ عراقیؒ کے سترؔ سے زیادہ صحابہ کرامؓ نے روایت کیا ہے اور

---

(۱) رُوح المعانی ج:۱ ص:۱۱۰، النبراس ص:۲۴۹۔

(۲) الأشباه والنظائر، کتاب السیر، الفن الثانی ج:۲ ص:۸۳۔

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: شرح نخبة الفکر للحافظ ابن حجرؒ ص:۱۰، وتدریب الراوی ص:۳۷۳۔

(۴) قال النووی فی شرح مقدمة مسلم: فالمتواتر ما نقله عدد لا یمکن مواطاتهم علی الکذب عن مثلهم ویستوی طرفاه والواسطة ویخبرون عن حسّی لا مظنون ویحصل العلم بقولهم. (ص:۲۲)، من الأستاذ مدظلهم.

(۵) قال الغزالی فی کتابه "التفرقة بین الاسلام والزندقة" ما نصه: "التواتر ینکره الانسان ولا یمکنه أن یجهله بقلبه." (ص:۸۹) (ایمان وکفر قرآن کی روشنی میں ص:۳۷) من الأستاذ مدظلهم۔

(۶) اس کا حوالہ پیچھے گزر چکا ہے۔

(۷) اس کے تفصیلی حوالہ جات پیچھے گزر چکے ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بعد کے زمانوں میں راویوں کی تعداد بڑھتی ہی چلی گئی۔[۱]

تواتُر العمل

یہ ہے کہ ہر زمانہ میں عمل کرنے والوں کی تعداد اتنی رہی ہو کہ ان کا جھوٹ یا خطأ پر متفق ہونا محال ہو، اگرچہ اس کی سند محفوظ نہ ہو، مثلاً: ارکانِ صلوٰۃ کی ترتیب اور تعدادِ رکعات، تواتر العمل سے ثابت ہوئی ہیں۔

تواتُر الطبقة

یہ ہے کہ ہر زمانے کے لوگ نسلاً بعد نسلٍ کسی بات کو مانتے چلے آئے ہوں، جیسے یہ علم کہ قرآنِ کریم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی کتاب قرار دیا ہے، نیز تمام آیاتِ قرآنیہ کا تواتر بھی اسی قبیل سے ہے۔

تواتُر القدرُ المشترک

یہ ہے کہ کسی واقعہ کی تفصیل میں اگرچہ لوگوں کا اختلاف رہا ہو، لیکن اس واقعہ کے کسی خاص جزء پر اتنے لوگ ہر زمانہ میں متفق رہے ہوں کہ ان کا تواطؤ علی الکذب محال ہو، مثلاً: حاتم طائی کے بارے میں کوئی کہے کہ: اس نے سو اُونٹ صدقہ کیے، کوئی کہے: اتنے لاکھ دینار صدقہ کیے، کوئی کہے: اتنی بکریاں صدقہ کیں، کوئی کہے: اتنے کپڑے دیئے، کوئی کہے: اتنی زمین دی، تو تعیینِ عطاء میں اگرچہ اختلاف ہے، لیکن اتنی بات پر یہ سب خبریں متفق ہیں کہ حاتم طائی نے بہت مال دیا، جو اس کی سخاوت کی دلیل ہے، پس اتنی بات تَواتُرُ القدر المشترک سے ثابت ہوگئی۔ تواتر کی اس چوتھی قسم کو "تَواتُر معنوی" بھی کہتے ہیں، تواتر کی ان چار قسموں میں سے ہر ایک سے علم ضروری حاصل ہوجاتا ہے، دین کی جو بات ان چار قسموں میں سے کسی ایک سے[۱] ثابت ہو، اس کا منکر کافر ہے۔

اقلُّ عددٍ فی التواتُر

تواتر کے لئے قولِ راجح یہی ہے کہ کوئی خاص عدد مقرر نہیں، بلکہ مدار اِس پر ہے کہ

---

(۱) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۱۳، ۱۴۔

(۲) خواہ فرض ہو یا سنت، یا مستحب یا مباح، چنانچہ مسواک کے عندالشرع مطلوب ہونے کا انکار کفر ہے، کیونکہ یہ تواتر سے ثابت ہے۔ (ارشاد القاری ص:۱۱۵، و فتح الملهم ج:۱ ص:۱۴)۔ من الأستاذ حفظهم الله۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایسا عدد ہو کہ اس کا تـواطـؤ علی الکذب محال ہو، چنانچہ روایت کرنے والوں کے حالات کے اعتبار سے یہ عدد مختلف ہوسکتا ہے، مثلاً: کوئی خبر عشرہ مبشرہ روایت کریں اور ان سے بیس تابعین روایت کریں، تو اس سے "علمِ ضروری" حاصل ہوجائے گا، عشرہ مبشرہ سے اگر دس تابعین روایت کریں تو علمِ ضروری حاصل نہ ہوگا، (قالہ الغزالی فی المستصفیٰ)[۱]۔ حاصل اس کا یہ ہے کہ کسی خاص عدد کو ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ علم ضروری کو مستلزم ہے، بلکہ جب علمِ ضروری حاصل ہوجائے تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ عدد تواتُر کا ہے۔

تعریف الایمان عند المحدثین

متکلمین کے نزدیک ایمان کی تعریف اُوپر بیان ہوئی، اور "مسئلۂ اُولیٰ" میں بھی تفصیل سے بیان ہوچکی ہے، جمہور محدثین و امام مالکؒ و امام شافعیؒ کے نزدیک ایمان کی تعریف یہ ہے:۔

"ھو التصدیق بالجَنان و الاقرارُ باللسان و العملُ بالأرکان."

تعریفوں کے اس اختلاف سے ظاہر ہوتا ہے کہ متکلمین اور محدثین کا یہ اختلاف حقیقی اختلاف ہے اور محدثین کے نزدیک نعوذ باللہ اعمال اسی طرح جزءِ ایمان ہیں جس طرح معتزلہ اور خوارج کے نزدیک، جس سے لازم آتا ہے کہ مرتکبِ کبیرہ ان کے نزدیک بھی دائرۂ اسلام سے خارج اور مخلد فی النار ہو۔

لیکن واقعہ یہ ہے کہ مرتکبِ کبیرہ ان کے نزدیک مُـخَـلَّـد فی النار نہیں اور ایمان بغیر عمل کے بھی وجود میں آجاتا ہے، اور خـلـود فی النار سے بچالیتا ہے، اگرچہ دُخـول فی النار سے بچانے کے لئے کافی نہیں۔

حقیقت میں غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ متکلمین اور محدثین کے درمیان یہ اختلاف محض تعبیر کا ہے[۲]، اور حقیقت میں ان کے درمیان ماہیتِ ایمان کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں، کیونکہ محدثین کے نزدیک مرتکبِ کبیرہ مخلد فی النار نہیں، اور متکلمین کے نزدیک اعمالِ صالحہ یا سیئہ غیر مؤثر نہیں، دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ اعمالِ سیئہ سببِ عقاب ہیں اور اعمالِ صالحہ موجبِ ثواب، اور نفسِ تصدیق "مُـنـجـی مـن الـخلود فی النار" ہے، اور "تـصدیق مع

(۱) المستصفیٰ ج:۱ ص:۸۸، ۸۹۔ نیز ملاحظہ فرمائیے: شرح نخبۃ الفکر ص:۱۰۔

(۲) الحل المفہم ج:۱ ص:۲۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

العمل الصالح ومع اجتناب الکبائر مُنجي من الدخول في النار" ہے، چنانچہ امام رازیؒ، امام غزالیؒ، مُلّا علی قاریؒ اور حافظ ابنِ تیمیہؒ وغیرہم نے فریقین کے اس اختلاف کو نزاعِ لفظی قرار دیا ہے۔(۱)

اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ ایسے اکابر علماء محققین کے بارے میں یہ کیسے تصوّر کیا جاسکتا ہے کہ وہ نزاعِ لفظی میں اُلجھے رہے، جبکہ نزاعِ لفظی کوئی معقول کام نہیں۔

جواب یہ ہے کہ درحقیقت تعبیر کا یہ اختلاف اپنے اپنے مخاطبین کے مختلف حالات سے پیدا ہوا، کیونکہ امام ابوحنیفہؒ اور متقدمین متکلمین کے پیشِ نظر معتزلہ اور خوارج کا رَدّ تھا، امام ابوحنیفہؒ کو خوارج اور معتزلہ سے مناظروں کی بھی نوبت آئی، (کذا في فتح الملهم)(۲) جو اعمال کو ایمان کا جزء و ماہیت قرار دیتے تھے، ان پر رَدّ کرنے کے لئے سدِّ ذریعہ کے طور پر امام ابوحنیفہؒ وغیرہ کو ایسی تعبیر اختیار کرنی پڑی کہ جس میں معتزلہ اور خوارج کے مذہب کے ساتھ کسی قسم کا التباس پیدا نہ ہو، (چنانچہ جس طرح کی جزئیت کے مدعی معتزلہ اور خوارج تھے، امام ابوحنیفہؒ اور متکلمین نے اس کا انکار کیا)۔ اور ایمان کی تعریف میں اعمال کا بالکل ذکر نہیں کیا۔ اور محدثین مثلاً: امام بخاریؒ وغیرہ کے پیشِ نظر مرجئہ کا جو فتنہ پھیلا ہوا تھا اس کا رَدّ کرنا تھا، ان کو ایسی تعبیر اختیار کرنی پڑی جس میں مرجئہ کے ساتھ کسی قسم کا التباس پیدا نہ ہو، (چنانچہ مرجئہ جس طرح کی بساطتِ ایمان (ایمان کے بسیط یعنی غیر مرکب ہونے) کے مدعی تھے، محدثین نے اس کا انکار کیا)۔

محدثین نے اعمال کی اہمیت کو مرجئہ کے مقابلے میں واضح کرنے کے لئے اعمال کو جزءِ ایمان کہا، مگر ان کی مراد یہ تھی کہ اعمال ایمان کے لئے ایسے جزء ہیں کہ ان کے بغیر پورا مقصد حاصل نہیں ہوتا، جیسے پتوں، پھول، پھل اور شاخ کے بغیر درخت کا مقصود پورا حاصل نہیں ہوتا، لیکن ان کے معدوم ہونے سے درخت معدوم نہیں ہوجاتا، برخلاف اس کے کہ اگر جڑ ہی نہ رہے تو درخت معدوم ہوجاتا ہے، پس محدثین کے نزدیک تصدیق بمنزلہ جڑ کے ہے اور اس کے انعدام سے ایمان بالکلیہ ختم ہوجاتا ہے، اور اعمالِ صالحہ شاخوں کی طرح ہیں، کہ ان کے معدوم

(۱) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: التفسیر الکبیر للامام الرازیؒ ج:۲ ص:۲۵، ۲۶ و عمدة القاري ج:۱ ص:۱۷۵ باب الایمان وقول النبي بني الاسلام علیٰ خمس۔

(۲) فتح الملهم ج:۱ ص:۴۴۵، ۴۴۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہوجانے سے درخت بالکلیہ معدوم نہیں ہوتا۔

اس کی دوسری مثال یہ ہے کہ بلاشبہ سر اور ہاتھ پاؤں انسان کے اجزاء ہیں، لیکن ہاتھ پاؤں کٹ جانے کے باوجود انسان موجود رہتا ہے، لیکن اگر سر کاٹ دیا جائے تو انسان بالکلیہ معدوم ہوجاتا ہے، (کذا فی فتح الملهم)۔[۱]

خلاصہ یہ کہ محدثین و متکلمین کی تعریفوں میں جو اختلاف نظر آتا ہے وہ اس طرح باآسانی رفع کیا جاسکتا ہے، کہ یوں کہا جائے کہ متکلمین نے ایمان کی مجرد ماہیت کی تعریف کی ہے، اور محدثین نے مجرد ماہیت کی نہیں، بلکہ ایمان اور اس کے مقتضیات و آثار وثمرات کے مجموعے کی تعریف کی، دوسرے لفظوں میں متکلمین نے "ایمان مُنجی من الخلود فی النار" کی تعریف کی ہے، اور محدثین نے "ایمان مُنجی من الدخول فی النار" کی۔

المسئلة الثالثة

الایمان یزید وینقص أم لا؟

قرآن وسنت کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے، اقوالِ سلف میں بھی اس کی صراحت ہے، اور عـامّة الـمـحـدثیـن نے اسی کو اختیار کیا ہے، جمہور محدثین کا استدلال اِن آیات سے ہے:-

۱- وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝[۲]

۲- هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ط[۳]

۳- وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ج فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا.[۴]

اس سلسلے میں امام مالکؒ کی طرف تین قول منسوب ہیں:-

۱- الایمان یزید ولا ینقص.[۵]

(۱) ج:۱ ص:۲۴۲، ۲۴۳۔ (۲) الأنفال آیت:۲۔
(۳) الفتح آیت:۴۔ (۴) التوبة آیت:۱۲۴۔
(۵) کفایة الطالب ج:۱ ص:۱۲۵ والثمر الدانی شرح رسالة القیروانی ص:۲۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲- **الایمان یزید وینقص.**(۱)

۳- **الایمان یزید وتوقّف عن النقصان.**(۲)

امام ابوحنیفہؒ، امام الحرمینؒ اور علمائے متکلمین سے منقول ہے کہ: "**الایمان لا یزید ولا ینقص.**"(۳)

بظاہر یہ قول مذکورہ بالا نصوصِ قرآنیہ اور اقوالِ سلف کے خلاف ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ اختلاف بھی جزئیتِ اعمال کے اختلاف پر متفرع ہے، وہ اختلاف بھی تعبیر کا تھا جو مخاطبین کے حالات کے اختلاف پر مبنی تھا، یہ اختلاف بھی تعبیر ہی کا ہے، چنانچہ امام رازیؒ نے اسے بھی نزاعِ لفظی قرار دیا ہے(۴)، کیونکہ اعمال کو اگر جزءِ ایمان قرار دیا جائے تو لامحالہ اعمال کی کمی بیشی سے ایمان میں بھی کمی بیشی ہوگی، اور اگر محض تصدیقِ قلبی کو ایمان قرار دیا جائے تو اعمال کی کمی بیشی سے حقیقتِ ایمان میں کوئی کمی بیشی نہیں ہوگی، اس لئے کہ تصدیق جو ایمان میں معتبر ہے، اگر اس میں ذرا بھی کمی ہوگی تو یا وہ ظن ہوگا یا شک یا وہم، اور یہ تینوں درجے کفر کے ہیں، ایمان کے نہیں، اس لئے ایمان بمعنی تصدیق میں کمی بیشی ممکن نہیں۔

چنانچہ ہر دو فریق کے اقوال کے درمیان اس طرح تطبیق کی جائے گی کہ جو حضرات زیادت ونقصان کے قائل ہیں وہ نفسِ تصدیق میں کمی بیشی کے قائل نہیں، بلکہ تصدیق پر مرتب ہونے والے آثار وثمرات مثلاً قوتِ ایمان، حلاوتِ ایمان، جوشِ ایمان، بصیرتِ ایمانی، فراستِ ایمانی اور توکل وصبر واستقامت وتسلیم وتفویض وغیرہ میں کمی بیشی کے قائل ہیں، اور جو حضرات زیادت ونقصان کی نفی کرتے ہیں، وہ ایمان پر مرتب ہونے والے مقتضیات اور آثار وثمرات کی زیادت ونقصان کے منکر نہیں، بلکہ مجرد ماہیتِ ایمان میں زیادت ونقصان کے منکر ہیں۔

---

(۱) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: السنة لأبي بكر الخلال ج:۳ ص:۶۰۸،۱۰۱۴، وحلية الأولياء ج:۶ ص:۳۲۷۔

(۲) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: الطبقات الكبرىٰ ج:۴ ص:۴۳۹ وتحفة الأحوذي ج:۷ ص:۲۹۷، والتمهيد ج:۹ ص:۲۵۲، وكفاية الطالب ج:۱ ص:۱۲۵۔

(۳) فتح الملهم ج:۱ ص:۴۴۶، تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: الفقه الأكبر ص:۲۰ والتمهيد لابن عبدالبر ج:۹ ص:۲۳۸ والكوكب الأزهر شرح الفقه الأكبر للامام الشافعیؒ ص:۱۲۵ وابوحنيفة وأراؤه في العقيدة الاسلامية ص:۲۷۳،۲۸۱ وكتاب الارشاد لإمام الحرمين ص:۳۳۵،۳۳۶۔

(۴) ابوحنيفة وأراؤه في العقيدة الاسلامية ص:۲۸۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حنفیہ و متکلمین کی طرف سے ان آیات کی توجیہ جن سے زیادت ونقصان ثابت ہوتا ہے، مندرجہ ذیل طریقوں سے کی جاتی ہے:-

ا- پہلی توجیہ یہ ہے کہ ایمان کی دو قسمیں ہیں، ایک ایمان مُنجی ، دوسری ایمان مُعلی، ایمانِ مُنجی وہ ہے جو خلود فی النار سے مانع ہے، دُخول فی النار سے مانع نہیں، یہ درجہ مجرد تصدیق کا ہے، جو ماہیتِ ایمان ہے۔ اور ایمانِ مُعلی وہ ہے جو دُخول فی النار سے بھی مانع ہے اور رفعِ درجات کا بھی موجب ہے، یعنی "ایمان مع العمل الصالح" ، پس قسمِ اوّل میں کمی بیشی ممکن نہیں، اور قسمِ ثانی میں اعمال کی کمی بیشی سے کمی بیشی ہوگی، تو آیاتِ قرآنیہ میں جہاں زیادت ونقصان ثابت ہوتی ہے اس سے مراد قسمِ ثانی ہے نہ کہ قسمِ اوّل۔(۱)

اس کی مثال یوں سمجھئے کہ انسان کی ماہیت ہے حیوانِ ناطق، جو ایک صحیح اور تندرست انسان پر بھی صادق آتی ہے، اور ہاتھ پاؤں کٹے ہوئے انسان پر بھی، اعضاء کی کمی بیشی سے اس ماہیت میں کوئی کمی بیشی نہیں ہوتی، لیکن اگر اجزاءِ عرفیہ (یعنی اعضاء) کے اعتبار سے دیکھا جائے تو بلاشبہ اعضاء کی کمی بیشی سے انسان میں کمی بیشی ہوتی ہے، جس کے دو ہاتھ ہیں وہ یقیناً اس شخص کے مقابلے میں زائد ہے جس کا صرف ایک ہاتھ ہے، لیکن یہ کمی بیشی حقیقتِ انسانیہ کی کمی بیشی نہیں، بلکہ اس حقیقت پر متفرع ہونے والی اشیاء کی کمی بیشی ہے۔

۲:- دوسری توجیہ یہ کی جاتی ہے کہ ایمان کی کمی بیشی سے مراد اس کے انوار و برکات کی کمی بیشی ہے، جو اعمال ہی کی کمی بیشی سے پیدا ہوتی ہے، مثلاً ایک شخص نماز اور تمام فرائض و واجبات کا پابند ہے اور گناہوں سے بچتا ہے، اور دوسرا ان خوبیوں سے بالکل محروم ہے، حقیقتِ ایمانیہ تو ان دونوں میں مساوی طور پر موجود ہے، لیکن اس حقیقت پر مرتب ہونے والے آثار و برکات دونوں میں بہت متفاوت ہیں، جو فرائض و واجبات کا پابند ہے اس کو طمانیتِ قلب اور انشراحِ صدر زیادہ حاصل ہے، اور دوسرے میں یہ چیزیں کم ہیں۔(۲)

۳:- تیسری توجیہ جو حضرت شاہ ولی اللہؒ سے منقول ہے، یہ ہے کہ ایمان کی دو قسمیں ہیں، ایمانِ مجمل اور ایمانِ مفصل، ایمانِ مجمل تو مثلاً یہ ہے کہ اتنی بات پر اُصولی طور پر ایمان لائیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی تمام تعلیمات برحق ہیں۔ اور ایمانِ مفصل یہ ہے

(۱) الفقه الأكبر ص:۷۸۔

(۲) فتح الملهم ج:۱ ص:۴۴۸ وابوحنيفة وآراؤه في العقيدة الاسلامية ص:۲۷۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کہ جو جو تعلیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمارے علم میں آتی جائے، ہم اس پر الگ الگ ایمان لاتے جائیں، تو آیاتِ قرآنیہ میں جہاں کہیں زیادتیٔ ایمان مذکور ہے اس سے مراد ایمانِ تفصیلی کی زیادتی ہے۔[۱] مثلاً ایک شخص کے علم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی صرف سو تعلیمات ہیں، وہ ان پر ایمان لاتا ہے، دوسرے شخص کے علم میں دو سو تعلیمات ہیں، وہ ان پر ایمان لاتا ہے، ظاہر ہے کہ پہلے شخص کا ایمان کم ہے اور دوسرے کا ایمان زیادہ ہے، مگر غور سے دیکھا جائے تو یہ ماہیتِ ایمان کی کمی بیشی نہیں، بلکہ مؤمَن بہ کی کمی بیشی ہے۔[۲]

اور یہ توجیہ امام ابوحنیفہؒ سے بھی منقول ہے، ان سے سوال کیا گیا کہ آپ تو زیادت و نقصان کے منکر ہیں، حالانکہ قرآنِ حکیم میں ہے:-

فَأَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ○[۳]

آپؒ نے جواب دیا: "امنوا بالاجمال ثم بالتفصيل."[۴]

یعنی صحابہ کرامؓ پہلے قرآنِ کریم پر اجمالاً ایمان لائے، پھر جو جو آیت نازل ہوتی گئی اور ان کے علم میں آتی گئی اس پر الگ الگ بھی ایمان لائے۔ اس توجیہ کا حاصل یہ ہے کہ ایمان میں زیادت ونقصان مؤمَن بہ کے اعتبار سے ہے، ماہیتِ ایمان کے اعتبار سے نہیں، یعنی کمی بیشی ماہیتِ ایمان میں نہیں ہوتی بلکہ مؤمَن بہ میں ہوتی ہے، واللہ سبحانہ وتعالیٰ أعلم.

المسئلة الرابعة

مُلحِدین کی تکفیر

کسی شخص کو مسلم یا کافر قرار دینے کا مدار ایمان کی اُس ماہیت پر ہے جو ہم مسئلۂ اُولیٰ کی تفصیل میں بیان کر چکے ہیں، اور مسئلۂ ثانیہ میں جو بحثیں آئی ہیں ان سے حقیقتِ ایمان کی اور زیادہ وضاحت ہوجاتی ہے، ایمان کی جو تعریف ہم نے مسئلۂ اُولیٰ میں بیان کی ہے، اس کا خلاصہ یہ ہے کہ: "الإيمان هو التصديق بما عُلِمَ من الدين ضرورةً" یعنی دین کی جن باتوں کا "علمِ ضروری" حاصل ہوجائے (جن کو "ضروریاتِ دین" بھی کہا جاتا ہے) ان سب کو ماننا

---

(۱) حجة الله البالغة ج:۱ ص:۴۶۶۔ (۲) الفقه الأكبر ص:۷۸۔

(۳) التوبة آیت:۱۲۴۔ (۴) فضل الباری ج:۱ ص:۱۲۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایمان ہے، اور ان باتوں میں سے کسی ایک کا انکار بھی کفر ہے۔[۱] حاصل اس کا یہ ہے کہ مؤمن ہونے کے لئے ''ایجابِ کلّی'' ضروری ہے، اور کافر ہونے کے لئے ''سلبِ جزئی'' کافی ہے، ''سلبِ کلّی'' ضروری نہیں، یہ ایک اہم قاعدہ ہے جسے یاد رکھنا چاہئے، یعنی مؤمن ہونے کے لئے تمام ضروریاتِ دین کو ماننا ضروری ہے، اور کافر ہونے کے لئے تمام ضروریاتِ دین کا انکار ضروری نہیں، بلکہ ان میں سے کسی ایک بات کا انکار بھی کافر ہونے کے لئے کافی ہے۔

اہلِ قبلہ کی تکفیر

جب مذکورہ بالا قاعدہ کی بناء پر ملحدین میں سے کسی کی تکفیر کی جاتی ہے تو وہ اعتراض کرتے ہیں کہ اہلِ قبلہ کی تکفیر جائز نہیں، اور ہم اہلِ قبلہ ہیں یعنی قبلہ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھتے ہیں، لہٰذا ہماری تکفیر جائز نہیں، اور دلیل میں ''شرحِ مقاصد'' کی اس عبارت کو پیش کرتے ہیں[۲] جو ''المنتقٰی'' سے منقول ہے[۳] کہ امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ: ''لا نكفِّر أحدًا من أهل القبلة.''

اس کے دو جواب ہیں:-

۱- ایک یہ کہ امام ابوحنیفہؒ کا یہ قول اس اطلاق کے ساتھ ہرگز ثابت نہیں، شرحِ مقاصد میں ''منتقٰی'' کی پوری عبارت نقل نہیں کی گئی، پوری عبارت یہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا:-

لا نكفِّر أحدًا من أهل القبلة بذنبٍ.

اور ''ذَنب'' سے مراد غیر کفر ہے، ''كما هو العرف في الشريعة''، جس کا حاصل یہ ہے کہ ارتکابِ کبیرہ کے باعث ہم کسی کی تکفیر نہیں کرتے، خلافًا للخوارج۔ ''بذنبٍ'' کی قید کے ساتھ یہی جملہ حضراتِ امام شافعیؒ اور سفیان بن عیینہؒ سے بھی منقول ہے، نیز علامہ قونویؒ نے ''شرح عقيدة طحاوية'' میں، امام طحاویؒ نے ''المعتصر في تفسير الفرقان'' میں، امام غزالیؒ نے ''الاقتصاد'' میں، اور ابنِ امیر الحاج نے ''شرح التحرير'' میں ''بذنب'' کی قید صراحۃً

---

(۱) إلّا أن يكون رجلا حديث عهد بالاسلام ولا يعرف حدوده فانه اذا أنكر منها شيئا جهلا به لم يكفر. (من الأستاذ حفظهم الله تعالىٰ).

(۲) شرح المقاصد ج:۵ ص:۲۲۸، وأيضًا شرح العقيدة الطحاوية للميداني ص:۱۰۹۔

(۳) اور تمام اہلِ سنت والجماعۃ کا اس پر اتفاق ہے۔ (ایمان اور کفر قرآن کی روشنی میں ص:۵۶) (من الأستاذ حفظهم الله).

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ذکر کی ہے، اور "شرح التحریر" میں امام ابوحنیفہؒ کا مذکورہ قول بھی اسی قید کے ساتھ "المنتقٰی" سے نقل فرمایا ہے۔[۱] غرض یہ کہنا کہ "اہلِ قبلہ کی تکفیر نہیں کی جائے گی اگرچہ وہ ضروریاتِ دین میں سے کسی چیز کے منکر ہوجائیں" کسی امام کے قول سے ثابت نہیں، سب اس پر متفق ہیں کہ ضروریاتِ دین میں سے کسی ایک چیز کا منکر بھی کافر ہے[۲] اگرچہ وہ قبلہ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھتا ہو اور کتنا ہی عبادت گزار ہو، ہاں اہلِ قبلہ کی تکفیر محض ارتکابِ کبیرہ کی بناء پر نہیں کی جائے گی، اور یہ وہی بات ہے جو "سنن أبی داؤد" میں حضرت انسؓ سے منقول ہے کہ:-

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ثلثٌ من أصل الایمان: الکف عمن قال لا اله الا الله ولا نکفره بذنب ولا نخرجه عن الاسلام بعمل.[۳]

۲- دوسرا جواب یہ ہے کہ "اہلِ قبلہ" کا لفظ علمِ کلام کی اصطلاح ہے، اس کے محض لغوی معنی مراد نہیں، بلکہ جو شخص تمام ضروریاتِ دین کا ماننے والا ہو اصطلاح میں اُسی کو "اہلِ قبلہ" کہا جاتا ہے، چنانچہ اصطلاحِ علمِ کلام میں جو شخص ضروریاتِ دین میں سے کسی ایک کا منکر ہو، اگرچہ وہ قبلہ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھتا ہو اور بہت عبادت گزار بھی ہو، اس کو "اہلِ قبلہ" نہیں کہا جائے گا۔ "شرح المقاصد"،[۴] "رَدُّ المحتار"،[۵] "البحر الرائق"،[۶] "الاحکام للأمدی"،[۷] "الکشف للبزدوی"،[۸] "نبراس"[۹] شرح "شرح العقائد النسفیة"، اور

---

(۱) الفقه الأکبر ص:۲۰ میں بھی "ذنب" کی قید مذکور ہے۔

(۲) مسیلمہ کذّاب اور اس کی جماعت کو کافر و مرتد قرار دے کر ان سے جہاد کرنے پر صحابہ کرامؓ کا اجماع اس کی واضح شہادت ہے۔ (ایمان اور کفر قرآن کی روشنی میں) (من الأستاذ حفظهم الله)۔

(۳) سنن أبی داؤد، کتاب الجهاد، رقم الحدیث: ۲۵۲۹۔ و کذا فی سنن البیهقی ج:۹ ص:۱۵۶۔ و کذا فی مسند أبی یعلی ج:۷ ص:۲۸۷، رقم الحدیث: ۴۳۱۱۔

(۴) شرح المقاصد ج:۵ ص:۲۲۸۔

(۵) رد المحتار، مطلب البدعة خمسة أقسام ج:۱ ص:۵۶۱۔

(۶) البحر الرائق ج:۱ ص:۶۱۳، باب الامامة.

(۷) الأحکام للأمدی ج:۲ ص:۸۵، القسم الثانی فی شرائط وجوب العمل بخبر واحد.

(۸) کشف الأصول للبزدوی ج:۳ ص:۲۳۸۔

(۹) النبراس ص:۳۴۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"شرح الفقه الأكبر"[۱] لِعَلِیّ القاری، غرضِ علمِ کلام، فقہ اور اُصولِ فقہ کی مستند ترین کتب میں اہلِ قبلہ کے یہ اصطلاحی معنی صراحۃً بیان کئے گئے ہیں، اور یہ اصطلاح دراصل ایک حدیثِ مرفوع سے مأخوذ ہے جسے بخاریؒ[۲] وغیرہ نے روایت کیا ہے:-

عن انس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شهد أن لا اله الا الله، وصلى صلٰوتنا، واستقبل قبلتنا، وأكل ذبيحتنا فهو المسلم، له ما للمسلم وعليه ما على المسلم.[۳]

اس حدیث میں چار ضروریاتِ دین کا ذکر کیا گیا ہے، مگر مقصود ان چار میں منحصر نہیں، بلکہ یہ ہے کہ جو تمام ضروریاتِ دین کو مانتا ہو وہ مسلمان ہے، اور ان چار کو مثال کے طور پر ذکر کیا گیا کہ یہ عامۃ المسلمین میں بھی غایت درجہ کی شہرت رکھتے ہیں، کیونکہ علامہ سیّد محمد انور شاہ کشمیریؒ کی تحقیق یہ ہے کہ یہ حدیث اور اس کی ہم معنی دوسری حدیثیں اطاعتِ امیر کے بارے میں وارد ہوئی ہیں کہ امیر خواہ کتنا ہی بدکار ہو جب تک وہ ضروریاتِ دین کا انکار نہ کرے اسے کافر قرار نہ دو اور اس کے خلاف بغاوت نہ کرو، چنانچہ ان احادیث کے آخر میں یہ استثناء بھی مذکور ہے کہ:-

"إِلَّا أَنْ تَرَوْا كُفْرًا بَوَّاحًا فيه عندكم من الله برهان"[۴]

اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص کلمۂ طیبہ پڑھتا ہو، نماز پڑھتا ہو، استقبالِ قبلہ کرتا اور مسلم کے ذبیحہ کو حلال کہتا ہو، مگر وہ کسی ایسے قول یا فعل کا مرتکب ہے جو کفرِ صریح ہو تو بنصِ حدیث

---

(۱) شرح الفقه الأكبر ص:۴۴۷، ۴۴۸۔

(۲) صحيح البخاری، كتاب الصلٰوة، باب فضل استقبال القبلة، رقم الحديث: ۳۹۳۔

(۳) نیز علامہ نوویؒ نے شرحِ مسلم (ج:۱ ص:۳۹) میں خطّابی سے یہ حدیث بھی نقل فرمائی ہے: "وفي رواية انس: "أمرت أن أقاتل الناس حتّٰى يشهدوا أن لا اله الا الله وان محمدًا عبده ورسوله وأن يستقبلوا قبلتنا وان يأكلوا ذبيحتنا وأن يصلّوا صلٰوتنا، فاذا فعلوا ذٰلک حرمت علينا دمائهم وأموالهم الا بحقها، لهم ما للمسلمين وعليهم ما على المسلمين." اور حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت جو صحیح مسلم میں ہے، اس میں "حتّٰى يشهدوا أن لا اله الا الله" کے بعد یہ اضافہ بھی ہے کہ: "ويؤمنوا بي وبما جئت به." (صحيح مسلم ج:۱ ص:۵۶۰، مع فتح الملهم)۔ (من الأستاذ حفظهم الله)۔

(۴) صحيح مسلم، كتاب الامارة ج:۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس کو مسلمان نہیں کہا جائے گا۔

کافر کی سات قسمیں

۱- کافر اگر ایمان ظاہر کرے تو منافق ہے۔

۲- اسلام کے بعد کافر ہو جائے تو مرتد ہے۔

۳- تعدّدِ آلہہ کا قائل ہو تو مشرک ہے۔

۴- کسی منسوخ دینِ سماوی کا قائل ہو تو کتابی ہے، کالیھود والنصاریٰ۔

۵- جو زمانے کو حوادث کا مُوجِد مانتا اور اس کے قِدَم کا قائل ہو وہ دَہریہ ہے۔

۶- جو وجودِ صانع کا منکر ہو وہ معطِّل ہے، اسے مادّی بھی کہتے ہیں۔

۷- جو کافر اپنے کفریہ عقائد کو بصورتِ اسلام پیش کرتا ہو وہ زندیق ہے۔(۱)

"زندیق" مُعَرَّب ہے فارسی لفظ "زندیک" کا، اور زندیک منسوب ہے "زَند" کی طرف، اور "زند" ایک کتاب کا نام ہے جو مُزدک نے شاہِ فارس "قُباد" کے زمانے میں لکھی تھی اور دعویٰ کیا تھا کہ یہ کتاب زرتُشت کی تعلیمات پر مبنی ہے، زرتشت کو مجوسی "نبی" مانتے تھے، چونکہ مزدک نے اپنے باطل نظریات کو اپنی کتاب "زند" میں زرتشت کی طرف منسوب کیا تھا، اس مناسبت سے ہر ایسے شخص کو "زندیق" کہا جانے لگا جو اپنے کفریہ عقائد کو بصورتِ اسلام پیش کرے، یعنی اسلام کی طرف منسوب کرے۔(۲)

مؤوِّل کی تکفیر

اہلِ علم میں یہ قاعدہ مشہور ہے کہ "المؤوِّل لا یُکفَّر"، یعنی جو شخص کسی نصِ قطعی مثلاً آیتِ قرآنیہ کے حق ہونے کا انکار نہیں کرتا، لیکن اس کے معنی میں غلط تاویل کرتا ہے، تو وہ گنہگار ہے مگر اس کی تکفیر نہیں کی جائے گی۔

---

(۱) زندیق کو "مُلحِد" بھی کہتے ہیں، قال اللہ تعالیٰ: "اِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا لَا یَخْفَوْنَ عَلَیْنَا، اَفَمَنْ یُّلْقٰی فِی النَّارِ خَیْرٌ اَمَّنْ یَّاْتِیْٓ اٰمِنًا یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ".

عن ابن عمرؓ قال: سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول: "سیکون فی هذه الأمة مسخ، ألا! وذلک فی مکذبین بالقدر والزندیقیة." أخرجه الامام أحمد فی مسنده ج:۲ ص:۱۰۸، وقال فی الخصائص: سنده صحیح. (ایمان اور کفر قرآن کی روشنی میں ص:۳۰) (من الأستاذ حفظهم الله)۔

(۲) اکفار الملحدین ص:۱۲، ۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لیکن یہ قاعدہ جس عموم اور اطلاق کے ساتھ ذکر کیا جاتا ہے، اتنا عام اور مطلق نہیں، ورنہ لازم آئے گا کہ کسی بھی ملحد اور زندیق کی تکفیر نہ ہو اگرچہ وہ پورے قرآنِ کریم کے مطالب کو بالکل بدل ڈالے، نماز سے مراد ''ناچ'' لے لے، روزہ سے مراد ''کھانا پینا''، زکوٰۃ سے مراد ''سود''، رسول سے مراد ''اپنی ذات''، اور اللہ سے مراد ''آسمان'' یا ''مادّہ''، اور پھر بھی وہ مؤمن رہے۔

اسی طرح مثلاً قادیانی، آیتِ قرآنیہ: ''وَلٰـكِنْ رَّسُوْلَ اللهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ'' کو تو حق مانے مگر یہ تأویل کرے کہ ''خاتم النبيين'' سے مراد ''أفضل النبيين'' ہے، ظاہر ہے کہ یہ تأویل مانع عن التكفير نہیں، کیونکہ اس طرح تو ہر ملحد اور زندیق کوئی نہ کوئی نام نہاد تأویل کرتا ہی ہے، چنانچہ علمائے کرام نے صراحت کی ہے اور حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ نے اپنی کتاب ''اکفار الملحدين''[1] میں متقدمین و متأخرین کے کثیر التعداد اقتباسات اور دلائل سے ثابت کیا ہے کہ اس قاعدے میں تفصیل ہے۔

وہ یہ کہ تکفیر کے مسئلہ کا اصل مدار ایمان وکفر کی اُسی ماہیت پر ہے جو ہم اُوپر بتا کر آئے ہیں، یعنی ''تصديق ما عُلِمَ من الدين ضرورةً'' ایمان ہے، اور ان میں سے کسی ایک چیز کا بھی منکر کافر ہے، اور ''المؤوِّل لا يُكَفَّرُ'' مذکورہ بالا قاعدے کے ساتھ مقیّد ہے، یعنی مؤوِّل کی تأویل کو دیکھا جائے گا کہ وہ ''ما عُلِمَ من الدين ضرورةً'' کے خلاف ہے یا نہیں؟ اگر خلاف ہوگی تو بلاشبہ اس مؤوِّل کی تکفیر کی جائے گی۔[2]

توضیح اس کی یہ ہے کہ مثلاً قرآنِ حکیم اپنی نظم کے اعتبار سے تو پورا کا پورا قطعی الثبوت ہے، یعنی یہ علم درجۂ ضرورۃ تک پہنچا ہوا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کلامِ الٰہی قرار دیا ہے، مگر اس کے بعض الفاظ وآیات کے معانی تواتر سے ثابت ہیں اور بعض کے معانی تواتر سے ثابت نہیں، پس اگر کوئی شخص کسی آیت کو حق مانتے ہوئے اس کے ایسے معنی بیان کرے جو تواتر کے خلاف ہوں تو کافر ہو جائے گا، مثلاً ''خاتم النبيين'' قرآن میں جس طرح

(۱) اكفار الملحدين ص:۴۴، ۴۵، نیز ملاحظہ فرمائیے: ''قانون التأويل'' للإمام الغزاليؒ (جزء من مجموعة رسائل للإمام الغزاليؒ)۔

(۲) اور ایسی ہی تأویل کو ''تحريف''، ''الحاد'' اور ''زَنْدَقه'' کہا جاتا ہے، جو درحقیقت تکذیب ہے، اور ایک قسم کا نفاق ہے۔ (ایمان وکفر قرآن کی روشنی میں ص:۳۱ تا ۳۴) (من الأستاذ حفظهم الله)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لفظاً متواتر ہے، معنیً بھی متواتر ہے، اب اگر کوئی اس کے معنی "أفضلُ النبیین" بیان کرے تو یہ تواتر کے خلاف ہونے کی وجہ سے اس مؤوّل کی تکفیر کا موجب ہوگا، اور اگر مؤوِّل کے بیان کردہ معنی تواتر کے خلاف نہ ہوں۔ اگر چہ فی نفسہٖ غلط ہوں۔ تو اس کی تکفیر نہیں کی جائے گی، کیونکہ وہ "ما عُلِمَ من الدین ضرورۃً" کا منکر نہیں، ہاں! اسے من مانی تأویل کا گناہ ہوگا۔

تکفیر میں کڑی احتیاط اور اس کی حدود

تکفیر کا فتویٰ دینا بڑی نازک ذمہ داری کا کام ہے، اس میں کڑی احتیاط لازم ہے، کیونکہ اگر کوئی فاسق فاجر یا بدعتی نفس الامر میں کافر نہ ہو اور اس پر بے احتیاطی سے کفر کا فتویٰ لگا دیا جائے تو یہ سخت گناہ ہے، اور خود تکفیر کرنے والے پر اس کا وبال آتا ہے، جیسا کہ صحیح مسلم ہی کی "کتاب الایمان" میں اس سلسلے کی احادیث آپ پڑھیں گے۔

چنانچہ فقہاء کرام کے ہاں یہ قاعدہ معروف ہے کہ کسی شخص کے کلام میں اگر کثیر احتمالات کفریہ معنیٰ کے ہوں اور ایک احتمال ایسے معنی کا بھی ہو جو کفر نہیں تو اس کی تکفیر نہیں کی جائے گی، فتاویٰ عالمگیری میں بھی اس کی صراحت ہے،[1] مثلاً کسی شخص نے کوئی جملہ بولا اس کے سو معنی ہوسکتے ہیں، ننانوے معنی ایسے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک معنیٰ "مَا عُلِمَ من الدین ضرورۃً" کے منافی اور کفر ہے، لیکن ایک ایسے معنی کا احتمال بھی اس جملہ میں ہے جو "ما عُلِمَ من الدین ضرورۃً" کے خلاف نہیں تو قائل کی تکفیر جائز نہیں ہوگی، کیونکہ ہوسکتا ہے کہ اس نے وہی معنی جو کہ کفر نہیں، مراد لئے ہوں۔

لیکن اس قاعدے کو سمجھنے میں بھی بعض لوگ غلطی کر جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ قادیانیوں اور منکرینِ حدیث کی تکفیر نہیں ہونی چاہئے، کیونکہ ان کے کلام میں بھی کوئی نہ کوئی ایسی تأویل کی جاسکتی ہے جس سے وہ کلام حدِ کفر سے نکل جائے۔

خوب سمجھ لینا چاہئے کہ یہ قاعدہ بھی علی الاطلاق نہیں، بلکہ اس صورت کے ساتھ خاص ہے کہ متکلم سے اس کے معنیٰ مراد معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ باقی نہ رہے، مثلاً وہ مرجائے، یا ایسی جگہ ہو جہاں سے رابطہ کرنا ممکن نہ رہے، تو ایسی صورت میں بلاشبہ اس کے کلام میں یہ قاعدہ جاری ہوگا، یعنی حتی الامکان اس کی ایسی تأویل کی جائے گی، (یعنی اس کے کلام کے ایسے معنی

(۱) ج:۲ ص:۲۸۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مراد لئے جائیں گے) کہ وہ حدِ کفر سے نکل جائے، بشرطیکہ اس کلام میں ایسے معنی کا احتمال موجود ہو، اگرچہ وہ احتمال بعید اور ضعیف ہو، اور اسے کافر نہیں کہا جائے گا، کیونکہ ہوسکتا ہے کہ اس نے وہی معنی مراد لئے ہوں، لیکن جب متکلم خود ہی اپنی مراد واضح کرچکا ہو اور وہ مراد "ما عُلِمَ من الدین ضرورةً" کے خلاف ہو، تو بلاشبہ اس کی تکفیر کی جائے گی اور اپنی طرف سے اس کے کلام میں تأویل نہیں کی جائے گی،[1] اور اگر اس نے اپنے کلام کی خود تفسیر نہیں کی، تو اس سے اس کی مراد پوچھی جائے گی، اگر اس نے ایسے معنی بیان کئے جو ضروریاتِ دین کے خلاف ہیں تو تکفیر کی جائے گی، ورنہ نہیں۔ عالمگیریہ کی مندرجہ ذیل عبارت میں بھی یہ تفصیل موجود ہے:-

اذا کان فی المسئلة وجوه (أی احتمالات. رفیع) توجب الکفر ووجه واحد یمنع، فعلی المفتی أن یّمیل الی ذٰلک الوجه، الّا اذا صرّح بارادة توجبُ الکفر فلا ینفعه التأویل حینئذٍ.[2]

ہر کلمۂ کفر بولنے والا کافر نہیں

مذکورہ بالا تفصیل سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ کتبِ فقہ میں جو الفاظ "کلماتِ کفریہ" کے نام سے بیان کئے جاتے ہیں، ان کا حاصل صرف یہ ہے کہ ان کلمات سے ضروریاتِ دین میں سے کسی چیز کا انکار نکلتا ہے، یہ مطلب ہرگز نہیں کہ جس شخص کی زبان سے یہ کلمات نکلیں اس کو بے سوچے سمجھے اور بغیر تحقیقِ مراد کے کافر کہہ دیا جائے، جب تک یہ ثابت نہ ہوجائے کہ اس کی مراد وہی معنی ومفہوم ہیں جو کافرانہ عقیدہ ہے اس کی تکفیر جائز نہیں، فقہاء کرام نے اس کی جگہ جگہ صراحت فرمائی ہے۔[3]

جن ناواقف لوگوں نے ان کلمات ہی کو فیصلہ کا مدار بنالیا اور تکفیر بازی شروع کردی ہے وہ سخت غلطی پر ہیں جو انتہائی خطرناک ہے۔[4]

---

(۱) کیونکہ یہ "توجیه القول بما لا یرضٰی به القائل" ہوگی جو بالاتفاق باطل ہے۔ (رفیع)

(۲) ج:۲ ص:۲۸۳۔ (۳) دیکھئے: "ایمان وکفر قرآن کی روشنی میں" ص:۶۸، ۶۹۔

(۴) قال الغزالیؒ فی کتابه "التفرقة بین الاسلام والزّندقة": "ولا ینبغی أن نظن أن التکفیر ونفیه یدرک قطعًا فی کل مقام، بل التکفیر حکم شرعی (الٰی قوله) فماخذه کماخذ سائر الأحکام الشرعیة، تارة یدرک بیقین وتارة بظن غالب وتارة یتردد فیه، فمهما حصل التردد فالتوقف فی التکفیر أوْلٰی، والمبادرة الی التکفیر انما یغلب علٰی طباع من یغلب علیه الجهل." (ایمان اور کفر قرآن کی روشنی میں ص:۳۹) (من الأستاذ حفظهم الله تعالٰی)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تکفیر میں بے احتیاطی پر سخت وعید

تکفیر میں یہ احتیاطیں اس لئے ضروری ہیں کہ اس میں بے احتیاطی سے بسا اوقات خود تکفیر کرنے والے کا ایمان خطرے میں پڑ جاتا ہے، صحیح مسلم[1] میں ہے کہ:

عن ابن عمرؓ أن النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم قال: اذا أکفر الرجل أخاه فقد باء بها أحدهما (وفی روایة) أیُّما امرئٍ قال لأخیه "کافر" فقد باء بها أحدهما، ان کان کما قال، والّا رجعت علیه.

وفی روایة لأبی ذرؓ: ومن دعا رجلا بالکفر أو قال "عدوّ اللّٰہ" ولیس کذٰلک الّا حار علیه.

قال النووی رحمه اللّٰہ تعالٰی فی حدیث ابن عمر عنه: جاء فی روایة لأبی عوانة فی کتابه "المُخرج علٰی صحیح مسلم" فان کان کما قال، والّا فقد باء بالکفر. وفی روایة: اذا قال لأخیه "یا کافر" وجب الکفر علٰی أحدهما.[2]

ان روایات کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو کافر کہے گا، کفر یا تکفیر اس کی طرف لوٹ جائے گی، لہٰذا تکفیر میں بہت احتیاط لازم ہے۔

ایک اِشکال اور اس کا جواب

مگر اس حدیث پر ایک اِشکال یہ ہوتا ہے کہ جو شخص تمام ضروریاتِ دین کی تصدیق کرتا ہو، وہ اگر کسی مسلمان کو کافر کہہ دے تو یہ کہنا گناہِ عملی تو ضرور ہے مگر کفر نہیں، کیونکہ اس نے کسی ضرورتِ دینیہ کا انکار نہیں کیا، پھر اس پر کفر لوٹنے کا کیا مطلب ہے؟

اسی اِشکال کی وجہ سے علامہ نوویؒ نے فرمایا ہے کہ:-

هٰذا الحدیث مما عدَّه بعضُ العلماء من المشکِلات من حیث ان ظاهره غیر مراد، وذٰلک ان مذهب أهل الحق أنه لا یکفر المسلم

---

(۱) کتاب الایمان، باب "بیان حال ایمان من قال لأخیه المسلم یا کافر" ج:۱ ص:۵۷۔

(۲) ج:۱ ص:۵۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بالمعاصي كالقتل والزنا، وكذا قوله لأخيه كافر من غير اعتقاد بطلان دين الإسلام.[1]

اسی اِشکال کی بناء پر بعض علماء نے اس کو تہدید وتخویف پر محمول کیا ہے کہ مُکَفِّر پر کفر لوٹنے سے حقیقی کفر مراد نہیں (بلکہ کفرٌ دُونَ کفرٍ مراد ہے)، جیسے ترکِ صلوٰۃ پر "فقد کَفَرَ" کے الفاظ بطورِ تہدید کے آئے ہیں۔[2] (اور مطلب یہ ہے کہ ترکِ صلوٰۃ بھی ایک قسم کا کفر ہے، یہ اور بات ہے کہ کفر کی اس قسم سے آدمی دائرۂ اسلام سے خارج نہیں ہوتا)۔

اور ایک تأویل علامہ نوویؒ نے یہ نقل فرمائی ہے کہ:-

معناه فقد رجع عليه تكفيرُهُ.[3]

یعنی مـکـفِّر پر کفر نہیں لوٹتا، بلکہ تکفیر لوٹتی ہے، یعنی مسلمان کو کافر کہنے کا حاصل یہ ہوتا ہے کہ کافر کہنے والا گویا خود اپنی تکفیر کر رہا ہے، کیونکہ اس نے ایسے شخص کی تکفیر کی ہے جو عقیدہ کے اعتبار سے اسی جیسا ہے، پس گویا اس نے خود اپنی ہی تکفیر کردی۔

اور ایک توجیہ ہمارے حضرت والدِ ماجد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ "ایمان وکفر قرآن کی روشنی میں" (ص:۱۷) میں "شـرح مشـكل الآثار"[4] سے[5] نقل فرمائی ہے اور علامہ ابن وزیر الیمانی نے اپنی کتاب "ايثار الحق على الخلق" (ص:۳۹۱) میں امام غزالیؒ سے بھی نقل کی ہے کہ کسی کو کافر کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے عقائد کفریہ ہیں، تو اگر فی الواقع اس کے عقائد میں کوئی چیز کفر نہیں، بلکہ سب عقائد ایمان کے ہیں تو گویا ایمان کو کفر کہنا لازم آیا، اور ایمان کو کفر کہنا بلاشبہ اللہ اور رسول کی تکذیب ہے، قرآنِ کریم کا ارشاد ہے:-

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْإِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ.[6]

---

(۱) شرح صحيح مسلم للامام النوويؒ ج:۱ ص:۵۷۔

(۲) ایمان وکفر قرآن کی روشنی میں ص:۱۷ وابو حنيفة وآراؤه فى العقيدة الاسلامية ص:۶۱۰۔

(۳) شرح صحيح مسلم للامام النوويؒ ج:۱ ص:۵۷۔

(۴) شرح مشکل الآثار کے حوالے سے جو بات یہاں نقل کی گئی ہے، یہ امام طحاویؒ کا قول ہے، جو انہوں نے اپنی کتاب "شـرح مشکل الآثار" میں ذکر فرمایا ہے، ملاحظہ فرمائیے: شـرح مشـكـل الآثار، باب بيان مشكل ما روى عنه عليه السلام فيمن قال لأخيه يا كافر. ج:۲ ص:۳۲۵۔

(۵) بحوالہ "اكفار الملحدين" ص:۲۶۔ (۶) المائدة آیت:۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس تأویل کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو اس کے صحیح دینی عقائد و اعمال کی بناء پر کافر کہے، تو بلاشبہ وہ کہنے والا خود کافر ہوجائے گا، کیونکہ اس نے ایسے عقائد و اعمال کو کفر کہہ دیا جو ضروریاتِ دین میں سے ہیں، پس ضروریاتِ دین کا منکر ہونے کی وجہ سے کافر ہوجائے گا، حاصل یہ کہ یہ حدیث اس صورت کے ساتھ خاص ہے کہ "مقول لہ" کے صحیح دینی عقائد اور اقوال و اعمال کی بناء پر اسے کوئی کافر کہے اور وہ عقائد و اقوال و اعمال ضروریاتِ دین میں سے ہوں، تو اس صورت میں کفر حقیقۃً اسی پر لوٹ جاتا ہے۔

مذکورہ بالا تشریحات اور توجہات سے مندرجہ ذیل اُمور مستفاد ہوئے:-

۱- جو شخص ظاہراً مسلمان ہو اور خود کو مسلمان کہتا ہو، اس کی تکفیر میں بہت احتیاط لازم ہے۔

۲- جو شخص حقیقۃً کافر نہ ہو، اسے کافر کہنے سے قائل بعض صورتوں میں خود کافر ہوجاتا ہے، اور بعض صورتوں میں خود تو کافر نہیں ہوتا مگر کفر کے قریب پہنچ جاتا ہے (یعنی کفرٌ دُونَ کفرٍ کا مرتکب ہوتا ہے)۔

۳- کافر اس صورت میں ہوتا ہے جب مقول لہ کے صحیح دینی عقائد و اعمال جو ضروریاتِ دین میں سے ہیں، ان کی بناء پر اسے کافر کہا ہو۔

۴- اگر ان عقائد و اعمال کی بناء پر کافر نہیں کہا، بلکہ مقول لہ نے کوئی ایسا کلام کیا تھا جس کے ظاہری معنی کفر تھے، قائل نے اس کلام کی بناء پر اس کی مراد معلوم کئے بغیر اسے کافر کہہ دیا، حالانکہ مقول لہ کی مراد وہ کفریہ معنی نہیں تھے (کوئی ایسے معنی مراد تھے جو کفر نہیں) تو ایسی صورت میں مقول لہ کی تکفیر اگرچہ جائز نہ ہوگی، لیکن تکفیر کرنے والا گنہگار تو ہوگا، کافر نہ ہوگا، کیونکہ اس نے بے احتیاطی کا گناہ کیا ہے، ضروریاتِ دین میں سے کسی چیز کا انکار نہیں کیا۔

۵- اگر کسی شخص کو کسی کے متعلق غلط فہمی سے کسی عقیدۂ کفریہ کا دھوکا لگا، مثلاً اس کو خیال ہوا کہ فلاں آدمی نے معاذ اللہ کسی نبی کی توہین یا اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کی ہے (حالانکہ نہیں کی تھی) تو اس صورت میں بھی تکفیر کرنے والا بے احتیاطی، جلدبازی اور تہمت لگانے کی وجہ سے گنہگار تو ہوگا، کافر نہ ہوگا، کیونکہ اس نے ضروریاتِ دین میں سے کسی چیز کا انکار نہیں کیا۔[1]

(۱) ایمان و کفر قرآن کی روشنی میں ص:۷۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

احقر کو علامہ نوویؒ کی اور بعد میں ذکر کی گئی توجیہ کا حاصل یہ معلوم ہوتا ہے کہ مقول لہ اگر فی الواقع کفریہ عقیدہ نہیں رکھتا تو یہ تکفیر قائل پر لوٹے گی، یعنی اس تکفیر کا وبال قائل پر آئے گا، پس:

۱-اگر قائل نے مقول لہ کے ایسے عقیدۂ صحیحہ کی بناء پر کافر کہا ہے جو ضروریاتِ دین میں سے ہے، تب تو اس کا وبال قائل پر یہ ہوگا کہ وہ خود کافر ہوجائے گا، کیونکہ اس نے "ما عُلِمَ من الدین ضرورۃً" کو کفر کہہ دیا، اور:

۲-اگر ایسے عقیدہ کی بناء پر کافر نہیں کہا تو قائل کافر نہیں ہوگا، کیونکہ اس نے کسی ضرورتِ دینیہ کا انکار نہیں کیا، لیکن بے احتیاطی کی وجہ سے تکفیر کا وبال ہوگا کہ وہ سخت گنہگار ہوگا۔

المسئلة الخامسة

مسئلۂ تقدیر

تقدیر پر ایمان اسلام کا ایک بنیادی عقیدہ ہے جس کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوتا، یہاں اِن شاء اللہ اس کی ضروری تفصیل قرآن وسنت اور عقلی دلائل کی روشنی میں بیان ہوگی۔

قدَر اور قضاء

"قدْر" اور "قدَر" باب ضرب سے مصدر ہیں، دونوں کے لغوی معنی ہیں کسی شیٔ کی مقدار کا احاطہ کرنا، مقدار مقرر کرنا،[۱] اسی کو "تقدیر" بھی کہا جاتا ہے، جس چیز کی مقدار کو مقرّر کی گئی ہو وہ مقدور ہے، اور اس کو "قدَر" بھی کہتے ہیں۔

"قضاء" کے ایک لغوی معنی ہیں پیدا کرنا،[۲] قرآنِ کریم میں ارشاد ہے:-

فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ.[۳]

اور قضاء کے دوسرے لغوی معنی ہیں فیصلہ کرنا،[۴] قرآنِ حکیم ہی میں ارشاد ہے:-

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ.[۵]

اصطلاحِ شریعت میں "قدَر" (اور تقدیر) سے مراد اللہ جل شانہ کا علمِ اَزَلی ہے جو محیط ہے کائنات کی ہر چیز کو، یعنی جو کچھ ہو چکا یا جو کچھ ہو رہا ہے یا جو کچھ آئندہ کبھی ہوگا، ان سب کا

---

(۱) لسان العرب ج:۱۱ ص:۵۷۔ (۲) لسان العرب ج:۱۱ ص:۲۰۹۔

(۳) حٰمٓ السجدۃ آیت:۱۲۔ ای خَلَقَهُنَّ. (۴) لسان العرب ج:۱۱ ص:۲۰۹۔

(۵) الاسراء آیت:۲۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور ان کے زمانوں اور مقداروں کا وہ علمِ اَزَل سے احاطہ کئے ہوئے ہے، خواہ وہ واقعہ اچھا ہو یا بُرا، چھوٹا ہو یا بڑا، حسی ہو یا معنوی، ظاہر ہو یا باطن۔

اور اصطلاحِ شریعت میں قضاء سے مراد اس علمِ اَزَلی کے مطابق فیصلہ کرنا اور پیدا کرنا ہے،[۱] پھر "قضاء" اور "قدر" ایک دوسرے کے معنی میں بھی استعمال ہوجاتے ہیں۔

ایمان بالقدر یعنی تقدیر پر ایمان

اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم ایمان لائیں اس پر کہ کائنات میں اَزَل سے جو کچھ ہوا ہے اور اب جو کچھ ہو رہا ہے، اور جو کچھ آئندہ ہوگا، چھوٹا واقعہ ہو یا بڑا، حسی ہو یا معنوی، ظاہر ہو یا باطن، اچھا ہو یا بُرا، ان سب کا علمِ قطعی وعلمِ محیط، اللہ تعالیٰ کو ہمیشہ سے ہے۔

لقولہ تعالیٰ:- "وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍO"[۲]

ایمان بالقضاء یعنی "قضاء" پر ایمان

اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پر بھی ایمان لائیں کہ کائنات میں جو کچھ اَزَل سے ہوا ہے یا ہو رہا ہے، یا آئندہ ہوگا، وہ اچھا ہو یا بُرا، چھوٹا ہو یا بڑا، حسی ہو یا معنوی، ظاہر ہو یا باطن، ان سب اشیاء اور واقعات کا خالق، اللہ جل شانہ ہے، جو اپنے علمِ اَزَلی کے مطابق ہر چیز کو اپنے ارادے اور قدرتِ کاملہ سے وقتِ مقرر پر مقدارِ مقرر کے ساتھ پیدا فرماتا ہے، اس کے ارادے کے بغیر کوئی ذرّہ حرکت نہیں کرسکتا، حتیٰ کہ انسان کے تمام اچھے بُرے اعمال اور ارادے اور خیالات بھی اللہ تعالیٰ ہی کے پیدا کرنے سے پیدا ہوتے ہیں، قرآنِ حکیم نے اس کی جگہ جگہ صراحت کی ہے، چند آیات یہ ہیں:-

۱- اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍO[۳]

۲- قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًاO[۴]

---

(۱) القضاء والقدر فی الاسلام، للدکتور فاروق أحمد الدسوقی ج:۱ ص:۳۲۴ تا ۳۲۸۔ القضاء والقدر بین الفلسفۃ والدین، لعبدالکریم الخطیب ص:۱۵۰۔

(۲) الأنعام آیت:۵۹۔ (۳) القمر آیت:۴۹۔

(۴) الطّلاق آیت:۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳- وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُـهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍO (۱)

۴- وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَO (۲)

۵- اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ (۳)

۶- هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰهِ. (۴)

۷- قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ (۵)

انسان کا اختیار؟

البتہ انسان کو اپنے افعال کے کرنے یا نہ کرنے کا ایک گونہ اختیار دیا گیا ہے، اسی ایک گونہ اختیار و قدرت کو سورۂ بقرہ کی آخری آیت میں ''کسب'' سے تعبیر فرمایا گیا ہے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے:-

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ (۶)

اور سورۂ احزاب کے آخر میں اسے ''امانت'' سے تعبیر کیا گیا ہے، ارشاد ہے:-

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ .... الآية. (۷)

اسی ''کسب'' کی بناء پر انسان دین پر عمل کرنے کا مکلّف ہے، اور اسی کی بناء پر ثواب و عذاب کا مستحق ہوتا ہے، جس کا حاصل یہ ہوا کہ انسانی افعال کا خالق، اللہ تعالیٰ، اور کاسب بندہ ہے، اور ثواب و عذاب خلق پر نہیں ہوتا بلکہ ''کسب'' پر ہوتا ہے جو انسان اپنے اختیار سے کرتا ہے۔

کسب کی حقیقت؟

رہا یہ سوال کہ کسب کی حقیقت و ماہیت اور اس کی مقدار کیا ہے؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اتنا تو عقلی اور نقلی دلائل سے معلوم ہے کہ ''کسب'' خواہشِ فعل اور خلقِ فعل کے درمیان ایک گونہ قدرتِ غیر مستقلہ ہے، جو ہم کو ودیعت کی گئی ہے جس کو ہم فعل کے کرنے یا نہ کرنے میں آزادانہ طور پر استعمال کرتے ہیں، اور غیر مستقلہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ قدرت ہمارے افعال کو وجود میں لانے میں دخیل تو ہے مگر کافی نہیں، اس

(۱) الحجر آیت:۲۱۔ (۲) الصّٰفّٰت آیت:۹۶۔ (۳) الزمر آیت:۶۲۔
(۴) فاطر آیت:۳۔ (۵) الأعراف آیت:۱۸۸۔ (۶) البقرۃ آیت:۲۸۶۔
(۷) الأحزاب آیت:۷۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے آگے اس کی حقیقت ہمیں معلوم نہیں، قرآنِ حکیم کا ارشاد ہے:-

وَمَا اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ (۱)

چونکہ اس کی حقیقت عقلِ انسانی کی رسائی سے باہر ہے، اس لئے احادیث میں مسئلہ تقدیر کی بحث میں اُلجھنے سے منع کیا گیا ہے۔

البتہ فہم کے قریب لانے کے لئے کسب کی کچھ تفصیل یوں کی جاسکتی ہے کہ کسی فعل کے کرنے کی خواہش، غیر اختیاری طور پر اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے ہمارے دِل میں پیدا ہوتی ہے۔

کما فی قولہ تعالیٰ: "وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ...." (۲)

وکما فی قولہٖ علیہ السلام: "ان قلوب بنی اٰدمَ بین اصبَعَیْنِ من اَصَابع الرحمن کقلبٍ واحدٍ یَصرّفہ حیث یشاء." (۳)

پھر اس خواہش پر عمل کرنے یا نہ کرنے پر انسان غور کرتا ہے، اور دونوں پہلوؤں کے درمیان موازنہ کرنے کے بعد عمل کرنے کو ترجیح دیتا ہے، پھر ارادہ کرکے اپنے اعضاء کو اس کے لئے حرکت دیتا ہے، یہاں تک کہ فعل وجود میں آجاتا ہے، اس خواہش سے لے کر فعل کے وجود میں آنے تک جتنی چیزیں ہیں ان میں سے کسی چیز کا بھی خالق انسان نہیں بلکہ اسے تو ابھی تک یہ بھی پوری طرح معلوم نہیں کہ خواہش سے لے کر فعل کے وجود میں آنے تک بدن کے کون کون سے حصوں اور کتنی اور کون کون سی باطنی قوتوں نے کام کیا ہے اور اس کام میں ان کا کتنا کتنا حصہ ہے؟ مگر یہ بات ہر انسان وجدانی اور بدیہی طور پر جانتا ہے کہ خواہش اور صدورِ فعل کے درمیان کوئی مقام ایسا ضرور آتا ہے جہاں وہ فعل کے کرنے یا نہ کرنے میں کسی ایک پہلو کو آزادانہ طور پر اختیار کرتا ہے، بس اسی اختیار کا نام "کسب" ہے، جس پر جزا وسزا مرتب ہوتی ہے، یعنی اچھے فعل کے کسب پر ثواب ملتا ہے، اور بُرے فعل کے کسب پر بندہ عذاب کا مستحق ہوتا ہے۔ (۴)

---

(۱) بنی اسرائیل آیت:۸۵۔

(۲) التکویر آیت:۲۹۔

(۳) صحیح مسلم کتاب القدر رقم الحدیث:۶۶۹۳۔

(۴) شفاء العلیل للامام ابن القیم، الباب السابع عشر فی الکسب والجبر .... الخ ص:۲۰۹ وأطیب الثمر فی تحقیق مسئلۃ القضاء والقدر، از مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ ص:۳۸، والقضاء والقدر فی الفلسفۃ والدّین ص:۱۸۵، ومسئلہ تقدیر از علامہ شبیر احمد عثمانیؒ ص:۲۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس کی ایک نظیر

اس کی نظیر یوں سمجھئے کہ گولی بھرا ہوا پستول مجھے ملا، میں نے اس کا گھوڑا دبادیا اور گولی چل گئی، جس سے سامنے کا آدمی مرگیا، اس گولی کے چلنے میں جتنی ظاہری اور باطنی قوتوں نے کام کیا ہے ان کا طویل ترتیب وار سلسلہ ہے، گھوڑا دبانے سے پہلے بھی اور بعد میں بھی اور ان میں سے کسی چیز کو میں نے پیدا نہیں کیا، مگر مجھے قتل کا مجرم اس لئے قرار دیا جاتا ہے کہ اس طویل سلسلہ میں اپنی اُنگلی کی ایک خفیف حرکت کا ارتکاب میں نے کیا ہے، جس کے بغیر وہ آدمی اس پستول سے اس وقت قتل نہ ہوتا، پستول یا بارُود بنانے والے کو قاتل قرار نہیں دیا جاتا۔ اسی طرح ''کسب'' بھی اگرچہ بہت خفیف سی قدرت ہے اور وہ بھی غیر مستقل، مگر چونکہ صدورِ فعل میں اس کو اتنا دخل ضرور ہے کہ اس کے بغیر وہ فعل میرے ذریعہ میرے اختیار سے وجود میں نہ آتا، اس لئے میرے اچھے کسب پر ثواب ملتا ہے اور بُرے کسب پر عذاب ہوتا ہے۔

پس اہلِ سنت والجماعۃ کا عقیدہ ''قدرتِ کاملہ'' اور ''جبرِ محض'' کے درمیان ہے، یعنی یہ کہ انسان اپنے افعال کا نہ خالق ہے اور نہ اُن پر قادرِ مطلق، جس کی دلیلیں پیچھے قرآنِ کریم کی آیات میں آچکی ہیں، اور نہ اپنے افعال میں وہ مجبورِ محض ہے، جس کی دلیل آگے آرہی ہے، بلکہ وہ اپنے افعال میں ایک حد تک مجبور اور ایک حد تک بااختیار ہے۔ یہ عقیدہ ''جبریہ'' اور ''قدریہ'' کی افراط وتفریط یعنی انتہاء پسندی کے درمیان ''راہِ اعتدال'' ہے۔

جبریہ کا عقیدہ

جبریہ کا فرقہ وہی ہے جسے ''مـرجـئـة'' بھی کہا جاتا ہے، اور قدریہ کا فرقہ وہی ہے جسے ''معتزلة'' بھی کہا جاتا ہے۔

''جبریہ'' انسان کو اپنے افعال میں مجبورِ محض کہتے ہیں،[1] اور رعشہ کے مریض کے ہاتھ کی حرکت اور کاتب کے ہاتھ کی حرکت میں فرق نہیں کرتے، ان کا استدلال ان نصوص (آیات و احادیث) سے ہے جن سے ہم قضاء وقدر پر استدلال کرتے ہیں اور جو پیچھے آچکی ہیں، یہ مذہب بدیہی طور پر باطل ہے، اس لئے کہ رعشہ کی حرکت جو غیر اختیاری ہے، اور تندرست ہاتھ

(۱) أطيب الثمر ص:۳۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کی حرکت اختیاری ہے، ان کے درمیان فرق نہ کرنا بداہت کے خلاف ہے، نیز قرآن وسنت کی بہت سی آیات واحادیث اس کے بطلان پر ناطق اور شاہد ہیں، مثلاً وہ تمام آیات واحادیث ان کے عقیدے کو مسترد کردینے کے لئے کافی ہیں جن میں انسان کو شرعی اَحکام کا مکلّف (ذمہ دار) ٹھہرایا گیا ہے، مثلاً ارشادِ باری ہے:-

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ.[1]

اور ارشاد ہے کہ:-

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰى.[2]

اور ان کی مخالفت پر عذاب کی خبر دی گئی ہے، اگر انسان اپنے افعال میں مجبورِ محض ہوتا تو تمام شرعی اَحکام "تکلیف ما لا یطاق" میں داخل ہوجاتے، یعنی یہ لازم آتا کہ انسان کو ایسے اعمال کا ذمہ دار بنایا جارہا ہے جو اس کی قدرت میں بالکل نہیں ہیں۔

حالانکہ قرانِ حکیم نے قانونِ الٰہی یہ بتایا ہے کہ:-

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط[3]

چونکہ "مرجئۃ" جبرِ محض کے قائل ہیں یعنی انسان کو اپنے افعال میں بالکلیہ مجبور سمجھتے ہیں، شاید اسی لئے انہوں نے اچھے بُرے اعمال کو جزا وسزا میں غیرمؤثر قرار دے دیا ہے، یعنی یہاں تک کہہ دیا کہ نیک عمل کا ثواب نہیں ہوتا اور بُرے عمل پر عذاب نہیں ہوتا، تاکہ "تکلیف ما لا یطاق" یا عدل کے خلاف لازم نہ آئے، مگر ہم کہتے ہیں کہ ایمان پر ثواب اور کفر پر عذاب کے قائل تو تم بھی ہو، حالانکہ کفر وایمان بھی عمل ہیں، تمہارے مذہب پر لازم آتا ہے کہ ان میں بھی انسان مجبورِ محض ہو اور ان پر بھی ثواب وعذاب کا ہونا خلافِ عدل ہو۔

پس جو جواب تم ایمان وکفر کے بارے میں دوگے، وہی جواب ہم اچھے بُرے اعمال کے بارے میں دے دیں گے۔

---

(۱) المُزَّمِّل آیت:۲۰۔

(۲) الاسراء آیت:۳۲۔

(۳) البقرۃ آیت:۲۸۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قدریہ کے دو گروہ

قدریہ کے دو گروہ تھے، ''متقدمین'' اور ''متاخرین''، متقدمین نے سرے سے یہ کہہ دیا کہ بندوں کے افعال کا علمِ اَزَلی اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت نہیں بلکہ جب افعال واقع ہوجاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کو ان کا علم ہوتا ہے، نیز بندہ اپنے افعال کا خود خالق ہے، اللہ تعالیٰ ان افعال کا خالق نہیں، خلاصہ یہ کہ انہوں نے بندوں کے افعال کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے علمِ اَزَلی کی بھی نفی کردی اور خلق کی بھی (یعنی قضاء وقدر دونوں کی نفی کردی)۔ متقدمین کا مذہب چونکہ بدیہی طور پر باطل اور صریح کفر تھا اور اُن تمام آیاتِ قرآنیہ کا کھلا انکار تھا جو پیچھے آچکی ہیں، اس لئے ان کی تکفیر کی گئی، اور یہ مذہب زیادہ نہ چل سکا، جلد فنا ہوگیا۔[1] ''معبد جُھنی'' جس کا ذکر صحیح مسلم کی پہلی حدیث کی سند کے درمیان آیا ہے وہ متقدمین ہی کا سرگروہ تھا، ان کی دلیل بنیادی طور پر وہی تھی جو آگے متاخرین کی طرف سے آرہی ہے، اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:-

اَلْقَدَرِيَّةُ مَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ.[2]

متقدمین چونکہ قدر اور قضاء دونوں کی نفی کرتے تھے، اور اس کی وجہ یہ بتاتے تھے کہ اللہ تعالیٰ بس خالق الخیر ہے، خالق الشر نہیں ہوسکتا، اس لئے یہ حدیث پوری طرح متقدمین ہی پر صادق آتی ہے، کیونکہ قدریہ تو حقیقۃً متقدمین ہی ہیں، متاخرین چونکہ قدر کے منکر نہیں، صرف قضاء کے منکر ہیں جیسا کہ آگے آرہا ہے، اس لئے ''قدریہ'' کا لفظ ان پر حقیقۃً صادق نہیں آتا، اگرچہ متقدمین کے عقیدے کے ایک جزء یعنی قضاء میں پیروی کی وجہ سے عرفاً یا مجازاً یہ بھی ''قدریہ'' کہلاتے ہیں۔

متاخرین بندوں کے افعال سے متعلق اللہ تعالیٰ کے علمِ اَزَلی کے تو قائل ہیں، مگر اللہ تعالیٰ سے خلق الشر کی نفی کرتے ہیں (جس میں انسان کے بُرے اعمال بھی داخل ہیں)، یعنی وہ یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ شر کا خالق نہیں، اور بندے کے اعمال چونکہ خیر بھی ہوتے ہیں اور شر بھی، لہٰذا بندہ کے اعمال کا خالق اللہ تعالیٰ نہیں، بلکہ بندہ ہی اپنے اعمال وافعال کا خالق ہے۔

---

(۱) فتح الملهم ج:۱ ص:۲۶۳ و المفهم ج:۱ ص:۱۳۲۔

(۲) مشکوٰة المصابیح، کتاب الایمان، باب الایمان بالقدر، رقم الحدیث: ۱۰۷۔ نیز اس حدیث کی تفصیلی تخریج آگے ص:۲۳۵ پر آرہی ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ان کی دلیل

دلیل میں متقدمین اور متأخرین دونوں یہ کہتے ہیں کہ اگر افعالِ عباد کا خالق اللہ تعالیٰ کو مانا جائے تو اس سے دو خرابیاں لازم آئیں گی، ایک یہ کہ ان افعال پر جزاء وسزا کا دیا جانا عدل کے منافی ہوگا، کیونکہ جب بندہ اپنے افعال کا خالق نہیں تو اسے اِن افعال پر جزاء وسزا کیوں ہو؟

اور دوسری خرابی یہ کہ چونکہ افعال بعض خیر ہیں، بعض شر، تو اگر ان کا خالق اللہ تعالیٰ کو مانا جائے تو خلق الشر کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہوجائے گی، یعنی اللہ تعالیٰ کو شر کا خالق ماننا پڑے گا، حالانکہ خلق الشر بھی شر ہے، تو اللہ تعالیٰ کا شر سے متصف ہونا لازم آئے گا۔

ہمارا جواب

ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ پہلی خرابی ہمارے مذہب پر نہیں بلکہ جبریہ کے مذہب پر لازم آتی ہے، اس لئے کہ ہم انسان کو اپنے افعال کا ''کاسب'' قرار دیتے ہیں اور جزاء وسزا ''کسب'' پر ہوتی ہے، نہ کہ خلق پر، اور ''کسب'' انسان کی اختیاری چیز ہے، لہٰذا ''تکلیف ما لا یطاق'' یا ظلم لازم نہ آیا۔

دوسری خرابی کے تین جواب ہیں:-

۱- پہلا جواب یہ کہ ہے ہم تسلیم نہیں کرتے کہ ''شر'' پیدا کرنے سے اللہ تعالیٰ کا ''شر'' سے متصف ہونا لازم آتا ہے، اس لئے کہ ہر ''شر'' کی دو حیثیتیں ہیں، ایک حیثیت سے وہ ''شر'' ہے، دوسری حیثیت سے وہ شر بھی ''خیر'' ہے، اس حیثیت سے کہ ''شر'' اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے اور اس کے پیدا کرنے میں بہت سی حکمتیں ہیں، یہ شر ''خیر'' ہے، اور اس حیثیت سے کہ اس شر کا ''کسب'' معصیت ہونے کے باوجود انسان کرتا ہے، یہ ''شر'' ہے، مثلاً کفر ''شر'' ہے، لیکن اس کے پیدا کرنے میں اللہ تعالیٰ کی بہت سی حکمتیں ہیں، مثلاً اپنی قدرتِ کاملہ کا اظہار کہ وہ ایمان و کفر دونوں متضاد چیزوں کو پیدا کرنے پر قادر ہے، اور مثلاً بندوں کا امتحان وغیرہ، اس حیثیت سے یہ ''خیر'' ہے، یا مثلاً بیت الخلاء ایک بہت گندی جگہ ہے، اس حیثیت سے یہ ''شر'' ہے، لیکن کوئی عالیشان مکان اس سے خالی ہو تو اسے مکمل نہیں کہا جاسکتا، اور اس کے بغیر گھر کی افادیت مکمل نہیں ہوتی، اس حیثیت سے بیت الخلاء بھی ''خیر'' ہے۔[1]

---

(۱) مسئلۂ تقدیر، از علامہ شبیر احمد عثمانیؒ ص:۳۹، ۴۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اسی طرح اللہ جل شانہ نے اس دُنیا کو خیر وشر پر مشتمل کیا ہے تاکہ متضاد اشیاء پیدا کرنے کی قدرت کا اظہار ہو، تو جس طرح بیت الخلاء بنانے والا گندی چیز بنانے کے باوجود گندا یا بُرا نہیں کہلاتا اسی طرح ''شر'' پیدا کرنے سے اللہ جل شانہ کا ''شر'' سے متصف ہونا لازم نہیں آتا۔

خلاصہ یہ کہ ''شر'' بندوں کے کسب کے اعتبار سے ''شر'' ہی ہے، اور اللہ تعالیٰ کی تخلیق کے اعتبار سے وہ خیر ہے، پس ''کسبِ شر'' مذموم ہے، اور ''خلقِ شر'' محمود۔

۲- دوسرا جواب یہ ہے کہ ابلیس اور جہنم بھی ''شر'' ہیں، جن کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے، اور یہ دونوں باتیں تم بھی مانتے ہو، پس اگر خلق الشر ''شر'' ہے تو (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ کا ''شر'' سے متصف ہونا تمہارے مذہب پر بھی لازم آ گیا، فما هو جوابكم، فهو جوابنا۔

یہ دونوں جواب متاخرین اور متقدمین دونوں کے لئے کافی ہیں۔

۳- تیسرا جواب جو صرف متاخرین کو دیا جاتا ہے ہماری طرف سے یہ ہے کہ جو اعتراض آپ نے ہمارے مذہب پر کیا ہے وہ تو آپ کے مذہب پر بھی لازم آتا ہے، اس لئے کہ انسان جو گناہ کرتا ہے جب اللہ تعالیٰ کو اَزَل سے ان کا علم ہے، تو اب ہم پوچھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں روکنے پر قادر ہے یا نہیں؟ اگر نہیں، تو اللہ تعالیٰ کا (نعوذ باللہ) عجز لازم آئے گا، جو یقیناً باطل ہے، اور اگر قادر ہے تو ان معاصی کو روکتا کیوں نہیں؟ بلکہ ان جرائم کے لئے پورے آلات، قوت اور وسائل مہیّا کرتا ہے، تو یہ گناہ میں مدد کرنا ہوا، اور گناہ میں مدد کرنا بھی ''شر'' ہے، تو اللہ تعالیٰ کا (نعوذ باللہ) شر سے متصف ہونا خود تمہارے مذہب پر لازم آ گیا، تم نے کروڑوں خالق بھی تجویز کئے اس کے باوجود سوال وہیں کا وہیں رہا، کسی نے خوب کہا ہے ؎

دوستیٔ بے خبر چوں دشمنی ست
حق تعالیٰ زیں چنیں خدمت غنی ست (۱)

اسی لئے متاخرینِ قدریہ کے بارے میں حضرت امام شافعیؒ کا ارشاد ہے کہ:-

اِنْ سَلَّمَ الْقَدَرِیُّ الْعِلْمَ خُصِمَ. (۲)

یعنی جب ان متاخرینِ قدریہ نے بندوں کے افعال کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے علم اَزَلی (تقدیر) کو مان لیا تو اللہ تعالیٰ سے خلقِ شر کی نفی پر جو دلیل انہوں نے پیش کی تھی وہ

(۱) الاكسير في اثبات التقديو ص:۳۳۔

(۲) مسئلۂ تقدیر از علامہ شبیر احمد عثمانیؒ ص:۱۸، و فتح الملهم ج:۱ ص:۴۶۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہمارے اس جواب سے ٹوٹ جائے گی جو ابھی ہم نے (تیسرے نمبر پر) ذکر کیا ہے۔

پس معلوم ہوا کہ اتصاف بالشر کی خرابی سے بچنے کا صحیح راستہ وہی ہے جو اہل السنۃ والجماعۃ نے اختیار کیا کہ خلق الشر سے اتصاف بالشر لازم نہیں آتا، کیونکہ وہ خلق الشر بھی متعدد حکمتوں پر مبنی ہے، کوئی نہایت ماہر مصوّر کسی بدصورت انسان کی تصویر بنائے تو اس سے مصوّر کا غیر ماہر یا بدصورت یا بدذوق ہونا لازم نہیں آتا۔

جبریّہ کی طرف سے ایک اعتراض

جبریہ کی طرف سے سوال ہوسکتا ہے کہ بندہ اللہ جل شانہ کے علمِ اَزَلی کے خلاف کسب کرسکتا ہے یا نہیں؟ اگر کرسکتا ہے تو علمِ اَزَلی کا غلط ہونا لازم آئے گا، اور اگر نہیں کرسکتا تو بندہ مجبورِ محض ہوگیا اور عقیدۂ جبریہ ثابت ہوگیا۔

اس کا جواب

جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علمِ اَزَلی بندوں کے سلبِ اختیار کو مستلزم نہیں، اس لئے کہ اس علمِ اَزَلی میں جہاں یہ موجود ہے کہ مثلاً زید فلاں وقت چوری کرے گا، وہیں یہ بھی موجود ہے کہ وہ چوری اپنے اختیار اور کسب سے کرے گا، معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا علمِ اَزَلی بندوں کے کسب و اختیار کے منافی نہیں۔

ورنہ اگر علمِ اَزَلی کو اختیار کے منافی قرار دیا جائے تو خود اللہ جل شانہ کا (نعوذ باللہ) مجبورِ محض ہونا لازم آجائے گا، کیونکہ اللہ جل شانہ کو اَزَل سے یہ علم ہے کہ آئندہ اللہ تعالیٰ کس کس وقت میں کیا کیا فعل فرمائے گا، اب ہم پوچھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا فعل اس کے علمِ اَزَلی کے خلاف ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اگر ہوسکتا ہے تو آپ کے زعم کے مطابق جہل لازم آتا ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کے علمِ اَزَلی کا غلط ہونا لازم آتا ہے)، اگر قادر نہیں تو عجز لازم آتا ہے، اور یہ دونوں باطل ہیں، معلوم ہوا کہ علمِ اَزَلی، سلبِ اختیار کو مستلزم نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کے علمِ اَزَلی میں یہ ہے کہ وہ آئندہ فلاں فلاں چیزیں اپنے کامل اختیار سے پیدا فرمائے گا۔

خلاصہ یہ کہ افعالِ عباد کے بارے میں جو علم اللہ تعالیٰ کو اَزَل سے ہے اس میں یہ بھی ہے کہ وہ افعال انسان اپنے اختیار (کسب) سے کرے گا، لہٰذا اللہ تعالیٰ کا علمِ اَزَلی انسان کے کسب و اختیار کے منافی نہ ہوا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جبریّہ کا ایک اور سوال

اگر سوال کیا جائے کہ بندوں کے افعال کے ساتھ اللہ جل شانہ کا صرف علمِ اَزَلی ہی متعلق نہیں ہوتا، بلکہ ارادہ بھی متعلق ہوتا ہے، چنانچہ بندہ کا کوئی فعل اللہ تعالیٰ کے علمِ اَزَلی اور ارادے کے خلاف نہیں ہوسکتا، اور مسئلۂ قضاء و قدر کی حقیقت بھی یہی ہے، پس اس پر جبریّہ کہہ سکتے ہیں کہ جب بندہ کا کوئی فعل اللہ تعالیٰ کے ارادے کے خلاف نہیں ہوسکتا، تو پھر بندے کا مجبورِ محض ہونا لازم آیا، اور مذہبِ جبریّہ ثابت ہوگیا؟

اس کے دو جواب

اس کے دو جواب ہیں، ایک الزامی، ایک تحقیقی۔

الزامی جواب یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے ارادے سے بندے کے کسب و اختیار کی نفی لازم آتی ہے تو ظاہر ہے کہ ارادۂ الٰہیہ خود اللہ تعالیٰ کے افعال سے بھی متعلق ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی فعل اللہ کے ارادے کے خلاف نہیں ہوتا، تو لازم آتا ہے کہ خدائے تعالیٰ کا بھی اختیار اپنے افعال پر باقی نہ رہے، یعنی اپنے جس فعل کا ارادہ، اللہ تعالیٰ نے کرلیا اب وہ اس کے خلاف نہ کرسکے، فما هو جوابکم فهو جوابنا۔ معلوم ہوا کہ بندوں کے افعال کے ساتھ ارادۂ الٰہیہ کے تعلق سے بھی بندوں کے اختیار کی نفی نہیں ہوئی۔

تحقیقی جواب کہ وہی درحقیقت اس مسئلہ کا راز ہے، یہ ہے کہ ارادۂ الٰہیہ کا تعلق افعالِ عباد کے محض وقوع ہی سے نہیں بلکہ ایک قید کے ساتھ ہے، یعنی ''وقوع باختیارِ عباد'' پس جب ارادۂ الٰہیہ کا تعلق، اس ارادہ کی ہوئی چیز کے وجوب کو مستلزم ہے، تو اس سے تو بندوں کا اختیار اور مؤکد ہوگیا، نہ کہ وہ معدوم ہوگیا، یعنی اللہ تعالیٰ نے بندے کے کسی فعل کو پیدا کرنے کا جو ارادہ فرمایا ہے وہ ارادہ صرف اس فعل کو وجود میں لانے ہی کا نہیں، بلکہ اس کا بھی ہے کہ بندے کے اس فعل کو اس بندے کے کسب و اختیار کے ساتھ وجود میں لائیں گے۔[1]

اس کا حاصل بھی یہی ہے کہ بندوں کے افعال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ارادے کا متعلق ہونا بندوں کے اختیار کو سلب نہیں کرتا، بلکہ اُسے اور ثابت کرتا ہے۔

خلاصۂ بحث یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بندے کو کسب و اختیار کی قدرت دے کر پیدا

---

(۱) الانتباهات المفيدة ص:۶۵، ۶۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فرمایا، ساتھ ہی انبیاء کرام علیہم السلام کے ذریعہ اپنے اَوَامر و نواہی (اَحکام) بھی بندے کو بتائے کہ اس کسب کو فلاں فلاں کام میں استعمال کرنا جس کے نتیجہ میں ثواب دوں گا، فلاں فلاں میں استعمال نہ کرنا ورنہ سزا دوں گا، مگر اللہ جل شانہ کو اَزَل سے معلوم تھا کہ زید اپنے کسب کو فلاں فلاں نیک کاموں میں استعمال کرے گا، اور میں اس کے کسب کے مطابق ان افعال کو اپنے ارادے اور قدرتِ کاملہ سے پیدا کردوں گا، اور کسب کا ثواب دون گا، اور خالد اپنے کسب کو فلاں فلاں گناہوں میں استعمال کرے گا اور میں اس کے کسب کے مطابق وہ معاصی اپنے ارادے سے پیدا کردوں گا اور اسے کسب کی سزا دوں گا، یہ نوشتۂ تقدیر ہوا۔ اور تقدیر کے مطابق اللہ تعالیٰ نے مذکورہ بالا سب اُمور کا ارادہ بھی فرمالیا، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے اس علمِ اَزَلی کے مطابق زید کے کسب کی بناء پر اس کے اعمالِ صالحہ اپنے ارادے اور قدرتِ کاملہ سے پیدا فرمادیئے، اور زید کو ان کا ثواب دیا، اور خالد کے کسب کی بناء پر اس کے اعمالِ بد اپنے ارادے اور قدرتِ کاملہ سے پیدا فرمادیئے اور خالد کو اس کسب کی سزا دی۔

اس تفصیل سے خوب واضح ہوگیا کہ اہل السنۃ والجماعۃ کے مذہب میں نہ اللہ جل شانہ کے علمِ اَزَلی میں کوئی کمی آئی، نہ قدرتِ کاملہ میں، نہ ارادۂ الٰہیہ کے خلاف کوئی فعل وجود میں آیا، نہ اللہ تعالیٰ کا ''شر'' سے متصف ہونا لازم آیا، نہ انسان اپنے افعال میں مجبورِ محض ہوا، نہ قادرِ مطلق، نہ تکلیف ما لا یُطاق لازم آئی، نہ عدل کے منافی کوئی کام ہوا، نہ انسان خالق بنا، بلکہ وہ خود بھی مخلوق رہا اور اس کے افعال بھی، یعنی ہر چیز اپنے اپنے مقام پر، اپنے اپنے درجہ میں رہی۔

خلاصہ کسب کی بحث کا یہ ہے کہ انسان کے تمام اچھے بُرے افعال، اللہ تعالیٰ کی قضاء و قدر کے مطابق ہونے کے باوجود بندہ کے کسب و اختیار کے ساتھ ہوتے ہیں۔

کسب کے بارے میں ایک ضروری وضاحت

یہ بات پیچھے تفصیل سے آچکی ہے کہ بندہ کا کسب ایک قسم کی خفیف سی قدرتِ غیر مستقلّہ ہے جو فعل کو پیدا نہیں کرتی اور اس کو وجود میں لانے کے لئے کافی بھی نہیں، اَب یہاں اتنی بات اور واضح ہوجانی ضروری ہے کہ یہ ''خفیف سی غیر مستقل قدرت'' ہمارے افعال کو وجود بخشنے میں دخل تو رکھتی ہے مگر تاثیر بالکل نہیں رکھتی، یعنی یوں نہیں ہے کہ انسان کے فعل کو وجود میں لانے کے لئے کچھ اثر انسان کے کسب کا ہوتا ہے اور کچھ اثر اللہ تعالیٰ کے ارادے کا،

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور یہ دونوں اثر مل کر فعل کو وجود میں لاتے ہوں، ایسا ہرگز نہیں ہے، کیونکہ کائنات کی ہر چیز کو اور ہر چیز کی ہر حرکت کو وجود بخشنے میں مؤثر تو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کا ارادہ اور اس کا خلق ہے، مؤثر ہونے میں اُس کا کوئی شریک نہیں ہوسکتا، ورنہ (نعوذ باللہ) شرک لازم آجائے گا۔ البتہ اللہ جل شانہ کا ارادہ اور خلق انسان کے کسب (اختیار) کے ساتھ متصل ہوتا ہے، یعنی اللہ جل جلالہٗ کے ارادے اور انسان کے فعل کے درمیان انسان کا کسب واسطہ بن جاتا ہے، بس اسی اقتران وتوسط کا نام ''کسب'' ہے۔ چنانچہ شیخ اشعریؒ کے الفاظ یہ ہیں کہ: ''کسب محض ایک اقتران ہے۔''[1] اور اسی اقتران واتصال کی بناء پر بندے کو جزاء وسزا ہوتی ہے۔

تفصیل اس کی یہ ہے کہ اللہ ربّ العالمین اپنے بندوں کے جسم اور اعضاء میں بہت سی حرکتیں اور افعال تو ایسے پیدا فرماتا ہے کہ اُن میں بندوں کے کسب و اختیار کو کوئی دخل نہیں ہوتا، یعنی اُن حرکتوں اور افعال کو اللہ تعالیٰ بندوں کے کسب و اختیار کے واسطے کے بغیر پیدا فرماتا ہے، مثلاً دِل کی دھڑکن، نبض کی حرکت، رعشے کے مریض کے ہاتھ کی حرکت، سخت سردی سے جسم میں لرزہ وغیرہ، یا مثلاً سوتے سوتے بولنا یا چلنا، جیسا کہ بعض لوگوں سے ہوجاتا ہے، بندے کی اِن غیراختیاری حرکات اور افعال پر شریعت میں کوئی ملامت بھی نہیں، اور ان پر آخرت میں جزا وسزا بھی اسی لئے نہیں ہوتی کہ اللہ تعالیٰ نے یہ قانون بنا رکھا ہے کہ وہ کسی بندے کو ایسی چیز کا ذمہ دار نہیں ٹھہراتا جو اُس کی قدرت میں بالکل نہیں۔

اور اللہ ربُّ العالمین اپنے بندوں کے کچھ افعال ایسے پیدا فرماتا ہے کہ اُن میں بندوں کے کسب و اختیار کو دخل ہوتا ہے، یعنی بندوں کا کسب، اللہ تعالیٰ کے ارادے اور وجودِ فعل کے درمیان واسطہ بنتا ہے، اور بندوں کو جزا یا سزا صرف ایسے ہی افعال پر ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ انسان سے جو غلطی بھول چوک سے ہوجائے اُس پر آخرت میں کوئی سزا نہیں، کیونکہ اس میں انسان کا کسب و اختیار بیچ میں نہیں آیا۔

خلاصہ یہ کہ بندوں کے جن افعال پر جزا یا سزا ہوتی ہے وہ وہی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ بندوں کے کسب و اختیار کے مطابق پیدا فرماتا ہے، اگرچہ اُن افعال کے پیدا ہونے میں اس کسب و اختیار کی اپنی کوئی تاثیر نہیں۔

---

(۱) مسئلۂ تقدیر از علامہ شبیر احمد عثمانیؒ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس کی نظیر یوں سمجھئے! کہ مجھے ایک کار چلانے کے لئے دی گئی، مگر اس گاڑی کے تمام آلات جو ڈرائیور استعمال کرتا ہے، یعنی سلف، ایکسیلیٹر، کلچ، گیئر، اسٹیرنگ، بریک، لائٹوں کے سوئچ وغیرہ ناکارہ ہیں، یعنی گاڑی ان کی کسی حرکت سے ذرہ برابر جُنبش نہیں کرتی اور ان کا کوئی اثر قبول نہیں کرتی، مجھے یہ گاڑی چلانے کے لئے ڈرائیور کی سیٹ پر بٹھادیا گیا، برابر کی سیٹ پر اس کا مالک بیٹھا ہے جو اس پوری گاڑی کا مُوجد اور صانع ہے، اس نے اس کار میں یہ عجیب و غریب صنعت رکھی ہے کہ جتنے آلات ڈرائیور استعمال کرنا چاہتا ہے جو درحقیقت معطّل ہیں، ان تمام آلات کی حرکات کو اس نے اپنے ارادے کے تابع کیا ہوا ہے، جب ڈرائیور اپنے سامنے کے آلات میں سے کوئی آلہ گھمانا چاہتا ہے تو مالک اُس آلے کو گھما دیتا ہے اور اس آلہ سے متعلق اُس عمل کو اپنے ارادے سے پیدا کردیتا ہے جو ڈرائیور کو مطلوب تھا، غرض اسی طرح گاڑی چلتی رہتی ہے، کبھی دائیں مڑتی ہے، کبھی بائیں، کبھی آہستہ چلتی ہے، کبھی تیز، غرض اس گاڑی کی ہر حرکت کے لئے ڈرائیور اپنے وہ بیکار آلات گھمانا تو ضرور چاہتا ہے مگر گاڑی یا اس کے آلات کی کسی حرکت میں اس کے عمل کا کوئی اثر نہیں، بلکہ گاڑی کا مالک ہی گاڑی کو وہ حرکت دے دیتا ہے جو ڈرائیور کو مطلوب ہے، بس ایک اتصال اور معیت ہے جو ڈرائیور کی غیر مؤثر حرکات اور مالک کی مؤثر تدبیر میں پائی جارہی ہے۔

مالک نے ڈرائیور کو بتا رکھا ہے کہ گاڑی میں جن حرکات کا تم کسب کروگے وہ تم تو پیدا نہ کرسکوگے مگر میں چاہوں گا تو پیدا کرتا رہوں گا، خواہ وہ حرکات ٹریفک کے قوانین کے موافق ہوں یا خلاف، موافق ہوئیں تو تم سلامتی میں رہوگے، مخالف ہوئیں تو نقصان اُٹھاؤگے، یعنی موافقت پر تمہیں انعام دوں گا اور مخالفت پر سزا دوں گا، نیز ٹریفک کے قوانین بھی اسے اچھی طرح مالک نے بتلادیئے ہیں، تو اس پوری کاروائی کا مقصد یہ ہے کہ ڈرائیور اپنی قدرت کو ہیچ سمجھے اور مالک کی قدرتِ کاملہ کا مشاہدہ کرے، اس کے بنائے ہوئے قوانین کی پابندی کرے، اور اس کی اطاعت کا امتحان لیا جائے، اطاعت پر اسے انعام ملے اور مخالفت پر سزا، اگرچہ ڈرائیور کی حرکات اس موافقت و مخالفت میں مؤثر نہ تھیں بلکہ مؤثر مالک کی تدبیر ہی تھی، لیکن ڈرائیور نے جن غیر مؤثر حرکات کو اختیار کیا تو اس اختیار پر مالک نے اسے مجبور نہیں کیا تھا، لہٰذا گاڑی کی یہ حرکات جو ڈرائیور کے آزادانہ اختیار کے ساتھ وجود میں آئیں، ان پر جزاء و سزا کا ترتب، منافئ عدل نہیں ہوسکتا، اسی طرح انسان کا کسب اللہ جل شانہ کے ارادے اور خلق کے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ساتھ ملا ہوا ہے، اور کسب کے فی نفسہٖ غیر مؤثر ہونے کے باوجود اس پر جزاء وسزا کا ترتب ہوتا ہے، اچھے کسب پر جزا ملتی ہے، بُرے کسب پر سزا۔ واللہ المستعان۔

تقدیرِ معلّق اور تقدیرِ مُبرَم

سوال:۔ "یَمْحُوا اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَہٗٓ اُمُّ الْکِتٰبِ۝" [1] اس آیتِ کریمہ سے معلوم ہوا کہ کائنات میں جو کچھ ہوتا ہے وہ ازل سے قطعی اور حتمی طور پر ایسا طے شدہ نہیں ہے کہ اس میں تبدیلی نہ ہوتی ہو، بلکہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی مرضی سے اس میں ترمیم فرماتے رہتے ہیں یعنی تقدیر میں تغیر وتبدل ہوتا رہتا ہے۔ اس بات کی تائید مندرجہ ذیل وجوہ سے بھی ہوتی ہے:

۱۔ قرآنِ کریم اور احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بیماری میں علاج کرنا چاہئے اور دواؤں میں شفاء ہے، چنانچہ قرآنِ کریم میں شہد کے بارے میں فرمایا گیا کہ: "فِیْہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ" [2] اور بہت سی احادیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف امراض کا علاج اور دوائیں تجویز فرمائی ہیں، اور بعض احادیث میں پرہیز کی ہدایت بھی دی گئی ہے۔

۲۔ بہت سی احادیثِ صحیحہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اعمال سے انسان کی عمر اور رزق بڑھ جاتے ہیں، بعض سے گھٹ جاتے ہیں، صحیح بخاری کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ صلۂ رحمی عمر میں زیادتی کا سبب بنتی ہے، [3] اور مسندِ احمد کی روایت میں ہے کہ بعض اوقات آدمی کوئی ایسا گناہ کرتا ہے کہ اس کے سبب رزق سے محروم کردیا جاتا ہے، اور ماں باپ کی خدمت واطاعت سے عمر بڑھ جاتی ہے۔

۳۔ مسند احمد کی اسی حدیث میں ہے کہ: اور تقدیر الٰہی کو کوئی چیز سوائے دُعا کے ٹال نہیں سکتی۔ [4]

ان تمام روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو عمر یا رزق وغیرہ کسی کی تقدیر میں لکھ دیئے ہیں وہ بعض اعمال کی وجہ سے کم یا زیادہ ہوسکتے ہیں، اور دُعا کی وجہ سے بھی تقدیر بدلی جاسکتی ہے، اور کسی کی تقدیر میں اگر بیماری یا شفاء لکھ دی ہے تو دواء اور بدپرہیزی سے اُس میں

(۱) الرعد آیت:۳۹۔ (۲) النحل آیت:۶۹۔

(۳) صحیح البخاری، کتاب الأدب، باب من بسط لہ بصلۃ الرحم، رقم الحدیث: ۵۶۳۹۔

(۴) مسند أحمد بن حنبل، مسند ثوبان، رقم الحدیث: ۲۲۳۴۰، ۲۲۳۶۶، ۲۲۴۹۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تبدیلی ہوسکتی ہے۔

جبکہ دوسری نصوص سے معلوم ہوتا ہے کہ تقدیر میں تبدیلی نہیں ہوتی، کما قال اللہ تعالیٰ:-

۱- لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ (۱)

۲- فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا (۲)

جواب

تقدیر کی دو قسمیں ہیں:

۱- تقدیرِ مُعَلَّق. ۲- تقدیرِ مُبْرَم.

تقدیرِ مُعَلَّق

تقدیرِ معلق کا مطلب یہ ہے کہ تقدیر میں بسااوقات کوئی نتیجہ کسی شرط پر معلَّق ہوتا ہے، اگر وہ شرط پائی جائے تو نتیجہ پایا جائے گا، اور وہ شرط نہ پائی جائے تو وہ نتیجہ بھی نہ پایا جائے گا، اس طرح کی تقدیر کو "تقدیرِ مُعَلَّق" کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر لوحِ محفوظ میں لکھا ہوا ہے اور اللہ کے علم میں ہے کہ اگر فلاں شخص نے فلاں وقت میں اتنی مقدار میں فلاں دواء استعمال کی تو شفاء ہوگی ورنہ نہیں ہوگی، اسی طرح کسی طالبِ علم کے بارے میں تقدیرِ معلق میں لکھا ہوا ہے کہ اگر اس نے سبق کا مطالعہ کیا، تکرار کیا، تقویٰ اختیار کیا اور اللہ تعالیٰ سے دُعا بھی کرتا رہا تو اس کو علم ملے گا، ورنہ نہیں ملے گا۔

تقدیرِ مُبْرَم

تقدیرِ مبرم قطعی اور حتمی ہوتی ہے، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی، اس میں آخری نتیجہ لکھا ہوا ہوتا ہے، مثلاً کسی شخص کی تقدیرِ مبرم میں لکھا ہوا ہے کہ فلاں کو اس دواء سے شفا ہوگی، اور دوسرے شخص کی تقدیرِ مُبرم میں لکھا ہے کہ اُسے شفاء نہیں ہوگی۔

اب سمجھئے کہ تقدیرِ معلق میں لکھا تھا کہ اگر فلاں شخص، فلاں دواء، فلاں وقت اتنی مقدار میں استعمال کرے گا تو شفاء ملے گی ورنہ نہیں، یا طالبِ علم کے متعلق لکھا تھا کہ اگر وہ مطالعہ و تکرار کرے گا اور تقویٰ بھی اختیار کرے گا تو اس کو علم ملے گا ورنہ نہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ چونکہ علام الغیوب ہیں، وہ اَزَل سے جانتے ہیں کہ فلاں شخص وہ شرائط پوری کرے گا یا نہیں؟ مثلاً اُس

(۱) یونس آیت:۶۴۔ (۲) فاطر آیت:۴۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

طریقے سے دواء استعمال کرے گا یا نہیں؟ یا طالبِ علم اُن باتوں پر عمل کرے گا یا نہیں؟ اس کا جو نتیجہ ہونا تھا، اللہ تعالیٰ نے اس کو لکھ رکھا ہے، اس کو ''تقدیر مبرم'' کہتے ہیں، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

حاصلِ کلام یہ کہ وہ تمام نصوص جن سے معلوم ہوتا ہے کہ تقدیر میں تغیر و تبدل ہوتا ہے اس سے مراد ''تقدیرِ معلق'' ہے، اور جن نصوص سے معلوم ہوتا ہے کہ تقدیر میں کوئی تغیر نہیں ہوتا اس سے مراد ''تقدیر مبرم'' ہے۔

چنانچہ سورۃ الرعد کی مذکورہ بالا آیت میں جو فرمایا گیا ہے کہ: ''یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ'' اس کا تعلق ''تقدیرِ معلق'' سے ہے، یعنی محو و اثبات (مٹانا اور باقی رکھنا) ''تقدیرِ معلق'' میں ہوتا ہے، لیکن اسی آیت کے آخری جملہ: ''عِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ'' (اصل کتاب، یعنی لوحِ محفوظ جس میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوسکتا) نے بتلا دیا کہ اس ''تقدیرِ معلق'' کے اُوپر ایک ''تقدیر مبرم'' ہے جو ''اُمُّ الْكِتٰبِ'' میں لکھی ہوئی اللہ کے پاس ہے، وہ صرف علمِ الٰہی میں ہے۔ اس میں وہ نتائج لکھے ہوئے ہیں جو شرائط اعمال یا دُعاء یا علاج اور پرہیز کے بعد آخری نتیجہ کے طور پر ہوتے ہیں، اسی لئے وہ محو و اثبات اور کمی بیشی سے بالکل بری ہے۔[1]

مسئلۂ تقدیر کا آسان خلاصہ ایک نظر میں

مسئلۂ تقدیر کا خلاصہ تین باتیں ہیں، اور تینوں بالکل واضح ہیں، ان کو یاد رکھا جائے تو پورا مسئلہ آسان ہوجاتا ہے، وہ تین باتیں یہ ہیں:

۱- ایک یہ کہ انسان اپنے اعمال و افعال اور تمام حرکات میں مکمل طور پر مجبور نہیں، کیونکہ اگر بالکل مجبور مانا جائے تو لازم آئے گا کہ انسان اپنے افعال کو انجام دینے میں اپنے اعضاء کو جو حرکت دیتا ہے اس حرکت میں اور جمادات (پتھروں وغیرہ) کی حرکت میں کوئی فرق نہ ہو، اسی طرح رعشہ کے مریض کے ہاتھ کی حرکت اور تندرست ہاتھ کی حرکت میں کوئی فرق نہ ہو، حالانکہ پہلی حرکت غیر اختیاری اور دوسری حرکت اختیاری ہے، دونوں حرکتوں میں فرق اتنا واضح ہے کہ اس کا انکار بداہت کا انکار ہے، کوئی ذی ہوش اس کا انکار نہیں کرسکتا۔

(۱) تفسیر معارف القرآن ج:۵ ص:۲۱۵، ۲۱۶۔ بزیادۃ تصرف و ایضاح. (من الأستاذ حفظهم الله).

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲- دوسری بات یہ ہے کہ انسان اپنے افعال و اعمال اور حرکات میں قادرِ مطلق بھی نہیں، کیونکہ اگر قادرِ مطلق ہوتا تو اپنی کسی خواہش اور ارادے میں ناکام نہ ہوتا، حالانکہ وہ کتنی ہی خواہشات اور ارادوں کو پوری کوشش کے باوجود رُوبہ عمل لانے میں ناکام ہوجاتا ہے، معلوم ہوا کہ وہ اپنے اعمال وافعال میں مکمل طور پر قادر بھی نہیں، اور اپنے اعمال و افعال کا خالق بھی نہیں، بلکہ اسے تو ابھی تک یہ بھی پوری طرح معلوم نہیں کہ اس کے کون کون سے فعل میں اس کے بدن کے کون کون سے اجزاء، کون کون سے مادّے اور کون کون سی باطنی قوتیں حصہ لیتی ہیں اور فعل کے وجود میں آنے میں ان کا کتنا کتنا حصہ ہے؟ لہٰذا یہ بات بھی تقریباً بدیہی طور پر واضح ہے کہ انسان اپنے افعال و اعمال پر پوری طرح قادر نہیں اور نہ اپنے افعال و اعمال کا خالق ہے۔

جب مذکورہ بالا دونوں باتیں واضح طور پر ثابت ہیں، یعنی یہ کہ انسان اپنے افعال و اعمال میں نہ مکمل طور پر مجبور ہے، نہ مکمل طور پر قادر، تو یہ نتیجہ خود بخود نکل آتا ہے کہ:-

''انسان اپنے افعال میں ایک حد تک مجبور اور ایک حد تک بااختیار ہے۔''

یعنی انسان کو اپنے افعال و اعمال کے کرنے اور نہ کرنے میں کسی نہ کسی درجے کا اختیار ضرور حاصل ہے۔

۳- تیسری بات یہ کہ جو خفیف سی قدرت اور اختیار انسان کو حاصل ہے اسے قرآن و سنت کی اصطلاح میں ''کسب'' کہا جاتا ہے، لیکن اس کسب کی حقیقت و ماہیت اور مقدار کیا ہے؟ یہ اللہ تعالیٰ کا ایک راز ہے جو قرآن و سنت میں نہیں بتایا گیا، اور ہم اپنی عقل سے بھی اسے معلوم نہیں کرسکتے، لیکن اسے معلوم کرنے پر ہمارا نہ کوئی عقیدہ موقوف ہے نہ عمل، اور شرعاً بھی اسے معلوم کرنے کے ہم ذمہ دار (مکلّف) نہیں۔ لہٰذا یہ معلوم نہ ہونا ہمارے لئے مضر بھی نہیں۔

جب یہ تینوں باتیں واضح ہوگئیں تو اب یہ سمجھئے کہ انسان کے تمام اعمال و افعال کا قادرِ مطلق اور خالق تو اللہ جل شانہ ہی ہے، لیکن ''کاسب'' (کسب کرنے والا) بندہ (انسان) ہے، اور چونکہ انسان کے اعمال و افعال میں اس کے ''کسب'' کو دخل ہے، اس لئے اچھے عمل کے کسب پر اسے ثواب ملتا ہے اور بُرے عمل کے کسب پر وہ عذاب کا مستحق ہوتا ہے۔

بس یہی پورے مسئلۂ تقدیر کا خلاصہ ہے، اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ اس میں کہیں کوئی اُلجھن نہیں، اُلجھن جس کسی کو بھی ہوتی ہے وہ صرف اس وجہ سے ہوتی ہے کہ وہ کسب کی حقیقت

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جاننا چاہتا ہے، جب یہ واضح ہوگیا کہ کسب کی حقیقت ہمیں معلوم نہیں ہوسکتی تو اس اُلجھن کا بھی خاتمہ ہوگیا۔ وللہ الحمد أولًا و اٰخرًا۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ O هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ O هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ O ع (۱)

مسئلہ علمِ غیب

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِىْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ O (۲)

لفظ "غیب" سے مراد وہ چیزیں ہیں جو ابھی وجود میں نہیں آئیں، یا وجود میں تو آچکی ہیں مگر اللہ تعالیٰ نے ان پر کسی کو مطلع نہیں ہونے دیا۔ (۳)

پہلی قسم کی مثال وہ تمام حالات و واقعات ہیں جو قیامت سے متعلق ہیں یا کائنات میں آئندہ پیش آنے والے واقعات سے تعلق رکھتے ہیں، مثلاً کون کب اور کہاں پیدا ہوگا، کیا کیا کام کرے گا، کتنی عمر ہوگی، عمر میں کتنے سانس لے گا، کتنے قدم اُٹھائے گا، کہاں مرے گا، کہاں دفن ہوگا، رزق کس کو کتنا اور کس وقت ملے گا، بارش کہاں، کس وقت اور کتنی ہوگی؟

اور دوسری قسم کی مثال وہ حمل ہے جو ماں کے رحم میں وجود تو اختیار کرچکا ہے، مگر یہ کسی کو معلوم نہیں کہ خوب صورت ہے یا بدصورت، نیک طبیعت ہے یا بدخصلت، خوش نصیب ہے یا بدنصیب، اسی طرح اور ایسی چیزیں جو وجود میں آجانے کے باوجود مخلوق کے علم ونظر سے غائب ہیں، اس قسم میں داخل ہیں۔

اس مسئلے کی کچھ تفصیل اِن شاء اللہ آگے کتاب الایمان کی پہلی حدیث کے تحت بھی آئے گی۔

---

(۱) الحشر آیت:۲۲ تا ۲۴۔ (۲) الأنعام آیت:۵۹۔

(۳) تفسیر معارف القرآن ج:۳ ص:۳۴۰، وکذا فی التفسیر المظهری ج:۳ ص:۲۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كتاب الايمان

باب معرفة الايمان والاسلام

۹۳-قَالَ :أَبُو الْحُسَيْنِ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْقُشَيْرِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ (الىٰ قوله) حَدَّثَنِي أَبُوْ خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ ، قَالَ: نَا وَكِيْعٌ... (الىٰ قوله)... ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، وَهٰذَا حَدِيْثُهُ، قَالَ: نَا أَبِي ،قَالَ: نَا كَهْمَسٌ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ يَعْمَرَ قَالَ: كَانَ أَوَّلَ مَنْ قَالَ فِي الْقَدَرِ بِالْبَصْرَةِ مَعْبَدٌ الْجُهَنِيُّ. فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَحُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيُّ حَاجَّيْنِ أَوْ مُعْتَمِرَيْنِ فَقُلْنَا: لَوْ لَقِيْنَا أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْنَاهُ عَمَّا يَقُوْلُ هٰؤُلاَءِ فِي الْقَدَرِ فَوُفِّقَ لَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ دَاخِلاً الْمَسْجِدَ. فَاكْتَنَفْتُهُ أَنَا وَصَاحِبِي. أَحَدُنَا عَنْ يَمِيْنِهِ وَالْآخَرُ عَنْ شِمَالِهِ. فَظَنَنْتُ أَنَّ صَاحِبِي سَيَكِلُ الْكَلاَمَ إِلَيَّ. فَقُلْتُ: أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! إِنَّهُ قَدْ ظَهَرَ قِبَلَنَا نَاسٌ يَقْرَؤُوْنَ الْقُرْآنَ وَيَتَقَفَّرُوْنَ الْعِلْمَ -وَذَكَرَ مِنْ شَأْنِهِمْ- وَأَنَّهُمْ يَزْعُمُوْنَ أَنْ لاَ قَدَرَ وَأَنَّ الْأَمْرَ أُنُفٌ.

قَالَ: إِذَا لَقِيْتَ أُولٰئِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنِّي بَرِيْءٌ مِنْهُمْ وَأَنَّهُمْ بُرَآءُ مِنِّي، وَالَّذِي يَحْلِفُ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، لَوْ أَنَّ لِأَحَدِهِمْ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا فَأَنْفَقَهُ مَا قَبِلَ اللّٰهُ مِنْهُ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ.

ثُمَّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا رَجُلٌ شَدِيْدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ، شَدِيْدُ سَوَادِ الشَّعَرِ، لاَ يُرٰى عَلَيْهِ أَثَرُ السَّفَرِ، وَلاَ يَعْرِفُهُ مِنَّا أَحَدٌ، حَتّٰى جَلَسَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَأَسْنَدَ رُكْبَتَيْهِ إِلٰى رُكْبَتَيْهِ، وَوَضَعَ كَفَّيْهِ عَلٰى فَخِذَيْهِ،

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! أَخْبِرْنِيْ عَنِ الإِسْلاَمِ.

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الإِسْلاَمُ أَنْ تَشْهَدَ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَتُقِيْمَ الصَّلاَةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ، وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ، وَتَحُجَّ الْبَيْتَ إِنِ اسْتَطَعْتَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً. قَالَ: صَدَقْتَ. قَالَ: فَعَجِبْنَا لَهُ يَسْأَلُهُ وَيُصَدِّقُهُ.

قَالَ فَأَخْبِرْنِيْ عَنِ الإِيْمَانِ. قَالَ: أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ، وَمَلاَئِكَتِهِ، وَكُتُبِهِ، وَرُسُلِهِ، وَالْيَوْمِ الآخِرِ، وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ. قَالَ: صَدَقْتَ.

قَالَ: فَأَخْبِرْنِيْ عَنِ الإِحْسَانِ. قَالَ: أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ.

قَالَ: فَأَخْبِرْنِيْ عَنِ السَّاعَةِ. قَالَ: مَا الْمَسْؤُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ.

قَالَ: فَأَخْبِرْنِيْ عَنْ أَمَارَتِهَا. قَالَ: أَنْ تَلِدَ الأَمَةُ رَبَّتَهَا، وَأَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ، الْعَالَةَ، رِعَاءَ الشَّاءِ، يَتَطَاوَلُوْنَ فِي الْبُنْيَانِ.

قَالَ: ثُمَّ انْطَلَقَ. فَلَبِثْتُ مَلِيًّا ثُمَّ قَالَ لِيْ: يَا عُمَرُ! أَتَدْرِيْ مَنِ السَّائِلُ؟ قُلْتُ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ.

قَالَ: فَإِنَّهُ جِبْرِيْلُ أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ" (ص:۲٦ سطر:۱۲تا۱۲ وص:۲۷ سطر:۱ تا ۱۰)

" قَالَ أَبُو الْحُسَيْنِ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْقُشَيْرِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ .... الخ" (ص:۲٦ سطر:۱)

"قال الامام" میں "قال" کے قائل راویٔ نسخۂ ہٰذا ابواسحاق ابراہیم بن محمد النیسابوریؒ ہیں یعنی امامِ مسلمؒ کے وہ شاگردِ رشید جنہوں نے کتابِ مسلم کے اس نسخے کی روایت کی ہے۔

"رضی اللہ تعالٰی عنہ" اُصول الشاشی میں یہ جملۂ دعائیہ حضرت امامِ اعظم رحمہ اللہ کے لئے استعمال ہوا ہے، اور یہاں امامِ مسلم رحمہ اللہ کے لئے، جبکہ عُرف میں یہ جملہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ خاص ہے، لیکن چونکہ یہ دعائیہ کلمہ ہے لہٰذا فی نفسہٖ تو اس کا استعمال غیرِ صحابی کے لئے بھی جائز ہے، مگر اس کو عوام کے مجمع میں غیرِ صحابہؓ کے لئے استعمال کرنا احتیاط کے خلاف ہے، کیونکہ اس سے عوام غیرِ صحابی کو بھی صحابی سمجھنے لگیں گے۔

کتابِ مسلم اپنی خصوصیات کے اعتبار سے تمام ذخیرۂ احادیث میں ممتاز ہے، حسنِ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ترتیب کے لحاظ سے امام مسلمؒ، امام بخاریؒ پر فوقیت لے گئے ہیں،(۱) جس کی تفصیل ہمارے مقدمہ میں بعنوان ''وجوہِ ترجیح کتابِ مسلم علیٰ کتاب البخاری'' آچکی ہے۔ نیز خالص حدیث کی کتاب صحیح مسلم ہی ہے، جبکہ صحیح بخاری خالص حدیث کی کتاب نہیں، بلکہ فقہ کی بھی کتاب ہے۔

امام مسلمؒ نے تراجم الابواب کیوں قائم نہیں فرمائے؟

کتابِ مسلم اگرچہ فی نفسہٖ "مبوَّب" ہے، مگر امام مسلمؒ نے خود تراجم الأبواب قائم نہیں فرمائے جس کی متعدد وجوہ ہوسکتی ہیں، مثلاً: ایک یہ کہ شاید امام مسلمؒ کے پیشِ نظر یہ ہو کہ ان کی کتاب میں حدیث کے متن اور سند کے علاوہ کوئی بات نہ آئے تاکہ یہ کتاب خالص حدیث ہی کی کتاب رہے۔(۲) دوسری یہ کہ شاید امامؒ نے خود کو تواضعاً اجتہادِ مطلق کا اہل نہیں سمجھا، کیونکہ ترجمة الباب درحقیقت ایک مسئلۂ شرعیہ ہوتا ہے، جس کے بارے میں مصنف یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اس ترجمة الباب کے تحت آنے والی احادیث سے یہ مسئلہ مستنبط ہوتا ہے، ظاہر ہے کہ یہ دعویٰ وہی کرسکتا ہے جو خود کو مجتہدِ مطلق سمجھتا ہو۔(۳)

قوله: "حدثني ابو خيثمة زهير بن حرب .... الخ" (ص:۲۶ سطر:۲)

یہاں پر "حدثني" کہا اور آگے (ص:۲۷ سطر:۱ میں) تحویل کے بعد "حدثنا" کہا، کیونکہ امام مسلمؒ اِس کا التزام کرتے ہیں کہ جو حدیث اُنہوں نے اپنے اُستاذ سے تنہائی میں سنی وہاں قاعدے کے مطابق "حدثني" کہتے ہیں، اور جس حدیث کے سننے میں اُن کے ساتھ دوسرے بھی شریک تھے، وہاں "حدثنا" فرماتے ہیں، اگرچہ ایک کی جگہ دوسرے کا استعمال بھی جائز ہے۔

---

(۱) حافظ ابن صلاح حسنِ ترتیب کے اعتبار سے صحیح مسلم کی فوقیت ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:-

"نعم، يترجح كتاب مسلم بكونه أسهل متناولًا من حيث انّه جعل لكل حديث موضعًا واحدًا يليق به يورده فيه بجميع ما يريد ذكره فيه من أسانيده والفاظه المختلفة فيسهل على الناظر النظر في وجوهه واستثمارها، بخلاف البخاري فانّه يورد تلك الوجوه المختلفة في أبواب شتى متفرقة، بحيث يصعب على الناظر جمع شملها واستدراك الفائدة من اختلافها، والله اعلم" (صيانة صحيح مسلم ص:۷۰)۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: مقدمة شرح النووی ج:۱ ص:۱۳۔

(۲) یہی وجہ کتاب "الامام مسلم بن الحجاج ومنهجه في الصحيح" ج:۱ ص:۳۸۵ میں بھی درج ہے۔

(۳) حافظ ابنِ صلاحؒ کے بقول امام مسلمؒ نے کتاب کا حجم بڑھنے کے خوف سے تراجمِ ابواب قائم نہیں فرمائے۔ ملاحظہ فرمایئے: صيانة صحيح مسلم ص:۱۰۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابو خیثمۃ زھیر بن حربؒ سے امام مسلمؒ نے ایک ہزار سے زائد احادیث روایت کی ہیں۔(۱)

قولہ: "قال نا وکیع" (ص:۲٦ سطر:۲)

یہ وکیع بن الجرّاح امام شافعیؒ کے اُستاذ ہیں۔

قولہ: "ح" اس کو "حائے تحویل" کہتے ہیں، اور اسے الف مقصورہ کے ساتھ "حَ" بھی پڑھ سکتے ہیں، اور الفِ ممدودہ کے ساتھ "حَآءْ" بھی، اور اس کے بجائے پورا لفظ "تَحْوِیْل" بھی پڑھ سکتے ہیں۔(۲)

قولہ: "حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بنُ مُعَاذٍ العَنبَرِیُّ وَھٰذَا حَدِیثُہُ" (ص:۲۷ سطر:۱)

امام مسلمؒ کے دونوں اساتذہ کے الفاظ اِس حدیث کی روایت میں مختلف تھے، اس لئے امامِ مسلمؒ اپنی عادت کے مطابق صاحبُ اللّفظ کی تعیین فرما رہے ہیں، جس سے معلوم ہوا کہ اگرچہ یہ حدیث امام مسلمؒ نے عبیداللہ بن معاذ العنبریؒ اور ابو خیثمۃ زھیر بن حربؒ دونوں سے سنی ہے اور معنی بھی دونوں کی روایتوں کے متحد ہیں، مگر دونوں کے الفاظ میں کہیں کہیں کچھ فرق ہے، اور یہاں حدیث کو عُبیداللہ بن معاذ العنبریؒ کے الفاظ میں نقل کیا جا رہا ہے۔

قولہ: "کَھْمَس" (ص:۲۷ سطر:۱)

یہ اس روایت کے "مَدارُ الحدیث" ہیں، اور قاعدہ ہے کہ حائے تحویل مدار الحدیث سے پہلے آتی ہے۔ لہٰذا یہاں اعتراض ہوتا ہے کہ اُصولاً پہلے طریق میں حائے تحویل کھمس سے پہلے لانی چاہئے تھی تا کہ کھمس اور عبداللہ بن بُریدۃ اور یحییٰ بن یعمر کے نام دوسرے طریق میں مکرر نہ لانے پڑتے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تکرار بے فائدہ نہیں، کیونکہ طریقِ اوّل میں "عن کھمس" ہے اور طریقِ ثانی میں "حدثنا کھمس" ہے، اس فرق کو واضح کرنا مقصود تھا، صرف پہلے طریق

---

(۱) تقریب التہذیب ج:۱ ص:۲٦۴۔

(۲) حائے تحویل کے بارے میں تفصیلی کلام کے لئے مطالعہ فرمائیے: مقدمۃ ابن الصلاح، النوع الخامس والعشرون، کتابۃ الحدیث وضبطہٗ وتقییدہٗ، بیان أمور مفیدۃ، (الأمر) الخامس عشر ص:۹۹، ۱۰۰. ومقدمۃ أوجز المسالک، الباب الخامس فی توضیح الفاظ کثر استعمالھا فی کتب الحدیث ص:۱۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پر اکتفا کرنے سے یہ مقصود حاصل نہ ہوتا[۱]، اسی طرح پہلے طریق میں "عبداللہ بن بُریدۃ" ہے اور دوسرے طریق میں "ابن بُریدۃ"، اگر صرف دوسرے طریق کو اختیار کرتے تو پتہ نہ چلتا کہ اس سے عبداللہ بن بُریدۃ مراد ہیں یا ان کے بھائی سلیمان بن بریدۃ۔

قولہ: "عن یحییٰ بن یعمَرَ" (ص:۲۷ سطر:۱)

سند کے دونوں طریق میں "عن یحییٰ بن یعمر" ہے، امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ ایک نسخہ میں طریقِ اوّل میں صرف "یحیٰ" ہے، اُس نسخے کے لحاظ سے یحییٰ بن یعمر میں بھی تکرار بے فائدہ نہیں، کیونکہ طریقِ اوّل سے یہ پتہ نہیں چلتا تھا کہ یہ کون سے یحیٰ ہیں، یہ دوسرے طریق سے معلوم ہوا۔

"یَعمُر" وزنِ فعل اور علیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے، (فتح الملھم)[۲]۔

یحییٰ بن یعمر ادیب، فقیہ اور نحوی تھے، ان کو حجاج بن یوسف نے جلاوطن کردیا تو یہ ترکمانستان جاکر آباد ہوگئے اور وہاں قتیبۃ بن مسلم باھلی نے ان کو خراسان کا قاضی مقرر کردیا[۳]۔

قولہ: "كَانَ أَوَّلَ مَنْ قَالَ فِي الْقَدَرِ بِالْبَصْرَةِ مَعْبَدٌ الْجُهَنِيُّ" (ص:۲۷ سطر:۱)

"قَدْر" بسکون الدال اور بفتح الدال دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں بمعنیٰ "تقدیر"۔ اس کے لغوی معنیٰ ہیں مقدار کا احاطہ کرنا، یقال قَدَرْتُ الشيء بتخفیف الدال وفتحها اَقْدِرُهٗ بالكسر والفتح قَدْرًا وَقَدَرًا أي احطتُ بمقداره (فتح الملھم)[۴]۔ اور اصطلاحِ شریعت میں قَدْر، اور قَدَر سے مراد اللہ تعالیٰ کا علمِ ازلی ہے جو محیط ہے جمیع ما کان وما یکون وما سیکون کو، سواءٌ کان صغیرًا أو کبیرًا، حِسیًّا کان أو معنویًّا، حَسَنًا کان أو قبیحًا اور عام طور سے "تقدیر" کا لفظ بھی اسی معنیٰ میں بولا جاتا ہے۔

"تقدیر" اور "قدر" کے ساتھ "قضاء" کا مطلب بھی سمجھ لیجئے، "قضاء" کے لغوی معنیٰ ہیں: پیدا کرنا، فیصلہ کرنا، اور اصطلاح میں جب اسے "قدر" کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے تو اس سے مراد اللہ تعالیٰ کی تخلیق یعنی پیدا کرنا ہوتا ہے، جس طرح "قدر" اور "تقدیر" کا عقیدہ اہلِ سنت

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۲۶۔ (۲) ج:۱ ص:۴۶۰۔

(۳) سیر أعلام النبلاء ج:۴ ص:۴۴۱ وکتاب الثقات لابن حبان ج:۵ ص:۵۲۳، تذکرۃ الحفاظ للذھبی ج:۱ ص:۷۵۔

(۴) ج:۱ ص:۴۶۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

والجماعت کا اجماعی عقیدہ ہے، قضاء کا عقیدہ بھی اجماعی ہے، یعنی ہر اچھی، بری، چھوٹی، بڑی، حسی اور معنوی چیز کا خالق اللہ تعالیٰ ہے، کسی چیز کا وجود اللہ تعالیٰ کے خلق کے بغیر نہیں ہوتا، وہی ہر چیز کو اپنے علمِ ازلی (قدر) کے مطابق اُس کے وقتِ مقرر پر مقدارِ مقرر میں پیدا فرماتا ہے۔[1]

دین کے تین مسائل مشکل ترین شمار کئے گئے ہیں:

۱- تقدیر۔ ۲- مشاجراتِ صحابہؓ۔ ۳- تقلیدِ شخصی۔

یہاں مسئلۂ تقدیر کا حاصل سمجھ لیجئے، تفصیل پیچھے "کتاب الایمان" کے اُصولی مباحث میں پانچویں مسئلے کے طور پر آچکی ہے۔

مسئلۂ تقدیر

مَعبدُ الجُھَنی اور اس کے پیروکار تقدیر کے منکر تھے، ان کا کہنا تھا کہ بندوں کے اچھے بُرے افعال کا علم اللہ تعالیٰ کو پہلے سے نہیں ہوتا، افعال کے وجود میں آنے کے بعد علم ہوتا ہے، نیز بندوں کے افعال کا خالق بھی اللہ تعالیٰ نہیں بلکہ بندے اپنے افعال کے خود خالق ہیں۔ اس فرقے کو "قدریہ" کہا جاتا ہے۔

خلافتِ راشدہ کے آخر تک بلکہ حضرت معاویہؓ کے دور تک بھی اِس فرقہ کا کوئی نام و نشان نہ تھا، یزید کے دورِ حکومت میں جب حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ نے اس کی حکومت کو تسلیم نہ کرتے ہوئے حجاز میں اپنی سلطنت قائم فرمالی تو اہلِ شام نے حضرت ابن الزبیرؓ اور اُن کے ساتھیوں سے مقابلہ کرنے کے لئے لشکر روانہ کیا، اس لشکر نے مکہ مکرمہ کا محاصرہ کیا اور منجنیق سے پتھر برسائے، اس دوران کچھ پتھر بیت اللہ شریف کو جالگے، جس سے غلافِ کعبہ کا کچھ حصہ جل گیا اور عمارت کو نقصان پہنچا، اس المناک واقعہ سے پورے عالمِ اسلام میں سخت اضطراب پیدا ہوا، اسی دوران کسی نے کہا: "یہ جلنا بھی اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے ہوا" یہ سن کر کسی دوسرے نے کہا کہ: "(یہ بہت بُرا ہوا) یہ اللہ کی تقدیر سے نہیں ہوسکتا" اس سے معاملہ بڑھتا چلا گیا، یہاں تک کہ "قدریہ" کا مستقل فرقہ وجود میں آگیا۔[2]

اس مسئلہ کی تفصیل بقدرِ ضرورت شرح وبسط اور دلائل کے ساتھ "المسئلة الخامسة"

---

(۱) قد مرّ تخريجهٗ.

(۲) اعتقاد أهل السنة ج:۴ ص:۶۷۴ رقم الحديث:۱۳۹۲ وفيض القدير شرح جامع الصغير ج:۱ ص:۲۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کے عنوان سے پیچھے آچکی ہے، جس کا لبِ لباب یہ ہے کہ اس مسئلہ میں تین باتیں اگر ذہن نشین کرلی جائیں تو مسئلہ بالکل صاف ہوجاتا ہے اور کوئی اِشکال باقی نہیں رہتا۔

۱- ایک یہ کہ انسان کو مجبورِ محض قرار دینا بداہت کے خلاف ہے، معمولی آدمی بھی بدیہی طور پر بخوبی جانتا ہے کہ جس شخص کے ہاتھ میں رعشہ ہو اُس کے رعشہ کی حرکت اور تندرست کاتب کے ہاتھ کی حرکت میں فرق ہے۔ اوّل غیر اختیاری ہے اور دوسری اختیاری۔ معلوم ہوا کہ انسان کے تمام افعال غیر اختیاری نہیں، یعنی وہ اپنی تمام حرکات اور افعال میں مجبورِ محض نہیں بلکہ کسی نہ کسی درجہ میں قادر اور مختار ہے، اور اسی قدرت و اختیار کی بناء پر وہ اپنے اچھے افعال پر ثواب کا اور بُرے اعمال پر عذاب کا مستحق ہوتا ہے۔

۲- انسان کو قادرِ مطلق بھی نہیں قرار دیا جاسکتا، یعنی اُسے اپنے افعال کا خالق بھی نہیں کہا جاسکتا، یہ بھی ایک کھلی حقیقت ہے کیونکہ انسان جو بھی کام یا حرکت کرتا ہے اس میں اس کے جسم کے بہت سارے اجزاء اور اس کی کتنی ہی باطنی قوّتیں حصہ لیتی ہیں، وہ کون سی قوّتیں اور کون کون سے اجزاء ہیں؟ ہمیں اب تک ان کا پورا پورا علم بھی نہیں، ہمیں یہ بھی پوری طرح معلوم نہیں کہ ہمارے کون کون سے فعل میں کون کون سی قوّتیں اور اجزاء کتنی کتنی مقدار میں استعمال ہوتے ہیں؟ اِن قوّتوں اور اجزاء کو ہم نے پیدا بھی نہیں کیا، اِن پر ہمارا مکمل کنٹرول بھی نہیں ہے، اِس کے باوجود انسان کو قادرِ مطلق اور اپنے افعال کا خالق کیسے کہا جاسکتا ہے؟ حاصل یہ کہ انسان اپنے افعال میں قادرِ مطلق بھی نہیں۔

۳- جب انسان مجبورِ محض بھی نہیں جیسا کہ نمبر ایک میں بیان ہوا، اور قادرِ مطلق بھی نہیں جیسا کہ نمبر۲ میں بیان ہوا، تو لامحالہ ماننا پڑے گا کہ انسان نہ مجبورِ محض ہے، نہ قادرِ مطلق، بلکہ ایک حد تک مجبور ہے اور ایک حد تک قادر، اور جس درجہ کی اُسے قدرت حاصل ہے اُسی قدرت کی بناء پر وہ اپنے اچھے افعال پر ثواب کا، اور اعمالِ بد پر عذاب کا مستحق ہوتا ہے۔

اور یہی اہلِ سنت والجماعۃ کا مذہب ہے، جبکہ فرقۂ ''جبریہ'' انسان کو اپنے افعال میں مجبورِ محض مانتا ہے، اور فرقۂ ''قدریہ'' قادرِ مطلق کہتا ہے، جب مجبورِ محض نہ ہونا بالکل بدیہی ہے اور قادرِ مطلق نہ ہونا بھی ایک کھلی حقیقت ہے تو یہ بھی تقریباً بدیہی ہے کہ انسان اپنے افعال میں ایک درجہ میں قادر اور ایک درجے میں مجبور ہے۔

اب بات صرف ایک رہ گئی کہ انسان کو جو معمولی سا اختیار اور قدرت حاصل ہے اُس

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اختیار اور قدرت کی حقیقت اور اس کا نام کیا ہے؟

تو جہاں تک نام کا تعلق ہے تو قرآنِ کریم نے اس کا نام "کسب" بتایا ہے، سورۃ البقرۃ کی آخری آیت میں ارشاد ہے:- "لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ" - رہا یہ سوال کہ "کسب" کی حقیقت کیا ہے؟

تو جواب یہ ہے کہ ہمیں اس کا علم نہیں دیا گیا، اس کی حقیقت ہمیں معلوم نہیں ہوسکتی، قرآن وسنت میں بھی اس کی حقیقت و ماہیت نہیں بتلائی گئی، مگر "کسب" کی حقیقت معلوم نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ "کسب" موجود نہیں، لہٰذا اس کی حقیقت معلوم نہ ہونے سے عقیدہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا، یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی آپ سے خون یا پانی کی حقیقت و ماہیت پوچھے اور کہے کہ ان کی ماہیت کی جامع مانع تعریف کیجئے، اور آپ کو معلوم نہ ہو تو اِس سے یہ لازم نہیں آتا کہ خون اور پانی کا وجود ہی نہیں ہے۔

حاصل یہ کہ پہلی بات سے (کہ انسان اپنے افعال میں مجبورِ محض نہیں) "جبریہ" کی تردید ہوگئی، اور دوسری بات سے (کہ انسان اپنے افعال میں قادرِ مطلق نہیں، اور اپنے افعال کا خالق نہیں) "قدریہ" کی تردید ہوگئی، اور تیسری بات سے (کہ انسان اپنے افعال میں من وجہٍ مختار اور من وجہٍ مجبور ہے) اہل السنۃ والجماعۃ کا مذہب ثابت ہوگیا، اور یہ بھی کہ انسان کو اپنے اچھے بُرے افعال پر جزاء وسزا "کسب" کی بناء پر ہوتی ہے، خلق کی بناء پر نہیں۔ بس یہ تین باتیں یاد رکھئے، اگر ان کو سمجھ لیا تو بس تقدیر کا مسئلہ سمجھ لیا، الحمدللہ! اب کوئی اِشکال نہ رہا۔

واقعی حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجرِ مکیؒ نے بالکل صحیح فرمایا تھا کہ: "میرے سلسلہ میں جو داخل ہوتا ہے اس کو تین مسائل میں اِشکال نہیں رہتا، ۱-مسئلۂ تقلیدِ شخصی۔ ۲-مشاجراتِ صحابہؓ۔ ۳-اور مسئلۂ تقدیر۔"

عام طور پر مسئلۂ تقدیر میں اِشکالات جبرِ محض کے ہوتے ہیں، یعنی عموماً لوگوں کو تقدیر کی وجہ سے انسان کے مجبورِ محض ہونے کا شبہ ہوتا ہے جو رعشے والے ہاتھ اور تندرست ہاتھ کے فرق کو سمجھنے سے ختم ہوجاتا ہے۔

اس فرق کو ذہن میں رکھنے کے باوجود جو اِشکالات پیدا ہوتے ہیں، اُن میں سے بیشتر اِشکالات کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ لوگ "کسب" کی حقیقت و ماہیت کو سمجھنا چاہتے ہیں، جب یہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بات واضح ہوگئی کہ اُس کی حقیقت ہمیں معلوم نہیں ہوسکتی تو یہ اِشکالات بھی ختم ہوجاتے ہیں، وللہ الحمد۔

قوله: "بالبصرة" (ص:۲۷ سطر:۱)

بصرة بکسر الباء وفتحھا وضمّھا اور بُصَیْرَة (بالتصغیر) چاروں طرح پڑھا جاسکتا ہے، اِس شہر کو "قُبّة الاسلام" کہا جاتا ہے اور "خزانة العرب" بھی کہتے ہیں، کیونکہ اِسے حضرت فاروقِ اعظمؓ کے دورِ خلافت میں عتبة بن غزوان نے تعمیر کیا تھا، اِس شہر میں کبھی بتوں کی عبادت نہیں ہوئی۔ (۱)

قوله: "الجُھَنِیُّ" (ص:۲۷ سطر:۱)

قبیلۂ جُھَیْـــنَة کی طرف منسوب ہے، اس قبیلہ کے لوگ بصرہ وکوفہ میں آکر آباد ہوگئے تھے۔ یہ معبد الجھنی بھی ان کے ساتھ بصرے میں رہنے لگا تھا، اور حضرت حسن البصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس بھی آکر بیٹھ جایا کرتا تھا۔ سب سے پہلے تقدیر کا انکار اِسی نے کیا، یہ عقیدہ رکھنے والوں کو "قَدَرِیَّة" کہا جاتا ہے۔ اُن کا خیال تھا کہ اگر تقدیر کا عقیدہ تسلیم کرلیا جائے تو اس سے انسان کا مجبورِ محض ہونا لازم آتا ہے، کیونکہ عقیدۂ تقدیر کا حاصل یہی ہے کہ انسان کے تمام اچھے بُرے افعال تقدیر کے مطابق ہوتے ہیں، اس کے خلاف نہیں ہوسکتے، نیز قدریہ کا عقیدہ یہ بھی تھا کہ بندے اپنے افعال کے خود خالق ہیں، اللہ تعالیٰ ان افعال کا خالق نہیں۔ اس طرح انہوں نے تقدیر کی نفی کرکے اللہ تعالیٰ کی طرف (العیاذ باللہ) جہل کی نسبت کردی اور افعالِ عباد کے خلق کی اللہ تعالیٰ کے بجائے بندوں کی طرف نسبت کرکے اللہ تعالیٰ سے ان افعال کے خلق کی نفی بھی کردی، اور انسانوں کو افعال کا خالق ٹھہرا دیا، اس طرح یہ قضا وقدر دونوں کے منکر ہوگئے، آیاتِ صریحہ قطعیہ کی نفی کرنے کی وجہ سے یہ فرقہ کافر قرار دیا گیا، چنانچہ معبد جھنی کو حجاج بن یوسف نے زندقہ کی وجہ سے قتل کرادیا۔ (۲)

"قدریہ" کی دو قسمیں ہیں۔ (۳) ایک متقدمین، دوسرے متأخرین۔ معبد جھنی متقدمین کا سرگروہ تھا، اور اب تک قدریہ کا جو مذہب ہم نے بیان کیا وہ متقدمین کا مذہب ہے،

---

(۱) تھذیب الأسماء للنووی ج:۳ ص:۳۵۔

(۲) کتاب الأنساب للسمعانی ج:۳ ص:۴۴۱۔

(۳) إکمال المعلم بفوائد مسلم ج:۱ ص:۱۹۹، ۲۰۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور اصل ''قدریہ'' درحقیقت یہی ہیں، کیونکہ ''قدر'' کے یہی منکر ہیں، برخلاف متأخرین کے کہ وہ ''قدر'' کے منکر نہیں ''قضاء'' کے منکر ہیں جس کی تفصیل آگے آرہی ہے، اس لئے حدیثِ مرفوع ''اَلْقَدَرِيَّةُ مَجُوْسُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ''[۱] پوری طرح انہی پر صادق آتی ہے، کیونکہ یہ ''قدر'' اور ''قضاء'' دونوں کے منکر ہیں، ''قدر'' کے انکار کی وجہ سے ''قدریہ'' ہیں اور ''قضاء'' کے انکار، یعنی اللہ کو خالقِ خیر اور بندوں کو خالقِ شر کہنے کی وجہ سے مجوسیوں کے مشابہ ہیں۔ اس لئے کہ مجوسیوں کا عقیدہ یہ تھا کہ خالق دو ہیں (۱) خالقِ خیر ''یزدان'' ہے، اور (۲) خالقِ شر ''اَھْرَمَنْ''۔

متأخرین قدریہ (جو معتزلہ ہیں) یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو بندوں کے افعال کا علم تو ازل سے ہے مگر وہ اِن افعال کا خالق نہیں۔ حاصل یہ کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے لئے ''قدر'' کو تو مان لیا مگر ''قضاء'' کا انکار کیا۔ متأخرین قدریہ کا کہنا ہے کہ اگر بندوں کے افعال کا خالق اللہ تعالیٰ کو مانا جائے گا تو اللہ تعالیٰ کی طرف خلق الشر کی نسبت لازم آئے گی کیونکہ بندوں کے کچھ افعال خیر ہیں، کچھ شر، تو اللہ تعالیٰ کو خالق الشر بھی ماننا پڑے گا، حالانکہ اللہ تعالیٰ صرف خالقِ خیر ہے، خالقِ شر نہیں کیونکہ خلق الشر بھی شر ہے، اور اللہ تعالیٰ شر سے متصف نہیں ہوسکتا، لہٰذا بندوں کے افعال کا خالق اللہ تعالیٰ نہیں ہوسکتا۔ خلاصہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف شر کی نسبت سے بچنے کے لئے انہوں نے یہ باطل نظریہ اپنایا، اور اللہ تعالیٰ کی ''قضاء'' (خلقِ افعال) کا انکار کردیا۔

عجیب بات ہے انہوں نے یہ نہ سوچا کہ اس طرح تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کی صفتِ خلق میں بندوں کو شریک کردیا، یعنی بندوں کے افعال کا خالق بندوں کو اور باقی اشیاء کا خالق اللہ تعالیٰ کو ٹھہرادیا ہے۔

خلاصہ یہ کہ شر کی نسبت سے بچنے کا جو طریقہ انہوں نے اپنایا وہ باطل ہے، لہٰذا انصاف کی بات یہ ہے کہ اس کا صحیح طریقہ وہ ہے جو اہل السنۃ والجماعۃ نے اختیار کیا ہے کہ ''خلق الشر'' تو اللہ تعالیٰ کا فعل ہے وہ شر نہیں، بلکہ وہ حکمتوں پر مبنی ہونے کی وجہ سے خیر ہے، البتہ ''کسب الشر'' جو بندے شرعاً ممنوع ہونے کے باوجود کرتے ہیں وہ شر ہے۔[۲]

---

(۱) سنن أبی داؤد، باب فی القدر رقم الحدیث: ۴۶۷۷ وسنن الکبریٰ للبیهقی، کتاب الشهادات، باب ما ترد به شهادة اهل الأهواء ج:۱۰ ص:۲۰۴ والمستدرک علی الصحیحین ج:۱ ص:۱۵۹، وقال الحاکم: "هذا حدیث صحیح علیٰ شرط الشیخین، ان صحّ سماع أبی حازم من ابن عمر، ولم یخرجاه."

(۲) مسئلۂ تقدیر سے متعلق تفصیلی حوالہ جات پیچھے گزر چکے ہیں، نیز ملاحظہ فرمایئے: عمدۃ القاری ج:۱ ص:۱۱۱، ۱۱۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "فَقُلْنَا: لَوْ لَقِينَا أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" (ص:۲۷ سطر:۲)

یہ زمانہ وہ تھا جب بہت کم صحابہ کرامؓ باقی رہ گئے تھے، اکثر اِس دُنیا سے رُخصت ہوچکے تھے، اس لئے اس انداز میں جملہ ارشاد فرمایا اور یہ خواہش اس لئے کی کہ اگر مذکورہ اِشکال کا جواب کسی صحابی سے مل جائے تو زیادہ تسلی بخش ہوگا۔

قولہ: "فَاكْتَنَفْتُهُ أَنَا وَصَاحِبِي" (ص:۲۷ سطر:۳)

پس میں ان کے پہلو میں ہوگیا اور میرا ساتھی بھی۔

قولہ: "أَحَدُنَا عَنْ يَمِيْنِه .... الخ" (ص:۲۷ سطر:۳)

اس سے کسی کے ساتھ اور خاص طور سے کسی بڑے کے ساتھ چلنے کا ادب معلوم ہوا کہ جب اُس سے چلتے ہوئے بات بھی کرنی ہو اور بات کرنے والے دو ہوں تو ایک کو دائیں طرف اور دوسرے کو بائیں طرف ہوجانا چاہئے، تاکہ اُسے کسی سے بات کرنے میں دُشواری نہ ہو۔ معلوم ہوا کہ عام طور سے جو مشہور ہے کہ بڑے کے پیچھے چلنا چاہئے، یہ قاعدہ کلیہ نہیں، بلکہ اس قید کے ساتھ مقید ہے کہ "جب پیچھے چلنے سے ان کو تکلیف نہ ہو۔"

ادب کی حقیقت یہ ہے کہ دوسروں کے ساتھ ایسا سلوک رکھو کہ اُنہیں ادنیٰ تکلیف یا ناگواری ناحق پیش نہ آئے، اِس پر عمل کرنے والا باادب ہے، ورنہ بے ادب۔ (سیّدی عارف باللہ حضرت ڈاکٹر محمد عبدالحی صاحب عارفیؒ نے ادب کی یہی تعریف فرمائی ہے)۔ پس بعض اوقات بڑوں سے آگے چلنا ہی ادب ہوتا ہے، مثلاً جب تاریکی یا راستہ پُرخطر ہو، تو ایسے میں بڑوں سے آگے چلنا چاہئے۔

قولہ: "فَظَنَنْتُ أَنَّ صَاحِبِي سَيَكِلُ الْكَلَامَ إِلَيَّ .... الخ" (ص:۲۷ سطر:۳)

یہ ایک سوالِ مقدر کا جواب ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ جب دو مساوی درجہ کے آدمی کسی بڑے سے بات چیت کے لئے جائیں تو بات کرنے کا حق دونوں کو برابر ہوتا ہے، لہٰذا اگر کوئی اپنے ساتھی کی اجازت کے بغیر کلام شروع کردے گا تو ساتھی کی دل شکنی و ناگواری کا سبب ہوگا، اس لئے ساتھی سے اجازت لے کر کلام کرنا ادب کا تقاضا ہے، جب قاعدہ یہ ہے تو سوال (جو یہاں مقدر ہے) یہ ہوسکتا تھا کہ یحییٰ بن یعمر نے اپنے ساتھی کی اجازت کے بغیر خود ہی کیوں گفتگو شروع کردی؟ تو اس کا جواب یحییٰ بن یعمر نے یہاں یہ دیا ہے کہ میرا گمان تھا کہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اگر میں اُن سے بات کرنے کو کہوں گا تب بھی وہ مجھے ہی گفتگو کرنے کو کہیں گے، اس لئے گفتگو میں نے شروع کردی۔[۱]

یہاں یہ مسئلہ بھی معلوم ہوگیا کہ جہاں اجازت کی ضرورت ہو تو وہاں اِذنِ صریح ضروری نہیں ہوتا، بلکہ اِذنِ دلالۃً بھی کافی ہوتا ہے۔

قولہ: "فَقُلْتُ: أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ" (ص:۲۷ سطر:۳)

اس عبارت سے معاشرت کا ایک اور ادب معلوم ہوا کہ کسی بڑے آدمی کو خطاب کرنا ہو تو نام کے بجائے تعظیم کا صیغہ استعمال کرنا چاہئے۔

فائدہ:۔ تعظیم کا صیغہ کون سا ہے؟ اس کا مدار عرف پر ہے، عرب میں چونکہ کنیت سے پکارنا عرفاً تعظیم سمجھا جاتا تھا، اس لئے اُنہوں نے "یا ابا عبدالرحمٰن" کہہ کر خطاب کیا، ہمارے عرف میں بڑے عالم یا بزرگ کو "حضرت" یا "مولانا یا علامہ" وغیرہ جیسے الفاظ سے پکارا جاتا ہے، تو یہاں یہی ادب ہوگا۔

اِس سے ایک اور بات بھی معلوم ہوگئی کہ کلام کے شرعاً و عرفاً صحیح ہونے کے لئے صرف یہ کافی نہیں کہ وہ واقعہ کے مطابق ہو بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ اندازِ تخاطب اچھا اور الفاظِ خطاب بہتر سے بہتر ہوں، چنانچہ اپنے والد کو ان کا نام لے کر پکارنا اگرچہ واقعہ کے اعتبار سے صحیح ہے لیکن ادب کے خلاف ہے۔

قولہ: "قِبَلَنَا" (ص:۲۷ سطر:۳) ہماری طرف یعنی بصرہ میں۔

قولہ: "وَيَتَقَفَّرُوْنَ العِلْمَ" (ص:۲۷ سطر:۴)

قاف پہلے ہے اور فائے مشدَّد بعد میں، معنی یہ ہیں کہ وہ علم کی جستجو کرتے ہیں،[۲] یہ صفت ان میں خاص طور پر پائی جاتی تھی، اس لئے اس کو ذکر کیا۔ اور اگر فاء کو پہلے اور قافِ مشدَّد کو بعد میں پڑھیں تو معنی یہ ہوں گے کہ یہ علم کی باریکیاں تلاش کرتے ہیں۔[۳] چنانچہ

---

(۱) المفہم ج:۱ ص:۱۳۴۔ (۲) لسان العرب ج:۱۱ ص:۲۵۴۔

(۳) بعض طرق میں بتقديم الفاء یعنی "يتفقرون" بھی ہے، اور ایک طریق میں بغیر "راء" وتقديم القاف یعنی "يتقفّون" ہے۔ قاضی عیاضؒ ان طرق کو ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں: "وكلٌّ صحيح متقارب المعنىٰ .... وامّا "يتفقرون" بتقديم الفاء ... هو عندى أشبه ببساطِ الحديث ونظم الكلام، ومرادهُ أنهم يخرجون غامضهُ ويبحثون عن أسراره ويفتحون مغلقهُ." (اکمال المعلم ج:۱ ص:۱۹۷)۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: شرح النووی ج:۱ ص:۲۷، ۲۸۔ والمفہم ج:۱ ص:۱۳۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

''قدریہ'' فلسفہ سے متأثر تھے، اور اُن کو عقلی گھوڑے دوڑانے کا شوق تھا، وہ اِس غلط فہمی کا شکار ہو گئے کہ تقدیر کو ماننے سے انسان کو اپنے افعال میں مجبورِ محض ماننا پڑے گا، اور جب وہ مجبورِ محض ہوا تو اس کے اچھے بُرے افعال پر جزاء وسزا کیسی؟

ان کی اِس غلط فہمی کا مختصر جواب ضمنی طور پر ذرا پہلے آچکا ہے (کہ سزا و جزا کسبِ افعال پر ملتی ہے جو انسان کے اختیار میں ہے، خلقِ افعال پر نہیں ملتی جو اللہ تعالیٰ کی صفت ہے)، اور مفصل تحقیقی جواب ''المسئلة الخامسة'' کے تحت اس سے پہلے آچکا ہے۔

قولہ: ''وَذَكَرَ مِنْ شَأنِهِم'' (ص:۲۷ سطر:۴)

یہ جملہ بظاہر یحییٰ بن یعمر کے شاگرد ابن بُرَیْدَہ کا ہے اور مطلب یہ ہے کہ یحییٰ بن یعمر نے ان لوگوں (قدریہ) کے کچھ حالات ذکر کئے کہ وہ علم سے بڑی دِلچسپی رکھتے اور اس کے لئے بہت محنت اور جستجو کرتے ہیں وغیرہ۔

قولہ: ''اَنْ لا قدرَ'' (ص:۲۷ سطر:۴)

یعنی اللہ تعالیٰ کو واقعات کا علم پہلے سے نہیں ہوتا، بلکہ جب کوئی واقعہ پیش آجاتا ہے تو اُس وقت علم ہوتا ہے، گویا کائنات میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے پیشگی علم اور ارادۂ اِلٰہی کے بغیر ہو رہا ہے۔

قولہ: ''وَاَنَّ الْاَمْرَ اُنُفٌ'' (ص:۲۷ سطر:۴) بضم الهمزة والنون۔

کہا جاتا ہے: ''اَلـرَّوْضُ الْاُنُفُ'' یعنی ایسا باغیچہ جس سے کسی جانور نے ابھی تک چرا نہ ہو، ہر اُس چیز کو اُنُفٌ کہا جاتا ہے جو مستـأنف ہو یعنی اُس پر کوئی دوسری چیز سابق نہ ہو،[1] اور یہاں ''قدریہ'' کے اس قول ''انَّ الامـر اُنُفٌ'' کا مطلب یہ ہے کہ پیش آنے والے واقعات مستأنَف ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ کا علم اُن واقعات سے سابق اور مقدم نہیں ہوتا، حاصل اس قول کا یہی ہے کہ ''قدر'' کا کوئی وجود نہیں۔

قولہ: ''قَالَ: اِذَا لَقِيتَ .... الخ'' (ص:۲۷ سطر:۴)

عبداللہ بن عمرؓ نے یہاں ''قدریہ'' کے بارے میں دو باتیں ارشاد فرمائی ہیں، ایک: ''انّی بریءٌ منهم، وإنهم برآءُ منّی'' اور دوسری یہ کہ: ''لو ان لأحدهم مثلَ أُحدٍ ذهبا فانفقه ما

(۱) لسان العرب ج:۱ ص:۲۳۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قبل اللهُ منهم" ان جملوں کے ظاہر سے یہ تأثر ملتا ہے کہ عبداللہ بن عمرؓ کی مراد اِن کی تکفیر ہے، لیکن غور کیا جائے تو اس میں تکفیر کی صراحت نہیں، کیونکہ یہاں نفی صحتِ صدقہ کی نہیں ہے، یعنی حضرت ابنِ عمرؓ نے یہ نہیں فرمایا کہ اُن کے صدقات ادا نہیں ہوں گے، زکوٰۃ ادا نہیں ہوگی، اگر یہ فرماتے تو تکفیر کی صراحت ہوجاتی، کیونکہ یہ کفر ہی کی خصوصیت ہے کہ اُس کے ساتھ کوئی عبادت صحیح نہیں ہوتی کالعدم ہوتی ہے، بلکہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے نفی قبول کی فرمائی ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ ان صدقات کا ثواب نہیں ملے گا، اور عدمِ قبول مسلمان کے عمل پر بھی ہوسکتا ہے، جیسا کہ جماہیر علماء کا مذہب بلکہ سلف کا اجماع ہے کہ دارِ مغصوبہ میں کوئی اگر نماز پڑھ لے تو نماز صحیح ہوجائے گی یعنی اُس کی قضاء فرض نہ ہوگی (فرض ادا ہوجائے گا) مگر یہ نماز مقبول نہ ہوگی یعنی اس پر ثواب نہیں ملے گا۔(۱)

لیکن اس فرقہ متقدمین قدریہ کے کفر کی صراحت دوسرے علمائے کرام کے کلام میں موجود ہے، اور ان کو متفقہ طور پر کافر قرار دیا گیا ہے۔(۲)

حدیثِ جبریل کے بارے میں علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ پورے دین کا خلاصہ ہے،(۳) چنانچہ علامہ بغویؒ نے اپنی کتاب "مصابیح" کا آغاز بھی اسی سے کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے یحییٰ بن یعمر کے جواب میں یہ حدیث اس لئے سنائی کہ یہ ایمان بالقدر پر مشتمل ہے جیسا کہ آگے متنِ حدیث میں آرہا ہے۔

قولہ: "ذاتَ یَوْم" (ص:۲۷ سطر:۵)

"یومًا" کے بجائے ذات یوم کہنے کی وجہ یہ ہے کہ لفظِ یوم کے اصل معنی "نہار" ہیں، لیکن بکثرت "مطلق زمانہ" کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے، لہٰذا جب مقصود یہ ظاہر کرنا ہو کہ یوم سے مراد نہار ہی ہے تو لفظِ ذات کا اضافہ کردیتے ہیں، یہی وجہ "ذات لیل" میں بھی ہوتی ہے، بہرحال بتانا یہ مقصود ہے کہ یہ واقعہ دن کا ہے۔(۴)

قولہ: "رَجُلٌ" (ص:۲۷ سطر:۵) یہ جبریل علیہ السلام تھے، انسانی شکل میں آئے تھے،

---

(۱) ردّالمحتار ج:۱ ص:۳۸۱ وشرح النووی ج:۱ ص:۲۸۔

(۲) إکمال المعلم بفوائد مسلم ج:۱ ص:۲۰۲ وشرح النووی ج:۱ ص:۲۸۔

(۳) ملاحظہ فرمائیے: المفہم ج:۱ ص:۱۵۲۔

(۴) فتح الملہم ج:۱ ص:۴۶۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جیسا کہ آگے بیان ہوگا۔

قوله: "شَدِيْدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ" (ص:۲۷ سطر:۵)

لفظ "شدیدُ" مضاف ہے اور "بیاض" مضاف الیہ مضاف ہے، یعنی "شدیدُ" کے لئے مضاف الیہ ہے، اور "الثیاب" کے لئے مضاف، اور "الثیاب" اس کا مضاف الیہ ہے، اور "الثیاب" خود بھی دراصل مضاف تھا ضمیرِ غائب کی طرف جو "رَجُل" کی طرف راجع تھی أی شدید بیاض ثیابہٖ مگر اُس ضمیر کو حذف کر کے الف لام کو اس کے قائم مقام کردیا گیا، پھر یہ پوری عبارت مل کر "رَجُلٌ" کی صفت ہے۔[۱]

بعینہٖ یہی ترکیب "شدیدُ سوادِ الشعر" کی ہے۔

قوله: "شَدِيْدُ سَوَادِ الشَّعَرِ" (ص:۲۷ سطر:۵)

ایک روایت میں "شدید سواد اللحیة" کے الفاظ ہیں[۲]، کپڑوں کا بالکل سفید اور بالوں کا بالکل سیاہ ہونا اور غبارآلود نہ ہونا علامت اِس بات کی تھی کہ آنے والا سفر کر کے نہیں آرہا، مدینہ منورہ ہی میں رہتا ہے۔

قوله: "وَلَا يَعْرِفُهٗ مِنَّا أَحَدٌ" (ص:۲۷ سطر:۶)

یہ علامت تھی اس بات کی کہ یہ شخص مدینہ منورہ کا رہنے والا نہیں، مسافر ہے، اگر یہاں کا رہنے والا ہوتا تو حاضرین اُس کو ضرور پہچانتے، کیونکہ مدینہ منورہ کی آبادی اُس زمانے میں زیادہ نہ تھی۔ خلاصہ یہ کہ اس شخص میں دو متضاد علامتیں جمع تھیں، مسافر ہونے کی بھی اور مسافر نہ ہونے کی بھی۔

قوله: "حَتّٰى جَلَسَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" (ص:۲۷ سطر:۶)

سلیمان التیمیؒ کی ایک روایت میں ہے کہ: "فتخطّٰی حتی بَرَکَ بین یَدَیِ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کما یجلس أحدنا فی الصلوٰۃ"[۳] یعنی وہ لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دو زانو ہوکر بیٹھ گیا، تخطّیِ رقاب اسلامی آداب سے ناواقفیت کی علامت تھی اور دو زانو ہوکر بیٹھنا اس بات کی علامت تھی کہ یہ شخص اسلامی آدابِ مجلس

(۱) حوالۂ بالا بزیادۃ ایضاح وتوضیح۔

(۲) صحیح ابن حبّان ج:۱ ص:۳۸۹ رقم الحدیث: ۱۶۸، باب فرض الایمان۔

(۳) فتح الملہم ج:۱ ص:۴۶۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے واقف ہے، دیہاتی اور بدو نہیں، یہ دونوں علامتیں بھی متضاد تھیں۔

ابو فروہ کی روایت میں ہے کہ: اُس نے (بیٹھنے کے بعد) پوچھا: "أدنُوْ یا محمد؟ قال اُدْنُ فما زال یقول أدنو مرارًا ویقول لهٗ "اُدْنُ" پہلی بات اجازت طلب کرنا مہذب وشائستہ ہونے کی علامت تھی، مگر بار بار قریب ہوتے ہوئے اجازت مانگتے رہنا غیر مہذب ہونے کی علامت تھی، یہ دونوں علامتیں بھی متضاد تھیں۔ اور "یا رسول اللہ" کے بجائے "یا محمدؐ" کہنا بھی خلافِ ادب تھا۔

قوله: "فَأَسْنَدَ رُکْبَتَیْهِ إِلَی رُکْبَتَیْهِ" (ص:۲۷ سطر:۶)

یہ عمل بھی تعظیم کے خلاف اور اس کی علامت تھا کہ یہ شخص اسلامی آداب سے ناواقف، بدو اور دیہاتی ہے۔

قوله: "وَوَضَعَ کَفَّیْهِ عَلَی فَخِذَیْهِ" (ص:۲۷ سطر:۶)

علامہ نوویؒ نے "فَخِذَیه" کی ضمیر کو "رجُل" کی طرف راجع کیا ہے، یعنی اُس نے اپنی رانوں پر ہاتھ رکھے جس طرح باادب شاگرد اُستاذ کے سامنے بیٹھتا ہے۔[1] جبکہ حافظ ابنِ حجرؒ نے ابنِ عباسؓ اور ابو عامر الاشعری کی روایت میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں کہ: "ثم وضع یَدَهٗ علٰی رکبتی النبی صلی اللہ علیه وسلم"[2] اس میں صراحت ہے کہ اُس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھ دیئے تھے۔ علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ فرماتے ہیں کہ غالبًا دونوں کام کئے، پہلے اپنی فخذ پر ہاتھ رکھے جو باادب ہونے کی علامت تھی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی فخذین شریفین پر رکھ دیئے جو بے ادب ہونے کی علامت تھی۔ چنانچہ سلیمان التیمیؒ کی روایت جو صحیح ابنِ خزیمہ میں آئی ہے اور جس کا کچھ حصہ ہم نے پیچھے ذکر کیا ہے، اُس میں یہ دونوں عمل جمع ہیں،[3] اس میں ہے کہ: "فتخطّٰی حتی برک بین یدی النبی صلی اللہ علیه وسلم کما یجلس احدنا فی الصلوٰة، ثم وضع یَدَهٗ عَلٰی رُکبتی النبی صلی اللہ علیه وسلم"۔ غرضیکہ اِن دونوں اعمال سے بھی متعارض علامتوں کا اظہار ہوا۔ حاصل تمام روایات کا یہ ہے کہ اِن متعارض کیفیات اور علامات کے اظہار سے مقصود حضرت جبریلؑ کا یہ تھا کہ حاضرین حیران

---

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۲۸۔

(۲) فتح الباری ج:۱ ص:۱۱۶، اس کے بعد حافظ ابنِ حجرؒ لکھتے ہیں: "وبه جزم البغوی واسماعیل التیمی لهٰذه الروایة ورجحه الطیبی بحثًا۔"

(۳) فتح الملهم ج:۱ ص:۴۶۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہوکر ان کی طرف ہمہ تن متوجہ رہیں کیونکہ آگے ان کا جو مکالمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا، اُس میں پورے دین کا خلاصہ بیان ہونے والا تھا، اُسے غور سے سنیں۔

قولہ: "وَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ!" (ص:۲۷ سطر:۶)

ابوفروہ کی روایت میں ہے کہ اُس نے سلام کرنے کے بعد "یا محمد!" کہا تھا،[۱] اس میں بھی دو متعارض علامتوں کا مظاہرہ ہوا ہے کہ سلام کرنا اسلامی آداب سے واقفیت کی علامت اور "یا محمد!" کہنا اَحکام سے ناواقفیت کی علامت تھی کہ قرآنِ کریم میں مسلمانوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لے کر پکارنے سے منع کیا گیا ہے، سورۃ النور[۲] میں ارشاد ہے: "لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا" چنانچہ صحابہ کرامؓ آپ کو "یا رسول اللہ" کہہ کر خطاب کرتے تھے، اور مطر الورّاق کی روایت میں ہے کہ اُس نے "یا رسول اللہ" کہا تھا۔[۳] فتح الباری میں تطبیق اس طرح دی گئی ہے کہ اُس نے پہلے نام لے کر پکارا ہوگا، بعد میں "یا رسول اللہ" کہا ہوگا۔[۴] اِن دونوں الفاظ میں بھی متعارض علامتیں پائی گئیں۔

قولہ: "أَخْبِرْنِيْ عَنِ الْإِسْلَامِ." (ص:۲۷ سطر:۶)

اِس حدیث میں جبریل امینؑ کے تین سوال آئے ہیں، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے جواب ارشاد فرمائے جو پورے دین کا خلاصہ ہیں، اور یہ واقعہ حجۃ الوداع کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے آخری ایام کا ہے،[۵] جس طرح ایک کامیاب اُستاذ اپنے بیان کو پہلے اجمالاً، پھر تفصیل سے اور پھر آخر میں اس کا خلاصہ طلبہ کے سامنے پیش کرتا ہے، اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دینِ الٰہی کی تعلیم وتبلیغ فرمائی کہ آغازِ وحی کے وقت سے ۲۳ سال تک آپ دینِ اسلام کی تعلیم اپنے اقوال وافعال سے خوب تفصیل کے ساتھ فرماتے رہے، اور آخر میں اس حدیث کے ذریعہ پورے دین کا خلاصہ ارشاد فرمادیا۔

قولہ: "الْإِسْلَامُ أَنْ تَشْهَدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ .... الخ" (ص:۲۷ سطر:۷)

---

(۱) مسند اسحاق بن راہویہ ج:۱ ص:۲۰۹ رقم الحدیث: ۱۲۵ وسنن أبی داوٗد اوّل کتاب السنة، باب فی القدر، رقم الحدیث: ۴۶۸۱۔ (۲) آیت نمبر:۶۳۔

(۳) مسند أبی داوٗد الطیالسی ج:۱ ص:۵۔ (۴) فتح الباری ج:۱ ص:۱۱۷۔

(۵) فتح الباری کتاب الإیمان باب سؤال جبریل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن الإیمان والإسلام، ج:۱ ص:۸۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس جواب سے معلوم ہوا کہ اسلام مجموعہ ہے اعمالِ ظاہرہ کا، یعنی زبان اور جوارح کے اعمال کا، لیکن اسلام کی یہ تعریف ایک اصطلاح کے مطابق ہے، اور دوسری اصطلاح میں اسلام پورے دین کا علَم ہے، لقولہ تعالیٰ: "اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَام"۔[۱]

قولہ: "إِنِ اسْتَطَعْتَ إِلَیْهِ سَبِیْلاً" (ص:۲۷ سطر:۷)

امام شافعیؒ کے نزدیک استطاعتِ مالیہ مراد ہے، چنانچہ مالدار اپاہج پر حجِ بدل کرانا فرض ہے،[۲] اور امام مالکؒ کے نزدیک استطاعتِ بدنیہ مراد ہے، چنانچہ اُن کے نزدیک ایسے تندرست غیر مالدار پر حج فرض ہے جو پیدل جانے پر قادر ہو اور راستے میں کمانے پر بھی۔[۳] اور امامِ اعظمؒ کے نزدیک استطاعتِ مالیہ و بدنیہ دونوں کا ہونا شرطِ فرضیت ہے، پس جس کو زاد حاصل ہو اور سواری پر سفر کی قدرت ہو اُس پر حج فرض ہے۔ (فتح الملهم بزيادة ايضاح)۔[۴]

قولہ: "قَالَ فَأَخْبِرْنِیْ عَنِ الإِیْمَان" (ص:۲۷ سطر:۷، ۸)

یہاں سوال تو ایمان کی حقیقت کے بارے میں ہے، جبکہ جواب میں متعلقاتِ ایمان کو ذکر کیا گیا ہے حقیقتِ ایمان کی تعریف نہیں فرمائی گئی، اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے علم میں یہ بات تھی کہ سائل کو ایمان کی حقیقتِ لغویہ معلوم ہے کیونکہ وہ عربی مادری زبان کی طرح بول رہا تھا اور وہ صرف متعلقاتِ ایمان دریافت کرنا چاہتا ہے، لہٰذا جواب میں متعلقاتِ ایمان کو ذکر فرمایا۔[۵]

اِشکال:- ایمان مُعرَّف ہے اور "أن تؤمن .... الخ" تعریف ہے، مُعرَّف اور تعریف کے لئے جب ایک ہی لفظ آیا تو ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف ہوگیا تو دور لازم آگیا، کیونکہ اگر تعریف میں معرَّف ہی کو ذکر کردیا جائے تو دور لازم آتا ہے۔

---

(۱) ترجمہ:- "دین تو خدا کے نزدیک اسلام ہی ہے۔" (سورۃ آل عمران:۱۹)۔

(۲) كتاب الأم للشافعي، باب كيف الاستطاعة الى الحج. ج:۵ ص:۲۱۔

(۳) عقد الجواهر الثمينة ج:۱ ص:۳۸۰۔

(۴) بدنی صحت کے بارے میں احناف کے درمیان اختلاف ہے، ففي غنية الناسک ص:۲۳: "امّا شرائط وجوب الأداء خمسة ..... الأوّل: الصحة: وهي سلامة البدن عن الأفات المانعة عن القيام بما لا بد منه في سفرِ الحج هٰذا عندهما، امّا ظاهر المذهب عند أبي حنيفة: فهي شرط الوجوب .... الخ." وكذا في مناسک الحج لمُلّا علي القاري ص:۵۱۔

(۵) فتح الملهم ج:۱ ص:۴۶۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جواب:- یہ ہے کہ سوال میں مراد ایمانِ شرعی ہے، یعنی سائل ایمانِ شرعی معلوم کرنا چاہتا تھا، جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو "أن تؤمن .... الخ" فرمایا ہے، یہ ایمانِ لغوی ہے، لہٰذا تعریف میں معرَّف کا ذکر نہ ہوا اور دور لازم نہ آیا۔(۱) جس کا حاصل یہ نکلا کہ ایمانِ شرعی وہی ہے جو ایمانِ لغوی ہے البتہ دونوں کے متعلقات (مؤمَنٌ بہٖ) میں فرق ہے، جس سے معلوم ہوا کہ ایمانِ لغوی اور ایمانِ شرعی دونوں میں فرق باعتبار متعلقات (مؤمَنٌ بہٖ) کے ہے، حقیقت و ماہیت میں کوئی فرق نہیں ہے، اسی وجہ سے یہاں ایمان کی حقیقت و ماہیت کو ذکر نہیں فرمایا۔

قولہ: "قَالَ: أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ .... الخ" (ص:۲۷ سطر:۸)

ایمان کے معنیٰ ہیں دل سے تصدیق کرنا، معلوم ہوا کہ ایمان کا محل قلب ہے، جبکہ اسلام کا محل زبان اور اعضاء و جوارح ہیں، اور دونوں کی حقیقتیں بھی جدا جدا ہیں۔

قولہ: "قَالَ: فَأَخْبِرْنِيْ عَنِ الْإِحْسَانِ" (ص:۲۷ سطر:۸)

احسان مصدر ہے بابِ افعال کا، اس کے دو معنیٰ ہیں، ایک "کسی کام کو اچھی طرح انجام دینا" جیسے کہا جاتا ہے: "اَحسنتَ الخطبةَ" تو نے خطبہ اچھا دیا، اس معنیٰ میں جب آتا ہے تو یہ بغیر واسطۂ حرفِ جر کے متعدی ہوتا ہے۔ اور دوسرے معنیٰ ہیں "کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا" جب اس معنیٰ میں استعمال ہو تو اس کے صلہ میں اِلٰی آتا ہے جیسے: "أحسِنْ اِلٰی من أساءَ اِلیک" یہاں پر حدیثِ جبریل میں لفظِ احسان پہلے معنیٰ میں استعمال ہوا ہے، جس کا حاصل ہے اعمال کو اچھی طرح انجام دینا۔(۲)

قولہ: "أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ" (ص:۲۷ سطر:۸)

حافظ ابنِ حجرؒ(۳) اور شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ(۴) نے اس کی تشریح یوں کی ہے کہ اس میں احسان کے دو درجے بیان کئے گئے ہیں، "أن تعبد اللہ .... الخ" یہ درجۂ اوّل ہے، اس کا نام مقامِ مشاہدہ ہے۔ "فان لم تکن تراہ .... الخ" یہ دوسرا درجہ ہے، یعنی اگر تو پہلے درجے کی عبادت نہ کر سکے تو دوسرے درجے کی عبادت کر لے، یعنی عبادت اس استحضار کے ساتھ کرے

(۱) شرح الکرمانی لصحیح البخاری ج:۱ ص:۱۹۴۔

(۲) لسان العرب ج:۳ ص:۱۷۹۔

(۳) فتح الباری ج:۱ ص:۱۲۰۔

(۴) لمعات التنقیح تحت هذا الحدیث ج:۱ ص:۶۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کہ اللہ تجھ کو دیکھ رہا ہے، اِس کا نام مقامِ مراقبہ ہے، لیکن اس تفسیر کو عام طور پر ہمارے بزرگوں نے اختیار نہیں کیا کیونکہ اِس روایت کے الفاظ اس کی تائید نہیں کرتے اور اس حدیث کی دوسری روایات کے الفاظ پر بھی یہ تشریح منطبق نہیں ہوتی، چنانچہ علامہ نوویؒ[۱] و علامہ سندھیؒ[۲]، حکیم الاُمّت حضرت تھانویؒ اور حضرت گنگوہیؒ[۳] نے یہ تفسیر اختیار نہیں کی، اِن حضرات نے تفسیر یہ کی ہے کہ تو اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرے گویا کہ تو اس کو دیکھ رہا ہے، کیونکہ تو اگرچہ اُس کو نہیں دیکھ رہا مگر وہ تو تجھ کو دیکھ رہا ہے۔ اس تفسیر کی رُو سے جملہ: "فان لم تکن تراہُ .... الخ" پہلے جملہ کی تعلیل ہے اور ایک سوالِ مقدر کا جواب ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی اللہ تعالیٰ کو دیکھ کر عبادت کرتا تو وہ اِخلاص و تعظیم و حضورِ قلب اور خشوع و خضوع میں کوئی کسر نہ چھوڑتا، ایسی عبادت کرنا احسان ہے۔ اس پر یہ سوال ہوسکتا تھا کہ ہمیں یہ معلوم ہی نہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کو دیکھ کر کیسے عبادت کرتے کیونکہ دُنیا میں رُویتِ باری تعالیٰ ممکن ہی نہیں، لہٰذا جب رُویت ممکن نہیں تو ہمیں رُویت کے ساتھ کیفیتِ عبادت کا علم بھی نہیں ہوسکتا؟ اور جب علم نہیں ہوسکتا تو اس پر عمل بھی ممکن نہیں۔ تو اِس اِشکال کو دوسرے جملہ "فان لم تکن تراہُ .... الخ" سے رفع فرمایا، اس میں "اِن" شرطیہ نہیں بلکہ وصلیہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ اگرچہ تم اُس کو نہیں دیکھ سکتے لیکن وہ تو تم کو دیکھ رہا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر تم اللہ تعالیٰ کو دیکھ کر اعلیٰ درجہ کی عبادت کرتے تو کس وجہ سے اعلیٰ درجہ کی عبادت کرتے؟ کیا اِس وجہ سے کہ وہ تم کو دیکھ رہا ہے؟ یا اس وجہ سے کہ تم اُس کو دیکھ رہے ہو؟ ظاہر ہے کہ تم اعلیٰ درجے کی عبادت اُس وقت اسی وجہ سے کرتے کہ وہ تم کو دیکھ رہا ہے نہ اس وجہ سے کہ تم اس کو دیکھ رہے ہو۔ مثلاً: اگر کسی شاگرد کو معلوم ہو کہ اُستاذ دیکھ رہا ہے تو شاگرد اگر اندھا بھی ہو تب بھی باادب ہو کر بیٹھتا ہے، لیکن اگر اس کے برعکس ہو تو پھر شاگرد بے پروا ہو کر بیٹھے گا، کیونکہ شاگرد کو معلوم ہے کہ اُستاذ مجھے نہیں دیکھ رہا، معلوم ہوا کہ اعلیٰ درجہ کی عبادت جو اللہ تعالیٰ کو دیکھ کر انسان کرتا اس کی وجہ یہ نہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہے، بلکہ وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو دیکھ رہا ہے، اور یہ علّت اللہ تعالیٰ کو دیکھے بغیر بھی موجود ہے کہ وہ تجھ کو دیکھ

---

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۲۸۔

(۲) حاشیۃ العلامۃ السندی علی صحیح مسلم ج:۱ ص:۲۹، أنظر ایضًا حاشیۃ السندی علی الصحیح للبخاری تحت ھٰذا الحدیث.

(۳) الحلّ المفھم ج:۱ ص:۲۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رہا ہے۔ حاصل یہ کہ جملۂ ثانیہ جملۂ اُولیٰ سے پیدا ہونے والے سوالِ مقدر کا جواب ہے یا جملۂ اُولیٰ کی تعلیل ہے۔

قولہ: "فَأَخْبِرْنِيْ عَنِ السَّاعَةِ" (ص:۲۷ سطر:۹)

مقصودِ سوال وقتِ قیامت معلوم کرنا تھا نہ یہ کہ قیامت واقع ہوگی یا نہیں؟[1] چنانچہ آگے اسی باب میں حضرت ابوہریرہ کی روایت میں "متٰی تقوم الساعة" ہے۔

"الســـاعة" عرف میں دن رات کے مجموعے کا چوبیسواں حصہ (ایک گھنٹہ) ہے، مگر قرآن وسنت اور کلامِ عرب میں یہ قیامت کے معنیٰ میں بھی استعمال ہوتا ہے، یہاں وہی مراد ہے۔[2]

قولہ: "قَالَ: مَا الْمَسْؤُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ" (ص:۲۷ سطر:۹)

مطلب یہ کہ وقتِ قیامت کے بارے میں میں تم سے زیادہ جاننے والا نہیں۔

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس جملہ کے بجائے مختصر جملہ "لا أدری" کیوں نہ فرمادیا؟

جواب یہ ہے کہ اگر یہ فرماتے تو یہ قضیۂ جزئیہ ہوتا، یعنی اِس سے صرف اتنا پتہ چلتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت کے وقت کے بارے میں جبریلِ امینؑ سے زیادہ علم نہیں، یہ معلوم نہ ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور کو بھی علم نہیں، تو یہ بتلانے کے لئے "ما المسئول عنهـــا .... الخ" کا جملہ بطورِ قضیۂ کلیہ کے ارشاد فرمایا کہ جس سے بھی سوال کیا جائے گا وہ سائل سے زیادہ اس کو نہیں جانتا ہوگا۔ خلاصہ یہ کہ یہ علم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کے پاس نہیں۔[3] ایک روایت میں ہے کہ یہی سوال و جواب حضرت عیسیٰؑ اور جبریلؑ کے درمیان ہوا تھا، لیکن اس فرق کے ساتھ کہ وہاں سائل حضرت عیسیٰ علیہ السلام تھے اور مسئول حضرت جبریل علیہ السلام۔[4]

قولہ: "عَنْ اَمَارَاتِهَا" (ص:۲۷ سطر:۹)

"اَمار و اَمارة" علامت کو کہتے ہیں۔

قولہ: "أَنْ تَلِدَ الْأَمَةُ رَبَّتَهَا" (ص:۲۷ سطر:۹)

کہ باندی اپنے سیّد کو جنے۔ اس کے کئی مطلب ہوسکتے ہیں:

---

(۱) المرقاة ج:۱ ص:۱۲۷۔ (۲) المفهم ج:۱ ص:۱۴۷۔

(۳) فتح الباری ج:۱ ص:۱۲۱، مرقاة ج:۱ ص:۱۲۷۔

(۴) فتح الباری ج:۱ ص:۱۲۱، ولفظهٗ: "سأل عيسىٰ ابن مريم جبريل عن الساعة، قال: فانتفض بأجنحته وقال: ما المسئول عنها بأعلم من السائل." البتہ فتح الباری کے حاشیہ پر اس کی سند کو غیر قوی قرار دیا گیا ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- ایک یہ کہ اس میں اشارہ ہے عقوق الاُمّہات کی طرف، کہ لوگ اپنی ماؤں کے ساتھ ایسا تحقیر کا معاملہ کریں گے جیسا باندی سے اُس کا مالک کرتا ہے، جس طرح کا معاملہ باندی سے خدمت لینے کا کیا جاتا ہے ویسا ہی معاملہ ماں کے ساتھ کریں گے۔

۲- دوسرا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ اس سے مراد ''اولادِ اِماءٗ'' کا بادشاہ ہونا ہے، یعنی باندیوں کی اولاد بادشاہ ہوگی، جس کے باعث یہ باندی بھی دوسرے لوگوں کی طرح اس بادشاہ (اپنے بیٹے) کی رعیّت ہوگی، چنانچہ یہ ایسا ہی ہوجائے گا کہ گویا باندی نے اپنے آقا کو جنا ہے۔ تاریخِ اسلام میں ایسی مثالیں بہت ہیں کہ باندی کے بیٹے بادشاہ اور حاکم بنے۔ خلیفہ ہارون رشید کا بیٹا مأمون الرشید بھی باندی کے بطن سے پیدا ہوا تھا۔

۳- تیسرا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ اس سے اشارہ ہو اُمِّ ولد کی بیع کی طرف، جو شرعاً جائز نہیں، جب اُمِّ ولد کی بیع کثرت سے ہونے لگے گی تو کسی اُمِّ ولد کی بیع در بیع ہوتے ہوتے نوبت یہ آجائے گی کہ اُس اُمِّ ولد کو اُس کا بیٹا ہی خرید لے گا اور اُس کو علم بھی نہ ہوگا کہ یہ میری ماں ہے، پھر اس سے باندیوں کی طرح خدمت لے گا۔[1]

قولہ: ''وَأَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ ، الْعَالَةَ .... الخ'' (ص:۲۷ سطر:۹)

حُفاۃ حافی کی جمع ہے، معنیٰ ننگے پاؤں والا، اور عُراۃ عاری کی جمع ہے، ننگے بدن والا، یا کپڑے پہنے ہوں لیکن ناکافی ہوں تو اُسے بھی عاری کہہ دیا جاتا ہے، اور العالۃ عائل کی جمع ہے، بمعنیٰ فقیر۔

قولہ: ''رِعَاءَ الشَّاءِ'' (ص:۲۷ سطر:۹)

''رعاء'' راعی کی جمع ہے، رُعاۃ بھی جمع آتی ہے، معنیٰ ہیں چرواہے۔ یہاں بکریوں کے چراہوں کا ذکر فرمایا نہ کہ اُونٹ اور گائے، بھینس کے چرواہوں کا، کیونکہ بکریوں کے چرواہے مالی اور معاشرتی اعتبار سے کم درجہ کے لوگ ہوتے ہیں۔ لفظ الشاء بکرا، دُنبہ، مینڈھا اور ان کے مذکر ومؤنث سب کو شامل ہے، یعنی اِسمِ جنس ہے۔

قولہ: ''يَتَطَاوَلُوْنَ فِي الْبُنْيَانِ'' (ص:۲۷ سطر:۱۰)

وہ ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کریں گے عمارتوں کی اُونچائی میں، مطلب یہ ہے کہ

(۱) اِن تینوں مطالب کے لئے رجوع فرمائیں: فتح الباری ج:۱ ص:۱۲۲ والمفہم ج:۱ ص:۱۴۸ واکمال المعلم ج:۱ ص:۲۰۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فقیر اور ادنیٰ درجے کے لوگ مالدار بن جائیں گے یعنی حالات پلٹ جائیں گے۔

ویسے تو یہ علامت کئی مرتبہ پائی گئی لیکن دو مرتبہ زیادہ واضح طور پر سامنے آئی۔

۱- ایک مرتبہ یہ علامت تاتاریوں میں پائی گئی جنہوں نے اہلِ اسلام پر اَز حد ظلم کیا، پھر تاتاریوں کے سردار چنگیز خان کے بیٹے ہلاکو خان کی اولاد میں سے بعض لوگ مشرف باسلام ہوگئے، چنانچہ ہلاکو خان کی چوتھی پشت میں تیمور لنگ پیدا ہوا اور اُس کی نسل میں بابر بادشاہ گزرا جو فرغانہ (اُزبکستان) سے ہندوستان آیا اور یہاں مغل حکومت قائم کی، پھر اُس کی اولاد میں شاہجہاں نے بلند و بالا عمارات، آگرہ کا تاج محل اور دہلی کی جامع مسجد وغیرہ تعمیر کیں۔ اصل میں ان کے آباء واجداد (تاتاری) معاشرتی اور معاشی طور پر بہت پس ماندہ تھے، بکریوں کی گلہ بانی ان کا پیشہ تھا، اور شہریت و تمدن سے بہت دور تھے۔

۲- دوسری مرتبہ یہ علامت اہلِ مغرب میں نمایاں نظر آئی، یہ بھی بہت غریب اور پس ماندہ تھے لیکن اب فلک بوس عمارتیں بنانے میں دُنیا کا مقابلہ کر رہے ہیں۔

قولہ: "فَلَبِثْتُ مَلِيًّا" (ص:۲۷ سطر:۱۰)

مليًا أي وقتًا طويلًا۔ ابوداؤد[۱] اور ترمذی[۲] کی روایت میں "فَلَبِثْتُ ثلاثًا" ہے، اور ترمذی کی ایک روایت میں صراحت ہے کہ: "فَلَقِيَنِي النبيُّ صَلَّى الله عليه وسلم بعد ثلاثٍ" یعنی تین راتوں کے بعد۔

قولہ: "فَإِنَّهُ جِبْرِيْلُ" (ص:۲۷ سطر:۱۰)

جِبْرَئِيْل، جِبْرِيْل، جَبْرَئِيْل، جَبْرِيْل چاروں طریقے سے پڑھا جاسکتا ہے۔

قولہ: "أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ" (ص:۲۷ سطر:۱۰)

اس سے معلوم ہوا کہ یہ حدیث پورے دین کا خلاصہ ہے، چنانچہ اس حدیث کو "اُمُّ السنة" کہا جاتا ہے، جیسے کہ سورۂ فاتحہ کو جو پورے قرآن کا خلاصہ و دیباچہ ہے "اُمُّ الکتاب" کہا جاتا ہے، اور معلوم ہوا کہ پورا دین تین چیزوں کا مجموعہ ہے:-

۱- ایمان یعنی عقائد۔ ۲- اسلام یعنی اعمالِ ظاہرہ۔ ۳- احسان یعنی اعمالِ باطنہ۔

(۱) سنن أبي داؤد، اوّل كتاب السنة، باب في القدر، رقم الحديث: ۴۶۸۱۔

(۲) جامع الترمذي، باب ما جاء في ما وصف جبريل للنبي صلى الله عليه وسلم الايمان والاسلام، رقم الحديث: ۲۶۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایمان و اسلام کی تفصیل کتاب الایمان کے اُصولی مباحث میں مسئلۂ اُولیٰ و ثانیہ و ثالثہ میں شرح و بسط کے ساتھ آچکی ہے۔ یہاں احسان کی کچھ تشریح سمجھ لیجئے۔

احسان کے معنیٰ ہیں دینِ اسلام کے اعمال کو اچھے طریقے سے انجام دینا۔ احسان کا ایک درجہ وہ ہے جس کے بغیر اعمالِ ظاہرہ باطل اور کالعدم رہتے ہیں، مثلاً: عبادات کے لئے نیت، کہ اس کے بغیر کوئی عبادت درست نہیں، یعنی اداء ہی نہیں ہوتی۔ احسان کا یہ درجہ اعمالِ صالحہ کی صحت کے لئے شرط ہے۔ اور ایک درجہ احسان کا وہ ہے جو اعمالِ صالحہ کے وجود اور صحت کے لئے تو شرط نہیں، البتہ قبولیت یعنی ثواب کے لئے شرط ہے، مثلاً: نیت فی الوضوء، کہ نیت کے بغیر وضوء ہو تو جاتا ہے یعنی مفتاحِ صلوٰۃ بن جاتا ہے مگر اس پر ثواب نہیں ملتا۔[1] ایسے ہی احسان کا ایک فرد تقویٰ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کا خوف نہ ہو تو آدمی کبائر کا مرتکب ہوجاتا ہے، ایسے ہی دوسرے تمام اعمالِ باطنہ احسان ہی کے افراد ہیں، اعمالِ ظاہرہ اُس وقت تک ٹھیک نہیں ہوسکتے جب تک اخلاقِ باطنہ اور اعمالِ باطنہ ٹھیک نہ ہوں۔ لہٰذا احسان صرف استحباب کا درجہ نہیں بلکہ جس طرح کبائر اور دوسرے رذائل سے بچنا فرضِ عین ہے، اسی طرح احسان ایک درجے میں فرضِ عین ہے، تو باطن کا تزکیہ فرضِ عین ہوا، اس کے بغیر آدمی فاسق، فاجر رہتا ہے کیونکہ تمام اعمالِ ظاہرہ کی جڑ اعمالِ باطنہ ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے:

ألا! انّ فی الجسد مضغة اذا صلحت صلح الجسد كلهٗ، واذا فسدت فسد الجسد كله، ألا! وهی القلب.[2]

لہٰذا معلوم ہوا کہ ایمان، اسلام اور احسان تینوں اپنے اپنے درجہ میں فرضِ عین ہیں اور ان تینوں کا مجموعہ ''دینِ اسلام'' ہے۔

اور ''تفقُّه فی الدین'' یہ ہے کہ آدمی ایمان، اسلام اور احسان تینوں میں گہری بصیرت وفراست حاصل کرے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مَن يُّرِدِ اللهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِی الدِّين''۔[3]

---

(۱) فتح القدیر ج:۱ ص:۳۳، ۳۴، کتاب الطہارۃ۔

(۲) صحیح البخاری، کتاب الایمان، باب فضل من استبرأ لدینه، رقم الحدیث: ۵۲۔ وصحیح مسلم، باب أخذ الحلال وترک الشبهات، رقم الحدیث: ۱۵۹۹۔ وصحیح ابن حبان، ذکر الأخبار عن حدود اللہ والمداهین فیها، رقم الحدیث: ۲۹۷۔

(۳) صحیح البخاری، کتاب العلم، باب من یرد اللہ بہٖ خیرًا یفقهه فی الدین. رقم الحدیث: ۷۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قرآن کریم میں ارشاد ہے: "وَمَنْ یُّؤْتَی الْحِکْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا"[۱]۔

نیز ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ کُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّیَتَفَقَّهُوْا فِی الدِّیْنِ"[۲]۔ ان میں بھی "الحکمة" اور "تفقُّه فی الدین" کا مطلب یہی ہے کہ ایمان، اسلام اور احسان میں گہری بصیرت پیدا کی جائے، یہی وجہ ہے کہ امامِ اعظمؒ نے فقہ کی جو تعریف کی ہے: "معرفة النفس ما لها وما علیها"[۳] وہ ان تینوں کو شامل ہے۔

پھر جوں جوں نئے نئے مسائل پیدا ہوتے گئے اِن تینوں کے مباحث پھیلتے چلے گئے، اِن تمام مباحث کو ایک کتاب میں سمونا مشکل ہوگیا، رفتہ رفتہ اِن تینوں کی کتابیں الگ الگ لکھی جانے لگیں، پھر رفتہ رفتہ ان میں سے ہر علم میں تصنیفات کی تعداد بھی بڑھتی چلی گئی یہاں تک کہ ان تینوں علوم کے نام بھی علیحدہ علیحدہ رکھ دیئے گئے، ایمانیات کے مسائل کو دلائل کے ساتھ جاننے کا نام "علمِ کلام" رکھا گیا، اعمالِ ظاہرہ کے اَحکام کو تفصیلی دلائل کے ساتھ جاننے کا نام "فقہ" رکھ دیا گیا، اور "احسان" یعنی اَخلاقِ باطنہ اور اعمالِ باطنہ کی اصلاح کا نام "تصوف" رکھ دیا گیا، لیکن یہ بعد کی اصطلاحات ہیں، قرآن وسنت کی اصطلاح میں فقہ اور تفقُّہ کی حقیقت وہی ہے جو اُوپر بیان کی گئی کہ یہ ایمان، اسلام اور احسان (تینوں) کی گہری فہم وبصیرت اور فراست ومہارت کا نام ہے۔

خلاصہ یہ کہ صرف اعمالِ ظاہرہ کا علم حاصل کرکے اپنے آپ کو عالمِ دین سمجھنا جہالت ہے۔

"تفقُّه فی الدین" کو سورۂ توبہ کی مذکورہ بالا آیت میں فرضِ کفایہ قرار دیا گیا ہے۔

یہاں سوال ہوسکتا ہے کہ جب اعمالِ ظاہرہ کی جڑ اور بنیاد احسان ہے تو جدید اصطلاح کے فقہ سے بھی زیادہ اہم "احسان" ہوا، تو احسان کی کتب کو دینی مدارس میں داخلِ نصاب کیوں نہیں کیا گیا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ احسان ایسی چیز نہیں جو کتابوں میں پڑھائی جائے، بلکہ یہ تجرباتی اور عملی مشق کا کام ہے (پریکٹیکل ہے)، یہ بزرگوں اور اللہ والوں کی صحبت اور شیخ کی تربیت سے حاصل ہوتا ہے۔

فائدہ:- اِس حدیث کو امامِ مسلمؒ صرف حضرت عمرؓ کی روایت سے چار سندوں سے

---

(۱) البقرة آیت: ۲۶۹۔ (۲) التوبة آیت: ۱۲۲۔

(۳) التوضیح والتلویح ج:۱ ص:۳۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لائے ہیں اور اِن چار سندوں میں کل سات طرق بیان کئے ہیں، جن کی تفصیل اس طرح ہے:-

۱- پہلی سند میں دو طرق ہیں: وکیع کا طریق اور عبیداللہ بن معاذ العنبری کا طریق، اور مدار الحدیث کہمس ہیں۔

۲- دوسری سند میں تین طرق ہیں: محمد بن عبید الغُبَری، ابو کامل الفضیل بن الحسین الجحدری. احمد بن عبدة الضبّی۔ اوران کے مدار الحدیث حمّاد بن زید ہیں جو مطر الورّاق سے روایت کر رہے ہیں۔

۳- تیسری سند میں ایک ہی طریق ہے: محمد بن حاتم کا۔

۴- اور چوتھی سند میں بھی ایک طریق ہے: حجاج بن الشاعر کا۔

فائدہ:- احادیث کو شمار کرنے کے دو طریقے ہیں:-

۱- اُصولیین کا طریقہ یہ ہے کہ متنِ واحد والی حدیث خواہ کتنے ہی طرق اور اسانید سے آئی ہو، اُسے ایک ہی حدیث شمار کرتے ہیں، چنانچہ مذکورہ حدیث اگرچہ متعدد سندوں اور کئی طرق سے مروی ہے، لیکن اُصولیین کے نزدیک ایک ہی ہے۔

۲- محدثین کا طریقہ یہ ہے کہ متنِ حدیث کی ہر سند اور ہر سند کے ہر طریق کو الگ حدیث شمار کرتے ہیں، لہٰذا مذکورہ حدیث محدثین کے شمار کے مطابق سات حدیثیں ہیں۔

اس تفصیل سے منکرینِ حدیث کے ایک اِشکال کا جواب بھی ہوگیا، وہ کہتے ہیں کہ یہ بات غلط ہے کہ فلاں محدث کو اتنے لاکھ حدیثیں یاد تھیں اور فلاں محدث کے پاس اتنے لاکھ حدیثیں محفوظ تھیں، حالانکہ کل ذخیرۂ حدیث بھی لاکھوں کو نہیں پہنچتا۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ عدد محدثین کے طریقۂ کار سے حاصل ہوتا ہے، اُصولیین کے طریقے سے نہیں۔

وجه الفرق بين اصطلاح الفقهاء والمحدثين

فقہاء کا اصل مقصد حدیث شریف سے مسئلہ کا استنباط ہوتا ہے، اِس مقصد کے لئے اتنی بات کا معلوم ہوجانا کافی ہے کہ فلاں حدیث کا متن تواتر یا خبرِ مشہور یا خبرِ واحد سے ثابت ہے، اب یہ حدیث کتنی اور کون کون سی سندوں اور طُرق سے مروی ہے؟ ان تفصیلات سے فقہاء کی کوئی غرض براہِ راست وابستہ نہیں، اس لئے وہ اس سے بحث نہیں کرتے، جبکہ محدثین سند ومتن

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دونوں سے بحث کرتے ہیں کیونکہ اُن کا مقصود ہی احادیث کے متن و اسانید کو جمع کرنا ہے، اس لئے احادیث کے شمار کرنے میں فقہاء (اُصولیین) اور محدثین کا طریقہ مختلف ہے۔

۹۴- ''حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدٍ الغُبَرِیُّ وَأَبُوْ کَامِلٍ الجَحْدَرِیُّ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبدَةَ ،قَالُوْا:حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ مَطَرٍ الوَرَّاقِ عَنْ عَبدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ یَحْیَی بْنِ یَعْمَرَ، قَالَ: لَمَّا تَکَلَّمَ معبدٌ بِمَا تَکَلَّمَ بِهِ فِی شَأنِ القَدَرِ، أنکرنا ذٰلِکَ. قَالَ: فَحَجَجْتُ أَنَا وَحُمَیدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْیَرِیُّ حِجَّةً. وَسَاقُوا الْحَدِیْثَ... الخ'' (ص:۲۸ سطر:۱،۲)

قولہ: ''أَنکرنَا'' (ص:۲۸ سطر:۲) یعنی ہم نے اس کو مُنکر سمجھا یا اچنبھا محسوس کیا۔

قولہ: ''فَحَجَجْتُ أَنَا وَحُمَیدُ .... الخ'' (ص:۲۸ سطر:۲)

سابقہ روایت جو کہمس سے تھی اُس میں راوی نے حج یا عمرہ کو شک کے ساتھ ذکر کیا تھا، اور مطر الورّاق کی اس روایت میں حج کی صراحت کسی شک کے بغیر کی گئی ہے۔

قولہ:''وَسَاقُوا الْحَدِیْث .... الخ'' (ص:۲۸ سطر:۲)

اِن تینوں حضرات نے مطر الورّاق کی روایت کو اِسی مضمون اور اِسی سند سے بیان کیا ہے جس سے کہمس نے بیان کیا تھا البتہ کچھ الفاظ کی کمی بیشی ان کی روایت میں موجود ہے۔

۹۵- ''وَحَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ ،حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ القَطَّانُ ،حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ غِیَاثٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَیْدَةَعَنْ یَحْیَی بْنِ یَعْمَرَ وَحُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالاَ لَقِیْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ فَذَکَرْنَا القَدَرَ وَمَا یَقُوْلُوْنَ فِیْهِ......الخ.'' (ص۲۹ سطر:۱،۲)

قولہ:''وَحَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ'' (ص۲۹ سطر:۱)

یہ حدیثِ جبریلؑ کی تیسری سند کا بیان ہے، اس میں عبداللہ بن بریدہ سے روایت کرنے والے عثمان بن غیاث ہیں، جبکہ پہلی سند میں کہمس اور دوسری میں مطر الورّاق تھے، اس طرح عبداللہ بن بریدہ سے روایت کرنے والے تین حضرات ہوگئے۔

۹۷- ''وَحَدَّثَنَا أَبُوْ بَکْرِ بْنُ أَبِی شَیْبَةَ ،وَزُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ، جَمِیْعًا عَنِ ابْنِ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عُـلَيَّةَ ......(الـى قوله)...... عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ ، قَالَ :كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بَارِزًا لِلنَّاسِ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! مَا الإِيْمَانُ ؟ قَالَ :أَن تُـؤْمِـنَ بِاللّٰهِ وَمَلاَئِكَتِهِ وَكِتَابِهِ وَلِقَائِهِ وَرُسُلِهِ وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ الآخِرِ .قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ! مَا الإِسْلاَمُ ؟قَالَ: الإِسلاَمُ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ وَلاَ تُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيْمَ الصَّلاَةَ الْـمَكْتُوْبَةَ ،وَتُؤَدِّىَ الزَّكَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ ،وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ . قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! مَا الإِحْسَـانُ؟ قَالَ:أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ ،فَإِنَّكَ إِن لاَ تَرَاهُ، فَإِنَّهُ يَرَاكَ.قَالَ: يَـا رَسُـولَ الـلّٰـهِ! مَتَـى السَّاعَةُ؟ قَالَ:مَا الْمَسْؤُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ،وَلكِنْ سَـأُحَـدِّثُكَ عَـنْ أَشْـرَاطِهَـا ؟إِذَا وَلَـدَتِ الأَمَةُ رَبَّهَـا فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا،وإِذَا كَـانَتِ الْعُرَاةُ الْحُفَاةُ رُؤُوْسَ النَّاسِ فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا وَإِذَا تَطَاوَلَ رِعَاءُ الْبَهْمِ فِي الْبُنْيَانِ فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا. فِي خَمْسٍ لاَ يَعْلَمُهُنَّ إِلاَّ اللّٰهُ . ثُمَّ تَلاَ صَلَى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَـعْلَمُ مَا فِى الْاَرْحَامِ ؕ وَمَـا تَدْرِىْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَمَـا تَدْرِىْ نَفْسٌ بِاَىِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۚ، قَالَ: ثُمَّ أَدْبَرَالرَّجُلُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:رُدُّوْا عَـلَـىَّ الـرَّجُـلَ .فَأَخَذُوْا لِيَرُدُّوْهُ فَلَمْ يَرَوْا شَيْئًا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هٰذَا جِبْرِيْلُ جَاءَ لِيُعَلِّمَ النَّاسَ دِيْنَهُمْ ." (ص:۲۹ سطر:۳ تا ۹)

قوله:"حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ" (ص:۲۹ سطر:۳)

یہ امامِ مسلمؒ کے اُستاذ اور صاحبِ "مصنّف ابن ابی شیبة" ہیں، ان کا نام عبداللہ ہے اور ان کے بھائی عثمان اور قاسم ہیں، ان کے والد محمد اور دادا ابوشیبہ ابراہیم ہیں، ان کی کتاب میں حنفیہ کے مستدلّات زیادہ ملتے ہیں، کیونکہ یہ عراق کے رہنے والے تھے اور فقہ حنفی کا مرکز بھی عراق تھا، اور جن احادیث سے حنفیہ نے استدلال کیا وہ حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کے توسط سے عراق میں زیادہ متداول تھیں۔ (۱)

قوله:"عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ" (ص:۲۹ سطر:۳)

یہ اسماعیل بن ابراہیم ہیں جیسا کہ آگے زہیر نے اس کی صراحت کی ہے، عُـلَيّـہ ان

(۱) تذكرة الحفاظ ج:۲ ص:۴۳۲ وسير اعلام النبلاء ج:۱۱ ص:۱۲۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کی والدہ کا نام ہے جو کہ ایک دانشمند خاتون تھیں، اگر چہ یہ والد کی بجائے والدہ کی طرف نسبت کو پسند نہیں کرتے تھے لیکن اسی نسبت سے مشہور ہوئے، لہٰذا اس نسبت سے ان کا ذکر سندوں میں مجبوراً کیا جاتا ہے۔(۱) چنانچہ یہ غیبتِ محرمہ میں داخل نہیں۔

قولہ: "بَارِزًا لِلنَّاسِ" (ص:۲۹ سطر:۴)

یعنی کھلی جگہ پر تشریف فرما تھے۔

اس روایت میں "یا رسول اللہ" ہے اور پہلی روایت میں "یا محمد" کا لفظ تھا، علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمہ اللہ نے فتح الملھم میں مختلف روایات کے حوالے سے فرمایا کہ جبریلِ امین علیہ السلام نے کبھی "یا رسول اللہ" کہا اور کبھی "یا محمد" (تفصیل پیچھے آچکی ہے)۔

اس نسخہ میں "کتابہ" ہے، دوسرے نسخہ میں "کُتُبِہٖ" ہے، دوسرا نسخہ زیادہ درست ہے بوجہ روایتِ اُولیٰ کی مطابقت کے۔

قولہ: "وَلِقَائِہٖ" (ص:۲۹ سطر:۵)

قیل: انها مكررة، لأنها داخلة في الايمان بالبعث، والحق أنها غير مكررة، فقيل: المراد بالبعث، القيام من القبور، والمراد باللقاء ما بعد ذالك. وقيل: اللقاء يحصل بالانتقال من دار الدنيا والبعث بعد ذٰلك، ويدل علىٰ هٰذا رواية مطر الوراق فان فيها: "وبالموت وبالبعث بعد الموت" وكذا في حديثي انس وابن عباس، وقيل غير ذٰلك، والتفصيل في فتح الملهم.(۲)

قولہ: "بِالْبَعْثِ الْآخِرِ" (ص:۲۹ سطر:۵)

پہلی روایت میں "الیوم الآخر" ہے، روایت بالمعنیٰ کے طور پر یہاں "البعث الآخر" فرمایا۔ اور یوم الحساب کو "البعث الآخر" اس لئے فرمایا گیا کہ اُس وقت "خروج من بطون القبور" ہوگا، اس کے مقابلے میں "البعث الاول" پہلے ہو چکا ہے، یعنی خروج من بطونِ الامّھات في الدنیا۔

قولہ: "اَلْإِسْلَامُ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ .... الخ" (ص:۲۹ سطر:۵)

---

(۱) سیر أعلام النبلاء ج:۹ ص:۱۰۷ وتذکرۃ الحفاظ ج:۱ ص:۳۲۲۔ وطبقات ابن سعد ج:۷ ص:۳۲۵۔

(۲) فتح الملھم ج:۱ ص:۴۹۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہاں شہادتین کے بجائے یہ جملہ آیا ہے، معلوم ہوا کہ "أن تعبد الله" سے مراد یہاں شہادتین ہی ہیں، اور یہ روایت بالمعنیٰ ہے، جب شہادتین کو عبادت سے تعبیر کیا گیا تو "ولا تشرک بہ شیئًا" کا اضافہ بھی ضروری ہوا کیونکہ شہادتین کا پورا مضمون لفظ "عبادۃ" سے ادا نہیں ہوتا۔[1] اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہاں عبادۃ سے مراد مطلق طاعت ہو، جس میں اسلام کے تمام اعمال اور مأمورات ومنہیات آگئے، اور آگے صلوٰۃ وزکوٰۃ وصوم وحج کا ذکر تخصیص بعد التعمیم کے طور پر ہوا، کیونکہ یہ ارکانِ اسلام ہیں۔[2]

قولہ: "اَلْمَکْتُوْبَۃَ" (ص:۲۹ سطر:۵)

ماقبل کی روایت میں "مکتوبۃ" کا لفظ نہیں، لیکن مراد وہاں بھی صلوٰۃِ مکتوبہ (مفروضہ) ہے۔ "المفروضۃ" اور "المکتوبۃ" کے معنیٰ ایک ہیں، مترادف الفاظ عبارت میں تنوع پیدا کرنے کے لئے استعمال کئے گئے جو بلاغت کے عین مطابق ہے۔

قولہ: "فَإِنَّکَ إِن لاَ تَرَاہُ، فَإِنَّہُ یَرَاکَ" (ص:۲۹ سطر:۶)

لفظ "فإنّک" سے حضرت گنگوہیؒ اور علامہ نوویؒ کے قول کی تائید ہوتی ہے، علامہ سندھیؒ نے بھی انہی حضرات کی طرح یہ فرمایا ہے کہ جملۂ ثانیہ، جملۂ اُولیٰ کی تعلیل ہے، یا جملۂ اُولیٰ سے جو سوال پیدا ہوسکتا تھا، جملۂ ثانیہ سے اُس کا جواب دیا گیا ہے، جیسا کہ پیچھے تفصیل سے بیان ہوچکا ہے۔

قولہ: "مَتَی السَّاعَۃُ؟" (ص:۲۹ سطر:۶)

یہاں صراحت ہے کہ سوال وقتِ قیامت کے بارے میں تھا۔

قولہ: "أَشْرَاطِھَا" (ص:۲۹ سطر:۷)

جمع شَرَطٌ بمعنیٰ علامت۔

قولہ: "رُؤُوْسَ النَّاسِ" (ص:۲۹ سطر:۷)

یہ پچھلی روایتوں میں نہیں تھا، رأس کی جمع ہے، سر کو بھی کہتے ہیں، سردار کو بھی،[3] یہاں سردار کے معنیٰ میں ہے۔

---

(۱) فتح الباری ج:۱ ص:۱۱۹۔ (۲) شرح النووی ج:۱ ص:۲۹۔

(۳) لسان العرب ج:۵ ص:۸۰، وایضًا رأس کلّ شيءٍ اعلاہُ والجمع فی القلۃ أرؤُس وآراس علی القلب ورؤوس فی الکثیر۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "اَلْبُهْم" (ص:۲۹ سطر:۷)

بَهْم جمع یا اسمِ جنس ہے۔ بَهْـمَة، شاة کے بچے کو کہتے ہیں[۱] "رعـاء البَهم" بکریوں کے بچوں کے چرواہے۔ اس میں اِن کی مالی حالت کی مزید کمزوری کا بیان ہے۔ صحیح بخاری میں "رُعـاۃُ الابـل الْـبُـهُم" کا لفظ ہے،[۲] (بـضـمّ الـبـاء) یہ اَبْهم اور بهماء کی جمع ہے (جیسے اَسْود وسوداء کی جمع "سُوْدٌ") الابـل البُهْم کالے اُونٹ، مطلب ہوگا کالے اُونٹوں کے چرواہے۔ کالے اُونٹ حقیر ہوتے ہیں بہ نسبت سرخ اُونٹوں کے، تو اس سے بھی ان کے مالی اعتبار سے کم درجہ ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

قوله: "فِیْ خَمْسٍ مِنَ الغَیْبِ لَا یَعْلَمُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ" (ص:۲۹ سطر:۸)

أي علم وقت الساعة دَاخِلٌ في خمسٍ.[۳]

قوله: "اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ .... الخ" (ص:۲۹ سطر:۸)

"ان الله عندهٗ" فرمایا، "علم الساعة عند الله" نہیں فرمایا، مقصود حصر کرنا ہے۔

اس میں دو وجوہِ حصر موجود ہیں:-

۱- "عندهٗ" خبرِ متقدم اور "عـلـم الساعة" مبتدأ مؤخر ہے۔ "تـقـديـم ما حقهٗ التأخير يُفيد الحصر" کے ضابطہ سے حصر پیدا ہوا۔

۲- "ان الله" کی تقدیم سے مزید حصر پیدا ہوا۔

قوله: "وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ" (ص:۲۹ سطر:۸)

یہاں بارش کے بارے میں اور اگلے جملے "وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ" میں اگرچہ یہ صراحت نہیں فرمائی گئی کہ ان کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں، مگر کلام ایسے انداز سے کیا گیا ہے جس سے ان دونوں چیزوں کے علم کا بھی انحصار علمِ الٰہی میں معلوم ہوتا ہے۔ پھر جن پانچ چیزوں کا ذکر اس آیت میں ہے ان کو سورۂ اَنعام کی آیت میں "مَفَاتِحُ الْغَيْبِ" فرمایا گیا ہے، "وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ" ایک حدیث میں ان پانچوں کو "مَفاتِحُ الْغَيْب" فرمایا گیا ہے۔

---

(۱) لسان العرب ج:۱ ص:۵۲۴۔

(۲) صحيح البخاری، كتاب الايمان، باب سؤال جبريل للنبی صلی الله عليه وسلم عن الايمان والاسلام والاحسان .... الخ. رقم الحديث:۵۰۔

(۳) فتح الملهم ج:۱ ص:۴۹۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

(تفسیر معارف القرآن ج:۷ ص:۵۲ بزیادۃ ایضاح منّی) نیز خود اسی حدیثِ باب (حدیثِ جبریل) میں فرمایا گیا ہے: "فِیْ خَمْسٍ مِّنَ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهُنَّ اِلَّا اللّٰہُ" اس میں بھی صراحت ہے کہ پانچوں چیزوں کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں۔

یہاں اِشکال ہوتا ہے کہ محکمۂ موسمیات پیشگی اطلاع دے دیتا ہے کہ فلاں جگہ بارش ہوگی، اور ہوائی جہازوں کی پروازوں کا نظام محکمۂ موسمیات کی رپورٹ پر مبنی ہوتا ہے، اور یہ پیشگی اِطلاعات عموماً درست ہوتی ہیں۔ بظاہر یہ آیتِ قرآنیہ کے خلاف نظر آتا ہے۔

جواب اس کا یہ ہے کہ یہاں علم سے مرادعلمِ قطعی ہے، جبکہ محکمۂ موسمیات کی رپورٹ ظنی ہوتی ہے، اور اس کا خود محکمۂ موسمیات والے بھی اعتراف کرتے ہیں، بسا اوقات اُن کی بات درست ثابت ہوتی ہے اور بعض اوقات غلط بھی ثابت ہوجاتی ہے۔ دوسری بات یہ کہ بارش کا محکمۂ موسمیات کو جتنے درجے کا بھی ظن ہوتا ہے وہ جزوی طور پر ہوتا ہے کلّی طور پر نہیں ہوتا، محکمۂ موسمیات کے پاس ایسا کُلّی علم نہیں ہے جس کی بنیاد پر وہ قطعی اور کلّی طور پر بتاسکیں کہ دنیا بھر میں قیامت تک کہاں کہاں، کب کب، کتنی کتنی بارش ہوگی۔ اور علم حقیقتاً کلّی ہی ہے، جزئیات کے عالم کو عالم نہیں کہا جاتا۔

اگر کوئی عام آدمی مثلاً بہشتی زیور کے سارے جزئیات کو یاد کرلے تو وہ اِن جزئی مسائل کو یاد کرنے سے عالم نہیں کہلائے گا، کیونکہ بہشتی زیور سے صرف مسائلِ جزئیہ کا علم تو ہوتا ہے، کلیات کا نہیں۔ اسی طرح کوئی بہت سی بیماریوں کی دوائیں یاد کرلے تو اس سے وہ طبیب اور ڈاکٹر نہیں بن جاتا کیونکہ اس کا علم کلّی نہیں صرف جزئیات پر مشتمل ہے۔[۱]

قولہ: "وَیَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ" (ص:۲۹ سطر:۸)

اور جانتا ہے ہر اُس چیز کو جو ماؤں کے رحم میں ہے، یعنی ان تمام جنینوں کو جو اَرحام میں ہوں، خواہ جنین انسان کے ہوں یا جانوروں کے، نیز اَرحام میں جنین ہوں یا کچھ اور، ان سب کو جانتا ہے۔

(۱) قال فی فتح الملهم ج:۱ ص:۴۹۵: "قال العبد الضعیف عفا الله عنه: انّ الشیٔ اذا کان لهٗ أصول وفروع، فعلمه بالحقیقة انّما هو العلم بأصوله، أمّا العلم بالفروع بدون العلم بأصولها فلیس بعلم یعتد بهٖ عند العلماء والحذاق، وانّما هو علم بمعناه اللغوی (دانستن) عند العوام القاصرین."

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بہت سے حضرات یہ کہتے ہیں کہ اِس آیت سے معلوم ہوا کہ رحمِ مادر میں یہ پتہ نہیں لگایا جاسکتا کہ جنین مذکر ہے یا مؤنث؟ لیکن آپ دیکھ رہے ہیں کہ اِس آیت میں مذکر و مؤنث کا ذکر نہیں بلکہ "مَا فِی الْاَرْحَام" ہے کہ "جو کچھ بھی اَرحام میں ہے" اُس کا علمِ کلی قطعی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں، چنانچہ ابھی تک اگرچہ الٹراساؤنڈ سے بھی جنین کا مذکر و مؤنث ہونا یقینی طور پر معلوم نہیں ہوتا، لیکن ہوسکتا ہے کہ مستقبل میں مذکر و مؤنث کا علم حاصل ہونے کا کوئی طریقہ دریافت ہوجائے[۱] تو پھر بھی ڈاکٹروں کا علم جزئی ہوگا، کلی نہ ہوگا، کیونکہ وہ اس علم کا دعویٰ پھر بھی نہیں کرسکیں گے کہ دنیا میں جتنی بھی مادّائیں (مؤنثات) ہیں یا آئندہ ہوں گی، خواہ انسانوں کی ہوں یا جانوروں کی اُن کے اَرحام میں مذکر ہیں یا مؤنث؟ شقی ہیں یا سعید؟ بے وقوف ہیں یا عقلمند؟ ایسے علم کا دعویٰ کوئی انسان نہیں کرسکتا۔

قولہ: "تَكْسِبُ غَدًا" (ص:۲۹ سطر:۸)

کسب سے مراد مال کمانا یا عمل کرنا دونوں ہوسکتے ہیں۔

قولہ: "بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ" (ص:۲۹ سطر:۸)

یہاں نفی مقامِ موت کے علم کی ہے، وقتِ موت کے علم کی نہیں، حالانکہ اس کا علم بھی کسی کو نہیں، اس میں اشارہ اِس بات کی طرف ہے کہ جب موت کی جگہ کا علم نہیں تو وقتِ موت کا علم بدرجۂ اَوْلیٰ نہیں ہوسکتا، وجہ یہ ہے کہ موت کی جگہ نفس الامر میں موجود تو ہے لیکن وقتِ موت تو فی الحال موجود بھی نہیں۔[۲]

مسئلۂ علمِ غیب کا خلاصہ[۳]

آیت زیرِ بحث میں جو صرف پانچ چیزوں کو خصوصیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ اِن کا علم قطعی کُلّی کسی مخلوق کو نہیں، صرف اللہ تعالیٰ ہی ان کو جانتا ہے، یہ کوئی تخصیص کے لئے نہیں، ورنہ سورۂ نمل کی آیت: "قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ" سے اور سورۂ اَنعام کی آیت: "وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ

---

(۱) یہ بات بندے نے درس میں بہت عرصہ پہلے کہی تھی، لیکن اب ایسے طریقے ایجاد ہوگئے ہیں کہ ولادت سے پہلے ہی بچے کا مذکر یا مؤنث ہونا یقینی طور پر معلوم ہوجاتا ہے۔ رفیع

(۲) تفسیر معارف القرآن ج:۷ ص:۵۵۔

(۳) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: تفسیر معارف القرآن (ج:۳ ص:۳۴۵ تا ۳۵۰) و (ج۷ ص:۵۲ تا ۵۳)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ O" سے، اور سورۂ طلاق کی آیت: "اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ٥ؕ" سے اور ان کی ہم معنی دوسری آیات سے تعارض لازم آئے گا، کیونکہ اِن آیات میں صراحت ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علمِ محیط صرف اُن پانچ چیزوں کے ساتھ خاص نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ کا علم محیط جس سے کائنات کا کوئی ذرّہ اور اُس کا کوئی حال خارج نہ ہو، وہ بھی صرف اللہ جل شانہٗ کے ساتھ خاص ہے، اور آیت زیرِ بحث میں اِن پانچ چیزوں کو اُن کی خاص اہمیت بتلانے کے لئے ذکر فرمایا گیا ہے۔

اور وجہ اس اہمیت کی یہ ہے کہ عام طور سے جن غیب کی چیزوں کو اِنسان معلوم کرنے کی خواہش کرتا ہے، وہ یہی پانچ چیزیں ہیں۔

نیز علمِ غیب کا دعویٰ کرنے والے نجومی وغیرہ جن چیزوں کی خبریں لوگوں کو بتا کر اپنا عالم الغیب ہونا ثابت کرتے ہیں، وہ یہی پانچ چیزیں ہیں۔

اور بعض روایات میں ہے کہ کسی شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انہی پانچ چیزوں کے متعلق دریافت کیا تھا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی، جس میں اِن پانچوں کے علم کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہونا بیان فرمایا گیا ہے، (روح)۔[1]

اور ایک حدیث میں جو بروایت ابن عمرؓ و ابن مسعودؓ یہ ارشاد آیا ہے کہ: "اُوْتِيْتُ مَفَاتِيحَ كُلِّ شيءٍ اِلَّا الخمس" (اخرجه الامام احمد، ابن كثير) اس میں لفظ "اُوْتِيْتُ" نے خود یہ بات واضح کردی ہے کہ اِن پانچ چیزوں کے علاوہ جن غائبات کا علم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوا وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور وحی دیا گیا تھا، اس لئے وہ علم غیب کی تعریف میں شامل نہیں، کیونکہ انبیاء علیہم السلام کو بذریعۂ وحی، اور اولیاء اللہ کو بذریعۂ اِلہام جو غیب کی خبریں اللہ تعالیٰ کی طرف سے دے دی جاتی ہیں وہ حقیقت میں علمِ غیب نہیں جن کی بناء پر اُن کو عالم الغیب کہا جاسکے، بلکہ وہ "اَنْبَاءُ الْغَيْب" یعنی غیب کی خبریں ہیں، اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے اور جتنا چاہتا ہے اپنے فرشتوں اور رسولوں اور مقبول بندوں کو عطا فرمادیتا ہے، قرآنِ کریم میں ان کو "اَنْبَآءُ الْغَيْبِ" فرمایا گیا ہے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "تِلْكَ مِنْ اَنْبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ"۔ اس لئے مطلب اس حدیث کا یہ ہے کہ ان پانچ چیزوں کو تو اللہ تعالیٰ نے

(۱) روح المعانی تحت تفسیر الآیۃ: "ان اللہ عندہ علم الساعۃ" ج:۲۱ ص:۱۶۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اپنی ذات کے ساتھ ایسا مخصوص فرمایا ہے کہ بطور "انباء الغیب" کے بھی کسی فرشتے اور رسول کو ان کا علم نہیں دیا، اس کے علاوہ دوسری مغیبات کا علم بہت کچھ انبیاء علیہم السلام کو بذریعۂ وحی دے دیا جاتا ہے۔ اس سے بھی ایک اور وجہ اِن پانچ چیزوں کے خصوصی ذکر کی معلوم ہوگئی۔ (از تفسیر معارف القرآن ج:۷ ص:۵۲ تا ۵۳، واز ج:۳ ص:۳۴۴ تا ۳۵۰ بتلخیص وزیادۃ مِنّی. رفیع)۔

مسئلۂ علمِ غیب کے متعلق ایک فائدۂ مہمہ

تفسیر معارف القرآن (ج:۷ ص:۵۴ تا ۵۵) میں والدِ ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: "استاذِ محترم شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے "فوائدِ تفسیر" میں ایک مختصر جامع بات فرمائی ہے جس سے بہت سے اِشکالات ختم ہوجاتے ہیں، وہ یہ کہ غیب کی دو قسمیں ہیں، ایک "اَحکامِ غیبیہ" جیسے اَحکامِ شرائع، جن میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا علم بھی داخل ہے، جس کو علمِ عقائد کہا جاتا ہے، اور وہ تمام اَحکامِ شرعیہ بھی جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کون سے کام پسند ہیں کون سے ناپسند، یہ سب چیزیں غیب ہی کی ہیں۔

دوسری قسم "اکوانِ غیبیہ" یعنی دُنیا میں پیش آنے والے واقعات کا علم۔ پہلی قسم کے غائبات کا علم حق تعالیٰ نے اپنے انبیاء ورُسل کو عطا فرمایا ہے جس کا ذکر قرآنِ کریم میں اس طرح آیا ہے: "فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖٓ اَحَدًاO اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ"(۱) یعنی اللہ تعالیٰ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتے بجز اُس رسول کے جس کو اللہ تعالیٰ اس کام کے لئے پسند فرمالیں۔

اور دوسری قسم یعنی "اکوانِ غیبیہ" اِن کا علمِ کُلّی تو حق تعالیٰ کسی کو عطا نہیں فرماتے، وہ بالکل ذاتِ حق کے ساتھ مخصوص ہے، مگر علمِ جزئی خاص خاص واقعات کا جب چاہتا ہے، جس قدر چاہتا ہے عطا فرمادیتا ہے۔

اس طرح اصل علمِ غیب تو سب کا سب حق تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے، پھر وہ اپنے علمِ غیب میں سے اَحکامِ غیب کا علم تو عادۃً انبیاء علیہم السلام کو بذریعۂ وحی بتلاتے ہی ہیں، اور یہی علم ان کی بعثت کا مقصد ہے، "اکوانِ غیب" کا علمِ جزئی بھی انبیاء واولیاء کو بذریعۂ وحی یا اِلہام جس قدر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا ہے عطا فرمادیتا ہے، جو من جانب اللہ عطا کیا ہوا علم ہے، اس کو حقیقی

(۱) سورۃ الجن: ۲۶، ۲۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

معنی کے اعتبار سے "علم الغیب" نہیں کہا جا سکتا، بلکہ "غیب کی خبریں" (انباء الغیب) کہا جاتا ہے۔

علمِ غیب کے بارے میں بریلوی عقیدے کی حقیقت

قولہ: "اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ" (ص:۲۹ سطر:۸،۹)

علمائے دیوبند، بریلوی حضرات کی تکفیر کے قائل نہیں ہیں، کیونکہ یہ حضرات درحقیقت "أنباء الغیب" کو علم الغیب کہتے ہیں، تو اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ نزاع بڑی حد تک لفظی ہے، کیونکہ یہ بات ہم بھی مانتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو غیب کی خبریں (انباءُ الْغَیْب) اللہ تعالیٰ نے اتنی زیادہ عطا فرمائی ہیں کہ کسی اور کو اتنی نہیں دی گئیں، فرق صرف اتنا ہے کہ ہم ان خبروں کو "اَنباء الغیب" کہتے ہیں اور اُن میں سے بعض حضرات ان کو "علم الغیب" کہہ دیتے ہیں۔ بلکہ مولانا احمد رضا خان صاحبؒ جو بریلوی مکتبِ فکر کے بانی اور امام ہیں، وہ تو غیر اللہ کو "عالم الغیب" کہنے کو مکروہ فرماتے ہیں، اگرچہ کہنے والے کی مراد اس علم سے علمِ عطائی ہو۔ مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی فرماتے ہیں کہ:-

> علم ما فی الغد کے بارے میں اُمُّ المؤمنین (حضرت عائشہ صدیقہؓ) کا قول ہے کہ "جو یہ کہے کہ حضور کو علم ما فی الغد تھا وہ جھوٹا ہے" اس سے مطلق علم کا انکار نکالنا محض جہالت ہے، علم جبکہ مطلق بولا جائے خصوصاً جبکہ غیب کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد "علمِ ذاتی" ہوتا ہے، اس کی تصریح حاشیۂ کشاف پر پیر سیّد شریف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کر دی ہے، اور یہ یقیناً حق ہے کہ کوئی شخص کسی مخلوق کے لئے ایک ذرّہ کا بھی علمِ ذاتی مانے، یقیناً کافر ہے۔[1] (ملفوظات حصہ سوم ص:۳۴)

موصوف "اَلْاَمْنُ وَالْعُلٰی" میں فرماتے ہیں:-

> "علمِ غیب بالذات اللہ عزوجل کے لئے خاص ہے، کفار اپنے معبودانِ

---

(۱) موصوف اپنی کتاب الدولة المكية بالمادة الغيبية ص:۱۴-۱۶ پر لکھتے ہیں: "ان العلم إمّا ذاتي ان كان مصدرهُ ذات العالم لا مدخل فيه لغيره عطاء ولا سببًا وإما عطائي اذا كان بعطاء غيره فالأول مختص بالمولٰى سبحانهٗ وتعالٰى لا يمكن لغيره ومن أثبت شيئًا منه ولو أدنى من أدنى من أدنٰى من ذرّة لأحدٍ من العٰلمين فقد كفر وأشرك وبار وهلك، والثاني مختص بعباده عز جلالهٗ لا امكان لهٗ فيه ومن أثبت شيئًا منه للهِ تعالٰى فقد كفر۔"

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باطل وغیرہم کے لئے مانتے تھے، لہٰذا مخلوق کو عالم الغیب کہنا مکروہ ہے، اور یوں کوئی حرج نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بتانے سے اُمورِ غیب پر انہیں اطلاع ہے، یہ دوسرا احتمال ہے کہ علماء نے اس حدیث میں ذکر فرمایا، اس تقدیر پر بھی ممانعت ادبِ کلام کی طرف ناظر ہے، نہ یہ کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو بتعلیم الٰہی غیب پر اطلاع کا عقیدہ ممنوع ہے۔ (الامن والعلیٰ ص:۱۸۸)

''الصمصام'' میں علمِ الٰہی کی تحقیق وتفصیل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اصل یہ ہے کہ کسی علم کی حضرت عزَّ وَجَلَّ سے تخصیص اور اس کا ذاتِ پاک میں حصر اور اس کے غیر سے مطلقاً نفی چند وجہ پر ہے:-

اول:-علم کا ذاتی ہونا کہ بذاتِ خود، بے عطائے غیر ہو۔

دوم:-علم کا غنا کہ کسی آلہ و جارحہ و تدبیر وفکر ونظر والتفات وانفعال کا اصلاً محتاج نہ ہو۔

سوم:-علم کا سرمدی ہونا کہ ازلاً ابداً ہو۔

چہارم:-علم کا وجوب کہ کسی طرح اس کا سلب ممکن نہ ہو۔

پنجم:-علم کا ثبات و استمرار کہ کبھی کسی وجہ سے اُس میں تغیر، تبدل، فرق، تفاوت کا امکان نہ ہو۔

ششم:-علم کا اقصیٰ غایتِ کمال پر ہونا کہ معلوم کی ذات، ذاتیات، اعراض، احوالِ لازمہ مفارقہ ذاتیہ اضافیہ، ماضیہ، آتیہ، موجودہ ممکنہ سے کوئی ذرّہ کسی وجہ پر مخفی نہ ہو سکے۔

ان چھ وجہ پر مطلق علم حضرتِ احدیت جل وعلا سے خاص اور اس کے غیر سے قطعاً مطلقاً منفی، لیکن کسی کو کسی ذرّے کا ایسا علم جو اِن چھ وجوہ سے ایک وجہ بھی رکھتا ہو، حاصل ہونا ممکن نہیں، جو کسی غیر الٰہی کے لئے عقولِ مفارقہ ہوں خواہ نفوسِ ناطقہ، ایک ذرّے کا ایسا علم ثابت کرے، یقیناً اجماعاً کافر مشرک ہے۔'' (الصمصام ص:٦، ٧)۔

آگے مولانا بریلوی موصوف نے اس کی دلیل آیتِ قرآنیہ ''یوم یجمع اللہ الرسل فیقول ماذا اُجِبْتُمْ قالوا لا علم لنا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا'' سے بیان فرمائی ہے۔ (رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فتاویٰ رضویہ کلامیہ (ج:۹ ص:۸۱) میں فرماتے ہیں کہ:-

''مگر ہماری تحقیق میں لفظ ''عالم الغیب'' کا اطلاق حضرت عزّت عزَّ جلالہٗ کے ساتھ خاص ہے کہ اُس سے عرفاً علم بالذات متبادر ہے، کشاف میں ہے ''المرادُ بہٖ الخفيُّ الذی لا ینفذ فیہ ابتداءً اِلّا علم اللطیف الخبیر، ولھٰذا لا یجوز ان یُّطلق فیقال ''فلانٌ یَعْلَمُ الغیب'' اور اس سے انکارِ معنیٰ لازم نہیں آتا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قطعاً بے شمار غیوب وما کان وما یکون کے عالم ہیں، مگر عالم الغیب صرف اللہ عز وجل کو کہا جائے گا۔ جس طرح حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قطعاً عزت و جلالت والے ہیں، تمام عالم میں اُن کی برابر کوئی عزیز وجلیل نہ ہے نہ ہوسکتا ہے، مگر ''محمد عز وجل'' کہنا جائز نہیں۔''

بریلوی مکتبِ فکر کے ممتاز عالمِ دین جناب مولانا غلام رسول سعیدی صاحب، جو ماشاء اللہ اچھا علمی ذوق رکھتے ہیں، اور اسلامی نظریاتی کونسل میں میرے ساتھ تین سال تک اس کے رکن رہے ہیں، وہ اپنی وقیع تصنیف ''شرح صحیح مسلم'' (اُردو) میں ''علمِ غیب'' کے مسئلہ پر گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''علامہ نووی، علامہ کرمانی، علامہ عسقلانی، علامہ عینی اور دیگر علماء نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بہ تقاضائے بشریت غیب کا علم نہیں تھا۔ اس مسئلے میں علمائے اہلِ سنت کا یہ موقف کہ اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام کو غیب کا علم عطا فرماتا ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق سے زیادہ غیب کا علم عطا فرمایا ہے، لیکن مطلقاً یہ کہنا کہ ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غیب کا علم ہے'' دو وجہ سے دُرست نہیں ہے۔ اوّل اس لئے کہ یہ قول ظاہر قرآن کے خلاف ہے، کیونکہ قرآن مجید نے اللہ کے غیر سے مطلقاً علمِ غیب کی نفی کی ہے، اور دُوسرے اس وجہ سے کہ جب مطلقاً علم کا ذکر کیا جائے تو اس سے مراد علم بالذات ہوتا ہے، اس لئے یوں کہنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو علمِ غیب سے وافر حصہ عطا فرمایا ہے، یا یوں کہا جائے کہ انبیاء علیہم السلام کو بعض علومِ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

غیبیہ عطا کیے گئے اور کسی مخلوق کی طرف مطلقاً علمِ غیب کی نسبت کرنا
دُرست نہیں ہے۔ اسی طرح کسی کو عالم الغیب کہنا بھی صحیح نہیں ہے۔''

(ج:۵ ص:۱۰۸)

اسی موضوع پر مفصل بحث کے بعد آخر میں فاضل مصنف لکھتے ہیں:-

''خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس غیبِ مطلق کے ساتھ منفرد ہے جو جمیع معلومات کے ساتھ متعلق ہے، اور اللہ تعالیٰ وحی کے ذریعہ اپنے رسولوں کو ان بعض علومِ غیبیہ پر مطلع فرماتا ہے جو رسالت کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں۔''

(ج:۵ ص:۱۱۱)

ان عبارتوں کے خاص طور پر خط کشیدہ جملے بالخصوص آخری فقرہ ایسا ہے کہ فاضل مؤلف کے تمام اہلِ مسلک اس پر متفق ہوجائیں اور اس سے آگے تجاوز نہ کریں تو اس سنگین مسئلے میں کوئی اختلاف باقی نہ رہے۔

قوله: ''هٰذا جِبْرِيْلُ'' (ص:۲۹ سطر:۹)

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی مجلس میں بتادیا تھا، حالانکہ ابوداؤد اور ترمذی کے حوالہ سے ہمارے درس میں گزرا ہے کہ حضرت فاروقِ اعظمؓ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن بعد بتلایا تھا۔

جواب یہ ہے کہ ہوسکتا ہے کہ جبریل علیہ السلام کے سوال کے جوابات مکمل ہونے کے بعد یا جبریل علیہ السلام کے جانے کے فوراً بعد حضرت عمرؓ اُٹھ کر چلے گئے ہوں اور یہ بات حضرت فاروقِ اعظمؓ نے اُس وقت نہ سنی ہو۔ تین روز بعد آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہوئی تو آپ نے حضرت عمرؓ کو بھی بتلادیا کہ یہ جبریلؑ تھے۔

۹۸- ''حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ...... (الٰى قوله)...... بِهٰذَا الْاَسْنَادِ مِثْلَهٗ غَيْرَ أَنَّ فِيْ رِوَايَتِهٖ '' إِذَا وَلَدَتِ الْأَمَةُ بَعْلَهَا '' يَعْنِي السَّرَارِيَّ.'' (ص:۲۹ سطر:۱۰)

قوله: ''السَّرَارِي'' (ص:۲۹ سطر:۱۰)

سراری سریّة کی جمع ہے، وہ کنیز جس کو آقا نے وطی کے لئے رکھا ہو۔

۹۹- حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ...... (الٰى قوله)...... عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلُوْنِيْ فَهَابُوْهُ أَنْ يَّسْأَلُوْهُ.... (الٰى

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ)... وَإِذَا رَأَيْتَ الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الصُّمَّ الْبُكْمَ ... (الٰی قولہ)... أَنْ تَخْشَى اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ ...... (الٰی قولہ)......فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا جِبْرِيْلُ أَرَادَ أَنْ تَعَلَّمُوْا إِذْ لَمْ تَسْأَلُوْا . (ص:۲۹ سطر:۱۱ تا ۱۶ و ص:۳۰ سطر:۱)

قولہ: "حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ .... الخ" (ص:۲۹ سطر:۱۰)

ماقبل کی روایت میں تھا "أن تعبد اللہ" اور یہاں "أن تخشی اللہ" ہے، حاصل یہ ہے کہ وہاں پر بھی عبادت سے مراد خشیت والی عبادت ہے۔

قولہ: "اَلصُّمَّ الْبُكْمَ" (ص:۲۹ سطر:۱۴، ۱۵)

صُمٌّ جمع ہے أصمّ کی بمعنیٰ بہرہ۔[۱] بُکْمٌ جمع ہے أَبْکَم کی بمعنیٰ گونگا۔[۲] اس سے بظاہر وہی معنیٰ مراد ہیں جو قرآنِ حکیم کے ارشاد: "صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ"[۳] میں ہیں، یعنی حق کو سننے (قبول کرنے) سے بہرے، اور حق بولنے سے گونگے ہیں۔

قولہ: "تَعَلَّمُوْا إِذْ لَمْ تَسْأَلُوْا" (ص:۳۰ سطر:۱)

تَعَلَّمُوْا اَوْ تَعْلَمُوْا دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، مطلب یہ ہے کہ پیچھے اس روایت میں آچکا ہے کہ جبریل علیہ السلام کے آنے سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاضرین سے خطاب میں فرمایا تھا کہ: "سلونی" مگر کسی نے سوال نہ کیا، یہاں تک کہ جبریلِ امین علیہ السلام آگئے۔

سوال:- جب قرآن مجید میں صحابہ کرامؓ کو سوال کرنے سے منع کر دیا گیا تھا، جیسا کہ ارشادِ الٰہی ہے:- "لَا تَسْئَلُوْا عَنْ أَشْيَآءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ."[۴] تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے "سَلُوْنِي" کیوں فرمایا؟ نیز یہ کیوں فرمایا کہ: "هٰذا جبریل علیه السلام اراد ان تعلموا اذ لم تسئلوا."

جواب:- قرآن مجید میں سؤال کی ممانعت علی الاطلاق نہیں بلکہ ایسے سؤالات کرنے کی

---

(۱) لسان العرب ج:۷ ص:۴۱۰۔

(۲) لسان العرب ج:۱ ص:۴۷۴، ۴۷۵ قال ثعلب: البَكَم أن يُولَدَ الانسان لا ينطق ولا يسمع ولا يبصر.... قال الأزهري: بين الأخرس والأبكم فرق في كلام العرب. فالأخرس الذي خلق ولا نطق لهٗ كالبهيمة العجماء والأبكم الذي للسانه نطقٌ وهو لا يعقل الجواب ولا يحسن وجه الكلام.

(۳) البقرة آیت:۱۸۔

(۴) المائدة آیت:۱۰۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ممانعت تھی جن کی فی الحال ضرورت نہ ہو یا جو بے فائدہ ہوں۔

سوال:-لیکن صحابہ کرامؓ تو مفید سوالات کرنے سے بھی ڈرتے تھے؟

جواب:- اِس خیال سے ڈرتے تھے کہ خدانخواستہ ہم کوئی ایسا سوال نہ کر بیٹھیں جس کو ہم تو مفید سمجھتے ہوں لیکن نفس الامر میں مفید نہ ہو۔

باب بیان الصلوٰت التی هی احد ارکان الاسلام

۱۰۰-"حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدِ بنِ جَمِيلِ بْنِ طَرِيفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ (فِيمَا قُرِئَ عَلَيْهِ)،عَنْ أَبِي سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ ،أَنَّهُ سَمِعَ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَهْلِ نَجْدٍ، ثَائِرُ الرَّأْسِ،نَسْمَعُ دَوِيَّ صَوْتِهِ وَلاَ نَفْقَهُ مَا يَقُوْلُ، حَتّٰى دَنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَإِذَا هُوَ يَسْأَلُ عَنِ الإِسلاَمِ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ . فَقَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُنَّ؟ قَالَ : لاَ. إِلَّا أَنْ تَطَّوَّعَ، وَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ . فَقَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُ ؟فَقَالَ:لاَ. إِلَّا أَنْ تَطَّوَّعَ . وَذَكَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزَّكَاةَ.فَقَالَ :هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ:لاَ. إِلَّا أَنْ تَطَّوَّعَ . قَالَ :فَأَدْبَرَ الرَّجُلُ وَهُوَ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ ،لاَ أَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا وَلاَ أَنْقُصُ مِنْهُ.

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم :أَفْلَحَ إِنْ صَدَقَ ."

(ص:۳۰ سطر:۱ تا ۵)

قوله:"مِنْ أَهْلِ نَجْد" (ص:۳۰ سطر:۲)

"نجد" یہ سعودی عرب کا ایک بڑا علاقہ حجاز اور عراق کے درمیان واقع ہے۔(فتح الملہم)(۱)۔یہاں کے شیخ عبدالوہاب نجدیؒ مشہور ہیں، ان کے متبعین ہمارے دیار میں "وَہّابی" کہلاتے ہیں، اور یہ ردِّ بدعات میں متشدد تھے۔ جزیرۃ العرب کو اُردو میں "جزیرہ نمائے عرب" کہتے ہیں۔ جغرافیائی اصطلاح کی بناء پر اِسے "جزیرہ نما" کہا جاتا ہے، عربی میں جزیرہ نما کو "شبہ الجزیرۃ" کہتے ہیں۔

(۱) فتح الملہم ج:۱ ص:۴۹۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جزیرہ ایسے خشک علاقے کو کہتے ہیں جس کے ہر طرف پانی ہو اور کوئی حصہ خشکی سے نہ ملتا ہو، اور جس کے تین طرف سمندر اور ایک طرف خشکی ہو اُس کو "شبہ الجزیرۃ" کہا جاتا ہے۔ جزیرہ نمائے عرب کے تقریباً شمال کی طرف خشکی ہے جہاں سے اُردن اور شام کا علاقہ شروع ہوتا ہے، مغرب میں بحیرۂ احمر (بحرِ قلزم) ہے، اور جنوب میں بحیرۂ عرب ہے، بحیرۂ عرب ہی سے خلیجِ فارس نکلتی ہے جو جزیرہ نمائے عرب کے تقریباً مشرق میں ہے۔ "خلیج" سمندر کی اُس شاخ کو کہتے ہیں جس کے دونوں طرف خشکی ہو اور آگے بھی خشکی ہو جہاں جا کر سمندر بند ہو جاتا ہو۔ دبئی اور مسقط وغیرہ خلیج کے علاقے ہیں۔ احادیث میں جزیرہ نمائے عرب کے لئے لفظ "جزيرة العرب" استعمال ہوا ہے کیونکہ قرآن وسنت جغرافیائی اصطلاح کے تابع نہیں ہیں۔

اس جزیرہ نمائے عرب میں اب بہت سے ممالک اور ریاستیں ہیں، سعودی عرب، قطر، شارجہ، دبئی، ابوظبی، بحرین، مسقط، عُمان، یمن اور کویت وغیرہ جزیرۂ عرب میں داخل ہیں۔ عہدِ رسالت میں جزیرہ نمائے عرب کی معروف تقسیم یہ تھی کہ بنیادی طور پر یمن، تہامہ، حجاز، نجد یہ بڑے بڑے علاقے تھے۔ یمن، مدینہ سے جنوب مشرق کی سمت میں ہے۔ حجاز، تہامہ سے ملا ہوا ہے اور یہ پہاڑی علاقہ ہے۔ تہامہ سمندر کے کنارے واقع ہے۔ حجاز کو حجاز اس لئے کہتے ہیں کہ یہ نجد و تہامہ کے درمیان حاجز ہے۔

قولہ: "ثَائِرَ الرَّأس" (ص:۳۰ سطر:۲)

بفتح الراء اور بضم الراء دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ بضم الراء کی صورت میں رَجُلٌ کی صفت ہے، اور بفتح الراء کی صورت میں رَجُلٌ سے حال ہوگا۔

اِشکال:- پہلی صورت پر اِشکال ہوتا ہے کہ ثائر الرأس بوجہ اضافت کے معرفہ ہے اور رَجُلٌ نکرہ، لہٰذا موصوف صفت میں تعریف وتنکیر کے اعتبار سے مطابقت نہ رہی۔

جواب:- ثائر الرأس باوجود اضافت کے نکرہ ہی ہے، اس لئے کہ یہ اضافتِ لفظیہ ہے جو تخفیف کا فائدہ دیتی ہے نہ کہ تعریف کا۔

قولہ: "دَوِيَّ صَوْتِهٖ" (ص:۳۰ سطر:۲)

دَوِيٌّ بفتح الدال وکسر الواو وتشدید الیاء ایسی بلند اور متکرر آواز جو فضا میں

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

منتشر ہو لیکن سمجھ میں نہ آتی ہو،[۱] فتح الملہم میں اسے شہد کی مکھی کی بھنبھناہٹ سے تشبیہ دی گئی۔[۲]

فوائد:- مذکورہ عبارتِ حدیث سے درج ذیل آدابِ معاشرت معلوم ہو رہے ہیں:-

۱- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عام طریقہ ثائر الرأس رہنے کا نہ تھا، اسی لئے اس اعرابی کی اس ہیئت کو اچنبھا سمجھ کر راوی نے اسے ذکر کیا۔

۲- دور سے ہی بولنا شروع کر دینا تہذیب اور شائستگی کے خلاف ہے، یہ صحابہ کرامؓ کی عادت کے خلاف تھا، اسی لئے راوی نے اسے بطورِ خاص محسوس کیا اور بیان کیا۔

۳- ایسے انداز میں بات کرنا جو سمجھ میں نہ آئے نامناسب ہے، یہ بھی صحابہ کرامؓ کی عادت کے خلاف ہے۔

قولہ: "فَإِذَا هُوَ يَسْأَلُ عَنِ الإِسْلَامَ" (ص:۳۰ سطر:۳)

اسلام کے متعلق سوال کون سے الفاظ میں کیا؟ اس عبارت سے یہ بات معلوم نہیں ہو رہی۔

سوال:- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں نماز، روزہ اور زکوٰۃ کا تو ذکر فرمایا لیکن شہادتین اور حج کا ذکر نہ فرمایا۔

جواب:- ہوسکتا ہے کہ شہادتین کا ذکر اس لئے نہ فرمایا ہو کہ آپ کو قرائن یا وحی سے یہ بات معلوم ہوگئی ہو کہ یہ شخص پہلے سے مسلمان ہے، اب اس کو آگے کی تعلیم دینے کی ضرورت ہے، اور حج کا اس لئے ذکر نہ فرمایا کہ شاید حج اُس وقت تک فرض نہ ہوا ہو۔ یا ذکر فرمایا تھا مگر راوی نے اُسے اِختصاراً ذکر نہیں کیا، ويؤيد هذا الثاني ما أخرجهُ البخاري في الصيام في هذا الحديث قال: "فأخبرهُ بشرائع الاسلام" (فتح الباری کتاب الایمان ج:۱ ص:۱۰۷)۔

فائدہ:- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کی تعریف اعمالِ جوارح (نماز، روزہ، زکوٰۃ) سے فرمائی۔ اِس سے مُرجئہ کا ردّ ہوگیا جو اعمال کی اہمیت کے منکر ہیں۔

قولہ: "إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ" (ص:۳۰ سطر:۳)

اس کے دو مطلب ہوسکتے ہیں۔ ایک یہ کہ فرض تو مزید کچھ نہیں لیکن نفل نمازیں جتنی

(۱) النهاية لابن الأثير ج:۲ ص:۱۴۳ و مجمع بحار الأنوار ج:۲ ص:۲۱۷۔

(۲) فتح الباری ج:۱ ص:۱۰۶ و فتح الملہم ج:۱ ص:۴۹۸۔ (از حضرت استاذی المکرم مدظلہم)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

چاہو پڑھو، اس صورت میں تقدیرِ عبارت یہ ہوگی: "لٰکن یستحبُّ لک ان تطوّعَ" یعنی یہ استثناء منقطع ہوگا۔ شافعیہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ اور دوسرا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ اصالۃً تو زائد نمازیں فرض نہیں لیکن اگر نفل شروع کرو گے تو وہ بھی فرض ہو جائے گی، یعنی اُس کا اِتمام فرض ہو جائے گا، اِس صورت میں تقدیرِ عبارت یہ ہوگی کہ "اِلَّا اَنْ تشرع فی التّطوع فیجب علیک تمامُہٗ" اور یہ استثناء متصل ہوگا کیونکہ اس صورت میں مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ دونوں ہم جنس (واجب) ہوں گے۔ حنفیہ نے اسی کو اختیار کیا ہے، کیونکہ استثناء میں اصل اتصال ہی ہے، حنفیہ کا استدلال اس فقہی مسئلہ میں قرآنِ کریم کے اس ارشاد سے ہے: "یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَکُمْ" وجہِ استدلال یہ ہے کہ کوئی نفلی نماز یا روزہ شروع کر کے اگر فاسد کر دیا جائے تو اُس کا ابطال ہو جائے گا، جسے اس آیت نے ممنوع کیا ہے۔ اس کے علاوہ متعدّد احادیث سے بھی استدلال ہے جو اپنے مقام پر آئیں گی۔

سوال:- خمس صلوات سے یہ ثابت ہوگیا کہ نمازیں پانچ ہیں، چنانچہ شوافع اس سے استدلال کرتے ہیں وتر واجب نہیں، جبکہ حنفیہ کے نزدیک وتر بھی واجب ہے، تو معلوم ہوا کہ حنفیہ کا مذہب اس حدیث کے خلاف ہے؟

اس کا ایک الزامی جواب تو یہ ہے کہ اسی حدیث میں آگے زکوٰۃ کے متعلق بھی یہی الفاظ آرہے ہیں کہ: "لَا، اِلَّا اَنْ تطوّع" تو اُس سے یہ ثابت ہوگا کہ صدقۃ الفطر واجب نہیں، حالانکہ شوافع اس کے وجوب کے قائل ہیں۔

مُلّا علی قاریؒ نے مرقاۃ میں اس کے دو جواب دیئے ہیں۔[1] ایک یہ کہ ممکن ہے یہ حدیث اُس وقت کی ہو جب وتر واجب نہ تھا، وجوبِ وتر کی احادیث بعد کی ہیں جو اپنے مقام پر آئیں گی۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ وتر درحقیقت توابعِ عشاء میں سے ہے، یعنی عشاء کے ذیل میں یہ خود بخود داخل ہے، لہٰذا اسے الگ سے شمار نہیں کیا گیا۔

امامِ اعظمؒ سے ایک شخص نے پوچھا: وتر واجب ہے یا نہیں؟ فرمایا کہ: واجب ہے۔ اُس نے کہا: دن رات میں کتنی نمازیں فرض ہیں؟ فرمایا: پانچ۔ اُس نے کہا: شمار کریں۔ آپؒ نے فرمایا: فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء۔ اُس نے پھر پوچھا: وتر واجب ہے یا نہیں؟ آپؒ نے

(۱) المرقاۃ ج:۱ ص:۱۶۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فرمایا: واجب ہے۔ اُس نے پوچھا: نمازیں کتنی ہوئیں؟ آپؐ نے فرمایا: پانچ، یہ سوال وجواب تین مرتبہ ہوا، تو آخر میں اُس نے کہا کہ: پھر تو تمہیں حساب نہیں آتا۔[۱] درحقیقت امامِ اعظمؒ کے جواب کا مقصد یہ بتانا تھا کہ وتر کو الگ شمار نہ کیا جائے گا کیونکہ وہ توابعِ عشاء میں سے ہے۔

قولہ: "وَذَكَرَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزَّكَاةَ" (ص:۳۰ سطر:۴)

یہ راوی کی احتیاط ہے، کیونکہ راوی کو غالباً وہ لفظ یاد نہ رہا تھا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کے بارے میں فرمایا تھا، لہٰذا یوں روایت کی کہ "آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کا ذکر بھی فرمایا تھا" جن الفاظ میں فرمایا تھا وہ الفاظ راوی نے ذکر نہیں کیے۔

قولہ: "فَقَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: لَا. إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ" (ص:۳۰ سطر:۴)

اس میں استثناء متصل نہیں ہوسکتا بلکہ منقطع ہی ہوگا کیونکہ زکوٰۃ کی ادائیگی کا عمل ممتد نہیں ہوتا۔[۲] لہٰذا قرینِ قیاس یہ ہے کہ سابق میں بھی استثناء منقطع ہو؟ لیکن جواب یہ دیا جاسکتا ہے کہ کسی کلام کے ایک جملہ میں استثناء متصل ہو اور دوسرے میں منقطع تو اس میں کوئی مانع نہیں۔

قولہ: "وَهُوَ يَقُولُ: وَاللّٰهِ ،لَا أَزِيدُ عَلَى هَذَا وَلَا أَنْقُصُ مِنْهُ" (ص:۳۰ سطر:۴)

اِس پر ایک اِشکال ہوتا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ نفلی عبادات نہیں کروں گا، حالانکہ نفلی عبادات نہ کرنا تو جائز ہے مگر نفلی عبادت اور مستحبات پر عمل نہ کرنے کی قسم کھانا ممنوع ہے، جیسا کہ صحیح مسلم ہی کی ایک روایت میں ہے جو جلدِ ثانی کتاب المساقاۃ، بابُ استحباب الوضع من الدَّین میں آئے گی۔

اِس کے چار جواب ہوسکتے ہیں: ایک یہ کہ یہ بات اُس وقت کی ہے جب مستحب اعمال کے ترک کی قسم کی ممانعت نہیں آئی تھی۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ مطلب اس کا یہ ہے کہ جو کچھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا ہے وہی اپنی قوم کو واپس جا کر بتلاؤں گا اور اِس میں کوئی کمی بیشی نہیں کروں گا۔

تیسرا جواب یہ ہے کہ یہاں پر کلمۂ قسم کا تکلّم قسم کے لئے نہیں بلکہ تاکیدِ کلام کے لئے ہے۔

چوتھا جواب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص تمام اعمالِ مفروضہ کو پورا کرے اور نوافل کو نہ کرنے کی

(۱) فتح الملہم ج:۱ ص:۵۰۰۔

(۲) حاشیۃ السندی علی صحیح مسلم ج:۱ ص:۳۴، ۳۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قسم کھالے تو یہ درست تو نہیں مگر فلاح والا پھر بھی ہے، البتہ یہ فلاح درجہ کے اعتبار سے کم ہے۔[۱]

۱۰۱ - ”حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ،جَمِيعًا عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي سُهَيْلٍ،عَنْ أَبِيهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ،نَحْوَ حَدِيثِ مَالِكٍ.غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْلَحَ وَأَبِيهِ إِنْ صَدَقَ . أَوْ :دَخَلَ الْجَنَّةَ وَأَبِيهِ إِنْ صَدَقَ.“

(ص:۳۰ سطر:۶،۵)

قوله:”أَفْلَحَ وَأَبِيهِ“ (ص:۳۰ سطر:۶)

یہاں اِشکال ہوتا ہے کہ یہ غیر اللہ کی قسم ہے جو شرعاً جائز نہیں۔

اس کے تین جواب ہیں:-

ایک یہ کہ ہوسکتا ہے کہ اس کی ممانعت مذکورہ بالا واقعے کے بعد میں آئی ہو اور اس ممانعت کی وجہ شرک نہیں بلکہ سدِّ ذریعہ کے طور پر ممانعت ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ ”وابیه“ سے مراد قسم نہیں بلکہ تاکیدِ کلام ہے، کیونکہ اداۃ قسم بعض اوقات قسم کے بجائے صرف تأکیدِ کلام کے لئے بھی مستعمل ہوتے ہیں۔[۲]

اور تیسرا جواب یہ ہے کہ غیر اللہ کی قسم کھانے کی ممانعت اُمت کے لئے ہے، ممکن ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بھی خصوصیت ہو کہ آپ کے لئے اس کی ممانعت نہ ہو کیونکہ غیر اللہ کی قسم میں اگر یہ عقیدہ نہ ہو کہ اس قسم کے مطابق عمل کرنا شرعاً واجب ہے تو یہ قسم شرک نہیں، اُمت کو اس کی ممانعت صرف سدِّ ذریعہ کے لئے ہے، یعنی اس لئے ہے کہ کوئی اس کو شرک کا ذریعہ نہ بنالے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں یہ اندیشہ نہیں تھا۔[۳]

---

(۱) مذکورہ بالا چاروں جوابات درج ذیل کتب میں متفرق طور پر موجود ہیں: فتح الباری ج:۱ ص:۱۰۷، والمعلم بفوائد مسلم ج:۱ ص:۱۸۸، واکمال المعلم ج:۱ ص:۲۱۸، والمفهم ج:۱ ص:۱۵۹، ومرقاۃ ج:۱ ص:۱۶۷، وفتح الملهم ج:۱ ص:۵۰۳۔

(۲) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۰۴۔

(۳) تینوں جوابات کے لئے ملاحظہ فرمایئے: فتح الباری ج:۱ ص:۱۰۶، نیز مُلّا علی القاریؒ نے ایک جواب یہ بھی دیا ہے کہ یہاں پر کلمہ ”ربّ“ مضاف محذوف ہے اور تقدیرِ عبارت یوں ہے: ”افلح ورب أبيه“ اس صورت میں اِشکال باقی نہیں رہتا۔ (مرقاۃ ج:۱ ص:۱۶۷)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہاں ایک اِشکال یہ ہے کہ اس حدیث میں حج، علمِ دین، جہاد، تبلیغ، قربانی، صدقۃ الفطر، صلہ رحمی وغیرہ اور اجتناب عن المعاصی کا ذکر نہیں، اس کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے "أفلح وأبیه إن صدق" کیسے فرمادیا؟

اِس کا جواب یہ ہے کہ صحیح بخاری کتاب الصیام میں یہی حدیث اسماعیل بن جعفر کے طریق سے آئی ہے، اُس میں یہ جملہ بھی ہے کہ "فاخبره عن شرائع الاسلام" لہٰذا "شرائع الاسلام" کے عموم میں تمام اعمالِ خیر بھی آگئے اور تمام معاصی سے اجتناب بھی آگیا۔[۱]

باب السؤال عن أركان الإسلام

۱۰۲ - "حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُكَيْرٍ النَّاقِدُ ...... (الٰی قوله) ...... عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، قَالَ: نُهِينَا أَنْ نَسْأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ، فَكَانَ يُعْجِبُنَا أَنْ يَجِيءَ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ ، الْعَاقِلُ ، فَيَسْأَلَهُ وَنَحْنُ نَسْمَعُ. فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! أَتَانَا رَسُوْلُكَ ، فَزَعَمَ لَنَا أَنَّكَ تَزْعُمُ أَنَّ اللّٰهَ أَرْسَلَكَ؟ قَالَ: صَدَقَ . ... الحديث." (ص:۳۰ سطر:۶،۷ و ص:۳۱ سطر:۱)

قوله: "قَالَ: نُهِينَا أَنْ نَسْأَلَ .... الخ" (ص:۳۰ سطر:۷)

یہ ممانعت مطلق نہ تھی بلکہ غیر ضروری اور غیر مفید سؤالات سے ممانعت تھی، صحابہ کرامؓ سؤالات سے اس وجہ سے ڈرتے تھے کہ ہوسکتا ہے کہ کوئی سؤال ہمارے نزدیک تو ضروری یا مفید ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک غیر ضروری یا غیر مفید ہو، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے تکلیف ہو، اِس وجہ سے سؤال کرنے سے ڈرتے تھے۔

قوله: "فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ!" (ص:۳۰ سطر:۷)

"یا محمد" کہہ کر پکارا کیونکہ آدابِ شریعت سے ناواقف تھے، یہ شخص ضِمام بن ثعلبۃ ہیں جو قبیلہ بنی سعد بن بکر کے تھے ان کی یہ حاضری ۹ھ میں ہوئی،[۲] اِن کے بارے میں یہ صراحت نہیں ملتی کہ جب آئے تھے تو مسلمان ہو چکے تھے یا نہیں؟[۳]

---

(۱) فتح الملہم ج:۱ ص:۵۰۴۔ (۲) المفہم ج:۱ ص:۱۶۲۔

(۳) امام بخاریؒ اور قاضی عیاضؒ کا رُجحان اس طرف ہے کہ یہ مسلمان ہو چکے تھے۔ (فتح الباری ج:۱ ص:۱۵۲، واکمال المعلم ج:۱ ص:۲۲۰) جبکہ علامہ قرطبیؒ کا رُجحان یہ ہے کہ یہ اُس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ (المفہم ج:۱ ص:۱۶۲)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله : "فَزَعَمَ" (ص:۳۱ سطر:۱) زعم ایسا دعویٰ جومحتاجِ دلیل ہو، یعنی قولِ غیرِ محقق کو کہا جاتا ہے۔(۱) اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ضمام اُس وقت تک مشرف باسلام نہیں ہوئے تھے، لیکن کہا جاسکتا ہے کہ زعـــم کا لفظ قولِ محقق کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے سیبویہؒ نے اپنی کتاب "الکتاب" میں جگہ جگہ "زعم خلیل" فرمایا ہے۔(۲)

یہاں حدیث میں بظاہر پہلے معنیٰ مراد ہیں اس لئے کہ وہ اپنے سوال کے ذریعہ تحقیق کرنا چاہتے تھے۔

باب بیان الإیمان الّذی یدخل به الجنة .... الخ

۱۰۴ -"حَـدَّثَـنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ......(الٰی قوله)...... حَدَّثَنِي أَبُوْ أَيُّوْبَ، أَنَّ أَعْرَابِيًّا عَرَضَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ سَفَرٍ. فَأَخَذَ بِخِطَامِ نَاقَتِهِ أَوْ بِزِمَامِهَا ،ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! أَوْ يَا مُحَمَّدُ ! أَخْبِرْنِيْ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَا يُبَاعِدُنِيْ مِنَ النَّارِ. قَالَ: فَكَفَّ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، ثُمَّ نَظَرَ فِيْ أَصْحَابِهِ، ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ وُفِّقَ أَوْ لَقَدْ هُدِيَ ، قَالَ : كَيْفَ قُلْتَ؟ قَالَ: فَأَعَادَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَعْبُدُ اللّٰهَ لاَ تُشْرِكُ بِهِ شَيْئاً ،وَتُقِيْمُ الصَّلاَةَ، وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ ،وَتَصِلُ الرَّحِمَ. دَعِ النَّاقَةَ ." (ص:۳۱ سطر:۶ تا ۸)

قوله: "عَرَضَ" (ص:۳۱ سطر:۶) سامنے آیا۔

قوله: "بِخِطَامِ نَاقَتِهِ أَوْ بِزِمَامِهَا" (ص:۳۱ سطر:۷)

خطام اور زمام سے مراد ایک ہی چیز ہے جسے اُردو میں نکیل کہتے ہیں۔ اعرابی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال پوچھنے کا جو طریقہ اختیار کیا وہ نامناسب تھا، مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر ناگواری کا اِظہار نہیں فرمایا، اِس سے یہ سبق ملتا ہے کہ علماء کو ناواقف عوام سے شفقت کا معاملہ کرنا چاہئے اور ان کی غلطیوں سے درگزر کرنا چاہئے، اس سے علماء اور

(۱) المفهم ج:۱ ص:۱۶۲ ولسان العرب ج:۶ ص:۴۸،۵۰۔

(۲) زعم خلیل کے علاوہ زعم یونس، زعم ابو الخطاب وغیرہ کے کلمات بھی جگہ جگہ استعمال فرمائے ہیں، مثال کے طور پر ملاحظہ فرمایئے: جلد اوّل میں تحت عنوان: "هذا باب الألقاب" اور "هذا باب الأحیان فی الانصراف وفی غیر الانصراف" اِن تمام مقامات پر "زعم" دوسرے معنی میں استعمال ہوا ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عوام کے درمیان قربت پیدا ہوگی، عوام کی اس قسم کی غلطیوں سے ناراض نہ ہوں، محبت وشفقت سے سمجھادیں، خود حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے: "وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ...." الآیة۔ (۱)

قوله: "لَقَدْ وُفِّقَ أَوْ لَقَدْ هُدِيَ" (ص:۳۱ سطر:۷،۸)

یعنی "اس اَعرابی کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق ہوگئی ہے"، مطلب یہ ہے کہ اُس نے جو سوال کیا ہے یہ سوال ہی علامت ہے اِس بات کی کہ اُس نے ایمان قبول کرلیا ہے، اب صرف عمل پوچھنا چاہتا ہے، اور سوال کے انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عمل کے جذبہ سے سرشار ہے۔

قوله: "قَالَ: كَيْفَ قُلْتَ؟" (ص:۳۱ سطر:۸)

یہاں سوال ہوتا ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ کیوں پوچھا حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سوال معلوم ہوگیا تھا، جبھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "لقد وفّق أو لقد هدى؟"

جواب یہ ہے تاکہ آس پاس کے صحابہؓ کو سوال کا علم ہوجائے۔ اِس سے تدریس کا ادب بھی معلوم ہوا کہ اچھے سوال پر طالبِ علم کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے اور وہ سوال دوسرے طلبہ کے لئے بھی دُہرایا جائے تاکہ اُن کو بھی جواب بہ حسن وخوبی معلوم ہوجائے۔

قوله: "تَعْبُدُ اللّٰهَ" (ص:۳۱ سطر:۸)

اگر عبادت سے یہاں اصطلاحی عبادت مراد ہے یعنی نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وصدقۃ الفطر وغیرہ تو اس صورت میں "تقيم الصلوٰة وتؤتي الزكوٰة" یہ تخصيص بعد التعميم ہے، اور اگر "تعبد الله" سے مراد توحید ہے تو اس صورت میں یہ تخصيص بعد التعميم نہ ہوگی بلکہ یہ مستقلاً مقصود ہے اور آگے ہر جملہ خود مستقل ہے۔(۲) تیسرا احتمال یہ ہے کہ یہاں "تعبد الله" سے مراد طاعت ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے، اس صورت میں اس میں عموم ہے، طاعة في العقائد، طاعة في العبادت، في المعاملات، في المعاشرت، في الاخلاق سب اس میں داخل ہیں، اور تمام اَوامر کی تعمیل، اور تمام منہیات سے اجتناب بھی داخل ہیں۔(۳)

---

(۱) آل عمران آیت:۵۹۔ (۲) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۰۹۔

(۳) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۱۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "وَتُؤتِی الزَّکَاۃَ" (ص:۳۱ سطر:۸)

یہاں "تخرج الزکٰوۃ" نہیں فرمایا اور قرآن و حدیث میں تقریباً ہر جگہ ایتاء الزکٰوۃ اور اس کے مشتقات کا لفظ استعمال ہوا ہے، جس سے اشارہ ہے کہ زکٰوۃ نکالنا کافی نہیں بلکہ اسے شرعی قواعد کے مطابق ادا کرنے کا اہتمام لازمی ہے۔

قولہ: "وَتَصِلُ الرَّحِمَ" (ص:۳۱ سطر:۸)

"رحم" کے لغوی معنیٰ ہیں بچہ دانی۔ قرابت داری کو بھی مجازاً "رحم" کہا جاتا ہے کیونکہ بچہ دانی، قرابت داری کا سبب بنتی ہے بقاعدہ تسمیۃ المسبب باسمِ السبب۔ تَصِل مضارع ہے وصلاً وصِلۃً مصدر سے بمعنیٰ جوڑنا۔ تو جملے کے معنیٰ ہوئے "تو قرابت داری کو جوڑے" مراد ہے کہ رشتہ داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کرے۔

فائدہ:- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

۱- "تعبد اللہ ولا تشرک بہٖ شیئاً وتقیم الصلوٰۃ وتؤتی الزکٰوۃ."

۲- "وتصل الرحم."

پہلے حصہ میں بیان ہے اللہ تعالیٰ کے اہم ترین حقوق کا اور دوسرے حصہ میں حقوق العباد میں سے اہم ترین حقوق کا، اور یہی پورے دین کا خلاصہ ہے۔ اِسے دوسرے لفظوں میں یوں بھی تعبیر کیا جاسکتا ہے کہ دین نام ہے "حقوق کی ادائیگی" کا، اور حقوق دو طرح کے ہیں۔ ۱- حقوق اللہ۔ ۲- حقوق العباد۔

قولہ: "دَعِ النَّاقَۃَ" (ص:۳۱ سطر:۸)

"اُونٹنی کو چھوڑ دے" کیونکہ سوال کا جواب تجھے مل گیا ہے۔

یہاں سوال ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم اور حج کا ذکر کیوں نہیں فرمایا؟ نیز دوسرے بہت سے فرائض و واجبات اور حرام و ناجائز اعمال سے بچنے کا ذکر کیوں نہیں فرمایا؟

جواب یہ ہے کہ دراصل اُس کے حال کے مناسب جواب دیا، ممکن ہے اُس وقت حج اور صوم کا زمانہ نہ ہو، یا وہ خود حج کے سفر میں ہو، اس لئے اس کا ذکر نہیں فرمایا۔

پھر اس وقت تمام تعلیماتِ اسلام بیان نہیں کی جاسکتی تھیں، نہ سائل کا مقصود تھا، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنیادی چیزوں کا بیان فرمادیا کیونکہ عبادات کی دو قسمیں ہیں: بدنی، مالی۔ عبادتِ بدنی کا ذکر "تقیم الصلوٰۃ" سے فرمایا، اور عبادتِ مالیہ کو "تؤتی الزکٰوۃ" سے ذکر

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فرمایا، اور یہ حقوق اللہ میں سے ہیں۔ اب رہ گئے تھے حقوق العباد، سو ان میں بہت تفصیل ہے، ان میں اہم ترین صلۂ رحمی ہے، اس کا ذکر فرمادیا۔

آج کل بعض طلبہ اور مجاہدین اور بعض مبلغین اِس سے غافل ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ہم اِشاعتِ حق میں مصروف ہیں، اس لئے صلۂ رحمی کی طرف توجہ نہیں کرتے، یہ غلوّ فی الدین ہے، جبکہ دینِ اسلام کی خصوصیت اِعتدال ہے، اِن چیزوں کا اہتمام کرنا چاہیے۔

۱۰۵ - "حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ ،وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ، قَالَا: نَا بَهْزٌ،قَالَ:نَا شُعْبَةُ ،نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، وَأَبُوهُ عُثْمَانُ ،أَنَّهُمَا سَمِعَا مُوسَى بْنَ طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِمِثْلِ هَذَا الْحَدِيثِ." (ص:۳۱ سطر:۸ تا ۱۰)

قوله: "قَالَ: نَا شُعْبَةُ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ"

(ص:۳۶ سطر:۹)

یہاں شعبہ کو محمد بن عثمان کے نام میں وہم ہوا ہے، اصل نام عمرو بن عثمان ہے (کما فی الروایة الأولٰی) لیکن چونکہ شعبہ نے اسی طرح بیان کیا ہے، اس لئے آپ اس میں تصحیح نہ کریں۔

۱۰۶ - "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ ......(الٰی قوله)......عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ دُلَّنِي عَلٰى عَمَلٍ أَعْمَلُهُ يُدْنِينِي مِنَ الْجَنَّةِ وَيُبَاعِدُنِي مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: تَعْبُدُ اللّٰهَ لَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ، وَتَصِلُ ذَا رَحِمِكَ، فَلَمَّا أَدْبَرَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ تَمَسَّكَ بِمَا أُمِرَ بِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ ."

(ص:۳۱ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قوله: "تَعْبُدُ اللّٰهَ لَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا" (ص:۳۱ سطر:۱۱)

یہاں شیئًا مفعول بہ ہے یا مفعولِ مطلق ہے، اس دوسری صورت میں مضاف مقدر ہوگا یعنی اِشراکَ شیءٍ۔

قوله: "وَتَصِلُ ذَا رَحِمِكَ" (ص:۳۱ سطر:۱۱)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الرحم (بسکون الحاء وبکسرھا).[1]

صلہ رحمی یہ ہے کہ جتنا ہوسکے تم اُن کو راحت اورخوشی پہنچاتے رہو، ان کی مدد کرو، ان کی شادی غمی میں سنت کے مطابق شریک رہو، ان سے خندہ پیشانی سے ملو، اُن کی ملاقات کے لئے جایا کرو، اور اُن کو تکلیف پہنچانے سے گریز کرو۔ آج کل بہت سے لوگ اس کو دین کا فریضہ نہیں سمجھتے، حالانکہ یہ دین کا ایک اہم فریضہ ہے۔

تَـصِـلُ کے معنیٰ ہیں: جوڑو، ملائے رکھو، قطع نہ کرو، یعنی ایسا کام نہ کرو جس سے رشتہ داروں سے تعلقات میں ناحق اِنقطاع پیدا ہو۔

قولہ: "دَخَلَ الْجَنَّةَ" (ص:۳۱ سطر:۱۲)

معلوم ہوا کہ صلہ رحمی ان کاموں (طاعات) میں داخل ہے جن کی بدولت آدمی جنت میں جائے گا۔

۱۰۷ - " وَحَـدَّثَـنِـي أَبُـوْ بَـكْـرِ بْـنُ إِسْـحَاقَ.....(الٰی قوله)...... عَنْ أَبِيْ هُـرَيْـرَةَ ،أَنَّ أَعْرَابِيًّا جَاءَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ الـلّٰـهِ ! دُلَّـنِـيْ عَـلٰـى عَمَلٍ إِذَا عَمِلْتُهُ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ. قَالَ:تَعْبُدُ اللّٰهَ لاَ تُشْرِكُ بِهٖ شَيْـئًـا،وَتُـقِيْـمُ الصَّلاَةَ الْمَكْتُوْبَةَ، وَتُؤَدِّي الزَّكَاةَ الْمَفْرُوْضَةَ ، وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ. قَـالَ :وَالَّـذِيْ نَـفْسِيْ بِيَدِهٖ لاَ أَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا شَيْئًا أَبَدًا، وَلاَ أَنْقُصُ مِنْهُ. فَلَمَّا وَلّٰى ،قَالَ الـنَّبِيُّ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ سَرَّهٗ أَنْ يَنْظُرَ إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ إِلٰى هٰذَا." (ص:۳۱ سطر:۱۲ تا ۱۴)

قولہ: "مَنْ سَرَّهٗ أَنْ يَنْظُرَ إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ إِلٰى هٰذَا" (ص:۳۱ سطر:۱۴)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعۂ وحی معلوم ہوگیا ہوگا کہ اِن کا خاتمہ ایمان اور عملِ صالح پر ہوگا۔

۱۰۸ - "حَـدَّثَـنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ،وَأَبُوْ كُرَيْبٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِيْ كُرَيْبٍ ...... (الٰـی قـولہ)...... عَنْ جَابِرٍ، قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النُّعْمَانُ بْنُ

(۱) وکذا فی لسان العرب ج:۵ ص:۱۷۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَوْقَلٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! أَرَأَيْتَ إِذَا صَلَّيْتُ الْمَكْتُوْبَةَ ،وَحَرَّمْتُ الْحَرَامَ ، وَأَحْلَلْتُ الْحَلَالَ، أَأَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ.“

(ص:۳۱ سطر:۱۵ و ص:۳۲ سطر:۱،۲)

قوله: ”حَرَّمْتُ الْحَرَامَ ، وَأَحْلَلْتُ الْحَلَالَ“ (ص:۳۲ سطر:۲)

اس میں سب اَوَامر ونواہی کا اُصولی طور پر ذکر آ گیا۔ ”حرمت الحرام“ کا مطلب یہ ہوگا کہ عقیدۃً بھی حرام سمجھوں گا اور عملاً بھی ان سے اِجتناب کروں گا، لیکن ”أحللت الحلالَ“ کا مطلب صرف یہ ہوگا کہ اعتقاداً حلال سمجھوں گا، اس لئے کہ تمام حلال چیزوں پر عمل کرنا ضروری نہیں البتہ تمام محرمات سے اِجتناب ضروری ہے۔(۱)

باب بيان أركانِ الاسلام ودعائمه العظام

۱۱۱ - ” حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ ...... (الٰى قوله)...... عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسَةٍ عَلٰى أَنْ يُوَحَّدَ اللّٰهُ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ ،وَصِيَامِ رَمَضَانَ ،وَالْحَجِّ. فَقَالَ رَجُلٌ: اَلْحَجِّ وَصِيَامِ رَمَضَانَ ؟ قَالَ: لاَ. صِيَامِ رَمَضَانَ وَالْحَجِّ. هٰكَذَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.“ (ص:۳۲ سطر:۵ تا ۷)

قوله: ”فَقَالَ رَجُلٌ: اَلْحَجِّ وَصِيَامِ رَمَضَانَ ؟ قَالَ: لاَ. صِيَامِ رَمَضَانَ وَالْحَجِّ.“ (ص:۳۲ سطر:۷)

ہوسکتا ہے اس شخص نے جو حج کو مقدم کیا ہے اُس نے اِس حدیث کو کسی سے تقدیمِ حج کے ساتھ ہی سنا ہو اور حضرت ابنِ عمرؓ نے اُس طرح سنا تھا جس طرح یہاں روایت کیا۔

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی اس تردید سے معلوم ہوا کہ جب روایت باللفظ یاد ہو تو روایت بالمعنیٰ نہیں کرنا چاہئے۔(۲)

---

(۱) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۱۳. نقلًا عن الشيخ أبي عمرو بن الصلاح.

(۲) المعلم ج:۱ ص:۱۸۸، وفي الحل المفهم (ج:۱ ص:۳۰): ”وإنما انكر ابن عمر مع أنّ النقل بالمعنٰى جائزٌ عندهٗ، لأنّ ذٰلك الرجل لم يكن فقيهًا والنقل بالمعنٰى إنما يجوز للفقيه لا للعوام. اهـ.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱۱۲- "حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ الْعَسْكَرِيُّ ...... (الٰی قوله)...... عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ عَلٰى أَنْ يُعْبَدَ اللّٰهُ، وَيُكْفَرَ بِمَا دُوْنَهُ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ." (ص:۳۲ سطر:۷تا۹)

قوله: "وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ" (ص:۳۲ سطر:۹)

سوال: اِس روایت میں تقدیم حج ہے اور راوی بھی ابنِ عمرؓ ہیں حالانکہ اُوپر کی حدیث میں خود حضرت ابنِ عمرؓ نے اِس تقدیم کی نفی فرمائی ہے۔

جواب: یہاں سعد بن عبیدۃ السلمی سے نیچے کے کسی راوی کو وہم ہوا ہے، یا اس نے روایت بالمعنیٰ کی ہے، اور اُسے حضرت ابنِ عمرؓ کی نکیر کا علم نہیں ہوا ہوگا۔

جوابِ ثانی: حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ہوسکتا ہے کہ حضرت ابنِ عمرؓ نے یہ روایت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دومرتبہ سنی ہو، ایک دفعہ لفظ "صوم رمضان" کے ساتھ، دوسری دفعہ لفظ "صیام رمضان" کے ساتھ۔ اور "صوم رمضان" کی روایت میں حج کی تقدیم ہو اور "صیام رمضان" کی روایت میں تأخیرِ حج ہو[1]، واللہ اعلم۔

۱۱۳- "حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ ...... (الٰی قوله)...... عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ، شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ... الحديث." (ص:۳۲ سطر:۹،۱۰)

قوله: "بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ" (ص:۳۲ سطر:۱۰)

جس طرح کسی عمارت کو اُٹھانے کے لئے عمود اور پلر (ستون) ہوتے ہیں، اسی طرح اسلام کے لئے پانچ ارکان ہیں۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہاں اسلام کی مثال خیمہ کی طرح دی گئی ہے، خیمہ کے بیچ میں عمود ہوتا ہے اور چار طرف طنابیں یعنی ڈوریاں ہوتی ہیں۔ فرمایا کہ شہادتین مثل عمود کے ہیں، اگر عمود کو درمیان سے نکال دیا جائے تو پھر خیمہ ہی نہیں رہتا، اسی طرح اسلام بھی شہادتین کے بغیر باقی نہیں رہتا۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ چار

(۱) الحل المفهم ج:۱ ص:۳۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

طنابوں کی طرح ہیں، جب طنابیں مضبوط ہوں تو خیمہ بھی مضبوط ہوتا ہے، لیکن جتنی طنابیں ختم یا ڈھیلی ہوتی جائیں گی اُتنی ہی خیمہ کی افادیت بھی کم ہوتی جائے گی، البتہ نام خیمہ کا باقی رہے گا۔ اسی طرح یہاں بھی اگر شہادتین کے علاوہ چار چیزوں پر عمل نہ ہو تو اسلام کا وجود اور اس کی افادایت ایک درجے میں پھر بھی باقی رہے گی کہ وہ خلود فی النار سے مانع بنے گا۔ (۱)

یہاں ایک سوال ہوتا ہے کہ اِس حدیث میں معاملات، معاشرت اور اِحسان کا ذکر نہیں ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ ارکانِ اسلام ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ اسلام اِنہی پانچ میں منحصر ہے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ یہ اسلام کے بنیادی اعمال ہیں، باقی سب اعمال اِنہی کی فرع ہیں۔ معاملات و معاشرت بھی اگرچہ دینِ اسلام کے اہم شعبے ہیں لیکن اصل مقصود عبادت ہے، تبلیغ، جہاد، تدریس اور حکومتِ الٰہیہ کا قیام اس مقصودِ اصلی کا ذریعہ ہیں۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے: "وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ" (۲) حاصل یہ کہ مقصودِ اصلی یہ چار عبادتیں ہیں، باقی عبادتیں اِنہی پر متفرع ہیں یا اُنہی کے مقدمات یا اُنہی کے مقتضیات یا متممّات یا مُزَیِّنَات ہیں۔

سیّد ابوالاعلیٰ مودودی صاحب مرحوم سے ہمارے اکابر کو اختلاف رہا ہے، اِس اختلاف کی بنیاد کی تشخیص ہمارے والدِ ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے یہ فرمائی کہ مودودی صاحب مرحوم کو مغالطہ یہاں سے لگا کہ انہوں نے حکومتِ الٰہیہ کے قیام کو اسلام کا مقصودِ اصلی قرار دے دیا، اور عبادات کو اس حکومت کے قیام کا ذریعہ بتایا، چنانچہ انہوں نے کہا کہ نماز تمرین ہے ڈسپلن قائم کرنے کے لئے، یعنی نماز اسلامی نظامِ حکومت قائم کرنے کا ذریعہ ہے۔ روزہ کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں میں محنت و جفاکشی کی عادت پڑے تاکہ اگر دُشمن سے مقابلہ ہوجائے تو ثابت قدم رہیں۔ زکوٰۃ کا مقصد اسلامی سلطنت کی معیشت کو سنبھالنا ہے۔ حج کا مقصد اتحاد بین المسلمین ہے تاکہ ایک دوسرے کے حالات سے باخبر رہیں۔

بلاشبہ اِن عبادات میں یہ فوائد بھی ضرور ہیں، لیکن ان سے غلطی یہ ہوئی کہ انہوں نے عبادات کو اسلام کا مقصودِ اصلی کے بجائے ذریعہ قرار دے لیا، اور حکومتِ الٰہیہ جو ذریعہ کے

(۱) فضائلِ اعمال، حصہ دوم فضائلِ نماز حدیث نمبر:۱ ص:۴۔

(۲) الذّٰریٰت آیت:۵۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

درجے میں تھی اُسے مقصودِ اصلی بنالیا،(۱) حالانکہ قرآنِ حکیم نے عبادت ہی کو جن وانس کی تخلیق کا مقصد قرار دیا ہے، مثلاً: سورۃ الذاریات میں ارشاد ہے: "وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ"، اور سورۃ الحج میں ارشاد ہے: "اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ."(۲) چنانچہ اس بنیاد پر اُن سے بہت سی غلطیاں سرزد ہوئیں، یہ غلطی مودودی صاحب کی کتاب "حقیقتِ صوم وصلوٰۃ" میں دیکھی جاسکتی ہے۔

اس کتاب میں انہوں نے اگرچہ صراحۃً ایسا نہیں لکھا لیکن کتاب کا حاصل یہی نکلتا ہے اور اُس کے مطالعے سے مجموعی طور پر ذہن یہی بنتا ہے، جب مقصودِ اصلی اُن کے نزدیک حکومتِ اسلامی کا قیام ہوا تو انہوں نے اس بنیاد پر ایک اور کتاب لکھی جس کا نام "اسلام میں حکمتِ عملی کا مقام" ہے، اُس کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ اسلامی حکومت کے قیام کے لئے اسلامی اَحکام سے اگر کچھ ہٹنا پڑے تو شرعاً اس کی گنجائش ہے۔ اس کو صحیح ثابت کرنے کے لئے کتاب "خلافت وملوکیت" لکھی جس میں مرجوح یا مؤوّل تاریخی واقعات کے ذریعہ یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ سیاسی مقاصد کے لئے بعض صحابۂ کرامؓ بھی بعض شرعی اَحکام سے روگردانی کرتے رہے ہیں (العیاذ باللہ)، بالخصوص حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف کئی سنگین واقعات منسوب کئے جس کا جواب برادرِ عزیز مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب نے اپنی کتاب "حضرت معاویہ اور تاریخی حقائق" میں بڑی سنجیدہ علمی تحقیق سے دیا ہے۔

تاہم سیّد مودودی صاحب مرحوم نے بہت سے اچھے کام بھی کئے ہیں، مثلاً "الجهاد" اور "الرِّق فى الاسلام" یہ ان کی اچھی کتابیں ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو اس کی جزائے خیر عطا فرمائے اور مذکورہ علمی لغزشوں سے درگزر فرمائے۔

سیّد ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کی اس بنیادی فکر کی وجہ سے "جماعتِ اسلامی" کی پالیسیوں میں شرعی اَحکام پر سیاست اور سیاسی مصلحتیں غالب نظر آتی ہیں۔

قولہ: "شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ" (ص:۳۲ سطر:۱۰)

معلوم ہوا کہ دوسری روایات میں "أَنْ يُوَحَّدَ اللهُ" اور "أَنْ يُعْبَدَ اللهُ" سے مراد بھی شہادتیں ہیں۔

---

(۱) مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیے: تکملہ فتح الملهم ج:۳ ص:۲۷۱۔

(۲) الحج آیت:۴۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱۱۴ - ”حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ ...... (الٰی قوله)...... عِكْرِمَةَ بْنَ خَالِدٍ يُحَدِّثُ طَاوُسًا، أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَلاَ تَغْزُوْ؟ فَقَالَ: إِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ الإِسْلاَمَ بُنِيَ عَلٰى خَمْسٍ، شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَإِقَامِ الصَّلاَةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ وَصِيَامِ رَمَضَانَ وَحَجِّ الْبَيْتِ.“ (ص:۳۲ سطر:۱۱تا۱۲)

قوله: ”أَلاَ تَغْزُوْ؟“ (ص:۳۲ سطر:۱۱)

یعنی آپ جہاد کیوں نہیں کرتے؟ اس سوال کے جواب میں ارکانِ اسلام کی حدیث سنانے کا مقصد یہ ہے کہ جہاد ارکانِ اسلام میں سے نہیں، اور یہ ہر حالت میں فرضِ عین بھی نہیں، بلکہ خاص حالات میں فرضِ عین ہوتا ہے، لہٰذا اس وقت اس کے ترک پر اعتراض نہیں ہونا چاہئے۔(۱)

باب الأمر بالإيمان بالله تعالىٰ ورسولهٖ .... الخ

۱۱۵ - ”حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ ...... (الٰی قوله)...... ح وَحَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يَحْيٰى وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّا هٰذَا الْحَيَّ مِنْ رَبِيْعَةَ، وَقَدْ حَالَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ، وَلاَ نَخْلُصُ إِلَيْكَ إِلَّا فِيْ شَهْرِ الْحَرَامِ، فَمُرْنَا بِأَمْرٍ نَعْمَلُ بِهٖ، وَنَدْعُوْ إِلَيْهِ مَنْ وَرَاءَنَا. قَالَ: آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: اَلإِيْمَانِ بِاللّٰهِ، ثُمَّ فَسَّرَهَا لَهُمْ، فَقَالَ: شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَأَنْ تُؤَدُّوْا خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ، وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيْرِ وَالْمُقَيَّرِ. زَادَ خَلَفٌ فِيْ رِوَايَتِهٖ شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. وَعَقَدَ وَاحِدَةً.“

(ص:۳۳ سطر:۱ تا ۳ وص:۳۴ سطر:۱،۲)

قوله: ”عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ“ (ص:۳۳ سطر:۱)

ابو جمرہ بصرہ کے رہنے والے تھے جو عراق کا مشہور ساحلی شہر ہے، اور نسبی اعتبار سے یہ

(۱) الحل المفہم ج:۱ ص:۳۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عبدالقیس ہی کے بطن (شاخ) کے فرد تھے،[۱] اُس وقت بصرے (عراق) کی زبان فارسی تھی، یہ عجیب بات ہے کہ جو جو علاقے صحابۂ کرامؓ نے فتح کیے تقریباً اُن سب علاقوں اور ملکوں کی زبان عربی بن گئی اور اب تک وہاں کی زبان عربی ہی چلی آرہی ہے۔ مثلاً: عراق، شام، لبنان، اُردن، فلسطین، مصر، سوڈان، لیبیا، تیونس، الجزائر، مراکش۔ یہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی برکات تھیں، حالانکہ یہ تمام ممالک اصل میں عجمی ہیں ان میں سے کوئی ملک سرزمینِ عرب کا حصہ نہیں۔ زبان کی وجہ سے اب اِن ممالک کو بھی عرب ممالک میں شمار کیا جاتا ہے۔

قولہ: "قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ" (ص:۳۳ سطر:۲،۱)

یہ وفد ۸ھ میں فتحِ مکہ سے پہلے آیا تھا،[۲] اور جس علاقہ سے آیا تھا آج کل وہاں جو شہر آباد ہیں ان کے نام بحرین، ظَہران، دمَّام اور اَلْخُبَرْ ہیں۔ یہاں ایک شہر تھا "جَوَاثٰی" (یہی وہ مقام ہے جہاں حرمین شریفین کے بعد سب سے پہلے نمازِ جمعہ ہوئی)، اسی علاقے میں ایک بستی کا نام "ھَجر" تھا جس کی کھجوریں مشہور تھیں۔ یہ مدینہ منورہ سے بہت دور ہے، اُونٹ پر اس سفر کو طے کیا جائے تو تقریباً ایک ماہ لگ جائے گا، درمیان میں ایک خوفناک طویل صحراء کو عبور کرنا پڑتا ہے۔

اِس علاقہ کے ایک صاحب "مُنقذ بن حیّان" تجارت کا سامان لے کر مدینہ منورہ آیا کرتے تھے، حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت کرکے مدینہ طیبہ تشریف لا چکے تھے تو یہ ایک جگہ بیٹھے تھے، وہاں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا تو یہ اُٹھ کر آپ سے ملے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: "کیا تم منقذ بن حیان ہو؟" تمہارا کیا حال ہے، تمہاری قوم کا کیا حال ہے؟ پھر وہاں کے بڑے بڑے لوگوں کے نام لے لے کر پوچھا فلاں کا کیا حال ہے؟ فلاں کا کیا حال ہے؟ یہ حیران ہوئے، اسلام لے آئے اور سورۂ فاتحہ اور "اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ" سیکھی، جب واپس جانے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تبلیغی خط اُن کی قوم کے نام دیا، ان کی بیوی وہاں کے سردار کی بیٹی تھی، سردار کا نام "مُنْذِر" تھا، مُنقذ نے وہاں جاکر ابتداءً اپنے اسلام کو چھپائے رکھا، گھر ہی میں وضو کرکے نماز پڑھتے تھے، بیوی نے ان کے یہ اعمال و افعال دیکھے تو باپ کو بتلایا کہ جب سے یہ یثرب (مدینہ منورہ) سے آیا ہے اس کی

(۱) فتح الباری ج:۱ ص:۳۷۲۔

(۲) اکمال المعلم ج:۱ ص:۲۲۹ وفتح الباری ج:۱ ص:۱۳۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حالت بدل گئی ہے، اپنے ہاتھ، منہ دھوتا ہے، کعبہ کی طرف منہ کرتا ہے، کبھی جھکتا ہے، کبھی پیشانی زمین پر ٹیکتا ہے۔ سسر نے اِن سے بات کی، اِنہوں نے صاف صاف حالات بتلا دیئے اور نامۂ مبارک بھی دیا، مُنذر فوراً اسلام لے آئے، قوم کو جمع کیا اور مُنقذ کے حالات بتلا کر نامۂ مبارک سنایا، اُن سب نے بھی اسلام قبول کرلیا (وللہ الحمد)۔

اب ضرورت تھی ''اَحکام'' سیکھنے کی، اسی غرض سے اس وفد نے جو چودہ[۱۴] سواروں پر مشتمل تھا مدینہ طیبہ کا سفر کیا، جب یہ وفد مدینہ طیبہ کے قریب پہنچا تو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعۂ وحی ان کے آنے کی خبر دے دی گئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاضرین سے فرمایا: ''أتاکم وفد عبدالقیس خیر اھل المشرق''[۱]۔

قولہ: ''فَقَالُوْا: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! إِنَّا ھَذَا الْحَیَّ مِنْ رَبِیْعَةَ'' (ص:۳۳ سطر:۲) شراح نے فرمایا ہے کہ ''الحیَّ'' منصوب ہے بر بنائے تخصیص (الحیَّ منصوبٌ علی التخصیص، کذا فی فتح الملھم) لیکن تخصیص کی بناء پر منصوب ہونے کا کیا مطلب ہے؟ النحو الوافی[۲] وغیرہ میں اِس کی تفصیل بیان کی گئی ہے، اُس کا حاصل یہ ہے کہ یہ فعلِ محذوف ''اَخُصُّ'' کا مفعول بہ ہوتا ہے، اور یہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جملۂ معترضہ بنتا ہے، چنانچہ یہاں ''ھٰذا الحیَّ''، ''نَخُصُّ'' محذوف کا مفعول بہ ہے، اور یہ جملہ فعلیہ، جملہ معترضہ ہے، اور انّا کی خبر ''حیٌّ کائنٌ'' محذوف ہے، اور من ربیعة متعلق ہے ''کائنٌ'' کے۔ تقدیرِ عبارت یہ ہے: ''اِنَّا –نَخُصُّ ھٰذا الحیَّ– حیٌّ کائن من ربیعة.''

علماء نے لکھا ہے کہ اہلِ عرب کے دس طبقات ہیں۔ ۱:الجِذْم، ۲:الجُمھور، ۳:الشعوب، ۴:القبائل، ۵:العمائر، ۶:البطن، ۷:الفخذ، ۸:العشیر، ۹:الفصائل، ۱۰:الرھط۔

وفدِ عبدالقیس کے قبیلہ کا نام ربیعة ہے، مُضر بھی ایک قبیلہ ہے، ربیعة اور مُضر دونوں قبیلے دُور دُور تک پھیلے ہوئے تھے۔

قولہ: ''وَلاَ نَخْلُصُ إِلَیْکَ'' (ص:۳۳ سطر:۲)

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۳۳، نقلاً عن صاحبِ التحریر وایضًا فی عمدة القاری ج:۱ ص:۳۰۹۔

(۲) النحو الوافی ج:۴ ص:۱۱۴ تا ۱۲۰، مسئلہ:۱۳۹، الاِختصاص۔ نیز دیکھئے: شرح الفیہ بن مالک لابن ناظم ص:۲۳۴، ۲۳۵۔ اوضح المسالک شرح الفیہ بن مالک ج:۳ ص:۱۱۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہم خلاصی نہیں پاسکتے آپ کی طرف، یعنی سلامتی کے ساتھ آپ تک نہیں آسکتے۔

قولہ: "إِلَّا فِيْ شَهْرِ الْحَرَامِ" (ص:۳۳ سطر:۲)

اَشْهُرِ حُرُم چار مہینے ہیں۔ ۱-ذوالقعدہ۔ ۲-ذوالحجہ۔ ۳-محرم الحرام۔ ۴-رجب۔ ان چار ماہ میں اہلِ عرب قتال کو حرام سمجھتے تھے، لیکن تین ماہ مسلسل نہ لڑنا بھاری گزرتا تھا، چنانچہ اُنہوں نے "نَسِيْءُ" کا سلسلہ شروع کردیا، اس طرح کہ ذوالقعدہ اور ذوالحجہ کا مہینہ بغیر لڑے گزار دیا، آگے محرم پر صفر کو مقدم کرکے اس میں قتل وقتال کو حلال کرلیتے تھے، اس کے بعد "محرم" کو لاتے، اور اس میں قتل وقتال سے باز رہتے، مہینوں کو اِسی طرح آگے پیچھے کرتے رہتے تھے تاکہ قتل وقتال کا موقع مل جائے۔[1] اسلام نے شروع میں ان مہینوں میں قتال کو حسبِ سابق حرام رکھا، فتحِ مکہ تک، جو رمضان ۸ھ میں ہوئی، یہی حکم جاری تھا، پھر ۹ھ میں اس کی منسوخی کا اعلان کردیا گیا اور عرب کے اہلِ شرک کے بارے میں حکم یہ ہوگیا کہ: "فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ"[2] چنانچہ مشرکینِ عرب کے لئے صرف دو حکم رہ گئے اسلام یا قتال، ان سے جزیہ قبول نہ ہوگا۔ اور اس آیت نے "اشهر حُرُم" میں قتال کی ممانعت کو منسوخ بھی کردیا۔[3]

شَهْرُ الحرام یہ موصوف کی اضافت صفت کی طرف ہے، جیسے: صلٰوةُ الأولٰى، مسجدُ الجامع وغیرہ۔

سوال:- اَشهر حرم تو چار ہیں، پھر یہاں "فی شهر الحرام" میں صیغۂ واحد "شهر" کیوں لایا گیا؟

جواب:- اِس کا ایک جواب یہ ہے کہ یہاں "شهر" سے جنسِ شہر مراد ہے، جس میں یہ چاروں مہینے داخل ہوگئے۔[4]

دُوسرا جواب یہ ہے کہ یہاں بطورِ خاص "رجب" کا مہینہ مراد ہے، اس کا ایک قرینہ بھی ہے اور بیہقی کی روایت میں رجب کی تصریح بھی ہے۔[5] قرینہ یہ ہے کہ "کفارِ مُضر" رجب کی بطورِ خاص تعظیم کرتے تھے، اِسی وجہ سے رجب کو "رجبُ مضر" کہا جاتا تھا۔[6]

---

(۱) معارف القرآن ج:۴ ص:۳۷۰، ۳۷۱۔ (۲) التوبۃ آیت:۵۔

(۳) فتح الملہم ج:۱ ص:۵۲۵ بحوالہ مُلّا علی قاری رحمہ اللہ۔ (۴) فتح الباری ج:۱ ص:۱۳۲۔

(۵) سنن الکبریٰ للبیہقی، باب سہم الصفی ج:۶ ص:۳۰۳۔ (۶) فتح الباری ج:۱ ص:۱۳۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "مَنْ وَرَاءَ نَا" (ص:۳۳ سطر:۳) یعنی جو وطن میں رہ گئے۔

قولہ: "آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ" (ص:۳۳ سطر:۳) ای بخصالٍ أربع۔

قولہ: "ثُمَّ فَسَّرَهَا لَهُمْ .... الخ" (ص:۳۳ سطر:۳)

سوال:- الایمان باللہ مذکر ہے، فسّرھا میں ضمیر مؤنث کیوں لائی گئی جو راجع ہے الایمان باللہ کی طرف؟

جواب:- فسّرھا میں "ھا" ضمیر کا مرجع "الخصلة" محذوف ہے، یعنی پہلی خصلت یعنی ایمان کی تفسیر فرمائی۔ یہاں سوال ہوسکتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان کی تفسیر شہادتین سے فرمائی حالانکہ شہادتین زبان کا عمل ہے، جبکہ ایمان تصدیق بالقلب کا نام ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ ایمان و اسلام دونوں اگرچہ متبائن ہیں لیکن ان میں تلازم بھی ہے، اسی تلازم کی وجہ سے مجازاً ایک کو دوسرے کی جگہ استعمال کرلیا جاتا ہے۔

قولہ: "خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ" (ص:۳۴ سطر:۱)

کفار سے جو مال حاصل کیا جاتا ہے اس کی چار قسمیں ہیں:

۱- جزیہ: جو ذمیوں سے لیا جاتا ہے۔

۲- خراج: ذمیوں کی زمینوں کا ٹیکس ہے۔

۳- مالِ فئ: وہ مال جو کفار حربیین سے بغیر لڑائی کے حاصل ہو۔

۴- مالِ غنیمت: جو کفار سے جنگ سے حاصل ہو، مالِ غنیمت میں سے ایک خمس بیت المال کے لئے نکالا جاتا ہے اور اِس ایک خمس کے مصارف سورۃ الانفال میں مذکور ہیں، "وَاعْلَمُوْٓا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ .... الخ"(۱) یہاں اسی خمس کا ذکر ہے، بقیہ چار اخماس غانمین میں تقسیم کردیئے جاتے ہیں۔

مالِ فئ میں سے خمس نہیں نکالا جاتا بلکہ حکومتِ اسلامیہ کو اختیار ہوتا ہے کہ وہ اِس پورے مال کو مصالحِ مسلمین میں سے جس میں مناسب سمجھے خرچ کرے، اُس کے مصارف سورۂ حشر میں اس طرح بیان فرمائے گئے ہیں: "مَآ أَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ أَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ .... الخ"۔(۲)

(۱) الأنفال آیت:۴۱۔ (۲) الحشر آیت:۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: ''الدُّبَّاءِ'' (ص:۳۴ سطر:۱)

گول کدُو، بعض اوقات یہ بہت بڑا ہوتا ہے، اس کو سکھا کر اور گودا نکال کر برتن کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا، اس میں شراب رکھی جاتی تھی۔

قوله: ''اَلْحَنْتَمِ'' (ص:۳۴ سطر:۱)

مطلق مٹکے کو بھی کہتے ہیں اور سبز رنگ کے مٹکے کو بھی، رنگ اس لئے لگایا جاتا تھا کہ مسامات بند ہوجائیں،[1] نشہ جلد پیدا ہو، اور تیز ہوجائے۔

قوله: ''اَلنَّقِيْرِ'' (ص:۳۴ سطر:۱)

مَنقور کے معنیٰ میں ہے۔ یہ بھی شراب کا ایک برتن ہوتا تھا، درخت کا موٹا تنا لے کر اُسے اندر سے کھود کر برتن بنالیا جاتا تھا۔[2]

قوله: ''اَلْمُقَيَّرِ'' (ص:۳۴ سطر:۱)

وہ برتن جس پر ''قیر'' یا ''قار'' لگایا جائے۔[3] ''قیر'' اور ''قار'' ایک قسم کا روغن ہے جو خاص قسم کی نبات سے نکلتا ہے، جسے سکھا کر پھر جلا کر تیل نکالا جاتا تھا، اس کو کشتیوں پر پالش کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا تھا، (فتح الملهم) اور لسان العرب میں ہے کہ یہ ایک قسم کا گوند کسی نبات سے نکلتا تھا پھر اسے پگھلا کر اُونٹوں کے جسم پر اور کشتیوں پر ملا جاتا تھا۔[4]

ان چار برتنوں میں ایک قدرِ مشترک یہ تھی کہ ان کے مسامات بند ہوتے ہیں جس کی وجہ سے سُکر جلدی پیدا ہوجاتا تھا اور نشہ تیز ہوتا تھا، اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وفدِ عبدالقیس کا واقعہ حرمتِ خمر کے بعد کا ہے۔ اگرچہ نبیذِ غیرِ مسکر کا پینا جائز تھا، لیکن ان برتنوں میں نبیذ رکھنے سے بھی منع کیا گیا متعدد وجوہ کی بناء پر۔

۱- ایک یہ کہ سُکر جلدی پیدا ہونے کی وجہ سے خطرہ تھا کہ نادانستہ نبیذِ مُسکِر نہ پی لی جائے۔

۲- جب یہ برتن گھر میں ہوں گے تو شراب یاد آئے گی اور اس کی رغبت پیدا ہونے کا

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۵۷۰ ولسان العرب ج:۳ ص:۳۵۳۔

(۲) مجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۷۹۰ ولسان العرب ج:۱۴ ص:۲۵۶۔

(۳) مجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۳۵۶ و لسان العرب ج:۱۱ ص:۳۶۹۔

(۴) لسان العرب حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

خطرہ تھا۔

۳-اگر یہ برتن گھر میں ہوں گے تو دیکھنے والے بدگمانی کریں گے کہ شاید یہ لوگ شراب پیتے ہوں گے، اور مواضعِ تہمت سے بچنا ضروری ہے۔(۱)

لیکن بعد میں ان برتنوں کے استعمال میں جب یہ عوارض باقی نہ رہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے استعمال کی حرمت کو منسوخ فرمادیا، صحیح مسلم جلدِ ثانی کی کتاب الأشربة میں ناسخ حدیثیں آجائیں گی۔

قوله: "وَعَقَدَ واحِدَةً" (ص:۳۴ سطر:۱)

انگلی سے اشارہ فرمایا، یہ گنتی کا ایک طریقہ تھا، جسے "عَقدِ أنامِلْ" کہا جاتا ہے، اسی نام "عقدِ أنامل" کا رسالہ دارالعلوم کراچی کی لائبریری میں موجود ہے، اُس میں گنتی کے اس طریقے کی تفصیل بیان کی گئی ہے، اس خاص طریقے سے انگلیوں کی مختلف ھیئتوں کے ذریعہ بہت بڑی بڑی گنتیاں کرلی جاتی تھیں۔

۱۱۶- "حَدَّثَنَا أَبُوْبَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ،وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ،وَأَلْفَاظُهُم مُتَقَارِبَةٌ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ ،وَقَالَ الآخَرَانِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ،حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ،عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ قَالَ: كُنْتُ أُتَرْجِمُ بَيْنَ يَدَيِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَبَيْنَ النَّاسِ فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ تَسْأَلُهُ عَنْ نَبِيْذِ الْجَرِّ، فَقَالَ: إِنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ أَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ الْوَفْدُ أَوْ مَنِ الْقَوْمُ ؟ قَالُوْا :رَبِيْعَةُ. قَالَ: مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ، أَوْ بِالْوَفْدِ،غَيْرَخَزَايَا وَلاَ النَّدَامَى . قَالَ :فَقَالُوْا:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! إِنَّا نَأتِيْكَ مِنْ شُقَّةٍ بَعِيْدَةٍ ، وَإِنَّ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ هَذَا الْحَيَّ مِنْ كُفَّارِ مُضَرَ، وَإِنَّا لاَ نَسْتَطِيْعُ أَنْ نَأتِيَكَ إِلَّا فِيْ شَهْرِ الْحَرَامِ فَمُرْنَا بِأَمْرٍ فَصْلٍ نُخْبِرْ بِهِ مَنْ وَرَاءَ نَانَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ. قَالَ: فَأَمَرَهُمْ بِأَرْبَعٍ وَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ. قَالَ:أَمَرَهُمْ بِالإِيْمَانِ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ. وَقَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الإِيْمَانُ بِاللّٰهِ ؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: شَهَادَةُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ،وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ ،وَإِقَامُ الصَّلاَةِ ،وَإِيْتَاءُ الزَّكَاةِ ،وَصَوْمُ رَمَضَانَ،وَأَنْ

(۱) فتح الباری ج:۱ ص:۱۳۵ ومرقاۃ ج:۱ ص:۱۷۲، ۱۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تُؤَدُّوا خُمُسًا مِنَ المَغْنَمِ . وَنَهَاهُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ."

(ص:۳۴ سطر:۱ تا ۴ و ص:۳۵ سطر:۱،۲)

قوله: "حَدَّثَنَا أَبُوْبَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ" (ص:۳۴ سطر:۱)

یہ روایت امام مسلمؒ نے تین اَساتذہ سے سنی ہے:-

۱-ابوبكر بن أبي شيبة. ۲-محمد بن المثنى. ۳-محمد بن بشّار. تینوں کے الفاظ متقارب ہیں۔

قوله: "قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: حَدَّثَنَا غُنْدَر" (ص:۳۴ سطر:۲)

ابوبکر اور دیگر دو اَساتذہ کی روایت میں دو فرق ہیں:-

۱- ابوبکر بن اَبی شیبہ نے محمد بن جعفر کا نام لینے کے بجائے ان کا لقب "غـنـدر" ذکر کیا، جبکہ دوسرے دو اَساتذہ نے ان کا نام لے کر روایت بیان کی۔

۲- ابوبکر بن اَبی شیبہ کی روایت میں غندر اپنے مروی عنہ سے بصیغۂ عـن روایت کر رہے ہیں جبکہ دوسرے اَساتذہ کے طریق میں تحدیث کی تصریح ہے۔

قوله: "كُنْتُ أُتَرْجِمُ بَيْنَ يَدَيِ ابْنِ عَبَّاسٍ" (ص:۳۴ سطر:۲)

یہ واقعہ بصرہ کا ہے، بصرہ کی زبان اُس زمانے میں فارسی تھی اور حضرت ابنِ عباسؓ کی عربی۔ اس لئے مترجم کی ضرورت تھی۔ حضرت ابنِ عباسؓ اُس زمانے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے بصرہ کے عامل (گورنر) تھے۔

یہاں اصل عبارت یوں ہونی چاہئے: "كنت اترجم بين ابن عباس وبين الناس" چنانچہ بخاری میں اسی طرح ہے،[1] جبکہ یہاں مسلم میں "بين يدى ابن عباس" ہے، لہٰذا یہاں تقدیرِ عبارت یوں ہوگی: "بين يدى ابن عباس بينه وبين الناس"۔

قوله: "نَبِيْذِ الْجَرِّ" (ص:۳۴ سطر:۳) الجرّ مٹکا یعنی حَنْتَم۔

قوله: "فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ" (ص:۳۴ سطر:۳)

یہ واقعہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کا ہے جبکہ کسریٰ پر فتح حاصل ہوچکی تھی۔

(۱) صحيح البخاري، كتاب العلم، باب تحريض النبي صلى الله عليه وسلم وفد عبدالقيس على أن يحفظوا الايمان والعلم ويخبروا من وراءهم.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "تَسْأَلُهُ" (ص:۳۴ سطر:۳)

حضرت ابنِ عباسؓ نے جواز کا فتویٰ نہیں دیا بلکہ عدمِ جواز ثابت کرنے کے لئے اوانیٔ اربعہ کی حرمت کی حدیث سنائی، حالانکہ حرمت منسوخ ہوچکی تھی۔ (ناسخ احادیث جلدِ ثانی میں کتاب الأشربة میں آئیں گی) بظاہر اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت ابنِ عباسؓ کو ناسخ اَحادیث کا اُس وقت تک علم نہ ہوا تھا۔

قوله: "مَنِ الْوَفْدُ؟" (ص:۳۴ سطر:۳)

وفد ایک چھوٹی جماعت جو بڑی جماعت کی طرف سے نمائندہ بن کر کسی اہم مسئلہ پر بات کرنے کے لئے بعض بڑی شخصیت یا شخصیات کے پاس جائے، اگر جانے والا یعنی نمائندہ ایک ہو تو اسے "وافد" کہتے ہیں، اس وفد کی تعداد بعض روایات میں چودہ اور بعض میں چالیس آئی ہے، روایات کے اس اختلاف کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ بڑے درجے کے لوگ چودہ ہوں گے، باقی ان کے ماتحت ہوں گے۔[1]

سوال:- وفدِ عبدالقیس جب مدینہ کے قریب پہنچا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بذریعۂ وحی پہلے سے بتلادیا تھا، سوال یہ ہے کہ پھر وفد کے لوگوں سے کیوں پوچھا: "مَنِ الوفد"؟

جواب:- وحی سے معلوم تو ہوگیا تھا مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مختلف وفود آتے رہتے تھے اس لئے یہ تعین نہ ہوا ہوگا کہ آیا یہ وہی لوگ ہیں جن کے بارے میں وحی کے ذریعہ بتلایا گیا تھا یا کوئی اور ہیں؟

دوسرا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تو معلوم ہوگیا تھا لیکن حاضرین کو بتلانے کے لئے کہ یہ وفدِ عبدالقیس ہے سوال فرمایا۔

تیسرا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ادب سکھلانے کے لئے سوال کیا ہو کہ جب بھی نئے لوگ ملاقات کے لئے آئیں تو بہتر یہ ہے کہ گفتگو سے پہلے تعارف کرلیا جائے تاکہ اجنبیت بھی دُور ہوجائے اور مراتب و مصالح کا لحاظ رکھتے ہوئے گفتگو ہو۔

قوله: "مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ" (ص:۳۴ سطر:۳،۴)

اگر صرف "مرحبًا" ہوتا، "بالقوم" نہ ہوتا تو یہ "أَتَيْتُم" کا مفعول فیہ ہوتا۔ مَرْحَب یہ

---

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۳۳ وفتح الباری ج:۱ ص:۱۳۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رُحب کا اسمِ ظرف ہے، رُحب وُسعت کو، اور مَرحب وُسعت والی جگہ کو کہتے ہیں، مَرحَبًا کا کلمہ تأنیس کے لئے بولا جاتا ہے، مطلب یہ ہے کہ تم وُسعت والی جگہ میں آئے ہو، تمہیں تنگی محسوس نہیں کرنی چاہئے۔ اور کبھی أھلًا و سھلًا کہہ دیتے ہیں، تقدیرِ عبارت یوں ہوگی: "أتیتم أھلًا ومکانًا سھلًا" اور کبھی اس کے ساتھ "مرحبا" بھی کہہ دیتے ہیں۔ لیکن یہاں "مرحبا" کے ساتھ "بالقوم" بھی ہے، اس کی شارحین نے مختلف تشریحیں کی ہیں، لیکن مجھے جو زیادہ پسند ہے۔ اللہ معاف کرے۔ وہ اپنی توجیہ پسند ہے، بزرگوں کے کلام سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے، شیخ (عبدالحق محدث دہلویؒ) نے "لمعات" میں اس کی ایک توجیہ کی ہے،(۱) اُس سے میری اس توجیہ کا راستہ نکلا ہے۔

۱ب مرحبا کے بعد "بالقوم" آیا تو اس کی آسان توجیہ ناچیز کو یہ معلوم ہوتی ہے کہ "مَرحبا" مصدر میمی ہو بمعنیٰ وُسعت، اور تقدیرِ عبارت یوں ہو: "أدعوا اللہ مرحبًا متلبّسًا بالقوم"۔

ایک اور توجیہ زیادہ آسان ہے، وہ یہ کہ تقدیرِ عبارت یوں ہو: "أُرَحِّبُ بالقوم مرحبًا" یعنی میں اس قوم کو مرحبا کہتا ہوں، اس صورت میں مرحبًا فعلِ "أُرَحِّبُ" کا مفعولِ مطلق من غیر لفظہٖ ہوگا اور مرحبا ثلاثی مجرد کا مصدرِ میمی ہوگا۔

قولہ: "خَزَایَا" (ص:۳۴ سطر:۴) اس کا مفرد خزیان ہے، بمعنیٰ ذلیل و رُسوا۔

قولہ: "النَّدَامٰی" (ص:۳۴ سطر:۴)

ترجمہ یہ ہے کہ ہم ترحیب کرتے ہیں اس قوم کی یا وفد کی اس حال میں کہ وہ ذلیل و رُسوا ہو کر نہیں آیا، اور شرمندگی اُٹھا کر بھی نہیں آیا بلکہ بخوشی آیا ہے۔ یہاں نادم کی جمع خلافِ قیاس ندامٰی آئی ہے ورنہ نادم کی جمع نادمین آتی ہے اور ندامٰی ندمان کی، خزایا سے مشاکلت کی بناء پر ندامٰی لایا گیا ہے تاکہ عبارت میں حسن پیدا ہو، جیسے غداۃ کی جمع غدوات ہے لیکن جب یہ "عَشَایَا" (عَشِیَّۃٌ کی جمع) کے ساتھ آئے تو اُس کی مشاکلت کا اعتبار کرتے ہوئے غدایا کہا جاتا ہے۔(۲) ندمان کے معنی ہیں شراب پینے کا ساتھی، لیکن یہ معنی یہاں مراد

---

(۱) فی لمعات التنقیح ج:۱ ص:۸۶: "الباء فی بالقوم متعلق بالترحیب المفھوم من الکلام .... أو یکون التقدیر ھٰھنا قلت مرحبًا أو المعنٰی ھٰذا الدعاء مُتلبس بالقوم۔"

(۲) المعلم ج:۱ ص:۱۹۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نہیں۔ علامہ نوویؒ[1] اور علامہ شبیر احمد عثمانیؒ[2] نے فرمایا ہے کہ نَدْمَان میں ایک لغت یہ بھی ہے کہ یہ نادم کے معنی میں بھی آتا ہے، اس لغت کے اعتبار سے یہ جمع خلافِ قیاس نہیں۔

اَدب:- مہمان سے ایسے کلمات کہنے چاہئیں جس سے وہ مانوس ہوجائے۔

قولہ: ''مِنْ شُقَّةٍ بَعِيْدَةٍ'' (ص:۳۴ سطر:۴)

دور دراز کے سفر کو شُـقّة کہتے ہیں،[3] کیونکہ اس میں مشقت زیادہ ہوتی ہے، پھر مزید تاکید کے لئے بعيدة کا لفظ بڑھادیا حالانکہ خود ''شُقّة'' میں بھی ''بعيدة'' کے معنی موجود ہیں۔

قولہ: ''وَإِنَّ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ'' (ص:۳۴ سطر:۴)

اس کا متعلَّق حائلون یا موجودون محذوف ہے۔

قولہ: ''كُفَّارِ مُضَرَ'' (ص:۳۴ سطر:۴)

یہ بھی بہت بڑا قبیلہ تھا قبیلہ ربیعہ کی طرح، اور اُس وقت تک مشرف بہ اسلام نہیں ہوا تھا۔

قولہ: ''بِأَمْرٍ فَصْلٍ'' ([illegible])

یہ یا تو فاصل کے معنی میں ہے، یعنی فاصل بين الحق والباطل، یا مفصول کے معنی میں، یعنی ''مفصّلا''، یعنی ایسی بات بتلایئے جو کھلی کھلی ہو، واضح ہو۔

قولہ: ''نُخْبِرُ'' (ص:۳۵ سطر:۱)

جوابِ اَمر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے، اِسے مرفوع بھی پڑھ سکتے ہیں، اُس وقت یہ ''اَمْرٍ'' کی صفتِ ثانیہ بن جائے گی۔

قولہ: ''شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ'' (ص:۳۵ سطر:۲)

سوال:- اجمال میں چار چیزوں کا ذکر ہے جبکہ تفصیل میں پانچ چیزوں کا ذکر ہوا ہے، ۱-شہادتین، ۲-نماز، ۳-زکوٰۃ، ۴-روزہ، ۵-خُمس من الغنم۔

اس کا ایک جواب یہ دیا گیا ہے کہ اُمورِ خمسہ ایمان باللہ ہی کی تفسیر ہیں اور باقی تین مأمور بہ، راوی نے اختصاراً یا نسیاناً ذکر نہیں کئے۔ لیکن روایات سے اس کی تائید نہیں ہوتی کیونکہ گزر چکا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادتین کا ذکر فرما کر ایک کا اشارہ کیا یعنی

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۳۴ و كذا في المعلم ج:۱ ص:۱۹۳ نقلا عن الجامع للقزاز.

(۲) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۲۹۔

(۳) لسان العرب ج:۷ ص:۱۶۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

شہادتین کو ایک شمار کیا، اس لئے دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ شہادتین کو محض تبرکاً ذکر کیا ہے کیونکہ یہ وفد پہلے سے مشرف بہ اسلام ہو چکا تھا، لہٰذا شہادتین کی تعلیم کی اب ان کو ضرورت نہ تھی بلکہ اَحکام سیکھنے کی ضرورت تھی۔ حاصل یہ کہ یہاں مقصود بالذکر چار چیزیں ہیں۔ ۱-نماز، ۲-روزہ، ۳-زکوٰۃ، ۴-خمس من الغنم۔ اورشہادتین کا ذکرتبرک کے لئے ہے جیسے: ”وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ وَلِلرَّسُوْلِ .... الخ“ میں اللہ تعالیٰ کا ذکر تبرک کے لئے ہے۔

تیسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اَوّلاً آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شاید چار چیزیں ذکر کرنے کا ارادہ فرمایا تھا اور وہی بنیادی تھیں، لیکن اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خیال ہوا ہوگا کہ خُمُسُ الغنیمۃ کو بھی بیان کیا جائے کیونکہ کفارِ مضر سے اُن کی جنگ ہوسکتی تھی جس میں غنیمت کا حصول متوقع تھا۔ بندے کو یہ توجیہ اچھی معلوم ہوتی ہے، کیونکہ اس میں کوئی تکلف نہیں۔ (۱)

علامہ اُبیّ مالکیؒ نے حافظ ابنِ صلاح کے حوالے سے اِس سے ملتی جلتی تشریح کی ہے وہ یہ کہ ”أن تؤدُّوا“ کا ”أربع“ پر عطف ہے، یعنی حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: میں چار چیزوں کا حکم دیتا ہوں اور اداءِ خُمس کا حکم دیتا ہوں۔ (۲)

تیسری توجیہ اور اِس توجیہ میں فرق یہ ہے کہ تیسری توجیہ کا حاصل یہ تھا کہ اَوّلاً آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ چار ہی چیزیں بیان فرمانے کا تھا، بعد میں متوقع ضرورت کی وجہ سے پانچویں چیز کا ارادہ بھی ہوگیا، جبکہ دوسری توجیہ کا حاصل یہ ہے کہ شروع ہی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ چار کو اور پانچویں چیز کو ذکر فرمانے کا تھا۔

اِس آخری توجیہ پر یہ سوال ہوسکتا ہے کہ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صراحۃً یوں کیوں نہیں فرمایا: ”اٰمرکم بخمس“؟

میرے ذہن میں اس کا جواب یہ آتا ہے کہ شاید مقصود یہ تھا کہ فرائض فرائض میں فرق ہے، جو درجہ ارکانِ اسلام کا ہے وہ درجہ اداءِ خُمس کا نہیں ہے، کیونکہ وہ چار اُمور فرضِ عین اور اَرکانِ

---

(۱) اِن تینوں جوابات کے لئے ملاحظہ فرمایئے: فتح الباری ج:۱ ص:۱۳۳، وعمدۃ القاری ج:۱ ص:۳۱۰، ومرقاۃ ج:۱ ص:۱۷۲۔

(۲) اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۹۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اسلام ہیں، جبکہ اداءِ خمس کی ضرورت صرف جنگ میں مالِ غنیمت ملنے کی صورت میں پیش آتی ہے اور وہ ارکانِ اسلام میں سے بھی نہیں ہے۔

قوله: "وَالْمُزَفَّت" (ص:۳۵ سطر:۲) یعنی جس برتن پر زفت مل دیا گیا ہو۔

یہ "زِفت" سے مأخوذ ہے، زمین سے نکلنے والے تیل کو کہتے ہیں، کذا فی لسان العرب۔[۱] اوّلاً یہ تارکول کی شکل میں ہوتا ہے، پھر اسے صاف کرنے سے پٹرول بنتا ہے۔ تارکول کسی چیز پر مَلا جائے تو اس کے مسامات بند ہوجاتے ہیں۔ پچھلی روایت میں "المزفّت" کے بجائے "المقیّر" ہے، یعنی وہ برتن جس پر "قیر" مل دیا گیا ہو، اور قیر ایک قسم کے نباتی گوند سے نکالا جاتا ہے، اور "قیر" کو "قار" بھی کہتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ زفت الگ چیز ہے، یہ زمین سے نکلتا ہے، اور "القیر" و "القار" دوسری چیز ہے، یہ ایک قسم کے گوند سے اُسے پگھلا کر نکالا جاتا ہے (کذا فی لسان العرب[۲]) دونوں میں قدرِ مشترک یہ ہے کہ ان کو ملنے سے برتن کے مسامات بند ہوجاتے ہیں۔

۱۱۷ - "حَدَّثَنِی عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ ...... (الٰی قوله) ...... وَزَادَ ابْنُ مُعَاذٍ فِی حَدِیْثِهٖ عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لِلْأَشَجِّ أَشَجِّ عَبْدِ الْقَیْسِ: إِنَّ فِیْکَ خَصْلَتَیْنِ یُحِبُّهُمَا اللّٰهُ: اَلْحِلْمُ وَالْأَنَاةُ." (ص:۳۵ سطر:۳ تا ۵)

قوله: "لِلْأَشَجِّ" (ص:۳۵ سطر:۵)

یہ وفدِ عبدالقیس کے سردار "مُنذِر" ہیں جو قوم کے مسلمان ہونے کا ذریعہ بنے تھے، ان کو "أشجّ" اس لئے فرمایا کہ ان کو "شجّة" کا نشان لگا ہوا تھا،[۳] شَجّة اُس زخم کو کہتے ہیں جو سَر یا چہرہ پر ہو۔[۴]

فائدہ:- جسمانی عیب بیان کرنے کے لئے اَفْعَلُ کا صیغہ آتا ہے، مثلاً "أشجُّ، أصمُّ، أبکمُ، أحوَلُ، أعوَرُ، أعرَج" وغیرہ۔

قوله: "اَلْحِلْمُ" (ص:۳۵ سطر:۵) عقل، دانائی۔

(۱) ج:۲ ص:۵۵ وأیضًا فی المعجم الوسیط ج:۱ ص:۳۹۵۔

(۲) ج:۱۱ ص:۳۶۹۔

(۳) المفهم ج:۱ ص:۱۷۹۔

(۴) المعجم الوسیط ج:۱ ص:۴۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "الأُناۃ" (ص:۳۵ سطر:۵)

تدبُّر، تحمُّل، عاقبت پر نظر رکھنا، انجام بینی، اور جلد بازی نہ کرنا۔

اَدَب: ـ معلوم ہوا کہ یہ دو خصلتیں عظیم الشان ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تعریف فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان دو خصلتوں کو محبوب رکھتے ہیں۔ حاصل یہ کہ جلد بازی اور جذباتیت سے اجتناب کرنا چاہئے۔

اس ارشاد کا پسِ منظر یہ ہے کہ یہ قافلہ جب مدینہ منورہ آیا اور مسجدِ نبوی کے قریب پہنچا تو سب لوگ جلدی سے اندر داخل ہوگئے، مگر اُشج عبدالقیس اَوّلاً ان کے سامان کے پاس ٹھہرے اور اسے جمع کیا، اور اپنی ناقہ کو باندھا پھر اچھا لباس پہنا، اُس کے بعد حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے پاس بٹھایا، پھر اِن مہمانوں سے پوچھا کہ: آپ لوگ بیعت اپنی طرف سے اور اپنی قوم کی طرف سے کریں گے؟ وفد کے باقی لوگوں نے تو اثبات میں جواب دیا مگر اُشج نے عرض کی کہ: یا رسول اللہ! آپ بخوبی جانتے ہیں کہ آدمی کو اپنا دین چھوڑنا سب سے زیادہ مشکل ہوتا ہے، ہم اپنی طرف سے تو آپ کے ہاتھ پر بیعت کریں گے اور اپنی قوم کے لوگوں کے پاس دعوتِ اسلام کے لئے آدمی بھیجیں گے، جو لوگ ہمارا پیغام مان لیں گے ان کو اپنا سمجھیں گے، اور جو لوگ انکار کریں گے اُن سے جنگ کریں گے۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "صَدَقْتَ، إنَّ فیکَ لَخصلتینِ یُحبُّھما اللہ الحِلمُ و الأناۃ۔"(۱)

۱۱۸ - "حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ أَیُّوبَ، نَا ابْنُ عُلَیَّةَ، نَا سَعِیدُ بْنُ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِی مَنْ لَقِیَ الْوَفْدَ الَّذِیْنَ قَدِمُوْا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَبْدِ الْقَیْسِ. قَالَ سَعِیْدٌ: وَذَکَرَ قَتَادَةُ أَبَا نَضْرَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ فِیْ حَدِیْثِهِ هٰذَا. أَنَّ أُنَاسًا مِنْ عَبْدِ الْقَیْسِ قَدِمُوْا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ .. (الیٰ قوله). اُعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِکُوْا بِهِ شَیْئًا، وَأَقِیْمُوا الصَّلَاةَ، وَآتُوا الزَّکَاةَ، وَصُوْمُوْا رَمَضَانَ، وَأَعْطُوا الْخُمُسَ مِنَ الْغَنَائِمِ. وَأَنْهَاکُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالْمُزَفَّتِ، وَالنَّقِیْرِ. قَالُوْا: یَا نَبِیَّ اللّٰهِ! مَا

(۱) اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۹۴، وشرح النووی ج:۱ ص:۳۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عِلْمُکَ بِالنَّقِيْرِ؟ قَالَ: بَلٰى جِذْعٌ تَنْقُرُوْنَهُ ،فَتَقْذِفُوْنَ فِيْهِ مِنَ الْقُطَيْعَاءِ. قَالَ سَعِيْدٌ أَوْ قَالَ مِنَ التَّمرِ ثُمَّ تَصُبُّوْنَ فِيْهِ مِنَ الْمَاءِ ،حَتّٰى إِذَا سَكَنَ غَلَيَانُهُ شَرِبتُمُوْهُ حَتّٰى إِنَّ أَحَدَكُمْ ، أَوْ إِنَّ أَحَدَهُمْ لَيَضْرِبُ ابْنَ عَمِّهِ بِالسَّيْفِ .قَالَ: وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ أَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ كَذٰلِکَ. قَالَ :وَكُنْتُ أَخْبَأُهَا حَيَاءً مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،فَقُلْتُ فَفِيْمَ نَشْرَبُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! قَالَ: فِيْ أَسْقِيَةِ الْأَدَمِ الَّتِيْ يُلَاثُ عَلٰى أَفْوَاهِهَا. قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! إِنَّ أَرْضَنَا كَثِيْرَةُ الْجِرْذَانِ ،وَلَا تَبْقٰى بِهَا أَسْقِيَةُ الْأَدَمِ. فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَإِنْ أَكَلَتْهَا الْجِرْذَانُ، وَإِنْ أَكَلَتْهَا الْجِرْذَانُ، وَإِنْ أَكَلَتْهَا الْجِرْذَانُ . قَالَ:وَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ: إِنَّ فِيْکَ لَخَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ ،اَلْحِلْمُ وَالْأَنَاةُ."

(ص:۳۵ سطر:۵ تا ۱۳)

قولہ:"مَنْ لَقِيَ الْوَفْدَ" (ص:۳۵ سطر:۶)

ایسے شخص نے یا ایسے اشخاص نے بیان کیا۔

قولہ:"قَالَ سَعِيْدٌ:وَذَكَرَ قَتَادَةُ أَبَا نَضْرَةَ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ الخ"

(ص:۳۵ سطر:۶)

سعید بن ابی عروبۃ کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ قتادہ نے مجھے بتلایا کہ مجھے ایسے لوگوں نے حدیث بیان کی ہے جو وفدِ عبدالقیس سے ملے ہیں، اور مجھے یہ حدیث أبو نضرۃ نے عن أبی سعید بیان کی ہے۔لیکن اس حدیث کے بیان کے وقت ابوقتادہ نے یہ صراحت نہیں کی تھی کہ آیا أبو نضرۃ بھی وفدِ عبدالقیس کے شرکاء سے ملے تھے یا نہیں۔ اسی طرح أبو سعید بھی وفدِ عبدالقیس سے ملے تھے یا نہیں۔ یہ سعید بن ابی عروبۃ کی انتہائی احتیاط ہے روایتِ حدیث میں تاکہ قتادہ کی طرف کوئی ایسی بات منسوب نہ ہوجائے جو قتادہ نے نہیں کہی تھی۔

قولہ:"اُعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا" (ص:۳۵ سطر:۸)

پچھلی روایت میں شہادتین کا ذکر ہے اس لئے یہاں بھی اس سے مراد شہادتین ہوگا۔

قولہ:"مَا عِلْمُکَ بِالنَّقِيْرِ؟" (ص:۳۵ سطر۹)

یہ سوال اِس وجہ سے کیا کہ یہ برتن مدینہ منورہ میں استعمال نہیں ہوتا تھا بلکہ اُن کے اپنے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علاقے میں استعمال ہوتا تھا، اُن کو تعجب ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس برتن کا علم کیسے ہوگیا؟

قولہ: "الْقُطَيْعَآء" (ص:۳۵ سطر:۱۰) یہ کھجور کی ایک قسم ہے۔[۱]

قولہ: "سَكَنَ غَلَيَانُه" (ص:۳۵ سطر:۱۰)

یہاں تک کہ جب اس میں اُبال کے بعد سکون پیدا ہوجاتا ہے جوش ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔ یعنی سُکر پیدا ہوجاتا ہے۔

قولہ: "لَيَضْرِبُ ابْنَ عَمِّهِ بِالسَّيْفِ" (ص:۳۵ سطر:۱۰)

کیونکہ نشہ میں عقل کام نہیں کرتی، اچھے بُرے اور اپنے پرائے کی تمیز نہیں رہتی۔

قولہ: "وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ أَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ كَذٰلِكَ. قَالَ" (ص:۳۵ سطر:۱۰،۱۱)

جس کو زخم لگا تھا وہ کہتا ہے۔

قولہ: "وَكُنْتُ أُخَبِّأُهَا" (ص:۳۵ سطر:۱۱) میں اس زخم کو یعنی اس کے نشان کو چھپاتا تھا۔

قولہ: "الأَدَم" (ص:۳۵ سطر:۱۱)

بفتح الهمزة والدال، وہ جلد جس کی دباغت مکمل ہوگئی ہو یعنی چمڑا۔

قولہ: "اَسْقِيَة" (ص:۳۵ سطر:۱۱) مشکیزے، سقاء کی جمع ہے۔

قولہ: "الَّتِيْ يُلاَثُ عَلٰى أَفْوَاهِهَا" (ص:۳۵ سطر:۱۱)

جن کے منہ کو باندھ دیا گیا ہو۔ دو شرطیں ہیں، ایک یہ کہ چمڑے کا مشکیزہ ہو، دوسری یہ کہ اس کا منہ باندھ دیا گیا ہو۔ وجہ یہ ہے کہ اُن چار برتنوں میں نبیذ رکھنے میں یہ خطرہ تھا کہ اگر ان میں سُکر پیدا ہوگیا تو جلد پتہ نہیں چل سکے گا، بخلاف مشکیزہ کے کہ اگر اس کا منہ بندھا ہوا ہوگا اور اس میں سُکر پیدا ہوگا تو غلیان کی وجہ سے وہ پھٹ جائے گا جس سے سُکر کا پتہ چل جائے گا، اور اگر منہ بند نہ ہوگا تو گیس نکلتی رہے گی مشکیزہ پھٹے گا نہیں، سُکر کا پتہ نہ چلے گا، ہوسکتا ہے کہ غلطی سے سُکر والی نبیذ پی لی جائے۔

قولہ: "كَثِيْرَةُ الْجِرْذَانِ، وَلاَ تَبْقٰى بِهَا أَسْقِيَةُ الأَدَمِ" الجرذان جمع ہے جُرَذ کی۔[۲] (ص:۳۵ سطر:۱۱)

چوہے، مذکر ہوں یا مؤنث، اور مطلب یہ ہے کہ چوہے مشکیزوں کو کھا جاتے ہیں۔[۳]

---

(۱) النهاية لابن اثير ج:۴ ص:۸۴۔ (۲) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۲۴، ۵۲۵۔
(۳) مشارق الأنوار ج:۱ ص:۱۸۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱۱۹ - "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، وَابْنُ بَشَّارٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي غَيْرُ وَاحِدٍ لَقِيَ ذَاكَ الْوَفْدَ. وَذَكَرَ أَبَا نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ لَمَّا قَدِمُوا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ عُلَيَّةَ غَيْرَ أَنَّ فِيهِ وَتَذِيفُونَ فِيهِ مِنَ الْقُطَيْعَاءِ أَوِ التَّمْرِ وَالْمَاءِ. وَلَمْ يَقُلْ: قَالَ سَعِيدٌ: أَوْ قَالَ مِنَ التَّمْرِ."

(ص:۳۵ سطر:۱۳،۱۴)

قوله: "وَذَكَرَ أَبَا نَضْرَةَ" (ص:۳۵ سطر:۱۳)

یہ سعید کی احتیاط ہے، کیونکہ ابوقتادہؒ نے اس کی تصریح نہیں کی کہ ابونضرۃ بھی ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے وفدِ عبدالقیس سے ملاقات کی تھی جیسا کہ پیچھے بیان ہوا، لیکن بندۂ ناچیز کا گمان ہے کہ ابونضرۃ نے وفدِ عبدالقیس کے شرکاء میں سے کسی سے ملاقات کی ہوگی کیونکہ ابونضرۃ نسبی اعتبار سے عبدالقیس ہی کے ایک بطن "الْعَوَقَة" سے تعلق رکھتے ہیں۔[۱]

قوله: "وَتَذِيفُونَ فِيهِ مِنَ الْقُطَيْعَاءِ" (ص:۳۵ سطر:۱۴)

اور پھر تم اس میں ملادیتے ہو قطیعاء (چھوٹی کھجور کی ایک قسم ہے)۔

قوله: "وَلَمْ يَقُلْ: قَالَ سَعِيدٌ: أَوْ قَالَ مِنَ التَّمْرِ....." (ص:۳۵ سطر:۱۴)

یعنی ابن ابی عدی نے سعید کے شک کا ذکر نہیں کیا، جبکہ پچھلی روایت میں ابن عُلَیَّة نے اس کا ذکر کیا تھا۔

۱۲۰ - "حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْبَصْرِيُّ...... (الٰى قوله)...... نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو قَزَعَةَ، أَنَّ أَبَا نَضْرَةَ أَخْبَرَهُ، وَحَسَنًا أَخْبَرَهُمَا، أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ لَمَّا أَتَوْا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، جَعَلَنَا اللّٰهُ فِدَاءَكَ، مَاذَا يَصْلُحُ لَنَا مِنَ الْأَشْرِبَةِ؟ فَقَالَ: لَا تَشْرَبُوا فِي النَّقِيرِ. قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، جَعَلَنَا اللّٰهُ فِدَاءَكَ، أَوَتَدْرِي مَا النَّقِيرُ؟ قَالَ: نَعَمْ، الْجِذْعُ يُنْقَرُ وَسَطُهُ، وَلَا فِي الدُّبَّاءِ، وَلَا فِي الْحَنْتَمَةِ، وَعَلَيْكُمْ بِالْمُوكَا"

(ص:۳٦ سطر:۱ تا ۳)

---

(۱) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۳۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "حَدَّثَنِیُ مُحَمَّدُ بُنُ بَکَّارٍ الْبَصُرِیُّ .... الخ" (ص:۳۶ سطر:۱)

یہ مسلم کی مشکل ترین اسانید میں سے اور مقاماتِ امتحان میں سے ہے، لیکن کسی اللہ کے بندے نے ہمارے مطبوعہ نسخوں میں بین السطور ضمائر کے تحت نمبر لگا کر اسے بالکل سہل بنادیا ہے، ورنہ امام حافظ ابوموسیٰ اصبہانیؒ نے اس پر ایک مستقل رسالہ تصنیف کیا ہے اور پھر الشیخ عمرو بن الصلاحؒ نے اس کی تلخیص کی ہے اور بین السطور کی تشریح درحقیقت اُسی کا خلاصہ ہے۔

اہلِ علم نے اس کے حل کے لئے بہت سی توجیہات کی ہیں، لیکن اس کی آسان اور بے غبار توجیہ وہی ہے جو بین السطور اشارۃً بیان کی گئی ہے[1] کہ "أخبره" کی ضمیر مفعول کا مرجع "ابوقَزَعَة" ہیں، یعنی ابونضرۃ نے ابوقزعۃ کو اور حَسَن کو خبر دی، پھر اسی بات کی توضیح "أخبرهما" سے کی ہے، کہ اُس (ابونضرۃ) نے اِن دونوں (ابوقزعۃ اور حسن) کو خبر دی، اور حسن سے مراد "اَلْحَسَنُ بن مسلم بن یناق" ہیں۔

قوله: "فَقَالَ: لاَ تَشْرَبُوْا فِی النَّقِیْرِ" (ص:۳۶ سطر:۲)

وفد نے جائز اشربہ پوچھی تھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناجائز اشربہ بتلائیں، اس میں حکمت یہ ہے کہ جائز اشربہ لاتعداد ہیں، اگر اُن کو بیان فرمایا جاتا تو لمبی فہرست بھی ان کے لئے کافی نہ ہوتی، بخلاف ناجائز اشربہ کے کہ وہ محدود ہیں، اُن کو بیان کرنا اور یاد رکھنا آسان ہے، اِس سے ایک اُصول معلوم ہوا کہ اصل اشیاء میں اباحت ہے، جب تک کسی چیز کی حرمت کی دلیل نہ آئے اُسے حلال سمجھا جائے گا۔ یعنی کسی چیز کی حلّت کے لئے دلیل کی ضرورت نہیں، دلیل کی ضرورت حرمت کے لئے ہے۔

قوله: "وَعَلَیْکُمْ بِالْمُوْکَا" (ص:۳۶ سطر:۳)

اَوْکٰی یُوْکِیُ اِیْکاء (بمعنی باندھنا) سے اسمِ مفعول ہے، غیر مہموز۔ مطلب یہ ہے کہ لازم پکڑلو ایسے مشکیزوں کو جن کا منہ ڈوری (وِکاء) سے باندھ دیا گیا ہو۔

باب الدعاء الی الشهادتین وشرائع الإسلام

۱۲۱ - "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَکْرِ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ (الٰی قوله) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ مُعَاذًا قَالَ: بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ: إِنَّکَ تَأْتِیْ قَوْمًا مِنْ أَهْلِ

(۱) أیضًا فی الدیباج للعلامة السیوطی ج:۱ ص:۱۵۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الْكِتَابِ، فَادْعُهُمْ إِلٰى شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لِذٰلِكَ، فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لِذٰلِكَ، فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ فِيْ فُقَرَائِهِمْ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لِذٰلِكَ، فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ، وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ." (ص:۳۶ سطر:۳ تا ۶)

قوله: "أَنَّ مُعَاذًا قَالَ:..... الخ" (ص:۳۶ سطر:۴)

حضرت معاذؓ أفقه الصحابة میں سے ہیں، یہاں ان کو یمن بھیجنے کا واقعہ ذکر ہے۔

یہ واقعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری دور کا یعنی حجۃ الوداع سے کچھ پہلے کا ہے، اس میں اختلاف ہے کہ آیا اُن کو والی بنا کر بھیجا گیا تھا یا قاضی بنا کر؟[1]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب اُن کو رُخصت کرنے لگے تو اُن کو سوار کیا اور ہدایات دینے لگے، معاذؓ سوار ہو چکے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اُن کو ثنیۃ الوداع تک پہنچانے کے لئے ساتھ ساتھ چلتے رہے، اس عمل کو "مشایعت" کہتے ہیں یعنی مسافر کو رُخصت کرنے کے لئے کچھ دور تک ساتھ چلنا، یہ سنت ہے۔

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُن کو ثنیۃ الوداع تک پہنچانے کے بعد مدینہ طیبہ کی طرف واپس ہونے لگے تو فرمایا: اے معاذ! شاید میرے موجودہ سال کے بعد تم مجھ سے نہ مل سکو، اور شاید (جب تم واپس آؤ تو) میری اس مسجد اور میری قبر پر تمہارا گزر ہو۔ یہ سن کر معاذ بے اختیار رو پڑے، پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کا رُخ کیا اور فرمایا: "میرے سب سے قریب لوگ وہ ہیں جو متقی ہوں، وہ جو بھی ہوں اور جہاں بھی ہوں[2]۔" حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کافی

---

(۱) فتح الملهم وفتح الباری ج:۱ ص:۳۵۸، البتہ مرقاۃ کے الفاظ یہ ہیں: (لما بعثهٗ الی الیمن) أی والیًا وقاضیاً۔ ملاحظہ فرمایئے: مرقاۃ ج:۷ ص:۳۰۸۔

(۲) عن معاذ بن جبل قال: لما بعثه رسول الله صلی الله علیه وسلم إلی الیمن خرج معه رسول الله صلی الله علیه وسلم یوصیه ومعاذ راکبٌ ورسول الله صلی الله علیه وسلم یمشی تحت راحلتِهِ، فلما فرغ قال: یا معاذ! إنک عسٰی أن لا تلقانی بعد عامی هذا، ولعلک ان تَمُرَّ بمسجدی هذا وَقبری" فبکٰی معاذ جَشَعًا لفراقِ رسول الله صلی الله علیه وسلم، ثم التفت فأقبل بوجهه نحو المدینة، فقال (رسول الله صلی الله علیه وسلم): إنّ أولی الناس بی المتقون، من کانوا وحیث کانوا۔ (ملاحظہ فرمایئے: مسند احمد ج:۳۶ ص:۳۷۶، رقم الحدیث: ۲۲۰۵۲ ومعجم الکبیر للطبرانی ج:۲۰ ص:۲۴۱ وصحیح ابن حبان رقم الحدیث: ۶۴۷)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عرصہ کے بعد جب یمن سے اپنے فرائض انجام دے کر مدینہ طیبہ پہنچے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو چکا تھا، اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلافت کی ذمہ داری سنبھال چکے تھے۔ پھر یہ شام چلے گئے،[۱] طاعونِ عمواس میں شہید ہوئے، اُردُن میں اُس راستے پر مزار ہے جو شام کو جاتا ہے۔ بندۂ ناچیز کو بحمد اللہ ان کے مزار پر حاضری کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔

قولہ: "إِنَّكَ تَأْتِي قَوْمًا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ، فَادْعُهُمْ إِلَى شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذَلِكَ، فَأَعْلِمْهُمْ." (ص:۳۶ سطر:۵)

اِس سے بعض علمائے کرامؒ نے اس پر استدلال کیا ہے کہ کفار صرف ایمان کے مکلّف ہیں، اعمالِ اسلام کے مکلّف نہیں، کیونکہ ان کو اَوّلاً صرف ایمان کی دعوت دینے کی ہدایت کی اور قبولِ ایمان کے بعد عمل کی، پس "فإن ھم أطاعوا لذٰلک فاعلمھم" کا مفہومِ مخالف یہ ہے کہ "اگر وہ ایمان نہ لائیں تو صلوات کی دعوت ان کو نہ دی جائے۔"

مگر علامہ نوویؒ،[۲] حافظ ابنِ حجرؒ[۳] اور علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ[۴] رحمۃ اللہ علیہم نے اِس استدلال کو ضعیف قرار دیا ہے۔ اَوّلاً اِس وجہ سے کہ مفہومِ مخالف کا حجۃ ہونا مختلف فیہ ہے، چنانچہ حنفیہ سمیت بہت سے فقہاء کے نزدیک یہ حجت نہیں۔

ثانیاً اِس وجہ سے کہ دعوت میں ترتیب سے یہ لازم نہیں آتا کہ وجوب میں بھی ترتیب ہو۔ چنانچہ نماز اور زکوٰۃ کے وجوب میں ترتیب نہیں، یعنی ایسا نہیں ہے کہ جو شخص نماز نہ پڑھے اُس پر زکوٰۃ فرض نہ ہو، حالانکہ اِسی حدیث میں نماز کو مقدم کر کے زکوٰۃ کی دعوت اس کے بعد دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔

پس معلوم ہوا کہ یہاں صرف دعوت میں ترتیب بیان کرنا مقصود ہے کہ سب سے پہلے سب سے اہم چیز یعنی شہادتین کی دعوت دی جائے، جب وہ اسے قبول کرلیں تو نماز کی دعوت دی جائے، جب اسے بھی قبول کرلیں تو زکوٰۃ کا حکم بتایا جائے، اسی طرح بتدریج الأھم فالأھم کی دعوت دینی چاہئے، ایسا نہ کیا جائے کہ یکبارگی سارے اَحکامِ اسلام کی فہرست اُن کو سنا دی جائے، کیونکہ ایسا کرنے سے وہ گھبرا جائیں گے اور دعوت مؤثر نہ ہوگی۔ خلاصہ یہ کہ قرآنِ کریم

(۱) فتح الملہم ج:۳ ص:۴۵۷۔ (۲) شرح النووی ج:۱ ص:۳۷۔

(۳) فتح الباری ج:۳ ص:۳۵۹، کتاب الزکوٰۃ باب أخذ الصدقۃ من الأغنیاء وترد فی الفقراء حیث کانوا، تحت رقم الحدیث:۱۴۹۶۔ (۴) فتح الملہم ج:۱ ص:۵۴۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کے ارشاد: "اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ"[1] کی تعمیل کی جائے۔

رہا یہ مسئلہ کہ کفار مخاطب بالفروع ہیں یا نہیں؟ یعنی کفار صرف ایمان کے مکلّف ہیں یا اعمال کے بھی؟ تو اس میں فقہائے کرام کا اختلاف ہے اور متعدد اقوال ہیں جن کی تفصیل فتح الملہم میں دیکھی جاسکتی ہے۔[2]

قولہ: "تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِیَائِهِمْ" (ص:۳۶ سطر:۶)

أی لقوله تعالٰی: "خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً .... الخ" اس سے معلوم ہوا کہ زکوٰۃ وصول کرنے کا حق امامِ مسلمین (حکومتِ اسلامیہ) کا ہے، اصل یہی ہے کہ حکومتِ اسلامیہ ہی زکوٰۃ وصول کر کے مصارفِ زکوٰۃ میں خرچ کرے۔ خواہ اموالِ ظاہرہ ہوں یا اموالِ باطنہ، چنانچہ عہدِ رسالت اور شیخینؓ کے دورِ خلافت میں اسی پر عمل تھا، لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں جب اسلامی فتوحات بہت دُور تک جا پہنچیں اور دُور دراز کے ممالک مسلمانوں کے زیرِ انتظام آگئے اور عمالِ حکومت کے حالات میں تغیر کا اندیشہ ہوا تو حضرت عثمانؓ نے یہ پسند نہ فرمایا کہ زکوٰۃ وصول کرنے والے اہلِ کار، لوگوں کے اموالِ باطنہ سونے چاندی اور نقود کی تفتیش کریں، اس لئے انہوں نے اموالِ باطنہ کی زکوٰۃ اداء کرنا اربابِ اموال ہی کے سپرد کر دیا کہ وہ خود یہ فریضہ انجام دیں، اور صحابہ کرامؓ نے اس سے اختلاف نہیں کیا، اور اس کے بعد فقہاء کا بھی اس پر اتفاق ہوگیا کہ حکومت صرف اموالِ ظاہرہ کی زکوٰۃ وصول کرے گی اور اموالِ باطنہ کی زکوٰۃ اربابِ اموال خود اداء کریں گے، (ملخصًا من فتح الملہم)۔[3]

قولہ: "فَتُرَدُّ فِیْ فُقَرَائِهِمْ" (ص:۳۶ سطر:۶)

حدیث کے اس جملہ سے امام مالک اور امام شافعیؒ یہ استدلال کرتے ہیں کہ زکوٰۃ کو دوسرے شہر میں بلاضرورتِ شدیدہ منتقل کرنا جائز نہیں، اگر کسی نے نقل کر ہی دی تو مالکیہ کے نزدیک اداء ہوجائے گی اور شافعیہ کے نزدیک ادا ہی نہیں ہوگی، اِلّا یہ کہ مستحقینِ زکوٰۃ یہاں مفقود ہوں۔ احناف کے نزدیک اگرچہ ایسا کرنا بہتر تو نہیں تاہم اگر دوسرے شہر میں زکوٰۃ منتقل کی جائے گی تو زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔[4]

---

(۱) النحل آیت: ۱۲۵۔ (۲) فتح الملہم ج:۱ ص:۵۴۱۔ (۳) ج:۱ ص:۵۴۲۔

(۴) ملاحظہ فرمایئے: عمدۃ القاری ج:۹ ص:۹۲، وفتح الباری ج:۳ ص:۳۵۷، وفتح الملہم ج:۱ ص:۵۴۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امام شافعیؒ "فتـرد فی فقراءهم" میں "هم" ضمیر کا مرجع اہلِ بلدہ (اہلِ یمن) کو قرار دیتے ہیں، جبکہ احناف کہتے ہیں کہ "هم" ضمیر کا مرجع "مسلمین" ہے، أی "اِلٰی فقراء المسلمین" لہٰذا اس جملہ سے شوافع کا استدلال تام نہ ہوا۔

باب الأمر بقتال الناس حتّٰی یقولوا لا اله اِلّا اللّٰه.... الخ

۱۲٤ - "حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ ......(الٰی قوله)......عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ أَبُوْ بَکْرٍ بَعْدَهُ، وَکَفَرَ مَنْ کَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ، قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِأَبِیْ بَکْرٍ: کَیْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ، وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا: لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَمَنْ قَالَ: لاَ إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَقَدْ عَصَمَ مِنِّیْ مَالَهُ وَنَفْسَهُ إِلَّا بِحَقِّهِ، وَحِسَابُهُ عَلَی اللّٰهِ. فَقَالَ أَبُوْ بَکْرٍ: وَاللّٰهِ، لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ الصَّلاَةِ وَالزَّکَاةِ، فَإِنَّ الزَّکَاةَ حَقُّ الْمَالِ، وَاللّٰهِ، لَوْ مَنَعُوْنِیْ عِقَالاً کَانُوْا یُؤَدُّوْنَهُ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰی مَنْعِهِ. فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: فَوَاللّٰهِ، مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَیْتُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ شَرَحَ صَدْرَ أَبِیْ بَکْرٍ لِلْقِتَالِ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ."

(ص:۳۷ سطر:۵ تا ۸)

قوله: "لَمَّا تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ... الخ" (ص:۳۷ سطر:۵)

یعنی "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد جب ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر کیا گیا اور جب عرب قبائل میں ارتداد پھیلا" آگے حضرت عمر اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہما کا جو مکالمہ آرہا ہے اُس کا زمانہ بیان کرنا مقصود ہے کہ یہ مکالمہ اُس وقت ہوا جب بہت سے قبائلِ عرب میں فتنۂ اِرتداد اُٹھ کھڑا ہوا تھا، یہ مقصود نہیں کہ آگے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جو اعتراض آرہا ہے وہ مرتدین سے جہاد کرنے کے بارے میں تھا، چنانچہ مکالمے سے خود واضح ہو جائے گا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اعتراض صرف مانعینِ زکوٰۃ سے جنگ کرنے پر تھا مرتدین سے جنگ کرنے پر نہ تھا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس پر سوال ہوتا ہے کہ منکرینِ زکوٰۃ تو باجماعِ اُمت دائرۂ اسلام سے خارج ہیں اس لئے کہ فرضیتِ زکوٰۃ کا علم ضروریاتِ دین میں سے ہے جو اس کا انکار کرے کافر ہے، لہٰذا وہ مرتد ہوئے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ان سے قتال کرنے میں کیوں تردّد ہوا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ اُصولِ تکفیر میں سے ایک اُصول یہ بھی ہے کہ "ضروریاتِ دین" کے منکر کو اُس وقت کافر قرار دیا جائے گا جب اس کو اس حکم کا دین میں سے ہونا قطعی یقینی طور پر معلوم ہو چکا ہو، یہاں مانعینِ زکوٰۃ کو اِس بات کا تو علمِ ضروری حاصل تھا کہ زکوٰۃ اسلام کا بنیادی حکم ہے لیکن اس حکم کے اَبدی ہونے کا علمِ ضروری حاصل نہ تھا، یعنی ان کو اس بات کا علمِ ضروری (قطعی یقینی) حاصل نہیں تھا کہ زکوٰۃ کی وصولی کا اختیار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان کے خلفاء کو بھی حاصل ہے، اس لئے ان کو کافر کہنا درست نہ رہا۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اعتراض کا منشاء یہ تھا کہ آپ ایسے لوگوں کے ساتھ قتال کیوں کرتے ہیں جن کے مسلمان ہونے پر آپ کا اور میرا اتفاق ہے، اور پھر اس دعویٰ پر دلیل قائم کی جس میں مسلمانوں سے قتال کرنے کی ممانعت ہے۔

فائدہ:- یہاں بظاہر یہ اِشکال ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کا "أمــر مــؤبــدی" ہونا بھی تو ضروریاتِ دین میں سے ہے، ہر مسلمان کو معلوم ہے کہ زکوٰۃ کا حکم قیامت تک رہے گا، تو مانعینِ زکوٰۃ کو اس کا علمِ ضروری کیسے حاصل نہ ہوا؟

اِس کا جواب یہ ہے کہ وہ نئے نئے مسلمان ہوئے تھے، اسلام کی تعلیمات سے مکمل طور پر واقف نہ تھے، نیز قرآنِ حکیم کے اندر اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: "خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا." (۱) اس میں خطاب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا گیا، تو اِس سے وہ یہ سمجھے کہ زکوٰۃ لینے کا حکم صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے خلفاء کو زکوٰۃ وصول کرنا اس میں شامل نہیں۔ (۲) خلاصہ یہ کہ اُن کو اس کا علمِ ضروری حاصل نہیں ہوا تھا کہ زکوٰۃ کا حکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد بھی باقی ہے، اس لئے اُن کو کافر قرار نہیں دیا گیا۔

قوله: "فَمَنْ قَالَ: لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰه" (ص:۳۷ سطر:۶)

---

(۱) التوبة آیت:۱۰۳۔

(۲) اس پوری تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: معالم السنن ج:۲ ص:۳ تا ۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہاں پورا کلمۂ طیبہ یعنی "لا الـٰه الا الله محمد رسول الله" مراد ہے کیونکہ عرف میں "لا الٰه الا الله" پورے کلمۂ طیبہ کا عَلَم ہے، جیسا کہ "سبحٰنک اللّٰھم" پوری ثناء کا عَلَم ہے، اور لفظِ "أعوذ بالله" پورے تعوّذ کا، لفظِ "بسم الله" پوری "بسم الله الرّحمٰن الرّحیم" کا، اور لفظِ "الحمد لله" پوری سورۂ فاتحہ کا عَلَم ہے۔

قوله: "وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ" (ص:۳۷ سطر:۷)

یعنی اِس بات کا فیصلہ کرنا کہ فلاں شخص نے کلمہ دِل سے پڑھا ہے یا نفاق سے؟ یہ ہمارے ذمہ نہیں بلکہ ہم تو صرف ظاہر کے مکلّف ہیں۔ اگر ظاہراً وہ کلمہ پڑھ رہا ہے اور کوئی کفر اُس سے صراحۃً ظاہر نہیں ہوا تو ہم اس کے مسلمان ہونے کا حکم لگائیں گے، باقی حقیقی علم اللہ تعالیٰ کو ہے۔

قوله: "وَاللّٰهِ، لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ" (ص:۳۷ سطر:۷)

مقصد اِس ارشاد کا یہ تھا کہ نماز اور زکوٰۃ کا حکم ایک ہے تو جس طرح تارکینِ صلوٰۃ کے ساتھ قتال کرنا بالاتفاق ضروری ہے، اِسی طرح مانعینِ زکوٰۃ کے ساتھ بھی جہاد کیا جائے گا، گویا آپ نے زکوٰۃ کو صلوٰۃ پر قیاس کیا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اِس جواب پر اِشکال ہوسکتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دعویٰ کی دلیل میں تو حدیث پیش فرمائی تھی اور حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ اس کے مقابلے میں قیاس پیش فرما رہے ہیں اور یہ اُصولِ فقہ کا ضابطہ ہے کہ نصّ کے مقابلہ میں قیاس حجت نہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دراصل چار دلیلیں اِرشاد فرمائی تھیں:-

۱- ایک یہی قیاسی دلیل جو اُوپر بیان ہوئی۔

۲- دوسری آپ کا یہ ارشاد کہ: "فانّ الزکٰوۃ حق المال" یہ دلیل اسی حدیث کے جملہ "اِلّا بحقه" کی بنیاد پر دی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی حدیث میں اِلّا بحقه أی بحقّ ھٰذا القول (أی قول لا الٰه الا الله یعنی الاسلام) کا استثناء کرکے ایسے مواضع پر قتال کا حکم برقرار رکھا تھا جہاں اسلام کے حق کا تقاضا ہو، اور زکوٰۃ اسلام کا حقِ مالی ہے، لہٰذا اس کے تارکین سے بھی قتال کیا جائے گا۔ تو یہ جواب حدیث کی بنیاد پر ہوا۔

۳- تیسری یہ کہ جو حدیث حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پیش کی تھی دراصل اس کے اندر

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دو جملے مزید تھے، ۱-ویقیموا الصلوٰۃ. ۲-ویؤتوا الزکوٰۃ. جیسا کہ امامِ مسلمؒ نے آگے اسی باب میں یہ جملے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی روایت سے نقل کئے ہیں مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ جملے یاد نہ رہے تھے۔(۱) اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو یاد تھے۔ چنانچہ علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے فتح الملہم(۲) میں لکھا ہے کہ سننِ نسائی(۳) میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ پوری حدیث ان دو جملوں سمیت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ان کے مذکورہ بالا اعتراض کے جواب میں سنائی تھی، معلوم ہوا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حدیثِ مرفوع کے ان جملوں سے بھی جوازِ قتال پر استدلال کیا تھا، خلاصہ یہ کہ صدیقِ اکبرؓ کا ایک استدلال قیاس سے تھا، دوسرا اسی حدیثِ مرفوع کے لفظ "اِلَّا بحقہٖ" سے، اور تیسرا استدلال اسی حدیث کے اِن دو جملوں سے تھا۔

۴-بلکہ تفسیر معارف القرآن میں ہے(۴) کہ حضرت صدیقِ اکبرؓ نے مانعینِ زکوٰۃ سے قتال پر سورۂ توبہ کی مندرجہ ذیل دو آیتوں سے بھی استدلال کیا تھا۔

ایک "فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ"۔(۵)

اور دوسری آیت "فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِى الدِّيْنِ ؕ"(۶) اس آیت کے تحت حضرت صدیقِ اکبرؓ کا یہ استدلال تفسیر معارف القرآن میں ابنِ کثیر(۷) سے نقل کیا گیا ہے۔

---

(۱) فتح الباری ج:۱۲ ص:۲۸۲۔

(۲) فتح الملہم ج:۱ ص:۵۵۶، ۵۵۷۔

(۳) سنن النسائی، کتاب الجهاد، باب وجوب الجهاد، رقم الحدیث: ۳۰۹۴۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: صحیح ابن خزیمہ ج:۴ ص:۷، رقم الحدیث: ۲۲۴۷، باب الأمر بقتال مانع الزکوٰۃ .... الخ. والمستدرک ج:۱ ص:۵۴۴، رقم الحدیث: ۱۴۲۷ وسنن الکبریٰ للبیهقی ج:۸ ص:۱۷۷ وتعظیم قدر الصلوٰۃ لمحمد بن نصر المروزی ج:۱ ص:۸۹، رقم الحدیث:۵.

(۴) تفسیر معارف القرآن ج:۴ ص:۳۱۴ و۳۲۱۔ (۵) التوبۃ آیت:۵۔

(۶) التوبۃ آیت:۱۱۔ (۷) تفسیر ابنِ کثیر ج:۱ ص:۳۰۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "وَاللّٰهِ، لَوْ مَنَعُوْنِي عِقَالاً .... الخ" (ص:۳۷ سطر:۷)

بخاری کی بعض روایات میں "عناقًا"(۱) (یعنی بکری کا بچہ) ہے، اور "عقالاً" کی تفسیر میں مختلف اقوال فتح الملهم میں نقل کئے ہیں۔(۲) صاحب فتح الملهم کا رُجحان اس طرف معلوم ہوتا ہے کہ اس سے مراد وہ رسّی ہے جس سے اُونٹ کو باندھا جاتا ہے، اور دلیل میں یہ روایت نقل کی ہے کہ: "وقد بعث النبي صلى الله عليه وسلم محمد بن مسلمة على الصدقة، فكان يأخذ مع كل فريضة عقالاً" اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے کہ: "كان من عادة المتصدق أن يعمد الى قَرَن وهو الحبل فيقرن به بين بعيرين لئلا تشرد الابل."

قوله: "فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: فَوَاللّٰهِ، مَا هُوَ إِلاَّ أَنْ رَأَيْتُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ شَرَحَ صَدْرَ أَبِيْ بَكْرٍ لِلْقِتَالِ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ." (ص:۳۷ سطر:۸)

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی مجتہدِ مطلق تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی، اور کسی مجتہدِ مطلق کے لئے جائز نہیں کہ کسی دوسرے مجتہد کی تقلید کرے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تقلید کیوں کی؟

اس کا جواب یہ ہے کہ تقلید "بلا دلیل مان لینے" کا نام ہے جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ دلیل کے بعد قائل ہوئے تو گویا اپنے سابق اِجتہاد سے بر بنائے دلیل رجوع فرمایا نہ کہ تقلید کی بناء پر۔(۳)

فائدہ:- مانعینِ زکوٰۃ سے قتال کفر کی بنیاد پر نہ تھا، اس لئے کہ اُصولِ تکفیر کی روشنی میں ان پر کفر کا حکم جاری نہیں ہوتا کیونکہ یہ نومسلم تھے اور زکوٰۃ کی فرضیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد باقی رہنے کا ان کو علمِ ضروری حاصل نہ تھا، لہٰذا یہ قتال بغاوت کی وجہ سے تھا کہ خلیفۂ وقت نے جب زکوٰۃ کا مطالبہ کیا تو اُنہوں نے نہ صرف حکم عدولی کی بلکہ اپنے اِس موقف کے لئے لڑنے کو بھی تیار ہوگئے، تو اب وہ باغی ٹھہرے، لہٰذا اُن سے قتال کرنا جائز ہوا۔ چنانچہ باغیوں سے قتال کے جواز پر فقہائے کرام نے اس واقعہ سے بھی استدلال کیا ہے۔

---

(۱) صحيح البخاري، كتاب الزكوٰة، باب اخذ العناق في الصدقة، رقم الحديث:۱۴۵۶۔

(۲) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۵۷۔

(۳) اكمال المعلم ج:۱ ص:۲۴۶ وشرح النووي ج:۱ ص:۴۰ وفتح الملهم ج:۱ ص:۵۵۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱۲۷ - "وَحَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ......(الٰی قوله)...... عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فَإِذَا قَالُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَصَمُوْا مِنِّيْ دِمَائَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ. ثُمَّ قَرَأَ، إِنَّمَآ أَنْتَ مُذَكِّرٌ ط لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ."

(ص:۳۷ سطر:۱۳ تا ۱۵)

قوله: "ثُمَّ قَرَأَ، إِنَّمَآ أَنْتَ مُذَكِّرٌ ط لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ" (ص:۳۷ سطر:۱۵)

یہ آیت ماقبل کے جملے "وحسابهم علی الله" کی تفسیر یا تائید کے طور پر ذکر فرمائی ہے اور مطلب یہ ہے کہ لوگوں کے زبانی اقرار پر اعتماد کرلینا کافی ہے، دِل کی تحقیق کرنے پر آپ کو مسلط نہیں کیا گیا۔

۱۲۸ - "حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ ......(الٰی قوله)......عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَيُقِيْمُوا الصَّلَاةَ، وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ، فَإِذَا فَعَلُوْا عَصَمُوْا مِنِّيْ دِمَائَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ."

(ص:۳۷ سطر:۱۵ تا ۱۷)

قوله: "أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا ......الخ" (ص:۳۷ سطر:۱۶)

یہاں "الناس" میں الف لام استغراق کا نہیں بلکہ عہدِ خارجی کا ہے، اور اس سے مراد تمام کافر نہیں بلکہ مشرکینِ عرب مراد ہیں، دُنیا کے دُوسرے کافروں کے لئے یہ حکم نہیں، بلکہ ان کے لئے حکم یہ ہے کہ اُن سے جزیہ لے کر انہیں مسلم ممالک میں رہنے دیا جائے گا، مگر مشرکینِ عرب کے لئے حکم یہ تھا کہ یا تو وہ مقررہ مدّت میں جزیرۃ العرب کی سکونت چھوڑ دیں ورنہ اُن سے قتال ہوگا، حتیٰ یشہدوا الخ۔

کیا اسلام تلوار کے زور سے پھیلایا گیا ہے؟

یہاں اسلام اور اہلِ اسلام پر ایک بہت بڑا اعتراض ہوتا ہے اور یہ اعتراض مستشرقین گزشتہ تقریباً دوسو سال سے مسلمانوں پر کررہے ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مستشرقین کون ہیں؟

مستشرقین، مغربی ممالک کے وہ غیر مسلم اسکالرز ہیں جو لوگوں کو تحقیق اور ریسرچ کے نام پر گمراہ کرتے ہیں، ان کا کام یہ ہے کہ علومِ مشرقیہ کے اندر مہارت پیدا کرتے ہیں، ان میں سے کسی نے مثلاً ہندو مذہب کی تحقیق و ریسرچ کی ہے، کسی نے بدھ مت کے بارے میں اور کسی نے اسلام کے بارے میں، ان کے ہاں اِن موضوعات پر تحقیقی کام ہوتا ہے۔

لیکن اسلام کے بارے میں تحقیق سے ان کا مقصد حق معلوم کرنا نہیں ہوتا، بلکہ اسلام کے بارے میں شکوک وشبہات پیدا کرنا، اعتراضات نکالنا اور ان اعتراضات کو اپنے ذرائعِ ابلاغ کے ذریعے دنیا میں پھیلانا ان کا مقصد ہوتا ہے۔

مستشرقین کا اعتراض

چنانچہ اِن لوگوں نے اسلام پر جہاں اور بہت سے اعتراضات کئے، ان میں ایک اعتراض یہ کیا ہے کہ اسلام میں جہاد اس لئے مشروع ہوا ہے کہ لوگوں کو زبردستی اسلام میں داخل کیا جائے، دنیا میں اسلام اپنی حقانیت اور دلائل کے ذریعے سے نہیں پھیلا۔ نیز مسلمانوں کے اعلیٰ کردار اور اسلام کی اعلیٰ فطری تعلیمات کی کشش سے بھی نہیں پھیلا، بلکہ اسلام کو تلوار کے ذریعے زبردستی پھیلایا گیا ہے۔ اس لئے اسلام سراسر تشدد پر مبنی ظالمانہ مذہب ہے جو لوگوں کو مذہبی آزادی سے روکتا اور زبردستی انہیں اپنا پیروکار بناتا ہے۔

اگرچہ یہ پروپیگنڈا گزشتہ تقریباً دوسو سال سے چل رہا ہے، لیکن آج کل یہ اپنے عروج پر ہے، مغربی میڈیا زہر اُگل رہا ہے اور ان کے بعض مفکرین تو یہاں تک کہہ رہے ہیں کہ قرآن انسانیت دُشمنی کی تعلیم دیتا ہے، اس کے اندر غیر مسلموں کے بارے میں جگہ جگہ یہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں کہ: "اُقْتُلُوْهُمْ" اور "قَاتِلُوْهُمْ" وغیرہ، یہ قرآن ہی ہے جو مسلمانوں کو قتل وقتال پر اُبھارتا ہے، اس کے اندر غیر مسلم اقوام کے لئے کوئی امن وامان نہیں ہے۔ اس سے شاید وہ دُنیا کو یہ باور کرانا چاہتے ہیں کہ اسلام کے "خطرے" کو اس وقت تک ختم نہیں کیا جاسکتا جب تک کہ قرآن کی تعلیم کو نہیں مٹایا جائے گا۔

ان کے اعتراض کی ظاہری دلیلیں

ان کے اس پروپیگنڈے کی ایک دلیل بظاہر یہ حدیثِ باب بھی ہے کہ:-

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

أُمرت أن أُقاتل الناس حتّی یشهدوا أَن لا اله الا الله وانّ محمدًا رسول الله ویقیموا الصلٰوة ویؤتوا الزکٰوة. (ص:۳۷ سطر:۱۶)

اگر قرآنِ کریم کی آیات اور قرآن وسنت کے دوسرے اَحکام وقواعد سے نظر چُرا کر کوئی دنیا کو دھوکا دینا چاہے تو یہ باور کرانے کی کوشش کر سکتا ہے کہ اِس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں سے تین کام زبردستی کرائے جائیں گے:-

۱- کلمۂ طیبہ کا اِقرار۔

۲- نماز کی پابندی۔

۳- زکوٰۃ کی ادائیگی۔

جب تک پوری دنیا کے لوگ یہ تین کام نہیں کریں گے، اس وقت تک اُن سے جنگ جاری رہے گی۔

اسی طرح وہ یہ آیت بھی پیش کرتے ہیں:-

فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِیْنَ حَیْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ج فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِیْلَهُمْ ط[۱]

اس آیت کا حوالہ دے کر کوئی سیاق وسباق اور دوسری آیات سے آنکھیں بند کر کے کہہ سکتا ہے کہ اس کا حاصل یہ ہے کہ کفار جہاں کہیں بھی ملیں انہیں قتل کیا جائے گا، ہاں اگر وہ ایمان لے آئیں، نماز بھی پڑھیں اور زکوٰۃ بھی دیں تو انہیں چھوڑ دیا جائے گا۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جب تک تمام کفار کلمۂ طیبہ پڑھ کر اسلام میں داخل اور نماز وزکوٰۃ کے پابند نہیں ہو جائیں گے، اس وقت تک ان کی جان بخشی نہیں ہے۔

یہ اعتراض کم فہمی یا دھوکا دہی پر مبنی ہے

اس اعتراض کا جواب سمجھ لیجئے، یاد رکھئے کہ یہ حدیث ہو یا ابھی تلاوت کردہ آیت، جب بھی انہیں سیاق وسباق سے جدا کر کے سمجھنے کی کوشش کی جائے گی تو غلط فہمی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا، ہاں جس کا مقصد ہی ناواقف لوگوں کو دھوکا دینا ہو وہ یہ کام کرتا رہے گا۔ قرآن

(۱) التوبۃ آیت:۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مجید کی جس آیت پر انہوں نے اعتراض کیا ہے، یعنی "فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ .... الخ" اسی کے بعد اگلی آیت یہ ہے:-

وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ط(۱)

اس اگلی آیت میں یہ بتلایا گیا ہے کہ اگر کوئی مشرک آپ کے پاس امن کے ساتھ آنے کی اجازت مانگے تو اُسے اجازت دے دو، یہاں آنے سے اس کو یہ فائدہ ہوگا کہ وہ اللہ کا کلام سنے گا، اس کے بعد مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ (پھر اس کو اس کی جائے پناہ تک پہنچا دو) گویا یہ مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ امن و امان کے ساتھ اس کو اس کے وطن واپس بھیج دیا جائے۔

دیکھئے یہاں یہ معاملہ اُس شخص کے ساتھ کیا جارہا ہے جو مسلمان نہیں ہوا، تو اس سے معلوم ہوا کہ قتال سے بچنے کا ایک راستہ یہ بھی ہے کہ کافر اجازت طلب کر کے مسلمانوں کے ملک میں آجائے، ایسے کافر کو اصطلاح میں "مُستأمِن" کہتے ہیں، جیسے آج کل دوسرے ممالک کے کافر ویزا لے کر ہمارے ملک میں آجاتے ہیں تو ایسے کافروں کے بارے میں یہ حکم ہے کہ ان کے جان و مال اور آبرو کی حفاظت کی ذمہ داری ہمارے اُوپر ہے اور اُن سے جنگ ہرگز نہ کی جائے گی، اور انہیں بحفاظت اپنے وطن بھیجنے کا انتظام کیا جائے گا۔

اسی طرح سورۂ توبہ کی مذکورہ بالا آیات سے کچھ پہلے سورۂ انفال کے اواخر میں یہ آیت بھی ہے کہ:-

وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط(۲)

اس میں مسلمانوں کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ اگر کفار صلح کی طرف مائل ہوں تو آپ بھی صلح کرلیں۔ معلوم ہوا کہ کفار اگر اپنے کفر پر رہتے ہوئے مسلمانوں سے صلح کے طلبگار ہوں تو مسلمان ان سے صلح کر سکتے ہیں اور ایسی صورت میں بھی اُن سے جنگ نہیں کی جائے گی۔

اسی طرح اسی سورۂ توبہ میں کچھ آگے ایک آیت یہ بھی ہے:-

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا

---

(۱) التوبۃ آیت:۶۔ (۲) الأنفال آیت:۶۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ O (۱)

"یدٍ" کے یہاں معنیٰ ہیں "طاقت" اور عن "سبب" کے معنیٰ میں ہے تو معنی یہ ہوئے کہ وہ اداءِ جزیہ کریں اسلام کی طاقت کی وجہ سے، اور وَهُمْ صٰغِرُوْنَ کا مطلب امام شافعی رحمہ اللہ نے یہ بیان فرمایا ہے،(۲) جسے تفسیر معارف القرآن میں بھی نقل کیا گیا،(۳) کہ وہ مسلمانوں کے عام قانون کی پابندی کا وعدہ کرلیں، نہ کہ شخصی قانون کی جسے "پرسنل لاً" کہا جاتا ہے، کیونکہ اسلامی ملک میں غیر مسلموں پر اسلام کے پرسنل لا کی پابندی نہیں ہوتی، پرسنل لا میں، جو نکاح و طلاق، میراث اور اوقاف سے متعلق ہوتا ہے وہ اپنے مذہبی قانون پر عمل کرنے میں آزاد ہوتے ہیں۔

حاصل یہ ہوا کہ اگر کفار مسلمانوں کے ملک میں رہیں اور یہاں کے عام قوانین کی پابندی کرتے ہوئے جزیہ (ٹیکس) ادا کریں تو بھی ان سے قتال نہیں کیا جائے گا۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ غیر مسلموں سے جنگ کو روکنے والی کل چار چیزیں ہیں:-

۱- صلح۔

۲- استیمان (اجازت لے کر مسلمانوں کے ملک میں آنا)۔

۳- جزیہ (ایک قسم کا ٹیکس جو مسلم ملک کے غیر مسلم باشندوں سے زکوٰۃ کے بجائے لیا جاتا ہے) یعنی مسلمانوں سے سرکاری طور پر زکوٰۃ لی جاتی ہے اور غیر مسلموں سے جزیہ۔

۴- کلمۂ طیبہ "لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کو قبول کرلینا۔

ان آیات سے یہ بات خود بخود واضح ہوگئی کہ قتال کا مقصد لوگوں کو زبردستی مسلمان بنانا نہیں ہے، اگر زبردستی مسلمان بنانا مقصود ہوتا تو پھر نہ تو کفار سے صلح کی اجازت ہوتی، نہ استیمان کی، اور نہ جزیہ قبول کیا جاتا۔

جہاد کی اَقسام

لیکن وہ کفار جن سے نہ تو ہمارا صلح کا معاہدہ ہے، نہ وہ امان لے کر ہمارے ملک میں آئے ہیں اور نہ وہ ہمارے ملک کے شہری ہیں، تو ہم سے جنگ کرنے میں وہ بھی آزاد ہیں اور ان سے جنگ کرنے میں ہم بھی آزاد ہیں۔ چنانچہ یہ لوگ جو ہم سے کسی قسم کی صلح اور معاہدہ

---

(۱) التوبۃ آیت:۲۹۔

(۲) فی روح المعانی ج:۱۰ ص:۷۹: وعن الشافعی أن الصغار هو جريان أحكام المسلمين عليهم.

(۳) تفسیر معارف القرآن ج:۴ ص:۳۶۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نہیں کر رہے، ان کے بارے میں اسلام نے یہ تعلیم دی ہے کہ ان پر نظر رکھو، اگر محسوس ہو کہ یہ تمہارے لئے خطرہ بن رہے ہیں تو قبل اس کے وہ واقعی خطرہ بن جائیں اُن پر غلبہ حاصل کرلو تا کہ یا تو وہ تم سے ترکِ جنگ کا معاہدہ کرلیں یا جزیہ دے کر تمہارے ملک میں پُرامن شہری بن کر رہنے لگیں۔ اس کا نام ''اقدامی جہاد'' ہے۔ اور جس وقت دُشمن حملہ آور ہو جائے تو اس وقت جواب میں جو جہاد کیا جائے گا، اس کا نام ''دفاعی جہاد'' ہے۔ اسلام میں اقدامی جہاد کی بھی اجازت ہے اور دفاعی جہاد کی بھی۔

''اقدامی جہاد'' کی مثال غزوۂ تبوک ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ملی کہ عیسائیوں کے لشکر جمع ہو رہے ہیں اور ان کا منصوبہ مدینہ طیبہ پر حملہ کرنے کا ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نفیرِ عام کردی اور ایک بہت بڑا لشکر لے کر تبوک کی طرف روانہ ہوئے، دُشمن کو پتہ چلا تو وہاں سے بھاگ کھڑا ہوا۔

یہ اسلامی جہاد کی مختصر اُصولی تشریح ہے۔ اس میں کون سی بات ناانصافی کی ہے؟ اور کون سی ظلم و تشدد کی؟ کوئی بھی منصف انسان اس نظام کا مطالعہ کرے گا تو یہ بات کھل کر سامنے آئے گی کہ اس میں کوئی بھی بات ایسی نہیں جو انصاف کے خلاف ہو، یا زبردستی مسلمان بنانے والی ہو۔

البتہ مشرکینِ عرب کے لئے قتال سے بچنے کی صرف دو صورتیں تھیں کہ (۱) یا تو وہ سورۃ التوبہ کے شروع میں بیان کی گئی مدّت: "فاذا انسلخ الأشهر الحرم الخ" کے اندر اندر جزیرۃ العرب سے اپنے ساز و سامان سمیت کہیں اور چلے جائیں یا اسلام قبول کرلیں، ورنہ انہیں قتل کیا جائے گا، اور یہ اس وجہ سے تھا کہ جزیرۃ العرب اہلِ اسلام کی چھاؤنی تھی، اور اپنی چھاؤنی میں کوئی بھی قوم، دُشمن کو سکونت کی اجازت نہیں دیتی اور یہاں بھی ان کو اسلام لانے پر مجبور نہیں کیا گیا کہ وہ مذکورہ مدّت میں چاہیں تو جزیرۃ العرب سے باہر کہیں جا کر رہیں اور حدیثِ باب (حدیث ابن عمر) میں بھی "امرت أن أقاتل الناس" میں "الناس" سے مراد مشرکینِ عرب ہیں۔

معلوم ہوا کہ جہادِ اسلام کا مقصد لوگوں کو زبردستی مسلمان بنانا نہیں بلکہ اس کا مقصد اعلاءِ کلمۃ اللہ، اور اسلام اور مسلمانوں کی حفاظت کرنا اور اسلام کو خطرات سے بچانا ہے، لہٰذا یہ اعتراض ہرگز دُرست نہیں کہ اسلام کو تلوار کے ذریعے زبردستی پھیلایا گیا ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اِس موضوع پر ہمارے بزرگوں کی تصانیف

جب مستشرقین کی طرف سے اہلِ اسلام پر یہ اعتراض کیا گیا تو ہمارے بزرگوں کی طرف سے اس پر مفصّل کلام کیا گیا، ''سیرۃ خاتم الانبیاء'' میں حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جامعیت اور اختصار کے ساتھ چند صفحات کے اندر کافی شافی جواب دیا ہے۔

اسی طرح شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی صاحبؒ کے بڑے بھائی حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے، جو دار العلوم دیوبند کے صدر مہتمم تھے، ایک کتاب لکھی جس کا نام ہے ''دُنیا میں اسلام کیونکر پھیلا؟'' ہندوستان میں اسی نام سے چھپی تھی البتہ پاکستان میں ''اشاعتِ اسلام'' کے نام سے چھپتی ہے، یہ بڑی مفصل کتاب ہے اور اس میں انہوں نے واقعات اور تاریخِ اسلام کے حوالے سے دِکھایا ہے کہ اسلام طاقت کے زور سے نہیں بلکہ مسلمانوں کے اعلیٰ کردار اور اپنی حقانیت کی وجہ سے پھیلا ہے۔

تیسری کتاب شیخ الادب حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ہے، یہ الحمدللہ ''ادارۃ المعارف کراچی'' سے چھپ گئی ہے، اس کتاب کا نام ہے ''دُنیا کو اسلام سے کس کس طرح روکا گیا؟'' یعنی کافر طاقتوں نے لوگوں کو زبردستی اسلام سے روکنے کے لئے کیسے کیسے مظالم کئے ہیں، یہ کتاب درحقیقت مستشرقین کے سوال کا الزامی جواب ہے کہ تم تو کہتے ہو کہ اسلام زبردستی پھیلایا گیا ہے، حالانکہ معاملہ برعکس ہے کہ اسلام سے لوگوں کو زبردستی روکا گیا اور اس کے لئے ان پر انتہائی درجے کا تشدّد اور مظالم کئے گئے، مگر اس کے باوجود اسلام پھیلتا چلا گیا۔

الحمدللہ اِن بزرگوں نے اِس موضوع پر بڑا کافی اور شافی کلام فرمایا ہے، اُسے مطالعے میں رکھنا چاہئے۔

قولہ: ''وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ ......الخ'' (ص:۳۷ سطر:۱۶)

یہ دو جملے حضرت عبداللہ بن عمر نے روایت کئے ہیں، فاروقِ اعظمؓ کا جو مکالمہ حضرت صدیق اکبرؓ سے ہوا تھا اس میں یہ جملے فاروقِ اعظمؓ نے روایت نہیں کئے کہ بظاہر ان کو یاد نہیں رہے تھے، اگر یاد ہوتے تو وہ اِشکال پیش نہ آتا جو انہوں نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے سامنے پیش کیا تھا، تفصیل پیچھے آچکی ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب الدليل على صحة إسلام من حضره الموت .... الخ

۱۳۱ -"حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ...... (الى قوله)......أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبِ الْوَفَاةُ، جَاءَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدَ عِنْدَهُ أَبَا جَهْلٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمِّ! قُلْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، كَلِمَةً أَشْهَدُ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ. فَقَالَ أَبُوْ جَهْلٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ: يَا أَبَا طَالِبِ! أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ، وَيُعِيدُ لَهُ تِلْكَ الْمَقَالَةَ، حَتّٰى قَالَ أَبُوْ طَالِبٍ آخِرَ مَا كَلَّمَهُمْ: هُوَ عَلٰى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ. وَأَبَى أَنْ يَقُوْلَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ.

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا وَاللّٰهِ، لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَا لَمْ أُنْهَ عَنْكَ. فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْا أُولِيْ قُرْبٰى مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ. وَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ أَبِيْ طَالِبٍ، فَقَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ أَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ ج وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ."

(ص:۴۰ سطر:۱ تا ۶)

قوله: "الْمُسَيَّبِ" (ص:۴۰ سطر:۱) بفتح الياء المثناة وكسرها، والفتح أشهر۔[1]

ابوطالب کی وفات کے وقت یہ کافر تھے، شاید یہ اُس مجلس میں موجود تھے جہاں حدیثِ باب کا واقعہ پیش آیا۔ پھر مسلمان ہوجانے کے بعد اسے روایت کیا، کما فی فتح الملهم۔

قوله: "لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبِ الْوَفَاةُ" (ص:۴۰ سطر:۱)

یعنی جب موت کا وقت قریب ہوگیا لیکن نزعِ رُوح شروع ہونے سے پہلے کا وقت مراد ہے، کیونکہ حالتِ غرغرہ میں آدمی نہ تو صحیح طریقہ سے بات کرسکتا ہے نہ سمجھ سکتا ہے، نیز

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۴۰۔ رف

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حالتِ غرغرہ میں اگر کوئی ایمان لائے تو وہ قبول بھی نہیں ہوتا۔[۱]

قولہ: "جَاءَهُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ.... الخ" (ص:۴۰ سطر:۱)

عبدالمطلب نے ابوطالب کو وصیت کی تھی کہ اپنے اِس بھتیجے کو اپنے پاس رکھنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اَعمام اسلام آنے کے وقت چار تھے: ۱-ابوطالب، ۲-ابولہب، ۳-حمزہ، ۴-عباس۔ حمزہ اور عباس مشرف بہ اسلام ہوگئے اور ابوطالب و ابولہب محروم رہے۔[۲]

اور عمِّ شقیقی یعنی حقیقی چچا ابوطالب ہی تھے، اِسی لئے اُن کو وصیت کی تھی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوطالب کی پرورِش میں لڑکپن اور جوانی کا زمانہ گزارا، یہاں تک کہ جب اسلام آیا تو دُشمنوں کے مقابلہ میں ابوطالب نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کھل کر ساتھ دیا، آپ کی حفاظت میں کوئی دقیقہ نہ چھوڑا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاطر دُشمنوں کے سوشل بائیکاٹ (مقاطعہ) کو بھی بخوشی برداشت کیا۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں سب سے پہلے نعت کہنے والے بھی ابوطالب تھے، اُن کے اشعار کو دیکھ کر یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو برحق اور سچا سمجھتے تھے،[۳] یعنی ابوطالب کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت کی تصدیقِ منطقی یعنی جاننا تو حاصل تھا، لیکن تصدیقِ لغوی و شرعی یعنی جان کر مان لینا، یہ حاصل نہ تھا، اور ایمان کا مدار اسی پر ہے۔

قولہ: "یَا عَمِّ!" (ص:۴۰ سطر:۲)

یاءِ متکلم کی محذوف ہے، جو نداء کے وقت حذف کردی جاتی ہے۔

قولہ: "أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟" (ص:۴۰ سطر:۳)

نفسیاتی حربے کے طور پر اِن دونوں نے ابوطالب کو یاد دلایا کہ تم اپنے آباء کی ملت اور دین سے اِعراض نہ کرو۔

قولہ: "یَعْرِضُهَا عَلَیْہِ" (ص:۴۰ سطر:۳) اِس کلمہ کو ابوطالب پر پیش کرتے رہے۔

قولہ: "آخِرَ مَا کَلَّمَهُمْ .... الخ" (ص:۴۰ سطر:۳)

"آخر" یہ مفعول فیہ ہونے کی بناء پر منصوب ہے، أی فی آخر ما کلمهم.

---

(۱) ردّ المحتار ج:۴ ص:۲۳۰۔

(۲) فتح الباری ج:۷ ص:۱۹۶، کتاب مناقب الأنصار، باب قصة أبی طالب.

(۳) ملاحظہ فرمائیے: الاصابة فی تمییز الصحابة ج:۴ ص:۱۱۶، القسم الرابع، ترجمة أبی طالب.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ ما عُلِمَ من الدِّین ضرورۃً کا صرف یقین یعنی تصدیقِ منطقی کافی نہیں بلکہ تصدیقِ لغوی ضروری ہے۔ دوسرے یہ معلوم ہوا کہ شہادتین کے بغیر ایمان معتبر نہیں ہوتا، اگرچہ تصدیقِ شرعی بھی حاصل ہوجائے، کیونکہ اقرار باللسان مع الامکان بوقتِ مطالبہ ضروری ہے، اس کی تفصیل درسِ مسلم میں کتاب الایمان کے پانچ اُصولی مسائل میں سے المسئلۃ الاُولٰی کے تحت عنوان ''ایمان کے لئے اقرار باللسان کس حد تک شرط ہے'' میں آچکی ہے۔ ابوطالب کے ایمان میں دو چیزوں کی کمی تھی، تصدیقِ لغوی کی، اور اقرار باللسان کی۔

قولہ: ''هُوَ عَلٰى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ'' (ص:۴۰ سطر:۳)

اِس حدیث سے ایک ادب معلوم ہوا، وہ یہ کہ بظاہر ابوطالب نے ''أنا علٰی ملّة عبدالمطلّب'' کہا ہوگا، لیکن راوی نے ''أنا'' کے بجائے ''هو'' کہا۔ وجہ یہ ہے کہ ''أنا علٰی ملّة عبدالمطلّب'' کلمۂ کفر ہے، اگر راوی اس کو ذکر کرتے تو اگرچہ ''نقلِ کفر کفر نباشد'' کے تحت یہ کفر تو نہ ہوتا لیکن راوی نے ''أنا'' کو ''هُوَ'' سے بدل دیا، تاکہ اپنی طرف کفر کی نسبت کا وہم بھی کسی کو پیدا نہ ہو، چنانچہ ادب یہ ہے کہ متکلم اگر اپنی طرف کسی بُری چیز کی نسبت کرے تو ناقل کو چاہئے کہ اُسے صیغۂ متکلم کے ساتھ نقل نہ کرے تاکہ اپنی طرف بُری چیز کی نسبت کا شائبہ تک نہ ہو۔[1] اس ادب پر عربی، اُردو، انگلش ہر زبان میں عمل کیا جاتا ہے۔

قولہ: ''مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ'' (ص:۴۰ سطر:۴)

بظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت ابوطالب کے انتقال کے وقت نازل ہوئی، حالانکہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ آیت ہجرت کے بعد نازل ہوئی، بعض کے نزدیک اُس وقت جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مقامِ ''اَبواء'' میں اپنی والدہ کی قبر پر ان کے لئے استغفار کرنے لگے، ایک قول یہ ہے کہ بعض صحابہ کرامؓ نے اپنے مشرک والدین کے بارے میں استغفار کی اجازت چاہی تو اُس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔[2] لیکن ایک آیت کے نزول کے کئی اسباب ہوسکتے ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ اگرچہ یہ آیت ہجرت کے بعد نازل ہوئی ہے، تاہم کہا جاسکتا ہے کہ اس کا سبب ابوطالب کا واقعہ بھی ہے، اور والدہ کے لئے استغفار کرنے کا واقعہ بھی ہے، اور بعض صحابہ کرام کا اجازت طلب کرنا بھی۔

(۱) الدیباج ج:۱ ص:۱۵۶۔

(۲) ملاحظہ فرمایئے: رُوح المعانی ج:۱۱ ص:۳۲، ومعارف القرآن ج:۴ ص:۴۷۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "اِنَّکَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ"

(ص:۴۰ سطر:۵)

یہاں اراءۃ الطریق یا ایصال الی المطلوب یعنی ہدایت کے دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں۔

۱۳۲ - " حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ،وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالاَ :انا عَبْدُالرَّزَّاقِ قَالَ: انا مَعْمَرٌ ،ح وَحَدَّثَنَا حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالاَ: ثَنَا يَعْقُوبُ، (وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ) قَالَ: حَدَّثَنِیْ أَبِیْ عَنْ صَالِحٍ .كِلاَهُمَا عَنِ الزُّهرِيِّ بِهَذَا الإِسْنَادِ مِثْلَهُ .غَيْرَ أَنَّ حَدِيْثَ صَالِحٍ انْتَهَى عِنْدَ قَوْلِهِ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْهِ، وَلَمْ يَذْكُرِ الآيَتَيْنِ. وَقَالَ فِیْ حَدِيْثِهِ :وَيَعُوْدَانِ فِیْ تِلْكَ الْمَقَالَةِ. وَفِیْ حَدِيْثِ مَعْمَرٍ مَكَانَ هٰذِهِ الْكَلِمَةِ: فَلَمْ يَزَالاَ بِهِ." (ص:۴۰ سطر:۶،۷)

قولہ: "غَيْرَ أَنَّ حَدِيْثَ صَالِحٍ انْتَهَى عِنْدَ قَوْلِهِ .... الخ" (ص:۴۰ سطر:۷)

صالح کی روایت معمر کی روایت سے دو اعتبار سے مختلف ہے:-

۱- ان کی روایت "فانزل اللہ فیہ" پر ختم ہو جاتی ہے، جبکہ معمر نے وہ آیات بھی ذکر کی ہیں۔

۲- ان کی روایت میں "وَيَعُوْدَانِ بِتِلْكَ المقالة" کے الفاظ ہیں، معمر کی روایت میں "المقالۃ" کے بجائے "الکلمۃ" کا لفظ اور "فلم یزالا بہ" کے الفاظ ہیں۔

۱۳٤ - "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُوْنٍ ......(الٰی قوله)...... عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ ،قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمِّهِ، قُلْ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ ،أَشْهَدُ لَكَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. قَالَ: لَوْلاَ أَنْ تُعَيِّرَنِیْ قُرَيْشٌ، يَقُوْلُوْنَ :إِنَّمَا حَمَلَهُ عَلٰى ذٰلِكَ الْجَزَعُ ،لَأَقْرَرْتُ بِهَا عَيْنَكَ .فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِیْ مَنْ يَّشَآءُ." (ص:۴۰ سطر:۹ تا ۱۱)

قولہ: "لَوْلاَ أَنْ تُعَيِّرَنِیْ قُرَيْشٌ" (ص:۴۰ سطر:۱۰،۱۱)

ای لو لا مخافۃ اَنْ تُعَیِّرَنِیْ قریشٌ ۔یعنی اگر یہ خوف نہ ہوتا کہ قریش مجھے عار دلائیں گے کہ اُسے دین بدلنے پر موت کے خوف نے آمادہ کیا ہے تو میں ضرور تیری آنکھیں ٹھنڈی کر دیتا، یعنی کلمۂ اسلام پڑھ کر آپ کو خوش کر دیتا۔

قولہ: "لَأَقْرَرْتُ بِهَا عَيْنَكَ" (ص:۴۰ سطر:۱۱)

تجھے ضرور اُس کلمہ سے خوش کر دیتا۔ خوشی کے لئے "آنکھوں کی ٹھنڈک" کو استعمال کیا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

www.besturdubooks.wordpress.com

وجہ یہ ہے کہ عرب میں گرمی زیادہ ہوتی تھی، اس لئے وہاں عُرف یہ تھا کہ پسندیدہ حالت کو ٹھنڈک سے تعبیر کرتے تھے،[1] بخلاف ایران کے کہ وہاں پسندیدہ حالت کو گرمی سے تعبیر کرتے ہیں کیونکہ ایران کا علاقہ ٹھنڈا ہے۔

اس لئے میں کہا کرتا ہوں کہ موسم کا اثر زبان پر بھی پڑتا ہے، یورپ میں بھی اکثر سردی رہتی ہے، وہ لوگ گرمی کو ترستے ہیں، اسی لئے وہ اپنے اَشعار میں جب موسم کی تعریف کرتے ہیں تو کہتے کہ آسمان صاف ہے، سورج نکلا ہوا ہے، دُھوپ خوب چمک رہی ہے، وغیرہ وغیرہ۔ حالانکہ ہمارے ہاں ٹھنڈک کو پسند کیا جاتا ہے اور موسم کی تعریف یوں کی جاتی ہے کہ: ''موسم خنک ہے، بارش ہو رہی ہے، بادل چھائے ہوئے ہیں'' وغیرہ وغیرہ۔ معلوم ہوا کہ زبان پر بھی موسم کے اثرات پڑتے ہیں۔

فائدہ:- حدیثِ ابی طالب سے جھمیة اور مُرجئة کا ردّ ہوا، جھمیة کے نزدیک صرف تصدیقِ منطقی کافی ہے، جبکہ عام مرجئة کے نزدیک اگرچہ تصدیقِ لغوی ضروری ہے لیکن اقرار باللسان ضروری نہیں، تو اِس واقعہ سے دونوں کا ردّ ہوا کہ باوجودیکہ ابوطالب کو تصدیقِ منطقی حاصل تھی لیکن تصدیقِ لغوی اور اقرار باللسان نہ ہونے کی وجہ سے اُسے کافر قرار دیا گیا۔[2]

باب الدليل علىٰ من مات على التوحيد دخل الجنة

(ص:۴۱)

۱۳۵- ''حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ......(الٰی قوله)...... عَنْ عُثْمَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ مَاتَ وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ.''

(ص:۴۱ سطر:۱،۲)

چونکہ اس باب میں آنے والی حدیث جھمیة کی دلیل بن سکتی تھی اس لئے امام مسلمؒ نے

---

(۱) وفي اكمال اكمال المعلم (ج:۱ ص:۱۱۲): ''ومعنى أقر الله عينهٗ، أي بلغه أمله قالهٗ ثعلب وقال الأصمعي هو من القرّ والمعنى أبرد الله دمعتهٗ لأن دمعة الفرح باردة وقال ابن الأخضر هو منه لأن المعنى أبرد الله عينهٗ لأن الحزين يبكي فتسخن عينهٗ وغيرهٗ لا يبكي فتبقى عينهٗ باردة.'' وكذا في شرح النووي ج:۱ ص:۴۱۔

(۲) ان دونوں فرقوں کے مذاہب کا بیان اور ان کے دلائل اور ان کے جوابات پیچھے گزر چکے ہیں۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: اكمال اكمال المعلم تحت هذا الحديث ج:۱ ص:۱۱۳،۱۱۴۔

(c) ketabton.com: The Digital Library

(c) ketabton.com: The Digital Library

پہلے ان کے مذہب کی تردید کے لئے حدیثِ ابی طالب نقل کی تا کہ معلوم ہوجائے کہ اگلی حدیث کے اندر ''وھو یعلم'' اپنے ظاہری معنیٰ میں نہیں بلکہ اِس میں ''یَعلم'' سے مراد ''یُؤمِنُ'' ہے۔[۱]

قوله: ''وَهُوَ يَعْلَمُ'' (ص:۴۱ سطر:۲)

یہ حدیث جھـــمیة کی دلیل ہے، کیونکہ اُن کے نزدیک ایمان صرف ''معرفت'' یعنی یقین کا نام ہے۔

اِس کا جواب یہ ہے کہ یہاں ''یعلم'' سے مراد یقین کر کے ماننا ہے، یعنی تصدیقِ شرعی مراد ہے، صرف تصدیقِ منطقی مراد نہیں، قرینہ یہ ہے کہ ابوطالب کا ایمان معتبر نہیں، حالانکہ علم یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت کا یقین اُسے بھی حاصل تھا۔

اِس حدیث سے مرجئة بھی استدلال کرتے ہیں کیونکہ اُن کے نزدیک نجاتِ کلّی کے لئے صرف ''تصدیق'' کافی ہے، اِقرار و اعمال ضروری نہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اِس حدیث سے آگے اور پیچھے کی احادیث میں شہادتین کا ذکر صراحۃً موجود ہے، اس لئے اقرار باللسان بھی ضروری ہے، اور یہاں لفظ ''یعلم'' میں وہ تاویل ناگزیر ہے جو اُوپر بیان کی گئی، یعنی ''یعلَمُ'' سے مراد ''یُؤمِن'' ہے۔

قوله: ''لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ'' (ص:۴۱ سطر:۲) اس سے مراد پورا کلمۂ طیبہ ہے۔

قوله: ''دَخَلَ الْجَنَّةَ'' (ص:۴۱ سطر:۲)

اگر اعمال اچھے ہوں تو دخول اَوّلی ہوگا، اور اچھے نہ ہوں اور اللہ تعالیٰ نے وہ معاف بھی نہ کئے تو سزا بھگتنے کے بعد دُخولِ جنت ہوگا،[۲] البتہ دُخول ضرور ہوگا، مخلّد فی النّار نہ ہوگا۔[۳]

۱۳۷ – '' حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ النَّضْرِ بْنِ أَبِيْ النَّضْرِ......(الٰی قوله)......عَنْ أَبِيْ هُـرَيْـرَةَ ،قَالَ : كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَسِيْرٍ ، قَالَ: فَنَفِدَتْ أَزْوَادُ الْـقَـوْمِ. قَـالَ: حَتّٰى هَمَّ بِنَحْرِ بَعْضِ حَمَائِلِهِمْ .قَالَ : فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ

(۱) المفهم ج:۱ ص:۱۹۷ والمعلم بفوائدِ مسلم ج:۱ ص:۱۹۴۔

(۲) المعلم ج:۱ ص:۱۹۴، دخـل الـجـنة أي دخـلها بعد مجازاتهٖ بالعذاب، وهذا لا بُدّ من تأويله لما جاء في ظواهر كثيرة من عذاب بعض العصاة.

(۳) في شرح النووي ج:۱ ص:۴۱، فيكون المراد باستحقاق الجنة ما قدمناه من إجماع أهل السنة أنّه لا بُدّ من دُخولها امّا معجـلًا معافًى وامّا مؤخرًا بعد عقابه.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللّٰہِ! لَوْ جَمَعْتَ مَا بَقِيَ مِنْ أَزْوَادِ الْقَوْمِ فَدَعَوْتَ اللّٰهَ عَلَيْهَا. قَالَ: فَفَعَلَ. قَالَ: فَجَاءَ ذُو الْبُرِّ بِبُرِّهِ، وَذُو التَّمْرِ بِتَمْرِهِ. قَالَ (وَقَالَ مُجَاهِدٌ: وَذُو النَّوَاةِ بِنَوَاهُ) قُلْتُ: وَمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ بِالنَّوَاةِ؟ قَالَ: كَانُوا يَمُصُّونَهُ وَيَشْرَبُونَ عَلَيْهِ الْمَاءَ. قَالَ: فَدَعَا عَلَيْهَا قَالَ: حَتّٰى مَلَأَ الْقَوْمُ أَزْوِدَتَهُمْ. قَالَ: فَقَالَ عِنْدَ ذٰلِكَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا عَبْدٌ غَيْرَ شَاكٍّ فِيهِمَا إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ." (ص:۴۲ سطر:۱ تا ۴)

قولہ: "فِيْ مَسِيْرٍ" (ص:۴۲ سطر:۲)

یعنی ایک سفر میں۔ اگلی روایت میں صراحت آرہی ہے کہ یہ غزوۂ تبوک کا واقعہ ہے۔

قولہ: "فَنَفِدَتْ أَزْوَادُ الْقَوْمِ" (ص:۴۲ سطر:۲)

قوم کے کھانے پینے کا سامان ختم ہوگیا۔ "أَزْوَاد" زاد کی جمع ہے بمعنی توشہ۔[1]

قولہ: "حَتّٰى هَمَّ" (ص:۴۲ سطر:۲) "هَمَّ" کا درجہ عزم سے کم ہے، اور بعض دفعہ ارادہ سے بھی اس کا درجہ کم ہوتا ہے، جیسے: "وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا"[2] میں "هَمَّ" کا درجہ ارادہ سے بھی کم ہے۔[3]

قولہ: "حَمَائِلِهِمْ" (ص:۴۲ سطر:۲) "حمائل" حَمُوْلَةٌ کی جمع ہے، بار برداری کے جانور۔ بعض نسخوں میں "جمائلهم" ہے، اور جمائل جمع ہے جِمالة کی، اور وہ جمع ہے جَمَل کی، جیسے "حجارة" جمع ہے "حَجَر" کی۔ اور جمل کے معنی ہیں اُونٹ۔

سوال ہوسکتا ہے کہ اگر سفرِ تبوک جیسے پُر مشقت سفر میں جانوروں کو ذبح کردیا جاتا تو انتہائی سخت مشقت لاحق ہوجاتی بلکہ جانوں کا خطرہ بھی لاحق ہوجاتا، کیونکہ پیدل سفر کرنا پڑتا، ظاہر ہے کہ ایسا عزم کرنا تو صحیح نہیں ہے جس سے خود کو اور دوسرے لوگوں کو سخت مشقت اور جان کا خطرہ لاحق ہوجائے۔

جواب یہ ہے کہ اگر جانور ذبح نہ کرتے تو بھوک سے فی الفور موت کا خطرہ تھا، کیونکہ زادِ راہ تو ختم ہوچکا تھا، اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے أهون البليتين کو اختیار فرمایا، دیکھئے!

---

(۱) لسان العرب ج:۶ ص:۱۰۹۔

(۲) یوسف آیت:۲۴۔

(۳) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: مرقاة ج:۱ ص:۲۴۰ کتاب الایمان، باب فی الوسوسة.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایک مصیبت یہاں یہ سامنے تھی کہ ذبح کرنے کی وجہ سے جانوروں اور سواریوں کی کمی ہوتی، اور دوسری مصیبت یہ کہ ذبح نہ کرنے سے انسانوں کی فی الفور موت واقع ہوجاتی، اب ظاہر ہے کہ دوسری مصیبت اشد ہے پہلی کے مقابلے میں، اس لئے پہلے بلیہ کو اختیار کیا گیا۔ "أهون البليتين" کو اختیار کرنے کا قاعدہ مجمع علیھا ہے۔ اس کی ایک مثال یہ ہے کہ کشتی میں آگ لگ گئی تو علماء نے لکھا ہے کہ اس وقت آگ سے جان بچانے کے لئے سمندر میں کودنا خودکشی نہیں ہے، کیونکہ سمندر میں جان بچنے کا کچھ نہ کچھ اِمکان تو موجود ہے، لیکن کشتی کی بھری آگ میں اس کا اِمکان نہیں ہے۔

قوله: "لَوْ جَمَعْتَ" (ص:۴۲ سطر:۲)

اگر "لو" تمنّی کے لئے ہو تو جواب کی ضرورت نہیں، اور اگر "لو" شرطیہ ہو تو جواب محذوف ہے، مثلاً "لظهر بركتها" أو "لكان خيرًا"۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر بڑوں کے سامنے چھوٹے باادب[۱] طریقہ سے کوئی مشورہ پیش کریں تو یہ ادب کے خلاف نہیں۔[۲] ہم نے اپنے بزرگوں کو دیکھا ہے کہ وہ اپنے چھوٹوں سے بھی مشورہ کرتے تھے۔ الحمدللہ! ہم بھی کرتے ہیں اور اپنے شاگردوں کو بھی اس کی ترغیب دیتے ہیں۔

قوله: "قَالَ: فَفَعَلَ" (ص:۴۲ سطر:۲)

یعنی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تجویز کو قبول فرمالیا اور صحابہ کرامؓ کو اپنے اپنے توشے لانے کا حکم فرمایا۔

قوله: "كَانُوْا يَمُصُّوْنَهُ ... الخ" (ص:۴۲ سطر:۳)

وہ گٹھلیوں کو چوستے تھے اور اس پر پانی پیتے تھے، تاکہ دِل بہل جائے اور یہ بھی ممکن ہے کہ گٹھلیوں کے چبانے سے ان کے جو ذرّات نکلتے ہیں اُن کو نگل لیتے ہوں اور اس سے کچھ دِل بہلاتے ہوں۔

قوله: "مَلَأَ الْقَوْمُ أَزْوِدَتَهُمْ" (ص:۴۲ سطر:۳)

أزودة یہ زاد بمعنی توشہ کی جمع ہے، یہاں مجاز ہے بایں طور کہ أزودة سے مراد ظروف الأزودة ہیں۔[۳]

(۱) وفي اكمال المعلم: "يترجح في خطاب الكبراء أن يكون على هذا النحو لو اذنت، لو فعلت لا بصيغة اِفعل. (۲) شرح النووی ج:۱ ص:۴۲۔ (۳) اكمال المعلم ج:۱ ص:۲۵٦۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: ''فَقَالَ عِنْدَ ذٰلِکَ ...الخ'' (ص:۴۲ سطر:۳)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں بھی شہادتین کا ذکر ذریعۂ دُخولِ جنت کے طور پر فرمایا، اس سے مرجئہ اور جہمیہ دونوں پر ردّ ہوا جو اقرار باللسان کو مفید قرار نہیں دیتے۔ ان سب مذاہب کی تفصیل کتاب الایمان کے شروع میں اصولی مسائل میں آچکی ہے۔

۱۳۸- ''حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ......(الٰی قوله)...... عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَوْ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ (شَکَّ الْأَعْمَشُ) قَالَ: لَمَّا كَانَ غَزْوَةُ تَبُوْكَ، أَصَابَ النَّاسَ مَجَاعَةٌ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ أَذِنْتَ لَنَا فَنَحَرْنَا نَوَاضِحَنَا فَأَكَلْنَا وَادَّهَنَّا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: افْعَلُوْا. قَالَ: فَجَاءَ عُمَرُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنْ فَعَلْتَ قَلَّ الظَّهْرُ، وَلٰكِنِ ادْعُهُمْ بِفَضْلِ أَزْوَادِهِمْ. ثُمَّ ادْعُ اللّٰهَ لَهُمْ عَلَيْهَا بِالْبَرَكَةِ، لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يَّجْعَلَ فِيْ ذٰلِكَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ. قَالَ: فَدَعَا بِنِطَعٍ فَبَسَطَهُ، ثُمَّ دَعَا بِفَضْلِ أَزْوَادِهِمْ. قَالَ: فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيْءُ بِكَفِّ ذُرَةٍ. قَالَ: وَيَجِيْءُ الْآخَرُ بِكَفِّ تَمْرٍ، قَالَ: وَيَجِيْءُ الْآخَرُ بِكِسْرَةٍ، حَتّٰى اجْتَمَعَ عَلَى النِّطَعِ مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ يَسِيْرٌ، قَالَ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ بِالْبَرَكَةِ. ثُمَّ قَالَ: خُذُوْا فِيْ أَوْعِيَتِكُمْ. قَالَ: فَأَخَذُوْا فِيْ أَوْعِيَتِهِمْ، حَتّٰى مَا تَرَكُوْا فِي الْعَسْكَرِ وِعَاءً إِلَّا مَلَؤُوْهُ، قَالَ: فَأَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا. وَفَضِلَتْ فَضْلَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا عَبْدٌ، غَيْرَ شَاكٍّ، فَيُحْجَبَ عَنِ الْجَنَّةِ.'' (ص:۴۲ سطر:۴،۵ و ص:۴۳ سطر:۱ تا۴)

قولہ: ''عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَوْ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ'' (ص:۴۲ سطر:۵)

یہاں اعمش رحمہ اللہ کو شک ہو رہا ہے کہ ابوصالح، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کر رہے ہیں یا حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے، لیکن اُوپر طلحۃ بن مصرّف کے طریق میں تصریح ہے کہ ابوصالح، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کر رہے ہیں۔

قولہ: ''غَزْوَةُ تَبُوْكَ'' (ص:۴۲ سطر:۵)

غزوۂ تبوک مشکل ترین غزوات میں سے ہے، یہ سخت گرمی کے موسم میں پیش آیا، سفر لمبا تھا، درمیان میں طویل اور سخت وحشت ناک صحراء تھا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "مَجَاعَةٌ" (ص:۴۲ سطر:۵) جوعِ شدید۔

قوله: "نَوَاضِحَنَا" (ص:۴۲ سطر:۵)

نواضح یہ ناضح کی جمع ہے، وہ اُونٹنی جو پانی لادنے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔[۱]

قوله: "وَادَّهَنَّا" (ص:۴۲ سطر:۵)

عام طور سے اس کے معنی ہوتے ہیں چکنائی کی مالش کرنا، لیکن یہاں مراد ہے کہ چکنائی کو کھانے میں استعمال کیا۔[۲]

قوله: "قَلَّ الظَّهْرُ" (ص:۴۳ سطر:۱) سواریاں کم ہو جائیں گی۔

"الظهر" جزء بول کر کل مراد لیا۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ خاص مزاج تھا کہ اگر صحابہؓ کوئی بات مشورۃً کہتے اور وہ مصلحت کے خلاف نہ ہوتی تو قبول فرما لیتے تھے۔

قوله: "لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يَّجْعَلَ فِيْ ذٰلِكَ" (ص:۴۳ سطر:۱)

یہاں جعل بمعنیٰ خلق ہے، اور اس کا مفعول بہ محذوف ہے، أی: "يجعل في ذلک بركةً."

قوله: "بِنَطَعٍ" (ص:۴۳ سطر:۲) چمڑے کا دسترخوان۔

"نطع" میں چار لغات ہیں:-

۱- نِطَع: بكسر النون وفتح الطاء.

۲- نِطْع: بكسر النون وسكون الطاء.

۳- نَطَع: بفتح النون والطاء.

۴- نَطْع بفتح النون وسكون الطاء.

لیکن پہلی لغت أفصح ہے۔[۳]

قوله: "فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيءُ" (ص:۴۳ سطر:۲)

جَعَلَ افعالِ شروع میں سے ہے اور افعالِ شروع کے لئے ضابطہ یہ ہے کہ اس کا

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۷۳۹۔

(۲) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۷۸۔

(۳) اكمال اكمال المعلم ج:۱ ص:۱۱۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ترجمہ اُردو میں ''لگا'' یا ''لگے'' کے ساتھ کیا جاتا ہے۔''لگا'' مفرد کی صورت میں، اور ''لگے'' جمع کی صورت میں۔

قوله : ''بِكَفِّ ذُرَةٍ'' (ص:۴۳ سطر:۲) ذُرة یہ جوار کی طرح کا غلّہ ہوتا ہے۔ ہندی زبان میں اسے ''چینا'' کہتے ہیں۔[1]

قوله: ''بِكِسْرَة'' (ص:۴۳ سطر:۲) روٹی وغیرہ کا ٹکڑا۔

قوله : ''فَضِلَت فَضْلَةٌ'' (ص:۴۳ سطر:۳) پھر بھی تھوڑا سا بچ گیا۔ ''فَضِلَتْ'' میں ضاد کا کسرہ وفتحہ دونوں مستعمل ہیں، اور ''فَضْلَةٌ'' میں فاء مفتوح ہے۔

قوله: ''فَيُحْجَبَ عَنِ الْجَنَّةِ'' (ص:۴۳ سطر:۴)

یعنی ایسا نہ ہوگا کہ شہادتین بھی ہوں اور دُخولِ جنت سے محرومی بھی ہو، یعنی دونوں چیزیں جمع نہ ہوں گی۔

۱۳۹ - ''حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ...... (الٰی قوله)...... عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ قَالَ ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ قَالَ أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ ،وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، وَأَنَّ عِيْسٰى عَبْدُ اللّٰهِ وَابْنُ أَمَتِهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِنْهُ ،وَأَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ ،وَأَنَّ النَّارَ حَقٌّ ،أَدْخَلَهُ اللّٰهُ مِنْ أَىِّ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ شَاءَ .'' (ص:۴۳ سطر:۴ تا ۶)

قوله : ''حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ .... الخ'' (ص:۴۳ سطر:۴)''رُشيد'' بضم الراء وفتح الشين۔

اِن احادیث سے جهمية اور مرجئة کا ردّ ہو رہا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ اقرار باللسان دخولِ جنت کا ایک ذریعہ ہے۔

سوال:- کیا اقرار باللسان میں اِن چیزوں کا اقرار بھی ضروری ہے، یعنی الجنّة حق، والنّار حق، وان عیسٰی عبداللہ وابن أمَتہ، وَكَلِمَتُهُ ألقاها الٰی مریم ورُوح منه - اِن چیزوں کا اقرار ضروری ہے یا نہیں؟

جواب:- اِس میں تفصیل ہے، وہ یہ کہ عام حالات میں تو اِن چیزوں کا اقرار شرطِ

(۱) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۷۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایمان نہیں، البتہ اگر عیسائی مسلمان ہوگا تو اسے "ان عیسیٰ عبداللہ" کا اقرار کرنا ہوگا، اسی طرح جو یہودی حضرت عزیرؑ کو ابن اللہ مانتا تھا، اُس کو ربوبیتِ عزیرؑ سے براءت ظاہر کرنی ہوگی۔ اور بت پرستوں کو بتوں سے۔

قوله: "وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا" (ص:۴۳ سطر:۵)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مہد میں کلام کیا تھا، اِس وجہ سے مبالغۃً خود انہیں "کلمة" کہا گیا، جیسے: زید عدل۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کلمہ کہنے کی دوسری وجہ[۱] یہ ہوسکتی ہے کہ اُن کی ولادت خلافِ عادت کلمۂ کُنْ سے ہوئی، اگرچہ دوسرے انسان بھی کلمۂ کُنْ سے پیدا ہوتے ہیں، مگر اسبابِ عادیہ کے واسطے سے پیدا ہوتے ہیں، بخلاف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کہ ان کی ولادت اسبابِ عادیہ سے ماوراء ہوئی۔

قوله: "وَرُوْحٌ مِنْهُ" (ص:۴۳ سطر:۵)

یہاں "مِنْ" تبعیض کا نہیں ہے،[۲] ورنہ شرک ہوجائے گا، بلکہ یہ "مِنْ" ابتدائیہ ہے، یعنی یہ رُوح، اللہ جل شانہ کی طرف سے آئی ہے۔ یا "مِنْ" سببیہ ہے کہ یہ رُوح اللہ تعالیٰ کے ارادہ کی وجہ سے آئی ہے۔ اگرچہ ہر رُوح خواہ بواسطۂ اسبابِ عادیہ کے آئے من جانب اللہ ہی آتی ہے، اور اللہ تعالیٰ ہی کے ارادے سے آتی ہے، مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خصوصیت یہ ہے کہ ان کی رُوح بغیر سببِ عادی کے آئی، اس خصوصیت کو ظاہر کرنے کے لئے ان کو "رُوحٌ مِنْہ" فرمایا گیا۔[۳]

قوله: "أَدْخَلَهُ اللّٰهُ" (ص:۴۳ سطر:۶)

اگر اعمالِ صالحہ بھی ہیں یعنی مؤمنِ کامل ہے، تو جنت میں دُخولِ اوّلی ہوگا، اور اگر مؤمنِ عاصی ہے، اور اللہ تعالیٰ نے بخشش فرمادی تب بھی دُخولِ اوّلی ہوگا، اور بخشش نہ فرمائی تب بھی سزا بھگتنے کے بعد ایمان کی وجہ سے مآل کار دُخولِ جنت تو ضرور ہوگا۔

۱۴۰- "حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ...... (الٰی قوله)...... عَنْ عُمَيْرِ بْنِ هَانِئٍ، فِيْ هٰذَا الإِسْنَادِ بِمِثْلِهِ. غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ: أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ عَلٰى مَا

---

(۱) الدیباج ج:۱ ص:۱۵۹۔

(۲) فتح الملھم ج:۱ ص:۵۸۱۔

(۳) شرح النووی ج:۱ ص:۴۳، والمفھم ج:۱ ص:۲۰۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

كَانَ مِنْ عَمَلٍ . وَلَمْ يَذْكُرْ مِنْ أَيِّ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ شَاءَ ." (ص:۴۳ سطر:۷،۶)

قولہ: "عَلٰى مَا كَانَ مِنْ عَمَلٍ" (ص:۴۳ سطر:۷،۶)

اِس جملے کے تین مطلب ہوسکتے ہیں۔ ۱-علی بمعنیٰ مع کے ہو، أی مع ما کان من عمل۔ اس صورت میں مطلب ہوگا کہ ان کا عمل اچھا ہو یا بُرا ہر حال میں جنت میں جائیں گے، یعنی اگر اچھا ہوگا تو دُخولِ اَوّلی نصیب ہوگا، ورنہ اللہ تعالیٰ نے گناہ معاف نہ فرمائے تو سزا بھگتنے کے بعد جنت میں دُخول ہوگا۔

۲-علٰی سببیہ ہوتو اِس صورت میں معنیٰ یہ ہوں گے کہ اس کو جنت میں داخل کیا جائے گا، بسبب اُن اعمالِ صالحہ کے جو وہ کرتا تھا۔ ۳-کا تیسرا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ اس کے اعمال میں جس عمل کا غلبہ ہوگا اُس کی وجہ سے اُسی کے مطابق اس کا اکرام ہوگا،[1] مثلاً: اگر روزوں کا غلبہ ہے تو دُخولِ جنت باب الریّان سے ہوگا، وغیرہ۔

۱٤۱- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ ......(الٰی قولہ)......عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، أَنَّهُ قَالَ دَخَلْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ فِي الْمَوْتِ، فَبَكَيْتُ. فَقَالَ: مَهْلاً لِمَ تَبْكِيْ؟ فَوَاللّٰهِ، لَئِنِ اسْتُشْهِدْتُ لَأَشْهَدَنَّ لَكَ ، وَلَئِنِ شُفِّعْتُ لَأَشْفَعَنَّ لَكَ، وَلَئِنِ اسْتَطَعْتُ لَأَنْفَعَنَّكَ، ثُمَّ قَالَ: وَاللّٰهِ، مَا مِنْ حَدِيْثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكُمْ فِيْهِ خَيْرٌ إِلَّا حَدَّثْتُكُمُوْهُ. إِلَّا حَدِيْثًا وَاحِدًا، وَسَوْفَ أُحَدِّثُكُمُوْهُ الْيَوْمَ، وَقَدْ أُحِيْطَ بِنَفْسِيْ. سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ شَهِدَ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ." (ص:۴۳ سطر:۷تا۹)

قولہ: "قَالَ دَخَلْتُ" (ص:۴۳ سطر:۷) یہ صُنابحی کہہ رہے ہیں کہ میں عبادۃ بن الصامت کے پاس داخل ہوا۔

قولہ: "وَلَئِنْ شُفِعْتُ" (ص:۴۳ سطر:۸)

معلوم ہوا کہ غیر انبیاء کے لئے بھی سفارش کا امکان ہے، بلکہ دوسری روایات میں شفاعت کی تصریح موجود ہے، مثلاً حافظِ قرآن کا اپنے گھر کے لوگوں کے لئے، اور جو بچہ

(۱) فتح الملہم ج:۱ ص:۵۸۲،۵۸۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

طفولیت میں مرگیا ہو اُس کا اپنے والدین کے لئے شفاعت کرنا احادیث سے ثابت ہے۔

قوله: "لَأنفَعَنَّکَ" (ص:۴۳ سطر:۸)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ چاہیں تو اَموات سے بھی اَحیاء کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں، یعنی عقلاً و شرعاً اِمکان ہے، اس سے معلوم ہوا کہ جب اِمکان ہے تو یہ کہنا جائز ہے کہ یا اللہ! مجھے اس بزرگ (میّت کی برکات) سے فائدہ عطا فرمادے۔ قبور پر برکت حاصل کرنے کے لئے جانا ہمارے بزرگوں سے ثابت ہے، معطی تو اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ دوا سے، پتھر سے، شربت سے، فائدہ پہنچا سکتا ہے تو کیا وہ قادرِ مطلق کسی اللہ والے بزرگ کے ذریعہ فائدہ نہیں پہنچا سکتا؟!

مگر بہرحال یہ لازم ہے کہ معطیٔ حقیقی صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی کو جانے اور مانے۔

قوله: "وَقَدْ أُحِيْطَ بِنَفْسِيْ" (ص:۴۳ سطر:۹)

یعنی موت نے میری جان کا اِحاطہ کرلیا ہے، یعنی اب موت کا وقت بالکل قریب ہے۔

اب تک یہ حدیث نہیں سنائی تھی، کسی خاص مصلحت کی وجہ سے، (غالبًا وہ مصلحت یہ تھی کہ اس حدیث میں جو بشارت دی گئی ہے، لوگ اس کے محض ظاہری معنی پر مطمئن ہوکر عمل سے غافل نہ ہوجائیں) لیکن اب سنا رہا ہوں تاکہ "بَلِّغوا عني ولو آية" پر عمل ہوجائے اور کتمانِ علم لازم نہ آئے۔

قوله: "حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّار" (ص:۴۳ سطر:۹)

بہ ظاہر یہ حدیث مرجئة کی دلیل ہے، امامِ مسلمؒ نے جو کتاب الایمان کی ترتیب رکھی ہے، یہ ایک خاموش مناظرہ ہے، ایسی حدیثیں بھی لاتے ہیں جن سے باطل فرقوں نے اپنے عقیدے پر استدلال کیا ہے، مگر ساتھ ہی وہ حدیثیں بھی لاتے ہیں جن سے اُن کے استدلال اور شبہات کا ازالہ ہوجاتا ہے۔ مرجئة کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ "النّار" میں الف لام عہدِ خارجی کا ہے، اس سے مراد النار المُعَدَّةُ للكفار یعنی "نارُ الخلود" ہے، یعنی خلود في النّار کفّار کو ہوگا، مؤمن کو نہ ہوگا، والله أعلم، اور بھی کئی جوابات دیئے گئے ہیں۔[1]

حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب رحمہ اللہ نے اس کا جواب یوں دیا ہے کہ

---

(۱) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۸۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہاں کلمۂ طیبہ کی تأثیر کو بیان کیا گیا ہے، لیکن کسی چیز کی تأثیر دو چیزوں پر موقوف ہوتی ہے:
۱- شرائط کے وجود پر، ۲- موانع کے ارتفاع پر۔

کلمۂ طیبہ کی تأثیرِ اصلی یہی ہے کہ اس کی وجہ سے ہر قسم کی نارِ جہنم بالکلیہ حرام ہوجائے، لیکن اس کی یہ تأثیر اُس وقت ظاہر ہوگی جب اس کی شرائط پائی جائیں (کلمۂ طیبہ کے مطابق اعمالِ صالحہ بھی ہوں) اور موانع کا ارتفاع ہو (گناہوں سے بچنے کا اہتمام ہو)۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے طب کی کتابوں میں دواؤں کی تأثیر لکھی ہوتی ہے کہ فلاں دواء فلاں مرض کا علاج ہے اور فلاں دواء فلاں مرض کا ازالہ کرتی ہے، لیکن اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ان دواؤں کا اثر اور نفع اُسی وقت ہوگا جب ان کا استعمال طبّی شرائط کے مطابق اور پرہیز کے ساتھ ہو۔

فائدہ:- حضرت عُبادۃ بن صامت رضی اللہ عنہ نے زندگی بھر یہ حدیث لوگوں کو نہیں سنائی کہ کہیں لوگ اس کا ظاہری مفہوم مراد لے کر اعمالِ صالحہ ترک نہ کردیں، لیکن عندالموت کتمانِ علم کے خوف سے بعض لوگوں کے سامنے اس کو بیان کردیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ عالمِ دین کو ایسی بات عوام کے سامنے نہیں کرنی چاہیے جس سے وہ غلط فہمی کا شکار ہوجائیں، اگرچہ وہ بات فی نفسہ حق ہو۔

۱۴۲ -" حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ الْأَزْدِيُّ...... (الٰی قوله)...... عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَيْسَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ إِلَّا مُؤْخِرَةُ الرَّحْلِ، فَقَالَ: يَا مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ. قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ. ثُمَّ سَارَ سَاعَةً. ثُمَّ قَالَ: يَا مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ. قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ. ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: يَا مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ. قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ. قَالَ: هَلْ تَدْرِيْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ؟ قَالَ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: فَإِنَّ حَقَّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ أَنْ يَعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا. ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: يَا مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ. قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ. قَالَ: هَلْ تَدْرِيْ مَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ إِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ؟ قَالَ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: أَنْ لَا يُعَذِّبَهُمْ."

(ص:۴۴ سطر:۱ تا ۴)

قوله: "رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" (ص:۴۴ سطر:۱)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سوار کے پیچھے جو بیٹھتا ہے اُسے ردیف بھی کہتے ہیں اور رِدْف بھی۔[1]

قوله: "مُؤْخِرَةُ الرَّحْلِ" بضم الميم وبعدها همزة ساكنة ثم خاء مكسورة، هذا هو الصحيح. (ص:۴۴ سطر:۱)

رحل (کجاوے) کی لکڑی جو سوار کے پیچھے ہوتی ہے۔[2]

قوله: "يا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ" (ص:۴۴ سطر:۱)

یہاں معاذ کو مضموم پڑھنا بھی جائز ہے اور مفتوح بھی، والفتح أشهر وأرجح، اور "بن" بالاتفاق منصوب ہی ہے۔ (نووی[3]) کیونکہ وہ مضاف ہے، اور معاذ کے مفتوح ہونے کی وجہ "النحو الوافی" میں بیان کردہ ایک نحوی قاعدے سے یہ معلوم ہوتی ہے کہ جب منادیٰ اسم مفرد اور اُس کی صفت ابن ہو جو اُس منادیٰ کے اَب کی طرف یا اَب کی کنیت کی طرف مضاف ہو تو اس صورت میں منادیٰ اور اس کی یہ صفت اسمِ واحد کے حکم میں ہوتی ہے، تو جب صفت منصوب ہے تو موصوف بھی منصوب ہوگا۔[4]

سوال یہ ہے کہ نداء کی کیا ضرورت تھی جبکہ معاذ بالکل قریب تھے، کوئی تیسرا بھی موجود نہ تھا؟ جواب یہ ہے کہ پوری طرح متوجہ کرنے کے لئے نام لے کر نداء دی۔

یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کا خاص انداز ہے کہ جب کسی مہتمّ بالشان چیز کو بیان کرنا مقصود ہوتا تو سامع کو مکمل طور پر متوجہ کرنے کے لئے مختلف انداز اختیار فرماتے تھے۔ یہاں تین مرتبہ نداء دی، اگرچہ پہلی ہی نداء میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ متوجہ ہو گئے تھے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نداء دے کر خاموشی اختیار فرمائی، پھر نداء دی اور اسی طرح تین مرتبہ کیا تاکہ ہمہ تن گوش ہونے کے ساتھ ان کے اندر آئندہ بیان ہونے والی بات کو سننے کا اشتیاق پیدا ہو، اس لئے کہ جو چیز شوق اور توجہ سے سنی جائے وہ أوقع في النفس ہوتی ہے، پھر تین مرتبہ ندا دینے کے بعد بھی فوراً کوئی بات نہیں بتلائی، بلکہ اَوّلاً سوال کیا، یہ مزید توجہ مبذول کروانے کے لئے تھا، اور اس پورے اندازِ کلام سے یہ اشارہ فرمانا مقصود تھا کہ آگے تم کو

(۱) المعجم الوسيط ج:۱ ص:۳۳۹۔

(۲) المعجم الوسيط ج:۱ ص:۳۳۵ وشرح النوويؒ ج:۱ ص:۴۴۔

(۳) ج:۱ ص:۴۴۔

(۴) النحو الوافي، باب النداء ص:۳۴۵۔ (من الأستاذ حفظهم الله)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جو بات بتائی جائے گی وہ بہت اہم ہے، اُسے معمولی نہ سمجھا جائے۔

قوله: "أَنْ يَعْبُدُوْهُ وَلاَ يُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا" (ص:۴۴ سطر:۳)

شیئًا میں دو احتمال ہیں،(۱) ۱-ایک یہ کہ یہ مفعول بہٖ ہو لا یشرکوا کا۔ ۲-دوسرا یہ کہ یہ مفعولِ مطلق ہو، اس صورت میں مضاف محذوف ہوگا۔ اور تقدیرِ عبارت ہوگی: "لا یشرکوا بہٖ اِشراکَ شیءٍ۔" یعنی اللہ کے ساتھ کسی بھی قسم کا شرک نہ کریں، اس دوسری صورت میں شرک کی تمام اَقسام کی نفی ہوگی، جبکہ پہلی صورت میں اصل شرک ہی کی نفی ہوگی اقسامِ شرک سے سکوت ہوگا۔

یہاں بظاہر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اسلامی تعلیمات کی پانچ بڑی بڑی قسمیں ہیں: ۱-اعتقادات، ۲-عبادات، ۳-معاملات، ۴-معاشرت، ۵-اخلاقِ باطنہ۔ اِن میں عبادات کلِ دین کا پانچواں حصہ ہیں اور اللہ کا حق تو بندوں پر یہ ہے کہ بندے پورے دین پر عمل کریں، نہ کہ صرف عبادات کو بجا لائیں، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف عبادات کا ذکر کیوں فرمایا؟

اس کے دو جواب ہوسکتے ہیں:-

۱-عبادات بمعنی الطاعات ہیں، اور طاعت کے معنیٰ ہیں اَوامر کو بجالانا اور نواہی سے اِجتناب، لہٰذا یہ پورے دین کو شامل ہوگئیں۔(۲)

۲-عبادات ہی مراد ہیں، اس لئے کہ اصل مقصود ہی انسان کی تخلیق کا عبادات ہیں، لقوله تعالىٰ: "وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ"۔(۳) بقیہ چیزیں مقصود بالذات نہیں بلکہ مقصود کا ذریعہ ہیں، لیکن چونکہ یہ عبادات کے ذرائع اور لوازم میں سے ہیں اس لئے ضمناً وہ بھی اس میں آگئیں، کیونکہ ضابطہ ہے کہ: "اذا ثبت الشيء ثبت بلوازمه."

اِس جواب سے اِس نظریہ کی تردید ہوگئی کہ اسلام میں اصل مقصود اسلامی حکومت کا قیام ہے، عبادات وغیرہ اِس مقصود کے لئے صرف بطورِ ذریعہ کے فرض کی گئی ہیں، سیّد ابوالاعلیٰ مودودی صاحب مرحوم کی بعض تحریروں سے اُن کا نظریہ یہی معلوم ہوتا ہے۔(۴) اس حدیث سے اِس نظریہ کی تردید ہوتی ہے۔

(۱) الدیباج ج:۱ ص:۱۲۳۔ (۲) فتح الملهم ج:۱ ص:۵۸۶۔ (۳) الذّٰریٰت آیت:۵۶۔

(۴) اس کی تفصیل پیچھے "باب بیان ارکان الاسلام و دعائمه العظام" کے تحت گزر چکی ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱۴۳۔ "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الیٰ قوله)... عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى حِمَارٍ يُقَالُ لَهُ عُفَيْرٌ. قَالَ: فَقَالَ: يَا مُعَاذُ! تَدْرِيْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ وَمَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ؟ قَالَ قُلْتُ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: فَإِنَّ حَقَّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ أَنْ يَعْبُدُوْا اللّٰهَ وَلَا يُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئاً، وَحَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ لَا يُعَذِّبَ مَنْ لَا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئاً. قَالَ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَلَا أُبَشِّرُ النَّاسَ؟ قَالَ: لَا تُبَشِّرْهُمْ فَيَتَّكِلُوْا"

(ص:۴۴ سطر:۴ تا ۷)

قوله: "عَلٰى حِمَارٍ" (ص:۴۴ سطر:۵)

سوال:- پچھلی روایت میں مؤخرۃ الرَّحل کا ذکر ہے، اور رَحْل اُونٹ پر ہوتا ہے، معلوم ہوا کہ سواری اُونٹ پر تھی جبکہ اس حدیث میں "علٰی حمار" ہے، یعنی حمار پر سواری تھی، یہ بظاہر تعارض ہے۔

جواب:- حدیث میں یہ تصریح نہیں ہے کہ اُونٹنی پر سواری تھی بلکہ "مؤخرۃ الرحل" کا ذکر ہے، اور مراد "قدرُ مؤخِرَۃ الرحل" ہے، جس سے فاصلہ کی قلتِ مقدار بتلانا مقصود ہے، اگرچہ سواری حمار پر ہی تھی۔(۱)

قوله: "فَيَتَّكِلُوْا" (ص:۴۴ سطر:۷)

وہ اس بشارت پر بھروسہ کر کے بیٹھ جائیں گے اور عمل میں سست ہو جائیں گے۔

نصبی حالت میں نونِ جمع متکلم گر گیا ہے، اس لئے "فیتکلوا" ہوا۔

۱۴۴۔ "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ... (الیٰ قوله)... عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مُعَاذُ! أَتَدْرِيْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ؟ قَالَ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: أَنْ يُعْبَدَ اللّٰهُ وَلَا يُشْرَكَ بِهٖ شَيْءٌ، قَالَ: أَتَدْرِيْ مَا حَقُّهُمْ عَلَيْهِ إِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: أَنْ لَا يُعَذِّبَهُمْ."

(ص:۴۴ سطر:۷ تا ۹)

قوله: "مَا حَقُّهُمْ عَلَيْهِ" (ص:۴۴ سطر:۹)

(۱) وفي المفهم ج:۱ ص:۲۰۲، ۲۰۳، الرحل للبعير كالسرج للفرس والاكاف للحمار .... ان كانت هاتان الروايتان قضية واحدة فقد تجوز بعض الرواة في تسمية الاكاف رحلاً، والله أعلم.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ مشہور مسئلہ ہے جو اہلِ سنت والجماعت اور معتزلہ کے درمیان مختلف فیہ ہے، اہلِ سنت والجماعت کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر کوئی چیز واجب نہیں، معتزلہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر عقل کی مطابقت اور اَصلح کی رعایت واجب ہے۔[1] گویا معتزلہ نے اللہ تعالیٰ پر عقل کو حاکم قرار دیا، اس حدیث سے بظاہر معتزلہ کی تائید ہوتی ہے، کیونکہ یہاں ارشاد یہ ہے کہ **حق العباد علی اللہ ان لا یعذبھم۔**

جواب یہ ہے کہ واجب کے لئے موجب کا ہونا تو ضروری ہے، لیکن وہ موجب عقل نہیں بلکہ خود اللہ تعالیٰ ہی موجب ہے، یعنی خود اللہ تعالیٰ نے جس طرح اپنے اُوپر اور بھی کئی چیزوں کو واجب کر رکھا ہے، مثلاً خلافِ وعدہ نہ کرنے کو واجب کر رکھا ہے، ہر جاندار کا رزق اپنے ذمہ لے رکھا ہے، "وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا"۔[2] اسی طرح ایسے لوگوں کو عذاب نہ دینا بھی اپنے اُوپر واجب فرمالیا ہے۔

۱۴۶ - "حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ ... (الیٰ قوله)... حَدَّثَنِيْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كُنَّا قُعُوْدًا حَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَعَنَا أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ فِيْ نَفَرٍ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْنِ أَظْهُرِنَا فَأَبْطَأَ عَلَيْنَا، وَخَشِيْنَا أَنْ يُقْتَطَعَ دُوْنَنَا، وَفَزِعْنَا فَقُمْنَا، فَكُنْتُ أَوَّلَ مَنْ فَزِعَ، فَخَرَجْتُ أَبْتَغِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى أَتَيْتُ حَائِطًا لِلْأَنْصَارِ لِبَنِي النَّجَّارِ، فَدُرْتُ بِهٖ هَلْ أَجِدُ لَهٗ بَابًا، فَلَمْ أَجِدْ، فَإِذَا رَبِيْعٌ يَدْخُلُ فِيْ جَوْفِ حَائِطٍ مِنْ بِئْرٍ خَارِجَةٍ (وَالرَّبِيْعُ الْجَدْوَلُ) فَاحْتَفَزْتُ كَمَا يَحْتَفِزُ الثَّعْلَبُ، فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَبُوْ هُرَيْرَةَ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. قَالَ: مَا شَأْنُكَ. قُلْتُ: كُنْتَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا، فَقُمْتَ فَأَبْطَأْتَ عَلَيْنَا، فَخَشِيْنَا أَنْ تُقْتَطَعَ دُوْنَنَا، فَفَزِعْنَا، فَكُنْتُ أَوَّلَ مَنْ فَزِعَ، فَأَتَيْتُ هٰذَا الْحَائِطَ، فَاحْتَفَزْتُ كَمَا يَحْتَفِزُ الثَّعْلَبُ، وَهٰؤُلَاءِ النَّاسُ وَرَائِيْ، فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! وَأَعْطَانِيْ نَعْلَيْهِ قَالَ: اذْهَبْ بِنَعْلَيَّ هَاتَيْنِ. فَمَنْ لَقِيْتَ مِنْ وَّرَاءِ هٰذَا الْحَائِطِ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، مُسْتَيْقِنًا

(۱) شرح العقائد مع شرحہ النبراس ص:۲۰، ۲۱۔ والمفہم ج:۱ ص:۲۰۳۔

(۲) ھود آیت:۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بِهَا قَلْبُهُ، فَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ. فَكَانَ أَوَّلَ مَنْ لَقِيتُ عُمَرُ. فَقَالَ: مَا هَاتَانِ النَّعْلاَنِ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ؟ فَقُلْتُ: هَاتَيْنِ؟ نَعْلاَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنِيْ بِهِمَا، مَنْ لَقِيتُ يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ مُسْتَيْقِنًا بِهَا قَلْبُهُ بَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ. فَضَرَبَ عُمَرُ بِيَدِهِ بَيْنَ ثَدْيَيَّ، فَخَرَرْتُ لاِسْتِيْ، فَقَالَ: ارْجِعْ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ. فَرَجَعْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَجْهَشْتُ بُكَاءً، وَرَكِبَنِي عُمَرُ، فَإِذَا هُوَ عَلٰى أَثَرِيْ، فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ؟ قُلْتُ: لَقِيتُ عُمَرَ فَأَخْبَرْتُهُ بِالَّذِيْ بَعَثْتَنِيْ بِهِ، فَضَرَبَ بَيْنَ ثَدْيَيَّ ضَرْبَةً، خَرَرْتُ لاِسْتِيْ. قَالَ ارْجِعْ. فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُمَرُ! مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا فَعَلْتَ. قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ، أَبَعَثْتَ أَبَا هُرَيْرَةَ بِنَعْلَيْكَ، مَنْ لَقِيَ يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ مُسْتَيْقِنًا بِهَا قَلْبُهُ، بَشَّرَهُ بِالْجَنَّةِ؟ قَالَ: نَعَم. قَالَ: فَلاَ تَفْعَلْ، فَإِنِّيْ أَخْشٰى أَنْ يَتَّكِلَ النَّاسُ عَلَيْهَا فَخَلِّهِمْ يَعْمَلُوْنَ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَخَلِّهِمْ." (ص:۴۴ سطر:۱۰، ۱۱ وص:۴۵ سطر:۱ تا ۷ وص:۴۶ سطر:۱، ۲)

قولہ: "أَنْ يُقْتَطَعَ دُوْنَنَا" یعنی دشمن آپ کو ہم سے جدا کردیں۔ (ص:۴۵ سطر:۱)

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت تک آیت "وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ"[۱] نہیں اُتری تھی۔ اس حدیث سے ادب معلوم ہوا کہ تلامذہ اور مریدین کو اپنے اساتذہ اور شیوخ سے وابستہ رہنا چاہئے اور اُن سے باخبر رہنا چاہئے (لیکن یہ بھی نہیں کہ ہر وقت ساتھ لگا رہے جس سے ان کو تکلیف ہو)۔

قولہ: "فَكُنْتُ أَوَّلَ مَنْ فَزِعَ" (ص:۴۵ سطر:۱) تحدیث بالنعمة کے طور پر بتلایا۔

قولہ: "حَائِطًا" (ص:۴۵ سطر:۲)

دراصل حائط، جدار (دیوار) کو کہتے ہیں، لیکن بُستان کو بھی حائط کہہ دیتے ہیں، اس لئے کہ اس کی بھی صرف دیواریں ہوتی ہیں بغیر چھت کے۔[۲]

قولہ: "لِبَنِي النَّجَّارِ" (ص:۴۵ سطر:۲)

(۱) المائدة آیت:۶۷۔

(۲) الدیباج ج:۱ ص:۱۶۲ وفتح الملهم ج:۱ ص:۵۹۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لبنی النجار بدل ہے للأنصار سے، یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ننھیال تھے۔

قولہ: "هَلْ أَجِدُ لَهُ بَابًا" (ص:۴۵ سطر:۲) أي قائلاً في نفسي هَل أجدُ لهُ بابًا.

تلاش کے باوجود حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو دروازہ نظر نہیں آیا، بظاہر اس کی دو وجہیں ہوسکتی ہیں:-

۱- پریشانی اور جلدی کے عالَم میں تھے، ایسی حالت میں عموماً دیکھنے میں قصور ہوجاتا ہے۔[۱]

۲- باغات کے دروازے معروف ہیئت کے نہیں ہوتے بلکہ دیوار یا جھاڑیوں وغیرہ کے درمیان خلا پیدا کرکے نباتات ہی کی کسی چیز سے دروازہ سا بنالیا جاتا ہے، اس انداز کے دروازے کا پتہ لگانا عموماً ذرا مشکل ہوتا ہے۔

قولہ: "اَلْجَدْوَلُ" (ص:۴۵ سطر:۲) کھیت کو سیراب کرنے والی بڑی نالی۔

قولہ: "بیرِ خارجة" (ص:۴۵ سطر:۲)

اس میں تین اِحتمال ہیں:-

۱- بئرٍ خارجةٍ یہ صفت ہو بئرٍ کی، یعنی ایسا کنواں جو باغ سے باہر تھا۔

۲- بئرٍ خارِجَهُ کہ مفعول فیہ ہو، یعنی من بیر واقعةٍ فِی خارِجِهٖ۔

۳- بیرِ خارِجَةَ کہ بیر مضاف ہو اور اس کا مضاف الیہ خارجة ہو اور خارجة ایک آدمی کا نام تھا، ممکن ہے کسی وجہ سے یہ کنواں اس کی طرف منسوب ہو۔[۲]

قولہ: "الرَّبِيْعُ الْجَدْوَلُ" (ص:۴۵ سطر:۲)

یہ راوی کا اِدراج ہے برائے تفسیر۔[۳]

قولہ: "فَاحْتَفَزْتُ" (ص:۴۵ سطر:۲)

پس میں سکڑ گیا، سمٹ گیا۔

قولہ: "فَقَالَ: أَبُوْ هُرَيْرَةَ؟" (ص:۴۵ سطر:۳)

---

(۱) الحل المفهم ج:۱ ص:۳۰۔

(۲) شرح النووی ج:۱ ص:۴۵ والدیباج ج:۱ ص:۱۶۳۔

(۳) الدیباج ج:۱ ص:۱۶۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"قال" کی ضمیرِ فاعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف راجع ہے۔ لفظِ "أبو هريرة" سے پہلے مبتداء اور حرفِ استفہام محذوف ہے، یعنی "أأنت أبو هريرة؟" اور پھر ہوسکتا ہے کہ یہ استفہام اس لئے ہو کہ اس وقت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کسی حائل کی وجہ سے پوری طرح نظر نہ آئے ہوں، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ استفہامِ تعجب ہو کہ ابوہریرہ یہاں کیسے پہنچ گئے؟[1] حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے جواب "نعم" سے پہلی صورت کی زیادہ تائید ہوتی ہے، واللہ أعلم۔

قوله: "كُنْتَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا" (ص:۴۵ سطر:۳)

آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہمارے درمیان تھے۔

قوله: "فَأَبْطَأْتَ عَلَيْنَا" (ص:۴۵ سطر:۳)

آپ نے ہمارے پاس آنے میں تاخیر فرمائی۔ دیکھو! حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کیسے کلام کو لمبا کیا، بلاغت کی اصطلاح میں اسے "تطویل الکلام مع المحبوب استلذاذًا" کہتے ہیں۔[2] اس کی مثال تم مختصر المعانی میں یہ پڑھ چکے ہو: "وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يٰمُوسٰى ۝ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ أَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرٰى ۝"[3]

قوله: "وَأَعْطَانِي نَعْلَيْهِ" (ص:۴۵ سطر:۴) یہ نوازش بطورِ علامت کے فرمائی گئی۔

قوله: "يَشْهَدُ .... الخ" (ص:۴۵ سطر:۴) مراد پورا کلمہ ہے۔

یہاں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو کئی اعزازات نصیب ہوئے۔

۱- سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی ملاقات ہوگئی۔

۲- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنا قاصد بنایا۔

۳- قاصد اور ایلچی بھی بشارت بالجنّۃ کا بنایا۔

۴- اہمیت کی خاطر بہ طور علامت اور سند کے اپنے نعلینِ مبارکین عطا فرمائے۔

عہدِ رسالت میں چونکہ پڑھنے لکھنے کا رواج کم تھا، اس لئے اہم پیغام کے ساتھ کوئی نشانی دی جاتی تھی، جیسا کہ آج بھی جب غیر ملکی سفیر آتا ہے تو اپنی اسنادِ سفارت پیش کرتا ہے۔

(۱) مرقاۃ ج:۱ ص:۲۰۴۔

(۲) مختصر المعانی، أحوال المسند اليه ص:۶۸۔ (۳) طٰہٰ آیت:۱۷، ۱۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "فَكَانَ أَوَّلَ مَنْ لَقِيتُ عُمَرَ" (ص:۴۵ سطر:۵)

عمرَ کو منصوب، مرفوع دونوں پڑھ سکتے ہیں، اگر منصوب ہو تو خبرِ کانَ، اور اگر مرفوع ہو تو اسمِ کانَ ہوگا۔

قولہ: "هَاتَيْنِ؟ نَعْلاَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" (ص:۴۵ سطر:۵)

یہ ایک جملہ نہیں، بلکہ دو جملے ہیں، پہلا جملہ "هاتين؟" استفہامیہ ہے، اور تقدیرِ عبارت اس کی یہ ہے کہ: "أتعني هاتين؟" اور دوسرا جملہ "نعلا رسول الله صلى الله عليه وسلم" خبریہ ہے، اور اس کا مبتداء "هُما" محذوف ہے، أي "هما نعلا رسول الله صلى الله عليه وسلم"۔[1]

قولہ: "بَيْنَ ثَدْيَيَّ" (ص:۴۵ سطر:۶) میرے سینے کے بیچوں بیچ۔

قولہ: "فَخَرَرْتُ لِاسْتِيْ" (ص:۴۵ سطر:۶)

میں دُبر کے بل گر پڑا، دراصل حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سوچا ہوگا کہ اس وقت تو ابوہریرہؓ کے ہاتھ میں نعلینِ مبارکین کا تاج ہے، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایلچی ہیں، اب میری بات آسانی سے نہ مانے گا، اس لئے بہ ظاہر رعب ڈالنے کے لئے ہاتھ مارا۔

قولہ: "فَأَجْهَشْتُ بُكَاءً" (ص:۴۵ سطر:۶) میں رونی حال ہو کر چل پڑا۔

اِجھاش اس کو کہتے ہیں کہ کسی کے پاس فریاد لے کر جائے اور رونی حال ہو، مگر ابھی رویا نہ ہو۔[2]

قولہ: "أَثَرِی" (ص:۴۵ سطر:۶) اس کو دو طرح پڑھ سکتے ہیں:-

۱- إثْري بكسرة الهمزة وسكون الثاء.

۲- أَثَري بفتح الهمزة والثاء.[3]

قولہ: "مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا فَعَلْتَ. قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ!"

(ص:۴۵ سطر:۷، ص:۴۶ سطر:۱)

---

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۴۵ واکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۱۲۳ والدیباج ج:۱ ص:۱۲۴۔

(۲) معجم الوسیط ج:۱ ص:۱۴۳ و الفائق فی غریب الحدیث ج:۱ ص:۲۴۹۔

(۳) شرح النووی ج:۱ ص:۴۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اِس میں یہ تعلیم ہے کہ کسی کی شکایت پر کوئی اقدام کرنے سے پہلے معاملہ کی تحقیق کرلینی چاہئے، اور جس کی شکایت کی گئی ہے اُسے اپنی صفائی کا موقع دینا چاہئے۔

قولہ: "بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ" (ص:۴۶ سطر:۱)

یہاں جار مجرور کا تعلق "مَفْدِيٌّ" محذوف سے ہے، یعنی "أنتَ مَفْدِيٌّ بأبي وأُمّي"۔[1]

اس کا لفظی ترجمہ یوں ہے: "آپ کا فدیہ ادا کردیا جائے میرے باپ اور ماں کے ذریعہ سے"، معنیٰ یہ ہیں کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اِس جملہ میں اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ میں نے جو کچھ کیا اس کا منشاء نافرمانی ہرگز نہیں، بلکہ ایک مصلحت پیشِ نظر ہے (جو آگے خود ہی بیان کردی)۔

چند سوالات اور اُن کے جوابات

مذکورہ حدیث سے چند سوالات پیدا ہوتے ہیں:-

۱- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو کیوں مارا، حالانکہ وہ جانتے تھے کہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرستادہ ہیں؟

اِس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مقصد ایذاء پہنچانا نہیں تھا، بلکہ آگے جانے سے روکنا تھا، اور وہ جانتے تھے کہ زبانی منع کرنے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ باز نہیں آئیں گے، اس لئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بات پر ترجیح حاصل ہے، لیکن روکنا بھی ضروری تھا، کیونکہ ایک اور اہم مصلحت پیشِ نظر تھی، اس لئے ایسا کیا۔

نیز ظاہر یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اِس قدر زور سے نہ مارا ہوگا کہ وہ گر پڑیں، لیکن حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ خوف اور گھبراہٹ کی وجہ سے گر گئے، کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا رُعب بہت تھا۔

۲- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی خلاف ورزی کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرما رہے ہیں کہ "جاؤ" اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ "نہ جاؤ" اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی سے کیسے صادر ہوئی؟

---

(۱) وفي الديباج (ج:۱ ص:۱۶۴): "بأبي أنت وأُمّي: أفديك أو أنت مفديّ."

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اِس کا جواب یہ ہے کہ یہاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا منشاء نافرمانی ہرگز نہیں، بلکہ تھوڑی دیر کے لئے مہلت حاصل کرنا تھا تا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر اپنی تجویز پیش کرسکیں۔

مزید برآں یہ کہ اِس مسئلے میں آپؓ کی رائے وہی تھی جو معاذ بن جبلؓ کے واقعہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے تھی۔ شاید اِسی کی طرف اشارہ کرنے کے لئے امام مسلمؒ نے حدیثِ معاذ بن جبلؓ کے واقعے کو پہلے ذکر فرمایا۔[1]

۳- جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے بھی یہی تھی تو آپ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو نعلینِ مبارکین عطا فرما کر اعلان کرنے کے لئے کیوں بھیجا؟

اس کے درج ذیل جوابات ہیں:-

۱- چونکہ اُس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نئی نئی خوشخبری ملی تھی، اور اُس وقت مسلمانوں کے دِل ٹوٹے ہوئے اور آخرت کی فکر میں ڈوبے ہوئے تھے، ادھر فقر و فاقہ کی حالت تھی اور آئے دن دُشمنوں سے جہاد کی نوبت آتی تھی، اُن کی تسلی کے لئے اپنی شانِ رحمت کے مطابق بشارت کا حکم دیا،[2] لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رائے پیش کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سابقہ رائے کی طرف رجوع فرمالیا۔

۲- ناچیز کی فہمِ ناقص میں ایک جواب اور آتا ہے، وہ یہ کہ روایتِ حضرت ابوہریرہؓ کے الفاظ پر غور کریں، یہاں بشارت کے لئے مَنْ وجدتَ وراءَ هذا الحائط کی تخصیص ہے اور ابوہریرہؓ پہلے ہی عرض کرچکے تھے کہ "هؤلاء الناس وراءی" جن میں ابوبکرؓ و عمرؓ اور دیگر صحابہ کرامؓ شامل تھے، اور ظاہر ہے کہ وہ بھی عامۃ الناس نہیں بلکہ فقہاء تھے، منشاءِ نبوی کو اچھی طرح جاننے والے تھے، اگرچہ بشارت کے الفاظ میں عموم تھا لیکن حقیقت میں مراد "هؤلاء الناس" تھے، جب اُن کو خبر ہوگئی تو مقصود حاصل ہوگیا، اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ کی تجویز سے اتفاق کرکے اپنی اصل رائے پر عمل فرمایا۔

قوله: "فَإِنِّيْ أَخْشٰى" (ص:۴۶ سطر:۱)

اِس سے ادب معلوم ہوا کہ بڑے کا حکم اگر کسی مصلحت کے خلاف محسوس ہو تو ادب

---

(۱) اکمال المعلم ج:۱ ص:۲۶۴ ومرقاۃ ج:۱ ص:۲۰۵۔

(۲) مرقاۃ ج:۱ ص:۲۰۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کے ساتھ خیر خواہانہ مشورہ دے دینا چاہئے۔ لیکن یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ اپنے مشورہ پر اِصرار اور ضد کرنا ادب کے خلاف ہے، جب بڑا دلائل سننے کے بعد کوئی فیصلہ کردے جو تمہاری رائے کے خلاف ہو تو اُس وقت ادب یہ ہے کہ سرِ تسلیم خم کردیا جائے۔

قوله: "فَخَلِّهِمْ يَعْمَلُونَ..... الخ" (ص:۴۶ سطر:۱)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس مشورے کو قبول فرما کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "فَخَلِّهِمْ" اور حضرت عمرؓ نے جو عمل حضرت ابوہریرہؓ کے ساتھ کیا تھا، اُس پر کوئی نکیر نہیں فرمائی، اِن دو وجوہ سے اُن تمام اعتراضات کی جڑ کٹ جاتی ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر اس واقعے کی بناء پر پڑتے تھے، اگرچہ ہم نے پیچھے ہر اعتراض کا الگ الگ جواب بھی دے دیا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد "فخلّهم" کی بناء پر آج بھی خطباء کے لئے یہی حکم ہے کہ عوام کو ایسی احادیث یا تو سنائیں نہیں یا اگر سنائیں تو توجیہات اور ضروری قیود و شرائط بھی بیان کردیں تاکہ لوگ عمل میں سست نہ ہوجائیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو عمل حضرت ابوہریرہؓ کے ساتھ فرمایا اس کی ایک توجیہ یہ ہوسکتی ہے کہ مبتدی اور منتہی طلبہ میں نسبت تقریباً وہی ہوتی ہے، جو اُستاذ اور شاگرد میں ہوتی ہے۔ چنانچہ اگر کوئی منتہی طالبِ علم، مبتدی طالبِ علم کو کچھ تادیب کرے (جبکہ مبتدی اُسے اُستاذ کا درجہ دیتا ہو) تو اُسے بُرا نہیں سمجھا جاتا۔ حضرت عمرؓ اور حضرت ابوہریرہؓ میں بھی یہی نسبت تھی، کیونکہ حضرت ابوہریرہؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے وطن یمن سے ۷ ھ میں آئے تھے، اور صغارِ صحابہؓ میں شمار ہوتے تھے، جبکہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا شمار کبار صحابہؓ میں ہے۔

۱۴۷- "حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ... (الیٰ قوله)... عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ رَدِيفُهُ عَلَى الرَّحْلِ، قَالَ: يَا مُعَاذُ!.... (الی قوله)... فَأَخْبَرَ بِهَا مُعَاذٌ عِنْدَ مَوْتِهِ تَأَثُّمًا."

(ص:۴۶ سطر:۲ تا ۴)

قوله: "يَا مُعَاذُ!" (ص:۴۶ سطر:۳)

امام مسلمؒ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا واقعہ یہاں دوبارہ بیان فرمایا، حالانکہ امام مسلمؒ کی صنیع یہ ہے کہ وہ ایک ہی مضمون کی روایات ایک ہی جگہ پر جمع فرماتے ہیں، لیکن یہاں ایسا نہیں کیا، جس سے شاید بطور تاکید کے اِس طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ حضرت عمر

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رضی اللہ عنہ کی رائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے موافق تھی، لہٰذا ان کا یہ اقدام نافرمانی نہیں۔

قوله: "فَأَخْبَرَ بِهَا مُعَاذٌ عِنْدَ مَوْتِهِ تَأَثُّمًا" (ص:۴۶ سطر:۴) أي اجتنابًا عن الاثم، یعنی کتمانِ علم کے گناہ سے بچنے کے لئے۔

جن صحابہؓ کو اس حدیث میں موجود بشارت کا علم تھا، تقریباً تمام صحابہؓ نے اپنی موت کے وقت ہی یہ حدیث سنائی، پہلے نہیں سنائی۔

علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے فتح الملہم میں اس کا ایک نکتہ یہ لکھا ہے[1] کہ موت سے ذرا پہلے یہ حدیث سنانے کا ایک مقصد یہ ہے کہ اُس وقت زندگی کا آخری کلمہ "لا الٰہ الا اللہ" ہوجائے، چنانچہ ایک واقعہ ابوحاتم کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ امام ابوزرعہؒ کی وفات کے وقت اُن کو کلمۂ طیبہ کی تلقین کے لئے اُن کے تلامذہ نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ آپس میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث کا ذکر کیا، ابوزرعہؒ نے یہ بات سنی تو سند بیان کرکے حضرت معاذؓ کی روایت کردہ وہ حدیث سنائی کہ: "قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: من کان آخر کلامه لا اله الا الله" حدیث کا اتنا ہی حصہ سنانے پائے تھے کہ رُوح پرواز کرگئی۔[2] "دخل الجنة" شاید فرشتوں نے کہا ہوگا۔

۱۴۸ - "حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ، قَالَ نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيْرَةِ قَالَ: ثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ، عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ. فَلَقِيْتُ عِتْبَانَ. فَقُلْتُ: حَدِيْثٌ بَلَغَنِيْ عَنْكَ. قَالَ: أَصَابَنِيْ فِيْ بَصَرِيْ بَعْضُ الشَّيْءِ، فَبَعَثْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّيْ أُحِبُّ أَنْ تَأْتِيَنِيْ تُصَلِّيَ فِيْ مَنْزِلِيْ، فَأَتَّخِذَهُ مُصَلًّى. فَأَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ شَاءَ اللّٰهُ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَدَخَلَ وَهُوَ يُصَلِّيْ فِيْ مَنْزِلِيْ وَأَصْحَابُهُ يَتَحَدَّثُوْنَ بَيْنَهُمْ، ثُمَّ أَسْنَدُوْا عُظْمَ ذٰلِكَ وَكِبْرَهُ إِلَى مَالِكِ بْنِ دُخْشُمٍ. قَالَ: وَدُّوْا أَنَّهُ دَعَا عَلَيْهِ فَهَلَكَ، وَوَدُّوْا أَنَّهُ أَصَابَهُ شَرٌّ، فَقَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ. وَقَالَ: أَلَيْسَ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّيْ

(۱) فتح الملہم ج:۱ ص:۵۹۸، ۵۹۹۔

(۲) الجرح والتعدیل ج:۱ ص:۳۴۵ وشعب الایمان للبیہقی ج:۶ ص:۵۴۶، رقم الحدیث: ۹۲۳۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رَسُوْلُ اللّٰهِ ؟ قَالُوْا: إِنَّهُ يَقُوْلُ ذٰلِكَ، وَمَا هُوَ فِيْ قَلْبِهِ. قَالَ: لَا يَشْهَدُ أَحَدٌ أَنْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰـهُ وَأَنِّـيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَيَدْخُلَ النَّارَ أَوْ تَطْعَمَهُ. قَالَ أَنَسٌ: فَأَعْجَبَنِيْ هٰذَا الْحَدِيْثُ، فَقُلْتُ لِابْنِيْ اُكْتُبْهُ. فَكَتَبَهُ " (ص:۴۶ سطر:۴ تا ۷)

قولہ: "حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ" (ص:۴۶ سطر:۴)

اِس حدیث میں "لطائف الاسناد" کے قبیل سے دو اہم باتیں ہیں:[1]

۱- اس کی سند میں تین صحابیؓ ایک دوسرے سے روایت کر رہے ہیں، حضرت انس بن مالک حضرت محمود بن الربیع سے اور وہ حضرت عتبان سے، رضی اللہ عنہم۔

۲- یہ "روایت الأکابر عن الأصاغر" کے قبیل سے ہے، کیونکہ حضرت انس بن مالکؓ، حضرت محمود بن الربیعؓ سے عمر، علم اور مرتبہ میں بڑے ہیں۔ حضرت محمود رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت بچے تھے، جبکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی عمر اُس وقت تقریباً بیس سال تھی، اور حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مسلسل دس سال تک خدمت کا شرف بھی ان کو حاصل ہے، ایسے اُمور علم الحدیث کی اصطلاح میں "لطائف الاسناد" کہلاتے ہیں۔

قولہ: "قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ" (ص:۴۶ سطر:۵)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت یہ کم عمر تھے، پھر کہیں باہر چلے گئے، اب کافی عرصے بعد مدینہ آئے۔

قولہ: "أَصَابَنِيْ فِيْ بَصَرِيْ" (ص:۴۶ سطر:۵)

اگلی روایت میں آرہا ہے کہ: "أَنَّهُ عَمِيَ" اس سلسلے میں روایات مختلف ہیں، جن کے مجموعے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب یہ واقعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پیش آیا، اُس وقت پورے اعمیٰ نہ تھے، البتہ نگاہ میں کوئی عیب پیدا ہو چکا تھا، لیکن جب یہ روایت سنائی تو اُس وقت اعمیٰ ہو چکے تھے۔

قولہ: "تُصَلِّيْ فِيْ مَنْزِلِيْ" (ص:۴۶ سطر:۵)

حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ گھر میں مصلّٰی بنانا چاہتے تھے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں درخواست کی کہ آپ گھر میں تشریف لا کر ایک مرتبہ نماز پڑھ لیں (تاکہ

---

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۴۶ والدیباج ج:۱ ص:۱۶۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

آپ کے انوار و برکات نصیب ہوجائیں) اور پھر اس جگہ کو نماز کے لئے مقرر کیا جائے۔ آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے درخواست منظور فرمالی اور اُن کے گھر تشریف لے گئے۔ اِس فعل سے دو اَدَب معلوم ہوئے:

۱- گھر کے اندر نماز کے لئے کوئی جگہ مقرر کرلینا مستحب ہے۔

۲- اگر کہیں مصلّیٰ بنایا جائے تو افتتاح کے لئے تبرکاً کسی بزرگ کو بلالینا مناسب ہے۔

قولہ:"وَأَصْحَابُهُ يَتَحَدَّثُوْنَ بَيْنَهُمْ" (ص:۴۶ سطر:۶)

اِس سے معلوم ہوا کہ آپ نفلی نماز پڑھ رہے تھے۔[۱]

قولہ:"ثُمَّ أَسْنَدُوْا عُظْمَ ذٰلِكَ وَكِبْرَهُ" (ص:۴۶ سطر:۶)

کِبر، بالکسر اور بالضم دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، والکسر أشهر وأرجح، (نووی)۔[۲] اور باء دونوں صورتوں میں ساکن ہے۔

عُظم اور کِبر دونوں ہم معنیٰ ہیں، لفظی معنیٰ ہوئے کہ گفتگو کے اکثر حصہ کو مالک بن دخشم سے ملادیا، یعنی اکثر باتیں اُس کے متعلق ہونے لگیں۔

قولہ:"قَالَ: وَدُّوْا أَنَّهُ دَعَا عَلَيْهِ فَهَلَكَ" (ص:۴۶ سطر:۶)

قائل عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ ہیں۔

قولہ :"أَيَشْهَدُ أَحَدٌ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَيَدْخُلَ النَّارَ أَوْ تَطْعَمَهُ" (ص:۴۶ سطر:۷)

سوال:- بظاہر اِس بشارت کے اندر منافقین بھی شامل نظر آتے ہیں، حالانکہ قرآن و سنت کی دوسری نصوص میں ان کے کفر کی صراحت ہے۔

جواب:- یہ ہے کہ یہاں راوی نے اختصار کردیا ہے، صحیح مسلم ہی میں کتاب الصلوٰة، باب الرُّخصة في التخلُّف عن الجماعة لعذر (ج:۱ ص:۲۳۳) میں یہ واقعہ تفصیل سے آیا ہے، اُس میں آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مالک بن الدخشم کے بارے میں یہ منقول ہے کہ:"ألا تراهُ قد قال لا اله الا الله يُريد بذٰلك وَجْهَ الله." اور حدیث کے آخر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد یوں منقول ہے کہ:"فانّ الله حَرَّمَ عَلَى النَّار من قال لا اله الا الله

(۱) کیونکہ اگر فرض نماز ہوتی تو بقیہ صحابہؓ بھی جماعت میں شریک ہوجاتے اور آپس میں باتیں نہ کرتے۔

(۲) شرح النووی ج:۱ ص:۴۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یبتغي بذٰلک وَجهَ الله." اِس روایت سے دو باتیں معلوم ہوئیں، ایک یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مالک بن دخشم رضی اللہ عنہ کے مؤمنِ صادق ہونے کی شہادت دی، اور اُن سے نفاق کی نفی کی ہے۔ دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ عذاب النار منتفی ہونے کے لئے شہادتین کا صدقِ قلب سے ہونا ضروری ہے، اعتقاد کے بغیر اقرار باللسان کافی نہیں۔

رہا یہ سوال کہ صرف صدقِ دل سے شہادتین پڑھ لینے سے دخولِ نار کی نفی کیسے ہوگئی؟ کیا اعمالِ صالحہ، فرائض و واجبات کے ترک اور معاصی کے ارتکاب کے باوجود بھی دُخولِ نار سے نجات کا وعدہ ہے؟ تو اس کے جوابات وہی ہیں جو پیچھے اس طرح کی احادیث کے تحت بیان ہو چکے ہیں۔

۱۴۹- "حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ الْعَبْدِيُّ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عِتْبَانُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّهُ عَمِيَ. فَأَرْسَلَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تَعَالَ فَخُطَّ لِيْ مَسْجِدًا، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَاءَ قَوْمُهُ، وَتَغَيَّبَ رَجُلٌ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهُ مَالِكُ بْنُ الدُّخَيْشَمِ." (ص:۴۷ سطر:۱،۲)

قوله: "مَالِكُ بْنُ الدُّخَيْشَمِ" (ص:۴۷ سطر:۲)

صحیح مسلم کی روایات میں یہاں یہ نام دو طرح آیا ہے: ۱- دُخَیْشم، ۲- دُخْشُم۔ اور صحیح مسلم ہی کی کتاب الصلوٰۃ میں جہاں یہ واقعہ آیا ہے وہاں میم کے بجائے دونوں جگہ نون ہے، یعنی دُخیشن اور دُخْشُن۔[1]

باب الدليل على أنّ من رضى باللّٰہ ربًّا .... الخ

۱۵۰- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ أَبِيْ عُمَرَ الْمَكِّيُّ... (الیٰ قوله) ... عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ذَاقَ طَعْمَ الْإِيْمَانِ مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا."

(ص:۴۷ سطر:۲ تا ۳)

قوله: "مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا" (ص:۴۷ سطر:۳)

اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایمان کی لذت اُس شخص کو نصیب ہوگی جس کے اندر

---

(۱) وفي الديباج (ج:۱ ص:۱۶۵): قال ابن الصلاح: ويقال أيضًا بكسر الدال والشين.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

''صفتِ رضا'' ہو کہ وہ اللہ ربّ العزت کے ربّ ہونے پر قانع اور راضی ہو، کسی اور کو اپنا ربّ بنانے یا ماننے کے لئے تیار نہ ہو، کسی اور کی ربوبیت کا طلب گار اور منتظر نہ ہو۔ اپنے ربّ کی نعمتوں پر شاکر اور اس کی دی ہوئی تکلیفوں پر صابر، اور اُس کی قدر و قضاء پر راضی ہو۔

مقامِ رضا مقرّبین کے اعلیٰ مقامات میں سے ہے، اور جس علم سے یہ مقام حاصل ہوتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی صفاتِ کمالیہ و جمالیہ و جلالیہ کا علم ہے، اور یہی علم انسان میں صفتِ تسلیم و تفویض پیدا کرتا ہے، البتہ ان دونوں اور رضا میں فرق یہ ہے کہ تسلیم و تفویض اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے نافذ ہونے سے پہلے ہوتی ہیں اور رضا فیصلہ (قضاء) کے نافذ ہونے کے بعد۔[۱]

''وَبِالْإِسلام دِيناً'' کا مطلب یہ ہے کہ اسلام کو مکمل ضابطۂ حیات سمجھتا ہو، زندگی کے ہر شعبے کی رہنمائی کے لئے اسلام ہی کو کافی سمجھتا ہو، اسلام کے علاوہ کسی دوسرے دین و مذہب کی حاجت نہ سمجھتا ہو۔ اور ''بِمحمدٍ نبيًّا'' کا مطلب یہ ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول ہونے پر قانع ہو، دین پر عمل کرنے کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور رسول کی تعلیمات کا طلب گار نہ ہو۔

باب بیان عدد شعب الایمان .... الخ

۱۵۱ - ''حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ ... (الٰی قوله)... عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : الْإِيْمَانُ بِضْعٌ وَّسَبْعُوْنَ شُعْبَةً،وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيْمَانِ .'' (ص:۴۷ سطر:۴،۵)

قوله: ''الْإِيْمَانُ بِضْعٌ وَّسَبْعُوْنَ شُعْبَةً'' (ص:۴۷ سطر:۴)

بِضعٌ بکسر الباء وقیل بالفتح، یہ تین سے نو تک کے عدد کے لئے استعمال ہوتا ہے، قاموس[۲] میں کچھ اور اقوال بھی نقل کئے گئے ہیں۔ ایک یہ ہے کہ بِضعُ سات کا عدد ہے، اِس قول کی تائید اِس سے ہوتی ہے کہ حدیثِ باب کی بعض روایات میں ''سبعٌ وسبعون'' آیا ہے۔

اس روایت میں بضع وسبعون کا ذکر ہے، جبکہ اگلی روایت میں بضع وستون کا ذکر ہے، اس تعارض کے متعدد جوابات ہیں:۔

---

(۱) فتح الملهم ج:۱ ص:۶۰۲۔

(۲) القاموس المحیط ج:۳ ص:۹،۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- اگلی روایت میں راوی کو شک ہے، جبکہ پہلی روایت میں بضع وسبعون جزم کے ساتھ ہے، لہٰذا ترجیح پہلی روایت کو ہوگی۔

۲- عددِ اقل عددِ اکثر کی نفی نہیں کرتا۔

۳- ہوسکتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شروع میں بضع وستون کا علم دیا گیا ہو، اور بعد میں بضع وسبعون کا علم دے دیا گیا ہو۔(۱)

قولہ: "وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيْمَانِ" (ص:۴۷ سطر:۵)

حیاء کا ذکر بطورِ خاص اِس کی اہمیت بیان کرنے کے لئے ہے، اِس میں تنوین، تعظیم کے لئے ہے، أی الحیاء شعبة عظیمة من الایمان۔

۱۵۲- "حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ .. (الیٰ قولہ)... عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلإِيْمَانُ بِضْعٌ وَّسَبْعُوْنَ أَوْ بِضْعٌ وَّسِتُّوْنَ شُعْبَةً، فَأَفْضَلُهَا قَوْلُ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَدْنَاهَا إِمَاطَةُ الأَذَىٰ عَنِ الطَّرِيْقِ، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيْمَانِ." (ص:۴۷ سطر:۶،۵)

قولہ: "فَأَفْضَلُهَا قَوْلُ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ" (ص:۴۷ سطر:۶)

معلوم ہوا کہ ایمان بسیط ہے، یعنی ایمان کی حقیقت صرف تصدیق بالقلب ہے، اور اِقرار باللسان اس پر متفرّع ہونے والا ایک شعبہ ہے نہ کہ اُس کا جزوِ ماہیت۔

قولہ: "وَأَدْنَاهَا إِمَاطَةُ الأَذَىٰ عَنِ الطَّرِيْقِ" (ص:۴۷ سطر:۶)

الأذیٰ ہر تکلیف دینے والی چیز کو کہا جاتا ہے، جس میں کانٹا، پتھر، گندگی سب شامل ہیں۔ اماطۃ الأذیٰ اگرچہ ادنیٰ شعبہ ہے، لیکن دوسری طاعات جو شعبہ ہائے ایمان میں داخل نہیں ان کے مقابلے میں اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے، کیونکہ یہ شعبۂ ایمان ہے۔

ایمان کے کل کتنے شعبے ہیں؟

یہاں تین شعبوں کا ذکر ہوگیا، باقی شعبے کون کون سے ہیں؟ یہ معلوم اور متعین کرنے کے لئے متعدد حضراتِ محدثین نے کوشش فرمائی، مثلاً امام حافظ ابو حاتم بن حِبّان ؒ نے اپنی

(۱) اِن تینوں جوابات کے لئے ملاحظہ فرمایئے: فتح الباری ج:۱ ص:۵۲،۵۱ وعمدۃ القاری ج:۱ ص:۱۲۵ وشرح النووی ج:۱ ص:۴۷ والکنز المتواری ج:۱ ص:۱۲۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب "وصف الایمان و شُعَبُہٗ" میں، اور امام بیہقیؒ نے اپنی کتاب "شعب الایمان"[1] میں ان کو اپنے اپنے فہم کے مطابق جمع فرمایا ہے۔ حکیم الأمت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کا رسالہ "فروع الایمان" بھی اِسی موضوع پر ہے، جس میں ہر شعبے کی تفصیل متعلقہ احادیث کے ساتھ بیان کی گئی ہے، اور کل شعبے ستتّر بیان فرمائے ہیں۔[2] ہر محدث نے اپنے فہم کے مطابق شعب الایمان کی فہرست مرتب کی جو ایک دوسرے سے مختلف ہے، چنانچہ حتمی اور یقینی طور پر سب شعبِ ایمان کو معیَّن کرنا مشکل ہے، البتہ امام ابوحاتم بن حبانؒ نے جو طریقہ اختیار کیا ہے وہ دِل کو لگتا ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک مدت تک تتبع کیا اور تمام "طاعات" کی فہرست تیار کی تو وہ اس تعداد سے بہت زیادہ تھیں، پھر میں نے ایسی طاعات جمع کیں جن کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے "من الایمان" قرار دیا ہے تو وہ "بضع وسبعون" سے کم نکلیں، پھر میں نے ایسی طاعات جمع کیں جن کو اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں "من الایمان" شمار فرمایا ہے تو وہ بھی "بضع وسبعونْ" سے کم نکلیں، پھر میں نے دونوں کو جمع کیا اور مکررات کو حذف کیا تو وہ ستّر سے کچھ اُوپر تھیں۔

اماطة الأذیٰ سنت ہے، اور سنت بھی ایسی جو ایمان کے شعبوں میں سے ہے۔ ہمارے مدرسوں میں یہ سنت مردہ ہو رہی ہے، اس کی فکر کرنی چاہئے۔ ایک حدیث میں آتا ہے کہ ایک شخص کی مغفرت صرف اِس وجہ سے ہوئی کہ اُس نے راستہ میں لٹکی ہوئی شاخ کو جس سے راہگیروں کو تکلیف ہوتی تھی کاٹ دیا اور اُسے راستے سے ہٹا دیا تھا۔[3]

قوله: "وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيْمَانِ" (ص:۴۷ سطر:۶)

مشہور سوال ہے کہ حیاء جس کو شرم کہتے ہیں یہ تو جبلّی اور خِلقی ہوتی ہے کسی میں کم اور کسی میں زیادہ، اور جو چیز جبلّی ہو وہ غیر اختیاری ہوتی ہے، اور شعبِ ایمان کا انسان کو مکلّف کیا گیا ہے، حالانکہ حیاء غیر اختیاری ہے، تو اِس کا انسان کو کیسے مکلّف بنایا گیا؟ جبکہ قرآنِ کریم

---

(۱) یہ کتاب ۹ جلدوں پر مشتمل ہے، جس میں مصنفِ علام نے شعب ایمان سے متعلق احادیث ان کے مکمل اسناد اور متون کے ساتھ جمع فرمائی ہیں۔

(۲) ان کے علاوہ علامہ قزوینیؒ کی کتاب "مختصر شعب الایمان"، اور علامہ قصری کی کتاب "شعب الایمان" اور مولانا محمد ادریس مظاہری کی کتاب "اجزاء الایمان" بھی اسی موضوع پر ہیں۔

(۳) مسند أحمد بن حنبل ج:۱۳ ص:۲۴۰، رقم الحديث: ۷۸۴۷، مسند أبي هريرة.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میں ارشاد ہے: "لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا"۔[۱]

جواب:- حیاء کی دو قسمیں ہیں، ۱-حیاءِ شرعی، ۲-حیاءِ طبعی یا عرفی (لغوی)۔

یہاں حدیث میں حیاءِ شرعی مراد ہے، حیاءِ عرفی وطبعی مراد نہیں۔[۲]

حیاءِ طبعی، عرفی (لغوی) کی تعریف:- جو عمل[۳] عرفاً قابلِ ملامت ہو، اُس سے ہمت کا ٹوٹ جانا، بہ سبب خوفِ ملامت کے اگر چہ وہ عمل شرعاً قابلِ ملامت نہ ہو بلکہ مطلوب ہو جیسے لوگوں کی ملامت کے خوف سے ڈاڑھی رکھنے کی ہمت نہ ہونا۔

حیاءِ شرعی کی تعریف:- بندۂ ناچیز (رفیع) عرض کرتا ہے کہ اس کا تقاضا یہ معلوم ہوتا ہے کہ حیاءِ شرعی کی تعریف یہ کی جائے کہ جو عمل شرعاً قابلِ ملامت ہو، اُس سے ہمت کا ٹوٹ جانا بہ سبب خوفِ ملامت عنداللہ کے، اگر چہ وہ عمل عرفاً قابلِ ملامت نہ ہو، مثلاً مغربی معاشرے میں ڈاڑھی منڈوانے کی ہمت نہ ہونا۔ (رفیع) حیاءِ شرعی کی ایک تعریف یہ کی گئی ہے کہ: "خُلُقٌ یبعث الانسان علی اجتناب القبیح"[۴] یعنی وہ خُلُق جو انسان کو قبیحِ شرعی کے ارتکاب سے بچنے پر آمادہ کرے۔ لیکن یہ تعریف تقویٰ پر بھی صادق آتی ہے لہٰذا یہ تعریف مانع نہیں ہے۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ نے حیاء کی تعریف یہ فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور اپنی کوتاہیوں کے استحضار سے قلب میں جو کیفیت پیدا ہوتی ہے وہ "حیاءُ" ہے۔ جب یہ حیاء پیدا ہوتی ہے تو آدمی اپنے گناہوں پر استغفار اور توبہ کرتا ہے اور آئندہ گناہوں سے بچنے کی کوشش کرتا ہے۔

حیاءِ شرعی کے بارے میں ایک شاعر نے خوب کہا ہے، نعت کا شعر ہے کہ:

"اُن کی سنت پہ چل کر نہ شرماؤں میں
اے خدا مجھ کو ایسی حیاء چاہئے"

۱۵۳- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ (الٰی قوله) عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ

(۱) البقرة آیت: ۲۸۶۔

(۲) عمدة القاری ج:۱ ص:۱۲۹ والمفهم ج:۱ ص:۲۱۸۔

(۳) لسان العرب ج:۳ ص:۴۲۹ وفتح الملهم ج:۱ ص:۶۱۲۔

(۴) فتح الباری ج:۱ ص:۵۲ وشرح السیوطی علی سنن النسائی ج:۸ ص:۱۱۱، وسبل السلام ج:۴ ص:۲۰۶ وفتح الملهم ج:۱ ص:۶۱۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

،سَمِعَ النَّبِیُّ صَلَی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلاً یَعِظُ أَخَاہُ فِی الْحَیَاءِ. فَقَالَ: الْحَیَاءُ مِنَ الإِیْمَانِ." (ص:۴۷ سطر:۶،۷)

قولہ: "یَعِظُ أَخَاہُ فِی الْحَیَاءِ" (ص:۴۷ سطر:۷)

فِـی سبب کے معنیٰ میں ہے، یعنی وہ اپنے بھائی کو حیاء کی وجہ سے نصیحت کر رہا تھا کہ اتنی زیادہ حیاء نہ کرو کہ جس سے تمہارے اپنے بعض حقوق بھی تلف ہو جائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نکیر فرمائی کہ حیاء تو ایمان میں سے ہے، لہٰذا حیاء سے منع نہ کرو۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس تنبیہ کا مطلب یہ ہے کہ جس کو تم نے حیاء سمجھا ہے وہ حیاء نہیں، یعنی حیاءِ شرعی نہیں (بلکہ حیاءِ عرفی یا لغوی یا طبعی ہے)، اور حیاءِ شرعی تو ایمان کا شعبہ ہے اور مطلوب ہے اس سے منع نہیں کرنا چاہئے۔

۱۵۵- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی ... (الیٰ قولہ)... عِمْرَانَ بْنَ حُصَیْنٍ یُحَدِّثُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَنَّہُ قَالَ: الْحَیَاءُ لَا یَأْتِیْ إِلَّا بِخَیْرٍ.
فَقَالَ بُشَیْرُ بْنُ کَعْبٍ: إِنَّہُ مَکْتُوْبٌ فِی الْحِکْمَۃِ أَنَّ مِنْہُ وَقَارًا وَمِنْہُ سَکِیْنَۃً. فَقَالَ عِمْرَانُ: أُحَدِّثُکَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَتُحَدِّثُنِیْ عَنْ صُحُفِکَ." (ص:۴۸ سطر:۱ تا ۳)

قولہ: "فِی الْحِکْمَۃِ" (ص:۴۸ سطر:۲)

یعنی فلسفہ کی کتابوں میں یہ بات لکھی ہے کہ حیاء سے وقار پیدا ہوتا ہے، کیونکہ جب حیاء ہوتی ہے تو آدمی دوسروں کی توقیر کرتا ہے، جب یہ دوسروں کی توقیر کرتا ہے تو دوسرے اس کی توقیر کرتے ہیں، جس سے آدمی میں وقار پیدا ہوتا ہے۔

قولہ: "وَمِنْہُ سَکِیْنَۃً" (ص:۴۸ سطر:۲)

"سکینۃ" ایسی حرکات سے رُکنا جو مروّت کے لائق نہیں، حیاء اُن سے اِجتناب کا سبب بنتی ہے۔[1] بُشیر کی اِس بات سے حدیث کی تائید ہوتی ہے، لیکن عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کے ناراض ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و ادب کا تقاضا یہ نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی تائید فلسفہ کی کتابوں سے کی جائے، کیونکہ احادیث فلسفہ

(۱) فتح الملہم ج:۱ ص:۶۱۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کی تائید کی محتاج نہیں۔ ہاں! اگر اس کے برعکس ہوتا یعنی فلسفہ کی تائید احادیث سے ہوتی تو پھر مضائقہ نہیں تھا، کیونکہ فلسفہ محتاج ہے نہ کہ احادیث۔

اگلی حدیث میں ناراضگی کی دوسری وجہ بھی آرہی ہے اور بڑی وجہ وہی ہے۔

حضرت عمرانؓ کے اس فعل سے ایک ادب معلوم ہوا کہ کسی اُستاذ یا بزرگ کے سامنے کسی دوسرے اُستاذ یا شیخ کی بات نقل نہ کرنی چاہئے کہ حضرت آپ صحیح فرما رہے ہیں، اس لئے کہ ہمارے فلاں اُستاذ یا شیخ نے بھی اسی طرح کہا تھا، اِس سے دِل شکنی ہوتی ہے، اس لئے کہ وہ اُستاذ یا شیخ سمجھیں گے کہ اُس نے میری بات کو کافی نہیں سمجھا۔

سوال:- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "الحیاء لا یأتی الّا بخیر" لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ بعض مرتبہ یہ حیاء اعمالِ صالحہ کرنے سے رُکاوٹ بن جاتی ہے، مثلاً بعض لوگوں کو ڈاڑھی رکھنے میں شرم محسوس ہوتی ہے، اسی طرح کسی کو دعوت الی الخیر دیتے ہوئے یا وعظ و تقریر کرتے ہوئے رُکاوٹ، ہچکچاہٹ اور شرم آتی ہے، تو بظاہر یہ حیاء خیر کے بجائے شر لائی ہے، تو اس سے معلوم ہوا کہ حیاء صرف خیر لانے کا ذریعہ نہیں بنتی بلکہ بعض مرتبہ شر بھی لاتی ہے۔

جواب:- اس کا جواب یہ ہے کہ جو حیاء خیر ہی لاتی ہے اُس سے مراد حیاءِ شرعی ہے، نہ کہ عرفی و طبعی[1]، اور حیاء کی جو مثال آپ نے دی ہے وہ حیاءِ شرعی نہیں، بلکہ عرفی و طبعی ہے۔

۱۵۶ - "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ، قَالَ نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ إِسْحَاقَ (وَهُوَ ابْنُ سُوَيْدٍ) أَنَّ أَبَا قَتَادَةَ حَدَّثَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ فِي رَهْطٍ مِنَّا، وَفِينَا بُشَيْرُ بْنُ كَعْبٍ، فَحَدَّثَنَا عِمْرَانُ يَوْمَئِذٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ. قَالَ: أَوْ قَالَ: الْحَيَاءُ كُلُّهُ خَيْرٌ. فَقَالَ بُشَيْرُ بْنُ كَعْبٍ: إِنَّا لَنَجِدُ فِي بَعْضِ الْكُتُبِ أَوِ الْحِكْمَةِ أَنَّ مِنْهُ سَكِينَةً وَوَقَارًا لِلَّهِ، وَمِنْهُ ضَعْفٌ. قَالَ: فَغَضِبَ عِمْرَانُ حَتَّى احْمَرَّتَا عَيْنَاهُ. وَقَالَ: أَلَا أُرَانِي أُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتُعَارِضُ فِيهِ. قَالَ: فَأَعَادَ عِمْرَانُ الْحَدِيثَ. قَالَ: فَأَعَادَ بُشَيْرٌ، فَغَضِبَ عِمْرَانُ. قَالَ فَمَا زِلْنَا نَقُولُ فِيهِ: إِنَّهُ مِنَّا يَا أَبَا نُجَيْدٍ إِنَّهُ لَا بَأْسَ بِهِ." (ص:۴۸ سطر:۳ تا ۶)

(۱) مکمل اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۱۳۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "رَهْطٍ" (ص:۴۸ سطر:۳)

وہ جماعت جو دس سے کم ہو، اور ان میں کوئی عورت نہ ہو، سب کے سب مرد ہوں۔[1]

قولہ: "وَمِنْهُ ضَعْفٌ" (ص:۴۸ سطر:۴)

اور ضعف ظاہری اعتبار سے نقص ہے، حالانکہ حدیث میں ہے کہ حیاء کُل کی کُل خیر ہے۔[2] حضرت عمران بن حصینؓ کے ناراض ہونے کی یہ دوسری وجہ تھی، کیونکہ بُشیر کی نیت اگرچہ غلط نہ ہو کیونکہ شرعاً قابلِ ملامت عمل کرنے سے ہمت کا ٹوٹ جانا حیاء ہے، اور ظاہر ہے کہ یہ بھی ایک نقص ہے مگر یہ نقص محمود ہے مذموم نہیں، لہٰذا بُشیر کی بات نفس الامر میں تو غلط نہ تھی لیکن بات کا انداز ادب کے خلاف تھا، جو حدیث سے معارضہ کا تأثر دے رہا تھا۔

• حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی اِس تنبیہ سے معلوم ہوا کہ حدیث کے متعلق اِس طرح بات کرنا بھی کہ ظاہراً معارضہ محسوس ہو، ادب کے خلاف ہے۔

سوال:- حیاء کس طرح پیدا ہوتی ہے؟

جواب:- کچھ لوگوں میں حیاء جبلّی و خلقی یعنی پیدائشی ہوتی ہے، اُس وقت تو صرف حیاء کا اِمالہ کیا جائے گا کہ حیاءِ لغوی کو حیاءِ شرعی کی طرف منتقل کردیا جائے گا، یعنی اُس کے استعمال کا رُخ بدل دیا جائے گا، اور یہ اِمالہ بزرگوں اور اللہ والوں کی صحبت و تربیت میں رہنے سے ہوگا۔ بعض لوگوں میں حیاء جبلّی (طبعی) نہیں ہوتی یا کم ہوتی ہے، اُن کو زیادہ مجاہدہ کرنا ہوگا، ایک حیاء پیدا کرنے کا، اور دوسرا حیاء کے اِمالہ کا، اور یہ مجاہدہ بزرگوں کی صحبت میں رہ کر ہی ہوگا۔

قولہ: "اِحْمَرَّتَا عَيْنَاهُ" (ص:۴۸ سطر:۵)

فاعل جب اسمِ ظاہر ہو تو فعل کا صیغہ واحد ہوتا ہے، خواہ فاعل مفرد ہو، تثنیہ ہو یا جمع ہو، لیکن یہاں "اِحْمَرَّتَا" فعل تثنیہ ہے جو اِس قاعدۂ مشہورہ کے خلاف ہے، مگر لغتِ قلیلہ کے مطابق "اکلونی البراغیث"[3] کے قبیل سے ہے اور جائز ہے۔

---

(۱) مشارق الأنوار ج:۱ ص:۳۷۵۔

(۲) لہٰذا حدیث اور حکماء کے اس قول کے درمیان معارضہ پایا گیا، اور حدیث کے معارضہ میں حکماء کی بات پیش کرنا خلافِ ادب ہے۔

(۳) اسی طرح قرآن مجید کی آیت: "وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ ظَلَمُوْا..." (الانبیاء:۳) بھی اسی قبیل سے ہے، (تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیے: اعراب القرآن ج:۱۷ ص:۲۸۳)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب جامع أوصاف الإسلام

۱۵۸- " حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الٰی قوله) ...ح وَحَدَّثَنَا أَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ ، كُلُّهُم عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ،عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ؛ قَالَ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قُلْ لِيْ فِي الإِسْلَامِ قَوْلاً لا أَسْأَلُ عَنْهُ أَحَدًا بَعْدَكَ (وَفِيْ حَدِيْثِ أَبِيْ أُسَامَةَ غَيْرَكَ) قَالَ:قُلْ آمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ."

(ص:۴۸ سطر:۷،۸)

قوله: "قُلْ آمَنْتُ بِاللّٰهِ" (ص:۴۸ سطر:۸) زبان سے ایمان بالقلب کا اقرار کرو۔

قوله: "ثُمَّ اسْتَقِمْ" (ص:۴۸ سطر:۸)

استقامت یہ ضد ہے "ٹیڑھے پن" کی، یعنی سیدھے رہو، یعنی اَوامر ونواہی کی پوری پوری پابندی کرو، ظاہری اور باطنی گناہوں سے بچو، ہر ایک کے حقوق ادا کرو، حقوق العباد بھی اور حقوق اللہ بھی، چنانچہ مقامِ استقامت دین کا اعلیٰ ترین مقام ہے، لیکن یہ مقام مشکل ترین بھی ہے، اس لئے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: "شَيَّبَتْنِيْ هُوْدٌ"[1] مجھے سورۂ ہود نے بوڑھا کردیا۔ کیونکہ اس سورۃ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا ہے کہ: "فَاسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ"۔[2] اسی مشکل کی وجہ سے سورۂ فاتحہ میں یہ دُعا لائی گئی کہ: "اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ" جو نماز کی ہر رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔

علمائے کرام نے فرمایا کہ صراطِ مستقیم پلِ صراط کا نمونہ ہے، جو صراطِ مستقیم پر ٹھیک طریقے سے گزر گئے وہ پلِ صراط پر بھی آسانی سے گزر جائیں گے۔ صوفیاء کرام کا مقولہ ہے کہ: "الاستقامة فوق الف كرامة" دلیل یہ ہے کہ کرامت ولی کا فعل نہیں ہوتا اور اُس کے اپنے اختیار میں نہیں ہوتی، بلکہ محض من جانب اللہ ہوتی ہے، چنانچہ کرامت کے ظہور سے نہ اللہ کے قرب میں اضافہ ہوتا ہے، نہ درجات میں، نہ ثواب میں، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک انعام ہے، بخلاف استقامت کے کہ آدمی جتنا استقامت میں بڑھے گا اتنا ہی قرب بڑھتا جائے

(۱) سنن سعيد بن منصور ج:۵ ص:۳۷۰، رقم الحديث: ۱۱۰۹ ومسند أبي يعلى ج:۲ ص:۱۸۴، رقم الحديث: ۸۸۰ وسنن الترمذي، باب ومن سورة الواقعة، رقم الحديث: ۳۲۹۷۔

(۲) هود آیت:۱۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

گا۔ استقامت مطلوب ہے، کرامت مطلوب نہیں۔ بعض لوگ اولیاء میں کرامت ڈھونڈتے ہیں بجائے استقامت کے، یہ معیار صحیح نہیں، معیارِ ولایت اتباعِ سنت ہے اور سنت ہی صراطِ مستقیم ہے، اور سنت کا کامل اتباع استقامت ہے، اسی کی کوشش کرنی چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو استقامت نصیب فرمائے، آمین۔

باب تفاضل الإسلام وأیّ أُموره أفضل

۱۵۹-"حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ... (الٰی قوله) ... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو؛ أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَيُّ الْإِسْلَامِ خَيْرٌ؟ قَالَ :تُطْعِمُ الطَّعَامَ،وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ."(ص:۴۸ سطر:۹،۱۰)

قوله:"أَيُّ الْإِسْلَامِ خَيْرٌ؟" (ص:۴۸ سطر:۱۰)

اسلام کے دو معنی اصطلاحی ہیں، ۱-اعمالِ ظاہرہ، جیسا کہ کتاب کے شروع میں حدیثِ جبریل میں بیان فرمایا گیا۔ ۲-پورا دینِ اسلام۔

اِس دوسرے معنی میں پورا دین داخل ہے خواہ عقائد ہوں یا اعمالِ ظاہرہ ہوں یا باطنہ، جیسا کہ قرآنِ کریم میں ہے:"وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ"[1]، "اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ"[2]، "اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِيْنًا ط"[3]

ای الإسلام خیر؟ کا مطلب یہ ہے کہ:ای أعمال الإسلام خیر؟ یعنی دینِ اسلام کے اعمال میں سے کون سا عمل بہتر ہے؟

قوله:"تُطْعِمُ الطَّعَامَ" (ص:۴۸ سطر:۱۰)

یہاں "أنْ" مقدر ہے: ای أنْ تُطْعِمَ (کما فی حاشیة البخاری ج:۱ ص:۶) اِطعام میں یہاں اِطلاق ہے یعنی خواہ امیر کو ہو یا غریب کو، رشتہ دار کو ہو یا اجنبی کو، خواہ بلا کر کھلایا جائے یا اس کے گھر بھیج دیا جائے، سب کو شامل ہے۔

وقوله:"وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ" (ص:۴۸ سطر:۱۰)

---

(۱) آل عمران آیت:۸۵۔ (۲) آل عمران آیت:۱۹۔
(۳) المائدۃ آیت:۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

آج کل یہ ہوگیا ہے کہ صرف جان پہچان کے لوگوں کو سلام کرتے ہیں، اجنبی مسلمان کو سلام نہیں کرتے، یہ علاماتِ قیامت میں سے ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قربِ قیامت میں سلام صرف معرفت میں منحصر ہوجائے گا۔[1]

ابتداء بالسلام سنتِ مؤکدہ ہے، اور ردّ السلام یعنی سلام کا جواب دینا واجب ہے۔ جن بزرگوں کے ہم نام لیوا ہیں ان کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ اُن میں احیاءِ سنت کی دُھن تھی، شیخ الادب حضرت مولانا اعزاز علی صاحبؒ کی ایک خاص بات یہ مشہور تھی کہ ابتداء بالسلام کا غیر معمولی اہتمام فرماتے تھے، طلبہ بارہا کوشش کرتے تھے کہ وہ اُستاذ کو ابتداء بالسلام کریں، مگر حضرت ابتداء بالسلام کے ایسے عادی تھے کہ طلبہ کو اس کا موقع نہ ملتا تھا۔ ان بزرگوں میں "وَسَارِعُوْٓا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ؀"[2] کا جذبہ تھا۔ دوسری حدیث میں ہے (جو آگے صحیح مسلم ہی کی کتاب الایمان میں آئے گی) کہ: "افشوا السلام بینکم"، سلام کو آپس میں ظاہر کرو اور پھیلاؤ، چنانچہ اسلامی آداب میں یہاں تک ہے کہ اگر دو آدمی باتیں کرتے ہوئے جارہے ہوں، درمیان میں درخت وغیرہ آگیا، اگرچہ ایک لمحہ کے لئے آڑ ہوگئی لیکن جب وہ آڑ ختم ہوجائے تو پھر سلام کریں۔

فائدہ:- امامِ مسلمؒ پہلے "شُعَبُ الایمان" کے متعلق حدیث لائے، اب وہ احادیث لارہے ہیں جن میں ایسے اعمال کا بیان ہے جن کو قرآنِ کریم یا احادیث میں ایمان کہا گیا ہے، یا "من الایمان" کہا گیا ہے، یا ایمان کا تقاضا قرار دیا گیا ہے، یا ایمان پر متفرع کیا گیا ہے، بظاہر امام مسلمؒ اس طرح یہ اشارہ کرنا چاہتے ہیں کہ یہ اعمال بھی شعب الایمان میں سے ہیں۔

۱۶۰- "وَحَدَّثَنِيْ أَبُو الطَّاهِرِ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُوْلُ: إِنَّ رَجُلاً سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرٌ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ."

(ص:۴۸ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قوله: "مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ" (ص:۴۸ سطر:۱۲)

---

(۱) مسند احمد بن حنبل ج:۶ ص:۱۷۹، ومعجم الکبیر للطبرانی ج:۹ ص:۳۴۴، رقم الحدیث: ۹۴۹۱۔

(۲) آل عمران آیت:۱۳۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ اسلامی معاشرت کا اصل الاُصول ہے۔ عرض کرچکا ہوں کہ دین کے پانچ بڑے بڑے اہم حصے ہیں جن میں ایک معاشرت ہے، اور معاشرت کا اصل الاُصول یہ حدیث ہے۔ معاشرت کے محرّمات ہوں یا فرائض و واجبات، مستحبات ہوں یا مکروہات، اُن سب کا لُبِّ لباب "من سلم المسلمون .... الخ" ہے کہ ناحق کسی کو تکلیف نہ پہنچے، ادب کا حاصل بھی یہ ہے کہ ہمارے کسی عمل سے دوسروں کو ناحق طور پر ادنیٰ تکلیف یا ناگواری پیش نہ آئے، خواہ وہ اپنے سے چھوٹے ہوں یا بڑے، ہر ایک کا ادب لازم ہے، اور وہ یہی ہے کہ ہم سے ان کو ناحق تکلیف یا ناگواری پیش نہ آئے۔

سوال:- یہاں "المسلمون" کا لفظ ہے، کیا کافروں کو تکلیف پہنچانا جائز ہے؟

جواب:- اگر کافر ذِمّی ہو یا مُستَأمِن یا مُعَاھِدْ ہو تو اس کو بھی ناحق تکلیف پہنچانا جائز نہیں، غیر مسلموں کے حق میں یہ عدمِ جواز شریعت کے دوسرے دلائل سے ثابت ہے۔[۱]

یاد رہے کہ باپ بیٹے کو، اُستاذ شاگرد کو تادیباً ڈانٹتا ہے، یہ ایذاءِ محرَّم میں داخل نہیں، کیونکہ یہ ناحق نہیں بلکہ خیرخواہی ہے، جیسے طبیب مریض کو آپریشن وغیرہ سے تکلیف تو پہنچاتا ہے، مگر وہ خیرخواہی میں شامل ہے۔ یہی تفصیل حدود و قصاص وغیرہ میں بھی ہے۔[۲]

"من لسانہ ویدہ" میں لسان کو ید پر مقدم فرمایا، اس لئے کہ[۳] زبان سے تکلیف پہنچانا آسان بھی ہے أعمّ بھی، کہ اس کے ذریعے اپنے سے طاقتور آدمی کو بھی تکلیف پہنچائی جاسکتی ہے، جبکہ ہاتھ سے اس کو تکلیف دینا مشکل ہے۔ اسی طرح زبان سے دور دراز کے لوگوں کو حتیٰ کہ مُردوں کو بھی تکلیف دی جاسکتی ہے، جبکہ ہاتھ سے نہیں پہنچائی جاسکتی۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ زبان سے پہنچائی ہوئی تکلیف ہاتھ کی تکلیف سے زیادہ اَلمناک ہوتی ہے، کما قال الشاعر:-

جَراحاتُ السِّنان لهَا الالتِئامُ
وَلا يلتـام مـا جرح اللسـانُ

ویدہ:- زبان کے بعد بقیہ اعضاء کے بجائے صرف یَد کا ذکر فرمایا گیا، اس لئے کہ زبان کے بعد اکثر ایذاء رسانیاں ہاتھ سے ہوتی ہیں، یا اس لئے کہ محاورے میں عمل کی نسبت

---

(۱) فتح الملهم ج:۱ ص:۶۲۹، ذكر المسلمين هٰهنا خرج مخرج الغالب.

(۲) عمدة القاری ج:۱ ص:۱۳۳۔

(۳) عمدة القاری ج:۱ ص:۱۳۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہاتھ کی طرف کی جاتی ہے، اگر چہ وہ کسی اور عضو سے انجام دیا گیا ہو، کما قال اللہ تعالیٰ: "یَوْمَ یَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ یَدَاهُ" [1] خلاصہ یہ کہ ایذاء رسانی خواہ ہاتھ سے ہو یا کسی اور عضو سے، دونوں حرام ہیں۔

سوال:- اس حدیث میں "مسلمانوں کو اپنے ہاتھ اور زبان سے محفوظ رکھنے" کو افضل الاعمال قرار دیا گیا، اور اسی باب کی پہلی حدیث میں "اطعام الطعام" کو خیر الاعمال فرمایا گیا ہے، جبکہ صحیح مسلم ہی کی کتاب الایمان میں آگے ص:۶۲ پر "باب بیان کون الایمان باللہ افضل الاعمال" کے تحت ایک حدیث میں ایمان کو، اور دوسری حدیث میں الصلٰوۃ لوقتھا کو افضل الاعمال فرمایا گیا ہے، بظاہر اس میں تعارض نظر آتا ہے۔

جواب:- احادیث میں جہاں کسی عمل کو افضل الاعمال قرار دیا گیا ہے وہاں مراد یہ ہے کہ وہ "من أفضل الأعمال" ہے، یعنی اُن سے مراد "صفِ اوّل" کے اعمال ہیں، لہٰذا اُن میں تعدد ہوسکتا ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ احادیث کے اِس اختلاف کی متعدد وجوہ ہوسکتی ہیں:-

۱- کبھی یہ اختلاف سائلین کے مختلف حالات کے اعتبار سے ہوتا ہے کہ کسی کے حق میں فلاں عمل افضل ہے، دوسرے کے حق میں کوئی دوسرا عمل افضل ہے۔

۲- کبھی یہ اختلاف وقت کے تقاضوں کے اعتبار سے ہوتا ہے کہ ایک وقت میں ایک عمل افضل ہے، دوسرے وقت میں دوسرا عمل۔

۳- شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں [2] کہ: یہ اختلاف حیثیتوں کے مختلف ہونے کی وجہ سے ہے، مثلاً اِطعام الطعام اس حیثیت سے افضل الاعمال ہے کہ یہ عمل باہمی محبت بڑھانے کا ذریعہ ہے، اور تمام اَدیان و مذاہب میں پسندیدہ اور مرغوب ہے، اور الصلٰوۃ لوقتھا اِس حیثیت سے افضل الاعمال ہے کہ اس میں بندے کی شانِ عبدیت سب سے زیادہ نمایاں ہوتی ہے، اسی طرح دیگر اعمال کی افضلیت مِن وجہٍ دون وجہٍ ہے۔ علامہ شبیر احمد عثمانی صاحبؒ کے اس ارشاد کی پوری تفصیل آگے درسِ مسلم ہی میں "باب بیان

(۱) النبا آیت:۴۰۔

(۲) المفھم ج:۱ ص:۲۲۲ وعمدۃ القاری ج:۱ ص:۱۳۹ ومکمل اکمال المعلم ج:۱ ص:۱۳۷ وفتح الملھم ج:۱ ص:۲۶۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کون الایمان باللہ افضل الاعمال" میں حدیث "ایّ العمل افضل" کے تحت آئے گی۔

۱۶۲ - "حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ .. (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ الْإِسْلَامِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ." (ص:۴۸ سطر:۱۳،۱۴)

قوله: "أَيُّ الْإِسْلَامِ" (ص:۴۸ سطر:۱۴) أی أیّ أعمال الاسلام.

قوله: "مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ .... الخ" یہاں مَنْ سے پہلے مضاف محذوف ہے، تقدیرِ عبارت ہے: "عَمَلُ مَنْ سلم .... الخ" ناچیز عرض کرتا ہے کہ اس عمل کو اس حیثیت سے افضل الاعمال کہا گیا ہوگا کہ جن اعمال کے ذریعہ معاشرے میں امن و امان قائم کرنے کی کوشش کی جائے یہ اُن میں سب سے افضل اور سب سے زیادہ مؤثر ہے۔

باب بیان خصال من اتصف بهنّ وجد حلاوةَ الایمان

۱۶۳ - "حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ .. (الیٰ قوله) ...عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ بِهِنَّ حَلَاوَةَ الْإِيْمَانِ: مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَأَنْ يُحِبَّ الْمَرْءَ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ، وَأَنْ يَكْرَهَ أَنْ يَعُوْدَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ أَنْ أَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ، كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ." (ص:۴۹ سطر:۱،۲)

قوله: "ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ" (ص:۴۹ سطر:۱)

یہاں "ثلٰث" مبتدأ ہے اور آگے کا جملہ اس کی خبر، اور ثلاث اگرچہ نکرہ ہے مگر اس کا مبتدأ ہونا اس لئے جائز ہے کہ اس کی تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہے اور تقدیرِ عبارت "ثلاث خصال" ہے۔ (کذا فی فتح الباری. رفیع)۔[1]

أی ثلث خصال یعنی جس کے اندر یہ تین صفات ہوں اس کو ایمان کی لذت نصیب ہوگی۔

قوله: "حَلَاوَةَ الْإِيْمَانِ" (ص:۴۹ سطر:۲)

(۱) فتح الباری، کتاب الایمان، باب حلاوة الایمان ج:۱ ص:۴۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یعنی ''ایمان کی لذت'' اس سے مراد یہ ہے کہ طاعات میں اگرچہ مشقت ہو مگر اُن میں لذت آنے لگتی ہے، جیسے جہاد، تبلیغ، تقویٰ، علمِ دین کی تعلیم وتعلّم اور دین کے کاموں میں محنت کہ اِن میں مجاہدے ہیں مگر پھر بھی محبوب ہوجاتے ہیں۔[۱]

قوله: ''وَأَنْ يُحِبَّ الْمَرْءَ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ'' (ص:۴۹ سطر:۲)

آج کل محبت کا معیار کیا ہوتا ہے؟ وطن یا پارٹی، قوم، قبیلہ۔ وہ حق پر ہو یا باطل پر، بس اسی کا ساتھ دیا جاتا ہے، خواہ اُس میں ظلم کی حمایت ہورہی ہو، اِسی کا نام عصبیت ہے، یہ جاہلانہ اور مشرکانہ رسم ہے، دین کی تعلیم تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا دوست ہمارا دوست ہے، اور اللہ کا دُشمن ہمارا دُشمن۔

سوال:- محبتِ طبعی تو غیر اختیاری ہے اور غیر اختیاری کا انسان مکلّف نہیں۔

جواب:- یہ ہے کہ یہاں اگر محبتِ طبعیہ مراد ہو جیسا کہ احقر کا رُجحان ہے، تو جواب یہ ہوگا کہ محبتِ طبعی اگرچہ غیر اختیاری ہے لیکن اس کے اسباب اختیاری ہیں، اس لئے اس کا مکلّف ہونا خلافِ قانونِ شریعت نہیں۔ آدمی بیوی، ماں باپ سب سے طبعاً محبت کرتا ہے، لیکن اگر نیت اللہ کے لئے کرلی جائے اور اس محبت کو شرعی اَحکام کے تابع کرلیا جائے تو یہی عبادت بن جاتی ہے۔ شاگرد اور اُستاذ کے درمیان، اسی طرح مرید اور شیخ کے درمیان جو محبت ہوتی ہے یہ بھی ''حبّ لِلّٰہ'' ہے۔

قوله: ''وَأَنْ يَكْرَهَ أَنْ يَعُوْدَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ أَنْ أَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ'' (ص:۴۹ سطر:۳)

دلالۃ النص کے طور پر اس میں وہ شخص بھی داخل ہے جو ابتداء ہی سے مسلمان ہو۔[۲]

۱۶۴- ''حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (ص:۴۹ سطر:۲،۳)

---

(۱) فی اکمال اکمال المعلم (ج:۱ ص:۱۴۲): ''عن الجنید: أهل اللیل فی لیلهم ألذّ من أهل اللهو فی لهوهم، وعن ابن أدهم: والله! انا لفی لذّة لو علمها الملوک لجادلونا علیها بالسیوف.''

(۲) فی مکمل اکمال اکمال المعلم (ج:۱ ص:۱۴۵): ''والمراد بالعودة فی الکفر مطلق الصیرورة والتلبس تقدّم اتصافهٗ به أم لا.'' وفی فتح الباری (ج:۱ ص:۶۲): ''والانقاذ أعم مِن ان یکون بالعصمة منه ابتداءً بان یولد علی الاسلام ویستمر او بالاخراج من کلمةِ الکفر الیٰ نورِ الایمان کما وقع لکثیر من الصحابة.''

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "طَعْمَ الإِيْمَانِ" (ص:۴۹ سطر:۳)

ایمان کا مزہ، یعنی طاعات میں لذّت آنے لگتی ہے اور گناہوں سے وحشت ہونے لگتی ہے۔

باب وجوب محبة رسولِ الله صلی اللہ علیہ وسلم .... الخ

۱٦٦ – "حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ ح وَحَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ، كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَنَسٍ؛ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ (وَفِي حَدِيْثِ عَبْدِ الْوَارِثِ الرَّجُلُ) حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ."

(ص:۴۹ سطر:۵،۶)

قولہ: "لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ .... حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ" (ص:۴۹ سطر:۶)

حاصل یہ ہے کہ تمام انسانوں کی محبت سے بڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہو، یہ تو طے شدہ ہے کہ یہاں حُبِّ اختیاری مراد ہے، غیر اختیاری مراد نہیں، کیونکہ اس کا انسان مکلّف نہیں، لیکن حُبِّ اختیاری سے کیا مراد ہے؟ اس میں دو احتمال ہیں:-

۱- اس سے مراد اعتقادِ اعظمیّت ہے، یعنی یہ اعتقاد کہ سب سے اعظم ذات مخلوق میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے، اس درجہ کا اعتقاد تو نفسِ ایمان کے لئے شرط ہے، جو شخص حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اعتقادِ اعظمیّت نہیں رکھتا وہ سرے سے مؤمن ہی نہیں، کیونکہ ایسا اعتقاد "ما عُلِمَ من الدِّین ضرورةً" میں سے ہے اور اس صورت میں "لا یؤمن" میں نفی جنسِ ایمان کی ہوگی۔

۲- دوسرا احتمال یہ ہے کہ حُبّ سے مراد میل القلب ہو، یعنی حُبِّ طبعی مراد ہو، اس صورت میں "لا یؤمن" میں نفی کمالِ ایمان کی ہوگی۔

اِس دوسرے احتمال پر وہی سوال ہوتا ہے کہ حُبِّ طبعی تو غیر اختیاری ہے، پھر اس پر کمالِ ایمان کیوں موقوف ہوا؟

اس کا جواب بھی وہی ہے کہ اگرچہ حُبِّ طبعی غیر اختیاری ہے لیکن اس کے اسباب اختیاری ہیں، اور وہ اسباب ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کمال، آپ کے جمال اور آپ کے نوال کا استحضار، آپ کی شفقت علی الاُمت کا، اور آپ کے اُمت پر احسانات کا، اور آپ کی

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

شفاعت لاُمت کا استحضار، اور حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کا مطالعہ اور عشقِ رسول رکھنے والوں کی صحبت کو اختیار کرنا، یہ سب اُمور اختیاری ہیں، ان سے حُبِّ طبعی پیدا ہو جاتی ہے۔

یہ محبتِ رسول "احسان" میں سے ہے اور شعبِ ایمان میں سے ہے، اور یہ تمام احادیث مرجئہ کے مذہب کی تردید کر رہی ہیں کہ ایمان اس وقت تک کامل نہیں ہو سکتا جب تک کہ یہ باطنی اعمال و اخلاق بھی حاصل نہ ہوں۔

سوال:- بخاری شریف میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قصہ مذکور ہے کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: "لأنت یا رسول اللہ! أحبّ الیّ من کلّ شیءٍ الّا من نفسی" تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "لا! والّذی نفسی بیدہٖ حتّٰی أکون أحبُّ الیک من نفسک" تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: "فانّک الاٰن واللہ! أحبّ الیّ من نفسی" تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "الاٰن یا عمر!"(۱) تو یہاں اِشکال ہوتا ہے کہ کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اِس درجہ کی محبتِ عقلی حاصل نہ تھی کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی ذات پر ترجیح دیتے، حالانکہ محبتِ عقلی کا یہ درجہ تو شرطِ ایمان ہے، اس کے بغیر تو آدمی مؤمن ہی نہیں ہوتا۔

اس کے دو جواب زیادہ راجح ہیں:-

۱- حضرت عمر رضی اللہ عنہ اوّلاً یہ سمجھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم محبتِ طبعی مراد لے رہے ہیں، تو "الّا من نفسی" کا استثناء کیا، لیکن پھر تنبّہ ہونے پر سمجھ گئے کہ یہاں محبتِ اختیاری مراد ہے، تو پھر فرمایا: "فانّک الاٰن واللہ! أحبّ الیّ من نفسی"(۲)۔

۲- جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے متنبہ فرمایا تو اللہ ربّ العزت نے محبتِ طبعی کو اس درجہ میں پیدا فرما دیا جو کمالِ ایمان کے لئے مطلوب تھی۔

باب الدلیل علٰی أنّ من خصال الإیمان .... الخ

۱۶۸-"حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی .... (الٰی قولہ) ... عَنْ أَنَسِ بْنِ

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الأیمان والنذور، باب کیف کان یمین النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم الحدیث: ۶۶۳۲۔

(۲) بوادر النوادر ص:۱۰۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مَالِكٍ ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.قَالَ: لاَ يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ(أَوْ قَالَ: لِجَارِهِ) مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ.'' (ص:٥٠ سطر:٢،١)

قوله: ''حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ'' (ص:٥٠ سطر:٢،١)

اخ سے مراد اخِ دینی ہے، اور بعض روایات میں ''من الخیر'' کا لفظ آیا ہے، اور یہاں بظاہر ''لا یؤمن'' میں کمالِ ایمان کی نفی مراد ہے۔

باب بیان تحریم ایذاء الجار

١٧٠ – '' حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ ......(الٰی قوله)......عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ؛ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لاَ يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ.''

(ص:٥٠ سطر:٤،٣)

قوله: ''بَوَائِقَهُ'' (ص:٥٠ سطر:٤)

بَوَائِق جمع ہے بائقة کی، شدید تکلیف کو کہتے ہیں[1]، اس سے معلوم ہوا کہ پڑوسی کو شدید ایذاء رسانی دُخولِ جنت سے مانع ہے۔

صرف نوافل سے آدمی ولی نہیں بنتا، بلکہ بڑی بڑی چیزوں کے ساتھ اِن چھوٹی چھوٹی چیزوں کا بھی اہتمام رکھنے سے اور زندگی کے تمام شعبوں کو اسلام کے سانچے میں ڈھالنے سے ولی بنتا ہے۔

باب الحث علٰی اکرام الجار والضیف ولزوم السکوت .... الخ

١٧١ –'' حَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى.. (الٰی قوله) ... عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ،عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ ،وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ جَارَهُ ،وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ .'' (ص:٥٠ سطر:٤ تا ٦)

قوله: ''فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ'' (ص:٥٠ سطر:٥)

(١) الغريب للخطابي ج:٣ ص:٦١ والنهاية لابن الأثير ج:١ ص:١٦٢، مادة: بوق.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یعنی جس بات میں دینی و دنیوی فائدہ نہ ہو، اس سے اجتناب کیا جائے۔

قولہ: "فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ" (ص:۵۰ سطر:۶)

بخاری شریف میں ہے کہ ضیافت تین دن تک ہے،[1] وفیہ: "وجائزة يوم وليلة" اور "جائزة" کی تفسیر میں دو اقوال ہیں:-

۱- پہلے ایک دن رات کے کھانے میں تکلف کرنا، یہ "جائِزَة" ہے (باقی دِنوں میں جو کچھ حاضر ہے، وہ پیش کر دینا کافی ہے)۔

۲- جب مہمان جانے لگے تو اُسے ایک دن رات کا توشہ دینا۔[2]

۱۷۲ - "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ؛ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يُؤْذِيْ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَسْكُتْ." (ص:۵۰ سطر:۶ تا ۸)

قولہ: "فَلاَ يُؤْذِيْ جَارَهُ" (ص:۵۰ سطر:۷)

یہ جملہ نافیہ ہے، مگر یہاں نفی بمعنیٰ نہی ہے کہ وہ شخص پڑوسی کو نقصان نہ پہنچائے۔[3]

قولہ: "فَلْيَقُلْ خَيْرًا" (ص:۵۰ سطر:۸)

اس میں فرض و واجب اور مستحب کلام داخل ہے، مباح کو ذکر نہیں کیا، اس سے معلوم ہوا کہ جس کلامِ مباح میں دین یا دنیا کا فائدہ نہ ہو اس سے بھی احتراز کرنا چاہئے، کیونکہ مآل کار وہ بھی مباح نہیں رہتا، بلکہ مکروہ یا ناجائز ہو جاتا ہے، کیونکہ فضول گفتگو کرنے سے اپنا اور دوسرے کا وقت ضائع ہوتا ہے اور اُسے تکلیف پہنچتی ہے، لہٰذا یہ بھی مآل کار شر ہے، خیر نہیں۔

قولہ: "أَوْ لِيَسْكُتْ" (ص:۵۰ سطر:۸)

اس عادت کو پیدا کرنے کے لئے بہت سے لوگوں کو بڑا مجاہدہ کرنا پڑتا ہے۔

صوفیائے کرام کے یہاں چار مجاہدے مشہور ہیں: ۱- قلّتِ طعام، ۲- قلّتِ منام، ۳- قلّتِ کلام، ۴- قلّتِ اختلاط مع الانام۔ اور اِن سب کا مقصد انسان کو لایعنی اُمور سے اور

(۱) صحيح البخاری، کتاب الأدب، باب اکرام الضيف وخدمتهٔ اياه بنفسه، رقم الحديث: ۶۱۳۵۔

(۲) فتح الباری ج:۵ ص:۵۳۳۔

(۳) الحل المفهم ج:۱ ص:۳۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

گناہوں سے بچانا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "من حسن إسلام المرءِ ترکُهُ ما لا یعنیهِ."(۱)

بعض لوگ کہتے ہیں کہ صوفیائے کرام کے مجاہدے بدعت ہیں، کیونکہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نہ تھے۔

جواب:- حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ نے فرمایا کہ: دراصل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مجاہدوں کی ضرورت کم ہوتی تھی، کیونکہ ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی برکت میسر تھی اور پھر وہ جہاد میں بکثرت مشغول رہتے تھے اور جہاد کا مجاہدہ بہت سے مجاہدوں سے مستغنی کر دیتا ہے۔ کسی نے کہا کہ: حضرت! شریعت میں مطلوب قلّتِ کلام ہے لیکن صوفیائے کرام بعض اوقات اپنے بعض مریدوں کو کلامِ مباح سے بھی منع کر دیتے ہیں، حالانکہ شریعت میں مباح ممنوع نہیں ہے۔

جواب دیا کہ مجاہدے کا مقصود علاج ہے اور علاج میں عارضی طور پر مباح سے بھی منع کیا جاسکتا ہے، (ہاں! مجاہدے ہی کو اگر ذریعہ اور علاج کے بجائے مقصود قرار دے دیا جائے تو یہ بدعت ہوگا)۔

باب بیان کون النهی عن المنکر من الایمان الخ

۱۷۵-"حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ:نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى...... (الٰی قوله) ... عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ(وَهٰذَا حَدِيْثُ أَبِيْ بَكْرٍ)، قَالَ:أَوَّلُ مَنْ بَدَأَ بِالْخُطْبَةِ ،يَوْمَ الْعِيْدِ قَبْلَ الصَّلاةِ، مَرْوَانُ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ.فَقَالَ:الصَّلاةُ قَبْلَ الْخُطْبَةِ.فَقَالَ: قَدْ تُرِكَ مَا هُنَالِكَ. فَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ:أَمَّا هٰذَا فَقَدْ قَضٰى مَا عَلَيْهِ.سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ رَأٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ ،فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ وَذٰلِكَ أَضْعَفُ الإِيْمَانِ." (ص:۵۰ سطر:۱۰، ۱۱ و ص:۵۱ سطر:۱،۲)

قوله:"قَالَ:أَوَّلُ مَنْ بَدَأَ بِالْخُطْبَةِ ،يَوْمَ الْعِيْدِ قَبْلَ الصَّلاةِ" (ص:۵۱ سطر:۱)

سنت یہ ہے کہ عید میں نماز پہلے اور خطبہ بعد میں ہو، لیکن مروان نے خطبہ نماز سے

(۱) جامع الترمذی، باب منه من باب من تکلم بکلمة یضحک به الناس، رقم الحدیث: ۲۳۱۷۰

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پہلے دینا شروع کر دیا۔

یہ مروان بن الحکم ہیں، اور رجال البخاری میں سے ہیں، یعنی امام بخاریؒ نے مروان کی روایتیں اپنی کتاب میں نقل فرمائی ہے،[1] ان کا تعلق بنواُمیہ سے تھا، یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی بھی تھے اور داماد بھی، ولادت ہجرت کے دو یا چار سال بعد ہوئی۔ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث روایت کی ہیں، لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع ثابت نہیں، اور امام بخاری کا قول ہے کہ ان کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رؤیت بھی حاصل نہیں۔[2] البتہ حافظ ابنِ حجرؒ نے مقدمة فتح الباری میں فرمایا ہے کہ: "یقال: لهٗ رؤية، وقال عروة ابن الزبير: كان لا يُتّهم في الحديث وقد روى عنه سهلُ بن سعد الساعدی الصحابی اعتمادًا علٰى صدقهٖ (الٰی قولہٖ) وقد اعتمد مالک علٰى حديثهٖ ورأيهٖ والباقون سوٰى مسلمؒ."[3] اور فتح الملهم میں ہے کہ یہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے مدینہ طیبہ کے عامل (گورنر) تھے۔[4]

کہا جاتا ہے کہ مروان بن الحکم نے خطبہ کو نماز سے شاید اس لئے مقدم کیا تھا کہ لوگ ان سے بعض سیاسی وجوہ کی بنا پر خوش نہ تھے، اس لئے مروان کو خطرہ ہوا کہ اگر نماز کے بعد خطبہ دیا تو لوگ خطبہ نہ سنیں گے۔

بعض دوسری روایات میں یہ عمل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف، بعض میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف اور بعض میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے کہ انہوں نے خطبہ کو نماز پر مقدم کیا۔ لیکن محدثینِ کرام نے ان روایات کے بجائے مسلم کی حدیثِ باب کو راجح قرار دیا ہے، جس میں صراحت ہے کہ یہ کام سب سے پہلے مروان نے کیا تھا، اور فرمایا ہے کہ اگر مذکورہ صحابہ کرامؓ کی طرف یہ نسبت دُرست بھی ہو تو اس کی وجہ یہ ہوگی کہ

(۱) دیکھئے صحیح بخاری، کتاب الوکالة، باب اذا وهب شيئًا لوكيل الخ ، حافظ ابنِ حجرؒ نے هدی الساری مقدمة فتح الباری میں فرمایا ہے کہ صحیح بخاری میں مروان کی دو حدیثیں منقول ہیں۔ (ج:۲ ص:۱۹۲)

(۲) تهذيب التهذيب ج:۵ ص:۳۸۴۔

(۳) مقدمة فتح الباری ص:۴۴۳۔

(۴) فتح الملهم ج:۱ ص:۲۵۵، مروان بن الحکم کے تفصیلی حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیے: سِيَر اعلام النُّبلاء ج:۳ ص:۴۷۶ وتهذيب الكمال ج:۲۷ ص:۳۸۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس زمانہ میں مسلمانوں کی تعداد میں کافی اضافہ ہو چکا تھا اور نومسلموں میں کچھ تساہل محسوس کیا گیا ہوگا، تمام مسلمانوں کو نمازِ عید میں شامل کرنے کے لئے ان حضرات نے احیاناً نماز پر خطبے کو مقدم فرما دیا ہوگا، مصلحۃً للمسلمین، جبکہ مروان بن الحکم نے یہ کام شاید اپنی مذکورہ بالا مصلحت سے کیا تھا، یا احیاناً تقدیم کرنے کے بجائے اسے معمول بنالیا تھا، اسی وجہ سے اس کے عمل پر نکیر کی گئی اور مذکورہ بالا خلفاء پر نکیر نہیں کی گئی، (کذا فی فتح الملہم)۔[1]

قولہ: "فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ" (ص:۵۱ سطر:۱) ای قام متوجھًا الیہ رجلٌ.

قولہ: "فَقَالَ: الصَّلٰوۃُ قَبْلَ الْخُطْبَةِ" (ص:۵۱ سطر:۱)

ان صاحب نے صرف مسئلہ بیان کیا، نزاع اور جدال سے پرہیز کیا، اس سے یہ ادب معلوم ہوا کہ عالم کا بنیادی فریضہ نرمی اور خیرخواہی کے ساتھ مسئلہ بتلانا اور صحیح بات کی ترغیب دینا ہے، یعنی علماء کا فریضہ منکر کے مقابلے میں تغییر بالید نہیں بلکہ تغییر باللسان ہے، اور وہ بھی نرمی اور خیرخواہی کے ساتھ۔

قولہ: "قَدْ تُرِكَ مَا هُنَالِكَ" (ص:۵۱ سطر:۱)

یہاں ھنالک ظرفِ زمان کے طور پر استعمال ہوا ہے، یعنی متروک ہوگیا وہ عمل جو زمانۂ نبوی اور عہدِ صدیقی میں تھا، مطلب یہ ہے کہ ایسا کرنے والا میں پہلا انسان نہیں بلکہ پہلے بھی ایسا کیا گیا ہے۔

قولہ: "أَمَّا هٰذَا" (ص:۵۱ سطر:۱) یعنی یہ شخص جس نے نکیر کی ہے۔

قولہ: "فَقَدْ قَضٰى مَا عَلَيْهِ" (ص:۵۱ سطر:۱) اُس نے اپنے اُوپر عائد ہونے والے فریضے (نہی عن المنکر) کو ادا کردیا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد سے دو باتیں معلوم ہوئیں:۔

۱- جب ایک شخص سنت کے طریقے پر امر بالمعروف کرے اور اس کو دوسروں کی تائید کی ضرورت ہو تو اس کی تائید کرنی چاہئے۔

۲- دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ یہاں "الصلٰوۃُ قبلَ الخطبۃ" کا جملہ کہہ دینا ہی یعنی تغییر باللسان کرنا ہی کافی تھا، حالانکہ وہ اس کو پکڑ کر زبردستی مصلّٰی سے ہٹا سکتے تھے، لیکن یہ

(۱) ج:۱ ص:۶۵۵، وأیضًا فی اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۱۵۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس لئے نہیں کیا کہ اس سے فتنہ برپا ہوجاتا، معلوم ہوا کہ اس وقت ان کا فریضہ تغییر باللسان کا تھا نہ کہ تغییر بالید کا۔

قولہ: "مَنْ رَّاٰی مِنْکُمْ" (ص:۵۱ سطر:۲)

یہ حدیث امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے متعلق ہے، جو دین کا قطبِ اعظم ہے، یہ ختم ہوجائے یعنی مداہنت سے کام لیا جائے تو دین درہم برہم ہوجائے، لیکن جتنا یہ اہم ہے اتنا ہی اس کی حدود وشرائط بھی اہم ہیں۔ ہمارے والد صاحبؒ فرمایا کرتے تھے کہ: نماز کی بہت سی تفصیلات تو قرآنِ کریم میں نہیں ہیں، بلکہ احادیث میں ہیں، مثلاً تعدادِ رکعات وترتیبِ ارکان تک کو قرآن مجید میں نہیں بتایا گیا، لیکن حیرت ہوتی ہے یہ دیکھ کر کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے بارے میں بہت ساری تفصیلات قرآنِ کریم ہی میں بتلادی گئی ہیں، صرف کلامِ رسول پر اکتفاء نہیں کیا گیا، وجہ یہ ہے کہ اس میں لوگوں کے افراط وتفریط میں مبتلا ہونے کا اندیشہ تھا کہ یا تو امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں اتنا غلو کریں گے کہ سنتِ انبیاء کے مطابق حکمت، خیرخواہی اور نرم کلامی کا اہتمام نہیں کریں گے سختی اور جذباتیت سے کام لیں گے، موقع محل کی رعایت نہیں کریں گے۔ یا مداہنت سے کام لے کر شیطانِ اخرس بنے بیٹھے رہیں گے۔ چنانچہ ہمارے زمانے میں یہ دونوں قسم کے لوگ پائے جاتے ہیں، کچھ لوگ امر بالمعروف میں اتنا غلو کرتے ہیں کہ انبیاء کرام کی سنت کو چھوڑ دیتے ہیں اور دعوت کے کام میں لگ کر بسا اوقات والدین اور بیوی بچوں کے حقوق بھی پامال کردیتے ہیں، یا مخالفین پر اتنا تشدد کرتے ہیں کہ جھگڑے اور قتل وقتال تک نوبت پہنچ جاتی ہے، اور مخاطب ضد پر آجاتے ہیں، کچھ دوسرے لوگ شیطانِ اخرس بنے رہتے ہیں، یہ دونوں انتہائیں غلط ہیں اور دین کو کمزور کرنے کا ذریعہ ہیں۔ قرآنِ مجید میں انبیاء کرامؑ کے اپنی اپنی قوموں کو دعوتِ اسلام دینے کے لئے جو مکالمے نقل کئے گئے ہیں، وہ اس کام میں سنتِ انبیاء علیہم السلام کی تشریح کے لئے کافی ہیں۔

دعوت الی اللہ اور امر بالمعروف والنہی عن المنکر کی اہمیت کا کچھ اندازہ ان آیاتِ قرآنیہ سے ہوسکتا ہے: "وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ"[1]

نیز ارشاد ہے: "كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ"[2]

---

(۱) آل عمران آیت:۱۰۴۔ (۲) آل عمران آیت:۱۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نیز ارشاد ہے: ''وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ''۔ (۱)

لیکن یاد رہے کہ امر بالمعروف کوئی لاٹھی نہیں ہے کہ دوسروں کے سر پر مار دو اور یہ فریضہ ادا ہوگیا، ایسا نہیں ہے۔ بلکہ قرآن مجید میں ہے: ''اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ''۔ (۲)

نیز قرآن مجید میں ہے کہ حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کو فرعون کی طرف دعوتِ اسلام کے لئے بھیجتے وقت ان کو تلقین فرمائی گئی کہ: ''فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا...''۔ (۳)

حضرت والد صاحبؒ فرمایا کرتے تھے کہ: ہم حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام سے بڑے مصلح نہیں، اور ہمارے مخاطب فرعون سے زیادہ گمراہ و سرکش نہیں، جب حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کو فرعون کے مقابلے میں سخت کلامی کی اجازت نہیں دی گئی اور نرم بات کہنے کا حکم دیا گیا، تو ہمیں اپنے مخاطبین سے سخت کلامی کی اجازت کیسے ہوسکتی ہے؟

قرآنِ حکیم نے جگہ جگہ مختلف قوموں کو دعوت دینے کا انداز بھی بیان فرمایا ہے، اور مخالفت اور تعنت کی پُرآشوب فضا میں داعی کا طرزِ عمل کیا ہونا چاہئے؟ اس کی رہنمائی بھی فرمائی۔ مثلاً: اہلِ کتاب کو دعوت دینے کا طریقہ اِن کلمات میں ارشاد فرمایا گیا: ''يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ''۔ (۴)

اِس آیتِ مبارکہ میں بتلایا گیا کہ اہلِ کتاب کو دعوت دینے کا طریقہ یہ ہے کہ ان کو سب سے پہلے ان چیزوں کی طرف بلانا چاہئے جو ہمارے اور اُن کے درمیان مشترک ہیں، تاکہ وہ دینِ اسلام سے مانوس ہوں اور ان کی اجنبیت میں کمی آجائے۔

اگر داعی کو معاندین کی مخالفت اور سختی کا سامنا کرنا پڑے تو اُس وقت داعی کا ردِّعمل کیا ہونا چاہئے؟ اس کو بیان کرنے کے لئے اللہ ربّ العزت نے متعدد انبیاء کرام علیہم السلام کے اپنی اپنی قوموں کے ساتھ مکالمات نقل فرمائے، مثلاً: سورۃ الاعراف میں ہے کہ نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو دعوت دیتے ہوئے فرمایا: ''يٰقَوْمِ'' (اے میری قوم!) اِس میں محبت اور موانست کا انداز ہے۔ آگے فرمایا: ''اُعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

(۱) الذّٰریٰت آیت:۵۵۔ (۲) النحل آیت:۱۲۵۔

(۳) طٰہٰ آیت:۴۴۔ (۴) آل عمران آیت:۶۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَـذَابَ يَـوْمٍ عَـظِيْـمٍ O"[۱] قوم نے اِس مشفقانہ دعوت کا اثر قبول کرنے کے بجائے بہت سخت الفاظ استعمال کیئے اور کہا: "اِنَّـا لَـنَـرٰکَ فِـیْ ضَـلٰلٍ مُّبِیْنٍ"[۲] لیکن اللہ کے نبی نے صبر و تحمل کا مظاہرہ فرمایا اور کہا: "یٰـقَوْمِ لَیْسَ بِیْ ضَلٰـلَةٌ وَّلٰـکِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ."[۳]

سورۃ الأعراف ہی میں آگے حضرت ہود علیہ السلام کا اُن کی قوم سے مکالمہ اسی طرح کا نقل فرمایا گیا: "وَاِلٰـی عَـادٍ أَخَاهُمْ هُوْدًا، قَالَ یٰـقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَکُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ط أَفَـلَا تَتَّقُوْنَ" لیکن قوم کے لوگوں نے اس مشفقانہ خطاب کا یہ جواب دیا کہ: "اِنَّـا لَـنَـرٰکَ فِیْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّـا لَـنَـظُـنُّـکَ مِنَ الْکٰذِبِیْنَ" ۔مگر نبی نے اس پر بھی صبر فرمایا اور گالی کا جواب گالی سے دینے کے بجائے فرمایا: "یٰـقَوْمِ لَیْسَ بِیْ سَفَاهَةٌ وَّلٰـکِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ."[۴]

قرآنِ حکیم نے اس قسم کے مکالمات جگہ جگہ نقل فرمائے ہیں، اِن سے داعی حق کو اِس طرف رہنمائی ملتی ہے کہ ایسے مواقع میں صبر و تحمل کے دامن کو مضبوطی سے پکڑ لینا چاہئے۔

اسی طرح داعی کبھی کبھی دعوت کے کام کو اس خیال سے چھوڑ بیٹھتا ہے کہ اب دعوت دینے کا کوئی فائدہ نہیں، اس لئے کہ لوگ کلمۂ حق کا اثر قبول نہیں کرتے۔ شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ: یہ بڑی غلط فہمی اور شیطان کا دھوکا ہے، جب بھی دعوت دی جاتی ہے تو اس کا فائدہ ضرور ہوتا ہے، کیونکہ قرآنِ حکیم کا ارشاد ہے: "وَذَکِّرْ فَـاِنَّ الـذِّکْـرٰی تَنْفَعُ الْـمُؤْمِنِیْنَ"[۵] ہاں! یہ ہوسکتا ہے کہ اِس نفع کے پہنچنے میں مختلف اوقات و اشخاص کے اعتبار سے تفاوت ہو کہ کسی پر بالکل اثر نہ ہو، کسی پر زیادہ اثر ہو اور کسی پر کم، کسی کو فوراً فائدہ پہنچ جائے، کسی کو بعد میں، لیکن ایک حد تک فائدہ ضرور ہوتا ہے، البتہ فائدہ پہنچنے کے لئے تین شرائط ہیں:-

۱- بات حق ہو۔

۲- نیت حق ہو، یعنی مخاطب کی خیرخواہی اور اللہ کی رضا مقصود ہو، اپنی بڑائی جتانا یا مخاطب کی تذلیل و تحقیر مقصود نہ ہو۔

۳- طریقہ حق ہو، یعنی سنتِ انبیاء علیہم السلام کے مطابق خیرخواہانہ اور حکیمانہ کلام ہو، انداز نرم ہو، سخت کلامی نہ ہو، جب ان میں سے کوئی شرط مفقود ہو جائے تو ہوسکتا ہے کہ فائدہ نہ

(۱) الأعراف آیت:۵۹۔ (۲) الأعراف آیت:۶۰۔ (۳) الأعراف آیت:۶۱۔
(۴) الأعراف آیت:۶۵-۶۷۔ (۵) الذّٰریٰت آیت:۵۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہو۔ خلاصہ یہ کہ جب حق بات، حق نیت سے، حق طریقے سے کی جاتی ہے تو فائدہ ضرور ہوتا ہے، خواہ کم ہو یا زیادہ، اور فوراً ہو یا تاخیر سے، سب سامعین کو ہو یا بعض کو۔

قولہ: "فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ" (ص:۵۱ سطر:۲)

ید سے مراد قوت ہے، أمر بالمعروف اور نهى عن المنكر کا کام بعض حالات میں فرضِ عین ہوتا ہے اور بعض حالات میں فرضِ کفایہ، عام حالات میں فرضِ کفایہ ہے، کیونکہ یہاں "منکم" میں "من" تبعیضیہ ہے، اور آیت "وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ" سے بھی معلوم ہوا کہ اس کام کے لئے ایک بڑی جماعت ہونی چاہئے، یہ بھی فرضِ کفایہ ہونے کی دلیل ہے، البتہ اگر کوئی شخص منکر دیکھ رہا ہے تو اس شخص پر تغییرِ منکر کی کوشش بقدرِ استطاعت فرضِ عین ہوجاتی ہے۔

حدیثِ باب کا واقعہ "استطاعت" کا مطلب بھی واضح کرتا ہے۔

مروان کا یہ واقعہ عہدِ صحابہؓ کا ہے، دیکھئے! حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ علیحدہ جماعت کرواسکتے تھے، مروان کا ہاتھ پکڑ کر نیچے اُتار سکتے تھے، یہ استطاعت بالید تھی، لیکن اُنہوں نے اِس قدرت کو استطاعت نہیں سمجھا، کیونکہ اِس سے فتنہ، قتل وقتال اور فساد پھیلتا، دو جماعتیں ہوجاتیں، ایک ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی اور دُوسری مروان کی، اور پھر فتنہ اور قتل وقتال ہوتا۔ معلوم ہوا کہ استطاعت کا مطلب یہ ہے کہ تغییر اس طرح ہو کہ اس کے نتیجے میں کوئی دُوسرا بڑا منکر یا فتنہ مسلمانوں میں پیدا نہ ہو اور تفرقہ نہ ہو، ورنہ ایسی صورت میں تغییر بالید فرض تو کیا جائز بھی نہیں۔

جو حکم تغییر بالید کا ہے وہی حکم تغییر باللسان کا بھی ہے، یعنی اگر تغییر باللسان کے نتیجے میں بڑا فتنہ پھیلنے کا اندیشہ ہو تو سکوت واجب ہے، مگر اس وقت تغییر بالقلب کرے، واللہ أعلم۔

تغییر بالقلب کا مطلب عام طور پر شارحین صرف یہ لکھتے ہیں کہ دِل سے اُس منکر کو بُرا سمجھے، لیکن فتح الملهم میں[1] اگلی حدیث کے الفاظ "وَمَنْ جَاهَدَهم بقلبه .... الخ" کی شرح میں اس کا مطلب یہ بیان فرمایا گیا ہے کہ اُس منکر کو دِل سے بُرا بھی سمجھے اور یہ نیت اور

(۱) فتح الملهم ج:۱ ص:۲۶۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عزم بھی رکھے کہ اگر کبھی مجھے قدرت ہوئی تو تغییر بالید یا باللسان بھی کروں گا، بلکہ ناچیز کا خیال ہے کہ اُس منکر کے اِزالے کی دُعا کرنا بھی تغییر بالقلب میں داخل ہے،(۱) واللہ أعلم۔

قولہ: "وَذٰلِکَ أَضْعَفُ الإِیْمَانِ" (ص:۵۱ سطر:۲)

ای أضعف أعمال الایمان۔ تغییر بالقلب سے نیچے ایمان کا کوئی درجہ نہیں، کیونکہ اگر دِل سے بھی ایسے منکر کو بُرا نہیں سمجھتا جس کے مُنکر ہونے کا علمِ ضروری حاصل ہو چکا ہے تو یہ استحلال حرام ہے، اور استحلالِ حرام کفر ہے۔

ہمارے بزرگانِ دین کا أمر بالمعروف، نھی عن المنکر اور ردِّ بدعات میں طریقہ نہایت معتدل تھا، دلائل اور خیرخواہی سے انبیاء والے طریقہ سے أمر بالمعروف اور نھی عن المنکر کرتے تھے۔ چنانچہ جب تک ہمارے بزرگ زندہ رہے وہی غالب رہے اور سنتوں کا احیاء ہوتا رہا، اور جب سے ردِّ بدعات کے نام پر یا عشقِ رسول کے نام پر اُکھاڑ پچھاڑ، تقریروں میں سخت کلامی اور تشدّد شروع ہوا اِس سے بدعات کو فروغ ملا، اب یہ ہو رہا ہے کہ کسی منکر کے اِزالہ کے لئے سنتِ انبیاء کے بجائے تشدّد کا راستہ اختیار کیا گیا، تو اس کے نتیجے میں کئی مزید منکرات کھڑے ہوگئے۔

جس شخص کو اپنی ذات کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے اس کے باوجود وہ تغییر بالید یا باللسان کرتا ہے، تو یہ جائز ہے، بلکہ عظیم اجر وثواب کا باعث ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ اس سے مسلمانوں میں تفرقہ نہ پڑتا ہو۔

حاصل یہ ہے کہ تغییرِ منکر میں استطاعت شرط ہے، اور استطاعت کی شرائط میں یہ بھی داخل ہے کہ اس کے نتیجے میں کوئی دُوسرا بڑا منکر یا فتنہ وفساد نہ پھیلتا ہو، لہٰذا اگر خون ریزی یا فتنہ کا خطرہ ہو یا کوئی دُوسرا بڑا منکر پیدا ہوجانے کا قوی اندیشہ ہو تو اُس وقت اگرچہ استطاعتِ لغویہ موجود ہے لیکن شریعت کی اصطلاح میں اسے استطاعت نہیں کہا جائے گا۔

۱۷۷- "حَدَّثَنِیْ عَمْرٌو النَّاقِدُ ... (الیٰ قولہ)... عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْحَکَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمِسْوَرِ، عَنْ أَبِیْ رَافِعٍ عَنْ

(۱) وفی مکمّلُ اکمال الاکمال للعلامۃ السنوسیّ (ج:۱ ص:۱۵۴): والتغییر بالقلب أن یکرہ المعصیۃ ویودّ أنّ لو قدر وکان ابن عرفۃ یقول: "انّہ الدعاء بقطع المنکر وان دعا علی المتعاطی جاز".

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ؛ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ نَبِيٍّ بَعَثَهُ اللّٰهُ فِيْ أُمَّةٍ قَبْلِيْ، إِلَّا كَانَ لَهُ مِنْ أُمَّتِهِ حَوَارِيُّوْنَ وَأَصْحَابٌ، يَأْخُذُوْنَ بِسُنَّتِهِ وَيَقْتَدُوْنَ بِأَمْرِهِ، ثُمَّ إِنَّهَا تَخْلُفُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلُوْفٌ، يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا لَا يُؤْمَرُوْنَ، فَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَيْسَ وَرَاءَ ذٰلِكَ مِنَ الْإِيْمَانِ حَبَّةُ خَرْدَلٍ.

قَالَ أَبُوْ رَافِعٍ: فَحَدَّثْتُهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ فَأَنْكَرَهُ عَلَيَّ. فَقَدِمَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَنَزَلَ بِقَنَاةَ، فَاسْتَتْبَعَنِيْ إِلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَعُوْدُهُ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فَلَمَّا جَلَسْنَا سَأَلْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَحَدَّثَنِيْهِ كَمَا حَدَّثْتُهُ ابْنَ عُمَرَ. قَالَ صَالِحٌ: وَقَدْ تُحُدِّثَ ذَالِكَ عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ." (ص:۵۲ سطر:۲ تا ۲)

قوله: "عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ" (ص:۵۲ سطر:۳) هو مولٰى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم، والأصحُّ انّ اسمه: أسلم. كما فى فتح المهلم۔

قوله: "حَوَارِيُّوْنَ" (ص:۵۲ سطر:۴)

یہ جمع ہے حواری کی اور حواری مخلص ساتھی کو کہتے ہیں، "حَوَر" بفتحتین سے مشتق ہے، وهو شدة البياض، خلوصِ نیت اور صفائی باطن کی وجہ سے "حواری" کہلائے۔[1]

سوال:- ایک حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض نبی ایسے بھی دکھلائے گئے کہ ان کے ساتھ ایک دو پیروکار تھے اور بعض کے ساتھ ایک بھی پیروکار نہ تھا،[2] اور اس حدیثِ باب میں ہے کہ: "ما من نبی بعثه اللّٰه تعالٰى فى أُمّة قبلى إلّا كان لهٗ من أُمّته حواريّون وأصحابٌ يأخذون بسنّته" بظاہر دونوں میں تعارض ہے؟

جواب:- یہاں حدیثِ باب میں اکثر نبی مراد ہیں، ایسے نبی جن کا کوئی پیروکار نہ تھا شاذ ہیں،[3] والشاذ كالمعدوم۔

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۵۸۰ وفتح الملهم ج:۱ ص:۶۵۹۔

(۲) مسند أبي عوانة ج:۱ ص:۸۵، بيان الأعمال المكروهة والفاظهٗ: "عرضت على الأمم فرأيت النبي معه الرهط والنبي معه الرجل والنبي معه الرجلان والنبي ليس معه أحدٌ" وفيه أيضًا (ج:۱ ص:۱۷۷) والفاظهٗ: "فيجئ النبي معه العصابة والنبي معه الخمسة والستة والنبي ليس معه أحدٌ."

(۳) اكمال اكمال المعلم ج:۱ ص:۱۵۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "خُلُوْف" (ص:۵۲ سطر:۴)

یہ خَلْفٌ بسکون اللام کی جمع ہے، بُرے جانشین کو کہتے ہیں، کما فی قولہٖ تعالیٰ: "فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ أَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ"[1]۔ اور خَلَفٌ بفتح اللام اچھے جانشین کو کہتے ہیں، اور اس کی جمع اَخلاف آتی ہے جیسے: "سَلَف" کی جمع "اَسلاف"۔[2]

قولہ: "يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ" (ص:۵۲ سطر:۴)

یعنی کہتے ہوں گے وہ بات جو کرتے نہیں ہوں گے، اس کے ظاہر کو دیکھ کر بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ جس طاعت پر کوئی آدمی خود عمل نہیں کرتا تو دوسروں کو بھی اس کی دعوت نہ دے۔ خوب سمجھ لو! یہ سمجھنا غلط ہے، حکیم الأمت حضرت تھانوی قدس اللہ سرہٗ نے مختصر الفاظ میں قرآنِ مجید کی آیت: "لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ"[3] کی تشریح یہ فرمائی کہ: "یہاں دعویٰ کی مذمت ہے، دعوت کی نہیں"۔[4] یعنی قول سے مراد جھوٹا دعویٰ کرنا ہے، مثلاً تہجد پڑھتے نہیں لیکن دعویٰ کریں کہ تہجد گزار ہیں، متقی ہوں نہیں لیکن متقی ہونے کا دعویٰ کرتے ہوں، حاصل یہ کہ مذمت دعویٰ کی ہے، دعوت کی نہیں۔

قولہ: "فَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ" (ص:۵۲ سطر:۴)

یہاں جہاد کے تین درجے بیان فرمائے گئے ہیں، ۱-جہاد بالید، ۲-جہاد باللسان، ۳-جہاد بالقلب۔ اس کے بعد ایمان کا کوئی درجہ نہیں ہے، کیونکہ یہ رضاء بالمعصیت ہے اور جب اس کے معصیت ہونے کا علمِ ضروری حاصل ہو چکا ہو تو اس پر راضی ہونا یعنی اس کو پسند کرنا کفر ہے۔

لیکن یہاں جہاد سے مراد قتال نہیں بلکہ کوشش اور مجاہدہ مراد ہے، کیونکہ یہاں جہاد باللسان اور جہاد بالقلب کا بھی ذکر ہے، حالانکہ زبان اور قلب سے قتال نہیں ہوتا، نیز پیچھے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث سے معلوم ہو چکا ہے کہ سلطان کے سامنے حق بات کو بذریعہ

---

(۱) سورۃ مریم آیت:۵۹۔

(۲) مجمع بحار الأنوار ج:۲ ص:۹۱ وفتح الملهم ج:۱ ص:۲۶۰۔

(۳) الصف آیت:۲۔

(۴) بیان القرآن ج:۳ ص:۲۱، تحت هٰذه الآية.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

زبان بیان کر دینا کافی ہے، لہٰذا اگر یہاں قتال مراد لیا جائے گا تو یہ نہ صرف گزشتہ حدیث کے معارض ہوگا، بلکہ اور بھی متعدد روایات کے معارض ہوگا، جن میں ائمۃ الجور کے مقابلے میں صبر کرنے اور سمع و طاعت کا حکم ہے، ان میں سے صحیحین کی ایک حدیث وہ ہے جس کو خود حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے (جو اِس حدیثِ باب کے بھی راوی ہیں) مرفوعاً نقل کیا ہے کہ: "اصبروا حتی تلقونی علی الحوض"۔[(۱)]

اور حضرت گنگوہیؒ نے الحل المفہم[(۲)] میں ارشاد فرمایا کہ: حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی اِس روایت (حدیثِ باب) پر نکیر جو آگے آرہی ہے، اُس کی وجہ بھی بظاہر یہ تھی کہ اِس حدیث کا ظاہر دیگر روایات سے معارض ہے، کیونکہ اس میں اہلِ اسلام سے قتال کی ترغیب کی طرف ذہن جاتا ہے۔

چنانچہ علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ اور علامہ نوویؒ[(۳)] نے دونوں روایات میں اس طرح تطبیق دی ہے کہ: "فاصبروا حتّٰی تلقونی علی الحوض" کا حکم اُس وقت ہے جب جہاد بالید سے فتنے اور خون ریزی کا اندیشہ ہو، اور مذکورہ حدیث میں جہاد بالید کا حکم اُس وقت ہے جب خون ریزی اور فتنہ کے بغیر پُرامن کوششوں سے ظالم حکمرانوں کی حکومت کا خاتمہ کیا جاسکے، مثلاً آج کل الیکشن (انتخابات) کے ذریعہ۔ اور جہاد کو قتال لازم نہیں، جہاد اعم ہے قتال اخص ہے، یعنی جہاد بغیر قتال کے بھی ہوسکتا ہے، جیسا کہ قرآنِ کریم میں فرمایا گیا: "وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا"[(۴)] یہاں جہاد سے مراد کوشش ہے نہ کہ "قتال" لہٰذا تعارض نہ رہا۔

دوسرا جواب اس تعارض کا یہ ہے کہ اِس حدیث میں اُممِ سابقہ کے اَحوال و اَحکام کا بیان ہے اور "فاصبروا" میں اُمتِ محمدیہ کو حکم دیا گیا ہے، اِس توجیہ سے بھی تعارض باقی نہ رہا۔[(۵)]

قولہ: "قَالَ أَبُوْ رَافِعٍ: فَحَدَّثْتُهٗ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ فَأَنْكَرَهٗ عَلَيَّ"

(ص:۵۲ سطر:۵)

---

(۱) صحیح البخاری، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم للأنصار اصبروا حتّٰی تلقونی علی الحوض، رقم الحدیث: ۳۵۸۱،۳۵۸۲،۳۵۸۳ وصحیح مسلم، باب اعطاء المؤلفۃ قلوبھم علی الاسلام .... الخ، رقم الحدیث: ۱۰۶۱۔

(۲) الحل المفہم ص:۳۲۔

(۳) فتح الملہم ج:۱ ص:۲۶۱، وشرح النووی ج:۱ ص:۵۲۔

(۴) الفرقان آیت:۵۲۔ (۵) شرح النووی ج:۱ ص:۵۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے اس انکار کی وجہ وہی ہے جو حضرت گنگوہیؒ کے حوالے سے ہم پیچھے بیان کر چکے ہیں۔

تیسرا جواب اس ظاہری تعارض کا یہ ہے کہ: امام احمد بن حنبلؒ نے بھی اس روایت کو منکر سمجھا ہے دو وجہ سے:-

۱- اِس میں حارث راوی غیر محفوظ ہے۔ لیکن اِس کا جواب تو یہ ہے کہ امام احمدؒ کے علاوہ دیگر ائمۂ حدیث کے نزدیک یہ ضعیف نہیں،[۱] جماعة من الثقات نے ان سے احادیث روایت کی ہیں، (جو ان کے ثقہ ہونے کی علامت ہے) اور کتب الضعفاء میں بھی ان کا نام نہیں ملتا۔ پھر اس حدیث کی روایت میں حارث منفرد نہیں بلکہ یہ حدیث دوسرے متعدد طُرُق سے بھی مروی ہے،[۲] لہٰذا اسے ضعیف نہیں کہا جاسکتا۔

۲- دوسری وجہ متنِ حدیث ہے، کیونکہ اس کا ظاہر معارض ہے اُن احادیث سے جن میں بغاوت سے منع کیا گیا ہے، بالخصوص جبکہ ابنِ مسعودؓ ہی سے وہ روایت ہے جس میں ارشاد ہے: "فاصبروا حتّٰی تلقونی علی الحوض"۔[۳] کما مَرّ۔

چوتھا جواب اس تعارض کا یہ ہے کہ امام احمدؒ کے علاوہ دیگر متعدد ائمۂ حدیث کی رائے حارث کے بارے میں معلوم ہوجانے کے بعد مذکورہ حدیث پر نکارت کا حکم تو باقی نہ رہا، تاہم امام احمدؒ کی جرح کے باعث اِس کا راوی حارث متکلم فیہ تو ضرور بن گیا، جس کی وجہ سے یہ حدیث مقدمہ امامِ مسلمؒ کے بالکل اوائل میں بیان کردہ طبقات کی روشنی میں تیسرے طبقہ میں چلی گئی، جبکہ پچھلی حدیث سمیت دوسری معارض احادیث طبقۂ اُولیٰ کی روایات ہیں، لہٰذا اُن کو ترجیح ہوگی، یہ چوتھا جواب بندۂ ناچیز نے اپنی فہم سے بیان کیا ہے، کہیں منقول نہیں

---

(۱) دیگر ائمہ کے نزدیک ان کے ضعیف نہ ہونے اور ان کے مختصر حالات معلوم کرنے کے لئے درج ذیل کتب ملاحظہ فرمایئے: اکمال تهذیب الکمال ج:۳ ص:۳۱۳ وتهذیب الکمال ج:۵ ص:۲۷۱ ورجال صحیح مسلم لابن منجویة الأصبهانی ج:۱ ص:۱۶۹ وکتاب الثقات لابن حبان ج:۴ ص:۱۳۶ وکتاب التاریخ للبخاری ج:۲ ص:۲۷۹ والجرح والتعدیل، القسم الثانی من المجلّد الأوّل ص:۸۶۔

(۲) صیانة صحیح مسلم ص:۲۱۰۔

(۳) رواه البخاری فی کتاب الجنائز، وکتاب الفتن، وکتاب المغازی، وکتاب الرقاق. ومسلم فی کتاب الزکٰوة وکتاب الامارة.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ملا، وضاحت کے لئے مقدمہ صحیح مسلم کے اوائل میں طبقات کی بحث بغور دیکھی جائے۔
خلاصہ یہ کہ اس تعارض کے تین جواب ہیں، ایک یہ کہ حضرت ابنِ مسعودؓ کی حدیثِ باب میں جہاد سے مراد ایسی کوشش ہے جس میں فتنہ پردازی اور خون ریزی نہ ہو، قتال مراد نہیں۔
دُوسرا یہ کہ یہ حدیث اُممِ سابقہ سے متعلق ہے، اُمتِ محمدیہ سے متعلق نہیں، یعنی ہمارے حق میں یہ حکم منسوخ ہے۔ تیسرا یہ کہ اس حدیث کے راوی ''حارث'' امام احمدؒ کی جرح کے باعث متکلم فیہ ہوگئے، جس کے باعث یہ روایت تیسرے طبقے کی ہوگئی، لہٰذا یہ طبقۂ اُولیٰ کی روایت یا روایات کے معارض ہونے کے باعث مرجوح ہوگئی، واللہ اعلم۔

قولہ: ''فَنَزَلَ بِقَنَاةَ'' (ص:۵۲ سطر:۵)

قناۃ مدینہ منوّرہ کی وادیوں میں سے ایک وادی کا نام ہے۔[۱]

قولہ: ''قال صالح وقد تحدّث بنحو ذالک عن أبی رافع'' (ص:۵۲ سطر:۶)

یعنی عن ابی رافع عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم دون ذکر ابن مسعود، وکذا ذکرہُ البخاری فی التاریخ. (قالہُ الأبیّ رحمہُ اللہ فی اکمال اکمال المعلم)۔[۲]

باب تفاضل أهل الایمان فیه ورجحان أهل الیمن فیه

۱۷۹- ''حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الیٰ قولہ) ... عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: أَشَارَ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْيَمَنِ، فَقَالَ: أَلاَ إِنَّ الإِيْمَانَ هَا هُنَا، وَإِنَّ الْقَسْوَةَ وَغِلَظَ الْقُلُوْبِ فِي الْفَدَّادِيْنَ، عِنْدَ أُصُوْلِ أَذْنَابِ الإِبِلِ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنَا الشَّيْطَانِ، فِيْ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ.'' (ص:۵۲ سطر:۸ تا ۱۰)

قولہ: ''فَقَالَ: أَلاَ إِنَّ الإِيْمَانَ هَا هُنَا .... الخ'' (ص:۵۲ سطر:۹)

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے یمن کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ: ایمان یہاں ہے، اور قلوب کی سختی فدادین میں ہے۔

یہاں سوال ہوتا ہے کہ اس حدیث سے اہلِ یمن کی افضلیت فی کمال الایمان معلوم ہوتی ہے، حالانکہ مہاجرین وانصار کی افضلیت قرآنِ کریم سے ثابت ہے۔

---

(۱) معجم البلدان ج:۶ ص:۱۰۴۔ (۲) ج:۱ ص:۱۵۶۔ (رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جواب یہ ہے کہ یہاں اہلِ یمن کا مقابلہ اہلِ مشرق کے قبیلہ ربیعة اور مُضر کے لوگوں سے ہو رہا ہے، لہٰذا اُن کی افضلیت بھی درحقیقت قبیلہ ربیعة و مُضر پر بیان فرمانا مقصود ہے، یا مہاجرین و انصار کے علاوہ باقی قبائلِ عرب پر فضیلت بیان کرنا مقصود ہے۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ فضیلتِ جزئیہ ہے، یعنی صرف رقتِ قلب کے اعتبار سے ہے، جس کی تفصیل آگے شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی رحمہ اللہ کے کلام میں آئے گی۔

یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ رئیس المتکلمین من اھل السنة والجماعة الشیخ ابوالحسن الاشعری رحمۃ اللہ علیہ بھی یمن کے باشندے ہیں، اور حضرت ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ کی ساتویں پشت میں ہیں، شیخ ابوالحسن الاشعری کی طرف نسبت رکھنے والے ''الاشاعرة'' کہلاتے ہیں (کذا فی النبراس شرح شرح العقائد النسفیة)۔

قولہ: ''اَلْفَدَّادِیْنَ'' (ص:۵۲ سطر:۱۰)

یہ فدّاد بالتشدید کی جمع ہے، فدّاد کے کئی معنی آتے ہیں، ایک وہ شخص جو چیخنے والا ہو، ''فَدَّ الرجلُ فَدِیدًا، اذا اشتَدَّ صوتُهُ فی حرثِهٖ وماشیتِهٖ.'' دوسرے وہ شخص جو ''فدیدہ'' والا ہو، اور فدید کہتے ہیں ابلِ کثیرہ کو، پس فدّاد کے معنی ہوئے وہ شخص جو کثیر الابل ہو۔ اور فدّاد کے تیسرے معنی ہیں کثیر المال، خواہ ابل ہوں یا کوئی اور مال،[1] لیکن آگے چونکہ ''عند أذنابِ الابل'' آرہا ہے لہٰذا یہاں پہلے معنی راجح ہیں یعنی زیادہ زور سے بولنے والے، چیخنے چلّانے والے۔

قولہ: ''عِنْدَ أُصُوْلِ أَذْنَابِ الْإِبِلِ'' (ص:۵۲ سطر:۱۰)

یہ ترکیب میں فدّادین کے لئے ظرف ہے۔ یعنی وہ لوگ اُونٹوں کو ہانکنے کے لئے اُن کی دُموں کے پاس چیخنے چلانے والے ہیں۔

القسوة اور غلظ القلوب دونوں کے معنی ہیں سختی، یعنی نصیحت کو سن کر اُس کی طرف جلدی مائل نہیں ہوتے، اس کے مقابل دِل کی نرمی یہ ہے کہ حق بات اور نصیحت سن کر اس کی طرف جلدی مائل ہوجائیں۔

قولہ: ''یَطْلُعُ قَرْنَا الشَّیْطَانِ'' یعنی المشرق. (ص:۵۲ سطر:۱۰)

---

(۱) الفائق فی غریب الحدیث ج:۳ ص:۹۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

و "القرنان": جانبا الرأس، ہوسکتا ہے کہ یہاں حقیقت مراد ہو، کیونکہ روایات میں آتا ہے کہ طلوعِ آفتاب کے وقت شیطان کھڑا ہوجاتا ہے تاکہ وہ اُس کے قرنین کے درمیان سے نمودار ہو، مگر اس پر اِشکال ہوگا کہ آفتاب تو ہر وقت کسی نہ کسی علاقہ میں طلوع ہورہا ہے، تو اس کا تقاضا یہ ہے کہ آفتاب ہر وقت "قرنی الشیطان" کے درمیان ہی رہے؟

اس کے دو جواب ہوسکتے ہیں:-

۱- آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جملہ اہلِ مدینہ کے اُفقِ شرقی کے اعتبار سے فرمایا کہ مدینہ کے مشرق میں جو علاقے ہیں وہاں آفتاب بین قرني الشیطان طلوع ہوتا ہے، اِس صورت میں حقیقی معنیٰ مراد ہوسکتے ہیں، اور شیطان اس مقصد سے کھڑا ہوتا ہوگا کہ جو شخص اِس وقت نماز پڑھے وہ شیطان کے لئے سجدہ کرنے والا نظر آئے۔

۲- قَرنین سے مراد جماعَتَین ہے یعنی شیطان کی دو جماعتیں جو اُس کی پیروکار ہیں، بہ ظاہر ان سے مراد ربیعة اور مُضر کے قبیلے ہیں، جو اُس وقت تک مشرف باسلام نہیں ہوئے تھے۔[1]

قوله: "فِيْ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ" (ص:۵۲ سطر:۱۰)

یہ "فی الفدّادین" کا عطفِ بیان ہے،[2] کیونکہ یہ لوگ اُونٹ پالتے تھے، اِن میں یہ صفات (قسوة اور غلظ القلوب) اُس وقت موجود تھیں۔

ربیعہ وہی قبیلہ ہے جس کا ذکر وفدِ عبدالقیس میں ہے، جن کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تعریف کی تھی۔

سوال:- جب ان کے دِلوں میں سختی تھی تو ان کی تعریف کیسے فرمائی؟

اس کے دو جواب ہوسکتے ہیں:-

۱- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد وفدِ عبدالقیس کے آنے سے قبل فرمایا ہوگا، یعنی اُن میں سختی قبل الاسلام تھی، بعد میں باقی نہ رہی، (قاله الشیخ الگنگوهیؒ)۔[3]

۲- اور اگر وفدِ عبدالقیس کی آمد کے بعد فرمایا تو یہ ارشاد اکثر افراد کے اعتبار سے ہوگا جو اُس وقت تک ایمان نہیں لائے تھے۔

---

(۱) اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۱۵۹ و فتح الملهم ج:۲ ص:۵۔

(۲) اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۱۵۹۔

(۳) لامع الدراری ج:۳ ص:۲۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱۸۰ - "حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ...... (الیٰ قوله)...... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَاءَ أَهْلُ الْيَمَنِ، هُمْ أَرَقُّ أَفْئِدَةً، الْإِيمَانُ يَمَانٍ، وَالْفِقْهُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ." (ص:۵۳ سطر:۱،۲)

قوله: "جَاءَ أَهْلُ الْيَمَنِ" (ص:۵۳ سطر:۱)

یہ اُس وقت کی بات ہے جب حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور اُن کے رُفقاء مدینہ منورہ آئے تھے۔[1]

قوله: "أَرَقُّ أَفْئِدَةً" (ص:۵۳ سطر:۱) أرق اسمِ تفضیل کا صیغہ ہے۔

افئدة، فؤاد کی جمع ہے، فؤاد اس جھلی کو کہتے ہیں جو قلب کے اُوپر ہوتی ہے،[2] مطلب یہ ہے کہ اِن کے دِل زیادہ نرم ہیں، نصیحت کو جلد قبول کر لیتے ہیں۔

قوله: "الْإِيمَانُ يَمَانٍ .... الخ" (ص:۵۳ سطر:۱)

یمان اصل میں یمانیّ تھا یاءِ نسبت کی حذف کردی گئی یعنی قابلِ تعریف ایمان یمن والوں کا ہے، اور صفتِ ایمان، فقہ اور حکمت دوسروں کی بہ نسبت ان میں زیادہ بہتر پائی جاتی ہیں۔

۱۸۲ - "حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ... (الیٰ قوله)... عَنِ الْأَعْرَجِ قَالَ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَاكُمْ أَهْلُ الْيَمَنِ، هُمْ أَضْعَفُ قُلُوبًا وَأَرَقُّ أَفْئِدَةً، الْفِقْهُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ." (ص:۵۳ سطر:۳،۴)

قوله: "أَضْعَفُ قُلُوبًا" (ص:۵۳ سطر:۴)

مراد أرق قلوبًا ہے، یہ فضیلتِ جزئیہ ہے، جیسا کہ پیچھے بیان ہوا، اور تفصیل اس کی یہ ہے جیسا کہ علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے فتح الملهم میں فرمایا[3] کہ ایمان کے مختلف الوان و آثار ہیں، کسی کو ایک اثر کی وجہ سے فضیلت حاصل ہے، کسی کو دوسرے اثر کی وجہ سے، مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ: أرحم أُمّتي بأُمّتي أبوبكر، وأشدّهم في أمر الله عمر، وأصدقهم حياءً عثمان، وأقضاهم عليّ، وأمينُ هٰذهِ الأُمّة عبيدة بن

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۹۔

(۲) في معجم الوسيط ج:۲ ص:۶۷۰: الفؤاد، القلب، ويقال: هو فارغ الفؤاد، لا همّ عندهُ ولا حزن.

(۳) فتح الملهم ج:۱ ص:۱۰، دیگر جوابات و تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: فتح الباری ج:۸ ص:۹۹، کتاب بدءِ الخلق وفیض الباری ج:۴ ص:۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الجرّاح۔ دیکھئے نفسِ فضیلت تو اِن پانچوں صحابہ کرامؓ کو حاصل تھی، لیکن ایمان کے خاص خاص آثار و اَلوان کی وجہ سے علیحدہ علیحدہ جزئی افضلیت ان میں سے ہر ایک کی الگ الگ بیان فرمائی گئی کہ ایمان کا وہ خاص اثر اور رنگ ایک میں دوسروں سے زیادہ تھا، (یہ مطلب نہیں کہ وہ خاص اثر دوسروں میں بالکل نہیں تھا)۔ اسی طریقہ سے مہاجرین کی افضلیت اللہ کی راہ میں ہجرت اور سبقت الی الایمان کی وجہ سے ہے۔ انصار کو نصرت کے اعتبار سے افضلیت حاصل ہے، اور اہلِ یمن کو رِقتِ قلب کے اعتبار سے افضلیت حاصل ہے۔ خلاصہ یہ کہ اہلِ یمن کی افضلیت جزوی اعتبار سے ہے، اور مجموعی طور پر مہاجرین و انصار کو افضلیت حاصل ہے ان کی دین کی خاطر عظیم قربانیوں کی وجہ سے اور سابقین فی الاسلام ہونے کی وجہ سے۔

۱۸۳ - "حَدَّثَنَا یَحْیٰی بْنُ یَحْیٰی ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ قَالَ: رَاْسُ الْکُفْرِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ، وَالْفَخْرُ وَالْخُیَلاَءُ فِیْ أَهْلِ الْخَیْلِ وَالإِبِلِ، الْفَدَّادِیْنَ، أَهْلِ الْوَبَرِ، وَالسَّکِیْنَةُ فِیْ أَهْلِ الْغَنَمِ." (ص:۵۳ سطر:۴،۵)

قوله: "رَاْسُ الْکُفْرِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ" (ص:۵۳ سطر:۴)

مدینہ سے مشرق میں نَجْد، عراق، ایران، قبیلۂ ربیعہ و مضر واقع ہیں، علامہ عثمانی رحمہ اللہ نے فرمایا[1] کہ حدیث کے الفاظ میں عموم ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرق میں کفر زیادہ ہوگا، چنانچہ قبیلہ ربیعہ و مُضر کفر میں سخت تھے، اگرچہ عبدالقیس بعد میں مسلمان ہوگئے، اور ایرانی مجوس بھی کفر میں سخت تھے، تاتاری فتنہ بھی مشرق سے اُٹھا تھا، قتلِ حسینؓ، جنگِ جمل و صفین بھی عراق میں ہوئیں جو مشرق میں ہے، دجال کا ظہور بھی مشرق (ایران و عراق) سے ہوگا، یأجوج و مأجوج کا فتنہ بھی تقریباً مشرق سے ظاہر ہوگا۔ ناچیز عرض کرتا ہے کہ ہم بھی مدینہ سے مشرق میں واقع ہیں، لہٰذا ہمیں بہت اہتمام کے ساتھ فتنوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنی چاہئے۔

قوله: "أَهْلِ الْوَبَرِ" (ص:۵۳ سطر:۵)

یعنی اُونٹوں کی کھال اور بالوں سے بنائے جانے والے خیموں میں رہنے والے۔[2]

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۱۰،۱۱۔

(۲) منال الطالب فی شرح طوال الغرائب لابن اثیر ص:۶۰۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "اَلْخُیَلَاءُ فِیْ أَهْلِ الْخَیْلِ وَالإِبِلِ .... وَالسَّکِیْنَةُ فِیْ أَهْلِ الْغَنَمِ" (ص:۵۳ سطر:۵) "السکینۃ" یعنی اطمینان وسکون (نووی)۔

والدِ ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ: "انسان کے اَخلاق و عادات پر صرف انسانوں ہی کی صحبت کے اثرات نہیں بلکہ جانوروں کی صحبت کے اثرات بھی پڑتے ہیں۔"

یمن والے بکریاں پالتے تھے، ان کی صحبت کا ایک اثر یہ تھا کہ ان کے دِلوں میں نرمی تھی، اور اھل الخیل و الابل میں سختی تھی، کیونکہ جانوروں کی صحبت اور ماحول کا اثر انسان کے قلب پر پڑتا ہے۔ مختلف پیشوں کے بھی مختلف اثرات ہوتے ہیں، مثلاً قصائی بڑے سخت دِل ہوتے ہیں۔

لیکن اِس سے لازم نہیں آتا کہ گھوڑے اور اُونٹ وغیرہ پالنا جائز نہیں اور قصائی کا پیشہ بُرا ہے اُسے اختیار کرنا جائز نہیں۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ انہیں اپنے اخلاق کی اصلاح اور سخت مزاجی سے بچنے کے لئے بطورِ خاص کوشش کرنی چاہئے۔ ورنہ وہ ان امراضِ باطنہ میں مبتلا ہوجائیں گے، مثلاً جو لوگ ہسپتالوں میں کام کرتے ہیں ان کو جراثیم لگنے کا اندیشہ زیادہ ہے، اب اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ پیشہ ہی بُرا ہے اس پیشے کو ہی چھوڑ دو، بلکہ مطلب یہ ہے کہ یہ پیشہ زیادہ احتیاط کا متقاضی ہے، ان کو احتیاط کرنی چاہئیں۔

۱۹۰- "حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی ... (الیٰ قوله)...عَنِ الْأَعْمَشِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ. مِثْلَ حَدِیْثِ جَرِیْرٍ. وَزَادَ وَالْفَخْرُ وَالْخُیَلَاءُ فِیْ أَصْحَابِ الإِبِلِ، وَالسَّکِیْنَةُ وَالْوَقَارُ فِیْ أَصْحَابِ الشَّاءِ." (ص:۵۳ سطر:۱۲، ۱۳)

قولہ: "وَالسَّکِیْنَةُ وَالْوَقَارُ فِیْ أَصْحَابِ الشَّاءِ" (ص:۵۳ سطر:۱۳)

تقریباً تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے بکریاں چرائی ہیں۔

۱۹۱- "حَدَّثَنَا اسحٰقُ ابن ابراهیم ... (الیٰ قوله) ... أَنَّهٗ سَمِعَ جابر بن عبدالله یقول: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: غِلظ الْقُلُوْبِ وَالْجفاء فِی الْمَشْرِقِ وَالْاِیْمَانُ فِیْ اَهْلِ الْحِجَازِ." (ص:۵۳ سطر:۱۳و۱۴)

قولہ: "اَلْجَفَاءُ" (ص:۵۳ سطر:۱۴) جَفَا یَجْفُوْ جفَاءً وَجَفَاءَةً: کسی سے اِعراض برتنا، بدسلوکی کرنا۔

قولہ: "فِی اَهْلِ الْحِجَازِ" (ص:۵۳ سطر:۱۴) پچھلی روایات میں اہلِ یمن کے ایمان

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کی فضیلت بیان ہوئی ہے، یہاں اہلِ حجاز کے ایمان کی، تعارض کچھ نہیں، کیونکہ ایک کی فضیلت دُوسرے کی نفی نہیں کرتی، ہر ایک کی فضیلت الگ حیثیت سے ہے، كما مرّ عن فتح الملهم۔

باب بيان أنّه لا يدخل الجنة الّا المؤمنون .... الخ

۱۹۲ - ''حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الٰى قوله) ... عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ؛ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: لاَ تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا، وَلاَ تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا. أَوَلاَ أَدُلُّكُمْ عَلٰى شَيْءٍ إِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ؟ أَفْشُوا السَّلاَمَ بَيْنَكُمْ.'' (ص:۵۴ سطر:۱،۲)

قوله: ''وَلاَ تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا'' (ص:۵۴ سطر:۱،۲)

اصل میں لا تؤمنون تھا، ہوسکتا ہے ''تحابوا'' کی مشاکلت کی وجہ سے نون کو حذف کردیا گیا ہو۔ البتہ علامہ سیوطیؒ اور علامہ اُبّیؒ نے کہا ہے کہ یہ بھی ایک معروف لغت ہے یعنی تخفیف کے لئے نون کو حذف کردیا جاتا ہے۔[1] اور یہاں بھی نفی کمالِ ایمان کی ہے، نفسِ ایمان کی نہیں۔

اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ محبت اگرچہ غیر اختیاری ہے مگر اسبابِ محبت اختیاری ہیں، جن میں سے ایک یہی سلام کرنا ہے۔ ایک خاص بات یہاں یہ ہے کہ اگرچہ قاعدہ ہے کہ واجب کا ثواب سنتِ مؤکدہ سے زیادہ ہوتا ہے مگر یہاں معاملہ برعکس ہے کہ ابتداء بالسلام سنتِ مؤکدہ ہے اور جوابِ سلام واجب، مگر ابتداء بالسلام (سنتِ مؤکدہ) کا ثواب رَدُّ السلام سے زیادہ ہے۔

سلام کرنے کے بہت سے فوائد ہیں، من جملہ اُن کے تین یہ ہیں:-

۱- سلام خیر الاعمال میں سے ہے (صحیح مسلم میں پیچھے حدیث آچکی ہے)۔

۲- اس سے آپس میں محبت بڑھتی ہے (جیسا کہ حدیثِ باب میں ہے)۔

۳- بیہقی کی ایک روایت میں ہے کہ ابتداء بالسلام کا عمل کبر کا علاج ہے۔[2]

---

(۱) وفي الديباج (ج:۱ ص:۵۴): ولا تؤمنوا: كذا في جميع الأصول بحذفِ النون وهي لغة معروفة والمراد: نفي كمال الايمان. وفي اكمال اكمال المعلم (قولهٗ: لا تؤمنوا) (د) هُو باسقاطِ النون في كلِّ الأصول وهي لغة معروفة. (قلت) يريد أنّه من الحذف للتخفيف.

(۲) وفي الحديث: ''البادي بالسلام برئ من الكبر'' أنظر: شعب الايمان للبيهقي، باب في مقاربة ومؤادة أهل الدين، ج:۶ ص:۴۳۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب بيان ان الدِّين النصيحة

١٩٤ - "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قال حدثنا سفيان قال: قُلت لسهيل أنَّ عمرًوا حدثنا عن الصعقاع عن أبيك. قال: ورجوت أن يسقط عني رجلا قال: فقال: بنحوه عن الذى سمعه منه ابى كان صديقًا له بالشام، ثم حدثنا سفيان عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ . قُلْنَا لِمَنْ ؟ قَالَ: لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ."

(ص:۵۴ سطر:۳ تا ۵)

قوله: "تَمِيْمِ الدَّارِيِّ" (ص:۵۴ سطر:۵)

ان کی ایک ممتاز خصوصیت یہ ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ایک روایت (حدیثِ جسّاسہ) نقل فرمائی ہے،[1] جو آگے جلد ثانی میں آئے گی۔ غالبًا یہ فضیلت کسی اور صحابی کو حاصل نہیں۔

قوله: "الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ" (ص:۵۴ سطر:۵)

یہ جوامع الکلم میں سے ہے، اور پورا دین اس میں آجاتا ہے۔

نصیحت کے معنی ہیں کسی کے ساتھ اخلاص کے ساتھ خیرخواہی اور اچھا سلوک کرنا۔

بعض اوقات اچھا سلوک تو ہوتا ہے لیکن اخلاص نہیں ہوتا بلکہ تملّق اور خوشامد ہوتی ہے، وہ "النصیحۃ" نہیں، اگرچہ بعض شرّاح نے النّصیحۃ کو رُبع دین کہا ہے، اور الدِّین کے اطلاق کو مجاز قرار دیا ہے، لیکن ہم نے غور کیا اور بعض شارحین کے کلام میں بھی دیکھا کہ یہاں مجاز نہیں، بلکہ حقیقت ہی ہے کہ پورا دین خیرخواہی ہے۔

قوله: "لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهِ" (ص:۵۴ سطر:۵)

اِس میں ایمان، اسلام اور احسان سب کچھ آجاتا ہے، اگر صرف "لِلّٰہ" ہوتا تب بھی پورا دین اس میں آجاتا، اور اللہ تعالیٰ سے خیرخواہی کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے متعلق صحیح عقیدہ

(۱) سِيَر اعلام النُّبلاء ج:۲ ص:۴۴۲، وهٰذه القصة أيضًا في صحيح مسلم، كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب قصه الجساسة.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رکھا جائے، اُس سے محبت رکھی جائے، اللہ تعالیٰ کے اَحکام اور اس کی کتاب پر عمل کیا جائے اور اس کی صفاتِ کمال کا عقیدہ رکھا جائے، یہ سب کچھ "لِلّٰہ" میں داخل ہے، مگر تخصیص بعد التعمیم کے طور پر "ولکتابہ" فرمایا کہ اس کی کتاب کے ساتھ خیر خواہی کی جائے، یعنی اُس پر ایمان لانا، اس کی تلاوت کرنا، اس کو حفظ کرنا، اس کا عالم بننا، سمجھنا اور اس کی تعلیم وتبلیغ کرنا، اور اس کے اَحکام و ہدایات پر عمل کرنا۔

قولہ: "وَلِرَسُوْلِہٖ" (ص:۵۴ سطر:۵)

یعنی رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا، اُن سے محبت کرنا، اُن کا اتباع کرنا، اُن کی تعلیمات کو عام کرنا وغیرہ۔

قولہ: "وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ" (ص:۵۴ سطر:۵)

دو احتمال ہیں:-

۱- أئمة سے مراد أُولی الأمر یعنی حکام ہوں اور عام طور سے یہی مراد لئے جاتے ہیں۔

۲- أئمة سے مراد فقہاء اور مجتہدین ہوں، یہ بھی أئمة المسلمین ہیں۔[1]

قرآنِ مجید میں اُولی الأمر کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے: "يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا أَطِيْعُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَأُولِى الْأَمْرِ مِنْكُمْ"۔[2] یہاں "منکم" أی من المسلمین کی قید ہے، متقی وغیرہ کی قید نہیں، چنانچہ مسلم حکام کے ساتھ خیر خواہی یہ ہے کہ جائز کاموں میں ان کی اطاعت کی جائے، اگر چہ وہ خود ظالم اور بدعمل ہوں، نیک کاموں میں ان کے ساتھ تعاون کیا جائے۔ ہاں! ان کے ناجائز حکم پر عمل جائز نہیں کہ: "لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق."[3] اور بشرط القدرة ان کو سنتِ انبیاء کے مطابق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا جائے۔

ائمہ فقہاء کے ساتھ خیر خواہی کا مطلب یہ ہے کہ اُن کی فقہ کی تدوین وترویج کی جائے، اور عوام ان کے فتاویٰ پر عمل کریں، ان کے نیک کاموں میں ان کے ساتھ تعاون کیا جائے۔ حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے معارف القرآن میں[4] أولی الأمر کی تفسیر میں مختلف اقوال نقل کر کے فرمایا کہ دراصل دونوں مراد ہیں، یعنی علماء بھی اور حکمران بھی، اِس طرح کہ اُمورِ دُنیا (انتظامی اُمور) میں تو حکام کی اِطاعت کی جائے اور اُمورِ دینیہ میں علمائے دین کی۔

(۱) الدیباج ج:۱ ص:۱۸۰۔ (۲) النساء آیت:۵۹۔
(۳) سنن الکبری للبیهقی ج:۳ ص:۱۲۱۔ (۴) معارف القرآن ج:۲ ص:۴۵۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "وَعَامَّتِهِمْ" (ص:۵۴ سطر:۵)

اور عوام کے ساتھ خیر خواہی یہ ہے کہ اُن کو أمر بالمعروف اور نهي عن المنكر کیا جائے، اُن کو تکلیف نہ دی جائے، بلکہ راحت پہنچائی جائے، یعنی حدیث "مَن سَلِمَ المُسلِمُونَ من لسانه ويَدِهِ" پر عمل کیا جائے، اُن کے لئے وہی اچھی باتیں پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے، اور اُن کے لئے اُنہی بُری چیزوں کو ناپسندیدہ سمجھے جن کو اپنے لئے ناپسند کرتا ہے، وغیرہ۔

۱۹۷- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الیٰ قوله)... عَنْ جَرِيْرٍ؛ قَالَ: بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ عَلٰى إِقَامِ الصَّلاةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ." (ص:۵۵ سطر:۱،۲)

قوله: "عَنْ جَرِيْرٍ" (ص:۵۵ سطر:۱)

بعض روایات میں ہے کہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے چالیس دن پہلے مشرف بہ اسلام ہوئے، اور بعض میں ہے کہ رمضان ۱۰ھ میں مسلمان ہوئے۔[1]

قوله: "بَايَعْتُ" (ص:۵۵ سطر:۱)

احادیث سے ثابت ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر مختلف قسم کی بیعتیں کی ہیں:-

۱- بہت سوں نے تو بیعتِ اسلام کی۔

۲- صلح حدیبیہ میں جو بیعتِ رضوان ہوئی وہ بیعتِ قتال تھی کہ إمّا الفتح وإمّا الموت

۳- ایک بیعت وہ ہے جو خواتین سے لی گئی، "يُبَايِعْنَكَ عَلٰى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ .... الخ"[2] یہ خواتین مؤمنات تھیں لیکن اس کے باوجود شرک و کفر سے اور اعمالِ سیئہ سے بچنے پر بیعت لی گئی۔

۴- حدیثِ باب میں حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے إقامة صلوٰة اور إيتاءِ زكوٰة اور النصح لكل مسلم پر بیعت لی گئی۔

---

(۱) ان کے تفصیلی حالات کے لئے ملاحظہ فرمایئے: مسند أحمد بن حنبل ج:۳۱ ص:۴۸۹-۵۷۴ وسير أعلام النُّبلاء ج:۲ ص:۵۳۰ واسد الغابة ج:۱ ص:۳۳۳ وشذرات الذهب ج:۱ ص:۵۷،۵۸۔

(۲) الممتحنة آیت:۱۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۵- ایک بیعتِ خلافت ہے، جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دوسرے خلفاء کے ہاتھ پر ہوئی۔

سوال:- صوفیاء کے ہاں جو بیعت ہوتی ہے وہ کون سی ہے؟

جواب:- یہ شریعت پر پابندی سے عمل کرنے کی بیعت ہوتی ہے، اور یہ وہ بیعت ہے جو مذکورہ بالا خواتین نے اور حضرت جریرؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر کی ہے، یہ بیعت سنت ہے، واجب نہیں، کیونکہ اس کا حکمِ عام نہیں دیا گیا۔ شریعت کا اِتباع واجب ہے، جو بیعت کے بغیر بزرگوں اور علمائے کرام سے ہدایات لیتے رہنے سے بھی ہوسکتا ہے، البتہ ان کے ہاتھ پر بیعت ہونے میں برکت ہوتی ہے، اور قرآن وسنت کی ہدایات پر عمل آسان ہوجاتا ہے، مُرید اپنی دِینی ذمہ داری کو زیادہ قوّت کے ساتھ محسوس کرنے لگتا ہے۔

۱۹۹ -" حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ وَيَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ، قَالاَ :حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ سَيَّارٍ،عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيْرٍ؛ قَالَ بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ ،فَلَقَّنَنِيْ فِيْمَا اسْتَطَعْتَ . وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ. قَالَ يَعْقُوبُ فِيْ رِوَايَتِهِ: قَالَ :نَا سَيَّارٌ ." (ص:۵۵ سطر:۲،۳)

قولہ: "هُشَيْمٌ عَنْ سَيَّارٍ" (ص:۵۵ سطر:۳)

یہ هشیم ثقہ ہیں، مگر مدلّس ہیں اور مدلّس کا عنعنہ قبول نہیں ہوتا، لہٰذا سند میں علّت آگئی، اس کا جواب خود امامِ مسلمؒ کے صنیع سے آرہا ہے۔

قولہ: "فِيْمَا اسْتَطَعْتَ ُ" (ص:۵۵ سطر:۳)

بصيغة المخاطب أى فيما استطعتَ أو بصيغة المتكلّم أى فيما استطعتُ دونوں احتمال ہیں۔

پہلی صورت میں معنی ہوں گے کہ سمع و طاعت کی بیعت اس حد تک کرو جتنی تمہارے اندر استطاعت ہو۔

دوسری صورت میں معنی ہوں گے کہ بیعت میں یوں کہو کہ میں سمع و طاعت پر بیعت کرتا ہوں فیما استطعتُ۔

قولہ: "قَالَ يَعْقُوبُ فِيْ رِوَايَتِهِ: قَالَ: نَا سَيَّارٌ" (ص:۵۵ سطر:۳)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ اُس علّت کا جواب ہے کہ ھُشیم کی سیّار سے تحدیث بھی منقول ہے، صرف عنعنہ ہی نہیں ہے۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ کے حالات میں لکھا ہے کہ یہ النصح لکل مسلم کا بڑا اہتمام فرمایا کرتے تھے، کسی سے سودا کرتے تو اسے کہتے کہ میں نے جو یہ چیز تم سے خریدی ہے یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس ثمن کے مقابلے میں جو میں نے تمہیں دیا ہے۔ ایک مرتبہ اُن کے غلام نے ان کی فرمائش پر ایک گھوڑا خریدا تین سو درہم میں، یہ بائع کے پاس گئے اور کہا: بھائی! تم نے قیمت بہت کم لگائی ہے، پھر خود ہی بڑھاتے بڑھاتے آٹھ سو درہم قیمت اداء کی۔

باب بيان نقصان الإيمان بالمعاصي .... الخ

۲۰۰- "حَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِمْرَانَ التُّجِيْبِيُّ ... (الٰى قوله) ...قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزْنِي الزَّانِيْ حِيْنَ يَزْنِيْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ،وَلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِيْنَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ .

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؛ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَانَ يُحَدِّثُهُمْ هٰؤُلَاءِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ،ثُمَّ يَقُوْلُ: وَكَانَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يُلْحِقُ مَعَهُنَّ "وَلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً ذَاتَ شَرَفٍ، يَرْفَعُ النَّاسُ إِلَيْهِ فِيْهَا أَبْصَارَهُمْ حِيْنَ يَنْتَهِبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ ." (ص:۵۵ سطر:۴ تا ۶)

قوله: "لَا يَزْنِي الزَّانِيْ حِيْنَ يَزْنِيْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ ... الخ" (ص:۵۵ سطر:۵)

آپ کو معلوم ہے کہ جب نفی قید اور مقید کے مجموعہ پر داخل ہو تو وہاں نفی قید کی ہوتی ہے،[1] لہٰذا یہاں مطلب یہ ہے کہ زنا کی حالت میں وہ مؤمن نہیں ہوتا، اسی طرح آدمی سرقہ اور شُربِ خمر کی حالت میں مؤمن نہیں ہوتا۔

قوله: "أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَانَ يُحَدِّثُهُمْ هٰؤُلَاءِ" (ص:۵۵ سطر:۶)

(۱) اُنظر: نور الأنوار بحث المطلق والمقيد وفي صيانة صحيح مسلم (ص:۲۲۷) وهو من الألفاظ النافية الّتي تطلق في اللغة على الشيء عند انتفاء معظم منه، مع وجود أصله ويراد بها نفي كماله، لا نفي أصله، ومن ذلك: (لا عيش الّا عيش الأخرة ولا عمل الّا بالنيّة.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

هؤلاء سے زنا، سرقہ اور شربِ خمر کی طرف اشارہ ہے۔

قوله: "ولا ينتهب" (ص:۵۵ سطر:۶) انتھاب زبردستی چھیننا، ڈاکہ ڈالنا۔

قوله: "ذات شرف" (ص:۵۵ سطر:۶) قیمتی چیز، اہمیت والی چیز۔

قوله: "وَكَانَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يُلْحِقُ مَعَهُنَّ ...الخ" (ص:۶۵ سطر:۶)

اس کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ چوتھا کلمہ حدیثِ مرفوع نہیں بلکہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے ادراج ہے، لیکن خوب سمجھ لیں کہ یہ چوتھا کلمہ بھی سندِ صحیح کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ابونعیم اصفہانی کی مستخرج علیٰ صحیح مسلم میں مرفوعاً منقول ہے۔[۱]

قوله: "فِيْهَا" (ص:۵۵ سطر:۶) أي بسببها.

"لا يزني الزاني حين يزني وهو مؤمن .... الخ" کی شرح میں شارحین نے تأویل کی ہے، کیونکہ یہ واضح طور پر معتزلہ اور خوارج کا مستدل ہے، چنانچہ اس کے جواب میں تیرہ[۱۳] اقوال ذکر کئے گئے ہیں، چند خاص اقوال یہ ہیں:-

۱- امام رازیؒ کے اُستاذ شیخ نجم الدین کُبریٰؒ فرماتے ہیں کہ: "وهو مؤمن" کا مطلب ہے: وهو مؤمن بأنّ الله يراه حال كونه مرتكبا لهٰذه المعصية۔ یعنی زنا کی حالت میں مؤمن نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اُس وقت اسے یہ اِستحضارِ کامل نہیں رہتا کہ اللہ اُس کو دیکھ رہا ہے، اور ہر وقت بانّ الله يراه کا اِستحضار نفسِ ایمان کے لئے شرط بھی نہیں، اگرچہ اعتقاد ضروری ہے، جیسے نیند کی حالت میں سونے والے کو اللہ تعالیٰ کے دیکھنے کا اِستحضار نہیں ہوتا اگرچہ اس کا عقیدہ یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ دیکھ رہا ہے، لہٰذا ثابت ہوا کہ عدمِ اِستحضار سے نفسِ ایمان کی نفی لازم نہیں آتی۔ اگر اِستحضارِ کامل ہو تو آدمی زنا کر ہی نہیں سکتا، جیسے باپ کے سامنے، اُستاذ کے سامنے بیٹا اور شاگرد کتنا ہی چاہیں کہ وہ یہ حرکت کرلیں ہرگز قادر نہیں ہوں گے۔[۲]

۲- علامہ شعرانی نے شیخ اکبرؒ کا قول ایک حدیث کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ اُس وقت واقعی ایمان دِل سے نکل جاتا ہے، لیکن ایمان دِل سے نکل کر اُس پر سایہ فگن ہوجاتا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل نہ ہو، پھر جب یہ آدمی معصیت سے الگ ہوجاتا ہے تو ایمان واپس آجاتا

---

(۱) المسند المستخرج علىٰ صحيح مسلم ج:۱ ص:۱۴۷۔

(۲) اليواقيت والجواهر للشعراني ج:۲ ص:۱۱۳، المبحث الرابع والخمسون في بيان أنّ الفسق بارتكاب الكبائر الاسلامية لا يزيل الايمان.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے۔ علامہ شعرانی نے اس روایت کی سند ذکر نہیں کی، اگر سند صحیح ہے تو پھر کسی اور تاویل کی ضرورت نہیں۔[۱]

۳- علامہ قرطبی ونووی رحمہما اللہ نے فرمایا[۲] کہ "لا یزنی الزانی حین یزنی وھو مؤمن" کا مطلب ہے کہ حالتِ زنا میں وہ کامل مؤمن نہیں ہوتا، یعنی ایمانِ مُنجی مِن دُخول النّار نہیں رکھتا۔

۲۰۴ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: انا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ .. (الیٰ قوله)...وَزَادَ "وَلَا يَغُلُّ أَحَدُكُمْ حِيْنَ يَغُلُّ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَإِيَّاكُمْ إِيَّاكُمْ."

(ص:۵۶ سطر:۶ تا ۸)

قوله: "وَلَا يَغُلُّ أَحَدُكُمْ حِيْنَ يَغُلُّ وَهُوَ مُؤْمِنٌ" (ص:۵۶ سطر:۸)

غلول بھی اگرچہ سرقہ ہی کی ایک قسم ہے کیونکہ غلول کہتے ہیں سرقة من المَغْنَم کو، اور سرقہ کا ذکر پیچھے آچکا ہے، پھر اس کو بطورِ خاص اس لئے ذکر کیا کہ اس میں چوری کرنا آسان

(۱) اليواقيت والجواهر ج:۲ ص:۱۱۴۔ شیخ اکبرؒ نے اپنی کتاب الفتوحات المكية ج:۵ ص:۱۶۸، الباب الثامن والستون في اسرار الطهارة (ف:۱۷۶) میں یہ روایت ذکر کی ہے، لیکن انہوں نے بھی اس کی سند بیان نہیں فرمائی، روایت کے الفاظ یہ ہیں: "ان العبد اذا زنى خرج عنه الايمان حتّٰى صار عليه كالظلة فاذا أقلع رجع اليه الايمان." لیکن حاکم نیشاپوریؒ "مستدرك على الصحيحين" كتاب الايمان (ج:۱ ص:۷۲، رقم الحديث: ۵۶) میں اسے ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "هٰذا حديث صحيح على شرطِ الشيخين، فقد احتجا برواته، ولهٗ شاهد على شرطِ مسلم." نیز یہ روایت جامع ترمذی، كتاب الايمان، باب لا يزني الزاني وهو مؤمن (ج:۲ ص:۸۷)، اور سنن أبي داوٗد، كتاب السنة، باب الدليل على زيادة الايمان ونقصانه، (رقم الحديث: ۴۶۷۲) کے تحت بھی مذکور ہے۔ اور كشف الخفاء (رقم الحديث: ۲۴۳) میں علامہ عجلونی اس روایت کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: "رواه أبو داوٗد وحاكم عن أبي هريرة ويشهد لهٗ ما في الصحيحين من قوله صلى الله عليه وسلم: لا يزني الزاني حين يزني وهو مؤمن. الحديث. نیز معجم الأوسط للطبراني، مسند أبي هريرة (رقم الحديث: ۵۳۸) کے تحت اس کے ہم معنیٰ ایک حدیث مذکور ہے، اور اُسے علامہ ہیثمیؒ نے مجمع الزوائد، كتاب الايمان، باب في قوله صلى الله عليه وسلم "لا يزني الزاني .... الخ" کے اندر نقل کیا ہے۔

(۲) اكمال المعلم ج:۱ ص:۲۴۵ وشرح النووي ج:۱ ص:۵۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہوتا ہے، کیونکہ مالِ غنیمت تقسیم ہونے سے پہلے اس کا کوئی شخص انفرادی طور پر مالک نہیں ہوتا کہ وہ اس کی حفاظت کرے۔

دوسری وجہ جس کی طرف حضرت والد صاحب رحمہ اللہ نے اپنی وفات سے ایک دو روز پہلے احقر کو توجہ دلائی، یہ ہے کہ غنیمت میں سے اگر کوئی چوری کرے تو اس کی توبہ نہیں ہوسکتی، کیونکہ وہ بہت سے غانمین کی مشترک ملکیت ہوتی ہے، جب غانمین تقسیمِ غنیمت کے بعد اپنے اپنے وطن کو واپس چلے جائیں تو اب اُن سے فرداً فرداً معافی مانگنا یا وہ چوری کی ہوئی چیز یا اس کی قیمت سب میں تقسیم کرنا تقریباً ناممکن ہے۔ والد صاحبؒ نے فرمایا کہ دینی مدارس کا چندہ بھی اسی کے حکم میں ہے، اس میں بے شمار لوگوں کا چندہ ہے اور بے شمار لوگوں کا حق ہے طلبہ، اساتذہ و ملازمین کا، اسی لئے حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ مدارس کا پیسہ بہت خطرناک ہے (اللہ تعالیٰ بے احتیاطی سے محفوظ رکھے، آمین)۔

صحیح مسلم، کتاب الایمان ہی میں آگے یہ واقعہ آئے گا(۱) کہ غزوۂ خیبر کے بعد ایک وادی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ نے پڑاؤ ڈالا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام رفاعۃ بن زید آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کجاوہ سواری سے اُتار رہا تھا کہ کہیں سے تیر آکر لگا اور وہ جاں بحق ہوگیا، صحابہ کرامؓ نے اُس کی ظاہری حالت دیکھ کر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: "هنيئا له الشهادة يا رسول الله!" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "كلا! والذي نفسُ محمدٍ بيده! إنّ الشملة لتلتهب عليه نارًا أخذها من الغنائم يوم خيبر لم تصبها المقاسم" یہ سن کر صحابہ کرامؓ گھبرا گئے، تھوڑی دیر بعد ایک صحابیؓ جوتی کا ایک یا دو تسمے لے کر آئے اور عرض کیا کہ یہ تقسیم سے پہلے میں نے مالِ غنیمت میں سے اُٹھالئے تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "شِراك أو قال شراكان من نار." عام طور سے اس کا مفہوم یہ بیان کیا جاتا ہے کہ اگر تم یہ شراک واپس نہ لاتے تو یہ آگ کے تسمے بن جاتے، لیکن حضرت والد صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا کہ میرے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ تم اب اس کو لے کر آئے ہو جبکہ یہ شراک من النار بن چکے ہیں، اس لئے کہ اب اِن تسموں کی واپسی کی کوئی صورت ممکن نہیں رہی، کیونکہ غنیمت تقسیم ہوچکی اور غانمین

(۱) یعنی "باب غلظ تحريم الغلول الخ" میں (ج:۱ ص:۷۴)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اپنے اپنے وطن کی طرف روانہ ہوگئے، اب اِن قسموں کو یا ان کی قیمت کو سارے غانمین میں تقسیم نہیں کیا جاسکتا، حالانکہ ان میں سارے غانمین کا حق تھا۔

باب خصالِ المنافق

۲۰۷- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِیْ شَيْبَةَ .. (الٰی قوله) ... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو ،قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ : أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا ، وَمَنْ كَانَتْ فِيْهِ خَلَّةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيْهِ خَلَّةٌ مِنْ نِفَاقٍ حَتّٰى يَدَعَهَا: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ ،وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ ."

(ص:۵٦ سطر:۱۱ تا ۱۳)

قوله: "أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا" (ص:۵٦ سطر:۱۱)

اس جملہ میں "أربعٌ" موصوف اور "من كن فيه" صفت ہے، صفت موصوف مل مبتداء ہے اور اگلا جملہ "كان منافقًا خالصًا" اس کی خبر ہے۔ تقدیرِ عبارت اس طرح ہے: "من كن فيه أربع خصال كان منافقًا خالصًا."

نفاق یہ نَفَقٌ سے بنا ہے اور نَفَقٌ سرنگ کو کہتے ہیں[1] لیکن اس سے کوئی فعل اُس معنی میں استعمال نہیں ہوتا جس معنی میں یہ قرآن وسنت میں آیا ہے۔ اب نفاق کا لفظ ایک شرعی اصطلاح بن گیا ہے، جس کے مشہور معنی یہ ہیں کہ کوئی اسلام ظاہر کرے اور باطن میں کفر رکھتا ہو۔ چنانچہ منافقین کے کفر کے بارے میں قرآن وحدیث میں کثرت سے نصوص آئی ہیں، مثلاً: "وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ"۔[2] دوسری جگہ ہے: "قَالَتِ الْأَعْرَابُ اٰمَنَّا ط قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا أَسْلَمْنَا"۔[3]

نفاق کے لغوی اور شرعی معنی میں مناسبت یہ ہے کہ جس طرح سرنگ میں آدمی ایک طرف سے داخل ہوتا ہے اور لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ اندر ہے، حالانکہ وہ دوسری طرف سے نکل چکا ہوتا ہے، اسی طرح منافق ظاہراً اسلام میں داخل ہوتا ہے، لوگ مسلمان سمجھتے ہیں حالانکہ وہ دِل میں کفر چھپائے ہوئے ہوتا ہے۔

---

(۱) تاج العروس ج:۷ ص:۷۹۔ (۲) البقرة آیت:۸۔

(۳) الحجرات آیت:۱۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لیکن حدیثِ باب میں اگر یہ مشہور معنی مراد لیے جائیں تو زبردست اِشکال پیدا ہوتا ہے، وہ یہ کہ پھر تو لازم آیا کہ ان چار گناہوں کی وجہ سے آدمی کافر ہوگیا اور دائرۂ اسلام سے خارج ہوگیا، حالانکہ یہ اہلِ سنت والجماعت کا مذہب نہیں بلکہ معتزلہ اور خوارج کا مذہب ہے کہ ارتکابِ کبیرہ سے آدمی دائرۂ اسلام سے نکل جاتا ہے۔

جواب نمبرا:- نفاق کی دو قسمیں ہیں:-

۱- نفاقِ اعتقادی یعنی ظاہر میں مسلمان ہو اور باطن میں کافر۔

۲- نفاقِ عملی یعنی یہ کہ مثلاً ظاہر میں تو وعدہ کر رہا ہے مگر دِل میں یہ نیت ہے کہ اس وعدے پر عمل نہیں کرے گا۔

اب نفاق کی تعریف جو دونوں قسموں کو شامل ہوجائے یہ ہوگی کہ: "اظهارُ خلاف ما يبطن"۔[۱] حاصل یہ کہ اگر باطن میں کفر ہے تو یہ نفاق اعتقادی ہے، اور اگر کفر نہیں تو نفاقِ عملی ہے، پس یہاں حدیث باب میں بھی نفاقِ عملی مراد ہے۔[۲]

جواب نمبر۲:- یہ عہدِ رسالت کے ساتھ خاص ہے کہ عہدِ رسالت میں جس شخص میں یہ چار چیزیں ہوتی تھیں وہ قسمِ اوّل کا منافق یعنی حقیقۃً کافر ہوتا تھا۔[۳] مطلب یہ ہے کہ یہ کفر کی علامتیں ہیں علتیں نہیں۔ لیکن ہمارے زمانہ میں یہ چار چیزیں نفاق بمعنی کفر کی علامت بھی نہیں رہیں، کیونکہ افسوس کہ اب یہ مسلمانوں میں بھی پائی جاتی ہیں، جس طرح ترکِ صلوٰۃ عہدِ رسالت میں کفر کی علامت تھی، اب یہ کفر کی علامت نہیں رہی، اسی طرح یہ چار صفات عہدِ رسالت میں منافق (قسمِ اوّل) کی علامتیں سمجھی جاتی تھیں۔

جواب نمبر۳:- ایک جواب حافظ ابنِ قیمؒ نے دیا اور بہت ہی اچھا جواب ہے۔ حافظ ابنِ تیمیہؒ اور ابنِ قیمؒ کو اللہ تعالیٰ نے قوتِ بیان ایسی دی ہے کہ قاری کو اپنے ساتھ بہالے جاتے ہیں، مگر علامہ کشمیریؒ نے خوب ارشاد فرمایا، یہ ارشاد میں نے حضرت والد صاحبؒ سے سنا ہے، حضرت کشمیریؒ نے فرمایا کہ: "علمهما أكبر من عقلهما" کیونکہ حضرت ابنِ تیمیہؒ اور حضرت ابنِ قیمؒ نے متعدد مسائل میں دیگر جلیل القدر فقہائے کرام کے مقابلے میں تفردات اختیار کیے

---

(۱) اكمال المعلم ج:۱ ص:۳۱۳۔

(۲) المفهم ج:۱ ص:۲۵۰۔

(۳) اكمال المعلم ج:۱ ص:۳۱۳ والمفهم ج:۱ ص:۲۵۰ وشرح النووی ج:۱ ص:۵۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہیں۔ حضرت کشمیریؒ کے اس ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ علم تو اُن کا زیادہ ہے مگر عقل اللہ تعالیٰ نے جمہور فقہاء کو زیادہ دی ہے، مگر حافظ ابنِ قیمؒ نے حدیثِ باب اور اس کی ہم معنی احادیث کے بارے میں جو بات ارشاد فرمائی ہے وہ خوب ہے، فتح الملہم میں اُسے نقل کیا گیا ہے، اور ناچیز کو بہت پسند ہے، اور وہ جمہور فقہاء کے خلاف بھی نہیں۔

حافظ ابنِ قیمؒ فرماتے ہیں کہ احادیث میں جہاں کہیں بھی کسی معصیت کے مرتکب کے بارے میں لا یؤمن یا فقد کفر جیسے صیغے آئے ہیں اُن میں تأویلات نہ کی جائیں، بلکہ تم بھی کہو کہ اُس نے کفر کیا ہے بایں طور کہ کفر، شرک، نفاق اور فسق میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں، ۱- کفر جو مُخرِج مِن الملّۃ ہو، ۲- کفر جو مُخرِج مِن الملّۃ نہ ہو، یعنی یہ بھی ہے تو کفر ہی مگر یہ "کفرٌ دُونَ کفرٍ" ہے، شرک اور نفاق اور فسق کے بارے میں بھی کہا جائے گا کہ وہ "شرکٌ دُونَ شرکٍ" ہے، اور "نفاقٌ دُونَ نفاقٍ" ہے، اور "فسقٌ دُونَ فسقٍ" ہے۔[1] اس جواب میں ادب بھی ملحوظ رہتا ہے، اور اس بات کا اظہار بھی ہے کہ یہ جرم اتنا شدید ہے کہ یہ کفر کے قریب ہے اور کفر کا شعبہ ہے۔ اور اس میں یہ حکمت بھی ہے کہ اَوّلِ وَہلہ میں جب آدمی وعید سنے گا تو اس گناہ کے قریب بھی جانے سے ڈرے گا، اور احادیث میں یہ الفاظ اسی حکمت سے ارشاد فرمائے گئے ہیں۔

جواب نمبر۴:- ان اعمال کو حلال سمجھتا ہو جبکہ اُسے علمِ ضروری حاصل ہو چکا ہو کہ اسلام نے اُن کو حرام قرار دیا ہے، اس کے باوجود اُن کو حلال سمجھتا ہے تو یہ حقیقۃً کافر ہوگا۔

قولہ: "وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ" (ص:۵۶ سطر:۱۲)

وعدہ خلافی کے حکم میں قدرے تفصیل ہے:-

اگر وعدہ کرتے وقت ہی یہ ارادہ ہو کہ اس کو پورا نہیں کرے گا تو یہ حرام و ناجائز اور نفاقِ عملی ہے۔

اگر وعدہ کرتے وقت تو ایفائے وعد کا ارادہ تھا لیکن بعد میں کوئی عذر پیش آ گیا تو ترکِ ایفاء سے گنہگار نہ ہوگا، لیکن ترکِ ایفاء بلا عذر مکروہِ تنزیہی ہے۔[2]

---

(۱) الصلاۃ وحکم تارکھا، لابن القیم ص:۷۳ ومدارک السالکین ج:۱ ص:۳۳۶۔

(۲) اس سلسلے میں تفصیلی کلام کے لئے ملاحظہ فرمایئے: فضل الباری ج:۱ ص:۴۳۸۔ وعمدۃ القاری کتاب الایمان ج:۱ ص:۳۴۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ" (ص:۵۶ سطر:۱۲)

فجور کے لغوی معنی ہیں حد سے تجاوز کرنا اور حق سے اِعراض کرنا۔

۲۰۸- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ .. (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ؛ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ :آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلاَثٌ:إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ ،وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا ائْتُمِنَ خَانَ." (ص:۵۶ سطر:۱۳ تا ۱۵)

قوله: "آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلاَثٌ" (ص:۵۶ سطر:۱۴)

پہلی حدیث میں "اربعٌ" کا ذکر ہے، مگر اس میں کوئی تعارض نہیں، اس لئے کہ عددِ اقل اکثر کی نفی نہیں کرتا، یا یوں کہا جائے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے تین کا علم دیا گیا تھا، بعد میں چار کا علم دے دیا گیا۔[1]

قوله: "اذا ائْتُمِنَ خَانَ" (ص:۵۶ سطر:۱۴)

امانت کا تعلق صرف روپے پیسے کے ساتھ ہی نہیں بلکہ اس کی متعدد صورتیں ہیں، مثلاً مشورہ امانت ہے، الیکشن (انتخابات) میں ووٹ امانت ہے، دوسرے کا راز آپ کے پاس امانت ہے، کوئی عہدہ اور منصب آپ نے لیا ہے تو وہ بھی امانت ہے، اسی طرح اور بھی امانت کی متعدد اَقسام ہیں۔

باب بيان حال إيمان من قال لأخيهِ المسلم يا كافر

۲۱۲- "حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ .... (الیٰ قوله) ... عَنِ ابْنِ عُمَرَ؛ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَفَّرَ الرَّجُلُ أَخَاهُ فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا." (ص:۵۷ سطر:۱،۲)

قوله: "إِذَا كَفَّرَ الرَّجُلُ أَخَاهُ فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا" (ص:۵۷ سطر:۱)

ضمیر مؤنث کا مرجع اکفر کا مصدر إکفارة ہے بمعنیٰ تکفیر، یعنی کفر نہیں لوٹتا بلکہ تکفیر لوٹتی ہے۔ جس کی تکفیر کی گئی اگر وہ واقعی کافر ہے تو یہ تکفیر اُس کی طرف لوٹتی ہے یعنی اُس کا کفر ظاہر ہو جاتا ہے، اور اگر وہ واقعی کافر نہیں تو تکفیر کا یہ جرم قائل کی طرف لوٹتا ہے جو کبھی فسق کی صورت

(۱) دیگر جوابات کے لئے ملاحظہ فرمایئے: اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۱۶ وشرح النووی ج:۱ ص:۵۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میں ہوتا ہے اور کبھی کفر کی صورت میں۔ اگر کسی نے مثلاً دوسرے کے بارے میں کہا کہ وہ کافر ہے اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گستاخ ہے، حالانکہ حقیقت میں وہ گستاخ نہیں، تو یہ تکفیر قائل کی طرف بھتان علی المسلم کی صورت میں لوٹے گی جو کہ فسق ہے، اور اگر کسی نے دوسرے کو مثلاً اس لئے کافر کہا کہ وہ نماز پڑھتا ہے تو اِس صورت میں وہ تکفیر قائل کی طرف کفر کی صورت میں لوٹے گی کیونکہ اُس نے نماز کو کفر قرار دے دیا۔

کب تکفیر قائل کے فسق کی صورت میں اور کب کفر کی صورت میں لوٹے گی؟ اس کے لئے ضابطہ یہ ہے کہ اگر تکفیر ما عُلِمَ من الدِّین ضرورةً کے انکار کو متضمن ہے تو یہ قائل کی طرف کفر کی صورت میں لوٹے گی، ورنہ فسق کی صورت میں۔

۲۱۳ – "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ... (الیٰ قوله)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ؛ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَيُّمَا امْرِئٍ قَالَ لِأَخِيْهِ: يَا كَافِرُ. فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا، إِنْ كَانَ كَمَا قَالَ، وَإِلَّا رَجَعَتْ عَلَيْهِ." (ص:۵۷ سطر:۲،۳)

قوله: "إِنْ كَانَ كَمَا قَالَ" (ص:۵۷ سطر:۳)

أی ان كان المقول لهٗ كما قال۔ آگے جزاء محذوف ہے أی فقد أحسن.

قوله: "وَإِلَّا رَجَعَتْ عَلَيْهِ" (ص:۵۷ سطر:۳)

أی وان لم يكن المقول لهٗ كما قال رجعت عليه تلك الإكْفَارةُ أی التكفيرُ.

یعنی اُس کا وبال لوٹے گا کبھی کفر کی صورت میں، کبھی فسق کی صورت میں جس کا ضابطہ اُوپر بیان ہوا۔

۲۱۴ – "حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ؛ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَيْسَ مِنْ رَجُلٍ ادَّعٰى لِغَيْرِ أَبِيْهِ وَهُوَ يَعْلَمُهُ، إِلَّا كَفَرَ، وَمَنِ ادَّعٰى مَا لَيْسَ لَهُ فَلَيْسَ مِنَّا، وَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ. وَمَنْ دَعَا رَجُلاً بِالْكُفْرِ أَوْ قَالَ: عَدُوَّ اللّٰهِ، وَلَيْسَ كَذٰلِكَ إِلَّا حَارَ عَلَيْهِ." (ص:۵۷ سطر:۳،۵)

قوله: "لَيْسَ مِنْ رَجُلٍ ادَّعٰى لِغَيْرِ أَبِيْهِ وَهُوَ يَعْلَمُهُ، إِلَّا كَفَرَ" (ص:۵۷ سطر:۴،۵)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مِنْ تاکیدِ نفی کے لئے ہے، یہاں بھی وہی تفصیل ہے، یعنی "کُفْرٌ دُوْنَ کُفْرٍ" مراد ہے، یا "فقد قارب الکفر" یا کفرانِ نعمت مراد ہے۔

قولہ: "اِدَّعٰی لِغَیْرِ اَبِیْهِ وَهُوَ یَعْلَمُهٗ اِلَّا کَفَرَ" (ص:۵۷ سطر:۴)

من ادّعی لغیر أبیه انّه أبوه، یعنی غیر باپ کی طرف باپ ہونے کی جھوٹی نسبت دانستہ کی۔ اس میں یہ صورت بھی داخل ہے کہ آدمی اپنے نسب کو دوسرے قبیلے اور قوم کی طرف منسوب کرے۔(۱)

سوال:- غیرِ اَب کی طرف منسوب کرنا تو گناہِ عملی ہے، مَا عُلِمَ مِنَ الدِّیْنِ ضرورةً کا انکار نہیں، پھر اس پر کفر کا حکم کیوں لگایا گیا؟

اس کے متعدد جواب ہیں:-

۱- اگر بعد العلم بالتحریم مستحلاً ایسا کرتا ہے تو واقعی کافر ہوجائے گا۔

۲- جس طرح نفاق کی دو قسمیں ہیں، اسی طرح کفر کی بھی دو قسمیں ہیں، ۱-کفرِ اعتقادی، ۲-کفرِ عملی۔ یہاں پر کفرِ عملی مراد ہے، اِسی کو حافظ ابنِ قیمؒ نے "کُفْرٌ دُوْنَ کُفْرٍ" کہا ہے، جیسا کہ پیچھے بیان ہوا۔

۳- کفر سے مراد کفرانِ نعمت ہے، یعنی اُس نے باپ جیسی عظیم نعمت کا انکار کیا۔

۴- کَفَرَ بمعنی قارب الکفرَ یعنی کفر کے قریب ہوگیا، عربی میں ایسا بکثرت ہوتا ہے کہ قریب الشیء پر شیء کا اطلاق ہوتا ہے، جیسے قریب الموت پر میّت کا اطلاق ہوتا ہے۔

قولہ: "وَمَنِ ادَّعٰی مَا لَیْسَ لَهٗ فَلَیْسَ مِنَّا" (ص:۵۷ سطر:۵)

مثلاً کسی کی تصنیف یا شعر کو یا کسی کے مال کو اپنی طرف منسوب کردیا، غرض کسی بھی ایسی چیز کا دعویٰ کرنا جو مدعی کی نہیں ہے اِس میں داخل ہے۔ بعض لوگ غلط بیانی سے کام لے کر کسی نسب کو اپنی طرف لگالیتے ہیں، حالانکہ وہ نسب اُن کا نہیں ہوتا، مثلاً حائک (جولاہے) عربوں کی اولاد نہیں، اُنہوں نے اپنے آپ کو انصاری کہلوانا شروع کردیا۔ اسی طرح کچھ قصائیوں نے قریشی کہلوانا شروع کردیا، حالانکہ وہ بھی قریش کی اولاد میں نہیں، یہ حرام ہے۔ لیکن دوسری طرف طعن فی النسب بھی حرام ہے، البتہ ہم جو اپنے آپ کو "حنفی" کہتے ہیں تو

(۱) المفهم ج:۱ ص:۲۵۴ والسراج الوهاج ج:۱ ص:۲۱۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وہ نسب کے طور پر نہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ہم امامِ اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی تقلید کرتے ہیں، اس لئے ''حنفی'' کہلاتے ہیں۔

باب بیان حال ایمان من رغب عن ابیه وهو یعلم

۲۱۶– ''حَدَّثَنِیْ عَمْرٌو النَّاقِدُ ... (الٰی قوله) ...قَالَ :نا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ ،قَالَ :انَا خَالِدٌ عَنْ أَبِیْ عُثْمَانَ ،قَالَ:لَمَّا ادُّعِیَ زِيَادٌ، لَقِيْتُ أَبَا بَكْرَةَ فَقُلْتُ لَهُ:مَا هٰذَا الَّذِیْ صَنَعْتُمْ؟ إِنِّیْ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِیْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ:سَمِعَ أُذُنَایَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ:مَنِ ادَّعٰی أَبًا فِی الإِسْلَامِ غَيْرَ أَبِيْهِ، يَعْلَمُ أَنَّهُ غَيْرُ أَبِيْهِ، فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ .

فَقَالَ : ''أَبُوْ بَكْرَةَ: وَأَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ.''

(ص:۵۷ سطر:۷تا۹)

قوله:''لَمَّا ادُّعِیَ زِيَادٌ، لَقِيْتُ أَبَا بَكْرَةَ'' (ص:۵۷ سطر:۷)

حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ اور زیاد دونوں ماں شریک بھائی ہیں، دونوں سُـمَيَّة نامی خاتون کے بطن سے پیدا ہوئے، سُـــمیّة حارث بن کلدۃ طبیب کی باندی تھی، اسی کے پاس سُمیَّة کے بطن سے حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ جو صحابی ہیں، پیدا ہوئے۔

زیاد صحابی نہیں ہیں، زیاد کے باپ کا شروع میں لوگوں کو علم نہ تھا۔ علامہ نوویؒ کے بیان کے مطابق اسے کوئی ''زیاد بن عبید ثقفی'' کہتا اور کوئی ''زیـاد بـن أبيه'' اور کوئی ''زیـاد بن أُمّه'' کہتا تھا، وجہ یہ تھی کہ زمانۂ جاہلیت میں متعدد قسم کے انکحہ ہوتے تھے کہ کچھ دن کے لئے اس سے نکاح کرلیا اور کچھ دن کے لئے دوسرے سے، اسلام نے انکحۂ جاہلیت کو باطل قرار دے دیا لیکن انـکـحــۂ جاہلیت سے جو بچے پیدا ہو چکے تھے دورِ جاہلیت میں بھی وہ ثابت النسب کہلاتے تھے، اسلام نے بھی دورِ جاہلیت کے ایسے نکاح سے پیدا ہونے والے بچوں کو ثابت النسب قرار دیا۔

ایک نکاحِ جاہلی کا طریقہ یہ تھا کہ کسی باندی سے اُس کا مالک بھی مباشرت کرتا تھا اور اور نکاحِ جاہلی کی بناء پر دوسرے لوگ بھی، پھر ایسی باندی کے بچوں کے ثبوتِ نسب کا طریقہ، جس سے متعدد مردوں نے نکاحِ جاہلی کی بناء پر مباشرت کی ہو، یہ تھا کہ وہ باندی مباشرت

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کرنے والے جس مرد کو متعین کردیتی تھی وہی اُس بچہ کا باپ مانا جاتا تھا، اور بچہ اسی کی طرف منسوب ہوتا تھا۔ جب اسلام آیا تو اسلام نے اُن کو ثابت النسب قرار دیا، لیکن آئندہ کے لئے ثبوتِ نسب کے قوانین وضع کردیئے اور قاعدہ یہ مقرر کردیا کہ "الولد للفراش وللعاھر الحجر"۔[۱]

ابوسفیانؓ نے بھی سُمَیَّہ سے نکاحِ جاہلیت کیا تھا، جب سُمَیَّہ کے بطن سے زیاد پیدا ہوا تو سمیہ نے اُس کو ابوسفیانؓ کی طرف منسوب کیا اور ابوسفیانؓ نے بھی مشرف بہ اسلام ہونے سے پہلے زمانۂ جاہلیت ہی میں اقرار کیا کہ یہ اُن کا بچہ ہے، اور کچھ لوگوں کو خفیہ طور پر اس کا گواہ بھی بنایا کہ یہ میرا بیٹا ہے۔

ابوسفیانؓ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بھی والد ہیں، جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا دورِ حکومت آیا اُس وقت تک زیاد کے ابوسفیانؓ کا بیٹے ہونے کی بات مخفی تھی، زیاد بڑا ذہین، مدبر، منتظم اور شجاع تھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھی تھا، اُن کے دورِ خلافت میں بڑے بڑے عہدوں پر فائز رہا۔

جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو اُس نے گواہوں کو بھیجا کہ جاؤ! حضرت معاویہؓ کو بتاؤ کہ زیاد تمہارا باپ شریک بھائی ہے، گواہوں کی تعداد دس تھی، جن میں حافظ ابنِ حجرؒ کے بیان کے مطابق ایک جلیل القدر صحابی حضرت مالک بن ربیعہ سلولی رضی اللہ عنہ بھی تھے جو بیعتِ رضوان میں شریک رہ چکے تھے۔[۲]

اب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے لئے یہ مسئلہ بن گیا، ظاہر ہے بھائی بنانے میں عار بھی تھی اور بدنامی بھی ہوسکتی تھی، لیکن جب یہ مسئلہ دس گواہوں کے ذریعہ مبرہن ہوکر آیا تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے انہیں اپنا بھائی بنالیا اور اِلحاقِ نسب کردیا۔ جن لوگوں کو یہ صورتحال معلوم نہ تھی اُن کو حیرانی ہوئی اور اُنہوں نے اعتراض بھی کیا،[۳] چنانچہ ان معترضین میں یہ

---

(۱) صحیح البخاری میں یہ حدیث ۷ جگہ، صحیح مسلم میں دو جگہ اور دیگر متعدد کتبِ حدیث میں بھی آئی ہے۔

(۲) الاصابة ج:۱ ص:۵۶۳۔

(۳) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: الاصابة ج:۱ ص:۵۶۳ وتاریخ ابن خلدون ج:۳ ص:۱۴، ۱۵ والاستیعاب ج:۲ ص:۵۲۳-۵۳۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابوعثمان بھی تھے جن کا ذکر یہاں حدیثِ باب میں ہے۔

یاد رہے کہ زیاد ماں شریک بھائی ہیں ابوبکرہؓ کے، اور باپ شریک بھائی ہیں حضرت معاویہؓ کے۔ چنانچہ ابوعثمان ابوبکرہؓ سے ملے وہ سمجھتے تھے کہ شاید ابوبکرہؓ خود بھی اس اِلحاقِ نسب پر راضی ہیں اسی لئے انہوں نے حضرت ابوبکرہ سے بطور اعتراض کے یہ سوال کیا کہ: "ما ھذا الذی صنعتم"؟ اِس مکالمہ سے ابوبکرہؓ کا موقف واضح نہیں ہوتا لیکن روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ شروع میں یہ بھی استلحاق سے ناراض تھے اور ناراضگی کی وجہ یہ بتاتے تھے کہ "لا واللہ! ما علمتُ سُمَیَّۃَ رأت ابا سفیانَ قَطُّ"۔[1]

اگرچہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے استلحاق کے بعد زیاد کا نسب حضرت ابوسفیانؓ سے ثابت ہوگیا تھا، لیکن اُس نے مزید توثق اور تائید کے لئے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو خط لکھا جس کے شروع میں لکھا: "مِن زیاد بن أبی سفیان الیٰ اُمّہٖ عائشۃ رضی اللہ عنہا" مقصد یہ تھا کہ جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جواب میں "الیٰ زیاد بن أبی سفیان" لکھ دیں گی تو نسب کا ثبوت مؤکد ہوجائے گا، اور لوگوں کو شبہ اور اعتراض باقی نہ رہے گا۔ لیکن اُس وقت تک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس کے نسب کی تصدیق نہ ہوئی تھی اس لئے اُنہوں نے جواب میں لکھا: "من عائشۃ اُمّ المؤمنین الیٰ ابنھا زیاد" ۔ لیکن بعد میں جب حقیقتِ حال واضح ہوگئی تو زیاد کے نام ایک خط میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے لکھا: "من عائشۃ اُمّ المؤمنین الیٰ زیاد بن أبی سفیان" جب زیاد کے پاس یہ خط پہنچا تو اُس نے خوش ہوکر یہ خط مجمعِ عام میں سنایا۔[2]

خلاصہ یہ کہ جو حضرات شروع میں اِس اِستلحاق پر اعتراض فرمارہے تھے اُن کا اعتراض یہ نہیں تھا کہ زیاد ولد الزنا ہے لہٰذا اس کا ابوسفیانؓ سے نسب ثابت نہیں ہوسکتا، بلکہ اُن کا اعتراض یہ تھا کہ ابوسفیانؓ نے کبھی سُمَیّہ سے مباشرت یا نکاحِ جاہلی کیا ہی نہیں تھا۔

اس واقعہ کو سیّد ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے اپنی کتاب "خلافت وملوکیت" میں لکھا اور ان کا اصل موضوع یہ تھا کہ اسلام میں شروع میں خلافت تھی، بعد میں یہ خلافت رفتہ رفتہ

(۱) الاستیعاب لابن عبدالبر، تحت الاصابۃ ج:۱ ص:۵۵۰، (من الأستاذ حفظھم اللہ)۔

(۲) تاریخ ابن خلدون ج:۳ ص:۱۶ وطبقات ابن سعد ج:۷ ص:۹۹، ۱۰۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ملوکیت میں تبدیل ہوتی چلی گئی، اور اس کی ابتداء ثابت کی حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ سے کہ اُن کے دور میں اصل تو خلافت ہی تھی لیکن کچھ کچھ ملوکیت کے آثار بھی آنے لگے تھے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت میں اِس ملوکیت کو فروغ ملا۔

سیّد ابوالاعلیٰ مودودی صاحب مرحوم نے تاریخی واقعات سے ثابت کرنے کی کوشش کی کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لئے متعدد مواقع پر شریعت کے خلاف عمل کیا۔ اُن کی کتاب سے زیاد کے واقعہ کا حاصل یہ سامنے آتا ہے کہ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے سمیہ سے نکاحِ جاہلی نہیں بلکہ زنا کا اِرتکاب کیا تھا، اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے سیاسی اَغراض کے لئے اور زیاد کو اپنا موافق بنانے کے لئے شریعت کے مسلّمہ قاعدے ''الولد للفراش وللعاهر الحجر'' کی خلاف ورزی کی تھی، اس مقصد کے لئے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے والدِ ماجد ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے زِنا پر گواہیاں لیں، اور اس کا ثبوت بہم پہنچایا کہ زیاد، ابوسفیانؓ ہی کا ولد الحرام ہے، اور اسی بنیاد پر اُسے اپنا بھائی اور اپنے خاندان کا فرد قرار دے دیا، حالانکہ شریعت میں زِنا سے کوئی نسب ثابت نہیں ہوتا، حدیثِ مرفوع ہے کہ: ''الولد للفراش وللعاهر الحجر''۔(۱)

اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے ہمارے برادرِ عزیز مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کو، اور ان کے علم وعمل اور عمر میں برکت عطاء فرمائے کہ اُنہوں نے ''خلافت وملوکیت'' کا خالص علمی و اصلاحی سنجیدہ طریقے سے اپنی کتاب ''حضرت معاویہؓ اور تاریخی حقائق'' میں جواب دیا۔(۲)

جب یہ کتاب منظرِ عام پر آئی تو سیّد ابوالاعلیٰ مودودی صاحب مرحوم کے بہت سے معتقدین نے اعتراف کیا کہ سیّد مودودی صاحب سے غلطی ہوئی ہے۔ اُسی زمانے میں ہمارے حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ''مقامِ صحابہ'' کے نام سے کتاب لکھی، جس میں فرمایا کہ: اُصولی بات یہ ہے کہ تاریخی روایات سے کوئی عقیدہ ثابت نہیں ہوسکتا، بلکہ عقیدہ کا ثبوت تو قرآن اور احادیثِ متواترہ ہی سے ہوسکتا ہے، اور صحابہؓ کا عدول ہونا (الصحابة كلهم عدول) ایک اجماعی عقیدہ ہے۔ سیّد مودودی صاحب مرحوم کو جو ٹھوکر لگی وہ اِس سے کہ انہوں نے صحابہ کرامؓ کے بارے میں اپنی رائے قائم کرنے کے لئے تاریخی روایات کو اپنی بنیاد بنایا، حالانکہ

(۱) ملاحظہ فرمایئے: خلافت وملوکیت ص:۱۷۵۔

(۲) ملاحظہ فرمایئے: حضرت معاویہ اور تاریخی حقائق ص:۴۶ - ۵۶، اور ص:۲۰۱ - ۲۰۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صحابہ کرامؓ کے بارے میں جو بات عقیدہ کے درجہ کی ہے وہ قرآن و حدیث سے ثابت ہوگی نہ کہ تاریخ و قیاس سے۔ جو تاریخی روایات قرآنِ کریم یا سنتِ متواترہ کے خلاف ہیں یعنی "الصحابة كُلُّهُم عدول" کے عقیدے کے خلاف ہیں، انہیں یقیناً جھوٹا قرار دیا جائے گا۔[۱]

باب قول النبی ﷺ :
سِبابُ المسلم فسوقٌ وقِتالهُ كفر

۲۱۸ – "حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ .. (الٰی قوله) ... عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ مَسْـعُـوْدٍ قَـالَ: قَـالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ .وَقِتَالُهُ كُفْرٌ ." (ص:۵۸ سطر:۱،۲)

قوله: "سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ" (ص:۵۸ سطر:۲)

سَبَّ، يَسُبُّ کا مصدر "سبًّا وَ سبابًا" آتا ہے،[۲] بمعنیٰ گالم گلوچ کرنا۔

پہلے ایمان کے شعبوں کا بیان ہوا تھا، اب پچھلے کئی باب سے کفر کے شعبوں کا بیان چل رہا ہے، فسوق کے لغوی معنی ہیں "خروج"۔[۳] اور شرعی اصطلاح میں "خروج عن طاعة الله ورسوله" کو کہا جاتا ہے۔[۴]

یہاں حدیث میں متقی اور صالح کی قید نہیں ہے، معلوم ہوا کہ کسی بھی مسلمان سے گالم گلوچ جائز نہیں۔

باب بيان معنى قول النبی ﷺ :
لا ترجعوا بعدى كُفارًا .... الخ

۲۲۰ – "حَـدَّثَـنَـا أَبُـوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ ،سَـمِـعَ أَبَا زُرْعَةَ يُحَدِّثُ عَنْ جَدِّهِ جَرِيْرٍ ؛ قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ

(۱) مقامِ صحابہ ص:۱۳،۱۴۔ (۲) لسان العرب ج:۶ ص:۱۳۷۔

(۳) المعجم الوسیط ج:۲ ص:۶۸۸۔ (۴) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ :اِسْتَنْصِتِ النَّاسَ .ثُمَّ قَالَ:لاَ تَرْجِعُوْا بَعْدِىْ كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ." (ص:۵۸ سطر:۴،۵)

قولہ:"اِسْتَنْصِتِ النَّاسَ" (ص:۵۸ سطر:۵)

لوگوں کو خاموش کرو، واضح ہو کہ انصات کے لئے استماع لازم نہیں، کیونکہ ہوسکتا ہے کہ آدمی خاموش ہو مگر وہ کسی کی بات کو کان لگا کر سن نہ رہا ہو۔ اسی طرح استماع کے لئے انصات لازم نہیں، کیونکہ یہ ہوسکتا ہے کہ کان لگا کر آدمی سن بھی رہا ہو اور تھوڑا تھوڑا بول بھی رہا ہو۔[1] لہٰذا حنفیہ کا یہ اُصول غلط نہیں کہ جہری نمازوں میں مقتدی کو استماع کرنا چاہئے اور سری نمازوں میں انصات کرنا چاہئے۔ قرآنِ مجید میں دونوں کا حکم دیا گیا ہے:"وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ"۔[2]

قولہ:"لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِىْ كُفَّارًا" (ص:۵۸ سطر:۵)

میرے بعد لوٹ کر کافر نہ ہوجانا کہ تم میں سے بعض بعض کی گردنیں مارنے لگیں۔

قولہ:"يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ" (ص:۵۸ سطر:۵)

اگر یہ پچھلے لفظ کفارًا کی تفسیر ہو تو پھر سوال ہوگا کہ قتال گناہِ عملی ہے، اعتقادی نہیں، پھر اس سے لوگ کیسے کافر ہوجائیں گے؟

جواب:- کفر سے مراد "كفرٌ دُونَ كفرٍ" ہے، جیسا کہ پیچھے گزرا۔

دوسری توجیہ یہ ہوسکتی ہے کہ "يضرب بعضكم" نتیجہ ہو کافر ہوجانے کا، یعنی میرے بعد مرتد نہ ہوجانا کہ اس کے نتیجے میں پھر ماضی کی طرح ایک دوسرے کی گردنیں مارنا شروع کردو۔[3]

تنبیہ:- ایمان کا مدار اگرچہ تصدیقِ قلب پر ہے، لیکن کسی کے بعض اعمال، افعال اور اقوال ایسے ہوسکتے ہیں جن کی بنیاد پر اُسے کافر کہا جائے، مثلاً کوئی شخص زبان سے "لا الٰــہ الا اللہ" کا صریح طور پر انکار کرے اگرچہ تصدیقِ قلبی موجود ہو، لیکن چونکہ قلب کا حال ہمیں معلوم

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۵۔ (۲) الأعراف آیت:۲۰۴۔

(۳) شرح النووی ج:۱ ص:۵۸، وقد ذکر النووی اجوبة أخرى أيضًا.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نہیں اس لئے اُسے کافر کہا جائے گا۔ اسی طرح کوئی شخص سجودِ صنم کرتا ہے تو اُسے بھی کافر کہیں گے کیونکہ اُس کا یہ عمل کفر کی صراحت کرتا ہے، چنانچہ اسی بنیاد پر امامِ احمد رحمۃ اللہ علیہ نے احدی الروایتین میں تارکِ صلوٰۃ کو کافر کہا ہے (اگرچہ دوسرے ائمہ نے اس میں اختلاف کیا ہے) کیونکہ عہدِ رسالت میں تارکِ صلوٰۃ کو کافر سمجھا جاتا تھا (کیونکہ اُس وقت ترکِ صلاۃ صرف کافر ہی کرتا تھا)۔

۲۲۲-"حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ .. (الیٰ قولہ)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ ؛أَنَّهُ قَالَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ :وَيْحَكُم (أَوْ قَالَ:)وَيْلَكُمْ لاَ تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ."

(ص۵۸ سطر:۶،۷)

قولہ:"وَيْحَكُم (أَوْ قَالَ:) وَيْلَكُمْ" (ص۵۸ سطر:۷)

یہ کبھی ہلاکت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، یعنی اُس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو ہلاکت کے قریب ہوگیا ہو اور اُسے بچانے کے لئے خبردار کرنا مقصود ہو، اور کبھی کسی کی حالت پر رحم یا تعجب کا اظہار مقصود ہوتا ہے،[1] یہاں ترحم یا تعجب کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔

باب اطلاق اسم الكفر على الطعن فى النسب والنياحة

۲۲۴-"حَدَّثنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الی قولہ) ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ؛قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ:اثْنَتَانِ فِي النَّاسِ هُمَا بِهِمْ كُفْرٌ: الطَّعْنُ فِي النَّسَبِ وَالنِّيَاحَةُ عَلَى الْمَيِّتِ ." (ص:۵۸ سطر:۸تا۱۰)

قولہ:"اثْنَتَان" (ص:۵۸ سطر:۹) أى خصلتان اثنتان.

قولہ:"الطَّعْنُ فِي النَّسَبِ" (ص:۵۸ سطر:۱۰)

یہ حرام ہے اور شعبة من الكفر ہے، جس طرح اپنا جھوٹا نسب بیان کرنا حرام ہے، اسی طرح طعن فی النسب یعنی دوسرے کے نسب پر طعنہ زنی بھی حرام ہے۔

---

(۱) اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۲۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "وَالنِّيَاحَةُ عَلَى الْمَيِّتِ" (ص:۵۸ سطر:۱۰)

یہاں بھی "بهم كفر" میں وہی تأویلات ہوں گی جو پیچھے بار بار بیان ہوئی ہیں، یعنی "كفرٌ دُونَ كفرٍ" مراد ہے۔ یا یہ حدیث مستحل بعد العلم بالتحریم پر محمول ہے۔

باب تسمية العبد الأبق كافرًا

۲۲۵- "حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: نَا إِسْمَاعِيْلُ (يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ) عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيْرٍ؛ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: أَيُّمَا عَبْدٍ أَبَقَ مِنْ مَوَالِيْهِ فَقَدْ كَفَرَ حَتّٰى يَرْجِعَ إِلَيْهِمْ.

قَالَ مَنْصُوْرٌ: قَدْ وَاللّٰهِ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلٰكِنِّيْ أَكْرَهُ أَنْ يُرْوَى عَنِّيْ هَا هُنَا بِالْبَصْرَةِ." (ص:۵۸ سطر:۱۰،۱۱)

قوله: "أَيُّمَا عَبْدٍ أَبَقَ مِنْ مَوَالِيْهِ فَقَدْ كَفَرَ" (ص:۵۸ سطر:۱۱)

"ابــــق" میں باء کا فتحہ بھی جائز ہے کسرہ بھی، لیکن فتحہ زیادہ فصیح ہے،(۱) یہاں بھی وہی تفصیل ہوگی جو پیچھے بار بار بیان ہوئی ہے، یعنی کفرانِ نعمت یا کفرٌ دُونَ کفرٍ، یا استحلال بعد العلم بالتحریم مراد ہے۔

قوله: "قَالَ مَنْصُوْرٌ: قَدْ وَاللّٰهِ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلٰكِنِّيْ أَكْرَهُ أَنْ يُرْوَى عَنِّيْ هَا هُنَا بِالْبَصْرَةِ" (ص:۵۸ سطر:۱۱)

منصور کے اس قول کا مطلب یہ ہے کہ میں نے یہ حدیث (عام لوگوں کے سامنے تو) مرفوعاً نہیں سنائی بلکہ موقوفاً علیٰ جریر روایت کی ہے مگر درحقیقت یہ حدیث مرفوع ہے یعنی جریر نے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔

اس حدیث کے ظاہر سے خوارج اپنے باطل مذہب کی تائید کا دعویٰ کرسکتے تھے حالانکہ اس کے ظاہری معنیٰ مراد نہیں ہیں، اس لئے منصور نے اس کو بصرہ میں مرفوعاً بیان کرنا پسند نہیں فرمایا، کیونکہ بصرہ خوارج کا گڑھ تھا۔ وہ اس سے ناجائز فائدہ اُٹھا کر اپنے حق میں استعمال کرسکتے تھے۔(۲)

اِس سے معلوم ہوا کہ جب اور جہاں صحیح روایت کا بیان کرنا دینی مصلحت کے خلاف

(۱) نووی ج:۱ ص:۵۹۔ (۲) اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۲۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہو مثلاً یہ اندیشہ ہو کہ بعض سامعین اس حدیث کا مطلب غلط سمجھ بیٹھیں گے یا دوسروں کو گمراہ کرنے کے لئے غلط مطلب بتائیں گے تو وہاں ایسی حدیث بیان نہ کرنا چاہیئے۔ راوی کی اس احتیاط کا حاصل بھی وہی ہے جو امامِ مسلمؒ نے اپنی کتاب کے مقدمہ میں بہت اہتمام سے بیان فرمایا ہے کہ ہر حدیثِ صحیح کو ہر جگہ بیان کرنا مناسب نہیں ہوتا، موقع محل دیکھ کر بیان کرنی چاہیئے۔

۲۲۶ - "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ .... (الیٰ قوله)... عَنْ جَرِيْرٍ؛ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَيُّمَا عَبْدٍ أَبَقَ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ." (ص:۵۸ سطر:۱۲)

قوله: "فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ" (ص:۵۸ سطر:۱۲)

ذمہ سے مراد ضمانت، حمایت، حفاظت اور امان ہے اور مطلب یہ ہے کہ یہ غلام فرار ہونے سے پہلے اپنے مالک کی سزا و قید سے شرعاً محفوظ و مامون تھا مگر اب بھگوڑا ہونے کی وجہ سے محفوظ و مامون نہ رہا۔[1]

۲۲۷ - "حَدَّثَنَا يَحْيىٰ بْنُ يَحْيىٰ ... (الیٰ قوله)... عَنِ الشَّعْبِيِّ؛ قَالَ: كَانَ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَبَقَ الْعَبْدُ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلاةٌ." (ص:۵۸ سطر:۱۲،۱۳)

قوله: "لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلاةٌ" (ص:۵۸ سطر:۱۳)

یہاں صحتِ صلوٰۃ کی نفی نہیں، قبولیت کی نفی ہے، جس کا حاصل یہ کہ نماز تو ادا ہو جائے گی یعنی ذمہ سے فرض ساقط ہو جائے گا، مگر ثواب نہ ملے گا (فتح الملہم)۔[2]

باب بيان كفر من قال مطرنا بالنوء

۲۲۸ - "حَدَّثَنَا يَحْيىٰ بْنُ يَحْيىٰ ... (الیٰ قوله) ... عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ؛ قَالَ: صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ صَلاةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ فِيْ إِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ ؟ قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: قَالَ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ. فَأَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهِ، فَذٰلِكَ

(۱) فتح الملہم ج:۲ ص:۴۹۔ (۲) فتح الملہم ج:۲ ص:۵۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ ،وَأَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، فَذٰلِكَ كَافِرٌ بِيْ مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ." (ص:۵۹سطر:۱تا۳)

قوله:"فِيْ إِثْرِ سَمَآءٍ" (ص:۵۹ سطر:۲)

اِثْرُ اور أثَر ہم معنی الفاظ ہیں، "بَعْد" کے معنی میں اور "سماء" ہر اُوپر والی چیز کو کہتے ہیں، بادل کو بھی کہتے ہیں، مگر یہاں بارش مراد ہے،(۱) اور فی اثر سماء کا مطلب ہے: "بعد مطر"۔

قوله:"مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا" (ص:۵۹ سطر:۳)

نَاءَ يَنُوءُ نَوْئًا طلوع اورغروب دونوں معنیٰ میں مستعمل ہے، (اَضداد میں سے ہے)۔(۲) "كذا وكذا" یہ ستاروں کے ناموں سے کنایہ ہے۔کل اَٹھائیس ۲۸ ستارے ہیں جو منازلِ قمر کہے جاتے ہیں، جب ان میں سے ایک ستارہ مشرق سے طلوع ہوتا ہے تو اُسی وقت ایک ستارہ مغرب میں غروب ہوتا ہے یہاں تک کہ سال بھر میں اِن کا یہ عمل مکمل ہوجاتا ہے، ہر ستارے کے حصے میں تقریباً تیرہ دن آتے ہیں (فتح الملهم ج:۲ ص:۵۲)۔ زمانۂ جاہلیت میں لوگوں کا عقیدہ تھا کہ بارش ان ستاروں کے طلوع وغروب سے ہوتی ہے، اِسے وہ بارش کے لئے علّت اور مؤثرِ حقیقی مانتے تھے۔ ظاہر ہے کہ یہ عقیدہ کفر ہے، کیونکہ "ما عُلِمَ من الدِّين ضرورةً" کے خلاف ہے، لیکن اگر کوئی شخص علّت اور مؤثرِ حقیقی تو اللہ تعالیٰ ہی کو مانتا ہو مگر بطورِ علامت یا سبب کے کسی ظاہری علامت یا سبب کی طرف نسبت کردے تو یہ کفر نہیں۔ مثلاً: آج کل محکمۂ موسمیات والے کہتے ہیں کہ فلاں علاقہ میں ہوا کے دباؤ میں کمی کی وجہ سے بارش ہوئی یا ہونے کا اِمکان ہے۔ یہ بھی اسی میں داخل ہے۔ یہی حکم دواؤں کے بارے میں ہے کہ ان کو شفاء کے لئے علّت (مؤثرِ حقیقی) ماننا کفر ہے، سبب کے درجے میں ماننا کفر نہیں۔

۲۳۰- "حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْمُرَادِيُّ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ:مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ بَرَكَةٍ إِلَّا أَصْبَحَ فَرِيْقٌ مِنَ النَّاسِ بِهَا كَافِرِيْنَ يُنْزِلُ اللّٰهُ الْغَيْثَ فَيَقُوْلُوْنَ:

---

(۱) صيانة صحيح مسلم ص:۲۵۰۔

(۲) مجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۸۱۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الکَوْکَبُ کَذَا وَکَذَا ... الحدیث." (ص:۵۹ سطر:۵،۶)

قولہ: "مِنْ بَرَکَةٍ" (ص:۵۹ سطر:۶) یعنی بارش۔

۲۳۱- "حَدَّثَنِی عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِیْمِ الْعَنْبَرِیُّ ... (الیٰ قوله)... حَدَّثَنِی ابْنُ عَبَّاسٍ. قَالَ: مُطِرَ النَّاسُ عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ: أَصْبَحَ مِنَ النَّاسِ شَاکِرٌ وَمِنْهُمْ کَافِرٌ. قَالُوْا هٰذِهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ. وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَقَدْ صَدَقَ نَوْءُ کَذَا وَکَذَا. قَالَ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآیَةُ: فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ (حتّٰی بَلَغَ) وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَکُمْ اَنَّکُمْ تُکَذِّبُوْنَ."

(ص:۵۹ سطر:۷تا۹)

قولہ: "لَقَدْ صَدَقَ" (ص:۵۹ سطر:۹) سچ کردکھایا، یعنی اثر کیا۔

قولہ: "وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَکُمْ .... الخ" (ص:۵۹ سطر:۹)

أی تجعلون شکرَ رزقِکم أنّکم تکذِّبون. یعنی نعمت کا شکر تم یہ ادا کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کی تکذیب کرنے لگے ہو۔[1]

باب الدلیل علیٰ انَّ حُبَّ الأنصار وعليٍّ رضی اللہ عنہ من الإیمان الخ

۲۳۲- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی... (الیٰ قوله) ...عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ: آیَةُ الْمُنَافِقِ بُغْضُ الْأَنْصَارِ، وَآیَةُ الْمُؤْمِنِ حُبُّ الْأَنْصَارِ." (ص:۵۹ سطر:۹،۱۰)

قولہ: "آیَةُ الْمُنَافِقِ بُغْضُ الْأَنْصَارِ، وَآیَةُ الْمُؤْمِنِ حُبُّ الْأَنْصَارِ"

(ص:۵۹ سطر:۱۰)

صحیح بخاری میں اس حدیث کے الفاظ یہ ہیں: "آیة الایمان حبُّ الأنصار وآیة النفاق بغض الأنصار"۔[2]

یہاں اِشکال ہوتا ہے کہ اگر کوئی آدمی دِل میں ایمان نہ رکھتا ہو لیکن انصار سے محبت

(۱) تهذیب اللغة ج:۸ ص:۴۳۰۔

(۲) صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب علامة الإیمان حُبُّ الأنصار ج:۱ ص:۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رکھتا ہو تو کیا وہ شخص مؤمن ہو جائے گا؟ اسی طرح اگر ایک شخص مؤمن ہے مگر کسی انصاری سے جھگڑا ہو گیا اور دُشمنی ہو گئی تو کیا وہ شخص کافر ہو جائے گا؟

اِس کا ایک مختصر جواب تو یہ ہے کہ یہاں "اٰیة" یعنی علامت فرمایا ہے، کہ انصار سے بغض منافق کی علامت ہے، اور انصار سے محبت مؤمن ہونے کی علامت، حُبّ اور بغض کو ایمان یا نفاق کی علّت نہیں فرمایا گیا، اور آپ کو معلوم ہے کہ کبھی علامت کا ذو العلامة سے تخلُّف بھی ہو جاتا ہے، فلا اِشکال فیه۔

دوسرا جواب جو اصل جواب ہے، یہ ہے کہ یہاں حکم کا مدار انصار کے مادّۂ اشتقاق "نُصرت" پر ہے، یعنی کوئی شخص انصار سے بغض اُن کی نصرت للرسول وَالدِّین کی وجہ سے رکھتا ہو تو ظاہر ہے کہ جو شخص انصار سے محض اس وجہ سے بغض رکھتا ہو کہ اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اور دین کی نصرت کی ہے، تو وہ منافق نہیں تو اور کیا ہوگا؟ یقیناً وہ دائرۂ اسلام سے خارج ہوگا۔ اسی طرح انصار سے محض اس وجہ سے محبت کرنا کہ انہوں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اور دین کی نصرت کی ہے، یہ مؤمن ہونے کی علامت ہے، کیونکہ کوئی کافر محض اس وجہ سے ان سے محبت نہیں کرتا۔ اس جواب کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ یہاں جمع کا صیغہ "انصار" استعمال ہوا ہے واحد کا صیغہ نہیں، معلوم ہوا کہ یہ حکم اُس شخص کے لئے ہے جو تمام انصار سے محبت (یا بغض) رکھتا ہو، کیونکہ تمام انصار سے محبت یا بغض رکھنا اُن کی نصرتِ دین ہی کی وجہ سے ہوگا، کسی ایک یا دو انصاریوں سے محبت یا بغض کا ہو جانا کسی اور وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔

۲۳۵ - " حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: نَا يَعْقُوْبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَارِيَّ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُبْغِضُ الْأَنْصَارَ رَجُلٌ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ." (ص:۶۰ سطر:۳،۴)

قوله: "الْقَارِيَّ" (ص:۶۰ سطر:۴)

بتشدید الیاء، قبیلہ قارة کی طرف منسوب ہے (نووی)۔

۲۳۶ - "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ... (الٰی قوله)... عَنْ زِرٍّ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: وَالَّذِيْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ، إِنَّهُ لَعَهْدُ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيَّ: أَنْ لَا يُحِبَّنِيْ إِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضَنِيْ إِلَّا مُنَافِقٌ." (ص:۶۰ سطر:۵تا۷)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "وَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّةَ" (ص:۶۰ سطر:۶)

"الحبَّة" بیج اور دانہ، یعنی قسم ہے اُس ذات کی جس نے بیج کو پھاڑ کر اُس سے کونپل اور پودے اُگائے، اس قسم میں ایسے افعال ذکر کیے جو صرف اللہ تعالیٰ ہی کے ساتھ خاص ہیں اور اِن سے انسان بالکل عاجز ہے۔

قولہ: "وَبَرَأَ" (ص:۶۰ سطر:۶) پیدا کیا۔

قولہ: "النَّسَمَةَ" (ص:۶۰ سطر:۶) جاندار۔

قولہ: "أَنْ لاَ یُحِبَّنِیْ إِلَّا مُؤْمِنٌ" (ص:۶۰ سطر:۷)

بظاہر تو یہ حدیث مشکل ہے، اور شیعہ اِس کی بناء پر کہہ سکتے ہیں کہ ہم تو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سب سے زیادہ محبت رکھنے والے ہیں۔

جواب:- اوّلاً تو ان کا محبت کا دعویٰ ہی ناقابلِ تسلیم ہے، کیونکہ یہ لوگ بہت سی ایسی باتوں کے قائل ہیں اور ایسے اعمال کو اپنے مذہب کا حصہ بنائے ہوئے ہیں جو تعلیماتِ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سراسر خلاف ہیں، اور جو اَپنے محبوب کی تعلیمات ونظریات کا مخالف ہو وہ اس کا محب کیسے ہوسکتا ہے؟

اور ثانیاً اصل جواب یہ ہے کہ اُن کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اگر محبت ہے تو وہ ایسی طبعی محبت ہے جو شریعت کے مطابق نہیں، مثلاً ایسی محبت کرنا کہ اُلوہیتِ علیؓ کا دعویٰ کرنے لگیں، یا شریعت کے خلاف کوئی اور عمل یا قول کرنے لگیں۔ خلاصہ یہ کہ یہاں محبت سے مراد ایسی محبت ہے، جو شرعی حدود میں ہو، اور جو محبت شرعی حدود سے باہر ہو وہ شریعت کی اصطلاح میں محبت ہی نہیں۔

قولہ: "وَلاَ یُبْغِضُنِیْ إِلَّا مُنَافِقٌ" (ص:۶۰ سطر:۷)

اِس سے شیعہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے نفاق پر استدلال کرتے ہیں (العیاذ باللہ)۔

جواب:- یہ ہے کہ حضرت علی وحضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کی جو باہمی جنگِ صفّین ہوئی وہ بغض کی وجہ سے نہیں بلکہ ایک شرعی مسئلہ میں اجتہادی اختلاف کی بنیاد پر تھی، جس کے متعدد دلائل اور قرائن ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ جنگِ صفّین کے موقع پر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ کل کو حضرت معاویہؓ سے ہمارا مقابلہ ہے، اگر ہمارا کوئی آدمی مارا گیا تو وہ شہید ہوگا یا نہیں؟ فرمایا: شہید ہوگا۔ پھر پوچھا گیا کہ: اگر حضرت معاویہؓ کے آدمی مارے گئے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تو؟ فرمایا: وہ بھی شہید ہوں گے۔ یہی سوال حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے بھی کیا گیا، انہوں نے بھی اس کا وہی جواب دیا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دیا تھا۔[۱] اور اسی قسم کے سوال وجواب جنگِ جمل میں بھی ہوئے تھے۔

اور مزید تائید اس واقعہ سے ہوتی ہے کہ جنگِ صفّین کے زمانے میں خبر ملی کہ رُومی عیسائی بادشاہ ''قیصر'' شام پر حملہ کرنے کا ارادہ کر رہا ہے، تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُسے خط لکھا کہ:

> ''تیرے جس ارادے کی خبر مجھے ملی ہے، واللہ اگر تو نے اُس پر عمل کیا تو میں اپنے ساتھی (علی رضی اللہ عنہ) سے صلح کرلوں گا، اور ان کے سب سے اگلے دستے میں شامل ہوکر تیری طرف آؤں گا، اور بدبودار[۲] قسطنطنیہ (استنبول) کو سیاہ کوئلہ بنا کر رکھ دُوں گا، اور تجھے بادشاہت سے گاجر کی طرح اُکھاڑ کر ایسا کسان بنا ڈالوں گا جو خنزیروں کو چَراتا پھرے۔''

یہ واقعہ عربی لغت کی مشہور کتاب ''القاموس'' کی شرح ''تاج العروس'' میں لفظ ''اصطفلین'' کے تحت منقول ہے۔[۳]

باب نقصان الإیمان بنقص الطاعات .... الخ

۲۳۸- '' حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ الْمِصْرِيُّ ... (الٰی قوله)

---

(۱) مقدمة ابن خلدون ص:۳۸۵، فصل:۳۰۔

(۲) یہ لفظ ''اَلْبَــــخْـــــرآء'' کا ترجمہ ہے، اس لفظ کے ایک معنی خوشبودار بھی ہوسکتے ہیں اور لسان العرب میں ''البخراء'' کے بجائے ''الحمراء'' کا لفظ ہے، بمعنی سرخ۔

(۳) تاج العروس ج:۷ ص:۲۰۸، نیز ملاحظہ فرمایئے: الفائق ج:۱ ص:۴۶ ولسان العرب ج:۱ ص:۱۱۲ تحت الکلمة ''ارس'' وج:۱ ص:۱۵۴ تحت الکلمة ''اصطفل'' والغریب للخطابی ج:۲ ص:۵۳۵، ونصّهٗ کما فی الغریب للخطابی: وقال أبوسلیمان فی حدیث معاویة أنّه لما بلغه خبر صاحب الروم وأنّه یرید أن یغزو بلاد الشام أیام فتنة الصِفّین کتب الیه یحلف بالله لان تممت علی ما بلغنی لأصلح صاحبی ولأکونن مقدمتهٗ الیک فلأجعلن قسطنطینیة البخراء حَمَمَةً سوداء ولانتزعنک من الملک انتزاع الاصطفلینة ولأردنک أریسا من الأرارسة ترعی الدوابل. قال أبو عمرو الأصطفلین الجزر لغة شامیة والواحدة أصطفلینة.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: یَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ! تَصَدَّقْنَ وَأَکْثِرْنَ الاِسْتِغْفَارَ، فَإِنِّیْ رَأَیْتُکُنَّ أَکْثَرَ أَهْلِ النَّارِ. فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ، جَزْلَةٌ: وَمَا لَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَکْثَرَ أَهْلِ النَّارِ؟ قَالَ: تُکْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَکْفُرْنَ الْعَشِیْرَ، وَمَا رَأَیْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِیْنٍ أَغْلَبَ لِذِیْ لُبٍّ مِنْکُنَّ. قَالَتْ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَمَا نُقْصَانُ الْعَقْلِ وَالدِّیْنِ؟ قَالَ: أَمَّا نُقْصَانُ الْعَقْلِ فَشَهَادَةُ امْرَأَتَیْنِ تَعْدِلُ شَهَادَةَ رَجُلٍ، فَهٰذَا نُقْصَانُ الْعَقْلِ، وَتَمْکُثُ اللَّیَالِیَ مَا تُصَلِّیْ وَتُفْطِرُ فِیْ رَمَضَانَ، فَهٰذَا نُقْصَانُ الدِّیْنِ.'' (ص:۶۰ سطر:۷تا۱۰)

قولہ: ''رَأَیْتُکُنَّ'' (ص:۶۰ سطر:۸) معراج میں یا صلاۃ کسوفِ شمس کے وقت۔

قولہ: ''جَزْلَةٌ'' (ص:۶۰ سطر:۸) عاقلہ عورت۔

قولہ:- ''وَمَا لَنَا'' (ص:۶۰ سطر:۸) أی ما حدث لنا، کیا سبب پیش آیا؟

قولہ: ''تُکْثِرْنَ اللَّعْنَ'' (ص:۶۰ سطر:۸)

معلوم ہوا کہ عورتوں کی یہ عادت کثرت سے لعن طعن کرنے کی بہت پُرانی ہے۔

قولہ: ''الْعَشِیْرَ'' (ص:۶۰ سطر:۹) عشرت کا یعنی زندگی کا ساتھی، یعنی شوہر۔

قولہ: ''لذی لبّ'' (ص:۶۰ سطر:۹)

خالص عقل والا۔ لُبّ خالص عقل کو کہتے ہیں،[1] معنیٰ یہ ہیں کہ خالص عقل والے پر تم سے زیادہ غالب آنے والا میں نے کسی کو نہیں دیکھا۔ یہ عجیب بات ہے کہ ناقص العقل والدِّین ہونے کے باوجود بڑے بڑے عقلمند آدمی ان کے فتنے میں مبتلا ہوجاتے ہیں، مشاہدہ اور واقعات اس پر شاہد ہیں۔

سوال:- یہ تو مردوں کا قصور ہے کہ وہ عورتوں کے فتنہ میں آجاتے ہیں، اس کی وجہ سے عورت کیوں جہنم میں جاتی ہے؟

جواب:- جہنم کی وجہ ناقصات العقل والدِّین ہونا یا مردوں کا ان کے فتنے میں مبتلا ہوجانا نہیں کیونکہ یہ وصف عورتوں کا اختیاری نہیں بلکہ وجہ وہ ہے جو اسی حدیث میں پہلے بتلادی تھی یعنی کثرتِ لعنت اور شوہر کی ناشکری، اور اب یہ بات یعنی عاقل مردوں پر غالب آجانا دو

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۴۷۰، اللب: العقل الخالص من الشوائب.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وجہ سے ارشاد فرمائی، ایک تو یہ کہ مردوں کو نصیحت کرنا مقصود ہے کہ دیکھو! عورتوں کے معاملہ میں احتیاط کرنا، ان کے فتنہ میں مبتلا نہ ہونا۔ دوسرے عورتوں کو تنبیہ کرنا مقصود ہے کہ تم ایسے کام اختیار نہ کرو جن کی وجہ سے مرد فتنہ میں مبتلا ہو جائیں۔ حاصل یہ کہ مرد بھی احتیاط سے کام لیں، عورتیں بھی۔

قولہ: "قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! وَمَا نُقْصَانُ الْعَقْلِ وَالدِّيْنِ؟" (ص:۶۰ سطر:۹)

یہ سوال خود کم عقلی کی دلیل ہے، کیونکہ اِکثارِ لعن و کفرانِ عشیر بھی تو عقل اور دین کی کمی ہی کی وجہ سے ہے، لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم یوں بھی فرماسکتے تھے کہ اس کا جواب میرے پہلے جملے میں آچکا ہے، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین ہیں، آپ نے اُن کی آسانی کے لئے زیادہ واضح دلیل ارشاد فرمائی کہ عقل کی کمی کی دلیل تو یہ ہے کہ قرآنِ مجید میں دو عورتوں کی گواہی کو ایک مرد کی گواہی کے برابر قرار دیا گیا ہے، چنانچہ قرآنِ مجید میں ہے: "فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتَانِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰهُمَا الْاُخْرٰى." [1] اور دین کی کمی یہ ہے کہ عورتیں کئی شب و روز اس طرح گزارتی ہیں کہ نفاس و ماہواری کی وجہ سے نماز نہیں پڑھتیں اور رمضان میں روزہ نہیں رکھتیں۔ اور یہ کمی اس طرح ہے کہ نماز کی تو قضا ہی نہیں لہٰذا ان دنوں کی نماز کے ثواب سے محروم ہیں، اور رمضان کے روزوں کی قضاء اگرچہ کرتی ہیں مگر رمضان کی فضیلت سے محروم ہیں۔

تنبیہ:- مردوں کی عادت ہوگئی ہے کہ وہ عورتوں کو ناقصات العقل والدِّین کہتے رہتے ہیں اور مقصود اُن کو ملامت کرنا، نیچا دِکھانا اور تمسخر اُڑانا ہوتا ہے۔ یاد رکھئے! اس نیت سے یہ کہنا ناجائز اور حرام ہے، اور ایذائے مسلم میں داخل ہے۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو ملامت کے طور پر نہیں بلکہ اس لئے فرمایا تھا کہ وہ عقل کی کمی کی تلافی اس طرح کریں کہ اپنی عقل پر زیادہ بھروسہ نہ کریں بلکہ اپنے خیر خواہ مردوں سے مشورہ بھی کرلیا کریں، اور دین کے جو اعمال ان کے کم ہوگئے ہیں اُن کی تلافی دوسرے اعمال مثلاً صدقے وغیرہ سے کریں، چنانچہ اسی حدیث کے شروع میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو صدقہ اور کثرتِ اِستغفار کی تلقین فرمائی۔ اور یہ مقصود تھا کہ لعن طعن اور شوہر کی ناشکری کے گناہ سے بچنے کی کوشش کریں اور

(۱) البقرة آیت:۲۸۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مردوں کو فتنہ میں مبتلا کرنے سے اجتناب کریں، اور مردوں کو تنبیہ کرنا بھی مقصود تھا کہ وہ اپنی عقل کا صحیح استعمال کریں اور فتنے میں مبتلا نہ ہوں۔ ناقصات العقل والدِّین ہونا اُن کے اپنے اختیار میں نہیں ہے اور ملامت اُمورِ غیر اختیاریہ میں نہیں ہوا کرتی۔

سوال:- صوم وصلوٰۃ کا ترک نقصانِ دین کی علامت کیسے بن سکتا ہے، حالانکہ اُن کا چھوڑنا تو عذرِ شرعی بلکہ حکمِ شرعی کی وجہ سے ہے، اور شریعت کا قاعدہ ہے کہ جب بیمار عذر کی وجہ سے کوئی نیک کام ترک کرتا ہے حالانکہ پہلے اس کا معمول وہ عمل کرنے کا تھا تو اس کو عمل نہ کرنے کے باوجود اُس عمل کا ثواب ملتا ہے، لہٰذا یہاں اِن عورتوں کو بھی اِس شرعی عذر کی وجہ سے ترکِ صوم وصلوٰۃ کے باوجود ثواب ملنا چاہئے، تو نقصان فی الدِّین نہ ہوا۔

جواب:- بیمار اور حائضہ کے درمیان فرق ہے، بیمار نے اُس نیک عمل کی نیت کر رکھی تھی، بیماری کی وجہ سے وہ عمل نہ کرسکا، تو نیت کی وجہ سے اُسے ثواب ملے گا، جبکہ حائضہ کی نیت ہی نہیں تھی۔(۱) البتہ حائضہ عورت نے چونکہ ترکِ صوم وصلوٰۃ بھی شرعی حکم کی وجہ سے کیا ہے تو اس حکم کی تعمیل کی وجہ سے اگرچہ ترکِ صوم وصلوٰۃ کا ثواب تو ملے گا لیکن ترک کا ثواب ادائے صلوٰۃ وصوم سے کم ہے،(۲) اس لئے ناقصات الدِّین ہونا درست ہوا۔

باب اطلاق اسم الکفر علیٰ من ترک الصلوٰۃ

۲٤۰- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ وَأَبُوْ كُرَيْبٍ ... (الی قوله) ... عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: إِذَا قَرَأَ ابْنُ آدَمَ السَّجْدَةَ فَسَجَدَ، اعْتَزَلَ الشَّيْطَانُ يَبْكِيْ يَقُوْلُ: يَا وَيْلَهُ .(وَفِيْ رِوَايَةِ أَبِيْ كُرَيْبٍ يَا وَيْلِى) أُمِرَ ابْنُ آدَمَ بِالسُّجُوْدِ فَسَجَدَ فَلَهُ الْجَنَّةُ، وَأُمِرْتُ بِالسُّجُوْدِ فَأَبَيْتُ فَلِيَ النَّارُ ." (ص:۶۱ سطر:۱ تا ۳)

قوله: "إِذَا قَرَأَ ابْنُ آدَمَ السَّجْدَةَ" (ص:۶۱ سطر:۱،۲) أی آیة السجدة.

قوله: "يَا وَيْلٰى" (ص:۶۱ سطر:۲)

---

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۶۰،۶۱۔

(۲) فتح الباری، باب ترک الحائض الصوم ج:۱ ص:۴۰۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بفتح اللام، آخر میں الف نُدبہ کا ہے، اور اسے بکسر اللام بھی پڑھا گیا ہے،[1] یعنی ہائے میری ہلاکت۔

٢٤٢- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ ... (الىٰ قوله)... عَنْ أَبِي سُفْيَانَ ،قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ بَيْنَ الرَّجُلِ وَبَيْنَ الشِّرْكِ وَالْكُفْرِ تَرْكَ الصَّلاَةِ ." (ص:٦١ سطر:٣ تا ۵)

قوله: "إِنَّ بَيْنَ الرَّجُلِ وَبَيْنَ الشِّرْكِ وَالْكُفْرِ تَرْكَ الصَّلاَةِ"

(ص:٦١ سطر:۵)

یعنی ترکِ صلوٰۃ آدمی اور کفر وشرک کے درمیان ہے۔ یہاں "تـركَ الصلوٰة" اِنَّ کا اسم ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ الفاظ کے اعتبار سے اس کی ترکیب بظاہر مشکل نظر آتی ہے، اگر لفظِ "ترک" اس میں نہ ہوتا، اور ارشاد یوں ہوتا: "ان بيـن الرجل وبين الشرک والكفر الصلوٰة" تو ترکیب اس طرح ہوتی کہ: "ان الصلوٰة حائلة بين الرجل وبين الكفر والشرک" یعنی آدمی اور کفر کے درمیان نماز حائل ہے جو اس آدمی کو کفر سے بچائے رکھتی ہے۔ اس صورت میں تو کوئی اِشکال نہیں تھا، لیکن حدیث کا لفظ "تـرک الصلوٰة" قدرے مشکل نظر آتا ہے، اسی لئے شارحین نے اس حدیث کی مختلف ترکیبیں کی ہیں، سب سے راجح یہ معلوم ہوتی ہے کہ: "ان تـركَ الصلوٰة واسـطـةٌ بـيـن الـرجـل والشـركِ والكفرِ" یعنی ترکِ صلوٰۃ کا جرم آدمی اور کفر وشرک کے درمیان واسطہ یعنی ذریعہ بن جاتا ہے، اس واسطے کے ذریعہ اور اس کے وبال کی وجہ سے کسی بھی وقت وہ کفر میں داخل ہوسکتا ہے، کیونکہ اس خطرناک عادت کے باعث اس کا ایمان کمزور ہوجاتا ہے، اور وہ کفر کے قریب پہنچ جاتا ہے، واللہ أعلم۔

باب بيان كون الإيمان بالله تعالىٰ أفضل الأعمال

٢٤٤- "حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ ... (الىٰ قوله)... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ :أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: إِيْمَانٌ بِاللّٰهِ . قَالَ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: اَلْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ .قَالَ :ثُمَّ مَاذَا ؟قَالَ: حَجٌّ مَبْرُوْرٌ . وَفِي رِوَايَةِ مُحَمَّدِ بنِ جعفرٍ قَالَ إِيمَانٌ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ." (ص:٦٢ سطر:١،٢)

(١) شرح النووی ج:١ ص:٦١ وأيضًا في صيانة صحيح مسلم ص:٢٦٠۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "إِيمَانٌ بِاللّٰهِ" (ص:٦٢ سطر:٢)

اس میں کوئی شک نہیں کہ ایمان ہر اعتبار سے سب سے افضل ہے۔ تفصیل ان شاء اللہ اگلی حدیث کے تحت بیان ہوگی۔

٢٤٦- "حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ ... (الٰی قوله) ... عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الْإِيمَانُ بِاللّٰهِ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيلِهِ. قَالَ: قُلْتُ: أَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: أَنْفَسُهَا عِنْدَ أَهْلِهَا، وَأَكْثَرُهَا ثَمَنًا. قَالَ: قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ أَفْعَلْ؟ قَالَ: تُعِينُ صَانِعًا أَوْ تَصْنَعُ لِأَخْرَقَ. قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ إِنْ ضَعُفْتُ عَنْ بَعْضِ الْعَمَلِ؟ قَالَ: تَكُفُّ شَرَّكَ عَنِ النَّاسِ، فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ مِنْكَ عَلٰى نَفْسِكَ." (ص:٦٢ سطر:٣ تا ٦)

قوله: "أَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ؟" (ص:٦٢ سطر:٥) یعنی اعتاقِ أیِّ الرقاب أفضل؟

قوله: "أَنْفَسُهَا عِنْدَ أَهْلِهَا" (ص:٦٢ سطر:٥)

جو مالکوں کے نزدیک نفیس ترین ہو، دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ."

قوله: "تُعِينُ صَانِعًا" (ص:٦٢ سطر:٥)

ہنرمندوں کی مدد کرو، مدد کے بہت سے طریقے ہوسکتے ہیں، بعضوں کو جسمانی مدد کی ضرورت ہوتی ہے، بعضوں کو مال کی اور بعضوں کو سفارش یا مشورے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اِس حدیث سے صنعت اور "ہنر" کی فضیلت بھی ثابت ہوتی ہے اور اس کے لئے کسی ہنرمند کی مدد کرنے کی فضیلت بھی ظاہر ہے، پاکستان میں بعض ایسے انجینئر اور سائنسدان ہیں کہ جو صرف مالی معاونت نہ ہونے کی وجہ سے اپنی ایجادات سامنے نہ لاسکے، وہ اب غیر مسلم ممالک کی خدمت کر رہے ہیں۔

قوله: "تَصْنَعُ لِأَخْرَقَ" (ص:٦٢ سطر:٥)

اخرق، غیر ہنرمند، اس کا مؤنث خرقاءُ ہے۔

قوله: "تَكُفُّ شَرَّكَ عَنِ النَّاسِ" (ص:٦٢ سطر:٦)

"الناس" اپنے عموم پر ہے، ذمّی اور مستأمن بھی اس میں شامل ہیں، البتہ حربی جب

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حالتِ جنگ میں ہو، اِس میں شامل نہیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ "کفّ الشـــر" بھی انسان کے فعل اور کسب میں داخل ہے، چنانچہ اس پر ثواب بھی ملتا ہے، البتہ اس کا ثواب نیت کے بغیر نہیں ملتا، قـالـهُ القرطبی، (کذا فی فتح الملهم)[۱]۔

۲۴۸-"حَـدَّثَـنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ .. (الیٰ قوله)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْـعُـودٍ؛ قَـالَ: سَـأَلْـتُ رَسُـوْلَ الـلّٰـهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ أَیُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَـالَ: الصَّلاةُ لِوَقْتِهَا. قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَیٌّ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَیْنِ. قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَیٌّ؟ قَالَ: الجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ. فَمَا تَرَکْتُ أَسْتَزِیْدُهُ إِلَّا إِرْعَاءً عَلَیْهِ." (ص:۶۲ سطر:۷تا۹)

قوله: "أَیُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلاةُ لِوَقْتِهَا. قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَیٌّ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَیْنِ. قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَیٌّ؟ قَالَ: الجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ" (ص:۶۲ سطر:۸،۹)

سوال:- احادیث میں "ایّ الأعـمـال افـضـل" کے جواب میں مختلف اعمال کو ذکر فرمایا گیا ہے، پیچھے ایک حدیث میں اِطـعـام الـطعام و قراءة السلام کو افضل الاعمال فرمایا گیا تھا، اس کے بعد ایک حدیث میں "الـمـسـلـم مـن سـلم المسلمون من لسانه ویده" کو افضل المسلمین فرمایا گیا، یہاں ایمان کو افضل فرمایا گیا، اسی باب میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی مذکورہ بالا روایت میں "الصلوٰة لوقتها" کو افضل الاعمال فرمایا گیا ہے، بظاہر یہ تعارض ہے۔

جواب نمبر ۱:-[۲] سائلین کے حالات کے اعتبار سے یا وقت کے تقاضوں کے اختلاف کے باعث جوابات مختلف دیئے گئے ہیں۔

جواب نمبر ۲:- شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا کہ مختلف حیثیتوں سے مختلف اعمال کو افضل الاعمال قرار دیا گیا ہے، مثلاً: کھانا کھلانے اور قراءۃ السلام کی افضلیت اس اعتبار سے ہے کہ اس سے لوگوں میں بھائی چارہ اور محبت پیدا ہوتی ہے، اور اِطعام الطعام کو تو تمام اَدیان و مذاہب میں پسند کیا جاتا ہے، جو بالآخر باہمی محبت کا سبب بنتا ہے۔

(۱) ج:۲ ص:۹۰۔

(۲) ان جوابات کے تفصیلی حوالہ جات پیچھے گزر چکے ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور "من سلم المسلمون من لسانه ویده" کے عمل کو اس حیثیت سے افضل قرار دیا گیا کہ یہ معاشرے میں امن وامان پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

اور ایمان، جہاد اور حجِ مبرور کو اس حیثیت سے افضل الاعمال فرمایا گیا کہ ان میں مشقت زیادہ ہوتی ہے، عہدِ رسالت میں مشکل ترین کام ایمان لانا تھا، کیونکہ ایمان لانے سے آدمی کے اپنے رشتہ دار اُس کے سخت ترین دشمن ہوجاتے تھے، وہ اپنی برادری سے کٹ جاتا تھا، اپنے آباء واجداد کے دین کو چھوڑنا پڑتا تھا، جب آدمی کا اپنے ایک پیر یا اُستاذ کو چھوڑ کر دوسرے کو اختیار کرنا بہت مشکل ہوتا ہے تو اپنے آبائی دین کو چھوڑ کر اسلام قبول کرنا تو بہت ہی مشکل تھا، ایمان کے بعد مشکل ترین کام جہاد اور اس کے بعد مشکل ترین عمل حجِ مبرور ہے، اس لئے اُن کو افضل فرمایا گیا۔

اسی باب کی آگے کی حدیث میں "الصلوٰۃ لوقتها" پھر "برّ الوالدین" کو اور تیسرے نمبر پر "جهــــاد" کو افضل الاعمال قرار دینا اِس حیثیت سے ہے کہ ان تینوں میں قدرِ مشترک تذلُّل، تواضع اور انکساری ہے۔ نماز میں غایت درجہ کا تذلُّل ہوتا ہے کہ آدمی اپنا اعلیٰ ترین حصہ یعنی چہرہ اور پیشانی اللہ تعالیٰ کے سامنے زمین پر ٹیک دیتا ہے۔ اور "برُّ الوالدین" میں والدین کے سامنے تذلُّل اختیار کرنا پڑتا ہے، سورۂ بنی اسرائیل میں ارشادِ ربانی ہے: "وَلَا تَقُلْ لَّهُمَا اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا. وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ .... الخ"[1] کہ والدین کے سامنے اپنے بازو انکساری سے جھکائے رکھو۔ اور جہاد میں امیر کی اطاعت میں تذلُّل ہوتا ہے کہ بلاچوں وچرا حکم ماننا پڑتا ہے۔

مختلف حیثیات کے اعتبار سے مختلف اعمال کے افضل ہونے کی مثال ایسی ہے جیسے دارالعلوم کراچی میں کسی طالبِ علم کو پورے تین ماہ تک کوئی رُخصت اور ناغہ نہ کرنے پر انعامی وظیفہ ملتا ہے، اور کسی طالبِ علم کو امتحان میں پہلی یا دوسری یا تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر انعامی وظیفہ ملتا ہے، دونوں کو انعام ملتا ہے مگر حیثیت مختلف ہے، اسی طرح مختلف اعمال مختلف حیثیتوں کے اعتبار سے دوسرے اعمال سے افضل ہیں۔

---

(۱) الاسراء آیت: ۲۳، ۲۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب بيان كون الشرك أقبح الذنوب وبيان أعظمها بعدهٗ

۲۵۳- "حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الٰى قوله) ... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ . قَالَ: قُلْتُ لَهُ إِنَّ ذٰلِكَ لَعَظِيْمٌ. قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ مَخَافَةَ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ . قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ أَنْ تُزَانِيَ حَلِيْلَةَ جَارِكَ." (ص:۶۳ سطر:۲،۱)

قوله: "أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا" (ص:۶۳ سطر:۲،۱) "النِدّ" بکسر النون مثل کو کہتے ہیں (نووی)۔[1]

قوله: "ثُمَّ أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ مَخَافَةَ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ" (ص:۶۳ سطر:۳،۴)

ولــــد کا اطلاق لڑکے اور لڑکی دونوں پر ہوتا ہے، لہٰذا اُردو میں اس کا صحیح ترجمہ "بچہ" ہے، ولد کے قتل کو اعظم الکبائر میں اس لئے شمار فرمایا کہ یہ متعدد جرائم کا مجموعہ ہے، مثلاً:-

۱- نفسِ معصومہ کا قتل جو بذاتِ خود کبیرہ گناہ ہے۔

۲- یہ ایسے نفسِ معصومہ پر ظلم ہے جو اپنی اولاد میں سے ہے، جو شفقت اور توجہ کا سب سے زیادہ مستحق ہے۔

۳- قتل کی بنیاد بخل اور خودغرضی ہے کہ اِس بات کو برداشت نہیں کرتا کہ وہ باپ کے ساتھ کھانے میں شریک ہو۔

۴- اللہ رَبّ العزت کی اس صفتِ رزّاقیت کا دِھیان نہ رکھنا کہ اُس نے ہر جاندار کو رزق دینے کا وعدہ کر رکھا ہے۔

ضبطِ ولادت کی شرعی حیثیت

آج کل ضبطِ ولادت کی حکومتی سطح پر حوصلہ افزائی کی جاتی ہے اور اِس مقصد کے لئے ایک خطیر سرمایہ خرچ کیا جاتا ہے۔ اہلِ حق اور علمائے کرام ہمیشہ سے اِس مہم کی حوصلہ شکنی کرتے

(۱) ج:۱ ص:۶۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

آئے ہیں، اس لئے کہ ضبطِ ولادت مہم کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اہلِ مغرب اور دُشمنانِ اسلام نے مسلمانوں کو ڈرایا کہ اگر آبادی بڑھ گئی تو ان کے لئے اسبابِ معاش مہیا کرنا تمہارے لئے مشکل ہوجائے گا، دراصل وہ اِس مہم کے ذریعہ مسلمانوں کے خلاف یہ سازش کر رہے ہیں کہ کسی طرح دُنیا کے اندر مسلمانوں کی تعداد کم سے کم ہوتا کہ مسلمانوں کی افرادی قوت کم ہوجائے اور وہ مغرب کے مظالم سے ٹکرانے کے بجائے اس کی غلامی کا قلادہ گردن میں ڈالنے پر مجبور ہوجائیں۔ ضبطِ ولادت کی تحریک کے متعدد نقصانات ہیں، چند ایک درج ذیل ہیں:-

۱- آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد: "انّی مکاثر بکم الأُمم" کی عملاً مخالفت ہے۔

۲- توکل علی اللہ کے منافی ہے۔

۳- اِس سے زنا کاری اور بدکاری کا دروازہ کھلتا ہے۔

عہدِ رسالت میں اِس عمل کی نظیر "عـزل" ہے جس کا شرعی حکم یہ ہے کہ عذر کی وجہ سے جائز، اور بغیر عذر کے مکروہ تنزیہی ہے، یہی حکم ضبطِ ولادت کی دوسری تدابیر کا ہے، بشرطیکہ عقیدہ اللہ تعالیٰ کی رزّاقیت کے خلاف نہ ہو، البتہ آپریشن کے ذریعہ بچہ دانی ہی کو نکلوادینا شدید عذر کے بغیر جائز نہیں۔ اس مسئلہ کی پوری تفصیل ہمارے حضرتِ والدِ ماجد رحمہ اللہ کی کتاب "ضبطِ ولادت کی شرعی حیثیت" میں دیکھی جائے۔

قوله: "أَنْ تُزَانِيَ حَلِيْلَةَ جَارِكَ" (ص:۶۳ سطر:۴)

تـزانـی بابِ مفاعلہ سے ہے، مـزانـاۃ کا مطلب ہے زنا کے لئے دوستی اور تعلق قائم کرنا۔ "مـزانـاۃ بـحليلـة الجـار" کو بھی اعظم الکبائر میں اس لئے شمار فرمایا کہ یہ بھی متعدد جرائم کا مجموعہ ہے:-

۱- زنا خود گناہِ کبیرہ ہے۔

۲- منکوحہ عورت سے زنا میں شوہر کی شدید حق تلفی ہے۔

۳- شوہر بھی وہ جو تمہارا پڑوسی ہے اور تمہارے حسنِ سلوک اور خیر خواہی کا زیادہ مستحق ہے۔

۴- عورت کو اپنی طرف راغب کیا اور اُس سے دوستی قائم کی جس کے نتیجہ میں عورت کی توجہ خاوند سے ہٹ گئی، جس کی وجہ سے اُن کی ازدواجی زندگی برباد ہوجائے گی۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب الكبائر و أكبرها

۲۵۵ – "حَدَّثَنِي عَمرُو بنُ مُحَمَّدِ بنِ بُكَيرِ بنِ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ ... (الیٰ قوله) ...عَبدُ الرَّحمٰنِ بنُ أَبِي بَكرَةَ ،عَن أَبِيهِ قَالَ: كُنَّا عِندَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وسَلَّمَ ،فقَالَ:أَلا أُنَبِّئُكُم بِأَكبَرِ الكَبَائِرِ؟(ثلاثًا) اَلإِشرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوقُ الوَالِدَينِ ،وَشَهَادَةُ الزُّورِ ،(أَو قَولُ الزُّورِ). وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وسَلَّمَ مُتَّكِئًا فَجَلَسَ، فَمَازَالَ يُكَرِّرُهَا حَتّٰى قُلنَا:لَيتَهُ سَكَتَ." (ص:۶۴ سطر:۱،۲)

قوله: "وَشَهَادَةُ الزُّورِ" (ص:۶۴ سطر:۲)

شهادة الزور اتنا بڑا گناہ ہے کہ اس سے عدلیہ کا سارا نظام بے کار ہو جاتا ہے، اور انصاف کے بجائے ظلم اور ناانصافی عوام کا مقدر بن جاتے ہیں۔

۲۵۸ – "حَدَّثَنِي هَارُونُ بنُ سَعِيدٍ الأَيلِيُّ ... (الی قوله)... عَن أَبِي هُرَيرَةَ؛ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وسَلَّمَ قَالَ: اجتَنِبُوا السَّبعَ المُوبِقَاتِ . قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! وَمَا هُنَّ؟ قَالَ: الشِّركُ بِاللّٰهِ ،وَالسِّحرُ،وَقَتلُ النَّفسِ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالحَقِّ، وَأَكلُ مَالِ اليَتِيمِ ،وَأَكلُ الرِّبَا،وَالتَّوَلِّي يَومَ الزَّحفِ،وَقَذفُ المُحصَنَاتِ الغَافِلاتِ المُؤمِنَاتِ." (ص:۶۴ سطر:۶ تا ۸)

قوله: "السَّبعَ المُوبِقَاتِ" (ص:۶۴ سطر:۷) جمع المُوبِقَة بمعنیٰ مُهلِكة.

قوله: "وَالتَّوَلِّي يَومَ الزَّحفِ" (ص:۶۴ سطر:۷)

"زحف" سُرین کے بَل چلنا، پھر اسے لشکر کے معنی میں استعمال کیا جانے لگا، کیونکہ جس طرح سُرین کے بل چلنے والا آہستہ چلتا ہے، اسی طرح بڑا لشکر بھی آہستہ چلتا ہے، اور لشکر ذریعہ ہوتا ہے جنگ کا، اس لئے زحف جنگ کو بھی کہتے ہیں اور یہاں جنگ ہی مراد ہے۔[1]

قوله: "الغَافِلاتِ" (ص:۶۴ سطر:۸) بھولی بھالی۔

۲۵۹ – "حَدَّثَنَا قُتَيبَةُ بنُ سَعِيدٍ .. (الیٰ قوله)... عَن عَبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرٍو

(۱) الفائق ج:۴ ص:۳۸ والصحاح للجوهری ج:۴ ص:۱۵۶۲ تحت مادة "وبق" ومجمع بحار الأنوار ج:۲ ص:۴۲۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بْنِ الْعَاصِ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنَ الْكَبَائِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَيْهِ. قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلْ يَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ. يَسُبُّ أَبَا الرَّجُلِ، فَيَسُبُّ أَبَاهُ، وَيَسُبُّ أُمَّهُ، فَيَسُبُّ أُمَّهُ." (ص:۶۴ سطر:۸،۹)

قوله: "هَلْ يَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ" (ص:۶۴ سطر:۹)

شتم اور سبّ دونوں کے معنی ہیں "گالی دینا" (فتح الملهم عن الغزالی)۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اگرچہ عام طور پر آدمی خود تو اپنے والدین کو گالیاں نہیں دیتا، لیکن دوسرے کے والدین کو دیتا ہے، اس کے نتیجہ میں دوسرا اس کے والدین کو گالیاں دینے لگتا ہے، اس طرح یہ آدمی سبب بنا اپنے والدین کو گالی دلوانے کا، پس گویا اُس نے خود اپنے والدین کو گالیاں دیں۔ اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس طرح گناہ کرنا حرام ہے، اسی طرح گناہ کا دانستہ سبب بننا بھی حرام ہے، اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ اہلِ باطل کے بڑوں کو گالیاں دینا دُرست نہیں، قرآنِ مجید میں ہے: "وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ." [1] اس میں مشرکین کے بتوں کو بھی گالی دینے سے اسی لئے منع فرمایا گیا ہے۔

باب تحريم الكبر وبيانه

۲۶۱ - "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ... (الٰى قوله) ... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ. قَالَ رَجُلٌ: إِنَّ الرَّجُلَ يُحِبُّ أَنْ يَكُوْنَ ثَوْبُهُ حَسَنًا وَنَعْلُهُ حَسَنَةً. قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ جَمِيْلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ، الْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ."

(ص:۶۵ سطر:۱تا۳)

قوله: "مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ" (ص:۶۵ سطر:۲)

اگر یہ شخص مؤمن ہے تو مطلب یہ ہوگا کہ اُسے جنت میں دُخولِ اوّلی نصیب نہیں ہوگا۔

قوله: "بَطَرُ الْحَقِّ" بمدحدة ومهملة مفتوحتين. (ص:۶۵ سطر:۳)

حق جاننے کے باوجود حق بات کو ٹھکرا دینا، [2] یہ تکبر کی علامت اور نتیجہ ہے۔

---

(۱) الأنعام آیت:۱۰۸۔ (۲) النهاية ج:۱ ص:۱۳۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: ''غَمْطُ النَّاسِ'' (ص:۶۵ سطر:۳)

یعنی لوگوں کو حقیر سمجھنا،(۱) حقیقت تکبر کی یہی ہے کہ دوسرے کو حقیر سمجھے۔ چنانچہ کسی کافر، مشرک اور کتے کو بھی اپنے سے حقیر سمجھنا کبر میں داخل ہے۔

سوال:- قرآنِ مجید میں تو ہے: ''وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ''۔(۲) حالانکہ ابھی کہا گیا کہ کسی مشرک کو بھی اپنے سے حقیر سمجھنا کبر میں داخل ہے۔

جواب:- مشرک کو حقیر سمجھنا اُس وقت کبر ہے جبکہ مؤمن یہ سمجھے کہ میں مآل اور انجام کے اعتبار سے بھی مشرک سے افضل ہوں، حالانکہ مآل اور انجام کا کسی کو علم نہیں، ممکن ہے معاملہ برعکس ہوجائے کہ کسی مشرک کا خاتمہ ایمان پر ہو اور مؤمن کا خاتمہ شرک پر، اور قرآنِ مجید میں جو فرمایا گیا ہے کہ عبدٌ مؤمن بہتر ہے عبدٌ مشرک سے یہ مآل اور انجام کے اعتبار سے ہے، البتہ نفسِ کفر و شرک کو ہر حال میں نفسِ ایمان سے حقیر ہی سمجھنا ضروری ہے نہ کہ کافر اور مشرک کو اپنے سے حقیر سمجھنا۔

۲۶۲-'' حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ التَّمِيمِيُّ ... (الیٰ قوله)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: لاَ يَدْخُلُ النَّارَ أَحَدٌ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ، وَلاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَحَدٌ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرِيَاءَ.'' (ص:۶۵ سطر:۳،۴)

قوله: ''لاَ يَدْخُلُ النَّارَ أَحَدٌ'' (ص:۶۵ سطر:۴)

اگر مؤمن عاصی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ نارالخلود میں داخل نہ ہوگا جو کفار کے ساتھ خاص ہے، حاصل یہ کہ یہاں ''النار'' میں الف لام عہدِ خارجی کا ہے، اور اس سے مراد نارُ الخلود ہے۔

۲۶۳-''حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّار......(الیٰ قوله)...... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ.'' (ص:۶۵ سطر:۴،۵)

---

(۱) غریب الحدیث لأبی عبید ج:۱ ص:۱۵۷ والفائق ج:۲ ص:۱۸۲۔

(۲) البقرۃ آیت:۲۲۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ" (ص:۶۵ سطر:۵)

"کبـــر" اتنا بڑا سنگین گناہ ہے کہ اگر تھوڑا سا کبر بھی کسی میں ہو تو جنت میں داخل نہ ہوگا، لیکن اس کے ساتھ ہی یہ مرض اِس قدر مخفی ہے کہ اکثر صاحبِ مرض کو اس کا احساس نہیں ہوتا کہ وہ تکبر میں مبتلا ہے۔ اسلام نے تواضع اور عزتِ نفس دونوں کا اہتمام کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ اِن دونوں کو حدِ اعتدال کے ساتھ جمع کرنا بسا اوقات مشکل ہو جاتا ہے، تواضع حد سے بڑھ جائے تو وہ اِذلالِ نفس ہے، جو ممنوع ہے اور اگر عزتِ نفس حد سے بڑھ جائے تو وہ عجب یا تکبر ہے۔ اس لئے اپنے آپ سے غافل نہ ہونا چاہئے اور اِس مرض سے بچنے کے لئے شیخِ کامل سے رجوع کرنا چاہئے۔

باب الدليل علىٰ أنّ من مات لا يشرك بالله .... الخ

۲۶۹ - "حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ .. (الٰی قوله) ... أَنَّ أَبَا الْأَسْوَدِ الدِّيلِيَّ حَدَّثَهُ؛ أَنَّ أَبَا ذَرٍّ حَدَّثَهُ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَائِمٌ، عَلَيْهِ ثَوْبٌ أَبْيَضُ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَإِذَا هُوَ نَائِمٌ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ وَقَدِ اسْتَيْقَظَ، فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ. فَقَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ مَاتَ عَلٰى ذٰلِكَ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ . قُلْتُ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ . قُلْتُ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: وَإِنْ زَنٰى وَإِنْ سَرَقَ ثَلَاثًا. ثُمَّ قَالَ فِي الرَّابِعَةِ: عَلٰى رَغْمِ أَنْفِ أَبِي ذَرٍّ. قَالَ: فَخَرَجَ أَبُوْ ذَرٍّ وَهُوَ يَقُوْلُ وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِي ذَرٍّ." (ص:۶۶ سطر:۷تا۱۰)

قوله: "ثُمَّ مَاتَ عَلٰى ذٰلِكَ" (ص:۶۶ سطر:۹)

اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:-

ایک یہ کہ: "ثم مات علیٰ ذٰلک القول" یعنی مرتے وقت بھی اس کلمے کو پڑھا، لیکن یہ معنی مراد لئے جائیں تو اس حدیث سے اُس مؤمن شخص کے حق میں جنت کی یہ بشارت ثابت نہ ہوگی جس کو مرتے وقت کلمہ پڑھنا نصیب نہ ہوا، جبکہ ایک اور حدیث جو کافی پیچھے گزر چکی ہے اُس کا مضمون یہ ہے کہ: "من قال لا الٰه الا الله دخل الجنة" اُس سے یہ بشارت ایسے مؤمن

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کے لئے بھی ثابت ہے، لہٰذا حدیثِ باب کا دوسرا مطلب جو دیگر احادیث کے زیادہ موافق ہے یہ ہے کہ: "ثم مات علیٰ ایمان ذلک القول" یعنی اس کلمہ پر ایمان کے ساتھ اس کا انتقال ہوا اور اس کے خلاف کوئی عقیدہ اور قول اختیار نہیں کیا، اگرچہ مرتے وقت اُس کی زبان پر یہ کلمہ نہ ہو۔

قولہ: "عَلٰی رَغْمِ أَنْفِ أَبِی ذَرٍّ" (ص:۶۶ سطر:۱۰)

یعنی "باوجود ابوذر کی ناک کے خاک آلود ہونے کے۔" یہ جملہ کنایہ ہے رُسوا ہونے سے، مراد یہ ہے کہ اگرچہ ابوذر اس میں اپنی رسوائی سمجھے کہ ایسا شخص جنت میں کیوں داخل ہوگیا، پھر بھی وہ جنت میں جائے گا۔[1] یہاں "علیٰ" بمعنیٰ "مع" ہے۔

باب تحریم قتل الکافر بعد قولہٖ لا الٰہ الّا اللّٰہ

۲۷۰- "حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ. (الٰی قولہ) ... عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ قَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَیْتَ إِنْ لَقِیْتُ رَجُلاً مِنَ الْکُفَّارِ، فَقَاتَلَنِی، فَضَرَبَ إِحْدَی یَدَیَّ بِالسَّیْفِ فَقَطَعَهَا، ثُمَّ لَاذَ مِنِّی بِشَجَرَةٍ، فَقَالَ: أَسْلَمْتُ لِلّٰهِ. أَفَأَقْتُلُهُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَعْدَ أَنْ قَالَهَا؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقْتُلْهُ. قَالَ: فَقُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهُ قَدْ قَطَعَ یَدِیْ، ثُمَّ قَالَ ذٰلِکَ بَعْدَ أَنْ قَطَعَهَا، أَفَأَقْتُلُهُ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقْتُلْهُ، فَإِنْ قَتَلْتَهُ فَإِنَّهُ بِمَنْزِلَتِکَ قَبْلَ أَنْ تَقْتُلَهُ، وَإِنَّکَ بِمَنْزِلَتِهِ قَبْلَ أَنْ یَقُوْلَ کَلِمَتَهُ الَّتِیْ قَالَ." (ص:۶۷ سطر:۱ تا ۴)

قولہ: "ثُمَّ لَاذَ مِنِّیْ" (ص:۶۷ سطر:۲)

لاذ یلوذ، لوذًا کے معنی ہیں پناہ پکڑنا، ترجمہ ہوگا کہ پھر اُس نے مجھ سے بچنے کے لئے درخت کی پناہ لی۔

قولہ: "أَفَأَقْتُلُهُ؟" (ص:۶۷ سطر:۲)

اس لئے کہ ظاہر سے یہی معلوم ہو رہا ہے کہ وہ محض اپنی جان بچانے کے لئے کلمہ

(۱) صیانۃ صحیح مسلم ص:۲۷۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پڑھ رہا ہے، دِل میں ایمان نہیں، یعنی تقیہ کر رہا ہے۔

قولہ: "لَا تَقْتُلْهُ" (ص:۶۷ سطر:۳)

کیونکہ دِل کا حال تمہیں معلوم نہیں اور تم کسی کے باطن کے مکلّف نہیں، بلکہ ظاہر کے مکلّف ہو۔

قولہ: "فَإِنَّهُ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ أَنْ تَقْتُلَهُ" (ص:۶۷ سطر:۴)

وہ تیرے اُس درجہ پر پہنچ جائے گا جہاں تم اس کو قتل کرنے سے پہلے تھے یعنی بے گناہ تھے، تو اب وہ بے گناہ ہوجائے گا کیونکہ قبولِ اسلام کے بعد اس کے پچھلے گناہ معاف ہوگئے، اب اُسے قتل کرنا قتلِ ناحق ہوگا۔

قولہ: "وَإِنَّكَ بِمَنْزِلَتِهِ قَبْلَ أَنْ يَقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِيْ قَالَ" (ص:۶۷ سطر:۴)

"اور تو اُس مقام پر پہنچ جائے گا جہاں وہ اسلام سے پہلے تھا"۔ اور وہ مقامِ کفر ہے۔

پچھلے جملہ میں تو کوئی اِشکال نہیں تھا البتہ اس دوسرے جملہ میں یہ اِشکال ہے کہ اس کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قتل کے جرم کی وجہ سے کافر ہوجائے گا، حالانکہ اہلِ سنت والجماعۃ کے نزدیک مرتکبِ کبیرہ کافر نہیں ہوتا، برخلاف خوارج کے کہ اُن کے نزدیک کافر ہوجاتا ہے۔

لہٰذا اہلِ سنت والجماعۃ نے اس جملہ کی تفسیر یہ کی ہے کہ بالکلیہ مشابہت بیان کرنا مقصود نہیں، بلکہ بتلانا یہ مقصود ہے کہ کلمۂ اسلام پڑھنے سے پہلے مقتول میں دو خرابیاں تھیں، ایک کفر، دوسری مسلمان سے لڑنا۔ یہاں دوسری خرابی بیان کرنا مقصود ہے کہ تو مسلمان سے لڑنے والا ہوجائے گا۔[1] اس تأویل کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ قرآن واحادیث کے واضح دلائل سے ثابت ہے کہ ارتکابِ کبیرہ سے آدمی کافر نہیں ہوتا۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس حدیث میں اور اس جیسی دوسری احادیث اور بعض آیاتِ قرآنیہ میں قاتل کے متعلق الفاظ ایسے کیوں استعمال کیے گئے جن کا ظاہر مراد نہیں؟ اگر ایسے الفاظ استعمال نہ کیے جاتے تو کسی تأویل کی ضرورت ہی نہ ہوتی۔

جواب یہ ہے کہ ایسے الفاظ قصداً اس مصلحت سے استعمال کیے گئے ہیں کہ اَوّل وہلہ

---

(۱) فی اکمال المعلم (ج:۱ ص:۳۶۸): قیل معناہ: انک مثلہ قبل أن یقولها فی مخالفة الحق وارتکاب الاثم وان اختلفت أنواع المخالفة والاثم، فیسمی اثمه کفرًا وشرکًا واثمک معصیةً وفسقًا.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میں ہی لوگ سن کر ڈر جائیں اور اس گناہ سے بچنے کی پوری کوشش کریں۔

۲۷۱ - " حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ...... (الیٰ قوله)... وَأَمَّا مَعْمَرٌ فَفِي حَدِيثِهِ: فَلَمَّا أَهْوَيْتُ لِأَقْتُلَهُ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ." (ص:٦٧ سطر:۴ تا ٦)

قوله: "فَلَمَّا أَهْوَيْتُ لِأَقْتُلَهُ" (ص:٦٧ سطر:٦)

یعنی جب میں اس کی طرف مائل ہوا کہ اُسے قتل کروں۔[1]

۲۷۲ - " وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى.... (الیٰ قوله)... أَنَّ الْمِقْدَادَ بْنَ عَمْرٍو ابْنَ الْأَسْوَدِ الْكِنْدِيَّ، وَكَانَ حَلِيفًا لِبَنِي زُهْرَةَ، وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ إِنْ لَقِيتُ رَجُلًا مِنَ الْكُفَّارِ؟ ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ اللَّيْثِ." (ص:٦٧ سطر:٧ تا ٩)

قوله: "أَنَّ الْمِقْدَادَ بْنَ عَمْرٍو ابْنَ الْأَسْوَدِ الْكِنْدِيَّ" (ص:٦٧ سطر:٨)

"ابن" کا ہمزہ جب عَلمین مُتناسلین کے درمیان آجائے تو کتابت وتلفظ میں ساقط ہوجاتا ہے، البتہ چند مواقع مستثنیٰ ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ "ابن" جب ماقبل کی صفت نہ ہوتو ایسی صورت میں "ابن" کا ہمزہ کتابت سے ساقط نہ ہوگا۔ یہاں یہی صورت ہے، کیونکہ مقداد، عمرو کے بیٹے ہیں اور اسود کے متبنیٰ ہیں، اس لئے بعض دفعہ ان کو مقداد بن عمرو اور بعض دفعہ مقداد بن الاسود کہا جاتا ہے، اور کبھی دونوں کو ذکر کردیا جاتا ہے جیسا کہ یہاں عمرو اور اسود دونوں کا ذکر ہے، چنانچہ یہاں ابن الاسود میں "ابن" کو منصوب پڑھا جائے گا کیونکہ یہ مقداد کی صفت ہے نہ کہ عمرو کی، اور اسی وجہ سے "ابن" کے ہمزہ کو کتابت میں ساقط بھی نہیں کیا گیا۔[2]

۲۷۳ - " حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: نَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ... (الیٰ قوله)... عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ. وَهٰذَا حَدِيثُ ابْنِ أَبِي شَيْبَةَ. قَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ، فَصَبَّحْنَا

---

(۱) وفي الصحاح ج:٦ ص:٢٥٣٨: يقال أهوى اليه السيف أو غيرهُ أي مال اليه، وكذا في النهاية ج:٥ ص:٢٨٥۔

(۲) صيانة صحيح مسلم ص:٢٨٦ والديباج ج:١ ص:١٩٧۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الْـحُـرَقَـاتِ مِـنْ جُهَيْـنَةَ، فَـأَدْرَكْتُ رَجُلاً .فَقَالَ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ. فَطَعَنْتُهُ فَوَقَعَ فِيْ نَـفْسِـيْ مِنْ ذٰلِكَ. فَذَكَرْتُهُ لِلنَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وسَـلَّـمَ :أَقَالَ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَقَتَلْتَهُ ؟ قَالَ :قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! إِنَّمَا قَـالَهَـا خَـوْفًـا مِـنَ السِّلاَحِ. قَـالَ: أَفَلاَ شَـقَقْتَ عَنْ قَلْبِهٖ؟حَتّٰى تَعْلَمَ أَقَالَهَا أَمْ لاَ . فَمَازَالَ يُكَرِّرُهَا عَلَيَّ حَتّٰى تَمَنَّيْتُ أَنِّي أَسْلَمْتُ يَوْمَئِذٍ.

قَالَ فَـقَـالَ سَعْدٌ: وَأَنَا وَاللّٰهِ لاَ أَقْتُلُ مُسْلِمًا حَتّٰى يَقْتُلَهُ ذُو الْبُطَيْنِ.يَعْنِي أُسَـامَةَ .قَـالَ: قَـالَ رَجُـلٌ:أَلَـمْ يَـقُـلِ اللّٰهُ "وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لاَ تَكُوْنَ فِتنَةٌ وَيَكُوْنَ الـدِّيْـنُ كُـلُّهُ لِلّٰهِ"؟ فَقَالَ سَعْدٌ: قَدْ قَاتَلْنَا حَتّٰى لاَ تَكُوْنَ فِتْنَةٌ .وَأَنْتَ وَأَصْحَابُكَ تُرِيْدُوْنَ أَنْ تُقَاتِلُوْا حَتّٰى تَكُوْنَ فِتنَةٌ." (ص:٦٧ سطر:٩،١٠ تا ص:٦٨ سطر:٣)

قوله: "فَصَبَّحْنَا" (ص:٦٨ سطر:١)

صبح کے وقت حملہ کیا یعنی شب خون مارا، شب خون عموماً رات کے آخری حصے میں مارا جاتا ہے، جس کے فوراً بعد صبح ہوجاتی ہے۔

قوله: "اَلْحُرَقَاتِ مِنْ جُهَيْنَةَ" (ص:٦٨ سطر:١)

الحرُقات یہ قبیلۂ جھینة کی شاخ ہے۔

قوله: "فَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ مِنْ ذٰلِكَ" (ص:٦٨ سطر:١)

أی "وقـع الـخـوف فـي نـفـسـي"، یعنی میرے دِل میں خوف ہوا کہ میں نے ایک مسلمان کوقتل کردیا ہے۔

قوله: "أَقَالَ لاَ إِلٰـهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَقَتَلْتَهُ؟" (ص:٦٨ سطر:١،٢) یہ استفہامِ توبیخ ہے۔

قوله:۔"إِنَّمَا قَالَهَا خَوْفًا مِنَ السِّلاَحِ" (ص:٦٨ سطر:٢)

یہ عذر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول نہیں فرمایا، جیسا کہ اگلے جملے سے واضح ہے۔

قوله: "أَفَلاَ شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهٖ؟" (ص:٦٨ سطر:٢)

یعنی اگر مدار دِل ہی پر ہے تو تم نے اس کے سینے کو چیر کر دِل کیوں نہیں دیکھا؟ اصل عبارت یہ ہے: "أفلا شـقـقـت صدرهٗ عن قلبه" یہ استفہام تعجیز کا ہے کہ تم اس کے دِل کا حال سینہ چیر کر بھی معلوم نہیں کرسکتے تھے کہ اُس میں ایمان تھا یا نہیں، لہٰذا تم صرف ظاہر کے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مکلّف تھے، باطن کے نہیں۔

قولہ: "أَنِّي أَسْلَمْتُ يَوْمَئِذٍ" (ص:۶۸ سطر:۲)

کیونکہ اگر آج مسلمان ہوتا تو الاسلام یھدم ما کان قبلهٗ کے قانون کے تحت یہ گناہ بھی معاف ہوجاتا۔

قولہ: "فَقَالَ سَعْدٌ" (ص:۶۸ سطر:۲)

معلوم ہوا کہ جس مجلس میں یہ حدیث بیان ہوئی اُس میں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بھی موجود تھے۔

قولہ: "حَتّٰى يَقْتُلَهُ ذُو الْبُطَيْنِ" (ص:۶۸ سطر:۳)

"البُطَین" بطن کی تصغیر ہے۔ ذوالبُطَین چھوٹے سے پیٹ (توند) والا۔ حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ مراد ہیں۔[1] حاصل یہ کہ فاتحِ کسریٰ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تک اُسامہ کسی مسلمان کو قتل نہ کریں گے اُس وقت تک میں بھی کسی مسلمان کو قتل نہ کروں گا۔ ظاہر ہے کہ مذکورہ واقعہ کے بعد اب اُسامہ کسی مسلمان کو کیسے قتل کرسکتے تھے؟ پس یہ تعلیق بالمحال ہے۔ حاصل یہ کہ میں کسی مسلمان کو قتل نہیں کروں گا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے یہ بات اُس وقت فرمائی جب چند جوشیلے لوگ مشاجراتِ صحابہ (جنگِ جمل وصِفّین کے زمانے) میں قتال کی تبلیغ کررہے تھے۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ مشاجراتِ صحابہ کے وقت اُن صحابہ کرامؓ میں شامل تھے جو قتال سے بالکل الگ رہے۔ مشاجرات کے زمانے میں حضراتِ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی عملاً ۳ جماعتیں ہوگئی تھیں:-

۱- کچھ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے۔

۲- کچھ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے۔

۳- کچھ ان دونوں سے الگ تھے، یعنی انہوں نے باہمی جنگوں میں بالکل حصہ نہیں لیا، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اِس تیسری جماعت میں شامل تھے۔

اللہ تعالیٰ کے عجیب وغریب تکوینی اُمور ہوتے ہیں، مشاجراتِ صحابہ سے پہلے بہت

(۱) اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

زیادہ فتوحات ہوئیں، خصوصاً حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہما کے دورِ خلافت میں تو فتوحات کا ایک نہ تھمنے والا سیلاب تھا۔ صحابہ کرامؓ جہاد اور انتظامی اُمور میں مصروف تھے، اس وجہ سے علمی مشاغل کم ہونے لگے تھے، مشاجراتِ صحابہ کی وجہ سے بہت سے صحابہ کرامؓ دونوں طرف سے یکسو ہوکر درس و تدریس میں مشغول ہوگئے، اُس زمانے میں علمی کام بہت ہوئے۔

قولہ: "وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ" (ص:۶۸ سطر:۳)

قاتلوھم کی ضمیرِ مفعول کا مرجع مشرکینِ عرب ہیں، جن کے بارے میں حکم تھا کہ یا تو وہ مقرّرہ مدّت میں سرزمینِ عرب چھوڑ کر کہیں اور چلے جائیں، یا اسلام قبول کرلیں یا پھر اُن سے قتال کیا جائے گا، لیکن مجلس میں موجود جو شیلے صاحب نے اِس ضمیر کو مسلمانوں کی طرف لوٹا دیا۔[۱]

فائدہ:- حضرت اُسامۃ بن زید رضی اللہ عنہ کے واقعہ سے شریعت کا یہ حکم معلوم ہوا کہ حالتِ جنگ میں اگرچہ ظنِ غالب یہ ہو کہ مخالف تقیہ کر رہا ہے اور محض جان بچانے کے لئے کلمۂ اسلام پڑھ رہا ہے تو بھی اُس کو قتل کرنا اُس وقت تک جائز نہیں جب تک اس سے کفرِ صریح ظاہر نہ ہو، اس لئے کہ ہم ظاہر کے مکلّف ہیں۔ یہی حکم اُن تمام فِرَقِ ضالّہ کی تکفیر کا ہوگا جن کا عقیدہ صراحۃً ضروریاتِ دین کے خلاف نہیں، اگرچہ ہمارا گمان یہ ہو کہ وہ یہ عقیدہ تقیہ کے طور پر ہی ظاہر کر رہے ہیں۔

اہلِ تشیُّع پر بعض معاصر علمائے کرام نے تحریفِ قرآن کے عقیدہ کی وجہ سے کفر کا فتویٰ لگایا ہے، لیکن ساتھ ساتھ اِس بات کی بھی تصریح کی ہے کہ تقریباً ۱۰۰ سال سے اہلِ تشیُّع تقیہ کر رہے ہیں اور عوام الناس کے سامنے اِس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ قرآنِ کریم من وعن محفوظ ہے، اس میں کسی قسم کی کوئی تحریف نہیں ہوئی۔ مذکورہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تحریفِ قرآن کے عقیدہ کی بنیاد پر ہمارے زمانے کے شیعہ (اثنا عشریہ) پر کفر کا حکم لگانا صحیح نہیں، کیونکہ وہ تحریفِ قرآن کا انکار کرتے ہیں، اگرچہ ہمارا گمان یہ ہو کہ وہ تحریفِ قرآن کا انکار تقیۃً کر رہے ہیں۔

قولہ: "قَدْ قَاتَلْنَا حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ"[۲] (ص:۶۸ سطر:۳)

---

(۱) فتح الملہم ج:۲ ص:۱۳۱۔ (۲) حوالہ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہم نے قتال کیا یہاں تک کہ فتنہ ختم ہوگیا، یعنی جزیرہ نمائے عرب سے شرک کا خاتمہ ہوگیا، مگر تم اور تمہارے ساتھی مسلمانوں سے قتال کا ارادہ رکھتے ہیں تاکہ فتنہ ہو یعنی کفار و مشرکین جو دشمنانِ اسلام ہیں ان کو فائدہ ہو۔

یہاں فتنہ کی تفسیر میں دو قول ہیں:-

۱- فتنہ سے مراد فسادِ عقیدہ ہو اور اس کو حکیم الأمت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اختیار کیا ہے،[۱] چنانچہ "قَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ" کا مطلب یہ ہوگا کہ مشرکینِ جزیرہ نمائے عرب سے قتال کرو یہاں تک کہ فتنہ ختم ہوجائے اور دین پورا کا پورا اللہ کا ہوجائے، یعنی جزیرہ نمائے عرب سے شرک کا خاتمہ ہوجائے۔ حاصل یہ کہ یہ مشرکینِ عرب کے بارے میں ہے۔

۲- فتنہ سے مراد عذاب اور تکلیف ہو، مشرکینِ عرب نومسلموں کو ایذاء دیتے تھے تو حکم دیا کہ قتال کرو اور اتنا کرو کہ یہ مشرکین نومسلموں کو تکلیف نہ پہنچا سکیں۔[۲] حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے قول "تريدون أن تقاتلوا حتّٰى تكون فتنة" (ص:۶۸ سطر:۳،۴) میں فتنہ سے مراد فسادِ عقیدہ اور عذاب دونوں ہو سکتے ہیں، کیونکہ آپس کے قتال سے کفار کو فائدہ اور غلبہ ہوگا، لہٰذا وہ دوبارہ مسلمانوں کو تکلیفیں پہنچانا شروع کردیں گے یا یہ کہ کفار کے غلبہ کی وجہ سے کفر کا فتنہ پھر پھیلتا چلا جائے گا۔

۲۷۵- "حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ ... (الیٰ قوله)... عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ، أَنَّهُ حَدَّثَ: أَنَّ جُنْدَبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيَّ بَعَثَ إِلٰى عَسْعَسِ بْنِ سُلَامَةَ، زَمَنَ فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ: اجْمَعْ لِيْ نَفَرًا مِنْ إِخْوَانِكَ حَتّٰى أُحَدِّثَهُمْ، فَبَعَثَ رَسُوْلًا إِلَيْهِمْ. فَلَمَّا اجْتَمَعُوْا جَاءَ جُنْدَبٌ وَعَلَيْهِ بُرْنُسٌ أَصْفَرُ. فَقَالَ: تَحَدَّثُوْا بِمَا كُنْتُمْ تَحَدَّثُوْنَ بِهٖ. حَتّٰى دَارَ الْحَدِيْثُ. فَلَمَّا دَارَ الْحَدِيْثُ إِلَيْهِ حَسَرَ الْبُرْنُسَ عَنْ رَأْسِهٖ فَقَالَ: إِنِّيْ أَتَيْتُكُمْ وَلَا أُرِيْدُ أَنْ أُخْبِرَكُمْ عَنْ نَبِيِّكُمْ. إِنَّ

---

(۱) بیان القرآن ج:۱ ص:۶۱، وفي رُوح المعاني (ج:۲ ص:۷۶): والمراد من (الفتنة) الشرك على ما هو المأثور عن قتادة والسدي وغيرهما وكذا في تفسير القرطبي ج:۲ ص:۳۵۱۔

(۲) تفسیر قاسمی ج:۳ ص:۴۷۷، و تفسير الطبري ج:۹ ص:۲۴۸، وتفسير البغوي ج:۲ ص:۲۴۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ إِلٰى قَوْمٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، وَإِنَّهُمُ الْتَقَوْا فَكَانَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ إِذَا شَاءَ أَنْ يَقْصِدَ إِلٰى رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَصَدَ لَهُ فَقَتَلَهُ، وَإِنَّ رَجُلاً مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَصَدَ غَفْلَتَهُ. قَالَ: وَكُنَّا نُحَدَّثُ أَنَّهُ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ. فَلَمَّا رَفَعَ عَلَيْهِ السَّيْفَ قَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، فَقَتَلَهُ. فَجَاءَ الْبَشِيْرُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَسَأَلَهُ فَأَخْبَرَهُ حَتّٰى أَخْبَرَهُ خَبَرَ الرَّجُلِ كَيْفَ صَنَعَ، فَدَعَاهُ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: لِمَ قَتَلْتَهُ؟ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَوْجَعَ فِي الْمُسْلِمِيْنَ، وَقَتَلَ فُلاَنًا وَفُلاَنًا، وَسَمّٰى لَهُ نَفَرًا. وَإِنِّيْ حَمَلْتُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا رَأَى السَّيْفَ قَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَقَتَلْتَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ بِلاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ إِذَا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اسْتَغْفِرْ لِيْ. قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ بِلاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ إِذَا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: فَجَعَلَ لاَ يَزِيْدُهُ عَلٰى أَنْ يَقُوْلَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ بِلاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ إِذَا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟" (ص:۶۸ سطر:۷تا۱۳)

قولہ: "أَنَّ جُنْدَبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيَّ بَعَثَ إِلٰى عَسْعَسِ بْنِ سُلاَمَةَ، زَمَنَ فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ" (ص:۶۸ سطر:۸)

فتنۂ ابن زبیرؓ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد پیش آیا، یزید نے اہلِ شام سے اپنی خلافت کی بیعت لینے کے بعد اہلِ مدینہ سے بیعت لینے کے لئے اپنا آدمی مقرر کیا، لیکن کچھ حضرات راتوں رات مکہ مکرمہ چلے گئے اور حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ بھی مکہ چلے گئے، پھر یزید نے شام سے لشکر بھیجا تاکہ جبراً بیعت لی جائے، اہلِ مدینہ نے جنگ کی تیاری کرلی، اسی زمانے میں حضرت جُندُب بن عبداللہ بجلی نے عَسعَس کے پاس پیغام بھیجا کہ میں تم سے بات کرنا چاہتا ہوں، اور عَسعَس اُس وقت اہلِ مدینہ کے جنگی قائدین میں سے تھے، چنانچہ حضرت جندب بن عبداللہ بجلی نے ان کو اور ان کے ساتھیوں کو حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا واقعہ سنایا اور سنانے سے مقصود یہ تھا کہ کسی طرح یہ لوگ مسلمانوں کے باہمی قتال سے باز آجائیں، اور اہلِ شام سے قتال نہ کریں۔

قولہ: "وَعَلَيْهِ بُرْنُسٌ أَصْفَرُ" (ص:۶۸ سطر:۸)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بُرنس وہ جبہ جس پر ٹوپی لگی ہوئی ہوتی ہے[1]، اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اس سے ٹوپی کو اُتار کر ہاتھ میں لینا نہیں پڑتا، بلکہ وہ پیچھے لٹک جاتی ہے، آج کل اس قسم کا جبہ مراکش میں زیادہ رائج ہے۔

قولہ: "وَلَا أُرِيْدُ أَنْ أُخْبِرَكُمْ عَنْ نَبِيِّكُمْ" (ص:۶۸ سطر:۹)

اس جملہ کا ظاہری مطلب یہ ہے کہ میرا مقصد حدیث سنانے کا نہ تھا۔ یعنی جب میں آیا تھا اُس وقت تو میرا حدیثِ مرفوع سنانے کا ارادہ نہ تھا، بلکہ اپنی طرف سے نصیحت کرنے کا ارادہ تھا، لیکن اب یہ حدیث سنانے کا بھی ارادہ کرلیا، اس لئے سنا رہا ہوں۔[2]

دوسرا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ تقدیرِ عبارت یوں ہو: "انی أتیتکم اَوَ لا أرید أن أخبرکم"؟ یعنی "وَلا أرید أن أخبرکم" سے پہلے ہمزہ استفہامِ انکاری کا محذوف ہے، اور مطلب یہ ہے کہ میں تمہارے پاس آیا ہوں تو کیا میں تم کو حدیث سنانے کا ارادہ نہیں کروں گا؟ یعنی ضرور ارادہ کروں گا۔

قولہ: "فَلَمَّا رَجَعَ عَلَيْهِ السَّيْفُ" (ص:۶۸ سطر:۱۱)

ہوسکتا ہے کہ پہلے اُس نے حضرت اُسامہؓ پر حملہ کیا ہو اور اس کے جواب میں حضرت اُسامہؓ نے تلوار چلائی، اس لئے "رجع" کا لفظ استعمال کیا۔ یا یہ مطلب ہے کہ حضرت اُسامہؓ کی تلوار اُس شخص کی طرف اُن مسلمانوں کی طرف سے لوٹی جو اُس کے ہاتھوں شہید ہوچکے تھے۔ واللہ أعلم۔

قولہ: "أَوْجَعَ فِي الْمُسْلِمِيْنَ" (ص:۶۸ سطر:۱۲)

اس نے مسلمانوں میں درد کی لہر دوڑادی تھی، یعنی اُس نے مسلمانوں کے خلاف سخت قتال کیا، اور ان کو سخت جانی نقصان پہنچایا۔

قولہ: "اِسْتَغْفِرْ لِيْ الخ" (ص:۶۸ سطر:۱۳)

درخواست کرنے والے اُسامہؓ ہیں، جو آپ کے پوتے کی طرح ہیں، "حِبُّ (محبوب) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" ہیں، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین ہیں، لیکن

---

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۱۷۸۔

(۲) اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۲۱۰، وفیہ أیضًا: ویجاب بأن لا زائدۃ کما ھی فی (ما منعک ألا تسجدَ)، کذا فی الدیباج ج:۱ ص:۱۹۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حضرت اُسامہؓ کے عذر کو قبول نہیں فرمایا، حاصل یہ کہ تم تو ظاہر کے مکلّف تھے، پھر تم نے اس کا اسلام کیوں نہیں قبول کیا؟

باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم:

من حمل علینا السلاح فلیس منا

۲۷۶–"حَدَّثَنِی زُهَیرُ بنُ حَربٍ ... (الٰی قوله) ... عَنِ ابنِ عُمَرَ؛ أَنَّ النَّبِیَّ صَلَی اللّٰهُ عَلَیهِ وسَلَّمَ قَالَ: مَن حَمَلَ عَلَینَا السِّلاحَ فَلَیسَ مِنَّا."

(ص:۶۹ سطر:۱ تا ۳)

قوله: "مَن حَمَلَ عَلَینَا السِّلاحَ" (ص:۶۹ سطر:۳)

اس کا ظاہری مطلب یہ ہے کہ جو شخص مسلمانوں سے قتال کرے وہ مسلمان نہیں بلکہ کافر ہے، اس کے ظاہر سے معتزلہ اور خوارج اپنے مذہب پر استدلال کر سکتے ہیں۔

جواب نمبر ۱:– مراد ایسا شخص ہے جو قتال مع المسلمین کو بعد العلم بتحریمہٖ حلال سمجھتا ہو۔

جواب نمبر ۲:– "فلیس منّا" کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے طریقہ پر نہیں،[1] ہم اس سے بَری ہیں، یہ ایسا ہے جیسے کوئی باپ اپنے بیٹے سے کہے کہ اگر تو نے چوری کی تو تو میرا بیٹا نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کا یہ مطلب نہیں ہوسکتا کہ تیرا نسب مجھ سے باقی نہیں رہے گا، بلکہ مطلب یہ ہوتا ہے کہ تو اس لائق نہیں کہ تجھے میرا بیٹا کہا جائے، تیرا طریقہ الگ ہے، میرا طریقہ الگ۔

جن آیات و احادیث کے ظاہر سے مرتکبِ کبیرہ کا کافر ہونا معلوم ہوتا ہے اُن سے خوارج استدلال کرتے ہیں، اور اہلِ سنت والجماعۃ ان میں تأویل فرماتے ہیں، وہ تأویلات پیچھے بار بار احقر بیان کر چکا ہے، مگر حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ: لوگ عموماً اس قسم کی حدیثیں سناتے ہی تأویلیں بھی ساتھ سنا دیتے ہیں، حالانکہ ہر جگہ تأویلیں نہیں بتانی چاہئیں تاکہ لوگ اِن نصوص کو سن کر ان کے ظاہر سے ڈریں، اِلَّا یہ کہ کوئی شخص ازخود سوال کرے یا ماحول سے معلوم ہوجائے کہ بغیر تأویل کے حدیث سنائی تو لوگوں کا عقیدہ خراب ہونے کا

(۱) صیانۃ صحیح مسلم ج:۱ ص:۲۳۹: قولهٗ: "لیس منّا" یقال: انّ معناه: لیس مهتدیا بهدینا ولا مستنا بسُنّتنا وقلت: هذهٖ عبارة عن التبرء منه أی نحن بریئون منه.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اندیشہ ہے، تو ایسے موقع پر تأویل ضرور کی جائے۔(۱)

باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم: من غشّ فلیس منّا

۲۸۰- "وَحَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ أَيُّوْبَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ؛ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى صُبْرَةِ طَعَامٍ ،فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيْهَا،فَنَالَتْ أَصَابِعُهُ بَلَلاً. فَقَالَ :مَا هٰذَا يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ؟ قَالَ:أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. قَالَ : أَفَلاَ جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ كَيْ يَرَاهُ النَّاسُ؟ مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنِّي."

(ص:۷۰ سطر:۲ تا ۴)

قوله: "فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيْهَا" (ص:۷۰ سطر:۳)

سوال ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے کی ملکیت میں تصرف کیوں فرمایا؟ نیز یہ تجسّس ہے جو کہ ممنوع ہے۔

جواب:- حاکمِ مسلمین کو عامۃ المسلمین کے مفاد میں بوقتِ ضرورت بقدرِ ضرورت ایسے تصرف اور تجسّس کی اجازت ہے، اور یہ حدیث اس کی دلیل ہے۔

باب تحریم ضرب الخدود وشق الجیوب .... الخ

۲۸۱- " حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى ... (الٰی قوله) ... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ :لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ، أَوْ شَقَّ الْجُيُوْبَ، أَوْ دَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ." (ص:۷۰ سطر:۴ تا ۶)

قوله: "شَقَّ الْجُيُوْبَ" (ص:۷۰ سطر:۶) گریبانوں کو پھاڑے۔

قوله: "دَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ" (ص:۷۰ سطر:۶) یعنی نوحہ کرے، مثلاً یا سیّداہ یا ویلاہ وغیرہ کہے۔

۲۸۳- " حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسَى الْقَنْطَرِيُّ ... (الٰی قوله)... حَدَّثَنِيْ أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ أَبِي مُوْسٰى .قَالَ: وَجِعَ أَبُوْ مُوْسٰى وَجَعًا فَغُشِيَ عَلَيْهِ، وَرَأْسُهُ فِيْ حَجْرِ امْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِهِ.فَصَاحَتِ امْرَأَةٌ مِنْ أَهْلِهٖ .فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَرُدَّ عَلَيْهَا

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۶۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

شَيْـئًـا، فَلَـمَّا أَفَاقَ قَالَ: أَنَا بَرِيءٌ مِمَّا بَرِئَ مِنهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ بَرِئَ مِنَ الصَّالِقَةِ وَالْحَالِقَةِ وَالشَّاقَّةِ."

(ص:۷۰ سطر:۷ تا ۱۰)

قولہ: "الصَّالِقَةِ" (ص:۷۰ سطر:۹)

یہ صاد سے بھی آیا ہے اور سین سے بھی، صالقہ اور سالقہ چیخنے، چلّانے والی عورت۔[1]

یہاں عورتوں کی طرف نسبت اس لئے ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں عام طور سے عورتیں ہی نوحہ کرتی تھیں۔

قولہ: "الْحَالِقَةِ" (ص:۷۰ سطر:۹) اپنے بال مونڈنے والی۔

قولہ: "الشَّاقَّةِ" (ص:۷۰ سطر:۱۰) اپنے کپڑے یا گریبان پھاڑنے والی۔

۲۸٤ – "حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ .... (الیٰ قوله) ... عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ وَأَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوْسٰى، قَالَا: أُغْمِيَ عَلٰى أَبِيْ مُوْسٰى وَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ أُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ تَصِيْحُ بِرَنَّةٍ. قَالَا: ثُمَّ أَفَاقَ. قَالَ: أَلَمْ تَعْلَمِيْ - وَكَانَ يُحَدِّثُهَا - أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: أَنَا بَرِيءٌ مِمَّنْ حَلَقَ وَسَلَقَ وَخَرَقَ."

(ص:۷۰ سطر:۱۰، ۱۱)

قولہ: "تَصِيْحُ بِرَنَّةٍ" (ص:۷۰ سطر:۱۱) رَنَّة کے معنی ہیں گانے کی طرح رونا۔[2]

قولہ: "خَرَقَ" (ص:۷۰ سطر:۱۱) یعنی کپڑے پھاڑے۔

باب بيان غلظ تحريم النميمة

۲۸٦ – "حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ ... (الیٰ قوله) ... عَنْ حُذَيْفَةَ، أَنَّهُ بَلَغَهُ أَنَّ رَجُلًا يَنُمُّ الْحَدِيْثَ. فَقَالَ حُذَيْفَةُ: سَمِعتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ نَمَّامٌ." (ص:۷۰ سطر:۱۵، ۱۶)

قولہ: "يَنُمُّ الْحَدِيْثَ" (ص:۷۰ سطر:۱۶)

يَنُمُّ یہ بابِ ضرب و نصر سے ہے، نَمًّا اور قَتَّ يَقُتُّ قَتًّا باب نصر سے، دونوں

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۲ ص:۳۸۹۔

(۲) ایضاً۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کے معنی ''چغلی کرنا'' ہیں، یعنی فساد ڈالنے یا دوسرے کو تکلیف پہنچانے کی غرض سے اُس کی ایسی بات یا حال کا اِفشاء کرنا جس کے افشاء کو وہ پسند نہیں کرتا، (نووی)۔[1]

۲۸۷-''حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ ... (الیٰ قوله)... عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ ،قَالَ: كَانَ رَجُلٌ يَنْقُلُ الْحَدِيْثَ إِلَى الأَمِيْرِ، فَكُنَّا جُلُوْسًا فِي الْمَسْجِدِ. فَقَالَ الْقَوْمُ هَذَا مِمَّنْ يَنْقُلُ الْحَدِيْثَ إِلَى الأَمِيْرِ. قَالَ: فَجَاءَ حَتّٰى جَلَسَ إِلَيْنَا. فَقَالَ حُذَيْفَةُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَقُوْلُ: لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ.'' (ص:۷۰ سطر:۱۶ تا ۱۸)

قوله: ''لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ'' (ص:۷۰ سطر:۱۸)

نمّام اور قتّات کے ایک ہی معنی ہیں، بعض نے فرق بھی کیا ہے کہ نمّام وہ جس نے کسی کا اتفاقی طور پر خفیہ قول سنا، یا خفیہ فعل دیکھا اور پھر آگے نقل کر دیا۔ اور قتّـات وہ ہے جو بالقصد دوسروں کی خفیہ باتیں یا کام معلوم کرنے کی جستجو کرے اور پھر اُسے آگے نقل کرے۔ گویا نمّام میں تجسّس نہیں ہوتا جبکہ قتّات میں تجسّس بھی ہوتا ہے، اور قدرِ مشترک چغل خوری ہے۔

غیبت اور چغل خوری میں فرق:- دونوں میں نسبت عموم خصوص من وجہ کی ہے، غیبت میں غیبوبۃ شرط ہے، نیتِ افساد شرط نہیں، اور چغلی میں نیتِ افساد شرط ہے غیبوبۃ شرط نہیں، یعنی ذکرک اخاک بما یکرہ دونوں میں مشترک ہے، چنانچہ اگر یہ عمل غیبوبۃ میں ہے اور بغرضِ الإفساد ہے تو یہ غیبت بھی ہے اور چغلی بھی۔ اور اگر غیبوبۃ میں نہیں مگر بقصد الافساد ہے تو یہ چغلی ہے غیبت نہیں، اور اگر غیبوبۃ میں ہے، مگر بقصد الإفساد نہیں تو یہ غیبت ہے چغلی نہیں۔[2] عموم خصوص من وجہ میں تین مادّے ہوتے ہیں، ایک اجتماع کا اور دو افتراق کے۔ اور یہ تینوں مادّے ہمارے اُوپر کے بیان سے واضح ہیں۔ اور اگر یہ عمل بقصد الإفساد بھی نہیں اور غیبوبۃ میں بھی نہیں تو یہ چغلی بھی نہیں اور غیبت بھی نہیں۔

۲۸۸-'' حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الیٰ قوله)... عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا مَعَ حُذَيْفَةَ فِي الْمَسْجِدِ،فَجَاءَ رَجُلٌ حَتّٰى جَلَسَ

---

(۱) شرح النووی ج:۲ ص:۷۰۔

(۲) فتح الباری ج:۱ ص:۴۷۳، کتاب الأدب، باب ما یکرہ من النمیمة.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

إِلَيْـنَـا، فَقِيلَ لِحُذَيْفَةَ :إِنَّ هٰذَا يَرْفَعُ إِلَى السُّلْطَانِ أَشْيَاءَ. فَقَالَ حُذَيْفَةُ ، إِرَادَةَ أَنْ يُسْمِعَهُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَقُولُ: لا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ." (ص:۷۰ سطر:۱۸ تا ۲۰)

قولہ: "إِلَى السُّلْطَانِ أَشْيَاءَ" (ص:۷۰ سطر:۲۰)

یہاں سلطان سے مراد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں، (فتح الملھم[1] بحوالہ صحیح البخاری)۔

باب بیان غلظ تحریم اسبال الازار .... الخ

۲۸۹- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ أَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: ثَلاثَةٌ لا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ،وَلا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ،وَلا يُزَكِّيهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ .قَالَ :فَقَرَأَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ ثَلاثَ مِرَارٍ. قَالَ أَبُوْ ذَرٍّ :خَابُوْا وَخَسِرُوْا،مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ :الْمُسْبِلُ، وَالْمَنَّانُ ،وَالْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ." (ص:۷۱ سطر:۱ تا ۳)

قولہ:- "ثَلاثَةٌ" (ص:۷۱ سطر:۲)

ثلاثة سے مراد تین قسم کے افراد ہیں، آگے کی روایات میں بھی "ثلاثة" کا لفظ آیا ہے لیکن ان میں کچھ اور قسم کے لوگوں کو شمار کیا گیا ہے جس کے باعث یہ اقسام تین سے زائد ہوجاتی ہیں، لیکن ان میں کوئی منافات نہیں کیونکہ عددِ اقل اکثر کی نفی نہیں کرتا۔

قولہ: "لا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ، وَلا يُزَكِّيهِمْ" (ص:۷۱ سطر:۲)

مراد یہ ہے کہ کلامِ رحمت نہیں فرمائے گا، البتہ کلامِ عقوبت وعتاب ہوسکتا ہے، اسی طرح "لا ینظر" میں بھی نظرِ رحمت کی نفی ہے، کیونکہ ویسے تو ہر ایک ہر وقت اللہ کی نظر میں ہے۔

مذکورہ آیت قرآنِ حکیم کی ترتیب پر بیان نہیں کی گئی، قرآنِ مجید میں یوں ہے: "وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ"[2] اس کی وجہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ

(۱) فتح الملھم ج:۲ ص:۱۴۲۔ (۲) آل عمران آیت:۷۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علیہ وسلم نے اِس وعید کو آیتِ قرآنیہ کے طور پر پیش نہیں فرمایا بلکہ اپنے کلام کے طور پر بیان فرمایا ہے، لہٰذا ترتیب میں مطابقت ضروری نہیں، نیز ہوسکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تو آیتِ قرآنیہ کی ترتیب سے ارشاد فرمایا ہو مگر راوی نے روایت بالمعنیٰ میں اس ترتیب کو بدل دیا ہو۔

قولہ: "اَلْمُسْبِلُ" (ص:۷۱ سطر:۳)

(لباس کو) لٹکانے والا۔ اِسبال (لٹکانا) خواہ یہ لٹکانا اِزار (تہبند) کا ہو یا شلوار پائجامے یا پتلون کا ہو یا جبہ یا عمامہ کا، سب اس میں شامل ہے، کیونکہ اِس حدیث میں لفظ مطلق ہے، نیز یہاں تکبر کی بھی قید نہیں، چنانچہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مذہب یہی ہے کہ اِسبال بغیر تکبر کے بھی ناجائز ہے،[1] اور تکبر کے ساتھ ہو تو گناہِ کبیرہ ہے، البتہ وہ شخص مستثنیٰ ہے جس سے بے دھیانی میں اَحیاناً اِسبال ہوجاتا ہو، جیسا کہ حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کے لئے استثناء خود حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔

بعض فقہاء نے عدمِ تکبر کی صورت میں گنجائش بتلائی ہے۔

فائدہ:- مُلّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: نماز میں کسی لباس کو بے ڈھنگے اور غیر معروف طریقے سے استعمال کرنا بھی اِسبال کے حکم میں ہے، یعنی مکروہ ہے۔[2]

قولہ: "اَلْمَنَّانُ" (ص:۷۱ سطر:۳)

احسان جتلانے والا، اور عام طور سے احسان جتلانے والا بخیل ہوتا ہے، کیونکہ اس کی نظر میں چھوٹا سا احسان بھی بہت بڑا ہوتا ہے۔ ناچیز عرض کرتا ہے کہ شریف آدمی کی علامت یہ ہے کہ احسان کرکے بھول جائے اور دوسرے کا احسان نہ بھولے، اور رذیل آدمی کی علامت یہ ہے کہ دوسرے کا احسان لے کر بھول جائے اور اپنا کیا ہوا احسان یاد رکھے۔

قولہ: "اَلْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ" (ص:۷۱ سطر:۳)

جو جھوٹی قسم کے ذریعہ اپنے سامانِ تجارت کی ترویج کرنے، شہرت دینے، فروخت کرنے والا ہو۔

---

(۱) ردّالمحتار ج:۱ ص:۶۳۹۔

(۲) المرقاۃ، کتاب الصلوٰۃ، باب الستر ج:۲ ص:۲۶۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲۹۰ – "حَدَّثَنِیْ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِیُّ ... (الیٰ قوله)...عَنْ أَبِی ذَرٍّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ لَا یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ: اَلْمَنَّانُ الَّذِیْ لَا یُعْطِیْ شَیْئًا إِلَّا مَنَّهُ، وَالْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْفَاجِرِ وَالْمُسْبِلُ إِزَارَهُ." (ص:۷۱ سطر:۳ تا ۵)

قوله: "وَالْمُسْبِلُ إِزَارَهُ" (ص:۷۱ سطر:۵)

یہاں "اِزار" کا مفہومِ مخالف معتبر نہیں، چنانچہ ازار کے علاوہ کسی اور لباس کا اِسبال بھی جائز نہیں، جیسا کہ پیچھے بیان ہوا۔ اور جن حضرات کے نزدیک مفہومِ مخالف معتبر ہے وہ بھی اِسبال میں عموم کے قائل ہیں، وہ حرمتِ اِسبال کے عموم کو دوسری روایت کے منطوق سے ثابت کرتے ہیں۔

چنانچہ علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:(۱) "قلت وقد جاء ذلک مبیّنًا منصوصًا علیه من كلام رسول الله صلی الله علیه وسلم من روایة سالم بن عبدالله بن عمر عن أبیه رضی الله عنهم عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: "الاسبالُ فی الازارِ والقمیص والعمامة. من جرّ شیئًا خیلاءَ لم ینظرِ الله الیه یومَ القیامة." (۲) رواه ابوداؤد والنسائی وابن ماجة باسناد حسن، والله أعلم.

۲۹۲ – "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِی شَیْبَةَ، قَالَ: نَا وَكِیْعٌ وَأَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَلَا یُزَكِّیْهِمْ. قَالَ أَبُوْ مُعَاوِیَةَ: وَلَا یَنْظُرُ إِلَیْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِیْمٌ: شَیْخٌ زَانٍ، وَمَلِكٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ." (ص:۷۱ سطر:۶، ۷)

قوله: "شَیْخٌ زَانٍ" (ص:۷۱ سطر:۷)

بڈھا زانی، اوّل تو زانی ہونا ہی بڑی قباحت ہے، پھر دوسری قباحت یہ کہ ہے بھی بڈھا، حالانکہ بڑھاپے میں اس گناہ کے تقاضے کمزور ہوجاتے ہیں۔ تیسری یہ کہ بڑھاپے میں

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۷۱۔

(۲) سنن أبی داؤد، باب فی قدر موضع الازار، رقم الحدیث: ۴۰۹۴ وسنن النسائی، باب اسبال الازار، رقم الحدیث: ۵۳۳۴ وسنن ابن ماجة، باب طول القمیص کم هو، رقم الحدیث: ۳۵۷۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عقل کامل ہوجاتی ہے اس کے باوجود زنا کر رہا ہے۔ چوتھی یہ کہ یہ بھی معلوم ہے کہ وہ اب مرنے والا ہے، اس سب کے باوجود وہ زنا کرتا ہے تو یہ ایمان کے کمزور ہونے کی اور اللہ تعالیٰ کے اَحکام سے لاپروائی کی علامت ہے۔

قولہ: "مَلِکٌ کَذَّابٌ" (ص:۷۱ سطر:۷)

جھوٹ کی ضرورت کسی کمزور کو ہوتی ہے اور بادشاہ جس کے اُوپر کسی انسان کی حکومت نہیں اس کے باوجود جھوٹ بولے تو یہ جرم زیادہ اَشد ہوجاتا ہے، کیونکہ یہ اِن کی علامت ہے کہ اُسے شریعت کے اَحکام کی پرواہ اور اللہ کا خوف نہیں۔

قولہ: "عَائِلٌ مُسْتَکْبِرٌ" (ص:۷۱ سطر:۷)

فقیر ہے، لیکن متکبر ہے، حالانکہ تکبر کسی مالدار کو ہوتو اس کا سبب (کثرتِ مال) موجود ہے، بخلاف فقیر کے کہ اس میں یہ سبب موجود نہیں، اس کے باوجود تکبر کرتا ہے، یہ بھی اس کے دین سے بے پروا، اور اللہ تعالیٰ سے بے خوف ہونے کی علامت ہے۔

شیخ زانی، ملک کذّاب اور عائل مستکبر تینوں میں قدرِ مشترک یہ ہے کہ ان میں مذکورہ گناہوں کی طرف بلانے والے اسباب موجود نہیں یا کمزور ہیں، اس کے باوجود گناہ کرتے ہیں، اس لئے اِن کا یہ جرم بہت اَشد ہے،(۱) اور بظاہر یہ اُصول ہر جگہ جاری ہوگا، یعنی دواعیٔ گناہ کمزور یا معدوم ہونے کے باوجود جو گناہ کیا جائے گا وہ اَشد ہوگا۔

۲۹۳- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُوْ كُرَيْبٍ ... (الیٰ قولہ)... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ. وَهٰذَا حَدِيْثُ أَبِي بَكْرٍ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ، وَلَا يُزَكِّيْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ: رَجُلٌ عَلٰى فَضْلِ مَاءٍ بِالْفَلَاةِ يَمْنَعُهُ مِنِ ابْنِ السَّبِيْلِ، وَرَجُلٌ بَايَعَ رَجُلًا بِسِلْعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ فَحَلَفَ لَهُ بِاللّٰهِ لَأَخَذَهَا بِكَذَا وَكَذَا فَصَدَّقَهُ، وَهُوَ عَلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ، وَرَجُلٌ بَايَعَ إِمَامًا لَا يُبَايِعُهُ إِلَّا لِدُنْيَا، فَإِنْ أَعْطَاهُ مِنْهَا وَفٰى وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ مِنْهَا لَمْ يَفِ." (ص:۷۱ سطر:۷ تا ۱۰)

قولہ: "رَجُلٌ عَلٰى فَضْلِ مَاءٍ" (ص:۷۱ سطر:۸،۹)

(۱) اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۸۳،۳۸۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فضل یہ فاضل کے معنی میں ہے، اور صفت کی اضافت موصوف کی طرف ہے، اور مطلب یہ ہے کہ ضرورت سے زائد پانی اُس کے پاس موجود ہے۔

قولہ: "الْفَلَاةِ" (ص:۷۱ سطر:۹)

صحراء، غیر آباد جگہ، بیابان یعنی اوّل تو صحراء ہے کہ دوسری جگہ سے بیچارے مسافر کو پانی ملنا آسان نہیں، اور پھر ضرورت سے بھی زائد ہے، اس کے باوجود نہ دینا یہ نہایت سنگ دِلی اور بخل ہے، اور اس بات کی علامت ہے کہ دین کی اہمیت نہیں، خوفِ خدا نہیں اور رحم دِلی نہیں۔

قولہ: "بَعْدَ الْعَصْرِ" (ص:۷۱ سطر:۹)

عصر کی قید اس لئے لگائی کہ عصر کا وقت بڑی فضیلت والا ہے، اس وقت میں ملائکۃ اللیل والنہار کا اجتماع ہوتا ہے،[1] اس وقت میں عبادت کا ثواب بھی زیادہ ہوتا ہے، معصیت کا گناہ بھی زیادہ ہوتا ہے۔ اب اوّل تو بیع میں جھوٹ بولنا اور دھوکا دینا خود ایک مستقل گناہ ہے، پھر اس پر قسم کھانا یہ مستقل دوسرا گناہ ہے، پھر یہ دونوں گناہ عصر کے بعد کئے، اس لئے اس میں اور شدت آگئی۔

قولہ: "لَا يُبَايِعُهُ إِلَّا لِدُنْيَا" (ص:۷۱ سطر:۹)

یعنی حاکم سے اور امیر المؤمنین سے بیعت صرف دنیاوی مفاد کے لئے کرتا ہے۔ آج کل بیعت تو نہیں ہوتی البتہ دو طریقے ہوتے ہیں:-

۱- اراکینِ اسمبلی کسی کو کثرتِ ووٹ سے صدر یا وزیر اعظم منتخب کرتے ہیں۔

۲- عوام، اراکینِ اسمبلی کو ووٹ دے کر اپنا منتخب نمائندہ بناتے ہیں۔

دونوں کا حکم ایک ہے، دونوں میں ملک وملت کا مفاد پیشِ نظر رکھنا امانت داری ہے، اور پیشِ نظر نہ رکھنا خیانت ہے، اور اگر قومیت یا علاقائیت کی بنیاد پر صلاحیت سے قطع نظر کر کے کسی کو ووٹ دیا جائے تو یہ جاہلیت والی عصبیت ہے، اور معاوضہ لے کر یہ گناہ کیا جائے تو یہ معاوضہ رشوت ہے۔

باب غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه .... الخ

۲۹۶- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ... (الٰی قولہ) ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

(۱) اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۸۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِیْدَةٍ فَحَدِیْدَتُهُ فِیْ یَدِهِ یَتَوَجَّأُ بِهَا فِیْ بَطْنِهِ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا أَبَدًا، وَمَنْ شَرِبَ سَمًّا فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ یَتَحَسَّاهُ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا أَبَدًا، وَمَنْ تَرَدّٰی مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ یَتَرَدّٰی فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا أَبَدًا."

(ص:۷۲ سطر:۱ تا ۴)

قولہ: "بِحَدِیْدَةٍ" (ص:۷۲ سطر:۱) لوہا یا تیز دھار دار چیز۔

قولہ: "یَتَوَجَّأُ" (ص:۷۲ سطر:۱) گھونپے گا، مار رہا ہوگا۔

قولہ: "سَمًّا" (ص:۷۲ سطر:۲) زہر۔

قولہ: "یَتَحَسَّاهُ" (ص:۷۲ سطر:۳)

اس کو آہستہ آہستہ اور تھوڑا تھوڑا کر کے پیئے گا جیسے کسی تکلیف دِہ چیز کو بمشکل پیا جاتا ہے، سب میں قدرِ مشترک یہ ہے کہ خودکشی کے لئے جو عمل کیا آخرت میں سزا بھی اُسی عمل کے ذریعہ دی جائے گی۔

قولہ: "خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا أَبَدًا" (ص:۷۲ سطر:۲،۳)

یہاں خودکشی کرنے والے کے لئے مخلّد فی النّار ہونے کی وعید سے بظاہر خوارج ومعتزلہ کی تائید ہوتی ہے، محدثینِ کرام نے اس کے مختلف طریقوں سے جواب دیئے ہیں:-

جوابِ نمبر۱: طریقۂ ترجیح:- ترمذی کی روایت میں "خـالـدًا مـخـلّدًا فیها ابدًا" نہیں ہے اور وہی أصح ہے،[1] کیونکہ یہ دوسری اُن نصوص کے موافق ہے جن میں صراحت ہے کہ کوئی مؤمن مخلّد فی النّار نہیں ہوگا، بالآخر ہر صاحبِ ایمان جنت میں داخل ہوجائے گا۔ نیز اسی باب میں صفحہ:۷۴ پر جو روایت آرہی ہے اُس میں بھی صراحت ہے کہ خودکشی کرنے والا مخلّد فی النّار نہیں۔

(۱) فی جامع الترمذی، کتاب الطب، باب ما جاء من قتل نفسهٗ بسمٍّ أو غیره (ج:۲ ص:۲۵): عن أبی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: من قتل نفسهٗ بسمٍّ عذّب فی نارِ جهنّم. ولم یذکر فیه خالدًا مخلّدًا فیها أبدًا، وهٰکذا رواه أبوالزناد عن الأعرج عن أبی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم وهٰذا أصحّ لأنّ الروایات انما تجیء بأنّ أهل التوحید یعذّبون فی النّار ثم یخرجون منها ولا یذکر أنهم یخلدون فیها.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جواب نمبر۲- یہ محمول ہے مستحل بعد العلم بتحریمہ پر۔[۱]

جواب نمبر۳- مکثِ طویل مراد ہے۔[۲]

جواب نمبر۴- ایک مطلب میرے ذہن میں یہ آتا ہے، پھر فتح الملہم میں دیکھا تو اس سے بھی تائید ہوئی کہ جب تک وہ جہنم میں رہے گا اُس وقت تک وہ ہمیشہ ہمیشہ یہ کام کرتا رہے گا، یہ مطلب نہیں کہ نار میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔[۳]

۲۹۷- "حَدَّثَنِی زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ ...... (الٰی قوله)...... نَا شُعْبَةُ . كُلُّهُمْ بِهٰذَا الإِسْنَادِ مِثْلَهُ. وَفِيْ رِوَايَةِ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ ذَكْوَانَ." (ص:۷۲ سطر:۳،۴)

قوله: "وَفِيْ رِوَايَةِ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ ذَكْوَانَ" (ص:۷۲ سطر:۴)

سلیمان سے مراد سلیمانِ اعمش اور ذکوان سے مراد ابوصالح ہیں۔ دراصل یہ سوالِ مقدر کا جواب ہے، سوال یہ ہے کہ اعمش تو مدلّس ہیں، حالانکہ پیچھے تین اسانید میں اعمش نے بصیغۂ "عن" روایت کی ہے پھر امامِ مسلمؒ نے مدلّس کا عنعنہ کیسے قبول کرلیا؟

جواب کا حاصل یہ ہے کہ یہاں شعبہ کی روایت میں سلیمانِ اعمش نے ابوصالح (ذکوانؒ) سے سماعت کی صراحت کردی ہے، لہٰذا اِس روایت میں تدلیس کا احتمال ختم ہوگیا، (فتح الملہم)۔[۴]

۲۹۸- "حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ يَحْيٰی ... (الیٰ قوله)... أَنَّ ثَابِتَ بْنَ الضَّحَّاكِ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ ،وَأَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ :مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ،وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ عُذِّبَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ،وَلَيْسَ عَلٰى رَجُلٍ نَذْرٌ فِيْ شَيْءٍ لاَ يَمْلِكُهُ ." (ص:۷۲ سطر:۴ تا ۶)

قوله: "تَحْتَ الشَّجَرَةِ" (ص:۷۲ سطر:۵) بیعتِ رضوان مراد ہے۔

قوله: "مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ" (ص:۷۲ سطر:۵)

(۱،۲) المفهم ج:۱ ص:۳۱۰،۳۱۱ واکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۲۱۸۔

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۱۵۲۔

(۴) شرح النووی ج:۱ ص:۷۲ وفتح الملهم ج:۲ ص:۱۵۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یعنی دینِ اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جھوٹی قسم کھائی تو وہ ایسا ہی ہے جیسا اُس نے کہا۔

قسم کی دو صورتیں ہیں: ۱-اداۃِ قسم داخل کر کے قسم کھائی جائے، کقوله: "والله لأفعلنّ كذا" أو "والله ما فعلتُ كذا" ۔۲-تعلیق کی صورت میں قسم کھائی جائے، کقوله: "اِنْ فعلتُ كذا فعبدی حرٌّ" یا "اِنْ كنتُ قد فعلتُ كذا فعبدی حُرٌّ" ۔ یہاں قسم کی دونوں صورتیں مراد ہوسکتی ہیں۔ پہلی کی مثال "أحلف بالدين اليهوديّ انّي لستُ سارقًا." اور دوسری صورت کی مثال "اِنْ سرقتُ فأنا يهوديّ."

پہلی صورت کا حکم یہ ہے کہ اگر دِل سے دینِ یہودی کی اِس وجہ سے قسم کھائی کہ اس دین کو معظم سمجھتا ہے، اِس صورت میں تو بلاشبہ کافر ہوجائے گا، اور اگر اس دین کو اچھا نہیں سمجھتا مگر غفلت یا جہالت کی بناء پر دینِ یہودی کی قسم کھائی ہے تو کافر تو نہیں ہوگا مگر کلمۂ کفر بولنے کی وجہ سے سخت گنہگار ہوگا۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد: "فهو كما قال" پہلی صورت پر محمول ہے، یعنی جبکہ دِل سے وہ دینِ یہودی کو معظم سمجھتا ہو۔

اور اگر یمین بطریق التعلیق کی تو دیکھا جائے گا کہ جھوٹی قسم کھاتے وقت اُس کا ارادہ یہودی بن جانے کا تھا یا نہیں؟ اگر تھا تو کافر ہوجائے گا، کیونکہ ارادۂ کفر بھی کفر ہے، اور اگر ارادہ نہیں کیا بلکہ مذہب یہودیت سے بچنے کے ارادے سے یہ قسم کھائی تھی تو کافر نہ ہوگا لیکن ایسا حلف کرنا پھر بھی ایک قول میں حرام اور قولِ مشہور کے مطابق مکروہ ہے۔[1] پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد: "فهو كما قال" ارادے کی صورت پر محمول ہے۔

قوله: "كَاذِبًا" (ص:۷۲ سطر:۵)

یہ قید احترازی نہیں بلکہ واقعی ہے، جبکہ یمین اداۃِ قسم کے ساتھ ہو، کیونکہ یہودی مذہب کی قسم کھانا اُس کو تعظیم کہنے کے مترادف ہے، اور یہودی مذہب کو تعظیم کہنا کذب ہی ہے، خواہ عقیدہ تعظیم کا ہو یا نہ ہو، (فتح الملهم عن النووی)۔[2]

اور جب یمین بہ صورتِ تعلیق ہو تو "كاذبًا" قید احترازی ہوگی کیونکہ جب جھوٹی قسم

---

(۱) فتح الباری، کتاب الأيمان والنذور، باب من حلف بملة سوى ملة الاسلام، ج:۱۱ ص:۵۳۹، تحت الحديث رقم: ۶۶۵۲ وفتح الملهم ج:۲ ص:۱۵۵۔

(۲) شرح النووی ج:۱ ص:۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کھائے اور ارادہ یہودی ہونے کا ہو تو وہ کافر ہو جاتا ہے، اور اگر قسم جھوٹی نہیں یا جھوٹی تو ہے مگر ارادہ کافر ہونے کا نہیں تو کافر نہیں ہوتا۔

وفی الدر المختار: "فاسق تاب وقال ان رجعت الٰی ذٰلک فأشهدوا علیه أنه رافضی فرجع لا یکون رافضیًا بل عاصیًا، ولو قال انْ رجعت فهو کافر فرجع تلزمهٗ کفارة یمین. قال الشامی تحتهٗ: أشار (أی صاحب الدر المختار) الٰی أنه لا یصیر کافرًا برجوعهٖ لٰکن هٰذا اذا علم أنه برجوعهٖ لا یصیر کافرًا والا کفر لرضاه بالکفر کما مرّ فی محلّهٖ." اھ[1]

قوله: "لَیْسَ عَلٰی رَجُلٍ نَذْرٌ فِیْ شَیْءٍ لا یَمْلِکُهٗ" (ص:۷۲ سطر:۶)

گویا حلوائی کی دُکان پر نانا جی کی فاتحہ نہیں دلائی جا سکتی، یعنی دوسرے کی چیز کو صدقہ کرنے کی نذر منعقد نہیں ہوتی، اس کا ایفاء واجب نہیں ہوتا۔ البتہ اگر مِلک یا سببِ مِلک کی طرف نسبت کر کے نذر کی، مثلاً کہا: "انْ ملکتُ" یا "انِ اشتریت هٰذا العبد فعلیّ عِتقهٗ" او "انِ اشتریت هٰذا الکتاب فعلیّ صدقتهٗ" تو نذر منعقد ہو جائے گی۔ اگرچہ امام شافعیؒ کے نزدیک اس صورت میں بھی نذر کا ایفاء واجب نہیں۔[2]

۲۹۹- "حَدَّثَنِی أَبُوْ غَسَّانَ الْمِسْمَعِیُّ ... (الیٰ قوله)... عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاکِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَیْسَ عَلٰی رَجُلٍ نَذْرٌ فِیْمَا لاَ یَمْلِکُ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ کَقَتْلِهٖ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَیْءٍ فِی الدُّنْیَا عُذِّبَ بِهٖ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَمَنِ ادَّعَی دَعْوَی کَاذِبَةً لِیَتَکَثَّرَ بِهَا لَمْ یَزِدْهُ اللّٰهُ إِلَّا قِلَّةً، وَمَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنِ صَبْرٍ فَاجِرَةٍ." (ص:۷۲ سطر:۶ تا ۸)

قوله: "لَعْنُ الْمُؤْمِنِ کَقَتْلِهٖ" (ص:۷۲ سطر:۷)

لعنت، قتل کرنے کے مشابہ ہے،[3] اگرچہ دونوں کی سزا مختلف ہے، لیکن حرام ہونے میں دونوں مشترک ہیں۔

---

(۱) الدر المختار مع شرحه ردالمحتار، کتاب الحدود، باب التعزیر ج:۴ ص:۷۱ (من الأستاذ حفظهم الله)۔

(۲) اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۸۹۔

(۳) اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۹۱: الظاهر من الحدیث تَشبیهٌ فی الاثم وهو تشبیه واقع لأنّ اللعنة قطع عن الرحمة والموت قطع عن التصرف۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "لَمْ يَزِدْهُ اللّٰهُ إِلَّا قِلَّةً" (ص:۷۲ سطر:۸)

یعنی قلت میں اضافہ ہوگا، کثرت میں اضافہ نہیں ہوگا۔

سوال:- بعض دفعہ آدمی جھوٹے دعویٰ کے ذریعہ زمین وغیرہ حاصل کرلیتا ہے، اس سے تو کثرت حاصل ہوگئی؟

جواب:- کثرت سے مراد ہے برکت، دنیا میں بھی برکت نہیں ہوگی اور آخرت میں تو عذاب ہی عذاب ہے۔

قوله: "وَمَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ فَاجِرَةٍ" (ص:۷۲ سطر:۸)

مراد ہے جھوٹی قسم جس کے ذریعہ دوسرے کا مال اپنے پاس روک لیا جائے۔ مثلاً ایک آدمی مجھ سے میرا بٹوا مستعار لیتا ہے، کچھ دن بعد میں نے اس سے واپسی کا مطالبہ کیا تو اُس نے کہہ دیا کہ: یہ بٹوا تو میرا ہے۔ اگر تم کہتے ہو کہ تمہارا ہے تو گواہ لاؤ۔ لیکن میرے پاس گواہ نہیں تو ظاہر ہے اُس پر قسم آئے گی، وہ جھوٹی قسم کھالیتا ہے کہ یہ بٹوا اُس کا ہے، اور اس جھوٹی قسم کے ذریعہ میرا بٹوا ہتھیالیا، اِسی کو حدیث میں "یمین صبر فاجرة" فرمایا گیا۔

صبر کے معنی ہیں روکنا، اور یمین صبر فاجرة روکنے والی جھوٹی قسم۔[1] یعنی منکر کی وہ یمینِ کاذب کہ مدعی کا بیّنہ نہ ہونے کی صورت میں جس کی وجہ سے وہ مدعی کے مال کو اپنے پاس روک لیتا ہے۔

یہاں جزاء محذوف ہے، اس کی جزاء وہی ہے جو پچھلے جملے میں بیان ہوئی، یعنی لم یزده الله الّا قلّة.

۳۰۱- "وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ ......(الٰی قوله) ......عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: شَهِدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا، فَقَالَ لِرَجُلٍ مِمَّنْ يُدْعٰى بِالْإِسْلَامِ: هٰذَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَلَمَّا حَضَرْنَا الْقِتَالَ قَاتَلَ الرَّجُلُ قِتَالًا شَدِيْدًا فَأَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ. فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! الرَّجُلُ الَّذِيْ قُلْتَ لَهُ آنِفًا: إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ. فَإِنَّهُ قَاتَلَ الْيَوْمَ قِتَالًا شَدِيْدًا، وَقَدْ مَاتَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِلَى النَّارِ. فَكَادَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ أَنْ يَرْتَابَ. فَبَيْنَمَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ إِذْ قِيْلَ: إِنَّهُ

(۱) غريب الحديث لأبي عبيد ج:۱ ص:۲۵۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لَـمْ يَـمُـتْ، وَلٰـكِنَّ بِهٖ جِرَاحًا شَدِيْدًا. فَلَمَّا كَانَ مِنَ اللَّيْلِ لَمْ يَصْبِرْ عَلَى الْجِرَاحِ فَـقَـتَـلَ نَفْسَـهُ، فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ بِذٰلِكَ فَقَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنِّـي عَبْـدُ الـلّٰـهِ وَرَسُـوْلُـهُ. ثُمَّ أَمَرَ بِلاَلاً فَنَادَى فِي النَّاسِ: إِنَّهُ لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلاَّ نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ ،وَإِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ." (ص:۷۲ سطر:۱۱ تا۱۶)

قوله: "حُنَيْنًا" (ص:۷۲ سطر:۱۳)

قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ: وقد رواه الذهلی "خيبر" وهو الصواب.[1]

قوله: "مِمَّنْ يُدْعٰى بِالإِسْلاَمِ" (ص:۷۲ سطر:۱۳)

یعنی اُن لوگوں میں سے تھا جن کو مسلمان کہا جاتا تھا۔

قوله: "إِلَى النَّارِ" (ص:۷۲ سطر:۱۴) أی انتقل الٰی النار.

قوله: "فَكَادَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ أَنْ يَرْتَابَ" (ص:۷۲ سطر:۱۴)

یعنی بعض مسلمانوں کو وسوسہ آنے لگا کہ شاید اسلامی تعلیمات میں تعارض ہے، کیونکہ متعدد نصوص میں شہید کو جنت کی بشارت دی گئی ہے اور یہاں اس کے لئے فرمایا جارہا ہے "الی النار".

قوله: "فَقَتَلَ نَفْسَهُ" (ص:۷۲ سطر:۱۵) خودکشی کرلی۔

قوله: "لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلاَّ نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ" (ص:۷۲ سطر:۱۵، ۱۶)

حدیث کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص منافق تھا، واللہ اعلم۔

قوله: "بِـالـرَّجُلِ الْـفَـاجِـرِ" (ص:۷۲ سطر:۱۶) الفاجر عام ہے خواہ مسلمان ہو یا کافر۔

۳۰۲- "حَـدَّثَـنَـا قُتَيْبَةُ بْنُ سَـعِيْدٍ ... (الٰی قوله)... عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّـاعِـدِيِّ أَنَّ رَسُـوْلَ الـلّٰـهِ صَـلَـى الـلّٰـهُ عَلَيْـهِ وسَلَّمَ الْتَقٰى هُوَ وَالْمُشْرِكُوْنَ فَـاقْتَتَـلُـوْا. فَلَـمَّـا مَـالَ رَسُـوْلُ الـلّٰـهِ صَـلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ إِلٰى عَسْكَرِهٖ وَمَالَ الآخَرُوْنَ إِلٰى عَسْكَرِهِمْ ،وَفِيْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ رَجُلٌ لاَ يَـدَعُ لَهُـمْ شَـاذَّةً إِلاَّ اتَّبَعَهَا يَضْرِبُهَا بِسَيْفِهٖ .فَقَالُوْا: مَا أَجْزَأَ مِنَّا الْيَوْمَ أَحَدٌ كَمَا

(۱) اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۹۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

أَجْزَأَ فُلانٌ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ : أَمَا إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ . فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَنَا صَاحِبُهُ أَبَدًا. قَالَ: فَخَرَجَ مَعَهُ ، كُلَّمَا وَقَفَ وَقَفَ مَعَهُ وَإِذَا أَسْرَعَ أَسْرَعَ مَعَهُ، قَالَ: فَجُرِحَ الرَّجُلُ جُرْحًا شَدِيْدًا، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ،فَوَضَعَ نَصْلَ سَيْفِهِ بِالْأَرْضِ وَذُبَابَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ تَحَامَلَ عَلٰى سَيْفِهِ فَقَتَلَ نَفْسَهُ .فَخَرَجَ الرَّجُلُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ فَقَالَ:أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ.قَالَ:وَمَا ذَاكَ. قَالَ:الرَّجُلُ الَّذِيْ ذَكَرْتَ آنِفًا أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ. فَأَعْظَمَ النَّاسُ ذٰلِكَ.فَقُلْتُ:أَنَا لَكُمْ بِهٖ، فَخَرَجْتُ فِي طَلَبِهِ حَتّٰى جُرِحَ جُرْحًا شَدِيْدًا، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَوَضَعَ نَصْلَ سَيْفِهِ بِالْأَرْضِ وَذُبَابَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ تَحَامَلَ عَلَيْهِ فَقَتَلَ نَفْسَهُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ : إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ ." (ص:۷۲ سطر:۱۶ تا ۲۲)

قوله: "وَمَالَ الْآخَرُوْنَ" (ص:۷۲ سطر:۱۷) اس سے مشرکین مراد ہیں۔

قوله:"نَصْلَ سَيْفِهٖ" أى حديدة السيف، (فتح الملهم).(۱)

قوله:"ذُبَابَهٗ" (ص:۷۲ سطر:۱۹) تلوار کی نوک (فتح الملهم)۔(۲)

قوله:"تَحَامَلَ" (ص:۷۲ سطر:۱۹) اپنا بوجھ اُس پر ڈال دیا۔

قوله:"وَهُوَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ" (ص:۷۲ سطر:۲۲) نتیجہ کے اعتبار سے وہ جہنمی ہے۔

۳۰۳- "حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ ......(الٰى قوله)......قَالَ :نَا شَيْبَانُ قَالَ:سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ: إِنَّ رَجُلاً مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ خَرَجَتْ بِهٖ قَرْحَةٌ ،فَلَمَّا آذَتْهُ انْتَزَعَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهٖ، فَنَكَأَهَا، فَلَمْ يَرْقَإِ الدَّمُ حَتّٰى مَاتَ، قَالَ رَبُّكُمْ: قَدْ حَرَّمْتُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ ،ثُمَّ مَدَّ يَدَهُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَقَالَ: إِيْ وَاللّٰهِ، لَقَدْ حَدَّثَنِي بِهٰذَا الْحَدِيْثِ جُنْدَبٌ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ."

(ص:۷۲ سطر:۲۲ تا ۲۴)

(۱و۲) ج:۱ ص:۱۶۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "قَرْحَةٌ" (ص:۲:۷ سطر:۲۳) بفتح الخاء وسكون الراء، دانہ، پھوڑا، پھنسی (فتح الملہم)۔[۱]

قوله: "مِنْ كِنَانَتِهِ" (ص:۲:۷ سطر:۲۳) اپنے ترکش سے۔

قوله: "فَنَكَأَهَا" (ص:۲:۷ سطر:۲۳) پس اس پھوڑے یا دانہ کو چیر دیا۔[۲]

قوله: "فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ" (ص:۲:۷ سطر:۲۴) یہ مسجد بصرہ میں تھی۔[۳]

۳۰۴- "وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِى بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيّ...... (الٰى قوله)...... حَدَّثَنَا جُنْدَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ، فَمَا نَسِيْنَا ،وَمَا نَخْشٰى أَنْ يَّكُوْنَ جُنْدَبٌ كَذَبَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: خَرَجَ بِرَجُلٍ فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ خُرَاجٌ . فَذَكَرَ نَحْوَهُ."

(ص:۲:۷ سطر:۲۴ تا ۲۶)

قوله : "خُرَاجٌ" (ص:۲:۷ سطر:آخر) بضم الخاء المعجمة وتخفيف الراء، اٰخرهٗ جيم، هو الْقَرْحَةُ. قال الحافظ رحمه الله: هٰذا تصحيف، والصحيح جِراحٌ بكسر الجيم وتخفيف الراء، اٰخرهٗ حاء. كما هو عند البخارى فى الجنائز. (فتح الملہم)۔[۴]

باب تحريم الغلول .... الخ

۳۰۵- "حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ ... (الٰى قوله) ...عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ أَقْبَلَ نَفَرٌ مِنْ صَحَابَةِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ، فَقَالُوْا :فُلاَنٌ شَهِيْدٌ، فُلاَنٌ شَهِيدٌ حَتّٰى مَرُّوْا عَلٰى رَجُلٍ فَقَالُوْا: فُلاَنٌ شَهِيْدٌ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ :كَلاَّ إِنِّيْ رَأَيْتُهُ فِى النَّارِ فِيْ بُرْدَةٍ غَلَّهَا ،أَوْ عَبَاءَةٍ .ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! اذْهَبْ فَنَادِ فِى النَّاسِ إِنَّهُ لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلاَّ الْمُؤْمِنُوْنَ .

---

(۱) ج:۲ ص:۱۶۱۔

(۲) فتح الملہم ج:۲ ص:۱۶۲ فى هٰذا المسجد .... الخ: هو مسجد البصرة.

(۳) فتح الملہم ج:۲ ص:۱۶۳۔

(۴) فتح الملہم ج:۲ ص:۱۶۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَالَ:فَخَرَجْتُ فَنَادَيْتُ: أَلاَ إِنَّهُ لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلاَّ الْمُؤْمِنُوْنَ ." (ص:۷۴ سطر:۱ تا ۴)

قوله: "فِيْ بُرْدَةٍ" (ص:۷۴ سطر:۳) "فی" سببیہ ہے، ای بسبب بُردة. یعنی چادر کی وجہ سے۔

۳۰۶- "حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ... (الیٰ قوله)...عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ إِلٰى خَيْبَرَ. فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْنَا ،فَلَمْ نَغْنَمْ ذَهَبًا وَلاَ وَرِقًا، غَنِمْنَا الْمَتَاعَ، وَالطَّعَامَ ،وَالثِّيَابَ، ثُمَّ انْطَلَقْنَا إِلَى الْوَادِيْ وَمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ عَبْدٌ لَهُ وَهَبَهُ لَهُ رَجُلٌ مِنْ جُذَامٍ يُدْعَى رِفَاعَةَ بْنَ زَيْدٍ مِنْ بَنِي الضُّبَيْبِ. فَلَمَّا نَزَلْنَا الْوَادِيَ قَامَ عَبْدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَحُلُّ رَحْلَهُ فَرُمِيَ بِسَهْمٍ، فَكَانَ فِيْهِ حَتْفُهُ. فَقُلْنَا هَنِيْئًا لَهُ الشَّهَادَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ :كَلَّا وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ إِنَّ الشَّمْلَةَ لَتَلْتَهِبُ عَلَيْهِ نَارًا ،أَخَذَهَا مِنَ الْغَنَائِمِ يَوْمَ خَيْبَرَ، لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ . قَالَ فَفَزِعَ النَّاسُ. فَجَاءَ رَجُلٌ بِشِرَاكٍ أَوْ شِرَاكَيْنِ. فَقَالَ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَصَبْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: شِرَاكٌ مِنْ نَارٍ أَوْ شِرَاكَانِ مِنْ نَارٍ ." (ص:۷۴ سطر:۴ تا ۸)

قوله: "هَنِيْئًا لَهُ الشَّهَادَةُ" (ص:۷۴ سطر:۷)

کیونکہ سفر میں موت شہادت ہے، اور یہ تو سفرِ جہاد تھا اور موت دُشمن کے تیر سے ہوئی تھی، یہ سارے اسباب شہادت کے تھے۔

قوله: "الشَّمْلَةَ" (ص:۷۴ سطر:۷) شال، چادر۔

قوله: "لَتَلْتَهِبُ عَلَيْهِ نَارًا" (ص:۷۴ سطر:۷) آگ بن کر بھڑک رہی ہے۔

قوله: "شِرَاكٌ مِنْ نَارٍ أَوْ شِرَاكَانِ" (ص:۷۴ سطر:۸) چپل کی ایک پٹی لایا تھا یا دو پٹیاں۔ راوی کو شک ہے۔

باب الدليل علٰى أنّ قاتل نفسه لا يكفر

۳۰۷- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ ... (الیٰ قوله) ... عَنْ جَابِرٍ أَنَّ الطُّفَيْلَ بْنَ عَمْرٍو الدَّوْسِيَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ!

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

هَلْ لَکَ فِي حِصْنٍ حَصِيْنٍ وَمَنَعَةٍ؟ قَالَ: حِصْنٌ كَانَ لِدَوْسٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَبَى ذٰلِكَ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ، لِلَّذِیْ ذَخَرَ اللّٰهُ لِلْأَنْصَارِ. فَلَمَّا هَاجَرَ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ هَاجَرَ إِلَيْهِ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو وَهَاجَرَ مَعَهُ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ، فَاجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ، فَمَرِضَ، فَجَزِعَ، فَأَخَذَ مَشَاقِصَ لَهُ، فَقَطَعَ بِهَا بَرَاجِمَهُ، فَشَخَبَتْ يَدَاهُ حَتّٰى مَاتَ. فَرَآهُ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو فِيْ مَنَامِهِ، فَرَآهُ وَهَيْئَتُهُ حَسَنَةٌ وَرَآهُ مُغَطِّيًا يَدَيْهِ، فَقَالَ لَهُ: مَا صَنَعَ بِكَ رَبُّكَ؟ فَقَالَ: غَفَرَ لِيْ بِهِجْرَتِيْ إِلٰى نَبِيِّهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا لِيْ أَرَاكَ مُغَطِّيًا يَدَيْكَ؟ قَالَ: قِيْلَ لِيْ: لَنْ نُصْلِحَ مِنْكَ مَا أَفْسَدْتَ. فَقَصَّهَا الطُّفَيْلُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ وَلِيَدَيْهِ فَاغْفِرْ" (ص:۷۴ سطر:۹ تا ۱۳)

قوله: "أَتَى النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ" (ص:۷۴ سطر:۱۰)

یہ ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ کا واقعہ ہے۔

قوله: "هَلْ لَكَ فِي حِصْنٍ حَصِيْنٍ؟" (ص:۷۴ سطر:۱۰)

أی هل لک رغبة فی حصن حصين؟ حِصن بمعنیٰ قلعہ اور حصین محفوظ، یعنی کیا محفوظ قلعہ کی طرف آپ کو رغبت ہے؟

قوله: "مَنَعَةٍ" (ص:۷۴ سطر:۱۰) "مانع" کی جمع ہے، حفاظت کرنے والی جماعت۔

قوله: "فَاجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ" (ص:۷۴ سطر:۱۱)

دوسرے واؤ پر ضمہ ہے، جمع کا صیغہ ہے، (نوویؒ)[1] ترجمہ یہ ہے کہ ان لوگوں نے مدینہ کی فضا کو ناموافق پایا، آب وہوا کو ناموافق پانے کے لئے "اجتواء" کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔

قوله: "مَشَاقِصَ" (ص:۷۴ سطر:۱۱)

یہ مِشقص کی جمع ہے بمعنی قینچی، چونکہ قینچی کے ایک سے زیادہ پھلکے ہوتے ہیں، اس لئے جمع کا صیغہ استعمال کیا جاتا ہے۔

(۱) شرح النوویؒ ج:۱ ص:۷۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "بَرَاجِمَهُ" (ص:۴۷ سطر:۱۱)

البُرْجُمَةُ واحدة البراجم، یعنی انگلیوں کے پوروں کے جوڑ۔ (۱)

قولہ: "اَللّٰهُمَّ وَلِيَدَيْهِ فَاغْفِرْ" (ص:۴۷ سطر:۱۳)

واوٗ عاطفہ ہے، مطلب یہ ہے کہ اے اللہ! آپ نے اس کے باقی جسم کی مغفرت تو فرمادی ہے اور اب اس کے ہاتھ کی بھی مغفرت فرمادیجئے۔ اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ خودکشی کرنے والا مخلّد فی النّار نہیں ہوتا۔ اس میں رَدّ ہے معتزلہ اور خوارج پر جو مرتکبِ کبیرہ کو مخلد فی النار کہتے ہیں، اور یہ واقعہ مرجئہ پر بھی حجت ہے جو کہتے ہیں کہ معاصی مؤمن کے لئے مضر نہیں کیونکہ اس شخص کے ہاتھوں پر عذاب ہونے کی صراحت ہے (نوویؒ)۔ (۲)

سوال:- خواب تو شرعی حجت نہیں، پھر اس کو کیسے معتبر قرار دیا گیا؟

جواب:- ویسے تو خواب حجتِ شرعیہ نہیں، لیکن یہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریر کی وجہ سے حجت بن گیا۔

باب الريح التی تكون فی قرب القيامة .... الخ

۳۰۸- "حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ وَأَبُوْ عَلْقَمَةَ الفَرْوِى... (الٰی قوله) ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ رِيْحًا مِنَ الْيَمَنِ، أَلْيَنَ مِنَ الْحَرِيْرِ، فَلاَ تَدَعُ أَحَدًا فِيْ قَلْبِهِ، قَالَ أَبُوْ عَلْقَمَةَ: مِثْقَالُ حَبَّةٍ. وَقَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ: مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ إِيْمَانٍ إِلاَّ قَبَضَتْهُ." (۳) (ص:۷۵ سطر:۱،۲)

قولہ: "إِلاَّ قَبَضَتْهُ" (ص:۷۵ سطر:۲)

یہ اللہ ربّ العزت کا اہلِ ایمان پر خصوصی انعام ہوگا کہ اس ریشم جیسی نرم لطیف ہوا کے ذریعہ ان کی رُوحیں قبض فرمالیں گے تاکہ یہ قیامت کی ہولناکیوں سے بچ جائیں۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے موقوفاً مروی ہے کہ اِس واقعہ اور قیامت کے درمیان

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۱۶۷ (من الأستاذ حفظهم الله) وشرح النوويؒ ج:۱ ص:۷۴۔

(۲) وشرح النوويؒ علىٰ صحيح مسلم ج:۱ ص:۷۴۔

(۳) آگے باب ذهاب الإيمان فی آخر الزمان میں ایک حدیث تقریباً اسی مضمون کی آئے گی، وہاں اس حدیث سے متعلق بھی کچھ مزید عرض کیا گیا ہے۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سو سال کا فاصلہ ہوگا۔ (ضمیمہ "التصریح بما تواتر فی نزول المسیح")۔[۱]

باب الحث على المبادرة بالأعمال قبل تظاهر الفتن

۳۰۹- "حَدَّثَنِي يَحْيٰى بْنُ أَيُّوبَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ؛ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، أَوْ يُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا ،يَبِيْعُ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا." (ص:۷۵ سطر:۲ تا ۴)

قوله: "كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ" (ص:۷۵ سطر:۳،۴)

جس طرح سخت اندھیری رات میں اچھی اور بُری، نافع اور مضر چیز کے درمیان فرق کرنا مشکل ہو جاتا ہے، اسی طرح ان فتنوں میں بھی پتہ لگانا دُشوار ہوگا کہ حق کس طرف ہے اور باطل کس طرف؟ اور فتنوں کے زمانہ میں اوّل تو بہت سے اعمال کا موقع ہی نہیں ملتا اور اگر مل بھی جائے تو بعض اعمال کے بارے میں تردد ہوتا ہے کہ صحیح کر رہا ہوں یا غلط؟

قوله: "أَوْ يُمْسِي مُؤْمِنًا ...الخ" (ص:۷۵ سطر:۴)

هٰذا شكٌّ مِن الراوی، (فتح الملهم)۔

قوله: "يَبِيْعُ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا" (ص:۷۵ سطر:۴)

دین فروشی کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں:-

۱- مال وغیرہ لے کر اپنے دین کو چھوڑ دے اور باطل مذہب کو قبول کر لے۔ اس صورت میں تو وہ کافر ہو جائے گا۔

۲- ایمان کو باقی رکھ کر اعمالِ دین کو فروخت کر دے، مثلاً رشوت لے کر کوئی ناجائز کام کرے، اِس صورت میں کافر تو نہ ہوگا مگر حرام کا مرتکب اور سخت گنہگار ہوگا۔

باب مخافة المؤمن أن يُّحبَطَ عملُه .... الخ

۳۱۰- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ أَنَسِ بْنِ

(۱) ص:۲۹۶، وانظر أيضًا: كتاب الفتن لنعيم بن حماد ج:۲ ص:۶۰۰، رقم الحديث: ۱۶۵۸.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مَالِكٍ، أَنَّهُ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لاَ تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ. جَلَسَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ فِيْ بَيْتِهِ وَقَالَ: أَنَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ. وَاحْتَبَسَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَسَأَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ فَقَالَ: يَا أَبَا عَمْرٍو! مَا شَأْنُ ثَابِتٍ أَشْتَكٰى؟ قَالَ سَعْدٌ: إِنَّهُ لَجَارِيْ، وَمَا عَلِمْتُ لَهُ بِشَكْوٰى. قَالَ: فَأَتَاهُ سَعْدٌ فَذَكَرَ لَهُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَقَالَ ثَابِتٌ: أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ وَلَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّيْ مِنْ أَرْفَعِكُمْ صَوْتًا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَأَنَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ. فَذَكَرَ ذٰلِكَ سَعْدٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: بَلْ هُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ." (ص:۵۷ سطر:۴ تا ۸)

قوله: "وَقَالَ: أَنَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ" (ص:۵۷ سطر:۵)

اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:-

۱- سابقہ رفعِ صوت کی وجہ سے اہلِ نار میں سے ہو گیا ہوں، کیونکہ میرے اعمال حبط (کالعدم) ہو گئے۔

۲- اگر میں آئندہ بلند آواز سے بولا تو میرے اعمال حبط ہو جائیں گے، اور میں اہلِ نار میں سے ہو جاؤں گا۔

قوله: "أَشْتَكٰى؟" (ص:۵۷ سطر:۶)

اصل میں أَاِشْتَکٰی تھا، بابِ افتعال کا ہمزۂ وصل وجوباً ساقط ہو گیا اور ہمزۂ استفہام باقی رہا، مطلب یہ ہے کہ "کیا وہ بیمار ہو گیا ہے؟"

معلوم ہوا کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرامؓ کا تفقد فرماتے تھے، یہ محبت و شفقت کا تقاضا بھی ہے اور انتظام کا بھی، اِس سے طلبہ کی حاضری جو درس میں لی جاتی ہے، اِس کی اصل بھی معلوم ہوئی۔

قوله: "بَلْ هُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ" (ص:۵۷ سطر:۸)

دیکھیں! خشیت کی وجہ سے کتنی بڑی دولت ملی کہ دُنیا ہی میں جنت کی بشارت مل گئی، اِس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مؤاخذہ اُمورِ اختیاریہ پر ہوتا ہے، غیرِ اختیاریہ پر نہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب هل يؤاخذ بأعمالِ الجاهلية؟

۳۱٤ – "حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ أُنَاسٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنُؤَاخَذُ بِمَا عَمِلْنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ؟ قَالَ: أَمَّا مَنْ أَحْسَنَ مِنْكُمْ فِي الإِسْلَامِ فَلاَ يُؤَاخَذُ بِهَا، وَمَنْ أَسَاءَ أُخِذَ بِعَمَلِهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَالإِسْلَامِ." (ص:۷۵ سطر:۱۲، ۱۳)

قوله: "وَمَنْ أَسَاءَ أُخِذَ بِعَمَلِهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَالإِسْلَامِ" (ص:۷۵ سطر:۱۳)

سوال:- اِس کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر قبولِ اسلام کے بعد اعمال اچھے نہ ہوئے تو زمانہ قبل از اسلام کے گناہوں کی سزا بھی ملے گی، حالانکہ دوسری روایت میں ہے (جو اگلے صفحے پر آرہی ہے) "ان الاسلام یھدم ما کان قبلہٗ" تو بظاہر اِن دونوں میں تعارض ہے۔

جواب:- حدیثِ مذکور میں "احسان" سے اخلاص اور "اساءۃ" سے نفاق مراد ہے، یعنی اگر دِل سے اسلام لایا تھا تو پچھلے اعمال کا مؤاخذہ نہ ہوگا، اور اگر دِل میں ایمان نہیں، منافقانہ طور پر ایمان ظاہر کیا تھا تو دونوں زمانوں کے اعمال کا مؤاخذہ ہوگا، فلا تعارض۔[1] اس تعارض کے دُوسرے جوابات بھی فتح الملھم میں نقل کئے گئے ہیں، لیکن شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا رُجحان اسی جواب کی طرف معلوم ہوتا ہے جو یہاں نقل کیا گیا،[2] بندۂ ناچیز کو بھی یہی جواب سب سے زیادہ راجح اور اَسلم نظر آتا ہے، واللہ اعلم۔

باب کون الإسلام یھدم ما کان قبلہٗ .... الخ

۳۱۷ – "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى الْعَنَزِيّ... (الٰی قوله) ... عَنِ ابْنِ شُمَاسَةَ الْمَهْرِيِّ، قَالَ: حَضَرْنَا عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ وَهُوَ فِي سِيَاقَةِ الْمَوْتِ. يَبْكِي طَوِيْلاً وَحَوَّلَ وَجْهَهُ إِلَى الْجِدَارِ. فَجَعَلَ ابْنُهُ يَقُوْلُ: يَا أَبَتَاهُ! أَمَا بَشَّرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ بِكَذَا؟ أَمَا بَشَّرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ

(۱) اس مسئلے کی مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: فتح الباری، کتاب استتابۃ المرتدین، باب اثم من أشرک باللّٰہ وعقوبتہٗ فی الدنیا والآخرۃ، تحت الحدیث رقم: ۶۹۲۱۔

(۲) فتح الملھم ج:۲ ص:۱۷۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بِكَذَا؟ قَالَ: فَأَقْبَلَ بِوَجْهِهِ. فَقَالَ: إِنَّ أَفْضَلَ مَا نُعِدُّ شَهَادَةُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، إِنِّيْ قَدْ كُنْتُ عَلٰى أَطْبَاقٍ ثَلاَثٍ، لَقَدْ رَأَيْتُنِيْ وَمَا أَحَدٌ أَشَدَّ بُغْضًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّيْ، وَلاَ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أَكُوْنَ قَدِ اسْتَمْكَنْتُ مِنْهُ فَقَتَلْتُهُ مِنْهُ، فَلَوْ مُتُّ عَلٰى تِلْكَ الْحَالِ لَكُنْتُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَلَمَّا جَعَلَ اللّٰهُ الإِسْلاَمَ فِيْ قَلْبِيْ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: ابْسُطْ يَمِيْنَكَ فَلْأُبَايِعْكَ. فَبَسَطَ يَمِيْنَهُ. قَالَ: فَقَبَضْتُ يَدِيْ. قَالَ: مَا لَكَ يَا عَمْرُو؟ قَالَ: قُلْتُ: أَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِطَ. قَالَ: تَشْتَرِطُ بِمَاذَا؟ قُلْتُ: أَنْ يُغْفَرَ لِيْ. قَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الإِسْلاَمَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ؟ وَأَنَّ الْهِجْرَةَ تَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهَا؟ وَأَنَّ الْحَجَّ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَه؟ وَمَا كَانَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلاَ أَجَلَّ فِيْ عَيْنِيْ مِنْهُ، وَمَا كُنْتُ أُطِيْقُ أَنْ أَمْلأَ عَيْنَيَّ مِنْهُ إِجْلاَلاً لَهُ، وَلَوْ سُئِلْتُ أَنْ أَصِفَهُ مَا أَطَقْتُ، لِأَنِّيْ لَمْ أَكُنْ أَمْلأُ عَيْنَيَّ مِنْهُ، وَلَوْ مُتُّ عَلٰى تِلْكَ الْحَالِ لَرَجَوْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ وَلِيْنَا أَشْيَاءَ مَا أَدْرِيْ مَا حَالِيْ فِيْهَا. فَإِذَا أَنَا مُتُّ، فَلاَ تَصْحَبْنِيْ نَائِحَةٌ وَلاَ نَارٌ، فَإِذَا دَفَنْتُمُوْنِيْ فَسُنُّوْا عَلَيَّ التُّرَابَ سَنًّا. ثُمَّ أَقِيْمُوْا حَوْلَ قَبْرِيْ قَدْرَ مَا تُنْحَرُ جَزُوْرٌ، وَيُقْسَمُ لَحْمُهَا، حَتّٰى أَسْتَأْنِسَ بِكُمْ. وَأَنْظُرَ مَاذَا أُرَاجِعُ بِهِ رُسُلَ رَبِّيْ." (ص:۷۶ سطر:۱ تا ۹)

قوله: "وَهُوَ فِيْ سِيَاقَةِ الْمَوْتِ" (ص:۷۶ سطر:۲)

بکسر السین، أی حالِ حضور الموت۔ (۱)

قوله: "يَبْكِيْ طَوِيْلًا" (ص:۷۶ سطر:۲) أی یبکی زمانًا طویلًا۔

قوله: "يَا أَبَتَاهُ!" (ص:۷۶ سطر:۳)

اصل میں یآ ابتِ تھا، آخر میں الف ندبہ کا اور "ہ" برائے وقف کا اضافہ کیا ہے۔

اس روایت میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کم از کم دو بشارتوں کا ذکر ہے، ہوسکتا ہے کہ صاحبزادے نے اور بشارتیں بھی بیان کی ہوں، بعد کے راوی نے ان کو ذکر نہ کیا ہو۔

(۱) فتح الملہم ج:۲ ص:۱۷۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فائدہ:- حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا شمار جلیل القدر صحابہ کرامؓ میں ہے، انتہائی ذہین، بہادر، صائب الرائے اور انتظامی صلاحیتوں کے مالک اور صاحبِ فصاحت وبلاغت خطیب تھے، مصر کی فتح کا اعزاز بھی ان کو حاصل ہے، حضرت فاروقِ اعظم، حضرت عثمان اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہم کے دورِ خلافت میں مصر کے عامل (گورنر) رہے۔ لیکن بہت سے لوگوں نے ان کو طعن وتشنیع کا نشانہ بنایا ہے، جس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ مشاجراتِ صحابہ کے زمانے میں انہوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیا تھا، روافض نے اپنی کتب کے اندر ان پر بہت کیچڑ اُچھالا ہے۔[1] لیکن صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل و مناقب قرآنِ حکیم کی نصوص اور احادیثِ متواترہ سے ثابت ہیں، لہٰذا ان کی عظمت وعقیدت اور ان کے عدول ہونے کا نظریہ ہمارے عقیدہ کا جزو ہے، اور یہ ضابطہ ہے کہ عقائد کے اندر نصوصِ قرآنیہ اور احادیثِ متواترہ ہی کا اعتبار ہوتا ہے، خبرِ واحد پر کسی عقیدے کی بنیاد نہیں رکھی جاسکتی، تو جب عقائد کے مسئلہ میں خبرِ واحد کا حکم یہ ہے تو تاریخی روایات جن کی بناء پر ان کو طعن وتشنیع کا نشانہ بنایا گیا، حالانکہ اُن میں احادیث کی طرح اسناد کی کڑی شرائط کا وجود نہیں، اُن پر عقائد کی بنیاد کیسے رکھی جاسکتی ہے؟

قولہ: "أَطْبَاقٍ ثَلاثٍ" (ص:۷۶ سطر:۴) یعنی میری زندگی تین اَدوار یا تین احوال پر مشتمل تھی۔

قولہ: "فَقَتَلْتُهُ مِنْهُ" (ص:۷۶ سطر:۴)

بعض نسخوں میں "مِنه" کا لفظ نہیں ہے، ہمارے نسخے میں "مِنه" کو "اَحَبَّ" کا متعلق بنایا جائے گا، "مِن" تفضیلیہ کی وجہ سے۔ اور اس سے پہلے جو لفظ "مِنْهُ" آیا ہے وہ "قَد اسْتَمْكَنْتُ" کے صلہ میں ہے۔

قولہ: "أَنَّ الإِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ" (ص:۷۶ سطر:۶)

قبولِ اسلام کی وجہ سے تمام چھوٹے بڑے گناہوں کے معاف ہونے میں تو کوئی شک نہیں، لیکن سارے حقوق العباد معاف نہیں ہوتے، لہٰذا اگر کسی شخص نے اسلام قبول کرنے سے

(۱) حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے حالات کے تفصیلی مطالعہ کے لئے ملاحظہ فرمائیں: سِیَر أعلام النُّبلاء ج:۲ ص:۵۴ وما بعدهٗ وطبقات ابن سعد ج:۴ ص:۲۵۴ اور ج:۷ ص:۴۹۳ وتاریخ الطبری ج:۴ ص:۵۵۸ وما بعدهٗ وشذرات الذهب ج:۱ ص:۵۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قبل کسی سے قرضہ وغیرہ لیا یا اسی طرح کے دیگر مالی حقوق اس کے ذمہ تھے تو مسلمان ہونے کے بعد ان کی ادائیگی ضروری ہوگی۔ "مـــا" سے مراد معاصی اور آثام ہیں، نہ کہ تمام حقوق العباد۔[۱] کیونکہ حقوق العباد میں کچھ تفصیل ہے، جو فتح الملہم میں دیکھی جاسکتی ہے۔

شارحین کے قول کے مطابق ہجرت اور حج سے صرف صغائر کی معافی کا وعدہ ہے، لیکن ان اعمال کی تاثیر یہ ہے کہ عموماً ان کی وجہ سے کبائر سے توبہ کی توفیق بھی ہوجاتی ہے، جس سے کبائر بھی معاف ہوجاتے ہیں، اس لئے "يهدم ما كان قبله" کو علی الاطلاق ذکر فرمایا۔

سوال:- ابنِ ماجہ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حج سے مظالم بھی معاف ہوجاتے ہیں،[۲] حالانکہ ظلم تو گناہِ کبیرہ ہے۔ اور حقوق العباد سے متعلق ہے۔

جواب نمبر۱- اس کی سند ضعیف ہے، قابلِ استدلال نہیں۔[۳]

جواب نمبر۲- اس روایت میں تاویل کا احتمال ہے کہ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں شریک تھے یا وہ مغفرت کی بشارت توبہ کے

---

(۱) ملاحظہ فرمایئے: فتح الملهم ج:۲ ص:۱۸۰، البتہ صحابہ کرامؓ کے قبل از اسلام حقوق العباد کے بارے میں علامہ ظفر احمد عثمانیؒ لکھتے ہیں: صحابہؓ میں سے قبل از اسلام جس نے مسلمانوں کے ساتھ تعدی کی تھی، چونکہ وہ اہلِ حرب تھے اور حربی، استيلاء على مال المسلم سے اس کا مالک ہوجاتا ہے اور قتلِ مسلم سے اس پر قصاص واجب نہیں ہوتا، نہ ایذاءِ مسلم سے قانوناً اس پر کوئی جرم عائد ہوتا ہے، اس لئے وہ حقوق العباد سے بری تھے، صرف حقوق اللہ یعنی ایذاءِ اولیاء اللہ وایذاءِ رسول اللہ کے مجرم تھے، وہ اسلام سے عفو ہوگیا۔ (امداد الأحکام ج:۱ ص:۲۰۵) رفیع

(۲) سنن ابن ماجة، كتاب الحج، باب الدعاء بعرفة، رقم الحديث: ۳۰۱۳. وأيضًا في سنن أبي داؤد، كتاب الأدب، باب في الرجل يقول للرجل: أضحك الله سنك.

(۳) اس روایت میں سند کا آخری حصہ اس طرح ہے: "عبدالله بن كنانة بن عباس بن مرداس السلمي أن أباه أخبره عن أبيه" اس سند کے بارے میں علامہ منذریؒ لکھتے ہیں: "قال البخاري: "كنانة: روى عن أبيه، لم يصح" وقال ابن حبان: "كنانة بن العباس بن مرداس السلمي يروي عن أبيه وروى عنه ابنه، منكر الحديث جدًا" فلا أدري التخليط في حديثه، منه أو من ابنه؟ ومن أيهما كان: فهو ساقط الاحتجاج بما روى، لعظم ما أتى من المناكير عن المشاهير." (سنن مختصر أبي داؤد للحافظ المنذري ج:۸ ص:۹۶، رقم الحدیث: ۵۰۷۱) البتہ علامہ سندھیؒ نے حاشية سنن ابن ماجة میں اس حدیث کے تحت بہت عمدہ کلام فرمایا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ روایت کسی درجے میں قابلِ استدلال ہوسکتی ہے۔ (لیکن اگر یہ حدیث قابلِ استدلال ہو تب بھی اس میں تاویل ہوگی جیسا کہ ہمارے اگلے جواب میں اور اس کے حاشیہ میں آرہا ہے۔ رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ساتھ مشروط تھی، یا ایسے مظالم مراد ہیں جن کا تدارک ممکن نہیں۔[۱]

قوله: "مَا أَدْرِىْ مَا حَالِىْ فِيْهَا" (ص:۷۶ سطر:۷)

اس سے معلوم ہوا کہ اگر ان سے کوئی خطا سرزد ہوئی بھی تھی تو وہ اجتہادی تھی، دانستہ نہ تھی۔

قوله: "فَسُنُّوا عَلَىَّ التُّرَابَ" (ص:۷۶ سطر:۷)

سَنَّ بالسین بمعنیٰ آہستہ آہستہ ڈالنا اور شنّ بالشین ایسی زور سے ڈالنا کہ وہ مٹی بکھر جائے۔

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ قبر پر آہستہ آہستہ مٹی ڈالنے کا حکم فرما رہے ہیں، معلوم ہوا کہ صاحبِ قبر کو زور سے مٹی ڈالنے سے ناگواری یا تکلیف ہوتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ میّت کے جسم کے ساتھ اُس کی رُوح کا تعلق کسی درجے میں باقی رہتا ہے۔

آگے کے جملوں سے بھی یہی بات معلوم ہو رہی ہے۔

قوله: "ثُمَّ أَقِيْمُوْا حَوْلَ قَبْرِىْ ...الخ" (ص:۷۶ سطر:۱۰) أى قارئين للقراٰن فيتنور ببركة القراٰن قبرى وما حوله فاستأنس ويسهل الجواب علىَّ، وليس المراد انى اَراكم واسمع كلامكم فاستأنس. (كذا فى الحل المفهم ج:۱ ص:۳۵ خلافًا لِمَا قاله النووىؒ: "أنَّهُ حينئذٍ يَسْمَعُ مَنْ حولَ القبر". رفيع).

۳۱۸- "حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُوْنٍ ... (الىٰ قوله)... عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ؛ أَنَّ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الشِّرْكِ قَتَلُوْا فَأَكْثَرُوْا، وَزَنَوْا فَأَكْثَرُوْا، ثُمَّ أَتَوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَقَالُوْا: إِنَّ الَّذِىْ تَقُوْلُ وَتَدْعُوْ لَحَسَنٌ. وَلَوْ تُخْبِرُنَا أَنَّ لِمَا عَمِلْنَا كَفَّارَةً. فَنَزَلَ "وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا" وَنَزَلَ "يٰعِبَادِىَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ" الأية." (ص:۷۶ سطر:۹ تا ۱۱)

---

(۱) قال العلامة العثمانیؒ فی فتح الملهم (ج:۲ ص:۱۸۱): وعلٰى تقديرِ صحته يمكن حمل المظالم علٰى ما لا يمكن تداركه أو يقيد بالتوبة أو بالتخصيص بمن كان معهٗ عليه الصلوٰة والسلام من أمته فى حجته، وانظر أيضًا فى المرقاة ج:۵ ص:۴۹۵، كتاب المناسك، باب الوقوف بعرفة، الفصل الثالث، تحت الحديث رقم: ۲۶۰۳.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "فَنَزَلَ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللهِ اِلٰهًا اٰخَرَ" (ص:۷۶ سطر:۱۰)

سوال:- سائلین کا سوال یہ تھا کہ آپ ایسا عمل ارشاد فرمائیں جو زمانۂ ماضی کے جرائم و معاصی کا کفارہ بن سکے تو اس کے جواب میں راوی نے جس آیت کا ذکر کیا، اس سے بظاہر یہ مقصد حاصل نہیں ہوتا، اس لئے کہ "وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللهِ .... (الٰی قوله تعالیٰ) يَلْقَ اَثَامًا." سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص شرک، قتل اور زنا کے جرم کا ارتکاب کرے گا اُس کو عذاب ہوگا، اس میں تو کفارۂ معاصی کا ذکر نہیں۔

جواب:- اس آیت سے اگلی آیت ہے: "اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنَاتٍ ط وَكَانَ اللهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا"[۱] اس میں کفارے یعنی معافی کا ذکر ہے، تو گویا راوی نے جواب کا ابتدائی حصہ ذکر کر کے پورے جواب کی طرف اشارہ کیا ہے۔

باب بيان حكم عمل الكافر اذا أسلم بعدهٗ

۳۱۹- "حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى ... (الٰی قوله) ...أَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ أَخْبَرَهُ؛ أَنَّهُ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَأَيْتَ أُمُوْرًا كُنْتُ أَتَحَنَّثُ بِهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، هَلْ لِيْ فِيْهَا مِنْ شَيْءٍ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْلَمْتَ عَلٰى مَا أَسْلَفْتَ مِنْ خَيْرٍ. وَالتَّحَنُّثُ التَّعَبُّدُ." (ص:۷۶ سطر:۱۱ تا ۱۳)

قوله: "أَسْلَمْتَ عَلٰى مَا أَسْلَفْتَ مِنْ خَيْرٍ" (ص:۷۶ سطر:۱۳)

"علٰی" کے اندر دو احتمال ہیں:-

۱- علٰی سببیّہ ہو۔[۲] ۲- "مَع" کے معنیٰ میں ہو۔

پہلی صورت میں معنی یہ ہوں گے کہ: تم نے ان اعمالِ خیر کے سبب ہی سے اسلام قبول کیا جو جاہلیت میں کئے تھے۔ جس سے معلوم ہوا کہ کفار کے اعمالِ خیر بالکل بیکار نہیں جاتے، بلکہ ان سے کسی کو یہ فائدہ بھی حاصل ہوجاتا ہے کہ ایمان کی توفیق ہوجاتی ہے جو دُنیا و آخرت کی کامیابی ہے۔

(۱) الفرقان آیت:۷۰۔

(۲) اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۲۳۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور اگر "علیٰ" بمعنیٰ "مع" ہوتو اس صورت میں معنیٰ یہ ہوں گے کہ زمانۂ جاہلیت میں کئے ہوئے اعمالِ خیر کا بدلہ اور ثواب آخرت میں بھی تمہیں دیا جائے گا۔

چنانچہ علامہ نوویؒ نے محققین سے نقل کیا ہے کہ قبولِ اسلام کے بعد حالتِ کفر کی حسنات پر بھی ثواب ملتا ہے،[۱] دلیل حضرت ابو سعید خدریؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اذا أسلم الكافر فحسن اسلامهُ كتب الله تعالٰى لهُ كل حسنة كان زلفها ومحى عنه كل سيئةٍ كان زلفها، وكان عَمَلُه بعدُ الحسنة بعشر أمثالها الٰى سبع مائة ضعف، والسيئة بمثلها الّا أن يتجاوز الله تعالٰى."

ذكرهُ الدارقطني في غريب حديث مالك، ورواهُ عنه من تسع طرق، وثبت فيها كلها ان الكافر اذا احسن اسلامه يكتب له في الاسلام كل حسنة عملها في الشرك (نووى).[۲]

نیز یہی روایت تقریباً انہی الفاظ کے ساتھ سننِ نسائی میں بھی آئی ہے۔[۳]

صحیح مسلم کی ایک حدیثِ مرفوع میں ہے کہ کفار کو ان اعمالِ خیر کے نتیجے میں (اگر ایمان کی دولت نصیب نہ ہوتب بھی) دُنیا کا فائدہ ضرور دیا جاتا ہے، اُس حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

ان الله لا يظلم المؤمن حسنةً يعطى عليها في الدنيا ويثاب عليها في الآخرة، وأما الكافر فيطعم بحسنات ما عمل بها لله في الدنيا حتّٰى اذا أفضى الى الآخرة لم تكن لهُ حسنةٌ يجزىٰ بها."[۴]

---

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۷۷ وفتح الملهم ج:۲ ص:۱۸۶۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: شرح البخاری لابن بطّال ج:۳ ص:۴۳۷، ۴۳۸، كتاب الزكٰوة، باب من تصدق فی الشرک ثم أسلم. و ج:۹ ص:۲۰۹، كتاب الأدب، باب من وصل رحمه فی الشرک ثم اسلم.

(۲) ج:۱ ص:۷۷۔

(۳) سنن نسائی، كتاب الايمان وشرائعه، باب حسن اسلام المرء، رقم الحديث:۴۹۹۸.

(۴) صحيح مسلم، كتاب صفات المنافقين، باب جزاء المؤمن بحسناته فی الدنيا والأخرة وتعجيل حسنات الكافر فی الدنيا، رقم الحديث: ۲۸۰۸۔ ومسند أحمد بن حنبل ج:۱۹ ص:۲۶۶ رقم الحديث ۱۲۲۳۷، وص:۲۸۵، رقم الحديث:۱۲۲۶۴، وج:۲۱ ص:۴۱۹، رقم الحديث: ۱۴۰۱۸ من مسند أنس بن مالک.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جیسا کہ آج کل اہلِ یورپ بعض اعمالِ خیر بھی کر رہے ہیں، تو ان کو ان کا فائدہ بھی مل رہا ہے کہ تجارت وصنعت اور ملازمت و مزدوری میں دھوکا بازی اور کام چوری وغیرہ سے عموماً اجتناب کی وجہ سے اِن میدانوں میں وہ ترقی کر رہے ہیں۔

خلاصہ یہ کہ کفار کے اعمالِ خیر بھی بالکل بے کار نہیں جاتے، بلکہ یا تو ان کے نتیجے میں ان کو ایمان کی دولت نصیب ہو جاتی ہے، جس کی وجہ سے ان کو حالتِ کفر کے اعمال کا ثواب آخرت میں بھی ملتا ہے، اور دُنیا و آخرت کی کامیابی نصیب ہوتی ہے، اور اگر ایمان نصیب نہ ہو تب بھی دُنیا میں اُن کا فائدہ دے دیا جاتا ہے۔

باب صدق الایمان واخلاصہ

۳۲۳- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ" اَلَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ "شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالُوْا: أَيُّنَا لَا يَظْلِمُ نَفْسَهُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ هُوَ كَمَا تَظُنُّوْنَ. إِنَّمَا هُوَ كَمَا قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ: يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ" (ص:۷۷ سطر:۱،۲)

قوله: "أَيُّنَا لَا يَظْلِمُ نَفْسَهُ؟" (ص:۷۷ سطر:۲)

ظلم کے لغوی معنیٰ ہیں: "وضع الشیء فی غیر محلّه" ہر گناہ خواہ کبیرہ ہو یا صغیرہ، ظلم ہے کیونکہ اس میں اعضاء و جوارح کو غیر محل (یعنی وہ عمل جو شرعاً ممنوع ہے) میں استعمال کیا جاتا ہے، اِس عموم کی وجہ سے صحابہ کرامؓ کو یہ آیت مشقت والی محسوس ہوئی تو انہوں نے سوال کیا: "أَيُّنَا لا يظلم نَفْسَهُ؟" تو جواب میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا کہ یہاں ظلم سے ایک خاص ظلم یعنی شرک مراد ہے۔

فائدہ:- مذکورہ واقعہ سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرامؓ جن کی مادری زبان عربی تھی اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زیرِ سایہ زندگی گزار رہے تھے، لیکن اس کے باوجود ان کے لئے محض ترجمہ اور مفہومِ ظاہری فہمِ قرآن کے لئے کافی نہ ہوا، تو آج کل ہم لوگ جو خیر القرون سے بھی بہت دُور ہیں اور جن کو عربی زبان کی بھی ویسی مہارت نہیں، محض ترجمہ کی بنیاد پر قرآنِ حکیم کی تشریح کیسے کر سکتے ہیں؟ اِسی لئے علمائے کرام نے فرمایا کہ قرآنِ حکیم کو محض ترجمہ کے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ساتھ شائع نہیں کرنا چاہیے، بلکہ ضروری تفسیر بھی جو معتبر اور مستند ہو اُس کے ساتھ ہونی چاہئے۔

باب بيان تجاوز الله عن حديث النفس .... الخ

۳۲۵- " حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ الضَّرِيْرُ... (الٰی قوله) ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: "لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۗ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ" قَالَ: فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلٰى أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ فَأَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. ثُمَّ بَرَكُوْا عَلَى الرُّكَبِ. فَقَالُوْا أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! كُلِّفْنَا مِنَ الْأَعْمَالِ مَا نُطِيْقُ الصَّلَاةَ، وَالصِّيَامُ، وَالْجِهَادُ، وَالصَّدَقَةُ، وَقَدْ أُنْزِلَتْ عَلَيْكَ هٰذِهِ الْآيَةُ، وَلَا نُطِيْقُهَا. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَتُرِيْدُوْنَ أَنْ تَقُوْلُوْا كَمَا قَالَ أَهْلُ الْكِتَابَيْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ: سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا؟ بَلْ قُوْلُوْا: سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ. قَالُوْا: سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ. فَلَمَّا اقْتَرَأَهَا الْقَوْمُ ذَلَّتْ بِهَا أَلْسِنَتُهُمْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ إِثْرِهَا: "اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۗ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ" فَلَمَّا فَعَلُوْا ذٰلِكَ نَسَخَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: "لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۗ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ" قَالَ: نَعَمْ "رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ" قَالَ: نَعَمْ "رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ" قَالَ: نَعَمْ "وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ع" قَالَ: نَعَمْ." (ص:۷۷ سطر:۴ تا ۸ و ص:۷۸ سطر:۱ تا ۳)

قوله: "وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ" (ص:۷۷ سطر:۵)

"ما" کے اندر عموم ہے، اس میں تمام اختیاری وغیر اختیاری خیالات آ جاتے ہیں جس سے لے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کر عزم تک شامل ہوگئے، اِس عموم کی وجہ سے صحابہ کرامؓ پریشان ہوئے کہ غیر اختیاری وَساوِس وخطرات پر تو انسان کا کنٹرول نہیں، تو ان سے کیسے بچا جاسکتا ہے؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ تمہیں اللہ رَبّ العزت کے کسی حکم پر اعتراض کا کوئی حق نہیں، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کے مالکِ حقیقی ہیں، انہیں اپنی مملوکات میں ہر طرح کے تصرف کا پورا حق ہے۔

قولہ: "فَقَالُوْا اَیْ رَسُوْلَ اللّٰہِ!" (ص:۷۷ سطر:۷)

"أيْ" بالفتح والسکون، یہ حرفِ نداء بھی ہے اور حرفِ تفسیر بھی[1]۔ یہاں نداء کے طور پر آیا ہے۔

قولہ: "غُفْرَانَکَ" (ص:۷۷ سطر:۸)

یہ مفعول بہٖ ہے فعلِ محذوف کا، ای نطلُب غفرانک.

قولہ: "ذَلَّتْ بِهَا اَلْسِنَتُهُمْ" (ص:۷۸ سطر:۱)

یہ ماقبل کے جملے "اقترأها القوم" سے بدل ہے، یا جملۂ حالیہ بھی ہوسکتا ہے (کما قال السندی) اور لَمَّا کا جواب انزل اللہ عَزَّ وَجَلَّ فِیْ اِثْرِهَا: "اٰمَنَ الرَّسُوْلُ" الخ سے آیا ہے۔ یعنی "فلمّا اقتراها القوم وذلت بالاستسلام بها السنتهم أنزل اللہ"۔

قولہ: "فَلَمَّا فَعَلُوْا ذٰلِکَ نَسَخَهَا اللّٰهُ تَعَالٰی فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: "لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ...الخ" (ص:۷۸ سطر:۲)

یہاں "نسخ" سے کیا مراد ہے؟ شرحِ نووی اور فتح الملہم میں اس کے مختلف جوابات نقل کئے گئے ہیں، لیکن حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی توجیہ جس تفصیل ووضاحت کے ساتھ ارشاد فرمائی ہے، وہ بہت اطمینان بخش ہے، حضرت تھانوی اور حضرت والد صاحبؒ نے بھی تفسیر معارف القرآن میں بنیادی طور پر اس کو اِختیار کیا ہے۔ اُسے یہاں بعینہٖ نقل کرتا ہوں:

"وتسميتُه نَسْخًا مبنيَّة على ما اشتهر بين المتقدمين من اطلاقِ النسخ على ما هُوَ كالتَّفسير للآية، أو فيه دَفعٌ لما يُتوهمُ من ظاهر الآية، وذلک لِأنَّ النسخ بمعناهُ المصطلح عليه لا يتصور هٰهنا، لكونهٖ اِخبارًا، والْاِخبار لا يحتمل النسخ، فان المراد قبل هٰذا التفسير كان هو المراد بعد التفسير مِن أنَّهٗ لا مؤاخذة عليه فيما يتوسوس بهٖ صدرهٗ،

(۱) مغنی اللبیب ج:۱ ص:۷۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وذالک لا یَدْخُلُ فی الاخفاء، لأنّ الاخفاء فعلهٗ، فیَصْدُق علٰی ما کان قَصْدًا منه، وبصنع مِنهُ، فأمّا ما هو مجبورٌ فیہِ ولیس بصنیعہٖ، فهو معذور فیه غیر مؤاخذ. (الحل المفهم).(۱)

حاصل اس کا یہ ہے کہ کسی آیت سے اگر ایسے معنیٰ کا وہم پیدا ہوتا ہو جو عنداللہ مراد نہیں، تو اُس وہم کو دُور کردینا متقدمین کی اِصطلاح میں نسخ کہلاتا تھا اور یہاں نسخ کے یہی معنیٰ مراد ہیں۔

۳۳۰-"حَدَّثَنَا أَبُوْ بَکْرِ بْنُ أَبِی شَیْبَةَ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِذَا هَمَّ عَبْدِیْ بِسَیِّئَةٍ فَلا تَکْتُبُوْهَا عَلَیْهِ، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاکْتُبُوْهَا سَیِّئَةً، وَإِذَا هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ یَعْمَلْهَا فَاکْتُبُوْهَا حَسَنَةً، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاکْتُبُوْهَا عَشْرًا." (ص:۷۸ سطر:۱۱،۱۲)

قوله: "إِذَا هَمَّ عَبْدِیْ بِسَیِّئَةٍ" (ص:۷۸ سطر:۱۲)

ھمّ اور عزم دونوں اختیاری ہیں، فرق یہ ہے کہ ھمّ کچے ارادے کو، اور عزم پختہ ارادے کو کہتے ہیں۔ عزم گناہ کا ہو یا نیکی کا، اس پر سزا و جزا کا ترتب ہوگا، اس لئے کہ یہ عملِ قلب ہے، بخلاف ھمّ کے کہ اگر گناہ کا ہے تو معاف اور نیکی کا ہے تو اس پر ایک نیکی ملے گی، هذا مِن فضلِ الله عزّ وجلَّ، (کذا فی الحل المفهم)۔(۲)

یوسف علیہ السلام کے بارے میں قرآنِ حکیم میں جو ھمّ کا لفظ استعمال ہوا ہے: "وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا" تو اگرچہ یہ ھمّ عام انسان کے اعتبار سے معاف ہے، لیکن شانِ نبوّت سے کم تر ہونے کی وجہ سے اِشکال ہوتا ہے، اس لئے اس کا ایک جواب یہ ہے کہ "وَهَمَّ بِهَا" پر وقف نہیں ہے بلکہ "لَوْ لَآ أَنْ رَّاٰی بُرْهَانَ رَبِّهٖ" پر جملہ مکمل ہوتا ہے، یعنی اگر یوسف علیہ السلام اپنے ربّ کے برہان کو نہ دیکھتے تو کچا ارادہ کرلیتے، لیکن چونکہ برہانِ الٰہی کا مشاہدہ کرلیا تھا، اس لئے "ھمّ" سے بھی محفوظ رہے۔(۳)

۳۳۲-"حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ: هٰذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَیْرَةَ عَنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ فَذَکَرَ أَحَادِیْثَ مِنْهَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ: قَالَ

(۱) ج:۱ ص:۳۵ تا ۳۶۔
(۲) ج:۱ ص:۳۶ تا ص:۳۷ وأنظر أیضًا اکمال المعلم ج:۱ ص:۴۴۱.
(۳) تفسیر القرطبی ج:۹ ص:۱۶۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ: إِذَا تَحَدَّثَ عَبْدِی بِأَنْ یَعْمَلَ حَسَنَةً ... (الیٰ قوله)... وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ: قَالَتِ الْمَلائِکَةُ: رَبِّ ذَاکَ عَبْدُکَ یُرِیْدُ أَنْ یَعْمَلَ سَیِّئَةً، وَهُوَ أَبْصَرُ بِهِ، فَقَالَ: ارْقُبُوْهُ. فَإِنْ عَمِلَهَا فَاکْتُبُوْهَا لَهُ بِمِثْلِهَا. وَإِنْ تَرَکَهَا فَاکْتُبُوْهَا لَهُ حَسَنَةً، إِنَّمَا تَرَکَهَا مِنْ جَرَّاءِ یَ.... الحدیث."

(ص:۷۸ سطر:۱۴ تا ۱۷)

قوله: "مِنْ جَرَّاءِ یَ" (ص:۷۸ سطر:۱۷) أی من أجلی.

باب بیان الوسوسة فی الإیمان .... الخ

۳۳۸- "حَدَّثَنِی زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ ... (الیٰ قوله) ... عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: جَاءَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ فَسَأَلُوْهُ: إِنَّا نَجِدُ فِی أَنْفُسِنَا مَا یَتَعَاظَمُ أَحَدُنَا أَنْ یَتَکَلَّمَ بِهِ. قَالَ: اَوَ قَدْ وَجَدْتُمُوْهُ. قَالُوْا: نَعَمْ. قَالَ: ذٰلِکَ صَرِیْحُ الإِیْمَانِ."

(ص:۷۹ سطر:۱،۲)

قوله: "اَوَ قَدْ وَجَدْتُمُوْهُ" (ص:۷۹ سطر:۱)

وجدتموهُ کی ضمیر مفرد کا مرجع "تعاظم" ہے، تقدیرِ عبارت یوں ہوگی: "أأنتم تسئلون هٰذا وقد وجدتم ذٰلک التعاظم"، یعنی کیا تم اس حالت میں سؤال کر رہے ہو کہ تم نے واقعی ان وَساوِس کا زبان پر لانا بھی بہت بُرا سمجھا؟

اور اگلے جملے "ذٰلک صریح الایمان" میں بھی "ذٰلک" کا مشارٌ الیه، تعاظم ہے۔[1]

۳۴۰- "حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ یَعْقُوْبَ الصَّفَّارُ ... (الیٰ قوله)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ عَنِ الْوَسْوَسَةِ، قَالَ: تِلْکَ مَحْضُ الإِیْمَانِ."

(ص:۷۹ سطر:۳،۴)

قوله: "عَنِ الْوَسْوَسَةِ، قَالَ: تِلْکَ مَحْضُ الإِیْمَانِ" (ص:۷۹ سطر:۴)

أی الوسوسة علامة محض الایمان. کیونکہ مؤمن کے دِل میں وَساوِس اس لئے آتے ہیں کہ اس کے دِل میں ایمان موجود ہے، اگر ایمان نہ ہوتا تو یہ وَساوِس نہ آتے، کیونکہ شیطان تو ایسے لوگوں کے دِلوں میں وَسوَسے ڈالنے کی کوشش کرتا ہے جو دولتِ ایمان سے مالا مال

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۰۸ والحل المفهم ج:۱ ص:۳۷ وشرح النووی ج:۱ ص:۷۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہوں، اور جو اِس نعمتِ عظمٰی سے محروم ہیں، ان کے دِلوں میں وَساوِس ڈالنے کی شیطان کو کوئی حاجت نہیں، کیونکہ ان کے دِلوں میں تو وہ وَساوِس کے بجائے کفر وشرک اور معاصی ڈالتا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ وَسوَسہ کا وَسوَسہ کی حد تک رہنا یعنی عقیدہ وعمل اُس کے مطابق نہ ہونا ایمان کی ایک علامت ہے۔(۱)

۳۴۳-"حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ ... (الىٰ قوله)... أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَأْتِي الشَّيْطَانُ أَحَدَكُمْ فَيَقُوْلُ: مَنْ خَلَقَ كَذَا وَكَذَا؟ حَتّٰى يَقُوْلَ لَهُ: مَنْ خَلَقَ رَبَّكَ ؟ فَإِذَا بَلَغَ ذٰلِكَ فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ وَلْيَنْتَهِ." (ص:۷۹ سطر:۷،۸)

قوله: "وَلْيَنْتَهِ" (ص:۷۹ سطر:۸)

دِھیان ہٹانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اپنے ذہن کو کسی اور کام میں لگا دے، ورنہ کسی طرح اِس قسم کے خیالات سے چھٹکارا حاصل نہ ہوگا۔

فائدہ:- یہ وَسوَسہ کہ کائنات کی تمام چیزوں کو اللہ جل شانہ نے پیدا فرمایا، لیکن اللہ جل شانہ کو کس نے پیدا کیا؟ ایک ایسا وَسوَسہ ہے جو عموماً لوگوں کے دِلوں میں پیدا ہوتا ہے، اور وجہ اس کی یہ ہے کہ انسان نے جب سے آنکھ کھولی، ہمیشہ سے یہی دیکھتا آرہا ہے کہ ہر چیز کا کوئی نہ کوئی بنانے والا ہے، اگر اُسے کہا جائے کہ فلاں چیز بغیر صانع کے وجود میں آگئی تو اس کا ذہن اِس بات کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتا، اس لئے کہ کبھی اُس نے بغیر صانع کے کسی مصنوع کا وجود نہیں دیکھا، لہٰذا اس کے ذہن میں بار بار یہ سوال آتا ہے کہ اللہ رَبّ العزت کا وجود بغیر صانع کے کیسے ہوگیا؟ یا یہ کہ اُسے کس نے پیدا کیا؟ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اللہ رَبّ العزت کی ذات وصفات کی حقیقت کا ادراک عقلِ انسانی سے ماوراء ہے، اسی لئے کسی شاعر نے کہا ؎

تو دِل میں تو آتا ہے سمجھ میں نہیں آتا
بس جان گیا میں کہ تیری پہچان یہی ہے

تاہم عقلی اور منطقی دلیل کے ذریعہ یہ ثابت کیا جاسکتا ہے کہ اللہ رَبّ العزت کا وجود بغیر صانع کے ہے، وہ دلیل یہ ہے کہ اگر ہم بالفرض یہ کہیں کہ اللہ رَبّ العزت کو فلاں چیز نے

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۰۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پیدا کیا تو پھر فوراً یہ سوال پیدا ہوگا کہ اُس چیز کو کس نے پیدا کیا؟ پھر اِسی طرح سوالات کا لامتناہی سلسلہ چل پڑے گا، جس کے نتیجہ میں تسلسل کی خرابی لازم آئے گی، اور تسلسل تمام عقلاء، حکماء اور اہلِ علم کے ہاں باطل ہے، تو تسلسل سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ خلق کے سلسلہ کو کسی ایک ذات پر منتہی قرار دیا جائے اور یہ اللہ جل شانہ کی ذاتِ واجب الوجود ہی ہوسکتی ہے، جو تمام صفاتِ کمالیہ کی اکمل ترین مظہر ہے۔ اندھا، بہرا مادہ نہیں ہوسکتا جو صفاتِ کمالیہ یعنی سمع و بصر اور کلام و حکمت اور قدرت و ارادے سے محروم ہے۔

مادّی فلسفہ کا مختصر تعارف

اس کے بالمقابل مادّی فلسفہ (Materialism) ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ اِس کائنات کی ابتداء مادّہ سے ہوئی جو قدیم ہے، وہ ذرّات کی شکل میں فضاء کے اندر بکھرا ہوا تھا، اُس کی حرکت بھی قدیم ہے، اسی حرکت کے ذریعہ وہ مختلف شکلیں اور صورتیں بدلتا رہتا ہے، مثلاً: پانی حرارت سے بھاپ میں تبدیل ہوجاتا ہے اور بھاپ ٹھنڈی ہوکر پانی ہوجاتی ہے، اور پانی ہی سے ہوا بن جاتی ہے، اور ہوا پانی بن جاتی ہیں، تو معلوم ہوا کہ مادّہ ایک ہی ہے، اس کی صورتیں بدلتی رہتی ہیں، اور یہ صورتیں بدلنا مادّے کے ارادے اور اختیار سے نہیں ہوتا کیونکہ مادّہ نہ ارادہ و اختیار رکھتا ہے، نہ سمع و بصر اور عقل رکھتا ہے، اُس کی غیر ارادی حرکت کی بدولت محض اتفاقات کے نتیجے میں اُس کی یہ صورتیں خود بخود بدلتی رہتی ہیں، چنانچہ انہی اتفاقات کے نتیجہ میں یہ پوری کائنات پیدا ہوتی چلی گئی، کسی نے اس کو پیدا نہیں کیا۔

یہ نظریہ ایک عرصہ تک دنیا میں رائج رہا، پندرہویں صدی عیسوی میں جب یورپ کے لوگوں نے چرچ اور اس کے خلافِ عقل اور خلافِ عدل عقائد و نظریات کے خلاف تحریک چلائی تو اس میں اِس فلسفہ سے کافی مدد حاصل کی گئی، رفتہ رفتہ اِس فلسفہ نے انسانی ذہنوں کو اِس قدر متاثر کیا کہ اِسی کی بنیاد پر عملی زندگی کے متعلق بہت سے نظریات وجود میں آئے، چنانچہ سرمایہ دارانہ نظام (Capitalism)، اشتراکیت (Socialism)، اشتمالیت (Comunism) اور سیکولرازم وغیرہ جیسے نظریات اِسی باطل فلسفہ کے پھول پھل ہیں۔

ستم بالائے ستم یہ ہے کہ اِس نظریہ کے پرستار زمین، سورج، چاند، سیاروں، ستاروں، کہکشاؤں اور کائنات کے اندر کروڑوں اربوں مربوط و منظم نظاموں اور قوانینِ قدرت کو محض حسنِ اتفاق پر محمول کرتے ہیں اور کسی ذات کو ان کا خالق و مدبر اور منتظم تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں،

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ان کے نزدیک اِن تمام اشیاء کا صانع "مادّہ" ہے جو اندھا، بہرا اور عقل سے کورا ہے، جبکہ اہلِ اسلام اِس سارے نظام کو اللہ ربّ العزت کی منبع الصفات ذات کی صناعی سمجھتے اور مانتے ہیں۔

باب وعيد من اقتطع حق مسلم بيمين فاجرةٍ بالنّارِ

۳۵۱-قوله: "حَدَّثَنَا يَحيَى بنُ أَيُّوبَ... (الىٰ قوله) ... عَنْ أَبِى أُمَامَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امرِئٍ مُسْلِمٍ بِيَمِيْنِهٖ، فَقَدْ أَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ، وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ. فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: وَإِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيْرًا، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَإِنْ قَضِيْبٌ مِنْ أَرَاكٍ" (ص:۸۰ سطر:۱ تا ۳)

قوله: "مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امرِئٍ مُسْلِمٍ بِيَمِيْنِهٖ" (ص:۸۰ سطر:۲)

یہاں یمین سے مراد بظاہر "یمینِ منکِر" ہے، جب مدّعی بیّنہ سے اپنا دعویٰ ثابت نہ کرسکے تو منکِر سے یمین لے کر قاضی اس کے حق میں فیصلہ کردیتا ہے۔ فقہائے کرام کے درمیان یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے کہ قاضی اگر بیّنہ کاذبہ پر اعتماد کرکے مدعی کے حق میں فیصلہ کردے تو ایسی قضاءِ قاضی صرف ظاہراً نافذ ہوتی ہے یا ظاہراً و باطناً؟ عند الجمهور ایسی قضاء کا نفاذ صرف ظاہراً ہوتا ہے باطناً نہیں، جبکہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ظاہراً و باطناً دونوں اعتبار سے اس کا نفاذ ہوتا ہے، لیکن امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس کے لئے چند شرائط ہیں۔ من جملہ ان کے ایک شرط یہ بھی ہے کہ وہ فیصلہ یمین کاذبہ کی بنیاد پر نہ ہوا ہو، بلکہ بیّنہ کاذبہ کی بنیاد پر ہوا ہو۔ لہٰذا امام صاحبؒ کا مسلک اس حدیثِ باب کے خلاف نہیں۔ اس مسئلہ کی پوری تفصیل دلائل کے ساتھ صحیح مسلم کی جلدِ ثانی میں اپنے مقام پر آئے گی۔

قوله: "وَإِنْ قَضِيْبٌ مِنْ أَرَاكٍ" (ص:۸۰ سطر:۳) پیلو کے درخت کی لکڑی، یعنی مسواک۔ ہمارے نسخوں میں قضیبٌ مرفوع ہے، اس کی تقدیرِ عبارت یوں ہوگی: "وَإِنْ أُخِذَ قَضِيْبٌ" اور بعض نسخوں میں منصوب ہے، نصب کی صورت میں تقدیرِ عبارت ہوگی: "وَإِنْ كَانَ الْمَأْخُوذُ قَضِيْبًا"۔

۳۵۲- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ... (الىٰ قوله)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، هُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ. قَالَ: فَدَخَلَ الْأَشْعَثُ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابْنُ قَيْسٍ فَقَالَ: مَا يُحَدِّثُكُمْ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ؟قَالُوْا: كَذَا وَكَذَا. قَالَ: صَدَقَ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، فِيَّ نَزَلَتْ، كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ أَرْضٌ بِالْيَمَنِ، فَخَاصَمْتُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَقَالَ: هَلْ لَكَ بَيِّنَةٌ؟ فَقُلْتُ: لاَ. قَالَ: فَيَمِيْنُهُ. قُلْتُ: إِذًا يَحْلِفَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ: مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ، هُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ. فَنَزَلَتْ: إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً إِلٰى آخِرِ الآيَةِ." (ص:۸۰ سطر:۴ تا ۸)

قوله: "يَمِيْنِ صَبْرٍ" (ص:۸۰ سطر:۵)

"یمین صبر" وہ قسم جس کے ذریعہ مال کو اپنے پاس روک لیا جائے، جیسا کہ ذرا پیچھے بیان ہوا۔

٣٥٤- "حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ ... (الیٰ قوله)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ يَسْتَحِقُّ بِهَا مَالاً هُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ. ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيْثِ الأَعْمَشِ. غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ: كَانَتْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ خُصُوْمَةٌ فِيْ بِئْرٍ. فَاخْتَصَمْنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَقَالَ: شَاهِدَاكَ ،أَوْ يَمِيْنُهُ." (ص:۸۰ سطر:۸،۹)

قوله: "فِيْ بِئْرٍ" (ص:۸۰ سطر:۹)

ماقبل کی روایت میں "أرض" تھا اور اس میں "فی بیر" ہے، ہوسکتا ہے کہ متنازع فیہ زمین میں کنواں بھی ہو، تو کبھی ارض کی طرف نسبت کی اور کبھی بیر کی طرف، لہٰذا تعارض نہ رہا۔

٣٥٦- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ ... (الیٰ قوله)... عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْهِ؛ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ حَضْرَمَوْتَ وَرَجُلٌ مِنْ كِنْدَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ هٰذَا قَدْ غَلَبَنِيْ عَلٰى أَرْضٍ لِيْ كَانَتْ لأَبِيْ. فَقَالَ الْكِنْدِيُّ: هِيَ أَرْضِيْ فِيْ يَدِيْ أَزْرَعُهَا لَيْسَ لَهُ فِيْهَا حَقٌّ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ لِلْحَضْرَمِيِّ: أَلَكَ بَيِّنَةٌ؟ قَالَ: لاَ. قَالَ: فَلَكَ يَمِيْنُهُ. قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الرَّجُلَ فَاجِرٌ لاَ يُبَالِيْ عَلٰى مَا حَلَفَ عَلَيْهِ،

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَلَيْسَ يَتَوَرَّعُ مِنْ شَيْءٍ. فَقَالَ: لَيْسَ لَكَ مِنْهُ إِلَّا ذٰلِكَ، فَانْطَلَقَ لِيَحْلِفَ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ، لَمَّا أَدْبَرَ: أَمَا لَئِنْ حَلَفَ عَلٰى مَالِهِ لِيَأْكُلَهُ ظُلْمًا، لَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ وَهُوَ عَنْهُ مُعْرِضٌ." (ص:۸۰ سطر:۱۱ تا ۱۵)

قوله: "فَانْطَلَقَ" (ص:۸۰ سطر:۱۴)

أی الٰی منبر النبي علٰی صاحبهِ الصلوٰة والسلام.

کیونکہ اس زمانہ میں تاکید و توثّق کے لئے منکر کو منبرِ نبوی کے پاس لاکر حلف لیا جاتا تھا، اور اگر مزید تاکید مقصود ہوتی تو بعد العصر یمین لی جاتی تھی، کیونکہ وہ وقت زیادہ فضیلت کا ہے۔

۳۵۷- "حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ ،وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ... (الٰی قوله)... عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ، فَأَتَاهُ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ فِيْ أَرْضٍ.فَقَالَ أَحَدُهُمَا:إِنَّ هٰذَا انْتَزَى عَلٰى أَرْضِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ.وَهُوَ امْرُؤُ الْقَيْسِ بْنُ عَابِسٍ الْكِنْدِيُّ،وَخَصْمُهُ رَبِيْعَةُ بْنُ عِبْدَانَ.قَالَ: بَيِّنَتُكَ . قَالَ:لَيْسَ لِيْ بَيِّنَةٌ. قَالَ: يَمِيْنُهُ . قَالَ:إِذًا يَذْهَبُ بِهَا. قَالَ:لَيْسَ لَكَ إِلَّا ذَاكَ . قَالَ:فَلَمَّا قَامَ لِيَحْلِفَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ :مَنِ اقْتَطَعَ أَرْضًا ظَالِمًا، لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ . قَالَ إِسْحَاقُ فِيْ رِوَايَتِهٖ :رَبِيْعَةُ بْنُ عَيْدَانَ." (ص:۸۰ سطر:۱۵ تا ۱۸)

قوله: "بَيِّنَتُكَ" (ص:۸۰ سطر:۱۷) أی بینتک مطلوبةٌ.

قوله: "يَمِيْنُهُ" (ص:۸۰ سطر:۱۷) أی لک يمينهٗ.

باب الدليل علٰى أن من قصد أخذ مال غيره .... الخ

۳۵۹- "حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ.... (الٰی قوله) ... أَنَّ ثَابِتًا مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ لَمَّا كَانَ بَيْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَبَيْنَ عَنْبَسَةَ بْنِ أَبِيْ سُفْيَانَ مَا كَانَ تَيَسَّرُوْا لِلْقِتَالِ، فَرَكِبَ خَالِدُ بْنُ الْعَاصِ إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَوَعَظَهُ خَالِدٌ. فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عمرٍو:أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ۔" (ص:۸۱ سطر:۲ تا ۵)

قوله: "لَمَّا كَانَ بَيْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَبَيْنَ عَنْبَسَةَ بْنِ أَبِيْ سُفْيَانَ مَا كَانَ" (ص:۸۱ سطر:۴)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص اور عنبسۃ بن ابی سفیان کے درمیان یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب عنبسۃ بن ابی سفیان اپنے بھائی حضرت معاویہ بن ابی سفیان کی طرف سے طائف کے گورنر تھے، طائف میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ کی بھی زمین تھی، عنبسۃ نے طائف کے چشمہ سے ایک نالہ نکالا جس سے کسی زمین کو سیراب کرنا مقصود تھا، نالے کے راستے میں حضرت ابنِ عمروؓ کی زمین تھی، جب عنبسۃ نے اِس نالے کو حضرت ابنِ عمروؓ کی زمین کھود کر اُس سے گزارنا چاہا تو انہوں نے منع کردیا، وہ زبردستی نکالنا چاہتے تھے اور یہ راضی نہ تھے، نتیجتاً دونوں قتال کے لئے تیار ہوگئے۔

خالد بن العاص جو کہ عبداللہ بن عمرو بن العاص کے چچا تھے، ابنِ عمروؓ کو سمجھانے کے لئے ان کی طرف روانہ ہوئے۔[1]

باب استحقاق الوالی الغاش لرعية النّار

٣٦٢- "حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يَحْيٰى... (الٰی قوله) ... دَخَلَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ عَلٰی مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ وَهُوَ وَجِعٌ، فَسَأَلَهُ فَقَالَ: إِنِّيْ مُحَدِّثُكَ حَدِيْثًا لَمْ أَكُنْ حَدَّثْتُكَهُ. إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: لَا يَسْتَرْعِي اللّٰهُ عَبْدًا رَعِيَّةً، يَمُوْتُ حِيْنَ يَمُوْتُ وَهُوَ غَاشٌّ لَهَا، إِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ. قَالَ: أَلَّا كُنْتَ حَدَّثْتَنِيْ هٰذَا قَبْلَ الْيَوْمِ؟ قَالَ: مَا حَدَّثْتُكَ، أَوْ لَمْ أَكُنْ لِأُحَدِّثَكَ۔"

(ص:۸۱ سطر:۷ تا ۹)

قوله: "وَهُوَ وَجِعٌ" (ص:۸۱ سطر:۸) ای مریض۔

٣٦٤- "حَدَّثَنَا أَبُوْ غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ ... (الٰی قوله)... عَنْ أَبِي الْمَلِيْحِ؛ أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ زِيَادٍ عَادَ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ فِيْ مَرَضِهٖ. فَقَالَ لَهُ مَعْقِلٌ: إِنِّيْ مُحَدِّثُكَ بِحَدِيْثٍ لَوْلَا أَنِّيْ فِي الْمَوْتِ لَمْ أُحَدِّثْكَ بِهٖ. سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

(۱) فتح الباری ج:۵ ص:۱۲۳ والاصابة ج:۲ ص:۲۴۰ والمحلّی لابن حزم ج:۱۱ ص:۹۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صَـلَـى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ أَمِيْرٍ يَلِيْ أَمْرَ الْمُسْلِمِيْنَ، ثُمَّ لا يَجْهَدُ لَهُمْ وَيَنْصَحُ، إِلَّا لَمْ يَدْخُلْ مَعَهُمُ الْجَنَّةَ ." (ص:۸۱ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قوله: "لَمْ يَدْخُلْ مَعَهُمُ الْجَنَّةَ" (ص:۸۱ سطر:۱۲)

"مَـعَهُـمْ" کی قید سے معلوم ہوا کہ سلطانِ غاش دُخولِ اَوّلی کے ساتھ جنت میں نہیں جائے گا، مطلق دُخول کی نفی نہیں ہے، لہٰذا ما قبل کی روایت میں جملہ "حـرّم الله عـلـيـه الجنّة" کے اندر بھی یہ قید ملحوظ ہوگی، أی حرّم الله عليه الجنّة عند الدخول الاوّلی.

باب رفع الأمانة والإيمان من بعض القلوب .... الخ

۳۶۵- "حَـدَّثَـنَـا أَبُـوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ حُذَيْفَةَ قَـالَ: حَـدَّثَـنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ حَدِيْثَيْنِ، قَدْ رَأَيْتُ أَحَدَهُمَا وَأَنَا أَنْتَظِرُ الآخَرَ، حَدَّثَنَا أَنَّ الْأَمَانَةَ نَزَلَتْ فِيْ جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ، ثُمَّ نَزَلَ الْقُرْآنُ فَعَلِمُوْا مِنَ الْقُرْآنِ وَعَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ .ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِ الْأَمَانَةِ قَالَ: يَنَامُ الـرَّجُـلُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْأَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهِ، فَيَظَلُّ أَثَرُهَا مِثْلَ الوَكْتِ ،ثُمَّ يَنَامُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْأَمَـانَةُ مِنْ قَـلْبِـهِ ،فَيَـظَـلُّ أَثَـرُهَـا مِثْلَ الْمَجْلِ، كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهُ عَلٰى رِجْلِكَ. فَنَفِطَ فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ ، ثُمَّ أَخَذَ حَصًى فَدَحْرَجَهُ عَلٰى رِجْلِهِ، فَيُصْبِحُ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ، لا يَكَادُ أَحَدٌ يُؤَدِّي الْأَمَانَةَ حَتّٰى يُقَالَ: إِنَّ فِيْ بَنِي فُلَانٍ رَجُلاً أَمِيْنًا. حَتّٰى يُقَالَ لِلرَّجُلِ: مَا أَجْلَدَهُ ،مَا أَظْرَفَهُ، مَا أَعْقَلَهُ، وَمَا فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ . وَلَـقَـدْ أَتٰـى عَـلَـيَّ زَمَـانٌ وَمَـا أُبَـالِـيْ أَيَّكُم بَـايَـعْـتُ،لَئِنْ كَانَ مُسْلِمًا لَيَرُدَّنَّهُ عَلَيَّ دِيْنُهُ وَلَئِنْ كَانَ نَصْرَانِيًّا، أَوْ يَهُوْدِيًّا لَيَرُدَّنَّهُ عَلَيَّ سَاعِيْهِ ،وَأَمَّا الْيَوْمَ فَمَا كُنْتُ لِأُبَايِعَ مِنْكُمْ إِلَّا فُلَانًا وَفُلَانًا." (ص:۸۲ سطر:۱ تا ۵)

قوله: "عَنْ حُذَيْفَةَ" (ص:۸۲ سطر:۱)

مشہور صحابی ہیں، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ان کو "مدائن" کا عامل (گورنر) مقرر فرمادیا تھا، مدائن فتحِ عراق سے پہلے کسریٰ کا دارالحکومت تھا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "رَأَيْتُ أَحَدَهُمَا وَأَنَا أَنْتَظِرُ الآخَرَ" (ص:۸۲ سطر:۲)

أى رَأيت مصداق أحدهما وأنتظر مصداق الاٰخر.

قوله: "جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ" (ص:۸۲ سطر:۲)

بفتح الجيم وكسرها، أى أصلِ قلوبِهم۔[1]

قوله: "فَتُقْبَضُ الأَمَانَةُ" (ص:۸۲ سطر:۲)

سوال:- یہاں سوال ہوتا ہے کہ رفعِ امانت تو غیر اختیاری ہے، اس لئے کہ من جانب اللہ ہوا، تو اسے مقامِ ذم میں کیوں بیان کیا گیا؟

جواب:- یہ رفعِ امانت گناہوں کے نتیجہ میں ہوا، جیسے مالِ حرام سے طاعت کی توفیق کم یا سلب ہوجاتی ہے، لہٰذا یہ اَمرِ غیر اختیاری نہ رہا، کیونکہ اس کا سبب اختیاری ہے۔

قوله: "الوَكْتُ" (ص:۸۲ سطر:۳) بفتح الواو وسكون الكاف نقطے کی طرح چھوٹا سا نشان۔[2]

قوله: "الْمَجْلِ" (ص:۸۲ سطر:۳) آبلہ، چھالہ۔[3]

قوله: "فَنَفِطَ" پس پھول جاتا ہے۔

قوله: "مُنْتَبِرًا" (ص:۸۲ سطر:۳) اُبھرا ہوا، (فتح الملهم)۔[4]

قوله: "لَا يَكَادُ أَحَدٌ يُؤَدِّى الأَمَانَةَ" (ص:۸۲ سطر:۴)

اس کا لفظی ترجمہ تو یہ ہے کہ: کوئی بھی امانت اداء کرنے کے قریب نہیں ہوگا، یعنی اداء امانت کے قُرب کی نفی ہے، مگر یہ مراد نہیں، بلکہ مراد عدم ادائے امانت کا قرب ہے، یعنی عدم مقاربۃ الفعل مراد نہیں، بلکہ مقاربۃ عدم الفعل مراد ہے، اور مطلب یہ ہے کہ لوگ امانت ادا کریں گے لیکن اتنی کم ادا کریں گے یا اتنے کم لوگ ادا کریں گے کہ وہ ادا نہ کرنے کے قریب ہوگی۔

قوله: "مَا أَجْلَدَهُ، مَا أَظْرَفَهُ، مَا أَعْقَلَهُ" (ص:۸۲ سطر:۴)

یہ تینوں تعجب کے صیغے ہیں جو بطور تحسین کے استعمال ہوئے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ اُس

(۱) مختار الصحاح ج:۱ ص:۴۱ ولسان العرب ج:۴ ص:۱۲۳۔

(۲) الغريب لابن سلام ج:۴ ص:۱۱۷۔ وفتح الملهم ج:۲ ص:۲۳۳۔

(۳) حوالۂ بالا۔

(۴) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۳۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

زمانہ میں حسن و قبح کے معیار بدل جائیں گے، اور ایسے لوگوں کی تعریفیں کی جائیں گی جن میں جلادت یعنی قوت وشدت ذہانت ظرافت جیسی صفات اگرچہ ہوں گی مگر امانت کالعدم ہوگی جس کے باعث مذکورہ بالا اچھی صفات کا استعمال غلط ہوگا۔

قولہ: "سَاعِيهِ" (ص:۸۲ سطر:۵)

اُس کا حاکم، یعنی میرا حق اس کا حاکم مجھے دلادے گا۔

۳۶۷- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ عَبدِ اللّٰهِ بنِ نُمَيرٍ قَالَ:نَا اَبُوْخَالِدٍ ... (الیٰ قولہ)... عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عُمَرَ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَذْكُرُ الْفِتَنَ؟ فَقَالَ قَوْمٌ: نَحْنُ سَمِعْنَاهُ. فَقَالَ:لَعَلَّكُمْ تَعْنُوْنَ فِتْنَةَ الرَّجُلِ فِيْ أَهْلِهِ وَجَارِهِ؟ قَالُوْا: أَجَلْ.قَالَ: تِلْكَ تُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ وَالصِّيَامُ وَالصَّدَقَةُ، وَلٰكِنْ أَيُّكُمْ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَذْكُرُ الْفِتَنَ الَّتِيْ تَمُوْجُ مَوْجَ الْبَحْرِ؟ قَالَ حُذَيْفَةُ: فَأَسْكَتَ الْقَوْمُ .فَقُلْتُ: أَنَا. قَالَ: أَنْتَ؟ لِلّٰهِ أَبُوْكَ .

قَالَ حُذَيْفَةُ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَقُوْلُ: تُعْرَضُ الْفِتَنُ عَلَى الْقُلُوْبِ كَالْحَصِيْرِ عُوْدًا عُوْدًا، فَأَيُّ قَلْبٍ أُشْرِبَهَا نُكِتَ فِيْهِ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ ،وَأَيُّ قَلْبٍ أَنْكَرَهَا نُكِتَ فِيْهِ نُكْتَةٌ بَيْضَاءُ، حَتّٰى تَصِيْرَ عَلٰى قَلْبَيْنِ ،عَلٰى أَبْيَضَ مِثْلِ الصَّفَا ،فَلَا تَضُرُّهُ فِتْنَةٌ مَا دَامَتِ السَّمٰوَاتُ وَالْأَرْضُ، وَالآخَرُ أَسْوَدُ مُرْبَادًّا، كَالْكُوْزِ مُجَخِّيًا لَا يَعْرِفُ مَعْرُوْفًا وَلَا يُنْكِرُ مُنْكَرًا ،إِلَّا مَا أُشْرِبَ مِنْ هَوَاهُ.

قَالَ: حُذَيْفَةُ: وَحَدَّثْتُهُ؛ أَنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا يُوْشِكُ أَنْ يُكْسَرَ. قَالَ عُمَرُ: أَكَسْرًا؟ لَا أَبَا لَكَ، فَلَوْ أَنَّهُ فُتِحَ لَعَلَّهُ كَانَ يُعَادُ. قُلْتُ: لَا بَلْ يُكْسَرُ .وَحَدَّثْتُهُ؛ أَنَّ ذٰلِكَ الْبَابَ رَجُلٌ يُقْتَلُ أَوْ يَمُوْتُ. حَدِيْثًا لَيْسَ بِالْأَغَالِيْطِ.

قَالَ أَبُوْخَالِدٍ: فَقُلْتُ لِسَعْدٍ: يَا أَبَا مَالِكٍ ! مَا أَسْوَدُ مُرْبَادًّا ؟قَالَ :شِدَّةُ الْبَيَاضِ فِيْ سَوَادٍ. قَالَ: قُلْتُ: فَمَا الْكُوْزُ مُجَخِّيًا؟ قَالَ: مَنْكُوْسًا. "

(ص:۸۲ سطر:۶ تا ۱۳)

قولہ: "عَنْ رِبْعِيِّ (بن حراش)" (ص:۸۲ سطر:۷)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مشہور تابعی ہیں، انہوں نے قسم کھائی تھی کہ جب تک مجھے اپنے جنتی ہونے کا علم نہ ہوگا اُس وقت تک ہنسوں گا نہیں، چنانچہ عمر بھر نہیں ہنسے، پھر جب انتقال ہوا تو ہنسے۔[۱]

قولہ: "فِتْنَةَ الرَّجُلِ فِيْ أَهْلِهِ" (ص:۸۲ سطر:۷)

یعنی ان کی وجہ سے حقوق اللہ صحیح ادا نہ ہوں کہ محبت میں غلو سے کام لیا جائے، یا حقوق العباد ٹھیک طور پر ادا نہ ہوں۔

قولہ: "تَمُوْجُ مَوْجَ الْبَحْرِ" (ص:۸۲ سطر:۸)

اِس میں دو وجوہِ تشبیہ ہیں:-

۱- جس طرح سمندر کے کنارے نئی آنے والی موج پہلی موج کے مقابلہ میں اشد ہوتی ہے جس کے سامنے پہلی موج ہلکی معلوم ہونے لگتی ہے، اِسی طرح ہر آنے والا فتنہ پہلے سے بڑا ہوگا کہ لوگ اِس بڑے فتنے کے سامنے پچھلے فتنے کو ہلکا سمجھیں گے۔

۲- جس طرح وسطِ سمندر میں مختلف سمتوں سے موجیں آتی ہیں، اِسی طرح یہ فتنے بھی مختلف اَطراف سے آئیں گے۔

قولہ: "فَأَسْكَتَ الْقَوْمُ" (ص:۸۲ سطر:۸)

اس کے دو معنی اہلِ لغت نے بیان کئے ہیں، ایک "خاموش ہوگئے" یعنی "اَسْكَتَ" بمعنی "سَكَتَ" بھی آتا ہے، اور دوسرے معنی ہیں گردن جھکالی، یعنی یہ لفظ اَطْرَقَ کے معنی میں بھی آتا ہے (نووی)۔[۲]

قولہ: "كَالْحَصِيْرِ عُوْدًا عُوْدًا" (ص:۸۲ سطر:۹)

جس طرح چٹائی بُنتے وقت اس میں استعمال کی جانے والی پتیاں پے درپے ایک دوسرے کے ساتھ جڑتی چلی جاتی ہیں، اِسی طرح یہ فتنے بھی پے درپے آتے جائیں گے۔

قولہ: "عَلٰى قَلْبَيْنِ" (ص:۸۲ سطر:۱۰) أی منقسمة علی قسمین من القلوب.

قولہ: "مَا دَامَتِ السَّمٰوَاتُ وَالْأَرْضُ" (ص:۸۲ سطر:۱۰) أی الی حین موته.[۳]

قولہ: "مُرْبَادًّا" (ص:۸۲ سطر:۱۰)

---

(۱) سِيَر أعلام النُّبلاء ج:۳ ص:۳۶۱۔

(۲) شرح النووی ج:۱ ص:۸۳۔

(۳) الحل المفهم ج:۱ ص:۳۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سیاہ رنگ جو سفیدی مائل ہو، اسے اُردو میں سلیٹی رنگ اور انگریزی میں گرے کہتے ہیں۔

قولہ: "کَالْکُوْزِ مُجَخِّیًا" (ص:۸۲ سطر:۱۰)

بابِ تفعیل سے لازم ہے، اسم فاعل، میم کے بعد جیم پھر خاء، اوندھا، یعنی جیسے اُلٹا لوٹا، جب لوٹے کو اُلٹا جائے تو اس میں جس طرح پانی باقی نہیں رہتا سوائے کچھ تری اور نمی کے جو اُس کے اندر لگی رہ جاتی ہے، اسی طرح قلوب میں بھی امانت کالعدم ہو جائے گی۔

قولہ: "لَا أَبَا لَکَ" (ص:۸۲ سطر:۱۱)

لفظی معنیٰ ہیں "تیرا باپ نہیں ہے۔" مراد یہ ہے کہ ہوشیار ہو جاؤ، اس معنیٰ کی لغوی معنیٰ سے مناسبت یہ ہے کہ جب تک باپ زندہ ہے تو آدمی کو فکر نہیں ہوتی، اس لئے کہ مشکل اُمور میں باپ آگے ہوتا ہے اور اولاد کو پیچھے رکھتا ہے، یا کم از کم خصوصی معاونت ضرور کرتا ہے، اور جس کا باپ حیات نہ ہو اُسے مشکلات کا خود مقابلہ کرنا پڑتا ہے، اور ظاہر ہے کہ آدمی مشکلات کا مقابلہ اُسی وقت کرسکتا ہے جب وہ ہوشیار ہو۔

قولہ: "أَنَّ ذٰلِکَ الْبَابَ رَجُلٌ یُقْتَلُ أَوْ یَمُوْتُ" (ص:۸۲ سطر:۱۱)

علامہ نووی اور علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہما اللہ نے فرمایا ہے[۱]: "اما الرجل الذی یقتل فقد جاء مبینا فی الصحیح أنّه عمر رضی اللہ عنه (الٰی قولهما) فانّ عمر رضی اللہ عنه کان یعلم أنه هو الباب کما جاء مبینًا فی الصحیح ان عمر کان یعلم من الباب کما یعلم ان قبل غدٍ اللیلة." وقولہ: "یقتلُ أو یموت" ممکن ہے حضرت حذیفہؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح شک کے ساتھ سنا ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت حذیفہ کو معلوم ہو کہ حضرت عمر قتل ہی کئے جائیں گے، مگر امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سامنے اس کی صراحت کو پسند نہ کیا ہو اور ادب کی خاطر یہ تعبیر اختیار فرمائی ہو، (کذا فی فتح الملهم)۔[۲]

قولہ: "لَیْسَ بِالْأَغَالِیْطِ" (ص:۸۲ سطر:۱۱)

جمعُ أغلوطة، وہ معمہ جس کے ذریعہ دوسرے کو غلط فہمی میں مبتلا کیا جائے[۳]، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی مراد یہ تھی کہ جو بات میں نے امیر المؤمنین کے سامنے بیان کی وہ ان کے لئے معمہ نہیں تھی بلکہ وہ اس کو پوری طرح سمجھ رہے تھے۔

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۴۲ وشرح النووی ج:۱ ص:۸۳۔
(۲) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۴۲۔
(۳) غریب الحدیث للخطابی ج:۱ ص:۳۵۴ والفائق ج:۳ ص:۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "شِدَّةُ الْبَيَاضِ فِيْ سَوَادٍ" (ص:۸۲ سطر:۱۱)
یہ نسخہ کی غلطی ہے، صحیح لفظ "شِبہُ البیاض فی السواد" ہے،[۱] جو کہ مُرباد کا صحیح ترجمہ ہے۔

۳۶۸-"حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي عُمَرَ ... (الیٰ قوله)... عَنْ رِبعِيٍّ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ حُذَيْفَةُ مِنْ عِنْدِ عُمَرَ، جَلَسَ فَحَدَّثَنَا فَقَالَ: إِنَّ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَمْسِ لَمَّا جَلَسْتُ إِلَيْهِ سَأَلَ أَصْحَابَهُ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفِتَنِ، وَسَاقَ الْحَدِيْثَ ......الخ" (ص:۸۲ سطر:۱۳ تا ۱۵)

قوله: "إِنَّ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَمْسِ" (ص:۸۲ سطر:۱۴)
اَمس سے مراد زمانۂ ماضی ہے، یعنی پچھلے دنوں، کیونکہ امیرالمؤمنین کے ساتھ مجلس مدینہ طیبہ میں ہوئی تھی، اور حضرت حذیفہؓ نے اس مجلس کا یہ حال عراق پہنچ کر وہاں کے لوگوں کو سنایا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی مستقل رہائش عراق ہی میں تھی (فتح الملهم)۔

باب بيان أنّ الإسلام بدأ غريبًا وسيعود غريبًا .... الخ

۳۷۰-"حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ عَبَّادٍ... (الیٰ قوله) ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَدَأَ الإِسْلَامُ غَرِيْبًا، وَسَيَعُوْدُ كَمَا بَدَأَ غَرِيْبًا، فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ." (ص:۸۴ سطر:۱، ۲)

قوله: "غَرِيْبًا" (ص:۸۴ سطر:۲) غریب عربی میں اجنبی کو کہتے ہیں، مطلب یہ ہے کہ قبل از اسلام عرب میں شرک کا دور دورہ تھا، توحیدِ خالص کا عقیدہ اور اسلام کی تعلیمات پوری دنیا کے لئے اجنبی تھیں، اور اسلام کو قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے والے بھی دنیا کو اجنبی لگتے تھے۔ پھر اللہ ربّ العزت نے اسلام کو دُنیا میں پھیلایا تو یہ اجنبیت دُور ہوگئی، آخر زمانے میں پھر ایک وقت ایسا آنے والا ہے کہ لوگ اسلام کی تعلیمات کو اجنبی سمجھنے لگیں گے اور ان تعلیمات پر عمل کرنے والوں کو بھی اجنبی سمجھا جائے گا۔

دورِ حاضر کے حالات پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ اس غرابت واجنبیت کا آغاز ہوچکا ہے کہ اہلِ حق پر انتہاء پسندی، رجعت پسندی، تنگ نظری اور اس طرح کے دیگر طعنے کسے جاتے ہیں۔

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۴۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "فَطُوْبٰی" (ص:۸۴ سطر:۲) طوبٰی اصل میں طُیْبٰی تھا، یا کو واؤ سے وجوباً بدلا، طوبٰی ہوگیا۔ بروزنِ فُعلٰی، موصوف محذوف ہے، أی حیاۃ طُوبٰی. قرآنِ کریم میں ہے: "فَطُوْبٰی لَهُمْ وَحُسْنَ مَاٰبٍ"[1] طُوبٰی کی ایک تفسیر خوشیوں کی زندگی سے اور ایک تفسیر جنت سے کی گئی ہے، وقیل: شَجَرَۃٌ فی الجنۃ.[2]

۳۷۱-"حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بنُ رَافِعٍ ... (الٰی قوله)... عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَأَ، وَهُوَ يَأْرِزُ بَيْنَ الْمَسْجِدَيْنِ كَمَا تَأْرِزُ الْحَيَّةُ فِيْ جُحْرِهَا." (ص:۸۴ سطر:۲،۳)

قوله: "وَهُوَ يَأْرِزُ بَيْنَ الْمَسْجِدَيْنِ" (ص:۸۴ سطر:۳)

مسجدین سے مراد مسجدِ حرام اور مسجدِ نبوی ہیں، یَأرِزُ بکسر الراء بمعنیٰ سکڑنا، سمٹنا، سانپ کے ساتھ تشبیہ صرف سکڑنے کے عمل میں ہے اور کسی اعتبار سے نہیں۔

فتح الملهم[3] میں حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کا یہ ارشاد منقول ہے کہ: یہ کیفیت دجال کے زمانہ میں ہوگی، یعنی اُس زمانے میں حرمینِ شریفین میں اہلِ اسلام فتنۂ دجال اور اس کے رُعب سے محفوظ و مامون ہوں گے، کیونکہ دجال حرمینِ شریفین میں داخل نہیں ہوسکے گا۔

باب ذهاب الإيمان اٰخر الزمان

۳۷۳-"حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ (الٰی قوله) عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُقَالَ فِي الْأَرْضِ اللّٰهُ اللّٰهُ." (ص:۸۴ سطر:۵،۶)

قوله: "لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُقَالَ فِي الْأَرْضِ اللّٰهُ اللّٰهُ" (ص:۸۴ سطر:۶)

یہاں لفظ "اللّٰهُ اللّٰهُ" دونوں مرتبہ مرفوع پڑھا جائے گا۔ اور مطلب حدیث کا یہ ہے کہ قیامت بدترین لوگوں ہی پر قائم ہوگی، یعنی کفار پر جن میں کوئی اللہ اللہ کہنے والا نہیں ہوگا۔ جیسا کہ پیچھے "باب الريح التي تكون في قُرب القيامة" میں حدیث آچکی ہے کہ: "إن الله يبعث ريحا من اليمن أَلْيَنَ مِن الحرير، فلا تدع احدًا في قلبه مثقال حبة (وفي رواية مثقال ذرّةٍ من إيمانٍ إلّا قبضَتْهُ"۔

---

(۱) الرعد آیت:۲۹۔

(۲) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۴۵۔

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۴۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ان احادیث کے بارے میں یہ اِشکال ہوسکتا ہے کہ بظاہر یہ اُس حدیث کے معارض ہیں جس میں ہے کہ: "لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِن اُمّتی ظاهرین عَلَى الحق إلٰی یومِ القیامة" کیونکہ اس کا حاصل یہ ہے کہ مؤمنین قیامت تک باقی رہیں گے۔

جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں "إلٰی یوم القیامة" سے مراد وہی نرم ولطیف ہوا ہے جو قربِ قیامت میں تمام مؤمنین کی رُوحیں قبض کرلے گی۔ خاص حادثۂ قیامت مراد نہیں۔ قالَهُ النووی۔[1]

باب جواز الإسْتِسْرَارِ بالإیمان للخائف

۳۷۵-"حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِی شَیْبَةَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ حُذَیْفَةَ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ فَقَالَ: أَحْصُوْا لِیْ كَمْ یَلْفِظُ الإِسْلَامَ. قَالَ: فَقُلْنَا: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَتَخَافُ عَلَیْنَا وَنَحْنُ مَا بَیْنَ السِّتِّمِائَةِ إِلَی السَّبعِمِائَةِ؟ قَالَ: إِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ، لَعَلَّكُمْ أَنْ تُبْتَلَوْا. قَالَ: فَابْتُلِیْنَا، حَتّٰی جَعَلَ الرَّجُلُ مِنَّا لَا یُصَلِّی إِلَّا سِرًّا." (ص:۸۴ سطر:۷تا۹)

قوله: "أَحْصُوْا لِیْ كَمْ یَلْفِظُ الإِسْلَامَ" (ص:۸۴ سطر:۸)

تلفظِ اسلام عام لفظ ہے تو بظاہر منافقین بھی اس میں شامل ہوں گے۔

سوال:- اس روایت میں چھ سو سے سات سو تک کی تعداد کا ذکر ہے، جبکہ بخاری شریف کی روایت میں پندرہ سو کی تعداد مذکور ہے۔[2]

اس کے دو جواب ہوسکتے ہیں:-

۱- یہاں مسلم کی روایت میں صرف مقاتلین کی تعداد مذکور ہے، جبکہ بخاری شریف میں مقاتلین وغیر مقاتلین کی تعداد کا بیان ہے جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں۔

۲- ہوسکتا ہے کہ یہ مردم شماری دو مرتبہ ہوئی ہو، پہلی مرتبہ تعداد چھ اور سات سو کے درمیان اور دوسری مرتبہ پندرہ سو تک پہنچ چکی ہو۔

فائدہ:- دورِ حاضر میں تقریباً تمام ممالک کے اندر مردم شماری کی جاتی ہے، اس کی اصل حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فعل سے معلوم ہوئی۔

---

(۱) هذا كله مأخوذ من شرح مسلم للنووی ج: اوّل ص:۷۵-وص:۸۴۔

(۲) صحیح البخاری، كتاب الجهاد، باب كتابة الامام الناس، رقم الحدیث: ۳۰۶۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "لا یُصَلّی إلاَّ سِرًّا" (ص:۸۴ سطر:۹)

یہ قول حضرت حذیفہ کا ہے، اور بہ ظاہر اشارہ اس طرف ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کے آخری دور میں بنوامیہ کے بعض اُمراء احیاناً اپنی تقریر اتنی لمبی کردیتے تھے کہ نماز تاخیر سے پڑھاتے تھے، یا پوری طرح سنت کے مطابق نہ پڑھاتے تھے، تو بعض متقی حضرات نماز گھر میں خفیہ طور پر اصل وقت میں پڑھ لیتے تھے، پھر مسجد میں جاکر جماعت میں بھی (بہ نیت نفل) شریک ہوجاتے تھے تاکہ فتنہ پیدا نہ ہو۔[1]

باب تألف قلب من یخاف علٰی ایمانہٖ لضعفہٖ .... الخ

۳۷۶- " حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ ... (الٰی قولہ) ... عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ ،عَنْ أَبِيهِ قَالَ:قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَسْمًا،فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! أَعْطِ فُلاَنًا فَإِنَّهُ مُؤْمِنٌ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ:أَوْ مُسْلِمٌ ، أَقُولُهَا ثَلاثًا. وَيُرَدِّدُهَا عَلَيَّ ثَلاثًا "أَوْ مُسْلِمٌ"، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ، مَخَافَةَ أَنْ يَكُبَّهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ." (ص:۸۵ سطر:۱،۲)

قولہ: "أَوْ مُسْلِمٌ" (ص:۸۵ سطر:۱)

"أوْ" بسکون الواؤ لا بفتحها. ابن الاعرابی نے اپنی معجم میں اس حدیث کی روایت میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں کہ: "لا تقل مؤمنٌ بل مسلم"[2] اس سے معلوم ہوا کہ مراد یہ ہے کہ جس شخص کی باطنی حالت کی تحقیق نہ ہو اُس کے لئے "مؤمن" کے بجائے "مسلم" کا لفظ استعمال کرنا بہتر ہے، کیونکہ ظاہر سے صرف اسلام ہی معلوم ہوسکتا ہے، (کذا فی فتح الملهم)[3]۔

أی لا تقل انّی لأراہُ مؤمنًا بل قل انّی لأراہُ مسلمًا. بندۂ ناچیز کو اس کی ایک وجہ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ اگلی روایت میں حضرت سعدؓ نے قسم بھی کھائی، اِنّ بھی داخل کیا اور لامِ تاکید کو بھی ذکر کیا، مزید یہ کہ أراہُ کا لفظ استعمال کیا ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ، جو یقین کے معنیٰ میں آتا ہے، تو آپ نے اس تاکید اکید کی تردید فرمائی جس کا حاصل یہ ہے کہ ایمان کوئی نظر آنے والی چیز نہیں کہ تم اتنے یقین سے دعویٰ کرو کہ فلاں شخص ضرور بالضرور مؤمن ہے اور پھر

(۱) فتح الباری ج:۶ ص:۱۷۸ وشرح ابن ماجة للسیوطی ج:۱ ص:۲۹۱ وشرح النووی ج:۱ ص:۸۴، والدیباج ج:۱ ص:۱۶۸۔

(۲) فتح الباری ج:۱ ص:۱۸۰ وفی المعجم الأوسط ج:۵ ص:۲۵۸، رقم الحدیث: ۵۲۵۲.

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۵۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ کہ صاحبِ وحی کے سامنے ایسا دعویٰ کرنا اور بھی زیادہ غیر مناسب تھا۔

قوله: ”وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ“ (ص:۸۵ سطر:۲)

یہ بتلانا مقصود ہے کہ میرا کسی کو مال دینا یا محروم کرنا محبت اور عدمِ محبت کی بنیاد پر نہیں بلکہ کبھی تالیفِ قلب کی مصلحت سے بھی کسی کو مال دیتا ہوں۔

قوله: ”مَخَافَةَ أَنْ يَكُبَّهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ.“ (ص:۸۵ سطر:۲)

کَبَّ یَکُبُّ کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ یہ مجرّد میں متعدی ہے بمعنیٰ اوندھے منہ گرانا اور مزید فیہ کے بابِ افعال میں لازمی ہے بمعنیٰ اوندھے منہ گرنا۔(۱)

۳۷۷-” حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ ... (الیٰ قوله)... عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ سَعْدٍ؛ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ أَعْطَى رَهْطًا، وَسَعْدٌ جَالِسٌ فِيهِمْ . قَالَ سَعْدٌ: فَتَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ مِنْهُمْ مَنْ لَمْ يُعْطِهِ، وَهُوَ أَعْجَبُهُمْ إِلَيَّ. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! مَا لَكَ عَنْ فُلاَنٍ؟ فَوَاللّٰهِ إِنِّي لأَرَاهُ مُؤْمِنًا. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَوْ مُسْلِمًا، قَالَ: فَسَكَتُّ قَلِيلاً، ثُمَّ غَلَبَنِي مَا عَلِمْتُ مِنْهُ. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! مَا لَكَ عَنْ فُلاَنٍ، فَوَاللّٰهِ إِنِّي لأَرَاهُ مُؤْمِنًا. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَوْ مُسْلِمًا. إِنِّي لأُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ، خَشْيَةَ أَنْ يُكَبَّ فِي النَّارِ عَلَى وَجْهِهِ.“ (ص:۸۵ سطر:۲ تا ۶)

قوله: ”مَا لَكَ عَنْ فُلاَنٍ؟“ (ص:۸۵ سطر:۵) أى ما لكَ تعرِضُ عن فلان.

قوله: ”إِنِّي لأَرَاهُ“ (ص:۸۵ سطر:۵)

اگر بفتح الهمزه ہو تو بمعنیٰ یقین کرنا، اور بضم الهمزه ہو تو معنیٰ گمانِ غالب کرنا، یہاں بفتح الهمزه ہے۔

۳۷۹-”حَدَّثَنَا الْحَسَنُ الْحُلْوَانِيُّ... (الی قوله)... سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سَعْدٍ يُحَدِّثُ هٰذَا. فَقَالَ فِي حَدِيثِهِ: فَضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ بِيَدِهِ بَيْنَ عُنُقِي وَكَتِفِي. ثُمَّ قَالَ: أَقِتَالاً أَيْ سَعْدُ؟ إِنِّي لأُعْطِي الرَّجُلَ.“ (ص:۸۵ سطر:۸،۹)

قوله: ”أَقِتَالاً أَيْ سَعْدُ؟“ (ص:۸۵ سطر:۹)

أى أتريد قِتالًا منّي يا سعد؟ بتلانا یہ مقصود ہے کہ سفارش میں اتنا اصرار نہیں کرنا چاہئے۔

(۱) النهاية لابن الأثير ج:۴ ص:۱۳۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب زيادة طمانينة القلب بتظاهر الأدلة

۳۸۰- "حَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى ... (الى قوله) ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ : نَحْنُ أَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ إِبْرَاهِيْمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ إِذْ قَالَ: "رَبِّ أَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتٰى قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ "قَالَ: وَيَرْحَمُ اللّٰهُ لُوْطًا، لَقَدْ كَانَ يَأْوِيْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ، وَلَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ طُوْلَ لَبْثِ يُوْسُفَ لَأَجَبْتُ الدَّاعِيَ." (ص:۸۵ سطر:۱۱ تا ۱۲)

قوله: "نَحْنُ أَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ إِبْرَاهِيْمَ" (ص:۸۵ سطر:۱۰)

یعنی اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام شک کرتے تو ہم شک کرنے کے ان سے زیادہ حق دار تھے، جب ہم نے شک نہیں کیا تو پھر ابراہیم علیہ السلام نے بھی یقیناً شک نہیں کیا۔

لیکن اِس توجیہ کے اعتبار سے حضرتِ ابراہیم علیہ السلام کی فضیلت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ظاہر ہوتی ہے۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ یا تو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تواضعاً ایسا فرمایا یا اس وقت تک آپ کو اِس بات کا علم نہیں دیا گیا ہوگا کہ آپ ابراہیم علیہ السلام سے افضل ہیں۔ وهو كقوله في حديث أنس عند مسلم: "انّ رجلًا قال للنبي صلى الله عليه وسلم: يا خير البريّة! قال: ذاك ابراهيم."

بلکہ حضرت شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانیؒ فتح الملهم میں فرماتے ہیں کہ[1]: اگر چہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کا مقصد یہ بتانا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی قدرتِ احیاءِ موتیٰ میں بالکل شک نہیں ہوا، مگر ساتھ ہی اس میں ایک لطیف اشارہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت کا بھی موجود ہے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رَبّ سے ایسا کوئی سوال سرے سے کیا ہی نہیں جو شک یا تردّد کا مُوهِم ہوتا، اگر چہ وہ موہم ہونا صورۃً ہی ہوتا، جبکہ ابراہیم علیہ السلام کے اس سوال میں یہ ایہام صورۃً موجود ہے، جب ہی تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس سوال کی نوبت آئی کہ: "أَوَ لَمْ تُؤْمِن؟" اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ جواب دینا پڑا کہ: "بَلٰى وَلٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ."

بہر حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کی تشریح اگر منطق کی اصطلاح میں کی جائے تو اسے قیاسِ استثنائی قرار دیا جاسکتا ہے، اور عبارت یوں بنے گی: "لو كان ابراهيم

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۵۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

شاكًّا لكُنّا شاكّين ولٰكنّا لسنا بشاكّين فليس ابراهيم بشاكّ."

اور خود اسی آیت میں صراحت ہے کہ ان کا یہ سوال کہ: "رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى" شک کی وجہ سے نہیں بلکہ اطمینانِ قلب کے لئے تھا، لقولہٖ تعالیٰ: "أَوَ لَمْ تُؤْمِنْ؟ قَالَ: بَلٰى وَلٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ." اس کی مثال یوں سمجھئے کہ آپ میں سے بہت سے لوگوں نے "موت کے کنویں" کا تماشا دیکھا ہے، اور بہت سوں نے نہیں دیکھا، مگر دیکھنے والوں نے ان کو تواتر سے اُس کی کیفیت بتائی ہے کہ اُس میں آدمی کنویں کی اندرونی دیوار پر کس طرح موٹر سائیکل اور کار چلاتا ہے اور گرتا نہیں ہے، نہ دیکھنے والوں کو چونکہ یہ کیفیت تواتر سے معلوم ہوئی ہے اس لئے ان کو اس کے وقوع میں شک تو نہیں مگر ان کا دل چاہتا ہے کہ وہ اس عجیب وغریب عمل کا خود بھی مشاہدہ کریں، لہٰذا اگر وہ اس کو دیکھنے کی درخواست کریں تو وہ شک کی وجہ سے نہیں بلکہ شوق کی وجہ سے ہے۔

قولہ: "لَقَدْ كَانَ يَأْوِيْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ" (ص:۸۵ سطر:۱۰)

"رُکن" کے لغوی معنی ہیں عزّت، حفاظت کرنے والی جماعت، اور قوّت دینے والی چیز۔

اس حدیث کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:-

۱- پہلا مطلب یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت لوط علیہ السلام کے صبر اور شدائد کے برداشت کرنے پر اُن پر رحم کا اظہار فرمایا کہ دیگر انبیاء تو اپنی قوم میں مبعوث ہوئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مشکلات کے وقت قوم کے بعض افراد نے ان کا ساتھ بھی دیا، لیکن لوط علیہ السلام غیر قوم کی طرف مبعوث کیے گئے تھے وہاں اُن کا دفاع اور حفاظت کرنے والی کوئی جماعت اور اپنی قوم موجود نہیں تھی، جس کی وجہ سے ان پر احساسِ تنہائی کا اتنا سخت ابتلاء گزرا کہ بے اختیار کہہ اُٹھے: "لَوْ أَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً أَوْ اٰوِيْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ"(۱) رکنِ شدید سے مراد اپنی قوم ہے۔

مگر اظہارِ ترحّم کے ساتھ حدیث میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ قوم کی مدد کی تمنا کرنا حضرت لوط علیہ السلام کے رتبہ سے کم درجے کی بات تھی، اگرچہ غیر اختیاری تھی، اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے رحمت کی دُعاء فرمائی، چنانچہ بعض روایاتِ صحیحہ میں "یغفر اللہ للوط"(۲) کے الفاظ ہیں۔

---

(۱) ھود آیت:۸۰۔

(۲) صحیح البخاری، کتاب الأنبیاء، باب وَلُوْطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ .... الخ، رقم الحدیث: ۳۱۹۵ وصحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب من فضائل ابراھیم الخلیل، رقم الحدیث: ۶۱۰۰ وسنن سعید بن منصور ج:۵ ص:۳۵۶، تفسیر سورۃ ھود الآیۃ قولہٗ: "قَالَ لَوْ أَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً أَوْ اٰوِيْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ" رقم الحدیث: ۱۰۹۷ ومسند أحمد بن حنبل ج:۱۴ ص:۳۱، رقم الحدیث: ۸۲۷۸، من مسند أبی ھریرۃ.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس حدیث کا دوسرا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ لوط علیہ السلام اپنی پیغمبرانہ شان کے مطابق قلبی طور پر اللہ ربّ العزت ہی کی طرف متوجہ تھے اور اپنی قوم اور قبیلے کی مدد کی تمنا دِل سے نہیں کر رہے تھے، بلکہ اللہ ربّ العزت ہی سے پناہ طلب کر رہے تھے اور یہ معنیٰ "لقد کان یاوی الخ" کے جملہ سے ظاہر ہیں۔[1] البتہ مہمانوں کے سامنے اپنا عذر ظاہر کرنے کے لئے ایسا فرمایا کہ میں ان کا تحفظ نہیں کرسکتا اس لئے کہ میرا قبیلہ اور کنبہ یہاں آباد نہیں۔[2] للہٰذا حضرت لوط علیہ السلام کا یہ فرمانا کہ "لَوْ کَانَ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ" ان کے مقامِ نبوّت کے منافی نہیں۔

قولہ: "وَلَوْ لَبِثْتُ فِی السِّجْنِ طُوْلَ لَبْثِ یُوْسُفَ" (ص:۸۵ سطر:۱۰)

علامہ عینیؒ کے قول کے مطابق حضرت یوسف علیہ السلام سات سال، سات ماہ، سات دِن اور سات گھنٹے جیل میں رہے (فتح الملہم)۔[3]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اِس ارشاد کی بھی دو توجیہات ہوسکتی ہیں:-

۱- آپ نے یوسف علیہ السلام کے صبر و استقامت کی تعریف کی کہ اتنا عرصہ جیل میں رہنے کے باوجود رہائی کے پیغام کو فوراً قبول نہیں کیا بلکہ پہلے اپنے اُوپر لگائی گئی تہمت سے اپنی صفائی کا مسئلہ حل فرمایا پھر جیل سے باہر آئے، اگر ان کی جگہ میں ہوتا تو فوراً باہر آجاتا۔

اِس توجیہ پر اِشکال ہوتا ہے کہ اِس صورت میں تو حضرت یوسف علیہ السلام کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر افضلیت ظاہر ہوتی ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ یا تو یہ جزوی فضیلت پر محمول ہے یا آپ نے یہ ارشاد اس زمانہ میں فرمایا جب آپ کو اس بات کا علم نہیں دیا گیا تھا کہ آپ تمام انبیائے کرام سے افضل ہیں۔[4]

۲- دوسری توجیہ کہ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی فضیلت ظاہر ہوتی ہے، یہ ہے کہ اگر اس جگہ میں ہوتا تو مکمل طور پر رضاء و تسلیم الی اللہ سے کام لیتا کہ غیر اختیاری طور پر جب مِن جانب اللہ رہائی کا انتظام ہوا تھا تو اپنی براءت کے اظہار کے بجائے اللہ ربّ العزت

---

(۱) اکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۲۵۹۔

(۲) شرح النووی ج:۱ ص:۸۵۔

(۳) عمدۃ القاری ج:۱۵ ص:۳۶۹، کتاب الأنبیاء، باب قولہ عزّ وجلّ: وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرَاهِيْمَ .... الخ وفتح الملہم ج:۲ ص:۲۶۴۔

(۴) فتح الباری ج:۶ ص:۴۱۳ تحت الحدیث رقم: ۳۳۷۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کا انعام سمجھ کر فوراً قبول کرلیتا، اور یہ بات تسلیم وتفویض اور مقامِ رضاء وعبدیت کے زیادہ قریب ہے۔[۱] واللہ أعلم بالصواب.

باب وجوب الإیمان برسالة نبینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم إلٰی جمیع الناس .... الخ

۳۸۴- "حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ ... (الٰی قوله) ... عَنْ أَبِي هُرَیْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنَ الْأَنْبِیَاءِ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا قَدْ أُعْطِيَ مِنَ الْآیَاتِ مَا مِثْلُهُ آمَنَ عَلَیْهِ الْبَشَرُ، وَإِنَّمَا كَانَ الَّذِي أُوتِیْتُ وَحْیًا أَوْحَى اللّٰهُ إِلَيَّ فَأَرْجُوْ أَنْ أَكُوْنَ أَكْثَرَهُمْ تَابِعًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ." (ص:۸۶ سطر:۱،۲)

قوله: "أُوتِیْتُ وَحْیًا" (ص:۸۶ سطر:۲)

یعنی جو خاص معجزہ مجھے دیا گیا وہ وحی ہے۔ وحی سے مراد قرآنِ حکیم ہے، اگرچہ وحی انبیاءِ سابقین پر بھی آئی لیکن اس کا مقصد تعلیم تھا، اُس وحی کو معجزہ بنانا مقصود نہ تھا، جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآنِ حکیم کو تعلیم اور معجزہ دونوں مقاصد کے لئے اُتارا گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد اِس کلام سے یہ ہے کہ میرا خاص معجزہ قرآنِ حکیم ہے، اس کی وجہ سے میرے متبعین بھی سب سے زیادہ ہوں گے۔ وجہ ظاہر ہے کہ پچھلے انبیاء کے معجزات وقتی واقعات تھے جو بعد میں نہیں دیکھے جاسکے، کیونکہ باقی نہ رہے، جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ دائمی ہے کہ ہر زمانے کے لوگ اسے دیکھ کر اور سمجھ کر اسلام قبول کرسکتے ہیں (کذا فی فتح الملهم)۔

۳۸۵- "حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ یَحْیٰى ... (الٰی قوله)... عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: رَأَیْتُ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ خُرَاسَانَ سَأَلَ الشَّعْبِيَّ فَقَالَ: یَا أَبَا عَمْرٍو! إِنَّ مَنْ قِبَلَنَا مِنْ أَهْلِ خُرَاسَانَ یَقُوْلُوْنَ، فِي الرَّجُلِ إِذَا أَعْتَقَ أَمَتَهُ ثُمَّ تَزَوَّجَهَا، فَهُوَ كَالرَّاكِبِ بَدَنَتَهُ. فَقَالَ الشَّعْبِيُّ: حَدَّثَنِي أَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ أَبِي مُوْسٰى، عَنْ أَبِیْهِ؛ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

(۱) عمدة القاری ج:۱۵ ص:۳۶۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ: رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ آمَنَ بِنَبِيِّهِ وَأَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ فَآمَنَ بِهٖ وَاتَّبَعَهُ وَصَدَّقَهُ، فَلَهُ أَجْرَانِ، وَعَبْدٌ مَمْلُوكٌ أَدَّى حَقَّ اللّٰهِ تَعَالٰى وَحَقَّ سَيِّدِهِ، فَلَهُ أَجْرَانِ، وَرَجُلٌ كَانَتْ لَهُ أَمَةٌ فَغَذَاهَا فَأَحْسَنَ غِذَائَهَا، ثُمَّ أَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ أَدَبَهَا، ثُمَّ أَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا، فَلَهُ أَجْرَانِ. ثُمَّ قَالَ الشَّعْبِيُّ لِلْخُرَاسَانِيِّ: خُذْ هٰذَا الْحَدِيثَ بِغَيْرِ شَيْءٍ. فَقَدْ كَانَ الرَّجُلُ يَرْحَلُ فِيمَا دُونَ هٰذَا إِلَى الْمَدِينَةِ." (ص:۸۶ سطر:۴ تا ۷)

قوله: "مِنْ أَهْلِ خُرَاسَانَ" (ص:۸۶ سطر:۴)

آج کل خراسان ایران کا ایک صوبہ ہے، لیکن اس زمانہ میں اس میں ایران، اُزبکستان، تاجکستان اور بلوچستان کے کچھ علاقے بھی شامل تھے۔

قوله: "كَالرَّاكِبِ بَدَنَتَهُ" (ص:۸۶ سطر:۵)

ان کا مقصد یہ تھا کہ جس طرح حرمِ مکہ میں ذبح کرنے کے لئے بھیجے گئے قربانی کے جانور پر سواری کرنا مکروہ ہے اسی طرح باندی کو آزاد کرکے نکاح کرنا بھی مکروہ ہے، کیونکہ دونوں میں قدرِ مشترک یہ ہے کہ دونوں اللہ کے نام پر ہوچکی ہیں، اب ان کو ذاتی استعمال میں لایا جارہا ہے۔ حضرت شعبیؒ نے فرمایا کہ: تمہارا یہ خیال صحیح نہیں، اور دلیل میں یہ حدیث سنائی۔

قوله: "يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ" (ص:۸۶ سطر:۵)

سوال:- یہاں پر دو اعمال کی وجہ سے دو اجر کی خوشخبری سنائی، حالانکہ جہاں بھی دو عمل پائے جائیں گے وہاں اجر بھی دو ہی ہوں گے، تو پھر اس حدیث میں بیان کئے گئے اعمال کی کیا خصوصیت ہوئی؟

جواب:- اس کے درج ذیل جوابات ہیں:-

۱- یہاں دراصل ایک شبہ کا ازالہ مقصود ہے، شبہ یہ ہوسکتا تھا کہ شاید ان کو ایک عمل کا ثواب ملے گا، دوسرے کا نہیں، مثلاً اہلِ کتاب کو صرف شریعتِ محمدی پر ایمان لانے اور عمل کرنے کا اجر تو ملے گا لیکن اپنے سابق مذہب پر اعتقاد و عمل کا کوئی اجر نہ ملے گا، اس لئے کہ وہ منسوخ ہوچکا۔ اسی طرح غلام کو حق اللہ کی ادائیگی پر تو اجر ملے گا لیکن مولیٰ کی اطاعت پر نہ ملے گا، اس لئے کہ یہ اطاعت اس کی مجبوری ہے۔ اسی طرح مولیٰ کو باندی سے حسنِ سلوک اور

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عتق کا اجر تو ملے گا لیکن نکاح کرنے کا اسے خصوصی اجر نہ ملے گا، اس لئے کہ نکاح کے مسئلہ میں یہ عام انسانوں کی طرح ہے۔

تو اس شبہ کا ازالہ فرمایا کہ نہیں، ان کو دونوں اعمال کا ثواب ملے گا۔

۲- مراد یہ ہے کہ ان کو ہر عمل کا دُگنا دُگنا اجر ملے گا، اس لئے کہ ان کے لئے ان اعمال کی ادائیگی میں مشقت زیادہ ہے[۱]، مثلاً: اہلِ کتاب کے لئے اپنا سابق مذہب چھوڑ کر اسلام قبول کرنا بہت مشکل ہے، کیونکہ پہلے جس نبی کی اتباع کر رہے تھے وہ بھی نبیٔ برحق تھے، انسان کو اپنا مذہب چھوڑنا بہت شاق ہوتا ہے۔ اسی طرح غلام کے لئے حقوق اللہ کی ادائیگی مشکل ہے، کیونکہ اُسے مولیٰ کی خدمت سے فرصت بہت کم ملتی ہے، اسی طرح باندی جس کے حقوق بیوی کی طرح کے پہلے واجب نہ تھے جو بہت زیادہ ہوتے ہیں، اب اُسے آزاد کر کے رفیقۂ حیات بنانا اور اس کے حقوق کو اپنے اُوپر لاگو کرنا بہت مشکل اَمر ہے، تو اِن کو دونوں اعمال میں سے ہر ایک پر دو دو اجر ملیں گے، واللہ أعلم۔

باب نزول عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام حاکمًا بشریعةِ نبیّنا .... الخ

۳۸۷- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ ... (الٰی قولہ) ... عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَيُوْشِكَنَّ أَنْ يَّنْزِلَ فِيْكُمُ ابْنُ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَكَمًا مُقْسِطًا، فَيَكْسِرَ الصَّلِيْبَ، وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيْرَ، وَيَضَعَ الْجِزْيَةَ، وَيَفِيْضَ الْمَالُ حَتّٰى لَا يَقْبَلَهُ أَحَدٌ." (ص:۸۷ سطر:۱،۲)

قولہ: "حَكَمًا مُقْسِطًا" (ص:۸۷ سطر:۲)

أی حال کونہ حاکمًا مُقسِطًا. اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حاکمِ عادل کی حیثیت سے نازل ہوں گے، نئی شریعت لے کر نہیں۔

(۱) البخاری بشرحِ الکرمانی ج:۲ ص:۹۰، کتاب العلم، باب تعلیم الرجل أمته وأهله، رقم الحدیث: ۹۷، وعمدة القاری تحت هذا الحدیث ج:۲ ص:۱۲۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "فَيَكْسِرَ الصَّلِيْبَ، وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيْرَ" (ص:۸۷ سطر:۲)

یعنی وہ صلیب کو توڑیں گے اور خنزیروں کو قتل کریں گے تاکہ مذہبِ نصاریٰ کی تردید عملاً بھی ہو جائے (فتح الملهم)۔[1]

قوله: "وَيَضَعَ الْجِزْيَةَ" (ص:۸۷ سطر:۲)

یعنی اس زمانہ میں صرف دو عمل ہوں گے، قبولِ اسلام اور عدمِ قبول کی صورت میں قتال۔ جزیہ قبول کر کے ذمی بنانے کا حکم نہ رہے گا۔

اس پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس سے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے حکم (قبولِ جزیہ) کا منسوخ ہونا لازم آئے گا، حالانکہ آپ کی شریعت ابدی ہے۔

جواب:- اس زمانہ میں شریعتِ محمدی کا بھی یہی حکم ہوگا کہ عدمِ قبولِ اسلام کی صورت میں جزیہ قبول نہ ہو صرف قتال کیا جائے اور اس کا شرعی حکم ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اسی حدیث سے ثابت ہوا ہے۔ دوسرے الفاظ میں یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ شریعتِ محمدیہ میں جزیہ کا حکم اَبدی نہیں بلکہ نزولِ عیسیٰ علیہ السلام تک ہے، اس کے بعد اس حکم کی مدت ختم ہو جائے گی۔

۳۸۸- "حَدَّثَنَاهُ عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ ... (الیٰ قوله)... وَفِي حَدِيْثِهِ، مِنَ الزِّيَادَةِ "وَحَتّٰى تَكُوْنَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا". ثُمَّ يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ اقْرَءُوْا إِنْ شِئْتُمْ "وَإِنْ مِّنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ" الآية." (ص:۸۷ سطر:۲ تا ۵)

قوله: "وَحَتّٰى تَكُوْنَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا"

(ص:۸۷ سطر:۴)

اگرچہ اب بھی سجدۂ واحدہ دُنیا وما فیہا سے افضل اور بہتر ہے، لیکن فقر و افلاس اور دُنیا کی محبت کی وجہ سے اس کا استحضار اکثر مسلمانوں کے دِلوں میں نہیں رہتا، اُس زمانہ میں جب مال عام ہو جائے گا اور لوگوں کے دِلوں میں مال و زر کی کوئی اہمیت نہ رہے گی، آخرت کی فکر بڑھ جائے گی تو اُس وقت اس حقیقت کا استحضار رہنے لگے گا، اور لوگوں میں عبادت کا شوق

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۸۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وذوق مال ودولت کے مقابلے میں بہت زیادہ ہوجائے گا۔[۱]

قولہ: "وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ" (ص:۸۷ سطر:۵)

اِس آیت کی تفسیر میں دوقول ہیں:-

۱- پہلا قول حضرت ابوہریرہؓ، حضرت ابنِ عباسؓ، حضرت حسن بصریؒ اور اکثر علماء سے منقول ہے کہ "بہ" کی ضمیرِ مفرد کا مرجع عیسیٰ علیہ السلام ہیں، اور "قبل موتہ" میں ضمیر کا مرجع بھی عیسیٰ علیہ السلام ہیں، مطلب یہ ہے کہ اہلِ کتاب کا ہر فرد (نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد) عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے پہلے عیسیٰ علیہ السلام پر ضرور ایمان لائے گا، اور ان پر ایمان لانے کا حاصل یہ ہوگا کہ وہ مسلمان ہوجائے گا کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کی ہے اور اُس وقت بھی کریں گے۔

۲- دوسرا قول محمد بن الحنفیہؒ کا ہے کہ "بہ" کی ضمیر کا مرجع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، اور "قبل موتہ" کی ضمیر اہلِ کتاب کی طرف لوٹ رہی ہے، تو اب مطلب یہ ہوگا کہ اہلِ کتاب کا ہر فرد اپنی موت سے قبل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ضرور ایمان لائے گا (اگرچہ غرغرہ کے وقت کا ایمان معتبر نہ ہوگا)۔ اس تفسیر کی روشنی میں اِس آیت کا نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کوئی تعلق نہ رہے گا۔[۲]

لیکن حضرت علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی ہی تفسیر کو صحیح قرار دیا ہے۔[۳]

۳۸۹- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ ... (الیٰ قولہ)... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: وَاللّٰهِ لَيَنْزِلَنَّ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَادِلاً ،فَلَيَكْسِرَنَّ الصَّلِيْبَ،وَلَيَقْتُلَنَّ الْخِنْزِيْرَ، وَلَيَضَعَنَّ الْجِزْيَةَ ،وَلَتُتْرَكَنَّ الْقِلَاصُ، فَلَا يُسْعٰى عَلَيْهَا،وَلَتَذْهَبَنَّ الشَّحْنَاءُ وَالتَّبَاغُضُ وَالتَّحَاسُدُ،وَلَيَدْعُوَنَّ إِلَى الْمَالِ فَلَا يَقْبَلُهُ أَحَدٌ ." (ص:۸۷ سطر:۵تا۷)

قولہ: "وَلَتُتْرَكَنَّ الْقِلَاصُ" (ص:۸۷ سطر:۶)

(۱) المفہم ج:۱ ص:۳۷۱ وفتح الملہم ج:۲ ص:۲۸۷۔

(۲) تفسیر طبری ج:۶ ص:۱۸وما بعدھا، وتفسیر ابن کثیر ج:۱ ص:۵۷۷، والدرُّ المنثور ج:۲ ص:۲۳۳ واکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۲۶۷۔

(۳) فتح الملہم ج:۲ ص:۲۸۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قِلاص بکسر القاف، قَلوص بفتح القاف کی جمع ہے، نوجوان اُونٹنی[۱]، مطلب یہ ہے کہ اس زمانہ میں اُونٹوں کا استعمال باقی نہیں رہے گا حتیٰ کہ نوجوان اُونٹنی جو سب سے زیادہ قیمتی ہوتی ہے اُس کا استعمال بھی متروک ہوجائے گا، اس لئے کہ ان کی ضرورت باقی نہ رہے گی، ضرورت نہ ہونے کے دو اسباب ہوسکتے ہیں:-

۱- اس زمانہ میں نئی ایجاد شدہ سواریاں اس قدر ہوں گی کہ لوگ اُونٹنی کو استعمال نہ کریں گے۔

۲- سواری کے دو اسباب زیادہ نمایاں ہوتے ہیں:-

۱ تجارت کے لئے سفر۔

۲ تبلیغ و جہاد کے لئے سفر۔

اور اِس زمانہ میں اِن دونوں کی ضرورت نہ رہے گی، اس لئے کہ مال و زر عام ہوگا اور پورے عالم میں صرف دینِ اسلام ہی ہوگا، لہٰذا نہ سفرِ تجارت کی ضرورت ہوگی، نہ سفرِ جہاد و تبلیغ کی، واللہ أعلم۔

قوله: "فَلاَ يُسْعٰى عَلَيْهَا" (ص:۸۷ سطر:۶)

اس کے دو مطلب ہوسکتے ہیں:-

۱- ان اُونٹنیوں کا استعمال اور ان کو پالنے کی کوشش متروک ہوجائے گی، کیونکہ ان کی ضرورت نہ رہے گی (جس کی تفصیل اُوپر بیان ہوئی)۔

۲- ان کی زکوٰۃ وصول نہ کی جائے گی، سعی کے معنیٰ زکوٰۃ وصول کرنا بھی آتے ہیں، اسی مناسبت سے زکوٰۃ وصول کرنے والے کو ساعی کہتے ہیں، (علامہ نوویؒ نے یہ توجیہ قاضی عیاضؒ سے نقل کرکے اسے مسترد کیا ہے)[۲] پھر زکوٰۃ وصول نہ کرنے کی دو وجوہ ہوسکتی ہیں:-

۱- لوگ اُونٹنیوں کو پالنا چھوڑ دیں گے، جس کی وجہ سے ان کی تعداد اتنی نہ ہوگی کہ جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔

۲- اس زمانہ میں مال و زر کی کثرت کی وجہ سے سرکاری طور پر جبراً زکوٰۃ وصول کرنے کی ضرورت نہ رہے گی۔

---

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۳۱۸۔

(۲) شرح النووی ج:۱ ص:۸۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور "قَلوص" کا خاص طور سے اس لئے ذکر فرمایا کہ یہ عرب میں بہترین اموال میں شمار ہوتی تھیں، جب اس پر زکوٰۃ وصول نہ کی جائے گی تو دوسری عمر کے جانوروں پر بدرجۂ اَوْلیٰ زکوٰۃ وصول نہ کی جائے گی۔

علاماتِ قیامت

یہاں مسلسل چند احادیث علاماتِ قیامت کے متعلق آئی ہیں، اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ علاماتِ قیامت کو ترتیبِ زمانی کے اعتبار سے مختصراً بیان کردیا جائے۔

علاماتِ قیامت کی تین قسمیں ہیں:-

۱- بعیدہ۔ ۲- متوسطہ۔ ۳- قریبہ۔

علاماتِ بعیدہ

علاماتِ بعیدہ وہ ہیں جن کا ظہور کافی پہلے ہو چکا ہے، ان کو علاماتِ بعیدہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ ان کے اور قیامت کے درمیان زمانی فاصلہ نسبتاً بہت زیادہ ہے۔ ان میں سے چند علامات درج ذیل ہیں:-

۱- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت۔ (۱)

۲- شق القمر کا واقعہ۔ (۲)

۳- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال۔ (۳)

۴- فتح بیت المقدس۔ (۴)

۵- جنگِ صِفّین۔

۶- فتنۂ تاتار۔

۷- نار الحجاز، وغیرہ۔ (۵)

علاماتِ متوسطہ

قیامت کی علاماتِ متوسطہ وہ ہیں جن میں سے کچھ کا آغاز صدیوں سے ہو چکا ہے اور اَب اِن میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے، اور ہوتا جائے گا یہاں تک کہ تیسری قسم کی علامات ظاہر ہونے لگیں گی، ان کی فہرست بہت طویل ہے، ان میں سے چند یہ ہیں:

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب الرقاق، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعثت أنا والساعة کهاتین، رقم الحدیث: ۶۰۲۴۔ (۲) سورۃ القمر، آیت: ۱، ۲۔

(۳و۴) سنن ابن ماجة، ابواب الفتن، باب أشراط الساعة رقم الحدیث: ۴۰۳۲۔

(۵) صحیح مسلم، کتاب الفتن، باب لا تقوم الساعة حتی تخرج نار من أرض الحجاز۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- دین پر جمنا اس طرح مشکل ہو جائے گا جس طرح ہاتھ میں انگارہ رکھنا۔
۲- لیڈر، منافق، رذیل اور فاسق لوگ ہوں گے۔ [۱]
۳- پولیس کی کثرت ہوگی۔ [۲]
۴- لڑکے حکومت کرنے لگیں گے۔
۵- تجارت بہت پھیل جائے گی۔ [۳]
۶- ناپ تول میں کمی ہوگی۔
۷- قتل کی کثرت ہوگی۔ [۴]
۸- بیوی کی اطاعت اور والدین کی نافرمانی ہوگی۔ [۵]
۹- سود، جوا، گانے کے آلات اور زنا کی کثرت ہوگی۔ [۶]
۱۰- ناگہانی اور اچانک اموات کی کثرت ہوگی، وغیرہ وغیرہ۔

علاماتِ قریبہ

علاماتِ قریبہ کا آغاز حضرت مہدی علیہ الرضوان کے ظہور سے ہوگا، اور انہی کے زمانے میں خروجِ دجال ہوگا، فتنۂ دجال انسانی تاریخ کا سخت ترین فتنہ ہوگا۔ پھر ایک صبح کے وقت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا، اس وقت امام مہدی نماز پڑھانے کے لئے آگے بڑھ چکے ہوں گے، نماز کی اقامت ہوچکی ہوگی، امام مہدی، عیسیٰ علیہ السلام کو نماز پڑھانے کے لئے دعوت دیں گے مگر وہ انکار کر دیں گے، لہٰذا اس وقت فجر کی نماز امام مہدی پڑھائیں گے۔

نماز کے بعد عیسیٰ علیہ السلام لشکرِ اسلام کی قیادت فرمائیں گے، اور بعد کی نمازوں میں بھی امامت فرمائیں گے، دجال عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھتے ہی گھلنے لگے گا جس طرح پانی میں نمک گھلتا ہے، جنگ ہوگی، دجال بھاگے گا، عیسیٰ علیہ السلام بابِ "لُد" پر اُسے قتل کر دیں گے، (واضح رہے کہ "لُد"، فلسطین کا ایک شہر ہے، اور وہاں اب بھی اسرائیل کا ایئرپورٹ ہے)، دجال کے یہودی ساتھیوں کو مسلمان چن چن کر قتل کریں گے، باقی تمام اہلِ کتاب ایمان لے آئیں گے، پھر لوگ امن وسکون کی زندگی گزار رہے ہوں گے کہ یأجوج مأجوج نکل پڑیں گے،

---

(۱) جامع الترمذی، ابواب الفتن، باب ما جاء فی النھی عن سب الریاح، رقم الحدیث: ۲۱۸۶۔
(۲) جامع الترمذی، ابواب الفتن، باب ما جاء فی فی علامة حلول المسخ والخسف۔
(۳) سنن النسائی، کتاب البیوع، باب التجارة، رقم الحدیث: ۴۳۸۰۔
(۴) صحیح البخاری، کتاب الفتن، باب ظھور الفتن، رقم الحدیث: ۶۵۳۷۔
(۵، ۶) جامع الترمذی، ابواب الفتن، باب ما جاء فی فی علامة حلول المسخ والخسف۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عیسیٰ علیہ السلام مسلمانوں کو کوہِ طور پر لے جائیں گے، یأجوج مأجوج شہروں کو روند ڈالیں گے اور زمین میں تباہی مچائیں گے۔

عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی محصور ہوجائیں گے اور غذا کی قلّت سے سخت پریشان ہوں گے، عیسیٰ علیہ السلام یأجوج مأجوج کے لئے بددُعا کریں گے تو ان کی گردنوں میں ایک پھوڑا نکل آئے گا جس سے وہ سب کے سب ہلاک ہوجائیں گے۔

پھر زمین ثمرات و برکات سے بھر جائے گی، عیسیٰ علیہ السلام اُمت کے امام ہوں گے، شریعتِ محمدی پر خود بھی عمل کریں گے اور لوگوں کو بھی اس پر چلائیں گے، اُس وقت پوری دُنیا میں دین صرف اسلام ہوگا۔

بالآخر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا وصال ہوجائے گا، پھر ان کے خلیفہ حکومت کریں گے۔

پھر آہستہ آہستہ فسق و فجور پھیلنا شروع ہوگا۔ پھر قیامت کی ایک علامت یہ ظاہر ہوگی کہ ایک روز آفتاب مشرق کی بجائے مغرب سے طلوع ہوگا اُس وقت توبہ کا دروازہ بند ہوجائے گا، جو لوگ اُس وقت یا اس کے بعد ایمان لائیں گے ان کا ایمان معتبر نہ ہوگا، اور جو پہلے سے مؤمن تھے، مگر گناہوں سے توبہ نہ کی تھی اب ان کی توبہ قبول نہ ہوگی، اس واقعہ کے ایک روز پہلے یا ایک روز بعد ایک جانور (دابّة الأرض) زمین سے نکلے گا۔

اور آخری علامتِ قیامت یہ ہوگی کہ ایک لطیف ہوا یمن سے آئے گی جو تمام مؤمنین کی رُوح قبض کرلے گی، پھر دنیا میں کوئی "اللہ، اللہ" کہنے والا باقی نہ رہے گا (کما مرَّ فی صحیح مسلم فی کتاب الإیمان)، اور بالآخر انہی بدترین لوگوں پر قیامت قائم ہوگی جو ایمان نہیں رکھتے ہوں گے۔

۳۹۳- "حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ ... (الیٰ قوله)... جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَقُوْلُ: لاَ تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِيْ يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَيَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ فَيَقُوْلُ أَمِيْرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ لَنَا. فَيَقُوْلُ: لاَ. إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ أُمَرَاءُ. تَكْرِمَةَ اللّٰهِ هٰذِهِ الْأُمَّةَ." (ص:۸۷ سطر:۱۱ تا ۱۳)

قوله: "لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِيْ" (ص:۸۷ سطر:۱۲)

طائفۂ مذکورہ سے کون سی جماعت مراد ہے؟ اس میں متعدد اقوال ہیں، راجح قول وہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے جس کو علامہ نوویؒ نے بیان فرمایا ہے[1] کہ اِس سے ایسا کوئی خاص طبقہ یا ایسی کوئی جماعت مراد نہیں جو ایک تنظیم کے طور پر کام کرتی ہو جیسی آج کل کی جماعتیں اور تنظیمیں ہوتی ہیں، بلکہ دین پر عمل کرنے والے لوگ مراد ہیں خواہ وہ متفرق و منتشر ہوں یا مجتمع۔ یہ دین کے مختلف شعبوں میں کام کرنے والے لوگ ہوسکتے ہیں، مثلاً کچھ علماء، کچھ مبلغین، کچھ مجاہدین، کچھ مصلحین، وغیرہ وغیرہ کہ ان سب کا مجموعہ ایک جماعت ہے، اور ہر زمانہ میں ایسے لوگوں کی تعداد اتنی ہوگی کہ دُشمنانِ اسلام ان کو اور دینِ حق کو مٹانے میں ناکام رہیں گے۔

قوله: "يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ" (ص:۸۷ سطر:۱۲)

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ قتال علی الحق تو ہر زمانہ میں نہیں رہتا کبھی کبھی کچھ عرصہ کے لئے وقفہ بھی آجاتا ہے۔ تو اس کا جواب ناچیز کی نظر میں یہ ہے کہ یہ درمیان میں احیاناً آنے والا معمولی وقفہ کالمعدوم ہے، جیسے کوئی بڑی جنگ مثلاً ایک ماہ تک جاری رہے، لیکن درمیان میں ایک یا دو دن کا وقفہ ہو تو بھی یہی کہا جاتا ہے کہ جنگ ایک ماہ تک جاری رہی۔

اور ایک قول یہ ہے کہ قتال سے مراد معنیٔ اعم ہیں، یعنی وہ قتال حسّی بھی ہوسکتا ہے جو جنگ کی صورت میں ہوتا ہے، معنوی بھی ہوسکتا ہے جو جنگ کے علاوہ دوسری جدوجہد کی صورت میں ہوتا ہے، اس میں اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے کی جانے والی ہر کوشش داخل ہے، مثلاً تصنیف و تألیف، وعظ و تقریر، اور موجودہ زمانے میں اس مقصد کے لئے سیاسی جدوجہد بھی شامل ہے (من فتح الملهم ج:۲ ص:۲۹۴، بزيادة)۔

قوله: "ظَاهِرِيْنَ" (ص:۸۷ سطر:۱۳)

أى غالبين، يعني غير مغلوبين، والله أعلم.

قوله: "إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ" (ص:۸۷ سطر:۱۳)

أى الٰى قرب يوم القيٰمة كما لا يخفى. ہوسکتا ہے کہ یہاں "يوم القيامة" سے مراد وہ لطیف ہوا ہو جو تمام مؤمنین کی رُوح قبض کرلے گی، جس کا ذکر پیچھے مستقل باب میں آیا ہے (فتح الملهم)۔

باب بيان الزمن الّذى لا يقبل فيه الإيمان

۳۹۶- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ... (الٰى قوله) ...عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۸۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: ثَلاثٌ إِذَا خَرَجْنَ، لا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا: طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدَّجَّالُ، وَدَابَّةُ الأَرْضِ۔" (ص:۸۸ سطر:۵ تا ۷)

قوله: "ثَلاثٌ" (ص:۸۸ سطر:۶)

أي امارات ثلٰث. مراد یہ ہے کہ تینوں علامات (یعنی طلوع الشمس من المغرب وخروج الدّجال وخروج دابّۃ الأرض) کے مجموعہ کے ظہور کے بعد توبہ کا دروازہ بند ہوگا۔

آفتاب کا سجدہ اور طلوع الشمس مِن مَغْرِبِهَا

۳۹۷- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ ... (الٰی قوله) ... عَنْ أَبِي ذَرٍّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ يَوْمًا: أَتَدْرُوْنَ أَيْنَ تَذْهَبُ هٰذِهِ الشَّمْسُ؟ قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: إِنَّ هٰذِهِ تَجْرِيْ حَتّٰى تَنْتَهِيَ إِلٰى مُسْتَقَرِّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ، فَتَخِرُّ سَاجِدَةً، وَلا تَزَالُ كَذٰلِكَ حَتّٰى يُقَالَ لَهَا: ارْتَفِعِيْ، ارْجِعِيْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ، فَتَرْجِعُ، فَتُصْبِحُ طَالِعَةً مِنْ مَطْلِعِهَا، ثُمَّ تَجْرِيْ حَتّٰى تَنْتَهِيَ إِلٰى مُسْتَقَرِّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ، فَتَخِرُّ سَاجِدَةً، وَلا تَزَالُ كَذٰلِكَ حَتّٰى يُقَالَ لَهَا: ارْتَفِعِيْ، ارْجِعِيْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ فَتَرْجِعُ، فَتُصْبِحُ طَالِعَةً مِنْ مَطْلِعِهَا. ثُمَّ تَجْرِيْ لا يَسْتَنْكِرُ النَّاسُ مِنْهَا شَيْئًا حَتّٰى تَنْتَهِيَ إِلٰى مُسْتَقَرِّهَا ذَاكَ، تَحْتَ الْعَرْشِ. فَيُقَالُ لَهَا: ارْتَفِعِيْ، أَصْبِحِيْ طَالِعَةً مِنْ مَغْرِبِكِ فَتُصْبِحُ طَالِعَةً مِنْ مَغْرِبِهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَتَدْرُوْنَ مَتٰى ذَاكُمْ؟ ذَاكَ حِيْنَ لا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا." (ص:۸۸ سطر:۷ تا ۱۱)

قوله: "قَالَ يَوْمًا: أَتَدْرُوْنَ أَيْنَ تَذْهَبُ هٰذِهِ الشَّمْسُ؟" (ص:۸۸ سطر:۸)

جدید وقدیم علمِ فلکیات کے نظریات اس حدیث کے ظاہری اور متبادر مفہوم کے خلاف ہیں، جس کی وجہ سے یہاں متعدد اعتراضات وارد ہوتے ہیں۔(۱) مگر ان سے پہلے چند الفاظ کی

(۱) شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ کا رسالہ "سجود الشمس" انہی اعتراضات کے جوابات پر مشتمل ہے، اور چھپ چکا ہے، مگر اُس میں قدیم فلکیات کی رُو سے پڑنے والے اعتراضات کا تو کافی شافی جواب ہے جدید علمِ فلکیات کی رُو سے پڑنے والے اُس اعتراض کا جواب نہیں ہے جو ناچیز اس بحث کے آخر میں ذکر کرے گا۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

طرف توجہ دلانا ضروری ہے:-

۱- حدیث شریف میں "أین تذهب هذه الشمس" کے الفاظ ہیں نہ کہ "أین تغرب"۔ البتہ اسی باب کی روایت میں صراحت آرہی ہے کہ یہ گفتگو مغرب کے بعد ہوئی تھی جس کے باعث عام طور سے قاری کا ذہن اس طرف چلا جاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد یہ بتانا تھا کہ یہ آفتاب روزانہ غروب ہوکر کہاں جاتا ہے حالانکہ حدیث میں "أین تذهبُ" ہے نہ کہ "أین تغرب" اس لئے بندۂ ناچیز کا خیال ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ بتلانا تھا کہ سورج کہا جارہا ہے، نہ کہ یہ بتلانا کہ روزانہ غروب ہونے کے بعد کہاں جاتا ہے۔

کیونکہ صحیح مسلم شریف کے تمام طُرُق میں "تَذْهَبُ" کا لفظ ہے، "تَغرُبُ" کا نہیں، اور بخاری شریف کے صرف ایک طریق میں "تغرُب" کا لفظ ہے[1] اس کے علاوہ بخاری کے بھی کسی طریق میں "تَغْرُب" کا لفظ نہیں، جس کی تفصیل یہ ہے کہ:

صحیح بخاری میں حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کی یہ روایت کل پانچ طُرُق سے آئی ہے، ان میں سے دو طریق تو بہت مختصر ہیں، ایک کتاب التفسیر[2] میں اور دوسرا کتاب التوحید[3] میں، اِن میں صرف اتنا مضمون ہے کہ ابو ذر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے (سورۂ یٰسین کی آیت) "وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا" کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: "مُسْتَقَرُّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ" یعنی آفتاب کا مستقرّ (ٹھکانا) عرش کے نیچے ہے۔ اِن دونوں طُرُق میں نہ آفتاب کے جانے یا غروب ہونے کا ذکر ہے نہ سجدے کا، نہ اُس کے مغرب سے طلوع ہونے کا۔

باقی تین طُرُق میں سے دو میں سورج کے سجدے اور مغرب سے طلوع ہونے کا بھی ذکر ہے، ان میں سے ایک حدیث "کتاب[4] بَدْءِ الخلق" میں، اور دوسری حدیث کتاب التوحید[5] میں آئی ہے، اِن دونوں حدیثوں میں بھی "تَذْهَبُ" کا لفظ ہے، "تَغْرُبُ" کا نہیں۔

---

(۱) صحیح البخاری، کتاب التفسیر، باب قوله "وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ" رقم الحدیث: ۴۸۰۲۔

(۲) باب وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ... الخ (سورة یٰسین)

(۳) باب قول الله تعالیٰ: "تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِکَةُ وَالرُّوْحُ اِلَیْهِ".

(۴) باب صفة الشمس والقمر (بحُسبان).

(۵) باب قوله: "وَکَانَ عَرْشُهٗ عَلَی الْمَآءِ" وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

البتہ تیسرا طریق جو "کتاب التفسیر" میں آیا ہے، اُس کے الفاظ یہ ہیں:[۱]

عن ابی ذرّ قال کنتُ مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد عند غروب الشمس فقال: یا ابا ذرّ اَتَدْرِی این تَغْرُبُ الشمس؟ قلت: اللہ ورسولُهٗ اعلم، قال: فَاِنَّهَا تَذْهَبُ حتی تَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ فذٰلک قولُهٗ تعالیٰ: "وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ"

خلاصہ یہ کہ بخاری کے بھی صرف اس ایک طریق میں لفظ "تَغْرُبُ" ہے، لیکن آپ دیکھ رہے ہیں کہ امام مسلمؒ نے ابو ذر رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ۳ طُرُق سے ذکر کی ہے اُن سب میں "تَذْهَبُ" کا لفظ ہے، اور بخاری کے بھی تین طُرُق میں سے دو میں "تَذْهَبُ" ہے، صرف ایک طریق میں "تَغْرُب" آیا ہے۔ یعنی صحیحین کے کل چھ طُرُق میں سے پانچ میں "تَذْهَبُ" ہے، اور صرف ایک میں "تَغْرُبُ"۔

لہٰذا کہا جاسکتا ہے کہ محفوظ لفظ "تَذْهَبُ" ہے اور "تَغْرُبُ" کا لفظ راوی نے اپنے فہم کے مطابق روایت بالمعنیٰ کے طور پر ذکر کیا ہے، بندے کو اس تحقیق کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ قدیم وجدید علمِ فلکیات کی رُو سے اس حدیث پر بادی النظر میں کئی اِشکال ہوتے ہیں، ان میں سے کئی اِشکالات کا جواب اسی تحقیق پر موقوف ہے، جیسا کہ آگے عرض کروں گا۔

۲- قولہ: "تجری" (ص:۸۸ سطر:۸)

۱- بہنا، ۲- دوڑنا، ۳- تیرنا۔ یہاں آخری دونوں معنیٰ مراد ہوسکتے ہیں۔

علمِ فلکیات کے اعتراضات اور ان کے جوابات

سوال نمبر۱:- اگر یہ مان لیا جائے کہ غروب کے بعد سورج اپنے مدار سے ہٹ کر تحت العرش جاتا ہے اور وہاں سجدہ کرتا ہے تو اس کا تقاضا یہ ہے کہ ہر ۲۴ گھنٹے بعد ایک طویل مدت تک پوری دنیا میں اندھیرا رہے، اور اس کے بعد پھر سورج طلوع ہو، اس لئے کہ عرشِ الٰہی ساتویں آسمان سے بھی اُوپر ہے، تو سورج اِن تمام آسمانوں کو عبور کرتا ہوا عرش کے نیچے پہنچے گا، وہاں سجدے میں پڑا رہے گا، اجازت ملنے پر پھر انہی آسمانوں کو عبور کرتا ہوا واپس آئے گا،

(۱) صحیح البخاری، کتاب التفسیر، باب قولہٖ "وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ" رقم الحدیث: ۴۸۰۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حالانکہ ان آسمانوں کے درمیان بہت ہی طویل مسافت ہے، تو ساتوں آسمانوں کے آر پار سفر کرنے اور سجدہ میں تا اجازت پڑے رہنے میں نہ جانے کتنے سال کا بہت ہی طویل عرصہ لگے گا، لہٰذا سورج کو اس طویل عرصہ تک غائب رہنا چاہئے، حالانکہ واقعہ اس کے بالکل خلاف ہے۔

جواب:- اس کا جواب یہ ہے کہ سورج کا مستقر بھی تحت العرش ہے جس طرح کہ خود سورج اور دیگر اجرامِ فلکیہ تحت العرش ہیں، اور ان سب کا مدار بھی جس پر یہ گردش کرتے ہیں تحت العرش ہے، لہٰذا سورج کو سجدہ کرنے کے لئے کہیں دُور جانے کی ضرورت نہیں، اپنے مدار پر رہتے ہوئے ہی وہ سجدہ کرسکتا ہے۔

سوال نمبر۲:- سورج ہر وقت دُنیا کے کسی نہ کسی حصہ میں غروب ہوتا رہتا ہے، تو اس کا تقاضا یہ ہے کہ سورج ہر وقت سجدہ میں رہے؟

جواب:- اس کا ایک جواب یہ دیا گیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ یہاں پر غروب سے خاص غروب یعنی مدینہ طیبہ کا غروب مراد ہو۔ لیکن بندۂ ناچیز کے نزدیک اس کا تحقیقی جواب وہ ہے جو آگے سوال نمبر۵ کے تحت آئے گا۔

سوال نمبر۳:- سجدہ کرنا تو ذوی العقول کی صفت ہے، جبکہ سورج عقل نہیں رکھتا؟

جواب:- اس کا جواب یہ ہے کہ ہر مخلوق کا سجدہ اور عبادت اس کی شان اور ہیئت کے مطابق ہوتی ہے، لقولہٖ تعالیٰ: "وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ"[1] البتہ ان کا طریقہ ہمیں یقینی طور پر معلوم نہیں۔ اور یہ طریقہ معلوم ہونے پر ہمارا کوئی عقیدہ یا عمل موقوف بھی نہیں۔

سوال نمبر۴:- سجدہ کرنے کے لئے سورج کو کچھ دیر تک رُکنا پڑے گا اسی طرح اجازت طلب کرنے اور ملنے میں بھی کچھ وقت لگے گا، حالانکہ ہم دیکھتے ہیں کہ سورج کی حرکت ایک سیکنڈ کے لئے بھی بند نہیں ہوتی؟

جواب:- سجدہ کرنے کے لئے رُکنا کوئی ضروری نہیں، ہم دُنیا کے اندر دیکھتے ہیں کہ بہت سے افعال چلنے کے ساتھ ساتھ وجود میں آتے رہتے ہیں، مثلاً فوج اپنی پریڈ کے ساتھ ساتھ سربراہِ مملکت کو سلامی پیش کرتی ہے۔ اور اجازت طلب کرنے کے لئے بھی کسی مستقل

---

(۱) بنی اسرائیل آیت:۴۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وقت کی ضرورت نہیں اس کا مشاہدہ بھی ہم روزمرہ کرتے ہیں، مثلاً ہوائی جہاز چلتے چلتے ایئرپورٹ پر اُترنے یا آگے جانے کی اجازت کنٹرول ٹاور سے طلب کرتا ہے۔

سوال نمبر۵:- مذکورہ حدیث کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ آفتاب کی یومیہ حرکت سے لیل ونہار وجود میں آتے ہیں، جیسا کہ قدیم علمِ ہیئت (علمِ فلکیات) میں بطلیموس کا نظریہ بھی یہی تھا، حالانکہ جدید علمِ ہیئت (علمِ فلکیات) کی تحقیق کے مطابق یہ لیل ونہار کا وجود زمین کی محوری گردش کا نتیجہ ہے جو مشرق کی طرف گھومنے سے ہر ۲۴ گھنٹے میں پوری ہوتی ہے۔ نہ کہ آفتاب کی یومیہ گردش کا۔

جواب:- بندے کو اس سوال کا جواب تلاشِ بسیار کے باوجود کہیں منقول نہیں ملا، تاہم بندے کے نزدیک اس کا جواب جدید علمِ فلکیات کی رُو سے یہ ہوسکتا ہے کہ اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورج کی یومیہ حرکت کو یعنی غروب کے بعد کی حرکت کو بیان نہیں فرما رہے، کیونکہ اس حدیث میں محفوظ لفظ "أینَ تَغْرُب" نہیں بلکہ "أینَ تَذْهَبُ" ہے۔ جیسا کہ اس بحث کے بالکل شروع میں تفصیل سے عرض کیا گیا۔ بلکہ یہ بتلانا مقصود ہے کہ آفتاب اپنے مستقر کی طرف چلا جارہا ہے، اور وہاں پہنچ کر سجدہ کرتا ہے، اور آفتاب کا گردش میں ہونا جدید علمِ فلکیات کی رُو سے بھی ثابت ہے۔ جیسا کہ عنقریب عرض کروں گا۔ باقی یہ بات کہ اس کا اپنے مستقر تک پہنچنے اور وہاں سے دوبارہ چل کر اپنے اُسی مستقر تک واپس آنے میں کتنا عرصہ لگتا ہے؟ تو اس کا بیان حدیثِ مذکور میں نہیں، یعنی اس حدیث کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آفتاب روزانہ زمین کے گرد اپنا ایک چکر پورا کرتا ہے، اور اسی چکر کے دوران وہ سجدہ کرتا ہے، بلکہ حدیث میں بندے کے نزدیک آفتاب کی ایک اور گردش کا ذکر ہے جس کی کچھ تفصیل آگے آرہی ہے۔

اور ہوسکتا ہے کہ مستقرَ سے وہ جگہ مراد ہو جہاں سے سورج نے کبھی حرکت کا آغاز کیا تھا، اِس بات کی تائید جدید علمِ ہیئت کی اس تحقیق سے بھی ہوتی ہے کہ سورج اپنے محور پر حرکت کرتے ہوئے اپنے پورے نظامِ شمسی کے ساتھ -جس میں زمین بھی داخل ہے- "نسر واقع" ستارہ (جو سورج سے کئی ہزار سال کے فاصلہ پر واقع ہے) کی طرف گیارہ میل فی سیکنڈ کی رفتار سے (اور بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ ساڑھے گیارہ میل فی سیکنڈ کی رفتار سے) دوڑا جارہا ہے۔ [1]

(۱) الهيئة الوسطیٰ ص:۲۷ (رفیع)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تو ہوسکتا ہے کہ اس حدیث میں "تـذهـبُ" کے لفظ سے سورج کی یہی گردش مراد ہو جس کے نتیجہ میں سورج بار بار اپنے مستقر پر (جس کا سورج سے موجودہ فاصلہ ہمیں معلوم نہیں) ہزاروں برس کے بعد پہنچتا ہو اور وہاں پہنچ کر وہاں رُکے بغیر ہر مرتبہ سجدہ کرکے اجازت طلب کرتا ہو، اور اسی طرح اس کی یہ گردش اپنے نظامِ شمسی کے ساتھ جس میں زمین بھی داخل ہے جاری رہتی ہو، اور قربِ قیامت میں جب اُسے اپنے مستقر پر پہنچ کر رجعتِ قہقری کا یعنی پیچھے لوٹنے کا حکم ہوگا اور وہ پیچھے لوٹے گا تو اُس کی اس انتہائی درجے کی انقلابی حرکت کی وجہ سے زمین جو اس کے ساتھ ساتھ کشش کی وجہ سے چلی آرہی تھی، ممکن ہے اُس کی محوری حرکت میں یہ تبدیلی آجائے کہ وہ حرکت مشرق کے بجائے مغرب کی طرف پلٹ جائے، جس کے نتیجہ میں لامحالہ زمین میں طلوع الشمس من مغربها کا عجیب واقعہ رُونما ہوجائے گا۔ مذکورہ جواب کے خلاف حدیثِ باب میں کوئی لفظ نہیں ہے، سوائے لفظ "تَـغْـرُبُ" کے، مگر اُس کا حال آپ پیچھے جان چکے ہیں کہ صرف ایک طریق کے علاوہ باقی سب طُرُق میں لفظ "تَـذْهَـبُ" آیا ہے نہ کہ "تَغْرُبُ" واللہ أعلم۔

سوال:- قرآنِ حکیم میں اللہ ربّ العزت نے ارشاد فرمایا ہے: "وَاَلْقٰى فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ"[1] یعنی اللہ ربّ العزت نے پہاڑوں کو اس لئے پیدا فرمایا تا کہ زمین حرکت نہ کرے جب کہ جدید تحقیق یہ ہے کہ زمین مسلسل حرکت میں ہے۔

جواب:- اس آیت میں جس حرکت کی نفی کی جارہی ہے اس سے مراد ڈولنے اور ہچکولے دینے والی حرکت ہے، اِس آیت کا محوری حرکت کے انکار سے کوئی تعلق نہیں، کیونکہ زمین ایسی محوری حرکت کر رہی ہے کہ اس کی وجہ سے ہچکولے نہیں آتے جیسے جیٹ طیارہ جب ایسی فضاء میں جہاں بادل نہ ہوں، جب ایک ہی رفتار سے ایک ہی زوایہ پر چلتا ہے، تو اس کے اندر اِس قدر سکون کی کیفیت ہوتی ہے کہ بسا اوقات اندر بیٹھنے والے کو بھی یہ احساس نہیں ہوتا کہ طیارہ حرکت کر رہا ہے۔[2]

---

(۱) النحل آیت: ۱۵۔

(۲) اِن اِشکالات و جوابات سے متعلق مزید تفصیلی مطالعہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمہ اللہ کی تالیفاتِ عثمانی ص: ۴۲۱ - ۴۵۷ میں رسالہ: سجود الشمس۔ مگر ان میں صرف قدیم علمِ ہیئت کی بنیاد پر پڑنے والے اعتراضات کا جواب ہے، جدید علمِ ہیئت کی بنیاد پر پڑنے والے اعتراضات کا کوئی جواب نہیں ہے۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب بدء الوحی الیٰ رسول ﷺ

۴۰۱– "حَدَّثَنِی أَبُو الطَّاهِرِ ... (الیٰ قوله)... عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِی عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ؛ أَنَّ عَائِشَةَ زَوجَ النَّبِیِّ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ؛ أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ مِنَ الْوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةَ فِی النَّوْمِ ... (الیٰ قوله)...قَالَ وَرَقَةُ بْنُ نَوْفَلٍ: يَا ابْنَ أَخِیْ! مَاذَا تَرَی فَأَخْبَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ خَبَرَ مَا رَآهُ. فَقَالَ لَهُ وَرَقَةُ: هٰذَا النَّامُوْسُ الَّذِیْ أُنْزِلَ عَلٰی مُوْسٰی صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ، يَا لَيْتَنِیْ فِيْهَا جَذَعًا، يَا لَيْتَنِیْ أَكُوْنُ حَيًّا حِيْنَ يُخْرِجُكَ قَوْمُكَ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَوَمُخْرِجِیَّ هُمْ. قَالَ وَرَقَةُ: نَعَمْ. لَمْ يَأْتِ رَجُلٌ قَطُّ بِمَا جِئْتَ بِهِ إِلَّا عُوْدِیَ، وَإِنْ يُدْرِكْنِیْ يَوْمُكَ أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا." (ص:۸۸ سطر:۱۶ تا ۲۵)

قوله: "يَا لَيْتَنِیْ فِيْهَا" (ص:۸۸ سطر:۲۴)

أی فی أیام نبوّتک، قاله القاضی عیاض فی شرحه لصحیح مسلم المسمّٰی بـ"اکمال المعلم بفوائد مسلم".[1]

وقوله: "جَذَعًا" (ص:۸۸ سطر:۲۴)

بفتح الجیم والذال المعجمة، (فتح الملهم) أی شابًّا.[2]

۴۰۴– "حَدَّثَنِی أَبُو الطَّاهِرِ ... (الیٰ قوله) ... أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِیَّ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ كَانَ يُحَدِّثُ. قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ، قَالَ فِی حَدِيْثِهِ، فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِیْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ، فَرَفَعْتُ رَأْسِیْ، فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِیْ جَاءَنِیْ بِحِرَاءٍ جَالِسًا عَلٰی كُرْسِیٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: فَجُئِثْتُ مِنْهُ فَرَقًا، فَرَجَعْتُ فَقُلْتُ: زَمِّلُوْنِی زَمِّلُوْنِی. فَدَثَّرُوْنِیْ. فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی: يٰأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ

(۱) ج:۱ ص:۴۸۹۔

(۲) اکمال المعلم بفوائد مسلم ج:۱ ص:۴۸۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ، وَهِيَ الْأَوْثَانُ قَالَ: ثُمَّ تَتَابَعَ الْوَحْيُ."

(ص:۹۰ سطر:۴ تا ۷)

قوله: "فَجُئِثْتُ" (ص:۹۰ سطر:۶)

اس روایت میں جیم کے بعد ہمزہ مکسورہ اور اس کے بعد ثائے مثلثہ ہے، مگر اگلی سے اگلی روایت میں جیم کے بعد ہمزہ کے بجائے بھی ثاء ہے، اور اس کے بعد بھی ثاء ہے، یعنی جیم کے بعد دو ثاء ہیں، لیکن یہ لفظ خواہ ہمزہ اور ثاء کے ساتھ ہو یا ہمزہ کے بجائے دو ثاء کے ساتھ دونوں صورتوں میں اس کے معنی ایک ہی ہیں، یعنی "فزِعتُ و رُعِبتُ" (میں گھبرا گیا، مرعوب ہوگیا) (نووی)۔[1]

قوله: "يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ، قُمْ فَأَنْذِرْ" (ص:۹۰ سطر:۷)

غارِ حرا میں نازل ہونے والی سب سے پہلی وحی (اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الخ) میں ابلاغ کا حکم نہیں تھا، سورۂ مدثر کی ان آیات میں تبلیغ کا حکم بھی آ گیا۔ وحی کا آغاز قراءت کے حکم اور علم و تعلیم کے بیان سے ہوا، پھر تقریباً تین سال بعد دعوت کے کام کا آغاز ہوا۔

٤٠٧ — "وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ ... (الىٰ قوله)... يَحْيٰى يَقُوْلُ: سَأَلْتُ أَبَا سَلَمَةَ: أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ قَبْلُ؟ قَالَ: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ. فَقُلْتُ: أَوِ اقْرَأْ؟ فَقَالَ: سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ: أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ قَبْلُ؟ قَالَ: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ. فَقُلْتُ: أَوِ اقْرَأْ؟ قَالَ جَابِرٌ: أُحَدِّثُكُمْ مَا حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ...... الحديث." (ص:۹۰ سطر:۱۱ تا ۱۵)

قوله: "أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ قَبْلُ؟ قَالَ: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ" (ص:۹۰ سطر:۱۲)

یہ کسی راوی کا وہم ہے، اور باطل ہے، اس باب کی پچھلی روایات سے ثابت ہے کہ سب سے پہلے اقرأ کا نزول ہوا، اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ہی پچھلی روایات میں صراحت ہے کہ سورۃ المدثر کا نزول فترۃ الوحی کے بعد ہوا ہے اور اُن میں یہ الفاظ بھی اس معنیٰ میں صریح ہیں: فاذا الملک الذی جاءنی بحراء۔[2]

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۱ ص:۹۰۔

(۲) شرح نوویؒ ج:۱ ص:۹۰ وفتح الملهم ج:۲ ص:۳۲۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب الإسراء برسول الله صلی اللہ علیہ وسلم الخ (ص:۹۱)

۴۰۹- "حدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ ... (الٰى قوله) ...عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: أُتِيتُ بِالْبُرَاقِ، (وَهُوَ دَابَّةٌ أَبْيَضُ طَوِيْلٌ فَوْقَ الْحِمَارِ وَدُوْنَ الْبَغْلِ، يَضَعُ حَافِرَهُ عِنْدَ مُنْتَهٰى طَرْفِهِ) قَالَ: فَرَكِبْتُهُ حَتّٰى أَتَيْتُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ. قَالَ: فَرَبَطْتُهُ بِالْحَلْقَةِ الَّتِيْ يَرْبِطُ بِهِ الْأَنْبِيَاءُ... (الٰى قوله) ...ثُمَّ عَرَجَ بِيْ إِلَى السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ. فَقِيْلَ مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: جِبْرِيْلُ. قِيْلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. قِيْلَ: وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ. فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِاٰدَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (الٰى قوله) فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِيُوْسُفَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ، وَإِذَا هُوَ قَدْ أُعْطِيَ شَطْرَ الْحُسْنِ، ... (الٰى قوله)...ثُمَّ ذَهَبَ بِيْ إِلَى السِّدْرَةِ الْمُنْتَهٰى، وَإِذَا وَرَقُهَا كَآذَانِ الْفِيَلَةِ، وَإِذَا ثَمَرُهَا كَالْقِلَالِ. قَالَ: فَلَمَّا غَشِيَهَا مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ مَا غَشِيَ ...الحديث." (ص:۹۱ سطر:۱ تا ۱۱)

قوله: "يَضَعُ حَافِرَهُ عِنْدَ مُنْتَهٰى طَرْفِهِ" (ص:۹۱ سطر:۱)

یعنی براق اپنی نظر کی رفتار سے اُڑ رہا تھا، سائنسی تحقیقات سے تیز رفتاری کی ابھی تک کوئی حد مقرر نہیں ہوسکی، لیکن اتنی بات ثابت ہوسکی ہے کہ روشنی کی رفتار ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل فی سیکنڈ ہے، اور یہ بات قطعی طور پر کہی جاسکتی ہے کہ بُراق کی رفتار روشنی کی رفتار سے بہت زیادہ تھی، اس لئے کہ اگر روشنی کی رفتار سے سفر کیا جائے تو صرف آسمانِ دنیا تک پہنچنے میں ہزاروں نوری سال درکار ہوتے، کیونکہ اِس آسمان کے نیچے لاتعداد کہکشائیں ہیں، اور ہر کہکشاں کے اندر لاتعداد نظامِ شمسی ہیں، اور ہر نظامِ شمسی دوسرے سے ہزاروں نوری سال کے فاصلہ پر واقع ہے، تو آسمان تک پہنچنے میں اِن سب کو عبور کرنے کے لئے بہت ہی طویل عرصہ درکار ہے، اور ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی رات میں آنے جانے کا سارا سفر مکمل کرکے واپس تشریف لائے، تو معلوم ہوا کہ آپ کی رفتار روشنی کی رفتار سے اتنی زیادہ تھی کہ اُس کا حساب کرنا اب تک سائنس کے لئے ممکن نہیں ہوا۔ حدیثِ باب میں براق کی رفتا اُس کی نظر کی رفتار کے برابر بتائی گئی ہے، مگر اُس کی نظر کی رفتار کیا تھی؟ وہ اس حدیث میں بیان نہیں کی گئی، لیکن ماننا پڑے گا کہ اُس کی نظر کی رفتار روشنی کی رفتار سے بہت زیادہ تھی جس کا

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حساب لگانا بھی ہمارے لئے اب تک ممکن نہیں۔

قوله: "فَرَبَطْتُهُ بِالْحَلْقَةِ" (ص:۹۱ سطر:۲)

سوال ہوتا ہے کہ بُراق تو آیا ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کے لئے تھا اور اُسے آپ کے لئے مسخر کردیا گیا تھا، پھر اسے باندھنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

جواب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عمل اُمت کو اسباب اختیار کرنے کی تعلیم دینے کے لئے کیا۔

قوله: " وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ؟ " (ص:۹۱ سطر:۳) واو عطف کا ہے اور حرفِ اِستفہام مقدر ہے، یعنی کیا اُن (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف پیغام (یہاں آنے کا) بھیجا گیا ہے؟ (فتح الملهم)۔

قوله: "فَإِذَا أَنَا بِآدَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ" (ص:۹۱ سطر:۳)

اِشکال ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے اجسادِ مبارکہ تو زمین میں ہیں، پھر یہ آسمانوں میں کیسے چلے گئے؟ جواب یہ دیا گیا ہے کہ یا تو ان کی اَرواح ہی کو وہاں اجساد کی شکل دے دی گئی تھی، یا ان کے اجساد کو بھی زمین سے وہاں پہنچادیا گیا تھا، تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرسکیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مزید اِعزاز واِکرام ہو۔ اس دُوسرے اِحتمال کی تائید حضرت انس رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے ہوتی ہے جو حافظؒ نے فتح الباری میں نقل کی ہے کہ: "وَبُعِثَ لَهُ آدَمُ فَمَنْ دُونَهُ من الأنبياء" فافهم، كذا في الفتح (فتح الملهم ج:۲ ص:۳۴۹ وص:۳۷۳)۔

قوله: "وَإِذَا هُوَ قَدْ أُعْطِيَ شَطْرَ الْحُسْنِ" (ص:۹۱ سطر:۶)

شطر کے متعدد معانی ہیں، یہاں "نصف" کے معنیٰ میں استعمال ہوا ہے۔

بیہقی کی روایت میں حضرت ابوسعیدؓ سے اور طبرانی کی روایت میں حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً یہ منقول ہے کہ: "فاذا أنا برجل أحسن ما خلق الله، قد فُضِّلَ الناس بالحسن كالقمر ليلة البدر على سائر الكواكب" اس روایت کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ یوسف علیہ السلام سب انسانوں سے زیادہ حسین تھے، لیکن ترمذی نے حضرت انسؓ سے روایت کی ہے کہ: "ما بعث الله نبيًا إلّا حسن الوجه حسن الصوت، وكان نبيكم أحسنهم وجهًا وأحسنهم صوتًا" لہٰذا ترمذی کی اس روایت کی بناء پر بیہقی اور طبرانی کی روایت کو اس پر محمول کیا جائے گا کہ اُس میں "الناس" سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ باقی انسان ہیں، ويؤيّده قول من قال: "إنَّ المتكلم لا يدخل في عموم خطابه"۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور حدیثِ باب کا جواب علامہ ابن المنیر نے یہ دیا ہے کہ "شطر الحسن" سے مراد یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو حسن دیا گیا تھا حضرت یوسف علیہ السلام کو اُس کا نصف دیا گیا (کذا فی فتح الملھم ج:۲ ص:۳۵۰) فتح الملھم میں اس مقام پر کچھ مزید اقوال بھی نقل کئے گئے ہیں۔

ہمارے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب نوّر اللہ مرقدہٗ نے شمائل ترمذی کے درس میں ایک قول یہ بیان فرمایا تھا کہ "حسن" تو یوسف علیہ السلام کا زیادہ تھا اور "جمال" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا زیادہ تھا۔[1]

"حسن" اور "جمال" میں فرق یہ ہے کہ اگر حسن باکمال ہو تو نظر پڑتے ہی آدمی فریفتہ اور مبہوت ہو جاتا ہے، جیسا کہ یوسف علیہ السلام کے واقعہ میں عورتوں پر یہ کیفیت طاری ہوئی، اور جمال سے ابتداءً آدمی مرعوب ہوتا ہے پھر آہستہ آہستہ جب صاحبِ جمال سے قُرب اور ربط وضبط بڑھتا ہے تو رُعب کی جگہ محبت لے لیتی ہے۔[2] جیسا کہ شمائلِ نبوی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی صفت بیان کی گئی ہے کہ: "من أراهُ بدیھةً ھابَهٗ و اذا خالطه معرفةً أحَبَّهٗ".[3]

قولہ: "ثُمَّ ذَهَبَ بِیْ إِلَی السِّدْرَةِ الْمُنْتَهٰی" (ص:۹۱ سطر:۱۰)

سدرۃ المنتہٰی ایک بیری کا درخت ہے، اس کی حیثیت ایک درمیانی چوکی کی سی ہے کہ اس سے نیچے والے فرشتے زمین کے اَحوال و واقعات وہاں تک پہنچاتے ہیں، وہاں سے دوسرے فرشتے اُوپر لے جاتے ہیں، اسی طرح اُوپر کے فرشتے اس مقام پر اَحکام لاکر پہنچا دیتے ہیں، نیچے کے فرشتے اِن اَحکامات کو یہاں سے وصول کرکے زمین پر نافذ کرتے ہیں، تو یہ دونوں طرح کے فرشتوں کا منتہٰی ہے، اسی لئے اس کو "سدرۃ المنتہٰی" کہتے ہیں، روایات کے مجموعے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی جڑ چھٹے آسمان پر اور شاخیں ساتویں آسمان میں ہیں۔[4]

قولہ: "فَلَمَّا غَشِیَهَا مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ مَا غَشِیَ" (ص:۹۱ سطر:۱۱)

سدرۃ المنتہٰی کو ڈھانپنے والی کیا چیز تھی؟ دیگر روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ فرشتے تھے جو چھوٹے چھوٹے پتنگوں (پروانوں) کی شکل میں اس کے اُوپر جمع ہوگئے تھے، اور اِن

---

(۱) فیض القدیر ج:۵ ص:۷۰۔

(۲) فتح الملھم ج:۲ ص:۳۵۱۔

(۳) شمائلِ ترمذی مع اُردو شرح خصائلِ نبوی ص:۱۳، باب ما جاء فی خلقِ رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۴) مجمع بحار الأنوار ج:۳ ص:۵۵ واکمال اکمال المعلم ج:۱ ص:۳۰۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سب کا آنا اس لئے تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرسکیں اور ان کو چھوٹے چھوٹے پتنگوں کی شکل میں اس لئے تبدیل کردیا گیا کہ وہ سب اس جگہ پر سما سکیں[۱]۔ کیونکہ ان کی تعداد اتنی زیادہ تھی کہ اپنی اصل شکل میں آتے تو اس پر سما نہیں سکتے تھے۔

۴۱۰ - "حَدَّثَنِي عَبدُ اللّٰهِ بنُ هَاشِمِ العَبدِيُّ... (الیٰ قوله)... عَن أَنَسِ بْـنِ مَـالِكٍ قَـالَ: قَـالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أُتِيتُ فَانْطَلَقُوْا بِيْ إِلٰى زَمْزَمَ، فَشُرِحَ عَنْ صَدْرِيْ، ثُمَّ غُسِلَ بِمَاءِ زَمْزَمَ ثُمَّ أُنْزِلْتُ." (ص:۹۲ سطر:۱)

قوله: "ثُـمَّ أُنْزِلْتُ" (ص:۹۲ سطر:۱) یہاں "أُنـزِلْتُ" سے کیا مراد ہے؟ اس میں مختلف احتمالات ہیں۔

۱- أُنـزِلْتُ بمعنیٰ تُـرِكْـتُ ہے۔ یعنی غسلِ قلب کے بعد مجھ کو چھوڑ دیا گیا، کیونکہ لفظ "أُنْزِلْتُ"، بمعنیٰ "تُرِكْتُ" بھی لغت میں استعمال ہوتا ہے۔ (مقدمة اکمال المعلم ص:۲۱، وکذا فی فتح الملهم عن القاضی عیاض)۔

۲- أُنـزِلْتُ اپنے مشہور معنیٰ میں ہے یعنی مجھے اُتار دیا گیا، یعنی جہاں سے مجھے اُٹھایا گیا تھا قلب دھونے کے بعد وہیں اُتار دیا گیا، (فتح الملهم عن القاضی عیاضؒ)[۲]۔

۳- ناچیز کا ایک خیال یہ ہے کہ اگر یہ لفظ "اُنْـزِلْتُ" (تاء کے ضمہ کے ساتھ) ہی ہے تو شاید یہ لیلۃ الاسراء کے پورے قصے کا اختصار ہے کہ معراج کے سفر کا آغاز اس طرح ہوا کہ میرے قلب کو دھویا گیا، پھر مسجدِ اقصیٰ اور وہاں سے آسمانوں کا سفر ہوا، جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا، مگر راوی نے انہیں حذف کردیا اور حدیث کے آخر کا صرف یہ جملہ نقل کردیا کہ بالآخر مجھے (آسمانوں سے) اُتار دیا گیا، واللہ أعلم۔

۴- لیکن صحیح بات یہ ہے کہ یہ لفظ "اُنـزِلَتْ" ہے۔ اور یہاں روایتِ مسلم ناقص ہے، اصل روایت میں- جیسے فتـح الـملهـم[۳] میں حافظ ابوبکر البرقانی کے حوالے سے نقل کیا گیا ہے- پورا جملہ یوں ہے: "ثـم اُنزِلَتْ عَلَيَّ طستٌ من ذهب مملوئةٌ حكمةً وایمانًا" اور اس کی تائید دوسری روایت "ثـم جـاء بـطـسـت مـن ذهـبٍ مـمـتـلـئٌ حـكـمـةً وايمانًا" سے ہوتی

(۱) تفسیر معارف القرآن ج:۸ ص:۱۹۲، بحوالہ الدر المنثور۔ رفیع

(۲) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۶۲.

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۶۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے۔ یہ[1] روایت صحیح مسلم میں بھی آگے دو روایتوں کے بعد آ رہی ہے۔

۴۱۱ – "حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ جِبْرِيْلُ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ، فَأَخَذَهُ فَصَرَعَهُ فَشَقَّ عَنْ قَلْبِهِ فَاسْتَخْرَجَ الْقَلْبَ، فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ عَلَقَةً، فَقَالَ: هٰذَا حَظُّ الشَّيْطَانِ مِنْكَ. ثُمَّ غَسَلَهُ فِيْ طَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ لَأَمَهُ، ثُمَّ أَعَادَهُ فِيْ مَكَانِهِ. وَجَاءَ الْغِلْمَانُ يَسْعَوْنَ إِلٰى أُمِّهِ يَعْنِي ظِئْرَهُ، فَقَالُوْا: إِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ قُتِلَ. فَاسْتَقْبَلُوْهُ وَهُوَ مُنْتَقِعُ اللَّوْنِ. قَالَ أَنَسٌ: وَقَدْ كُنْتُ أَرَى أَثَرَ ذٰلِكَ الْمِخْيَطِ فِيْ صَدْرِهِ." (ص:۹۲ سطر:۲تا۴)

قوله: "فَشَقَّ عَنْ قَلْبِهِ" (ص:۹۲ سطر:۲)

فتح الملہم میں ہے کہ شقِ صدر کا واقعہ معتبر روایات کے مطابق تین مرتبہ پیش آیا:-

۱- پہلی مرتبہ زمانۂ طفولیت میں حلیمہ سعدیہ کے یہاں زمانۂ قیام میں، جیسا کہ صحیح مسلم کی عنقریب آنے والی روایت میں صراحت کے ساتھ آ رہا ہے۔

۲- دوسری مرتبہ شقِ صدر کا واقعہ غارِ حراء میں اوّلین وحی کے وقت پیش آیا۔

۳- تیسری بار معراج کے وقت پیش آیا جیسا کہ بخاری، مسلم، ترمذی اور نسائی وغیرہ میں ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اور اس بارے میں روایات متواتر اور مشہور ہیں۔

قوله: "ثُمَّ لَأَمَهُ" لام اور ہمزہ کے ساتھ ہے، ای اصلح موضع شَقِّهِ، یعنی شگاف کو جوڑ دیا، پھر آگے جو جملہ ہے: "ثُمَّ أَعَادَهُ في مكانهٖ" (ص:۹۲ سطر:۳) یعنی پھر قلب کو اُس کی جگہ رکھ دیا، اس میں لفظ "ثُمَّ" اپنے اصل معنی میں نہیں، کیونکہ ظاہر ہے کہ شگاف کو جوڑنا تو قلب کو اُس کی جگہ پر رکھنے کے بعد ہوا ہے، (کذا فی فتح الملھم) لہٰذا لامحالہ ثمّ کو بمعنی واوِ عاطفہ لینا پڑے گا۔ رفیع۔

۴۱۲ – "حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْأَيْلِيُّ ... (الیٰ قوله)... شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُنَا عَنْ لَيْلَةَ أُسْرِيَ

(۱) صحيح البخاري، باب ما جاء في زمزم، رقم الحديث: ۱۵۵۵ وصحيح مسلم، باب الاسراء برسول الله صلى الله عليه وسلم .... الخ ص: ۹۲.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بِـرَسُـوْلِ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ مِنْ مَسْجِدِ الْكَعْبَةِ؛ أَنَّهُ جَاءَهُ ثَلاثَةُ نَفَرٍ قَبْلَ أَنْ يُـوْحَـى إِلَيْـهِ، وَهُـوَ نَـائِمٌ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وسـاق الـحـديث بقصّته ... الحديث."
(ص:۹۲ سطر:۵،۴)

قوله: "قَبْلَ أَنْ يُوْحَى إِلَيْهِ" (ص:۹۲ سطر:۵)

یہاں پر راوی شریک بن عبداللہ کو وہم ہوا ہے اس لئے کہ یہ بات قطعی طور پر ثابت ہے کہ اسراء کا واقعہ وحی نبوّت کے آغاز کے بعد پیش آیا۔(۱)

قوله: "وَهُوَ نَائِمٌ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ" (ص:۹۲ سطر:۵)

اِس سلسلہ میں روایات متعدد اور ظاہراً متعارض ہیں، ان سب کے درمیان تطبیق اس طرح دی گئی ہے کہ اَوّلاً آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت اُمّ ہانیؓ کے گھر میں۔ جسے اگلی روایت میں "بَيْتِـــي" فرمایا گیا ہے۔ آرام فرما رہے تھے، وہاں پر چھت کھولی گئی اور آپ کو اُٹھا کر حطیمِ کعبہ میں لاکر لٹادیا گیا اور آپ سوگئے، پھر دوبارہ ملائکہ آئے اور چاہِ زمزم پر لے گئے اور وہاں شقِ صدر کا واقعہ پیش آیا۔

٤١٣ - "حَـدَّثَـنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيْبِيُّ ... (الیٰ قوله)... عَنِ ابْنِ شِهَـابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ أَبُو ذَرٍّ يُحَدِّثُ؛ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وسَـلَّـمَ قَـالَ: فُـرِجَ سَقْفُ بَيْتِـي وَأَنَا بِمَكَّةَ ... (الیٰ قوله)... فَلَمَّا عَلَوْنَا السَّـمَـاءَ الـدُّنْيَـا فَإِذَا رَجُـلٌ عَـنْ يَـمِيْـنِـهِ أَسْوِدَةٌ ،وَعَنْ يَسَارِهِ أَسْوِدَةٌ ... (الیٰ قـولـه)... وَلَمْ يُثْبِتْ كَيْفَ مَنَازِلُهُمْ. غَيْرَ أَنَّهُ ذَكَرَ أَنَّهُ قَدْ وَجَدَ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلامُ فِـي السَّـمَـاءِ الـدُّنْيَـا .وَإِبْرَاهِيْمَ فِي السَّمَاءِ السَّادِسَةِ.... (الیٰ قوله)...قَالَ ابْنُ شِهَـابٍ :وَأَخْبَـرَنِي ابْنُ حَزْمٍ أَنَّ ابنَ عَبَّاسٍ وَأَبَا حَبَّةَ(۲) الأَنْـصَارِيَّ كَانَا يَقُوْلانِ: قَـالَ رَسُـوْلُ الـلّٰـهِ صَـلَـى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ :ثُمَّ عَرَجَ بِيْ حَتّٰى ظَهَرْتُ لِمُسْتَوًى أَسْمَعُ فِيْهِ صَرِيْفَ الأَقْلامِ .

قَـالَ ابْنُ حَزْمٍ وَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ:

---

(۱) شرح النووی ج:۱ :۹۲۔

(۲) قوله "أَبَا حَبَّةَ" بفتح المهملة وبالموحَّدَةِ المشَـدَّدَة، عَلَى المشهور. (فتح الملهم).

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَفَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى أُمَّتِيْ خَمْسِيْنَ صَلاةً. قَالَ: فَرَجَعْتُ بِذٰلِكَ حَتّٰى أَمُرَّ بِمُوْسٰى فَقَالَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ :مَاذَا فَرَضَ رَبُّكَ عَلٰى أُمَّتِكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسِيْنَ صَلاةً. قَالَ لِيْ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ :فَرَاجِعْ رَبَّكَ، فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيْقُ ذٰلِكَ. قَالَ:فَرَاجَعْتُ رَبِّيْ فَوَضَعَ شَطْرَهَا. قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فَأَخْبَرْتُهُ. قَالَ :رَاجِعْ رَبَّكَ، فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيْقُ ذٰلِكَ .قَالَ: فَرَاجَعْتُ رَبِّيْ.فَقَالَ: هِيَ خَمْسٌ وَهِيَ خَمْسُوْنَ.لَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ ...الحديث." (ص:۹۳ سطر:۵تا۸وص:۹۴ سطر:۱تا۹)

قولہ: "أَسْوِدَة" (ص:۹۲ سطر:۸)

جمعُ سَواد، بمعنیٰ لشکر، جماعت۔

"سواد" اصل میں سیاہی کو کہتے ہیں، اور جہاں بہت بڑی جماعت یا لشکر ہو اُسے دور سے دیکھا جائے تو وہاں سائے کی کثرت کی وجہ سے سیاہی روشنی کے مقابلے میں زیادہ محسوس ہوتی ہے، اس لئے ایسی بڑی جماعت کو بھی "سواد" کہتے ہیں۔

قولہ: "وَإِبْرَاهِيْمَ فِي السَّمَاءِ السَّادِسَةِ" (ص:۹۳ سطر:۴)

اس باب کی سب سے پہلی روایت میں گزرا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام سماءِ سابعہ میں تھے، اور اِس روایت میں چھٹے آسمان کا ذکر ہے، پہلی روایت راجح ہے، کیونکہ اُس کے راوی نے جزم سے بیان کیا ہے اور کسی شک کا اظہار نہیں کیا، جبکہ اِس روایت میں راوی نے خود صراحت کی ہے کہ اُسے اِن انبیائے کرام کے منازل کی ترتیب یاد نہیں رہی، حیث قال: "ولم يثبت كيف مَنَازِلُهُمْ."

قولہ: "أَسْمَعُ فِيْهِ صَرِيْفَ الْأَقْلَامِ" (ص:۹۳ سطر:۶)

لکھتے وقت کِلک کے قلم سے جو آواز نکلتی ہے اُسے صریف الأقلام کہتے ہیں، اِس مقام پر ملائکہ اُمورِ الٰہیہ اور اَحکامِ خداوندی کو لوحِ محفوظ سے نقل کر رہے تھے۔

قولہ: "لَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ" (ص:۹۳ سطر:۹)

سوال:- یہاں سوال ہوسکتا ہے کہ بظاہر قول تو بدل گیا، اس لئے کہ اَوّلاً پچاس نمازیں مقرّر فرمائیں اور پھر تخفیف کرتے کرتے صرف پانچ نمازوں کا حکم باقی رکھا گیا؟

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جواب:- دراصل لوحِ محفوظ میں اِسی طرح لکھا تھا کہ ابتداءً پچاس نمازوں کا حکم دیا جائے گا پھر رفتہ رفتہ کم کرتے کرتے آخر میں صرف پانچ نمازیں باقی رکھی جائیں گی۔(۱)

٤١٥ -"حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ (لَعَلَّهُ قَالَ) عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ (رَجُلٌ مِنْ قَوْمِه)(۲) قَالَ:قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ :بَيْنَا أَنَا عِنْدَ الْبَيْتِ بَيْنَ النَّائِمِ وَالْيَقْظَانِ،إِذْ سَمِعْتُ قَائِلاً يَقُوْلُ :أَحَدُ الثَّلاثَةِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ. فَأُتِيْتُ فَانْطُلِقَ بِيْ ... (الیٰ قوله)...فَأَتَيْتُ عَلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلامُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ. فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ. فَلَمَّا جَاوَزْتُهُ بَكٰى .فَنُوْدِيَ مَا يُبْكِيْكَ؟ قَالَ: رَبِّ هٰذَا غُلامٌ بَعَثْتَهُ بَعْدِيْ ،يَدْخُلُ مِنْ أُمَّتِهِ الْجَنَّةَ أَكْثَرُ مِمَّا يَدْخُلُ مِنْ أُمَّتِيْ. قَالَ: ثُمَّ انْطَلَقْنَا حَتّٰى انْتَهَيْنَا إِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ .فَأَتَيْتُ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ . وَقَالَ فِي الْحَدِيْثِ: وَحَدَّثَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ ،أَنَّهُ رَأٰى أَرْبَعَةَ أَنْهَارٍ، يَخْرُجُ مِنْ أَصْلِهَا، نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ وَنَهرَانِ بَاطِنَانِ. فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيْلُ! مَا هٰذِهِ الأَنْهَارُ؟ قَالَ:أَمَّا النَّهْرَانِ الْبَاطِنَانِ فَنَهْرَانِ فِي الْجَنَّةِ،وَأَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيْلُ وَالْفُرَاتُ. ثُمَّ رُفِعَ لِيَ الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ ،فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيْلُ ! مَا هٰذَا ؟قَالَ:هٰذَا الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ ،يَدْخُلُهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ ،إِذَا خَرَجُوْا مِنْهُ لَمْ يَعُوْدُوْا فِيْهِ آخِرُ مَا عَلَيْهِمْ.... الحديث." (ص:۹۳ سطر:۱۰ تا ۱۵ و ص:۹۴ سطر:۱،۲)

قوله: "أَحَدُ الثَّلاثَةِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ" (ص:۹۳ سطر:۱۱)

آپ دو آدمیوں کے درمیان لیٹے ہوئے تھے، فتح الملہم میں صراحت ہے کہ وہ دو حضرات حمزہؓ اور جعفرؓ تھے۔(۳)

قوله: "فَلَمَّا جَاوَزْتُهُ بَكٰى" (ص:۹۳ سطر:۱۵)

یہ رونا حسد کی وجہ سے نہیں بلکہ رشک کی وجہ سے تھا۔

(۱) عمدة القاری، کتاب الصلوٰة، باب کیف فرضت الصلوٰة فی الاسراء.

(۲) ای من قوم أنس بن مالک، کما هو ثابتٌ فی فتح الملهم۔

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۷۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "مَا هٰذِهِ الأَنْهَارُ؟" (ص:۹۴ سطر:۱)

عربی میں نھر کا لفظ عام ہے، دریا کو بھی کہتے ہیں اور اس سے نکلنے والی نہروں پر بھی لفظِ "نھر" کا اطلاق ہوتا ہے، یہاں دریا مراد ہیں۔

قوله: "فَالنِّيْلُ وَالْفُرَاتُ" (ص:۹۴ سطر:۲)

سوال:- دریائے نیل اور دریائے فرات تو زمین پر ہیں، وہاں آسمانوں پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کیسے دکھائے گئے؟

جواب:- اس کے دو جواب ہو سکتے ہیں:-

۱- وہاں بھی نیل وفرات کے نام سے دو دریا ہوں گے۔

۲- دنیا کے نیل وفرات کا پانی انہی دریاؤں سے آتا ہو، یعنی وہاں کے نیل وفرات کا پانی برف بن کر دنیا کے ان پہاڑوں کی چوٹیوں پر ڈال دیا جاتا ہو جن کی برف پگھل کر دریائے نیل وفرات میں پہنچ جاتی ہے۔ یہاں شرح نووی میں جو بات اِجمالاً فرمائی گئی ہے بندے کے نزدیک اس کی تفصیل یہی معلوم ہوتی ہے۔

قوله: "آخِرُ مَا عَلَيْهِمْ" (ص:۹۴ سطر:۲) لفظ "آخِرَ" کی روایت رفع کے ساتھ بھی ہے نصب کے ساتھ بھی، رفع کی صورت میں یہ مبتدأ محذوف کی جر ہوگی، أی: "ذالک آخرُ ما عليهم من دخول البيت" اورنصب کی صورت میں یہ مفعولِ فیہ ہوگا، أی فی آخر زمان یأتی عليهم (فتح الملهم).

٤١٦- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ... (الیٰ قوله)... أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَذَكَرَ نَحْوَهُ. وَزَادَ فِيْهِ: فَأُتِيْتُ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مُمْتَلِئٍ حِكْمَةً وَإِيْمَانًا، فَشُقَّ مِنَ النَّحْرِ إِلَى مَرَاقِّ الْبَطْنِ، فَغُسِلَ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ مُلِئَ حِكْمَةً وَإِيْمَانًا."

(ص:۹۴ سطر:۳،۴)

قوله: "فَشُقَّ مِنَ النَّحْرِ إِلَى مَرَاقِّ الْبَطْنِ" (ص:۹۴ سطر:۴)

نحر ہنسلی کی دو ہڈیوں کے درمیان گڑھا، اور مراق میم کے فتحہ اور راء کی تخفیف اور قاف کی تشدید کے ساتھ پیٹ کا وہ حصہ جس کی کھال نرم ہوتی ہے، قال الجوهری: لا واحد

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لها، وقال صاحب المطالع: واحدُها مَرَقٌ (فتح الملهم)۔[۱]

٤١٧ – "حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی ... (الیٰ قوله)... ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ حِيْنَ أُسْرِیَ بِهٖ فَقَالَ: مُوْسٰی آدَمُ طُوَالٌ، كَأَنَّهٗ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَ ةَ.

وَقَالَ: عِيْسٰی جَعْدٌ مَرْبُوْعٌ. وَذَكَرَ مَالِكًا خَازِنَ جَهَنَّمَ وَذَكَرَ الدَّجَّالَ." (ص:۹۴ سطر:۴ تا ۶)

قوله: "آدَم" (ص:۹۴ سطر:۵) اَسْمَرُ گندم گوں، یعنی گندمی رنگ والا اور طُوال بمعنی طویل ہے۔[۲]

قوله: "شَنُوْءَ ةَ" (ص:۹۴ سطر:۵)

یہ یمن کے مشہور قبیلے "الازد" کی ایک شاخ کا نام ہے، یہ لوگ طویل القامۃ ہونے میں مشہور تھے (فتح الملهم)۔[۳]

قوله: "عِيْسٰی جَعْدٌ مَرْبُوْعٌ" (ص:۹۴ سطر:۵)

جعد، گھنگھریالے بال والا، اس کا مصدر جُعودۃٌ ہے، اور گٹھے ہوئے مضبوط جسم والے کو بھی جعد کہتے ہیں۔[۴] مربوع بمعنیٰ معتدل القامة، رَبعة بھی اسی معنیٰ میں آتا ہے۔[۵]

٤١٨ – "حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ ... (الیٰ قوله)... عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی الْعَالِيَةِ قَالَ: نَا ابْنُ عَمِّ نَبِيِّكُمْ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ (ابنُ عَبَّاسٍ) قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِیَ بِیْ عَلٰی مُوْسَی بْنِ عِمْرَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ. رَجُلٌ آدَمُ طُوَالٌ جَعْدٌ كَأَنَّهٗ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَ ةَ. وَرَأَيْتُ عِيْسَی ابْنَ مَرْيَمَ مَرْبُوْعَ الْخَلْقِ. إِلَی الْحُمْرَةِ وَالْبَيَاضِ. سَبِطَ الرَّأْسِ. وَأُرِیَ مَالِكًا خَازِنَ النَّارِ،

(۱) ج:۲ ص:۳۸۲، ۳۸۳ والنهاية لابن الأثير ج:۴ ص:۳۲۱۔

(۲) فتح الملهم ج:۲ ص:۸۳۔

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۸۳۔

(۴) مجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۳۶۰۔

(۵) مجمع بحار الأنوار ج:۲ ص:۲۸۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَالدَّجَّالَ. فِيْ آيَاتٍ أَرَاهُنَّ اللّٰهُ إِيَّاهُ." فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِنْ لِقَائِهٖ. قَالَ: كَانَ قَتَادَةُ يُفَسِّرُهَا أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ لَقِيَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ."

(ص:۹۴ سطر:۲ تا ۸)

قوله: "مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ عَلٰى مُوْسٰى ... الخ" (ص:۹۴ سطر:۷)

مسئلہ حیاتِ انبیاء علیہم السلام

لیلۃ الاسراء کے واقعات جو یہاں صحیح مسلم میں بھی آئے ہیں، شاہدِ عدل ہیں کہ انبیاء علیہم السلام حیات ہیں، یہ حیات اگرچہ برزخی ہے لیکن بعض وجوہ سے دنیوی حیات کے مشابہ ہے، اور جسمِ عنصری جو زمین میں ہے اُس سے بھی اس حیات کا فی الجملہ تعلق ہے، جمہور اہل السنۃ والجماعۃ کا یہی عقیدہ ہے، اس کے چند دلائل درجِ ذیل ہیں:

۱- مسندِ ابویعلیٰ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے حدیثِ مرفوع سندِ صحیح کے ساتھ ہے کہ: "الأنبياء أحياءٌ في قبورهم يُصلّون"۔[۱]

اس حدیث کو علامہ ہیثمی نے مجمع الزوائد میں نقل کرکے فرمایا ہے کہ: "رواهُ أبو يعلٰى والبزار، ورجالُ أبي يعلٰى ثقاتٌ"[۲] نیز علامہ بیہقی نے بھی اپنے ایک رسالے میں جو خاص حیاتِ انبیاء ہی کے اِثبات کے لئے لکھا ہے، اسے نقل کرکے "صحیح" قرار دیا ہے،[۳] اور علامہ مناوی نے بھی اسے "فیض القدیر" میں صحیح کہا ہے۔[۴]

۲- صحیح مسلم کی روایت کتاب الفضائل میں ہے: "عن أنس بن مالك أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: أَتَيْتُ - وفي رواية هَدّاب: مَرَرْتُ - على موسٰى ليلةَ أُسري بي عند الكثيب الأحمر وهو قائم يُصَلِّي في قبره"۔[۵]

۳- صحیح مسلم ہی کی روایت جو اس وقت ہمارے زیرِ درس ہے، حضرت ابنِ عباس رضی

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۸۸، کتاب الایمان ومسند ابی یعلٰی ج:۶ ص:۱۴۷ رقم الحدیث: ۳۴۲۵۔

(۲) مجمع الزوائد ج:۸ ص:۲۷۶ رقم الحدیث: ۱۳۸۱۲۔

(۳) جزء حياة الأنبياء للبيهقيؒ ص:۸۔

(۴) تکملة فتح الملهم ج:۵ ص:۲۷ تا ۳۳ وفیض القدیر ج:۳ ص:۱۸۴ رقم الحدیث: ۳۰۸۹۔

(۵) صحیح مسلم ج:۲ ص:۲۶۸، کتاب الفضائل، بابٌ من فضائل موسٰی صلی اللہ علیہ وسلم، حدیث نمبر: ۶۱۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللہ عنہ سے منقول ہے: "عن أبي العالية قال نا ابن عمّ نَبِيّكُمْ صلى الله عليه وسلم قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ علىٰ موسى بن عمران رَجُلٌ آدَمُ طُوَالٌ جَعْدٌ كأنَّهُ مِن رجال شَنوءَة، ورأيتُ عيسى ابن مَرْيم مربوع الخلق إلَى الحُمرَة والبياض، سبط الرأس"۔[۱]

۴۔ صحیح مسلم کے اسی باب میں دو صفحے بعد یعنی ص:۹۶ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت آرہی ہے کہ:

"قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لَقَدْ رَأيتُني في الحِجْر وقريش تَسْأَلُني عن مسرايَ، فسألَتْنِي عن أشياء مِن بيت المقدس لَمْ أُثبتها فكُرِبْتُ كُرْبَةً ما كُرِبْتُ مثلهُ قطّ، قال: فرفعَهُ الله لِيْ أنظر إليهِ، ما يَسْأَلُونّي عن شيءٍ إلّا أنْبَأتُهُمْ به. وَقَدْ رَأيْتُنِي في جماعة من الأنبياء، فإذا موسىٰ عليه السلام قائِمٌ يُصلّي، فاذا رجل ضربٌ جعدٌ كأنه مِن رجالِ شَنُوءَةَ، واذا عيسى ابن مريم عليه السلام قائِمٌ يصلّي، أقربُ الناس بهٖ شَبَهًا عُرْوة بن مسعود الثقفي، واذا ابراهيم عليه السلام قائِمٌ يصلّي، أشبهُ الناس بهٖ صاحِبُكُمْ - يعني نفسَهُ صلى الله عليه وسلم - فحانت الصلوٰة فأمَمْتُهُمْ."[۲]

۵۔ سنن ابوداؤد میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بہ سندِ صحیح روایت ہے جس میں یہ بھی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "وَصَلُّوا عَلَيَّ، فان صلوٰتكم تبلغني حيث كنتُم"۔[۳]

اور ابوالشیخ نے کتاب الثواب میں اس حدیث کو "سندِ جید" سے اِن الفاظ میں روایت کیا ہے کہ:

"من صلّى عليَّ عند قبري سمعتُه، ومن صلّى عليَّ نائيًا بُلِّغتُهُ"[۴]

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الاسراءِ برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ج:۱ ص:۹۴۔

(۲) صحیح مسلم کتاب الایمان، باب الاسراءِ برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ج:۱ ص:۹۶۔

(۳) فتح الملہم ج:۲ ص:۳۸۸ وسنن ابی داؤد ج:۱ ص:۲۷۹ کتاب المناسک۔

(۴) حوالۂ بالا و شعب الایمان للبیہقیؒ ج:۴ ص:۱۰۳، رقم الحدیث:۱۵۸۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۶- ابوداؤد اور نسائی نے اور حاکم نے مستدرک میں یوم جمعہ کی فضیلت میں اَوس بن اَوس کی ایک روایت نقل کی ہے اور ابن خُزَیْمَۃ[1] و حافظ ذہبی[2] نے اسے صحیح قرار دیا ہے، جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

"فأكثروا فيه عليّ من الصلوٰة، فانّ صلوٰتكُم معروضة عليَّ، قالوا: يا رسول الله! وكيفَ تُعْرَض صلاتنا عليك وقد أرِمتَ؟ قال: إن الله حَرَّم علَى الأرض أن تأكل أجساد الأنبياء."[3]

۷- حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

"قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "وَاِنَّ أَحَدًا لَنْ يُصَلِّيَ عَلَيَّ اِلَّا عُرِضَتْ عَلَيَّ صَلَاتُه حتى يَفْرُغَ منها، قال (أي قال أبو الدرداء) قُلْتُ: "وَبَعْدَ الْمَوْتِ"؟ قال: "وَبَعْدَ الموت، اِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَآءِ، فَنَبِيُّ اللهِ حَيٌّ يُرْزَقُ" (سنن ابن ماجة، أبواب ما جآءَ في الجنائز، باب ذكر وفاتِه ودفنِه صلى الله عليه وسلم، رقم الحديث:۱۶۳۷ ج:۱ ص:۱۱۸. رفيع)

ان دو حدیثوں (نمبر۶ ونمبر۷) سے جہاں یہ ثابت ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے اجسامِ مبارکہ قبر میں مٹی کے کھانے سے محفوظ رہتے ہیں، ساتھ ہی یہ بھی واضح ہو رہا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوحِ مبارک کا جسدِ اَطہر سے ایک گونہ تعلق ہے، اور آپ پر جو دُرود پیش کیا جاتا ہے وہ رُوح اور جسدِ مبارک دونوں کے مجموعے پر ہوتا ہے، ورنہ صحابہ کرامؓ کے سوال کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ فرمانے کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ انبیاء کے اجسام محفوظ رہتے ہیں۔

اسی طرح پچھلی حدیث نمبر۵ میں یہ فرمانا کہ: "جو شخص مجھ پر میری قبر کے پاس دُرود پڑھتا ہے اُس کو میں سنتا ہوں" یہ بھی واضح دلیل ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جسدِ اَطہر جو قبرِ شریف میں ہے اُس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوحِ شریفہ کا ایک قوی قسم کا تعلق ہے، ورنہ

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۸۸۔

(۲) تکملة فتح الملهم، باب فضائل موسٰی ج:۵ ص:۲۹۔

(۳) سنن ابی داؤد ج:۱ ص:۱۵۰ و سنن نسائی ج:۱ ص: ۲۰۳ و ۲۰۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دُور سے دُرود شریف بھیجنے اور قریب سے بھیجنے میں کوئی فرق نہ ہوتا۔

البتہ ایک حدیث ابو داؤد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ:

''ما من أحدٍ يسلّم عليَّ إلّا رَدَّ الله عليَّ رُوحي حتّى اردَّ عليه السلام''

اس کے سب راوی ثقہ ہیں۔(۱)

اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ ''رُوح کی واپسی'' کا تقاضا یہ ہے کہ وہ جسدِ اَطہر سے جُدا ہوئی ہو، اور جُدا ہونا ہی موت ہے، اور اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رُوحِ مبارک جسدِ اَطہر کی طرف صرف سلام پیش کئے جانے کے وقت واپس آتی ہے۔ دوسرے اوقات میں جُدا رہتی ہے۔

اس کے جواب میں شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:(۲)

''وقد أجاب العلماء عن ذٰلک بوجوه: احدها انَّ المراد بقوله: ''رَدَّ الله عليَّ رُوحي'' أنَّ رَدَّ روحهٖ كانت سابقة عقبَ دفنهٖ، لا انها تعادُ ثمَّ تُنزع ثم تعادُ.''

یعنی تقدیرِ عبارت یوں ہوگی: ''ما من احد يسلّم عليَّ إلّا وقد رَدَّ الله عليَّ روحي قبل ذٰلک، اى عقب دفني فأرُدُّ عليه السلام''۔ یعنی ''رَدّ الله'' سے پہلے ''وَقَدْ'' محذوف ہے، جس میں واو حالیہ ہے۔ بلکہ علامہ سیوطیؒ نے اپنے رسالے ''انباء الأذكياء في حياة الأنبياء'' میں یہ توجیہ کر کے فرمایا ہے کہ: اس حدیث کو میں نے کتاب حیاۃ الانبیاء للبیہقی میں دیکھا تو اُس میں الفاظ یوں ہیں: ''الّا وَقَدْ رَدَّ اللهُ عَلَيَّ رُوْحِي'' فحمدتُ الله كثيرًا۔(۳)

حاصل اس جواب کا یہ ہے کہ رُوح کا جسدِ اَطہر سے نکلنا، اور واپس آنا بار بار نہیں ہوتا، بلکہ نزعِ رُوح صرف ایک بار وفات کے وقت ہی ہوا تھا، پھر دفن سے پہلے رُوحِ مبارک واپس آگئی، یعنی جسدِ اَطہر سے ایک خاص قسم کا قوی تعلق قائم ہوگیا، جس کے باعث آپ قبر شریف کے پاس آکر سلام کرنے والوں کا سلام سنتے اور اُس کا جواب دیتے ہیں۔

اس کے بعد کچھ جوابات اور نقل فرمائے ہیں، مگر ناچیز کے نزدیک یہ جواب ہی کافی ہے۔

میرے والد مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس اللہ سرّہٗ نے تفسیر ''معارف القرآن'' میں سورۂ بقرہ کی آیت: ''وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ أَمْوَاتٌ ط

---

(۱) فتح الملہم ج:۲ ص:۳۸۸۔

(۲) حوالۂ بالا ص:۳۸۸ و ۳۸۹۔

(۳) تکملۃ فتح الملہم ج:۵ ص:۳۰، باب فضائل موسیٰ علیہ السلام۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بَلْ أَحْيَآءٌ وَّلٰـكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ" کے تحت حیاتِ انبیاء سے متعلق بھی مختصر اور جامع کلام فرمایا ہے، وہ یہاں بعینہٖ نقل کیا جاتا ہے:

شہداء اور انبیاء کی حیاتِ برزخی اور اس کے درجات میں تفاضُل

''یہ تو سب کو معلوم ہے کہ اسلامی روایات کی رُو سے ہر مرنے والے کو برزخ میں ایک خاص قسم کی حیات ملتی ہے، جس سے وہ قبر کے عذاب یا ثواب کو محسوس کرتا ہے، اس میں مؤمن و کافر یا صالح و فاسق میں کوئی تفریق نہیں، لیکن اس حیاتِ برزخی کے مختلف درجات ہیں، ایک درجہ تو سب کو عام اور شامل ہے، کچھ مخصوص درجے انبیاء و صالحین کے لئے مخصوص ہیں، اور ان میں بھی باہمی تفاضل ہے۔ اس مسئلے کی تحقیق پر علماء کے مقالات وتحقیقات بے شمار ہیں،(۱) لیکن ان میں سے جو بات اَقرب الی الکتاب والسنۃ ہے اور شبہات سے پاک ہے، اس کو سیّدی حضرت حکیم الاُمت تھانویؒ نے ''بیان القرآن'' میں واضح فرمادیا ہے، اس جگہ اسی کو نقل کرنا کافی معلوم ہوا:

ف:- ایسے مقتول کو جو اللہ کی راہ میں قتل کیا جائے ''شہید'' کہتے ہیں، اور اس کی نسبت گو یہ کہنا کہ وہ مرگیا صحیح اور جائز ہے، لیکن اس کی موت کو دوسرے مُردوں کی سی موت سمجھنے کی ممانعت کی گئی ہے، وجہ اس کی یہ ہے کہ بعد مرنے کے گو برزخی حیات ہر شخص کی رُوح کو حاصل ہے، اور اسی سے جزاء وسزا کا ادراک ہوتا ہے، لیکن شہید کو اس حیات میں اور مُردوں سے ایک گونہ امتیاز ہے، اور وہ امتیاز یہ ہے کہ اس کی یہ حیات آثار میں اوروں سے قوی ہے، جیسے اُنگلیوں کے اگلے پورے اور ایڑی، اگرچہ دونوں میں حیات ہے، اور حیات کے آثار بھی دونوں میں موجود ہیں، لیکن اُنگلیوں کے پوروں میں حیات کے آثار احساس وغیرہ بہ نسبت ایڑی کے زیادہ ہیں۔ اسی طرح شہداء میں آثارِ حیات عام مُردوں سے بہت زیادہ ہیں، حتیٰ کہ شہید کی اس حیات کی قوت کا ایک اثر برخلاف معمولی مُردوں کے اس کے جسدِ ظاہری تک بھی پہنچتا ہے کہ اس کا جسم باوجود مجموعۂ گوشت و پوست ہونے کے خاک سے متاثر نہیں ہوتا، اور مثل جسم زندہ کے صحیح سالم رہتا ہے، جیسا کہ احادیث اور مشاہدات شاہد ہیں۔ پس اس امتیاز کی وجہ سے شہداء کو اَحیاء کہا گیا اور ان کو دوسرے اموات کے برابر اَموات کہنے کی ممانعت کی گئی، مگر اَحکامِ

(۱) مثلاً علامہ بیہقیؒ کا ایک مستقل رسالہ اسی موضوع پر ہے، نیز علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا رسالہ بنام ''اِنبـــاءُ الأذکیاء فی حیاۃ الأنبیاء'' بھی اسی موضوع پر ہے۔ رفیع۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ظاہرہ میں وہ عام مُردوں کی طرح ہیں، اُن کی میراث تقسیم ہوتی ہے، اور ان کی بیویاں دوسروں سے نکاح کرسکتی ہیں۔

اور یہی حیات ہے جس میں حضراتِ انبیاء علیہم السلام شہداء سے بھی زیادہ امتیاز اور قوت رکھتے ہیں، یہاں تک کہ سلامتِ جسم کے علاوہ اس حیاتِ برزخی کے کچھ آثار ظاہری اَحکام پر بھی پڑتے ہیں، مثلاً ان کی میراث تقسیم نہیں ہوتی، اُن کی ازواج دوسروں کے نکاح میں نہیں آسکتیں۔

پس اس حیات میں سب سے قوی تر انبیاء علیہم السلام ہیں، پھر شہداء، پھر اور معمولی مُردے۔" (تفسیر معارف القرآن ج:۱ ص:۳۹۷)

خلاصۂ بحث

خلاصہ اس پوری بحث کا یہ ہے کہ:

۱- انبیاء علیہم السلام کی وفات کے بعد ان کی ارواح کو ایک قسم کا قوی تعلق اپنے اجسام سے باقی رہتا ہے۔

۲- دُوسرے اموات کی ارواح کا بھی ایک قسم کا تعلق اگرچہ اُن کے اجسام سے رہتا ہے مگر انبیاء علیہم السلام کی ارواحِ مقدسہ کا تعلق دُوسروں سے بہت زیادہ قوی ہوتا ہے۔

۳- اسی قوی تعلق کی وجہ سے اُن پر بعض آثار واَحکام دُنیاوی زندگی کے باقی رہتے ہیں، جو قرآن وسنت کی صریح نصوص سے ثابت ہیں، مثلاً ان کے اجسام مٹی سے متأثر نہیں ہوتے، اُن کی میراث تقسیم نہیں ہوتی، ان کی ازواج دُوسروں کے نکاح میں نہیں آسکتیں، وہ اپنا شوق پورا کرنے کے لئے نماز بھی پڑھتے ہیں، وغیرہ۔

۴- اسی ایک قسم کے قوی تعلق کی وجہ سے ان کو نصوص میں "احیاء" کہا گیا ہے، چنانچہ اس تعلق کو "حیات" کہنا بھی دُرست ہے۔

۵- لیکن یہ حیات جو ان کو وفات کے بعد حاصل ہے، یہ بعینہا دُنیا والی زندگی نہیں، چنانچہ اس حیات کے لئے نہ ان کو دُنیا کی چیزیں کھانے پینے کی ضرورت ہے، نہ یہاں کی ہوا وغیرہ کی، بلکہ یہ قوی ترین حیاتِ برزخیہ ہے، جو بعض اُمور میں - جن کی صراحت قرآن وسنت کی نصوص میں آگئی ہے - یقینی طور پر دُنیاوی زندگی کے مثل ہے، جیسا کہ نمبر۳ میں بیان ہوا، اور باقی اُمور میں ایسی ہونا یقینی نہیں۔

ھٰذا ما عندی واللہ الموفِّق ولہُ الشکر وھو المستعان ولا حول ولا قوّۃ اِلّا بہٖ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "سَبِطَ الرَّأْسِ" (ص:۹۴ سطر:۷)

سَبِطٌ بفتح الباء وكسرها، لغتان مشهورتان، ويجوز اسكان الباء مع كسر السين وفتحها على التخفيف كما في كَتِفٍ وبابِهٖ. سیدھے بالوں والا، اس کا مصدر سُبُوْطَةٌ ہے (فتح الملهم)۔

اِشکال ہوتا ہے کہ پیچھے حدیث میں جعد (بمعنٰی گھنگھریالے بال) فرمایا گیا تھا اور یہاں ہے کہ بال سیدھے تھے۔

جواب یہ ہے کہ بال مِن وَجْہٍ سبط تھے اور مِن وَجْہٍ جعد، اور بالوں کے اندر دونوں چیزوں کا جمع ہونا ہی بالوں کی خوبی ہے، اِس سے بال زیادہ حسین معلوم ہوتے ہیں۔

۴۱۹ - "حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ ... (الىٰ قوله)... عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِوَادِي الْأَزْرَقِ فَقَالَ: أَيُّ وَادٍ هٰذَا؟ فَقَالُوْا: هٰذَا وَادِي الْأَزْرَقِ. قَالَ: كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ هَابِطًا مِنَ الثَّنِيَّةِ وَلَهُ جُؤَارٌ إِلَى اللّٰهِ بِالتَّلْبِيَةِ، ثُمَّ أَتٰى عَلٰى ثَنِيَّةِ هَرْشٰى. فَقَالَ: أَيُّ ثَنِيَّةٍ هٰذِهٖ؟ قَالُوْا: ثَنِيَّةُ هَرْشٰى. قَالَ: كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى يُوْنُسَ بْنِ مَتّٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلٰى نَاقَةٍ حَمْرَاءَ جَعْدَةٍ عَلَيْهِ جُبَّةٌ مِنْ صُوْفٍ، خِطَامُ نَاقَتِهٖ خُلْبَةٌ، وَهُوَ يُلَبِّيْ (الىٰ قوله) قال هشيم يعني ليفًا." (ص:۹۴ سطر:۸ تا ۱۰)

قوله: "مَرَّ بِوَادِي الْأَزْرَقِ" (ص:۹۴ سطر:۹)

یہ مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ کے درمیان ایک وادی ہے۔

قوله: "كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ هَابِطًا مِنَ الثَّنِيَّةِ وَلَهُ جُؤَارٌ إِلَى اللّٰهِ" (ص:۹۴ سطر:۹)

یعنی گویا میں موسیٰ علیہ السلام کو اِس حال میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ ثنية سے اُتر رہے تھے اللہ کے سامنے تضرع کرتے ہوئے۔

اِس جملہ کی تشریح تین طرح سے ہوسکتی ہے:-

۱- ليلة الاسراء میں بیت المقدس کی طرف جاتے یا آتے ہوئے موسیٰ علیہ السلام کو اِس مقام پر دیکھا تھا اور وہ دیکھنا مجھے اِس طرح یاد ہے گویا کہ میں اب دیکھ رہا ہوں۔

۲- خواب کے اندر اس مقام پر یہ منظر کبھی دیکھا تھا، اور اب وادیٔ ازرق کو دیکھ کر

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایسے لگ رہا ہے جیسے میں موسیٰ علیہ السلام کو اب ثـنـیّـــہ سے اُترتے ہوئے اور اللہ کے سامنے تضرع کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔

۳- اِن انبیاء کرام کا جو واقعہ ان کی زندگی میں پیش آچکا تھا، اب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اُس کی صورتِ مثالیہ بیداری میں دکھائی گئی، اسی لئے آپ نے "کـأنـی أنظـر الٰی موسٰی" اور "کأنی أنظر الٰی یونس" فرمایا، (فتح الملهم)۔[1]

قوله: "عَلٰی ثَنِيَّةِ هَرْشا" (ص:۹۴ سطر:۹و۱۰) ثَنِيَّة وهی طریق عال فی الجبل، أو بین الجبلین. أی عَقَبة، یعنی گھاٹی، اور هَرْشٰی الف مقصورہ کے ساتھ جُحْفَة کے پاس ایک گھاٹی کا نام ہے (فتح الملهم ص:۳۸۶)۔

قوله: "عَلَيْهِ جُبَّةٌ مِنْ صُوْفٍ، خِطَامُ نَاقَتِهِ خُلْبَةٌ، وَهُوَ يُلَبِّيْ" (ص:۹۴ سطر:۱۰)
خِطَامٌ اور زِمَامٌ اُونٹ کی مُہار اور نکیل، اور "خُلْبَةٌ" جس کو "لِیْفٌ" بھی کہا جاتا ہے، کھجور کے درخت کی چھال جس سے مُہار بنائی جاتی ہے۔

سوال:- یہ کیسے ہوا کہ یونس علیہ السلام جبہ پہنے ہوئے بھی ہیں اور تلبیہ بھی پڑھ رہے ہیں۔ حالانکہ تلبیہ سے تو اِحرام شروع ہوجاتا ہے، اور اِحرام میں سلا ہوا کپڑا پہننا حرام ہے؟

جواب:- وہ اپنی شریعت پر عمل کر رہے ہوں گے، اور ان کی شریعت میں یہ جائز ہوگا۔ نیز یہ بھی ہوسکتا ہے کہ انہوں نے اُس جُبّہ کو پہنا ہوا نہ ہو بلکہ کندھوں پر ڈال رکھا ہو، اور یہ پہنے بغیر بدن پر ڈالنا ہماری شریعت میں بھی اِحرام کے منافی نہیں، (فتح الملهم)۔

٤٢٢- "حَـدَّثَـنَـا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ... (الٰی قوله)... عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: عُرِضَ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ. فَإِذَا مُوْسٰی ضَرْبٌ مِنَ الرِّجَالِ ...... الحديث." (ص:۹۵ سطر:۴،۵)

قوله: "ضَرْبٌ مِنَ الرِّجَالِ" (ص:۹۵ سطر:۵)
ضرب ایسا شخص جو معتدل الجسامة ہو، یعنی نہ موٹا، نہ دُبلا۔

٤٢٣- "حَـدَّثَـنِـي مُـحَـمَّـدُ بْنُ رَافِعٍ ... (الٰی قوله)... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: حِيْنَ أُسْرِيَ بِيْ لَقِيْتُ مُوْسٰی عَلَيْهِ السَّلَامُ

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۹۱۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: فتح الباری ج:۳ ص:۴۱۵ والدیباج ج:۱ ص:۲۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

.(فَنَعَتَهُ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ) فَإِذَا رَجُلٌ (حَسِبْتُهُ قَالَ) مُضْطَرِبٌ. رَجِلُ الرَّأْسِ. كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَ ةَ. قَالَ: وَلَقِيْتُ عِيْسٰى (فَنَعَتَهُ النَّبِيُّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ) فَإِذَا رَبْعَةٌ أَحْمَرُ كَأَنَّمَا خَرَجَ مِنْ دِيْمَاسٍ يَعْنِي حَمَّامًا... الحديث."

(ص:۹۵ سطر:۷تا۹)

قوله: "مُضْطَرِبٌ" (ص:۹۵ سطر:۸) طویل (نووی)۔[1]

قوله: "رَبْعَةٌ" (ص:۹۵ سطر:۹) ربعة اور مربوع ہم معنیٰ ہیں، بمعنی معتدل القامة۔

قوله: "كَأَنَّمَا خَرَجَ مِنْ دِيْمَاسٍ يَعْنِي حَمَّامًا" (ص:۹۵ سطر:۹)

اگلی حدیث میں صراحت ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے بالوں سے اُس وقت پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے۔

نیز ایک روایت میں یہ ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان کی طرف اُٹھایا گیا تھا تو اُس وقت آپ غسل کر کے تشریف لائے تھے اور پانی کے قطرے آپ کے بالوں سے گر رہے تھے، تو اسی کیفیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھا، اور روایات میں آتا ہے کہ جب قربِ قیامت میں عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ تشریف لائیں گے تو اس وقت بھی آپ کے بالوں سے پانی کے قطرے ٹپک رہے ہوں گے۔[2]

٤٢٤ – "حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يَحْيٰى ... (الىٰ قوله)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: أَرَانِيْ لَيْلَةً عِنْدَ الْكَعْبَةِ، فَرَأَيْتُ رَجُلاً آدَمَ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنْ أُدْمِ الرِّجَالِ، لَهُ لِمَّةٌ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنَ اللِّمَمِ، قَدْ رَجَّلَهَا فَهِيَ تَقْطُرُ مَاءً، ... (الىٰ قوله)... فَقِيْلَ هٰذَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ. ثُمَّ إِذَا أَنَا بِرَجُلٍ جَعْدٍ قَطَطٍ، أَعْوَرِ الْعَيْنِ الْيُمْنٰى، كَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ. فَسَأَلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقِيْلَ هٰذَا الْمَسِيْحُ الدَّجَّالُ." (ص:۹۵ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قوله: "أَرَانِيْ لَيْلَةً عِنْدَ الْكَعْبَةِ" (ص:۹۵ سطر:۱۰)

یہ رُؤیت خواب میں ہوئی ہے، اگلی روایت میں تصریح ہے کہ "أراني الليلة في المنام" (ص:۹٦ سطر:۲)۔

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۱ ص:۹۵۔

(۲) فتح الباری ج:٦ ص:۳۸۴ والتصريح بما تواتر في نزول المسيح۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "رَجُلًا آدَمَ" (ص:۹۵ سطر:۱۱) یعنی گندم گوں مرد۔

قوله: "مِنْ اُدْمِ الرِّجَالِ" (ص:۹۵ سطر:۱۱)

بضم الهمزة وسكون الدال المهملة، آدم کی جمع ہے، جیسے اَحْمَر کی جمع حُمْرٌ۔ (۱)

قوله: "لِمَّةٌ" (ص:۹۵ سطر:۱۱) بكسر اللام وتشديد الميم، سر کے بال جو کان کی لو سے گزر کر کندھوں تک پہنچ گئے ہوں، اور اگر کندھوں سے بھی نیچے پہنچ جائیں تو اُن کو "جُمَّةٌ" کہا جاتا ہے، اور اگر "لِمَّة" سے کم ہوں تو وہ "وَفْرَة" ہیں۔ (۲)

قوله: "جَعْدٍ قَطَطٍ" قاف اور پہلی طاء مفتوح ہے، اور کبھی پہلی طاء کو مکسور بھی پڑھا جاتا ہے، یہ جعدٍ کی تاکید ہے یعنی اس کے بال شدید الجعودة تھے، یعنی سخت گھنگھریالے پیچ دار تھے۔

۴۲۹ – "حدثني زُهير بن حَرْب ...(الٰى قوله)... عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لَقَدْ رَأَيْتُنِي فِي الْحِجْرِ وقُرَيْشٌ تَسْأَلُنِيْ عَنْ مَسْرَايَ فَسَأَلَتْنِي عَنْ أشياء من بيت المقدس لَمْ أُثْبِتْهَا، فكُرِبْتُ (۳) كُرْبَةً ما كُرِبْتُ مِثْلَهُ قَطُّ، قال فَرَفَعَهُ الله لِيْ أَنْظُرُ اِلَيْهِ، مَا يَسْأَلُوْنِيْ عَنْ شَيْءٍ اِلَّا أَنْبَأْتُهُمْ بِهٖ، وَقَدْ رَأَيْتُنِيْ فِيْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الْأَنْبِيَآءِ، فَاِذَا مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ قَائِمٌ يُّصَلِّيْ ...(الٰى قوله)... واذا عيسٰى بن مريم قائم يُصَلِّيْ ...(الٰى قوله)... وَاِذا ابراهيم عليه السلام قائم يُصَلِّي أَشْبَهُ الناس بهٖ صاحبُكم –يعني نفسه صلى الله عليه وسلم– فَحَانَتِ الصَّلٰوةُ فَأَمَمْتُهُمْ." (ص:۹۶ سطر:۱۰ تا ۱۳)

یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب لیلۃ الاسراء کے اگلے روز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے سامنے اسراء اور معراج کے واقعات بیان فرمائے۔

قوله: "رَأَيْتُنِيْ فِي الْحِجْرِ" (ص:۹۶ سطر:۱۱)

أی فی الحطیم، حطیم کا پرانا نام حِجْر ہے۔

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۹۶۔

(۲) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۹۷۔

(۳) قوله: "كُرِبْتُ" أی اُحْزِنْتُ، وقوله: "كُرْبَةً" بالضم الغمّ الذی یأخذ النفس لشدّتہ. (فتح الملهم ج:۲ ص:۴۰۴)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللہ ربّ العزت نے مسجدِ اقصیٰ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیسے ظاہر فرمایا؟

اس میں دو احتمال ہیں:-

۱- مسجدِ اقصیٰ کی صورتِ مثالیہ دکھائی ہو۔

۲- مسجدِ اقصیٰ کے اور آپ کے درمیان کے سارے پردے ہٹادیئے گئے ہوں، جس کے نتیجہ میں آپ براہِ راست اس کا مشاہدہ فرمارہے ہوں۔

قوله: "وَقَدْ رَأَيْتُنِيْ فِي جماعة من الأنبياء" (ص:۹۶ سطر:۱۱)

انبیاء علیہم السلام کو یہ دیکھنا بالاتفاق اُس رُؤیت کے علاوہ ہے جو آسمانوں میں ہوئی۔ [۱]

قوله: "فَحَانَتِ الصَّلٰوةُ فَأَمَمْتُهُمْ" (ص:۹۶ سطر:۱۳)

فتح الملہم میں ہے کہ: "أی دخل وقتها، ولعل المراد بها صلٰوةُ التحية أو يُرادُ بها صلٰوة المعراج على الخصوصيّة كذا فی المرقاة (الٰی قوله) يحتمل أن يكون صلّٰی بالأنبياء جميعًا فی المقدس، ثمّ صعد منهم الٰی السماوات مَن ذُكِرَ أنّهٗ صلی الله عليه وسلم رَءَاهُ فيها۔ ويحتمل أن تكونَ صلٰوتُهٗ بِهِمْ بعد أن هَبَطَ مِن السماء، فَهَبَطُوْا أيضًا۔ [۲]

۴۳۰ - "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ... (الٰی قوله)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا أُسْرِیَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْتُهِيَ بِهٖ إِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى، وَهِيَ فِي السَّمَاءِ السَّادِسَةِ. إِلَيْهَا يَنْتَهِيْ مَا يُعْرَجُ بِهٖ مِنَ الْأَرْضِ. فَيُقْبَضُ مِنْهَا. وَإِلَيْهَا يَنْتَهِيْ مَا يُهْبَطُ بِهٖ مِنْ فَوْقِهَا. فَيُقْبَضُ مِنْهَا. قَالَ: إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى. قَالَ: فَرَاشٌ مِنْ ذَهَبٍ. قَالَ: فَأُعْطِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا: أُعْطِيَ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ، وَأُعْطِيَ خَوَاتِيْمَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ، وَغُفِرَ لِمَنْ لَمْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ مِنْ أُمَّتِهٖ شَيْئًا، الْمُقْحِمَاتُ۔" (ص:۹۷ سطر:۱ تا۴)

قوله: "فَرَاشٌ مِنْ ذَهَبٍ" (ص:۹۷ سطر:۳)

الفراش بالفتح طيرٌ معروف، ومنه قوله تعالٰی: "يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ" [۳] یعنی پروانے۔

---

(۱) فتح الملہم ج:۲ ص:۳۰۵۔ (۲) حوالۂ بالا۔ (۳) القارعة آیت:۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: ''أُعْطِيَ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ'' (ص:۹۷ سطر:۳) یعنی پانچ نمازیں فرض کی گئیں۔ (۱)

قوله: ''خَوَاتِيمَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ'' (ص:۹۷ سطر:۳) یعنی سورۃ البقرۃ کی آخری آیت جس میں اللہ تعالیٰ نے اس اُمت کے لئے کمالِ رحمت، آسانی، مغفرت اور کفار پر نصرت دینے کا بیان فرمایا ہے۔ (۲)

قوله: ''الْمُقْحِمَاتُ'' (ص:۹۷ سطر:۴)

بالرفع أی الکبائر المهلکات، یعنی انسان کو ہلاکت میں ڈال دینے والے کبیرہ گناہ۔

مُقحِمات کی مغفرت سے مراد یا تو یہ ہے کہ اصحاب الکبائر مخلّد فی النار نہ ہوں گے (قاله ابن حجرؒ) یا مراد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت میں سے اکثر اصحاب الکبائر کی مغفرت ہوجائے گی، فانها امّة مرحومة، (کذا فی فتح الملهم عن المرقاة)۔ (۳)

باب معنیٰ قول اللّٰہ عزّ وجلَّ:

''ولقد راٰہ نزلةً أخریٰ .... الخ

۴۳۱ - ''حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ ... (الٰی قوله) ...قَالَ: انا الشَّيْبَانِيُّ قَالَ: سَأَلْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰی، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ مَسْعُوْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى جِبْرِيْلَ لَهُ سِتُّمِائَةِ جَنَاحٍ.'' (ص:۹۷ سطر:۴،۵)

قوله: ''سَأَلْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی: فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰی'' (ص:۹۷ سطر:۴)

مسئلۂ رُویتِ باری تعالیٰ

یہاں سے وہ احادیث آرہی ہیں جن کا تعلق سورۂ نجم کی ابتدائی آیات سے ہے، اور ان احادیث کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ آیا لیلة المعراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ ربّ العزت کا دیدار ہوا ہے یا نہیں؟

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۲۰۸۔ (۲) حوالۂ بالا۔ (۳) حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس مسئلے میں چار قول ہیں:-

۱- پہلا قول حضرت انس بن مالکؓ اور عبداللہ بن عباسؓ کا ہے،[۱] وبه قال الحسن وعروة ابن الزبير وسائر اصحاب ابن عباس، وجزم به كعب الأحبار والزهری وصاحبه معمر وآخرون، وهو قول الاشعری وغالب اتباعه. (كذا فی فتح الملهم ج:۲ ص:۴۱۲ وص:۴۱۶)
وہ کہتے ہیں کہ لیلة المعراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو باری تعالیٰ کا دیدار نصیب ہوا، اور فتح الملهم میں مسندِ احمد کی روایت سندِ قوی کے ساتھ یہ منقول ہے کہ: "قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: رأيتُ رَبّی عزَّ وجلَّ." (فتح الملهم ج:۲ ص:۴۱۳)۔ چنانچہ اس حدیثِ مرفوع کی بنا پر اِمام احمدؒ بھی اِثباتِ رُؤیت کے قائل تھے۔ (كذا فی فتح الملهم ج:۲ ص:۴۱۸)۔[۲]

یہ حضرات سورۂ نجم کی آیات: "عَلَّمَهُ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝ ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى ۝ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝" اور "وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى" کی ضمیروں کو باری تعالیٰ کی طرف لوٹاتے ہیں، اور ان آیات میں جو قرب و رُؤیت اور تعلیم بلاواسطہ کا ذکر ہے اُسے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرتے ہیں، اس قول کو صاحبِ تفسیرِ مظہری نے اختیار کیا ہے[۳] (كذا فی معارف القرآن ج:۸ ص:۱۹۵)۔

۲- دوسرا قول حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت عائشہ صدیقہؓ، ابوہریرہؓ اور ابوذر غفاریؓ کا ہے، (فتح الملهم میں حافظ ابنِ حجرؒ سے منقول ہے کہ حضرت ابوذرؓ کے قول کے بارے میں روایات مختلف ہیں،[۴] رفیع)۔ ان حضرات کا کہنا ہے کہ لیلة المعراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ ربّ العزت کی زیارت نہیں ہوئی اور وہ اِن ضمائر کو جبریلِ امین علیہ السلام کی طرف لوٹاتے ہیں (كذا فی معارف القرآن ج:۸ ص:۱۹۶، بحوالہ تفسیر ابنِ کثیر)۔[۵] البتہ "فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝" کی ضمیریں اللہ تعالیٰ ہی کی طرف راجع کرتے ہیں، اور اس پر اِنتشارِ ضمائر کا جو اِعتراض ہوسکتا ہے اُس کا جواب فتح الملهم میں حضرت علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ سے یہ نقل کیا ہے کہ وحی بھیجنا اور عبد کا مضاف الیہ ہونا، اللہ تعالیٰ ہی کی ذاتِ اقدس میں منحصر ہے، لہٰذا ان ضمائر کا غیر اللہ (جبریل) کی طرف راجع نہ ہونا بالکل ظاہر ہے، پس انتشارِ ضمائر کا اِعتراض باقی نہیں رہتا۔

---

(۱) تفسیر معارف القرآن ج:۸ ص:۱۹۵۔
(۲) مسند أحمد بن حنبل ج:۴ ص:۳۵۱، رقم الحديث: ۲۵۸۔ وص:۳۸۶ رقم الحديث: ۲۶۳۴ من مسند ابن عباس.
(۳) تفسير مظهری ج:۹ ص:۱۰۹۔
(۴) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۱۸۔
(۵) تفسير ابن كثير ج:۴ ص:۲۲۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اِس قول کو علامہ قرطبیؒ[۱]، امام رازیؒ[۲]، ابوحیانؒ[۳] اور علامہ ابنِ کثیرؒ[۴] نے اپنی اپنی تفاسیر میں اختیار فرمایا ہے۔ علامہ نوویؒ[۵] اور حافظ ابنِ حجرؒ[۶] نے بھی اِس قول کو راجح قرار دیا ہے۔ علمائے متاخرین میں سے حکیم الاُمت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے بھی اِسی قول کو راجح قرار دیا ہے، والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے معارف القرآن میں اِن حضرات کے اقوال کو نقل فرمایا ہے۔[۷]

۳- سورۃ النجم کی آیت "مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى" سے آیت "لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى" تک جن میں واقعۂ معراج کا بیان ہورہا ہے، ان میں رُؤیت کے بارے میں جتنے الفاظ صیغۂ عموم کے ساتھ آئے ہیں ان سب میں رُؤیتِ جبریل اور رُؤیتِ باری تعالیٰ دونوں کا احتمال ہے، کیونکہ ان میں عموم ہے، اس لئے باری تعالیٰ کی رُؤیت بھی اِس میں شامل ہوسکتی ہے، اور اس عموم کی نفی کسی حدیثِ مرفوع سے ثابت نہیں، لہٰذا رُؤیتِ باری تعالیٰ کے انکار کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ امکانِ رُؤیت نقلاً وعقلاً موجود ہے۔ اسے علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے اختیار فرمایا ہے، (كما في فتح الملهم)[۸] اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی کو الحل المفہم[۹] میں، شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی نے فتح الملہم اور فوائد القرآن (اُردو حاشیۂ تفسیر) میں اور حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر معارف القرآن[۱۰] میں بطورِ احتمال اختیار فرمایا ہے۔

۴- چوتھا قول جس کو جمہور کا مسلک قرار دیا گیا ہے، یہ ہے کہ اِس مسئلہ میں توقف اختیار کیا جائے، اس لئے کہ آیات میں کوئی ایک معنیٰ صریح طور پر متعین نہیں اور اخبارِ آحاد جن میں سے بعض سے رُؤیت کا ثبوت اور دیگر بعض سے عدمِ ثبوت معلوم ہوتا ہے، ان پر اِس مسئلہ کی بنیاد نہیں رکھی جاسکتی، اس لئے کہ عقائد میں اخبارِ آحاد معتبر نہیں، بلکہ عقائد کا ثبوت تواتر

---

(۱) تفسير القرطبي ج:۱۷ ص:۸۲ وما بعدهٗ.
(۲) تفسير الكبير ج:۲۷ ص:۲۹۰۔
(۳) البحر المحيط ج:۸ ص:۱۵۶۔
(۴) تفسير ابن كثير ج:۴ ص:۲۲۳ وما بعدهٗ.
(۵) شرح النووي ج:۱ ص:۹۷۔
(۶) فتح الباري، كتاب التفسير، تفسير سورة النجم، رقم الحديث: ۴۸۵۵، ج:۸ ص:۶۰۸ وما بعده.
(۷) تفسير معارف القرآن ج:۸ ص:۱۹۷۔
(۸) ج:۲ ص:۳۱۱ و۳۱۲۔
(۹) الحل المفهم ج:۱ ص:۴۲، ۴۳۔
(۱۰) تفسیر معارف القرآن ج:۸ ص:۲۰۳ و۲۰۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے ہوتا ہے جو یہاں مفقود ہے، نیز اس کے ثبوت یا عدمِ ثبوت کے عقیدے پر ہمارا کوئی عمل موقوف نہیں، اس لئے اس مسئلہ میں توقف ہی اَحوَط ہے، حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر معارف القرآن میں اسی کو "اَسلم و اَحوَط" قرار دیا ہے۔[1]

"فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى" کی تشریح

زمانۂ جاہلیت میں یہ رواج تھا کہ جب دو آدمی آپس میں کوئی عہد و پیمان کرتے تو دونوں اپنی اپنی کمانوں کو لے کر ان کے چلّوں کو باہم ملا دیتے تھے، یہ کمالِ اتفاق کا اظہار سمجھا جاتا تھا کہ اب ان کمانوں کا رُخ ایک دوسرے کی طرف نہ ہوگا۔

قاب اس فاصلے کو کہتے ہیں جو کمان کے چلّے (یعنی کمان کی ڈور کے درمیانی حصے) اور کمان کی مِقبض (دستے) کے درمیان ہوتا ہے، تو اِس عہد کے وقت یہ دونوں شخص ایک دوسرے سے صرف ''قاب قوسین'' پر یعنی دو کمانوں کے قاب پر ہوتے ہیں، پس "كَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ" کنایہ ہوتا ہے انتہائی قرب سے، اسی تعبیر کو قرآنِ حکیم میں اختیار فرمایا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جبریلِ امین کے درمیان، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اللہ رَبّ العزت کے درمیان صرف قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى کا فاصلہ تھا، اور یہ کنایہ ہے انتہائی قرب سے۔

۴۳۵ - "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ... (الیٰ قوله)... عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَآهُ بِقَلْبِهِ." (ص:۹۸ سطر:۳،۲)

بصارت بالقلب مراد ہے، نہ کہ معرفت بالقلب، یعنی اللہ تعالیٰ نے قلب میں رُؤیت کی صلاحیت پیدا کردی، اور ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لئے قلب میں صفتِ بصارت کا پیدا کردینا کوئی مشکل نہیں۔

۴۳۸ - "حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ... (الیٰ قوله)... عَنْ مَسْرُوْقٍ[2] قَالَ: كُنْتُ مُتَّكِئًا عِنْدَ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا عَائِشَةَ! ثَلَاثٌ مَنْ تَكَلَّمَ بِوَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ فَقَدْ أَعْظَمَ عَلَى اللّٰهِ الْفِرْيَةَ. قُلْتُ: مَا هُنَّ؟ قَالَتْ: مَنْ زَعَمَ أَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى

---

(۱) تفسیر معارف القرآن ج:۸ ص:۲۰۵۔ رفیع

(۲) هو ابنُ الأجدَع سُمِّيَ مَسْرُوْقًا لِأنّهُ سَرَقَهُ انسان فی صِغَرِهٖ ثمّ وُجِدَ. وَكُنْيَتُهُ "أَبُوْ عَائِشَةَ" فتح الملهم۔ (رف)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ رَأَى رَبَّهُ فَقَدْ أَعْظَمَ عَلَى اللّٰهِ الْفِرْيَةَ. قَالَ: وَكُنْتُ مُتَّكِئًا فَجَلَسْتُ. فَقُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَنْظِرِيْنِيْ، وَلا تَعْجَلِيْنِيْ. أَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ تَعَالٰى: "وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ"، "وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى" فَقَالَتْ: أَنَا أَوَّلُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ سَأَلَ عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ. فَقَالَ: إِنَّمَا هُوَ جِبْرِيْلُ. لَمْ أَرَهُ عَلٰى صُوْرَتِهِ الَّتِيْ خُلِقَ عَلَيْهَا غَيْرَ هَاتَيْنِ الْمَرَّتَيْنِ، رَأَيْتُهُ مُنْهَبِطًا مِنَ السَّمَاءِ، سَادًّا عِظَمُ خَلْقِهِ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ إِلَى الْأَرْضِ. فَقَالَتْ: أَوَلَمْ تَسْمَعْ أَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: "لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ" أَوَلَمْ تَسْمَعْ أَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: "وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا" اِلٰى قَوْلِهٖ "عَلِيٌّ حَكِيْمٌ" قَالَتْ: وَمَنْ زَعَمَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ كَتَمَ شَيْئًا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَقَدْ أَعْظَمَ عَلَى اللّٰهِ الْفِرْيَةَ. وَاللّٰهُ يَقُوْلُ: "يٰاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسٰلَتَهٗ" قَالَتْ: وَمَنْ زَعَمَ أَنَّهُ يُخْبِرُ بِمَا يَكُوْنُ فِيْ غَدٍ فَقَدْ أَعْظَمَ عَلَى اللّٰهِ الْفِرْيَةَ. وَاللّٰهُ يَقُوْلُ: "قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ."

(ص:۹۸ سطر:۴ تا ۹)

قولہ: "فَقَالَتْ: أَوَلَمْ تَسْمَعْ أَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ" (ص:۹۸ سطر:۷)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے (جنت میں پہنچنے سے پہلے) رُویتِ باری تعالیٰ کی نفی پر یہاں تین دلائل بیان کئے:-

۱- پہلی دلیل یہ ہے کہ: "وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ" اور "وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى" میں ضمیر کا مرجع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریلِ امین کو قرار دیا ہے۔

۲- دوسری دلیل یہ ہے کہ ارشادِ باری ہے: "لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ" اِس آیتِ مبارکہ میں رُویت کی صراحۃً نفی کی گئی ہے۔

۳- تیسری یہ کہ اللہ ربّ العزت کا ارشاد ہے: "مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ" (سورۃ الشوریٰ: ۵۱) اس سے معلوم ہوا کہ کلام اللہ مع العبد کی صرف تین صورتیں ممکن ہیں:-

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- وَحْیًا، اس میں نہ آواز سنائی دیتی ہے نہ رُؤیت ہوتی ہے، بلکہ قلب میں مضمون کا القاء ہوتا ہے۔

۲- مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ، اس میں آواز تو سنائی دیتی ہے، رُؤیت نہیں ہوتی۔

۳- اور تیسرا طریقہ اِرسالِ رسول کا ہے کہ جبریلِ امین آ کر اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچاتے ہیں، اس صورت میں بھی رُؤیتِ باری نہیں ہوتی۔

لہٰذا معلوم ہوا کہ اِس دنیا میں کوئی نبی اللہ رَبّ العزت کا دیدار نہیں کرسکتا۔

قائلینِ رُؤیت کی طرف سے اِن دلائل کے یہ جوابات دیئے جاتے ہیں:-

۱- پہلی دلیل کا جواب یہ ہے کہ اگر چہ آیات "وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ" اور "وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى" میں ضمیر کا مرجع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریلِ امین کو قرار دیا ہے، لیکن آیت: "مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى" میں "ما" عام ہے، تو اس سے رُؤیتِ باری تعالیٰ کا امکان معلوم ہوتا ہے۔

۲- دوسری دلیل کا پہلا جواب یہ ہے کہ یہاں ادراک کی نفی کی گئی ہے، اور ادراک سے مراد "نظر علٰی وجهِ الاحاطة" ہے، اس کے تو ہم بھی قائل ہیں کہ مخلوق کی نگاہیں اللہ تعالیٰ کی ذات کا احاطہ نہیں کرسکتیں، اس سے مطلق رُؤیت کی نفی نہیں ہوتی۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ اِس عدمِ ادراک کا تعلق عالمِ دنیا کے ساتھ ہے، جبکہ یہاں بحث عالمِ بالا میں رُؤیت کی ہو رہی ہے کہ لیلة المعراج میں رُؤیت ہوئی یا نہیں۔

۳- تیسری دلیل کا جواب یہ ہے کہ آیتِ مذکورہ میں یہ بتلایا گیا ہے کہ وحی اور دیدار جمع نہیں ہوسکتے، تو یہ بات دیدار کے مسلک کے منافی نہیں، اس لئے کہ ہوسکتا ہے کہ دیدار کے وقت وحی نہ ہوئی ہو، اور وحی کے ساتھ دیدار نہ ہوا ہو، فلا تعارض۔(۱)

قوله: "وَمَنْ زَعَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَمَ شَيْئًا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ" (ص:۹۸ سطر:۸)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جو تین باتیں ارشاد فرمائیں، ان میں سے پہلی بات یعنی عدمِ رُؤیتِ باری تعالیٰ کی تفصیل اُوپر آ چکی، دوسری بات کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص یہ

(۱) اِن سوالات و جوابات کے تفصیلی مطالعہ کے لئے ملاحظہ فرمایئے: فتح الملهم ج:۲ ص:۲۲۰ تا ۲۲۳ وفتح الباری ج:۸ ص:۶۰۸ وما بعدهٗ والبحر المحیط ج:۲۷ ص:۲۹۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتاب اللہ میں سے کچھ چھپایا ہے، تو اس نے اللہ تعالیٰ پر بڑا بہتان لگایا، اس لئے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآنِ حکیم کی کسی آیت کو چھپاتے تو سورۂ احزاب کی اس آیت کو چھپاتے: ''وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْہِ اَمْسِکْ عَلَیْکَ زَوْجَکَ وَاتَّقِ اللّٰہَ وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِکَ مَا اللّٰہُ مُبْدِیْہِ وَتَخْشَی النَّاسَ''[1] اور جب اِس آیت کو بھی نہ چھپایا تو یقیناً کسی اور آیت کو بھی نہیں چھپایا۔ اور آیتِ مذکورہ کے چھپانے کی وجہ یہ ہوسکتی تھی کہ اس میں اللہ ربّ العزت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک راز کو فاش کیا ہے، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ''بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ'' کے حکم کی تعمیل فرماتے ہوئے اس آیت کو بھی چھپانا گوارا نہیں کیا۔

وہ راز یہ تھا کہ اللہ ربّ العزت نے بذریعہ وحیٔ غیر متلو کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی تھی کہ حضرت زید بن حارثہؓ اپنی زوجہ زینبؓ بنت جحش کو طلاق دیں گے اور وہ آپ کے نکاح میں آئیں گی، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس کا اظہار مناسب نہیں سمجھا، اس لئے کہ معاشرۂ عرب میں متبنّیٰ کی زوجہ سے نکاح ایسا ہی بُرا سمجھا جاتا تھا جیسے حقیقی بیٹے کی اہلیہ سے، لیکن اللہ ربّ العزت اِس غلط رسم کا خاتمہ عملی طور پر بھی فرمانا چاہتے تھے، اس لئے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی کہ ہم آئندہ ایسا کرنے والے ہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مخالفین کی ملامت کے خوف سے اس کا اظہار مناسب نہیں سمجھا، مگر اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اظہار فرمادیا۔

۴۴۲ - ''حَدَّثَنَا أَبُوْ بَکْرِ بْنُ أَبِی شَیْبَةَ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِی ذَرٍّ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ هَلْ رَأَیْتَ رَبَّکَ؟ قَالَ: نُوْرٌ أَنّٰی أَرَاهُ.'' (ص:۹۹ سطر:۱)

قوله: ''نُوْرٌ أَنّٰی أَرَاهُ'' (ص:۹۹ سطر:۱)

حضرت علامہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تفسیر یہ فرمائی ہے کہ ''نورٌ من اَین اَراہُ'' یعنی اَنّٰی بمعنیٰ مِن اَین ہے، یعنی وہ نور تھا جہاں سے بھی میں دیکھتا تھا۔ علامہ شبیر احمد عثمانی صاحبؒ اسے نقل کرکے فرماتے ہیں: ''ولا یخفی ما فیه من اللطافة'' مگر انہوں نے حضرت کشمیریؒ کی اس تفسیر سے پہلے خود یہ تفسیر فرمائی ہے کہ: ''ومعناه حجابه نورٌ فکیف أراهُ.'' (کذا

(۱) الأحزاب آیت:۳۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فی فتح الملهم)،[۱] اور اس کی تائید میں علامہ مازری کی عبارت نقل فرمائی ہے۔[۲] اس تفسیر کا حاصل یہ بنتا ہے کہ "انّٰی" بمعنیٰ "کیف" ہے۔

ناچیز عرض کرتا ہے کہ یہ دونوں تفسیریں دُرست ہوسکتی ہیں، لیکن دونوں سے رُویتِ ذات کی بظاہر نفی معلوم ہوتی ہے، واللہ اعلم۔

٤٤٤ - "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،وَأَبُوْ كُرَيْبٍ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِي مُوْسٰی قَالَ:قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ لاَ يَنَامُ وَلاَ يَنْبَغِيْ لَهُ أَنْ يَّنَامَ، يَخْفِضُ الْقِسْطَ وَيَرْفَعُهُ، يُرْفَعُ إِلَيْهِ عَمَلُ اللَّيْلِ قَبْلَ عَمَلِ النَّهَارِ ،وَعَمَلُ النَّهَارِ قَبْلَ عَمَلِ اللَّيْلِ، حِجَابُهُ النُّوْرُ. (وَفِي رِوَايَةِ أَبِي بَكْرٍ" النَّارُ) لَوْ كَشَفَهُ لَأَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهٖ مَا انْتَهٰى إِلَيْهِ بَصَرُهُ مِنْ خَلْقِهٖ." (ص:۹۹ سطر:۳ تا۵)

قوله: "يَخْفِضُ الْقِسْطَ وَيَرْفَعُهُ" (ص:۹۹ سطر:۴) قِسْطٌ کے اصل معنیٰ ہیں عدل، یہاں قسط سے مراد میزان ہے کیونکہ میزان عدل کا ذریعہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ بندوں کے اعمال جو اللہ کے پاس پہنچتے ہیں اللہ ان کا وزن کرتا ہے۔ اور جو ارزاق بندوں کے لئے نازل کئے جاتے ہیں ان کا وزن کرتا ہے، کسی کو زیادہ دیتا ہے (یعنی یخفض المیزان) اور کسی کو کم دیتا ہے (یعنی یرفع المیزان) کذا فی فتح الملهم وشرح النوویؒ بزیادة ایضاح منی۔

قوله: "حِجَابُهُ النُّوْرُ" (ص:۹۹ سطر:۵)

حجاب تو درحقیقت اجسامِ محدودہ کے لئے ہوتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ جسم سے بھی منزہ ہے اور حد سے بھی، لہٰذا یہاں مراد "مانع من الرؤیة" ہے جسے یہاں نور یا نار کہا گیا ہے اور وہی رُویت میں حائل ہے (فتح الملهم)۔[۳]

قوله: "لَوْ كَشَفَهُ لَأَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهٖ مَا انْتَهٰى إِلَيْهِ بَصَرُهُ مِنْ خَلْقِهٖ" (ص:۹۹ سطر:۵)

یہاں "من" بیانیہ ہے، تبعیض کا نہیں ہوسکتا، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی بصر تو تمام مخلوقات تک پہنچی ہوئی ہے (فتح الملهم)۔[۴]

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۲۸۔ (۲) المعلم ج:۱ ص:۲۲۴۔

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۲۹۔ (۴) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۳۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"سبحاتُ" بضم السین و الباء ورفع التاء فی اٰخرہٖ جمع سُبحۃ، ومعنی سبحاتُ وجھہٖ نورُہٗ وجلالُہٗ وبھائُہٗ.

یعنی ہمارے اور اللہ ربّ العزت کے درمیان نور کا پردہ حائل ہے، اگر وہ بھی ہٹ جائے تو تا حدِ نگاہ ہر چیز جل جائے۔ اس کی ایک ادنیٰ سی نظیر ہم اپنی دنیاوی زندگی میں مشاہدہ کرتے ہیں، وہ یہ کہ سائنسی تحقیق کے مطابق سورج اور زمین کے درمیان ایک پردہ حائل ہے جس کا نام "اُوزون کا غلاف" (Layer of Ozone) ہے، یہ سورج کی حرارت کو اپنے اندر جذب کرتا ہے جس کے نتیجہ میں حرارت میں کمی واقع ہوجاتی ہے اور اس کے بعد یہ حرارت قابلِ برداشت اور مفید ہوکر زمین پر اثرانداز ہوتی ہے۔ اب کچھ عرصہ سے اِس پردہ کے اندر شگاف پڑ گیا ہے، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ اب ہر سال پہلے کے مقابلہ میں زیادہ گرمی پڑتی ہے، حتیٰ کہ برطانیہ اور جرمنی وغیرہ جیسے ٹھنڈے ممالک میں بھی گرمی نسبتاً زیادہ ہونے لگی ہے۔

قولہ: "وَجْھِہٖ" (ص:۹۹ سطر:۵) أی ذاتہٖ.

باب اثبات رُؤیۃ المؤمنین فی الاٰخرۃ ربھم سبحانہ وتعالٰی

۴۴۷ - "حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ الجَھْضَمِیُّ ... (الٰی قولہ) ... عَنْ أَبِی بَکْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ قَیْسٍ عَنْ أَبِیْہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسَلَّمَ قَالَ: جَنَّتَانِ مِنْ فِضَّۃٍ آنِیَتُھُمَا وَمَا فِیْھِمَا، وَجَنَّتَانِ مِنْ ذَھَبٍ آنِیَتُھُمَا وَمَا فِیْھِمَا، وَمَا بَیْنَ الْقَوْمِ وَبَیْنَ أَنْ یَنْظُرُوْا إِلٰی رَبِّھِمْ إِلَّا رِدَاءُ الْکِبْرِیَاءِ عَلٰی وَجْھِہٖ فِیْ جَنَّۃِ عَدْنٍ."

(ص:۹۹ سطر:۸،۹ و ص:۱۰۰ سطر:۱،۲)

قولہ: "إِلَّا رِدَاءُ الْکِبْرِیَاءِ" (ص:۱۰۰ سطر:۱)

رداء الکبریاء سے "حجابِ نوری" مراد ہے، جسے پچھلی حدیث میں "حجابُہُ النور" فرمایا گیا ہے (فتح الملھم)۔[1] اِس وقت تو ہمارے اور اللہ ربّ العزت کی رُؤیت کے درمیان اس قدر پردے حائل ہیں کہ ہم نے حجابِ نوری بھی نہیں دیکھا، لیکن جنت میں پہنچنے کے بعد صرف حجابِ نوری باقی رہ جائے گا باقی پردے اور موانع ختم ہوجائیں گے، اور پھر "میدانِ مزید"

(۱) فتح الملھم ج:۲ ص:۴۳۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میں دیدار کے وقت وہ بھی ہٹادیا جائے گا، جیسا کہ آگے احادیث سے معلوم ہوگا۔

قولہ: "عَلٰی وَجْهِهٖ" (ص:۱۰۰ سطر:۱)

دراصل یہ حجاب ہم پر ہے نہ کہ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس پر، لیکن تسہیلِ فہم کے لئے یہ تعبیر اختیار کی گئی۔

قولہ: "فِیْ جَنَّةِ عَدْنٍ" (ص:۱۰۰ سطر:۲) ای جنة الخلود.

۴۴۸ - "حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَیْسَرَةَ... (الیٰ قوله)... عَنْ صُهَیْبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، قَالَ: یَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی: تُرِیْدُوْنَ شَیْئًا أَزِیْدُکُمْ؟ فَیَقُوْلُوْنَ: أَلَمْ تُبَیِّضْ وُجُوْهَنَا؟ أَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَتُنَجِّیْنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَیَکْشِفُ الْحِجَابَ فَمَا أُعْطُوْا شَیْئًا أَحَبَّ إِلَیْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلٰی رَبِّهِمْ." (ص:۱۰۰ سطر:۲،۳)

قولہ: "تُرِیْدُوْنَ شَیْئًا؟" (ص:۱۰۰ سطر:۳)

ھمزہ استفہام محذوف ہے، أی أتریدون شیئًا.

قولہ: "تُنَجِّیْنَا" (ص:۱۰۰ سطر:۳)

بعض نسخوں میں یائے تحتانیہ نہیں ہے، اور نحوی قاعدے کا تقاضا بھی یہی ہے، اس صورت میں اس کا عطف تدخلنا پر ہوگا اور یاء کو عاملِ جازم "لم" کی وجہ سے محذوف قرار دیا جائے گا، لیکن ہمارے اس نسخہ میں یاء موجود ہے تو اس جملہ کو ماقبل کے دو اِستفہامیہ جملوں "ألم تبیض وجوهنا، ألم تدخلنا الجنة" پر معطوف قرار دیا جائے گا (کذا فی الحاشیة فی نسختنا) بظاہر اس کا مطلب یہ ہے کہ یاء کی موجودگی کی صورت میں "تنجینا" جملہ استفہامیہ کے بجائے خبریہ ہوگا۔

۴۴۹ - "حَدَّثَنَا أَبُو بَکْرِ بْنُ أَبِی شَیْبَةَ قَالَ: نَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، بِهٰذَا الإِسْنَادِ. وَزَادَ: ثُمَّ تَلاَ هٰذِهِ الآیَةَ "لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَةٌ." (ص:۱۰۰ سطر:۴)

قولہ: "لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَةٌ" (ص:۱۰۰ سطر:۴)

"الحسنٰی" سے الحیاة الحسنة فی الجنّة اور "زیادة" سے باری تعالیٰ کا دیدار

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مراد ہے۔ زیادۃٌ پر تنوین تعظیم کی ہے، قال القاضی عیاض فی شرح صحیح مسلم له المسمّٰی "اکمال المعلم بفوائد مسلم" (ج:۱ ص:۵۴۰) ما نصه: ذکر فی هٰذا الحدیث نظر أهل الجنّة الٰی رَبِّهِمْ. مذهب أهل السنة باجمعهم جواز رُؤیة الله عقلًا ووجوبها فی الاٰخرة للمؤمنین سمعًا، نطق بذالک الکتاب العزیز وأجمع علیه سلف الأمّة ورواهُ بضعة عشر من الصحابة بالفاظ مختلفة عن النبی صلی الله علیه وسلم، خلافًا للمعتزلة والخوارج وبعض المرجئة اذ نفوا ذالک عقلًا بناءً علٰی شروطٍ یشترطونها من البِنیة والمقابلة واتصال الأشعة وزوال الموانع، فی تخلیط لهم طویلٍ، وأهل الحق لا یشترطون شیئًا من ذالک سوٰی وجود المرئی، وان الرؤیة إدراک یخلقها الله للرائی فیری المرئی، لٰکن مجری العادة تکون علٰی صفاتٍ ولیست بشروط.

٤٥٠ – "حَدَّثَنِی زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ ... (الیٰ قوله)... عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَزِیْدَ اللَّیْثِیِّ، أَنَّ أَبَا هُرَیْرَةَ أَخْبَرَهُ؛ أَنَّ نَاسًا قَالُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ :یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلْ نَرٰی رَبَّنَا یَوْمَ الْقِیَامَةِ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ: هَلْ تضَارُّوْنَ فِی الْقَمَرِ لَیْلَةَ الْبَدْرِ؟ قَالُوْا: لَا، یَا رَسُوْلَ اللهِ! قَالَ: هَلْ تُضَارُّوْنَ فِی الشَّمْسِ لَیْسَ دُوْنَهَا سَحَابٌ؟ قَالُوْا: لَا، یَا رَسُوْلَ اللهِ! قَالَ: فَإِنَّکُمْ تَرَوْنَهٗ کَذَالِکَ، یَجْمَعُ اللهُ النَّاسَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، فَیَقُوْلُ مَنْ کَانَ یَعْبُدُ شَیْئًا فَلْیَتَّبِعْهُ. فَیَتَّبِعُ مَنْ کَانَ یَعْبُدُ الشَّمْسَ الشَّمْسَ، وَیَتَّبِعُ مَنْ کَانَ یَعْبُدُ الْقَمَرَ الْقَمَرَ، وَیَتَّبِعُ مَنْ کَانَ یَعْبُدُ الطَّوَاغِیْتَ الطَّوَاغِیْتَ،وَتَبْقٰی هٰذِهِ الْأُمَّةُ فِیْهَا مُنَافِقُوْهَا، فَیَأْتِیْهِمُ اللّٰهُ فِیْ صُوْرَةٍ غَیْرِ صُوْرَتِهِ الَّتِی یَعْرِفُوْنَ، فَیَقُوْلُ:أَنَا رَبُّکُمْ. فَیَقُوْلُوْنَ: نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْکَ ،هٰذَا مَکَانُنَا حَتّٰی یَأْتِیَنَا رَبُّنَا، فَإِذَا جَاءَ رَبُّنَا عَرَفْنَاهُ. فَیَأْتِیْهِمُ اللّٰهُ فِیْ صُوْرَتِهِ الَّتِیْ یَعْرِفُوْنَ، فَیَقُوْلُ :أَنَا رَبُّکُمْ. فَیَقُوْلُوْنَ:أَنْتَ رَبُّنَا فَیَتَّبِعُوْنَهٗ.وَیُضْرَبُ الصِّرَاطُ بَیْنَ ظَهْرَانَیْ جَهَنَّمَ.فَأَکُوْنُ أَنَا وَأُمَّتِیْ أَوَّلَ مَنْ یُّجِیْزُ،وَلَا یَتَکَلَّمُ یَوْمَئِذٍ إِلَّا الرُّسُلُ.وَدَعْوَی الرُّسُلِ یَوْمَئِذٍ: اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ ، سَلِّمْ. وَفِیْ جَهَنَّمَ کَلَالِیْبُ مِثْلُ شَوْکِ السَّعْدَانِ هَلْ رَأَیْتُمُ السَّعْدَانَ ؟ قَالُوا: نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. قَالَ: فَإِنَّهَا مِثْلُ شَوْکِ السَّعْدَانِ، غَیْرَ أَنَّهٗ لَا یَعْلَمُ مَا قَدْرُ عِظَمِهَا إِلَّا اللّٰهُ ،تَخْطَفُ النَّاسَ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بِأَعْمَالِهِمْ، فَمِنْهُمُ الْمُوبَقُ يَعْنِي بِعَمَلِهِ، وَمِنْهُمُ الْمُجَازَى حَتَّى يُنَجَّى حَتَّى إِذَا فَرَغَ اللّٰهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ الْعِبَادِ، وَأَرَادَ أَنْ يُخْرِجَ بِرَحْمَتِهِ مَنْ أَرَادَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، أَمَرَ الْمَلَائِكَةَ أَنْ يُخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا، مِمَّنْ أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَرْحَمَهُ، مِمَّنْ يَقُولُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. فَيَعْرِفُونَهُمْ فِي النَّارِ، يَعْرِفُونَهُمْ بِأَثَرِ السُّجُودِ، تَأْكُلُ النَّارُ مِنِ ابْنِ آدَمَ إِلَّا أَثَرَ السُّجُودِ، حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ أَنْ تَأْكُلَ أَثَرَ السُّجُودِ. فَيُخْرَجُونَ مِنَ النَّارِ وَقَدِ امْتَحَشُوا، فَيُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءُ الْحَيَاةِ فَيَنْبُتُونَ مِنْهُ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ. ثُمَّ يَفْرُغُ اللّٰهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ الْعِبَادِ، وَيَبْقَى رَجُلٌ مُقْبِلٌ بِوَجْهِهِ عَلَى النَّارِ، وَهُوَ آخِرُ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُولًا الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ! اصْرِفْ وَجْهِي عَنِ النَّارِ، فَإِنَّهُ قَدْ قَشَبَنِي رِيحُهَا وَأَحْرَقَنِي ذَكَاؤُهَا، فَيَدْعُو اللّٰهَ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَدْعُوَهُ ... (الیٰ قوله)... فَيُقَدِّمُهُ إِلَى بَابِ الْجَنَّةِ فَإِذَا قَامَ عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ انْفَهَقَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَرَأَى مَا فِيهَا مِنَ الْخَيْرِ وَالسُّرُورِ ... (الیٰ قوله)... فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ! لَا أَكُونُ أَشْقَى خَلْقِكَ، فَلَا يَزَالُ يَدْعُو اللّٰهَ حَتَّى يَضْحَكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْهُ. فَإِذَا ضَحِكَ اللّٰهُ مِنْهُ، قَالَ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ. فَإِذَا دَخَلَهَا قَالَ اللّٰهُ لَهُ: تَمَنَّهْ. فَيَسْأَلُ رَبَّهُ وَيَتَمَنَّى، حَتَّى إِنَّ اللّٰهَ لَيُذَكِّرُهُ مِنْ كَذَا وَكَذَا، حَتَّى إِذَا انْقَطَعَتْ بِهِ الْأَمَانِيُّ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى: ذٰلِكَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ (الیٰ قوله) قال أبو سعيد وعشرة أمثاله معه يا أبا هريرة... الحديث۔"

(ص:۱۰۰ سطر:۴ تا ص:۱۰۱ سطر:۱۱)

قوله: "الطَّوَاغِيتَ" (ص:۱۰۰ سطر:۷)

یعنی اصنام، اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت بتوں کے اندر بھی چلنے کی صلاحیت پیدا کردی جائے گی۔

قوله: "وَتَبْقَى هٰذِهِ الْأُمَّةُ فِيهَا مُنَافِقُوهَا" (ص:۱۰۰ سطر:۸)

أي أمّــة الاجــابــة، ابتداء میں منافقین بھی ان کے ساتھ شامل ہوں گے جو "کشف عــن الســاق" کے وقت سجدہ نہ کرسکنے کی وجہ سے ظاہر کردیئے جائیں گے۔ جیسا کہ آگے ایک روایت میں آئے گا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "فَيَأْتِيهِمُ اللّٰهُ فِي صُوْرَةٍ غَيْرِ صُوْرَتِهِ" (ص:۱۰۰ سطر:۸)

یہ الفاظ متشابہات کے قبیل سے ہیں، متشابہات کے بارے میں علمائے اہل السنۃ والجماعۃ کے دو طریقے ہیں۔

متقدمین کا طریقہ:- متقدمین کا طریقہ یہ ہے کہ ہمیں اِن متشابہات کی مراد کا کوئی علم یقینی حاصل نہیں، تاہم اِن کے جو بھی معنیٰ اللہ کے نزدیک مراد ہیں وہ حق ہیں، ہم اُن پر ایمان لاتے ہیں اور کوئی تأویل نہیں کرتے۔ یہ مذہب اَحوَط اور اَقرب الی القرآن ہے، کما قال تعالیٰ: "وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا".

متأخرین کا مذہب:- متأخرین نے تأویل کا راستہ اختیار فرمایا، لیکن اس میں بھی وہ کوئی قطعی اور یقینی حکم نہیں لگاتے، بلکہ بہ طور احتمال کے یوں فرماتے ہیں کہ: اس کے فلاں معنیٰ مراد ہوسکتے ہیں۔ اور متأخرین کو یہ تأویل کا راستہ اس لئے اختیار کرنا پڑا کہ جب یونانی فلسفہ، اسلامی معاشرہ میں متعارف ہوا تو بہت سے مسلمان اس سے متأثر ہوئے اور ان کے عقائد پر بھی اِس فلسفہ کا اثر پڑا، یہاں تک کہ بہت سے گمراہ فرقے وجود میں آگئے، انہی میں سے ایک فرقہ "مجسّمہ" ہے جس کے متبعین کا عقیدہ یہ تھا کہ اللہ رَبّ العزت جسم رکھتے ہیں، جبکہ اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ یہ ہے کہ باری تعالیٰ جسم وصورت سے مُنزَّہ ہیں۔ تو وہ الفاظ جن سے باری تعالیٰ کا مجسّم ہونا اور اسی کے مطابق افعال کے صدور کا شبہ ہوتا تھا، متأخرین نے اُن میں تأویل کی تاکہ یہ بتایا جاسکے کہ اس کے جو معنیٰ فرقہ "مجسّمہ" نے لئے ہیں وہ دُرست نہیں، دوسرے معنیٰ کا بھی احتمال ہے، واذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔ مثلاً مذکورہ جملہ میں "یاتیھم" کو بمعنیٰ "یظھر لھم" اور صورۃ کو صفۃ کے معنیٰ میں لیا۔

اگرچہ اَحوَط طریقہ متقدمین کا ہے، لیکن چونکہ متأخرین کا طریقہ غرضِ صحیح پر مبنی ہے، نیز متأخرین اپنی تأویل میں قطعیت کا حکم بھی نہیں لگاتے بلکہ محض احتمال کے طور پر ذکر کرتے ہیں، تو اِس اعتبار سے یہ طریقہ بھی قابلِ اعتراض نہیں، بلکہ بہت سے مواقع میں مفید ثابت ہوتا ہے۔

قولہ: "بَيْنَ ظَهْرَانَيْ جَهَنَّمَ" (ص:۱۰۰ سطر:۹)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

أی بین طرفیها، کذا فی فتح الملهم عن المرقاة.(۱)

قوله: "کَلَالِیبُ" (ص:۱۰۱ سطر:۱)

یہ کَلُّوب بفتح الکاف وتشدید اللام کی جمع ہے بمعنیٰ آنکڑا(۲) یعنی لوہے کا وہ لمبا سریا جس کی نوک مڑی ہوئی ہوتی ہے اور اس میں گوشت وغیرہ کو لٹکا کر تنور میں چھوڑا جاتا ہے یا روٹی کو تنور سے نکالا جاتا ہے (فتح الملهم بزیادة)۔(۳)

قوله: "مِثْلُ شَوْکِ السَّعْدَانِ" (ص:۱۰۱ سطر:۱)

سعدان ایک خاص نبات کا نام ہے جس کے کانٹے کی نوک بہت باریک ہوتی ہے، جہنم کے آنکڑے کو سعدان کے کانٹے کے ساتھ صرف نوک کے باریک ہونے میں تشبیہ دی گئی ہے، جسامت کے اعتبار سے نہیں، اس لئے کہ جہنم کا آنکڑا تو اس سے بہت بڑا اور خوفناک ہوگا۔(۴)

قوله: "فَمِنْهُمُ الْمُوْبَقُ" (ص:۱۰۱ سطر:۲) بفتح الباء الموحدة، یعنی ہلاک کیا ہوا۔ باب افعال سے اسمِ مفعول ہے، (فتح الملهم)۔(۵)

قوله: "الـمُجَازٰی" (ص:۱۰۱ سطر:۲) "الـمُجازاة"، (باب مُفاعلہ) سے اسمِ مفعول ہے۔

قوله: "قَدِ امْتَحَشُوْا" (ص:۱۰۱ سطر:۴) باب افتعال سے ماضی معروف کا صیغہ ہے۔ ای احترقوا وزنًا ومعنًی (فتح الملهم بزیادة ایضاح)۔(۶)

قوله: "کَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِیْ حَمِیْلِ السَّیْلِ" (ص:۱۰۱ سطر:۴)

"الحِبَّةُ" بکسر الحاء، بیج جو اُگانے کے لئے زمین میں بویا جاتا ہے، اور بفتح الحاء وہ دانہ جو زراعت سے حاصل ہوتا ہے۔ یہاں بکسر الحاء ہے، یعنی بیج (فتح الملهم)(۷)۔ جس طرح سیلابی بیج بہت تیزی سے اُگتا ہے، اسی طرح اُن کے جسم پر بھی گوشت

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۳۵۴ وفی اکمال المعلم ج:۱ ص:۵۵۰: "علی ظهرانی جهنم" ویروی "ظهری جهنم" وهما لغتان قاله الأصمعی وفی کتاب العین للخلیل ج:۴ ص:۳۸: والظهران مِن قولک: أنابین ظهرانَیْهِمْ وظهریهم وکذالک الشیء فی وسط الشیء: هو بین ظهریهِ وظهرانَیهِ.

(۲) الغریب لابن سلام ج:۲ ص:۲۵۔

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۵۵۔ (۴) مجمع بحار الأنوار ج:۳ ص:۷۳۔

(۵) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۵۶۔ (۶) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۵۸۔

(۷) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۵۸ ولسان العرب ج:۳ ص:۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پوست بہت تیزی سے اُگ آئے گا۔

قوله: "اَیْ رَبِّ" (ص:۱۰۱ سطر:۵) "ای" بفتح الھمزۃ وسکون الیاء حرفِ نداء ہے۔

قوله: "قَدْ قَشَبَنِیْ رِیْحُھَا وَأَحْرَقَنِیْ ذَکَاؤُھَا" (ص:۱۰۱ سطر:۵)

یعنی زہرآلود کردیا ہے مجھ کو اُس کی ہوا (یا بدبو) نے اور جلا ڈالا ہے اس کے شعلوں کی شدت نے۔

قوله: "اِنْفَھَقَتْ" (ص:۱۰۱ سطر:۸) یعنی کھل کر سامنے آجائے گی۔

قوله: "فَإِذَا ضَحِکَ اللّٰہُ مِنْہُ" (ص:۱۰۱ سطر:۱۰)

یہ بھی متشابہات میں سے ہے، متاخرین اس کی تأویل "راضی ہونے" سے کرتے ہیں۔[1]

قوله: "فَیَسْأَلُ رَبَّہٗ وَیَتَمَنّٰی" (ص:۱۰۱ سطر:۱۰) مسند احمد میں ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ: "فیسأل ویتمنّٰی مقدارَ ثلاثۃ ایام من ایام الدنیا" (فتح الملھم)۔[2]

۴۵۳ – "حَدَّثَنِیْ سُوَیْدُ بْنُ سَعِیْدٍ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ أَنَّ نَاسًا فِیْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسَلَّمَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! ھَلْ نَرٰی رَبَّنَا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسَلَّمَ: نَعَمْ. قَالَ: ھَلْ تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَۃِ الشَّمْسِ بِالظَّھِیْرَۃِ صَحْوًا لَیْسَ مَعَھَا سَحَابٌ؟ وَھَلْ تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَۃِ الْقَمَرِ لَیْلَۃَ الْبَدْرِ صَحْوًا لَیْسَ فِیْھَا سَحَابٌ؟ قَالُوْا: لَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ. قَالَ: مَا تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی یَوْمَ الْقِیَامَۃِ إِلَّا کَمَا تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْیَۃِ أَحَدِھِمَا. إِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَۃِ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ: لِیَتَّبِعْ کُلُّ أُمَّۃٍ مَا کَانَتْ تَعْبُدُ، فَلَا یَبْقٰی أَحَدٌ کَانَ یَعْبُدُ غَیْرَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ مِنَ الْأَصْنَامِ وَالْأَنْصَابِ، إِلَّا یَتَسَاقَطُوْنَ فِی النَّارِ. حَتّٰی إِذَا لَمْ یَبْقَ إِلَّا مَنْ کَانَ یَعْبُدُ اللّٰہَ مِنْ بَرٍّ وَفَاجِرٍ، وَغُبَّرِ أَھْلِ الْکِتَابِ، فَیُدْعَی الْیَھُوْدُ... (الیٰ قوله)... فَمَاذَا تَبْغُوْنَ؟ قَالُوْا عَطِشْنَا یَا رَبَّ! فَاسْقِنَا، فَیُشَارُ إِلَیْھِمْ ... (الیٰ قوله)... حَتّٰی إِذَا لَمْ یَبْقَ إِلَّا مَنْ کَانَ یَعْبُدُ اللّٰہَ تَعَالٰی مِنْ بَرٍّ وَّفَاجِرٍ، أَتَاھُمْ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ فِیْ أَدْنٰی صُوْرَۃٍ مِنَ الَّتِیْ رَأَوْہُ

(۱) اکمال المعلم ج:۱ ص:۵۵۸۔

(۲) فتح الملھم ج:۲ ص:۳۵۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فِيْهَا. قَالَ: فَمَا تَنْتَظِرُوْنَ؟ تَتْبَعُ كُلُّ أُمَّةٍ مَا كَانَتْ تَعْبُدُ. قَالُوْا: يَا رَبَّنَا! فَارَقْنَا النَّاسَ فِي الدُّنْيَا أَفْقَرَ مَا كُنَّا إِلَيْهِمْ وَلَمْ نُصَاحِبْهُمْ. فَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ. فَيَقُوْلُوْنَ: نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ، لاَ نُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا، مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاثًا، حَتّٰى إِنَّ بَعْضَهُمْ لَيَكَادُ أَنْ يَنْقَلِبَ. فَيَقُوْلُ: هَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ آيَةٌ فَتَعْرِفُوْنَهُ بِهَا؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ. فَيُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ، فَلاَ يَبْقٰى مَنْ كَانَ يَسْجُدُ لِلّٰهِ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهِ إِلَّا أَذِنَ اللّٰهُ لَهُ بِالسُّجُوْدِ ... (الیٰ قوله)... ثُمَّ يُضْرَبُ الْجِسْرُ عَلٰى جَهَنَّمَ وَتَحِلُّ الشَّفَاعَةُ وَيَقُوْلُوْنَ: اللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ. قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَمَا الْجِسْرُ؟ قَالَ: دَحْضٌ مَزِلَّةٌ. فِيْهِ خَطَاطِيْفُ وَكَلاَلِيْبُ وَحَسَكٌ، تَكُوْنُ بِنَجْدٍ فِيْهَا شُوَيْكَةٌ يُقَالُ لَهَا السَّعْدَانُ، فَيَمُرُّ الْمُؤْمِنُوْنَ كَطَرْفِ الْعَيْنِ وَكَالْبَرْقِ وَكَالرِّيْحِ وَكَالطَّيْرِ وَكَأَجَاوِيْدِ الْخَيْلِ وَالرِّكَابِ، فَنَاجٍ مُسَلَّمٌ، وَمَخْدُوْشٌ مُرْسَلٌ، وَمَكْدُوْسٌ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ. حَتّٰى إِذَا خَلَصَ الْمُؤْمِنُوْنَ مِنَ النَّارِ، فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ بِأَشَدَّ مُنَاشَدَةً لِلّٰهِ، فِي اسْتِقْصَاءِ الْحَقِّ، مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِلّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ. يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا كَانُوْا يَصُوْمُوْنَ مَعَنَا وَيُصَلُّوْنَ وَيَحُجُّوْنَ. فَيُقَالُ لَهُمْ: أَخْرِجُوْا مَنْ عَرَفْتُمْ. فَتُحَرَّمُ صُوَرُهُمْ عَلَى النَّارِ فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا ... (الیٰ قوله)... ثُمَّ يَقُوْلُ: ارْجِعُوْا، فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالَ نِصْفِ دِيْنَارٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوْهُ. فَيُخْرِجُوْنَ خَلْقًا كَثِيْرًا ... (الیٰ قوله)... فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى: شَفَعَتِ الْمَلاَئِكَةُ وَشَفَعَ النَّبِيُّوْنَ وَشَفَعَ الْمُؤْمِنُوْنَ، وَلَمْ يَبْقَ إِلَّا أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ، فَيَقْبِضُ قَبْضَةً مِنَ النَّارِ فَيُخْرِجُ مِنْهَا قَوْمًا لَمْ يَعْمَلُوْا خَيْرًا قَطُّ، قَدْ عَادُوْا حُمَمًا فَيُلْقِيْهِمْ فِيْ نَهْرٍ فِيْ أَفْوَاهِ الْجَنَّةِ ... (الیٰ قوله)... قَالَ: فَيَخْرُجُوْنَ كَاللُّؤْلُؤِ فِيْ رِقَابِهِمُ الْخَوَاتِمُ. يَعْرِفُهُمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ. هٰؤُلاَءِ عُتَقَاءُ اللّٰهِ الَّذِيْنَ أَدْخَلَهُمُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ عَمَلٍ عَمِلُوْهُ وَلاَ خَيْرٍ قَدَّمُوْهُ ... الحديث."

(ص:۱۰۲ سطر:۱ تا ۱۱ و ص:۱۰۳ سطر:۱ تا ۸)

قوله: "صَحْوًا لَيْسَ مَعَهَا سَحَابٌ" (ص:۱۰۲ سطر:۲)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"صَحْوًا" فضاء کی وہ حالت جس میں بادل نہ ہوں، اگلا جملہ "لیس معها سحاب" اس کی تفسیر ہے۔

قوله: " غُبَّرِ أَهْلِ الْكِتَابِ" (ص:۱۰۲ سطر:۴) بضم الغين المعجمة وفتح الباء الموحدة المشددة، بقاياهم جمع غابر وهو الباقي۔

قوله: "عَطِشْنَا يَا رَبِّ!" (ص:۱۰۲ سطر:۵)

أي فيقول كل واحدٍ منهم عطشنا يَا رَبِّ.

قوله: "فِيْ أَدْنٰى صُوْرَةٍ مِنَ الَّتِيْ رَأَوْهُ فِيْهَا" (ص:۱۰۲ سطر:۷)

صورة سے مراد صفت ہے، رأوهُ فيها سے معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں نے اِس سے قبل بھی اللہ ربّ العزت کی زیارت کی ہوگی، حالانکہ دُنیا کے اندر کسی کے لئے بھی اللہ ربّ العزت کا دیدار ممکن نہیں، لہٰذا اِس جملہ کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:-

۱- عہدِ اَلست کے وقت ہمیں اللہ ربّ العزت کی زیارت نصیب ہوئی تھی، جس کا استحضار دنیاوی زندگی میں تو نہیں رہا لیکن میدانِ حشر میں وہ رُؤیت یاد آ جائے گی۔

۲- رُؤیت سے مراد اعتقاد ہے، أي الصفة التي اعتقدوها۔ (۱)

قوله: "أَفْقَرَ مَا كُنَّا إِلَيْهِمْ" (ص:۱۰۲ سطر:۸)

أي في حالةٍ كنا اليهم أفقر، یعنی دنیا میں فقر وتنگدستی کی حالت میں ہم نے ان سے جدائی اختیار کی جبکہ ہم ان کے زیادہ محتاج تھے، تو اب جب ان کے پیچھے چلنے میں ہلاکت ہی ہلاکت ہے تو ہم ان سے جدائی کیوں اختیار نہ کریں گے۔

قوله: "لَيَكَادُ أَنْ يَّنْقَلِبَ" (ص:۱۰۲ سطر:۸)

أي عن الصواب ويرجع عنه للامتحان الشديد الذي جرى، (نووی).

قوله: "فَيُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ" (ص:۱۰۲ سطر:۹)

متأخرین کے نزدیک کشف عنِ الساق کنایہ ہے شدید اور ہولناک منظر سے، جیسے کلامِ عرب کا محاورہ ہے: "كشفت الحرب عن ساقها أي اشتدت"۔ (۲)

قوله: "أَذِنَ اللّٰهُ لَهُ بِالسُّجُوْدِ" (ص:۱۰۲ سطر:۹)

---

(۱) علامہ مازریؒ نے اِسی جواب کو راجح قرار دیا ہے، ملاحظہ فرمایئے: المعلم ج:۱ ص:۲۲۶۔

(۲) مختار الصحاح ج:۱ ص:۱۳۵، مادّة: سوق ولسان العرب ج:۱۰ ص:۱۶۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یعنی اللہ ربّ العزت سجدہ کرنے کی قدرت عطا فرمائیں گے۔

قولہ: "وَتَحِلُّ الشَّفَاعَةُ" (ص:۱۰۲ سطر:۱۰) بكسر الحاء وقيل بضمها اى تقع ويؤذن فيها (نووی)۔[1]

قولہ: "دَحْضٌ مَزِلَّةٌ" (ص:۱۰۲ سطر:۱۰) دحض پر تنوین ہے، دال مفتوح اور حاء ساکن ہے، اور مزلة بفتح الميم وفتح الزاء وكسرها، دحض اور مزلة دونوں ہم معنی ہیں، یعنی وہ جگہ جس پر پاؤں پھسلتے ہوں۔[2]

قولہ: "خَطَاطِيْفُ" (ص:۱۰۲ سطر:۱۰) خُطاف بضم الخاء کی جمع ہے، بمعنی كلاليب، (فتح الملهم)۔[3]

قولہ: "وَحَسَكٌ" (ص:۱۰۲ سطر:۱۰) لوہے کے سخت کانٹے۔

قولہ: "كَأَجَاوِيْدِ الْخَيْلِ" (ص:۱۰۲ سطر:۱۱) اجواد کی جمع ہے، اور وہ جَوَاد کی جمع ہے، اچھا تیز رفتار گھوڑا، وهو من اضافة الصفة الى الموصوف (فتح الملهم)۔[4]

قولہ: "فَنَاجٍ مُسَلَّمٌ، وَمَخدُوْشٌ مُرْسَلٌ، وَمَكْدُوْسٌ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ" (ص:۱۰۲ سطر:۱۱)

یعنی پلِ صراط سے گزرنے والے لوگوں کی تین قسمیں ہوں گی:-

۱- ناجٍ مُسلّمٌ: جو سلامتی کے ساتھ بغیر کسی تکلیف کے گزر جائیں گے۔

۲- مخدوشٌ مُرسلٌ: وہ لوگ جن کو تکلیف یا زخموں کا سامنا کرنا پڑے گا، مگر انہیں چھوڑ دیا جائے گا اور وہ بھی پلِ صراط پار کرلیں گے۔

۳- مکدوسٌ فی نارِ جهنم: وہ لوگ جو پلِ صراط سے پار نہ ہوسکیں گے، اوپر تلے جہنم میں گریں گے۔

قولہ: "مُنَاشَدَةً لِلّٰهِ" (ص:۱۰۳ سطر:۱) اللہ سے مطالبہ کرنا۔ اور "ما من احدٍ منكم باشدَّ مناشدة لله في استيفاء الحقوق ...الخ" کا مطلب یہ ہے کہ تم میں سے کوئی بھی حقوق وصول کرنے کے لئے اللہ سے مطالبہ کرنے میں اُن مؤمنین سے زیادہ اشد نہیں جو قیامت کے

---

(۱) شرح النووی علیٰ صحیح مسلم ج:۱ ص:۱۰۲۔ (۲) بحوالۂ بالا۔

(۳) ج:۲ ص:۴۷۰۔ (۴) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۷۰، ۴۷۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دن اپنے اُن بھائیوں کے لئے اللہ سے مطالبہ (ان کی نجات کا) کریں گے جو آگ میں (داخل ہو گئے) ہوں گے۔

قوله: "يَقُولُونَ: رَبَّنَا كَانُوا يَصُومُونَ مَعَنَا وَيُصَلُّونَ وَيَحُجُّونَ. فَيُقَالُ لَهُمْ: أَخْرِجُوا مَنْ عَرَفْتُ" (ص:۱۰۳ سطر:۱)

یہ حدیث بیک وقت معتزلہ وخوارج اور مرجئۃ کی تردید کرتی ہے، يقولون ربنا كانوا يصومون معنا .... الخ، سے مرجئۃ کی تردید ہوئی کہ کچھ مؤمنین باوجود صائم ومصلّی ہونے کے بھی بعض گناہوں کی وجہ سے جہنم میں جائیں گے، تو معلوم ہوا کہ ایمان لانے کے باوجود اعمالِ صالحہ کا مکمل اہتمام اور گناہوں سے اجتناب نجات کے لئے ضروری ہے، اور "أخرجوا من عرفتم" کے جملہ سے معتزلہ وخوارج کی تردید ہوئی کہ وہ مؤمنین باوجود گنہگار ہونے کے مخلّد فی النّار نہ ہوئے، تو معلوم ہوا کہ معصیت کا ارتکاب مسلمان کو مخلّد فی النّار نہیں کرتا۔

قوله: "مِنْ خَيْرٍ" (ص:۱۰۳ سطر:۳)

خیر سے ایمان کے سوا باقی اعمالِ قلب مراد ہیں (فتح الملہم)۔[1]

قوله: "لَمْ يَعْمَلُوا خَيْرًا قَطُّ" (ص:۱۰۳ سطر:۶)

یعنی مجرّدِ ایمان کے علاوہ کوئی خیر کا کام نہیں کیا تھا، (فتح الملهم عن القاضی عیاض)[2] یا ایمان مع الاقرار کے علاوہ کوئی نیک کام دِل سے بھی نہیں کیا تھا، (فتح الملهم عن الزرکشی)۔[3]

قوله: "قَدْ عَادُوا حُمَمًا" (ص:۱۰۳ سطر:۶) ای صاروا حُمَمًا اور "حُمَم" بضم الحاء وفتح الميم الاولىٰ المخففة "حُمَمَةٌ" کی جمع ہے بمعنی کوئلہ۔

قوله: "فِي أَفْوَاهِ الْجَنَّةِ" (ص:۱۰۳ سطر:۶) یہ "فُوَّهَةٌ" بضم الفاء وتشديد الواوِ المفتوحة کی جمع ہے علیٰ غیر القیاس، وأفواهُ الازقّةِ والأنهار: أوائلها۔ بظاہر یہاں مراد جنت کے قصور ومحلات کو جانے والے راستے ہیں (فتح الملہم)۔[4]

قوله: "كَاللُّؤْلُؤِ فِي رِقَابِهِمُ الْخَوَاتِمُ. يَعْرِفُهُمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ" (ص:۱۰۳ سطر:۷)

(۱) فتح الملہم ج:۲ ص:۴۷۲۔
(۲) بظاہر قاضی عیاضؒ کی مراد یہ ہے کہ اقرار باللسان بھی (کسی عذر سے) نہیں کیا تھا۔ رفیع
(۳) فتح الملہم ج:۲ ص:۴۷۳۔ (۴) فتح الملہم ج:۲ ص:۴۷۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ تمغہ عیب کا نہیں بلکہ انعامِ الٰہی کے اظہار کا ہوگا۔

٤٥٤ - " (قَالَ مُسْلِمٌ) قَرَأْتُ عَلٰى عِيْسٰى بْنِ حَمَّادٍ زُغْبَةَ الْمِصْرِيِّ هٰذَا الْحَدِيْثَ فِي الشَّفَاعَةِ، وَقُلْتُ لَهُ: أُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْكَ، أَنَّكَ سَمِعْتَ مِنَ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ فَقَالَ: نَعَمْ. قُلْتُ لِعِيْسٰى بْنِ حَمَّادٍ: أَخْبَرَكُمُ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ ... (الىٰ قوله)... عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ؛ أَنَّهُ قَالَ: قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَنَرٰى رَبَّنَا؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تُضَارُّوْنَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ؟... (الىٰ قوله)... قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: بَلَغَنِيْ أَنَّ الْجِسْرَ أَدَقُّ مِنَ الشَّعْرَةِ وَأَحَدُّ مِنَ السَّيْفِ.

وَلَيْسَ فِي حَدِيْثِ اللَّيْثِ " فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا أَعْطَيْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِيْنَ وَمَا بَعْدَهُ" فَأَقَرَّ بِهِ عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ." (ص:۱۰۳ سطر:۹ تا ۱۲)

قوله: "قَرَأْتُ عَلٰى عِيْسٰى بْنِ حَمَّادٍ زُغْبَةَ الْمِصْرِيِّ هٰذَا الْحَدِيْثَ ... الخ." (ص:۱۰۳ سطر:۹)

امامِ مسلمؒ یہاں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ شفاعت کے بارے میں یہ حدیث جو انہوں نے اپنے اُستاذ "سُوَيد بن سعيد قال حدثني حفص بن ميسرة" کی سند سے تفصیلاً ذکر کی ہے اسے وہ تین فرق کے ساتھ اپنے ایک اور اُستاذ عیسیٰ بن حماد سے بھی روایت کرتے ہیں۔

ایک فرق یہ ہے کہ سوید بن سعید کی روایت بطریق التحدیث ہے، یعنی سوید بن سعید نے یہ حدیث سنائی اور میں نے سنی، جبکہ عیسیٰ بن حماد کی روایت بطریق الاخبار ہے کہ حدیث میں نے ان کو پڑھ کر سنائی اور انہوں نے توثیق کی، (فاقرَّ به عيسى بن حماد)۔

دوسرا فرق یہ ہے کہ سوید بن سعید نے یہ حدیث حفص بن میسرہ کے طریق سے روایت کی ہے جبکہ عیسیٰ بن حماد نے اسے لیث بن سعد کے طریق سے روایت کیا ہے۔

تیسرا فرق یہ ہے کہ عیسیٰ بن حماد کی روایت عن اللیث بن سعد میں ایک جملہ زیادہ ہے اور کچھ جملے کم ہیں، یعنی لیث بن سعد نے اپنی روایت میں "بغير عمل عملوه ولا قدم قدَّمُوهُ فيقال لهم: لكم ما رأيتُم ومثله معه" کے بعد یہ جملہ زائد کیا ہے کہ: "قال ابو سعيد الخدرى بلغني ان الجسر ادق من الشعرة واحدّ من السيف" اور سوید بن سعید کی روایت کا یہ جملہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کہ: "فیقولون ربنا اعطیتنا ما لم تعطِ احدًا من العالمین" اور اس کے بعد کی عبارت عیسیٰ بن حماد کی روایت میں نہیں ہے۔

باب اثبات الشفاعة واخراج المؤحّدین من النّار

٤٥٦ – "حَدَّثَنِي هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْأَيْلِيُّ ... (الیٰ قوله)... حَدَّثَنَا عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: يُدْخِلُ اللّٰهُ أَهْلَ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، يُدْخِلُ مَنْ يَّشَاءُ بِرَحْمَتِهٖ، وَيُدْخِلُ أَهْلَ النَّارِ النَّارَ، ثُمَّ يَقُوْلُ: انْظُرُوْا مَنْ وَجَدْتُمْ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُ. فَيُخْرَجُوْنَ مِنْهَا حُمَمًا قَدِ امْتَحَشُوْا. فَيُلْقَوْنَ فِي نَهْرِ الْحَيَاةِ –أَوِ الْحَيَا– فَيَنْبُتُوْنَ فِيْهِ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ إِلٰى جَانِبِ السَّيْلِ، أَلَمْ تَرَوْهَا كَيْفَ تَخْرُجُ صَفْرَاءَ مُلْتَوِيَةً." (ص:۱۰۴ سطر:۱ تا ۴)

قوله: "أَوِ الْحَيَا" (ص:۱۰۴ سطر:۴) بالقصر وهو المطر۔[1]

قوله: "صَفْرَاءَ مُلْتَوِيَةً" (ص:۱۰۴ سطر:۴) بمعنی پیلا، بل کھایا ہوا۔

٤٥٧ – "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ (الیٰ قوله) عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى بِهٰذَا الإسناد وَقَالَا: فَيُلْقَوْنَ فِيْ نَهْرٍ يُقَالُ له: الْحَيَاةُ (الیٰ قوله) كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِيْ حَمِئَةٍ أَوْ حَمِيْلَةِ السَّيْلِ." (ص:۱۰۴ سطر:۴ تا ۶)

قوله: "فِي حَمِئَةٍ" (ص:۱۰۴ سطر:۶) هو ما تغيّر لَوْنُه من الطين، یعنی کیچڑ، گارا۔[2]

٤٥٨ – "حَدَّثَنِي نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ... (الیٰ قوله) ... عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَمَّا أَهْلُ النَّارِ الَّذِيْنَ هُمْ أَهْلُهَا، فَإِنَّهُمْ لَا يَمُوْتُوْنَ فِيْهَا وَلَا يَحْيَوْنَ. وَلٰكِنْ نَاسٌ أَصَابَتْهُمُ النَّارُ بِذُنُوْبِهِمْ أَوْ قَالَ: بِخَطَايَاهُمْ فَأَمَاتَهُمْ إِمَاتَةً، حَتّٰى إِذَا كَانُوْا فَحْمًا، أُذِنَ بِالشَّفَاعَةِ، فَجِيءَ بِهِمْ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ، فَبُثُّوْا عَلٰى أَنْهَارِ الْجَنَّةِ. ثُمَّ قِيْلَ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ! أَفِيْضُوْا عَلَيْهِمْ. فَيَنْبُتُوْنَ نَبَاتَ الْحِبَّةِ تَكُوْنُ فِي حَمِيْلِ السَّيْلِ. فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ كَأَنَّ رَسُوْلَ

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۷۹۔

(۲) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۸۰، المنجد ص:۲۳۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللّٰہِ صَلَی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسَلَّمَ قَدْ کَانَ بِالْبَادِیَۃِ.‘‘ (ص:۱۰۴ سطر:۶ تا ۹)

قولہ: ’’الَّذِیْنَ ھُمْ أَھْلُھَا‘‘ (ص:۱۰۴ سطر:۷)

یعنی وہ لوگ جو مخلّد فی النّار ہوں گے۔

قولہ: ’’لَا یَمُوْتُوْنَ فِیْھَا وَلَا یَحْیَوْنَ‘‘ (ص:۱۰۴ سطر:۷)

اگرچہ وہ لوگ زندہ ہوں گے لیکن چونکہ یہ زندگی راحت والی نہ ہوگی، بلکہ انتہائی مصائب اور مسلسل عذاب پر مشتمل ہوگی اس لئے اس کی نفی کی گئی۔

قولہ: ’’فَحْمًا‘‘ (ص:۱۰۴ سطر:۸) یعنی کوئلہ۔

قولہ: ’’ضَبَائِرَ‘‘ (ص:۱۰۴ سطر:۸)

بفتح الضّاد المعجمة، متفرق جماعتیں، اور ’’ضَبَائِر‘‘ مکرر ہونے کی وجہ سے ترجمہ ہوگا، متفرق جماعتیں، متفرق جماعتیں۔ وھُوَ جمعُ ضِبَارة[1] بفتح الضاد وكسرها، لغتان. (فتح الملهم)۔[2]

۴۶۰ – ’’حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ ...(الٰی قولہ)... عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بن مسعود قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِنِّیْ لَأَعْلَمُ اٰخِرَ اَھْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِنْھَا، وَاٰخِرَ اَھْلِ الْجَنَّۃِ دُخُوْلًا الجنّۃ رَجُلٌ یَّخْرُجُ مِنَ النَّارِ حَبْوًا .....الحدیث.‘‘ (ص:۱۰۴ سطر:۶ تا ۹)

قولہ: ’’حَبْوًا‘‘ (ص:۱۰۵ سطر:۲) ہاتھوں اور ٹانگوں پر چلنا، گھٹنوں کے بَل چلنا، (فتح الملهم)۔[3]

۴۶۱ – ’’حَدَّثَنَا أَبُوْ بَکْرِ بْنُ أَبِیْ شَیْبَۃَ ... (الٰی قولہ)... عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسَلَّمَ : إِنِّی لَأَعْرِفُ آخِرَ أَھْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِنَ النَّارِ: رَجُلٌ یَخْرُجُ مِنْھَا زَحْفًا. فَیُقَالُ لَہٗ :انْطَلِقْ فَادْخُلِ الْجَنَّۃَ .قَالَ: فَیَذْھَبُ فَیَدْخُلُ الْجَنَّۃَ، فَیَجِدُ النَّاسَ قَدْ أَخَذُوا الْمَنَازِلَ فَیُقَالُ لَہٗ: أَتَذْکُرُ الزَّمَانَ الَّذِی کُنْتَ فِیْہِ؟ فَیَقُوْلُ: نَعَمْ. فَیُقَالُ لَہٗ: تَمَنَّ، فَیَتَمَنّٰی .فَیُقَالُ لَہٗ:لَکَ الَّذِیْ تَمَنَّیْتَ وَعَشَرَۃَ

(۱) الغریب لابن قتیبة ج:۱ ص:۳۹۵ والفائق ج:۲ ص:۳۲۷ والنهایة لابن الأثیر ج:۳ ص:۷۱ ولسان العرب ج:۴ ص:۴۸۰، مادة: ض ب ر.

(۲) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۸۰۔

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۸۲ وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۰۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

أَضْعَافِ الدُّنيَا. قَالَ: فَيَقُوْلُ: أَتَسْخَرُ بِيْ وَأَنْتَ الْمَلِكُ؟ قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ." (ص:۱۰۵ سطر:۵ تا ۷)

قوله: "زَحْفًا" (ص:۱۰۵ سطر:۶) سرین کے بَل یعنی گھسٹ گھسٹ کر چلنا۔ پیچھے ایک روایت میں "حَبْوًا" ہے، بظاہر وہ کبھی حَبْوًا چلے گا کبھی زَحْفًا۔ (فتح الملہم)۔[۱]

قوله: "حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ" (ص:۱۰۵ سطر:۷)

فنِ تجوید میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ نواجذ وہ داڑھیں ہیں جو جبڑے کے بالکل آخری کنارے پر ہوتی ہیں، یہاں اشکال ہوتا ہے کہ ہنستے وقت آدمی کے نواجذ صرف اس وقت ظاہر ہو سکتے ہیں جب وہ بہت ہی زیادہ منہ کھول کر قہقہہ لگائے، جبکہ احادیث سے ایک مرتبہ بھی ثابت نہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح قہقہہ لگا کر ہنسے ہوں، تو پھر یہاں بَدَت نواجذہٗ کا کیا مطلب ہے؟

جواب یہ ہے کہ نواجذ سے مراد بظاہر "ضواحک" ہیں، علمِ تجوید کے مقرر کردہ اسماء بطورِ اصطلاح بعد میں وجود میں آئے، لہٰذا اصطلاحِ تجوید کے نواجذ مراد نہیں، بلکہ مراد یہ ہے کہ آپ کی عام عادتِ شریفہ تبسم فرمانے کی تھی، ضحک کم فرماتے تھے، لیکن اس موقع پر ضحک فرمایا حتیٰ کہ ضواحک ظاہر ہو گئے۔[۲]

٤٦٢ –"حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بنُ أَبِي شَيبَةَ ... (الیٰ قوله)... عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ؛ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: آخِرُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ. فَهُوَ يَمْشِيْ مَرَّةً وَيَكْبُوْ مَرَّةً، وَتَسْفَعُهُ النَّارُ مَرَّةً، فَإِذَا مَا جَاوَزَهَا ... (الیٰ قوله)... فَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ. فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ! أَدْنِنِيْ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ فَلأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا... (الیٰ قوله)... فَيَقُوْلُ: يَا ابْنَ آدَمَ! أَلَمْ تُعَاهِدْنِيْ أَنْ لا تَسْأَلَنِيْ غَيْرَهَا؟ قَالَ: بَلٰى يَا رَبِّ هٰذِهِ، لا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا. وَرَبُّهٗ يَعْذِرُه ... (الیٰ قوله)... فيقول: يا ابنَ آدمَ! مَا يَصْرِيْنِي مِنْكَ؟... الحديث." (ص:۱۰۵ سطر:۷ تا ۱۴)

قوله: "وَيَكْبُوْ مَرَّةً وَتَسْفَعُهُ النَّارُ مَرَّةً" (ص:۱۰۵ سطر:۸ تا ۹)

يَكْبُوْ کے معنی ہیں "وہ چہرے کے بل گرے گا، اور تَسْفَعُ بفتح التاء واسکان

(۱) فتح الملہم ج:۲ ص:۳۸۲۔

(۲) علامہ مازریؒ نے المعلم ج:۱ ص:۲۲۹ میں یہی جواب دیا ہے، اور قاضی عیاضؒ اکمال المعلم ج:۱ ص:۵۶۹ میں یہ جواب نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: هٰذا ان شاء الله هو الصواب.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

السین المھملة وفتح الفاء ہے، اس کے معنی ہیں کہ آگ اُس کے چہرے کو مارے گی اور اسے سیاہ کردے گی (نووی)۔[1]

قوله: "أیْ رَبِّ" (ص:۱۰۵ سطر:۹)

أی بفتح الھمزة وسکون الیاء. یہ حرف دو معنیٰ میں آتا ہے، ایک نداءِ قریب کے لئے، یہاں اسی معنیٰ میں آیا ہے، اور دوسرے تفسیر کے لئے جیسے جاءنی زیدٌ أی أبوعبدالله۔ اور "اِیْ" بکسر الھمزة وسکون الیاء حرفِ اثبات ہے، بمعنیٰ "نعم" لیکن یہ ہمیشہ استفہام کے جواب میں قسم کے ساتھ آتا ہے، پس مثلاً: ھل قامَ زیدٌ؟ کے جواب میں کہا جائے گا: "اِیْ واللہ" یا "اِیْ وَرَبِّی" یا "اِیْ لَعَمْرِیْ" (شرح الکافیة للجامیؒ)۔[2]

قوله: "یعذِرُه" (ص:۱۰۵ سطر:۱۴) بفتح الیاء ویُضَمُّ، أی یجعله معذورًا (فتح الملھم)۔[3]

قوله: "ھٰذِہٖ، لَاأَسْأَلُکَ غَیْرَھَا" (ص:۱۰۵ سطر:۱۴)

أی إنّما أسألک ھٰذہٖ ولا أسألک غیرھا.

قوله: "ما یَصْرِیْنِی منک" (ص:۱۰۵ سطر:۱۵) بفتح الیاء واسکان الصاد المھملة، من الصَّرْیِ، بفتح الصاد واسکان الراء، ھو القَطعُ، والمعنی أیّ شیء یُرْضیک ویقطع السؤال بَیْنی وبینک؟

٤٦٤ - "حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِیُّ... (الیٰ قوله)... عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ یُخْبِرُبِهِ النَّاسَ عَلَی الْمِنبَرِ، قَالَ سُفْیَانُ: رَفَعَهُ أَحَدُهُمَا، أُرَاهُ ابْنَ أَبْجَرَ، قَالَ: سَأَلَ مُوْسٰی رَبَّهُ: مَا أَدْنٰی أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً؟ (الیٰ قوله) وقد نزل الناس منازلھم أَخَذُوْا أَخَذَاتِهِمْ. (الیٰ قوله) قَالَ: هُوَ رَجُلٌ یَجِیْءُ بَعْدَ مَا أُدْخِلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ فَیُقَالُ لَهُ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ...... (الیٰ قوله)...... قَالَ: رَبِّ! فَأَعْلَاهُمْ مَنْزِلَةً؟ قَالَ: أُولٰئِکَ الَّذِیْنَ أَرَدْتُّ، غَرَسْتُ کَرَامَتَهُمْ بِیَدِیْ، وَخَتَمْتُ عَلَیْهَا، فَلَمْ تَرَ عَیْنٌ وَلَمْ تَسْمَعْ أُذُنٌ وَلَمْ یَخْطُرْ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ، قَالَ: وَمِصْدَاقُهُ فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۱ ص:۱۰۵۔ (۲) ص:۳۵۹، ۳۶۰ رفع۔
(۳) فتح الملھم ج:۲ ص:۴۸۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَزَّ وَجَلَّ "فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ" الآية." (ص:۱۰۶ سطر:۴ تا ۱۰)

قوله: "أَخَذُوْا أَخَذَاتِهِمْ" (ص:۱۰۶ سطر:۷و۸) أی أخذوا مأخوذاتهم، یعنی ان کو جو لینا تھا وہ لے لیا۔

قوله: "فَأَعْلَاهُمْ مَنْزِلَةً؟" (ص:۱۰۶ سطر:۹) أی من هو اعلٰی منزلةً؟

فائدہ:- جو شخص سب سے آخر میں جنت میں داخل ہوگا مختلف احادیث میں اس کے اَحوال مختلف بیان کئے گئے ہیں، اِن اَحوالِ مختلفہ کی تطبیق میں علمائے کرام کے دو قول ہیں:-

۱- ممکن ہے یہ ایک ہی شخص ہو اور اس کے یہ سارے اَحوالِ مختلفہ، مختلف اوقات میں ہوں، کسی حدیث میں ایک وقت کا حال بیان کیا گیا، دوسری احادیث میں دوسرے اوقات کا۔

۲- ہوسکتا ہے کہ آخر میں داخل ہونے والے کئی لوگ ہوں، جو جہنم کی مختلف اطراف سے نکل کر جنت میں داخل ہوں گے۔ ہر ایک کے اَحوال دوسرے سے مختلف ہوں گے، کسی حدیث میں ایک شخص کا حال بیان کیا گیا، کسی میں دوسرے کا، فلا تعارض۔

قوله: "أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ أَرَدْتُّ" (ص:۱۰۶ سطر:۹)

أی اخترت واصطفیت، یہاں "اردتُّ" کی ضمیر مفعول "ھم" محذوف ہے، اور "غرستُ کرامتهم ... الخ" سے پہلے واوِ عطف بھی محذوف ہے۔[1]

٤٦٨ – "حَدَّثَنِی عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ ... (الیٰ قوله)... أَخْبَرَنِیْ أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُسْأَلُ عَنِ الْوُرُوْدِ. فَقَالَ: نَجِیْءُ نَحْنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَنْ كَذَا وَكَذَا انْظُرْ أَیْ ذٰلِكَ فَوْقَ النَّاسِ. قَالَ: فَتُدْعَى الْأُمَمُ بِأَوْثَانِهَا وَمَا كَانَتْ تَعْبُدُ، الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ، ثُمَّ يَأْتِيْنَا رَبُّنَا بَعْدَ ذٰلِكَ (الیٰ قوله) وَيَذْهَبُ حُرَاقُه ثُمَّ يُسْأَلُ حَتّٰى تُجْعَلَ لَهُ الدُّنْيَا وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهَا مَعَهَا." (ص:۱۰۶ سطر:۱۵ تا ص:۱۰۷ سطر:۴)

قوله: "يُسْأَلُ عَنِ الْوُرُوْدِ" (ص:۱۰۶ سطر:۱۶)

یعنی حضرت جابرؓ سے اس ورود کے متعلق سوال کیا جارہا تھا جو پُلِ صراط کے ذریعہ جہنم پر ہر انسان کا ہوگا، کما قال تعالٰی: "وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا. كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا"[2]۔

قوله: "عَنْ كَذَا وَكَذَا" (ص:۱۰۶ سطر:۱۶)

(۱) كذا يفهم من فتح المهلم ج:۲ ص:۴۸۹ والحل المفهم ج:۱ ص:۴۶۔

(۲) مریم آیت:۷۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

راوی کو یاد نہیں رہا کہ حضرت جابر بن عبداللہؓ نے یہاں کیا لفظ ارشاد فرمایا تھا، اس لئے اسے کذا و کذا سے تعبیر کردیا، دیگر روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں الفاظ یوں تھے: ”یحشر الناس یوم القیامة علیٰ تلّ وأمّتی علیٰ تلّ“ یعنی حشر میں دوسری اُمتوں کے لوگ ایک ٹیلے پر ہوں گے، اور میری اُمت ایک ٹیلے پر ہوگی۔

قولہ: ”انْظُرْ أَیْ ذٰلِکَ فَوْقَ النَّاسِ“ (ص:۱۰۶ سطر:۱۶)

یہ جملہ مشکل اور مغلق سمجھا جاتا ہے، اس کی آسان توجیہ یہ ہے کہ راوی کو مروی عنہ کے بیان کردہ اصل الفاظ یاد نہ رہے تو اس نے ”عن کذا و کذا“ لکھ دیا، جیسا کہ اُوپر عرض کیا گیا، اور بھولے ہوئے الفاظ کا اتنا اجمالی مفہوم اُسے یاد تھا کہ وہ جگہ دُوسری اُمتوں کے لوگوں سے بلند ہوگی، اس لئے تفسیر کے طور پر اُس نے آگے ”أی ذالک فوق الناس“ لکھ دیا، اور (شاید بین السطور) اس جگہ پر ”اُنظر“ کا لفظ بھی لکھ دیا تھا تاکہ بعد میں اِس جگہ اپنی دوسری تحریری یادداشتوں میں تلاش کرکے صحیح الفاظ لکھ سکے، یا اگر کوئی دوسرا شخص اِس جگہ کو دیکھے تو تحقیق کرکے اصل الفاظِ روایت نقل کردے، لیکن ہوا یہ کہ بعد کے کسی کاتب نے ”اُنظر“ کے اِس لفظ کو جزءِ متن بنادیا۔[۱]

قولہ: ”وَیَذْهَبَ حُرَاقُهُ“ (ص:۱۰۶ سطر:۱۶) بضم الحاء المهملة وتخفیف الراء أی اثر النار، (جلَن، سوزش) حُرَاقُهُ کی ضمیر اُس شخص کی طرف راجع ہے جو جہنم سے نکالا جائے گا، اور ”یَسْأل“ کی ضمیر بھی اسی کی طرف ہے۔

قولہ: ”إِلَّا دَارَاتُ وجوهِهِمْ“ (ص:۱۰۷ سطر:۷) جمع دارَةٍ، وهو ما یحیط بالوجهِ من جوانِبِه، یعنی چہرے کے اطراف، یعنی اطراف سمیت پورا چہرہ۔ آگ اس کو نہیں کھائے گی کیونکہ وہ موضع سجود ہے (فتح الملهم بزیادة ایضاح)۔

۴۷۲ – ”حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ ... (الیٰ قوله)... حَدَّثَنِیْ یَزِیْدُ الْفَقِیْرُ قَالَ: کُنْتُ قَدْ شَغَفَنِیْ رَأْیٌ مِنْ رَأْیِ الْخَوَارِجِ. فَخَرَجْنَا فِیْ عِصَابَةٍ ذَوِیْ عَدَدٍ نُرِیْدُ أَنْ نَحُجَّ، ثُمَّ نَخْرُجَ عَلَی النَّاسِ. قَالَ: فَمَرَرْنَا عَلَی الْمَدِیْنَةِ فَإِذَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ یُحَدِّثُ الْقَوْمَ، جَالِسٌ إِلٰی سَارِیَةٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

(۱) شرح النووی ج:۱ ص:۱۰۶، ۱۰۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وسَلَّمَ. قَالَ: فَإِذَا هُوَ قَدْ ذَكَرَ الْجَهَنَّمِيِّيْنَ قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: يَا صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَا هٰذَا الَّذِىْ تُحَدِّثُوْنَ؟ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ: اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهُ ط وَكُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا اُعِيْدُوْا فِيْهَا ق فَمَا هٰذَا الَّذِىْ تَقُوْلُوْنَ؟ قَالَ: فَقَالَ: أَتَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَهَلْ سَمِعْتَ بِمَقَامِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ يَعْنِى الَّذِىْ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ فِيْهِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قال: فَانَّهُ مقامُ محمد صلى الله عليه وسلم الْمَحْمُوْدُ الَّذِىْ يُخْرِجُ اللهُ بِهٖ مَنْ يُخْرِجُ. قَالَ: ثُمَّ نَعَتَ وَضْعَ الصِّرَاطِ وَمَرَّ النَّاسِ عَلَيْهِ. قَالَ: وَأَخَافُ أَنْ لاَ أَكُوْنَ أَحْفَظُ ذَاكَ. قَالَ: غَيْرَ أَنَّهُ قَدْ زَعَمَ أَنَّ قَوْمًا يَخْرُجُوْنَ مِنَ النَّارِ بَعْدَ أَنْ يَّكُوْنُوْا فِيْهَا. قَالَ: يَعْنِى فَيَخْرُجُوْنَ كَأَنَّهُمْ عِيْدَانُ السَّمَاسِمِ. قَالَ: فَيَدْخُلُوْنَ نَهْرًا مِنْ أَنْهَارِ الْجَنَّةِ فَيَغْتَسِلُوْنَ فِيْهِ. فَيَخْرُجُوْنَ كَأَنَّهُمُ الْقَرَاطِيْسُ. فَرَجَعْنَا ... الحديث.'' (ص:۱۰۷ سطر:۷ تا ۱۳)

قوله: ''ثُمَّ نَخْرُجَ عَلَى النَّاسِ'' (ص:۱۰۷ سطر:۸)

یعنی حج کے بعد ہم مذہب خوارج کی تبلیغ واظہار کے لئے نکلیں (نووی وفتح الملهم)۔[1]

قوله: ''الْجَهَنَّمِيِّيْنَ'' (ص:۱۰۷ سطر:۹)

یعنی وہ گنہگار مؤمنین جو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کئے جائیں گے۔

قوله: ''كَأَنَّهُمْ عِيْدَانُ السَّمَاسِمِ'' (ص:۱۰۷ سطر:۱۲)

یعنی وہ تل کے پودوں کی لکڑیوں کی طرح ہوں گے۔[2] تل کی لکڑیوں میں، سوکھنے کے بعد دو صفات نمایاں ہوتی ہیں:-

۱- سیاہ ہوتی ہیں۔ ۲- پتلی ہوتی ہیں۔

مراد یہ ہے کہ جہنم سے نکلنے والوں کی حالت یہ ہوگی کہ وہ انتہائی کالے اور دُبلے ہوں گے، لیکن جب نهر الجنّة میں داخل کیا جائے گا تو گورے ہوکر نکلیں گے، كأنهم قراطيس۔ یہ قِرْطَاسٌ کی جمع ہے، بمعنی کاغذ۔

۴۷۳- ''حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ الْأَزْدِيُّ ... (الىٰ قوله)... عَنْ أَنَسٍ

(۱) شرح نووی ج:۱ ص:۱۰۷ وفتح الملهم ج:۲ ص:۳۹۴۔

(۲) النهاية في غريب الحديث ج:۲ ص:۴۰۰، مادة: سمس ولسان العرب ج:۱۲ ص:۳۰۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابْـنِ مَـالِكٍ أَنَّ رَسُـوْلَ اللّٰـهِ صَـلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ أَرْبَعَةٌ فَيُعْـرَضُـوْنَ عَـلَـى الـلّٰهِ. فَيَلْتَفِتُ أَحدُهُمْ فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ! إِذْ أَخْرَجْتَنِيْ مِنْهَا فَلاَ تُعِدْنِيْ فِيْهَا. فَيُنْجِيْهِ اللّٰهُ مِنْهَا." (ص:۱۰۸ سطر:۱،۲)

قوله: "يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ أَرْبَعَةٌ" (ص:۱۰۸ سطر:۱)

غالباً ان کی آہ و بکاء کی وجہ سے جہنم سے نکالا جائے گا، فیعرضون علی اللہ تعالیٰ، اس کے بعد عبارت محذوف ہے، یعنی ثم یقال لهم: انطلقوا، فالقوا أنفسكم حيث كنتم من النـار. اس مضمون کی ایک روایت حضرت ابو ہریرہؓ سے جامع ترمذی میں سندِ ضعیف کے ساتھ اس طرح مروی ہے:[1] "ان رَجُلين ممن دخلا النار اشتد صياحُهما، فقال الرب تبارك وتعالٰى: أخرجوهما، فلمّا أخرجا قال لهما: لأيّ شيء اشتد صياحكما؟ قالا: فعلنا ذٰلك لِتَرحمنا. قال: رحمتي لكما أن تنطلقا فتُلقيا أنفسكما حيث كنتما من النّار، فينطلقان، فيلقي أحدهما نفسه فيجعلها بردًا وسلمًا، ويقوم الآخر فلا يلقي نفسهٗ، فيقول لَهُ الربّ تبارك وتعالٰى: ما منعك أن تلقي نفسك كما ألقى صاحبك؟ فيقول: يا ربّ! انّي لأرجو أن لا تعيدني فيها بعد ما أخرجتني، فيقول له الربّ تبارك وتعالٰى: "لَكَ رجائكَ" فيدخلان الجنّة جميعًا برحمة الله."[2]

٤٧٤ - " حَـدَّثَـنَـا أَبُـوْ كَـامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْـدٍ الْغُبَرِيُّ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَهْتَمُّوْنَ لِذٰلِكَ، وَقَالَ ابْنُ عُبَيْدٍ فَيُلْهَمُوْنَ لِذٰلِكَ. فَيَقُوْلُوْنَ: لَوِ اسْتَشْفَعْنَا عَلٰى رَبِّنَا حَتّٰى يُرِيْحَنَا مِنْ مَكَانِنَا هٰذَا. قَـالَ: فَيَـأْتُوْنَ آدَمَ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ فَيَقُوْلُوْنَ أَنْتَ آدَمُ أَبُو الْخَلْقِ، خَلَقَكَ الـلّٰهُ بِيَدِهِ وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُوْحِهِ، وَأَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ، اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۴۹۸۔

(۲) جامع الترمذی، أبواب صفة جهنم، باب ما جاء أنّ للنّار نفسين وما ذكر من يخرج من النّار من أهل التوحيد، ج:۲ ص:۸۴ و كنـز العمال، باب رُؤْيةِ الله ج:۱۴ ص:۵۰۴ رقم الحديث: ۳۹۴۲۱، و ص:۶۶۲ رقم الحديث: ۳۹۷۹۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رَبِّکَ ... (الیٰ قوله)..وَلٰکِنِ ائۡتُوا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وسَلَّمَ . عَبۡدًا قَدۡ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنۡ ذَنۡبِهٖ وَمَا تَأَخَّرَ . قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وسَلَّمَ : فَيَأۡتُوۡنِيۡ فَأَسۡتَاۡذِنُ عَلٰى رَبِّيۡ فَيُؤۡذَنُ لِيۡ، فَإِذَا أَنَا رَأَيۡتُهُ وَقَعۡتُ سَاجِدًا،فَيَدَعُنِيۡ مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ ! ارۡفَعۡ رَأۡسَکَ، قُلۡ تُسۡمَعۡ ،سَلۡ تُعۡطَهُ ،اشۡفَعۡ تُشَفَّعۡ. فَأَرۡفَعُ رَأۡسِيۡ فَأَحۡمَدُ رَبِّيۡ بِتَحۡمِيۡدٍ يُعَلِّمُنِيۡهِ رَبِّيۡ ،ثُمَّ أَشۡفَعُ فَيَحُدُّ لِيۡ حَدًّا فَأُخۡرِجُهُمۡ مِنَ النَّارِ، وَأُدۡخِلُهُمُ الۡجَنَّةَ. ثُمَّ أَعُوۡدُ ... الحديث."

(ص:۱۰۸ سطر:۲ تا ص:۱۰۹ سطر:۴)

قوله: "فَيَهۡتَمُّوۡنَ" (ص:۱۰۸ سطر:۳)

یعنی اِس فکر میں پڑ جائیں گے کہ اس دن کے شدائد و مصائب سے نجات ملے۔

قوله: "فَيُلۡهَمُوۡنَ لذالک" (ص:۱۰۸ سطر:۳)

یعنی ان کو اِلہام کیا جائے گا اُس بات کا جو آگے آرہی ہے کہ کسی کی شفاعت طلب کرنی چاہئے۔

قوله: "خَلَقَکَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ" (ص:۱۰۸ سطر:۴)

مراد یہ کہ اللہ جل شانہ نے آپ کو اسبابِ عادیہ (یعنی ماں باپ کے ملاپ) کے بغیر پیدا فرمایا۔

قوله: "مِنۡ رُوۡحِهٖ" (ص:۱۰۸ سطر:۴)

یہ اضافة المملوک الی المالک یا اضافة المخلوق الی الخالق کے قبیل سے ہے نہ کہ اضافة الجزء الی الکل کے قبیل سے، کیونکہ اس سے شرک لازم آجائے گا۔

قوله: "فَإِذَا أَنَا رَأَيۡتُهُ" (ص:۱۰۹ سطر:۳)

یہاں رُویتِ حقیقی بھی مراد ہو سکتی ہے اور حجابِ نوری کا دیکھنا بھی مراد ہو سکتا ہے۔

قوله: "ثُمَّ أَشۡفَعُ فَيَحُدُّ لِيۡ حَدًّا" (ص:۱۰۹ سطر:۴)

اِشکال ہوتا ہے کہ تمام اُمتوں کے انسان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس لئے حاضر ہوں گے کہ آپ کی شفاعت سے روزِ محشر کے ہولناک مناظر اور مصیبتوں سے نجات مل جائے، لیکن آگے تین روایتوں کے بعد حضرت انس ہی کی روایت میں آرہا ہے کہ:

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"اُمّتِی اُمّتِی" یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف اپنی اُمت کی سفارش کریں گے اور دُوسرا اِشکال زیرِ بحث روایت میں بھی ہے کہ آپ کی سفارش یہ ہوگی کہ ان کو جہنم سے نکال لیا جائے، حالانکہ شفاعتِ کبریٰ کا واقعہ روزِ محشر کا ہے، اُس وقت تک تو کوئی بھی جہنم میں نہیں گیا ہوگا۔

جواب یہ ہے کہ یہاں راوی نے اختصار سے کام لیا ہے، اور شفاعتِ کبریٰ، حساب کتاب اور پلِ صراط پر گزر، اور حوضِ کوثر اور جنت میں داخلے کے ذکر کو حذف کردیا ہے۔[1]

٤٧٧ - " وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ الضَّرِيْرُ، قَالَ: نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ ...(الیٰ قولہ)... عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: نَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَكَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ شَعِيْرَةً، ثُمَّ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَكَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ بُرَّةً، ثُمَّ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَكَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ ذَرَّةً ."

زَادَ ابْنُ مِنْهَالٍ فِيْ رِوَايَتِهِ :قَالَ يَزِيْدُ: فَلَقِيْتُ شُعْبَةَ فَحَدَّثْتُهُ بِالْحَدِيْثِ فَقَالَ شُعْبَةُ :حَدَّثَنَا بِهِ قَتَادَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ بِالْحَدِيْثِ. إِلَّا أَنَّ شُعْبَةَ جَعَلَ مَكَانَ الذَّرَّةِ ذُرَةً .قَالَ يَزِيْدُ :صَحَّفَ فِيْهَا أَبُوْ بِسْطَامٍ." (ص:١٠٩ سطر:٩ تا١٤)

قولہ: "صَحَّفَ فِيْهَا أَبُوْ بِسْطَامٍ" (ص:١٠٩ سطر:١٤)

ابوبسطام، شعبہ کی کنیت ہے، شعبہ کی روایت میں ذَرَّة کی بجائے ذُرَة، بضم الذال ہے، امام مسلمؒ نے اپنے مقدمہ کے شروع میں وعدہ فرمایا تھا کہ عللِ احادیث کو بھی بیان فرمائیں گے، یہاں بھی اُس وعدہ کے مطابق یہ علت بیان فرمائی ہے۔

٤٧٨ - "حَدَّثَنِيْ أَبُو الرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ ... (الیٰ قولہ)... انْطَلَقْنَا إِلٰى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَتَشَفَّعْنَا بِثَابِتٍ، فَانْتَهَيْنَا إِلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي الضُّحٰى فَاسْتَأْذَنَ لَنَا ثَابِتٌ، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ، وَأَجْلَسَ ثَابِتًا مَعَهُ عَلٰى سَرِيْرِهِ، فَقَالَ لَهُ :يَا أَبَا حَمْزَةَ ! إِنَّ

(١) فتح الملهم ج:٢ ص:٥٠٨۔ نیز ملاحظہ فرمایئے: اکمال المعلم ج:١ ص:٥٧٨۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

إِخْوَانُكَ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ يَسْأَلُوْنَكَ أَنْ [1] تُحَدِّثَهُمْ حَدِيْثَ الشَّفَاعَةِ. . . (الیٰ قوله)... قَالَ: قَدْ حَدَّثَنَا بِهِ مُنْذُ عِشْرِيْنَ سَنَةً وَهُوَ يَوْمَئِذٍ جَمِيْعٌ وَلَقَدْ تَرَكَ شَيْئًا مَا أَدْرِيْ أَنَسِيَ الشَّيْخُ أَوْ كَرِهَ أَنْ يُحَدِّثَكُمْ فَتَتَّكِلُوْا. قُلْنَا لَهُ: حَدِّثْنَا. فَضَحِكَ وَقَالَ: خُلِقَ الإِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ .مَا ذَكَرْتُ لَكُمْ هٰذَا إِلَّا وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ أُحَدِّثَكُمُوْهُ. ثُمَّ أَرْجِعُ إِلٰى رَبِّيْ فِي الرَّابِعَةِ فَأَحْمَدُهُ بِتِلْكَ الْمَحَامِدِ ثُمَّ أَخِرُّ لَهُ سَاجِدًا فَيُقَالُ لِيْ :يَا مُحَمَّدُ ! ارْفَعْ رَأْسَكَ ،وَقُلْ يُسْمَعْ لَكَ، وَسَلْ تُعْطَ ،وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ .فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ! ائْذَنْ لِيْ فِيْمَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. قَالَ: لَيْسَ ذَاكَ لَكَ ،أَوْ قَالَ: لَيْسَ ذَاكَ إِلَيْكَ وَلٰكِنْ وَعِزَّتِيْ ،وَكِبْرِيَائِيْ ،وَعَظَمَتِيْ ،وَجِبْرِيَائِيْ، لَأُخْرِجَنَّ مَنْ قَالَ :لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ....الحديث.“ (ص:۱۱۰ سطر:۱ تا۱۵)

قوله: ”وَهُوَ يَوْمَئِذٍ جَمِيْعٌ “ (ص:۱۱۰ سطر:۱۳) أی مجتمع القوّة والحفظ (فتح الملهم).[2]

قوله: ” وَجِبْرِيَائِيْ“ (ص:۱۱۰ سطر:۱۵) بكسر الجريم، أی عظمتی وسلطانی وقهری (فتح الملهم).[3]

٤٧٩ – ” حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ...(الیٰ قوله)... عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بِلَحْمٍ ، فَرُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهُ، فَنَهَسَ مِنْهَا نَهْسَةً فَقَالَ: أَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ...الحديث.“ (ص:۱۱۱ سطر:۱،۲)

قوله: ”فَنَهَسَ مِنْهَا نَهْسَةً“. (ص:۱۱۱ سطر:۲)

نہس بالسین ہوتو معنی ہوتے ہیں: ہڈی پر لگے ہوئے گوشت کو سامنے کے دانتوں سے نوچنا، اور اگر نہش بالشین ہوتو معنی ہوں گے: ہڈی پر لگے ہوئے گوشت کو داڑھوں سے

(۱) مصری نسخے میں جو علامہ ذہنی کے حاشیہ کے ساتھ چھپا ہے ”عن“ کے بجائے ”أن“ ہے، اور یہ زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ رفیع

(۲) ج:۲ ص:۵۱۵۔ (۳) ج:۲ ص:۵۱۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کاٹنا۔[1] روایت دونوں طرح آئی ہے، (نووی)۔[2]

۴۸۰ – "حَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: وُضِعَتْ بَیْنَ یَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ قَصْعَةٌ مِنْ ثَرِیْدٍ وَلَحْمٍ. فَتَنَاوَلَ الذِّرَاعَ. وَکَانَتْ أَحَبَّ الشَّاةِ إِلَیْهِ. فَنَهَسَ نَهْسَةً فَقَالَ: أَنَا سَیِّدُ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ . ثُمَّ نَهَسَ أُخْرٰی فَقَالَ: أَنَا سَیِّدُ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ . فَلَمَّا رَأَی أَصْحَابَهُ لَا یَسْأَلُوْنَهُ، قَالَ: أَلَا تَقُوْلُوْنَ کَیْفَهْ ؟ قَالُوْا: کَیْفَهْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِیْنَ. وَسَاقَ الْحَدِیْثَ بِمَعْنٰی حَدِیْثِ أَبِی حَیَّانَ عَنْ أَبِی زُرْعَةَ. وَزَادَ فِی قِصَّةِ إِبْرَاهِیْمَ فَقَالَ. وَذَکَرَ قَوْلَهُ فِی الْکَوکَبِ: هٰذَا رَبِّی. وَقَوْلَهُ لِآلِهَتِهِمْ :بَلْ فَعَلَهُ کَبِیْرُهُمْ هٰذَا. وَقَوْلَهُ: إِنِّی سَقِیْمٌ.قَالَ: وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ، إِنَّ مَا بَیْنَ الْمِصْرَاعَیْنِ مِنْ مَصَارِیْعِ الْجَنَّةِ إِلٰی عِضَادَتَیِ الْبَابِ لَکَمَا بَیْنَ مَکَّةَ وَهَجَرٍ أَوْ هَجَرٍ وَمَکَّةَ .

قَالَ: لَا أَدْرِیْ أَیَّ ذٰلِکَ قَالَ." (ص:۱۱۱ سطر:۱۷ تا ۲۱ و ص:۱۱۲ سطر:۱)

قوله: "أَلَا تَقُوْلُوْنَ کَیْفَهْ؟" (ص:۱۱۱ سطر:۲۰)

معلوم ہوا کہ اگر کسی مقام پر سوال ضروری یا مفید ہو اور طلبہ سوال نہ کریں تو اُستاذ کو چاہئے کہ طلبہ کو اِس طرف متوجہ کرے۔

قوله: "عِضَادَتَیِ الْبَابِ" (ص:۱۱۲ سطر:۱)

عضادتی، تثنیہ ہے عضادة کا، بمعنیٰ چوکھٹ کی عمودی لکڑی۔

۴۸۱ – "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِیْفِ بْنِ خَلِیْفَةَ الْبَجَلِیُّ (الیٰ قوله) عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ، وَأَبُوْ مَالِکٍ عَنْ رِبْعِیٍّ، عَنْ حُذَیْفَةَ قَالَا: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وسَلَّمَ : یَجْمَعُ اللّٰهُ تَعَالٰی النَّاسَ .فَیَقُوْمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی تُزْلَفَ لَهُمُ الْجَنَّةُ فَیَأْتُوْنَ آدَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ (الیٰ قوله) اذْهَبُوْا اِلٰی اِبْنِیْ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِ اللّٰهِ، قَالَ: فَیَقُوْلُ اِبْرَاهِیْمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ: لَسْتُ بِصَاحِبِ ذٰلِکَ، اِنَّمَا کُنْتُ خَلِیْلًا مِن وَّرَاءَ وراءَ،

---

(۱) النهایة فی غریب الحدیث ج:۵ ص:۱۳۵، مادة: نهس، لسان العرب، ج:۶ ص:۲۴۴۔

(۲) ج:۱ ص:۱۱۱۔ نیز نهش کی روایت کے لئے ملاحظہ فرمایئے: مصنف ابن أبی شیبة ج:۱ ص:۵۱ والأحاد والمثانی ج:۵ ص:۴۶۱، رقم الحدیث: ۳۱۵۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اعمِدُوْا اِلٰی مُوْسَی الَّذِیْ کَلَّمَهُ اللّٰہ تَکْلِیْمًا (الیٰ قوله) فَیَأْتُوْنَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسَلَّمَ ۔ فَیَقُوْمُ فَیُؤْذَنُ لَهُ. وَتُرْسَلُ الْأَمَانَةُ وَالرَّحِمُ .فَتَقُوْمَانِ جَنَبَتَيِ الصِّرَاطِ یَمِیْنًا وَشِمَالاً ،فَیَمُرُّ أَوَّلُکُمْ کَالْبَرْقِ . قَالَ: قُلْتُ: بِأَبِیْ أَنْتَ وَأُمِّیْ ،أَیُّ شَیْءٍ کَمَرِّ الْبَرْقِ؟ قَالَ: أَلَمْ تَرَوْا إِلَی الْبَرْقِ کَیْفَ یَمُرُّ وَیَرْجِعُ فِیْ طَرْفَةِ عَیْنٍ، ثُمَّ کَمَرِّ الرِّیْحِ ،ثُمَّ کَمَرِّ الطَّیْرِ، وَشَدِّ الرِّجَالِ، تَجْرِیْ بِهِمْ أَعْمَالُهُمْ الخ.“ (ص:۱۱۲ سطر:۱ تا ۷)

قوله: ”تُزْلَفَ لَهُمُ الجنَّةُ“ (ص:۱۱۲ سطر:۳)

بضم التاء وسکون الزای وفتح اللام، أی تقربُ، ومنه قوله تعالیٰ: ”وَاِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ“ (فتح الملهم)۔[1]

قوله: ”الْأَمَانَةُ وَالرَّحِمُ .فَتَقُوْمَانِ جَنَبَتَيِ الصِّرَاطِ“ (ص:۱۱۲ سطر:۶)

یہ تقریباً تواتر سے ثابت ہے کہ بہت سی اشیاء جو دنیا کے اندر معنوی اور غیر جسمانی ہیں، آخرت میں ان کو وجودِ جسمانی مل جائے گا، جیسے امانت، رشتہ داری، اور انسانوں کے اعمال وغیرہ۔

امانت کا مفہوم

ہمارے عرف میں امانت کا جو مفہوم متعارف ہے، وہ بہت ہی محدود ہے، شریعت میں امانت کا مفہوم بہت عام ہے، ہر شخص کے پاس، ہر وقت بہت سی امانتیں رہتی ہیں، مثلاً انسان کو اچھے بُرے اعمال کی جو قدرت دی گئی ہے وہ بھی اللہ ربّ العزت کی امانت ہے، شادی شدہ ہے تو اہل وعیال اس کے پاس امانت ہیں، ان کے حقوق اداء نہ کرنا اور اُن سے متعلق جو اَحکام اللہ اور اس کے رسول نے دیئے ہیں اُن پر عمل نہ کرنا خیانت ہے۔ مجالس کی باتیں امانت ہیں، عہدہ اور ذمہ داری امانت ہے، کسی نے اپنا راز آپ کو بتایا ہے تو وہ امانت ہے، کسی نے مشورہ طلب کیا ہے تو مشورہ امانت ہے، حکومت وسلطنت امانت ہے۔ جس کا حق یہ ہے کہ انسان اِن تمام چیزوں کو شرعی حدود وقیود کے ساتھ استعمال کرے ورنہ خائن کہلائے گا۔

قوله: ”تَجْرِیْ بِهِمْ أَعْمَالُهُمْ“ (ص:۱۱۳ سطر:۷)

مذکورہ جملہ ایک بہت بڑے اشکال کا جواب ہے۔

اِشکال یہ ہوتا ہے کہ پُلِ صراط کی جو صفت احادیث میں بیان کی گئی ہے کہ تلوار سے زیادہ تیز، بال سے زیادہ باریک، پھر اُس پر پھسلن بھی ہے، اور کلالیب (آنکڑے) بھی ہیں،

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۵۲۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ پلِ صراط سے کسی ایک انسان کو بھی گزرنا ممکن نہیں، چہ جائیکہ اربوں، کھربوں لوگ بیک وقت اس پر سے گزر رہے ہوں، اور پھر چونکہ مختلف لوگوں کی رفتار بھی مختلف ہوگی تو اِس سے مزید یہ اِشکال پیدا ہوتا ہے کہ اگر آگے والا شخص سست رفتاری سے سفر کر رہا ہو اور اس کے پیچھے ایک برق رفتار آدمی آرہا ہو تو لاحق کے لئے سابق کو عبور کر کے آگے نکلنا بظاہر محال ہوگا۔

تو اس کا آسان ترین اور محققانہ جواب یہ ہے کہ اِنَّ اللهَ علٰی کلِّ شیءٍ قدیر۔ کہ صاحبِ قدرت ذات کے لئے کچھ بھی مشکل نہیں۔

اور اس کا سائنس کی بنیاد پر سمجھانے کے لئے یہ جواب دیا جاسکتا ہے کہ جس طرح دنیا میں زمین کی کششِ ثقل ہے کہ وہ اشیاء کو اپنی طرف کھینچتی ہے، اسی طرح آخرت میں بھی جہنم اور جنت کے اندر کشش ہوگی، اور جس طرح دنیا کے اندر مقناطیس کی کشش بعض خاص چیزوں پر اثرانداز ہوتی ہے دیگر پر نہیں، مثلاً: مقناطیس لوہے کو تو اپنی طرف کھینچتا ہے لکڑی کو نہیں کھینچتا، اسی طرح جنت اور جہنم کی کشش بھی خاص قسم کی ہوگی، جنت ایسے لوگوں کو اپنی طرف کھینچے گی جو دُنیا میں اعمالِ صالحہ کرتے تھے، اس کے برعکس جہنم ایسے لوگوں کو کھینچے گی جو دنیا میں اعمالِ سیئہ کا ارتکاب کرتے تھے۔ حاصل یہ کہ جنت یا جہنم میں سے کسی کی طرف کھنچ کر جانا اعمال کی بنیاد پر ہوگا، جیسا کہ حدیثِ باب کے مذکورہ بالا جملے سے ظاہر ہے۔

فائدہ:- محققین کا کہنا ہے کہ آخرت کی پلِ صراط درحقیقت دنیا ہی کی صراطِ مستقیم کی مادّی شکل ہے، گویا صراط کی دو قسمیں ہیں:-

۱- دنیاوی: جس کا دوسرا نام اسلام ہے، جس کا کامل درجہ ''استقامت'' ہے، یہ معنوی صراط ہے، اسی کی دُعا ہر نماز میں کی جاتی ہے کہ: ''اھدنا الصراط المستقیم.'' یہ بھی ایک پل ہے جو بندے اور اللہ جل شانہ کے درمیان قائم ہے اور افراط وتفریط کی بجائے اعتدال پر مبنی ہے، اور جو تشبیہ وتعطیل، جبر وقدر، سخاوت وبخل، تکبر وخساست کے بیچوں بیچ راہِ حق ہے۔

۲- صراطِ اُخروی: یہ صراطِ دنیوی کی حسی شکل ہے، جو شخص دنیا کے اندر صراطِ مستقیم پر چلتا رہا آخرت میں اُسے اِس صراط سے گزرنا آسان ہوگا، جو دنیا میں صراط مستقیم پر صحیح نہ چلا، قیامت کے دن اس کے قدم متزلزل ہوں گے اور مشکلات کا سامنا ہوگا۔

اور جو دنیا کے اندر صراطِ مستقیم پر جس قدر تیز چلا ہوگا (یعنی جس قدر امتثالِ اَوَامر

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میں چستی سے کام لیا ہوگا) قیامت کے دن وہ اُسی رفتار سے پلِ صراط سے گزرے گا، اور جو دنیا میں صراطِ مستقیم پر سست رہا (یعنی اَوامرِ الٰہی کے پورا کرنے میں سستی کرتا رہا) آخرت میں وہ اسی سست رفتار سے پلِ صراط سے گزرے گا، اور پلِ صراط پر لگے ہوئے آنکڑے دراصل گناہوں کی عملی شکلیں ہوں گی، کہیں قطع رحمی کا آنکڑا ہوگا، تو کہیں امانت میں خیانت کا، جو شخص دنیا میں جس گناہ میں مبتلا تھا، آج اُسی گناہ کا آنکڑا اُسے پکڑے گا۔ العیاذُ باللہ۔

قوله: "اِنَّمَا كُنتُ خَلِيْلًا مِّنْ وَّرَاءَ وَرَاءَ" (ص:۱۱۲ سطر:۴)

بالفتح فيهما بلا تنوين، أي لَسْتُ بتلك الدرجة الرفيعة ۔ یہاں وَرَاءَ کے تکرار کی وجہ فتح الملہم میں بہ طورِ نکتہ نقل کی گئی ہے، فراجعهُ ان شئتَ۔ (۱)

وقوله: "اعمدوا اِلٰى موسٰى" (ص:۱۱۲ سطر:۴) بكسر الميم، أى اِقصدوا.

وقوله: "شدّ الرجال" (ص:۱۱۲ سطر:۷) بالجيم یعنی لوگوں کے تیز دوڑ کی طرح، ایک روایت میں یہ حاء کے ساتھ ہے، یعنی اُونٹوں کے دوڑ کی طرح (نووی)۔ (۲)

۴۸۳ - "حَدَّثَنَا أَبُوْكُرَيْبٍ (الىٰ قوله) عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ: أَنَا أَكْثَرُ الأَنْبِيَاءِ تَبَعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ." (ص:۱۱۲ سطر:۹،۱۰)

قوله: "تَبَعًا" (ص:۱۱۲ سطر:۱۰) بفتحتين، تابع کی جمع ہے، (فتح الملہم)۔ (۳)

قوله: "وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ" (ص:۱۱۲ سطر:۱۰)

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ سورۂ زمر کے اندر اللہ ربّ العزت کا ارشاد ہے: "وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَابُهَا" واوٴ حالیہ ہے، یعنی اہلِ جنت جنت پر اِس حال میں پہنچیں گے کہ اس کے دروازے کھلے ہوں گے، اور مذکورہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جنت کے دروازے پر پہنچیں گے تو وہ بند ہوں گے، اور آپ دستک دیں گے تو دروازہ کھولا جائے گا۔

اس کا جواب احقر کی نظر میں یہ ہے کہ قرآنِ حکیم میں اُمتیوں کا حال بیان ہوا ہے، اور اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے متعلق خبر دی ہے۔ تو اِن دونوں واقعات کی ترتیب یہ ہوگی کہ اَوّلاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دستک دے کر دروازہ کھلوائیں گے، پھر جب مؤمنین جنت میں داخل ہونے کے لئے آئیں گے تو دروازوں کو کھلا ہوا پائیں گے۔

(۱) فتح الملہم ج:۲ ص:۵۲۳۔ (۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۱ ص:۱۱۲۔ (۳) فتح الملہم ج:۲ ص:۵۲۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۴۸۶ - "حَدَّثَنِي يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى .. (الٰی قوله)... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُوْهَا. فَأُرِيْدُ أَنْ أَخْتَبِئَ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِأُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ." (ص:۱۱۲ سطر:۱۳ تا ۱۵)

قوله: "لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ" (ص:۱۱۲ سطر:۱۵)

اللہ ربّ العزت کی طرف سے ہر نبی کو یہ پیشکش کی گئی تھی کہ وہ اپنی مرضی سے کوئی ایک دُعا مانگ لیں جس کو اللہ جل شانہ ضرور قبول فرمائیں گے، اگرچہ انبیاء علیہم السلام کی دیگر دُعائیں بھی اکثر قبول ہوتی ہیں، لیکن ان کا قبول ہونا علیٰ سبیل الوعد نہیں بلکہ تلطفًا و تفضلًا تھا۔

قوله: "أَخْتَبِي" (ص:۱۱۲ سطر:۱۵) الاختباء الاختفاء یعنی میں بچا کر رکھوں۔

۴۹۳ - "حَدَّثَنِي أَبُوْ غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، وَابْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا -وَاللَّفْظُ لِأَبِي غَسَّانَ- قَالُوْا :نَا مُعَاذٌ .يَعْنُوْنَ ابْنَ هِشَامٍ.قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ.قَالَ: نَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ دَعَاهَا لِأُمَّتِهِ. وَإِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِأُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ."

(ص:۱۱۳ سطر:۸ تا ۱۰)

قوله: "حَدَّثَنِي أَبُوْ غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، وَابْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا. وَاللَّفْظُ لِأَبِي غَسَّانَ. قَالُوْا: نَا مُعَاذٌ. يَعْنُوْنَ ابْنَ هِشَامٍ" (ص:۱۱۳ سطر:۸، ۹)

یہاں "محمد بن المثنی وابن بشار" کے بعد لفظ "حدثانا" زائد اور بے فائدہ نہیں، بلکہ امام مسلمؒ اپنی احتیاط وتقویٰ کی بناء پر حسبِ عادت یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اس حدیث کو میں نے جب ابوغسان سے سنا تو میرے ساتھ کوئی اور نہیں تھا، اور جب محمد بن المثنی اور ابنِ بشار سے سنا تو سننے میں دوسرے بھی ساتھ تھے، چنانچہ پہلے فرمایا کہ: "حدثني أبو غسان" یعنی میں نے ان سے تنہا سنا، پھر دوسرا جملہ فرمایا کہ: "ومحمد بن المثنی وابن بشار حدثانا" یعنی میں نے ان دو سے دوسروں کی معیت میں سنا، پس "محمد بن المثنی وابن بشار" یہاں معطوف ومعطوف علیہ مل کر مبتداء ہے، اور "حدثانا" خبر، اور "محمد بن المثنی" کا عطف "أبو غسان" پر نہیں ہے، (نووی)۔[1]

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۱ ص:۱۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب دعاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم لِأمّتِہٖ الخ

۴۹۸- "حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِالْأَعْلَى الصَّدَفِيُّ (الٰی قوله) عَنْ عَبْدِاللّٰه بن عمرو بن العاص أنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلاَ قَوْلَ اللّٰهِ فِيْ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: "رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ" الآية. وَقَالَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ: "اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ" فَرَفَعَ يَدَيْه، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ، أُمَّتِيْ أُمَّتِيْ، وبَكٰى، فَقَالَ اللّٰهُ: يَا جِبْرِيْلُ! اِذْهَبْ اِلٰى مُحَمَّدٍ - وَرَبُّكَ أَعْلَم- فَاسْأَلْه مَا يُبْكِيْكَ؟ فَأَتَاهُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسَأَلَه، فَأَخْبَرَه رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا قَالَ -وَهُوَ أَعْلَمُ- فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يَا جِبْرِيْلُ! اِذْهَبْ اِلٰى مُحَمَّدٍ، فَقُلْ: اِنَّا سَنُرْضِيْكَ فِيْ أُمَّتِكَ وَلَا نَسُوْءُكَ." (ص:۱۱۳ سطر:۱۴ تا ۱۸)

قوله: "رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ" (ص:۱۱۳ سطر:۱۵) أی الأصنام صِرْنَ سَبَب ضلال.

قوله: "فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ" (ص:۱۱۳ سطر:۱۶) أی مَنْ تَبِعَني فِي الدِّينِ فَإنه مِن أتْبَاعِي.

قوله: "وقال عيسٰی" (ص:۱۱۳ سطر:۱۶) یہاں لفظ "قال" مصدر کے معنی میں ہے یعنی قول کے معنیٰ میں، کذا فی فتح الملهم [1] عن بعض العلماء. وهوَ توجيه لطيف عندي۔ یا پھر "قال" سے پہلے ایک اور قال محذوف مانا جائے، فافهم۔

قوله: "فَرَفَعَ يَدَيْهِ" (ص:۱۱۳ سطر:۱۶) فيه استحبابُ رفع اليدين فی الدعاء (فتح الملهم) [2]۔

قوله: "وَلَا نَسُوْءُكَ" (ص:۱۱۳ سطر:۱۸) یہ "سنرضیک" کی تاکید ہے، یعنی آپ کی اُمت کے بارے میں آپ کو ہم غمگین نہیں کریں گے، (فتح الملهم) [3]۔

باب بیان أن من مات علی الکفر فهو فی النّار الخ

۴۹۹- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ (الٰی قوله) عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيْنَ أَبِيْ؟ قَالَ: فِي النَّارِ. فَلَمَّا قَفّٰى دَعَاهُ فَقَالَ: إِنَّ أَبِيْ وَأَبَاكَ فِي النَّارِ." (ص:۱۱۴ سطر:۱)

قوله: "فَلَمَّا قَفّٰى" (ص:۱۱۴ سطر:۱) أی وَلّٰی، پیٹھ پھیری اور جانے لگا۔

(۱و۲) فتح الملهم ج:۲ ص:۵۳۲۔ (۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۵۳۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "إِنَّ أَبِيْ وَأَبَاكَ فِي النَّارِ" (ص:۱۱۴ سطر:۱)

یہ آپ نے اس کی تسلی کے لئے فرمایا کیونکہ انسانی فطرت ہے کہ "البلية اذا عمّت طابت"۔

فائدہ:- اگرچہ مذکورہ روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا "فی النار" ہونا مذکور ہے، لیکن علامہ ابنِ حجر نے "الزواجر" میں ایک روایت نقل فرمائی ہے جس کو قرطبی اور ناصرالدین حافظ الشام نے صحیح قرار دیا ہے،[۱] اُس میں ہے کہ آپ کے والدین کو زندہ کیا گیا اور انہوں نے آپ کی رسالت کا اقرار کیا پھر دوبارہ ان پر موت طاری کی گئی۔[۲]

اس حدیث سے بظاہر حدیثِ باب کا تعارض ہے، حالانکہ یہ حدیث بھی صحیح ہے۔ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد: "ان ابی و اباک فی النّار" واقعۂ احیاء سے پہلے کا ہے۔

۵۰۰- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الأَقْرَبِيْنَ، دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قُرَيْشًا، فَاجْتَمَعُوْا،فَعَمَّ وَخَصَّ. فَقَالَ: يَا بَنِي كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ. يَا بَنِي مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ. يَا بَنِي عَبْدِ شَمْسٍ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ. يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ. يَا بَنِي هَاشِمٍ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ. يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ. يَا فَاطِمَةُ! أَنْقِذِيْ نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ، فَإِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، غَيْرَ أَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَأَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا." (ص:۱۱۴ سطر:۱ تا ۴)

قوله: "لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ" (ص:۱۱۴ سطر:۲)

سب سے پہلی وحی میں اِنذار کا حکم نہیں تھا، بلکہ قراءۃ اور علم کے متعلق آیات نازل ہوئی تھیں، فترۃ الوحی کے بعد سورۂ مدثر کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں، اس میں اگرچہ اِنذار کا حکم تھا، تاہم محلِ اِنذار کی تعیین نہ تھی، مذکورہ آیات میں محلِ اِنذار بھی بیان کیا گیا کہ (پہلے) اپنے اقرباء کو خیر خواہی کے ساتھ ڈرایئے۔

---

(۱) فی الزواجر للهیتمی ج:۱ ص:۳۰: ألا ترى أنّ نبينا صلى الله عليه وسلم قد أكرمه الله بحياة أبَوَيْه له حتى امنا به كما جاء في حديث صححه القرطبي وابن ناصر الدين حافظ الشام وغيرهما فنفعهما الله بالايمان بعد الموت علىٰ خلاف القاعدة إكرامًا لنبيه صلى الله عليه وسلم۔

(۲) فتح الملهم ج:۲ ص:۵۳۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "فَعَمَّ وَخَصَّ" (ص:۱۱۴ سطر:۳)

یعنی آپ نے خطابِ عام بھی فرمایا اور خطابِ خاص بھی، چنانچہ آپ کے اس خطاب میں الفاظ عموم سے خصوص کی طرف منتقل ہوتے رہے، ابتداءً یا بنی کعب بن لوئی فرمایا، کعب بن لوئی کئی پشتوں پہلے کے ہیں۔ پھر مُرَّة بن کعب سے عبدالمطلِّب تک خاندان کے اعتبار سے تخصیص در تخصیص فرمائی، بالآخر اخص الخاص خطاب اپنی بیٹی فاطمہؓ کو فرمایا۔

قوله: "لَا أَمْلِکُ لَکُمْ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا" (ص:۱۱۴ سطر:۴)

یہاں سوال ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزِ محشر میں شفاعت کے مالک ہوں گے، تو پھر آپ نے یہ نفی مطلقاً کیسے فرمادی؟

اس کے دو جواب ہیں:-

۱- مالک ہونے سے مراد استقلالاً مالک ہونا ہے، اور آپ شفاعت کے استقلالاً مالک نہ ہوں گے، بلکہ وہ بھی اللہ جل شانہ کی عطاء ہوگی۔

۲- یہ ابتداءِ اسلام کا واقعہ ہے، ہوسکتا ہے کہ اس وقت تک آپ کو اِس بات کا علم نہ دیا گیا ہو کہ آپ آخرت میں شفاعت فرمائیں گے۔

قوله: "غَیْرَ أَنَّ لَکُمْ رَحِمًا سَأَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا" (ص:۱۱۴ سطر:۴)

یعنی تمہاری (میرے ساتھ) رشتہ داری ہے، میں اُس کو تر رکھوں گا، اُس کی تری یعنی نمی کے ذریعے، بَلَّ یَبُلُّ بَلًّا وبَلَالًا: تر کردینا، نمی پہنچانا۔

رَحِم اصلِ لغت میں بچہ دانی کو کہتے ہیں، پھر بقاعدہ تسمیة المسبب باسم السبب رشتہ داری پر بھی رحم کا اِطلاق ہونے لگا۔ بچہ دانی کے اندر چکناہٹ اور نمی ہوتی ہے، اگر اسے صحیح غذا ملے تو تری برقرار رہتی ہے، اسی طرح اگر رشتہ داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کیا جائے تو ان کے ساتھ تعلقات بھی دُرست رہتے ہیں، اور یہاں مراد یہی ہے کہ میں دنیا میں قرابت داری کے حقوق ادا کروں گا۔

۵۰۲- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَیْرٍ ... (الیٰ قوله)... عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْأَقْرَبِیْنَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الصَّفَا فَقَالَ: یَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ! یَا صَفِیَّةُ بِنْتَ عَبْدِ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الْـمُطَّلِبِ! يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ! لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ، سَلُوْنِيْ مِنْ مَالِي مَا شِئْتُمْ." (ص:۱۱۴ سطر:۵،۶)

قوله: "يَافَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ! يَا صَفِيَّةُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ!" (ص:۱۱۴ سطر:۶)

فـاطـمة اور صـفية کومنصوب کرنا بھی جائز ہے اور مضموم کرنا بھی، نصب زیادہ فصیح ومشہور ہے، اور "بـنـت" کا نصب ہی متعین ہے، مضموم کرنا جائز نہیں، (نووی)۔[۱] کیونکہ منادیٰ جب عَلَم ہواور اُس کی صفت "ابن" یا "ابنة" ہو جو کہ کسی اور علم کی طرف مضاف ہورہی ہو، جیسا کہ یہاں ہے، تو منادیٰ کا فتحہ مختار (راجح) ہوتا ہے، اگرچہ ضمہ بھی جائز ہے، اورصفت کا نصب ہی (مضاف ہونے کی وجہ سے) متعین ہے (قاله ابن الحاجب في الكافية[۲] ومُلّا جامی)۔

۵۰۳- "حَـدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى... (الیٰ قوله)... أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ حِيْنَ أُنْزِلَ عَلَيْهِ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ، يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ ! اشْتَرُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللّٰهِ، لاَ أُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا .يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ! لاَ أُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا. يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ! لاَ أُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا. يَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ! لاَ أُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا. يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ! سَلِيْنِيْ بِمَا شِئْتِ لاَ أُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا .....الحديث." (ص:۱۱۴ سطر:۷،۸)

قوله: "يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ!" (ص:۱۱۴ سطر:۸)

یہاں "عباس" اور "بن" کا بھی اعراب وہی ہے جو پیچھے "فاطمة" اور "صفية" اور "بنت" کا بیان ہوا، (نووی[۳]) اور وجہ بھی وہی ہے جو وہاں بیان ہوئی۔

۵۰۵- "حَـدَّثَـنَا أَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ... (الیٰ قوله)... عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ الْمُخَارِقِ،وَزُهَيْرِ بْنِ عَمْرٍو قَالاَ: لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ، قَالَ: انْطَلَقَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ إِلٰى رَضْمَةٍ مِنْ جَبَلٍ. فَعَلاَ أَعْلاَهَا حَجَرًا.

(۱) ج:۱ ص:۱۱۴۔ (۲) الكافية ص:۳۰ و شرح الجامي ص:۱۲۷۔
(۳) ج:۱ ص:۱۱۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ثُمَّ نَادٰى يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافَاهُ! إِنِّي نَذِيْرٌ، إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ رَأَى الْعَدُوَّ فَانْطَلَقَ يَرْبَأُ أَهْلَهُ، فَخَشِيَ أَنْ يَّسْبِقُوْهُ فَجَعَلَ يَهْتِفُ: يَا صَبَاحَاهُ۔"

(ص:۱۱۴ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قولہ: "رَضْمَةٍ مِنْ جَبَلٍ" (ص:۱۱۴ سطر:۱۱) تہ بر تہ بڑی چٹانوں کا مجموعہ (فتح الملہم)۔ (۱)

قولہ: "يَرْبَأُ" (ص:۱۱۴ سطر:۱۲) "يَقْرَأُ" کے وزن پر ہے، یعنی حفاظت کرتا ہے، نگہبانی کرتا ہے۔ (۲)

قولہ: "فَجَعَلَ يَهْتِفُ: يَا صَبَاحَاهُ" (ص:۱۱۴ سطر:۱۲)

یعنی میں تم کو اللہ کے عذاب سے ڈرا رہا ہوں، جس طرح وہ شخص اپنی قوم کو ڈراتا ہے جس نے کسی دشمن کو اپنی قوم کی طرف آتے دیکھا اور اس نے پہاڑ پر چڑھ کر "یا صباحاہ" کہہ کر قوم کو ڈرایا۔

۵۰۷- "حَدَّثَنَا أَبُوْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ... (الیٰ قولہ)... عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ وَرَهْطَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ. خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ... الخ." (ص:۱۱۴ سطر:۱۳، ۱۴)

قولہ: "وَرَهْطَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ" (ص:۱۱۴ سطر:۱۴)

آیت کا یہ حصہ منسوخ التلاوۃ ہے، اب یہ قرآنِ کریم کا حصہ نہیں۔ (۳)

باب شفاعة النبی صلی اللہ علیہ وسلم لأبی طالب .... (ص:۱۱۵)

۵۰۹- "حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ... (الیٰ قولہ)... عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! هَلْ نَفَعْتَ أَبَا طَالِبٍ بِشَيْءٍ، فَإِنَّهُ كَانَ يَحُوْطُكَ وَيَغْضَبُ لَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. هُوَ فِيْ ضَحْضَاحٍ مِنْ نَّارٍ، وَلَوْلَا

(۱) ج:۲ ص:۵۴۱ ولسان العرب ج:۵ ص:۲۳۵۔

(۲) لسان العرب ج:۵ ص:۹۴۔

(۳) تفسیر القرطبی ج:۱۳ ص:۱۴۳ تحت الأیة: "وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ" وفتح الباری ج:۸ ص:۵۰۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

أَنَا لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ." (ص:۱۱۵ سطر:۲ تا ۴)

قوله: "كَانَ يَحُوْطُكَ" (ص:۱۱۵ سطر:۳)

بضم الحاء المهملة من الحياطة، من باب نصر وهي المراعاة، والصيانة. یعنی ابوطالب آپ کی حفاظت کرتے تھے (نووی وفتح الملهم)۔[1]

قوله: "ضَحْضَاحٍ" (ص:۱۱۵ سطر:۳)

ضحضاح وہ پانی جو زمین پر ہو اور صرف ٹخنوں تک پہنچا ہوا ہو۔[2]

قوله: "لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ" (ص:۱۱۵ سطر:۴)

"الدرك" بفتح الراء واسكانها، لغتان، اور "الدرك الأسفل" جہنم کا سب سے گہرا طبقہ، جہنم کے بہت سے طبقات ہیں، ہر طبقے کو "دَرْک" کہا جاتا ہے۔[3]

۵۱۰- "حَدَّثَنَاه ابنُ أَبِي عُمَرَ ... (الیٰ قوله)... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ يَقُوْلُ: قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أَبَا طَالِبٍ كَانَ يَحُوْطُكَ وَيَنْصُرُكَ، فَهَلْ نَفَعَهُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَجَدْتُهُ فِيْ غَمَرَاتٍ مِنَ النَّارِ فَأَخْرَجْتُهُ إِلٰى ضَحْضَاحٍ." (ص:۱۱۵ سطر:۴،۵)

قوله: "وَجَدْتُهُ فِيْ غَمَرَاتٍ مِنَ النَّارِ فَأَخْرَجْتُهُ" (ص:۱۱۵ سطر:۵)

"غَمَرَاتٌ" جمع ہے "غَمْرَةٌ" کی، ہر شئ جو بہت زیادہ ہو۔ یعنی میں نے ابوطالب کو جہنم کی زبردست آگ میں پایا اور پھر اس سے نکالا۔ اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ لوگوں کا جہنم یا جنت میں جانا تو قیامت کے بعد ہوگا، فی الحال تو تمام اموات برزخ میں ہیں؟

اس لئے بظاہر اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر اس کا میرے ساتھ حسنِ سلوک نہ ہوتا اور میری اس کے لئے شفاعت نہ ہوتی تو میں نے اُسے غمرات من النار کا مستحق پایا تھا، مگر اس کے اس عمل اور میری شفاعت سے اس کے لئے آخرت میں صرف ضحضاح من نار کا عذاب ہوگا۔[4]

---

(۱) فتح الملهم ج:۲ ص:۵۴۴ و شرح النووی ج:۱ ص:۱۱۵۔

(۲) لسان العرب ج:۸ ص:۲۵۔

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۵۴۵ ولسان العرب ج:۴ ص:۳۳۶۔

(۴) حاشية السندی علىٰ صحيح مسلم تحت هذه الحديث ج:۱ ص:۱۱۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۵۱۳ - "حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ... (الىٰ قوله)... عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَدْنٰى أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا، يَنْتَعِلُ بِنَعْلَيْنِ مِنْ نَارٍ، يَغْلِيْ دِمَاغُهُ مِنْ حَرَارَةِ نَعْلَيْهِ." (ص:۱۱۵ سطر:۹،۱۰)

قولہ: "يَنْتَعِلُ بِنَعْلَيْنِ مِنْ نَارٍ" (ص:۱۱۵ سطر:۱۰)

تنعّلَ بنعلين من النار کے حقیقی معنیٰ بھی مراد ہو سکتے ہیں، اور یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ جو آگ کعبین تک پہنچی ہوئی ہوگی اُسی کو نعل من النار سے تعبیر کیا گیا۔

۵۱۵ - "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ... (الىٰ قوله)... سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ أَهْوَنَ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَرَجُلٌ تُوْضَعُ فِيْ أَخْمَصِ قَدَمَيْهِ جَمْرَتَانِ، يَغْلِيْ مِنْهُمَا دِمَاغُهُ." (ص:۱۱۵ سطر:۱۱ تا ۱۳)

قولہ: "فِي أَخْمَصِ قَدَمَيْهِ" (ص:۱۱۵ سطر:۱۳)

پاؤں کا وہ حصہ جو پاؤں کو زمین پر رکھنے کی حالت میں زمین سے اُوپر رہتا ہے، اُسے اخمص القدم کہتے ہیں۔[1]

فائدہ:- عذابِ ابی طالب کی کیفیت کے متعلق یہاں تین قسم کی روایات آئی ہیں:-

۱- پہلی روایت میں ضحضاح من النار کا ذکر ہے۔

۲- دوسری روایت میں نعل من النار کا بیان ہے۔

۳- تیسری روایت میں ہے کہ آگ کے دو انگارے اُس کے اخمص القدمین میں رکھے جائیں گے۔

غور کیا جائے تو تینوں روایات کا حاصل ایک ہی ہے، اگرچہ تعبیرات میں تنوّع ہے، کیونکہ دو انگارے جو اخمص القدمین میں رکھے جائیں گے ممکن ہے کہ اس کے شعلے ٹخنوں تک پہنچ رہے ہوں جو دیکھنے میں آگ کے جوتوں کی طرح ہوں گے، لہٰذا کوئی تعارض نہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ابو طالب کے حسنِ عمل کے باعث اس کے عذاب میں تخفیف سے معلوم ہوا کہ کافر کا عمل آخرت میں بھی فی الجملہ نافع ہے، حالانکہ قرآنِ کریم میں ہے کہ: "وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً"۔[2]

---

(۱) لسان العرب ج:۴ ص:۲۱۹۔ (۲) سورۃ النور آیت:۳۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نیز اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ابو طالب کے حق میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نافع ہوئی کہ عذاب میں تخفیف ہوگئی، حالانکہ قرآنِ کریم میں ارشاد ہے: "فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِيْنَ"۔(۱)

ان دونوں اِشکالات کا ایک جواب تو یہ دیا گیا ہے کہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے صرف ابوطالب کی خصوصیت ہے، دوسرے کفار کو اُس پر قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

اور علامہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے حاشیہ میں ایک جواب یہ دیا ہے کہ ابوطالب کو تخفیفِ عذاب دو اَسباب کے مجموعے سے ہوئی، ایک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حسنِ عمل، اور دوسرا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت، اور مذکورہ بالا آیات میں نفع کی نفی اُس صورت میں ہے جب سبب اِن دو میں سے صرف ایک ہو، اور جب دونوں سبب جمع ہوجائیں تو نفع کی نفی اِن آیات سے ثابت نہیں ہوتی۔(۲)

لہٰذا اس حدیث اور مذکورہ بالا آیات میں کوئی تعارض نہیں، واللہ اعلم۔

باب الدليل علىٰ أن من مات على الكفر لا ينفعُه عمله (ص:۱۱۵)

۵۱۷– "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ... (الٰی قوله) ... عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! ابْنُ جُدْعَانَ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ يَصِلُ الرَّحِمَ، وَيُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ، فَهَلْ ذَاكَ نَافِعُهُ؟ قَالَ: لَا يَنْفَعُهُ، إِنَّهُ لَمْ يَقُلْ يَوْمًا: رَبِّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ." (ص:۱۱۵ سطر:۱۵ تا ۱۷)

قوله: " ابن جُدْعان" (ص:۱۱۵ سطر:۱۶) بضم الجيم واسكان الدال المهملة وبالعين المهملة، كان من رؤساء قريش، (فتح الملهم)۔(۳)

قوله: "لَا يَنْفَعُهُ" (ص:۱۱۵ سطر:۱۶)

یعنی اِن اعمال کا اُسے کوئی فائدہ آخرت میں نہیں ملے گا، کیونکہ وہ ایمان نہیں لایا تھا، اس پر ابوطالب کے متعلق پچھلی حدیث سے جو اِشکال ہوتا ہے اُس کا جواب وہیں آچکا ہے۔

(۱) سورۃ المدثّر آیت:۴۸۔ (۲) حاشية السندی علیٰ صحیح مسلم ج:۱ ص:۱۱۶، ۱۱۷۔
(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۵۴۹ و ۵۵۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب موالاة المؤمنين ومقاطعة غيرهم ...الخ

۵۱۸- "حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ... (الٰى قوله) ... عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ، جِهَارًا غَيْرَ سِرٍّ، يَقُوْلُ: أَلاَ إِنَّ آلَ أَبِي يَعْنِي فُلاَنًا لَيْسُوْا لِيْ بِأَوْلِيَاءَ، إِنَّمَا وَلِيِّيَ اللّٰهُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ." (ص:۱۱۵ سطر:۱۷، ۱۸)

قوله: "جِهَارًا غَيْرَ سِرٍّ" (ص:۱۱۵ سطر:۱۸) یعنی علی الاعلان کسی رازداری کے بغیر۔

قوله: "آلَ أَبِي يَعْنِي فُلاَنًا" (ص:۱۱۵ سطر:۱۸)

بظاہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظ "ابی" کے بعد نام بھی جو مضاف الیہ تھا بیان فرمایا تھا لیکن راوی نے نقلِ حدیث کے وقت مضاف الیہ کو حذف کردیا۔ عدمِ ذکر کی وجہ اندیشۂ فتنہ ہوسکتی ہے۔ اس میں اختلاف ہوا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کون سا لفظ ذکر فرمایا تھا، بعض کا خیال ہے کہ یہاں ابی طالب کا لفظ تھا اور اِس سے ابوطالب کی آل کے وہ افراد مراد ہیں جو اس وقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے، اور بعض شارحین کا خیال ہے کہ "أبی العاص" کا لفظ تھا اور اِس صورت میں آل ابی العاص سے وہ لوگ مراد ہوں گے جو اُس وقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے، اور بعض دفعہ "آل" کا لفظ بول کر وہی شخص مراد ہوتا ہے جس کی طرف لفظ "آل" کی اضافت کی گئی، جیسے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے: "اِنَّهُ أُوْتِيَ مِزْمَارًا مِنْ مَزَامِيْرِ آلِ دَاوُدَ." یہاں آل داؤد سے مراد خود داؤد علیہ السلام ہیں۔ تو اِس توجیہ کے اعتبار سے پہلے قول میں خود ابوطالب اور دوسرے قول میں ابوالعاص مراد ہوں گے۔[1]

باب الدليل علٰى دُخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب ولا عذاب

۵۱۹- "حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلاَّمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْجُمَحِيُّ ... (الٰى قوله) ... عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ مِنْ أُمَّتِي الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ. فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ. قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ. ثُمَّ قَامَ آخَرُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ

(۱) ملاحظہ فرمائیے: فتح الباری، كتاب الأدب، باب تبل الرحم ببلالها تحت الحديث رقم: ۵۹۹۰ واكمال المعلم ج:۱ ص:۶۰۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ. قَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ." (ص:۱۱۶ سطر:۱،۲)

قوله: "مِنْ أُمَّتِي الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا" (ص:۱۱۶ سطر:۲) "مِنْ أُمَّتِيْ" کی قید ستر ہزار کے عدد سے احتراز کے لئے ہے، دوسری اُمتوں کے لوگوں کی بالکلیہ نفی کے لئے نہیں، چنانچہ پچھلے انبیائے کرام اور صدیقین وشہداء وصالحین کے جنت میں بغیر حساب کے داخلہ کی نفی اس حدیث سے نہیں ہوتی، ہاں پچھلی کسی اُمت میں قمر کی طرح روشن چہرے والے جنت میں بغیر حساب کے داخل ہونے والوں کی تعداد اتنی نہیں ہوگی۔ (فتح الملھم)

قوله: "سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ" (ص:۱۱۶ سطر:۳)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بغیر حساب وکتاب جنت میں داخل ہونے والے اس اُمت کے مسلمانوں کی تعداد صرف ستر ہزار ہوگی، اور اِس ظاہر کا تقاضا یہ ہے کہ اِس فضیلت میں تمام صحابہ بھی شریک نہ ہوں گے، اس لئے کہ ان کی تعداد ایک لاکھ سے متجاوز ہے، شاید اسی لئے آپ نے دوسرے شخص کو یہ کہہ کر چپ کرادیا کہ: "سبقک بها عكاشة"۔ لیکن مسند أحمد[۱] اور مسند أبي يعلى[۲] میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سندِ جید کے ساتھ یہ زیادت بھی مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "فاستزدتُ رَبِّي فزادني مع كل ألف سبعين ألفًا" یعنی میں نے اپنے پروردگار سے زیادہ کی درخواست کی تو اللہ رَبّ العزت نے ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار افراد کا اضافہ فرمادیا۔[۳]

اور ترمذیؒ میں حضرت ابواُمامہؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ: "وعدني ربّي أن يُدخِلَ الجنّةَ مِن أمّتي سبعين ألفًا مع كل ألف سبعين ألفًا لا حساب عليهم ولا عذاب، وثلاثَ حَثَياتٍ مِن حثيات ربي." ترمذی نے اسے "حسن" قرار دیا ہے۔[۴] وفي صحيح ابن حبان والطبراني بسندٍ جيّد من حديث عتبة بن عبد نحوه، وفيه: "ثم يَحْثِي رَبِّي ثلاثَ حثياتٍ بِكَفَّيْهِ"۔[۵]

تو اب سوال ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے صحابی کے حق میں دُعا کیوں نہ فرمائی؟ تو اس کے متعدّد جواب ہوسکتے ہیں:

---

(۱) مسند أحمد بن حنبل ج:۱ ص:۲۰۳، في مسند أبي بكرٍ الصديق رقم الحديث: ۲۲ وج:۱۴ ص:۳۲۷ رقم الحديث: ۸۷۰۷ في مسند أبي هريرة.

(۲) مسند أبي يعلى ج:۱ ص:۱۰۴، وسندهٗ جيد كما في فتح الباري ج:۱۱ص:۴۱۰۔

(۳) فتح الملهم ج:۲ ص:۵۵۳۔

(۴) ترمذي، باب ما جاء في الشفاعة، رقم الحديث: ۲۴۳۷ وسنن ابن ماجة، باب صفة أمة محمد صلى الله عليه وسلم رقم الحديث: ۴۲۸۶۔

(۵) فتح الملهم ج:۲ ص:۵۵۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- ایک جواب بندۂ ناچیز کے ذہن میں یہ آتا ہے کہ اس وقت تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ بالا اضافے کی درخواست نہ کی ہوگی۔

۲- آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی اُس وقت صرف عکاشہؓ ہی کے بارے میں قبولیتِ دُعا کی اطلاع دی گئی ہوگی، دوسرے صاحب کے بارے میں نہیں (نووی)،[1] شارحین نے اور بھی کئی جوابات بطور اِحتمال کے ذکر کئے ہیں۔

حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ سابقین الی الاسلام اور مہاجرین میں سے تھے، وكان من اجمل الرجال، وشهِدَ بَدْرًا وقاتل فيها قِتَالًا شديدًا قال ابن اسحاق: "بَلغني انَّ النبي صلى الله عليه وسلم قال: خير فارس في العرب عُكَّاشة" وَلَهُ مَنَاقِبُ اُخریٰ."(فتح الملهم)

٥٢٤- "حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ... (الىٰ قوله)... عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُوْنَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ. قَالُوْا: مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: هُمُ الَّذِيْنَ لاَ يَسْتَرْقُوْنَ، وَلاَ يَتَطَيَّرُوْنَ، وَلاَ يَكْتَوُوْنَ، وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ." (ص:۱۱۶ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قوله: "يدخل الجنة من امتی الخ" (ص:۱۱۶ سطر:۱۱)

"اُمتی" کی قید سے یہ مراد ہے کہ بغیر حساب کے جنت میں جانے والوں کی جو تعداد یہاں بیان کی گئی ہے، وہ صرف اُمتِ محمدیہ کی ہوگی، اتنی بڑی تعداد کسی اور اُمت کی نہیں ہوگی۔ یہ مراد نہیں کہ کسی اور اُمت کے لوگ مثلاً انبیائے کرام علیہم السلام اور جن کو اللہ تعالیٰ چاہے وہ بغیر حساب کے داخل نہیں ہوں گے اور ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتے نہ ہوں گے، (هكذا فهمت من فتح الملهم ج:۲ ص:۵۵۴)۔

قوله: "هُمُ الَّذِيْنَ لاَ يَسْتَرْقُوْنَ، وَلاَ يَتَطَيَّرُوْنَ، وَلاَ يَكْتَوُوْنَ، وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ" (ص:۱۱۶ سطر:۱۱) یعنی بلا حساب وعذاب جنت میں جانے والے وہ لوگ ہوں گے جو نہ تو کسی سے رُقیہ کراتے ہوں گے، نہ بدشگونی کرتے ہوں گے، نہ اکتواء کرتے ہوں گے اور اپنے رَبّ پر بھروسہ کرتے ہوں گے۔

رُقیہ کی نفی علی الاطلاق مراد نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ وہ رُقیۂ جاہلیت نہ کراتے ہوں گے، اور جاہلیت کا رُقیہ وہ ہے جس میں استمداد من غیر اللہ یا دوسرے مشرکانہ عقائد شامل ہوتے تھے، مثلاً: رُقیہ کو مؤثر بالذات سمجھا جاتا تھا، لیکن وہ رُقیہ جس کی شریعت نے اجازت دی

(۱) شرح النوویؒ ج:۱ ص:۱۱۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے، مثلاً: قرآنِ کریم کی آیات پڑھ کر دَم کرنا یا اللہ تعالیٰ سے دُعاء کے کلمات سے رُقیہ کرنا نہ صرف جائز بلکہ احادیثِ صحیحہ اور صحابہ کرامؓ کے عمل سے ثابت ہے، لہٰذا یہ نفی رُقیۂ جاہلیت کی ہوئی نہ کہ رُقیۂ مباحہ کی۔

"لا یتطیرون" یعنی لا یتشاءمون بشیء. جیسے زمانۂ جاہلیت میں ہوتا تھا کہ کسی کام کے کرنے سے پہلے پرندے کو اُڑاتے تھے، اگر وہ دائیں طرف جاتا تو اُس کام میں خیر سمجھتے تھے اور وہ کام کر لیتے تھے، اور اگر وہ بائیں طرف کو چلا گیا تو اس کو بدشگونی سمجھتے تھے اور اُس کام کو مضر سمجھ کر اس سے رُک جاتے تھے۔ یاد رہے کہ "تَشَاؤُم" یعنی بدشگونی کی ہر صورت ممنوع ہے۔

اور "اکتواء" کی دو قسمیں ہیں:

۱- ایک وہ جسے محض علاج یعنی سبب کے درجہ میں اختیار کیا جاتا ہے، یہ اکتواء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے بھی ثابت ہے، آپ نے سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا اکتـــواء فرمایا۔[1]

۲- اور دوسرا اکتواء وہ جو غلط عقائد پر مبنی تھا کہ زمانۂ جاہلیت میں اکتواء کو مؤثر بالذات سمجھا جاتا تھا، یا یوں سمجھا جاتا تھا کہ اگر اکتواء سے شفاء نہ ہوئی تو پھر کسی اور چیز سے ہو ہی نہیں سکتی، اسی لئے اکتواء کو "آخر العلاج" کہا جاتا تھا، تو مذکورہ حدیث میں زمانۂ جاہلیت کے اکتواء کی نفی کی گئی ہے۔

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ مذکورہ تشریح کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمانوں کی ایک بھاری تعداد جنت میں بلاحساب وعذاب داخل ہو، اس لئے کہ اکثر مسلمان ان اُمورِ ثلاثہ سے اجتناب کرتے ہیں۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں ایک چوتھی شرط بھی مذکور ہے اور وہ ہے "علٰی ربهم یتوکلون" اور یہی شرط اصل علّت ہے بلاحساب جنت میں داخل ہونے کی کہ زندگی کے تمام حالات اور مواقع میں صرف اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کیا جائے، ناجائز تدابیر اور اسباب سے اجتناب ہو، اور جائز اسباب کو اگرچہ اختیار تو کیا جائے مگر ان کو مؤثر نہ سمجھا جائے، مؤثر صرف اللہ رَبّ العالمین کے ارادے کو سمجھا جائے، اور اس درجہ کا توکل ہر مسلمان کو حاصل نہیں ہوتا،

(۱) سنن أبي داؤد، باب في الكي، رقم الحديث: ۳۸۶۵ وسنن ابن ماجة، باب من اكتوى، رقم الحديث: ۳۴۹۳، ۳۴۹۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صرف خاص خاص بندوں کو حاصل ہوتا ہے۔

بعض صوفیائے کرام کہتے ہیں کہ یہ فضیلت ان لوگوں کے لئے ہے جو جائز رُقیہ اور جائز اکتــواء بھی نہیں کرتے، لیکن اس قول پر ایک قوی اِشکال یہ ہوتا ہے کہ رُقیۂ صحیحہ اور اکتواءِ مباح سنتِ نبوی اور تعاملِ صحابہ سے ثابت ہے[1]، جیسا کہ "کتـابُ الـطـبّ و الرُّقٰی" میں آپ پڑھ لیں گے۔ تو مذکورہ قول کو اختیار کرنے کی صورت میں لازم آئے گا کہ گویا یہ فضیلت ان لوگوں کے لئے بیان کی گئی جو سنت سے ثابت شدہ عمل کے بھی تارک ہوں۔

تو اِس اِشکال کا صوفیائے کرام نے یہ جواب دیا ہے کہ اس سے مراد ایسے لوگ ہیں جن کو یقین ہے کہ اگر ترکِ اسباب کے نتیجہ میں موت بھی آ گئی تو ہمارے دِل میں اللہ تعالیٰ سے کوئی شکایت پیدا نہ ہوگی، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رُقیہ وغیرہ کو بطور بیانِ جواز کے اختیار فرمایا تھا، نہ کہ بطورِ افضلیت کے۔

۵۲۵ – "حَـدَّثَـنَـا قُتَيْبَةُ بْـنُ سَـعِيْـدٍ... (الیٰ قوله)...عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْـنِ سَـعْـدٍ أَنَّ رَسُـوْلَ الـلّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَالَ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِـي سَبْـعُـوْنَ أَلْـفًـا أَوْ سَبْـعُـمِـائَةِ أَلْفٍ (لاَ يَـدْرِىْ أَبُـوْ حَـازِمٍ أَيُّهُـمَـا قَـالَ) مُتَـمَاسِكُوْنَ. آخِذٌ بَعْضُهُمْ بَعْضًا لاَ يَدْخُلُ أَوَّلُهُمْ حَتّٰى يَدْخُلَ آخِرُهُمْ، وُجُوْهُهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ." (ص:۱۱۶ سطر:۱۲، ۱۳)

قوله: "لَا يَدْخُلُ أَوَّلُهُمْ حَتّٰى يَدْخُلَ آخِرُهُمْ" (ص:۱۱۶ سطر:۱۳)

یعنی سب ایک ساتھ صف کی شکل میں داخل ہوں گے، تو اس طرح اوّل و آخر سب بیک وقت داخل ہو جائیں گے۔

۵۲۶ – "حَـدَّثَـنَـا سَـعِيْـدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ... (الیٰ قوله)... حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الـرَّحْمٰنِ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ فَقَالَ: أَيُّكُمْ رَأَى الْكَوْكَبَ الَّذِىْ انْقَضَّ الْبَـارِحَةَ؟ قُـلْـتُ: أَنَـا. ثُمَّ قُلْتُ: أَمَا إِنِّىْ لَمْ أَكُنْ فِىْ صَلاَةٍ. وَلٰكِنِّىْ لُدِغْتُ. قَالَ: فَـمَاذَا صَنَعْتَ؟ قُلْتُ: اسْتَرْقَيْتُ. قَالَ: فَمَا حَمَلَكَ عَلٰى ذٰلِكَ؟ قُلْتُ: حَدِيْثٌ

(۱) صحیح البخاری، باب النهی تمنی المریض الموت، رقم الحدیث: ۵۳۴۸ والمستدرک علی الصحیحین ج:۳ ص:۲۰۷، رقم الحدیث: ۴۸۵۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حَـدَّثَـنَـاهُ الشَّعْبِيُّ. فَـقَـالَ: وَمَـا حَـدَّثَـكُمُ الشَّعْبِيُّ ؟ قُلْتُ: حَدَّثَنَا عَنْ بُرَيْدَةَ بْنِ حُـصَيْـبِ الْأَسْـلَـمِيِّ أَنَّهُ قَالَ: لاَ رُقْيَةَ إِلَّا مِنْ عَيْنٍ أَوْ حُمَةٍ. فَقَالَ: قَدْ أَحْسَنَ مَنِ انْتَهٰـى إِلٰـى مَـا سَـمِـعَ. وَلٰكِنْ حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ قَـالَ: عُـرِضَـتْ عَـلَـيَّ الْأُمَـمُ. فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ وَمَعَهُ الرُّهَيْطُ. وَالنَّبِيَّ وَمَعَهُ الرَّجُلُ وَالـرَّجُلاَنِ. وَالـنَّبِـيَّ لَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ. إِذْ رُفِعَ لِيْ سَوَادٌ عَظِيْمٌ. فَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ أُمَّتِيْ. فَـقِيْـلَ لِـيْ: هٰـذَا مُـوْسٰـى صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ وَقَوْمُهُ. وَلٰكِنِ انْظُرْ إِلَى الْأُفُقِ. فَـنَـظَرْتُ، فَإِذَا سَوَادٌ عَظِيْمٌ. فَقِيْلَ لِي: انْظُرْ إِلَى الْأُفُقِ الْآخَرِ. فَإِذَا سَوَادٌ عَظِيْمٌ. فَـقِيْـلَ لِـيْ هٰـذِهٖ أُمَّتُكَ. وَمَـعَهُـمْ سَبْعُوْنَ أَلْفًا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلاَ عَـذَابٍ. ثُـمَّ نَهَـضَ فَـدَخَـلَ مَـنْـزِلَهُ، فَخَاضَ النَّاسُ فِيْ أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَلاَ عَذَابٍ ....الحديث." (ص:۱۱۷ سطر:۱ تا ۶)

قولہ: "انْقَضَّ الْبَارِحَةَ" (ص:۱۱۷ سطر:۱)

"انْقَضَّ" باب انفعال سے، قاف اور ضاد معجمہ مشددہ کے ساتھ، بمعنی سقط (نوویؒ)[1]۔ البارحة گزشتہ رات[2]، اگر زوالِ آفتاب سے پہلے گزشتہ رات کا ذکر کیا جائے تو "الليلة" کہا جاتا ہے، اور بعد الزوال ذکر کیا جائے تو البارحة، لیکن اب یہ دونوں لفظ ایک دوسرے کے معنی میں استعمال ہونے لگے ہیں۔

قولہ: "وَلٰكِنِّيْ لُدِغْتُ" (ص:۱۱۷ سطر:۲)

لیکن مجھے ڈنک مار دیا گیا، یعنی کسی زہریلے جانور بچھو وغیرہ نے مجھے ڈنک مار دیا تھا، یہ جملہ اس لئے کہا کہ کہیں لوگ یہ نہ سمجھیں کہ ان کا رات کو جاگنا نمازِ تہجد کے لئے تھا، اور اس طرح "لم تقولون (أى تدّعون) ما لا تفعلون" کے خلاف نہ ہو جائے۔

قولہ: "إِلَّا مِنْ عَيْنٍ أَوْ حُمَةٍ" (ص:۱۱۷ سطر:۳)

"عین" بمعنی نظرِ بد، اور حُمَة ہر زہریلا جانور، وقیل: عقرب، وقیل: شوكة العقرب، یعنی بچھو کا ڈنک۔

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۱ ص:۱۱۷۔

(۲) مختار الصحاح، مادة: برح، ج:۱ ص:۱۹ ولسان العرب ج:۲ ص:۴۱۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سوال:- اِس جملہ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ رُقیہ صرف انہی دو چیزوں کے لئے جائز ہے، حالانکہ دیگر تکلیفوں اور بیماریوں کے لئے بھی رُقیہ کا جواز احادیث سے ثابت ہے۔

جواب:- یہاں "لا" نفیٔ کمال کے لئے ہے، مراد یہ ہے کہ کوئی رُقیہ اتنا نافع یا ضروری نہیں جتنا اِن دو چیزوں میں نافع یا ضروری ہے۔

قوله: "سَوَادٌ عَظِيمٌ" (ص:۱۱۷ سطر:۴) عظیم جماعت۔

قوله: "فَخَاضَ النَّاسُ" (ص:۱۱۷ سطر:۵) ای تکلموا وتناظروا، یعنی آپس میں تبادلۂ خیالات اور مباحثہ کرنے لگے (نوویؒ)۔[1]

باب بيان كون هٰذه الأمّة نصف أهل الجنّة

۵۲۸- "حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ ... (الٰی قوله) ... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: فَكَبَّرْنَا. ثُمَّ قَالَ: أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: فَكَبَّرْنَا. ثُمَّ قَالَ: إِنِّي لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ. وَسَأُخْبِرُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ. مَا الْمُسْلِمُوْنَ فِي الْكُفَّارِ إِلَّا كَشَعْرَةٍ بَيْضَاءَ فِيْ ثَوْرٍ أَسْوَدَ، أَوْ كَشَعْرَةٍ سَوْدَاءَ فِيْ ثَوْرٍ أَبْيَضَ." (ص:۱۱۷ سطر:۹ تا ۱۱)

قوله: "ما المسلمون فى الكفار الخ" (ص:۱۱۷ سطر:۱۱)

بظاہر یہاں "المسلمون" سے مراد تمام اُمتوں کے مسلمان ہیں، اور "الکفار" سے بھی ہر زمانے کے کفار مراد ہیں۔

قوله: "كَشَعْرَةٍ سَوْدَاءَ فِيْ ثَوْرٍ أَبْيَضَ" (ص:۱۱۷ سطر:۱۱)

ہر زمانہ میں (یعنی پچھلی اُمتوں میں بھی اور موجودہ اُمت میں بھی) کفار کی تعداد مسلمانوں سے زیادہ ہی رہی ہے، اس سے معلوم ہوا کہ مجموعی طور پر اہلِ جہنم کی تعداد اہلِ جنت سے بہت زیادہ ہوگی، پھر ان اہلِ جنت میں نصف تعداد اُمتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی ہوگی۔

۵۳۰- "حَدَّثَنَا محمد بن المثنى ومحمد بن بَشَّارٍ ... (الٰی قوله) ...

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۱ ص:۱۱۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عن عبداللہ قال: کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی قُبَّةٍ ...(الیٰ قوله)... وَمَا أَنْتُمْ فِي أَهْلِ الشِّرْكِ إِلَّا كَالشَّعْرَةِ البيضاء .... الحديث."

(ص:۱۱۷ سطر:۱۱ تا ۱۴)

قوله: "مَا أَنْتُمْ فِي أَهْلِ الشِّرْكِ الخ" (ص:۱۱۷ سطر:۱۴)

یہاں بھی "أَنْتُمْ" سے تمام اُمتوں کے مسلمین مراد ہیں، اور "أَهْلُ الشِّرْكِ" سے ہر زمانے کے تمام مشرکین، جیسا کہ پچھلی روایت میں عرض کیا گیا۔

۵۳۱ - "حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ العَبْسِيُّ ... (الیٰ قوله)... عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ : يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ :يَا آدَمُ! فَيَقُوْلُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ، قَالَ: يَقُوْلُ:أَخْرِجْ بَعْثَ النَّارِ. قَالَ: وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَمِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ.قَالَ: فَذَاكَ حِيْنَ يَشِيْبُ الصَّغِيْرُ، وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ . قَالَ:فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ. قَالُوْا:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّنَا ذٰلِكَ الرَّجُلُ؟ فَقَالَ: أَبْشِرُوْا فَإِنَّ مِنْ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ أَلْفٌ، وَمِنْكُم رَجُلٌ. قَالَ: ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ،إِنِّي لَأَطْمَعُ أَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ . فَحَمِدْنَا اللّٰهَ تعالٰى وَكَبَّرْنَا. ثُمَّ قال: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ،إِنِّي لَأَطْمَعُ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ . فَحَمِدْنَا اللّٰهَ وَكَبَّرْنَا. ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ،إِنِّي لَأَطْمَعُ أَنْ تَكُوْنُوْا شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ ،إِنَّ مَثَلَكُمْ فِي الْأُمَمِ كَمَثَلِ الشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِيْ جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ، أَوْ كَالرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الْحِمَارِ." (ص:۱۱۷ سطر:۱۷،۱۸ و ص:۱۱۸ سطر:۱ تا ۴)

قوله: "بَعْثَ النَّارِ" (ص:۱۱۷ سطر:۱۸)

یہاں مصدر بمعنی المفعول ہے، أی مبعوثین الی النّار، مراد اِس سے مخلّدین فی النّار یعنی کفار ہیں۔

قوله: "تَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا" (ص:۱۱۸ سطر:۱)

ہوسکتا ہے کہ جن عورتوں کا انتقال حالتِ حمل میں ہوا تھا، ان کا حشر بھی اسی حال میں کیا جائے، اس صورت میں یہ جملہ اپنے حقیقی معنیٰ پر محمول ہوگا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دوسرا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ یہاں پر خوف و دہشت کی شدّت بیان کرنا مقصود ہے، اور مطلب یہ ہے کہ اگر یہ خوف و دہشت دنیا میں ہوتی تو حاملہ عورتوں کا حمل ساقط ہوجاتا۔

قوله: "أَبْشِرُوْا فَإِنَّ مِنْ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ أَلْفٌ، وَمِنْكُم رَجُلٌ"

(ص:۱۱۸ سطر:۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اِس ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ ہزار میں سے نو سو نناوے لوگوں کے جہنم میں جانے کے حکم سے تمہیں پریشان نہیں ہونا چاہئے کیونکہ صرف یأجوج مأجوج ہی کی تعداد اس قدر ہے کہ وہ تم سے نو سو ننانوے گنا زائد ہیں، یعنی اگر تم میں سے کوئی ایک شخص بھی جہنم میں نہ جائے تب بھی جہنم میں جانے والوں کی یہ تعداد صرف یأجوج مأجوج سے پوری ہوجائے گی۔

بظاہر "منکم" سے صحابہ کرامؓ ہی مراد ہیں، اس لئے کہ اگر اِس سے پوری اُمتِ اجابت مراد لی جائے تو اس کی تعداد تو اربوں یا کھربوں میں ہے، تو اِس صورت میں یأجوج مأجوج کی تعداد ان سے بھی ایک ہزار گنا زیادہ ماننی پڑے گی، اور یأجوج مأجوج کی تعداد اربوں یا کھربوں سے بھی بہت زیادہ ہونا بہت بعید ہے، کیونکہ دُنیا کی موجودہ کل مردم شماری پانچ اَرب سے کچھ زیادہ بتائی جاتی ہے، جس میں ظاہر ہے کہ یأجوج مأجوج بھی شامل ہیں کیونکہ وہ بھی اسی دُنیا میں آباد ہیں۔ واللہ أعلم۔

خلاصہ یہ کہ پیچھے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایات میں تمام کفار کے مقابلے میں ہر اُمت کے تمام مسلمین مراد ہیں، اور یہاں حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت میں صرف یأجوج مأجوج کے مقابلے میں صرف مخاطبین یعنی صحابۂ کرام مراد ہیں، واللہ أعلم۔

قوله: "كالرقمة في ذراعِ الحمار" (ص:۱۱۸ سطر:۴)

الرقمة قطعة بيضاء تكون في باطن عضو الحمار والفرس، وتكون في قوائم الشاة، وقال الداؤدي: الرقمة شيء مستدير لا شعر فيه، سُمِّيَتْ به لأنّه كالرقم۔ (فتح الملهم ج:۲ ص:۵۷۱ و۵۷۲)۔

وهٰذا آخر كتاب الإيمان

وللهِ الحمد أوّلًا وآخرًا وهو أرحم الراحمين، والصلوٰة والسلام علٰى سيدنا وسيّد الأوّلين والآخرين صاحب المقام المحمود خاتم النبيين محمد وآلِهٖ وأصحابه أجمعين ومن تبعهم بإحسان إلٰى يوم الدين.

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتابیات

(وہ کتابیں جن کا اس کتاب کے متن یا حاشیہ میں حوالہ دیا گیا ہے، ان کے اسماء حروفِ تہجی کے اعتبار سے مندرجہ ذیل ہیں)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱:-	القرآن الكريم			
	(الف)			
۲:-	ابوحنيفه وآراؤه فى العقيدة الاسلاميه	الدكتور عنايت الله إبلاغ	دار الترجمة الكويت	۱۶-۱۴۱۷ھ
۳:-	اجزاء الايمان	مولانا محمد ادريس مظاهرى	مكتبه دار الفكر الاسلاميه كراچى	۱۹۹۷ء
٤:-	الأحاد والمثانى	علامه ابن ابن عاصم (المتوفى ۲۸۷ هـ)	دار الراية السعودية	۱۴۱۱ھ
۵:-	الاحكام فى اصول الاحكام	علامه على بن محمد الآمدى	مؤسسة الحلبى وشركاؤه القاهره	۱۳۸۷ھ
٦:-	ارشاد طلاب الحقائق	امام يحيىٰ بن شرف النووى (المتوفى ٦٧٦ هـ)	مكتبة الايمان المدينة المنورة	۱۴۰۸ھ
۷:-	ازالة الخفاء عن خلافة الخلفاء	حضرت شاه ولى الله محدث دهلوى (المتوفى ۱۱۷۶ هـ)	سهيل اكيڈمى لاهور	۱۳۹٦ھ
۸:-	الاستيعاب فى معرفة الصحابة	حافظ ابنِ عبدالبر (المتوفى ۴٦۳ هـ)	دار الجيل بيروت	۱۴۱۲ھ
۹:-	اسد الغابة فى معرفة الصحابة	امام ابن الاثير جزرى (المتوفى ٦۳۰ هـ)	داراحياء التراث العربى بيروت	۱۴۱۷ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۰:-	اس دور کا عظیم فتنہ	مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی	اقرأ روضة الأطفال کراچی	١٤٠٥ھ
۱۱:-	الإشاعة لأشراط الساعة	علامه البرزنجي	دار الكتب العلمية بيروت	
۱۲:-	الأشباه والنظائر	علامه ابن نجيم الحنفي (المتوفى ۹۷۰ هـ)	ادارة القرآن والعلوم الاسلاميه كراچى	١٤١٨ھ
۱۳:-	أشراط الساعة	علامه شيخ يوسف الوابل	دار ابن الجوزى السعودية	١٤١٨ھ
۱٤:-	الإصابة في تمييز الصحابة	حافظ ابن حجر العسقلاني (المتوفى ۸۵۲ هـ)	مطبعة مصطفى محمد مصر	١٣٥٨ھ
۱۵:-	اعراب القرآن	شيخ ابواسحاق ابراهيم بن السرى (المتوفى ۳۱۶ هـ)	دار الكتب اللبناني بيروت	
۱٦:-	الإفصاح عن معاني الصحاح	علامه ابوالمظفر الحنبلي (المتوفى ۵٦۰ هـ)	دار الكتب العلمية بيروت	١٤١٧ھ
۱۷:-	إكمال تهذيب الكمال في اسماء الرجال	علامه مغلطائي الحنفي (المتوفى ۷٦۲ هـ)	مكتبة الفاروق الحديثة القاهرة	١٤٢٢ھ
۱۸:-	إكمال المعلم	علامه قاضي عياض (المتوفى ۵۴۴ هـ)	دارا لوفاء المنصوره	١٤١٩ھ
۱۹:-	إكمال إكمال المعلم	امام أُبيّ المالكي (المتوفى ۸۲۷ هـ)	دار الكتب العلمية بيروت	
۲۰:-	إكمال في اسماء الرجال	شيخ محمد الخطيب التبريزي (المتوفى ۷٤۰ هـ)	مطبعة المنار مصر	١٣٣١ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۲۱:-	الاکسیر فی اثبات التقدیر	حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی (المتوفی ۱۳۶۲ھ)	مکتبہ اشرف العلوم دیوبند	۱۳۶۵ھ
۲۲:-	إکفار الملحدین (ترجمہ)	حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیری (المتوفی ۱۳۵۲ھ)	مکتبہ لدھیانوی کراچی	۱٤۲٤ھ
۲۳:-	الإمام مسلم بن الحجاج ومنهجه في الصحيح	ابوعبيدة مشهور بن حسن آل سلمان	دارا لصميعى السعودية	۱٤۱۷ھ
۲٤:-	امداد الاحکام	حضرت مولانا ظفراحمد صاحب عثمانی (المتوفی ۱۳۹۴ھ)	مکتبہ دارالعلوم کراچی	۱٤۲۱ھ
۲۵:-	الانتباهات المفيدة	حضرت حکیم الامت مولانا تھانوی (المتوفی ۱۳۶۲ھ)	مکتبہ دارالعلوم کراچی	۱٤۱۹ھ
۲٦:-	انساب	علامہ ابوسعد السمعانی (المتوفی ۶۲۱ھ)	مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ دکن	۱۳۸۲ھ
۲۷:-	انکارِ حدیث کے نتائج	حضرت مولانا سرفراز خان صفدر مدظلهم	مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ	
۲۸:-	اوجز المسالک إلی مؤطا مالک	حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا	ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ ملتان	۱۳۹۲ھ
۲۹:-	أوضح المسالک شرح الفیہ بن مالک	علامہ جمال الدین بن یوسف (المتوفی ۷۶۱ھ)	داراحیاء التراث العربی بیروت	۱۹٦٦ء
۳۰:-	ایک قرآن	حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمی	ادارہ اسلامیات لاهور	۱٤۰٦ھ
۳۱:-	ایمان و کفر قرآن کی روشنی میں	حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب (المتوفی ۱۳۹٦ھ)	دار الاشاعت کراچی	

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
		(ب)		
۳۲:-	البحر الرائق	علامه ابنِ نجیم الحنفی (المتوفی ۹۷۰ هـ)	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	
۳۳:-	البحر المحیط (تفسیر)	علامه ابوحیان (المتوفی ۷۵۴ هـ)	مطبعة السعادة القاهرة	۱۳۲۸ھ
۳۴:-	البدایة والنهایة	علامه اسماعیل بن عمر الشافعی (المتوفی ۷۷۴ هـ)	مطبعة السعادة القاهرة	۱۴۱۸ھ
۳۵:-	بذل المجهود فی حل أبی داؤد	حضرت مولانا خلیل احمد سهارنپوری (المتوفی ۱۳۴۶ هـ)	المطبعة السلفیة القاهرة	۱۳۹۳ھ
۳۶:-	بستان المحدثین	حضرت شاه عبدالعزیز محدث دهلوی (المتوفی ۱۲۳۹ هـ)	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	۱۹۸٤ء
۳۷:-	بیان القرآن	حکیم الامت مولانا اشرف علی تهانوی (المتوفی ۱۳۶۲ هـ)	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	
۳۸:-	بوادر النوادر	حکیم الامت مولانا اشرف علی تهانوی (المتوفی ۱۳۶۲ هـ)	کتب خانه امدادیه کراچی	
		(ت)		
۳۹:-	تاج العروس	السیّد محمد مرتضیٰ الزبیدی	دار لیبیا بنغاری	
۴۰:-	تاریخ ابنِ خلدون	علامه عبدالرحمن بن محمد بن خلدون الحضرمی (المتوفی ۸۰۸ هـ)	مؤسسة جمال بیروت	
۴۱:-	تاریخِ بغداد	حافظ ابوبکر الخطیب البغدادی (المتوفی ۴۶۳ هـ)	دارالکتاب العربی بیروت	

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۴۲:-	تاریخ الخمیس فی احوال انفس النفیس ﷺ	علامہ حسین بن محمد (المتوفی ۹۲۶ ھ)	مؤسسة شعبان بیروت	
۴۳:-	تاریخ الخلفاء	علامہ جلال الدین السیوطی (المتوفی ۹۱۱ ھ)	نور محمد اصح المطابع کراچی	
۴۴:-	تاریخ دمشق لابنِ عساکر	علامہ حمزة بن اسد التمیمی (المتوفی ۵۵۵ ھ)	دار احسان دمشق	۱۴۰۳ھ
۴۵:-	التاریخ الکبیر	حضرت امام محمد بن اسماعیل البخاری (المتوفی ۲۵۶ ھ)	دار احیاء التراث العربی بیروت	
۴۶:-	تالیفاتِ عثمانی	حضرت شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی (المتوفی ۱۳۶۹ ھ)	ادارہ اسلامیات لاہور	۱۴۱۱ھ
۴۷:-	تحفة الاحوذی	مولانا عبدالرحمن مبارک پوری (المتوفی ۱۳۵۳ ھ)	مطبعة المدنی القاهرة	۱۳۸۳ھ
۴۸:-	تدریب الراوی	علامہ جلال الدین السیوطی (المتوفی ۹۱۱ ھ)	المکتبة العلمیة المدینة المنورة	۱۳۷۹ھ
۴۹:-	تدوینِ حدیث	مولانا مناظر احسن گیلانی	مکتبہ اسحاقیہ کراچی	
۵۰:-	تذکرة الحفاظ للذهبی	علامہ شمس الدین الذهبی (المتوفی ۷۴۸ ھ)	مکتبة الحرم المکی السعودیة	۱۳۷۴ھ
۵۱:-	تذکرة الخلیل	حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی	مکتبة الشیخ کراچی	
۵۲:-	التصریح بما تواتر فی نزول المسیح	علامہ محمد انور شاہ صاحب کشمیری (المتوفی ۱۳۵۲ ھ)	مکتبہ دار العلوم کراچی	۱۴۲۳ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۵۳:-	تعظیم قدر الصلوٰة	امام محمد بن نصر المروزی	مکتبة الدر المدینة المنورة السعودیة	۱۴۰۶ھ
۵۴:-	تعلیق الصبیح علی مشکوٰة المصابیح	حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی (المتوفی ۱۳۹۴ھ)	مکتبہ عثمانیہ لاھور	
۵۵:-	التفرقة بین الاسلام والزندقة (جزء من مجموعہ رسائل للامام الغزالی)	حجة الاسلام امام محمد غزالی (المتوفی ۵۰۵ھ)	دارالاشاعت کراچی	۱۹۹۰ء
۵۶:-	تفسیر البغوی مع تفسیر ابنِ کثیر	علامہ حسین بن مسعود الشافعی (المتوفی ۵۱۰ھ)	دمشق	۱۳۴۷ھ
۵۷:-	تفسیر الطبری المسمّٰی جامع البیان	علامہ ابوجعفر محمد بن جریر الطبری (المتوفی ۳۱۰ھ)	دارالفکر بیروت	۱۴۰۵ھ
۵۸:-	تفسیر القاسمی المسمّٰی محاسن التاویل	علامہ محمد جمال الدین القاسمی (المتوفی ۱۳۳۲ھ)	داراحیاء الکتب العربیہ	۱۳۷۶ھ
۵۹:-	التفسیر المظھری	حضرت مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی (المتوفی ۱۲۲۵ھ)	ادارہ اشاعت العلوم لندوة المصنّفین دھلی	
۶۰:-	تقریب التھذیب	علامہ حافظ ابن حجر العسقلانی (المتوفی ۸۵۲ھ)	المکتبة العلمیة المدینة المنورة	۱۳۸۰ھ
۶۱:-	تکملة فتح الملھم	شیخ الاسلام مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلھم	مکتبہ دارالعلوم کراچی	۱۴۱۶ھ
۶۲:-	تلخیص الحبیر فی تخریج احادیث الرافعی الکبیر	علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی (المتوفی ۸۵۲ھ)	مکتبہ نزار مصطفی الباز مکة المکرمة	۱۴۱۷ھ
۶۳:-	التمھید لما فی المؤطا من المعانی والاسانید	علامہ ابن عبدالبر (المتوفی ۴۶۳ھ)	مکتبہ نزار مصطفی الباز مکة المکرمة	۱۴۱۶ھ
۶۴:-	توجیہ النظر الی اصول الاثر	علامہ طاھر بن محمد الجزائری (المتوفی ۱۳۳۸ھ)	مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب	۱۴۱۶ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۶۵-	التوضیح والتلویح	علامہ صدر الشریعۃ (م۷۴۷ھ) وعلامہ تفتازانی (م۷۹۲ھ)	نور محمد اصح المطابع کراچی	۱۴۰۰ھ
۶۶-	تھذیب الاسماء واللغات	علامہ یحییٰ بن شرف النووی (المتوفی ۶۷۶ھ)	ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ مصر	
۶۷-	تھذیب التھذیب	علامہ حافظ ابن حجر العسقلانی (المتوفی ۸۵۲ھ)	دار المعرفۃ بیروت	۱۴۱۷ھ
۶۸-	تھذیب الاکمال فی اسماء الرجال	علامہ حافظ جمال الدین المزی (المتوفی ۷۴۲ھ)	مؤسسۃ الرسالۃ بیروت	۱۴۱۳ھ
۶۹-	تھذیب اللغۃ	ابومنصور محمد بن احمد الازھری	المؤسسۃ المصریۃ العامۃ مصر	
	(ث)			
۷۰-	الثمر الدانی			
	(ج)			
۷۱-	جامع بیان العلم وفضلہ	حافظ ابن عبدالبر (المتوفی ۴۶۳ھ)	دارالکتب العلمیۃ بیروت	۱۴۲۱ھ
۷۲-	جامع الترمذی	امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی (المتوفی ۲۷۹ھ)	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	
۷۳-	جامع التحصیل فی احکام المراسیل	صلاح الدین ابوسعید العلائی	عالم الکتب بیروت	
۷۴-	الجرح والتعدیل	علامہ عبدالرحمن الحنظلی المتوفی ۳۲۷ھ	مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ دکن	۱۳۷۱ھ
	(ح)			
۷۵-	حاشیۃ السندی علیٰ صحیح مسلم	علامہ محمد بن عبدالھادی السندی (المتوفی ۱۱۳۸ھ)	المطبعۃ البرقیۃ ملتان	

www.besturdubooks.wordpress.com

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۷۶:-	حجة الله البالغة	حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (المتوفی ۱۱۷۶ھ)	قدیمی کتب خانہ کراچی	
۷۷:-	حجیتِ حدیث	حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی (المتوفی ۱۳۹۴ھ)	ادارۂ تبلیغ اسلام لاہور	
۷۸:-	حجیتِ حدیث	شیخ الاسلام مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم	ادارہ اسلامیات لاہور	۱۴۱۱ھ
۷۹:-	الحل المفهم	حضرت قطب الارشاد مولانا گنگوہی (المتوفی ۱۳۲۳ھ)	مکتبة الشیخ کراچی	
۸۰:-	حلية الاولياء	حافظ ابو نعیم احمد بن عبداللہ (المتوفی ۴۳۰ھ)	دارالکتاب العربی بیروت	
	(خ)			
۸۱:-	خلافت و ملوکیت	سیّد ابوالاعلیٰ مودودی	اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ لاہور	
	(د)			
۸۲:-	درسِ ترمذی	حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم (ترتیب و تحقیق حضرت مولانا رشید اشرف مدظلہم)	مکتبہ دارالعلوم کراچی	۱۴۱۲ھ
۸۳:-	الدر المختار شرح تنویر الابصار	علامہ علاء الدین حصفکی (المتوفی ۱۰۸۸ھ)	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	۱۴۰۶ھ
۸۴:-	الدولة المكية بالمادة الغيبيّه	مولوی احمد رضاخان صاحب قادری	مکتبہ رضویہ کراچی	
۸۵:-	الديباج علی صحيح مسلم بن الحجاج	علامہ جلال الدین السیوطی (المتوفی ۹۱۱ھ)	ادارة القرآن کراچی	۱۴۱۲ھ

(c) ketabton.com: The Digital Library
www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
		(ر)		
۸۶:-	رجال صحیح مسلم لابن منجویۃ	امام احمد بن علی بن منجویۃ الاصبہانی (المتوفی ۴۲۸ھ)	دار المعرفۃ بیروت	۱۴۰۷ھ
۸۷:-	رد المحتار علی الدر المختار المعروف بشامی	علامہ ابن عابدین (المتوفی ۱۲۵۲ھ)	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	۱۴۰۶ھ
۸۸:-	الرسالۃ المستطرفۃ	علامہ محمد بن جعفر الکتانی (المتوفی ۱۳۴۵ھ)	دار الکتب العلمیۃ بیروت	۱۴۱۶ھ
۸۹:-	روح المعانی	علامہ ابوالفضل محمود الآلوسی (المتوفی ۱۲۷۰ھ)	المکتبۃ الرشیدیۃ لاہور	
		(ز)		
۹۰:-	الزواجر عن اقتراف الکبائر	علامہ ابن حجر المکی الہیتمی (المتوفی ۹۷۴ھ)	مکتبہ مصطفی البابی مصر	۱۳۷۰ھ
		(س)		
۹۱:-	سبل السلام فی سنن سیّد الانام ﷺ	سیّد زاہد شہاب الدین شبلی	شاہ اسکوائر گلشن اقبال کراچی	۱۴۲۲ھ
۹۲:-	سجود الشمس (تالیفاتِ عثمانی کا ایک حصہ)	علامہ شبیر احمد عثمانی (المتوفی ۱۳۶۹ھ)	ادارہ اسلامیات لاہور	۱۴۱۱ھ
۹۳:-	السراج الوہاج	محمد الغمراوی	دار المعرفۃ بیروت	
۹۴:-	السنۃ قبل التدوین	شیخ محمد عجاج الخطیب	دار الفکر قاہرۃ	۱۳۹۱ھ
۹۵:-	سنن ابی داؤد	امام ابوداؤد السجستانی (المتوفی ۲۷۵ھ)	مکتبہ حقانیہ ملتان	
۹۶:-	سنن الدارمی	امام عبداللہ الدارمی (المتوفی ۲۵۵ھ)	دار القلم دمشق	۱۴۱۷ھ
۹۷:-	سنن الدارقطنی	امام علی بن عمر الدارقطنی (المتوفی ۳۸۵ھ)	دار المعرفۃ بیروت	۱۴۲۲ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۹۸:-	سنن سعید بن منصور	امام سعید بن منصور (المتوفی۲۲۷ھ)	دارالصمیعی السعودیة	۱۴۲۰ھ
۹۹:-	سنن الکبریٰ للبیهقی	امام ابوبکر احمد بن الحسین البیهقی (المتوفی۴۵۸ھ)	نشر السنة ملتان	
۱۰۰:-	سنن النسائی مع زهره الربی للعلامه السیوطی	امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب النسائی (المتوفی۳۰۳ھ)	قدیمی کتب خانه	
۱۰۱:-	سیر أعلام النبلاء	علامه شمس الدین الذهبی (المتوفی۷۴۸ھ)	مؤسسة الرسالة بیروت	۱۴۰۳ھ
۱۰۲:-	سیرة المصطفیٰ ﷺ	حضرت مولانا محمد ادریس کاندهلوی (المتوفی۱۳۹۴ھ)	مکتبه عثمانیه لاهور	۱۴۰۳ھ
۱۰۳:-	السیرة النبویة المعروف سیرة ابن هشام	علامه ابن هشام الحمیری (المتوفی۲۱۳ھ)	مکتبه مصطفی البابی مصر	۱۳۷۵ھ
۱۰۴:-	سیرتِ یعقوب و مملوک	مولانا محمد انوار الحسن صاحب شیرکوٹی	مکتبه دارالعلوم کراچی	۱۳۹۴ھ

(ش)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۱۰۵:-	شرح اصول اعتقاد اهل السنة والجماعة	امام هبة الله اللالکائی (المتوفی۴۱۸ھ)	دارطیبة السعودیة	۱۴۱۸ھ
۱۰۶:-	شرح الفیة ابن مالک	علامه محمد بن محمد المعروف بابن ناظم (المتوفی۶۸۲ھ)	ناصر خسرو تهران	
۱۰۷:-	شرح البخاری لابن بطال	امام ابوالحسن علی بن خلف (المتوفی۴۴۹ھ)	مکتبة الرشد الریاض	۱۴۲۰ھ
۱۰۸:-	شرح البخاری للکرمانی	علامه محمد بن یوسف الکرمانی (المتوفی۷۸۶ھ)	داراحیاء التراث العربی بیروت	۱۴۰۱ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۱۰۹:-	شرح الجامی	علامہ شیخ عبدالرحمن بن احمد الجامی (المتوفی ۸۹۸ ھ)	قدیمی کتب خانہ کراچی	
۱۱۰:-	شرح السیوطی علی سنن النسائی	علامہ جلال الدین السیوطی (المتوفی ۹۱۱ ھ)	دار الفکر بیروت	۱۳۴۸ ھ
۱۱۱:-	شرح شرح نخبة الفکر	حضرت مُلّا علی القاری (المتوفی ۱۰۱۴ ھ)	دار الباز مکة المکرمة	۱۳۹۸ ھ
۱۱۲:-	شرح العقیدة الطحاویة	علامہ صدر الدین علی بن علی الحنفی (المتوفی ۷۹۲ ھ)	وزارة الشؤون الاسلامیة السعودیة	۱۴۱۸ ھ
۱۱۳:-	شرح فقہ الاکبر	حضرت مُلّا علی القاری (المتوفی ۱۰۱۴ ھ)	دار البشائر الاسلامیہ بیروت	۱۴۱۹ ھ
۱۱۴:-	شرح المقاصد	علامہ تفتازانی (المتوفی ۷۹۲ ھ)	منشورات الشریف الرضی ایران	۱۴۰۹ ھ
۱۱۵:-	شرح مواقف	السید الشریف علی بن محمد الجرجانی (المتوفی ۸۱۲ ھ)	منشورات الشریف الرضی ایران	۱۴۰۹ ھ
۱۱۶:-	شرح نخبة الفکر	علامہ حافظ ابن حجر العسقلانی (المتوفی ۸۵۲ ھ)	مکتبة الغزالی دمشق	۱۴۱۰ ھ
۱۱۷:-	شروط الائمة الخمسة	علامہ محمد بن موسیٰ الحازمی (المتوفی ۵۸۴ ھ)	مطبعة ندوة العلماء لکھنؤ	۱۳۹۹ ھ
۱۱۸:-	شذرات الذھب	علامہ ابو الفلاح عبدالحی الحنبلی (المتوفی ۱۰۸۹ ھ)	دار الآفاق الجدیدة بیروت	
۱۱۹:-	شعب الایمان للبیھقی	امام ابوبکر البیھقی (المتوفی ۴۵۸ ھ)	مکتبة دار الباز مکة المکرمة	۱۴۱۰ ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۲۰:-	شعب الایمان للقصری	امام ابو محمد عبدالجلیل الاندلسی المعروف بالقصری (المتوفی ۶۰۸ ھ)	مکتبہ دارالباز مکۃ المکرمۃ	۱۴۱۶ ھ
۱۲۱:-	شفاء العلیل فی مسائل القضاء والقدر	علامہ ابن القیم	دارالکتب العلمیۃ بیروت	۱۴۰۷ ھ
۱۲۲:-	شمائلِ ترمذی مع اُردو شرح خصائلِ نبویؐ	امام ترمذی و شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب	میرمحمد کتب خانہ کراچی	
	(ص)			
۱۲۳:-	الصحاح فی اللغۃ والعلوم	ندیم مرعشلیٰ، اسامہ مرعشلیٰ	دار الحضارۃ العربیۃ بیروت	۱۹۷۴ء
۱۲۴:-	صحیح ابن حبان	امام ابوحاتم محمد بن حبان البستی (المتوفی ۳۵۴ ھ)		
۱۲۵:-	صحیح البخاری	امام محمد بن اسماعیل البخاری (المتوفی ۲۵۶ ھ)	قدیمی کتب خانہ کراچی	۱۳۸۱ ھ
۱۲۶:-	صحیح مسلم	امام مسلم بن الحجاج (المتوفی ۲۸۰ ھ)	قدیمی کتب خانہ کراچی	۱۳۷۵ ھ
۱۲۷:-	صحیفۂ ہمام بن منبہ	ڈاکٹر محمد حمید اللہ	رشیداللہ یعقوب کراچی	۱۴۱۹ ھ
۱۲۸:-	صیانۃ صحیح مسلم من الاخلال والغلط	حافظ ابن الصلاح (المتوفی ۶۴۳ ھ)	دارالغرب الاسلامی بیروت	۱۴۰۴ ھ
	(ض)			
۱۲۹:-	ضبطِ ولادت کی شرعی حیثیت	شیخ الاسلام مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم	ادارہ اسلامیات لاہور	

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
	(ط)			
۱۳۰:-	الطبقات الكبرىٰ المعروف طبقاتِ ابن سعد	علامه محمد بن سعد (المتوفی ۲۳۰ هـ)	دار مادر بيروت	۱۳۷۶ھ
	(ظ)			
۱۳۱:-	ظفر الامانی فی مختصر الجرجانی	علامه عبدالحی لکھنوی (المتوفی ۱۳۰۴ هـ)	الجامعة الاسلامية اعظم گڑھ بھارت	۱۴۱۵ھ
	(ع)			
۱۳۲:-	عقد الجواهر الثمينة فی مذهب عالم المدينة	علامه عبدالله بن نجم المالكی (المتوفی ۶۱۶ هـ)	دار الغرب الاسلامی بيروت	۱۴۱۵ھ
۱۳۳:-	عمدة القاری	علامه محمود بن احمد العينی (المتوفی ۸۵۵ هـ)	دار الكتب العلمية بيروت	۱۴۲۱ھ
۱۳۴:-	العناقيد العالية من الأسانيد العالية	حضرت مولانا محمد عاشق الٰهی البرنی	مكتبة الشيخ كراچی	۱۴۰۸ھ
	(غ)			
۱۳۵:-	غريب الحديث لابن قتيبه	علامه عبدالله بن مسلم	مطبعة العانی بغداد	۱۹۷۷ء
۱۳۶:-	غريب الحديث لأبی سعيد	علامه ابوعبيدقاسم بن سلام (المتوفی ۲۲۴ هـ)	مطبعة مجلس دائره المعارف دكن	۱۳۸۴ھ
۱۳۷:-	غريب الحديث للخطابی	علامه حمد بن محمد الخطابی (المعوفی ۳۸۸ هـ)	دار الفكر، دمشق	۱۴۰۲ھ
۱۳۸:-	غنية الناسک	علامه محمد حسن شاه	ادارة القرآن كراچی	۱۴۱۷ھ
	(ف)			
۱۳۹:-	الفائق فی غريب الحديث	علامه محمود بن عمر الزمخشری (المتوفی ۵۳۸ هـ)	دار الفكر بيروت	۱۴۱۴ھ
۱۴۰:-	فتح الباری	حافظ ابن حجر العسقلانی (المتوفی ۸۵۲ هـ)	دارنشر الكتب الاسلاميه لاهور	۱۴۰۱ھ
۱۴۱:-	فتح القدير	امام كمال الدين ابن الهمام (المتوفی ۸۶۱ هـ)	مكتبه رشيديه كوئٹه	

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۴۲:-	فتح المغیث	شیخ شمس الدین محمد السخاوی (المتوفی ۹۰۲ ھ)	المکتبۃ السلفیۃ المدینۃ المنورۃ	۱۳۸۸ھ
۱۴۳:-	الفتوحات المکیۃ	علامہ ابن العربی (المتوفی ۵۴۳ ھ)	دار الکتب العربیۃ الکبریٰ، مصر	
۱۴۴:-	فروع الایمان	حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی	مطبع بلالی سادھورہ	
۱۴۵:-	فضائلِ اعمال	شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب	دار الاشاعت کراچی	
۱۴۶:-	فضل الباری	علامہ شبیر احمد عثمانی	ادارہ علوم شرعیہ کراچی	۱۳۱۳ھ
۱۴۷:-	الفقہ الاکبر (مترجم)	امام ابوحنیفہ	ملک دین محمد تاجر کتب لاہور	
۱۴۸:-	الفہرست لابن ندیم	محمد بن اسحاق المعروف بابن ندیم	دار الکتب العلمیۃ بیروت	۱۴۱۶ھ
۱۴۹:-	فیض الباری علیٰ صحیح البخاری	علامہ انور شاہ کشمیری (المتوفی ۱۳۵۲ ھ)	مجلس علمی ڈابھیل	۱۳۵۷ھ
۱۵۰:-	فیض القدیر شرح جامع الصغیر	علامہ محمد عبدالرؤف المناوی (المتوفی ۱۰۳۱ ھ)	المکتبۃ التجاریۃ الکبریٰ مصر	۱۳۵۶ھ

(ق)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۵۱:-	قانون التاویل (جزء من مجموعۃ رسائل)	حضرت امام غزالی (المتوفی ۵۰۵ ھ)	دار الاشاعت کراچی	۱۹۹۰ء
۱۵۲:-	القضاء والقدر بین الفلسفۃ والدین	عبدالکریم الخطیب	دار المعرفۃ بیروت	
۱۵۳:-	القضاء والقدر فی الاسلام	الدکتور فاروق احمد الدسوقی	المکتب الاسلامی الریاض	۱۴۰۶ھ

(ک)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۵۴:-	کافیہ	علامہ ابن حاجب (المتوفی ۶۴۶ ھ)	مکتبہ خیر کثیر کراچی	۱۳۶۸ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۱۵۵:-	كتاب الارشاد	امام الحرمين (المتوفى ۴۷۸ھ)	مؤسسة الكتب الثقافيه بيروت	
۱۵۶:-	كتاب الأم	حضرت امام محمد بن ادريس الشافعى (المتوفى ۲۰۴ھ)	دار قتيبة بيروت	۱۴۱۶ھ
۱۵۷:-	کتابتِ حدیث عہدِ رسالت و عہدِ صحابہ میں	مفتیٔ اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہم	ادارة المعارف کراچی	۱۴۰۱ھ
۱۵۸:-	كتاب الثقات	علامه محمد بن حبان البستى (المتوفى ۳۵۴ھ)	دائرة المعارف العثمانيه دكن	۱۴۰۰ھ
۱۵۹:-	كتاب السيبويه فى النحو	علامه عمرو بن عثمان سيبويه (المتوفى ۱۸۰ھ)	عالم الكتاب بيروت	۱۳۸۵ھ
۱۶۰:-	كتاب العين للخليل	خليل بن احمد الفراهيدى (المتوفى ۱۷۵ھ)	مؤسسة دار الهجرة ايران	۱۴۰۹ھ
۱۶۱:-	كتاب الفتن	علامه نعيم بن حماد المروزى (المتوفى ۲۸۸ھ)	مكتبة التوحيد القاهرة	۱۴۱۲ھ
۱۶۲:-	كتاب الكفاية فى علم الرواية	امام ابوبكر المعروف الخطيب البغدادى (المتوفى ۴۶۳ھ)	اداره جمعية دائرة المعارف دكن	۱۳۵۷ھ
۱۶۳:-	الكشاف	علامه محمود بن عمر الزمخشرى (المتوفى ۵۳۸ھ)	داراحياء التراث العربى بيروت	۱۴۱۷ھ
۱۶۴:-	كشف الاستار	علامه نورالدين الهيثمى (المتوفى ۸۰۷ھ)	مؤسسة الرسالة بيروت	۱۴۰۴ھ
۱۶۵:-	كشف الظنون	مصطفى بن عبدالله الشهير بحاجى خليفه (المتوفى ۱۰۶۷ھ)	مكتبه المثنى بغداد	۱۳۶۲ھ
۱۶۶:-	كفاية الطالب			

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
١٦٧:-	كنز الوصول الى معرفة الوصول (اصول البزدوى)	امام على بن محمد البزدوى الحنفى (المتوفى ٤٨٢ هـ)	نور محمد کارخانه تجارت کتب کراچی	
١٦٨:-	كنز العمال	علامه علاء الدين على المتقى الهندى (المتوفى ٩٧٥ هـ)	مؤسسة الرسالة بيروت	١٤٠٥ھ
١٦٩:-	الكنز المتوارى	شيخ الحديث مولانا محمد زكريا صاحب	مؤسسة الخليل الاسلامية فيصل آباد	١٤١٩ھ
١٧٠:-	الكوكب الأزهر شرح فقه الاكبر	حضرت امام شافعى (المتوفى ٢٠٤ هـ)	المكتبة التجارية مصطفى احمد الباز مكة المكرمة	

(ل)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
١٧١:-	لامع الدرارى	قطب الارشاد حضرت گنگوهی جمع و ترتیب مولانا یحییٰ کاندهلوی	مكتبة المجيديه سهارنپور	
١٧٢:-	لسان العرب	علامه ابن منظور (المتوفى ٧١١ هـ)	دار احياء التراث العربى بيروت	١٤٠٨ھ
١٧٣:-	لمعات التنقيح	حضرت مولانا عبدالحق دهلوى	مكتبة المعارف العلمية لاهور	١٣٩٠ھ

(م)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
١٧٤:-	مجمع بحار الانوار	علامه محمد طاهر الصديقى الهندى (المتوفى ٩٨٦ هـ)	مكتبه دار الايمان المدينة المنورة	١٤١٥ھ
١٧٥:-	مجمع الزوائد	حافظ نور الدين الهيثمى (المتوفى ٨٠٧ هـ)	دار الكتب العلمية بيروت	١٤٢٢ھ
١٧٦:-	المحلّى	علامه ابن حزم (المتوفى ٤٥٦ هـ)	دار الكتب العلمية بيروت	١٤٢٤ھ
١٧٧:-	مختار الصحاح	علامه محمد بن ابى بكر الرازى	مكتبه مصطفى البابى مصر	١٣٥٥ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۱۷۸:-	مختصر سنن ابی داؤد للمنذری	علامہ عبدالعظیم المنذری (المتوفی ۶۵۶ ھ)	المکتبة الاثریہ باغوالی	۱۳۹۹ھ
۱۷۹:-	مختصر شعب الایمان	علامہ عمر بن عبدالرحمن الشافعی	مکتبة العلمية بیروت	١٤٠٣ھ
۱۸۰:-	مختصر المعانی	علامہ تفتازانی (المتوفی ۷۹۲ ھ)	قدیمی کتب خانہ کراچی	
۱۸۱:-	مرقاة المفاتیح شرح مشکوٰة المصابیح	حضرت مُلّا علی القاری الحنفی (المتوفی ۱۰۱۴ ھ)	مکتبہ امدادیہ ملتان	۱۳۸۷ھ
۱۸۲:-	المستخرج علیٰ صحیح مسلم للأصبهانی	امام ابونعیم احمد بن عبداللہ الأصبهانی (المتوفی ۴۳۰ ھ)	دارالکتب العلمية بیروت	١٤١٧ھ
۱۸۳:-	مستدرک الحاکم	امام ابوعبداللہ بن محمد بن عبداللہ الحاکم (المتوفی ۴۰۵ ھ)	دارالکتاب العلمية بیروت	١٤١١ھ
١٨٤:-	المستصفیٰ من علم الاصول	حضرت امام غزالی (المتوفی ۵۰۵ ھ)	مطبعة مصطفی محمد المکتبة التجارية الکبریٰ مصر	
۱۸۵:-	مسند أبی عوانة	امام ابوعوانة یعقوب بن اسحاق الاسفرائینی (المتوفی ۳۱۶ ھ)	دارالمعرفة بیروت	
۱۸۶:-	مسند أبی یعلیٰ	امام ابویعلیٰ احمد بن علی التمیمی (المتوفی ۳۰۷ ھ)	دارالمأمون للتراث دمشق	١٤٠٤ھ
۱۸۷:-	مسند ابی داؤد الطیالسی	امام ابوداؤد سلیمان الطیالسی (المتوفی ۲۰۴ ھ)	دارالقرآن کراچی	۱۹۹۱ء
۱۸۸:-	مسند احمد بن حنبل	امام احمد بن حنبل (المتوفی ۲۴۱ ھ)	مؤسسة الرسالة بیروت	١٤١٩ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۱۸۹:-	مسند اسحاق بن راهويه	امام اسحاق بن ابراهيم المعروف بابن راهويه (المتوفى ۲۳۹ ھ)	مكتبة الايمان مدينة المنورة	۱۴۱۲ھ
۱۹۰:-	مسئله تقدير از تقريرِ بخاری	علامه شبير احمد العثمانی (المتوفی ۱۳۶۹ ھ)	كتب خانه عثمانيه كراچی	۱۹۷۱ء
۱۹۱:-	مشارق الانوار	امام قاضی عياض (المتوفی ۵۴۴ ھ)	دارالفكر بيروت	۱۴۱۸ھ
۱۹۲:-	مشكوٰة المصابيح	علامه ولی الدين ابو عبدالله محمد بن عبدالله الخطيب التبريزی (المتوفی ۷۴۱ ھ)	قديمی كتب خانه كراچی	۱۳۶۸ھ
۱۹۳:-	المصباح المنير في غريب الشرح الكبير	علامه احمد بن محمد الصيومی (المتوفی ۷۷۰ ھ)	المكتبة العلمية بيروت	
۱۹۴:-	مصنف ابن ابی شيبه	امام ابوبكر عبدالله بن محمد بن ابی شيبه (المتوفی ۲۳۵ ھ)	ادارة القرآن كراچی	۱۴۰۶ھ
۱۹۵:-	مصنف عبدالرزاق	امام ابوبكر عبدالرزاق بن همام الصنعانی (المتوفی ۲۱۱ ھ)	المجلس العلمی بيروت	۱۳۹۰ھ
۱۹۶:-	معارف السنن	علامه محمد يوسف بنوری (المتوفی ۱۳۹۷ ھ)	المكتبة البنورية كراچی	۱۳۸۳ھ
۱۹۷:-	معارف القرآن	حضرت مولانا مفتی محمد شفيع صاحب (المتوفی ۱۳۹۶ ھ)	ادارة المعارف كراچی	۱۴۰۴ھ
۱۹۸:-	معالم السنن شرح سنن ابی داؤد	علامه حمد بن محمد الخطابی (المتوفی ۳۸۸ ھ)	دارالكتب العلمية بيروت	۱۴۱۶ھ
۱۹۹:-	المعجم الأوسط للطبرانی	علامه ابوالقاسم سليمان بن احمد الطبرانی (المتوفی ۳۶۰ ھ)	مكتبة المعارف الرياض	۱۴۰۵ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۲۰۰:-	معجم البلدان	ابوعبداللہ یاقوت الحموی (المتوفی ۶۲۶ ھ)	دار صادر بیروت	۱۳۷۴ھ
۲۰۱:-	المعجم الصغیر للطبرانی	علامہ طبرانی (المتوفی ۳۶۰ ھ)	دارالکتب العلمیة بیروت	۱۴۰۳ھ
۲۰۲:-	المعجم الکبیر للطبرانی	علامہ طبرانی (المتوفی ۳۶۰ ھ)	مطبعة الزهراء الحدیثة موصل	۱۹۸۴ء
۲۰۳:-	معجم الوسیط	جماعة العلماء	ناصر خسرو تهران	
۲۰۴:-	معرفة انواع علوم الحدیث	علامہ ابن الصلاح (المتوفی ۶۴۳ ھ)	دارالکتب العلمیة بیروت	۱۴۲۳ھ
۲۰۵:-	المعلم بفوائد مسلم	امام ابوعبداللہ المازری (المتوفی ۵۳۶ ھ)	دارالغرب الاسلامی بیروت	۱۹۹۲ء
۲۰۶:-	مغنی اللبیب	علامہ ابن ہشام (المتوفی ۷۶۱ ھ)	مطبعة التقدم العلمیة مصر	
۲۰۷:-	مفتاح الجنة فی الاحتجاج بالسنة	علامہ جلال الدین السیوطی (المتوفی ۹۱۱ ھ)	دارالسلام بیروت	
۲۰۸:-	المفهم لما اشکل من تلخیص کتاب مسلم	امام ابوالعباس احمد بن عمر القرطبی (المتوفی ۶۵۶ ھ)	دار ابن کثیر دمشق	۱۴۱۷ھ
۲۰۹:-	مقامِ صحابہؓ	حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب (المتوفی ۱۳۹۶ ھ)	ادارة المعارف کراچی	
۲۱۰:-	مقدمہ ابن الصلاح	علامہ ابن الصلاح (المتوفی ۶۴۳ ھ)	دارالمعرفة بیروت	۱۴۰۶ھ
۲۱۱:-	مکمل اکمال المعلم مع اکمال اکمال المعلم	امام ابوعبداللہ محمد بن محمد السنوسی (المتوفی ۸۹۵ ھ)	دارالکتب العلمیة بیروت	
۲۱۲:-	الملل والنحل بهامش الفصل والملل	امام ابوالفتح محمد بن عبدالکریم الشهرستانی	مکتبة المحسن التجاریة	

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۲۱۳:-	مناسک لمُلّا علی القاری	حضرت مُلّا علی القاری (المتوفی ۱۰۱۴ھ)	ادارة القرآن کراچی	۱۴۱۷ھ
۲۱۴:-	منال الطالب فی شرح طول الغرائب	علامہ ابن الاثیر (المتوفی ۶۰۶ھ)	مطبعة المدنی مصر	
۲۱۵:-	المنهاج شرح صحیح مسلم المعروف بشرح النووی	علامہ نووی (المتوفی ۶۷۶ھ)	قدیمی کتب خانہ کراچی	۱۳۷۵ھ
۲۱۶:-	مؤطا امام مالک	امام مالک بن انس (المتوفی ۱۷۹ھ)	نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی	
۲۱۷:-	الموقظة	علامہ شمس الدین الذہبی (المتوفی ۷۴۸ھ)	دارالبشائر الاسلامیہ بیروت	۱۴۰۵ھ
	(ن)			
۲۱۸:-	النبراس	مولانا محمد عبدالعزیز پرہاروی	المکتبة الرضویة لاهور	۱۹۷۷ء
۲۱۹:-	النحو الوافی	عباس حسن	دار المعارف مصرف	۱۹۶۶ء
۲۲۰:-	نزهة الخواطر	شیخ عبدالحی بن فخرالدین (المتوفی ۱۳۴۱ھ)	طیب اکادمی ملتان	۱۴۱۲ھ
۲۲۱:-	النکت علی کتاب ابن الصلاح	حافظ ابن حجر العسقلانی (المتوفی ۸۵۲ھ)	المجلس العلمی احیاء التراث الاسلامی المدینة المنورة	۱۴۰۴ھ
۲۲۲:-	النهایة فی غریب الحدیث	علامہ ابن الاثیر (المتوفی ۶۰۶ھ)	مؤسسة مطبوعاتی عیلیان قم ایران	
۲۲۳:-	نور الانوار	مولانا حافظ احمد المعروف بمُلّا جیون (المتوفی ۱۱۳۰ھ)	مکتبہ امدادیہ ملتان	۱۳۵۹ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
		(و)		
۲۲۴:-	الوثائق السياسية	محمد ماهر حمادة	مؤسسة الرسالة بيروت	۱۴۰۶ھ
۲۲۵:-	وفيات الأعيان	ابو العباس ابن خلكان (المتوفی ۶۸۱ھ)	منشورات الشريف الرضی ايران	۱۳۰۴ھ
		(ھ)		
۲۲۶:-	هدی الساری مقدمه فتح الباری	علامه ابن حجر العسقلانی (المتوفی ۸۵۲ھ)	دارنشر الكتب الاسلاميه لاهور	۱۴۰۱ھ
		(ی)		
۲۲۷:-	اليواقيت والجواهر	امام عبدالوهاب الشعرانی	عباس بن عبدالسلام مصر	۱۳۵۱ھ

❁❁❁

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

درسِ مسلم

جلد دوم

حضرت مولانا مفتی محمود اشرف عثمانی صاحب مدظلہ

رئیس الجامعہ دارالعلوم کراچی

کی تقریر "صحیح مسلم"

تخریج وتعلیق

مولانا طاہر اقبال

مولانا فہیم اشرف رحیم یار خانی

ادارۃ المعارف کراچی ۱۴

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

درسِ مسلم

جلد دوم

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ
رئیس الجامعہ دارالعلوم کراچی

کی تقریر "صحیح مسلم"

تخریج و تعلیق

مولانا طاہر اقبال
مولانا فہیم اشرف رحیم یار خانی

ادارۃ المعارف کراچی ۱۴

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جملہ حقوقِ ملکیت بحق اِدارۃ المعارف کراچی ۱۴ محفوظ ہیں

جدید ترمیم واضافہ شدہ ایڈیشن

باہتمام : محمد مشتاق تنی

طبع جدید : جمادی الثانیہ ۱۴۳۵ھ - اپریل ۲۰۱۴ء

مطبع : شمس پرنٹنگ پریس کراچی

ناشر : اِدارۃ المعارف کراچی ۱۴

ملنے کے پتے:

اِدارۃ المعارف کراچی ۱۴

احاطہ جامعہ دارالعلوم کراچی، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی

فون: 021-35032020 ،021-35123161

موبائل: 0300 - 2831960

ای میل: imaarif@live.com

مکتبہ معارف القرآن کراچی ۱۴ — دارالاشاعت، اُردو بازار کراچی

ادارہ اسلامیات، انار کلی، لاہور

بیت الکتب، گلشن اقبال، کراچی — مکتبۃ القرآن، بنوری ٹاؤن، کراچی

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فہرستِ مضامین

عنوان	صفحہ نمبر
پیش لفظ	۹
دوسرا پیش لفظ	۱۲
عرضِ محشی	۱۴
کتاب البیوع	۱۷
موجودہ دور میں معاشی مسئلے کی دینی اہمیت	۱۷
مسئلة الاِقتصاد فی الإسلام	۲۰
پہلا اُصول	۲۰
دُوسرا اُصول	۲۱
تیسرا اُصول	۲۲
معاشی نظام کے ۴ بنیادی مسائل	۲۲
۱-ترجیحات	۲۲
۲-وسائل کا استعمال	۲۲
۳-تقسیمِ دولت	۲۳
۴-معاشی ترقی	۲۳
اِن مسائل کا حل نظامِ سرمایہ داری میں؟	۲۳
اِن مسائل کا حل نظامِ اشتراکیت میں؟	۲۴
نظریۂ اشتراکیت پر تنقید	۲۵
نظریۂ سرمایہ داری پر تنقید	۲۶
اسلام کا نظریۂ اقتصاد	۲۷
۱-دین کی مداخلت	۳۰
۲-حکومت کی مداخلت	۳۰
۳-اخلاق کی مداخلت	۳۰
(نوٹ)	۳۱
اَلْمُذَکَّراتُ المتعلقة بالبیوع	۳۲
باب إبطال بیع الملامسة والمنابذة	۳۳
باب بطلان بیع الحصاة والبیع الذی فیه غرر	۳۴
باب تحریم بیع حبل الحبلة	۳۶
باب تحریم بیع الرجل علی بیع أخیه وسومه علی سومه وتحریم النَّجش وتحریم التصریة	۳۷
باب تحریم تَلَقِّی الجَلَب	۴۰
متأخرینِ حنفیہ کا فتویٰ	۴۵
باب تحریم بیع الحاضر للبادی	۴۶
باب حکم بیع المصرّاة	۴۸
مذاہبِ فقہاء	۴۹
دلائل	۵۱
حدیثِ باب کا جواب	۵۵

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
باب بُطلان بَیع المَبِیع قَبلَ القَبض	۵۶
دلائل	۵۷
قبضے کے مختلف طریقے	۶۲
بیع المبیع قبل القبض فاسد ہے یا باطل؟	۶۳
سٹہ میں بیع المبیع قبل القبض بھی داخل ہے، یہ بھی گرانی اشیاء کا بڑا سبب ہے	۶۴
بیع الصکاک	۶۵
باب تحریم بَیع صُبرَۃِ التَّمر المَجهولَة القَدرِ بتَمرٍ	۶۶
باب ثبوت خیار المجلس للمتبایعین	۶۷
آیاتِ قرآنیہ یہ ہیں	۶۸
باب من یخدع فی البیوع	۷۴
خیارِ مَغبُون	۷۵
متأخرینِ حنفیہ کا فتویٰ	۷۸
خیارُ الشرط	۷۸
باب النهی عن بیع الثمار قبل بدو صلاحِها الخ	۸۰
باب تحریم بیع الرُّطَب بالتمر الا فی العَرایا	۸۷
مسئلة المُزابَنَة ورُخصة العَرایا	۸۹
باب من باع نخلًا علیها تمر	۹۵
بابُ النهی عن المُحَاقَلَة والمُزَابَنَة والمُخَابَرَة .... إلخ	۹۹
باب کراء الأرض	۱۰۱
کتاب المساقاة والمزارعة	۱۰۸
باب فضل الغرس والزرع	۱۱۲
باب وضع الجوائح	۱۱۳
باب استحباب الوضع من الدین	۱۱۷
باب من أدرك ما باعه عند المشتری وقد أفلس .... إلخ	۱۲۰
باب فضل انظار المعسر .... إلخ	۱۲۴
باب تحریم مطل الغنی وصحة الحوالة ....إلخ	۱۲۸
باب تحریم بیع فضل الماء الذی یکون بالفلاة .... إلخ	۱۳۰
المسئلة الأولی فی بیع الماء ومنعه عن الناس	۱۳۲
المسئلة الثانیة فی الکلاء	۱۳۳
المسئلة الثالثة ضراب الجمل	۱۳۴
باب تحریم ثمن الکلب .... إلخ	۱۳۵
دلائل الحنفیة	۱۳۷
مسئلة السنّور	۱۳۹
باب الأمر بقتل الکلاب وبیان نسخه	۱۴۰

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
باب حِلِّ أجرة الحِجامة	۱۴۱
باب تحريم بيع الخمر	۱۴۳
الکحل جو آج کل رائج ہے اس کا شرعی حکم	۱۴۴
مسئلة تخليل الخمر	۱۴۶
باب تحريم بيع الخمر والميتة والخنزير والأصنام	۱۴۹
باب الرِّبٰوا	۱۵۲
موجودہ زمانے کا ربا	۱۵۴
متجدّدین کے مزعومات	۱۵۴
پہلی دلیل کا ایک جواب	۱۵۵
تجارتی سود کا ظلم تو مہاجنی سود سے بھی زیادہ ہے	۱۵۵
سودی بنکاری کا طریقۂ واردات	۱۵۶
ارتکازِ دولت	۱۵۸
سودی بنکوں کا ایک اور کرتب!	۱۵۹
متجددین کی دوسری دلیل کے دو جواب	۱۶۱
شرح أحاديث الباب	۱۶۴
باب أخذ الحلال وترك الشبهات	۱۸۱
باب بيع البعير واستثناء ركوبه	۱۸۳
باب جواز اقتراض الحيوان ...الخ	۱۸۵
باب جواز بيع الحيوان بالحيوان من جنسه متفاضلًا	۱۹۰
باب الرهن	۱۹۱
باب السَّلَم	۱۹۱
باب تحريم الاحتكار في الأقوات	۱۹۶
باب النهي عن الحلف في البيع	۱۹۷
باب الشفعة	۱۹۷
باب غرز الخشب في جدار الجار	۲۰۰
باب تحريم الظلم وغصب الأرض وغيرها	۲۰۱
باب قدر الطريق اذا اختلفوا فيه	۲۰۳
كتاب الفرائض	۲۰۵
یتیم پوتے کی میراث	۲۰۹
منکرینِ حدیث کے اعتراضات اور ان کے کافی شافی جوابات	۲۰۹
كتاب الهبات	۲۱۹
باب كراهة شراء الانسان ما تصدق به مِمَّن تَصَدَّق عليه	۲۱۹
باب تحريم الرجوع في الصدقة بعد القبض إلا ما وهبه لولده وإن سفل	۲۲۰
باب كراهة تفضيل بعض الأولاد في الهبة	۲۲۴
باب العُمْرٰى	۲۲۹

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
كتاب الوصية	٢٣٢
باب وصول ثواب الصدقات الى الميّت	٢٣٧
باب ما يلحق الانسان من الثواب بعد وفاته	٢٣٩
باب الوقف	٢٣٩
باب ترك الوصية لمن ليس له شيء يوصى فيه	٢٤١
واقعة قرطاس	٢٤٤
جوابات	٢٤٥
كتاب النذر	٢٥٠
كتاب الأيمان	٢٦٣
باب النهي عن الحلف بغير الله تعالى.	٢٦٣
باب ندب من حلف يمينًا فراى غيرها خيرًا منها ...إلخ	٢٦٥
باب اليمين على نيّة المستحلف	٢٧٢
باب الإستثناء في اليمين وغيرها	٢٧٣
نوّے خواتین کے بارے میں سلیمان علیہ السلام کی قسم	٢٧٥
تفہیم القرآن کی عبارت	٢٧٦
سردیوں کی طویل ترین رات	٢٧٨
اس میں محالِ عقلی کی کونسی بات ہے؟	٢٧٩
''محالِ عادی'' کی حقیقت	٢٧٩
باب النهي عن الإصرار على اليمين .... إلخ	٢٨٠
باب نذر الكافر وما يفعل فيه إذا أسلم	٢٨١
باب صحبة المماليك	٢٨٣
باب جواز بيع المدبّر	٢٩٧
كتاب القسامة والمحاربين والقصاص والدّيات	٣٠١
باب القسامة	٣٠١
باب حكم المحاربين والمرتدّين	٣١٠
باب ثبوت القصاص في القتل بالحجر وغيرة ...إلخ	٣١٣
باب الصائل على نفس الانسان وعضوه .... الخ	٣١٨
باب اثبات القصاص في الاسنان وما في معناها	٣٢٠
باب ما يباح به دم المسلم	٣٢٢
باب بيان إثم مَن سنّ القتل	٣٢٣
باب المجازاة بالدماء في الآخرة ...الخ .	٣٢٥
باب تغليظ تحريم الدماء والاعراض والأموال	٣٢٥

www.besturdubooks.wordpress.com

عنوان	صفحہ نمبر
باب صحة الاقرار بالقتل .... الخ	۳۲۶
باب دية الجنين .... الخ	۳۲۹
كتاب الحدود	۳۳۵
باب حدّ السرقة ونصابها	۳۳۵
باب قطع السارق الشريف وغيره الخ	۳۳۸
باب حدّ الزنا	۳۳۹
سزائے رجم کا ثبوت	۳۴۲
کیا کوئی آیتِ رجم قرآن کا جزو ہو کر نازل ہوئی تھی؟	۳۴۲
علامہ ابن الہمامؒ کی تحقیق	۳۴۳
تفسیر معارف القرآن میں بھی یہی موقف اختیار کیا گیا ہے	۳۴۴
باب حد الخمر	۳۶۸
باب قدر أسواط التعزير	۳۷۶
باب الحدود كفارات لأهلها	۳۷۷
حاصلِ بحث	۳۸۰
باب جرح العجماء والمعدن والبير جُبار .	۳۸۱
كتاب الأقضية	۳۸۴
بابُ اليمين عَلَى المدعى عليه	۳۸۴
باب وجوب الحكم بشاهد ويمين	۳۸۴
باب بيان ان حكم الحاكم لا يغير الباطن	۳۸۶

عنوان	صفحہ نمبر
باب قضية هند	۳۹۰
باب النهى عن كثرة المسائل .... الخ	۳۹۲
باب بيان أجر الحاكم إذا اجتهد فأصاب أو أخطأ	۳۹۳
باب كراهة قضاء القاضى وهو غضبان	۳۹۴
باب نقض الأحكام الباطلة وردّ محدثات الأمور	۳۹۵
باب بيان خير الشهود	۳۹۷
باب إختلاف المجتهدين	۳۹۸
باب إستحباب إصلاح الحاكم بين الخصمين	۴۰۱
كتاب اللُّقَطَة	۴۰۳
باب تحريم حلب الماشية بغير اذن مالكها	۴۱۱
بابُ الضيافة ونحوها	۴۱۲
بابُ إستحباب المُواساةِ بفُضول المال	۴۱۷
بابُ إستحباب خَلْط الْأَزْوَاد إذا قَلّتْ، والمُوَاساةُ فيها	۴۱۷
كتاب الجهاد والسِّيَر	۴۲۱
بابُ تأمير الامام الأمراء .... إلخ	۴۲۱
بابُ الأنفال	۴۲۲
بابُ إستحقاق القاتل سَلَبَ القتيل	۴۲۳

(c) ketabton.com: The Digital Library

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنوان	صفحہ نمبر
باب التنفيل وفداء المسلمين بالأسارىٰ	۴۲۷
باب حكم الفيء	۴۲۸
باب كيفية قسمة الغنيمة بين الحاضرين	۴۳۰
باب الإمداد بالملائكة في غزوة بدر	۴۳۲
باب ربط الأسير وحبسه وجواز المنّ عليه	۴۳۴
باب جواز قتال من نقض العهد	۴۳۶
بابُ ما لقي النبي صلى الله عليه وسلم من أذّى المشركين .... إلخ	۴۳۷
بابُ غزوة ذي قِرَد وغيرها	۴۳۸
باب النساء الغازيات يرضخ لهن .... إلخ	۴۳۹
كتاب الإمارة	۴۴۱
باب الناس تبع لقريش والخلافة في قريش	۴۴۱
باب قوله صلى الله عليه وسلم: لا تزال طائفة من أمتي .... إلخ	۴۴۱
كتاب الصيد والذبائح وما يؤكل من .... إلخ	۴۴۳
باب الصيد بالكلاب المعلمة والرمي	۴۴۳
باب تحريم أكل كل ذي ناب من السباع	۴۴۵
باب إباحة أكل لحم الخيل	۴۴۵
باب إباحة الضب	۴۴۸
كتاب الأضاحي	۴۵۰
باب سِنّ الأضحية	۴۵۰
كتاب الأشربة	۴۵۱
باب تحريم الخمر وبيان أنها تكون من عصير العنب .... إلخ	۴۵۱
باب تحريم تخليل الخمر	۴۵۵
باب انّ جميع ما ينبذ ممّا يُتّخذ من النخل والعنب .... إلخ	۴۵۶
باب كراهة إنتباذ التمر والزبيب مخلوطين	۴۵۷
باب النهي عن الإنتباذ في المزفت .... إلخ	۴۵۸
باب بيان انّ كل مُسكر خمر .... إلخ	۴۵۹
كتابيات	۴۶۲

***

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پیش لفظ

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ

مفتیٔ اعظم پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

یہ محض اللہ تعالیٰ ہی کا فضل وکرم ہے کہ ناچیز جیسے ناکارہ کو جامعہ دارالعلوم کراچی میں تقریباً ۳۵ سال سے صحیح مسلم کی تدریس کی سعادت حاصل ہے، جب یہ درس احقر کے سپرد ہوا اس وقت صحیح مسلم کی کوئی مکمل شرح سوائے علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ کی شرح کے دستیاب نہیں تھی، دُوسری شرح شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی "فتح الملہم" ضرور موجود تھی جو بلاشبہ اس کتاب کی جامع ترین اور عظیم ترین شرح ہے، اور ناچیز "صحیح مسلم" جلد اوّل کے درس میں اُس سے خوب استفادہ کرتا رہا، مگر وہ نامکمل تھی اور اس میں "صحیح مسلم" کی جلد اوّل کی شرح بھی مکمل نہیں ہوسکی تھی، اس لئے ناچیز کو جلد ثانی کے درس کی تیاری کے لئے محنتِ شاقہ برداشت کرنی پڑتی تھی، روزانہ کے درس میں خصوصاً فقہی مسائل میں حنفیہ اور دُوسرے فقہاء کا موقف، ان کے دلائل، اور دلائل سے متعلق علمی اعتراضات وجوابات تک رسائی کے لئے بہت ساری کتابوں کا مطالعہ روز کرنا پڑتا تھا، جو مواد ان کتابوں سے حاصل ہوتا ناچیز اُس کا انتخاب اپنے درس میں بیان کرتا، اور درس میں یہ انداز اختیار کیا کہ ذی استعداد طلبہ اُسے بآسانی قلم بند کرسکیں۔

اس طرح پہلے ہی سال (۱۳۹۲ھ) میں درس کی یہ تقریر مولانا محمد عبدالغفار ارکانی صاحب نے قلم بند کی تھی، جو اُس وقت دارالعلوم کراچی کے دورۂ حدیث کے طلبہ میں ممتاز سمجھے جاتے تھے اور اب ماشاء اللہ پُرانے تجربہ کار عالمِ دین ہیں اور کراچی کے ایک بڑے تعلیمی ادارے میں ذمہ دارانہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حیثیت رکھتے ہیں۔ پھر اس تقریر کی ایک کاپی میرے پاس بھی رہی، اور تقریباً ہر سال ناچیز اپنے نئے مطالعے اور تازہ ترین علمی تقاضوں کے مطابق اس میں کچھ کمی بیشی اور ردّ و بدل بھی کرتا رہا۔ اس عرصے میں علمائے متقدمین کی لکھی ہوئی "صحیح مسلم" کی دُوسری شرحیں بھی طبع ہو کر دستیاب ہونے لگیں تو اُن سے بھی استفادے کا سلسلہ جاری رہا، یہاں تک کہ جب ۱۳ سال بعد برادرِ عزیز شیخ الاسلام مولانا محمد تقی عثمانی صاحب (حفظہ اللہ) نے "تکملة فتح الملهم" کی پہلی جلد مکمل کی تو ناچیز نے اپنی تقریرِ درس میں اس بے مثال شرح سے بھی کچھ یادداشتیں اپنی تقریرِ درس میں شامل کیں۔ تقریرِ درس میں حوالے کے طور پر جہاں جہاں لفظ "تکملة" لکھا گیا ہے، اُس سے یہی "تکملة فتح الملهم" مراد ہے۔

پھر ۱۴۱۵ھ میں دارالعلوم کراچی کے دورۂ حدیث میں بنگلہ دیش کے ایک اور ہونہار طالبِ علم مولوی محمد عبدالغفور سلّمہٗ نے اِن تمام ترمیمات اور اضافوں کے ساتھ تقریرِ درس کی صاف نقل تیار کی، اللہ تعالیٰ ان دونوں اہلِ علم کو جزائے خیر عطا فرمائے، اور ان کے علم و عمل اور عمر میں برکت عطا فرمائے۔

پچھلے کئی سال سے ایک ناشر ادارہ اس تقریرِ درس کو میری اجازت سے شائع کرتا رہا ہے، لیکن:

اوّلاً:- تو مجھ جیسے سیاہ کار و ناکارہ کا درس ہی کیا کہ اس کی طباعت سے قارئین کے فائدے کی توقع کی جاتی۔

ثانیاً:- یہ پورے درس کی تقریر نہیں، بلکہ درس کے صرف اُن حصوں کی تقریر ہے جن کو طلبہ نے بروقت قلم بند کر لیا تھا۔

ثالثاً:- طباعت سے پہلے اس تقریرِ درس پر جس علمی خدمت کی ضرورت تھی، وہ بھی نہ ہو سکی تھی، اس لئے اُس وقت اس کی طباعت و اشاعت قبل از وقت ہی معلوم ہوتی تھی، تاہم اُس ادارے کو اشاعت کی اجازت اس اُمید پر دے دی تھی کہ شاید اللہ تعالیٰ اس حالت میں بھی طلبہ کو اس سے کچھ فائدہ عطا فرما دے۔ چنانچہ پچھلے برسوں میں اس کے کئی ایڈیشن شائع ہوئے، جن کو کمپوزنگ کی سنگین اغلاط کے باوجود طلبہ اور اہلِ علم نے نہ صرف برداشت کیا بلکہ پذیرائی اور تحسین سے نوازا اور طلبہ کے لئے مفید قرار دیا، وللہ الحمد۔

اس وقت جو ایڈیشن "اِدَارَۃُ الْمَعَارِف کَرَاچی" کا شائع کردہ آپ کے ہاتھ میں ہے، یہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بحمد اللہ پچھلے ایڈیشنوں کی تصحیح شدہ شکل تو ہے ہی، ساتھ ہی اس ایڈیشن میں ایک بڑا کام یہ ہوا ہے کہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے ہونہار فاضل مولانا طاہر اقبال سلّمہٗ نے - جو اَب ماشاء اللہ جامعہ دارالعلوم کراچی میں اُستاذ بھی ہیں - ناچیز کے مشورے سے اس ''درسِ مسلم جلدِ ثانی'' پر مفید حاشیہ بڑی محنت سے تحریر کیا ہے، اوراس میں انہوں نے جامعہ دارالعلوم کراچی کے فاضل واُستاذ مولانا اعجاز احمد صمدانی صاحب اور جامعہ کے فاضل و متخصص مولانا فہیم اشرف رحیم یار خانی سلّمہٗ سے بھی تعاون حاصل کیا ہے۔ اس کی تفصیل آپ ''عرضِ محشّی'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں گے۔ اس مفید حاشیہ سے بحمد اللہ اُس علمی خدمت کی ضرورت بڑی حد تک پوری ہوگئی ہے جو طباعت سے پہلے ہونی چاہئے تھی۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام ابنائے جامعہ دارالعلوم کراچی کے علم وعمل اور عمروں میں برکت عطا فرمائے جن کی مخلصانہ کاوشوں کے نتیجے میں ''درسِ مسلم'' یہ کتابی شکل اختیار کرسکا، اور آئندہ آنے والے طلبہ کے لئے اسے زیادہ سے زیادہ نافع بنائے، اور ناچیز کے لئے بھی اسے ذخیرۂ آخرت بنادے، آمین۔ قارئین سے بھی اسی دُعا کی درخواست ہے، واللہُ المستعان۔

خادمِ طلبہ

محمد رفیع عثمانی عفا اللہ عنہ

جامعہ دارالعلوم کراچی

۲۳ رذی قعدہ ۱۴۲۶ھ

۲۶ ردسمبر ۲۰۰۵ء

***

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دوسرا پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

درسِ مسلم جلد ثانی کا "ادارۃ المعارف کراچی" سے شائع کردہ پہلا ایڈیشن اب سے تقریباً چھ سال پہلے شائع ہوا تھا جس کا پیش لفظ آپ پیچھے پڑھ چکے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس چھ سال کے عرصے میں بھی بندۂ ناچیز کو صحیح مسلم کی تدریس کی سعادت حاصل رہی اس طرح ابتک بحمد اللہ تقریباً اکتالیس سال صحیح مسلم کی تدریس کو ہو چکے ہیں۔ اساتذہ کرام اور بزرگوں کی دعاؤں سے یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہی ہے کہ مجھ جیسے بے بضاعت کو یہ سعادت کسی استحقاق کے بغیر عطا فرما رکھی ہے۔

اس آخری چھ سال کے عرصے میں بھی "ادارۃ المعارف کراچی" سے درسِ مسلم کے کئی ایڈیشن شائع ہوئے اور ہر سال درسِ مسلم کی جلد اوّل وثانی میں بحمد اللہ مفید ترامیم اور اہم اضافوں کی نوبت آتی رہی۔ اس طرح ہر نئے ایڈیشن کی ضخامت میں بھی اضافہ ہوتا رہا۔

چونکہ صحیح بخاری جلد اوّل کے ابتدائی حصوں کی تدریسی ذمہ داری بھی بندۂ ناچیز پر آ گئی ہے جو بجائے خود ایک عظیم سعادت ہے، لیکن انتہائی نازک بھی ہے اور محنت طلب بھی، ادھر جسمانی عوارض کے ساتھ ساتھ وطنِ عزیز کی حالت بھی دگرگون ہے جس نے ہر حساس پاکستانی کی طرح بندۂ ناچیز کو بھی بُری طرح متاثر کیا ہے، دماغی وجسمانی توانائی کا خاصہ بڑا حصہ اس میں خرچ ہو رہا ہے، اور وقت کا تیزی سے پگھلتا ہوا سرمایہ بھی اس کی نذر ہو رہا ہے، اِن حالات میں چند سال سے صحیح مسلم کے کچھ حصے جامعہ کے متبحر تجربہ کار اور اہل علم وفضل اساتذۂ کرام کی طرف منتقل کر دیئے گئے ہیں۔

اور اب بندۂ ناچیز کے پاس صحیح مسلم کا درس، جلد اوّل میں کتاب الایمان کے ختم تک، اور

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جلد ثانی کا کتاب اللقطہ کے ختم تک باقی رہ گیا ہے، اس لئے کتاب درس مسلم کی دونوں جلدوں کے نئے ایڈیشنوں میں ترمیم واضافہ بھی زیادہ تر انہی حصوں میں ہوا ہے۔ آئندہ بھی جب تک صحیح مسلم کی تدریس کی سعادت بندے کے مقدر میں ہے، شاید ترمیم واضافوں کا یہ سلسلہ بھی کچھ نہ کچھ جاری رہے۔ واللہ المستعان وعلیہ التکلان۔

خادمِ طلبہ
محمد رفیع عثمانی عفا اللہ عنہ
جامعہ دار العلوم کراچی

۱۷ر جمادی الثانیہ ۱۴۳۲ھ
۲۰ر مئی ۲۰۱۱ء

***

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عرضِ محشّی

الحمد لله رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا ونبینا محمد
وعلیٰ آلہٖ واصحابہ اجمعین وعلیٰ کل من تبعھم باحسان
الیٰ یوم الدین، امّا بعْدُ:-

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے اس تہی دامنِ علم وعمل کو مفتیٔ اعظم پاکستان اُستاذنا المکرّم حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم کی تقریر'' درسِ مسلم'' جلدِ ثانی کی تخریج وتعلیق کی عظیم سعادت سے نوازا۔ اگرچہ اس کام کے لئے حضرت مدظلہم کے ہونہار شاگردوں کی کمی نہ تھی مگر الحمدللہ درسِ مسلم جلدِ اوّل کی تخریج وتعلیق کا کام مکمل ہونے کے بعد حضرت مدظلہم نے نہایت شفقت فرماتے ہوئے جلدِ ثانی کی تخریج وتعلیق کا کام بندہ کو سونپا اور الحمدللہ حضرتِ والا مدظلہم کی شفقتوں اور دُعاؤں کی برکت سے تقریباً ایک سال کی مدّت میں یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

یہ تقریر'' درسِ مسلم'' ہمارے اُستاذِ محترم مدظلہم کے سیکڑوں کتابوں کے مطالعے کا نچوڑ ہے، اس لئے اس کی مکمل تخریج وتعلیق تو احقر جیسے تہی دامنِ علم کے لئے ممکن ہی نہیں تھی، لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے، حضرت مدظلہم اور دیگر حضراتِ اساتذۂ کرام کی دُعاؤں کی برکت سے یہ کام کرنے کی توفیق نصیب ہوئی۔

بندہ نے'' درسِ مسلم'' جلدِ ثانی کی تخریج سے پہلے حضرت مدظلہم کی خدمت میں یہ درخواست پیش کی کہ اگر اس'' درسِ مسلم'' میں صحیح مسلم کے متعلقہ ابواب میں سے ہر باب کی پہلی حدیث یا باب کی وہ حدیث جس پر حضرت مدظلہم نے بحث فرمائی ہے، باب کے شروع میں لکھ دی جائے تو اُمید ہے کہ یہ طریقہ طلبہ واہلِ علم کے لئے زیادہ آسانی کا باعث ہوگا۔ حضرت مدظلہم نے نہ صرف اس درخواست کو قبول فرمایا بلکہ اس سلسلے میں مزید کئی مفید مشورے ارشاد فرما کر بندہ کی راہنمائی فرمائی۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

چنانچہ حضرت مدظلہم کے مشوروں کی روشنی میں ''درسِ مسلم'' جلدِ ثانی میں احادیثِ مبارکہ لکھنے کے سلسلے میں جن اُمور کا لحاظ رکھا گیا ہے وہ یہ ہیں:-

۱- جس باب کی کسی حدیث کے کسی بھی حصے پر حضرت مدظلہم نے کلام فرمایا ہے اس کی پوری سند اور پورے متن کو اعراب کے ساتھ نقل کر دیا گیا ہے اور وہ حدیث جس صفحے اور سطر سے شروع ہو رہی ہے اس کا حوالہ بھی درج کر دیا ہے، اور پھر اس حدیث کے جس جس لفظ پر حضرت مدظلہم نے کلام فرمایا ہے اس کو علیحدہ لکھ کر خط ڈال دیا گیا ہے اور اس کے ساتھ بھی صفحہ نمبر اور سطر نمبر کا حوالہ درج کر دیا ہے تاکہ قارئین کو استفادے میں سہولت ہو، البتہ تکرارِ الفاظ کی وجہ سے بعض احادیث کے نقل کرنے میں اِختصار سے بھی کام لیا گیا ہے۔

۲- صفحہ نمبر اور سطر نمبر لکھنے میں قدیمی کتب خانہ کراچی کے نسخے کا اعتبار کیا گیا ہے جو کہ ہمارے مدارس میں متداول ہے۔ نیز اس نسخے میں احادیث کا متن ''قدیمی کتب خانہ کراچی'' کے مطبوعہ نسخے کے مطابق نقل کیا گیا ہے، البتہ چند مواقع پر اس نسخے کے مقابلے میں ''داراحیاء التراث العربی، بیروت'' کا مطبوعہ نسخہ زیادہ صحیح تھا، اس لئے ان مواقع میں حضرتِ اقدس مدظلہم کے مشورے سے ''داراحیاء التراث العربی، بیروت'' کے نسخے کو پیشِ نظر رکھا گیا۔

۳- حضرت مدظلہم کے حکم اور شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہم کے مشورے کے مطابق ''درسِ مسلم'' (جلدِ ثانی) میں نقل کی گئی احادیث پر ''رقم الحدیث'' بھی لکھ دیئے گئے ہیں، یہ رقم الحدیث "فتح الملهم" اور "تكملة فتح الملهم" کے ساتھ چھپنے والے ''صحیح مسلم'' کے اس نسخے کے مطابق ہیں جو داراحیاء التراث العربی بیروت سے ۱۴۲۶ھ میں شائع ہوا ہے۔

علاوہ ازیں ''درسِ مسلم'' کی تخریج وتعلیق میں جن اُمور کا لحاظ رکھنے کی کوشش کی گئی ہے، ان میں سے چند یہ ہیں:-

۱- جو حواشی حضرت مدظلہم نے اَز خود تحریر فرمائے ہیں ان کے آخر میں لفظ "من الأستاذ مدظلهم" درج کر دیا گیا ہے، یا خود حضرت مدظلہم ہی نے ''رفیع'' یا ''رف'' لکھ دیا ہے، اور اُن حواشی میں جن کتابوں کا حوالہ دیا گیا ہے ان کتب کی مراجعت کر کے تخریج بھی کر دی گئی ہے، اور بعض جگہ مزید حوالہ جات بھی درج کئے گئے ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲- حاشیہ میں اختصار کو خصوصی طور پر پیشِ نظر رکھا گیا ہے تا کہ کتاب کی ضخامت زیادہ نہ بڑھ جائے۔

۳- مذاہبِ فقہاء کے حوالوں کے لئے عمدۃ القاری، شرح صحیح مسلم للنوویؒ، اوجز المسالک اور تکملة فتح الملهم کی مراجعت کی گئی اور کہیں کہیں ضرورت پڑنے پر مذاہبِ اربعہ کی مستند و معتبر کتب کی مراجعت کر کے ان کے حوالہ جات بھی درج کئے گئے ہیں۔

اس جلدِ ثانی کی تخریج کے سلسلے میں حضرت مدظلہم نے اپنے انتہائی قیمتی اوقات میں سے وقت نکال کر موقع بموقع بندہ کی رہنمائی فرمائی، اور اس سلسلے میں بندہ کے ہم درس مولانا فہیم اشرف صاحب رحیم یارخانی (فاضل و متخصص جامعہ ہذا) نے اوّل تا آخر بندہ کے ساتھ مکمل تعاون فرمایا، نیز جامعہ کے اُستاذ مولانا اعجاز احمد صمدانی صاحب مدظلہٗ نے اس حاشیہ پر نظرِ ثانی فرمائی اور اپنے قیمتی مشوروں سے بندہ کی راہنمائی فرمائی، اس کے علاوہ بھی بعض احباب نے بندہ کے ساتھ اس سلسلے میں تعاون فرمایا، فجزاهم الله أحسن الجزاء في الدارين۔

اللہ تعالیٰ اس حقیر کاوش کو شرفِ قبول سے نوازے اور طلبہ و اہلِ علم کے لئے نافع بنا کر بندہ، بندے کے اساتذۂ کرام اور والدین کے لئے ذخیرۂ آخرت بنادے، آمین۔

وصلى الله تعالىٰ على سيّدنا ومولانا محمد وعلىٰ آله وأصحابه وأزواجه وأتباعه أجمعين۔

بندہ طاہر اقبال غفر اللہ لہٗ

ليلة الجمعة ۲۵ رشعبان ۱۴۲۶ھ

***

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب البیوع

یہاں سے کتاب صحیح مسلم میں وہ اہم احادیث شروع ہو رہی ہیں جن میں اسلام کے اقتصادی و معاشی نظام کے بنیادی اُصول اور ان کے تحت کچھ فروعی مسائل کا بیان آئے گا۔

دُنیا اس وقت دو معاشی نظاموں سے واقف ہے، ایک نظام سرمایہ داری جو تقریباً دو صدیوں سے رائج چلا آرہا ہے، دُوسرا نظام اشتراکیت (سوشلزم) جس کا راج دُنیا کے تقریباً نصف حصے پر ۱۹۱۷ء سے شروع ہوا، اور ۷۲ سال کے تلخ تجربات کے بعد ۱۹۹۱ء میں جہادِ افغانستان کے نتیجے میں اس کا عبرتناک خاتمہ ہوگیا۔

نظامِ سرمایہ داری اور نظامِ اشتراکیت اگرچہ دونوں باہم متعارض اور ایک دُوسرے کی ضد ہیں، لیکن دونوں کی بنیاد ''مادّی فلسفے'' (Materialism) پر ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ دُنیا کی زندگی کے بعد آخرت میں کوئی زندگی ہمیں ملنے والی نہیں ہے، لہٰذا دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ انسان کا سب سے بنیادی اور اہم ترین مسئلہ ''معیشت کا مسئلہ'' ہے، اور اسی مسئلے کو بہتر طریقے سے حل کرنا انسان کا مقصودِ زندگی ہے، اور اس مسئلے کا دین و مذہب سے کوئی تعلق نہیں۔

موجودہ دور میں معاشی مسئلے کی دینی اہمیت

پچھلی (بیسویں) صدی نظامِ سرمایہ داری اور نظامِ اشتراکیت (سوشلزم) کے درمیان طویل و شدید کشمکش کی صدی تھی، تقریباً پون صدی اس حالت میں گزری کہ تقریباً آدھی دُنیا نظامِ سرمایہ داری کے مکّارانہ جال میں پھنسی رہی، اور باقی نصف دُنیا سوشلزم کے شکنجے میں کراہتی رہی، یہاں تک کہ جہادِ افغانستان نے رُوس کی سپر طاقت کو شکست دے کر ۱۹۹۱ء میں ''سوویت یونین'' کا نام ونشان دُنیا کے نقشے سے مٹادیا، اور سوشلزم کے تابوت میں آخری کیل ٹھونک دی۔

سوشلزم جو نظامِ سرمایہ داری کے مظالم سے غریبوں کو نجات دِلانے کا دعویٰ لے کر میدان میں آیا تھا، وہ خود ایک انتہائی ظالمانہ ہونے کے ساتھ ساتھ احمقانہ نظام بھی ثابت ہوا، اور اپنے منطقی

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

انجام کو پہنچ گیا، مگر اس کے خاتمے سے جو خلاء دُنیا میں پیدا ہوا، ضرورت اس کی تھی کہ عالمِ اسلام اس کو اسلام کے عادلانہ، معتدل، متوازن اور فطری نظام سے پُر کرتا، مگر افسوس کہ مسلم ممالک کے حکمرانوں کی خوابِ غفلت سے فائدہ اُٹھا کر اس خلاء کو سرمایہ دارانہ ممالک نے پُر کرنے کی جو منصوبہ بندی پہلے سے کر رکھی تھی، اس پر تیزی سے عمل شروع ہوا، اور اب پھر نظامِ سرمایہ داری ہی تقریباً پوری دُنیا پر اپنے مکر وفریب کا جال تیزی سے کستا جارہا ہے، اس طرح دُنیا گھوم پھر کر پھر اسی مقام پر آ کھڑی ہوئی ہے جہاں سوشلزم سے پہلے کھڑی تھی۔

نظامِ سرمایہ داری کی خرابی ''نجی ملکیت'' میں نہیں، جسے ڈھانے کے لئے سوشلزم وجود میں آیا تھا، بلکہ ''نجی ملکیت'' کی خالص مادّیت پر مبنی اُس غیر محدود آزادی میں ہے جس نے ''حلال وحرام'' کا فرق مٹا کر معاشی آزادی کے سارے میدان سرمایہ داروں کے لئے خاص کر دیئے ہیں، بازار و تجارت اور پورے نظامِ معیشت پر ان کی اجارہ داری (Monopoly) قائم کر کے وسائلِ معاش پر پہرے بٹھا دیئے ہیں، اور عوام کو انہی کی نوکری چاکری، یا بے روزگاری پر مجبور کر کے ان پر مہنگائی کا ہمزاد مسلط کیا ہوا ہے۔

بازار و تجارت کی اور ذرائعِ معاش کی آزادی کو عوام سے سود و قمار، سٹے، خودغرضانہ آڑھت، اور ذخیرہ اندوزی کے چور دروازوں کے ذریعے کس کس طرح سلب کیا گیا؟ اور عوام پر رزقِ حلال کے دروازے جو اسلام نے ان پر چوپٹ کھول رکھے تھے، کن کن حربوں سے بند یا تنگ کئے گئے؟ یہ سب کچھ موجودہ دور کے علمائے کرام اور مسلم ماہرینِ معاشیات نے خوب کھول کھول کر بتا دیا ہے، اور اب اُردو، عربی اور انگریزی زبانوں میں اس پر کافی لٹریچر موجود ہے، جس میں وہ عملی منصوبے بھی برسوں کی کاوش کے نتیجے میں پیش کر دیئے گئے ہیں جن کے تحت بینکنگ اور انشورنس کے پورے نظام کو سود و قمار کے ظالمانہ ہتھکنڈوں کے بغیر چلا کر ''تقسیمِ دولت'' (Distribution of Wealth) کے نظام میں توازن پیدا کیا جا سکتا ہے، اور رفتہ رفتہ اسلام کا وہ عادلانہ فطری نظام عملی طور پر سامنے لایا جا سکتا ہے جو ''اِرتکازِ دولت'' کا ہر چور دروازہ بند کرتا ہے، ''طلب ورسد'' (Demand And Supply) پر سرمایہ داروں کی عائد کردہ پابندیوں کا خاتمہ کر کے ایک خوش حال معاشرہ وجود میں لاتا ہے، اور انسانوں کو انسانوں کے سامنے جھکنے سے نجات دِلا کر انسانیت کو عمومی خوش حالی، حقیقی انصاف، چین وسکون اور عزّت وتحفظ فراہم کرتا ہے۔

بحمداللہ اس میدان میں ٹھوس علمی کام سب سے پہلے پاکستان کی ''اسلامی نظریاتی کونسل''

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نے ۱۹۸۰ء کی دہائی میں شروع کیا، اور سود سے پاک بینکاری کے بارہ طریقے تجویز کئے، اس کام میں ماہرینِ معاشیات، ماہرینِ بینکاری، ماہرینِ تجارت، ماہرینِ قانون اور ماہرینِ شریعت علمائے کرام شب و روز شریک رہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل کی یہ رپورٹ پورے عالمِ اسلام کے لئے مشعلِ راہ بنی، اور دُوسرے اسلامی ممالک نے اس کی بنیاد پر اسلامی معاشیات اور اسلامی بینکاری کے کام کو آگے بڑھایا۔

بحمد اللہ اس وقت دُنیا بھر کے تقریباً دو سو مالیاتی ادارے بلاسود بینکاری کا نظام جزوی طور پر چلا رہے ہیں۔ پاکستان کی سپریم کورٹ کی ''شریعت اپیلٹ بنچ'' نے اپنے ایک تاریخ ساز فیصلے میں جو گیارہ سو صفحات پر مشتمل تھا، سودی لین دین کو غیر اسلامی قرار دے کر جون ۲۰۰۱ء سے کالعدم قرار دے دیا، مگر افسوس کہ پاکستان کی فوجی حکومت نے طرح طرح کے رُسوا کن ہتھکنڈے استعمال کر کے اس فیصلے پر عمل درآمد کو رُکوا دیا، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

ان حالات میں ''اسلامی معاشیات'' کے موضوع کی اہمیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے، دینی مدارس کے طلبہ کا فرضِ منصبی ہے کہ وہ اس موضوع پر اپنی علمی کاوش و تحقیق کو خاص طور پر مرکوز کریں، اور جدید ترین معاشی مسائل کی گہری فہم حاصل کر کے ان کا قابلِ عمل اسلامی حل عوام کے سامنے لاتے رہیں، معاشی میدان میں نت نئے مسائل آج بھی پیدا ہو رہے ہیں، ان پر گہری نظر رکھنا اور ان کے بارے میں مسلمانوں کو شرعی اَحکام سے باخبر کرتے رہنا علمائے وقت کا فرضِ منصبی ہے۔

صحیح مسلم کی کتاب البیوع سے اسلام کے جن معاشی اُصول اور تعلیمات کا بیان شروع ہو رہا ہے، ان کا موازنہ موجودہ سرمایہ داری نظام سے کیا جائے تاکہ نظامِ سرمایہ داری کی خرابیوں اور ان کے مقابلے میں اسلامی تعلیمات کی خوبیوں کو سمجھا جاسکے۔

اسی مقصد کے لئے کتاب البیوع کی احادیث شروع کرنے سے پہلے اسلامی اقتصادیات، نظامِ سرمایہ داری اور نظامِ اشتراکیت کا ایک تقابلی تعارف اُصولی طور پر آپ کے سامنے اگلے اسباق میں لایا جائے گا۔ ان شاء اللہ، جس کا بیشتر مواد ہمارے والدِ ماجد رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''اسلام کا نظامِ تقسیمِ دولت'' اور برادرِ عزیز مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کی کتاب "تکملة فتح الملهم" جلد اوّل، کتاب البیوع کے مقدمے سے مأخوذ ہوگا۔

واللہ المستعان وهو الموفق

❋❋❋

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مسئلة الإقتصاد فی الإسلام

پہلا اُصول:

اسلام رہبانیت اور ترکِ دُنیا کی نفی کرتا ہے،[۱] اقتصادی میدان میں محنت وکوشش اور ترقی کو مباح بلکہ مستحسن اور ایک حد تک فرض وواجب قرار دیتا ہے، برخلاف مذہبِ نصرانیت کے، کہ وہ ترکِ دُنیا کا اور رہبانیت کا قائل ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "طلب کسب الحلال فریضة بعد الفریضة"۔[۲] قرآن وسنت میں اس کی اور بھی بہت سی نصوص ہیں، لیکن اسلام اقتصادیات اور معاشی ترقی کو حیاتِ انسانی کا مقصود قرار نہیں دیتا، برخلاف مادّی نظریہ (سرمایہ داری و اشتراکیت) کے، کہ وہ معاشی ترقی کو انسان کا بنیادی مقصود قرار دیتا ہے۔

اسلام ایک طرف تو مال کو "الخیر"،[۳] اور کسبِ معاش کو "ابتغاء فضل اللہ"،[۴] اور رہائش گاہ کو "سکن"،[۵] اور غذاء کو "الطیبات من الرزق"[۶] کہتا ہے، لیکن دُوسری طرف وہ دُنیا کو "مَتَاعُ الْغُرُوْر"[۷] بھی کہتا ہے، وجہ یہ ہے کہ اسلام معاش واقتصادیات کو مقصود کی بجائے ذریعہ قرار دے کر

---

(۱) جیسا کہ ایک حدیث میں ہے: "لا رھبانیة فی الاسلام" کشف الخفاء ج:۲ ص:۵۱۰، وتفسیر معارف القرآن سورة الحدید ج:۸ ص:۳۲۹۔

(۲) مشکوٰة المصابیح، باب الکسب وطلب الحلال، الفصل الثالث ص:۲۴۲، رقم الحدیث: ۲۷۸۱۔

(۳) جیسا کہ سورۂ بقرہ آیت نمبر ۲۷۲ میں ہے: "وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ" (الی قولہ) وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ" الآیۃ، اس کے علاوہ بھی متعدد آیاتِ قرآنیہ میں مال کو "الخیر" سے تعبیر فرمایا گیا ہے۔

(۴) جیسا کہ سورة الجمعة آیت نمبر ۱۰ میں ہے: "فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ"، اس کے علاوہ بھی کئی آیات میں کسبِ معاش کو "ابتغاء فضل اللہ" قرار دیا گیا ہے۔

(۵) سورۃ النحل آیت نمبر ۸۰ میں ہے: "وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا" الآیۃ۔

(۶) سورۃ البقرۃ آیت نمبر ۱۷۲ میں ہے: "يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ" الآیۃ۔

(۷) سورۃ آلِ عمران آیت نمبر ۱۸۵ میں ہے: "وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ"۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فلاحِ آخرت کومقصود ٹھہراتا ہے، پس جب تک معاش اور دُنیاوی ساز وسامان اور کاروبار کو شرعی حدود میں رہ کر استعمال کیا جائے اور آخرت کی فلاح کے لئے کام میں لایا جائے، یہ "فضل اللہ" اور "الخیر" ہے، اور جب اسی ساز وسامان اور کاروبار کو مقصودِ اصلی قرار دے دیا جائے تو یہ "مَتَاعُ الْغُرُوْر" بن جاتا ہے۔

قال اللہ تعالیٰ:-

وَابْتَغِ فِيمَا آتَاكَ اللَّهُ الدَّارَ الْآخِرَةَ وَلَا تَنسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا۔ الآیۃ۔ (۱)

دُوسرا اُصول:

اسلام کے نقطۂ نظر سے مال ودولت کا مالکِ حقیقی اللہ تعالیٰ ہے، جس نے یہ اپنے فضل وکرم سے بندوں کو عطا فرمایا ہے۔

قال اللہ تعالیٰ:-

الف:- وَآتُوهُم مِّن مَّالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ ۔ (۲)

ب:- أَأَنتُمْ تَزْرَعُونَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُونَ ﴿۶۴﴾ ۔ (۳)

ج:- أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُم مِّمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا أَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ ﴿۷۱﴾ ۔ (۴)

چونکہ مالکِ حقیقی اللہ تعالیٰ ہے، اس لئے وہ انسان کو مال ودولت کی ملکیت اپنے مقرر کردہ اُصولوں اور شرعی ضابطوں میں محدود کر کے دیتا ہے، حصولِ ملکیت کے بھی خاص قواعد اور شرائط مقرر کیے ہیں اور مال خرچ کرنے کے بھی خاص اَحکام دیئے ہیں، انسان پر لازم ہے کہ وہ ان شرائط کا پابند رہے۔ قال اللہ تعالیٰ:-

وَابْتَغِ فِيمَا آتَاكَ اللَّهُ الدَّارَ الْآخِرَةَ وَلَا تَنسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَأَحْسِن كَمَا أَحْسَنَ اللَّهُ إِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ ۔ (۵)

یہ پہلا اور دُوسرا اُصول اسلامی نظامِ معاش کو مادّی معیشت (نظامِ سرمایہ داری اور نظامِ اشتراکیت) سے واضح طور پر ممتاز کرتا ہے، کیونکہ اس معاملے میں ان کا نظریہ وہ ہے جسے قرآنِ کریم نے قومِ شعیب کا ذکر کر کے اس کی مذمت کی ہے:-

---

(۱) القصص:۷۷۔ (۲) النُّور:۳۳۔ (۳) الواقعۃ:۶۴۔
(۴) یٰسٓ:۷۱۔ (۵) القصص:۷۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

أَصَلٰوتُكَ تَأْمُرُكَ أَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ أَوْ أَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ أَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ۔[1]

قومِ شعیب کے زعم ''أَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ أَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا'' کی مذمت کر کے نظامِ سرمایہ داری کی بنیاد منہدم کی گئی ہے جو اِنفرادی ملکیت کو ہر قسم کی قید اور پابندی سے آزاد اور بے لگام کر دیتا ہے، اور ''وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ'' اور ''وَاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ'' فرما کر نظامِ اشتراکیت کی جڑ کاٹ دی گئی ہے جو اِنفرادی ملکیت ہی کے سرے سے منکر ہے۔[2]

تیسرا اُصول:

مادّی نظریۂ معاشیات جس میں سرمایہ داری نظام اور اشتراکیت دونوں شامل ہیں اسلام کے مذکورہ بالا دونوں اُصولوں کا انکار کرتا ہے، پھر ان دونوں نظاموں میں بنیادی اختلاف یہ ہے کہ نظامِ سرمایہ داری انفرادی ملکیت کو ہر قید اور پابندی سے آزاد اور بے لگام رکھتا ہے، جبکہ نظامِ اشتراکیت انفرادی ملکیت ہی کا دُشمن ہے، خصوصاً وسائلِ پیداوار کی انفرادی ملکیت کا، اور اسلام کا نظامِ معیشت اِن دونوں نظاموں کی اِفراط وتفریط اور اِنتہاء پسندی کے درمیان راہِ اِعتدال ہے، یہ انفرادی ملکیت کا اعتراف اور احترام کرتا ہے، لیکن اس کو بالکل آزاد اور بے لگام نہیں چھوڑتا، اور فساد فی الارض پھیلانے کی اجازت نہیں دیتا۔

معاشی نظام کے ۴ بنیادی مسائل

اقتصادی نظام کو بہتر اور کامیاب طریقے سے چلانے کے لئے ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل بنیادی معاشی مسائل کا بہتر سے بہتر حل اختیار کیا جائے، جو نظام ان چار مسائل سے کامیابی کے ساتھ عہدہ برآ ہو جائے وہ نظام کامیاب ہے، اور جو ان کو بہتر طریقے سے حل نہ کر سکے وہ ناکام۔

۱- ترجیحات:

جن اشیاء کی پیداوار ملک وقوم کے لئے زیادہ نافع یا ضروری ہے، ان کی پیداوار کو دُوسری پیداوار پر حسبِ ضرورت ومصلحت ترجیح دینا۔

---

(۱) ہود: ۸۷۔

(۲) تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: معارف القرآن ج:۶ ص:۶۱۵، ۶۱۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲-وسائل کا استعمال:

ترجیحی پیداوار کے لئے جو وسائل حاصل ہو سکتے ہیں، ان وسائل کو مطلوبہ پیداوار کے لئے بقدرِ ضرورت و مصلحت استعمال کرنا۔

۳-تقسیمِ دولت:

معاشرے کے افراد میں ملکی دولت کو احسن طریقے سے منصفانہ تقسیم کرنا اور اس کے لئے مناسب اُصول اور معیار مقرّر کرنا۔

۴-معاشی ترقی:

وسائل اور پیداوار میں اضافے، تنوع اور ایجادات کے لئے کوشش اور ان کی حوصلہ افزائی کے طریقے اختیار کرنا۔

اِن مسائل کا حل نظامِ سرمایہ داری میں؟

ان مسائل کا حل نظامِ سرمایہ داری نے یہ تجویز کیا ہے کہ معاشی کاروبار کی بنیادی قوتیں جن پر سارا نظامِ معاش گھومتا ہے، دو ہیں ۱:-رَسدؔ، ۲:-طلب، اگر انفرادی ملکیت اور کاروبار مکمل طور پر آزاد ہو، اور افراد پر کسی قسم کی قدغن نہ ہو، تو وہ اپنے نفع کی خاطر معاشیات کے مذکورہ بالا چاروں مسائل کو رَسد و طلب میں توازن کے ذریعے حل کر سکتے ہیں، طلب کی قوت ہر فرد کو اسی کاروبار اور محنت پر مائل کرے گی جس کی ملک میں ضرورت ہوگی، اس سے رَسد اور طلب میں توازن پیدا ہوگا اور اس توازن سے یہ چاروں مسائل اس طرح حل ہوں گے کہ:-

۱-ہر شخص اسی کام اور کاروبار کو ترجیح دے گا جس کی مانگ، طلب اور ضرورت بازار اور معاشرے میں پائی جائے گی۔

۲-اور اپنے اِمکان اور قدرت کی حد تک اتنے ہی وسائل اس کام اور کاروبار میں لگائے گا جتنے کی واقعی ضرورت ہوگی، ورنہ خود اس کا نقصان ہوگا۔

۳-تقسیمِ دولت کا مسئلہ بھی اس طرح خود بخود حل ہو جائے گا کہ کاروبار کے لئے جو ملازمین اور اجیر لئے جائیں گے، ان کی رَسد اور طلب کے تقاضے خود ان کی اُجرتوں کا معیار طے کریں گے اور

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اشیاء کی قیمتیں مقرّر کریں گے، اس طرح دولت معاشرے کے افراد میں اعتدال و توازن اور انصاف کے ساتھ تقسیم ہوگی۔

۴- معاشی ترقی کا مسئلہ بھی اس طرح طے ہوگا کہ ہر شخص نئے سے نیا کاروبار اور بہتر سے بہتر اشیاء ایجاد کرنے اور بنانے کی کوشش کرے گا، تاکہ اسے زیادہ سے زیادہ نفع ہو، اور اس کا کاروبار دُوسروں پر سبقت لے جائے، اس سے پوری قوم اور ملک کو تیز رفتار ترقی حاصل ہوگی، لہٰذا انفرادی ملکیت اور کاروبار کو ہر قید سے آزاد ہونا چاہئے، تحصیلِ ملکیت میں بھی، کاروبار کے انتخاب میں بھی، اور تحصیلِ منافع میں بھی۔

اِن مسائل کا حل نظامِ اشتراکیت میں؟

اشتراکیت کا نظریہ، نظامِ سرمایہ داری کے برعکس یہ ہے کہ:-

۱- اقتصادی نظام کو رَسد و طلب کے سپرد نہیں کیا جاسکتا، رَسد و طلب اندھی بہری قوتیں ہیں، ان کو عقل و فہم نہیں، ایسی قوتوں کے سپرد پورے نظامِ اقتصاد کو کیسے کیا جاسکتا ہے؟ اقتصادی نظام میں توازُن محض رَسد و طلب کی بنیاد پر نہیں ہوسکتا، کیونکہ ان قوتوں کے ہاتھ میں بجلی کا سوئچ نہیں ہے کہ اس کے دبانے سے پیداوار کا عمل دفعۃً رُک جائے یا دفعۃً شروع ہوجائے، بلکہ پیداواری عمل طویل وقت لیتا ہے، اگر اچانک کسی چیز کی طلب کسی بناء پر بڑھ گئی، تو پیداوار اس طلب کے مطابق فوراً حاصل نہیں ہوسکتی، بلکہ وقت لگے گا، اور اس دوران اقتصادی وسائل غیر ضروری مدّات میں ضائع ہوجائیں گے، اور اگر اچانک کسی چیز کی طلب رُک گئی تو پیداواری عمل فوراً بند نہیں ہوسکے گا، اور یہ چیز طلب سے زیادہ تیار ہوجائے گی، جس سے کاروبار کو اور ملکی معیشت کو نقصان پہنچے گا۔

۲- لہٰذا اقتصادی نظام کو معاشرے کی حاجات کے مطابق چلانے کے لئے ضروری ہے کہ پیداواری وسائل کسی کی انفرادی ملکیت میں نہ ہوں بلکہ حکومت کے قبضے میں ہونے چاہئیں، اور حکومت ہی کو اقتصادی منصوبہ بندی کرنی چاہئے، وہ قومی پیداوار کا رُخ جتنی جلدی طلب کے موافق موڑ سکتی ہے، انفرادی مالکان اتنی جلدی نہیں موڑ سکتے، اور اسی منصوبہ بندی پر پورا پیداواری اور اقتصادی نظام چلنا ضروری ہے، پس معاشیات کے پیچھے ذکر کئے گئے چاروں بنیادی مسائل کو حکومت ہی اپنی منصوبہ بندی سے صحیح طور پر حل کرے گی، وہی ترجیحات کو طے کرے گی، وہی مادّی اور انسانی وسائل کو مطلوبہ پیداوار کے لئے حسبِ ضرورت و مصلحت استعمال کرے گی، تقسیمِ دولت کے لئے وہی

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اشیاء کی قیمتیں مقرر کرے گی، وہی اہل کاروں کے پیشوں اور ان کی اُجرتوں کا تعین کرے گی، کیونکہ جب تمام پیداواری وسائل حکومت کے قبضے میں ہوں گے، تو عوام کے ہاتھ میں کوئی پیداواری ملکیت تو ہوگی نہیں، ان کی صرف محنت ہوگی، پس ان کو ان کے عمل کے مطابق اُجرت ملے گی، جس کا معیار حالات کے مطابق حکومت مقرر کرے گی۔ پس نہ کسی چیز کا کرایہ یا تجارتی نفع عوام کو ملے گا، نہ رِبا اور سود کا سوال پیدا ہوگا، حکومت ہی معاشی ترقی کے لئے منصوبہ بندی کرے گی۔

خلاصہ یہ کہ اشتراکی فلسفے میں نفع، یا رِبا، یا کرایہ کسی فرد کو نہیں ملتا، بلکہ ہر ایک کو صرف اس کے عمل کی اُجرت ملتی ہے، کیونکہ اس فلسفے میں ہر پیداوار کی قیمت در حقیقت صرف عمل کی قیمت ہے، اور نظامِ سرمایہ داری میں عمل کی اُجرت کے علاوہ جو مال نفع، یا رِبا یا کرایہ کے طور پر مال دار حاصل کرتے ہیں وہ اشتراکی فلسفے میں ظلم ہے، نفع سارا حکومت حاصل کرے گی اور عوام اور ملک کے مصالح میں خرچ کرے گی۔

نظریۂ اشتراکیت پر تنقید:

اس نظریے میں مندرجہ ذیل خرابیاں ہیں:-

۱- پورے نظامِ معاش اس کی منصوبہ بندی اور تجارت و کاروبار کو حکومت کے سپرد کر دینا انسانی فطرت کے خلاف ہے، اس میں انسان اپنی طبعی دِلچسپی کی بنیاد پر کسی کاروبار یا پیشے کا انتخاب نہیں کر سکتا، حالانکہ آدمی وہ کام زیادہ بہتر طریقے سے کر سکتا ہے جس میں اس کی ذاتی دِلچسپی اور قلبی میلان ہو۔

۲- ظاہر ہے کہ حکومت فرشتوں یا معصوم اشخاص پر مشتمل نہیں ہوتی، یہ بھی معاشرے ہی کے بعض افراد اور افسروں (بیوروکریسی) پر مشتمل ہوتی ہے، جو ذاتی اغراض سے پاک نہیں ہوتے، وہ اگر ان تمام وسائلِ معاش کو اپنی خواہشات کے تابع کر لیں یا منصوبہ بندی میں تساہل سے، اور اپنے فرائض کی ادائیگی میں سستی سے کام لیں، اور معاشرے کے مفادات سے قطعِ نظر کر لیں تو ظاہر ہے کہ زمین فساد سے بھر جائے گی۔ پاکستان میں بھٹو دورِ حکومت میں جو کارخانے قومیائے گئے ان کا حشر ہمارے سامنے ہے، اور سوویت یونین کی حالیہ تباہی بھی اس نظریہ کا سب سے بڑا نمونہ ہے۔

۳- حکومت کی یہ منصوبہ بندی خواہ کتنے بھی گہرے غور و فکر اور مہارت سے کیوں نہ ہو، اور کتنی ہی نیک نیتی سے کیوں نہ ہو، تب بھی معاشرے کی تمام حقیقی ضروریات کا صحیح اندازہ نہیں کر سکتی، کیونکہ حاجات ہر جگہ اور ہر موسم کی مختلف ہوتی ہیں، اور آئے دن تبدیل ہوتی رہتی ہیں، حالانکہ منصوبہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بندی پورے سال میں ایک یا دو بار ہی ہوتی ہے، تو یہ منصوبہ بندی ان حاجتوں کی کفالت کیسے کر سکتی ہے جو دورانِ سال نت نئی پیدا ہوتی رہتی ہیں، بلکہ ان حاجات کا صحیح علم حاصل کرنا بھی طویل زمانے کا محتاج ہوتا ہے، پس اشتراکیت پر بھی وہی اعتراض لوٹ آیا جو اس نے نظامِ سرمایہ داری پر کیا تھا۔

۴- یہ نظام اس وقت تک نہیں چل سکتا، اور نہ قائم ہو سکتا ہے، جب تک حکومت کی طرف سے انتہائی درجے کا جبر واستبداد اور تشدد عوام پر نہ کیا جائے، کیونکہ یہ انسانوں کی املاک کو زبردستی اپنے قبضے میں لے لیتا ہے، نیز آدمی کو ان کاموں اور مشاغل پر بھی مجبور کرتا ہے جنھیں وہ پسند نہیں کرتا، اور جو اس کے حالات اور جذبات کے موافق نہیں ہوتے، جس کا نتیجہ فرد اور حکومت کے مفادات کے درمیان تضاد اور شدید کشمکش کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔

نظریۂ سرمایہ داری پر تنقید:

یہ نظریہ اس حد تک تو دُرست ہے کہ رَسد اور طلب نظامِ معیشت کی فطری قوتیں ہیں، ان کو آزاد رہنا چاہئے، اور ان کو حکومت کی منصوبہ بندی کا پابند نہ کرنا چاہئے لیکن اس نظریے پر عمل کے لئے انہوں نے انفرادی ملکیت اور کاروبار کو کلیۃً آزاد چھوڑ دیا، یہ کُلی آزادی بھی دُرست نہیں کیونکہ اس سے تاجروں کو جو آزادی ملی، اس نے رَسد اور طلب کی قوتوں کو مفلوج کر دیا، یعنی اس نظریے کے تحت آزادی تاجروں کو ملی، رَسد اور طلب کی قوتوں کو نہیں ملی، بلکہ وہ مفلوج ہو گئیں، اس انفرادی بے لگام آزادی سے مندرجہ ذیل خرابیاں پیدا ہوئیں:-

۱- سب سے پہلی خرابی تو یہ ہے کہ اس نام نہاد انفرادی آزادی سے رَسد اور طلب کی قوتیں مقید ہو گئیں، اور سٹہ، سود، قمار، احتکار اور آڑھت وغیرہ کے ذریعے بڑے بڑے سرمایہ داروں کی اجارہ داریاں قائم ہو کر بازار کی مسابقت مفلوج اور رَسد وطلب کی قوتیں اپنے فطری عمل سے معطل ہو گئیں، بڑے سرمایہ دار بازار کی قیمتوں کے حاکم بن گئے۔

خلاصہ یہ کہ رَسد وطلب کی جس آزادی کے نام پر یہ نظریہ قائم کیا گیا تھا اسی آزادی کا گلا گھونٹ دیا گیا، اور آزادی بڑے سرمایہ داروں کو ملی، عوام ان کے عملاً دست نِگر ہو کر رہ گئے۔

۲- اس نظام میں پیداوار اور سرمایہ کاری صرف ان کاموں میں نہیں ہوتی جن سے معاشرے اور ملک وقوم کو فائدہ پہنچے، بلکہ ہر وہ چیز جس میں سرمایہ کار کا نفع ہو، اس میں وہ سرمایہ کاری کے لئے آزاد ہے، اگرچہ معاشرے میں اس سے تباہی پھیل جائے۔ پس اگر رقص گاہیں، منشیات کے اڈّے، برہنہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کلب قائم کرنے میں اس کا زیادہ فائدہ ہے، تو یہ نظام اس کو ان میں سرمایہ کاری سے نہیں روکتا۔

اسلام کا نظریۂ اقتصاد

اسلام نے معاشیات میں ایک نہایت معتدل، متوازن اور فطری طریقہ اختیار کیا ہے جو اشتراکیت اور سرمایہ دارانہ نظام کی افراط وتفریط یعنی انتہاپسندی سے پاک ہے، قرآن وسنت میں ''اقتصادی منصوبہ بندی'' اور ''رَسد وطلب'' کی اصطلاحیں تو اس لئے موجود نہیں، کہ یہ جدید اصطلاحات ہیں، لیکن قرآن وسنت میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام ''اقتصادی منصوبہ بندی'' کے موجودہ نظریے کو اختیار نہیں کرتا، اسلام کا نظریہ یہ ہے کہ ''اقتصادی منصوبہ بندی'' اللہ جل شانہ کی طرف سے بعض طبعی اور فطری قوتوں کو سونپ دی گئی ہیں، چند نصوص ملاحظہ ہوں:-

۱- نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا۔ (۱)

معلوم ہوا کہ تنظیمِ اقتصادی، اللہ تعالیٰ نے اپنے قبضے میں رکھی ہے، اور بعض فطری اور طبعی قوتیں پیدا فرمائی ہیں جو تنظیمِ اقتصادی کرتی ہیں، ان قوتوں کو ہم ''رَسد وطلب'' کی قوتیں کہہ سکتے ہیں، بائع کو مشتری کا محتاج بنایا اور مشتری کو بائع کا، اجیر کو مستأجر کا اور مستأجر کو اجیر کا، زمین دار کو کاشت کار کا اور کاشت کار کو زمین دار کا، مضارب کو مال دار کا اور مال دار کو مضارب کا محتاج بنایا۔

۲- روی انسؓ "قال الناس: یا رسول اللہ! غلا السعر فسعِّر لنا، فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اللہ ھو المُسَعِّر القابض الباسط الرازق، وإنّي لأرجو أن ألقى اللہ ولیس أحد منکم یطالبني بمظلمة في دم ولا مال۔" (أخرجه أبوداؤد، (۲) والترمذي، (۳) وابن ماجة، (۴) والدارمي، (۵) کلھم في البیوع وصححه الترمذي)۔

---

(۱) الزخرف: ۳۲۔

(۲) سنن ابی داؤد، باب في التسعیر واللفظ له، رقم الحدیث: ۳۳۰۷، ج:۲ ص:۱۳۳۔

(۳) جامع الترمذي، باب ما جاء في التسعیر، رقم الحدیث: ۱۳۱۷۔

(۴) سنن ابن ماجة، ابواب التجارات، باب من کرہ أن یسعّر، رقم الحدیث: ۲۲۰۰۔

(۵) سنن الدارمي، باب في النهي عن أن یسعّر في المسلمین، رقم الحدیث: ۲۴۵۰، وکذا في مجمع الزوائد، باب التسعیر، رقم الحدیث: ۶۴۲۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳- "وفي رواية أبي هريرةؓ ان رجلا جاء فقال: يا رسول الله سعّر، فقال: بل ادعو، ثم جاء رجل فقال: يا رسول الله سعّر، فقال: بل الله يخفض ويرفع، وإني لأرجو ان ألقى الله وليس لأحد عندي مظلمة۔"(۱)

۴- "وفي رواية أبي سعيد الخدريؓ عنه، قال: غلا السعر على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا له: لو قوّمت لنا سِعْرَنا، قال ان الله هو المقوِّم أو المسعِّر، إني لأرجو ان أفارقكم وليس أحد منكم يطلبني بمظلمة في مال ولا نفس۔"(۲)

ان احادیث میں ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تسعیر سے یہ مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی نے یہ فطری نظام قائم کیا ہے جو خود بخود اشیاء کے نرخ متعین کرتا ہے، پس ان احادیث سے معلوم ہوا کہ اسلام ایسے بازار کو تسلیم کرتا ہے جسے رَسد وطلب کی قوتیں منظّم کرتی ہوں، نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ تجارت میں حکومت یا افراد کی ایسی مداخلت جو رَسد اور طلب کی قوتوں کو کمزور اور مسابقت کو ضعیف کرتی ہو، اسلام کی نظر میں قانونِ فطرت کے خلاف ہے، اور اسلام ایسی مداخلت کو "ظلم" قرار دیتا ہے،(۳) خواہ یہ مداخلت حکومت کی طرف سے ہو (جیسا کہ اشتراکیت میں ہے)، اور خواہ بڑے تاجروں کی طرف سے ہو (جیسا کہ نظامِ سرمایہ داری میں ہے)۔

۵- "روى جابر قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يبيع حاضر

---

(۱) اخرجه ابوداؤد، باب في التسعير واللفظ له، رقم الحديث: ۳۳۰۲ ج:۲ ص:۱۳۳، وأخرجه أحمد في مسنده رقم الحديث: ۸۴۴۸، واسناده حسن كما في تلخيص الحبير، رقم الحديث: ۱۱۵۸ باب البيوع المنهي عنها، ورواه ايضًا في مجمع الزوائد رقم الحديث: ۶۴۶۸، وقال: ورجاله رجال الصحيح۔

(۲) اخرجه احمد في مسنده، رقم الحديث: ۱۱۸۰۹، واسناد حسن كما في تلخيص الحبير رقم الحديث: ۱۱۵۸، واخرجه الطبراني في الأوسط، رقم الحديث: ۵۹۵۲، وابن ماجة ج:۱ ص:۱۵۹ ابواب التجارات، باب الاقالة، رقم الحديث: ۲۲۰۱۔

(۳) مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: مرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۱۱۱، كتاب البيوع، باب الاحتكار، الفصل الأول، والتعليق الصبيح ج:۳ ص:۴۲۵ كتاب البيوع، باب الاحتكار، الفصل الأول، وشرح الطيبي ج:۲ ص:۱۰۳ كتاب البيوع، باب الاحتكار، الفصل الأول۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لبادٍ دعوا الناس یرزق اللہ بعضھم من بعض۔"[۱]

اُوپر کی حدیثیں حکومت اور تاجروں کو بازار کی آزادی میں مداخلت سے روکتی ہیں، اور یہ حدیث، مخصوص تاجروں کو مداخلت سے روکتی ہے، جس کی وضاحت آگے صحیح مسلم ہی کی کتاب البیوع میں اس حدیث کے تحت آئے گی۔ پس معلوم ہوا کہ اسلام چاہتا ہے کہ بازار اپنی طبعی رفتار سے چلیں، اور اس رفتار میں کوئی مداخلت نہ کرے، نہ حکومت، نہ بڑے سرمایہ دار۔

ظاہر ہے یہ طبعی رفتار باقی رہنا اس طرح ممکن نہیں کہ سرمایہ داروں کو بالکل آزاد چھوڑ دیا جائے کہ جو چاہیں کریں، کیونکہ ایسی آزادی سے اجارہ داریاں قائم ہو کر بازار کے پورے نظام کو مقید کر دیتی ہیں، بازار کی طبعی رفتار اسی وقت قائم رہ سکتی ہے جب سرمایہ داروں کے معاملات کو ضروری حدود و شرائط کے ساتھ مقید کیا جائے، تاکہ بازار آزاد رہے، اسلام نے یہ حدود و شرائط اس لئے عائد کی ہیں کہ گنے چنے افراد کی آزادی پر بازار اور پورے معاشرے کی آزادی قربان نہ کر دی جائے، اور تاکہ دولت کی گردش صرف مال داروں کے درمیان محدود نہ ہو جائے، قرآنِ حکیم کا ارشاد ہے: "کَیْ لَا یَکُوْنَ دُوْلَةً بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْکُمْ"۔[۲]

خلاصہ یہ کہ رَسد و طلب کی قوتوں کو مکمل آزادی دی جائے، مگر تاجروں کو مکمل آزادی نہیں دی، کیونکہ تاجروں کی مکمل آزادی رَسد و طلب کی قوتوں کو مقید کر دیتی ہے۔

ان ہی اَحکام میں حرمتِ رِبا و قمار، احتکار، سٹہ، آڑھت اور "تَلَقِّی الْجَلَب" وغیرہ شامل ہیں، جیسا کہ آپ آگے کتاب البیوع کی احادیث میں پڑھیں گے، کیونکہ یہ وہ معاملات ہیں جن سے دولت چند ہاتھوں میں سمٹ جاتی ہے، اور رَسد و طلب میں توازن بگڑ جاتا ہے۔[۳]

خلاصہ یہ کہ اسلام نے تجارت میں انفرادی آزادی کو بڑی حد تک ضرور تسلیم کیا ہے، لیکن انفرادی آزادی پر بازار اور پورے معاشرے کی آزادی کو ترجیح دی ہے۔

اسلام چاہتا ہے کہ رَسد و طلب کی قوتیں آزادی سے کام کریں اور بازار آزاد رہیں، ان میں

---

(۱) صحیح مسلم باب تحریم بیع الحاضر للبادی ج:۲ ص:۴، وسنن ابی داؤد ج:۲ ص:۴۸۸، وجامع الترمذی ج:۱ ص:۲۶۲۔

(۲) الحشر آیت:۷۔

(۳) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: معارف القرآن ج:۸ ص:۳۶۸ تا ۳۷۰، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۲۷ کتاب البیوع، تحت عنوان: "المذھب الاقتصادی الاسلامی"۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مسابقت موجود رہے، اور چند مخصوص افراد کی اجارہ داریاں قائم نہ ہوسکیں، جو رَسد و طلب اور بازار کی آزادی کو مفلوج کرسکیں، چنانچہ اسلامی حکومت کو یہ اختیار دیا ہے کہ جب بھی وہ دیکھے کہ کوئی فرد یا افراد بازار کی آزادی اور رَسد و طلب کی قوتوں میں مداخلت کررہے ہیں، تو ان کو اس سے روک دے، ایسی صورت میں حکومت کو تسعیر کا بھی اختیار دیا گیا ہے۔ (۱)

حاصل یہ ہے کہ سرمایہ داری نظام میں تجارت آزاد نہیں بلکہ تاجر آزاد ہیں، جبکہ اسلام میں تجارت آزاد ہوتی ہے، البتہ تاجروں پر کچھ پابندیاں ہوتی ہیں، غرض اسلام نے افراد کو ایسی کھلی اور بے لگام آزادی نہیں دی جیسی نظامِ سرمایہ داری میں ہے، بلکہ تین قسم کی مداخلت کو مشروع کیا ہے:-

۱- دین کی مداخلت

پس کسی کو جائز نہیں کہ غیر مشروع طریقوں (مثلاً رِبا، قمار، بیوعِ فاسدہ) سے مال کمائے یا خرچ کرے، یا کوئی ناجائز پیشہ اختیار کرے۔

۲- حکومت کی مداخلت

اسلام بازار میں حکومت کی مداخلت کو پسند نہیں کرتا، لیکن یہ اس وقت ہے کہ جب بازار اپنی طبعی رفتار سے چل رہے ہوں، لیکن جب کوئی فرد بازار پر مسلط ہونا چاہے یا اجارہ داری قائم کرنے لگے تو حکومت کو مداخلت کی اجازت ہے، ایسی صورت میں تسعیر کی بھی اجازت ہے، جیسا کہ فقہائے اسلام نے صراحت کی ہے۔ (۲)

۳- اخلاق کی مداخلت

اسلام لوگوں کے دِلوں میں یہ جذبہ پیدا کرنا چاہتا ہے کہ دُوسروں کے ساتھ احسان اور ایثار کا معاملہ کریں، کما فی قولہ تعالٰی:-

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۔ (۳)

---

(۱) جیسا کہ فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے: ولا يسعّر بالاجماع الا اذا كان ارباب الطعام يتحملون ويتعدون عن القيمة وعجز القاضي عن صيانة حقوق المسلمين الا بالتسعير فلا بأس به بمشورة أهل الرأي والبصر هو المختار وبه يفتي، ج:۳ ص:۲۱۴ فصل في الاحتكار، وكذا في الدر المختار ج:۲ ص:۳۹۹،۴۰۰ كتاب الحظر والاباحة، فصل في البيع، وكذا في الهداية ج:۴ ص:۴۷۲ كتاب الكراهية۔

(۲) اس کے مفصل حوالہ جات پہلے گزر چکے ہیں۔

(۳) الحشر: ۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور اس بات کی بھی تعلیم دیتا ہے کہ انفاق میں ایک دُوسرے سے مسابقت کریں۔

(نوٹ)

۱- یہاں اِن معاشی نظاموں کا بہت مختصر محض اُصولی جائزہ لیا گیا ہے، اسلامی نظامِ معیشت سے پورے معاشرے میں خوش حالی، اور عوام تک اُس کے فوائد کس طرح اور کتنے بڑے پیمانے پر پہنچتے ہیں؟ اور تقسیمِ دولت کیسے فطری طریقے سے توازُن کے ساتھ عوام تک پہنچتی ہے؟

اس کی تفصیل سمجھنے کے لئے، اور اس کے برخلاف ''نظامِ سرمایہ داری'' میں غریب عوام کا خون چوسنے کا خوشنما جال جس چالا کی سے بُنا گیا ہے؟ اور پورے معاشرے کی دولت کس طرح سمٹ کر گِنے چُنے سرمایہ داروں میں گردش کرتی رہتی ہے؟

اس کی دردناک تفصیل جاننے کے لئے طلبہ کو میرا مشورہ ہے کہ بندے کی کتاب ''اسلامی معیشت کی خصوصیات اور نظامِ سرمایہ داری'' کا مطالعہ کیا جائے۔

۲- نیز یورپ میں نظامِ سرمایہ داری اور سوشلزم کس طرح وجود میں آئے؟ اُن کے مذہبی، سیاسی، اور معاشی اسباب کیا پیش آئے؟

اس کی تفصیل تاریخ کے آئینے میں دیکھنے کے لئے بندے کی کتاب ''یورپ کے تین معاشی نظام'' کا مطالعہ کیا جائے۔

❊❊❊

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اَلْـمُذَكَّراتُ المتعلقة بالبيوع

تعريف البيع الباطل:– في الدُّر المختار[1] وكل ما اَوْرَثَ خللًا في ركن البيع فهو مُبْطل، قال الشامي تحت قوله "في ركن البيع" هو الإيجاب والقبول، بأن كان من مجنون او صبي لا يعقل، وكان عليه أن يزيد "أو في محله" أعني المَبِيْع، فإن الخلل فيه مُبطل بأن كان المبيع مَيتَةً او دَمًا او حُرًّا او خَمْرًا كما في ط عن البدائع۔

ثم قال الحصكفيؒ في الدُّر المختار: بطل بيع ما ليس بمال والمال ما يميل إليه الطبع ويجرى فيه البذل والمنع[2]، قال الشاميؒ تحته: أى ليس في سائر الأديان (إلى قوله) وقدمنا أول البيوع تعريف المال بما يميل إليه الطبع، ويمكن إدخاره لوقت الحاجة، وانه خرج بالإدخار المنفعة فهي ملك لا مال، لأن الملك ما من شانه أن يُتَصَرَّفَ فيه بوصف الإختصاص، كما في التلويح، فالأولى ما في الدرر من قوله "المال موجود يميل إليه الطبع .... إلخ" (أى ويجرى فيه البذل والمنع)۔

تعريف البيع الفاسد:– قال الحصكفيؒ: وما أورثه (أى الخلل) في غيره (أى في غير ركن البيع) فمفسد[3]۔

تعريف البيع المكروه:– قال الشاميؒ: وأما المكروه فهو لغةً: خلاف المحبوب، وإصطلاحًا: ما نهى عنه لمجاور كالبيع عند أذان الجمعة، وعُرِّفَ في البناية بما كان مشروعا بأصله ووصفه لكن نهى عنه لمجاور[4]۔

***

(۱) ج:۵ ص:۵۰، باب البيع الفاسد۔

(۲) بحوالہ بالا۔

(۳) الدر المحتار ج:۵ ص:۵۰، باب البيع الفاسد۔

(۴) شامية ج:۵ ص:۴۹، باب البيع الفاسد۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب إبطال بيع الملامسة والمنابذة (ص:۲)

٣٧٨٤-"حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَاءَ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ: نُهِيَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ، أَمَّا الْمُلَامَسَةُ فَأَنْ يَلْمِسَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا ثَوْبَ صَاحِبِهِ بِغَيْرِ تَأَمُّلٍ، وَالْمُنَابَذَةُ أَنْ يَنْبِذَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا ثَوْبَهُ إِلَى الْآخَرِ، وَلَمْ يَنْظُرْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا إِلَى ثَوْبِ صَاحِبِهِ۔" (ص:۲ سطر:۶،۷)

قال ابن الهمام: زاد مسلم "أما الملامسة فأن يلمس كل منهما ثوب صاحبه بغير تأمل۔" فيلزم اللامسَ البيعُ من غير خيار له عند الرؤية، وهذا بأن يكون مثلًا في ظلمة، أو يكون مطويا مرئيا متفقان على أنه إذا لمسه فقد باعه، وفسادُه لتعليق التمليك على أنه متى لَمَسَهُ وجب البيعُ وسقط خيارُ المجلس۔

والمنابذة: أن ينبذ كل واحد منهما ثوبه الى الاٰخر ولم ينظر كل واحد منهما إلى ثوب صاحبه على جعل النبذ بيعًا، وهذه كانت بيوعًا يتعارفونها في الجاهلية، وكذا القاءُ الحجر أن يُلْقِيَ حصاةً وثمّه أثواب، فأى ثوب وقع عليه كان المبيع بلا تأمل ورؤية، ولا خيار بعد ذلك، ولا بد ان يسبق تراوضهما على الثمن، ولا فرق بين كون المبيع معينًا فإذا تراوضا فألقاه إليه البائع لزم المشترى، فليس له ان يقبل،(۱) أو غيرَ معيَّن، كما ذكرناه، ومعنى النهى ما فى كل من الجهالة وتعليق التمليك بالخطر، فإنه

(۱) اس عبارت کے لئے فتح القدیر کے دستیاب، متداول چار نسخوں کی طرف مراجعت کی گئی، لیکن ان نسخوں میں یہی عبارت ملی، تاہم حضرتِ اقدس استاذ نا المکرم مدظلہم کا رُجحان اسی طرف ہے کہ یہاں "ان یقبل" کی بجائے "ان لا يُقِيْلَ" یعنی بضم الياء التحتانية الاولى وسكون التحتانية الأخرى بعد القاف، مِنَ الإقالة ہے، یا انّ کے بعد "لا" محذوف ہے، اس صورت میں یہ "القبول" سے مضارع ہوگا، اور مطلب یہ ہوگا کہ اُسے قبول نہ کرنے کا اختیار نہیں ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فی معنی "إذا وقع حَجَری علی ثوبٍ فقد بعته منك۔" أو "بعتَنیه بكذا"، أو "إذا لمسته"، أو "نبذتَه"۔[۱] وقال فی "الحل المفهم" كل هذه البیوع من القمار۔[۲]

حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنے رسالے "احکام القمار" میں بیع الملامسة اور بیع المنابذة کو قمار میں شمار کیا ہے۔[۳]

۳۷۸۵- "حَدَّثَنِیْ اَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیٰی -وَاللَّفْظُ لِحَرْمَلَةَ- قَالَا: اَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّ اَبَا سَعِیْدٍ الْخُدْرِیَّ قَالَ: نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعَتَیْنِ وَلِبْسَتَیْنِ .....الحدیث۔" (ص:۲ سطر:۷،۸)

قوله: "وَلِبْسَتَیْنِ" (ص:۲ سطر:۸) یعنی إشتمال الصَّمَّاء اور الإحْتِبَاء فی ثوب واحدٍ كاشفا عن فرْجه، كما فی حدیث جابر رضی الله عنه عند مسلم فی كتاب اللباس۔[۴] اشتمال الصمّآء کی تفسیر اہلِ لغت نے یہ کی ہے کہ بدن پر چادر اس طرح اوڑھی جائے کہ پورا بدن اُس سے ڈھک جائے اور چادر کا کوئی حصہ ایسا کھلا نہ رہے جس سے ہاتھ باہر نکل سکے، اسے صمّآء اس لئے کہا گیا ہے کہ اس سے بدن کے سارے منافذ بند ہو جاتے ہیں جیسے "الصخرة الصمّاء" ہوتا ہے کہ جس میں کوئی سوراخ یا چھٹن یا جھری نہیں ہوتی، اور فقہائے کرام نے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ آدمی بدن پر صرف ایک چادر اُوڑھے اس کے سوا کوئی کپڑا بدن پر نہ ہو اور اُس چادر کا ایک حصہ دائیں یا بائیں طرف سے اُٹھا کر اُسے کندھے پر ڈال لے۔ پس اہلِ لغت کی تفسیر پر اشتمال الصمّآء مکروہ ہے کیونکہ اس طرح ضرورت کے وقت حشرات الارض وغیرہ سے بچنا مشکل ہو جائے گا، اور فقہائے کرام کی تفسیر کے مطابق اشتمال الصمّآء ہو تو کشفِ عورت کے باعث یہ عمل حرام ہوگا، (قاله النوویؒ فی شرحه فی كتاب اللباس ج:۲ ص:۱۹۸)۔

---

(۱) فتح القدیر ج:۶ ص:۵۵ باب البیع الفاسد وكذا فی الشامیة ج:۵ ص:۶۵۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۳۹، ولامع الدراری ج:۲ ص:۳۰۲۔

(۳) کتاب جواهر الفقه میں رسالہ احکام القمار ج:۴ ص:۵۵۷۔ (از حضرت الاستاذ مدظلہم)۔

(۴) صحیح مسلم، کتاب اللباس کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: "عن جابر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم نهی ان یأكل الرجل بشماله او یمشی فی نعل واحد وان یشتمل الصَّمَّاء وان یحتبی فی ثوب واحد كاشفا عن فرجه" (ج:۲ ص:۱۹۸)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب بطلان بیع الحصاة والبیع الذی فیه غرر (ص:۲)

۳۷۸۷- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَ: نَا عَبْدُاللهِ بْنُ اِدْرِیْسَ وَیَحْیَی ابْنُ سَعِیْدٍ وَاَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ عُبَیْدِ اللهِ ح قَالَ: وَحَدَّثَنِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ -وَاللَّفْظُ لَهٗ- قَالَ: نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ عُبَیْدِاللهِ قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: نَهٰی رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الْحَصَاةِ وَعَنْ بَیْعِ الْغَرَرِ"

(ص:۲ سطر:۱۲)

بیع الحصاۃ کی دوصورتیں شارحین نے بیان فرمائی ہیں جو زمانۂ جاہلیت میں رائج تھیں:

۱- ایک یہ کہ بائع کے پاس مختلف قسم کے مثلاً کپڑے وغیرہ ہوتے تھے، وہ مشتری سے کہتا تھا کہ تم ان پر کنکر پھینکو، جس کپڑے وغیرہ کو وہ لگ جائے وہ اتنے ثمن مثلاً ۵ روپے میں تمہیں فروخت کیا، پس وہ جیسے ہی اُس پر کنکر پھینکتا تھا بیع لازم ہوجاتی تھی، اور کسی کو کسی قسم کا خیار نہیں ملتا تھا (اگرچہ وہ کنکر کسی قیمتی چیز پر لگے یا خراب چیز پر)۔

۲- دُوسری صورت یہ کہ میں تمہیں یہ زمین اتنی رقم مثلاً ایک ہزار روپے میں فروخت کرتا ہوں، جہاں تک تمہارا پھینکا ہوا پتھر پہنچے گا وہاں تک یہ زمین تمہاری ہوجائے گی، اس طرح پتھر پھینکنے سے بھی بیع لازم ہوجاتی تھی، اگرچہ وہ پتھر بالکل قریب گرے یا بہت دور۔

یہ دونوں صورتیں ناجائز ہیں، کیونکہ مبیع میں جہالت ہے، نیز یہ عقد بھی تعلیق التملیک علی الخطر کے قبیل سے ہے۔(۱)

قولہ: "الغَرَر" (ص:۲ سطر:۱۲)

استقراء سے معلوم ہوتا ہے کہ "غَرَر" ان چار صورتوں میں ہوتا ہے:-

۱- ثمن میں یا مبیع میں یا اجل میں جہالت مفضی الی المنازعۃ ہو۔

۲- مبیع غیر مقدور التسلیم ہو، کبیع الطیر فی الهواء وبیع السمك فی الماء

(۱) فتح القدیر للعلّامة ابن الهمامؒ ج:۵ ص:۱۹۶ و۱۹۷ (از حضرت الأستاذ مدظلهم)۔ وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲، وإکمال المعلم للقاضی عیاضؒ ج:۵ ص:۱۳۴، وإکمال إکمال المعلم للأبیؒ ج:۴ ص:۱۷۵، ۱۷۶، والمعلم للمازریؒ ج:۲ ص:۱۶۰، وفتح الباری ج:۴ ص:۳۶۰ کتاب البیوع، باب بیع المنابذة، والدیباج للسیوطیؒ ج:۲ ص:۱۵۲، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۰۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الغير المملوك للبائع یعنی وہ مچھلی ایسے پانی میں ہے جو بائع کی ملکیت میں نہیں، یا ملکیت میں تو ہے مگر اُس میں سے بائع کا مچھلی پکڑ سکنا مشکوک اور غیر یقینی ہے، مثلاً اس وجہ سے کہ وہ پانی بہت زیادہ ہے۔

۳- تعليق التمليك على الخطر ہو، یعنی بیع کو ایسی شرط پر معلق کیا جائے جس کے ہونے کا بھی احتمال ہو، نہ ہونے کا بھی، مثلاً "إن جاء اليوم فلان فهٰذا الشيء مبيع لك بكذا"۔

۴- چوتھی صورت جو تیسری صورت سے ملتی جلتی ہے یہ ہے کہ بیع کو مستقبل کی طرف مضاف کیا جائے، مثلاً "هٰذا الشيء مبيع لك غدًا بكذا" یہ سب صورتیں بالاتفاق ناجائز ہیں۔[1] ان چاروں صورتوں کی جزئیات بے شمار ہیں کچھ جزئیات اس حدیثِ باب کے تحت علامہ نوویؒ نے بھی بیان کی ہیں، دیکھ لی جائیں۔

باب تحريم بيع حبل الحبلة (ص:۲)

۳۷۸۸- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَا: أَنَا اللَّيْثُ ح وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهٰى عَنْ بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ۔" (ص:۲ سطر:۱۳)

قوله: "حَبَلُ" (ص:۲ سطر:۱۳)

بفتح الباء مصدرٌ بمعنى المحبول أي الجنين۔[2]

---

(۱) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۰۹، حضرت اُستاذنا المکرم مدظلہم نے غرر کی جو صورتیں ذکر فرمائی ہیں وہ اس طرح منضبط انداز میں بندہ کو سوائے تكملة فتح الملهم کے کہیں اور یکجا نہیں ملیں، اور حضراتِ شارحین نے بیع الغرر کی جو مثالیں بیان فرمائی ہیں غور کیا جائے تو وہ سب ان ہی چار صورتوں میں سے کسی نہ کسی صورت سے متعلق نظر آئیں گی۔ ولله الحمد۔ تفصیل کے لئے دیکھئے: المفهم ج:۴ ص:۳۶۳، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۲، وفتح الباري ج:۴ ص:۳۵۷ كتاب البيوع، باب بيع الغرر، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۱۷۶، ومرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۸۲ كتاب البيوع، باب المنهي عنها من البيوع، الفصل الأول۔

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے: اوجز المسالك ج:۱۱ ص:۲۶۱، ۲۶۲ ما لا يجوز من بيع الحيوان، والنهاية لابن الأثير ج:۱ ص:۳۳۴، وتاج العروس ج:۷ ص:۲۷۱، وفتح الباري ج:۴ ص:۳۵۶، ۳۵۷ كتاب البيوع، باب بيع الغرر، وعمدة القاري ج:۱۱ ص:۲۶۵ كتاب البيوع، باب بيع الغرر، وشرح الطيبي ج:۶ ص:۷۵ كتاب البيوع، باب المنهي عنها من البيوع، الفصل الأول، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وقوله: "الحَبَلَة" (ص:۲ سطر:۱۳)

بفتح الباء أيضًا، وهو: إما جمع حابل كظالم وظَلَمَة، فعلى هذا هو بيع جنين الناقة فی الحال، وإما تانيث الحبَل فهو واحد لا جمع، وعلى هذا هو بيع جنين الجنين۔

۳۷۸۹- "حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى -وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ- قَالَا: نَا يَحْيٰى، وَهُوَ الْقَطَّانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَتَبَايَعُوْنَ لَحْمَ الْجَزُوْرِ إِلٰى حَبَلِ الْحَبَلَةِ، وَحَبَلُ الْحَبَلَةِ اَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ ثُمَّ تَحْمِلَ الَّتِيْ نُتِجَتْ، فَنَهَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ۔"

(ص:۳ سطر۱،۲)

قوله: "كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَتَبَايَعُوْنَ لَحْمَ الْجَزُوْرِ إِلٰى حَبَلِ الْحَبَلَةِ....إلخ۔"

(ص:۳ سطر۱،۲)

ای بثمن مؤجّل إلى ان تلد الناقة الحاملة حملها فقط او إلى ان تلد الناقة ثم تعيش المولودة حتى تكبر ثم تلد۔[۱]

قال السنديؒ فی الحاشية على الصحيح للامام مسلمؒ: حبل الحبلة على هذا يكون أجلا للبيع ويكون المبيع غيره، والمتبادر من لفظ الحديث أن حبل الحبلة هو المبيع، والمعنيان يناسبان النهی، أما الثانی فلكون المبيع معدوما، (ای اذا كان البيع لجنين الناقة فی الحال يكون المبيع معدومًا) بندہ محمد رفیع عثمانی عرض کرتا ہے کہ علامہ سندھیؒ نے جنین کی بیع کو بیع المعدوم غالبًا اس وجہ سے کہا ہے کہ اُس کی ولادت کا یقین نہیں کہ ناقہ اُسے جنے گی یا نہیں۔ البتہ اس کا مجہول ہونا تو ظاہر ہی ہے کہ پتہ نہیں وہ تندرست ہے یا نہیں؟ اور مذکر ہے یا مؤنث، دیگر صفات بھی مجہول ہیں۔ وأما الأول فلكون الأجل مجهولا، اهـ۔[۲] (وراجع فتح القدير والعناية)۔[۳]

(۱) شرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۱۰۔

(۲) ج:۲ ص:۳۲۳، وكذا فی شرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۔

(۳) العناية، كتاب البيوع ج:۸ ص:۳۸۲، وفتح القدير ج:۱۴ ص:۲۰۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب تحريم بيع الرجل على بيع أخيه وسومه على سومه وتحريم النَّجش وتحريم التصرية (ص:۳)

۳۷۹۰- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبِيْعُ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ۔"

(ص:۳ سطر:۲و۳)

قوله صلى الله عليه وسلم: "لَا يَبِيْعُ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ" (ص:۳ سطر:۳)

نفي بمعنى النهي، وفي بعض النسخ "لا يبع" على لفظ النهي (وكذا في رواية يحيٰى بن يحيٰى الاٰتية عن مالك عن أبي الزناد عن الأعرج، فان فيها النسختين ايضًا، احداهما بصيغة الاخبار، والثانية بصيغة النهي۔ (رفيع) ولا يصح الحمل على حقيقة الاخبار، لوجود مثل هٰذا البيع۔

ثم قيل المراد به انه لا يسوم أحد على سوم اخيه، وقيل بل المراد حقيقة البيع، كَاَنْ يجيء البائع الاٰخر عند المشتري ويقول له عندي متاع احسن من هٰذا الذي اشتريته أو اَرْخَصُ، فيُفسد البيع على البائع الأول (أي يحمله على فسخ البيع في مدة الخيار، (رفيع) قاله السنديّ في حاشية صحيح الإمام مسلم۔[۱]

وبه فسره علي القاري في المرقاة (ولا يبع بعضكم على بيع بعض) بأن يقول لمن اشترى شيئا بالخيار: "افسخ هٰذا البيع وأنا أبيعك مثله بأرخص من ثمنه أو أجود منه بثمنه۔"

قيل النهي مخصوص بما اذا لم يكن فيه عيب، فاذا كان فله ان يدعوه الى الفسخ ليبيع منه بأرخص دفعا للضرر عنه۔ اهـ.[۲]

۳۷۹۲- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوْا: نَا

(۱) ج:۲ ص:۲۲۳، إكمال إكمال المعلم ج:۳ ص:۱۷۸، وعمدة القاري ج:۱۱ ص:۲۵۷، ۲۵۸ كتاب البيوع، بابٌ لا يبيع على بيع أخيه الخ، والحل المفهم ج:۳ ص:۱۳۰، وأوجز المسالك ج:۱۱ ص:۲۶۶، ۲۶۷ كتاب البيوع، باب ما ينهى عنه من المساومة والمبايعة۔

(۲) مرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۷۷، ۷۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

إِسْمٰعِيلُ، وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَسُمِ الْمُسْلِمُ عَلٰى سَوْمِ الْمُسْلِمِ۔" (ص:۳ سطر:۵،۶)

قوله:- "عَنِ الْعَلَاءِ" (ص:۳ سطر:۵) ابوہُ عبدُالرحمٰن (نووی)۔[1]

قوله صلى الله عليه وسلم:- "لا يَسُمِ الْمُسْلِمُ عَلٰى سَوْمِ الْمُسْلِمِ۔" (ص:۳ سطر:۵)

قال في الهداية: "لان في ذٰلك ايحاشًا واضرارًا، وهٰذا اذا تراضى المتعاقدان على مبلغ ثمنٍ في المساوَمَة، فاما اذا لم يَرْكَنْ احدُهما الى الاٰخر فهو بيعُ مَنْ يَّزيد، ولا بأس به"۔[2]

۳۷۹۴- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُتَلَقَّى الرُّكْبَانُ لِبَيْعٍ، وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ، وَلَا تَنَاجَشُوْا، وَلَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَلَا تُصَرُّوا الْإِبِلَ وَالْغَنَمَ، فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ اَنْ يَحْلُبَهَا، فَإِنْ رَضِيَهَا اَمْسَكَهَا، وَإِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ۔" (ص:۳ سطر:۹،۱۰)

قوله صلى الله عليه وسلم: "لا يُتَلَقَّى الرُّكْبَانُ" (ص:۳ سطر:۹)

جمع راكب اى القافلة، والمعنى اذا وقع الخبر بقدوم قافلة فلا تستقبلوها لتشتروا من متاعها بأرخص قبل أن يقدموا السوق ويعرفوا سعر البلد، نهى عنه للخديعة والضرر۔[3] اس مسئلے کی تفصیل آگے مستقل باب میں آرہی ہے۔

---

(۱) شرح النوويّ ج:۲ ص:۳۔

(۲) الهندية ج:۳ ص:۲۲ كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، فصل فيما يكره، وفتح القدير ج:۲ ص:۱۰۷ كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، فصل فيما يكره، وشرح العناية على الهداية ج:۲ ص:۱۰۷ كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، فصل فيما يكره،، وفتح الباری ج:۴ ص:۳۵۳، ۳۵۴ كتاب البيوع، باب لا يبيع على بيع اخيه الخ، والحل المفهم ج:۲ ص:۱۴۰، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۱۲، والمفهم ج:۴ ص:۳۶۴، ۳۶۵، والموطا مع أوجز المسالك ج:۱۱ ص:۳۸۲، ۳۸۳، باب ما ينهى عنه من المساومة والمبايعة، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۰۴ كتاب البيوع، باب في التلقي۔

(۳) مرقاة المفاتيح ج:۲ ص:۷۷ كتاب البيوع، باب المنهي عنها من البيوع، الفصل الأول، والمفهم ج:۴ ص:۳۶۶، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۱۷۹، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۱۸۸ تا ۱۹۷ ابواب البيوع الفاسدة، باب في النهي عن بيع بعض على بعض، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۱۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله صلى الله عليه وسلم: "ولا تناجَشُوا" (ص:۳ سطر:۱۰)

قال في الهداية: "وهو أن يزيد في الثمن لا يُرِيْدُ الشراءَ ليرغِّبَ غيره"[1] یہ مکروہِ تحریمی یعنی ناجائز ہے، کما یاتي عن الهداية وابن الهمام۔ یہ "نَجْشٌ" سے باب تفاعُل ہے، اور نَجْش کے اصل معنی دھوکہ دینے کے ہیں۔ (نووی)[2]

قوله صلى الله عليه وسلم: "وَلَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ .... إلخ" (ص:۳ سطر:۱۰)

سيأتي بيانه في الأبواب الآتية ان شاء الله، وكذا قوله: "ولا تُصَرُّوا الابل والغنم"۔

قوله صلى الله عليه وسلم: "بخَيْرِ النَّظَرَيْنِ" (ص:۳ سطر:۱۰)

نظر کے معنی ہیں رائے اور غور وفکر، یعنی مشتری کو دونوں جہتوں (قبول یا فسخِ بیع) میں غور وفکر کر کے اپنے لئے بہتر جہت پر عمل کا اختیار ہے ای مُخَيَّرٌ بين الرَّأيين، يختار ما يرٰى خَيْرًا له۔

۳۷۹۵- "حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيٍّ (وَهُوَ ابْنُ ثَابِتٍ) عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّلَقِّيْ لِلرُّكْبَانِ، وَاَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَاَنْ تَسْأَلَ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا، وَعَنِ النَّجْشِ وَالتَّصْرِيَةِ، وَاَنْ يَسْتَامَ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ اَخِيْهِ۔"

(ص:۳ سطر:۱۱ تا ۱۳)

قوله:- "وَاَنْ تَسْأَلَ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا .... إلخ" (ص:۳ سطر:۱۲)

یعنی جس شخص کی ایک بیوی پہلے سے موجود ہے وہ اگر کسی عورت سے دُوسری شادی کرنا چاہے تو مخطوبہ یہ مطالبہ کرے کہ اپنی پہلی بیوی کو طلاق دو، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کو اس خود غرضانہ مطالبے سے منع فرمایا ہے۔

---

(۱) ج:۳ ص:۲۲، موطا مع اوجز المسالك ج:۱۱ ص:۳۸۵ كتاب البيوع، باب ما ينهى عنه من المساومة والمبايعة، والمفهم ج:۴ ص:۳۶۷، واكمال اكمال المعلم ج:۴ ص:۱۸۱، ۱۸۲، ومرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۷۸ كتاب البيوع، باب المنهى عنها من البيوع، الفصل الأول، رقم الحديث: ۲۸۴۷، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۱۴۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب تحریم تَلَقِّي الجَلَب (ص:۴)

۳۷۹۸- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ: نَا ابنُ اَبِيْ زَائِدَةَ ح قَالَ: وثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ: نَا يَحْيٰى -يَعْنِي ابنَ سَعِيْدٍ- ح قَالَ: وَثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ: نَا اَبِيْ، كُلُّهُمْ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُتَلَقَّى السِّلَعُ حَتّٰى تَبْلُغَ الْاَسْوَاقَ- وَهٰذَا لَفْظُ ابْنِ نُمَيْرٍ، وَقَالَ الآخَرَانِ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ التَّلَقِّي-" (ص:۴ سطر:۱،۲)

قوله:- "اَنْ يُّتَلَقَّى السِّلَعَ" (ص:۴ سطر:۲)

"يُتَلَقّٰى" باب تَفَعُّل سے ہے بمعنی استقبال کرنا۔[۱]

السِّلَع (بکسر السین وفتح اللام) یہ "السِّلْعَة" (بکسر السین وسکون اللام) کی جمع ہے بمعنی "مالِ تجارت[۲]" یہاں وہ مالِ تجارت مراد ہے جو کسی شہر میں فروخت کے لئے باہر سے لایا جارہا ہو۔ آگے ایک روایت میں "اَنْ يُتَلَقَّى الْجَلَبُ" ہے اور "الجَلَبُ" (بفتحتین) بمعنی المجلوب ہے، جَلَب بھی اُس مالِ تجارت کو کہا جاتا ہے جو کسی شہر میں فروخت کرنے کے لئے باہر سے لایا جارہا ہو۔ آگے کی ایک روایت میں "تَلَقِّي الْبُيُوْعِ" کی ممانعت مذکور ہے، پچھلے باب کی ایک روایت میں "تَلَقِّي الرُّكْبَان" کی ممانعت فرمائی گئی ہے۔

ان سب کا حاصل ایک ہی ہے، اور وہ یہ کہ کوئی شخص شہر سے باہر نکل کر شہر میں آنے والے تجارتی قافلے سے ملے اور وہیں، قبل اس کے کہ وہ قافلہ شہر میں داخل ہو اور بازار میں اپنے لائے ہوئے مال کا نرخ معلوم کرے، وہ شخص اُس کا مال اُس سے خرید لے۔ اِن احادیث میں اس عمل سے ممانعت فرمائی گئی ہے۔

ممانعت کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ باہر سے مالِ تجارت لانے والوں کو نقصان سے بچانا مقصود ہے، کیونکہ اگر انہوں نے اپنا مال بازار میں پہنچنے اور وہاں کا نرخ معلوم کرنے سے پہلے ہی فروخت کردیا تو ہوسکتا ہے کہ تلقّی کرنے والا اُن کی ناواقفیت سے فائدہ اُٹھا کر اور شہر میں اس مال کی قیمت

---

(۱) المنجد (از حضرت الاستاذ مدظلہم)۔

(۲) المرقاة ج:۶ ص:۷۹ كتاب البيوع، باب المنهي عنها من البيوع، الفصل الأول، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۰۴ كتاب البيوع، باب في التلقي۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کم بتا کر اُن سے مال بہت کم قیمت پر خرید لے۔

اور دُوسری وجہ یہ ہے کہ اہلِ شہر کو بھی نقصان اور تکلیف سے بچانا مقصود ہے، کیونکہ قوی اندیشہ ہے کہ مُتَلَقِّی باہر سے آنے والے اُس مال کو خرید کر شہر کے لوگوں کو جلدی فروخت نہیں کرے گا، بلکہ شہر میں اس مال کی قلّت کا اور مہنگا ہونے کا اِنتظار کرے گا، اور پھر اہلِ شہر سے من مانی قیمت وصول کرے گا، اس طرح شہر میں اشیاء کی گرانی پیدا ہوگی۔

چنانچہ صاحبِ ہدایہ نے صراحت کی ہے کہ اس بیع کی ممانعت اُس صورت میں ہے جبکہ اس سے اہلِ شہر کو ضرر لاحق ہوتا ہو یا مالِ تجارت لانے والے کو تلقّی کرنے والا دھوکا دے، یعنی شہر میں اُس مال کی قیمت کم بتائے۔ اور اگر اہلِ شہر کو ضرر لاحق نہ ہو مثلاً اس وجہ سے کہ اس مالِ تجارت کی شہر میں فراوانی ہے، قلّت نہیں، لوگوں کو آسانی سے دستیاب ہو رہا ہے تو ایسی صورت میں اس بیع کی وجہ سے شہر میں گرانی کا اندیشہ نہیں، لہٰذا اس کی ممانعت بھی نہیں ہوگی۔ البتہ اگر اس مال کی قیمت کم بتا کر دھوکا دے گا تو ناجائز (مکروہِ تحریمی) ہوگا۔

قال صاحب الهداية في "كتاب البيوع" فصل فيما يكره: نهٰى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن النجش (إلى قوله) وعن تَلَقِّي الْجَلَبِ، وهٰذا إذا كان يضر بأهل البلد فإن كان لا يضر فلا بأس به، إلّا إذا لَبَّس السِّعْرَ على الوارِدِين، فحينئذ يُكره لما فيه من الغَرَرِ والضَّرَر (إلى قوله) كل ذٰلك يكره[1] لما ذكرنا ولا يفسد به البيع، لأن الفساد في معنى خارج زائد لا في صُلْبِ العقد، ولا في شرائط الصحة۔[2]

وقال ابن الهمام في فتح القدير: لما كان (اى البيع المكروه – رفيع) دون الفاسد أخره عنه، وليس المراد بكونه دونه في حكم المنع الشرعي، بل في عدم فساد العقد وإلا فهٰذه الكراهات كلها تحريميّة، لا نعلم خلافًا في الاثم۔[3]

---

(۱) اى النجش والسوم على سوم أخيه، وتلقي الجلب، وبيع الحاضر للبادى والبيع عند أذان الجمعة، ذكرها صاحب الهداية من قبل وأشار إليها بقوله "كل ذٰلك"۔ (من أُستاذنا المكرم مدظلهم)۔

(۲) الهداية ج:۳ ص:۶۶ كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، فصل فيما يكره، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۰۴ كتاب البيوع، باب في التلقي، وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۴۸۰ ما يكره من البياعات والبحر الرائق ج:۶ ص:۱۶۴ فصل في البيع الفاسد والدر المختار ج:۵ ص:۱۰۲ كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، (قبيل فصل في الفضولي)۔

(۳) فتح القدير ج:۶ ص:۱۰۶ كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، فصل فيما يكره۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳۸۰۲- "حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ هِشَامٌ الْقُرْدُوسِیُّ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَلَقَّوُا الْجَلَبَ، فَمَنْ تَلَقّٰی فَاشْتَرٰی مِنْهُ فَاِذَا اَتٰی سَیِّدُهُ السُّوْقَ فَهُوَ بِالْخِیَارِ۔" (ص:۴ سطر:۵،۶)

قوله: "اَلْجَلَبَ" (ص:۴ سطر:۶)

بفتحتین، ای المجلوب من ابل وبقر وغنم وعبد، یجلب من بلد إلٰی بلد للتجارة۔[۱]

قوله: "سَیِّدُهٗ" (ص:۴ سطر:۶) ای صاحبُ الجَلَبِ۔[۲]

قوله: "السُّوْقَ" (ص:۴ سطر:۶) ای سوق البلدة۔

قوله: "فَهُوَ بِالْخِیَارِ" (ص:۴ سطر:۶)

یعنی خیار الغَبْن، (فسخ بیع کا جوخیار احد المتبایعین کے غبن کی وجہ سے ملے وہ "خیارُ الغبن" یا "خیار المغبون" کہلاتا ہے،اس کا جواز مختلف فیہ ہے کما یاتی۔) وفیه دلیل علٰی صحة البیع، إذ الفاسد لا خیار فیه (بل فسخه واجب) کما فی "المرقاة"۔[۳]

وفی فتح الباری[۴]: فقال الشافعی من تلقّاه فقد اساء وصاحب السلعة بالخیار ... (إلٰی قوله)... "فهو بالخیار" ای إذا قدم السوق وعلم السعر، وهل یثبت لَهٗ مُطلقًا او بشرط ان یقع لَهٗ فی البیع غبن؟ وجهان، اصحهما الأوّل، وبه قال الحنابلة، وظاهره أیضًا ان النهی لأجل منفعة البائع وإزالة الضرر عنه، وصیانته ممن یخدعُهٗ۔

معلوم ہوا کہ شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک بھی تـلـقّی کا عمل ناجائز ہے، اور بائع کو فسخِ بیع کا اختیار ہوگا لحدیث الباب۔

---

(۱) المرقاة ج:۶ ص:۷۹ کتاب البیوع، باب المنهی عنها من البیوع، الفصل الأول، وتاج العروس ج:۱ ص:۱۸۴ ودائرة معارف القرن ج:۳ ص:۱۲۸۔

(۲) المرقاة ج:۶ ص:۷۹ کتاب البیوع، باب المنهی عنها من البیوع، الفصل الأول۔

(۳) حوالۂ بالا۔

(۴) فتح الباری ج:۴ ص:۳۷۴ کتاب البیوع، باب النهی عن تلقی الرکبان الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مالکیہ کے یہاں اس مسئلے میں چار قول ہیں:

۱- خیارِ فسخ کسی کو نہیں، بیع لازم اور صحیح ہوگئی، مگر یہ عمل مکروہ اور ناجائز ہوا۔ وھو اصل مذھب الحنفیة کما یاتی۔

۲- خیارِ فسخ بائع کو ہے، کما قال الشافعي واحمد۔

۳- یہ بیع فاسد ہے، لہٰذا اس میں خیار کسی کو نہیں بلکہ اس کا فسخ فریقین پر واجب ہے۔(۱)

۴- چوتھا قول جسے قاضی عیاضؒ نے امام مالکؒ اور ان کے اکثر اصحاب کا ''قولِ مشہور'' قرار دیا ہے، یہ ہے کہ وہ مالِ تجارت اھل السوق کو پیش کیا جائے گا کہ وہ چاہیں تو اس مال کی خریداری میں شریک ہو جائیں، کیونکہ متلقی نے ان کا حق تلف کیا ہے کہ یہ مالِ تجارت ان تک پہنچنے نہیں دیا۔(۲)

لیکن مالکیہ کے ان چار میں سے صرف دوسرا قول حدیثِ باب کے موافق ہے باقی سب اس حدیث کے خلاف ہیں۔

اور حنفیہ کا اصل مذہب وہی ہے جو مالکیہ کا پہلا قول ہے، یعنی یہ عمل اگرچہ مکروہِ تحریمی یعنی گناہ ہے، مگر بیع صحیح اور لازم ہوگئی، اور خیارِ فسخ کسی کو نہیں۔(۳)

اعلاء السنن میں حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"وقال ابو حنيفة: البيع صحيح (اى غير فاسد بل هو مكروهٌ كما مرّ عن الهداية - رفيع) ولا خيار للبائع، لأنّ غاية ما في الباب أنّ المشترى خدع البائع، وهو لا يقتضي الخيار لحديث حبان بن مُنقذ، فإنَّه لم يُثبتِ الشارع له الخيار من غير شرطٍ، (یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حَبّان بن مُنقِذ کو خیارِ غبن اس شرط کے ساتھ دیا تھا کہ وہ عقد کے وقت "لَا خِلَابةَ" کہہ دیا کریں، جیسا کہ آگے "باب مَنْ يخدع في البيع" میں حدیث آئے

---

(۱) اكمال المعلم ج:۵ ص:۱۴۰۔

(۲) المغني لابن قدامةؒ ج:۸ ص:۴۰۳ تا ۴۰۴ كتاب البيوع، باب المصراة، وغير ذلك مسألة: ونهى عن تلقي الركبان۔

(۳) شرح معاني الآثار، كتاب البيوع، باب تلقي الجلَب ج:۲ ص:۴۳۹ تا ۴۴۴ وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۰۴ كتاب البيوع، باب في التلقي، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۱۹۲ تا ۱۹۷، كتاب البيوع، باب تلقي الجلب وبيع الحاضر للبادي۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

گی۔ اور تلقی کے زیرِ بحث مسئلہ میں یہ شرط مفقود ہے، لہٰذا بائع کو خیارِ غبن نہیں ملنا چاہئے۔ رفیع)

والقياس ايضًا ينفيه، لأن البائع لم يكن مضطرًا إلى الغرور، لأنه كان له ان لا يعتمد على قوله فلمّا اعتمد على قوله (اى قول المشترى - رفيع) كان مُغترًّا من غفلته فلا يكون لَهُ الخيار۔ اما ما رُوِي انَّ لَهُ الخيار (كما في حديث الباب -رفيع) فمحمول على السياسة ليترك الناس التلقّى۔"

لیکن ناچیز محمد رفیع عثمانی عرض کرتا ہے کہ انصاف کی بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ حدیثِ باب میں بائع کو جو خِیَارِ غَبْن صراحۃً دیا گیا ہے، اُس کا یہ جواب نفیِ خیار کے لئے حبّان بن منقذ کی حدیث کی بنیاد پر کافی نہیں، کیونکہ حبان بن منقذ کا واقعہ جو آگے صحیح مسلم ہی میں "باب من يخدعُ في البيوع" میں آرہا ہے، اوّلاً تو اُس کی تشریح میں کئی احتمال ہیں جیسا کہ وہاں بیان ہوگا۔ پھر حبان من منقذ کی حدیث سے استدلال کیا بھی جائے تو وہ مفہومِ مخالف سے ہوگا جو ہمارے نزدیک حجت نہیں۔ کیونکہ عند الحنفیہ یوں کہنا پڑے گا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حبان بن منقذ کو جو ہدایت فرمائی تھی کہ جب تم "لا خِلَابَة" کہہ دیا کرو گے تو تم کو اختیار مل جایا کرے گا، اس کا مطلب یہ ہے کہ "اگر تم نے "لا خِلَابَــــة" نہ کہا تو خیار نہیں ملے گا" اور ظاہر ہے کہ یہ استدلال مفہومِ مخالف سے ہے۔ اور یہ جواب بھی شافی نہیں کہ حدیثِ باب سیاست پر محمول ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ حاکم کو اِختیار ہوگا کہ وہ مصلحت سمجھے تو بائع کو خیار دینے کا اعلان کردے تاکہ دوسروں کو عبرت ہو اور وہ تلقی رکبان سے باز آجائیں، کیونکہ یہ ظاہرِ حدیث کے خلاف ہے۔

علامہ ابن الہمام ؒ نے فرمایا ہے کہ: بائع کو خیارِ فسخ ملنا چاہئے یا بیع کو فاسد قرار دیا جائے۔ لیکن ناچیز عرض کرتا ہے کہ فاسد قرار دینا بھی حدیثِ باب کے منافی ہے، کیونکہ بیع فاسد میں خیار نہیں ہوتا بلکہ فریقین پر واجب ہوتا ہے کہ بیع کو فسخ کریں۔ حالانکہ حدیثِ باب میں خیار صراحۃً مذکور ہے۔

متأخرینِ حنفیہ کا فتویٰ

یہی وجوہ ہیں اور فسادِ زمانہ کا اب تقاضا بھی یہ ہوگیا ہے کہ بائع کو خیارِ فسخ ملے، چنانچہ متأخرینِ حنفیہ میں سے صدر الشہید رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ یہ ہے کہ دھوکہ دہی تلقی البیوع کی صورت میں ہو یا عام بیوع میں جس شخص کو بائع یا مشتری کی دھوکا دہی سے غبنِ فاحش ہوا ہو، مثلاً مشتری نے مبیع کی بازاری قیمت جھوٹ بول کر بہت کم بتائی اور بائع نے اُس پر اعتماد کرکے اُس قیمت پر فروخت کردیا تو

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بائع کو خیارِ فسخ ملے گا، جو حکم مشتری کی دھوکا دہی کا ہے وہی بائع کی دھوکا دہی کا ہے، اور اگر غبنِ فاحش کسی فریق کی دھوکا دہی سے نہیں ہوا بلکہ خود اپنی غفلت سے ہوا تو خیار نہیں ملے گا۔[۱]

باب تحريم بيع الحاضر للبادى (ص:۴)

۳۸۰۴- "حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا: أَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ قَالَا: أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاؤُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُتَلَقَّى الرُّكْبَانُ، وَأَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ. قَالَ: فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: مَا قَوْلُهُ حَاضِرٌ لِبَادٍ؟ قَالَ: لَا يَكُنْ لَهٗ سِمْسَارًا۔" (ص:۴ سطر:۸،۹)

قوله: "وَأَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ" (ص:۴ سطر:۹)

قال فى الهداية:[۲] وهذا اذا كان أهل البلد فى قحط وعَوَزٍ[۳] وهو أن يبيع من أهل البدو طمعا فى الثمن الغالى، لما فيه من الاضرار بهم، اما اذا لم يكن كذلك فلا بأس به لانعدام الضرر اهـ۔ وقال الحلوانى: هو أن يمنع السمسارُ الحاضرُ القَروِىَّ من البيع، ويقول له لا تَبِعْ أنتَ، انا أعلم بذلك منكَ، فيتوكّلُ لَهٗ ويبيع ويغالى، ولو تركه يبيع بنفسه لرخص على الناس، وفى بعض الطرق زاد قوله صلى الله عليه وسلم: "دعوا الناس يرزقِ الله بعضَهم من بعض" (وهٰذِهِ الزيادة مُصَرَّحَةٌ فى الرواية الاٰتية فى نفس هٰذا الباب۔ رفيع) وفى المجتبٰى: هٰذا التفسير أصح، ذكره فى زاد الفقهاء لموافقته الحديث، ذكره ابن الهمام فى فتح القدير۔[۴]

قوله: "لَا يَكُنْ لَهٗ سِمْسَارًا" (ص:۴ سطر:۹)

هٰذا يؤيد تفسير الحلوانى لبيع الحاضر للبادى بل هو صريح فيما قاله الحلوانى۔

---

(۱) ملاحظہ ہو الاشباہ والنظائر، اور اس کی شرح حموی میں فقہی قاعدہ "المشقة تجلب التيسير" – رفیع۔

(۲) الهداية ج:۳ ص:۶۷ كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، فصل فيما يكره۔

(۳) بفتح العين وسكون الواو وفتحها۔ اس کے معنی اُردو میں ہیں نایابی۔ المنجد (از حضرت الاستاذ مدظلہم)۔

(۴) فتح القدير ج:۶ ص:۱۰۷ كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، فصل فيما يكره، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۱۸ و۲۱۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳۸۰۵- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ: أَنَا أَبُوْخَيْثَمَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ ح قَالَ: وَثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: نَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ، دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقِ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ۔" (ص:۴ سطر:۹،۱۰)

قوله: "دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقِ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ" (ص:۴ سطر:۱۰)

یعنی اللہ تعالیٰ مشتری کو رزق بائع کے ذریعہ اور بائع کو مشتری کے ذریعہ پہنچاتا ہے، پس اللہ تعالیٰ کے قائم کردہ اس نظام میں مداخلت نہ کرو، اور بیع الحاضر للبادی میں (جس کو آج کل کی اصطلاح میں آڑھت کہا جاتا ہے)، مشتری (اہلِ بلد) اور "بادی" (دیہاتی بائع) کے درمیان "حاضر" (آڑھتی) آجاتا ہے جو اس فطری نظام میں مداخلت کرتا ہے، جس کے نتیجے میں اہلِ شہر کو اشیاء کی قلّت اور مہنگائی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، کیونکہ گاؤں کا آدمی خود فروخت کرتا تو مناسب قیمت پر فروخت کرتا، کیونکہ اُس کی ضرورت یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنی اشیاء جلد فروخت کرے، اور حاصل شدہ مناسب قیمت سے اپنی ضرورت کی اشیاء خرید کر جلد واپس جائے۔ یہیں سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ "بیعُ الحاضر للباد" کی ممانعت مطلق نہیں، بلکہ اس صورت میں ہے جب شہر میں اشیاءِ ضرورت کی قلّت ہو، اور آڑھتی کی وجہ سے مہنگائی پیدا ہوتی ہو۔ اور جب شہر میں ان اشیاء کی فراوانی ہو، اور قلّتِ اشیاء اور مہنگائی کا قوی اندیشہ نہ ہو تو یہ بیع بلا کراہت جائز ہے۔ جیسا کہ اوپر ہدایہ کی عبارت سے واضح ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اسلام کے اقتصادی نظام کا ایک اہم اُصول یہ ہے کہ "رسدو طلب" کی فطری قوتیں آزاد رہیں (جبکہ آڑھتی رسد کو مقید کر دیتا ہے)۔

تَلَقِّي البيوع کے عدمِ جواز کی بھی ایک وجہ یہی ہے، وہاں "متلقّی" بیچ میں آکر رَسد کو مقید کرتا ہے اور اس پر اپنی اِجارہ داری قائم کرتا ہے۔ مگر نظامِ سرمایہ داری اسے نہیں روکتا، چنانچہ نظامِ سرمایہ داری میں آزادی "رسدوطلب" کو نہیں ملتی، بلکہ تاجروں کو ملتی ہے جو آڑھت، احتکار اور تلقی الجلب جیسے خود غرضانہ طریقوں سے "رَسدوطلب" کی آزادی کا گلا گھونٹ کر بازار پر اپنی اجارہ داری قائم کر لیتے ہیں۔

تَنَاجُش کے عدمِ جواز کی بھی ایک وجہ یہ ہے کہ نَجَش کرنے والا بیچ میں آکر جھوٹی طلب

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ظاہر کر کے رَسَد کو مہنگا کر دیتا ہے۔

بازار اور رَسد و طلب کی آزادی کے سلسلے میں اسلامی اَحکام و ہدایات سے متعلق کلام قدرے تفصیل کے ساتھ پیچھے کتاب البیوع کے مقدمے میں عنوان ''اسلام کا نظریۂ اقتصاد'' کے تحت آچکا ہے۔

فائدہ: بائع اور مشتری کے درمیان جب کوئی تیسرا آدمی اپنے فائدے کے لئے داخل ہوجاتا ہے تو اس سے عموماً رَسد میں خَلَل واقع ہوتا ہے اور رَسَد مہنگی ہوجاتی ہے، اس ''درمیانی آدمی'' کو آج کل کی معاشی اِصطلاح میں ''مُڈل مین'' کہا جاتا ہے، بیع الحاضر للباد میں "الحاضر" یعنی ''آڑھتی'' اور "تلقي الركبان" میں متلقي ''مُڈل مین'' ہے، اور تناجُش میں نَجش کرنے والا ''مُڈل مین'' ہے۔

باب حکم بیع المصرّاة (ص:۴)

۳۸۰۹- "حَدَّثَنَا عَبدُاللّٰهِ بنُ مَسلَمَةَ بنِ قَعنَب قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اشْتَرَىٰ شَاةً مُصَرَّاةً فَلْيَنْقَلِبْ بِهَا، فَلْيَحْلُبْهَا، فَإِنْ رَضِيَ حِلَابَهَا اَمْسَكَهَا۔ وَإِلَّا رَدَّهَا وَمَعَهَا صَاعٌ مِن تَمْرٍ" (ص:۴ سطر:۱۳و۱۴)

قوله: "شَاةً مُصَرَّاةً" (ص:۴ سطر:۱۴)

مُصَرَّاة، تَصْرِيَةٌ سے اسمِ مفعول ہے، یعنی وہ بکری جس کا دُودھ ایک دو روز تھن میں جمع رہنے دیا جائے، تاکہ اس کے تھن بھر جائیں، اور خریدار اُسے بہت زیادہ دُودھ دینے والی سمجھ کر زیادہ قیمت میں خرید لے۔ یہ بھی ایک قسم کی دھوکہ بازی ہے۔ مصرّاة کو مُحَفَّلة بھی کہتے ہیں، جو اسم مفعول ہے تحفیل کا،[1] تصرية اور تحفيل دونوں بابِ تفعیل سے ہیں، اور دونوں کے معنی ہیں جمع کرنا، جو حکم شاة مصرّاة کا ہے وہی بقرہ، جاموس اور ناقہ وغیرہ کا ہے۔[2]

(۱) لسان العرب ج:۷ ص:۳۳۷، وتاج العروس ج:۱۰ ص:۲۰۹، والمنجد ص:۲۲۳، ۵۶۵، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۱۴۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۱۸۴۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۴، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۲۱، وأوجز المسالك ج:۱۱ ص:۳۸۱ كتاب البيوع، باب ما ينهى عنه من المساومة والمبايعة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "حِلَابَهَا" (ص:۴ سطر:۱۴) مصدر بھی ہے باب نصر وضرب سے، بمعنی دُودھ دوھنا، اور اُس برتن کو بھی حلاب کہتے ہیں جس میں دُودھ دوہا جاتا ہے۔[۱]

ظاہرِ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس نے شاۃ مصراۃ خریدی، اور دُودھ نکال کر استعمال کرلیا، بعد میں پتہ لگا کہ یہ مُصَرَّاۃ ہے تو اس کو خیارِ فسخ ملے گا، یعنی چاہے تو بکری اسی حال میں اپنے پاس رہنے دے اور چاہے بیع کو فسخ کردے اور واپس کردے، لیکن واپس کرنے کی صورت میں ایک صاع تمر بھی مشتری بائع کو دے گا، یہ "صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ" اُس دُودھ کا عوض ہوگا جو مشتری نے استعمال کیا ہے۔ اور صحیح مسلم کی اسی باب میں آگے آنے والی ایک روایت میں تمر کی بجائے "صـاعـا من طعام لا سمراء" (ص:۴ سطر:۱۷) ہے، جس کا ظاہری مطلب یہ ہے کہ وہ ایک صاع تمر ہی کا ہونا ضروری نہیں بلکہ گندم کے سوا کسی بھی طعام کا ایک صاع کافی ہے۔ مگر جمہور صاع تمر ہی کو لازم کرتے ہیں، معلوم ہوا کہ جمہور حدیث کے اس جملے پر بعض دلائل کی وجہ سے عمل نہیں کرتے، اور امام طحاویؒ کی شرح معانی الآثار کی ایک روایت میں "صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ" کی بجائے "اِنَاءٌ مِنْ تمر" ہے۔[۲] اور ابوداؤد کی ایک روایت میں جو ابنِ عمرؓ سے مروی ہے "مِثْلَ او مِثْلَيْ لبنها قَمْحًا" ہے۔ مگر اس کی سند ضعیف ہے۔[۳]

۳۸۱۰- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا يَعْقُوْبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَارِيَّ عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ ابْتَاعَ شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ فِيْهَا بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ۔ اِنْ شَاءَ اَمْسَكَهَا وَاِنْ شَاءَ رَدَّهَا، وَرَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِنْ تَمْرٍ" (ص:۴ سطر:۱۴ تا ۱۶)

قولہ: "بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ" (ص:۴ سطر:۱۶)

حدیث کے اس جزو پر امام شافعیؒ عمل نہیں فرماتے جیسا کہ آگے معلوم ہوگا۔

مذاہبِ فقہاء

مذکورہ بالا حدیث کے ظاہر پر عمل کرتے ہوئے حضراتِ ائمہ ثلاثہؒ، جمہور فقہاء ومحدثین اور

---

(۱) لسان العرب ج:۱ ص:۳۲۷ و ص:۳۲۹۔

(۲) شرح معانی الآثار، کتاب البیوع، باب بیع المصراۃ ج:۲ ص:۲۵۴۔

(۳) سنن ابی داؤد ج:۲ ص:۴۸۸، رقم الحدیث: ۳۳۰۳ کتاب البیوع، باب من اشتری مصراۃ فکرھھا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایک روایت کے مطابق حضرت امام ابو یوسفؒ نے یہ مذہب اختیار فرمایا ہے کہ تصریہ عیب ہے، لہٰذا مشتری کو مُصَرَّاۃ کے واپس کرنے کا خیار ملے گا[۱]، اتنی بات ان سب حضرات کے نزدیک متفق علیہ ہے لیکن اس مسئلے کی تفصیلات میں اختلاف ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ اصح قول کے مطابق شوافع کے نزدیک یہ خیار تین دن تک ممتد نہیں رہے گا، بلکہ جیسے ہی مشتری کو مُصَرَّاۃ ہونے کا علم ہوا، اگر اسی وقت واپس کر دیا تو ٹھیک، ورنہ بیع لازم ہوگی، اور حدیث کے ارشاد "فھو بالخیار ثلاثۃ ایام" میں یہ تاویل کرتے ہیں کہ یہ اُس صورت میں ہے کہ مشتری کو شاۃ کے مصراۃ ہونے کا علم تین دن سے پہلے نہ ہوا ہو، اور عموماً تین دین سے پہلے ہوتا بھی نہیں، کیونکہ جب دوسرے دن وہ دودھ کم دیتی ہے تو یہ احتمال ہوتا ہے کہ ممکن ہے یہ کسی عارض کی وجہ سے ہو، مثلاً چارے وغیرہ کی کمی یا خرابی سے، پھر جب یہی کمی اگلے دن بھی رہی تو پتہ چل جائے گا کہ یہ مُصَرَّاۃ ہے (نوویؒ)۔[۲]

واپس کرنے کی صورت میں ایک صاع تمر کا دینا پڑے گا، یہ صاع من التمر عوض ہوگا اس دُودھ کا جو مشتری نے نکالا خواہ کم ہو یا زیادہ، بکری کا ہو یا گائے یا ناقہ یا بھینس کا۔ عوض کے بارے میں یہی مذہب امام مالکؒ، امام شافعیؒ اور جمہور فقہاء و محدثین سے منقول ہے۔[۳]

البتہ مالکیہ کا مذہبِ مشہور اور بعض شوافع کا قول[۴] یہ ہے کہ مُصَرَّاۃ کو واپس کرنے کی

(۱) عمدۃ القاری ج:۱۱ ص:۲۷۰، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴، وفتح القدیر ج:۶ ص:۴۱ کتاب البیوع، باب خیار العیب، والمغنی لابن قدامۃؒ ج:۶ ص:۲۱۶ تا ۲۲۱ کتاب البیع، باب المصراۃ وغیر ذلک، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۵۸، ۵۹ کتاب البیوع، باب خیار العیب، وکتاب الکافی لابن عبدالبرؒ ج:۲ ص:۷۰۷۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴ ولا مخالف لھم من الصحابۃ، وقال بہ من التابعین ومن بعدھم من لا یُحصٰی عددہ۔ (بذل المجھود ج:۱۵ ص:۱۱۳ باب من اشتریٰ مصراۃ فکرھھا)۔ رفیع۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴، والمغنی لابن قدامۃ ج:۶ ص:۲۱۷ کتاب البیع، باب المصراۃ وغیر ذلک، وإکمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۱۴۳، ۱۴۴، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۱۸۷، وشرح منح الجلیل ج:۲ ص:۶۴۱ باب فی البیع، فصل فی البیع بشرط الخیار، وحاشیۃ الدسوقی ج:۳ ص:۱۱۶ کتاب البیع، فصل فی أحکام الخیار، وکتاب الکافی لابن عبدالبرؒ ج:۲ ص:۷۰۷، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۵۸، ۵۹ کتاب البیوع، باب خیار العیب، وعمدۃ القاری ج:۱۱ ص:۲۷۰ کتاب البیوع، باب النھی للبائع ان لا یحفل الإبل الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صورت میں ایک صاع تمر کی بجائے مشتری کو ایک صاع غالبُ قوتِ البلد کا دینا پڑے گا۔[1]

امام ابو یوسفؒ سے دو روایتیں ہیں، ایک جمہور کے مطابق (یعنی صاعٌ من تمر)، دُوسری یہ کہ جتنا دُودھ استعمال کیا اس کی قیمت دے گا، بَالِغَۃٌ مَّا بَلَغَتْ۔

حضرت امام ابوحنیفہؒ، امام محمدؒ، ابنِ ابی لیلیٰؒ اور فقہاءِ کوفیین اور ایک روایت میں امام مالکؒ کا مذہب یہ ہے کہ مشتری کو خیارِ فسخ نہیں ملے گا، بلکہ بیع لازم ہوگی،[2] البتہ مشتری رُجوع بالنقصان کرسکتا ہے یا نہیں؟ اس میں حنفیہ کی دو روایتیں ہیں، "الأسـرار" کی روایت میں نفی ہے، اور امام طحاویؒ کی روایت میں رُجوع بالنقصان کا اثبات ہے، اور یہی اصحّ ہے۔ (کذا فی رد المحتار للشامیؒ)۔[3]

یعنی بکری کی قیمت پہلے اس اعتبار سے لگائی جائے گی کہ جتنا دُودھ اس کے تھنوں میں عند العقد تھا اگر یہ بکری اتنا ہی دُودھ عادۃً دیا کرتی تو اس کی کیا قیمت ہوتی؟ پھر یہ دیکھا جائے گا کہ جتنا دُودھ یہ اب نفس الأمر میں دیتی ہے اس کے اعتبار سے اس کی کیا قیمت ہے؟ دونوں قیمتوں میں جو تفاوت ہے وہ مشتری بائع سے واپس لے گا۔[4]

دلائل

جمہور کا استدلال حدیثِ باب سے ہے۔

حنفیہ اور ان کے موافقین اس حدیث کو سنداً صحیح اور قوی ماننے کے باوجود اس پر عمل نہیں کرسکے، جس کی وجوہ متعدّد ہیں:-

۱- ایک وجہ یہ ہے کہ یہ خبرِ واحد شریعت کے ایسے قاعدہ کلیہ کے معارض ہے جو قرآنِ کریم، اور اجماع سے ثابت ہے، وہ قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ ضمان بالمثل ہوتا ہے۔

لقولہٖ تعالیٰ:- فَمَنِ اعْتَدٰی عَلَیْکُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَیْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰی عَلَیْکُمْ ۔[5]

---

(۱) هذا كله إذا كان هالكا، وإن كان اللبن قائمًا يردُّ اللبن لا التمر، كذا نقله ابن عابدين عنهم (ردّالمحتار ج: ۵ ص: ۴۴ كتاب البيوع، باب خيار العيب، مطلب فى مسألة المصراة (بألفاظ مختلفة))۔ رفیع

(۲) یاد رہے کہ یہاں علامہ نوویؒ کو امام ابوحنیفہؒ کا مذہب نقل کرنے میں مسامحہ ہوگیا ہے۔ رفیع

(۳) كتاب البيوع، باب خيار العيب، مطلب فى مسألة المصراة ج: ۵ ص: ۴۴۔

(۴) البزازية ج: ۴ ص: ۴۵۵۔ (۵) البقرة: ۱۹۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وقولہٖ تعالیٰ:- وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۔ (۱)

وقولہٖ تعالیٰ:- وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۔ (۲)

معلوم ہوا کہ کسی چیز کا ضمان اس کے مثل سے کم یا زیادہ واجب نہیں ہوتا، اور حدیثِ مُصَرَّاۃ میں ظاہر ہے کہ لبن کے مقابلے میں جو صَاعٌ مِن تَمْرٍ ہے-اور مالکیہ کے مذہب اور شوافع کے ایک قول میں جو "غالبُ قوتِ البلد" ہے وہ بھی-لبن کا نہ مثل صوری ہے، نہ معنوی، مثل صوری تو اس لئے نہیں کہ جنس مختلف ہے، اور معنوی اس لئے نہیں کہ دُودھ خواہ کسی جانور کا ہو، اور قلیل ہو یا کثیر، ہر صورت میں ایک صاع تمر کا (یا غالبُ قوتِ البلد کا) اس کی قیمت نہیں ہوسکتی۔ (۳)

چنانچہ اس پر تمام فقہاء کا اجماع ہے کہ ضمان مثلیات میں بالمثل ہوتا ہے، اور ذوات الْقِيَم میں بِالْقِيَم، اور یہاں ایک صاع تمر کا نہ لبن محلوب کا مثل ہے، نہ اس کی قیمت کے مساوی۔

۲-حدیثِ مُصَرَّاۃ پر عمل نہ کرسکنے کی ایک وجہ امام طحاویؒ (۴) نے یہ بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"اَلْخَرَاجُ بِالضَّمَانِ" (۵)

---

(۱) الشوریٰ: ۴۰۔ (۲) النحل: ۱۲۶۔

(۳) المبسوط للسرخسیؒ (باختصار) ج:۱۳ ص:۴۰ کتاب البیوع، باب الخیار فی العیب۔

(۴) شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۲۸۳ تا ص:۲۸۴، کتاب البیوع، باب بیع المصراۃ۔

(۵) __اس حدیث کی تشریح وتحقیق__

یہ حدیث "جوامع الکَلِم" میں سے ہے (کما قالہ ابن الھمام فی فتح القدیر، کتاب الوقف، ج:۵ ص:۴۳۴)۔ چونکہ یہ ایک اہم فقہی قاعدے کی حیثیت رکھتی ہے، اور یہ قاعدہ بہت سے فقہی مسائل میں جاری ہوتا ہے جن کی کچھ مثالیں آگے "باب بیع المبیع قبل القبض" میں بھی آئیں گی، نیز موجودہ سرمایہ داری نظام میں سٹہ وغیرہ سے بھی اس کا گہرا تعلق ہے، جیسا کہ وہاں معلوم ہوگا، اور قاعدۂ فقہیہ "اَلْغُنْمُ بِالْغُرْمِ" بھی اسی معنی میں ہے، اس لئے یہاں اس حدیث کی تشریح وتفصیل اور حوالوں کا بیان مناسب معلوم ہوتا ہے، وھو کما یلی:

قال المحشّی (الشیخ إبراھیم شمس الدین) فی حاشیة شرح معانی الآثار (ج:۲ ص:۲۸۳) ما نصّه: "الخَراجُ بالضَّمَانِ"، يُرِيْدُ بِالْخَرَاجِ - بالفتح- ما يَحْصُلُ من غلّة العينِ المبتاعة، عبدًا كان او أمةً، أو غيرهما، وذالك انْ يَشْتَرِيَهٗ فَيَسْتَغِلَّهٗ (یعنی اُس سے نفع کماتا ہے-رفیع) زمانًا، ثُمَّ يَعْثرُ منه علی عیب، فَلَهٗ ردُّ العينِ المَبِيْعَةِ واَخْذُ الثَّمَنِ، ويكون للمشتری ما اسْتَغَلَّهٗ، لأن المبيع لو كان تَلَفَ فی يَدِهٖ لكان فی ضمانِهٖ، ولَمْ يكن لَهٗ علی البائع شَيْءٌ۔... ....(باقی اگلے صفحے پر)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

(بقیہ حاشیہ صفحۂ گزشتہ)..................

والباء في "بالضمان" متعلقةٌ بِمَحْذُوْفٍ، تقديره "الخَرَاجُ مُسْتَحَقٌّ بالضّمان" أي: بسببه، أي ضمانُ الأصلِ سَبَبٌ لِمِلْكِ خَراجِه، كذا قالَهُ السيوطي في "زَهْرِ الرُّبٰى" وبعض علمائنا في شرح الترمذي۔

وقال القاضي أبوبكر بن العربي: "الخَرَاج في العربية عبارةٌ عَنْ كُلِّ خارجٍ من شيء، وهو موضوع لكل فائدةٍ طَرَأَتْ عَلىٰ أخذه" (انتهى ما في حاشية شرح معاني الآثار)۔

قال العبد الضعيف محمد رفيع العثماني عفا الله عنه: أمّا قصّة هٰذا الحديث: فقد رواها الحاكم في المستدرك (واللفظ له) وأبوداوٗد، وابن ماجة، وأبو عوانة في مسنده، عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة رضي الله عنها: أنّ رجلا اشترىٰ من رجل غُلامًا في زمن النبي صلى الله عليه وسلم، فكان عنده مَا شاء الله، ثمَّ رَدَّهُ من عيب وَجَدَ بِهٖ، فقال الرجل حين رَدَّ عليه الغُلامَ: يا رسولَ الله! إنَّه كان استَغَلَّ غلامي مُنْذُ زَمَانٍ عنده، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: "الخراجُ بالضمان" ـــــ قال الذهبي في التلخيص: "صحيح" ـــــ وقال الحاكم في رواية ثانية سَاقَها في نفس هٰذِهٖ القصّة: "هٰذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاهُ"، فقال الذهبي في هٰذِهٖ الرواية أيضًا: "صحيح"۔ (كتاب البيوع، ج:٢ ص:١٨)۔

قد أخرج الحديث أبوداوٗد في سُنَنِه (باب في من اشترىٰ عبدًا فاستعمله ثمَّ وجدَ به عيبًا) برقم (٣٥٠٨) و (٣٥٠٩) و(٣٥١٠)، قال الشوكاني في نيل الأوطار: "لهٰذا الحديث في سنن أبي داوٗد ثلاثُ طُرُق، اثنتان رجالهما رجال الصحيح، والثالثة قال أبوداوٗد: إسنادها ليس بذاك۔

واخرجَهُ الحاكم في المستدرك، في كتاب البيوع، بستِّ طُرُق (رقم ٢١٧٦ - إلى - ٢١٨١) قال الذهبي في اثنتين منها: "صحيح" (ج:٢ ص:١٨) كما مرَّ۔

ورواهُ الترمذي بطريقين (برقم ١٢٨٥ و ١٢٨٦) قال في أُوْلٰهما: "هٰذا حديث حسن صحيح"، وفي أُخْرَاهما: "هٰذا حديث حسن صحيح غريب"۔

وابن ماجة بطريقين (برقم ٢٢٤٢ و ٢٢٤٣) في باب "الخراج بالضمان" (ج:٢ ص:٧٥٤)۔ ورواهُ ابن حبان في صحيحه بطريقين (برقم ٤٩٢٧ و ٤٩٢٨) باب خيار العيب (ج:١١ ص:٢٩٩)۔ ورواهُ النسائي (المجتبٰى) برقم ٤٤٩٠، (ج:٧ ص:٢٥٤) وكذا في سنن النسائي الكبرىٰ (ج:٤ ص:١١) برقم ٦٠٨١۔

ورواهُ ابن أبي شيبة في مصنفه (ج:٣ ص:٣٤٣) في الرجل يشتري العبد أو الدار فيستغلها، وفي كتاب أقضية رسول الله صلى الله عليه وسلم (ج:١١/٦-٢٥٧٨٦) وأبو عوانة في مُسْنَدِهٖ بأربع طُرُق برقم ٥٤٩٣ (إلى) ٥٤٩٦ (ج:٣ ص:٣٠٤) والدارقطني بطريقين (رقم ٢٩٧١ و٢٩٧٢) كتاب البيوع (ج:٣ ص:٥٣) والبيهقي في سننهِ الكبرىٰ بسبع طرق (رقم ١٠٥١٩ - إلى - ١٠٥٢٥) باب المشتري يجد بما اشتراهُ عيبًا وقد استغلّه زمَانًا (ج:٥ ص:٣٢١)۔.......................... (باقی اگلے صفحے پر)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

''نفع (کا استحقاق) ضمان کی وجہ سے ہوتا ہے''

یعنی جو چیز کسی کے ضمان میں ہو اُس کا نفع لینا اُس کا حق ہے۔ اور حدیثِ مُصَرَّاۃ اس حدیث کے معارض ہے، جس کی وجہ آگے نمبر ۳ میں آرہی ہے۔

۳- حدیثِ مُصَرَّاۃ پر عمل نہ کر سکنے کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ قیاس بھی اس کے معارض ہے، کیونکہ جو دُودھ مشتری نے استعمال کیا، اس میں سے کچھ تو وہ ہے جو جانور کے تھنوں میں بوقتِ عقد موجود تھا اور تبعاً وہ بھی معقود علیہ تھا، اور کچھ دُودھ بعد میں مشتری کی مِلک میں پیدا ہوا جو معقود علیہ نہیں، پس اگر مشتری بکری واپس کرتا ہے تو تین حال سے خالی نہیں، کہ یا تو اس پورے دُودھ کا جو اس نے پیا، عوض دے یا بالکل نہ دے، یا صرف اتنے دُودھ کا عوض دے جو عقد کے وقت تھنوں میں موجود تھا، اور یہاں تینوں صورتیں متعذر ہیں، اس لئے کہ پہلی صورت میں مشتری کی حق تلفی ہے، کیونکہ اس لبنِ محلوب کا ایک حصہ جو بعد العقد پیدا ہوا وہ اس کی اپنی ملکیت اور ضمان میں تھا، اسے استعمال کرنا اُس کا حق تھا، لحدیث "الخراج بالضمان"، اور دُوسری صورت میں بائع کی حق تلفی ہے، کیونکہ لبنِ محلوب کا جو حصہ تھنوں میں عقد کے وقت موجود تھا وہ بھی معقود علیہ تھا جو بائع کو واپس نہیں

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)....................

إحالاتٌ أخرى:

مسند الشافعي: ص:۲۸۹ و ص:۳۴۳۔

مسند أبي يعلى: ۸/۳۰-۴۵۳۷، ۸/۵۵-۴۵۵۷، ۸/۸۲-۴۶۱۴۔

مسند إسحاق بن راهويه: ۲/۲۴۸-۷۵۰، ۲/۲۶۹-۷۷۵۔

مسند أحمد: ۶/۴۹-۲۴۲۷۰، ۶/۲۰۸، ۲۵۷۸۶، ۶/۲۳۷-۲۶۰۴۱۔

مسند الطيالسي: ص:۲۰۲-۱۴۶۴۔

التاريخ الكبير للبخاري: ۱/۲۴۳-۷۷۱۔

شرح معاني الآثار للطحاوي: ۴/۲۱، باب بيع المصرّاة۔

المنتقى لابن جارود: ص:۱۵۹، رقم الحديث:۶۲۶-۶۲۷۔

مصنف عبدالرزاق ج:۸ ص:۱۷۶ ـــــ فاغتنم هذا التحرير۔

كتبه محمد رفيع العثماني عفا الله عنه

والله المستعان، وهو المنّان، وعليه التكلان۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ملا، حالانکہ فسخِ بیع کی شرط یہ ہے کہ عوضین میں کمی بیشی نہ ہو، اور تیسری صورت اس لئے متعذر ہے کہ لبنِ محلوب میں یہ امتیاز ممکن نہیں کہ کتنا دُودھ عقد کے وقت موجود تھا اور کتنا بعد میں پیدا ہوا؟ لہٰذا فسخ متعذر ہے۔[1]

اور امام ابو یوسفؒ کے قول پر بھی عمل ممکن نہیں کیونکہ جتنے دُودھ کا ضمان دینا ہے اس کی مقدار معلوم نہیں۔ لہٰذا اُس کی قیمت بھی معلوم نہیں۔ "فلا سبیل الّا الی الرجوع بالنقصان کما قُلنا"۔

یہی مجبوری ہے جس کی بناء پر یہ حدیث سنداً قوی اور بالکل صحیح ہونے کے باوجود اس پر عمل ترک کرنا پڑا، کیونکہ یہ بھی ایک مُسلَّمہ اُصول ہے کہ کوئی خبرِ واحد کتنی ہی قوی سند کے ساتھ ہو، اگر وہ مُسلَّماتِ شرعیہ، قطعیاتِ محکمہ اور اُصولِ دین کے خلاف ہوگی تو اس پر عمل کو ترک کیا جائے گا، چنانچہ امام ترمذیؒ نے "کتابُ العِلَل" میں فرمایا ہے کہ میں نے اپنی کتاب یعنی "جامع ترمذی" میں ایسی کوئی روایت ذکر نہیں کی جو سب فقہاء کے نزدیک متفقہ طور پر متروک العمل ہو، "ما خلا حدیثین .... إلخ"[2] حالانکہ وہ دونوں حدیثیں سند کے اعتبار سے صحیح ہیں۔ معلوم ہوا کہ صحتِ سند کے باوجود ایسی حدیثیں متروک العمل قرار دی جائیں گی۔

حدیثِ باب کا جواب

حدیثِ باب کا جواب یہ ہے کہ یا تو اسے منسوخ قرار دیا جائے ان آیاتِ قرآنیہ اور حدیثِ صحیح سے جو اُوپر بیان کی گئیں، یا یوں[3] کہا جائے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم عام اُمت کے لئے نہیں بلکہ کسی خاص قضیہ میں نامعلوم وجوہ کی بناء پر کسی خصوصیت کے باعث فرمایا تھا، اور حکم چونکہ غیر مدرک بالقیاس ہے اور اس کی لِمْ اور نوع ہمیں معلوم نہیں، اس لئے یہ اپنے موردِ مخصوص پر مقتصر رہا،[4] اور تعدیہ[5] اس کا جائز نہیں۔

---

(۱) عمدة القاری ج:۱۱ ص:۲۷۱ کتاب البیوع، باب النهی للبائع ان لا یحفل الإبل الخ، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۲۳و۲۲۴۔

(۲) جامع الترمذی، کتاب العلل ج:۲ ص:۲۳۳۔ (۳) الکوکب الدری ج:۲ ص:۳۰۱، ۳۰۲۔

(۴) یعنی اس خاص واقعہ جزئیہ کے ساتھ اور اُن فریقین کے ساتھ مخصوص رہا، جن کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ فرمایا تھا۔ (رفیع)

(۵) قولہ "تعدیہ" یعنی دوسرے افرادِ اُمت کی طرف اور اسی جیسے دوسرے قضایا کی طرف۔ کذا یفهم من الکوکب الدری۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور تیسرا احتمال اس حدیث میں یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی خاص واقعے میں یہ فیصلہ متخاصمین کے درمیان بطور تشریع یا بطور قضاء کے نہ کیا ہو، بلکہ ارشاد اور مشورے کے طور پر اصلاح بین الأخوین کے قبیل سے کیا ہو، واللہ اعلم۔ (۱)

۳۸۱۴- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ قَالَ: نَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ: هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ اَحَادِيْثَ، مِنْهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِذَا مَا اَحَدُكُمْ اشْتَرٰى لِقْحَةً مُصَرَّاةً اَوْ شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ اَنْ يَحْلُبَهَا اِمَّا هِيَ وَاِلَّا فَلْيَرُدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ۔" (ص:۵ سطر:۱،۲)

قوله: "لِقْحَةً مُصَرَّاةً" (ص:۵ سطر:۲)

لِقْحَة: دودھ دینے والی اونٹنی، جمع لِقاح آتی ہے۔

باب بُطلان بیْعِ المَبیع قبلَ القَبْض (ص:۵)

۳۸۱۵- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ۔ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ وَقُتَيْبَةُ قَالَا: نَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاؤُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهُ۔ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَاَحْسِبُ كُلَّ شَيْءٍ مِثْلَهُ۔" (ص:۵ سطر:۲ تا ۴)

مبیع کی بیع قبل القبض ائمہ اربعہ کے نزدیک ناجائز ہے، اور عثمان البتی کے علاوہ کسی سے اس کا جواز منقول نہیں (نوویؒ)، (۲) البتہ عدمِ جواز کی تعمیم وتخصیص میں اختلاف ہے۔

امام محمدؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک یہ عدمِ جواز ہر قسم کی مبیع کو شامل ہے، مبیع خواہ منقول ہو

---

(۱) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: مرقاۃ المفاتیح ج:۶ ص:۷۸، ۷۹ کتاب البیوع، باب المنهی عنها، الفصل الأول، وعمدۃ القاری ج:۱۱ ص:۲۷۱، ۲۷۲ کتاب البیوع، باب النهی للبائع ان لا یحفل الابل الخ، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۵۶ تا ۹۲ ابواب بیع العیب، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۱۳ تا ۱۱۸ باب من اشتری مصراۃ فکرهها، واوجز المسالک ج:۱۱ ص:۳۷۶ تا ۳۸۲ کتاب البیوع، باب ما ینهی عنه من المساومة والمبایعة۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یا غیر منقول، مطعوم ہو یا غیر مطعوم، مکیلات وموزونات میں سے ہو یا نہ ہو، بہر حال اس کی بیع قبل القبض ناجائز ہے۔(۱)

حضرت امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک عَقَار کے علاوہ ہر چیز کی بیع قبل القبض ناجائز ہے، اور عَقَار میں بھی یہ تفصیل ہے کہ اگر اس کی ہلاکت کا اندیشہ ہو مثلاً وہ عِلْو ہو یا دریا کے کنارے پر ہو، تو اس صورت میں اس کی بیع بھی قبل القبض ناجائز ہوگی۔(۲)

امام مالکؒ کے نزدیک عدمِ جواز کے لئے دو شرطیں ہیں، ایک مکیل یا موزون ہونا، اور دُوسری طعام ہونا۔(۳)

امام اسحاق بن راہویہؒ کے نزدیک بیع المبیع قبل القبض کا عدمِ جواز مکیل وموزون کے ساتھ خاص ہے، باقی میں جائز(۴) ہے۔ امامِ احمدؒ سے تین روایتیں ہیں، ایک مذہب امامِ مالکؒ کے مطابق، دوسری اسحاق بن راہویہؒ کے مطابق، اور تیسری یہ کہ عدمِ جواز صرف مطعومات کے ساتھ خاص ہے خواہ وہ مکیلات وموزونات ہوں یا نہ ہوں۔(۵)

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵، وفتح الباری ج:۴ ص:۳۴۹، ۳۵۰ کتاب البیوع، باب بیع الطعام قبل القبض الخ، واوجز المسالک ج:۱۱ ص:۲۰۰ کتاب البیوع، باب ما ینهی عنه من المساومة والمبایعة۔

(۲) کذا فی الدّر المختار ج:۵ ص:۱۴۷ کتاب البیوع، فصل فی التصرف فی المبیع والثمن قبل القبض الخ۔ وتبیین الحقائق ج:۴ ص:۴۳۵ تا ۴۳۷ کتاب البیوع، باب التولیة، فصل بیع العقار قبل قبضه، والبحر الرائق ج:۶ ص:۱۹۳ تا ۱۹۵ کتاب البیوع، باب المرابحة والتولیة، فصل فی بیان التصرف فی المبیع والثمن قبل قبضه۔

(۳) المعلم ج:۲ ص:۱۶۵۔ (رفیع) نیز دیکھئے: عمدة القاری ج:۱۱ ص:۲۴۲ کتاب البیوع، باب بیع الطعام قبل القبض الخ، والمفهم ج:۴ ص:۳۷۶، ۳۷۷، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۱۸۹۔

(۴) قال ابن قُدامة فی المغنی (ج:۴ ص:۱۱۵) کتاب البیع "ظاهر المذهب (ای مذهب الحنابلة) ان المکیل والموزون لا یدخل فی ضمان المشتری إلا بقبضه وهو ظاهر کلام الخرقی ــ (إلی) وهو ظاهر کلام احمد ونحوهٔ قول إسحاق۔" رفیع۔

(۵) الکوکب الدری ج:۲ ص:۲۹۲، ۲۹۳، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۶۷ کتاب البیوع، باب فی بیع الطعام قبل ان یستوفی، والشرح الصغیر للدردیرؒ ج:۳ ص:۲۰۴، ۲۰۵، والانصاف للمرداویؒ ج:۴ ص:۴۶۰، ۴۶۱، والمغنی لابن قدامةؒ ج:۴ ص:۱۱۵ رقم المسألة:۲۹۵۵ مسألة اشتری ما یحتاج الی قبضه الخ، وشرح منح الجلیل علی مختصر العلامة خلیلؒ ج:۲ ص:۷۰۰، ۷۰۱ باب فی المبیع، فصل البیع بشرط الخیار، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۲۲۷ کتاب البیوع، باب فی بیع الطعام قبل ان یستوفی۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دلائل

امام مالکؒ کا استدلال اُن احادیثِ باب کے ظاہر سے بھی ہے جن میں صرف طعام کا ذکر ہے اور اسی باب کی چوتھی اور بارھویں روایت سے بھی ہے جن میں طعام کے ساتھ کیل کا بھی ذکر ہے، چوتھی روایت حضرت ابنِ عباس سے اور بارھویں روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے آئی ہے۔

امام اسحاق بن راہویہؒ احادیثِ باب کو معلول بعلة الکیل والوزن قرار دیتے ہیں۔

امام شافعیؒ اور امام محمدؒ کا استدلال صحیح مسلم میں حدیثِ باب کے اس جملے سے ہے کہ "قال ابن عباسؓ: واحسب کل شيء مثله"۔

نیز مندرجہ ذیل دو حدیثیں بھی ان کا مستدل ہیں:-

۱- عن زید بن ثابت قال: "فان رسول الله صلی الله علیه وسلم نهٰی ان تُباعَ السِّلَعُ حیث تُبتَاعُ حَتّٰی یَحُوْزُها التجار إلٰی رحالهم" (رواه ابو داوٗد (۱) عن محمد بن اسحاق إلٰی ابن عمر عن زید بن ثابتؓ، ورواه ابن حبانؓ (۲) والحاکم فی المستدرک وصححهٗ (۳) وقال فی التنقیح: سندہ جیّد، فتح القدیر (۴))۔

۲-عن حکیم بن حزام قال: "قلت: یا رسول الله! انی رجل أبتاع هٰذه البیوع وأبیعها فما یحل لی منها وما یحرم؟ قال: لا تبیعن شیئًا حتی تقبضه۔" (رواه النسائی (۵) فی سننه الکبریٰ، ورواه أحمد فی مسنده (۶) وابن حبان (۷)، قال ابن الهمام بعد ذکر هٰذین الحدیثین "فالحق ان الحدیث (ای الثانی) حجة، والذی قبله (ای الأول) کذٰلك" فتح القدیر (۸))۔

---

(۱) سنن ابی داؤد رقم الحدیث: ۳۳۵۶ ج:۲ ص:۴۹۴۔

(۲) صحیح ابن حبّان بالفاظ مختلفة، رقم الحدیث: ۴۹۶۳، ج:۷ ص:۲۲۹۔

(۳) المستدرك للحاکم النیسابوری رقم الحدیث: ۲۲۷۱، ج:۲ ص:۴۶۔

(۴) فتح القدیر ج:۶ ص:۱۳۶ کتاب البیوع، باب المرابحة والتولیة، فصل ومن اشتریٰ شیئًا مما ینقل۔

(۵) کذا فی نصب الرایة ج:۴ ص:۳۲ رقم الحدیث: ۶۳۴۸۔

(۶) مسند احمد ج:۲۴ ص:۳۲ رقم الحدیث: ۱۵۳۱۶ بالفاظ مختلفة۔

(۷) صحیح ابن حبان ج:۷ ص:۲۲۸ رقم الحدیث: ۴۹۶۲ بالفاظ مختلفة۔

(۸) فتح القدیر، کتاب البیوع، باب المرابحة والتولیة، فصل ومن اشتریٰ شیئًا مما ینقلج:۶ ص:۱۳۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کا استدلال احادیثِ کثیرہ سے ہے، جن میں سے ایک حدیثِ مرفوع وہی ہے جو زید بن ثابتؓ کے حوالے سے اُوپر بیان ہوئی، کہ وہ صرف منقول پر صادق آتی ہے، غیر منقول پر صادق نہیں آتی، کما هو العرف في لفظ "السِّلَع" وايضًا قوله عليه الصلوٰة والسلام: "حتّٰى يحوزها التجار الى رحالهم" صريح في هٰذا المعنى۔ اور حکیم بن حزامؓ کی مذکورہ بالا روایت سے بھی اس طرح استدلال کرتے ہیں کہ اس میں "شيئًا" سے مراد وہ شئ ہے جو مظنون الهلاك ہو، کیونکہ یہ حکم معلول بالعلة ہے جس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔[1]

علامہ ابن الہمامؒ فرماتے ہیں: "والأحاديث كثيرة في هٰذا المعنى"۔[2]

امام ابوحنیفہؒ کی عقلی دلیل صاحبِ ہدایہ نے یہ بیان کی ہے کہ بيع المبيع قبل القبض میں "غَرَرُ انْفِسَاخِ العَقْدِ الأَوَّل" پایا جاتا ہے، کیونکہ اگر مبیع، بائعِ اوّل کے پاس ہی ہلاک ہوگئی تو عقدِ اوّل فسخ ہو جائے گا، اور مبیع بائعِ ثانی کی ملکیت میں نہ رہے گی، جس سے عقدِ ثانی کا فاسد ہونا لازم آئے گا،[3] کیونکہ وہ بیع ملک الغیر کی ہوگی اُس کی اجازت کے بغیر، وذالك مفسد للعقد (فتح القدیر)۔[4] اور بيع الغرر سے حدیث میں ممانعت آئی ہے، جیسا کہ كتاب البيوع (صحیح مسلم) کے دُوسرے باب میں حدیثِ صحیح موجود ہے، اور عَقَار میں چونکہ ہلاکت کا اندیشہ نہیں تو وہاں یہ غرر نادر کالعدم ہے، لہٰذا اس کی بیع قبل القبض جائز ہوگی، حتیٰ کہ اگر عقار ایسی ہو کہ اس کی ہلاکت کا خطرہ ہو مثلاً عِلْو ہو یا دریا کے کنارے پر واقع ہو تو اس کی بیع قبل القبض جائز نہیں۔[5]

---

(۱) فتح القدير ج:٦ ص:١٣٦، كتاب البيوع، باب المرابحة والتولية، فصل ومن اشترىٰ شيئًا مما ينقل، واعلاء السنن ج:١٤ ص:٢٢٨، ٢٢٩ كتاب البيوع، باب التولية والمرابحة، وكذا في حاشية الشيخ الشبلي على تبيين الحقائق ج:٤ ص:٤٣٦ كتاب البيوع، باب التولية، فصل بيع العقار قبل قبضه۔

(۲) فتح القدير، كتاب البيوع، باب المرابحة والتولية، فصل ومن اشترىٰ شيئًا مما ينقل ج:٦ ص:١٣٦۔

(۳) اس میں غرر پائے جانے کی وجہ ناچیز کے خیال میں یہ آتی ہے کہ اس کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ گویا عقدِ ثانی اس شرط کے ساتھ ہوا ہے کہ اگر مبیع مجھے سالم مل گئی تو میں نے اس کی بیع کی، اور یہ صورت معنیً "تعليق التمليك على الخَطَر" میں داخل ہے۔ بعد میں حاشیہ ہدایہ میں اس کی تقریباً صراحت حضرت مولانا لکھنویؒ کے کلام سے مل گئی، ولله الحمد، رفیع۔

(۴) فتح القدير، كتاب البيوع، باب المرابحة والتولية، فصل ومن اشترىٰ شيئًا مما ينقل ج:٦ ص:١٣٦۔

(۵) فتح القدير ج:٦ ص:١٣٦ تا ١٣٨ كتاب البيوع، باب المرابحة والتولية، فصل ومن اشترىٰ شيئًا مما ينقل، واعلاء السنن ج:١٤ ص:٢٢٨، ٢٢٩ كتاب البيوع، باب التولية والمرابحة، والبحر الرائق ج:٦ ص:١٩٣ تا ١٩٥ كتاب البيوع، باب المرابحة والتولية، فصل في بيان التصرف في المبيع والثمن قبل قبضه، والمبسوط ج:١٣ ص:٩، ١٠ كتاب البيوع، باب البيوع الفاسدة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس بیع کی دُوسری علتِ حرمت ناچیز کو یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس میں "رِبْحُ مَا لَمْ يَضْمَنْ" لازم آتا ہے[1]، یعنی بیع المبیع قبل القبض میں مشتری اوّل اپنی ایسی مملوک شئی سے نفع حاصل کرتا ہے، جو ابھی اس کے ضمان میں داخل نہیں، کیونکہ اگر وہ بائع کے پاس ہی ہلاک ہو جائے تو ضمان مشتری پر نہ آئے گا، بائع پر ہوگا اور بیع اوّل فسخ ہو جائے گی، اور ایک حدیثِ مرفوع سے جو ترمذی نے روایت کی ہے، اور دیگر دلائلِ شرعیہ میں غور کرنے سے بھی یہ قاعدہ کلیہ معلوم ہوتا ہے کہ شریعت کسی کو اپنی مملوک شئی سے انتفاع کی اجازت ایسی حالت میں نہیں دیتی جبکہ وہ اس کے ضمان میں نہ ہو، وہ حدیثِ مرفوع یہ ہے: "عن عبداللہ بن عمروؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: لا يَحِلّ سَلَفٌ وبيعٌ، ولا شرطان في بيعٍ، ولا ربحُ ما لم يضْمَنْ، ولا بيع ما ليس عندك۔" اخرجه الترمذي وقال: هذا حديث حسن صحيح۔[2] جہاں بھی کسی مملوک شئی سے انتفاع کی اجازت ہے اسی قید کے ساتھ ہے کہ مالک اس کے نقصان ومؤنت کی ذمہ داری قبول کرے، مثلاً عورت سے انتفاع کی اجازت اسی قید کے ساتھ ہے کہ باضابطہ نکاح ہو، جس کے نتیجے میں تولُّد ولد کی صورت میں ثبوتِ نسب کی ذمہ داری شوہر پر ہوگی، عورت کا نان ونفقہ، مہر، سکنیٰ اور پرورش اولاد کے مصارف بھی اس کے ذمے ہوں گے، چنانچہ نکاح (اور اس کی ذمہ داریوں) کے بغیر انتفاع حرام (زنا) ہے۔

اسی طرح شرکت کا عقد اس شرط کے ساتھ تو جائز ہے کہ ہر شریک نفع ونقصان دونوں میں شریک ہو، لیکن اگر کوئی شریک صرف نفع میں شریک ہو، نقصان میں شریک نہ ہو تو عقد ناجائز ہو جاتا ہے۔

اسی طرح سود، اس لئے بھی حرام ہے کہ اس میں قرض دیئے ہوئے اس مال کا نفع لیا جاتا ہے جو مُقرِض کے ضمان میں نہیں، چنانچہ اگر وہ مستقرض کے پاس ہلاک ہو جائے تو ضمان مُقرِض پر نہیں آتا۔

---

(۱) المبسوط لشمس الدين السرخسيؒ ج:۱۳ ص:۹ كتاب البيوع، باب البيوع الفاسدة، وفتح القدير ج:۶ ص:۱۳۷ كتاب البيوع، باب المرابحة والتولية، فصل ومن اشترى شيئًا مما ينقل۔

(۲) جامع الترمذي، ابواب البيوع، باب ما جاء في كراهية بيع ما ليس عنده، رقم الحديث: ۱۲۳۴ ج:۱ ص:۲۶۴، وكذا في سنن ابي داؤد، كتاب البيوع، باب في شرط في بيع، رقم الحديث: ۳۳۶۱ ج:۲ ص:۴۹۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اسی طرح مضاربت میں اگر ربّ المال صرف نفع میں شریک ہو نقصان کی ذمہ داری نہ لے تو مضاربت ناجائز ہے۔

اسی طرح ودیعت سے انتفاع مُودَع کو اسی لئے ناجائز ہے کہ وہ مُودَع کے ضمان میں نہیں، اور جب اجازت لے کر انتفاع کرے گا تو ضامن بھی ہوگا، لقولہ علیہ السلام: "الخراجُ بالضّمان"۔[1]

اور یہ بات عقلاً وطبعاً بھی انصاف سے بعید اور خود غرضی ہے کہ انسان کسی شئ کے منافع تو خود حاصل کرے اور اس کی مؤنت ونقصان کی ذمہ داری دُوسرے پر ڈال دے، پس بیع المبیع قبل القبض کا عدمِ جواز بھی درحقیقت "ربْحُ ما لم یضمن" کی ممانعت اور "الغُنْمُ بِالْغُرْم" کے قاعدہ کلیہ ہی کی ایک فرع ہے۔

قوله: "واَحْسِبُ كلَّ شَیْءٍ مِثْلَهٗ" (ص:۵ سطر:۴) حضرت ابن عباسؓ کا یہ اجتہاد امام شافعیؒ وامام محمدؒ کے مذہب کا مؤید ہے۔

۳۸۱۸- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَاَبُوْ كُرَیْبٍ وَاِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ -قَالَ اِسْحٰقُ: اَنَا وَ قَالَ الآخَرَانِ: نَا- وَكِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ، عَنِ ابْنِ طَاؤُسٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا یَبِعْهُ حَتّٰی یَكْتَالَهٗ. فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: لِمَ؟ فَقَالَ: اَلَا تَرَاهُمْ یَتَبَایَعُوْنَ بِالذَّهَبِ، وَالطَّعَامُ مُرْجًا. وَلَمْ یَقُلْ اَبُوْ كُرَیْبٍ مُرْجًا." (ص:۵ سطر:۷،۸)

قوله صلی الله علیه وسلم: "مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا یَبِعْهُ حَتّٰی یَكْتَالَهٗ" (ص:۵ سطر:۸)

قوله: "اَلَا تَرَاهُمْ یَتَبَایَعُوْنَ بِالذَّهَبِ، وَالطَّعَامُ مُرْجًا" (ص:۵ سطر:۸)

ای موخرٌ، ویجوز همزة (ای مرجاءٌ) وترك همزة (ای مُرجًا) قاله النووی۔[2]

---

(۱) اخرجه ابوداوٗد فی سننه، کتاب البیوع، باب فیمن اشتریٰ عبدًا فاستعمله ثم وجد به عیبًا، رقم الحدیث: ۳۳۶۵ ج:۲ ص:۴۹۵، والحاکم فی المستدرك بطُرُق خمسة، ج:۲ ص:۱۸، ۱۹، رقم الحدیث: ۲۱۷۶ تا ۲۱۸۱۔

(۲) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۲ ص:۵، و بذ: فی فتح الباری، ج:۴ ص:۳۴۹ کتاب البیوع، باب ما یذکر فی بیع الطعام والحکرة، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۱۹۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور ابوداؤد کی روایت میں "مُـرَجًّـی" ہے، یعنی بابِ تفعیل کا اسمِ مفعول، جبکہ مسلم کی اس روایت میں یہ بابِ افعال کا اسم مفعول ہے، اور دونوں بمعنی "مـؤخّـر" ہیں، یعنی مؤجل (بذل المجهود)۔(۱)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ: لوگ سونے کے عوض طعام خرید کر اس کی بیع سونے ہی سے اس حالت میں کرتے ہیں کہ طعام مؤجل ہوتا ہے، یعنی مشتری کے قبضے میں نہیں ہوتا، مثلاً طعام ایک دینار کا خریدا، اور طعام کو قبضے میں لئے بغیر اسے آگے دو دینار کے عوض فروخت کر دیا، تو یہ معنیً بیع الذهب بالذهب ہوئی، کیونکہ طعام مؤجل یعنی غیر مقبوض ہے (جس کی وجہ سے غیر مضمون ہے لہٰذا کالعدم ہے)، پس یہ ایسا ہوگیا کہ گویا اس نے ایک دینار کو دو دینار کے عوض فروخت کر دیا ہے، جو حرام اور رِبا ہے۔(۲)

لیکن حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی بیان فرمودہ یہ تعلیل ان کا اجتہاد ہے، ورنہ علتِ منصوصہ غَرَر اور "ربحُ ما لم يضمن" ہیں جو پیچھے بیان ہو چکی ہیں۔(۳)

وفي رواية ابن عمرؓ قال: "كنا في زمان رسول الله صلى الله عليه وسلم نبتاع الطعام فيبعث علينا من يأمرنا بانتقاله من المكان الذي ابتعناه فيه الى مكان سواه قبل أن نبيعه۔" (ص:۵ سطر:۱۰)

قبضے کے مختلف طریقے

نقل الشيخ السهارنفوريؒ في بذل المجهود عن الخطابيؒ انه قال: القبوض تختلف في الأشياء حسب اختلافها في أنفسها، فمنها ما يكون بأن يوضع المبيع في يد صاحبه، ومنها ما يكون بالتخلية بينه وبين المشتري، ومنها ما يكون بالنقل من

(۱) سنن ابی داؤد رقم الحديث: ۳۴۹۱، كتاب البيوع، باب في بيع الطعام قبل أن يستوفي، صحیح بخاری میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے یہ الفاظ منقول ہیں: "قال ذاك دراهم بدراهم والطعام مُرجأ" رقم الحديث: ۲۱۳۲، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۷۰ كتاب البيوع، باب في بيع الطعام قبل أن يستوفي، وفتح الباري ج:۴ ص:۳۵۰ كتاب البيوع، باب ما يذكر في بيع الطعام والحكرة، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۱۵۱۔

(۲) بذل المجهود، كتاب البيوع، باب في بيع الطعام قبل ان يستوفي ج:۱۵ ص:۱۷۰، وفتح الباري ج:۴ ص ۳۵۰ كتاب البيوع، باب ما يذكر في بيع الطعام والحكرة، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۳۰۔

(۳) حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

موضعه، ومنها ما يكون بأن يُكتالَ، وذلك فيما بيع من المكيل كيلا، فأما ما يباع منه جزافًا صُبْرَةً مصبوبة علی الأرض فالقبض أن ينقل ويحول من مكانه۔ (۱)

۳۸۲۵- "وَحَدَّثَنِیْ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰی قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ اَبَاهُ قَالَ: قَدْ رَأَيْتُ النَّاسَ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ابْتَاعُوا طَعَامًا جِزَافًا يُضْرَبُوْنَ اَنْ يَّبِيْعُوْهُ فِیْ مَكَانِهِمْ ذٰلِكَ حَتّٰی يُؤْوُوْهُ اِلٰی رِحَالِهِمْ۔ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَحَدَّثَنِیْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ اَبَاهُ كَانَ يَشْتَرِی الطَّعَامَ جِزَافًا فَيَحْمِلُهُ اِلٰی اَهْلِهٖ۔"

(ص:۵ سطر:۱۶ تا ۱۹)

قولہ: "حَتّٰی يُؤْوُوْهُ اِلٰی رِحالِهِمْ (الٰی قوله) فَيَحْمِلُهُ اِلٰی اَهْلِهٖ"(ص:۵ سطر:۱۸و۱۹)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی اوپر کی سب روایات میں جِزَافًا خریدی ہوئی مبیع کو آگے فروخت کرنے کے لئے صرف نقلِ مکانی کو کافی قرار دیا گیا ہے،(کما في قوله: حتی تَنْقُلَهُ من مكانِهٖ) یعنی قبضہ متحقق ہوجانے کے لئے صرف نقلِ مکانی کافی ہے۔ اپنے گھر تک پہنچانا مذکور نہیں، لہٰذا اس روایت میں بھی ''گھر تک پہنچانے'' سے مراد نقلِ مکانی ہی ہے، گھر تک پہنچانے کا ذکر صرف اس لئے ہے کہ عموماً جب آدمی مبیع کو منتقل کرتا ہے تو اپنے گھر یا دُکان وغیرہ ہی میں لے جاتا ہے۔

بیع المبیع قبل القبض فاسد ہے یا باطل؟

اس بیع کا ناجائز ہونا تو متفق علیہ ہے، لیکن حنفیہ کے نزدیک یہ فاسد ہے یا باطل؟ تو اس سلسلے میں صاحب الدرّالمختار نے "الجوهرة" سے تو اس کا بطلان نقل کیا ہے، اور "المواهب" سے فاسد ہونا، اسی اختلاف کی وجہ سے صاحبِ درمختار علامہ حصکفیؒ نے اس بیع کو "لم يَصِحّ" کے لفظ سے تعبیر کیا ہے، تاکہ بطلان پر بھی صادق آسکے اور فساد پر بھی۔ (۲)

مگر علامہ شامیؒ نے طحطاویؒ سے نقل کیا ہے کہ قولِ ثانی یعنی فساد ہی ظاہر ہے، شامی کی عبارت یہ ہے:-

(قوله وَنَفْيُ الصحةِ) أی الواقعُ فی المتن يحتملهما أی يحتمل البطلان

(۱) بذل المجهود، كتاب البيوع، باب في بيع الطعام تما، أن يستوفی ج:۱۵ ص:۱۶۷، ۱۶۸۔

(۲) الدر المختار ج:۵ ص:۱۴۸، كتاب البيوع، فصل في التصرف في المبيع والثمن قبل القبض...إلخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

والفساد، والظاهر الثاني، لأن علة الفساد الغرر كما مرّ مع وجود ركني البيع، وكثيرًا مّا يطلق الباطل على الفاسد أفاده ط۔(۱)

نیز فتح القدیر کی مندرجہ ذیل عبارت سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ بیع فاسد ہے باطل نہیں:۔

"لأن فيه (أي في بيع المنقول قبل القبض۔ رفيع) غرر انفساخ العقد الأول على اعتبار هلاك المبيع قبل القبض فيتبين حينئذٍ انه باع ملك الغير بغير اذنه وذلك مفسد للعقد، وفي الصحاح أنه صلى الله عليه وسلم نَهٰى عن بيع الغرر، والغرر ما طوى عنك علمه۔"(۲)

سٹہ میں بیع المبیع قبل القبض بھی داخل ہے، یہ بھی گرانیٔ اشیاء کا بڑا سبب ہے

سٹہ جو نظامِ سرمایہ داری کی بنیادوں میں سے ایک ہے اور گرانیٔ اشیاء کا بہت بڑا سبب ہے، بیع المبیع قبل القبض بھی اِس میں داخل ہے، آج کل یہ سٹے کا کاروبار بہت بڑے پیمانے پر رائج ہے، موجودہ غیر اسلامی قانون میں اس کی ممانعت نہیں، اگر اس کو ممنوع کردیا جائے تو اشیاء کی قیمتوں میں بہت کمی واقع ہوسکتی ہے، جس کی تفصیل بیان کرنے کا یہ موقع نہیں۔ البتہ مختصراً اتنا سمجھ لیجئے کہ مثلاً چائے کی بڑی مقدار میں، خریداری دس (۱۰) لاکھ روپے کے عوض میں نے بنگلہ دیش سے کی، ابھی وہ چائے وہیں تھی اور میرے قبضے میں نہیں آئی تھی، میرے پاس صرف اس کا نمونہ یا کچھ علامات اور صفات تحریری یا زبانی آئی تھیں، وہ نمونہ دِکھا کر یا اس کی علامات بتا کر میں نے وہ چائے ایک لاکھ روپے کے نفع سے زید کے ہاتھ فروخت کردی، زید نے عمرو کے ہاتھ پھر عمرو نے بکر کے ہاتھ، اس طرح اس چائے کی بیع در بیع ہوتی رہی، اور ہر خریدار اسے نفع لے کر دُوسرے کے ہاتھ فروخت کرتا رہا، ان سب تاجروں نے اس پر نفع کمایا، جس کے نتیجے میں دو ماہ بعد جب وہ چائے کراچی پہنچی تو اس

(۱) شامی ج:۵ ص:۱۴۸، کتاب البیوع، فصل في التصرف في المبيع والثمن قبل القبض .... إلخ۔

(۲) فتح القدير ج:۶ ص:۱۳۶ كتاب البيوع، باب المرابحة والتولية، فصل ومن اشترىٰ شيئًا مما ينقل، وكذا في حاشية الشيخ الشلبي على تبيين الحقائق ج:۴ ص:۴۳۷ كتاب البيوع، باب التولية، فصل بيع العقار قبل قبضه۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کی قیمت کئی گنا زیادہ ہوچکی تھی، یہ خرابی بیع المبیع قبل القبض سے پیدا ہوئی، بڑے تاجروں نے نفع کمایا، عوام کے حصے میں مہنگائی آئی۔

بیع الصکاک (ص:۵)

۳۸۲۷- "حَدَّثَنَا إِسحٰقُ بنُ إبرَاهِيمَ قَالَ: أَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ الْمَخْزُوْمِيُّ، قَالَ: نَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّهُ قَالَ لِمَرْوَانَ: اَحْلَلْتَ بَيْعَ الرِّبَا؟ فَقَالَ مَرْوَانُ: مَا فَعَلْتُ؟ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اَحْلَلْتَ بَيْعَ الصِّكَاكِ۔ وَقَدْ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الطَّعَامِ حَتّٰى يُسْتَوْفٰى۔ فَخَطَبَ مَرْوَانُ النَّاسَ، فَنَهٰى عَنْ بَيْعِهَا۔ قَالَ سُلَيْمَانُ: فَنَظَرْتُ اِلٰى حَرَسٍ يَاْخُذُوْنَهَا مِنْ اَيْدِي النَّاسِ۔" (ص:۵ سطر:۲۱ تا ۲۳)

قوله: "الصكاك" (ص:۵ سطر:۲۲)

یہ "صَكٌّ" کی جمع ہے جو فارسی لفظ "چک" کا معرّب ہے، ہر وہ تحریر جس میں کسی چیز یا مال کی ادائیگی کا وعدہ ہو، جن پرچوں پر حکومت کی طرف سے لوگوں کے لئے وظائف کی ادائیگی کا وعدہ یا حکم تحریر ہوتا تھا ان کو بھی "صَكّ" کہا جاتا تھا، جمع صکوک بھی آتی ہے، یہ صکوک عمالِ حکومت اور قضاۃ وغیرھم کی خدمات کے صلہ کے طور پر بھی دیئے جاتے تھے، اور بغیر کسی عمل کے اہلِ حاجت کو بھی۔ اور یہ وظائف عموماً طعام وغیرہ کی شکل میں ہوتے تھے، اصحاب الصکوک وقتِ مقررہ پر یہ پیش کر کے اس میں لکھا ہوا طعام وغیرہ وصول کر لیتے تھے (نووی بزیادة ایضاح)۔[1]

قوله: "حَرَس" (ص:۵ سطر:۲۳) حَارِس کی جمع ہے، محافظ، پہرے دار۔

قوله: "يَاْخُذُوْنَهَا مِنْ اَيْدِي النَّاسِ" (ص:۵ سطر:۲۳)

اعلم ان بيع من خرجت باسمه الصكوك جائز قبل القبض عند الشافعية والمالكية، قال النووی[2] اختلف العلماء في ذلك، والأصح عند أصحابنا وغيرهم جواز بيعها (یعنی یہ کہ جس کے نام کا وہ صك ہے وہ شخص اس صك کو دوسرے کے ہاتھ فروخت کر دے

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنووی ج:۲ ص:۶۔

(۲) بحوالہ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جس کا حاصل یہ ہوگا کہ اُس نے اس صک میں لکھے ہوئے طعام وغیرہ کو قبل القبض فروخت کردیا ہے) والقول الثانی منعها (اقول وهو قول ابی حنیفةؒ ومحمدؒ کما سیاتی)۔ فمن منعها أخذ بظاهر قول أبی هریرةؓ وبحجته، ومن اجازها تأوّل قضیة ابی هریرةؓ علی أن المشتری ممن خرج له الصك باعه لثالث قبل أن یقبضه المشتری فکان النهی عن البیع الثانی لا عن البیع الأول لأن الذی خرجت له مالك لذٰلك ملکا مستقرًّا ولیس هو بمشتر فلا یمتنع بیعه قبل القبض کما لا یمتنع بیْعُ ما ورثه قبل قبضه۔

اس قیاس کا جواب ناچیز کے نزدیک یہ ہے کہ شئ موروث وارث کے ضمان میں میّت کے انتقال کے فوراً بعد آجاتی ہے اگرچہ اس نے قبضہ نہ کیا ہو، چنانچہ وہ ہلاک ہوجائے تو ضمان وارث پر آئے گا، یعنی نقصان وارث کا ہوگا، پس اس کی بیع قبل القبض سے ربح ما لم یضمن لازم نہیں آتا، برخلاف صکوک کے کہ صک کی بنیاد پر جو مال "من خرج له الصك" کو ملنے والا ہے وہ قبضے سے پہلے اس کے ضمان میں نہیں آتا، چنانچہ اگر وہ قبل القبض ہلاک ہوجائے تو نقصان اس کا نہیں بلکہ اس ادارے کا ہوگا جس نے یہ صک جاری کیا تھا، لہٰذا اس حالت میں اس مال کی بیع سے "ربحُ ما لم یضمن" لازم آئے گا، پس بیع الصکوك کو بیع الموروث پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے، واللہ اعلم۔ (رفیع)

قال فی أوجز المسالك وانت خبیر بأن هٰذین الحدیثین (أی حدیث مسلم وحدیث الموطا) لیسا بنصّ فی جواز البیع الأول وفساد الثانی، ولذا احتاجت الشراح المالکیة إلٰی تأویلهما، وتقدم الکلام فی حدیث حزام، (ای قولِ النبی صلی الله علیه وسلم لحکیم بن حزامؓ: "لا تبیعَنَّ شیئًا حتّٰی تقبضه") وتقدم قریبًا ما قال الباجی: ان ظاهر قوله "یردونها إلٰی اهلها" نقض البیعتین معًا ..... وترجم محمدؒ فی مؤطاه "باب الرجل یکون له العطایا أو الدین علی الرجل فیبیعه قبل أن یقبضه" وذکر فیه حدیث جمیل المؤذن (الذی اخرجه مالك فی المؤطا) ثم قال: لا ینبغی للرجل اذا کان له دین أن یبیعه حتّٰی یستوفیه، لأنه غرر فلا یدری ایخرج أم لا یخرج؟ وهو قول أبی حنیفةؒ اهـ[1] اور دلیل حنفیہ کی، وہ حدیث ہے جو پیچھے بیان ہوئی ہے، یعنی قوله علیه السلام لحکیم بن حزامؓ: لا تبیعنَّ شیئًا حتی تقبضه۔

---

(۱) اوجز المسالك ج:۱۱ ص:۲۰۴، العینة وما یشبهها وبیع الطعام قبل أن یستوفی۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب تحریم بیع صُبْرَةِ التَّمْر الْمَجْهُولَة الْقَدْر بتَمَر (ص:۶)

۳۸۲۹- "حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرُ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ أَنَّ أَبَا الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللهِ يَقُوْلُ: نَهَى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الصُّبْرَةِ مِنَ التَّمْرِ لَا يُعْلَمُ مَكِيْلُهَا بِالْكَيْلِ الْمُسَمّٰى مِنَ التَّمْرِ۔" (ص:۶ سطر:۲تا۳)

قولہ: "نَهٰى الخ" (ص:۶ سطر:۳) ممانعت کی وجہ واضح ہے کہ تَمْر اَموالِ ربویّہ میں سے ہے، لہٰذا جب اس کی بیع ہم جنس سے کی جائے تو تفاضُل حرام اور تساوی واجب ہے، پس بدلین کی مقدار معلوم ہونا ضروری ہے، ورنہ تفاضُل کا اندیشہ ہے جو ربا ہے، اور یہاں صُبْـــرَة کی مقدار معلوم نہیں، اس سے یہ قاعدۂ فقہیہ بھی فقہاء نے اخذ کیا ہے کہ: "الجهل بالمماثلة فى هٰذا الباب كحقيقة المفاضلة، لقوله صلى الله عليه وسلم: "إلّا سواءً بسواءٍ" ولم يحصل تحقق المساواة مع الجهل (نووى)۔"[1]

باب ثبوت خيار المجلس للمتبايعين (ص:۶)

۳۸۳۱- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبَيِّعَانِ، كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِالْخِيَارِ عَلٰى صَاحِبِهِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ۔" (ص:۶ سطر:۴و۵)

قوله: "الْبَيِّعَانِ" (ص:۶ سطر:۵) اى المتبايعان۔

قوله: "بِالْخِيَارِ عَلٰى صَاحِبِهِ" (ص:۶ سطر:۵)

وهو خيار القبول عندنا وعند مالكؒ، وخيار المجلس عند جمهو الفقهاء، ومنهم الشافعىؒ وأحمدؒ۔

قوله: "مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا" (ص:۶ سطر:۵)

(۱) شرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وهو التفرّق بالأقوال عندنا، وهو عبارة عن الفراغ من الايجاب والقبول (كما في المرقاة) أو عن الاختلاف بينهما بأن أوجب أحدهما ثم رجع، أو قال الآخر: "لا أقبل"، اختاره ابن الهمامؒ في فتح القدير، وعند الجمهور المراد بالتفرق هنا التفرق بالأبدان بأن يتبدّل المجلس۔[1]

قوله: "إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ" (ص:٦ سطر:٥)

استثناء من المحذوف، وتقديره: "فاذا تفرقا لزم البيع الا بيع الخيار بأن يشترط أحدهما أو كلاهما الخيار لنفسه فلا يلزم البيع حينئذ۔"

چنانچہ ہمارے اور مالکیہ کے نزدیک ایجاب وقبول کے بعد متبایعین میں سے کسی کو خیارِ مجلس نہیں ملتا، ہاں! اگر بیع، بشرط الخیار ہو تو جس نے اپنے لئے خیار رکھا ہوگا اسے خیارِ فسخ حاصل ہوگا، إلی ثلاثة ایام، جسے خیار الشرط کہتے ہیں۔

جمہور اور شافعیہ کے نزدیک متبایعین کو خیارِ مجلس ملتا ہے۔[2]

جمہور اور شافعیہ کا استدلال احادیثِ باب سے ہے، ہمارا اور مالکیہ کا استدلال آیاتِ قرآنیہ سے بھی ہے، اور قیاس سے بھی۔

آیاتِ قرآنیہ یہ ہیں:

۱- يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ ۔[3]

وجہ استدلال یہ ہے کہ عقد ایجاب وقبول سے تام ہو جاتا ہے، لہٰذا اس کا ایفاء اس آیت کی رُو سے لازم ہوگا،[4] اور خیارِ مجلس اس کے منافی ہے۔

---

(۱) شرح صحیح مسلم للامام النوویؒ ج:۲ ص:٦، وإكمال إكمال المعلم مع شرحه مكمل إكمال الإكمال ج:۴ ص:۱۹۴۔

(۲) عمدة القاري ج:۱۱ ص:۱۹٦ كتاب البيوع، باب اذا بيّن البيّعان ولم يكتُما ونَصَحا، واوجز المسالك ج:۱۱ ص:۳۱۷، بيع الخيار۔

(۳) المائدة: ۱۔

(۴) البحر الرائق ج:۵ ص:۲۴۱ كتاب البيوع، انواع البيع، وعمدة القاري ج:۱۱ ص:۱۹۲، ومرقاة المفاتيح ج:٦ ص:۴۹ كتاب البيوع، باب الخيار، الفصل الثاني۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲- يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ (۱)

معلوم ہوا کہ "تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ" کے بعد اَکلِ مال جائز ہے، اور "تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ" محض ایجاب وقبول سے متحقق ہوجاتی ہے، ثابت ہوا کہ ایجاب وقبول کے بعد معقود علیہ کو واپس لینے کا بائع کو حق نہیں رہتا، ورنہ اسے مشتری کو کھانے کی اجازت نہ دی جاتی۔ (۲)

۳- وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ۔ (۳)

اِشہاد کا مقصود یہی ہوتا ہے کہ فریقین میں سے کوئی بیع کا انکار نہ کر سکے، اگر خیارِ مجلس کو ثابت مانا جائے تو اِشہاد بے کار ہوجائے گا، کیونکہ گواہوں کی گواہی کے باوجود بھی کوئی فریق یہ کہہ سکے گا کہ میں نے اس عقد کو خیارِ مجلس کی بناء پر مجلسِ عقد ہی میں فسخ کردیا تھا۔ (۴)

اور قیاسی دلیل یہ ہے کہ نکاح، خلع، عتق علیٰ مال اور کتابت، یہ چاروں عقود معاوضہ ہیں، ان میں بالاتفاق کسی کے نزدیک خیارِ مجلس نہیں ہوتا، اور بیع بھی ایک عقدِ معاوضہ ہے، لہٰذا اس میں بھی خیارِ مجلس نہ ہونا چاہئے۔ (۵)

ہماری طرف سے (۶) حدیثِ باب کا جواب یہ ہے کہ اس میں خیار سے مراد خیارِ قبول ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ "بَيِّع" کا لفظ حقیقۃً بائع اور مشتری پر اسی وقت تک صادق آتا ہے جب تک وہ فعلِ بیع یعنی ایجاب وقبول میں مشغول ہوں، جب ایجاب وقبول سے فارغ ہوگئے تو وہ حقیقۃً "بَيِّع" نہیں رہے، ہاں! مجازاً باعتبار ما کان کے "بَيِّع" کہا جاسکتا ہے، اور یہ قاعدہ معلوم ہے کہ حقیقت

---

(۱) النساء: ۲۹۔

(۲) عمدة القاری ج: ۱۱ ص: ۱۹۲ کتاب البیوع، باب اذا بیّن البیعان الخ، ومرقاۃ المفاتیح ج: ۶ ص: ۴۹ کتاب البیوع، باب الخیار، الفصل الثانی۔

(۳) البقرۃ: ۲۸۲۔

(۴) فتح القدیر ج: ۶ ص: ۲۳۹ کتاب البیوع (فی الابتداء)، والبحر الرائق ج: ۵ ص: ۴۴۲ کتاب البیوع، انواع البیع۔

(۵) فتح القدیر ج: ۶ ص: ۲۴۰، وعمدة القاری ج: ۱۱ ص: ۲۲۹۔

(۶) بدائع الصنائع ج: ۴ ص: ۳۱۹ کتاب البیوع، صفة الایجاب والقبول، وعمدة القاری ج: ۱۱ ص: ۱۹۶، باب اذا بیّن البیّعان ولم یکتما ونَصَحا، واوجز المسالک ج: ۱۱ ص: ۳۱۸ کتاب البیوع، باب بیع الخیار، وحاشیة صحیح مسلم للشیخ محمد ذهنی ج: ۲ القسم الأوّل ص: ۱۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جب تک متعذر یا مہجور نہ ہو اس وقت تک رُجوع الی المجاز نہیں ہوتا، یہاں حقیقت متعذر یا مہجور نہیں، لہٰذا "البیّعان" کو حقیقت ہی پر محمول کیا جائے گا، اور مطلب یہ ہوگا کہ دو آدمی جب تک فعلِ بیع یعنی ایجاب وقبول میں مشغول ہیں اس وقت تک ان میں سے ہر ایک کو ردّ وقبولِ بیع کا خیار حاصل ہے، اور یہی "خیارِ قبول" ہے۔

اور "مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا" کا جواب یہ ہے کہ اس سے مراد تفرّق بالاقوال ہے جس کی تفصیل اُوپر بیان ہوئی، اور تفرق[1] بمعنی اختلاف کلامِ عرب اور خود قرآنِ کریم اور احادیث میں بکثرت استعمال ہوا ہے، مثلاً قولہ تعالیٰ: "وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝"۔[2] وقولہ تعالیٰ: "وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ"۔[3]

وقولہ تعالیٰ: "وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا"۔[4]

اور قولہ علیہ السلام: "ان بنی اسرائیل تفرقت علی ثنتین وسبعین ملة، وتفترق امتی علی ثلث وسبعین ملة۔[5]

ونظائرہ کثیرة فی کلام العرب۔

اور تفرق بمعنی "الفراغ من البیع" کے معنی کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے جو ابنِ ابی[6] شیبہؒ نے روایت کی ہے (کما فی المحلّٰی لابن حزم):[7] عن ابی ھریرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: البیّعان بالخیار ما لم یتفرقا من بیعھما او یکون بیعھما بخیار"۔ اس لئے کہ "تفرق من البیع" صرف بالقول ہی ہوسکتا ہے بمعنی الفراغ من البیع،[8] کذا فی

(۱) مرقاة المفاتیح ج:٦ ص:٤٩ کتاب البیوع، باب الخیار، وکتاب المُیسّر للعلامة التوربشتیؒ ج:٢ ص:٦٦٤ کتاب البیوع، باب الخیار۔

(۲) البیّنة:٤۔ (۳) النساء:١٣٠۔ (۴) آل عمران:١٠٣۔

(۵) مشکوٰة المصابیح ص:٣٠، باب الاعتصام بالکتاب والسنة۔

(۶) مصنَّف ابن ابی شیبة ج:٧ ص:١٢٥ رقم الحدیث: ٢٦٠٩۔ (۷) ج:٨ ص:٣٦٢۔

(۸) نیز تفرق بمعنی "الفراغ من الایجاب والقبول" کی دُوسری نظیر ابن حزمؒ کی کتاب "المحلّٰی" (ج:١١ ص:٣٥٩) میں یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ جب خلیفہ ہوئے تو سب سے پہلا مقدمہ یہ پیش ہوا کہ حضرت عبید اللہ بن عمر نے ھُرمُزان، جُفَیْنہ اور ابنة ابی لؤلؤ کو قتل کر دیا تھا، حضرت عثمانؓ نے صحابہ سے مشورہ کیا، حضرت عمرو بن العاصؓ نے خطبہ دیا جس میں اپنی رائے پیش کی: "فتفرق الناس علی خطبة عمرو" (ای تفرقوا بالکلام واجتمعوا علی قول عمرو، کذا فی تکملة فتح الملھم ج:١ ص:٢٣٩)۔ ای وفرغوا عن تلک القضیة۔ (رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

المرقاة[1] لملّا علی القاری رحمه الله۔

۳۸۳۳- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ ح وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَ: أَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا تَبَايَعَ الرَّجُلَانِ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، وَكَانَا جَمِيْعًا، أَوْ يُخَيِّرُ أَحَدُهُمَا الآخَرَ۔ فَإِنْ خَيَّرَ أَحَدُهُمَا الآخَرَ فَتَبَايَعَا عَلٰى ذٰلِكَ، فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ۔ وَإِنْ تَفَرَّقَا بَعْدَ أَنْ تَبَايَعَا وَلَمْ يَتْرُكْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا الْبَيْعَ، فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ۔" (ص:٦ سطر:٩تا١١)

قوله علیه السلام: "مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، وَكَانَا جَمِيْعًا" (ص:٦ سطر:١٠) اس میں "وَكَانَا جميعًا" عطفِ تفسیری ہے، حنفیہ اور شافعیہ کا جو اختلاف تفرق کے معنی میں ہے، وہی اختلاف "وكانا جميعًا" کے معنی میں بھی ہے۔

قوله: "أَوْ يُخَيِّرُ أَحَدُهُمَا الآخَرَ" (ص:٦ سطر:١٠)

شوافع اور ان کے موافقین کے نزدیک اس کی تفسیر یہ ہے کہ "او" بمعنی "إِلَّا أَنْ" ہے، اور جملہ کا مطلب یہ ہے کہ ایجاب وقبول کے بعد تبدّلِ مجلس سے پہلے اگر احد المتبایعین دُوسرے سے یہ کہہ دے کہ "اِخْتَرْ" یعنی تو اگر چاہے تو بیع کے لزوم کو اختیار کرلے، یعنی خیارِ مجلس کو ختم کردے، اس پر دُوسرا کہہ دے کہ "اخترتُ" ای اخترتُ اللزوم تو اس صورت میں تبدّلِ مجلس سے پہلے ہی بیع لازم ہوجاتی ہے اور خیارِ مجلس کسی کو باقی نہیں رہتا، اسی کو اگلے جملے "فان خَيَّرَ أَحَدُهُمَا الآخَرَ فتبايَعَا عَلٰى ذٰلك فقدْ وَجَبَ الْبَيْعُ" میں بیان کیا گیا ہے۔[2]

اور حنفیہ و مالکیہ کی طرف سے "او يخيّر احدهما .... إلخ" کی تفسیر علامہ ابن الہمامؒ نے یہ کی ہے کہ ان میں سے ایک یعنی ایجاب کرنے والا ایجاب کے بعد "اِختَر" کہہ دے اور دُوسرا قبول کے بعد "اِخترتُ" کہہ دے تو بیع لازم ہوجاتی ہے،[3] جس کا حاصل یہی ہے کہ تمامیتِ عقد یعنی قبول کے بعد خیارِ مجلس باقی نہیں رہتا، لیکن یہ تأویل بہت ضعیف ہے، کیونکہ اس میں "اِخْتَرْ" اور "اِخْتَرْتُ"

(۱) المرقاة شرح المشكوٰة ج:٣ ص:٣٠٢، كتاب البيوع، باب الخيار، الفصل الثاني۔

(۲) فتح الباري ج:٤ ص:٣٣٣ كتاب البيوع، باب اذا خيّر احدهما صاحبه الخ، وشرح الطيبي ج:٦ ص:٣٨ باب الخيار، وتكملة فتح الملهم ج:١ ص:٣٤٣۔

(۳) فتح القدير، كتاب البيوع۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے کوئی فائدہ جدیدہ حاصل نہیں ہوا، اس لئے کہ حنفیہ و مالکیہ کے نزدیک بیع ان دونوں کلمات کے بغیر ہی لازم ہوجاتی ہے۔

قولہ: "وَإِنْ تَفَرَّقَا بَعْدَ أَنْ تَبَايَعَا وَلَمْ يَتْرُكْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا الْبَيْعَ، فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ۔" (ص:٦ سطر:١٠و١١)

اس میں اگر تفرق سے مراد تفرق بالاقوال بمعنی الفراغ من البيع ہو تو حنفیہ کے مسلک پر کوئی اِشکال نہیں، بلکہ اس سے خیارِ مجلس کی نفی ہوجاتی ہے۔ اور اگر تفرق بالابدان مراد ہو تو اس کے مفہوم مخالف سے خیارِ مجلس ثابت ہوتا ہے۔

۳۸۳۴- "حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ، كِلَاهُمَا عَنْ سُفْيَانَ۔ قَالَ زُهَيْرٌ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَمْلَى عَلَيَّ نَافِعٌ۔ سَمِعَ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَبَايَعَ الْمُتَبَايِعَانِ بِالْبَيْعِ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِالْخِيَارِ مِنْ بَيْعِهِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا۔ أَوْ يَكُونُ بَيْعُهُمَا عَنْ خِيَارٍ۔ فَإِذَا كَانَ بَيْعُهُمَا عَنْ خِيَارٍ فَقَدْ وَجَبَ۔

زَادَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ فِي رِوَايَتِهِ: قَالَ نَافِعٌ: فَكَانَ إِذَا بَايَعَ رَجُلًا فَأَرَادَ أَنْ لَا يُقِيلَهُ، قَامَ فَمَشَىٰ هُنَيْهَةً ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ" (ص:٦ سطر:١١ تا ١٣)

قولہ: "أَوْ يَكُونُ بَيْعُهُمَا عَنْ خِيَارٍ .... إلخ" (ص:٦ سطر:١٢)

اس کی تفسیر میں ہمارا اور شافعیہ کا وہی اختلاف ہے جو اُوپر کی حدیث "أو يخيّر أحدُهُمَا الآخرَ" میں بیان ہوا۔

قولہ: "فَأَرَادَ أَنْ لَا يُقِيلَهُ، قَامَ فَمَشَى هُنَيْهَةً ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ" (ص:٦ سطر:١٣)

"هُنَيْهَةً" بتخفيف الياء وزيادة الهاء بعد الياء، اور بعض نسخوں میں "هُنَيَّةً" بتشديد الياء وحذف الهاء الثانية ہے، دونوں "هَنَةٌ" کی تصغیر ہیں، وَهو الشيء اليسير، اور یہاں زمانِ یسیر مراد ہے (نووی وتکملۃ)[1]۔

اس سے شوافع اور ان کے موافقین استدلال کرتے ہیں کہ حضرت ابنِ عمرؓ نے اس خیار کو خیارِ مجلس ہی سمجھا ہے، اور صحابہؓ کا فہم دُوسروں کے فہم سے اَولیٰ ہے، لیکن حنفیہ کہہ سکتے ہیں کہ ابنِ عمر

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:٦۔ و تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۴۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اِقالہ سے بچنے کے لئے ایسا کرتے تھے جس کی یہاں صراحت ہے، خیارِ مجلس سے بچنے کے لئے نہیں، اور اِقالہ فریقین کی رضامندی پر موقوف ہوتا ہے، اس سے تو خیارِ مجلس کی نفی ہوگئی، کیونکہ خیارِ مجلس کے لئے فریقین کی رضامندی ضروری نہیں ہوتی، پس معلوم ہوا کہ بیع تبدّلِ مجلس سے قبل ہی لازم ہو جاتی ہے، جب ہی تو اس بیع کے ختم کرنے کو اِقالہ کہا گیا ہے۔

رہا یہ سوال کہ "اِقالۃ" سے بچنے کے لئے تبدّلِ مجلس کی کیا ضرورت تھی؟ تو اس کا جواب حضرت شیخ الہندؒ نے یہ دیا ہے کہ اگر کوئی فریق اِقالے کی درخواست کرے، تو دُوسرے فریق کے لئے مستحب ہے کہ اِقالہ کو قبول کرلے، لقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ اَقَالَ مُسْلِمًا فِی بَیْعَتِہٖ اَقَالَ اللہ عثراتِہٖ یوم القیامۃ"(۱) اور تبدّلِ مجلس سے پہلے اس کا استحباب زیادہ ہے، کیونکہ مشتری نے ابھی اس میں کوئی تصرف نہیں کیا اس حالت میں اِقالہ قبول کرنے سے انکار مروّت کے زیادہ منافی ہے، اور تبدّلِ مجلس کے بعد انکار مروّت کے اتنا منافی نہیں، کیونکہ اب یہ اندیشہ ہوسکتا ہے کہ تبدلِ مجلس کے بعد مشتری نے اس میں کچھ تصرف کرلیا ہو۔ کما فی التکملۃ۔(۲)

۳۸۳۵- "حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیَی وَیَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ وَقُتَیْبَۃُ وَابْنُ حُجْر -قَالَ یَحْیٰی: اَنَا وقَالَ الآخَرُوْنَ: نَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ جَعْفَر- عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ دِیْنَار، اَنَّہٗ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: کُلُّ بَیِّعَیْنِ لَا بَیْعَ بَیْنَہُمَا حَتّٰی یَتَفَرَّقَا، اِلَّا بَیْعَ الْخِیَار۔" (ص:۶ سطر:۱۳ تا ۱۵)

قولہ: "لَا بَیْعَ بَیْنَہُمَا حَتّٰی یَتَفَرَّقَا" (ص.۶ سطر:۱۴)

اس حدیث سے ظاہر یہ ہے کہ تفرُّق سے مراد تفرّق بالاقوال ہے، یعنی "فراغ من البیع" کما ھو مذھبنا، اس لئے کہ تفرّق سے پہلے یہاں جنسِ بیع کی نفی کی گئی ہے، اور جنسِ بیع کی نفی جب ہی ہوسکتی ہے کہ تفرق بالاقوال مراد ہو، جو عبارت ہے فراغ من الایجاب والقبول سے، کیونکہ اگر بالابدان مراد ہوگا تو لازم آئے گا کہ تبدّلِ مجلس سے پہلے ایجاب وقبول کے باوجود بیع وجود میں نہ آئے، حالانکہ یہ کسی کا مذہب نہیں، خیارِ مجلس کے قائلین بھی سب مانتے ہیں کہ ایجاب وقبول سے وجودِ

---

(۱) سنن ابی داؤد، کتاب البیوع، فصل فی فضل الإقالۃ رقم الحدیث: ۳۰۰۱ وسنن ابن ماجۃ، ابواب التجارات، باب الإقالۃ رقم الحدیث: ۲۱۹۰ (بالاختصار)۔

(۲) تکملۃ فتح الملھم ج:۱ ص:۲۴۴ وفیض الباری، کتاب البیوع، باب البیعان بالخیار ما لم یتفرقا ج:۳ ص:۲۱۱ وانوار المحمود علی سنن ابی داؤد ج:۲ ص:۳۲۸ کتاب البیوع، باب فی خیار المتابعین۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بیع ہوجاتا ہے، اگرچہ خیارِ فسخ تبدّلِ مجلس تک باقی رہتا ہے۔

قوله: "إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ" (ص:٦ سطر:١٥)

أی الا بیعًا شرط فیه الخیار، اور اس کا مستثنیٰ منہ مقدر ہے، تقدیرِ عبارت یہ ہے: "واذا تفرّقا وجب البیع الا بیع الخیار"۔

باب من یخدع فی البیوع (ص:٧)

٣٨٣٨- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ -قَالَ يَحْيٰى: أَنَا وقَالَ الآخَرُوْنَ: نَا إِسْمَعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ- عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ دِيْنَارٍ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: ذَكَرَ رَجُلٌ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ يُخْدَعُ فِي الْبُيُوْعِ- فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَايَعْتَ فَقُلْ: لَا خِلَابَةَ- فَكَانَ إِذَا بَايَعَ يَقُوْلُ: لَا خِيَابَةَ-" (ص:٧ سطر:١، ٢)

قوله: "ذَكَرَ رَجُلٌ" (ص:٧ سطر:١)

یہ حضرت حَبَّان[1] بن منقذ ہیں، اور علامہ نوویؒ نے ایک قول یہ نقل فرمایا ہے کہ یہ حَبَّان کے والد حضرت منقذ بن عمرو ہیں، اس لئے بعض محدثین کو ان کے نام میں تردُّد رہا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کسی غزوہ میں شریک تھے، اس میں ان کے سر پر گہرا زخم (مأمُومَة) آیا جس کی وجہ سے ایک تو اِن کی عقل میں کمی آ گئی تھی، لیکن درجۂ تمییز میں باقی رہی، دُوسرا نقص ان کی زبان میں پیدا ہوگیا تھا کہ "لام" کو ادا نہ کرسکتے تھے، اس کے بجائے "یا" بولتے تھے، اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ "ذال" بولتے تھے، اور "لا خِلابَةَ" کو "لا خِيَابَةَ" یا "لا خِذَابَةَ" کہتے تھے اور بعض روایات میں "لا خِيَانَةَ" بھی آیا ہے۔ جو شخص "لام" ادا کرنے پر قادر نہ ہو اسے "أَلْثَغ" کہتے ہیں۔[2]

(١) بفتح الحاء والباء الموحّدة المشدّدة، كذا في عمدة القاري ج:١١ ص:٢٣٣ كتاب البيوع، باب ما يكره من الخداع في البيع۔

(٢) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:٢ ص:٧، وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:٥ ص:١٦٣، ١٦٥، وإكمال إكمال المعلم ج:٣ ص:١٩٨، والديباج للسيوطيؒ ج:٢ ص:٦٥٥، ومكمل إكمال الإكمال ج:٣ ص:١٩٨، وتكملة فتح الملهم ج:١ ص:٢٤٥۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "فَقُلْ: لَا خِلَابَةَ" (ص:۷ سطر:۲)

خِلابة کے معنی ہیں خَدِیْعَة، یعنی دھوکہ، اور لَا خِلَابَہ کے معنی ہیں: لا خَدِیْعَةَ۔[۱] اس حدیث سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ بیع میں غبن سے بچنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو "لا خلابة" کہنے کی تلقین فرمائی تھی، علامہ نوویؒ نے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ: "لَا تَحِلُّ لَكَ خَدِيْعَتِيْ، او لَا يَلْزَمُنِيْ خَدِيْعَتُكَ"[۲] یعنی اس کے ایک معنی یہ ہو سکتے ہیں کہ مجھے دھوکہ دینا تیرے لئے حلال نہیں، اور دُوسرے معنی یہ ہو سکتے ہیں کہ: "تیرا دھوکہ مجھ پر لازم نہ ہوگا" یعنی اگر بیع میں غبن ہوا تو بیع مجھ پر لازم نہ ہوگی، مجھے فسخ کرنے کا اختیار ہوگا۔

خیارِ مَغْبُون

حنابلہ کے نزدیک اور مالکیہ میں سے بغدادیّین کے نزدیک حدیثِ باب "خیارِ مَغْبُون" پر محمول ہے، یعنی اُوپر "لَا خِلَابَةَ" کے جو دو معنی ذکر کئے گئے ہیں، ان حضرات نے ان میں سے دُوسرے معنی کو اختیار کیا ہے، ان حضرات کے نزدیک خیارِ مغبون کی تفصیل یہ ہے کہ جو شخص "مُسترسِل" ہو یعنی بیوع کے معاملے میں بصیرت نہ رکھتا ہو، دھوکا لگ جاتا ہو تو ایسے شخص کو اگر عقد میں دھوکا لگ جائے تو خیار ملے گا کہ وہ چاہے تو عقد کو فسخ کردے۔ امام احمدؒ سے غبن کی کوئی حد منقول نہیں ہے، لیکن متأخرینِ حنابلہ نے کہا کہ مطلق غبن کا اعتبار نہیں، اس لئے کہ معمولی غبن تو عموماً ہو ہی جاتا ہے، البتہ غبنِ فاحش ہو جائے تو وہ معتبر ہوگا، انہوں نے غبنِ فاحش کی کم از کم مقدار "ثُلُثُ القِيْمَة" ٹھہرائی ہے، یعنی اگر دھوکا مبیع کی قیمت کے ایک تہائی یا اس سے زیادہ کا لگا تو خیارِ فسخ ملے گا، اس سے کم کا لگا تو خیار نہیں ملے گا، مثلاً مسترسِل نے کوئی چیز بارہ روپے میں خریدی، حالانکہ اس کی قیمت درحقیقت آٹھ روپے تھی تو اس صورت میں اسے خیار ملے گا، فقہائے مالکیہ میں سے بھی بغدادیّین کا یہی مذہب ہے۔[۳]

---

(۱) حاشية صحيح مسلم للشيخ محمد ذهني ج:۲ القسم الأوّل ص:۱۱، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۱۹۸، ومكمل إكمال الإكمال ج:۴ ص:۱۹۸۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۷، والديباج للسيوطيؒ ج:۴ ص:۲۵۵۔

(۳) عمدة القاري ج:۱۱ ص:۲۳۳، ۲۳۴ كتاب البيوع، باب ما يكره من الخداع في البيع، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۱۹۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حنفیہ، شافعیہ اور اکثر مالکیہ[1] کے نزدیک خیارِ مغبون نہیں ملے گا، خواہ مسترسل ہو یا نہ ہو، اس لئے کہ عقد آپس کی رضامندی سے محل پر واقع ہوا ہے اور متعاقدین عاقل بالغ ہیں، للہٰذا یہ بیع بھی دُوسری بیوع کی طرح لازم ہوگی۔

حنابلہ اور بغدادیّین من المالکیۃ کا استدلال حدیث باب سے ہے کہ حضرت حبان بن منقذؓ بیوع کے معاملے میں صاحبِ بصیرت نہیں تھے، معاملہ کرتے وقت صرف "لا خلابۃ" کہہ دیتے تھے اور جب کبھی نقصان ہوجاتا تھا تو تین دن کے اندر اندر بیع کو فسخ کردیتے تھے، جیسا کہ آگے کی روایات سے معلوم ہوگا۔

حنفیہ، شافعیہ اور اکثر مالکیہ نے اس حدیث کے دو جواب دیئے ہیں:-

ایک یہ کہ حدیثِ باب حضرت حبان بن منقذؓ کے ساتھ خاص ہے، یعنی یہ خیار صرف انہی کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرّر فرمایا تھا، ہر مسترسل کے لئے نہیں تھا،[2] اور خصوصیت کی دلیل دو روایتیں ہیں:

۱- مستدرک حاکم میں ہے کہ حبان بن منقذؓ نے فرمایا: "انّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیّرنی فی بیعی"[3] یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنی بیع میں اختیار دیا ہے۔

۲- سنن بیہقی میں حبان بن منقذؓ کے بارے میں ہے کہ جب ان کو دھوکا ہوجاتا تو وہ بائع کے پاس جاکر بیع فسخ کرنے کا مطالبہ کرتے، لیکن بائع انکار کرتا، حتّٰی یَمُرَّ بہ الرجل من أصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیقول: "ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد

---

(۱) لیکن بذل المجهود (ج:۱۵ ص:۱۷۳ کتاب البیوع، باب فی الرجل یقول عند البیع لا خلابة) میں ہے کہ: قال مالك فی بیع المغابنة: "اذا لم یکن المشتری ذا بصیرة کان له فیه خیار" وقد حکی عن أحمدؒ أنه قال: "اذا بایعه فقال: "لا خلابة" فله الرد۔" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام مالکؒ کے نزدیک مسترسل کو خیار ملتا ہے، جیسا کہ بغدادیین من المالکیة کا مذہب ہے، اور امام احمدؒ کے نزدیک مسترسل اگر "لا خلابة" کہے تو خیار ملے گا ورنہ نہیں۔ (رفیع)

(۲) عمدة القاری ج:۱۱ ص:۲۳۴ کتاب البیوع، باب ما یکره من الخداع فی البیع، واوجز المسالك ج:۱۱ ص:۳۸۹ کتاب البیوع، باب جامع البیوع، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۴۳ کتاب البیوع، باب خیار الشرط ونفی خیار الغبن، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۔

(۳) المستدرك للحاکم ج:۲ ص:۲۶ رقم الحدیث: ۲۲۰۱۔ (رفیع) وقال الحافظ الذهبی فی التلخیص تحت هذا الحدیث: صحیح۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جعله بالخيار فيما يبتاع ثلاثًا، فيرد عليه دراهمه و يأخذ سلعته"[۱]۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ خیار انہی کی خصوصیت تھی، ہر مغبون کے لئے خیار فسخ نہیں تھا، کیونکہ صحابہ کرامؓ دلیل میں یہ نہیں فرماتے تھے کہ مغبون کو خیار ملتا ہے، بلکہ یہ فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو خیار دیا ہے۔

حدیثِ باب کا دُوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ حضرت حبان بن منقذؓ جو خیار استعمال فرماتے تھے وہ خیارِ شرط تھا، خیارِ غبن نہیں تھا، اور ان کا "لا خِلابـة" کہنا لوگوں میں معروف تھا کہ ان کی اس سے مراد تین دن کا خیار ہے، گویا یہ لفظ ان کے لئے خیار الشرط کے معنی میں بطورِ اصطلاح استعمال ہوتا تھا، کیونکہ متعدّد روایات میں صراحت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیئے گئے خیار کی مدّت تین یوم مقرّر فرمائی تھی، حالانکہ تین دن کے ساتھ خیارِ شرط ہی مقید ہوتا ہے، خیارِ غبن اس کے قائلین کے نزدیک بھی تین دن کے ساتھ مقید نہیں ہوتا، جن روایات میں تین دن کی قید مصرّح ہے ان میں سے چند یہ ہیں:-

۱- وہی حدیث جو سننِ بیہقی کے حوالے سے اُوپر نقل کی گئی۔

۲- سننِ ابنِ ماجہ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حبان بن منقذؓ سے فرمایا تھا کہ: "إذا أنتَ بايعتَ فَقُلْ: لا خِلابة، ثم أنتَ في كل سلعةٍ ابتعتها بالخيار ثلاثَ ليالٍ"[۲]۔

۳- سننِ دارقطنی[۳] اور مصنف ابنِ ابی شیبہ[۴] میں بھی تین دن کی قید صراحۃً مذکور ہے۔

۴- علامہ زیلعیؒ نے نصب الرایہ[۵] میں مستدرک حاکم سے حضرت ابنِ عمرؓ کی روایت میں یہ واقعہ تفصیلاً نقل کیا ہے، اس میں صراحت ہے کہ: "فجعل له رسول الله صلى الله عليه وسلم الخيار ثلاثة أيام فيما اشتراهُ"۔

---

(۱) سننِ بیہقی ج:۵ ص:۲۷۳، ۲۷۴ کتاب البیوع، باب الدلیل أن لا یجوز شرط الخیار فی البیع أکثر من ثلاثة ایام۔ (رفیع) قال امام زرقانی فی شرحه علی الموطا: "وعند دارقطنی والبیهقی باسناد حسن" ج:۳ ص:۴۳۳ کتاب البیوع، باب جامع البیوع۔

(۲) سنن ابن ماجة رقم الحدیث: ۲۳۵۵ ج:۲ ص:۱۷۰ باب الحجر علی من یفسد ماله، کتاب الأحکام۔

(۳) سنن دارقطنی ج:۲ ص:۲۵۲، ۲۵۳ رقم الحدیث: ۲۹۷۴، ۲۹۷۵، ۲۹۷۸۔

(۴) مصنف ابن ابی شیبة ج:۱۴ ص:۲۲۸ رقم الحدیث: ۱۸۱۷۷ کتاب الرد علی ابی حنیفة

(۵) نصب الرایة ج:۴ ص:۶ رقم الحدیث: ۶۲۳۷ کتاب البیوع، باب خیار الشرط۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پس معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حبان بن منقذؓ کو "لا خلابة" کہہ کر خیارِ شرط رکھنے کی تلقین فرمائی تھی۔

متأخرینِ حنفیہ کا فتویٰ

لیکن فسادِ زمانہ کی وجہ سے متأخرینِ حنفیہ میں سے صدر الشہیدؒ کا فتویٰ یہ ہے کہ جس شخص کو بائع کی دھوکہ دہی سے غبنِ فاحش ہوا ہو، مثلاً اس نے مبیع کی بازاری قیمت جھوٹ بول کر بہت زیادہ بتائی جبکہ وہ بہت کم قیمت کی تھی، تو اسے بیع فسخ کرنے کا اختیار ہے اور بظاہر صدر الشہیدؒ کے نزدیک مغبون کا مسترسل ہونا شرط نہیں، غیر مسترسل کو بھی خیارِ مغبون ملتا ہے۔ اور اگر غبنِ فاحش بائع کی دھوکہ دہی کے بغیر ہوا تو خیارِ فسخ نہیں ملے گا، اگرچہ مشتری مُسترسِل ہو۔ اور جو حکم بائع کی دھوکہ دہی کا ہے وہی حکم مشتری کی دھوکہ دہی کا ہے، اس مسئلے کی تفصیل کے لئے "الأشباه والنظائر" اور اس کی شرح حموی میں قاعدہ "المشقة تجلب التيسير" کے تحت مراجعت کی جائے۔[1]

خیارُ الشرط

حدیثِ باب کی جو روایت امام مسلمؒ نے نقل فرمائی ہے اس سے اس کے اجمال کے باعث نہ خیارِ مغبون ثابت ہوتا ہے، نہ خیارِ شرط، البتہ خیارِ شرط متعدّد دُوسری روایات واحادیث سے ثابت ہے، چنانچہ اس کی مشروعیت پر ائمہ اربعہ اور جمہور فقہاء کا اتفاق ہے، البتہ اس کی مدّت میں اختلاف ہوا ہے۔

امام ابوحنیفہؒ، مالکیہ، امام شافعیؒ اور امام زفرؒ کے نزدیک زیادہ سے زیادہ تین دن کا خیار ہوسکتا ہے[2] جبکہ عقد میں اس کی شرط لگائی جائے، بائع اور مشتری میں سے جو اپنے لئے خیار رکھے گا اسی کے لئے ثابت ہوگا، اگر دونوں نے رکھا تو دونوں کے لئے ہوگا۔

امام احمدؒ اور صاحبینؒ کے نزدیک خیارِ شرط میں تین دن کی قید نہیں، بلکہ جتنی مدّت پر متعاقدین راضی ہوں اتنی مدّت کا خیار جائز ہے، بشرطیکہ مدّت معلوم ہو۔[3]

---

(۱) الاشباہ والنظائر ج:۱ ص:۲۵۷، رقم المسئلة: ۴۳۔

(۲) وهو أصح الروايتين عن مالك كما ذكره النوويؒ۔ (من الأستاذ مدظلهم)

(۳) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۴۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امام احمدؒ اور صاحبینؒ کا استدلال حضرت ابنِ عمرؓ کے اثر سے ہے کہ: "انه اجاز الخیار إلی شهرین" (كذا في الهداية)[۱]۔ اور ان کی عقلی دلیل صاحبِ ہدایہ نے یہ بیان کی ہے کہ خیارِ شرط اس لئے مشروع ہوا ہے کہ صاحبِ خیار نقصان سے بچنے کے لئے غور وفکر کر سکے، جس کے لئے بعض اوقات تین دن سے زیادہ کی ضرورت ہوتی ہے، فصار كالتأجيل في الثمن۔[۱]

امام ابوحنیفہؒ، مالکیہ اور شافعیہ کا استدلال متعدد احادیث سے ہے:

۱- وہ حدیثیں جو سننِ بیہقی، سننِ ابنِ ماجہ، سننِ دارقطنی، مصنف ابنِ ابی شیبہ اور مستدرک حاکم کے حوالے سے اُوپر خیارِ مغبون کی بحث میں بیان ہوئیں، ان میں "ثلثة ايام" صراحۃً مذکور ہے اور وہ مرفوع ہیں، (یہ استدلال اس بنیاد پر ہے کہ حبان بن منقذ رضی اللہ عنہ کو جو خیار شارع علیہ السلام کی طرف سے ملا تھا وہ خیارِ شرط تھا اور حبان کے ساتھ مخصوص نہ تھا)۔

۲- زیلعیؒ نے نصب الرایہ میں مصنف عبدالرزّاق کے حوالے سے روایت نقل کی ہے:

"عن أنسؓ ان رجلًا اشترى من رجل بعيرًا واشترط الخيار أربعة أيام، فأبطل رسولُ الله صلى الله عليه وسلم البيعَ، وقال: الخيار ثلثة أيام"۔[۳] ذكره الحافظ في التلخيص[۴] وسكت عليه، وسكوته دليل لصحة الاستدلال به، لكن أعلّه في الدّراية[۵] بأبان ابن أبي عياش، وحاصل الكلام في أبان بن أبي عياش انه لا يحتج بحديثه كما في التكملة"۔[۶]

حضراتِ صاحبینؒ کی طرف سے مذکورہ بالا دلائل کا جواب یہ ہے کہ مصنف عبدالرزاق کی روایت عن انس تو ضعفِ اسناد کے باعث قابلِ اِستدلال نہیں، باقی روایتوں میں تین دن کا ذکر ہے، اس سے زائد کی نفی نہیں، اگر ان سے تین دن سے زائد کی نفی پر اِستدلال کیا جائے تو یہ مفہومِ

(۱) الهداية ج:۳ ص:۲۹ كتاب البيوع، باب خيار الشرط، والبحر الرائق ج:۶ ص:۷ كتاب البيع، باب خيار الشرط۔

(۲) الهداية ج:۳ ص:۲۹ كتاب البيوع، باب خيار الشرط۔

(۳) نصب الراية ج:۴ ص:۸ رقم الحديث: ۶۲۴۴۔

(۴) تلخيص الحبير ج:۳ ص:۹۷۷ رقم الحديث: ۱۱۸۷۔

(۵) الدراية ج:۲ ص:۱۴۸ باب خيار الشرط۔

(۶) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۴۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مخالف سے اِستدلال ہوگا، جو ہمارے نزدیک حجت نہیں۔

فریقِ ثانی نے اس کا جواب دیا کہ خیارِ شرط خلافِ قیاس مشروع ہوا ہے، کیونکہ یہ مقتضائے عقد کے خلاف ہے، اور تین دن سے زائد کا جواز کسی حدیثِ مرفوع میں نہیں آیا، اس لئے یہ صرف اپنے مورد پر مقتصر رہے گا، وهو ثلثة أيام۔[۱]

امام احمدؒ اور صاحبینؒ کے مذہب پر ابنِ عمرؓ کے جس اثر سے صاحبِ ہدایہ نے استدلال کیا ہے، وہ اگر قابلِ اعتماد سند سے ثابت ہو بھی جائے تو احادیثِ مرفوعہ کے معارض ہونے کے باعث قابلِ استدلال نہیں، کیونکہ وہ ان کا اجتہاد ہے۔[۲]

باب النهي عن بيع الثمار قبل بدو صلاحِهَا الخ (ص:۷)

۳۸۴۰- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا۔ نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُبْتَاعَ۔" (ص:۷ سطر:۴،۵)

قوله: "حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا" (ص:۷ سطر:۴،۵)

"اَلْبَدْوُ" بفتح الباء وسكون الدال وتخفيف الواو، اور "اَلْبُدُوُّ" بضم الباء والدّال وتشديد الواو، دونوں طرح پڑھا جاسکتا ہے معنی ہیں: ظاہر ہونا، اور "صَلَاح" ضد ہے فساد کی۔[۳]

حنفیہ کے نزدیک "بدو الصّلاح" سے مراد پھل کا عاہت سے مأمون ہوجانا ہے، شافعیہ کے نزدیک اس کی تفسیر یہ ہے کہ اس میں حلاوت یا نضج کے آثار ظاہر ہوجائیں،[۴] بظاہر یہ صرف تعبیر کا

(۱) الهداية ج:۳ ص:۲۹ كتاب البيوع، باب خيار الشرط، والبحر الرائق ج:۶ ص:۷ كتاب البيع، باب خيار الشرط، وفتح القدير ج:۶ ص:۲۷۹، ۲۸۰ كتاب البيوع، باب خيار الشرط۔

(۲) مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: فتح القدير ج:۶ ص:۲۸۰ كتاب البيوع، باب خيار الشرط، والبحر الرائق ج:۶ ص:۷ كتاب البيوع، وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۳۸۵، شروط الأجل في المبيع۔

(۳) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۴۸۔

(۴) فتح القدير ج:۵ ص:۴۸۹ كتاب البيوع، فصل ومن باع دارًا دخل بناؤها في البيع الخ، والبحر الرائق ج:۵ ص:۵۰۳ كتاب البيع، فصل يدخل البناء والمفاتيح في بيع الدار، والشامية ج:۴ ص:۵۵۵ كتاب البيوع، مطلب في بيع الثمر والزرع والشجر مقصودًا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اختلاف ہے جیسا کہ ''عمدۃ القاری'' میں مختلف پھلوں وغیرہ کی مثالوں سے ظاہر ہوتا ہے، نیز صحیح مسلم میں بھی احادیثِ باب میں سے روایت نمبر ۳، ۴ میں "بدو الصلاح" کی تفسیر دونوں طرح سے کی گئی ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں تفسیروں کا حاصل ایک ہی ہے۔[۱]

۳۸۴۲- "حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرِ السَّعْدِيُّ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا: نَا إِسْمٰعِيْلُ عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى يَزْهُوَ، وَعَنِ السُّنْبُلِ حَتّٰى يَبْيَضَّ، وَيَأْمَنَ الْعَاهَةَ۔ نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ۔" (ص:۷ سطر:۵ تا ۷)

قولہ: "حَتّٰى يَزْهُوَ" (ص:۷ سطر:۶)

ای یحمرّ او یصفرّ،[۲] اس کا حاصل بھی یہ ہے کہ "بدو الصلاح" ہو جائے۔

۳۸۵۱- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ؟ قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى يَأْكُلَ مِنْهُ اَوْ يُؤْكَلَ مِنْهُ۔ وَحَتّٰى يُوْزَنَ، قَالَ: فَقُلْتُ: مَا يُوْزَنُ؟ فَقَالَ رَجُلٌ عِنْدَهُ: حَتّٰى يُحْزَرَ۔"

(ص:۷ سطر:۱۷ تا ص:۸ سطر:۱، ۲)

قولہ: "نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ" (ص:۷ سطر:۱۷)

اصل لغت میں نخل تو کھجور کے درخت اور باغ کو کہا جاتا ہے، مگر یہاں مراد اس کا پھل ہے۔

قولہ: "حَتّٰى يَأْكُلَ مِنْهُ اَوْ يُؤْكَلَ مِنْهُ" (ص:۸ سطر:۱)

یعنی کسی درجے میں کھانے کے قابل ہو جائے، اس کا حاصل بھی "بدو الصلاح" ہے۔

قولہ: "وَحَتّٰى يُوْزَنَ" (ص:۸ سطر:۱)

ظاہر ہے کہ درخت پر لگا ہوا پھل تو وزن نہیں کیا جا سکتا، اسی لئے حضرت ابنِ عباسؓ کے پاس جو صاحب موجود تھے، انہوں نے "يُوْزَنَ" کی تفسیر فرمائی کہ: "حتّٰی یحزر" بتقدیم الزاءِ

(۱) عمدۃ القاری ج:۱۱ ص:۲۹۸ کتاب البیوع، باب بیع المزابنۃ۔

(۲) شرح صحیح مسلم للذہنیؒ ج:۲ ص:۱۱، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۵ کتاب البیوع، باب بیع الثمار قبل ان یبدو صلاحہا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

المعجمة على الراء المهملة۔ یعنی اُس کی مقدار کا اندازہ کیا جاسکے، اور یہ تخمینہ اور اندازہ بعد "بدو الصلاح" ہی کیا جاتا تھا۔ اور مطلب یہ ہے کہ درخت پر پھل کی بیع جائز نہیں جب تک کہ وہ اس قابل نہ ہو جائے کہ اس کی مقدار کا اندازہ کیا جاسکے۔ یاد رہے کہ "حَـزْر" اور اکـل اور وزن ان سب کا حاصل بھی بدو الصلاح ہی ہے۔

"بیع الثمار قبل بدو الصلاح" کے مسئلے میں تفصیل یہ ہے کہ قبل بدو الصلاح، ثمار کی تین حالتیں ہیں:-

۱- قبل الظهور أی قبل وجودها۔

۲- بعد الظهور قبل صلاحية الإنتفاع بها۔

۳- بعد الظهور مع كونها صالحةً للإنتفاع بها۔

پہلی صورت میں بیع بالاتفاق ناجائز ہے، لكونه بيع المعدوم[۱] اور بیع المعدوم "غَرَر" میں داخل ہے۔ دُوسری اور تیسری صورت میں تفصیل یہ ہے کہ اگر ثمار کی بیع بشرط تَبْقِيَتِهَا على الأشجار ہوئی، تو بالاتفاق ناجائز ہے، لأن فيه شغلَ ملك الغير، ولأنه شرط لا يقتضيه العقد، ولأنه بيع وشرط۔[۲] اور اگر بیع بشرط القطع ہوئی تو مذاہبِ اَربعہ میں بالاتفاق جائز ہے، کیونکہ یہ شرط مقتضائے عقد کے موافق ہے، سواء كان الثمر منتفعًا به أو لا،[۳] بعض مشائخِ حنفیہ (قاضی خان) نے غیر منتفع بہ کی بیع بشرط القطع کو بھی ناجائز کہا ہے، لیکن صحیح یہ ہے کہ جائز ہے، كذا حققه ابن الهمام في فتح القدير۔[۴]

(۱) البحر الرائق ج:۵ ص:۵۰۲ كتاب البيع، فصل يدخل البناء والمفاتيح في بيع الدار، ومرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۷۴ كتاب البيوع، باب المنهي عنها من البيوع۔

(۲) إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۰۰، وفيض الباری ج:۳ ص:۲۵۴ كتاب البيوع، باب بيع النخل قبل ان يبدو صلاحها، وشرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۔

(۳) علامہ اُبّیؒ مالکیؒ نے لکھا ہے کہ امام ابنِ ابی لیلیٰؒ اور امام ثوریؒ کے نزدیک یہ صورت بھی ناجائز ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھئے: إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۰۰، والمفهم ج:۴ ص:۳۸۹، وفتح الباری ج:۴ ص:۳۹۴ كتاب البيوع، باب بيع النخل قبل ان يبدو صلاحها۔

(۴) فتح القدير ج:۵ ص:۴۸۹ كتاب البيوع، فصل ومن باع دارًا دخل بناؤها في البيع الخ، والكفاية ج:۵ ص:۴۸۸ كتاب البيوع، فصل ومن باع دارًا دخل بناؤها في البيع الخ، والبحر الرائق ج:۵ ص:۵۰۲ كتاب البيع، فصل يدخل البناء والمفاتيح في بيع الدار۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ائمہ کا اختلاف اس صورت میں ہے کہ بیع میں نہ تبقیہ کی شرط ہو، نہ قطع کی، (أي في درجة لا بشرط شيء) یہ صورت ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ناجائز اور ہمارے نزدیک جائز ہے،[1] وجہ یہ ہے کہ عقد اہل سے صادر ہو کر اپنے محل پر واقع ہوا اور مانع کوئی موجود نہیں لہٰذا جائز ہوگا۔ کیونکہ بیع اگرچہ لا بشرط شيء ہوئی ہو مگر بائع بعد العقد اگر مطالبہ کرے تو مشتری پر قطع فی الحال واجب ہے، لہٰذا شغل ملك الغير، یا مخالفة مقتضى العقد یا بیع و شرط میں سے کچھ لازم نہیں آتا، فانتفی المانع۔ اور اگر بائع کاٹنے کا مطالبہ نہ کرے یا بعد العقد صراحۃً پھل کو درخت پر لگے رہنے کی اجازت دیدے تو کوئی حرج نہیں، بیع فاسد نہ ہوگی، کیونکہ تبقیہ کی شرط عقد میں نہیں تھی، اب بائع کا یہ احسان ہے جو شرعاً پسندیدہ ہے۔[2]

اس پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر عرف تبقية على الأشجار کا جاری ہو جیسا کہ اس زمانے میں ہے تو المعروف كالمشروط کے قاعدے سے یہ تبقیہ بھی مشروط کے حکم میں ہونا چاہئے، پس بیع میں اگرچہ تبقیہ کی شرط نہ لگائی گئی ہو، تب بھی بحکم مشروط ہونے کی وجہ سے یہ بیع فاسد ہونی چاہئے، چنانچہ علامہ شامیؒ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔[3]

اس کا جواب حضرت مولانا سیّد محمد انور شاہ صاحب کشمیریؒ نے "فیض الباری"[4] میں "فتاویٰ ابنِ تیمیہؒ" کے حوالے سے یہ دیا ہے کہ تبقية على الأشجار کا یہ حیلہ امام ابوحنیفہؒ سے منقول ہے، اور "ہدایہ" و "درمختار" میں بھی یہ مسئلہ "المعروف كالمشروط" کی قید کے بغیر آیا ہے،[5] لہٰذا عرف اگرچہ تبقية على الأشجار کا جاری ہو، تب بھی اگر صلب عقد میں تبقیہ کی شرط ذکر نہ کی گئی تو بیع صحیح

(۱) فتح القدير ج:۵ ص:۴۸۹ كتاب البيوع، فصل ومن باع دارًا دخل بناؤها في البيع الخ، والبحر الرائق ج:۵ ص:۵۰۲ كتاب البيع، فصل يدخل البناء والمفاتيح في بيع الدار، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۸، وفتح الباري ج:۴ ص:۳۹۴ كتاب البيوع، باب بيع النخل قبل ان يبدو صلاحها۔

(۲) الهداية ج:۳ ص:۲۷ كتاب البيوع، فصل ومن باع دارًا دخل بناؤها في البيع الخ۔

(۳) الشامية ج:۴ ص:۵۵۶ كتاب البيوع، مطلب في بيع الثمر والشجر مقصودًا۔

(۴) فيض الباري ج:۳ ص:۲۵۶ كتاب البيوع، باب بيع النخل قبل ان يبدو صلاحها، والعرف الشذي ج:۳ ص:۱۷ كتاب البيوع عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب ما جاء في كراهية بيع الثمرة حتى يبدو صلاحها۔

(۵) الدر المختار ج:۴ ص:۵۵۶ كتاب البيوع، فصل فيما يدخل في البيع تبعا وما لا يدخل۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہوگی، اور تبقیہ اس کے بعد باذن البائع جائز ہوگا (کذا فی التکملة)۔[1]

ناچیز (رفیع) کو اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ "المعروف" یہاں درحقیقت "کالمشروط" نہیں ہے، کیونکہ بائع کو اس عُرف کے باوجود یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ پھل قطع کرنے کا فی الحال مطالبہ کرسکتا ہے تو یہ "تبقیة علی الأشجار" کالمشروط نہ ہوا۔

مذکورہ بالا تفصیل سے معلوم ہوا کہ احادیثِ باب، نهی عن بیع الثمار قبل بدو الصلاح کے بارے میں اگرچہ لفظاً مطلق ہیں، مگر معنیً بالاتفاق مُقیّد ہیں، البتہ اس قید کی تعیین میں اختلاف ہوا، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک وہ قید "بغَیر شرطِ القطع" ہے، اور ہمارے نزدیک "بشرط الترك علی الأشجار"۔

یہ سب بحث قبل بدو الصلاح میں تھی، اور بعد بدو الصلاح میں بھی اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک بیع بعد بدو صلاحها مطلقاً جائز ہے وان کان بشرط التبقیة، بلکہ ان کے نزدیک بیع اگرچہ مطلق ہوئی ہو تب بھی بائع پر واجب ہے کہ پھل کٹنے کا وقت ہونے تک پھل کو درخت پر لگا رہنے دے، امام شافعیؒ اور ان کے موافقین کا اِستدلال "حتّٰی یبدوَ صلاحها" کے مفہومِ غایت سے ہے۔

اور ہمارے نزدیک بعد بدوِ صلاحها میں بھی وہی تفصیل ہے جو قبل بدو صلاحها میں ہے، یعنی بشرط التبقیہ ناجائز اور اس شرط کے بغیر جائز ہے، کیونکہ مفہومِ مخالف ہمارے نزدیک حجت نہیں، لہٰذا احادیثِ باب کو "بعد بدوِ صلاحِها" سے ساکت قرار دیا جائے گا، اور رُجوع قواعدِ کلیہ کی جانب ہوگا جن کا ذکر قبل بدو صلاحها کے ذیل میں آچکا ہے۔[2]

رہا یہ اِشکال کہ اب تو صدیوں سے پھلوں کی بیع بشرط التبقیة علی الأشجار ہی کا رواج عام ہے، اس کا تقاضا ہے کہ ہمارے بازاروں میں جو پھل فروخت ہو رہے ہیں، ان کو خریدنا اور کھانا جائز نہ ہو؟ تو اس مشکل کا حل فقہائے حنفیہ کے کلام سے جو سامنے آتا ہے اس کی تفصیل یہ ہے:-

۱- جب ثمار کا تناہی عظم ہو چکا ہو تو امام محمدؒ کے نزدیک بیع بشرط التبقیة بھی استحساناً

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۵۵۔

(۲) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۵۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جائز ہے، خلافًا للشیخین، واختار الطحاوی قول محمدؒ لعموم البلویٰ،[۱] والیہ مال ابن الهمام وابن عابدین کما فی رد المحتار۔[۲]

۲- علامہ ابن الہمامؒ کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک قولِ امام محمدؒ پر قیاس کا تقاضا ہے کہ عمومِ بلویٰ کی صورت میں قبلِ تناہیٔ عظم بھی بیع بشرط التبقیة جائز ہو، کیونکہ امام محمدؒ نے بعد التناهي جواز کو استحسانًا للعرف اختیار کیا ہے، پس اگر عرفِ عام قبل التناهي بھی پایا جائے تو امام محمدؒ کے مذہب کا تقاضا یہ ہے کہ بیع بشرط التبقیة جائز ہونی چاہئے، کیونکہ تبقیة علی الأشجار کی شرط کے ساتھ بیع الثمار کا عرف عام تقریباً تمام ممالک میں ہوگیا ہے، لہٰذا مقتضائے عقد کے خلاف ہونے کے باوجود یہ شرط جائز اور بیع دُرست ہونی چاہئے، کیونکہ جو شرط مقتضائے عقد کے خلاف ہو اس کے عدمِ جواز کی علت، "مفضي الی النزاع" ہوتا ہے، اور ایسی کسی شرط کا عرف عام ہو جائے تو وہ مفضي الی النزاع نہ ہونے کے باعث مفسدِ عقد نہیں رہتی، جس کی مثال فقہائے حنفیہ کے یہاں یہ ذکر کی جاتی ہے کہ جوتا اس شرط کے ساتھ خریدنا کہ اس میں نعل بائع لگا کردے یہ شرط مقتضائے عقد کے خلاف ہے، مگر عرف عام کی وجہ سے مفضي الی النزاع نہیں رہی لہٰذا یہ بیع جائز اور صحیح ہے۔[۳] اسی طرح ہمارے زمانے میں یہ عرف عام ہے کہ قالین کی خریداری میں یہ شرط ہوتی ہے کہ اسے بائع مشتری کے یہاں اپنے خرچ پر پہنچائے گا اور مقررہ جگہ پر باقاعدہ بچھائے گا، اس عمل میں بائع کا کافی روپیہ اور وقت خرچ ہوتا ہے، ظاہر ہے کہ یہ شرط بھی مقتضائے عقد کے خلاف ہے مگر عرف عام کی وجہ سے مفضي الی النزاع نہیں ہوتی اس لئے جائز ہے، اسی طرح بیع الثمار بشرط التبقیة علی الأشجار بھی عرفِ عام کی وجہ سے جائز ہونی چاہئے، علامہ ابن الہمامؒ کے کلام سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ عرفِ عام ہو جانے کی صورت میں بیع بشرط التبقیة علی الأشجار بھی جائز ہونی چاہئے۔

مگر اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ اس طرح تو نهی عن بیع الثمار کی حدیثِ باب کا بالکلیہ

---

(۱) الهداية ج:۳ ص:۲۶ کتاب البيوع، فصل ومن باع دارًا دخل بناؤها فی البیع الخ، وفتح القدیر ج:۵ ص:۴۸۹، ۴۹۰ کتاب البيوع، فصل ومن باع دارًا دخل بناؤها فی البیع الخ، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۱۹۵ کتاب البيوع، باب بیع الثمار قبل ان تتناهي، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۵۳۔

(۲) الشامیة ج:۴ ص:۵۵۶ کتاب البیوع، مطلب فی بیع الثمر والشجر مقصودًا۔

(۳) الهداية ج:۳ ص:۶۱ کتاب البیوع، باب البیع الفاسد۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ترک لازم آتا ہے، کیونکہ بیع بشرط القطع کی اجازت تو ائمہ اربعہ کے نزدیک ہے ہی، اور حنفیہ نے مطلق عن الشرط کی اجازت بھی دی ہوئی ہے، اب آپ نے تیسری صورت یعنی بشرط التبقیة علی الأشجار کو بھی جائز کہہ دیا، حالانکہ بیع الثمار کی یہی تین صورتیں تھیں، جب تینوں جائز ہوگئیں تو نھی عن بیع الثمار سے متعلق احادیثِ باب بالکلیہ متروک ہوگئیں، حالانکہ عرفِ عام کی وجہ سے نص کی صرف تخصیص جائز ہے، اسے منسوخ کردینا جائز نہیں۔ (۱)

اس کا ایک جواب یہ ہے کہ عرفِ عام کی وجہ سے اس شرط کا جواز اگر صرف بیع بعد بدو الصلاح کی صورت میں ہو جیسا کہ ائمہ ثلاثہؒ کا مذہب ہے تو حدیثِ باب کا ترک لازم نہیں آتا، کیونکہ احادیثِ باب میں نہی قبل بدو الصلاح کی صورت میں ہے، بعد بدو الصلاح کے حکم سے یہ احادیث اُصولِ حنفیہ کے مطابق ساکت ہیں، لہٰذا بیع بعد بدو الصلاح بشرط التبقیة علی الأشجار کا جواز حدیثِ باب کے منافی نہیں۔

اس جواب کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ بیع بعد بدو الصلاح بشرط التبقیة میں ممانعت کی صرف ایک علت تھی، وھو بیع بشرط لا یقتضیه العقد، اور وہ عرفِ عام کے باعث ہماری مذکورہ بالا تقریر سے منتفی ہوگئی، برخلاف بیع قبل بدو الصلاح کے کہ اس میں تبقیہ کی شرط میں عدمِ جواز کی ایک اور علت بھی پائی جاتی ہے، اور وہ علت "غَــرَر" ہے اور یہ علت عرفِ عام ہوجانے کے باوجود باقی ہے، کیونکہ بیع جب قبل بدو الصلاح بشرط التبقیة کی جاتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ مشتری یہ پھل پکنے سے پہلے اس شرط کے ساتھ خرید رہا ہے کہ وہ اسے پکا ہوا ملے، علامہ ابن الہمامؒ نے فتح القدیر میں اس کا یہی مطلب بیان فرمایا ہے، (۲) حالانکہ یہ کسی کے اختیار اور قدرت میں نہیں، کیونکہ پھل ابھی مامون من العاھة نہیں، پھل ہلاک ہوسکتا ہے، لہٰذا اس صورت میں پھل ''پکا'' ہونے کی صفت کے ساتھ عند العقد مقدور التسلیم نہیں، حالانکہ مبیع کا عند العقد مقدور التسلیم ہونا ضروری ہے، پس اس بیع میں غرر موجود ہے، لہٰذا جائز نہ ہوگی۔

علامہ ابن الہمامؒ کی رائے پر پڑنے والے اعتراض کا جواب تو یہ ہوا جو ناچیز کی فہمِ ناقص میں آیا ہے، اس جواب کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ بیع بشرط التبقیة علی الأشجار صرف بعد بدو الصلاح جائز ہو، قبل بدو الصلاح جائز نہ ہو۔

---

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۵۶۔

(۲) فتح القدیر ج:۵ ص:۴۹۱ کتاب البیوع، فصل ومن باع دارًا دخل بناؤھا فی البیع الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳:- لیکن ایک قول جسے امام طحاویؒ و متعدّد فقہائے حنفیہ نے اختیار کیا ہے، یہ ہے کہ احادیثِ باب میں نہی تحریمی نہیں تنزیہی ہے، یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے محض مشورے کے طور پر ارشاد فرمائی ہے،[1] اس کی دلیل حضرت زید بن ثابتؓ کی حدیثِ مرفوع ہے جسے امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے، اس میں صراحت ہے کہ: "كان الناس في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم يتبايعون الثمار، فاذا جذ[2] الناس وحضر تقاضيهم قال المبتاع: انه أصاب الثمر الدُّمان[3]، أصابه مُراض، أصابه قُشام، عاهات يحتجّون بها، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لما كثُرت عنده الخصومةُ في ذلك: "فَإمَّا لا، فلا تبتاعوا حتّٰى يبدو صلاحُ الثمر، كالمشورة يشير بها لكثرة خصومتهم"۔[4] اس کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ بیع بشرط التبقية قبل بدو الصلاح بھی مع کراهة تنزيهية جائز ہو،[5] لیکن بہرحال احتیاط اسی میں ہے کہ تبقیہ کی شرط عقد میں نہ لگائی جائے،[6] ضرورت اس کے بغیر بھی پوری ہو جاتی ہے، کیونکہ عرفِ عام یہی ہے کہ بائع فی الحال پھل توڑنے کا مطالبہ نہیں کرتا۔ واللہ اعلم۔

باب تحريم بيع الرُّطَب بالتمر الا في العَرايا (ص:۸)

۳۸۵۳- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: أَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ح قَالَ وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ -وَاللَّفْظُ لَهُمَا- قَالَا: نَا سُفْيَانُ قَالَ: نَا

---

(۱) فيض الباري ج:۳ ص:۲۵۲ كتاب البيوع، باب بيع الثمار قبل ان يبدو صلاحها، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۳ كتاب البيوع، باب بيع الثمار قبل ان يبدو صلاحها، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۱۹۶ كتاب البيوع، باب بيع الثمار قبل ان تتناهى۔

(۲) قوله: "فاذا جَذّ الناس" بالجيم والمعجمة "اى قطعوا ثمر النخل، اى استحق الثمر القطع"۔ (كذا في حاشية صحيح البخاري)۔

(۳) قوله: "الدمان" بالفتح والخفة، وقيل بالضم، فساد الثمر قبل ادراكه حتّٰى يَسْوَدّ، من الدمن وهو السرقين۔ والمُراض والقُشام كلاهما بالضم وهما من أفات الثمرة۔ (كذا في حاشية صحيح البخاري)۔ رفيع

(۴) صحيح البخاري ج:۱ ص:۲۹۲ كتاب البيوع، باب بيع الثمار قبل ان يبدو صلاحها۔

(۵) عمدة القاري ج:۱۲ ص:۲ كتاب البيوع، باب بيع الثمار قبل ان يبدو صلاحها۔

(۶) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۵۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ، وَعَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ۔

قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَثَنَا زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا۔ زَادَ ابْنُ نُمَيْرٍ فِيْ رِوَايَتِهٖ: اَنْ تُبَاعَ۔ " (ص:۸ سطر:۴،۵)

قوله: "عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ" (ص:۸ سطر:۴)

اس میں لفظ "الثمر" بالثاء المثلثة ہے، اور ثمر سے مراد رُطب ہے (النوویؒ)[1] اور "تمر" سے مراد کھجور۔

بیع الرُّطب بالتمر کی دو صورتیں ہیں، ایک یہ کہ رُطب اور تمر دونوں مقطوع ہوں، دُوسری یہ کہ رُطب درخت پر لگی ہوئی ہو اور تمر مقطوع ہو، اس دُوسری صورت کو "المُزابَنَة" کہا جاتا ہے۔ جس کی تفصیل اگلے باب میں آئے گی۔

پہلی صورت امام محمدؒ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مطلقاً ناجائز ہے سواءً كان متفاضلًا أو متماثلًا، نسيئةً كان أو يدًا بيدٍ، لأحاديث الباب "لا تبتاعوا الثمر بالتمر" وما في معناه، حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ بیع دو شرطوں کے ساتھ جائز ہے، ایک یہ کہ تماثلاً ہو، دُوسرے یہ کہ یدًا بیدٍ ہو، تفاضل اور نساء دونوں حرام ہیں، کیونکہ یہ اموالِ ربویہ میں سے ہیں اور بیع متجانسین کی ہے۔[2]

حضرت امام ابوحنیفہؒ کی دلیل اس واقعہ سے واضح ہے کہ جب وہ بغداد پہنچے تو ان کے اس قول پر اہلِ بغداد نے ناراضگی کا اظہار کیا کہ یہ حدیث کے مخالف ہے، امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ رُطب دو حال سے خالی نہیں کہ یا تو وہ تمر ہے یا تمر نہیں، اگر تمر ہے تو اس کی بیع تمر سے متماثلاً و یداً بید جائز ہونی چاہئے، لأوّل ما في الحديث المرفوع "التمر بالتمر مثلًا بمثل يدًا بيدٍ"، اور اگر یہ

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۸، والديباج على صحيح مسلم بن الحجاج ج:۴ ص:۱۵۶، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۵۸، وعمدة القاري ج:۱۱ ص:۴۱۵ كتاب البيوع، باب بيع التمر بالتمر، وفتح الباري ج:۴ ص:۳۸۴ كتاب البيوع، باب بيع التمر بالتمر۔

(۲) إكمال المعلم ج:۵ ص:۱۷۴، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۱۸۵ كتاب البيوع، باب بيع الرطب بالتمر، وعمدة القاري ج:۱۱ ص:۲۹۰ كتاب البيوع، باب بيع الزبيب بالزبيب .... إلخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تمر نہیں تب بھی یداً بید اس کی بیع جائز ہونی چاہئے، لآخر الحدیث المذکور "اذا اختلف النوعان فبیعوا کیف شئتم اذا کان یداً بید"۔(۱)

اور ترمذی کی ایک روایت میں جو آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیع الرطب بالتمر کا حکم پوچھا گیا تو آپ نے سوال فرمایا: "اینقص الرطب اذا جفّ؟ قالوا: نعم، فنھاہُ عن ذلك" جب اہلِ بغداد نے یہ حدیث پیش کی، تو امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ: "مدارُہ علی زید ابی عیاش،(۲) وھو ممّن لا یُقبَلُ حدیثُه" اہلِ بغداد حیران رہ گئے، چنانچہ عبداللہ بن المبارکؒ فرماتے ہیں کہ لوگ امام ابوحنیفہؒ کو حدیث میں ضعیف قرار دیتے ہیں، حالانکہ رجال پر ان کی نظر اتنی گہری ہے کہ انہوں نے زید ابی عیاش کے بارے میں برجستہ "وھو ممن لا یقبل حدیثه" فرمادیا۔(۳)

احادیثِ باب کا جواب امام صاحبؒ کی طرف سے یہ ہے کہ "لا تبتاعوا الثمر بالتمر" میں ثمر سے مراد رُطب قائم علی الشجر ہے، نہ کہ رُطب مقطوع، اور رُطب قائم علی الشجر کی بیع تمر مقطوع سے، جسے مزابنة کہا جاتا ہے، ہمارے نزدیک بھی ناجائز ہے،(۴) جیسا کہ آگے آئے گا۔

قوله: "رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا" (ص:۸ سطر:۴)

اس کی تفسیر اور مفصل بحث آگے آرہی ہے۔

---

(۱) اوجز المسالك ج:۱۱ ص:۱۳۸، ۱۳۹ کتاب البیوع، باب ما یکرہ من بیع الثمر، والھدایة مع فتح القدیر ج:۶ ص:۱۶۸، ۱۶۹ باب الربا۔ یہ حدیث آگے بابُ الربا میں حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کی روایت سے ان الفاظ میں آئے گی: "الذَّھَبَ بالذَّھَبِ وَالفِضَّةَ بالفِضَّةِ وَالْبُرَّ بِالبُرِّ والشَّعِیرَ بالشَّعِیرِ والتَّمَرَ بالتَّمَرِ وَالْمِلْحَ بالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ سواءً بِسَوَاءٍ، یَدًا بِیَدٍ، فَإذا اخْتَلَفَتْ ھٰذہِ الاَصْنَافُ فَبِیْعُوْا کَیْفَ شِئْتُمْ إذَا کَانَ یدًا بیدٍ۔" (ص:۲۵) رفیع۔

(۲) ان کا نام "زید بن عیاش" ہے، اور کنیت "ابوعیاش"، کذا فی تھذیب التھذیب لابن حجر ج:۳ ص:۴۵۱، ۴۵۲، و خلاصة الخزرجی ج:۱ ص:۱۲۹، والکاشف للذھبی ج:۱ ص:۳۴۸، وتھذیب الکمال ج:۱۰ ص:۱۰۱، ۱۰۲۔ (رفیع)

(۳) الکوکب الدری وحاشیته ج:۲ ص:۲۸۶ باب فی النھی عن المحاقلة والمزابنة۔ (من الاُستاذ مدظلھم)۔

(۴) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۱۸۵ کتاب البیوع، باب بیع الرطب بالتمر۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مسئلة المُزابَنَة ورُخصة العَرایا

بیع الرطب بالتمر کی دُوسری صورت جس کو "مُزابَنَة" کہتے ہیں یہ بالاتفاق ائمہ اربعہ کے نزدیک ناجائز ہے، احادیثِ باب میں اس کی حُرمت صراحۃً مذکور ہے، اور حرمت کی عقلی دلیل یہ ہے کہ رُطبِ قائم علی الشجر اور تمرِ مقطوع اموالِ ربویّة میں سے ہیں، اور یہاں اِن کے درمیان تساوی کا علم نہیں، اور متجانسین کی بیع علم بالتساوی کے بغیر جائز نہیں کیونکہ تفاضل کا احتمال ہے، اور ربویات میں تفاضل کا احتمال، تفاضل حقیقی کے حکم میں ہوتا ہے جو رِبا ہے۔ مگر امام شافعیؒ ما دون خمسة اوسق کی حدتک (صرف رُطب اور عنب کی) عَرَایا میں مُزابنة کو جائز قرار دیتے ہیں، یعنی ان کے نزدیک رطب جو درخت پر لگی ہوئی ہے اس کی بیع تمر مقطوع سے اور عنب جو درخت (بیل) میں لگے ہوئے ہیں ان کی بیع زَبیب مقطوع سے، ما دُونَ خمسةُ اوسق کی حدتک "عَرَایا" میں جائز ہے[1] ("عَرایا" کی تفسیر آگے آرہی ہے)۔ باقی پھلوں میں ان کے نزدیک بھی مطلقاً ناجائز ہے، اور امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ[2] کے نزدیک مزابنة کی حرمت میں کوئی استثناء نہیں، قلیل وکثیر میں، اور رُطب وعنب سمیت ہر قسم کے پھلوں میں مطلقاً ناجائز ہے۔[3]

۳۸۵۵- "حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا حُجَیْنٌ قَالَ: نَا اللَّیْثُ عَنْ عَقِیْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنِ الْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ یُبَاعَ ثَمر النَّخْلِ بِالتَّمْرِ، وَالْمُحَاقَلَةُ اَنْ یُبَاعَ الزَّرْعُ بِالْقَمْحِ، وَاسْتِکْرَاءُ الْاَرْضِ بِالْقَمْحِ۔" (ص:۸ سطر:۷،۸)

قوله: "عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنِ الْمُزَابَنَةِ الخ" (ص:۸ سطر:۷،۸)

یہ حدیث مرسل ہے، کیونکہ سعید بن المسیّبؒ تابعی ہیں، انہوں نے صحابی کا واسطہ چھوڑ کر حدیثِ مرفوع روایت کی ہے۔ امام مسلمؒ مرسل احادیث بہت کم شاذ ونادر ہی لاتے ہیں۔ علامہ سیوطیؒ کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ صحیح مسلم میں مرسل حدیثوں کی تعداد تقریباً گیارہ سے زیادہ نہیں۔[4]

---

(۱) شرح النوویؒ ج:۲ ص:۹۔

(۲) کذا حققه ابن الهمامؒ ج:۶ ص:۵۴ کتاب البیوع، باب البیع الفاسد۔ (رفیع)

(۳) شرح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۹، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۶۲۔

(۴) مقدمة فتح الملهم ج:۱ ص:۸۴ طبع دمشق۔ ازحضرت الاستاذ مدظلہم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور جو مراسیل امامِ مسلمؒ نے اپنی کتاب میں لی ہیں وہ بھی محض تائید واستشہاد کی خاطر لی ہیں، استدلال ان مراسیل کے ہم معنی احادیث مسندہ موصولہ سے کیا ہے، جیسا کہ یہاں ہے کہ حرمةِ مزابنة کی احادیثِ مرفوعہ موصولہ پیچھے بھی "بَیْعُ الثَّمَرِ بِالتَّمرِ" کے الفاظ سے آچکی ہیں، آگے بھی ان ہی الفاظ میں اور "المزابنة" کے صریح الفاظ سے آرہی ہیں، اصل استدلال انہی سے ہے۔

پھر یہاں ارسال کرنے والے بھی حضرت سعید بن المسیَّب رحمۃ اللہ علیہ ہیں، جو کبارِ تابعین میں سے ہیں، موصوف کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ ان کی مرسل احادیث کو محدثین واصولیین بالاتفاق حجت قرار دیتے ہیں۔

حدیثِ مرسل کے حجت ہونے میں اختلاف معروف ومشہور ہے۔ امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، امام احمدؒ اور جمہور فقہائے کرامؒ کے نزدیک چند کڑی قیود وشرائط کے ساتھ[1] حجت ہے۔ اور محدثین کا مذہبِ معروف اور فقہاء کرامؒ کی ایک جماعت اور امامِ شافعیؒ کا مذہب یہ ہے کہ حجت نہیں، لیکن مراسیلِ صحابہ اور مراسیل سعید بن المسیّب، امامِ شافعیؒ سمیت محدثین اور تمام فقہاء کے نزدیک حجت ہیں۔

قولہ: "وَالْمُحَاقَلَةُ اَنْ يُبَاعَ الزَّرْعُ بِالْقَمْحِ" (ص:۸ سطر:۸)

مُحاقَلَه کی یہ تفسیر بعینہٖ مُزابَنَة کی طرح ہے، فرق صرف یہ ہے کہ مزابَنَة پھلوں میں ہوتا ہے، اور مُحاقلة کھیتی میں، کہ کھیتی (زراعت) میں پیدا ہونے والے غلّے کے جو دانے سنبل میں ہیں، سنبل سے نکالے نہیں گئے اُن کی بیع الگ نکلے ہوئے دانوں سے کی جائے۔ حُرمت کی وجہ بھی وہی ہے جو مزابنہ میں اوپر بیان ہوئی۔

قولہ "وَاسْتِكْرَاءُ الْاَرْضِ بِالْقَمْحِ" (ص.۸ سطر.۸)

یہ محاقلہ کی دوسری تفسیر ہے، یعنی زراعت کی زمین کسی سے کرایہ پر لی جائے، اور اُس زمین سے جو پیداوار حاصل ہوگی، اُسی پیداوار کے کسی خاص حصے یا مقدار کو اُس کا کرایہ قرار دیا جائے۔ مثلاً اس زمین کے کسی خاص حصے کی پیداوار کو، یا کل پیداوار میں سے مثلاً دس وَسَق کو کرایہ

(۱) ان قیود وشرائط کی تفصیل کے لئے دیکھئے: مقدمہ فتح الملہم ج:۱ ص:۸۰ تا ص:۸۱، طبع دمشق۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قرار دیا جائے اسے "المخابرۃ" بھی کہتے ہیں، اس کی تفصیل میں فقہائے کرامؒ کا کچھ اختلاف ہے جو آگے بابُ کراء الأرض میں ان شاء اللہ بیان ہوگا۔

۳۸۵۲- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِصَاحِبِ الْعَرِيَّةِ أَنْ يَبِيْعَهَا بِخَرْصِهَا مِنَ التَّمْرِ۔" (ص:۸ سطر:۱۰،۱۱)

قوله: "رَخَّصَ لِصَاحِبِ الْعَرِيَّةِ أَنْ يَبِيْعَهَا بِخَرْصِهَا مِنَ التَّمْرِ" (ص:۸ سطر:۱۱)

العریۃ کی جمع "العَرَایا" ہے، اور خَرص بفتح الخاء اسم مصدر ہے، بمعنی المخروص یعنی تخمینہ کی ہوئی۔ اور مطلب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع العریۃ کی اجازت دی ہے بعوض تمرِ مخروص کے، یعنی اس تمر کے عوض جس کے بارے میں یہ اندازہ کیا گیا ہو کہ وہ عریہ میں لگی ہوئی رُطب کے مساوی ہے، یہ شافعیہ اور حنابلہ کی دلیل ہے۔

بیع العرایا کی تفسیر میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام شافعیؒ کے نزدیک اس سے مراد یہ صورت ہے کہ کوئی شخص خواہ فقیر ہو یا غنی اپنی رُطب کو جو اپنے ایک یا دو درختوں پر لگی ہوئی ہے کسی کے ہاتھ اندازہ کر کے اُتنی ہی تمر کے عوض فروخت کر دے، خواہ وہ ایک دو درخت دوسرے کے باغ میں ہوں، یا اپنے باغ میں امامِ شافعیؒ کے نزدیک یہ بیع العرایا ہے۔[۱] علامہ ابن الہمامؒ نے امامِ احمدؒ کا مذہب امامِ شافعیؒ کے موافق بتایا ہے مگر یہ کہ امامِ احمدؒ کے نزدیک بیع العریۃ ضرورت کے بغیر جائز نہیں۔[۲] اور وہ جواز بھی صرف رُطب میں ہے، عنب میں نہیں۔[۳]

حنفیہ و مالکیہ کے نزدیک اس کی تفسیر یہ ہے کہ کوئی باغ کا مالک ایک یا دو درخت کا پھل جو درخت پر لگا ہوا ہے کسی کو کھانے کے لئے ہبۃً دیدے، یعنی درخت اپنی ملکیت میں رکھے اور پھل جو درخت پر لگا ہوا ہے اس کو ہبہ کر دے، پھر اس شخص کے آنے جانے سے مالکِ باغ کو چونکہ تکلیف ہوتی ہے، اس لئے وہ اس سے یہ کہے کہ میری ہبہ کی ہوئی رُطب کے بدلے میں تم اندازہ کر کے اتنی

---

(۱) فتح الباری ج:۴ ص:۳۹۱، ۳۹۳ کتاب البیوع، باب بیع المزابنۃ الخ۔

(۲) فتح القدیر ج:۵ ص:۱۹۵ نسخہ مصریہ کتاب البیوع، باب البیع الفاسد۔ (رفیع)

(۳) تکملۃ فتح الملہم، ج:۱ ص:۲۷۱۔ (طبع دمشق)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہی تمر لے لو، حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک بیع العرایا کی تفسیر یہ ہے، اور جائز ہے،[۱] مگر حنفیہ کے نزدیک یہاں حدیث میں لفظِ "بیع" کا اطلاق مجازاً ہے، حقیقۃً نہیں، کیونکہ موہوب لہٗ جب تک موہوب پر قبضہ نہ کرلے مالک نہیں بنتا، اور یہاں قبضہ نہیں ہوا، کیونکہ پھل درخت پر لگا ہوا ہے، اور درخت مالک کے قبضے میں ہیں، اور مالک نے پھل کے اور موھوب لہٗ کے درمیان تخلیہ نہیں کیا ہے، لہٰذا اب تک اُس پھل کا مالک بھی وہی ہے، پس یہاں رُطب کی بیع تمر سے صرف صورۃً ہے، حقیقۃً نہیں۔ حقیقۃً یہ مالک کی طرف سے پہلے ہبہ کے بجائے دُوسرا ہبہ ہے۔ علامہ ابن الہمامؒ نے فتح القدیر میں فرمایا ہے کہ: "والحق ان قول مالك قول ابي حنيفة، هكذا حكاهُ عنه محققوا مذهبه۔"[۲] لیکن فتح الباری میں حافظؒ کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ امامِ مالکؒ کا مذہب بنیادی طور پر تو حنفیہ کے مطابق ہے لیکن کچھ تفصیلات میں اختلاف بھی ہے، فلیراجع۔[۳]

امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ نے حرمتِ مزابنۃ سے بیع العرایا کا جو استثناء کیا، اس کی دلیل ایک تو حضرت زید بن ثابتؓ کی یہی روایت ہے جس میں بیع العریۃ کی رُخصت صراحۃً مذکور ہے، اس کے علاوہ بھی کئی احادیث ہیں، جن میں سے کئی مسلم شریف میں اسی باب میں مذکور ہیں، مثلاً:۔

"عن أبي هريرةؓ: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رخص في بيع العرايا بخرصها فيما دون خمسة أوسق أو في خمسة۔" (ص:۹ سطر:۸،۹)

امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ کی جانب سے جواب یہ ہے کہ عرایا کے وہ معنی ہم تسلیم نہیں کرتے جو امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ نے بیان کئے، اس لئے کہ ان کے قول کی بناء پر لازم آئے گا کہ عریہ بمعنی النخلۃ یا بمعنی ثمر النخلۃ ہو اور یہ معنی کتبِ لغت میں کہیں نہیں ملتے، اور صحیح معنی وہی ہیں جو ہم نے اُوپر بیان کئے کہ عَرِیَّۃ بمعنی الھبۃ المخصوصۃ ہے، اور کلامِ عرب میں اس کی نظیر موجود

(۱) فتح الباری ج:۴ ص:۳۹۰، ۳۹۱ کتاب البیوع، باب بیع المزابنۃ الخ، وشرح معانی الآثار ج:۲ ص:۱۹۷ کتاب البیوع، باب العرایا۔

(۲) فتح القدیر ج:۵ ص:۱۹۶ نسخۂ مصریہ۔ (رفیع)

(۳) فتح الباری ج:۴ ص:۳۹۱ کتاب البیوع، باب بیع المزابنۃ الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے، ایک شاعر انصار کی مدح کرتے ہوئے کہتا ہے

لَيْسَـتْ بِسَـنْهَـاءَ ولا رُجَّبِيَّـة
ولٰكنْ عرايا في السنين الجوائح [۱]

یعنی انصار تنگدستی اور مصیبت کے برسوں میں عرایا دیتے ہیں، اگر عرایا کی تفسیر ہبہ سے نہ کی جائے تو انصار کی مدح کے کوئی معنی نہیں، اس لئے کہ بیع کر کے کوئی چیز دینا قابلِ مدح نہیں، نیز مسلم شریف ہی میں (ص:۸ سطر:۱۴ پر) اسی باب کی ایک روایت میں راوی کی یہ تفسیر منقول ہے: "والعريّة النخل تجعل للقوم فيبيعونها بخرصها تمرًا" اس میں "تُجْعَلُ لِلقوم" کا لفظ ہبہ کے معنی میں تقریباً صریح ہے، [۲] لہٰذا بیع العرایا میں لفظ بیع مجازاً بولا گیا ہے اس صورت کے لئے جو عرایا کی تفسیر میں ہم نے بیان کی، اور علاقۂ مجاز تشبیہ ہے کیونکہ وہ صورۃً بیع کے مشابہ ہے۔ [۳]

سوال:- اگر عرایا کی وہ تفسیر تسلیم کی جائے جو امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ نے بیان کی تو "رخّص" کے کیا معنی ہوئے؟

جواب:- اس کا جواب یہ ہے کہ موھوب لہٗ کو رُطب کی بجائے تمر دینے میں اِخلافُ

---

(۱) لسان العرب ج:۹ ص:۱۸۰، ۱۸۱، والصحاح ج:۲ ص:۱۰۹، وفيض الباری ج:۳ ص:۲۴۵ کتاب البیوع، باب تفسیر العرایا، وشرح معانی الآثار ج:۲ ص:۱۹۷ کتاب البیوع، باب العرایا، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص ۲۶۴۔ "سَنْهَاء" کھجور کا ایسا درخت جو ایک سال پھل دیتا ہو اور ایک سال نہ دیتا ہو، اور رُجَّبِيَّة بضم الراء وتشديد الجيم المفتوحة، کھجور کا ایسا درخت جس کی کھجوروں کے خوشوں کے اردگرد کانٹے لگا دیئے گئے ہوں تاکہ کوئی چوری کر کے کھانے والا اُس تک نہ پہنچ سکے۔ اور مطلب شعر کا یہ ہے کہ انصار جس درخت کا پھل ہبہ میں دیتے ہیں وہ نہ "سنهاء" ہے نہ رُجَّبِيّة ہے۔

(۲) امام طحاویؒ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے "عرایا" کی یہ تفسیر نقل فرمائی ہے: "وقال زيد بن ثابت رخص في العرايا في النخلة والنخلتين تُوْهَبان للرجل فيبيعهما بخرصهما تمرًا" اس کے بعد امام طحاویؒ فرماتے ہیں: فهٰذا زيد بن ثابت رضي الله عنه وهو أحد من روى عن النبي صلى الله عليه وسلم الرخصة في العرية فقد اخبر أنها الهبة۔ شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۱۹۹ کتاب البیوع، باب العرایا، وفيض الباری ج:۳ ص:۲۴۶ کتاب البیوع، باب تفسیر العرایا۔

(۳) فیض الباری ج:۳ ص:۲۴۷ کتاب البیوع، باب تفسیر العرایا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الـوعد ہے، جو ثُـلُـثُ النفاق ہے،[۱] تو وہم ہوسکتا تھا کہ یہ صورت جائز نہ ہو، اس لئے رُخصت کا لفظ استعمال کیا گیا۔

ناچیز عرض کرتا ہے کہ ایک جواب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بیع العرایا اگر چہ حقیقۃً بیع نہیں، مگر چونکہ صورۃً بیع ہے اس لئے شبہ ہوسکتا تھا کہ یہ بھی مـزابنة کے حکم میں ہو، یعنی ناجائز ہو، اس شبہ کو زائل کرنے کے لئے راوی نے "رخص في بيع العرايا" کا لفظ استعمال کیا۔

سوال:- جب یہ صورت جائز ہے تو رُخصت کو مـا دون خمسـة أوسق کے ساتھ کیوں مُقیّد کیا گیا؟

جواب:- یہ ہے کہ ممکن ہے مدینہ طیبہ میں عام طور پر رواج اسی مقدار میں عَرایا کرنے کا ہو، یا جس معاملے کا فیصلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ معاملہ اتنی ہی مقدار کا ہوگا، حاصلِ جواب یہ ہے کہ یہ قید احترازی نہیں، واقعی اور اتفاقی ہے۔[۲]

باب من باع نخـلًا عليها تمر (ص:۱۰)

۳۸۷۸- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَاعَ نَخْلًا قَدْ اُبِّرَتْ، فَثَمَرُهَا لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ۔" (ص:۱۰ سطر:۲،۳)

قوله: "مَنْ بَاعَ نَخْلًا قَدْ اُبِّرَتْ، فَثَمَرُهَا لِلْبَائِعِ" (ص:۱۰ سطر:۳)

جس درخت پر پھل لگا ہوا ہو اس کی بیع کی تین صورتیں ہیں:-

ایک یہ کہ درخت کے ساتھ پھل کی بیع بھی ہو، اس صورت میں بالاتفاق پھل مشتری کو ملے گا، حدیث میں "اِلَّا ان يشترط المبتاع" سے بالاتفاق یہی صورت مراد ہے۔

---

(۱) جیسا کہ صحیح البخاری میں ہے: عن ابی هريرة عن النبی صلی الله عليه وسلم قال: "آية المنافق ثلاث: اذا حدّث كذب، واذا وعد اخلف، واذا ائتمن خان۔" كتاب الايمان، باب علامة النفاق، رقم الحديث: ۳۳، وشرح معانی الآثار ج:۲ ص:۱۹۸ كتاب البيوع، باب العرايا۔

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے: فيض البارى ج:۳ ص:۲۴۸ كتاب البيوع، باب تفسير العرايا، وشرح معانی الآثار ج:۲ ص:۱۹۷، ۱۹۸ كتاب البيوع، باب العرايا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دُوسری صورت یہ کہ عقد میں صراحت کردی جائے کہ پھل بائع کا رہے گا، بیع صرف درخت کی ہوئی، اس صورت میں پھل بالاتفاق بائع کا ہوگا۔

تیسری صورت یہ کہ عقد مطلقاً درخت کا ہو، پھل کا اس میں نفیاً یا اثباتاً کوئی ذکر نہ ہو، حدیث میں "من باع نخلًا قد ابرت فثمرها للبائع" سے یہی صورت مراد ہے، اس صورت میں فقہاء کا اختلاف نقل کیا گیا ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس صورت میں پھل بائع کا ہوگا، خواہ بیع تأبیر سے قبل ہو یا بعد میں، اور امام شافعیؒ کے نزدیک بیع تأبیر کے بعد ہوئی تو پھل بائع کا، پہلے ہوئی تو مشتری کا ہوگا، فتح القدیر میں یہی مذہب امام مالکؒ اور امام احمدؒ کا نقل کیا گیا ہے۔ کذا ذکر ابن الھمامؒ۔[1]

علامہ مازریؒ نے بھی "اَلْمُعْلِم" میں یہی مذہب اپنا (مالکیہ کا) بیان فرمایا ہے۔[2]

قبل التأبیر کی صورت میں ثمر مشتری کا ہونے پر ائمہ ثلاثہ کا استدلال احادیثِ باب میں "قَدْ اُبِرَّتْ" کے مفہوم الصفة سے بیان کیا گیا ہے۔ اس دلیل کے دو جواب ہیں:-

۱- مفہومِ مخالف ہمارے نزدیک حجت نہیں۔

۲- حدیث میں تأبیر سے مراد اِثمار (درخت پر پھل آجانا ہے) اور علاقۂ مجاز یہ ہے کہ تأبیر اِثمار کی علامت ہے، کیونکہ اصحاب النخل تابیر کو اِثمار سے مؤخر نہیں کرتے، پس علامت بول کر ذی العلامت مراد لیا گیا ہے، لہٰذا "نخلًا قد ابرت .... إلخ" سے مراد "نخلًا قد أثْمَرَت" ہے، یعنی جس درخت پر پھل لگے ہوں اس کی بیع میں پھل کا ذکر نہ کیا جائے تو اس صورت میں پھل بائع کا ہوگا۔[3]

اس مسئلے میں صاحبِ[4] ہدایہ نے ہماری دلیل میں ابنِ عمرؓ کی ایک مرفوع روایت ذکر کی ہے

---

(۱) فتح القدیر ج:۶ ص:۲۶۱ کتاب البیوع، قبیل باب خیار الشرط۔

(۲) المعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۱۷۵، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۱۰، ۲۱۱، وإکمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۱۸۴، وفتح الباری ج:۴ ص:۴۰۲ کتاب البیوع، باب من باع نخلًا قد أبرت الخ، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۱۲، ومرقاۃ المفاتیح ج:۶ ص:۹۳، ۹۴ کتاب البیوع، باب فی البیع المشروط، الفصل الأول۔

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: فیض الباری ج:۳ ص:۲۵۷ کتاب البیوع، باب من باع نخلًا قد أبرت...الخ۔

(۴) الھدایة ج:۳ ص:۲۵، ۲۶ کتاب البیوع، قبیل باب خیار الشرط، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۳۸ کتاب البیوع، باب فی بیان أن ثمرۃ النخل المثمر للبائع إلا ان یشترط المبتاع۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جو امام محمدؒ نے اپنی کتاب "الأصل"[1] (مبسوط) کی "کتاب الشفعة" میں نقل فرمائی ہے:-

"ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: من اشتری أرضًا فیها نخلٌ فالثمرة للبائع الا أن یشترط المبتاع۔"

اس میں مؤبَّر اور غیر مؤبَّر کی کوئی قید نہیں، مگر یہ دلیل دو وجہ سے صحیح نہیں:-

۱- یہ حدیث امام شافعیؒ کے خلاف حجت نہیں بن سکتی، کیونکہ ان کا اُصول ہے کہ وہ مطلق کو مقید پر محمول کرتے ہیں، پس وہ کہہ سکتے ہیں کہ اس روایت میں "نخل" اگرچہ مطلق ہے لیکن مراد اس سے مقید یعنی مؤبَّر ہے، احادیثِ باب کی وجہ سے۔

۲- دُوسری وجہ یہ ہے کہ ہمارے اُصول پر بھی واجب ہے کہ ہم اس مطلق کو مقید پر محمول کریں کیونکہ جب ایک ہی حادثہ (مسئلہ) میں دو حدیثیں وارد ہوں جن میں ایک مطلق، اور دُوسری مقید ہو، تو مطلق کو مقید پر محمول کرنا ہمارے نزدیک بھی واجب ہے، (کذا حققه ابن الهمامؒ فی الفتح)[2]۔

لہٰذا ہمارا صحیح استدلال جو ائمہ ثلاثہؒ پر حجت بن سکے قیاس ہے، یعنی ہم نخل کو زرعی زمین پر قیاس کرتے ہیں، یعنی جس شخص نے ایسی زمین فروخت کی جس میں کھیتی کھڑی ہو اور عقد میں کھیتی کا کوئی ذکر نہیں کیا، تو بالاتفاق کھیتی بائع کی ہوگی، اس کا تقاضا ہے کہ نخل میں بھی یہی حکم ہو، اور ہمارا یہ قیاس ائمہ ثلاثہؒ پر حجت ہے، ان پر لازم آتا ہے کہ اسے قبول کریں، کیونکہ ان کا اُصول یہ ہے کہ اگر قیاس اور مفہومِ مخالف میں تعارض ہو جائے تو قیاس کو ترجیح ہوتی ہے۔

لیکن صحیح بات یہ ہے کہ حنفیہ اور ائمہ ثلاثہ کے درمیان جو اختلاف یہاں بیان کیا جاتا ہے وہ صرف لفظی ہے حقیقی نہیں، کیونکہ امام[3] شافعیؒ کے نزدیک بھی تأبیر سے مراد اِثمار ہی ہے۔[4]

---

(۱) المبسوط للسرخسیؒ ج:۳۰ ص:۱۳۵ کتاب اختلاف أبی حنیفة وابن أبی لیلی رحمهما الله تعالیٰ۔

(۲) فتح القدیر ج:۶ ص:۲۸۲ کتاب البیوع، قبیل باب خیار الشرط، والبحر الرائق ج:۵ ص:۲۹۸، ۲۹۹ کتاب البیع، فصل یدخل البناء والمفاتیح فی بیع الدار، ونور الانوار ص:۱۶۰ مبحث الوجوه الفاسدة۔

(۳) علامہ نوویؒ اور حافظ ابنِ حجرؒ کے کلام کا حاصل بھی یہی نکلتا ہے، تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: شرحِ نووی، والتکملة ج:۱ ص:۲۷۴، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۳۸ کتاب البیوع، باب فی بیان أن ثمرة النخل المثمر للبائع الا أن یشترط المبتاع۔ (رفیع)

(۴) حدیثِ باب سے ایک بات یہ ثابت ہو رہی ہے کہ تأبیر یعنی اِثمار کے بعد متصلاً بیع الثمار جائز ہے، حالانکہ اس وقت بدو الصلاح نہیں ہوتی، اس سے اس قول کی تائید ہوتی ہے کہ بیع الثمار قبل بدو الصلاح کی ممانعت تحریم کے لئے نہیں، تنزیہی ہے۔ (رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳۸۸۲- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ، قَالَا: أَنَا اللَّيْثُ ح قَالَ وثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: أَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنِ ابْتَاعَ نَخْلًا بَعْدَ أَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلَّذِيْ بَاعَهَا إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ۔ وَمَنِ ابْتَاعَ عَبْدًا فَمَالُهُ لِلَّذِيْ بَاعَهُ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ۔" (ص:۱۰ سطر:۸تا۱۰)

قوله: "وَمَنِ ابْتَاعَ عَبْدًا فَمَالُهُ لِلَّذِيْ بَاعَهُ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ"

(ص:۱۰ سطر:۱۰)

جس عبد کے پاس کچھ مال ہو اس کی بیع میں بھی تین صورتیں ہیں: کہ مشتری نے یا تو اس مال کی شرط لگائی، اس صورت میں یہ مال بالاتفاق مشتری کا ہوگا، دُوسری یہ کہ بائع نے اس مال کی اپنے لئے شرط لگائی تو یہ مال بالاتفاق بائع کا ہوگا، اور اگر مال کا کوئی ذکر عقد میں نفیاً یا اثباتاً نہیں ہوا تو اس میں بھی اتفاق ہے کہ مال بائع کا ہوگا، حنفیہ اور شوافع نے اس میں کچھ تفصیل بھی کی ہے جو شرح نووی میں دیکھی جاسکتی ہے۔[1]

البتہ یہاں ایک اور مسئلہ مختلف فیہ ہے کہ سیّد اپنے غلام کو کسی مال کا مالک بنادے تو غلام اس کا مالک ہوجاتا ہے یا نہیں؟ امام مالکؒ کے نزدیک ہوجاتا ہے (لیکن جب غلام فروخت ہوگا تو یہ مال بائع کو ملے گا، الا ان یشترط المبتاع)، اور ہمارے نزدیک نہیں ہوتا، بلکہ اس کا سب مال سیّد ہی کی ملکیت ہے۔ امام شافعیؒ کا قولِ قدیم امام مالکؒ کے موافق، اور قولِ جدید ہمارے موافق ہے۔[2]

امام مالکؒ کا استدلال حدیثِ مذکور کے لفظ "فَمَالُه" سے ہے، کہ اس میں مال کی اضافت عبد کی طرف کی گئی ہے، جس سے معلوم ہوا کہ عبد مالک بن سکتا ہے۔

ہم یہ جواب دیتے ہیں کہ یہ اضافتِ ملک نہیں، بلکہ اضافت بأدنیٰ ملابست ہے، جو سامان عبد کے قبضے میں ہو تلبّس کی وجہ سے اس کی اضافت عبد کی طرف کردی گئی ہے، جیسے "جُلُّ الفَرَس" اور "سَرْجُ الدَّابة" میں "جُلّ" اور "سَرْج" کی اضافت "فرس" اور "دابّة" کی طرف تلبّس کی

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۰، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۱۱، ۲۱۲۔

(۲) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۴، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وجہ سے کی گئی، چنانچہ علامہ مازریؒ نے بھی جو مالکی ہیں، مالکیہ کے اس استدلال کو قبول نہیں کیا۔[۱]

باب النهي عن الْمُحَاقَلَة والمُزَابَنَة والْمُخَابَرة .... إلخ (ص:۱۰)

۳۸۸۵- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوْا جَمِيْعًا: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ۔ وَعَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ۔ وَلَا يُبَاعُ إِلَّا بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ إِلَّا الْعَرَايَا۔" (ص:۱۰ سطر:۱۴،۱۵)

قوله: "عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ" (ص:۱۰ سطر:۱۴)

مُحاقلة بالکل مُزابنة کی طرح ہے، البتہ فرق صرف یہ ہے کہ مزابنة درخت کے پھل میں ہوتا ہے اور مُحاقلة زرع (کھیتی) میں کہ گندم وغیرہ کے دانے جو کھیتی کے سنبل میں لگے ہوئے ہیں ان کی بیع علیحدہ نکلے ہوئے گندم سے کرنا،[۲] اس کے حرام ہونے کی وجہ بھی وہی ہے جو مُزابنة میں ہے کہ گندم وغیرہ اناج اموالِ ربویّہ میں سے ہیں، ان کی بیع جب ہم جنس سے ہوگی تو جہل بتساوی البدلین کے باعث "شبهة الربا" پایا جائے گا، لہٰذا یہ بیع بھی بالاتفاق حرام ہے۔

المُخَابَرة بمعنی المُزَارَعَة ہے، یعنی مالکِ ارض اپنی زمین، کاشتکار کو کاشت کے لئے دے، اور زمین کی اُجرت اسی کی پیداوار کے کسی حصے کو ٹھہرائے جو عامل کے عمل سے پیدا ہوگی، (جس کو آج کل کی اصطلاح میں بٹائی کہتے ہیں)، اس صورت کو پچھلے سے پچھلے باب (باب تحریم بیع الرطب بالتمر الا فی بیع العرایا ص:۸) کی تیسری روایت (سطر:۸) میں "استکراء الأرض

(۱) المعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۱۷۷، نیز علامہ اُبّیؒ مالکیؒ اور قاضی عیاضؒ نے بھی اس استدلال کے ضعف کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: "وعندی فيه نظر .... إلخ" إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۱۱، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۱۸۷۔

(۲) اوجز المسالك ج:۱۱ ص:۱۴۱ كتاب البيوع، المحاقلة، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۱۷۳، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۲۲، كتاب البيوع، باب تحريم بيع الرطب بالتمر إلا في العرايا، والنهاية لابن الأثير ج:۱ ص:۴۱۶ و ج:۲ ص:۲۹۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بالقمح" فرما کر اسے بھی "المُحَاقلة" کہا گیا ہے،[۱] المخابرة کے جواز میں فقہائے کرام کا اختلاف ہے جو اگلے باب میں بیان ہوگا۔

قوله: "وَلَا يُبَاعُ إِلَّا بِالدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ إِلَّا الْعَرَايَا" (ص:۱۰ سطر:۱۵)

مراد الّا بالدينار والدرهم وغيرهما ہے، اور مطلب یہ ہے کہ رُطب کی بیع تمر کے بدلے میں نہ کی جائے، بلکہ دینار و درہم وغیرہما کے بدلے میں ہونی چاہئے، ورنہ مزابنة لازم آئے گا،[۲] حاصل یہ ہے کہ "الا بالدينار والدرهم" کا حصر حقیقی نہیں اضافی ہے، یعنی تمر کے مقابلے میں ہے، تمر کے علاوہ ہر مال کے بدلے میں درخت پر لگی ہوئی رُطب کی بیع بالاتفاق جائز ہے۔ اور یہاں دینار و درہم کو خاص طور سے اس لئے ذکر کیا گیا ہے کہ بیع عموماً نقدین کے عوض میں ہوتی ہے۔[۳]

۳۸۹۰- "حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْغُبَرِيُّ -وَاللَّفْظُ لِعُبَيْدِاللهِ- قَالَا: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: نَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدِ بْنِ مِيْنَاءَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ وَالْمُخَابَرَةِ -قَالَ أَحَدُهُمَا: بَيْعُ السِّنِيْنَ هِيَ الْمُعَاوَمَةُ- وَعَنِ الثُّنْيَا وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا۔" (ص:۱۱ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قوله: "وَالْمُعَاوَمَةِ" (ص:۱۱ سطر:۱۱)

اس کی تفسیر آگے اسی حدیث میں آرہی ہے کہ "بيع السنين هي المعاومة" یعنی آئندہ دو یا زیادہ سالوں کے پھل کو فروخت کرنا۔ یہ بالاجماع ناجائز ہے، کیونکہ اس میں غَرَر ہے، یعنی معدوم کی بیع ہے۔ قاله النوويؒ في شرحه، والمازريؒ في "المعلم بفوائد مسلم"۔[۴]

---

(۱) خلاصہ یہ کہ "المحاقلة" کے دو معنی بیان کئے گئے ہیں، ایک وہ جو ہم نے اُوپر بیان کئے ہیں یعنی جو مزابنة کی طرح ہے، اور یہی معنی مشہور ہیں، اور دُوسرے بمعنی المخابرة۔ (رفیع)

(۲) قاله النوويؒ في شرح صحيح مسلم ج:۲ ص:۱۰۔ (رفيع)

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۰، ۱۱، وفتح الباري ج:۴ ص:۳۸۷ رقم الحديث: ۲۱۸۹ كتاب البيوع، باب بيع الثمر على رؤس النخل الخ، وشرح صحيح البخاري لابن بطّالؒ ج:۶ ص:۳۰۸، ۳۰۹ كتاب البيوع، باب بيع الثمر على رؤس النخل بالذهب والفضة، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۶۔

(۴) تفصیل کے لئے دیکھئے: شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۰، والمعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۱۷۷، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۱۸۹، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۱۳، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۷، والمفهم ج:۴ ص:۴۰۳، ومشارق الانوار ج:۲ ص:۱۳۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "وَعَنِ الثُّنْيَا" (ص:۱۱ سطر:۱۲)

ترمذیؒ نے سند "حسن صحیح" کے ساتھ یہ زیادت بھی روایت کی ہے کہ: "اِلَّا اَنْ تُعْلَمَ"[1]، اور "ثُنْیا" بضم الثاء بمعنی الاستثناء ہے، اور مراد یہ ہے کہ مبیع کے حصہ مجہولہ کو بیع سے مستثنیٰ نہ کیا جائے، مثلاً یہ کہے کہ "بعتُك هذهِ الصُّبرةَ اِلَّا بعضَها، او هذه الثيابَ الا بعضَها" چنانچہ یہ بالاجماع ناجائز ہے، کیونکہ اس سے مبیع مجہول ہو جاتی ہے، اور اگر مبیع بھی معلوم ہو، اور مستثنیٰ بھی معلوم ہو، تو استثناء بالاجماع جائز ہے، کقولہ: "بعتك هذه الثياب الا هذا المعين"، اور اگر مستثنیٰ معلوم تو ہو لیکن پھر بھی استثناء کی وجہ سے مبیع میں جہالت آجاتی ہو، تو یہ صورت مختلف فیہ ہے، کقولہ: "بعتُك هذه الصبرة من الطعام الا صاعًا واحدًا" امامِ اعظمؒ، امام شافعیؒ اور جمہور کے نزدیک یہ بیع فاسد ہے، کیونکہ استثناء کے بعد جو باقی بچے گا وہ مجہول ہے، اور امام مالکؒ کے نزدیک یہ صورت اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ مستثنیٰ مبیع کے ثُلث سے زائد نہ ہو۔[2] البتہ اگر کوئی حصہ مشاع مستثنیٰ کیا کقولہ: "بعتُك هذه الصبرةَ الا نِصفها" تو بیع جائز ہے، کیونکہ استثناء کے بعد بچنے والا حصہ معلوم ہے۔

جمہور کی دلیل حدیثِ باب ہے، جس میں حُرمت کی علت ترمذی کی روایت "الا ان تُعْلَم" سے صراحۃً معلوم ہو رہی ہے کہ استثناء کی ممانعت کا مقصد یہ ہے کہ مبیع میں اس کی وجہ سے جہالت نہ آجائے۔

باب كراء الأرض (ص:۱۱)

۳۸۹۳- "حَدَّثَنِي اَبُوْ كَامِلِ الجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادٌ -يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ- عَنْ مَطَرٍ الوَرَّاقِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كِرَاءِ الْاَرْضِ۔" (ص:۱۱ سطر:۱۵و۱۶)

---

(۱) جامع الترمذی ج:۲ ص:۳۷۴ ابواب البیوع، باب ما جاء فی النهی عن الثنیا۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۱، والمعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۱۷۸، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۱۹۰ تا ۱۹۱، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

زراعت کے لئے زمین معاوضے پر دینے میں فقہاء کا اختلاف ہے، حسن بصریؒ اور طاؤسؒ[1] کے نزدیک مطلقاً ناجائز ہے (کما ذکرہ النوویؒ)[2] لظاھر ھذا الحدیث والأحادیث التی اوردھا الامام مسلمؒ بعد ھذا نحو قول جابر بن عبداللّٰہ: نھٰی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ان توخذ الأرض اجرًا (ای علٰی اجرٍ معلوم) او حظًّا (ای علٰی نصیب شائع من ما یخرج من الأرض کذا فی الحل المفھم ج:۲ ص:۱۳۷)۔

اور حضرت ربیعہؒ کے نزدیک کراء الارض صرف ذہب وفضہ کے عوض میں جائز ہے، کسی اور چیز کے عوض جائز نہیں۔[3] اِن کا اِستدلال بظاہر اسی باب کے اَواخر میں آنے والی اُس حدیث سے ہے جسے امام مسلمؒ نے اس طرح نقل کیا ہے: "حدثنا یحیی بن یحیٰی قال: قرأتُ علٰی مالک عن ربیعۃ بن ابی عبدالرحمٰن عن حنظلۃ بن قیس انّہٗ سأل رافع بن خدیج عن کراء الأرض، فقال: نھٰی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عن کراءِ الأرض، قال: فقلتُ ابالذّھَب والورق؟ فقال: امّا بالذّھب وَالورِق فلا بأس بہ۔" (ص:۱۳ سطر:۲۸ تا ۳۰) حضرت رَافع بن خَدیجؓ کی اَس سے اگلی روایت میں اس حدیث کی مزید تفصیل آئی ہے۔

امام مالکؒ کے نزدیک جائز ہے الا بالطعام،[4] لما رواہ مسلم فی ھذا الباب (ص:۱۳، سطر:۱۸) عن رافع بن خدیجؓ قال: کنا نحاقل الأرض علٰی عھد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فنکریھا بالثلث والربع والطعام المسمّٰی (إلٰی قولہ) نھانا ان نحاقل

(۱) علامہ مازریؒ نے بھی طاؤسؒ اور حسن بصریؒ کا یہی مذہب نقل کیا ہے۔ (المعلم ج:۲ ص:۱۷۹) لیکن طاؤسؒ کا جو واقعہ امام مسلم نے اسی باب کے آخر میں ذکر کیا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ طاؤس جواز کے قائل ہیں، اور احادیثِ نہی کو خلافِ اَولٰی پر محمول کرتے ہیں، لہٰذا ان کی طرف عدمِ جواز کی نسبت صحیح معلوم نہیں ہوتی۔ (رفیع)

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۲، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۲۵۸،۲۵۹ کتاب البیوع، باب کراء الأرض بالذھب والفضۃ، وفتح الباری ج:۵ ص:۲۵ کتاب البیوع، باب کراء الأرض بالذھب والفضۃ، واوجز المسالک ج:۱۲ ص:۳۸، ۳۹ کتاب کراء الأرض۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۲، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۲۵۸،۲۵۹ کتاب الحرث والمزارعۃ، باب کراء الأرض بالذھب والفضۃ، وفتح الباری ج:۵ ص:۲۵ کتاب الحرث والمزارعۃ، باب کراء الأرض بالذھب والفضۃ، واوجز المسالک ج:۱۲ ص:۳۸، ۳۹ کتاب کراء الأرض۔

(۴) إکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۱۵، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۲، واوجز المسالک ج:۱۲ ص:۳۸، ۳۹ کتاب الحرث والمزارعۃ بالشطر ونحوہ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بالأرض فنكريها على الثلث والربع والطعام المسمّى۔" (ص:۱۳ سطر:۱۹ و ۲۰)۔

امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک کراء الارض جائز ہے،[۱] الا بجزء ما یخرج من الأرض نحو الثُلُثِ والرُّبُع واَوْساقٍ معلومةٍ۔

امام احمدؒ اور صاحبینؒ کے نزدیک بجزء ما یخرج من الأرض بھی جائز ہے، لیکن دو شرطوں کے ساتھ، ایک یہ کہ اس زمین کی پیداوار کے اوساق معینہ کو اُجرت نہ بنایا جائے، دُوسری یہ کہ اس زمین کے کسی قطعہ معینہ مثلاً ماذیانات[۲] وغیرہ کی پیداوار کو اُجرت نہ بنایا جائے، حاصل یہ کہ زمین کی کل پیداوار کے حصہ مُشاع مثلاً نصف یا ثُلُث یا رُبُع وغیرہ کو اُجرت بنانا جائز ہے، اور اس کو "المُزَارَعة" کہا جاتا ہے،[۳] اور غیر مُشاع کو اُجرت بنانا جائز نہیں، حنفیہ اور شافعیہ کے ہاں فتویٰ اسی پر ہے۔[۴] مالکیہ کی ایک جماعت نے بھی اس کو اختیار کیا ہے، بلکہ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک بھی مزارعت کی ایک صورت جائز ہے، جیسا کہ آگے کتاب المساقاۃ میں آئے گا، اور وہ یہ کہ مزارعت مساقات کے ضمن میں ہو، اس طرح کہ باغات کے مابین خالی زمین ہو، اور مساقات کے ضمن میں اس پر مساقی ہی سے مزارعت بھی اسی ایک عقد میں کرلی جائے، ضمن میں ہونے کی تفصیل میں امام مالکؒ و شافعیؒ کے درمیان جزوی اختلاف بھی ہے، کما فی شرح النوویؒ۔[۵]

امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ کی دلیل مزارعت کے عدمِ جواز پر ایک تو وہی حدیث ہے جس

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۲، وفیض الباری ج:۳ ص:۲۹۵ کتاب الحرث والمزارعة بالشطر ونحوه، وعمدة القاری ج:۱۲ ص:۲۳۶ کتاب الحرث والمزارعة بالشطر ونحوه، والبناية ج:۴ ص:۱۰۳ کتاب المزارعة، وفتح القدیر ج:۹ ص:۴۷۳، ۴۷۴ کتاب المزارعة۔

(۲) اس کی تشریح آگے تقریباً ایک صفحے بعد حاشیہ میں آئے گی۔ (رفیع)

(۳) عمدة القاری ج:۱۲ ص:۱۶۷ کتاب الحرث والمزارعة، باب المزارعة بالشطر ونحوه۔ اور اُردو میں اسی کو "بٹائی" کہتے ہیں۔ رفیع

(۴) الدر المختار ج:۶ ص:۲۷۵ کتاب المزارعة، وفتح القدیر ج:۹ ص:۴۷۵ کتاب المزارعة، والهندية ج:۵ ص:۲۳۵ کتاب المزارعة۔

(۵) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۴، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۷۸، والبناية للعلامة عینیؒ ج:۴ ص:۱۰۳ کتاب المزارعة، وفتح القدیر ج:۹ ص:۴۷۳، ۴۷۴ کتاب المزارعة، وبحر المذهب ج:۹ ص:۲۴۲ کتاب المساقاة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے امام مالکؒ نے استدلال کیا، استدلال میں صرف یہ فرق ہے کہ امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ "الطعام المسمّی" کو "الطعام المسمّی الخارج من تلك الأرض" پرمحمول کرتے ہیں، اور امام مالکؒ کے نزدیک مطلق طعام مراد ہے، یعنی وہ "خارج من تلك الأرض" ہو، یا من غیرھا ہو، دونوں صورتیں ناجائز ہیں۔[1] اور امام ابوحنیفہؒ و امام شافعیؒ کا دُوسرا استدلال حضرت جابرؓ کی اس روایت سے ہے جو امام مسلمؒ نے پچھلے باب کے اخیر میں ذکر کی ہے کہ:-

"ان رسول الله صلی الله علیه وسلم نهی عن المُحَاقلة والمزابنة والمخابرة (إلی قوله) والمخابرة الثُلُث والرُّبُعُ وأشباهُ ذلك۔" (مسلم ج:۲ ص:۱۱)

نیز اسی باب (کراء الأرض) کی یہ حدیث بھی ان کی دلیل ہے:-

"عن عمرو قال سمعت ابن عمرؓ یقول: کنا لا نری بالخبر[2] بأسًا حتّٰی کان عام أول (أی من امارة ابن الزبیر، کما فسّره فی الحل المفهم)۔[3] فزعم رافعؓ ان النبی صلی الله علیه وسلم نهی عنه۔" (ص:۱۲ سطر:۹)

امام ابوحنیفہؒ کی طرف سے دو عقلی دلیلیں بھی پیش کی جاتی ہیں، ایک یہ کہ مزارعت اجارۂ فاسدہ کے قبیل سے ہے کیونکہ اجرت عند العقد معدوم اور مجہول ہے، اور دوسری یہ کہ یہ قفیز الطحان کے معنی میں ہے، اِن دلیلوں کی تفصیل آگے کتابُ المساقاۃ میں آئے گی۔

صاحبینؒ اور امام احمدؒ کی دلیل اس باب کے اواخر میں یہ حدیث ہے کہ:-

"حدثنا اسحاق قال أخبرنا عیسٰی بن یونس (الی) قال: سألت رافع بن خدیجؓ عن کراء الأرض بالذهب والورق فقال: لا بأس به، انما کان الناس یواجرون علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم علی الماذیانات وأقبال الجداول وأشیاءَ من الزرع، فیهلِك هٰذا ویسلَم هٰذا، ویسلم هٰذا ویهلِك هٰذا، فلم یکن للناس کراء الا هٰذا

---

(۱) اوجز المسالك ج:۱۲ ص:۳۸، ۳۹ کتاب کراء الأرض۔

(۲) قوله: "الخبر" بکسر الخاء وضمها وفتحها، والکسر اصح واشهر، وهو بمعنی المخابرة۔ شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۱۳۔ رفیع

(۳) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۲۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فلذٰلك رجز عنه واما شيء معلوم مضمون[(۱)] فلا بأس به۔" (ص:۱۳ سطر:۳۰تا۳۵)

قوله: "أقبال الجداول" (ص:۱۳ سطر:۳۲)

"قُبُل" بضمتين کی جمع ہے، ہر چیز کا سامنے کا حصہ اور "الجداول" جَدْوَل کی جمع ہے وهو النهر الصغير، یعنی نالہ، اقبال الجداول سے نالوں کے کناروں پر اُگنے والی پیداوار مراد ہے۔

امام مسلمؒ نے یہ حدیث مختلف طُرُق سے بیان کی ہے، نیز حضرت جابرؓ کی روایت اسی باب میں کتاب کے صفحہ:۱۲ کے شروع میں ہے کہ:-

"كنا في زمن رسول الله صلى الله عليه وسلم نأخذ الأرض بالثُّلُث أو الرُّبُع بِالماذِيانات[(۲)] فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم في ذلك .... إلخ۔" (ص:۱۲ سطر:۲)

"بالماذیانات" میں باء بمعنی مع ہے، معلوم ہوا کہ ممانعت کی وجہ کل پیداوار کے ثلث یا رُبُع کے ساتھ قطعہ معینہ یعنی "الماذیانات" کی پیداوار کو بھی اُجرت بنانا تھی جسے ہم بھی ناجائز کہتے ہیں۔ نیز اسی باب میں صفحہ:۱۱ کے آخر میں حضرت جابرؓ کی روایت ہے:-

"كنا نُخابر على عهدِ رسول الله صلى الله عليه وسلم فنُصيبُ من القصرى (على وزن القبطى، ويُقالُ لَهُ القُصَارَة بضم القاف كما في شرح النووى)[(۳)] ومن كذا۔"
(ص:۱۱ سطر:۲۸)

---

(۱) اور حصہ مشاع بھی مضمون ہوتا ہے، جسے صاحبینؒ اور امام احمدؒ نے جائز کہا ہے، (رفیع) اور طعام مسمّی غير ما يخرج من تلك الأرض بھی مضمون ہوتا ہے، جسے امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ نے جائز کہا ہے، لہٰذا اس جملے سے وہ بھی امامِ مالکؒ کے مقابلے میں استدلال کرسکتے ہیں، چنانچہ اس کی صراحت علامہ مازریؒ نے کی ہے، لیکن اسے رافع بن خدیج کا اجتہاد کہہ کر رَدّ کردیا ہے۔ (المعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۱۷۹) رفیع

(۲) "بالماذیانات" ماذیان کی جمع ہے (نہریں، نالے)، اس میں باء بمعنی "مع" ہے اور مطلب یہ ہے کہ مالکِ زمین کل پیداوار کا ثُلث یا رُبع بھی لیتا تھا، اور "ماذیانات" کی یعنی ماذیانات کے کناروں کی کل پیداوار بھی لیتا تھا، یہ صورت صاحبینؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک بھی ناجائز ہے۔ رفیع

علامہ سنوسیؒ نے بھی مکمل إکمال الإکمال میں باؔ کو معؔ کے معنی میں قرار دیا ہے، دیکھئے: ج:۴ ص:۲۱۸، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۵۶۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۲، ومجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۲۸۴، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۴ ص:۷۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"قِصْرِی و قصارة" غلہ کے ان دانوں کو کہتے ہیں جو دیاست کے بعد سنبل میں باقی رہ جاتے ہیں،(۱) اور ابنِ ماجہ کی روایت میں صراحت ہے کہ صاحبِ ارض اپنی زمین مزارعت کے لئے ثُلث یا رُبع یا نصف کے عوض دیتا تھا اور ساتھ ہی یہ شرط بھی لگاتا تھا کہ آب پاشی کی نالیوں (ماذیانات) کی پیداوار اور قصری بھی اسی کی (صاحب ارض کی) ہوگی،(۲) اور ظاہر ہے کہ اس صورت کو صاحبینؒ اور امام احمدؒ بھی ناجائز کہتے ہیں۔

صاحبینؒ حدیثِ نہی کے مندرجہ ذیل جواب دیتے ہیں:۔

۱- نہی ان خاص صورتوں کی ہے جنھیں ہم بھی ناجائز کہتے ہیں، یعنی ماذیانات یا کسی اور قطعۂ معینہ کی پیداوار کو یا اوساق معلومة کو یا "قصری" کو اُجرت بنانا،(۳) یہ جواب ہماری پیش کردہ احادیث سے بآسانی سمجھا جاسکتا ہے۔

۲- دُوسرا جواب یہ ہے کہ جن احادیث میں کراء الأرض کی ممانعت اطلاق کے ساتھ ہے، ان میں نہی تنزیہی ہے،(۴) جس کی دلیل وہ احادیث ہیں جو امام مسلمؒ نے اسی باب کے آخر میں حضرت ابنِ عباسؓ سے روایت کی ہیں، ان میں سے ایک یہ ہے:۔

"عن عمرٍو انّ مجاهدًا قال لطاوٗس: انطلق بنا إلى ابن رافع بن خديج فاسمع منه الحديث عن أبيه عن النبي صلى الله عليه وسلم، قال (اى عمرو): فانتهره (اى انْتَهَر طاوٗس مجاهدًا) قال (اى طاوس): انى والله لو أعلم أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عنه ما فعلته ولٰكن حدثني من هو أعلم به منهم يعني ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لأن يمنح الرجل أخاه أرضه خير له من أن يأخذ عليها خَرْجًا معلومًا۔" (ص:۱۴ سطر:۵ تا ۷)

اور اگلی روایت میں ہے:۔

---

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۲۸۴، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۴ ص:۷۰۔

(۲) سنن ابن ماجة، باب ما يكره من المزارعة ج:۲ ص:۱۷۷۔ (من الأُستاذ مدظلهم)

(۳) فتح الباري ج:۵ ص:۲۵، ۲۶ كتاب الحرث والمزارعة، باب كراء الأرض بالذهب والفضة، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۱۸۲ كتاب الحرث والمزارعة، باب كراء الأرض بالذهب والفضة۔

(۴) فتح الباري ج:۵ ص:۲۶ كتاب الحرث والمزارعة، باب كراء الأرض بالذهب الفضة، وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۲۰۳، ۲۰۴، وحاشية الحل المفهم ج:۲ ص:۱۴۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"ان النبی صلی الله علیه وسلم لم ینه عنها انما قال: یمنح أحدكم أخاه خیر له من ان یأخذ علیها خَرْجًا معلومًا."[1] (ص:۱۴ سطر:۸،۹)

قوله: "خَرْجًا" (ص:۱۴ سطر:۷و۹) ای أُجْرَةً (نوویؒ)۔[2]

نیز صاحبینؒ کا استدلال قیاس سے بھی ہے، یعنی مزارعت کو مضاربت پر قیاس کرتے ہیں،[3] کہ جس طرح مضاربت جائز ہے کہ مال ایک کا ہو عمل دُوسرے کا، اور نفع میں دونوں شریک ہوں، اسی طرح مزارعت بھی جائز ہونی چاہئے، کہ زمین ایک کی ہو اور عمل دُوسرے کا، اور پیداوار میں دونوں شریک ہوں، مقیس اور مقیس علیہ میں علتِ مشترکہ حاجت اور ضرورت ہے، یعنی یہ کہ بسا اوقات مال دار آدمی تجارت کی صلاحیت نہیں رکھتا اور صلاحیت رکھنے والا مال دار نہیں ہوتا، دونوں کی حاجت کو مضاربت کے ذریعہ پورا کیا جاتا ہے، اسی طرح بسا اوقات زمین دار مزارعت کا اہل نہیں ہوتا، اور کاشت کار کے پاس زمین نہیں ہوتی، دونوں کی حاجت مزارعت سے پوری ہوتی ہے، واللہ اعلم۔

۳۹۱۷- "حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ: نَا اَبِيْ، قَالَ: نَا عُبَيْدُاللهِ عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: ذَهَبْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ إِلٰى رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ حَتّٰى اَتَاهُ بِالْبَلَاطِ فَاَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ كِرَاءِ الْمَزَارِعِ۔" (ص:۱۳ سطر:۷ تا ۹)

قوله: "اَتَاهُ بِالْبَلَاطِ" (ص:۱۳ سطر:۸)

البلاط مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کے پاس ایک خاص جگہ کا نام تھا جس کا فرش پتھروں سے بنایا گیا تھا (نوویؒ)۔[4]

***

---

(۱) اخرجه البخاری فی صحیحه ایضًا، رقم الحدیث: ۲۳۴۲ کتاب الحرث والمزارعة، باب ما کان من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم یَواسِی بعضهم بعضًا ... الخ، وشرح معانی الآثار ج:۲ ص:۲۳۷، کتاب المزارعة والمساقاة۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۴۔

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۲۴۰ کتاب المزارعة والمساقاة۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب المساقاة والمزارعة (ص:۱۴)

۳۹۴۰- "حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ قَالَ: نَا عَلِيٌّ -وَهُوَ ابْنُ مُسْهِرٍ- قَالَ: نَا عُبَيْدُاللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: أَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ بِشَطْرِ مَا يَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٍ أَوْ زَرْعٍ۔ فَكَانَ يُعْطِي أَزْوَاجَهُ كُلَّ سَنَةٍ مِائَةَ وَسْقٍ، ثَمَانِيْنَ وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ، وَعِشْرِيْنَ وَسْقًا مِنْ شَعِيْرٍ۔ فَلَمَّا وَلِيَ عُمَرُ قَسَمَ خَيْبَرَ۔ خَيَّرَ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقْطِعَ لَهُنَّ الْأَرْضَ وَالْمَاءَ، أَوْ يَضْمَنَ لَهُنَّ الْأَوْسَاقَ كُلَّ عَامٍ۔ فَاخْتَلَفْنَ۔ فَمِنْهُنَّ مَنِ اخْتَارَ الْأَرْضَ وَالْمَاءَ، وَمِنْهُنَّ مَنِ اخْتَارَ الْأَوْسَاقَ كُلَّ عَامٍ۔ فَكَانَتْ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ مِمَّنِ اخْتَارَتَا الْأَرْضَ وَالْمَاءَ۔"

(ص:۱۴ سطر:۱۷تا۲۰)

قوله: "أَنْ يُقْطِعَ لَهُنَّ الْأَرْضَ .... إلخ" (ص:۱۴ سطر:۱۹)

یہ اقطاع (جاگیر دینا) بطور میراث اور مِلک کے نہ تھا، بلکہ زراعت و باغبانی کرا کے پیداوار حاصل کرنے کے لئے تھا، اسی طرح "الأوساق" کا دینا بھی بطور میراث کے نہ تھا، بلکہ بطور نفقہ کے تھا، لقوله علیه الصلوٰة والسلام: ما ترکت بعد نفقة نسائی فهو صدقة۔ (التکملة)۔[1]

مزارعت کا مفصل بیان "باب کراء الأرض" میں گزر چکا ہے، مساقات کو "معاملہ" بھی کہتے ہیں،[2] اس کے جواز میں بھی اختلاف ہے، امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمدؒ اور صاحبینؒ کے

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۰۰، وصحیح البخاری رقم الحدیث: ۲۷۷۶ باب نفقة القیم للوقف ج:۱ ص:۳۸۹، وإکمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۲۱۲، ۲۱۳، وعمدة القاری ج:۱۲ ص:۱۶۸ کتاب الحرث والمزارعة، باب المزارعة بالشطر ونحوها، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۲۶۔

(۲) بدائع الصنائع ج:۵ ص:۲۶۹ کتاب المعاملة، وعمدة القاری ج:۱۲ ص:۱۸۹ کتاب المساقاة، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۹۸، وتکملة فتح القدیر ج:۹ ص:۴۸۹ کتاب المساقاة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نزدیک مساقات جائز ہے، بلکہ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک مساقات کے ضمن میں مزارعت بھی جائز ہے، یعنی بشرطیکہ وہ ضمناً ہو، اصالۃً نہ ہو۔ جمہور فقہاء و محدثین نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے، لظاھر احادیث الباب۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مزارعت کی طرح مساقات بھی ناجائز ہے،(۱) امام صاحبؒ کے دلائل جو مزارعت کی طرح مساقات میں بھی جاری ہوتے ہیں، مندرجہ ذیل ہیں:۔

۱۔ مساقات بھی اجارہ ہی کی ایک قسم ہے اور اس میں اُجرت عند العقد معدوم بھی ہوتی ہے، مجہول بھی، اور اُجرت مجہول ہو تو اجارہ فاسد ہو جاتا ہے، لہٰذا مساقات جائز نہیں، اجارہ فاسدہ کے قبیل سے ہے۔(۲)

۲۔ مُساقات قفیز الطّحان کے معنیٰ میں ہے، جو اَز رُوئے حدیث ممنوع ہے، قفیز الطحان کے معنیٰ میں ہونے کی دلیل یہ ہے کہ قفیز الطحان کی طرح مساقات میں بھی اُجرت اس چیز کے جزء کو مقرّر کیا جاتا ہے جو کہ عامل کے عمل سے پیدا ہوئی۔(۳)

احادیثِ باب کا جواب امام ابوحنیفہؒ یہ دیتے ہیں کہ درحقیقت اہلِ خیبر سے جو معاملہ تھا وہ مساقات تھی ہی نہیں، اور جو کچھ اہلِ خیبر سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وصول فرماتے تھے وہ "خَراجُ مُقاسَمَة" تھا۔(۴) خَراج کی دو قسمیں ہیں، ۱۔ خَراجُ مُوَظَّف، ۲۔ خَراجُ مُقَاسَمَه۔

مفتوحہ زمینوں کو اگر ان کے کافر مالکوں ہی کی مِلک میں رہنے دیا جائے اور زمینوں کا خراج مال کی اتنی مقدارِ معیّن کو قرار دیا جائے جس کا تحمّل زمین کر سکتی ہو تو یہ "خراج موظَّف" ہے، اور اگر

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۴، ومرقاۃ المفاتیح ج:۲ ص:۱۶۸ کتاب المساقاۃ، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۵ کتاب المساقاۃ، باب ما جاء في المساقاۃ، وبدائع الصنائع ج:۵ ص:۲۶۹ کتاب المعاملة، والبناية للعينيؒ ج:۴ ص:۱۱۹ کتاب المزارعة، وتکملة فتح القدير والعناية ج:۹ ص:۴۸۹، کتاب المساقاۃ، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۲۳۔

(۲) أوجز المسالك ج:۱۲ ص:۵ کتاب المساقاۃ، باب ما جاء في المساقاۃ، وفتح الباري ج:۵ ص:۱۳ باب المزارعة بالشطر ونحوه، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۴۰، وبدائع الصنائع ج:۵ ص:۲۵۵ کتاب المزارعة۔

(۳) أوجز المسالك ج:۱۲ ص:۵ کتاب المساقاۃ، باب ما جاء في المساقاۃ، وبدائع الصنائع ج:۵ ص:۲۶۹ کتاب المعاملة۔

(۴) عمدة القاري ج:۱۲ ص:۱۶۸ کتاب الحرث والمزارعة، باب المزارعة بالشطر ونحوها، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۵، ۶ کتاب المساقاۃ، باب ما جاء في المساقاۃ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مقدار معیّن نہ ہو بلکہ ما یخرج من الأرض کے ثلث یا رُبع وغیرہ جزء مشاع کو خراج بنایا جائے تو یہ "خَراجُ مُقَاسَمَة" ہے۔[۱]

اور قرینہ اس تاویل کا اس باب کی چوتھی حدیث کا آخری جملہ ہے کہ: "اُقِرُّكُمْ فِيهَا عَلٰى ذٰلِكَ مَا شِئْنَا" (ص:۱۵ سطر:۱) کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ خیبر سے جو معاملہ کیا اس کی مدّت مقرر نہیں فرمائی، اگر یہ معاملہ مساقات کا ہوتا تو مدّت ضرور مقرر کی جاتی، کیونکہ مساقات کے قائلین کے نزدیک بھی صحتِ عقد کے لئے مدّت کی تعیین ضروری ہے، ورنہ عقد فاسد ہوجاتا ہے۔

لیکن حنفیہ کے یہاں فتویٰ صاحبینؒ کے قول پر ہے،[۲] لحاجة الناس اليه، وللقياس على المضاربة، ولظاهر احاديث الباب۔

نیز کتاب مسلم ہی میں آگے اسی باب میں حضرت ابنِ عمرؓ کی روایت آرہی ہے، جس میں اراضیِ خیبر کے بارے میں صراحت ہے کہ: "وكانت الأرض حين ظهر عليها لله عز وجل ولرسوله صلى الله عليه وسلم وللمسلمين، فأراد اخراج اليهود منها فَسَأَلَتِ اليهودُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم ان يقرّهم بها على ان يَكْفُوْا عملها ولهم نصف الثمر"۔
(ص:۱۵ سطر:۵،۶)

یعنی یہ زمین یہود کی ملکیت میں نہیں رہی تھیں، بلکہ مسلمانوں کی ملکیت میں لے لی گئی تھیں، لہٰذا ان پر خراج کی کوئی وجہ نہیں بنتی، مساقات ہی ہوسکتی تھی۔

اور "أُقِرّكم فِيهَا على ذٰلك مَا شِئْنَا" کا جواب صاحبینؒ اور جمہور کی طرف سے یہ دیا گیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ اس زمانے میں مدّتِ مجہولہ کے ساتھ بھی معاملہ جائز ہوتا ہو، بعد میں منسوخ ہوگیا۔[۳]

---

(۱) عمدة القاري ج:۱۲ ص:۱٦۸ كتاب الحرث والمزارعة، باب المزارعة بالشطر ونحوها، وانوار المحمود على سنن أبي داؤد ج:۲ ص:۳۰۸ كتاب البيوع، باب في المزارعة، والبناية شرح الهداية ج:۴ ص:۱۰۵ كتاب المساقاة، والهداية مع تكملة فتح القدير والعناية ج:۹ ص:۴۷۴ كتاب المزارعة۔

(۲) شامية ج:٦ ص:۲۸٦ كتاب المساقاة۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۵، وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۲۱۰، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۱۷۹ كتاب الحرث والمزارعة، بابٌ اذا قال ربُّ الأرض اقرّك الخ، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۶۹، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۷ كتاب المساقاة، باب ما جاء في المساقاة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دُوسرا جواب یہ ہے کہ "اُقـرّ کـم فیـھـا" سے مراد مساقات پر برقرار رکھنا نہیں بلکہ خیبر میں سکونت کی اجازت دینا ہے، مساقات کی مدّت مقرّر فرمادی ہوگی، جس کا ذکر راوی نے نہیں کیا لظھورہ، پس مساقات کی مدّت مجہول نہ ہوئی بلکہ سکونت کی مجہول ہوئی، اور سکونت بطور اجارہ نہیں تھی بلکہ تبرّعاً وصلحاً تھی جس کی مدّت مجہول ہونے سے کوئی خرابی لازم نہیں آتی۔

تیسرا جواب دیہ دیا گیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ اس ارشاد سے مراد یہ ہو کہ جب تک ہم چاہیں گے، مدّتِ معلومہ کے بعد عقدِ جدید مزید مدّتِ معلومہ کے لئے کرلیا کریں گے (نوویؒ)۔[1]

۳۹۴۲- "حَدَّثَنِي اَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: انَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: لَمَّا فُتِحَتْ خَيْبَرُ سَأَلَتْ يَهُوْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُقِرَّهُمْ فِيْهَا عَلٰى اَنْ يَعْمَلُوْا عَلٰى نِصْفِ مَا خَرَجَ مِنْهَا مِنَ الثَّمَرِ وَالزَّرْعِ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُقِرُّكُمْ فِيْهَا عَلٰى ذٰلِكَ مَا شِئْنَا۔ ثُمَّ سَاقَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِ حَدِيْثِ ابْنِ نُمَيْرٍ وَابْنِ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ۔ وَزَادَ فِيْهِ: وَكَانَ الثَّمَرُ يُقْسَمُ عَلَى السُّهْمَانِ مِنْ نِصْفِ خَيْبَرَ۔ فَيَأْخُذُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخُمُسَ۔" (ص:۱۴ سطر:۲۳، ۲۴ تا ص:۱۵ سطر:۱، ۲)

قوله: "وَكَانَ الثَّمَرُ يُقْسَمُ عَلَى السُّهْمَانِ ..... إلخ" (ص:۱۵ سطر:۱، ۲)

یعنی مالِ غنیمت کے قانون کے مطابق۔

۳۹۴۴- "حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَإِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ- قَالَا: نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَجْلَى الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى مِنْ اَرْضِ الْحِجَازِ۔ وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا ظَهَرَ عَلٰى خَيْبَرَ اَرَادَ إِخْرَاجَ الْيَهُوْدِ مِنْهَا۔ وَكَانَتِ الْاَرْضُ حِيْنَ ظُهِرَ عَلَيْهَا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلِرَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ۔ فَاَرَادَ إِخْرَاجَ الْيَهُوْدِ مِنْهَا۔ فَسَأَلَتِ الْيَهُوْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُقِرَّهُمْ بِهَا عَلٰى اَنْ يَكْفُوْا عَمَلَهَا وَلَهُمْ نِصْفُ الثَّمَرِ۔ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۵، وتکملة فتح الملھم ج:۱ ص:۳۰۰ و ۳۰۱، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۷، ۸ کتاب المساقاة، باب ما جاء في المساقاة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نُقِرُّكُمْ بِهَا عَلٰى ذٰلِكَ مَا شِئْنَا، فَقَرُّوْا بِهَا حَتّٰى اَجْلَاهُمْ عُمَرُ اِلٰى تَيْمَاءَ وَاَرِيْحَاءَ۔" (ص:۱۵ سطر:۳تا۷)

قوله: "اِلٰى تَيْمَاءَ وَاَرِيْحَاءَ" (ص:۱۵ سطر:۷)

یہ دو بستیوں کے نام ہیں، تیمـــاء جزیرہ نمائے عرب میں شام (اُردن) اور وادی القریٰ کے درمیان ہے،[1] اور اَریحاء اُردن کے علاقے "الغور" میں واقع ہے۔[2]

باب فضل الغرس والزرع (ص:۱۵)

۳۹۴۵- "حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ: نَا اَبِيْ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا اِلَّا كَانَ مَا اُكِلَ مِنْهُ لَهُ صَدَقَةً، وَمَا سُرِقَ مِنْهُ لَهُ صَدَقَةٌ، وَمَا اَكَلَ السَّبُعُ مِنْهُ فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ، وَمَا اَكَلَتِ الطَّيْرُ فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ، وَلَا يَرْزَؤُهُ اَحَدٌ اِلَّا كَانَ لَهُ صَدَقَةٌ۔" (ص:۱۵سطر:۷تا۹)

قوله: "وَلَا يَرْزَؤُهُ" (ص:۱۵ سطر:۹)

أى ينقصه ويأخذ منه، وهو براء ثم زاى بعدها همزة۔ (نووی)۔[3]

۳۹۴۶- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَ: اَنَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى اُمِّ مُبَشِّرٍ الْاَنْصَارِيَّةِ فِيْ نَخْلٍ لَهَا، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ غَرَسَ هٰذَا النَّخْلَ، مُسْلِمٌ اَمْ كَافِرٌ؟" فَقَالَتْ: بَلْ مُسْلِمٌ، فَقَالَ: لَا يَغْرِسُ مُسْلِمٌ غَرْسًا، وَلَا يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَاْكُلُ مِنْهُ اِنْسَانٌ وَلَا دَابَّةٌ وَلَا شَيْءٌ اِلَّا كَانَتْ لَهُ صَدَقَةٌ۔"

(ص:۱۵ سطر:۹تا۱۱)

ان روایات میں پودے اور درخت لگانے کی فضیلت اور بہت ہی عظیم اجر وثواب کا بیان ہے ان سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ یہ کتنا آسان خوشگوار صدقہ جاریہ ہے مگر افسوس کہ ہم لوگ اس کو اتنی اہمیت بھی نہیں دیتے جتنی مغربی غیر مسلم ممالک میں دی جاتی ہے۔

---

(۱) معجم البلدان للحمویؒ ج:۲ ص:۶۷۔

(۲) معجم البلدان للحمویؒ ج:۱ ص:۱۶۵۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۵، والدیباج للسیوطیؒ ج:۲ ص:۲۲۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳۹۴۷- "حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَابْنُ اَبِي خَلَفٍ قَالَا: نَا رَوْحٌ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا يَغْرِسُ رَجُلٌ مُسْلِمٌ غَرْسًا، وَلَا زَرْعًا، فَيَاْكُلَ مِنْهُ سَبُعٌ اَوْ طَائِرٌ اَوْ شَيْءٌ، اِلَّا كَانَ لَهُ فِيْهِ اَجْرٌ- وَقَالَ ابْنُ اَبِي خَلَفٍ: طَائِرٌ شَيْءٌ-"

(ص:۱۵ سطر:۱۱ تا ۱۳)

قوله: "وَ قَالَ ابْنُ اَبِي خَلَفٍ: طَائِرٌ شَيْءٌ كَذَا" (ص:۱۵ سطر:۱۳)

یعنی ابن اَبی خلف نے لفظ "طـائـر" کے بعد حرفِ عطف (اَو) روایت نہیں کیا، اور لفظ "کـذا" سے باقی حدیث کی طرف اشارہ ہے کہ ان کی باقی روایت اسی طرح ہے جس طرح محمد بن حاتم نے بیان کی ہے۔ (الحل المفهم)۔[1]

اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ "شئ کذا" بدل ہو لفظ "طائر" سے، کذا فی حاشیة الحل المفهم۔[2]

۳۹۴۸- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ: نَا رُوْحُ بْنُ عَبَادَةَ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُوْلُ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اُمِّ مَعْبَدٍ حَائِطًا فَقَالَ: "يَا اُمَّ مَعْبَدٍ! مَنْ غَرَسَ هٰذَا النَّخْلَ، مُسْلِمٌ اَمْ كَافِرٌ؟" فَقَالَتْ: بَلْ مُسْلِمٌ- قَالَ: فَلَا يَغْرِسُ الْمُسْلِمُ غَرْسًا فَيَاْكُلُ مِنْهُ اِنْسَانٌ وَلَا دَابَّةٌ وَلَا طَيْرٌ اِلَّا كَانَ لَهُ صَدَقَةٌ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ-"

(ص:۱۵ سطر:۱۳ تا ۱۶)

اوپر قُتَیْبَة بن سَعِیْد کی روایت میں "اُمُّ معبد" کی بجائے "اُمّ مُبَشِّر" ہے، تعارض کچھ نہیں، یہ دونوں کنیتیں ایک ہی خاتون کی ہیں، اور یہ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی بیوی ہیں (نووی)۔[3]

باب وضع الجوائح (ص:۱۶)

۳۹۵۲- "حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: اَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَنَّ اَبَا

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۵۰۔ (رفیع)

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۵۱۔ رفیع

(۳) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۱۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنْ بِعْتَ مِنْ اَخِيْكَ ثَمَرًا ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ: نَا اَبُوْ ضَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ بِعْتَ مِنْ اَخِيْكَ ثَمَرًا فَاَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ، فَلَا يَحِلُّ لَكَ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا۔ بِمَ تَاْخُذُ مَالَ اَخِيْكَ بِغَيْرِ حَقٍّ؟" (ص:۱٦ سطر:۴ تا ٦)

قوله: "جَائِحَةٌ" (ص:۱٦ سطر:٦)

جائحة کی جمع جوائح آتی ہے، آفت اور مصیبت کو کہتے ہیں، یہاں مراد آفتِ سماویہ ہے جو پھلوں پر آجاتی ہے۔[1]

قوله: "فَلَا يَحِلُّ لَكَ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا...الخ" (ص:۱٦ سطر:٦)

اس مسئلے میں تفصیل یہ ہے کہ درخت پر لگے ہوئے پھل کی بیع اگر:-

۱- قبل ظهوره ہوئی ہو تو ضمان بالاتفاق بائع پر ہوگا، کیونکہ یہ معدوم کی بیع ہے، جو باطل ہے۔

۲- اور اگر قبل بدو الصلاح بشرط التبقية على الأشجار ہوئی پھر پھل ہلاک ہوگیا، تب بھی ضمان بالاتفاق بائع پر ہوگا، کیونکہ یہ بیع بالاتفاق فاسد ہے، اور قبل القبض مفید ملک نہیں، اور پھل قبضِ بائع میں ہلاک ہوا ہے۔ اور حنفیہ کے جس قول میں اس بیع کو کراہتِ تنزیہیہ کے ساتھ جائز قرار دیا گیا ہے (جیسا کہ باب بيع الثمار قبل بدو الصلاح میں ہم نے بیان کیا ہے) تو اس قول پر بھی ضمان بائع پر آئے گا کیونکہ پھل قبضِ بائع میں ہلاک ہوا ہے۔

۳- اور اگر بیع قبل بدو الصلاح یا بعد بدو الصلاح بشرط القطع ہوئی تھی، اور بائع نے تخلیہ نہیں کیا تھا، تو اس صورت میں بھی ضمان بالاجماع بائع پر ہے، کیونکہ قبل القبض ہلاکت ہوئی۔

۴- اور اگر بیع قبل بدو الصلاح أو بعده بشرط القطع ہوئی، اور بائع نے تخلیہ بھی کردیا تھا، مگر مشتری نے کاٹا نہیں یہاں تک کہ پھل ہلاک ہوگیا تو ضمان بالاتفاق مشتری پر ہوگا، کیونکہ

(۱) إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۳۲، وتكملة فتح الملهم ج: ص:۹-۴، وأوجز المسالك ج:۱۱ ص:۱۱۸ كتاب البيوع، باب الجائحة في بيع الثمار والزرع، وشرح النووي ج:۲ ص:۱٦۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پھل اس کے قبضے میں ہلاک ہوا۔ مگر امام مالکؒ اور امام احمدؒ اس کی وجہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ اس صورت میں اگر اس نے پھل کٹنے کا وقت ہوجانے کے باوجود بھی نہیں کاٹا تو سستی اور تقصیر اس کی طرف سے ہوئی، لہٰذا ہلاک شدہ پھل کا ضمان مشتری پر ہوگا (نوویؒ ج:۲ ص:۱۶)۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام مالکؒ و امام احمدؒ کے نزدیک مشتری پر ضمان آنے کے لئے یہ بھی شرط ہے کہ اُس نے پھل کٹنے کا وقت ہوجانے کے باوجود نہ کاٹا ہو حالانکہ بیع بشرط القطع ہوئی تھی۔

۵- اور اگر درخت پر لگے ہوئے پھل کی بیع بعد بدو الصلاح لا بشرط القطع ہو، اور بائع پھل اور مشتری کے درمیان تخلیہ کردے، پھر آفتِ سماویہ سے وہ پھل قبل أوان الجذاذ، ہلاک ہوجائے تو اس کا ضمان بائع پر ہوگا یا مشتری پر؟ اس میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام شافعیؒ کا قولِ قدیم اور امامِ مالکؒ و امام احمدؒ و فقہاء کی ایک جماعت کا مذہب یہ ہے کہ ضمان بائع پر ہوگا، یعنی ثمر کا ثمن مشتری کے ذمہ سے ساقط ہوجائے گا، اور بائع کو ثمن کے مطالبے کا حق نہ ہوگا، کیونکہ ان حضرات کا مذہب یہ ہے کہ بیع الثمار جب بعد بدو الصلاح ہو تو اگرچہ وہ لا بشرط القطع ہوئی تب بھی بائع پر واجب ہے کہ پھل کو کٹنے کا وقت ہونے تک اپنے درختوں پر لگا رہنے دے، بلکہ ان کے نزدیک اس دوران درختوں کو پانی دینا بھی بائع کے ذمہ ہے، لہٰذا یہ حضرات فرماتے ہیں کہ اب اس حالت میں پھل ہلاک ہوا تو وہ ایسا ہے گویا کہ بائع ہی کے قبضے میں ہلاک ہوا ہے۔ البتہ امامِ مالکؒ کے مذہب میں یہ تفصیل ہے کہ اگر پھل ثلث سے کم ہلاک ہو تو ضمان مشتری پر ہوگا، اور ثلث یا اس سے زیادہ ہو تو بائع پر ہوگا۔[1]

خلاصہ یہ ہے کہ چوتھی اور پانچویں صورت میں پھل اگر قبل اوانِ الجذاذ ہلاک ہوجائے تو امامِ مالکؒ و امامِ احمدؒ کے نزدیک ضمان بائع پر ہوگا اور بعد اَوانِ الجذاذ ہلاک ہو تو ضمان مشتری پر آئے گا۔

ان حضرات کا استدلال مذکورہ بالا حدیث سے ہے، نیز اسی باب کی آخری حدیث: "ان

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۶، وتکملۃ فتح الملهم ج:۱ ص:۳۰۸، والمفهم ج:۴ ص:۴۲۳، وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۲۱۸، ۲۱۹، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۷ كتاب البيوع، باب الجائحة في بيع الثمار والزرع، وفتح الباري ج:۴ ص:۳۹۸، ۳۹۹ كتاب البيوع، باب اذا باع الثمار قبل ان يبدو صلاحها ثم اصابته عاهة فهو من البائع، وأوجز المسالك ج:۱۱ ص:۱۱۹ كتاب البيوع، باب الجائحة في بيع الثمار والزرع۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

النبي صلى الله عليه وسلم أمر بوضع الجوائح" (ص:۱۶ سطر:۱۲) بھی ان کا مستدل ہے،[۱] کیونکہ وضع الجوائح کا مطلب یہ ہے کہ پھل پر جو آفات آئیں ان کو معاف کردیا جائے، یعنی مشتری سے ہلاک شدہ پھل کا ثمن وصول نہ کیا جائے، البتہ امام مالکؒ ثلث سے کم کا ضمان مشتری پر ڈالنے کو اس حدیث سے مستثنیٰ کرنے کی وجہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ یہ قلیل ہے اور قلیل کے تلف سے بچنا عادۃً ممکن نہیں، پس اس حد تک نقصان پر گویا کہ مشتری عند العقد ہی راضی تھا، بر بناء عادت، کذا في التكملة۔[۲]

امام ابوحنیفہؒ کا مذہب اور امام شافعیؒ کا قولِ جدید یہ ہے کہ ضمان مشتری پر ہوگا، یعنی پھل کا ثمن اس کے ذمہ واجب الاداء ہوگا، دلیل یہ ہے کہ بیع کے بعد جب مبیع پر مشتری کا قبضہ ہوجائے تو وہ ضمانِ مشتری میں داخل ہوگیا، (اور تخلیہ بھی قبضہ کے حکم میں ہے) لہٰذا نقصان اسی کے ذمہ ہوگا، جیسا کہ باقی تمام اقسامِ مبیع کا حکم ہے وہی ثمر کا بھی ہے، نیز اگلے باب کی پہلی حدیث بھی جو حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہماری دلیل ہے، کیونکہ اس میں ہے کہ: "أصيب رجل في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم في ثمار ابتاعها، فكثر دينه، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تصدقوا عليه، فتصدق النَّاسُ عليه"۔

پس اگر وضع الجوائح واجب تھا تو یہ شخص پھل خریدنے کی وجہ سے مدیون کیوں ہوا؟ اور اُس کے ادائے دین کے لئے چندہ کیوں کیا گیا؟[۳]

اور احادیثِ باب کا جواب ایک تو یہ دیا گیا ہے کہ امر بوضع الجوائح سے مراد امرِ استحبابی ہے۔ اور دُوسرا جواب یہ ہے کہ یہ اُن تین صورتوں پر محمول ہیں جن میں ضمان بالاتفاق بائع پر ہوتا ہے، یعنی پہلی، دُوسری اور تیسری صورت، اور ان پر محمول ہونے کا قرینہ اسی باب کی وہ تین حدیثیں ہیں جو

---

(۱) لیکن یہ استدلال اس وجہ سے مخدوش ہے کہ احادیثِ باب کے اطلاق پر تو یہ حضرات بھی عمل نہیں فرماتے، کیونکہ اُوپر جو صورتیں ہم نے ذکر کی ہیں ان میں سے چوتھی صورت میں یہ حضرات بھی ضمان مشتری پر ڈالتے ہیں۔ (رفیع)

(۲) ج:۱ ص:۳۸۱ وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۲۱۹ والمعلم ج:۲ ص:۱۸۳۔

(۳) فتح الباري ج:۴ ص:۳۹۹ كتاب البيوع، باب اذا باع الثمار قبل ان يبدو صلاحها الخ، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۷ كتاب البيوع، باب اذا باع الثمار قبل ان يبدو صلاحها الخ، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۰۰ كتاب البيوع، باب الرجل يشتري الثمرة فيقبضها فتصيبها جائحة، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں[1]، کہ ان میں سے پہلی دو روایتوں میں "نهى عن بيع ثمر النخل حتى تزهو" اور "حتى تزهي" کی صراحت ہے جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وضع الجوائح کا حکم بیع قبل بدو الصلاح سے متعلق ہے، تیسری روایت میں "إن لم يثمرها الله" کے الفاظ سے ظاہر یہ ہے کہ یہ حکم بیع الثمر قبل ظهوره سے متعلق ہے۔ اور اگر اس سے مراد پھل کا سالم نہ رہنا ہے تو یہ اُسی صورت میں ہوسکتا ہے کہ جب بیع قبل بدو الصلاح ہوئی ہو۔

خلاصہ یہ کہ حنفیہ و شافعیہ کے نزدیک جو حکم دُوسری مبیعات کا ہے وہی درخت کے پھلوں کا بھی ہے کہ بائع کے قبضے میں ہلاک ہو تو ضمان بائع پر ہوگا، اور مشتری کے قبضے میں ہلاک ہو (یعنی بعد التخلية) تو ضمان مشتری پر ہوگا۔

اور احادیثِ باب کو جن صورتوں پر ہم نے محمول کیا ہے، ان پر محمول کرنے سے احادیثِ باب میں کوئی لفظ مانع نہیں، لہٰذا انہی پر محمول کرنا اَحوَط و افضل و اَرجح ہوگا، برخلاف اس صورت کے جس پر امام احمدؒ اور مالکیہ نے محمول کیا ہے، اس لئے کہ وہ شریعت کے اس قاعدۂ کلیہ کے منافی ہے جو دُوسری تمام مبیعات میں جاری ہوتا ہے، کما ذکرناہ آنفًا (رفیع)۔

باب استحباب الوضع من الدين (ص:۱۶)

۳۹۵۸- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: أُصِيْبَ رَجُلٌ فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ثِمَارٍ ابْتَاعَهَا فَكَثُرَ دَيْنُهُ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "تَصَدَّقُوْا عَلَيْهِ"۔ فَتَصَدَّقَ النَّاسُ عَلَيْهِ۔ فَلَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَاءَ دَيْنِهِ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِغُرَمَائِهِ: "خُذُوْا مَا وَجَدْتُمْ، وَلَيْسَ لَكُمْ إِلَّا ذٰلِكَ۔"

(ص:۱۶ سطر:۱۲ تا ۱۴)

---

(۱) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۰۹، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۶، والحل المفهم مع حاشيته ج:۲ ص:۱۵۱، ۱۵۲، وفتح الباري ج:۴ ص:۳۹۹ كتاب البيوع، باب اذا باع الثمار قبل ان يبدو صلاحها الخ، وأوجز المسالك ج:۱۱ ص:۱۱۹ كتاب البيوع، باب الجائحة في بيع الثمار والزرع، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۰۰ كتاب البيوع، باب الرجل يشتري الثمرة فيقبضها فتصيبها جائحة، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۴۹ كتاب الاجارة، باب في تفسير الجائحة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "أُصِيْبَ رَجُلٌ فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ثِمَارٍ ابْتَاعَهَا ... الخ" (ص:۱۶ سطر:۱۴)

یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ پچھلے باب میں وضع الجوائح کا حکم یا تو استحبابی ہے یا اُن تین صورتوں پر محمول ہے جو ہم نے وہاں بیان کی ہیں، اگر وہ حکم وجوبی ہوتا اور پچھلے باب میں بیان کردہ تمام صورتوں پر مشتمل ہوتا تو حدیثِ ہٰذا میں پھل کی ہلاکت سے مشتری کا نقصان نہ ہوتا اور مشتری پر قیمت واجب نہ ہوتی اور اس کی وجہ سے اس پر دیون بھی نہ آتے، جبکہ حدیثِ باب میں مشتری کے نقصان اور اس پر دیون کی صراحت ہے، معلوم ہوا کہ یہاں ہلاک شدہ پھل کا ضمان مشتری پر آیا تھا بائع پر نہیں۔

قوله: "لِغُرَمَائِهِ: "خُذُوْا مَا وَجَدْتُمْ، وَلَيْسَ لَكُمْ إِلَّا ذٰلِكَ" (ص:۱۶ سطر:۱۴)

یعنی جب تک یہ مفلّس ہے اس وقت تک تمہیں اس کے پاس جو کچھ ملے اس کے سوا باقی دَین کے مطالبے کا حق نہیں، اور "جو کچھ ملے" اس میں بھی یہ تفصیل ہے کہ پہننے کے ایک دو جوڑے، رہنے کے لئے بقدرِ ضرورت مکان، اور فوری ضرورت کی چیزیں مثلاً سردیوں میں لحاف، اور بیوی بچوں اور زیرِ کفالت افراد کا بقدرِ ضرورت نفقہ اس کے پاس چھوڑنا ضروری ہے، اس سے زائد غرماء کا حق ہے۔[1] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو مدیون مفلّس ہو اس کو مہلت دینا واجب ہے، جمہور فقہاء کا یہی مذہب ہے، پھر صاحبینؒ، امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک تو اس سے نہ مطالبہ جائز ہے، نہ اس کے پیچھے لگنا جائز ہے اور نہ اسے قید کرنا جائز ہے، یہاں تک کہ اس کے پاس مال آجائے تو اس وقت اس سے مطالبہ کیا جائے گا، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اسے قید کرنا تو جائز نہیں، لیکن "ملازمت" جائز ہے۔[2] ملازمت سے مراد یہ ہے کہ جہاں بھی مدیون جائے، دائن اس کے پیچھے رہے، تاکہ مدیون کی ملک میں کوئی مال آئے تو اس کا بذریعہ قاضی مطالبہ کر سکے۔[3]

۳۹۶۰- "حَدَّثَنِي غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِنَا قَالُوْا: ثَنَا إِسْمَعِيْلُ بْنُ أَبِي

---

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۱۰ ورد المحتار ج:۵ ص:۳۸۷ کتاب القضاء فصل في الحبس والبحر الرائق ج:۸ ص:۱۵۱ کتاب الاکراہ، باب الحجر۔

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے: شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۶ وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۱۰۔

(۳) فتح القدیر ج:۸ ص:۲۰۹ کتاب الحجر، باب الحجر بسبب الدین۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ وَهُوَ ابْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِي الرِّجَالِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّ اُمَّهُ عَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ قَالَتْ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ: سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ خُصُوْمٍ بِالْبَابِ، عَالِيَةً اَصْوَاتُهُمَا، وَاِذَا اَحَدُهُمَا يَسْتَوْضِعُ الآخَرَ وَيَسْتَرْفِقُهُ فِيْ شَيْءٍ۔ وَهُوَ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ! لَا اَفْعَلُ۔ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمَا، فَقَالَ: "اَيْنَ الْمُتَاَلِّيْ عَلَى اللّٰهِ لَا يَفْعَلُ الْمَعْرُوفَ؟ قَالَ: اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فَلَهُ اَيُّ ذٰلِكَ اَحَبَّ۔"

(ص:۱٦ سطر:۱۵،۱٦ تا ص:۱۷ سطر:۱،۲)

قوله: "حَدَّثَنِي غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ اَصْحَابِنَا..... اِلخ" (ص:۱٦، سطر:۱۵)

یہاں امامِ مسلمؒ نے اپنے استاذ کا نام نہیں لیا اس لئے اس روایت کو صحیح مسلم کی منقطعات میں شمار کیا گیا ہے جو کُل بارہ ہیں اور ان کی تفصیل علامہ نوویؒ نے اپنی شرحِ مسلم کے مقدمہ میں بیان فرمائی ہے، اس حدیثِ باب کو منقطعات میں اس لئے شمار کیا گیا کہ اس میں "غیر واحد من اصحابنا" کے الفاظ مبہم ہیں، راوی کا نام ان سے معلوم نہیں ہوتا، گویا کہ یہ الفاظ کالعدم ہیں، یعنی راوی مذکور ہی نہیں، مگر علامہ نوویؒ نے یہاں قاضی عیاضؒ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ درحقیقت یہ منقطع نہیں بلکہ مجہول کی روایت ہے، اور علامہ نوویؒ نے قاضیؒ کے اس قول کو صحیح قرار دے کر کہا ہے کہ مجہول کی روایت ہونے کی وجہ سے یہ قابلِ استدلال نہ ہوتی لیکن یہی روایت بخاری نے اپنی صحیح میں "عن اسماعیل بن اَبی اویس" ذکر کی ہے، [1] لہٰذا قابلِ استدلال ہے، اور ممکن ہے کہ امامِ مسلمؒ نے "غیر واحد" سے امام بخاریؒ وغیرہ مراد لئے ہوں (شرحِ نوویؒ ج:۲ ص:۱٦)۔

قوله: "عَنْ اَبِي الرِّجَالِ" (ص:۱٦ سطر:۱٦)

یہ لقب ہے کنیت نہیں، اِن کا نام محمد بن عبدالرحمٰن ہے، اور لقب "ابو الرجال" اس لئے مشہور ہوگیا کہ اِن کی اولاد دس تھی، اور یہ سب مرد تھے (کذا فی التکملة عن تهذيب الكمال للمزّي)۔

قوله: "عَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ" (ص:۱٦، سطر:۱٦)

بفتح العين، یہ انصاریہ ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خاص تلمیذہ ہیں، صدیقہؓ نے

(۱) صحيح البخاري، كتاب الصلح، باب هل يشير الإمام بالصلح ج:۱ ص:۳۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بچپن سے ان کو پالا تھا، حضرت عائشہؓ کی مرویات کا علم سب سے زیادہ تین حضرات کے پاس تھا، ایک یہی عمرہ، اور دُوسرے حضرت عائشہؓ کے بھانجے عُروۃ بن الزبیرؓ اور تیسرے ان کے بھتیجے قاسم بن محمد بن ابی بکر۔ قالہ ابن عیینۃ (تھذیب التھذیب نمبر:۳۵۱ ج:۷ ص:۱۸۲، ونمبر:۶۰۱ ج:۸ ص:۳۳۴، وتذکرۃ الحفاظ ج:۱ ص:۱۰۶، و ج:۱ ص:۹۱۔ رفیع)۔

قولہ: "اَیْنَ الْمُتَاَلِّیْ عَلَی اللّٰہِ" (ص:۱۷ سطر:۲)

المتالّی حلف کرنے والا، "اَلِیَّۃ" بفتح الھمزۃ وکسر اللام وتشدید الیاء المفتوحۃ سے مأخوذ ہے وھو الیمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حلف پر نکیر فرمائی تو معلوم ہوا کہ ترکِ مستحب کی قسم کھانا مکروہ ہے (نوویؒ)۔[۱]

۳۹۶۱- "حَدَّثَنِیْ حَرْمَلَۃُ بْنُ یَحْیٰی قَالَ: اَنَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ وَھْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ: اَخْبَرَہٗ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّہٗ تَقَاضَی ابْنَ اَبِیْ حَدْرَدٍ دَیْنًا کَانَ لَہٗ عَلَیْہِ فِیْ عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ فَارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُھُمَا حَتّٰی سَمِعَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ فِیْ بَیْتِہٖ، فَخَرَجَ اِلَیْھِمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی کَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِہٖ وَنَادٰی کَعْبَ بْنَ مَالِکٍ فَقَالَ: یَا کَعْبُ! فَقَالَ لَبَّیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! فَاَشَارَ اِلَیْہِ بِیَدِہٖ اَنْ ضَعِ الشَّطْرَ مِنْ دَیْنِکَ، قَالَ کَعْبٌ: قَدْ فَعَلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: "قُمْ فَاقْضِہٖ۔" (ص:۱۷ سطر:۲ تا ۶)

قولہ: "سِجْفَ حجرتہٖ" (ص:۱۷ سطر:۴)

سِجْف بکسر السین وفتحھا پردہ (نوویؒ)۔[۲]

باب من أدرك ما باعه عند المشتري وقد أفلس .... إلخ (ص:۱۷)

۳۹۶۳- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ یُوْنُسَ قَالَ: نَا زُھَیْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ:

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۷۔

(۲) حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ثنا يحيى بن سعيد قال: اخبرني ابوبكر بن محمد بن عمرو بن حزم ان عمر بن عبد العزيز اخبره، ان ابابكر بن عبد الرحمٰن بن الحارث بن هشام اخبره، انه سمع ابا هريرة يقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم -او: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول-: "من ادرك ماله بعينه عند رجل قد افلس -او انسان قد افلس- فهو احق به من غيره۔" (ص:۱۷ سطر:۹ تا ۱۲)

قوله: "من ادرك ماله بعينه .... إلخ" (ص:۱۷ سطر:۱۱)

مشتری مدیون جو مفلّس (دیوالیہ) ہو چکا ہو اس نے اگر کوئی چیز خریدی ہو، اور اُس مبیع پر قبضہ بھی کر چکا ہو مگر ثمن ادا نہیں کیا، تو جب اس کا مال غرماء میں تقسیم کیا جائے گا تو وہ مبیع بھی جو اس کے قبضے میں ہے، سب غرماء میں تقسیم کی جائے گی یا اس کا تنہا حق دار بائع ہوگا؟ اس میں فقہاء کا اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک بائع اس عین کا تنہا حق دار ہے، وہ بیع کو فسخ کر کے مبیع واپس لے سکتا ہے، اور اس مبیع میں دُوسرے غرماء کا کوئی حق نہیں، اور حنفیہ کے نزدیک وہ "اُسْوَةٌ لِلغرماء" ہے،[1] ائمہ ثلاثہؒ کا استدلال احادیثِ باب سے ہے، حنفیہ کا استدلال حضرت علیؓ کے اس قول سے ہے کہ: "هو فيها أسوة الغرماء اذا وجدها بعينها"[2]۔

---

(۱) فيض البارى ج:۳ ص:۳۱۳، ۳۱۴ كتاب فى الاستقراض الخ، باب اذا وجد ماله عند مفلس فى البيع الخ، وشرح معانى الآثار ج:۲ ص:۲۶۸، ۲۶۹ كتاب القضاء والشهادات، باب الرجل يبتاع سلعة فيقبضها ثم يموت وثمنها عليه دين، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۱۵، وعمدة القارى ج:۱۲ ص:۲۳۰ كتاب فى الاستقراض الخ، باب اذا وجد ماله عند مفلس فى البيع الخ، وفتح البارى ج:۵ ص:۶۳ كتاب فى الاستقراض الخ، باب اذا وجد ماله عند مفلس فى البيع الخ، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۹۹ كتاب البيوع، باب فى الرجل يفلس فيجد الرجل متاعه بعينه عنده۔

(۲) مصنف عبد الرزاق رقم الحديث: ۱۵۱۷۰ ج:۸ ص:۲۶۶، نیز مصنف عبد الرزاق میں قاضی شریحؒ سے ایک یہ روایت منقول ہے: "قال: ايما غريم اقتضى منه شيئًا بعد افلاسه، فهو والغرمآء سواءٌ يحاصّهم به، وبه يفتي ابن سيرين" رقم الحديث: ۱۵۱۶۸۔ اس کے علاوہ امام طحاویؒ نے حضرت ابوبکرؓ کے ایک فیصلے کا ذکر فرمایا ہے جس میں انہوں نے صاحب السلعة کو "أسوة الغرماء" قرار دیا ہے، تفصیل کے لئے دیکھئے: شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۲۶۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حنفیہ کی دُوسری دلیل[۱] یہ ہے کہ جب مشتری اس مبیع کا مالک ہوگیا، اور وہ اس کے قبضے میں بھی آ گئی، تو اب بائع کا حق صرف ثمن سے متعلق ہے، مبیع پر اس کا کوئی حق یا خصوصیت باقی نہیں رہی، لہٰذا اس کو فسخِ بیع کا اختیار نہیں، اور اداءِ ثمن پر چونکہ مشتری فی الحال قادر نہیں تو اسے مہلت دینا واجب ہے، لقوله تعالیٰ: "وَإِنْ كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَىٰ مَيْسَرَةٍ"۔[۲]

اور احادیثِ باب کا جواب حنفیہ کی طرف سے یہ ہے کہ ان کا تعلق مسئلہ مختلف فیہا سے نہیں، کیونکہ احادیثِ باب کے لفظ "مالہ بعینہٖ" میں مال کی اضافت واجد کی طرف کی گئی ہے، اور اضافت میں اصل اضافت بمعنی اللّام ہے، لہٰذا "مالہ" کا مطلب "ملکہ" ہوا، اور اس پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ بیع کے بعد مبیع بائع کی ملک سے نکل کر مشتری کی ملک میں داخل ہو جاتی ہے، اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں اس کو مال البائع صرف مجازاً (باعتبار ما کان کے) کہا جا سکتا ہے، حقیقۃً وہ مال البائع نہیں،[۳] پس معلوم ہوا کہ ان احادیثِ باب کا تعلق مسئلہ مختلف فیہا سے نہیں، لہٰذا ائمہ ثلاثہ کا استدلال ان احادیث سے صحیح نہ ہوا۔

دُوسری وجہ یہ ہے کہ احادیثِ باب میں لفظ "بعینہٖ" ہے، اور حدیثِ بریرۃؓ سے ثابت ہے کہ تبدّلِ ملک موجب ہوتا ہے تبدّلِ عین کا، لقولہٖ علیہ الصلوٰۃ والسلام فی قصة بريرة: هي لك صدقة ولنا هدية۔[۴] لہٰذا جب مبیع مشتری کی ملک میں پہنچ گئی تو حکماً تبدّل عین ہوگیا، لہٰذا اس پر "بعینہٖ" کا لفظ صادق نہیں آتا، اس سے بھی معلوم ہوا کہ احادیثِ باب کا تعلق مسئلہ مختلف فیہا سے نہیں۔[۵]

رہا یہ سوال کہ کس مسئلے سے اس کا تعلق ہے؟ تو اس کے تین جواب دیئے گئے ہیں:-

---

(۱) حاشية الحل المفهم ج:۲ ص:۱۵۳۔

(۲) البقرة:۲۸۰۔

(۳) حاشية الحل المفهم ج:۲ ص:۱۵۳۔

(۴) صحيح البخاري ج:۱ ص:۲۰۲ رقم الحديث: ۱۴۲۲ باب الصدقة على موالي ازواج النبي صلى الله عليه وسلم۔

(۵) عمدة القاري ج:۱۲ ص:۲۴۰ كتاب الاستقراض الخ، باب اذا وجد ماله عند مفلس في البيع الخ، وتكمله فتح الملهم ج:۱ ص:۳۱۶، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۳۹۸ كتاب البيوع، أحكام الاستحقاق، باب يرجع المشتري على البائع بالدرك۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- "مالہ بعینہ" سے مراد مبیع نہیں بلکہ ودیعة یا عاریة یا مغصوب یا مسروق ہے،(۱) لیکن یہ جواب اس باب کی ان احادیث میں نہیں چل سکتا جن میں "انہ لصاحبہ الذی باعہ"(۲) کے الفاظ ہیں۔(۳)

۲- لہٰذا دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ "مالہ بعینہ" سے مراد مقبوض علی سوم الشراء ہے،(۴) اور "انہ لصاحبہ الذی باعہ" میں "باعہ" سے مراد "أراد بیعہ" ہے، اس لئے کہ فعل بول کر ارادۂ فعل مراد لینا شائع وذائع ہے، کما فی قولہ تعالیٰ: "یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ" الآیۃ۔(۵)

---

(۱) اس کی دلیل حضرت سمرۃ بن جندبؓ کی یہ روایت ہے کہ: "قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا ضاع لأحدكم متاع، أو سرق له متاع، فوجده في يد رجل بعينه فهو أحق به، ويرجع المشتري على البائع بالثمن۔" أخرجه أحمد في مسنده والبيهقي في سننه في كتاب التفليس، باب العهدة ورجوع المشتري بالدرك، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ احادیثِ باب کا تعلق مبیع سے نہیں، بلکہ مسروق سے ہے، قاله الطحاوي في شرح معاني الآثار (ج:۲ ص:۲۶۹)۔ اور حدیثِ سمرہؓ میں "ويرجع المشتري على البائع" کا مطلب یہ ہے کہ وہ شئ مسروق اگر کسی نے سارق سے خرید لی تھی پھر وہ مالک (مسروق منہ) نے مشتری سے وصول کر لی تو یہ مشتری بائع (سارق) سے اپنا ثمن واپس لے سکتا ہے۔ (رفیع)۔

(۲) لیکن حدیث کا یہ حصہ اکثر حفاظ کی روایت کے خلاف ہے، جیسا کہ صحیح مسلم کی احادیثِ باب سے ظاہر ہے، اسی لئے امام بخاریؒ نے یہ حصہ ذکر نہیں کیا، لہٰذا یہ بحکم شاذ یا منکر ہے، پس اس سے جمہور کا استدلال درست نہیں، کذا في التكملة (ج:۱ ص:۴۷۹)۔ البتہ صحیح ابنِ حبان میں ابنِ عمرؓ کی ایک روایت میں مرفوعاً، اور مصنف عبد الرزاق (ج:۸ ص:۲۶۶، رقم الحدیث:۱۵۱۶۱) میں ابنِ ابی ملیکہ کی روایت میں مرسلاً لفظ "بیع" موجود ہے، ابنِ حبان کی روایت ان کے نزدیک صحیح ہے، اور حافظ ابنِ حجرؒ نے التلخیص میں اسے ذکر کر کے سکوت کیا ہے، (ج:۳ ص:۱۰۰۳) جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ابنِ حجرؒ کے نزدیک بھی صحیح ہے، اور ابنِ ابی ملیکہ کی مراسیل سے حنفیہ بکثرت استدلال کرتے ہیں، لیکن ان دونوں روایتوں کا جواب بھی یہ ہو سکتا ہے کہ یہ بھی حفاظ کی روایات کے خلاف ہونے کی وجہ سے شاذ یا منکر یا مرجوح قرار پائیں گی۔ ۱۲ (رفیع)

(۳) فيض الباري ج:۳ ص:۳۱۳، ۳۱۴ كتاب الاستقراض الخ، باب اذا وجد ماله عند مفلس في البيع الخ، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۲۴۱ كتاب الاستقراض الخ، باب اذا وجد ماله عند مفلس في البيع الخ، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۹۶، ۴۹۷، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۳۹۸ كتاب البيوع، احكام الاستحقاق، باب يرجع المشتري على البائع بالدرك۔

(۴) الحل المفهم وحاشيته ج:۲ ص:۱۵۲ تا ۱۵۴، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۲۰۰ كتاب البيوع، باب في الرجل يفلس فيجد الرجل متاعه بعينه، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۱۸۔ (۵) سورة المائدة:۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳- تیسرا جواب امام محمدؒ نے یہ دیا ہے کہ "مالہ بعینہٖ" سے مراد "مبیع قبل قبض المشتری" ہے، کیونکہ مشتری کے قبضے سے پہلے اگرچہ اس پر مشتری کی ملکیت آجاتی ہے لیکن وہ ضمان میں بائع کے رہتی ہے، "حتّٰی لو ھلك عند البائع ھلك من مالہ" اور بائع کو یہ اختیار رہتا ہے کہ وہ ثمن وصول کرنے کے لئے مبیع کو اپنے پاس روک لے۔ (۱)

مگر اس جواب پر یہ اِشکال ہوتا ہے کہ حدیث میں: "من ادرك مالہ بعینہٖ عند رجل" کا لفظ ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم بعد قبض المشتری سے متعلق ہے، نہ کہ قبل القبض سے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ "عند رجل" سے مراد "فی ملك رجل" ہے، اور "عند" کا لفظ مِلك کے لئے بکثرت استعمال ہوتا ہے، چنانچہ جس شخص کی ملکیت میں مالِ کثیر ہو، مگر اس نے ودیعت یا عاریت وغیرہ کے طور پر دُوسرے کے پاس رکھوا رکھا ہو، تو وہ مال فی الحال اگرچہ اس کے قبضے میں نہیں ہوتا، مگر کہا جاتا ہے کہ: "عندہ مال کثیر، ای فی ملکہ"۔

قولہ: "قد اَفْلَسَ" (ص:۱۷ سطر:۱۱)

بصیغۂ معروف از بابِ افعال یعنی "مُفْلِس ہوگیا" اس کے پاس فلوس نہیں رہے، اور آگے ایک روایت میں باب تفعیل سے "فُلِّسَ" آرہا ہے اُس کے معنی ہیں کہ اُس کی تفلیس کردی گئی، یعنی جسے مُفَلَّس (دیوالیہ) قرار دے دیا گیا تھا۔

باب فضل انظار المعسر .... إلخ (ص:۱۷)

۳۹۶۹- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِاللهِ بْنِ یُوْنُسَ قَالَ: نَا زُھَیْرٌ قَالَ: نَا مَنْصُوْرٌ عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ اَنَّ حُذَیْفَۃَ حَدَّثَھُمْ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "تَلَقَّتِ الْمَلَائِکَۃُ رُوْحَ رَجُلٍ مِمَّنْ کَانَ قَبْلَکُمْ، فَقَالُوْا: اَعَمِلْتَ مِنَ الْخَیْرِ شَیْئًا؟ قَالَ: لَا، قَالُوْا: تَذَکَّرْ، قَالَ: کُنْتُ اُدَایِنُ النَّاسَ فَآمُرُ فِتْیَانِیْ اَنْ یُّنْظِرُوا الْمُعْسِرَ وَیَتَجَوَّزُوْا عَنِ الْمُوْسِرِ، قَالَ: قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: تَجَوَّزُوْا عَنْهُ۔" (ص:۱۷ سطر:۲۱ تا ۲۳)

(۱) تکملۃ فتح الملہم ج:۱ ص:۴۹۵، وکتاب الحجۃ علی أھل المدینۃ ج:۲ ص:۷۱۶ باب افلاس الغریم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "تَلَقَّتِ الْمَلَائِكَةُ رُوْحَ رَجُلٍ" (ص:۱۷ سطر:۲۲)

روح کا استقبال کیا یا اُسے قبض کیا۔

قوله: "كُنْتُ اُدَايِنُ النَّاسَ" (ص:۱۷ سطر:۲۳)

یعنی دین کا معاملہ کرتا تھا، لوگوں کو چیزیں اُدھار دیدیتا تھا۔

قوله: "فِتْيَانِيْ" (ص:۱۷ سطر:۲۳)

فِتْيان بکسر الفاء جمع ہے فَتًی کی، وهو الخادم حُرًّا كان او عبدًا۔

قوله: "اَنْ يُنْظِرُوْا" (ص:۱۷ سطر:۲۳)

اِنظار سے ہے بمعنی مہلت دینا، اور "الْمُعْسِر" تنگ دست، اور "الموسر" معسر کی ضد ہے یعنی مالدار۔ اور "تَجَوُّز" اور "تَجَاوُز" دونوں کے معنی ہیں نظرانداز کردینا، معاف کردینا، یعنی کوئی اگر ادائیگی میں کچھ کمی کرے تو پھر بھی قبول کرلینا اور کمی کو معاف کردینا۔

۳۹۷۰- "حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ حُجْرٍ- قَالَا: نَا جَرِيْرٌ عَنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ قَالَ: اجْتَمَعَ حُذَيْفَةُ وَاَبُوْمَسْعُوْدٍ۔ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: رَجُلٌ لَقِيَ رَبَّهُ فَقَالَ: مَا عَمِلْتَ؟ قَالَ: مَا عَمِلْتُ مِنَ الْخَيْرِ إِلَّا اَنِّي كُنْتُ رَجُلًا ذَا مَالٍ، فَكُنْتُ اُطَالِبُ بِهِ النَّاسَ۔ فَكُنْتُ اَقْبَلُ الْمَيْسُوْرَ، وَاَتَجَاوَزُ عَنِ الْمَعْسُوْرِ۔ قَالَ: تَجَاوَزُوْا عَنْ عَبْدِيْ۔ قَالَ: اَبُوْ مَسْعُوْدٍ: هٰكَذَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ۔" (ص:۱۸ سطر:۱تا۲)

قوله: "الْمَيْسُوْرَ" (ص:۱۸ سطر:۲)

یعنی آسان۔ مطلب یہ ہے کہ میں مدیون سے اتنا لے لیتا تھا جتنا دینا اُس کے لئے آسان ہو۔

وقوله "الْمَعْسُوْرِ" (ص:۱۸ سطر:۳)

بمعنی مشکل۔ یعنی جو مال دینا مدیَن کے لئے مشکل ہوتا اُس کو معاف کردیا تھا۔

۳۹۷۱- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلًا مَاتَ فَدَخَلَ الْجَنَّةَ، فَقِيْلَ لَهُ مَا كُنْتَ تَعْمَلُ؟ -قَالَ: فَإِمَّا ذَكَرَ وَإِمَّا ذُكِّرَ- فَقَالَ: إِنِّيْ كُنْتُ اُبَايِعُ النَّاسَ، فَكُنْتُ اُنْظِرُ الْمُعْسِرَ، وَاَتَجَوَّزُ فِي السِّكَّةِ اَوْ فِي النَّقْدِ، فَغُفِرَ لَهُ۔ فَقَالَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ: وَاَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔" (ص:۱۸ سطر:۳تا۶)

قوله: "السِّكَّة" (ص:۱۸ سطر:۵) يعني دراهم ودنانير۔ (۱)

قوله: "النَّقْد" (ص:۱۸ سطر:۷)

یہ راوی کا شک ہے، نقد سے مراد بھی دراہم ودنانیر ہیں اور "اتجوّز في السكة" کا مطلب یہ ہے کہ میں دراہم ودنانیر کے عیوب کو نظر انداز کر دیتا تھا، یعنی معاف کر دیتا تھا۔ (۲)

۳۹۷۲- "حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ قَالَ: نَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ سَعْدِ بْنِ طَارِقٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: اُتِيَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِهِ، آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا۔ فَقَالَ لَهُ مَاذَا عَمِلْتَ فِي الدُّنْيَا؟ -قَالَ: وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا- قَالَ: يَا رَبِّ آتَيْتَنِيْ مَالَكَ، فَكُنْتُ اُبَايِعُ النَّاسَ، وَكَانَ مِنْ خُلُقِي الْجَوَازُ۔ فَكُنْتُ اَتَيَسَّرُ عَلَى الْمُوْسِرِ وَاُنْظِرُ الْمُعْسِرَ۔ فَقَالَ اللّٰهُ: اَنَا اَحَقُّ بِذَا مِنْكَ تَجَاوَزُوْا عَنْ عَبْدِيْ۔ فَقَالَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ الْجُهَنِيُّ وَاَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيُّ: هٰكَذَا سَمِعْنَاهُ مِنْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔" (ص:۱۸ سطر:۶تا۹)

قوله: "الجَوَاز" (ص:۱۸ سطر:۷) یعنی عفو ودرگزر۔ (۳)

قوله: "فَقَالَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ الْجُهَنِيُّ وَاَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيُّ" (ص:۱۸ سطر:۸)

سب نسخوں میں اسی طرح ہے، لیکن دارقطنی نے بتایا ہے کہ یہ اس حدیث کے راوی ابوخالد الأحمر کا وہم ہے، کیونکہ یہ روایت عقبہ بن عامر سے نہیں بلکہ صرف حضرت ابومسعود عقبۃ بن عمرو

(۱) حاشية صحيح مسلم للذهنيّ ج:۲ ص:۲۹۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويّ ج:۲ ص:۱۷، ۱۸ وحاشية صحيح مسلم للذهنيّ ج:۲ ص:۲۹، والديباج للسيوطيّ ج:۲ ص:۲۶۳۔

(۳) النهاية لابن الأثير ج:۱ ص:۳۱۵، ومجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۴۰۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الانصاری البدری سے ہے، لہٰذا صحیح عبارت اس طرح ہوگی: "عقبة بن عمرو ابو مسعود الأنصاری"۔ (۱)

۳۹۷۶- "حَدَّثَنَا اَبُو الْهَيْثَمِ خَالِدُ بْنُ خِدَاشِ بْنِ عَجْلَانَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ طَلَبَ غَرِيْمًا لَهُ فَتَوَارٰى عَنْهُ ثُمَّ وَجَدَهُ فَقَالَ: اِنِّيْ مُعْسِرٌ، قَالَ: آللهِ؟ قَالَ: اَللهِ، قَالَ: فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُنْجِيَهُ اللهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلْيُنَفِّسْ عَنْ مُعْسِرٍ اَوْ يَضَعْ عَنْهُ۔" (ص:۱۸ سطر:۱۴ تا ۱۷)

قوله: "قَالَ: آللهِ؟ قَالَ: اَللهِ" (ص:۱۸ سطر:۱۶) فی حاشیة الذهنیؒ علی صحیح مسلم: الاول قسم سؤال، ای أباللہ؟ وباء القسم تضمر کثیرًا مع الله۔ وفی مجمع بحار الأنوار "آللہ؟ قال: اَللهِ" الأوّل همزة ممدودة والثانی بلا مدٍّ، والهاء فیهما مکسورة علی المشهور۔

شارحین اور اہلِ لغت کے کلام کو تفصیل سے دیکھنے کے بعد اُس کے مجموعے سے جو بات واضح ہوتی ہے، یہ ہے کہ یہاں پہلا لفظ "آللهِ" (ہمزہ ممدودہ کے ساتھ) ہے، اور دوسرا "اَللهِ" ہے (ہمزہ مفتوحہ کے ساتھ)۔

اور "آللہ" اصل میں "اَبِاللهِ" تھا، بائے قسم کو حذف کر دیا گیا، (لِاَنَّ باءَ القسم تُضْمَرُ کثیرًا مع الله۔ کما مرّ من حاشیةِ الذهنیؒ) پھر لفظِ "اَللہ" کا ہمزۃ الوصل مفتوحہ جو بائے قسم کی وجہ سے حذف ہوگیا تھا، واپس آگیا، اب اس کے اوپر ہمزۂ استفہام داخل ہونے کی وجہ سے ہمزۂ مفتوحہ کو وجوباً الف سے بدل دیا گیا، تو "آللهِ" ہوگیا، اور یہ مجرور ہے بائے جارّہ محذوفہ کی وجہ سے، اور تقدیرِ عبارت یوں ہے کہ "اَبِاللهِ اَنْتَ مُعْسِرٌ"؟ یعنی ابوقتادہ نے - جو ان تھے - اپنے غریم (مدیون) سے پوچھا کہ "کیا تم اللہ کی قسم کھاتے ہو کہ تم مُعْسِر (تنگ دست) ہو؟" تو مَدْیون (غریم) نے جواب میں کہا: "اَللهِ" (ہمزۂ مفتوحہ کے ساتھ)۔ یہ ہمزۂ مفتوحہ وہی ہے جو لفظِ "اَللہ" کا پہلا حرف ہے، اور اس سے پہلے باء القسم یہاں بھی محذوف ہے، اور اُسی کی وجہ سے یہ بھی مجرور ہے۔ اور مدیون کے اس قول کی تقدیرِ عبارت یوں ہے: "بِاللهِ اَنَا مُعْسِرٌ" یعنی میں قسم کھاتا ہوں کہ

(۱) شرح النوویؒ ج:۲ ص:۱۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میں مُعْسِر (مالی طور پر تنگی میں مبتلا) ہوں۔

اور مجمع بحارِ الانوار میں ایک قول یہ لکھا ہے کہ مدیون کے قول کو بھی "آللہِ" (ہمزۂ ممدودہ کے ساتھ) پڑھا جائے، اس صورت میں یہ ہمزۂ ممدودہ مشاکلۃ کی بنا پر ہوگا، یعنی دائن کے قول "آللہِ" کی مشاکلت کی بنا پر (حسنِ کلام کے لئے) ہمزۂ مفتوحہ کو بھی ہمزۂ ممدودہ سے بدل دیا گیا۔[۱]

قولہ: "مِنْ کُرَبِ" (ص:۱۸ سطر:۱۶)

بضم الکاف وفتح الراء جمع ہے "کُرْبَۃٌ" بضم الکاف وسکون الراء کی، وھو غم شدید یأخذ النفسَ، یعنی ایسی گھٹن اور بے چینی جس سے سانس رُکنے لگے (نووی وتکملۃ)۔[۲]

قولہ: "فَلْیُنَفِّسْ" (ص:۱۸ سطر:۱۶) یعنی اُس کی بے چینی اور تنگی دور کردے (تکملہ)۔[۳]

قولہ: "یَضَعْ عَنْہُ" (ص:۱۸ سطر:۱۷) یعنی کچھ یا سب معاف کردے۔

باب تحریم مطل الغنی وصحۃ الحوالۃ .... إلخ (ص:۱۸)

۳۹۷۸- "حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیٰی قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰی مَالِكٍ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَطْلُ الْغَنِیِّ ظُلْمٌ، وَإِذَا اُتْبِعَ اَحَدُکُمْ عَلٰی مَلِیٍّ فَلْیَتْبَعْ۔" (ص:۱۸ سطر:۱۸)

قولہ: "مَطْلُ الْغَنِیِّ ظُلْمٌ .... الخ" (ص:۱۸ سطر:۱۸)

یعنی مال دار کا ادائے دَین میں تأخیر کرنا ظلم ہے۔

---

(۱) یہ ساری تفصیل کسی ایک جگہ دستیاب نہیں، مندرجہ ذیل کتابوں سے خوشہ چینی کر کے طلبہ کے لئے یہاں جمع اور مرتب کی گئی ہے۔ ملاحظہ ہوں: حاشیۃ الذھنیؒ علی شرح مسلم ج:۲ ص:۳۰، ومجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۹۴ تا ۹۵، ولسان العرب ج:۱۳ ص:۴۶۸ تا ص:۴۶۹، واکمال المعلم للقاضی عیاضؒ ج:۸ ص:۵۱۰ تا ۵۱۱، واکمالُ اکمال المعلم للأبیؒ ج:۷ ص:۳۰۸ تا ۳۰۹، والکوکب الوھاج شرح مسلم للشیخ محمد امین الھَرری الشافعیؒ ج:۲۶ ص:۴۶۴۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۸ وتکملۃ فتح الملھم ج:۱ ص:۳۲۲۔

(۳) تکملۃ فتح الملھم ج:۱ ص:۳۲۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "أُتْبِعَ" (ص:۱۸ سطر:۱۸)

باب افعال سے صیغہ واحد غائب مجہول ہے، اور اِتباع کے معنی حوالہ کرنے کے ہیں، اور لفظ "فَلْيَتْبَعْ" باب سمع سے تبع يَتْبَعُ تَبَاعَةً امر غائب ہے، بمعنی مطالبہ کرنا، اور حوالہ قبول کرنا۔

قوله: "مليّ" (ص:۱۸ سطر:۱۸)

اصل میں "مَلِيئ" (مہموز) تھا، ہمزہ کو یا سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کیا گیا ہے، بمعنی مال دار۔ کہا جاتا ہے "مَلُؤَ الرجل" (بابِ کَرُم سے) اذا صار غنيًّا فهو مَليئٌ" اور مطلب اس جملے کا یہ ہے کہ جب تم میں سے کسی کے دَین کا حوالہ کسی مال دار پر کیا جائے تو اسے چاہئے کہ وہ یہ حوالہ قبول کر لے۔

حوالہ کی تعریف الدرُ المختار[1] میں یہ کی گئی ہے کہ: هي لغةً النقل، وشرعًا نقل الدَّين مِنْ ذمة المحيل إلى ذمّة المحتال عليه ... (إلى قوله)... المديون مُحيل، والدَّائِن محتال ... (إلى قوله)... ومن يقبلها محتالٌ عليه، والمالُ مُحالٌ به۔

غنی پر حوالہ قبول کرنے کا اَمر حنفیہ اور جمہور فقہاء کے نزدیک استحبابی ہے،[2] اور امام احمدؒ کے نزدیک اَمر وجوبی ہے، کذا فی التکملة۔[3] چنانچہ محتال (دائن) کا قبول کرنا حوالے کی صحت کے لئے حنابلہ کے نزدیک شرط نہیں، یعنی دائن پر واجب ہے کہ وہ اس حوالے کو قبول کر لے بشرطیکہ محتال علیہ ادائے دَین پر قادر ہو،[4] جمہور فقہاء (جن میں مالکیہ و شافعیہ اور حنفیہ بھی ہیں) ان کے نزدیک محتال (دائن) کی رضا مندی شرط ہے، جمہور کی نقلی دلیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ

---

(۱) الدر المختار، کتاب الحوالة ج:۸ ص:۵، ۲ (طبع رشیدیہ کوئٹہ)۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۸، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۴۵، والمعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۱۸۸، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۲۳۴۔

(۳) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۲۳، والمغني لابن قدامةؒ ج:۵ ص:۶۰ كتاب الحوالة والضمان، باب وجوب قبول الحوالة اذا كانت على الملئ۔

(۴) المغني لابن قدامةؒ ج:۵ ص:۶۰ كتاب الحوالة والضمان، باب وجوب قبول الحوالة اذا كانت على الملئ، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۲۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ارشاد ہے کہ: علی الید ما اخذت حتی تؤدی (رواہ ابوداؤد[۱] والترمذی[۲] وابن ماجۃ[۳] والحاکم[۴] عن سمرۃ بن جندب) جس کا حاصل یہ ہے کہ مدیون جب تک دین ادا نہ کردے وہ اس کی ادائیگی سے بری الذمہ نہیں ہوسکتا، پس لازم ہوا کہ حوالہ دائن کی رضامندی کے بغیر صحیح نہ ہو، اسی لئے جمہور نے حدیثِ باب کے امر کو استحباب پر محمول کیا ہے۔

جمہور کی عقلی دلیل صاحبِ ہدایہ اور علامہ ابن الہمامؒ نے یہ بیان کی ہے کہ دین دائن کا حق ہے، اور مدیون طرح طرح کے ہوتے ہیں، بعض مال دار ہونے کے باوجود ٹال مٹول کرتے رہتے ہیں، اور جھگڑالو اور ضدی ہوتے ہیں جن سے دَین وصول کرنا سخت مشکل ہوتا ہے،[۵] تو ہوسکتا ہے کہ محتال علیہ ایسا ہی ضدی ہو، اور اس سے دین وصول کرنا مشکل ہوجائے، لہٰذا دائن کے حق کی حفاظت کی خاطر اُس کی رضامندی ضروری ہے۔

اور دُوسری وجہ یہ ہے کہ اگر دائن کو قبولِ حوالہ پر مجبور کیا جائے گا تو لازم آئے گا کہ جب محتال علیہ یہ دین کسی اور شخص پر حوالہ کردے تو دائن کو اسے بھی قبول کرنے پر مجبور کیا جائے، پھر یہ دُوسرا محتال علیہ بھی اگر کسی تیسرے پر حوالہ کردے تو اسے بھی قبول کرنا پڑے، پھر آگے بھی یہ سلسلہ اسی طرح چلتا رہے، ظاہر ہے کہ اس میں دائن کا ضرر ہی ضرر ہے۔

اور حنفیہ کے نزدیک محتال علیہ کی رضامندی بھی صحتِ حوالہ کے لئے شرط ہے، کیونکہ ہوسکتا ہے کہ مُحتال علیہ کو محتال (دائن) کا مدیون بن جانے میں اُس کی سخت مزاجی وغیرہ کے باعث مشکلات ہوں۔ مالکیہ و حنابلہ کے نزدیک شرط نہیں، سوائے اس صورت کے کہ محتال (دائن) اُس (محتال علیہ) کا دُشمن ہو۔ اور امام شافعیؒ کے دو قول ہیں، ایک حنفیہ کے مطابق، اور دُوسرا مالکیہ اور حنابلہ کے مطابق۔[۶]

---

(۱) سنن ابی داؤد ج:۲ ص:۵۰۱ رقم الحدیث: ۳۵۶۱ باب فی تضمین العاریۃ۔

(۲) جامع الترمذی ج:۱ ص:۳۷۱ رقم الحدیث: ۱۲۶۶ باب ما جاء فی أن العاریۃ مؤداۃٌ أبواب البیوع۔

(۳) سنن ابن ماجۃ ج:۲ ص:۱۷۳ رقم الحدیث: ۲۴۰۰ باب العاریۃ۔

(۴) المستدرك للحاکم ج:۲ ص:۵۵ کتاب البیوع رقم الحدیث: ۲۳۰۲۔

(۵) فتح القدیر کتاب الحوالۃ ج:۷ ص:۲۳۸۔

(۶) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: المعلم ج:۲ ص:۱۸۸، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۲۳۴، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۱۱۱ کتاب الحوالات، باب فی الحوالۃ وھل یرجع فی الحوالۃ، والحاوی الکبیر ج:۲ ص:۴۱۸ کتاب الحوالۃ، وحاشیۃ الدسوقی ج:۳ ص:۳۲۵ باب الحوالۃ والھندیۃ ج:۳ ص:۲۹۶ کتاب الحوالۃ مطلب احکام الحوالۃ، وفتح القدیر ج:۷ ص:۲۲۲، ۲۲۳ کتاب الحوالۃ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب تحریم بیع فضل الماء الذی یکون

بالفلاة .... إلخ (ص:۱۸)

۳۹۸۱- "حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ: اَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُوْلُ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ ضِرَابِ الْجَمَلِ وَعَنْ بَيْعِ الْمَاءِ وَالْاَرْضِ لِتُحْرَثَ فَعَنْ ذٰلِكَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔" (ص:۱۸ سطر:۲۱ تا ۲۳)

قوله: "وَعَنْ بَيْعِ الْمَاءِ وَالْاَرْضِ لِتُحْرَثَ" (ص:۱۸ سطر:۲۳)

"بیع الأرض لتحرث" کی نہی سے مراد زمین کو زراعت کے لئے کرایہ پر دینے کی ممانعت ہے، جس کی تفصیل "باب کراء الأرض" میں پیچھے آچکی ہے (نوویؒ)۔[1] اور "عن بیع الماء" سے مراد "عن بیعِ فضل الماء" ہے۔

۳۹۸۲- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، ح قَالَ: وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ، كِلَيْهِمَا[2] عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ الْكَلَأُ۔" (ص:۱۸ سطر:۲۳ و ۲۴)

۳۹۸۴- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ قَالَ: نَا اَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ اَنَّ هِلَالَ بْنَ اُسَامَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۸۔

(۲) قال الامام النوویؒ فی مقدمته: ج:۱ ص:۲۰

فصل: تکرر فی صحیح مسلم قوله "حدثنا فلان وفلان کلیهما عن فلان" هکذا یقع فی مواضع کثیرة فی اکثر الأصول کلیهما بالیاء، وهو مما یستشکل من جهة العربیة، وحقه ان یقال "کلاهما" بالألف، ولکن استعماله بالیاء صحیح وله وجهان، احدهما: ان یکون مرفوعًا تاکیدًا للمرفوعین قبله ولکنه کتب بالیاء لأجل الإمالة ویقرأ بالألف کما کتب الربا والربی بالألف والیاء ویقرأ بالألف لا غیر، والوجه الثانی ان یکون کلیهما منصوبًا ویقرأ بالیاء ویکون تقدیره "اعنیهما کلیهما"۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُبَاعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُبَاعَ بِهِ الْكَلَأُ۔" (ص:۱۹ سطر:۲ تا ۴)

اس باب کی مذکورہ بالا حدیثوں میں تین مسائل نئے آئے ہیں، ۱) بیع فضل الماء سے ممانعت، ۲) بیع الکلاء سے ممانعت، ۳) بیع ضراب الجمل سے ممانعت، یہاں تینوں مسئلوں کی تفصیل ضروری ہے۔

المسئلة الأولى في بيع الماء ومنعه عن الناس:

پانی کی چار قسمیں ہیں:-

۱- ماء البحار والأنهار العظام، كنهر السند، والنيل، والدجلة والفرات۔ پانی کی یہ قسم ہر طرح کی انفرادی ملکیت سے آزاد ہے، اس میں تمام انسان برابر کے حق دار ہیں، اس پانی کی بیع خواہ زراعت کے لئے ہو یا سقی الدواب کے لئے، یا شرب الناس کے لئے مطلقاً ناجائز ہے، اوراس کے پانی سے روکنے کا کسی کو حق نہیں۔[۱]

۲- وہ نہریں جو کھود کر انسانوں نے بنائی ہیں، اس قسم کا حکم بھی قسمِ اوّل کی طرح ہے، مگر اتنا فرق ہے کہ زراعت کے لئے اس سے پانی صرف وہی لوگ لے سکتے ہیں جن میں یہ نہر مشترک ہے،[۲] یعنی جنھوں نے اسے بنایا، یا بنوایا ہو۔[۳] ان کی اجازت کے بغیر کسی کو اپنا باغ یا زمین سیراب کرنا جائز نہیں، اوراگر یہ نہر حکومت نے اپنے خرچ پر بنوائی ہے تو یہ سب اختیارات حکومت کے ہوں گے۔

۳- وہ پانی جو کسی کی مملوکہ زمین میں جداول، حیاض یا آبار کی صورت میں ہو، اس سے زراعت کا حق صرف مالک کو ہے، کسی اور کو اس کی اجازت کے بغیر اس پانی سے اپنی زمین سیراب کرنا جائز نہیں، البتہ سقی الدواب اور شرب الناس میں سب برابر ہیں، اور مالکِ ارض کو جائز نہیں کہ لوگوں کو پانی پینے یا جانوروں کو پلانے سے منع کرے یا اس کی قیمت لے، احادیثِ باب میں "بیع فضل الماء" کی نہی اسی قسم سے متعلق ہے، کیونکہ فضل الماء سے مراد وہ پانی ہے جو ضرورت سے

---

(۱) تكملة البحر الرائق ج:۸ ص:۳۹۱، ۳۹۲ كتاب إحياء الموات، وانوار المحمود ج:۲ ص:۳۳۳ كتاب البيوع، باب منع الماء وفيه مسائل، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۳۱۔

(۲) جو نہر حکومت نے بنائی ہو وہ حکومت کی ملک ہے، اس سے زراعت کے لئے پانی وہی لے سکتا ہے جس کو حکومت نے اجازت دی ہو۔(رفیع)

(۳) تكملة البحر الرائق ج:۸ ص:۳۹۱، ۳۹۲ كتاب إحياء الموات، وانوار المحمود ج:۲ ص:۳۳۳ كتاب البيوع، باب منع الماء وفيه مسائل، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۳۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

زائد ہو، اور اس قسم کے پانی کی جو مقدار انسان یا جانور پیتے ہیں، وہ عادةً ضرورت سے زائد ہی ہوتی ہے، لہٰذا اس کی بیع جائز نہیں، وھذا بالا تفاق۔[1]

البتہ اس میں بھی یہ تفصیل ہے جو "شرح کنز" میں علامہ زیلعیؒ[2] نے ذکر کی ہے کہ: اگر جانوروں کی آمد و رفت سے حوض وغیرہ کے کنارے منہدم ہو جانے کا قوی اندیشہ ہو، یا پانی کم اور جانور اتنے زیادہ ہوں کہ اگر ان کو پلانے کی اجازت دی جائے تو صاحبِ ارض کی ضرورت پوری نہ ہو سکے، تو ایسی صورت میں اس قسم کے پانی سے روکنا بھی جائز ہے، اور اس کا جواز حدیث کے لفظ "فضل الماء" سے ماخوذ ہے۔[3] حاصل یہ کہ احادیثِ باب میں نہی کا تعلق اسی قسم سے ہے، اور باب کی دُوسری حدیث "وعن بیع الماء" (ص:۱۸ سطر:۲۲) میں مطلق مذکور ہے فضل کی قید کے بغیر، مگر بالاتفاق مطلق کو مقید پر محمول کیا گیا ہے، کیونکہ جب مطلق اور مقید دونوں حادثہ واحدہ میں آئیں تو حنفیہ کے نزدیک بھی مطلق کو مقید پر محمول کیا جاتا ہے کما حققہ ابن الھمامؒ۔

۴- وہ پانی جو کسی نے اپنے برتن یا اپنی ٹنکی وغیرہ میں بھر لیا ہو، اس قسم کی بیع بالاتفاق جائز ہے، اور یہ انفرادی ملکیت سے آزاد نہیں، چنانچہ اس کا مالک لوگوں کو اور جانوروں کو بالاجماع پینے سے روک سکتا ہے۔[4] "الا ان یکون طالبه مضطرًا الیه، فیجوز للطالب شربه من غیر اذنه حتّٰی لو منعه المالک جاز للطالب قتاله لأخذه بقدر الضرورة، أما الزائد علی الضرورة فیحرم علیه بغیر اذن المالک"۔[5]

---

(۱) فتح الباری ج:۵ ص:۳۲ کتاب المساقاة، وانوار المحمود ج:۲ ص:۳۳۴ کتاب البیوع، باب منع الماء وفیه مسائل، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۳۱۔

(۲) تبیین الحقائق ج:۴ ص:۳۷۱، ۳۷۲ باب البیع الفاسد، وانوار المحمود ج:۲ ص:۳۳۳، ۳۳۴ کتاب البیوع، باب منع الماء۔

(۳) کیونکہ "فضل" کی قید مالک کو ضرر سے بچانے کے لئے ہے، پس معلوم ہوا کہ یہ حکم معلول بعلة عدم الضرر ہے۔ (رفیع)

(۴) تکملة البحر الرائق ج:۸ ص:۳۹۳، ۳۹۴ کتاب احیاء الموات، ج:۶ ص:۱۲۷ کتاب البیع، باب البیع الفاسد، وانوار المحمود ج:۲ ص:۳۳۳، ۳۳۴ کتاب البیوع، باب منع الماء۔

(۵) یہ ساری تفصیل الکوکب الدری (ج:۲ ص:۳۱۹، ۳۲۰)، اور شرح الکنز للزیلعیؒ (ج:۴ ص:۳۷۱، ۳۷۲ کتاب البیوع، باب البیع الفاسد) سے ماخوذ ہے۔ (رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

المسئلة الثانية في الكلاء:

قوله: "لَا يُبَاعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُبَاعَ بِهِ الْكَلَأُ" (ص:۱۹ سطر:۴)

یعنی بیع فضل الماء کو بیع الکلاء کا حیلہ نہ بنایا جائے، یعنی اگر جانوروں کو اس پانی کے پینے سے روکا جائے گا یا اس کی قیمت وصول کی جائے گی تو لوگ اپنے جانور اس جگہ کے آس پاس چرا بھی نہ سکیں گے، کیونکہ چرنے کے بعد جانوروں کو پانی نہ ملے تو ان کی ہلاکت کا اندیشہ ہوتا ہے، لہٰذا مجبوراً وہ پانی مالکِ ارض سے خریدیں گے تو یہ ایسا ہوگا کہ گویا مالکِ ارض نے گھاس کو بیچا ہے اور پانی کی فروخت محض حیلے کے طور پر تھی، حالانکہ خودرو گھاس کو بھی بیچنا جائز نہیں[1]، جس کی تفصیل یہ ہے کہ:-

گھاس کی تین قسمیں ہیں:

۱- ایک وہ گھاس جو غیر مملوکہ ارضِ مباحہ میں خود بخود نکل آئی ہو، یہ انفرادی ملکیت سے بالکل آزاد ہے، ہر ایک کو اس میں اپنے جانور چَرانے کا حق ہے، اور جو اسے کاٹ لے وہ اس کا مالک ہو جائے گا، اس کا حکم وہی ہے جو پانی کی قسمِ اوّل کا ہے۔

۲- دُوسری قسم وہ گھاس جو کسی کی ارضِ مملوکہ میں خود بخود نکل آئی ہو، اس کا حکم یہ ہے کہ اس کے کاٹنے سے صاحبِ ارض کسی کو نہیں روک سکتا، البتہ اپنی زمین میں دُوسرے کو داخل ہونے سے روک سکتا ہے، مگر منع عن الدخول کی صورت میں اس سے کہا جائے گا کہ یا ہمیں اندر آ کر کاٹنے کی اجازت دو یا خود کاٹ کر ہمیں دے دو، مالکِ ارض کو لازم ہوگا کہ ان دو صورتوں میں سے کوئی اختیار کرے، احادیثِ باب میں جس کلاء کی بیع کی ممانعت ہے وہ قسمِ اوّل و دوم ہے۔

۳- تیسری قسم وہ گھاس ہے جو کسی نے اپنی زمین میں کوشش کر کے اُگائی ہو، اس کا حکم وہی ہے جو پانی کی قسمِ چہارم کا ہے کہ یہ صاحبِ ارض کی انفرادی ملکیت ہے، اس کی بیع اور اس سے لوگوں اور جانوروں کو روکنا جائز ہے۔[2]

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۹، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۴۸، وعمدة القاری ج:۱۲ ص:۱۹۴ کتاب المساقاة، باب من قال ان صاحب الماء احق بالماء حتی یروی، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۳۱، والمعلم للمازریؒ ج:۲ ص:۱۹۰۔

(۲) حاشیة الکوکب الدری ج:۲ ص:۳۲۰، ۳۲۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

المسئلة الثالثة ضراب الجمل:

باب ہٰذا کا تیسرا مسئلہ ضِرابُ الجمل ہے، ضِراب سے مراد جفتی ہے، یعنی نر کو مادہ پر چڑھانا تاکہ وہ حاملہ ہو جائے،[۱] اس کی اُجرت میں علماء کا اختلاف ہے، امام ابوحنیفہؒ، امام شافعیؒ اور جمہور کے نزدیک یہ اجارہ باطل اور حرام ہے، لأحادیث الباب، ولأنه عوض عن الماء المهين وهو مجهول القدر وغير مقدور التسليم۔ اور امام مالکؒ اور بعض صحابہؓ و تابعینؒ نے اس اجارہ کو جائز کہا ہے بشرطیکہ مدّتِ معلومہ یا ضراباتِ معلومہ کے لئے ہو، وحملوا النهي على التنزيه والحث على مكارم الاخلاق۔[۲]

باب تحريم ثمن الكلب .... إلخ (ص:۱۹)

۳۹۸۵- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ" (ص:۱۹ سطر:۴تا۶)

قوله: "نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ" (ص:۱۹ سطر:۵،۶)

بَغِيّ (بفتح الباء الموحدة، وكسر الغين المعجمة، وتشديد الياء المثناة، كالقَوِيّ) زانیہ کو کہتے ہیں، اور یہاں مہر سے مراد اُجرتِ زنا ہے مجازاً،[۳] زنا کی طرح اُجرتِ زنا بھی بالاجماع حرام ہے، اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔ اور کاهن سے مراد وہ شخص ہے جو علمِ غیب کا مدعی ہو، اور مستقبل کے واقعات کی پیش گوئیاں کرتا ہو۔ اور "حُلوان" مٹھائی کو کہتے ہیں، پھر کاہن کی فیس

---

(۱) النهاية لابن الأثيرؒ ج:۳ ص:۷۹، ومجمع بحار الأنوار ج:۳ ص:۳۹۷۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۹، والمعلم للمازريؒ ج:۲ ص:۱۸۹، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۲۷، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۳۱، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۲۳۶، ۲۳۷، ومرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۱۶ كتاب البيوع، باب الكسب وطلب الحلال۔

(۳) غريب الحديث للخطابيؒ ج:۲ ص:۱۲، ومجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۲۰۷، والمعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۱۸۹، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۴۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کو مطلقاً حُلوان کہا جانے لگا،[۱] یا تو اس لئے کہ یہ بغیر مشقت کے حاصل ہوتی ہے، جیسا کہ مٹھائی جب تقسیم ہو تو آسانی سے مل جاتی ہے، یا اس لئے کہ ہو سکتا ہے کہ اس زمانے میں کاہن اپنی فیس مٹھائی کی صورت میں وصول کرتے ہوں، جیسا کہ آج کل بھی جادو وغیرہ کرنے والے مٹھائی لیتے ہیں۔ کاہن کا فعل بھی حرام ہے، اور اس کی تصدیق کرنا بھی حرام، اور اس کی اُجرت بھی حرام ہے، وھذا بالاجماع ایضاً،[۲] اور جو حکم کاہن کا ہے وہی عَرّاف اور مُنَجّم کا ہے، عرّاف وہ شخص ہے جو عملیات وغیرہ کے ذریعہ گم شدہ یا مسروقہ مال کا پتہ بتاتا ہو، اور منجّم وہ شخص ہے جو نجوم کی مختلف ہیئات سے استدلال کر کے آئندہ کے مخفی اَحوال یقین کے ساتھ بتانے کا مدعی ہو۔[۳]

ثمن الکلب: اس مسئلہ میں اختلاف ہے، امام شافعیؒ و امام احمدؒ کے نزدیک بیع الکلب باطل ہے اور اس کا ثمن حرام ہے، خواہ وہ کلب صید وزرع وماشیہ ہو یا نہ ہو، وسواءٌ کان معلَّمًا او لا، وبہ قال داوٗد وابن المنذر، ان کا استدلال احادیثِ باب سے ہے، ہمارے نزدیک کلب منتفع بہ کی بیع اور اس کا ثمن جائز ہے،[۴] حتیٰ کہ ایسا کلبِ عقور جو تعلیم کو قبول کرتا ہو اس کی بیع اور ثمن بھی حلال ہے، اور ایسا کلبِ عقور جو قابلِ تعلیم نہ ہو اس کے بارے میں قولِ صحیح فی المذہب عدمِ جواز کا ہے، اگرچہ ایک ضعیف قول جواز کا بھی ہے، کذا ذکرہ ابن الھمام فی فتح القدیر۔[۵]

---

(۱) النھایۃ لابن الأثیرؒ ج:۱ ص:۴۳۵، والفائق فی غریب الحدیث ج:۱ ص:۳۰۴، والمعلم ج:۲ ص:۱۹۱، ۱۹۲۔

(۲) عمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۶۰ کتاب البیوع، باب ثمن الکلب، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۹۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۹، والنھایۃ لابن الأثیرؒ ج:۴ ص:۲۱۴، ۲۱۵، ومجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۵۵۳، والمعلم بفوائد مسلم للمازریؒ ج:۲ ص:۱۸۹، والمفھم للقرطبیؒ ج:۴ ص:۴۴۶، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۵۸ کتاب البیوع، باب ثمن الکلب، ومرقاۃ المفاتیح ج:۶ ص:۱۷ کتاب البیوع، باب الکسب وطلب الحلال، الفصل الأول۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۹، ۲۰، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۵۸، ۵۹ کتاب البیوع، باب ثمن الکلب، وتکملۃ فتح الملھم ج:۱ ص:۳۳۴۔

(۵) فتح القدیر ج:۶ ص:۲۴۶، ۲۴۷ کتاب البیوع، مسائل منثورۃ، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۵۹ کتاب البیوع، باب ثمن الکلب۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امام مالکؒ کی تین روایات ہیں، ایک کمذهب الشافعي، دُوسری کمذهبنا، اور تیسری یہ ہے کہ بیع اور ثمن تو جائز نہیں، لیکن اس کے مُتلِف پر قیمت واجب ہوگی۔ (۱)

دلائل الحنفية

۱- عن أبي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهٰى عن ثمن الكلب الا كلب الصيد، رواه الترمذي وضعّفه۔ (۲)

۲- قال الامام الترمذي: وروى أيضًا عن جابر مرفوعًا ولا يصح اسناده۔ (۳)

۳- روى أبوحنيفة في مسنده (۴) عن الهيثم عن عكرمة عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: رخّص رسول الله صلى الله عليه وسلم في ثمن كلب الصيد۔ وهٰذا سند جيد، فان الهيثم ذكره ابن حبان في الثقات من اثبات التابعين، فهٰذا الحديث على رأيهم يصلح مخصّصا لأحاديث الباب۔ فتح القدير۔ (۵)

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۹، ۲۰، وإكمال إكمال المعلم مع شرحه مكمل إكمال الإكمال ج:۴ ص:۲۴۸، ۲۴۹، ومرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۱۲، ۱۷ كتاب البيوع، باب الكسب وطلب الحلال، الفصل الأول۔

(۲) جامع الترمذي، ابواب البيوع، باب ما جاء في كراهية ثمن الكلب والسنور، رقم الحديث: ۱۲۸۴، وأخرجه البيهقي عن أبي هريرة وعن جابر رضي الله عنهما بالفاظ متقاربة، السنن الكبرىٰ ج:۶ ص:۶۔

(۳) رواه النسائي في كتاب الصيد من سننه، وقال: ليس هو بصحيح۔ ولم يذكر وجهه، لٰكن شيخنا ظفر أحمد العثماني جزم بصحته، وأتى بكلام فيه مقنع لكل منصف، فالحديث مرفوع صحيح، راجع للتفصيل اعلاء السنن۔ (ج:۱۴ ص:۲۲۴ كتاب البيوع، باب جواز بيع الكلب)۔ (رفيع)

(۴) جامع المسانيد ج:۲ ص:۱۰ الباب التاسع في البيوع، الفصل الثاني في العقود المنهي عنها .... إلخ۔

(۵) فتح القدير ج:۶ ص:۲۴۶، ۲۴۷ كتاب البيوع، مسائل منثورة، السنن الكبرىٰ للبيهقيؒ کے حاشیہ الجوهر النقي لابن التركمانيؒ (المتوفی ۸۴۵ھ) میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی گئی ہے کہ: "ان النبي صلى الله عليه وسلم نهٰى عن ثمن السنور والكلب الّا كلب صيد۔" اور اس کے بعد فرمایا کہ: "وهذا سند جيد فظهر أن الحديث بهٰذا الاستثناء صحيح والاستثناء زيادة على احاديث النهي عن ثمن الكلب فوجب قبولها۔" مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: الجوهر النقي علىٰ هامش السنن الكبرىٰ ج:۲ ص:۶، ۷ كتاب البيوع، باب النهي عن ثمن الكلب۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اگر اِشکال کیا جائے کہ تخصیص کے لئے کلام کا موصول ہونا ضروری ہے، اور حدیث ابنِ عباسؓ احادیثِ باب کے ساتھ موصول نہیں۔

تو جواب یہ ہے کہ ہم احادیثِ باب کے عام کو مخصوص منه البعض نہیں کہتے، بلکہ العام المراد منه البعض کہتے ہیں۔ یعنی یہ کہ احادیثِ باب سے مراد کلب صید وما فی معناہ کے علاوہ باقی اقسام کلب ہیں، یعنی الکلابَ الغیر المنتفع بھا۔ اور دلیل یہی مسند ابی حنیفہ کی روایت ہے۔

اگر سوال کیا جائے کہ اس حدیث سے تو صرف کلبِ صید کی بیع کا جواز ثابت ہوا، کلبِ زرع اور ماشیہ اور کلبِ عقور جو کہ قابلِ تعلیم ہو اس کی بیع کا جواز اس حدیث سے بھی ثابت نہیں ہوتا۔

جواب یہ ہے کہ حدیث میں کلبِ صید کی رُخصت معلل بالعلّة ہے، "وھی کونہ منتفعًا به، وکلب زرع وماشية والکلب العقور الذی یقبل التعلیم مما ینتفع به، فجاز بیعه۔" (کذا حققه ابن الھمام فی فتح القدیر)۔[1]

۴- حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے: "عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم انه قضٰی فی کلب صید قتله رجل بأربعین درھما، وقضٰی فی کلب ماشية بکبش۔" (طحاوی و بیہقی)۔[2] لیکن یہ روایت مرفوعاً ثابت نہیں، بلکہ ابنِ عمروؓ پر موقوف ہے، یعنی ان کا فتویٰ ہے، اور صحابیؓ کا فتویٰ جو کہ مدرک بالقیاس ہو حجتِ مستقلّہ نہیں، البتہ تیسری حدیث کے لئے مؤید ضرور بن سکتا ہے۔[3]

اور احادیث الباب کے تین جواب دیئے گئے ہیں:

۱- ایک وہی جو ہمارے دلائل کے ضمن میں پیچھے گزرا، یعنی "الکلب" سے کلب غیر منتفع به مراد ہے، اس کا حاصل ناچیز کے فہم میں یہ آتا ہے کہ احادیثِ باب میں "الکلب" جو مطلق ہے اس سے مراد مقید ہے، یعنی "الکلب الغیر المنتفع به" اور یہ قید حضرت جابر اور حضرت

(۱) فتح القدیر، کتاب البیوع، مسائل منثورہ ج:۶ ص:۲۴۷۔

(۲) شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۲۱۱ کتاب البیوع، باب ثمن الکلب، والسنن الکبریٰ للبیھقیؒ ج:۶ ص:۸ باب النھی عن ثمن الکلب۔

(۳) فتح القدیر، کتاب البیوع، مسائل منثورہ ج:۶ ص:۲۴۷ والبنایة ج:۷ ص:۱۱۳ کتاب البیوع، مسائل منثورہ، اس جواب کی مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: عمدة القاری ج:۱۲ ص:۵۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایتوں سے ثابت ہے اور حادثہ واحدہ میں جب روایات مطلق اور مقید آئیں تو مطلق کو حنفیہ کے نزدیک بھی مقید پر محمول کیا جاتا ہے، کما حققه ابن الهمامؒ۔ (۱)

۲- دُوسرا جواب یہ ہے کہ نہی تنزیہی ہے، تاکہ لوگ ایثار سے کام لیتے ہوئے دُوسروں کو اپنا کلب بلاقیمت دے دیا کریں، چنانچہ ثمن السِّنَّور کے بارے میں جو حدیث آگے آرہی ہے، ائمہ اربعہ کی طرف سے اس کا یہی جواب دیا گیا ہے۔ (۲)

۳- اور تیسرا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ یہ نہی علی الاطلاق ابتدائے اسلام کا واقعہ ہو، جبکہ قتلِ کلب کا حکم مطلقاً دیا گیا تھا، اور بعد میں منسوخ ہوگیا، جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے، اور قتل کے نسخ کے ساتھ ساتھ نہی عن البیع بھی منسوخ ہوگئی ہوگی اُن احادیث سے جو ہم نے پیچھے جواز کی ذکر کی ہیں، ذکرہ ابن الهمام فی فتح القدیر۔ (۳)

۳۹۸۹- "حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: أَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ قَارِظٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيثٌ وَمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيثٌ وَكَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيثٌ۔" (ص:۱۹ سطر:۹ تا ۱۱)

قوله: "وَكَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيثٌ" (ص:۱۹ سطر:۱۱) لیکن کسب الحجام ائمہ اربعہؒ کے نزدیک حلال ہے مفصل بحث آگے مستقل باب میں آرہی ہے۔

مسئلة السنّور

۳۹۹۱- "حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ قَالَ: نَا مَعْقِلٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ قَالَ: سَأَلْتُ جَابِرًا عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ؟ فَقَالَ: زَجَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ۔" (ص:۲۰ سطر:۱، ۲)

قوله: "قَالَ: سَأَلْتُ جَابِرًا عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ؟ قَالَ: زَجَرَ النَّبِيُّ صَلَّى

(۱) فتح القدیر، کتاب البیوع، مسائل منثورہ ج:۶ ص:۲۴۷۔

(۲) مرقاۃ المفاتیح ج:۶ ص:۲۰ کتاب البیوع، باب الکسب وطلب الحلال، الفصل الأول۔

(۳) فتح القدیر ج:۶ ص:۲۴۶، ۲۴۷ کتاب البیوع، مسائل منثورہ، والبنایة شرح الهدایة ج:۷ ص:۱۱۴ کتاب البیوع، مسائل منثورہ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ۔" (ص:۲۰ سطر:۱)

ائمہ اربعہ کے نزدیک بیع السنور وثمنہ حلال ہے، بشرط کونہ منتفعًا بہ والا فلا یجوز بیعہ، ولا یحل ثمنہ، اور احادیث النھی عن ثمن السنّور کو ائمہ اربعہ نے تنزیہ پر محمول کیا ہے اور حکمتِ نہی تنزیہی یہ ہے کہ لوگ ایثار سے کام لیں اور حاجت مند کو بلا اُجرت دے دیا کریں، احادیثِ باب کا دُوسرا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ سنّور سے مراد غیر منتفع بہ ہے، یعنی متوحش ہو اور بائع کو قدرت علی التسلیم نہ ہو، یا یہ نھی اس وقت فرمائی ہوگی جب ابتدائے اسلام میں بلی کو نجس قرار دیا جاتا تھا، جب اس کی طہارت کا حکم ہوگیا تو بیع بھی جائز ہوگئی۔[۱]

باب الأمر بقتل الكلاب وبيان نسخه (ص:۲۰)

۳۹۹۴- "حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ: نَا بِشْرٌ -يَعْنِي ابْنَ الْمُفَضَّلِ- قَالَ: نَا إِسْمَعِيْلُ -وَهُوَ ابْنُ أُمَيَّةَ- عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ بِقَتْلِ الْكِلَابِ۔ فَنُتَبَّعَتْ فِي الْمَدِيْنَةِ وَأَطْرَافِهَا فَلَا نَدَعُ كَلْبًا إِلَّا قَتَلْنَاهُ۔ حَتّٰى إِنَّا لَنَقْتُلُ كَلْبَ الْمُرَيَّةِ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ، يَتْبَعُهَا۔"

(ص:۲۰ سطر:۳تا۵)

قولہ: "اَلْمُرَيَّةِ" (ص:۲۰ سطر:۵) تصغیر ہے المرأۃ کی۔

۳۹۹۹- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ أَوْ ضَارِيًا، نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ۔" (ص:۲۱ سطر:۱،۲)

قولہ: "ضَارِيًا" (ص:۲۱ سطر:۱)

ای کلبًا صائدًا، "ضراوۃ" کے معنی ہیں عادی ہونا، لہٰذا ضاری سے مراد وہ کتا ہے جو شکار کا عادی ہو، اور بعض نسخوں میں "ضاريًا" کے بجائے "ضارٍ" آیا ہے، جس کی تقدیر عبارت

(۱) مرقاۃ المفاتیح ج:۲ ص:۲۰ کتاب البیوع، باب الکسب وطلب الحلال، الفصل الأول، وتکملۃ فتح الملھم ج:۱ ص:۳۳۹، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۵۱، ۲۵۲، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۰، وبذل المجھود ج:۱۵ ص:۱۵۷، ۱۵۸ کتاب البیوع، باب فی اثمان الکلب۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"کَلْبَ ضارٍ" ہے، اس صورت میں یہ اضافة الموصوف إلى الصفة کے قبیل سے ہوگا، کماء البارد ومسجد الجامع (نوویؒ)[۱]۔ اور بعض نسخوں میں "ضارٍ" کے بجائے "کَلْبَ ضاری" آیا ہے، یعنی یاء کے ساتھ، جو لغتِ مشہورہ کے خلاف ہے مگر بعض لغات میں جائز ہے (نوویؒ)[۲]۔

۴۰۰۱- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى: أَنَا، وَقَالَ الآخَرُوْنَ: نَا إِسْمَاعِيْلُ -وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ- عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ دِيْنَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ ضَارِيَةٍ أَوْ مَاشِيَةٍ نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ۔" (ص:۲۱ سطر:۴،۳)

قوله: "كَلْبَ ضَارِيَةٍ" (ص:۲۱ سطر:۴)

ای کَلْبَ کلابٍ ضاريةٍ۔ یعنی شکاری کتوں میں کا ایک کتا۔

باب حِلّ أجرة الحِجامة (ص:۲۲)

۴۰۱۴- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ وَقُتَيْبَةُ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالُوْا: نَا إِسْمَاعِيْلُ -يَعْنُوْنَ ابْنَ جَعْفَرٍ- عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سُئِلَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ؟ فَقَالَ: احْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -حَجَمَهُ أَبُوْ طَيْبَةَ- فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعَيْنِ مِنْ طَعَامٍ۔ وَكَلَّمَ أَهْلَهُ فَوَضَعُوْا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهِ۔ وَقَالَ: إِنَّ أَفْضَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ۔ أَوْ هُوَ مِنْ أَمْثَلِ دَوَائِكُمْ۔" (ص:۲۲ سطر:۱،۲)

قوله: "حَجَمَهُ أَبُوْ طَيْبَةَ۔ فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعَيْنِ مِنْ طَعَامٍ" (ص:۲۲ سطر:۲)

جمہور اور ائمہ اربعہ کے نزدیک حجامت کی اُجرت حلال ہے، اور یہ پیشہ بھی حلال ہے، دلیل یہی حدیث ہے، البتہ امام احمدؒ کی دو روایتیں ہیں، ایک جمہور کے موافق، اور دُوسری یہ کہ غلام کے لئے یہ پیشہ اور اس کا کسب حلال ہے، آزاد کے لئے نہیں[۳]۔ پچھلے سے پچھلے باب میں جو حدیث گزری ہے

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۱۔

(۲) حوالۂ بالا۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۰، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۵۱، ومکمل إکمال الإکمال ج:۴ ص:۲۵۱، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۴۶،۳۴۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "وکسب الحجام خبیث" (ص:۱۹ سطر:۴) اس کو امام احمدؒ حُر پر محمول کرتے ہیں، اور ابوطیبہ کے واقعۂ ہٰذا کو عبد پر، اس لئے کہ ابوطیبہ عبد تھے۔

اور جمہور "کسب الحجام خبیث" کو نہیٔ تنزیہی پر محمول کرتے ہیں، کیونکہ یہ پیشہ نجاست سے تلوّث کا ہے جو مسلمان کے شایانِ شان نہیں، یا اس وجہ سے کہ مسلمان کے شایانِ شان یہ ہے کہ وہ حاجت مند کی یہ خدمت بلا معاوضہ انجام دیدے، اور نہیٔ تنزیہی اباحت کے منافی نہیں، لہٰذا دونوں حدیثوں میں کوئی تعارض نہیں۔ (۱)

اور یہ فرق کرنا کہ اُجرتِ حجامت عبد کے لئے حلال ہے، حُر کے لئے نہیں، شریعت میں اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی، جو مال حُر کے لئے حرام ہے، عبد کے لئے بھی حرام ہے۔ پھر جو اُجرت غلام کمائے گا اس کا مالک بھی تو سیّد ہی ہوگا، جب سیّد کو اس کا مالک بننا جائز ہوا تو وہ حرام کہاں رہی؟ لہٰذا یہاں "خبیث" کے معنی "حرام" نہیں ہو سکتے، بلکہ مراد اس کی حقارت اور دناءت بیان کرنا ہے، (۲) کقوله تعالٰی: "وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ إِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ" (۳)۔ ای الدون فالنهي بمعنى التنزيه۔

قوله: "وَكَلَّمَ اَهْلَهٗ فَوَضَعُوْا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهٖ" (ص:۲۲ سطر:۲)

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس غلام کے مالکان سے سفارش کی تو انہوں نے اس کے خراج میں کمی کردی، یہاں خراج سے مراد یہ ہے کہ مالک اپنے غلام سے کہتا ہے کہ تو روزانہ اپنا مال مثلاً ایک درہم کما کر مجھے دیا کر، اس سے زیادہ جتنا کمائے گا وہ سب تیرا، تو یہ درہم اُس کا خراج ہوا، اسی کو آگے کی ایک روایت میں "ضَرِيْبَة" فرمایا گیا ہے (نوویؒ)۔ (۴)

۴۰۱۵- "حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ قَالَ: نَا مَرْوَانُ -يَعْنِي الْفَزَارِيَّ- عَنْ

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۲۰، والمعلم للمازريؒ ج:۲ ص:۱۹۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۵۱، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۵۴۳، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۲۷، ۲۲۸ كتاب الاجارات، باب الجعل على الحجامة الخ۔

(۲) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۴۵۔

(۳) البقرة:۲۶۷۔

(۴) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۲۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حُمَيْدٍ قَالَ: سُئِلَ اَنَسٌ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ؟ فَذَكَرَ بِمِثْلِهٖ۔ غَيْرَ اَنَّهٗ قَالَ: اِنَّ اَفْضَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الحِجَامَةُ وَالْقُسْطُ الْبَحْرِيُّ فَلَا تُعَذِّبُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالْغَمْزِ۔"

(ص:۲۲ سطر:۳،۴)

قوله: "وَالْقُسْطُ الْبَحْرِيُّ" (ص:۲۲ سطر:۳و۴)

اسے "کُسْت" بھی کہا جاتا ہے، اس کی دو قسمیں ہیں ۱-البحری، ۲-الہندی، احادیث میں دونوں کی ترغیب دی گئی ہے، بحری کی یہاں مذکور ہے، یہ ایک نباتی دوا ہے جو حلق کی تکلیف میں استعمال کی جاتی ہے، علامہ نوویؒ نے اس کا دوسرا نام "العُودُ الهندی" بتایا ہے۔[1]

قوله: "فَلَا تُعَذِّبُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالْغَمْزِ" (ص:۲۲ سطر:۴)

عورتیں اپنے بچوں کا علاج ان کے حلق میں اُنگلی ڈال کر حلق کو دبا کر کرتی تھیں، اس سے منع کیا گیا۔

۴۰۱۶- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ قَالَ: نَا شَبَابَةُ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ: دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا لَنَا حَجَّامًا فَحَجَمَهٗ فَاَمَرَ لَهٗ بِصَاعٍ اَوْ مُدٍّ اَوْ مُدَّيْنِ، وَكَلَّمَ فِيْهِ فَخُفِّفَ عَنْ ضَرِيْبَتِهٖ۔"

(ص:۲۲ سطر:۴،۵)

قوله: "عَنْ ضَرِيْبَتِهٖ" (ص:۲۲ سطر:۵) اى عن خراجهٖ۔

باب تحريم بيع الخمر (ص:۲۲)

۴۰۱۹- "حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى اَبُوْ هَمَّامٍ، قَالَ: نَا سَعِيْدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ بِالْمَدِيْنَةِ قَالَ: "يَا اَيُّهَا النَّاسُ! اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُعَرِّضُ بِالْخَمْرِ۔ وَلَعَلَّ اللّٰهَ سَيُنْزِلُ فِيْهَا اَمْرًا۔ فَمَنْ كَانَ عِنْدَهٗ مِنْهَا شَيْءٌ فَلْيَبِعْهُ وَلْيَنْتَفِعْ بِهٖ"۔ قَالَ: فَمَا لَبِثْنَا اِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى حَرَّمَ الْخَمْرَ، فَمَنْ اَدْرَكَتْهُ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَعِنْدَهٗ مِنْهَا شَيْءٌ

(۱) شرح صحيح مسلم للنووی ج:۲ ص:۲۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَلَا يَشْرَبْ وَلَا يَبِعْ". قَالَ: فَاسْتَقْبَلَ النَّاسُ بِمَا كَانَ عِنْدَهُ مِنْهَا فِيْ طَرِيْقِ الْمَدِيْنَةِ، فَسَفَكُوْهَا." (ص:۲۲ سطر:۸ تا ۱۱)

خمر کی حقیقت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ ہے کہ: "الخمر هو النيّيءُ من ماء العنب إذا اشتدَّ وغلا وقذف بالزبَد" (الهداية)۔[۱] باقی اشربہ مُسکرہ، جن پر یہ تعریف صادق نہیں آتی، وہ "خمر" نہیں، اگرچہ مُسکر ہونے کی وجہ سے وہ بھی درجہ بدرجہ حرام و ناجائز اور مکروہ ہیں۔

اس مسئلے کی پوری تفصیل مع اختلافاتِ فقہاء اور اشربہ محرّمہ کی اقسام "كتاب الأشربة" میں بیان کی جائیں گی، اِن شاء اللہ۔

الکحل جو آج کل رائج ہے اس کا شرعی حکم

البتہ یہاں ایک مسئلہ، جس کا آج کل عمومِ بلویٰ ہے، سمجھ لیجئے۔ وہ یہ کہ آج کل ایلوپیتھی کی تقریباً تمام سیال دواؤں میں، اور ہومیوپیتھک کی اکثر دواؤں میں الکحل شامل ہوتا ہے، نیز عطر کے علاوہ جتنے سینٹ (سیال خوشبوئیں) آج کل استعمال ہو رہے ہیں، ان کی بھی بھاری اکثریت میں یہ شامل ہوتا ہے، اور کیمیاوی مقاصد کے لئے بھی بکثرت استعمال ہوتا ہے، حالانکہ الکحل اشربہ مسکرہ سے بنایا جاتا ہے، بظاہر اس کی خرید و فروخت جائز نہیں ہونی چاہئے؟

تفصیل اس مسئلے کی یہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک صرف "خمر" کی بیع حرام اور باطل ہے،[۲] جس کی تعریف امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک پیچھے بیان ہوئی، اور احادیثِ باب میں صرف خمر کی ہی بیع کی ممانعت ہے، باقی اشربہ مسکرہ کی بیع ان کے نزدیک منعقد ہو جاتی ہے، مگر مکروہ ہے۔

اور صاحبینؒ کے نزدیک عنب کی شراب جسے آگ پر پکا لیا گیا ہو، إذا طُبِخَ حتى يذهبَ أقلُّ من ثُلُثَيْهِ، اور نقیع التمر اور نقیع الزبیب کی بیع بھی بیع الخمر کے حکم میں ہے،[۳] یعنی ان کے نزدیک ان تین شرابوں کی بیع بھی منعقد نہیں ہوتی، البتہ باقی اشربہ مسکرہ کی بیع منعقد ہو جاتی ہے، اور علامہ شامیؒ نے فتویٰ بیع کے بارے میں امامِ اعظمؒ کے قول پر نقل کیا ہے۔[۴]

---

(۱) الهداية ج:۴ ص:۴۹۲ كتاب الأشربة والدر المختار ج:۶ ص:۴۴۸ كتاب الأشربة۔

(۲) الدر المختار ج:۶ ص:۴۴۹ كتاب الأشربة وتكملة البحر الرائق ج:۸ ص:۴۰۰ كتاب الأشربة۔

(۳) الهداية، كتاب الأشربة ج:۴ ص:۴۹۲۔

(۴) رد المحتار ج:۶ ص:۴۵۴ كتاب الأشربة وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۲۸۱، ۲۸۲ كتاب الأشربة، بيان أحكام الأشربة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

خلاصہ یہ کہ حنفیہ کے یہاں فتویٰ اس پر ہے کہ بیع صرف خمر کی باطل ہے، باقی اشربہ مسکرہ (یعنی مذکورہ بالا تین قسموں) کی بیع مع الکراہت منعقد ہوجاتی ہے، اور ان کے علاوہ باقی اشربہ مسکرہ جن کا بیان آگے آرہا ہے، ان کی بیع کی کراہت بظاہر اس صورت میں ہے کہ اس کی بیع ناجائز استعمال کے لئے ہو، اور اگر جائز استعمال کے لئے ہو مثلاً دوا یا ضماد (یا خوشبو کی حفاظت) وغیرہ کے لئے تو کراہت بھی نہ ہوگی۔

اور آج کل جو الکحل استعمال ہوتا ہے وہ اگرچہ مسکر ہے، لیکن وہ انگور یا کھجور سے نہیں بنایا جاتا، بلکہ شہد، جَو، اناناس وغیرہ سے بنایا جاتا ہے،[1] لہٰذا اس کی بیع حنفیہ کے مفتیٰ بہ قول پر جائز ہے، اور امامِ اعظم ابوحنیفہؒ کے مذہب پر وہ دوا بھی حلال ہے جس میں یہ الکحل ملایا گیا ہو، کیونکہ الکحل دواؤں میں مقدارِ مسکر سے کم ہوتا ہے، اور خمر کے علاوہ باقی تمام اشربہ مسکرہ جو انگور اور کھجور سے نہ بنائی گئی ہوں ان کی مقدارِ قلیل جس سے سکر نہ ہو ان کے نزدیک حلال ہے۔

قوله صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُعَرِّضُ بِالْخَمْرِ" (ص:۲۲ سطر:۹)

تعریض کے معنی ہیں اشارہ کرنا، اور مطلب یہ ہے کہ قرآنِ حکیم کی بعض آیتوں سے اس بات کا اشارہ نکلتا ہے کہ حرمتِ خمر کا حکم نازل ہونے والا ہے۔[2] اور وہ تین آیتیں ہیں:

پہلی آیت سورۃ النحل میں ہے:

"وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا"[3] (سَکَر) نشہ کی چیز کو کہتے ہیں۔ یہاں سَکَر کا مقابلہ رِزْقًا حَسَنًا سے کرنا اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ سَکَر رزقِ حسن نہیں۔

دوسری آیت سورۃ البقرۃ میں ہے:

"يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ فِيْهِمَآ إِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۫ وَإِثْمُهُمَآ أَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا"[4]

---

(۱) انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا میں آج کل استعمال ہونے والے الکحل کے یہی اجزاء بیان کئے گئے ہیں، ان میں عنب اور تمر کو ذکر نہیں کیا گیا، کذا فی التکملة ج:۱ ص:۳۴۹۔

(۲) إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۵۷، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۴۸۔

(۳) النحل:۶۷۔ (۴) البقرۃ:۲۱۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تیسری آیت سورۂ نساء کی ہے:

"یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُکٰرٰی حَتّٰی تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ"[1]

قوله: "فَمَنْ اَدْرَکَتْهُ هٰذِهِ الْاٰيَةُ" (ص:۲۲ سطر:۱۰،۱۱)

اس سے مراد سورۂ مائدہ کی آیت ہے جس میں خمر کو حرام کیا گیا،[2] یعنی:۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۹۰ ۔[3]

قوله: "فَلَا یَشْرَبْ وَلَا یَبِعْ" (ص:۲۲ سطر:۱۱)

شربِ خمر اور بیع الخمر کی حرمت پر پوری اُمت کا اجماع ہے۔

قوله: "قَالَ: فَاسْتَقْبَلَ النَّاسُ بِمَا کَانَ عِنْدَهٗ مِنْهَا، فِیْ طَرِیْقِ الْمَدِیْنَةِ، فَسَفَکُوْهَا" (ص:۲۲ سطر:۱۱)

مسئلة تخليل الخمر

اس واقعہ سے شافعیہ اور ان کے موافقین نے "حرمت تخلیل الخمر" پر استدلال کیا ہے، تفصیل اس کی یہ ہے کہ امام شافعیؒ، امام احمدؒ، سفیان ثوریؒ اور ایک روایت میں امام مالکؒ کے نزدیک "تخلیل الخمر" جائز نہیں، اور اگر کسی نے تخلیل کی تو وہ پاک نہ ہوگی، اور اس کا شرب حلال نہ ہوگا، اور اس کی بیع بھی جائز نہ ہوگی۔ البتہ اگر خمر میں کوئی چیز ڈالے بغیر اور آدمی کے کسی عمل کے بغیر وہ خود بخود "خل" بن گئی، تو ان حضرات کے نزدیک یہ پاک اور حلال ہے اور اس کی بیع بھی جائز ہے۔

حنفیہ، امام اوزاعیؒ اور لیث بن سعدؒ کا مذہب اور ایک روایت امام مالکؒ کی، یہ ہے کہ تخلیل جائز ہے،[4] البتہ تخلیل کے لئے خمر کو خریدنا ہمارے نزدیک بھی جائز نہیں، اور تخلیل

---

(۱) النساء:۴۳۔

(۲) إكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۲۴۹، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۲۔

(۳) المائدة:۹۰۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۲، وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۲۵۰، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۵۸، والبناية للعینیؒ ج:۴ ص:۳۴۸، ۳۴۹ کتاب الأشربة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور تخلّل دونوں صورتوں میں وہ سرکہ پاک اور حلال ہے۔(۱)

فریقِ اوّل نے دیگر دلائل کے علاوہ حدیثِ باب کے مذکورہ واقعہ سے بھی استدلال کیا کہ اگر تخلیل جائز ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "سفك الخمر" سے منع فرماتے، تاکہ اضاعتِ مالِ مسلم لازم نہ آئے، جیسا کہ میتہ کی جلد سے دباغت کے بعد انتفاع کی ترغیب ایک حدیث میں ارشاد فرمائی۔(۲)

ان حضرات کی دُوسری دلیل جامع ترمذی کی یہ روایت ہے: "عن ابی سعید قال: کان عندنا خمر لیتیم، فلما نزلت المائدۃ سألتُ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عنه، وقلتُ: انه لیتیم، قال: اَھْرِیقُوْہُ" (رقم الحدیث:۱۲۶۶) اس میں سفک کا حکم صراحۃً ثابت ہے۔

ہماری دلیل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث ہے: "نِعمَ الادامُ الخلُّ"،(۳) یہ حدیث تقریباً تمام کتبِ سنن میں موجود ہے، اور اس میں خل مطلق مذکور ہے، فوجب الحمل علی اطلاقه، ہماری دُوسری دلیل اس حدیثِ مرفوع سے بھی ہے جو علامہ زیلعیؒ نے نصب الرایۃ (ج:۴ ص:۳۱۱) میں نقل فرمائی ہے کہ: "خَیرُ خلِّکم خلُّ خَمرِکم" اس میں "خَلُّ الخمر" مطلق ہے، خواہ وہ تخلیل سے سرکہ بنا ہو یا خود بخود بن گیا ہو۔ نیز قیاس اور اُصول کا تقاضا بھی یہی ہے کہ جائز اور حلال ہو، اس لئے کہ انقلابِ ماہیت کے بعد شیٔ کے اَحکام بدل جانے کے نظائر شریعت میں بہت ہیں، مثلاً روث وغیرہ جل جانے کے بعد جب رماد بن جائے، تو انقلابِ ماہیت کی وجہ سے بالاتفاق پاک ہے۔(۴)

---

(۱) بدائع الصنائع ج:۴ ص:۲۷۸، ۲۷۹ کتاب الأشربة، والهداية مع تكملة فتح القدير ج:۱۰ ص:۱۲۴ كتاب الأشربة، وتكملة البحر الرائق ج:۸ ص:۴۰۴ كتاب الأشربة، والعناية للعينيؒ ج:۴ ص:۳۴۸۔

(۲) اعلاء السنن ج:۱۸ ص:۳۱ كتاب الأشربة، باب اباحة الخليطين، ونصب الراية ج:۴ ص:۳۱۱ رقم الحديث: ۶۲۱۷، وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۲۷۹ كتاب الأشربة۔

(۳) جامع الترمذی، كتاب الأطعمة باب ما جاء فی الخل، ج:۲ ص:۴۴۷، وسنن ابی داؤد، كتاب الأطعمة، باب فی الخل ج:۲ ص:۵۳۵ رقم الحديث: ۳۸۲۰، وسنن ابن ماجة، كتاب الأطعمة، باب الائتدام بالخل رقم الحديث: ۳۳۱۶ ج:۲ ص:۲۳۸۔

(۴) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: شامية ج:۱ ص:۳۲۶، ۳۲۷ كتاب الطهارة، باب الأنجاس، مطلب فی العرقی الذی يستقطر من دردی الخمر الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور حدیثِ باب کے جملے "فسفکوھا" سے حرمتِ تخلیل پر جو استدلال کیا گیا ہے وہ ناکافی اور غیر مفید ہے، اس لئے کہ اس واقعہ کی کسی روایت سے ثابت نہیں کہ "سفك الخمر" کا حکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا، بلکہ یہ فعل صحابہ کرامؓ نے از خود کیا۔

اگر کہا جائے کہ ظاہر یہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا علم ہوا ہوگا، اور جب آپ نے اس پر نکیر نہیں فرمائی تو آپ کی تقریر سے "سفك الخمر" ثابت ہوگیا۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اوّل تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے علم میں اس واقعے کا آنا اور اس پر آپ کا سکوت فرمانا محتاجِ دلیل ہے، اور اگر سکوت مع العلم کسی دلیل سے ثابت بھی ہوجائے تو زیادہ سے زیادہ اس واقعے سے جواز السفك ثابت ہوگا، جس کے ہم بھی منکر نہیں، کیونکہ سفك الخمر سے اضاعتِ مالِ مسلم لازم نہیں آتی، کیونکہ جب تک وہ خمر ہے، مسلم کے حق میں مال نہیں، پھر بھی وجوب ثابت نہ ہوگا، اور تحریم التخلیل کا مبنیٰ وجوبِ سفک تھا، جب وجوب منتفی ہوا تو حرمت التخلیل بھی منتفی ہوگئی۔

اور ہمارا یہ جواب کہ "سفك، صحابہ کرامؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے امر سے نہیں کیا تھا، لہٰذا سفك واجب نہ ہوگا" بالکل ایسا ہی ہے جیسا کہ حدیث ابی طلحة میں ہے کہ حرمتِ خمر کا حکم سن کر ابو طلحہ نے وہ مٹکا (جَرَّۃ) بھی تڑوا دیا جس میں خمر تھی، وہ حدیث آگے کتاب الأشربة باب تحریم الخمر میں آئے گی، اس کا جواب امامِ شافعیؒ اور ان کے موافقین نے یہ دیا ہے کہ صحابہ کرامؓ کے "کسر الجَرَّۃ" سے کسر واجب نہ ہوگا، اس لئے کہ یہ فعل انہوں نے از خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے امر کے بغیر کیا تھا۔(۱) پس ہم کہتے ہیں کہ جب "کسر الجرّۃ من غیر امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم" سے کسر واجب نہیں ہوتا، تو "سفك الخمر من غیر الأمر" سے سفك کا وجوب کیسے ثابت ہوجائے گا؟

اور حرمتِ تخلیل کے قائلین کی دُوسری دلیل کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ تحریمِ خمر کے ابتدائی دور میں تخلیل سے بھی اجتناب کیا جاتا ہوگا، مبالغةً في الزجر عنها، جیسا کہ أوانی أربعه کا استعمال

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۳، باب تحریم بیع الخمر۔ وج:۲ ص:۱۶۳، کتاب الأشربة، باب تحریم الخمر۔ (رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس دور میں اسی مصلحت سے حرام کیا گیا تھا، اور بعد میں حرمت منسوخ ہوگئی۔(۱) (اس مسئلے کی کچھ تفصیل ان شاء اللہ آگے مستقل باب میں کتاب الاشربۃ میں آئے گی)۔

۴۰۲۰- "حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، وَغَيْرُهُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَعْلَةَ -رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ مِصْرَ- اَنَّهُ جَاءَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ ح قَالَ: وحَدَّثَنِيْ اَبُو الطَّاهِرِ -وَاللَّفْظُ لَهُ- قَالَ: اَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَغَيْرُهُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَعْلَةَ السَّبَائِيِّ -مِنْ اَهْلِ مِصْرَ- اَنَّهُ سَاَلَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ عَمَّا يُعْصَرُ مِنَ الْعِنَبِ؟ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّ رَجُلًا اَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاوِيَةَ خَمْرٍ۔ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "هَلْ عَلِمْتَ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَهَا؟" قَالَ: لَا۔ فَسَارَّ إِنْسَانًا۔ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "بِمَ سَارَرْتَهُ؟" فَقَالَ: اَمَرْتُهُ بِبَيْعِهَا۔ فَقَالَ: "إِنَّ الَّذِيْ حَرَّمَ شُرْبَهَا حَرَّمَ بَيْعَهَا"۔ قَالَ: فَفَتَحَ الْمَزَادَةَ حَتّٰى ذَهَبَ مَا فِيْهَا۔"

(ص:۲۲ سطر:۱۱تا۱۵)

قوله: "بِمَ سَارَرْتَهُ؟" (ص:۲۲ سطر:۱۵)

یہ تجسّس مذموم وممنوع میں داخل نہیں، کیونکہ تجسّس جس کی ممانعت سورۃ الحجرات اور احادیث میں آئی ہے، اس سے مراد وہ تجسّس ہے جو اپنے فرائضِ منصبی سے متعلق نہ ہو، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرائض میں خمر کی بیع سے روکنا بھی داخل تھا، لہٰذا یہ ممنوع نہ ہوا۔(۲)

باب تحريم بيع الخمر والميتة والخنزير والأصنام (ص:۲۳)

۴۰۲۴- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ،

(۱) اعلاء السنن ج:۱۸ ص:۴۰ کتاب الأشربة، باب إباحة الخليطين، والعناية شرح الهداية ج:۱۰ ص:۱۲۵ کتاب الأشربة، والبناية للعينيؒ ج:۴ ص:۳۵۰ کتاب الأشربة۔

(۲) إكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۲۵۱، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۵۹، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۵۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ، عَامَ الْفَتْحِ، وَهُوَ بِمَكَّةَ: "إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيْرِ وَالْأَصْنَامِ"۔ فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ شُحُوْمَ الْمَيْتَةِ فَإِنَّهُ يُطْلَى بِهَا السُّفُنُ وَتُدْهَنُ بِهَا الْجُلُوْدُ وَيَسْتَصْبِحُ بِهَا النَّاسُ؟ فَقَالَ: "لَا۔ هُوَ حَرَامٌ"۔ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ: "قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمَّا حَرَّمَ عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهَا، أَجْمَلُوْهُ، ثُمَّ بَاعُوْهُ فَأَكَلُوْا ثَمَنَهُ۔" (ص:۲۳ سطر:۲ تا۵)

قولہ: "إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ ... إلخ" (ص:۲۳ سطر:۳)

ان میں سے پہلی تین چیزوں کی بیع کی حرمت تو بالا جماع ہے، مسلمانوں کے لئے ان کی بیع کی کوئی صورت جائز نہیں، اور اصنام میں یہ تفصیل ہے کہ اگر ان کو من حیث کونها اصنامًا فروخت کیا جائے تو بیع بالاتفاق ناجائز ہے، اور اگر لکونها خشبًا أو رصاصًا أو صُفْرًا أو حديدًا ونحو ذلك فروخت کئے جائیں تو جائز ہے، اور مقصدِ بیع کا پتہ اس طرح چلے گا کہ بائع ان کی اتنی ہی قیمت وصول کرے جتنی کہ ان کی قیمت من حیث کونها خشبًا وغیر ذالك ہے، كذا ذكره الشيخ رشيد أحمد الكنكوهي[1] رحمه الله، وذكر نحوه النوويؒ من مذهب الشافعية۔[2]

قولہ: "وَتُدَّهَنُ" (ص:۲۳ سطر:۴)

بتشديد الدال وتخفيف الهاء من باب الافتعال وفي نسخة من باب التفعيل بتخفيف الدال وتشديد الهاء۔

قولہ: "لَا۔ هُوَ حَرَامٌ" (ص:۲۳ سطر:۴)

شحم الميتة سے انتفاع کے بارے میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک شحم الميتة کی بیع بھی حرام اور اس سے ہر قسم کا انتفاع بھی حرام ہے۔

امام شافعیؒ کے نزدیک دونوں کی بیع تو حرام ہے، لیکن انتفاع في غير الأكل وفي غير بدن الآدمي جائز ہے۔

---

(۱) الكوكب الدري ج:۲ ص:۳۲۹، كتاب البيوع، باب ما جاء في بيع جلود الميتة والأصنام۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۲۳، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۵۵ كتاب البيوع، باب بيع الميتة والأصنام، وفتح الباري ج:۴ ص:۴۲۶ كتاب البيوع، باب بيع الميتة والأصنام۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور جمہور (ومنهم الحنفية) کے نزدیک شحم الميتة اور دیگر ادهان متنجسة کے حکم میں فرق ہے، وہ یہ کہ شحم الميتة کی بیع بھی حرام ہے، اور اس سے ہر قسم کا انتفاع بھی حرام ہے، اور دیگر ادهان متنجسة سے انتفاع في غير الأكل وفي غير بدن الآدمي جائز ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک اس کی بیع بھی جائز ہے بشرطیکہ مشتری کو بتا دیا جائے کہ یہ ناپاک ہے، کیونکہ عیب چھپانا جائز نہیں۔[۱]

خلاصہ یہ کہ حنفیہ اور جمہور فقہاء کے نزدیک شحم الميتة کا حکم حنابلہ کے مطابق ہے، اور ادهان متنجسة میں مخالف۔

شحم الميتة کے بارے میں جمہور (حنفيه وحنابله وموافقهم) کا استدلال حدیثِ باب کے مذکورہ بالا جملے سے ہے کہ "فقال: لا هو حرام" اس میں ضمیر "هو" بتأويل المذكور چاروں کاموں یعنی "بيع" "اطلاء السفن" و "ادهان الجلود" و "استصباح الناس" کی طرف راجع ہو رہی ہے، حضرت امام شافعیؒ کا استدلال بھی اسی حدیث سے ہے، مگر وہ "هو" کا مرجع بیع کو قرار دیتے ہیں، جس کا ذکر اسی حدیث میں پہلے آیا ہے،[۲] اور امام احمد بن حنبلؒ کی دلیل ادهان متنجسة کے بارے میں معلوم نہیں ہو سکی، بظاہر وہ شحم الميتة پر دیگر ادهان متنجسة کو قیاس فرماتے ہیں۔

۴۰۲۶- "حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ -وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ- قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاؤُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: بَلَغَ عُمَرَ أَنَّ سَمُرَةَ بَاعَ خَمْرًا۔ فَقَالَ: قَاتَلَ اللّٰهُ سَمُرَةَ، أَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا۔" (ص:۲۳ سطر:۸تا۱۰)

قوله: "بَلَغَ عُمَرَ أَنَّ سَمُرَةَ بَاعَ خَمْرًا" (ص:۲۳ سطر:۹)

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۲۳، وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۲۵۵، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۶۱، ۲۶۲، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۵۵، ۵۶ كتاب البيوع، باب بيع الميتة والأصنام، وفتح الباري ج:۴ ص:۴۲۵ كتاب البيوع، باب بيع الميتة والأصنام۔

(۲) عمدة القاري ج:۱۲ ص:۵۶ كتاب البيوع، باب بيع الميتة والأصنام، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۵۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اِشکال ہوتا ہے کہ حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی نے بیع الخمر کا ارتکاب کیسے کرلیا؟ اس کے تین جواب دیئے گئے ہیں، ایک یہ کہ ممکن ہے انہوں نے اہلِ کتاب سے جزیہ کے طور پر نقد رقم کے بجائے خمر وصول کر کے اُسے غیر مسلم کے ہاتھ فروخت کیا ہو، اور اسے وہ جائز سمجھتے ہوں۔ دُوسرا احتمال یہ بیان کیا گیا ہے کہ انہوں نے عصیر العنب ایسے شخص کے ہاتھ فروخت کر دیا ہو جو اس کی خمر بناتا ہو۔ اور تیسرا احتمال یہ بیان کیا گیا کہ انہوں نے خمر کا سرکہ بنا کر فروخت کیا ہو اور اس کو وہ جائز سمجھتے ہوں جیسا کہ امام ابوحنیفہؒ بھی جائز قرار دیتے ہیں، مگر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ تخلیل کو ناجائز سمجھتے ہوں، جیسا کہ ائمۂ ثلاثہ کا مذہب ہے، فاروقِ اعظمؓ نے حضرت سمرۃؓ پر نکیر اپنے مذہب کی بناء پر فرمائی اور حضرت سمرۃؓ کا مذہب انہیں معلوم نہ ہو۔[1]

ناچیز کو ایک جواب یہ سمجھ میں آتا ہے کہ ممکن ہے حضرت سمرۃؓ نے خمر نہ فروخت کی ہو، بلکہ کوئی ایسی شراب مسکر فروخت کی ہو جو عنب اور زبیب اور کھجور کے علاوہ کسی اور چیز مثلاً جَو وغیرہ سے بنتی ہے، اور ایسی شراب کی بیع کو وہ جائز سمجھتے ہوں، کیونکہ ایسی شراب مسکر کی بیع کا جواز مختلف فیہ ہے، ائمۂ ثلاثہ کے نزدیک اس کی بیع بھی خمر کی طرح ناجائز ہے، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ایسی شراب مسکر کی بیع جائز ہے، پس ہوسکتا ہے کہ فاروقِ اعظمؓ ایسی شراب کی بیع کو بھی خمر کی بیع کی طرح ناجائز سمجھتے ہوں، اس لئے نکیر فرمائی ہو۔

قوله: "قَاتَلَ اللّٰهُ سَمُرَةَ" (ص:۲۳ سطر:۹) ای قتله۔

اصل میں یہ جملہ "قاتل الله" بددُعا کا ہے، مگر کبھی اصل معنی کے بجائے محض اظہارِ تعجب یا اظہارِ افسوس یا ملامت کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے، کقولهم "تربت يداك" و "رغم انفك" و "ويحك" وغیرہ، بظاہر فاروقِ اعظمؓ نے دُوسرے ہی معنی میں استعمال فرمایا ہے۔[2]

باب الرِّبٰوا (ص:۲۳)

احادیثِ باب کی تشریح سے پہلے رِبا کی قسمیں جاننا ضروری ہے۔

---

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے: المفهم ج:۴ ص:۴۶۷، وفتح الباری ج:۴ ص:۴۱۵ كتاب البيوع، باب لا يُذاب شحم الميتة .... إلخ، وعمدة القاری ج:۱۲ ص:۳۶، ۳۷ كتاب البيوع، باب لا يُذاب شحم الميتة الخ، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۵۵۔

(۲) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۵۶، ومجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۲۱۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ربا کی دو قسمیں ہیں:-

۱- ایک وہ جو زمانۂ جاہلیت میں رائج تھی، یعنی قرض پر مشروط زیادتی وصول کرنا، قرآنِ حکیم میں جہاں بھی رِبا مذکور ہے اس سے یہی قسم مراد ہے، اس قسم کو "ربوا النسیئة" اور "ربوا الجاهلية" کہا جاتا ہے، اور کبھی "ربوا القرآن" سے بھی تعبیر کردیا جاتا ہے، اس لئے کہ اس کی حرمت کی صراحت قرآنِ کریم نے کئی آیات میں کی ہے، ان میں سے ایک یہ ہے:-

قوله تعالى: اَلَّذِیْنَ یَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا یَقُوْمُ الَّذِیْ یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْۤا اِنَّمَا الْبَیْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَ اَحَلَّ اللّٰهُ الْبَیْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ - [1]

۲- قسمِ ثانی وہ ہے جس کا ذکر قرآنِ حکیم میں نہیں، اُس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ارشادات کے ذریعہ حرام قرار دیا، نحو قوله عليه الصلوٰة والسلام في حديث الباب: "لا تبيعوا الذهب بالذهب الا مثلا بمثل .... إلخ۔" (ص:۲۴ سطر:۱)

احادیثِ باب میں اسی قسمِ ثانی کا بیان تفصیل سے آرہا ہے، اس قسم کو "ربوا النقد"، "ربوا السنّة"، "ربوا الفضل" اور "ربوا الحديث" کہتے ہیں۔ یہ دونوں قسمیں امام رازیؒ نے تفسیرِ کبیر[2] میں، اور ابوبکر جصاصؒ نے اَحکام القرآنؒ[3] میں بیان کی ہیں، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا جو قول رِبا کے بارے میں مشہور ہے کہ: "لم يبيّن لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم أبواب الربٰوا بيانًا شافيًا" وہ قسمِ ثانی کے بارے میں ہے، قسمِ اوّل کے بارے میں نہیں، اس لئے کہ قسمِ اوّل کا رِبا تو عرب میں معروف ومشہور تھا، اور ہر خاص وعام اسے جانتا تھا، اس میں کسی بیان کی ضرورت نہیں تھی، چنانچہ علمائے لغت[4] نے رِبا کی تفسیر قسمِ اوّل ہی سے کی ہے، قسمِ ثانی کو مفہومِ رِبا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے داخل فرمایا،[5] یہی وجہ ہے کہ جن بعض صحابہ کرامؓ مثلاً حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو یہ احادیث نہیں پہنچیں، ان کو قسمِ ثانی کی حرمت کا علم نہ تھا، وہ صرف قسمِ اوّل ہی کو رِبا سمجھتے تھے، اور قسمِ ثانی کا علم

(۱) البقرة: ۲۷۵۔

(۲) التفسير الكبير ج:۷ ص:۹۱، وحجة الله البالغة ج:۲ ص:۲۸۳، ۲۸۴ البيوع المنهى عنها۔

(۳) احكام القرآن للجصاصؒ ج:۱ ص:۴۶۴، ۴۶۵۔

(۴) لسان العرب ج:۵ ص:۱۲۶، وتاج العروس ج:۱۰ ص:۱۴۲۔

(۵) معارف القرآن ج:۱ ص:۲۶۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

انہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد احادیث سے ہوا، کیونکہ قرآنِ کریم محاورۂ عرب پر نازل ہوا، اور ان کے محاورے میں رِبا قسمِ اوّل ہی کو سمجھا جاتا تھا، حاصل یہ کہ لفظِ ''رِبا'' حقیقتِ لغویہ کے اعتبار سے تو قسمِ اوّل ہی میں منحصر ہے، اور حقیقتِ شرعیہ کے اعتبار سے دونوں قسموں کو شامل ہے۔

موجودہ زمانے کا رِبا

اس زمانے میں بینکوں، انشورنس اور مختلف شعبہائے تجارت میں جو رِبا پھیلا ہوا ہے وہ قسمِ اوّل کا رِبا ہے، جو بنصِ قرآنی حرام ہے، آج کل جدید علمِ معاشیات کی اصطلاح میں "رِبوا النسیئة" کی دو قسمیں ہیں:۔

۱-مہاجنی سود ۲-تجارتی سود

مہاجنی سود وہ ہے جو ذاتی مصارف اور غیر تجارتی مقاصد کے واسطے لئے ہوئے قرض پر مُقرض، مُستقرض سے وصول کرتا ہے۔ اور تجارتی سود وہ ہے جو تجارتی مقاصد کے واسطے لئے ہوئے قرض پر مقرض، مستقرض سے وصول کرتا ہے، بینکنگ میں یہی قسم رائج ہے۔

متجدّدین کے مزعومات

اس زمانے میں بعض آزاد خیال مسلمان متجدّدین نے بینک کے سود (تجارتی سود) کی حلت کا دعویٰ کیا ہے، اور دلیل یہ دی ہے کہ اسلام نے سود مقروض کی مظلومیت ختم کرنے کے لئے حرام کیا ہے، اور مقروض کی مظلومیت مہاجنی سود میں تو ظاہر ہے، کیونکہ مقروض اس میں فقیر و محتاج ہوتا ہے، جو اپنی گھریلو اور شخصی اغراض کے لئے مجبوراً قرض لیتا ہے، اور اس پر اُسے سود دینا پڑتا ہے، لیکن تجارتی سود ادا کرنے والے مظلوم، فقیر اور محتاج نہیں بلکہ بڑے بڑے سرمایہ دار ہوتے ہیں، جو بینک سے سودی قرض لے کر اُس سے تجارت کرتے اور کئی گنا نفع کماتے ہیں، لہٰذا سود کی یہ قسم چونکہ ظلم نہیں اس لئے حرام بھی نہیں۔

اس دعوے پر انہوں نے دُوسری دلیل یہ دی ہے کہ جس زمانے میں قرآنِ کریم نازل ہوا، اس وقت صرف مہاجنی سود رائج تھا، تجارتی قرض اور تجارتی سود کا رواج ہی نہ تھا، اور حکمِ شرعی یعنی حلت وحرمت وغیرہ فرع ہے وجودِ شئ کی، تو جو شئ اس زمانے میں موجود ہی نہ تھی اس پر قرآنِ حکیم کوئی حکم نہیں لگا سکتا، لہٰذا آیاتِ قرآنیہ سے تجارتی سود کی حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پہلی دلیل کا ایک جواب

پہلی دلیل کا ایک جواب تو یہ ہے کہ یہ دلیل ہے ہی نہیں، بلکہ یہ تو خود ایک دعویٰ ہے، جو خود محتاجِ دلیل ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ قرآنِ حکیم میں رِبوا کی مخالفت کا ذکر ایک جگہ نہیں، مختلف سورتوں کی سات آٹھ آیتوں میں آیا، اور چالیس (۴۰) سے زیادہ احادیث میں مختلف عنوان سے اس کی حرمت بیان کی گئی ہے، ان میں سے کسی ایک جگہ کسی ایک لفظ میں بھی اس کا اشارہ موجود نہیں کہ یہ حرمت صرف اُس رِبوا کی ہے جو گھریلو اور شخصی اغراض کے لئے دیا جاتا ہے تجارتی سود اس سے مستثنیٰ ہے۔ پھر کسی کو یہ حق کیسے پہنچتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم میں کسی چیز کو محض اپنے خیال سے مستثنیٰ کر دے، عام ارشاد کو خاص کر دے، یا مُطلق کو بلا کسی دلیلِ شرعی کے مقید و محدود کر دے۔ یہ تو کُھلی تحریفِ قرآن ہے۔

اگر خدانخواستہ اس کا دروازہ کھلے تو پھر شراب کو بھی کہا جاسکتا ہے کہ شراب وہ حرام تھی جو خراب قسم کے برتنوں میں سڑا کر بنائی جاتی تھی، اب تو صفائی ستھرائی کا اہتمام ہے، مشینوں سے سب کام ہوتے ہیں لہٰذا یہ شراب حرام نہیں۔ اسی طرح سُور (خنزیر) کو بھی اسی طرح کی باتیں بنا کر حلال کہہ دیا جائے گا ـــــــ اگر یہی مسلمانی ہے تو اسلام کا تو خاتمہ ہو جائے گا۔[۱]

تجارتی سود کا ظلم تو مہاجنی سود سے بھی زیادہ ہے

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ بات بھی ہرگز قابلِ تسلیم نہیں بلکہ محض دھوکا ہے کہ تجارتی سود میں ظلم نہیں ہوتا، واقعہ یہ ہے کہ جتنا ظلم مہاجنی سود میں ہوتا تھا اُس سے کہیں زیادہ تباہ کُن ظلم تجارتی سود میں ہو رہا ہے۔ اور یہ ظلم بھی سرمایہ دار تاجروں پر نہیں بلکہ غریبوں ہی پر ہوتا ہے، اس فرق کے ساتھ کہ مہاجنی سود کا ظلم چھوٹے پیمانے پر ایک مہاجن گنے چنے افراد پر کرتا تھا، اور جن مصیبت زدہ افراد پر یہ ظلم ہوتا تھا وہ خوب جانتے تھے کہ اُنہیں لوٹنے والا کون ہے؟ جبکہ تجارتی سود ـــ جس کا سب سے بڑا ذریعہ آج کل سودی بنک ہیں ـــ اُس کی لوٹ کھسوٹ ملک گیر، بلکہ عالم گیر پیمانے پر ہوتی ہے، اس کا شکار گنے چُنے افراد نہیں بلکہ ملک بھر کے غریب عوام ہوتے ہیں، اور یہ شکار ایسی چالاکی، مکاری اور

(۱) کتاب مسئلۂ سود (ص:۲۶ تا ص:۲۷) مصنفہ والدِ ماجد مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مہارت سے کھیلا جاتا ہے کہ لٹنے والے عوام کو پتہ بھی نہیں چلتا کہ اُنہیں لوٹنے والے کون؟ اور اُن کا طریقۂ واردات کیا ہے؟

نظامِ سرمایہ داری جس نے اب پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے اس کا سب سے بڑا جال سودی بنکاری ہے، اس کے ذریعہ عوام کو دھوکہ دے کر انتہائی بے دردی سے لوٹا جا رہا ہے۔ بلکہ ان کی حقیقی آزادی بھی سلب کرلی گئی ہے۔

سودی بنکاری کا طریقۂ واردات

مختصراً اس کا طریقۂ واردات یہ ہے کہ عوام کو یہ سبز باغ دکھایا جاتا ہے کہ تم اپنی بچت کی رقمیں ہمارے پاس (سودی بنک) میں جمع کراؤ یعنی ہمیں قرض دو، تو ہم تم کو گھر بیٹھے اس پر سالانہ اتنا فیصد انٹرسٹ (سود) دیتے رہیں گے۔ اس سود کی شرح گھٹتی بڑھتی رہتی ہے، (عموماً سالانہ چھ سات فیصد ہوتی ہے)۔ عوام جو بنک کے ''کھاتہ دار'' (Depositors) کہلاتے ہیں، وہ اپنی روزمرہ کی ضروریات سے بچائی ہوئی تقریباً ساری رقمیں، حفاظت کی خاطر، اور سود کے لالچ میں اِن بنکوں میں جمع کراتے رہتے ہیں۔

اس طرح تقریباً پورے ملک کے عوام کی رقمیں بجائے اس کے کہ وہ تجارت اور چھوٹی چھوٹی صنعتوں (Small Industries) اور دوسرے نفع بخش کاموں میں براہِ راست لگتیں، ملک کے دوردراز علاقوں اور دیہات میں تجارت، دستکاری اور چھوٹی صنعتوں کے پروان چڑھنے کا ذریعہ بنتیں، چھوٹے سرمایہ والوں کی تجارت کے منافع سامنے آتے تو دوسروں کا بھی حوصلہ بڑھتا، ہر ایک کا اسٹاف بھی کچھ نہ کچھ ہوتا، جس سے وہاں ہزاروں ضرورت مندوں کو روزی ملتی ـــــــ اِس سب کے بجائے سود کے لالچ میں یہ ساری رقمیں اِن بنکوں کے قبضے میں چلی جاتی ہیں، اور اس طرح ہر بنک میں - خواہ وہ زرعی بنک ہو، یا صنعتی، یا تجارتی - دولت کا ایک سمندر جمع ہوجاتا ہے۔

بنک کے مالکان گنے چنے افراد ہوتے ہیں، اور اِن کا اپنا سرمایہ بنک میں بہت کم ہوتا ہے، باقی سارا سرمایہ کھاتہ داروں (Depositors) کا فراہم کیا ہوا ہوتا ہے۔ جس بنک کے پاس کھاتہ داروں کی رقمیں جتنی زیادہ ہوں وہ اتنا ہی کامیاب، اور مالی طور پر طاقتور سمجھا جاتا ہے۔ چنانچہ عموماً بنک ہی کسی ملک کے سب سے بڑے سرمایہ دار ہوتے ہیں۔

اگرچہ ان بنکوں کی ساری مال داری کھاتہ داروں کی مرہونِ منت ہے، لیکن بنک کے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

انتظامی معاملات اور پالیسی میں ان کو کسی قسم کی مداخلت کا اختیار نہیں ہوتا، کیونکہ انہوں نے بنک کو اپنی رقمیں سود کے لالچ میں بہ طور قرض دی ہیں، بنک کے نفع نقصان میں حصہ داری کی بنیاد پر نہیں دیں، چنانچہ تمام انتظامی اختیارات بنک کے مالکان کے پاس ہوتے ہیں، وہی جن منتظمین، افسروں اور دوسرے اسٹاف کو ـــــ جہاں اور جس تنخواہ پر، اور جن سہولتوں کے ساتھ ـــــ مناسب سمجھیں مقرر کرتے ہیں۔ وہی حساب کتاب کا نظام قائم کرتے اور اس کی نگرانی کرتے ہیں، اور وہی ملک کے مرکزی بنک (مثلاً پاکستان میں "اسٹیٹ بنک آف پاکستان" ہندوستان میں "ریزرو بنک آف انڈیا" اور برطانیہ میں "بنک آف انگلینڈ") کی قائم کردہ حدود میں یہ پالیسی متعین کرتے ہیں کہ کتنا کتنا سرمایہ کس کس کام میں، کہاں کہاں لگایا جائے۔

سودی بنک اس سرمایہ سے خود کوئی تجارت نہیں کرتے، بلکہ بڑے بڑے تاجروں، صنعت کاروں، اور زمین داروں کو زیادہ شرح سود پر قرضے فراہم کرتے ہیں۔

یہ بنک مختلف قسم کی خدمات انجام دیتے ہیں، جن میں سے بعض مفید بھی ہیں اور جائز بھی، لیکن ان بنکوں کا اصل کام اور "نفع" کمانے کا سب سے بڑا ذریعہ ساہوکاری ہے کہ وہ کھاتہ داروں سے کم شرحِ سود پر قرضہ لے کر آگے بڑے بڑے سرمایہ داروں کو زیادہ شرحِ سود پر قرضے دیں۔

یہ بنک کھاتہ داروں سے رقمیں عموماً چھ سات فیصد سالانہ سود پر لیتے ہیں، اور تقریباً ۱۴ تا ۱۸ فیصد سود پر آگے قرضے دیتے ہیں، اس طرح ان کو سود تقریباً دس گیارہ فیصد سالانہ تو یوں بچ جاتا ہے، لیکن، جیسا کہ آگے معلوم ہوگا، یہ بنک ایک "کرتب" کے ذریعہ - جو "تخلیقِ زر" (Creation of Money) کہلاتا ہے- درحقیقت اس سے بھی کئی گنا سود کماتے ہیں جو عام نظروں سے مخفی رہتا ہے۔ اس کی ضروری تفصیل آگے مستقل عنوان کے تحت آئے گی۔

یہ بنک سرمائے کا ایک حصہ روزمرّہ کے لین دین کے لئے اپنے پاس رکھتے ہیں، ایک حصہ مرکزی بنک (مثلاً پاکستان میں اسٹیٹ بنک) میں قانوناً رکھوانا پڑتا ہے، باقی سارا سرمایہ یہ ساہوکار چُن چُن کر، اور تلاش کر کے ایسے بڑے بڑے جاگیرداروں، ملوں کے مالکان، سرمایہ داروں، تاجروں اور سرکاری تجارتی اداروں کو دیتے ہیں جن سے اصل قرض کی واپسی کے علاوہ مقررہ سود کی وصولیابی بھی یقینی ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ان بنکوں سے کسی چھوٹے تاجر یا دستکار کو یا عام غریب آدمی کو قرض ملنے کا کوئی امکان نہیں، خواہ اُس کے بچے فاقوں پر فاقے کر رہے ہوں، یا اُس کے کسی جگر گوشے کی لاش بے گور و کفن پڑی ہو ـــــ اور چونکہ سود کی چاٹ میں اُس کے رشتہ دار اور دوست بھی

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اپنی بچتیں ان بنکوں میں جمع کرا دیتے ہیں لہٰذا اُن سے بھی اس غریب کو قرض ملنے کی توقع شاذ و نادر ہی ہوتی ہے۔

اسی طرح کسی ایسے تعلیمی، تربیتی، دفاعی، ترقیاتی اور فلاحی منصوبے کے لئے بھی جو ملکی اور عوامی ضروریات کے لئے خواہ کتنا ہی ناگزیر اور ضروری ہو، اِن بنکوں سے اُس وقت تک قرض نہیں مل سکتا جب تک کہ ان کو مقررہ شرح پر سالانہ سود اداء کرنے کا اطمینان نہ دلا دیا جائے۔ کیونکہ ان بنکوں نے سارا ملکی سرمایہ کھینچا ہی اس لئے ہے کہ اس کے بَل بوتے پر وہ زیادہ سے زیادہ سود کمائیں۔

اِن کی سود خور ہَوَس کو اس سے کوئی غرض نہیں ہوتی کہ پیسے کی ضرورت کس کو زیادہ ہے، ان کی خود غرضانہ نظر صرف اور صرف اس پر ہوتی ہے کہ انہیں سود کون مقررہ شرح سے دے سکتا ہے۔ ان ساہوکاروں کے نزدیک قرض لینے کا مستحق وہ فاقہ زدہ انسان نہیں جس کے بچے سسک سسک کر دن گزار رہے ہوں، متوسط طبقے کا وہ انسان بھی اِن کی نظرِ کرم کا مستحق نہیں جو ملازمت کے بجائے قرض لے کر کوئی چھوٹی موٹی تجارت کرنا چاہتا ہے، کسی تعلیمی و تحقیقی ادارے کا وہ سائنس دان اور انجینئر بھی ان کے نزدیک راندۂ درگاہ ہے جو اپنی کسی اہم فنی تحقیق یا ایجاد کو پروان چڑھانے، اور ملک وملت کے لئے کار آمد بنانے کی خاطر قرض لینے کا محتاج ہے مگر سود کا ناپاک بوجھ اُٹھانے کی طاقت نہیں رکھتا، وہ علمائے محققین، مصنفین اور دانش ور بھی ان کے نزدیک ناقابلِ التفات ہیں جن کی فکری وعملی کاوشیں دنیائے علم وادب کا بیش بہا سرمایہ ہوتی ہیں، لیکن وہ صرف اس لئے دیمک کی غذاء بن جاتی ہیں کہ ان کے پاس اپنی تصانیف کی طباعت واشاعت کے لئے سرمایہ نہیں ہوتا، اور سود در سود کی لعنت کا پھنکارتا ہوا سانپ وہ اپنے گلے میں ڈالنے کو تیار نہیں ہوتے، اور نہ ان میں اس کی سکت ہوتی ہے۔

اِن سودی بنکوں کے نزدیک قرض لینے کے سب سے زیادہ مستحق وہ اَرَب پتی اور کروڑ پتی ہیں جو اِن کی سود خور جبلت کو چارہ دینے کی پوری صلاحیت رکھتے ہوں، اگرچہ وہ اس قرضے سے نائٹ کلب، یا مار دھاڑ کی فلمیں، یا فحاشی وعُریانی کو فروغ دینے والی فلمیں ہی تیار کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہوں۔

ارتکازِ دولت

جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ پوری قوم کا سرمایہ گنے چنے سرمایہ داروں کے درمیان دائر ہو کر رہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جاتا ہے۔ یہی وہ ارتکازِ دولت ہے جس کی نفی قرآنِ کریم کے اس ارشاد[1] نے کی ہے کہ:

کَیۡ لَا یَکُوۡنَ دُوۡلَۃًۢ بَیۡنَ الۡاَغۡنِیَآءِ مِنۡکُمۡ

(یعنی ہم نے مالِ فیئے کے مستحقین اس لئے متعین کردیئے) کہ یہ مال تمہارے مال داروں میں گردش کرنے والی دولت نہ بن جائے۔

اس ارتکازِ دولت کے نتیجے میں یہ سرمایہ دار ملک کی اندرونی اور بیرونی تجارت پر قابض ہوکر، قمار، سٹہ، بیع المبیع قبل القبض، ناجائز آڑھت، اور احتکار (ذخیرہ اندوزی) وغیرہ کے ذریعہ جب چاہتے ہیں اشیاءِ ضرورت کی مصنوعی قلّت پیدا کر کے عوام سے من مانی قیمت وصول کرتے ہیں۔

پھر جو سرمایہ دار لوگ بنک سے قرض لے کر زراعت یا صنعت وتجارت میں لگاتے ہیں، ظاہر ہے کہ وہ اس کا سود اپنی گرہ سے نہیں دیتے، بلکہ اُسے اپنی پیداوار اور مالِ تجارت کی لاگت پر ڈال دیتے ہیں، جس کے نتیجے میں اِن اشیاء کی قیمتیں مزید بڑھ جاتی ہیں، اور مہنگائی اپنے کئی دوسرے اسباب کے ساتھ مل کر اُن کھاتہ داروں کا بھی خون چوسنے لگتی ہے جن کے فراہم کردہ سرمایہ سے بنک نے یہ سارا کھیل کھیلا، اور کروڑ پتیوں کو ارب پتی بننے کا موقع فراہم کیا۔

سودی بنکوں کا ایک اور کرتب!

اِن بنکوں کا ایک کرتب وہ ہے جو ''تخلیقِ زر'' (Creation of Money) کہلاتا ہے، ''الہ دین کے اس چراغ'' سے وہ محض حسابی کتابی ہیر پھیر کے ذریعہ حقیقی سو (۱۰۰) روپے کے کئی سو فرضی روپے بنالیتے ہیں، اور اِن کو بھی حقیقی سرمایہ کی طرح قرضوں میں دے کر اُن پر بھی سود اُسی شرح سے وصول کرتے ہیں، اس طرح حقیقی سرمائے سے کئی گنے فرضی سرمایہ کا سود بھی اِن کے خزانے بھرتا رہتا ہے، اور یہ سارا سود بھی چونکہ کاروباریوں سے وصول کیا جاتا ہے، اور وہ اسے بھی اپنی پیداواری لاگت پر ڈالتے ہیں، اس لئے اس کا سارا بوجھ بھی عوام ہی کو گردن توڑ مہنگائی کی صورت میں اُٹھانا پڑتا ہے ـــــ وہی عوام جن کو مثلاً چھ یا سات آٹھ فیصد سالانہ سود کا لالچ دے کر اُن کا سرمایہ سمیٹا گیا، اور یہ سارا کھیل کھیلا گیا، اُن ہی پر مہنگائی کا بوجھ سات آٹھ فیصد سے کہیں زیادہ لاد دیا گیا۔

آج کل عموماً یہ سودی بنک اپنے کھاتہ داروں (Depositors) کو سود چھ سات فیصد سالانہ دیتے ہیں، جبکہ آج کل ''افراطِ زر'' (Inflation) کے باعث مہنگائی پاکستان میں بارہ تیرہ

(۱) سورۃ الحشر۔ آیت ۷۔ تفسیر معارف القرآن ج:۸ ص:۳۶۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فیصد سے بھی زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ کھاتہ دار کو بنک میں اپنی جمع کردہ رقوم پر سود تو سالانہ سات فیصد ملا، اور مہنگائی بارہ تیرہ فیصد اُس کے حصے میں آئی۔ دوسرے الفاظ میں مثلاً کھاتہ دار نے بنک میں ایک سو روپے جمع کرائے تھے، اُس پر سال بھر میں سود سات روپے ملا، کل ایک سو سات (-/۱۰۷) روپے ہوگئے، مگر جب وہ خریداری کے لئے بازار گیا تو صورتِ حال یہ سامنے آئی کہ مہنگائی ۱۳ فیصد بڑھ چکی ہے، یعنی روپے کی قدر و قیمت بازار میں ۱۳ فیصد کم ہوگئی ہے، یعنی سو روپے کا نوٹ درحقیقت صرف ۸۷ روپے کا رہ گیا ہے۔

بنک کو ''کرنٹ اکاؤنٹ'' اور ''فلوٹ'' (Float) کی شکل میں بہت سا سرمایہ ایسا بھی ملتا ہے جس پر وہ سرمایہ فراہم کرنے والوں کو کوئی سود نہیں دیتا، مگر وہ اُسے بھی قرض میں لگا کر اپنی سود خوری کا ذریعہ بناتا ہے، اور اس سود کی تان بھی بالآخر مہنگائی کی صورت میں اُسی طرح عوام پر ٹوٹتی ہے جس طرح اوپر عرض کیا۔

ستم ظریفی یہ کہ جن عوام کے فراہم کردہ سرمائے سے اِن بنکوں کی فلک بوس عمارتیں، مالکان اور افسروں کی شاہ خرچیاں، ساہوکاری کے یہ سارے ہتھکنڈے، اور ان کی ساری شان وشوکت قائم ہے ان ہی غریب عوام کا فراہم کردہ سرمایہ ان ہی کے خلاف استعمال ہو رہا ہے۔ اسی سے اُنہیں کُچلا اور پیسا جا رہا ہے، بنکوں نے اُنہیں سود چھ سات فیصد دیا، اور خود ۱۲ فیصد سے بھی کئی گنا زیادہ پر ہاتھ صاف کر گئے ـــــ اِن بنکوں سے قرض لے کر اُسے کاروبار میں لگانے والوں نے بھی اس پر بھاری نفع کمایا، بلکہ جو سود بنک کو دیا تھا، وہ بھی عوام ہی سے وصول کرلیا، رہے عوام؟ تو ان کے حصے میں مہنگائی کا وہ زہریلا ناگ آیا جو نہ صرف اُن کو ملنے والے چھ سات فیصد کو ہڑپ کرتا جاتا ہے، بلکہ اُن کی زندگیوں میں مزید غربت وافلاس کا زہر مسلسل گھولتا چلا جا رہا ہے ـــــ نظر آنے والے ہاتھ نے جتنا اُن کو دیا تھا، نظر نہ آنے والے ہاتھ نے اُس سے کہیں زیادہ ان کی جیبوں سے کھینچ لیا ـــــ اِس بلا کی ''مہارت'' اور ہاتھ کی صفائی کو سوائے اس کے کیا کہا جائے کہ:

خنجر پہ کوئی داغ نہ دامن پہ کوئی چھینٹ
تُم قتل کرو ہو کہ کرامات کرو ہو!

تجارتی سود کی تباہ کاریوں کا یہ تو صرف ایک رُخ ہے، سود کا یہ جادو عام طور پر قمار، سٹہ، بیع المبیع قبض القبض، ناجائز آڑھت اور احتکار کے ساتھ مل کر مزید جو مظالم ڈھاتا ہے، وہ نظامِ سرمایہ داری کی ظالمانہ چال بازیوں کی ایک طویل، حیرتناک، پُرپیچ اور اَلمناک داستان ہے۔ جس کا یہ موقع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نہیں - البتہ نظامِ سرمایہ داری کی اِن تمام شعبدہ بازیوں کی تان جس کرب ناک نتیجے پر ٹوٹتی ہے، وہ یہ ہے کہ سرمایہ دار اور جاگیردار پہلے سے زیادہ مال دار، طاقت ور، اور خونخوار ہوتے چلے جاتے ہیں، اور غریب پہلے سے زیادہ غریب، پہلے سے زیادہ کمزور، اور پہلے سے زیادہ بے کس و مجبور اور مظلوم ہوتا چلا جاتا ہے، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

متجددین کی دوسری دلیل کے دو جواب

جن متجددین نے موجودہ زمانے کے تجارتی سود کی حلت کا دعویٰ کیا ہے، اُن کی دوسری دلیل یہ تھی کہ نزولِ قرآن کے زمانے میں صرف مہاجنی سود رائج تھا، تجارتی قرض، اور تجارتی سود کا رواج ہی نہ تھا، اور حکم شرعی یعنی حلت و حرمت فرع ہے وجودِ شَی کی، تو جو شَی اُس زمانے میں موجود ہی نہ تھی اُس پر قرآن کوئی حکم نہیں لگا سکتا، لہٰذا آیاتِ قرآنیہ سے تجارتی سود کی حُرمت ثابت نہیں ہوتی۔

اس دُوسری دلیل کا جواب یہ ہے کہ اوّل تو ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ جو چیز نزولِ قرآن کے زمانے میں موجود نہ ہو اس کا کوئی حکم قرآن مجید سے ثابت نہیں ہوتا، اس لئے کہ محکوم علیہ کے وجود خارجی پر حکم کا مدار نہیں، بلکہ مدار محکوم علیہ کی ماہیت اور حکم کی عا پر ہے، پس جس ماہیت پر قرآنِ کریم نے کوئی حکم لگا دیا اس کے افراد فی الحال خارج میں موجود ہوں یا نہ ہوں، حکم ثابت ہو جائے گا، اور جو افراد وجود میں آتے جائیں گے حکم میں داخل ہوتے جائیں گے۔ اسی طرح جب کوئی حکم معلول بعلۃ ہو تو جن جن اشیاء میں وہ علت پائی جائے گی، حکم بھی پایا جائے گا، اگرچہ وہ اشیاء نزولِ قرآنِ کریم کے وقت موجود نہ ہوں، اگر اس اُصول کو تسلیم نہ کیا جائے تو لازم آئے گا کہ اس زمانے کی کسی بھی ایجاد کے بارے میں قرآنِ کریم کا کوئی حکم ثابت نہ ہو، مثلاً طیارے، بندوق، ریل اور موٹر وغیرہ۔ پس مدارِ حرمت، حقیقتِ رِبا ٹھہری، تو رِبا کے جو افراد جب کبھی کسی بھی صورت میں پائے جائیں گے حرمت میں داخل ہوتے جائیں گے، ورنہ لازم آئے گا کہ اس زمانے میں زنا، سرقہ، قطع الطریق اور شرب الخمر کی جو جو نئی صورتیں اور کیفیتیں ایجاد ہوئیں ان میں سے کوئی بھی حرام نہ ہو۔

جب یہ ثابت ہو گیا تو اب دیکھنا یہ ہے کہ تجارتی سود پر رِبا کی تعریف صادق آتی ہے یا نہیں؟ رِبا کی تعریف اوّل بحث میں امام رازیؒ کے حوالے سے گزر چکی ہے کہ قرض پر جو (مشروط) زیادتی مقرض لیتا ہے وہ رِبا ہے، اہلِ لغت نے بھی یہی معنی بیان کئے ہیں[1]۔ نیز حدیثِ

(۱) أحكام القرآن للجصاصؒ ج:۱ ص ۴۶۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مرفوع ہے کہ: "کل قرض جرَّ منفعة فهو رِبٰوا"[۱]، رواه السيوطي في الجامع الصغير[۲]، وقال شارحه العزيزي في السراج المنير: حديث حسن لغيره[۳]۔

متجدّدین کے استدلال کا دُوسرا جواب علیٰ سبیل التسلیم یہ ہے کہ تمہارا یہ دعویٰ بالکل غلط اور بے بنیاد ہے کہ عہدِ رسالت اور زمانۂ جاہلیت میں تجارتی قرضوں کا رواج نہ تھا، اُس زمانے میں تجارتی قرضوں اور تجارتی سود کی متعدّد مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں، تجارتی قرض کی چند مثالیں یہ ہیں:-

۱- بخاری کتاب الجهاد، باب بركة الغازي في ماله[۴] میں عبداللہ بن زبیرؓ کی روایت ہے، اپنے والد ماجد حضرت زبیرؓ کے بارے میں فرماتے ہیں:-

"انما كان دينه الذي عليه ان الرجل كان يأتيه بالمال فيستودِعَه ايّاه، فيقول الزبير لا، ولكنه سلف فاني اخشي عليه الضَّيْعَةَ (اِلٰى قوله) فحسبت ما عليه من الدين فوجدته ألفي ألفٍ ومائتي ألفٍ (۲۲لاکھ)۔"

فتح الباری میں حافظؒ نے ابنِ بطالؒ کا قول نقل کیا ہے کہ حضرت زبیرؓ ودیعت کو قرض اس لئے بنالیتے تھے کہ اس کا ربح ان کے لئے حلال ہوجائے[۵]، اور ظاہر بھی یہی ہے کہ ان کا ذاتی ضرورت میں خرچ کرنے کے لئے قرض کی اتنی بڑی مقدار لینا بعید از فہم تھا، کیونکہ بخاری کی اسی روایت کے آخر میں جو تفصیل آئی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت زبیرؓ کے انتقال کے وقت ان کا جو ترکہ اداءِ دیون کے بعد بچا وہ کل "خمسون الف الف ومائتا الف" یعنی پانچ کروڑ دو لاکھ تھا۔[۶]

---

(۱) وقال الامام محمد الشيبانيؒ في كتاب الآثار: اخبرنا ابوحنيفة عن حماد عن ابراهيم قال: "كل قرض جرّ منفعة فلا خير فيه" وبه نأخذ وهو قول ابي حنيفةؒ۔ (من الأُستاذ مدظلهم) (ص:۸۲۸ باب القرض رقم الحديث: ۷۶۳)۔

(۲) الجامع الصغير ج:۲ ص:۹۰ ۱۲ رقم الحديث: ۶۳۳۶۔

(۳) اس حدیث پر مزید کلام دیکھنے کے لئے ملاحظہ فرمائیے: نصب الراية ج:۴ ص:۶۰ كتاب الحوالة، ومعارف القرآن ج:۱ ص:۶۶۲۔

(۴) صحيح البخاري ج:۱ ص:۴۴۱ كتاب الخمس، باب بركة الغازي الخ۔

(۵) شرح صحيح البخاري لابن بطّالؒ ج:۵ ص:۲۹۱ كتاب الخمس، باب بركة الغازي الخ، وفتح الباري ج:۶ ص:۲۳۰ كتاب الخمس، باب بركة الغازي الخ۔

(۶) صحيح البخاري ج:۱ ص:۴۴۲ كتاب الخمس، باب بركة الغازي الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲-مؤطا امام مالک میں کتاب القِراض میں "ما جاء فی القِراض" کی سب سے پہلی حدیث یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور عبیداللہ بن عمرؓ عراق کے ایک جہاد سے واپس ہونے لگے، تو حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کے پاس پہنچے جو عراق کے گورنر تھے، انہوں نے دونوں بھائیوں سے فرمایا کہ میں تمہیں کچھ فائدہ پہنچانا چاہتا ہوں، جس کی صورت یہ ہے کہ بیت المال کا کچھ مال مجھے امیر المؤمنین عمر بن الخطابؓ کے پاس بھیجنا ہے، وہ تم مجھ سے بطور قرض لے لو اور عراق سے مالِ تجارت خرید کے مدینہ طیبہ میں فروخت کرو، اس طرح تمہیں جو نفع ملے وہ تمہارا ہوگا، اور رأس المال امیر المؤمنین کو دے دینا، دونوں صاحبزادوں نے ایسا ہی کیا، مگر امیر المؤمنینؓ نے تقویٰ کی بناء پر صاحبزادوں سے سوال کیا کہ ابوموسیٰ اشعریؓ نے کیا ہر مجاہد کے ساتھ یہی معاملہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: نہیں، تو امیر المؤمنینؓ نے حکم دیا کہ رأس المال اور نفع دونوں بیت المال میں داخل کرو، حضرت عبیداللہؓ کو اس میں تردّد ہوا، اور والد صاحب سے عرض کی کہ یہ مال ہمارے ضمان میں تھا، اگر ہلاک ہوتا تو ہم ضمان دیتے اس لئے نفع بھی ہمیں ملنا چاہئے، اس پر بعض حاضرین نے درخواست کی کہ اس معاملہ کو قراض یعنی مضاربت کے طور پر طے کرلیا جائے، چنانچہ امیر المؤمنینؓ نے نصف الربح صاحبزادوں کو دیا اور نصف بیت المال میں داخل کردیا۔ (۱)

۳-تاریخِ طبری میں ۲۳ھ کے واقعات میں ہے: "ان هنداً بنت عتبة قامت إلى عمر بن الخطاب فاستقرضته من بيت المال اربعة آلاف تتجر فيها۔"

چنانچہ اسی روایت میں ہے کہ امیر المؤمنینؓ نے یہ رقم اس کو قرض دی اور اس نے اس سے تجارت کی۔ (۲)

یہ تو تجارتی قرضوں کی مثالیں تھیں، اور تجارتی سود کی مثالیں یہ ہیں:

۱-تفسیر درمنثور میں قرآنِ کریم کے ارشاد: ''وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوا'' کے تحت صراحت ہے کہ: "هذه الآية نزلت في العباس بن عبدالمطلب ورجل من بني المغيرة، كانا شريكين في الجاهلية يسلفان في الربوا الى ناس من ثقيف"۔ (۳)

---

(۱) المؤطا ص:۶۱۲ کتاب القِراض۔

(۲) تاريخ الأمم والملوك للطبري ج:۳ ص:۲۸۷۔

(۳) الدر المنثور ج:۲ ص:۱۰۶، والبحر المحيط ج:۲ ص:۳۳۷ تفسير سورة البقرة:۲۷۸، وروح المعاني ج:۳ ص:۵۲ تفسير سورة البقرة:۲۷۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور "تفسیر البحر المحیط" میں صراحت ہے کہ: "کانت ثقیف اکثر العرب ربًا"۔[1]

دونوں روایتوں کے ملانے سے معلوم ہوا کہ ثقیف اگرچہ اتنے مال دار تھے کہ عرب میں سب سے زیادہ رِبا یہی حاصل کرتے تھے، لیکن اس کے باوجود انہوں نے حضرت عباسؓ اور ان کے شریک سے سود پر قرض لیا ہوا تھا جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں ساقط فرمایا۔

۲- نیز یہ بات سیر و تاریخ سے ثابت ہے کہ اس زمانے میں قبائل کی تجارت آج کل کی کمپنیوں کے مشابہ تھی کہ ایک قبیلے کے افراد اپنا روپیہ جمع کر کے اس سے تجارت کرتے تھے، چنانچہ عیر ابی سفیان جو غزوۂ بدر کا سبب بنا، اس کے بارے میں تفسیرِ مظہری میں صراحت ہے کہ:-

"فیها أموال عظام ولم یبق بمكة قرشي ولا قرشیة له مثقال فصاعدا إلا بعث به في العیر، فیقال أن فیها خمسین الف دینار"۔[2]

اور متعدّد روایات میں صراحت ہے کہ ایک قبیلہ دُوسرے قبیلے سے تجارت بھی کرتا تھا اور سود کا لین دین بھی کرتا تھا، دلائل کی مزید تفصیل کے لئے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس اللہ سرہٗ کا رسالہ "مسئلہ سود" کافی وافی ہے، یہاں اسی کا خلاصہ ذکر کیا گیا ہے۔

اب احادیث الباب کی شرح سمجھ لیجئے۔

شرح أحادیث الباب

۴۰۳۰- "حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیَی قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰی مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِي سَعِیْدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبِیْعُوْا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰی بَعْضٍ، وَلَا تَبِیعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلٰی بَعْضٍ، وَلَا تَبِیْعُوْا مِنْهَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ۔"

(ص:۲۳ سطر:۱۴ تا ص:۲۴ سطر ۲،۱)

قوله: "لا تُشِفُّوْا .... إلخ" (ص:۲۴ سطر:۱)

(۱) البحر المحیط ج:۲ ص:۳۳۵ تفسیر سورۃ البقرۃ:۲۷۸۔

(۲) التفسیر المظهری ج:۴ ص:۱۱ سورۃ الأنفال۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بضم التاء وكسر الشين المعجمة وتشديد الفاء، والشِف بكسر الشين الزيادة، ويطلق أيضًا على النقصان فهو من الاضداد يقال "شَفَّ الدرهمُ بفتح الشين" يشِفُّ بكسرها اذا زاد واذا نقص، وأشفَّه غيره يُشِفّه۔ (شرح النووی)۔[۱] یعنی زیادہ نہ کروایک کو دُوسرے پر۔

۴۰۳۱- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ ح قَالَ: وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَ: اَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ لَيْثٍ: إِنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الخُدْرِيَّ يَاْثُرُ هٰذَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فِيْ رِوَايَةِ قُتَيْبَةَ: فَذَهَبَ عَبْدُاللّٰهِ وَنَافِعٌ مَعَهُ- وَفِي حَدِيْثِ ابْنِ رُمْحٍ: قَالَ نَافِعٌ: فَذَهَبَ عَبْدُاللّٰهِ وَاَنَا مَعَهُ وَاللَّيْثِيُّ، حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى اَبِي سَعِيْدٍ الخُدْرِيّ- فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا اَخْبَرَنِيْ اَنَّكَ تُخْبِرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْوَرِقِ بِالْوَرِقِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَعَنْ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ- فَاَشَارَ اَبُوْ سَعِيْدٍ بِإِصْبَعَيْهِ إِلٰى عَيْنَيْهِ وَاُذُنَيْهِ- فَقَالَ: اَبْصَرَتْ عَيْنَايَ وَسَمِعَتْ اُذُنَايَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ، وَلَا تَبِيْعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ، إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهُ عَلٰى بَعْضٍ وَلَا تَبِيْعُوْا شَيْئًا غَائِبًا مِنْهُ بِنَاجِزٍ إِلَّا يَدًا بِيَدٍ-" (ص:۲۴ سطر ۲ تا ۶)

قوله: "يَاْثُرُ" (ص:۲۴ سطر:۳) یعنی اسے نقل کرتے ہیں اور روایت کرتے ہیں۔

قوله: "فَقَالَ" (ص:۲۴ سطر:۴) یعنی عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا۔

قوله: "هٰذا" (ص:۲۴ سطر:۴) أي الليثي۔

قوله: "اَنَّكَ تُخْبِرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الْوَرِقِ بِالْوَرِقِ .... إلخ" (ص:۲۴ سطر:۴)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو رِبا کی اس قسم کی حرمت کا علم نہ تھا، ان کو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت سے "رِبا الفضل" کی حرمت کا علم ہوا، جس کا

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۴، والدیباج للسیوطیؒ ج:۴ ص:۲۲۸، ومکمل إکمال الإکمال للسنوسیؒ ج:۴ ص:۲۶۳، ۲۶۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سبب پیچھے بیان ہو چکا ہے کہ قرآنِ کریم میں جس رِبا کو حرام قرار دیا گیا وہ "ربوا النسیئۃ" تھا، جس سے سب واقف تھے، ربوا الفضل کو مفہومِ رِبا میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے داخل فرمایا، جس کا علم متعدد صحابہ کرامؓ کو بعد میں ہوا۔

۴۰۳۵- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ نَا لَيْثٌ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا ابْنُ رُمْحٍ قَالَ: أَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ أَنَّهُ قَالَ أَقْبَلْتُ: أَقُوْلُ: مَنْ يَصْطَرِفُ الدَّرَاهِمَ؟ فَقَالَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِاللّٰهِ وَهُوَ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: أَرِنَا ذَهَبَكَ۔ ثُمَّ ائْتِنَا، إِذَا جَاءَ خَادِمُنَا، نُعْطِكَ وَرِقَكَ۔ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: كَلَّا وَاللّٰهِ! لَتُعْطِيَنَّهُ وَرِقَهُ أَوْ لَتَرُدَّنَّ إِلَيْهِ ذَهَبَهُ۔ فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَرِقُ بِالذَّهَبِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ۔" (ص:۲۴ سطر:۱۱ تا ۱۴)

قوله: "مَنْ يَصْطَرِفُ الدَّرَاهِمَ؟" (ص:۲۴ سطر:۱۲)

یعنی کون ہے جو دراہم کی بیع (صَرْف) سونے سے کرے؟ یعنی مجھے سونے کے عوض میں دراہم دے؟

قوله: "إِلَّا هاءَ وهاءَ" (ص:۲۴ سطر:۱۴)

یعنی متعاقدین ایک دوسرے سے کہیں "یہ لو" اسم فعل ہے بمعنی امر (ذکرہ النووی)[1]۔ اس سے مالکیہ نے اس پر استدلال کیا ہے کہ بیع الصرف میں تقابض عند العقد شرط ہے، چنانچہ اگر تقابض کو عقد سے مؤخر کیا، اگرچہ مجلسِ عقد ہی میں کر لیا، تو عقد صحیح نہ ہوگا، لیکن حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک تقابض فی المجلس کافی ہے، اگرچہ مجلس کتنی ہی طویل ہو، عند العقد ہونا شرط نہیں[2]، اور اس حدیث کے مذکورہ الفاظ میں دونوں صورتوں کی گنجائش ہے۔

احادیثِ باب میں مندرجہ ذیل چھ اشیاء کی بیع ہم جنس سے ہونے کی صورت میں تفاضل

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۴، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۶۷، والمعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۲۰۰۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۴، وتکملۃ فتح الملہم ج:۱ ص:۳۷۳، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۶۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور نساء کو حرام کیا گیا ہے، اور ان کو اموالِ ربویہ کہا جاتا ہے، اگر اموالِ ربویہ کی بیع ایک دوسرے کے عوض میں اس طرح ہو کہ وہ ہم جنس نہ ہوں، مثلاً سونے کی بیع چاندی سے، تو تفاضل جائز اور نساء حرام ہے، "وهذا بالاجماع بين الفقهاء"، وہ اشیاء یہ ہیں: ۱-سونا، ۲-چاندی، ۳-گندم، ۴-جو، ۵-تمر، ۶-نمک۔ اگلی حدیث میں جو حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کی روایت آرہی ہے، اُس میں اِن چھ اشیاء کی صراحت ہے۔

فقہاء کا اختلاف اس میں ہے کہ یہ حکم ان اشیائے مذکورہ ہی کے ساتھ خاص ہے یا معلول بالعلۃ ہے کہ دیگر جن اشیاء میں یہ علت پائی جائے ان کا بھی یہی حکم ہو؟

طاؤسؒ، قتادہؒ، داؤد ظاہریؒ، شعبیؒ، مسروقؒ اور عثمان البتیؒ نے پہلا مذہب اختیار کیا ہے، چنانچہ ان کے نزدیک ان اشیائے ستہ کے سوا کسی شئ کی بیع میں تفاضل یا نسا ممنوع نہیں، منکرینِ قیاس کا یہی مذہب ہے۔

لیکن قیاس کو حجت ماننے والے تمام فقہاء کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ حکم معلول بالعلۃ ہے، اور مذکورہ اشیائے ستہ میں منحصر نہیں، جن دیگر اشیاء میں علتِ ربا پائی جائے گی ان میں بھی تفاضل اور نسیئہ حرام ہوگا، پھر ان حضرات میں اُس علت کی تعیین میں اختلاف ہوا۔

امام ابوحنیفہؒ اور امام احمدؒ اور متعدد دوسرے فقہاء کے نزدیک وہ علت سونے اور چاندی میں وزن ہے مع التجانس، اور باقی چار اشیاء میں کَیل ہے مع التجانس، چنانچہ ان کے نزدیک کسی بھی مکیل یا موزون کی بیع جب ہم جنس سے ہوگی تو تفاضل اور نسیئہ حرام ہوگا، اور ربا متحقق ہو جائے گا، اگرچہ وہ شئ مذکورہ بالا چھ اشیاء کے علاوہ ہو۔

امام شافعیؒ کا مذہب اور امام احمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ علتِ ربا، سونے اور چاندی میں ثمنیت ہے مع التجانس، اور باقی اشیائے اربعہ میں علت "مطعوم" ہونا ہے مع التجانس، لما يأتي في الباب عن معمر أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع الطعام بالطعام الا مثلًا بمثل۔

مالکیہ کے نزدیک علتِ ربا سونے چاندی میں ثمنیت ہے مع التجانس، اور باقی اشیائے اربعہ میں علت "ادخار" ہے مع التجانس، اور بعض مالکیہ نے "ادخار" کے ساتھ "اقتیات" کی بھی قید لگائی ہے، چنانچہ اگر کوئی چیز ذخیرہ کئے جانے کے قابل ہو، مگر وہ غذا کے قبیل

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے نہ ہو تو تفاضل بعض مالکیہ کے نزدیک حرام ہوگا، بعض کے نزدیک نہیں۔ (۱)

۴۰۳۷- "حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ قَالَ: كُنْتُ بِالشَّامِ فِي حَلْقَةٍ فِيهَا مُسْلِمُ بْنُ يَسَارٍ۔ فَجَاءَ أَبُو الْأَشْعَثِ، قَالَ: قَالُوْا: أَبُو الْأَشْعَثِ؟ فَقُلْتُ: أَبُو الْأَشْعَثِ۔ فَجَلَسَ فَقُلْتُ لَهُ: حَدِّثْ أَخَانَا حَدِيثَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ۔ قَالَ: نَعَمْ، غَزَوْنَا غَزَاةً، وَعَلَى النَّاسِ مُعَاوِيَةُ، فَغَنِمْنَا غَنَائِمَ كَثِيرَةً۔ فَكَانَ فِيمَا غَنِمْنَا آنِيَةٌ مِنْ فِضَّةٍ، فَأَمَرَ مُعَاوِيَةُ رَجُلًا أَنْ يَبِيعَهَا فِي أَعْطِيَاتِ النَّاسِ۔ فَتَسَارَعَ النَّاسُ فِي ذٰلِكَ۔ فَبَلَغَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ فَقَامَ فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ بَيْعِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ وَالْبُرِّ بِالْبُرِّ وَالشَّعِيْرِ بِالشَّعِيْرِ وَالتَّمْرِ بِالتَّمْرِ وَالْمِلْحِ بِالْمِلْحِ إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ عَيْنًا بِعَيْنٍ، فَمَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبٰى، فَرَدَّ النَّاسُ مَا أَخَذُوْا۔ فَبَلَغَ ذٰلِكَ مُعَاوِيَةَ فَقَامَ خَطِيْبًا فَقَالَ: أَلَا مَا بَالُ رِجَالٍ يَتَحَدَّثُوْنَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَادِيْثَ۔ قَدْ كُنَّا نَشْهَدُهُ وَنَصْحَبُهُ فَلَمْ نَسْمَعْهَا مِنْهُ۔ فَقَامَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَأَعَادَ الْقِصَّةَ۔ فَقَالَ: لَنُحَدِّثَنَّ بِمَا سَمِعْنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنْ كَرِهَ مُعَاوِيَةُ -أَوْ قَالَ: وَإِنْ رَغِمَ- مَا أُبَالِيْ أَنْ لَا أَصْحَبَهُ فِيْ جُنْدِهِ لَيْلَةً سَوْدَاءَ۔ قَالَ حَمَّادٌ هٰذَا أَوْ نَحْوَهُ۔" (ص:۲۴ سطر:۱۵ تا ص:۲۵ سطر:۳)

قوله: "قَالُوْا: أَبُو الْأَشْعَثِ"؟ (ص:۲۴ سطر:۱۶)

یعنی حاضرین نے ابوقلابہ سے پوچھا: "أهذا أبو الأشعث" (ہمزہ استفہام اور مبتدا محذوف ہے)۔

قوله: "فَقُلْتُ: أَبُو الْأَشْعَثِ" (ص:۲۴ سطر:۱۶)

یعنی ابوقلابہ کہتے ہیں میں نے کہا: ہاں! یہ ابوالاشعث ہیں۔ یہاں بھی نعم اور هذا مبتداء محذوف ہے۔

(۱) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۷۰، وشرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۲۳، ۲۴، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۶۹، ۲۷۰، وعمدة القاري ج:۱۱ ص:۲۵۲، ۲۵۳ كتاب البيوع، باب ما يُذكر في بيع الطعام والحكرة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "حَدِّثْ أَخَانَا" (ص:۲۴ سطر:۱۶)

أي يا أخانا، یعنی حرفِ نداء محذوف ہے، اور مطلب یہ ہے کہ ابوقلابہ نے ابوالاشعث سے کہا کہ: اے ہمارے بھائی! عُبادۃ بن الصامتؓ کی حدیث سنایئے۔(۱)

قوله: "أَنْ يَّبِيْعَهَا فِيْ أَعْطِيَاتِ النَّاسِ" (ص:۲۴ سطر:۱۷)

یہاں چاندی کے اس برتن کی بیع عطایا کے عوض میں کرنے کی دوصورتیں ہوسکتی ہیں، ایک یہ کہ لوگوں کو جو عطایا ہر سال یا ہر چھ ماہ بعد، دراہم کی صورت میں ملا کرتے تھے، حضرت معاویہؓ نے یہ ارادہ کیا ہو کہ جو شخص یہ برتن لے گا، عطیہ ملنے کے وقت اس کے عطیہ میں سے اس برتن کی قیمت کے برابر دراہم منہا کر کے باقی عطیہ دے دیا جائے گا۔(۲)

اور دُوسری صورت یہ ممکن ہے کہ حضرت معاویہؓ نے اس برتن کو ثمن مؤجل (دراهم مطلقاً بدون قيد لكونها من العطية) کے عوض فروخت کرنے کا ارادہ کیا ہو، اور اجل خروج عطیہ کے وقت کو قرار دیا ہو۔

پہلی صورت میں شرعاً کوئی اشکال نہیں، کیونکہ یہ درحقیقت بیع ہے ہی نہیں بلکہ ایک مستقل عطیہ ہے، اور حاکمِ وقت کو اختیار ہے کہ چاہے اصحاب العطایا کو دراہم ودنانیر دے، اور چاہے تو کوئی عین دیدے، یا کچھ عطیہ دراہم ودنانیر کی صورت میں اور کچھ عین کی صورت میں دیدے، پس حضرت معاویہؓ کی مراد یہ ہوگی کہ جو شخص چاہے وہ بعد میں ملنے والے دراہم کے بجائے یہ برتن لے لے، اور اس پر لفظ بیع کا اطلاق اس وجہ سے کیا کہ یہ اگرچہ حقیقۃً بیع نہیں، مگر صورۃً بیع ہے۔

اور دُوسری صورت بلاشبہ حرام ہے، کیونکہ وہ حقیقۃً بیع ہے مع تأجيل أحد البدلين في الصرف، اور حضرت عُبادَۃ بن الصامتؓ کی نکیر جو آگے اسی حدیث میں آرہی ہے، اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت مُعاویہؓ نے دُوسری صورت کا حکم دیا تھا، اور ان کا عذر بعض علماء نے یہ بیان کیا ہے کہ ان کو ربا الفضل کی حرمت کی حدیث نہیں پہنچی ہوگی،(۳) جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے بارے میں پیچھے روایت میں آچکا ہے کہ ان کو بھی اس کی حرمت کا علم نہ تھا، بعد میں ہوا، اور حضرت مُعاویہؓ نے اپنا

---

(۱) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۷۳۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۵۶، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۷۳۔

(۳) المفهم للقرطبيؒ ج:۴ ص:۴۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ عذر خود بھی اسی روایت میں بیان فرمادیا ہے کہ: "قَدْ کُنَّا نَشْهَدُهُ وَنَصْحَبُهُ فَلَمْ نَسْمَعْهَا مِنْهُ" (ص:۲۵ سطر:۲)۔

لیکن حضرت مُعاویہؓ کے اس اعتذار پر اِشکال ہوتا ہے کہ جب ان کو عُبادۃ بن الصامتؓ جیسے جلیل القدر صحابی کی روایت مرفوعاً معلوم ہوگئی، تو انہوں نے اسے کیوں قبول نہیں کیا؟ اور اُلٹا اعتراض حضرت عبادۃ پر کیوں کردیا؟

اس اِشکال کا صحیح جواب سُنن ابنِ ماجہ کی روایت کی بناء پر، جو آگے ہم نقل کریں گے، یہ ہے کہ حضرت عُبادۃ بن الصامتؓ کا اس بیع پر اعتراض تفاضل کی وجہ سے بھی تھا، اور نسیئہ کی وجہ سے بھی، اور حضرت مُعاویہؓ نے ان کا اعتراض نسیئہ پر تو قبول کرلیا لیکن تفاضل کا اعتراض اس لئے قبول نہیں کیا کہ ان کے نزدیک "تبر فضة" کی بیع "تبر فضة" سے تو متفاضلًا حرام ہے، لیکن تبر کی بیع، مسکوک یا مصنوع سے متفاضلًا جائز ہے، "اذا کان یدًا بید"، یہی مذہب علامہ ابن القیّم رحمۃ اللہ علیہ کا بھی نقل کیا گیا ہے۔ اور وہ حدیثِ عُبادۃ کو "اَلتِّبْرُ بِالتِّبْرِ" پر محمول فرماتے تھے، ابنِ ماجہ کی وہ روایت یہ ہے[1]:-

حدثنا هشام بن عمار ثنا یحیٰی بن حمزة حدثنی بُرد بن سنان عن اسحاق بن قبیصة عن ابیه أن عُبادةَ بن الصامت الأنصاری النقیب صاحب رسول الله صلی الله علیه وسلم غزیٰ مع معاویة أرض الروم فنظر الی الناس وهم یتبایعون کِسَر الذهب بالدنانیر وکِسَر الفضة بالدراهم فقال: یا أیها الناس! انکم تأکلون الربا، سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: "لا تبتاعوا الذهب بالذهب الا مثلا بمثل لا زیادة بینهما ولا نَظِرَةً" (ای النسیئة۔ رفیع) فقال له معاویة: یا أبا الولید! لا اری الربا فی هذا الا ما کان من نَظِرَةٍ، فقال عبادة: أحدثك عن رسول الله صلی الله علیه وسلم وتحدثنی عن رأیك، لئن أخرجنی الله لا أساکنك بأرض لك علیّ فیها إمرة، فلما قفل لحق بالمدینة، فقال له عمر بن الخطاب: "ما اقدمك یا أبا الولید؟" فقص علیه القصة، وما قال من مساکنته فقال: "ارجع یا أبا

(۱) سنن ابن ماجة باب اتباع سنة رسول الله صلی الله علیه وسلم ج:۱ ص:۲، ۳۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الوليد الى أرضك فقبّح الله أرضا لست فيها وأمثالك" وكتب إلى
معاوية: "لا إمرة لك عليه، واحمل الناس على ما قال، فانه هو الامر۔"
اس روایت سے واضح ہے کہ حضرت معاویہؓ نے نہ اس حدیث کا انکار کیا تھا، نہ اس کا معارضہ کیا تھا، بلکہ صَرف میں نساء کی حرمت کو بھی اس کے ظاہر ہی پر محمول کیا تھا، البتہ تفاضل کے حق میں اسے "بیع التبر بالتبر" پر محمول کر کے بیع التبر بالمصوغ اور بیع الآنیة بالدراھم میں تفاضل کو اپنے اجتہاد سے جائز قرار دیا تھا، مگر اس اجتہاد کو نہ حضرت عبادۃؓ نے قبول کیا، نہ امیر المؤمنینؓ فاروقِ اعظمؓ نے، چنانچہ حضرت فاروقِ اعظمؓ نے حضرت معاویہؓ کو صراحۃً لکھ دیا کہ عُبادۃ نے جو کہا وہی (میرا یا شریعت) کا حکم ہے، بظاہر حضرت معاویہؓ نے اپنے قول سے اس خط کے بعد رُجوع کر لیا ہوگا، یا اپنے اجتہاد پر باقی رہتے ہوئے امیر المؤمنینؓ کا فیصلہ نافذ کیا ہوگا۔ لأنَّ حُكمَ الحاكِمِ رَافِعٌ للخلاف۔

قوله: (في حديث عبادة) "عينًا بعَيْنٍ" (ص:۲۴ سطر:۱۹)

حنفیہ کے نزدیک سونے اور چاندی کی بیع میں تو تقابض فی المجلس ضروری ہے، باقی اموالِ رِبویہ میں محض تعیین فی المجلس بالاشارة ونحوھا کافی ہے، تقابض ضروری نہیں، اور استدلال اسی حدیث سے ہے کہ اس میں "عینا بعین" کو جواز کے لئے کافی قرار دیا گیا ہے،(۱) امام شافعیؒ کے نزدیک تمام اموالِ رِبویہ میں تقابض فی المجلس ضروری ہے، لقوله عليه الصلوٰة والسلام في رواية أخرى: "يدًا بيدٍ"۔(۲)

سوال: اس حدیث (حدیثِ عبادۃ) میں سونے چاندی سمیت تمام اموالِ رِبویہ کے لئے "عینًا بعین" کو کافی قرار دیا گیا ہے، لہٰذا سونے چاندی میں بھی صرف تعیین فی المجلس کافی ہونی چاہیے، تقابض ضروری نہ ہونا چاہیے؟

جواب یہ ہے کہ درحقیقت ہمارے نزدیک سونے چاندی میں بھی صرف تعیین کافی ہے، لیکن شریعت کا اُصول یہ ہے کہ "الاثمان لا تتعین بالتعیین" یعنی سونا چاندی، اشارہ وغیرہ کے ذریعے متعین نہیں ہوتے، بلکہ وہ صرف تقابض سے ہی متعین ہو سکتے ہیں، لہٰذا ہم نے سونے چاندی میں تقابض کی شرط تعیین حاصل کرنے ہی کے لئے لگائی ہے، اس لئے نہیں کہ تقابض فی نفسہٖ ضروری

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۷۴ وفتح القدير ج:۶ ص:۱۶۱، ۱۶۲ كتاب البيوع، باب الربا۔
(۲) شرح صحيح مسلم للنوويّ ج:۲ ص:۲۵ وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۷۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے، (قاله ابن الهمام في شرح الهداية)۔[1] پس دُوسری روایات میں "یدًا بیدٍ" کے لفظ سے بھی اصلی مقصود تعیین ہے، جو سونے چاندی میں تقابض سے حاصل ہوتی ہے، اور باقی اموالِ ربویہ میں اشارة ونحوها سے بھی حاصل ہوجاتی ہے۔

قوله: "فِيْ جُنْدِهٖ لَيْلَةً سَوْدَاءَ" (ص:۲۵ سطر:۳)

یعنی مجھے پروا نہیں کہ میں معاویہؓ کے لشکر میں ان کے ساتھ تاریک رات میں نہ رہوں، مطلب یہ ہے کہ معاویہؓ کے ساتھ مجھے تاریک راتوں میں سفر میں رہنا ہوتا ہے، اگر معاویہؓ مجھے اپنے لشکر سے الگ کر دیں اور میں ان کے ساتھ نہ رہوں تو مجھے اس کی پروا نہیں۔

۴۰۴۹- "حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي إِسْحَاقَ قَالَ: نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْفِضَّةِ بِالْفِضَّةِ، وَالذَّهَبِ بِالذَّهَبِ، إِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ۔ وَاَمَرَنَا اَنْ نَشْتَرِيَ الْفِضَّةَ بِالذَّهَبِ كَيْفَ شِئْنَا، وَنَشْتَرِيَ الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ كَيْفَ شِئْنَا۔ قَالَ فَسَاَلَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ: يَدًا بِيَدٍ؟ فَقَالَ: هٰكَذَا سَمِعْتُ۔" (ص:۲۵ سطر:۲۱ تا ۲۴)

قوله: "كَيْفَ شِئْنَا" (ص:۲۵ سطر:۲۳)

یعنی جب جنسیں مختلف ہوں تو ہمیں اختیار دیا کہ بیع تفاضلاً کریں یا سواءً بسواءٍ (نوویؒ)۔[2]

قوله: "فَقَالَ: هٰكذا سَمِعْتُ" (ص:۲۵ سطر:۲۳ و ۲۴)

اي ليس فيه لفظ "يدًا بيدٍ" (كذا في الحل المفهم)۔[3] اگرچہ اس حدیث میں یدًا بید کی قید مذکور نہیں لیکن پچھلی حدیث میں نهي بيع الورق بالذهب دينًا کی صراحت موجود ہے۔

۴۰۵۱- "حَدَّثَنِيْ اَبُو الطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ قَالَ: اَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُوْهَانِيءٍ الْخَوْلَانِيُّ اَنَّهٗ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ رَبَاحٍ اللَّخْمِيَّ يَقُوْلُ:

(۱) فتح القدير ج:٦ ص:١٦١ كتاب البيوع، باب الربا، والشامية ج:۵ ص:۱۷۸ كتاب البيوع، باب الربا، مطلب استقراض الدراهم عددًا، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۷۴۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۲۵۔

(۳) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۵۷ وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۷۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سَمِعْتُ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ الْاَنْصَارِيَّ يَقُوْلُ: اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِخَيْبَرَ بِقِلَادَةٍ، فِيْهَا خَرَزٌ وَذَهَبٌ، وَهِيَ مِنَ الْمَغَانِمِ تُبَاعُ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالذَّهَبِ الَّذِيْ فِي الْقِلَادَةِ فَنُزِعَ وَحْدَهٗ ثُمَّ قَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَلذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ۔" (ص:۲۵ سطر:۲۵ تا ۲۷)

قوله: "عَلِيَّ بْنَ رَبَاحٍ" (ص:۲۵ سطر:۲۶)

بضمّ العين على المشهور، وقيل بفتحها، وقيل: يقال بالوجهين، فبالفتح اسم وبالضمّ لقب (نووی)۔[1]

۴۰۵۲- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ عَنْ اَبِيْ شُجَاعٍ سَعِيْدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ عِمْرَانَ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: اشْتَرَيْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ قِلَادَةً بِاثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا فِيْهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ، فَفَصَّلْتُهَا فَوَجَدْتُ فِيْهَا اَكْثَرَ مِنِ اثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا تُبَاعُ حَتّٰى تُفَصَّلَ۔" (ص:۲۵ سطر:۲۸ تا ۳۰)

قوله: "لَا تُبَاعُ حَتّٰى تُفَصَّلَ" (ص:۲۵ سطر:۳۰)

علامہ نوویؒ نے اس حدیث سے امام شافعیؒ وامام احمدؒ کے اس قول پر استدلال کیا ہے کہ جو سونا کسی اور چیز کے ساتھ مرکب ہو (جیسا کہ اس قلادہ میں تھا) اس کی بیع منفرد سونے سے جائز نہیں، خواہ مرکب سونا منفرد سے زیادہ ہو یا کم یا برابر، اِلَّا یہ کہ مرکب سونے کو دُوسری چیز سے الگ کرلیا جائے، تو اس صورت میں تماثل کے ساتھ بیع جائز ہوگی اور یہی حکم ان کے نزدیک باقی تمام اموالِ ربویہ کا ہے۔

حنفیہ کے نزدیک ایسے مرکب سونے کی بیع اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ اس کے مقابلے میں منفرد سونا یقیناً زائد ہو، کیونکہ اس صورت میں زائد سونا اس چیز کے عوض میں ہوگا جس کے ساتھ بیع کیا جانے والا سونا مرکب ہے، پس بیع الذهب بالذهب میں تفاضل لازم نہ آئے گا۔ اور اگر منفرد سونا مرکب سونے کے برابر یا اس سے کم ہو تو بیع باطل ہے کیونکہ برابر ہونے کی صورت میں بھی تفاضل

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لازم آتا ہے، اس لئے کہ سونے کے عوض میں تو سونا ہوگیا اور جس چیز کے ساتھ بیع کیا جانے والا سونا مرکب ہے وہ خالی عن العوض رہ گیا، اور اگر مرکب سونے کی مقدار معلوم نہ ہو تب بھی حنفیہ کے نزدیک بیع فاسد ہے، خلافاً لزفرؒ۔ (۱)

امام مالکؒ کا مذہب اس مسئلے میں یہ ہے کہ مرکب سونا اگر غیر ذہب کے تابع ہو تو اس کی بیع مطلقاً جائز ہے، اور تابع ہونے کا مطلب یہ ہے کہ سونا غیر ذہب کا ثلث یا ثلث سے کم ہو، پس ایسی تلوار کی بیع سونے کے عوض مطلقاً جائز ہے جس کو سونے کے نقش ونگار سے مزین کیا گیا ہو، بشرطیکہ اس میں لگا ہوا سونا، تلوار کے باقی اجزاء کے ثلث سے زائد نہ ہو۔

حنفیہ کی طرف سے حدیثِ باب کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ جس قلادہ کی سونے کے عوض بیع کرنے سے اس میں ممانعت فرمائی گئی ہے، اس میں حدیثِ باب ہی کی صراحت کے مطابق مرکب سونا ۱۲ دینار سے زیادہ تھا، اور ثمن (منفرد سونا) ۱۲ دینار تھا، اور اس صورت کو ہم بھی جائز نہیں کہتے، لہٰذا ہمارا مذہب اس حدیث کے خلاف نہیں، اور ظاہر ہے کہ حدیثِ باب میں "لا تباع حتی تفصل" فرمانے کی علت تفاضل سے اجتناب ہے، چنانچہ اسی واقعہ کی پچھلی روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد: "وَزْنًا بِوَزْنٍ" اس علت کے لئے صریح ہے۔ اور یہ اجتناب اس صورت میں بھی حاصل ہو جاتا ہے جسے ہم نے جائز قرار دیا ہے۔ (۲)

۴۰۵۴- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ: نَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنِ الْجُلَاحِ اَبِي كَثِيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي حَنَشٌ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ، نُبَايِعُ الْيَهُوْدَ الْاُوْقِيَةَ، الذَّهَبَ بِالدِّيْنَارَيْنِ وَالثَّلَاثَةِ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ۔" (ص:۲۶ سطر:۱،۲)

قوله: "نُبَايِعُ الْيَهُوْدَ الْاُوْقِيَةَ، الذَّهَبَ بِالدِّيْنَارَيْنِ وَالثَّلَاثَةِ" (ص:۲۶ سطر:۲)

---

(۱) البناية للعينيؒ ج:۳ ص:۲۱۷ كتاب البيوع، باب الربا۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۲۵، والمعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۲۰۰، ۲۰۱، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۷۹و۳۸۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علامہ نوویؒ نے اس کی تفسیر[1] بطور احتمال کے یہ فرمائی ہے کہ اوقیہ سونے اور خرز وغیرہ پر مشتمل تھا، اور اس مجموعے کو ۲ یا ۳ دینار کے عوض فروخت کرتے ہوں گے، اس کی ممانعت اس لئے فرمائی گئی کہ اس مجموعے میں سونا کتنا ہے؟ یہ معلوم نہ تھا، لہٰذا تفاضل سے بچنے کے لئے ممانعت فرمائی گئی، (اور جب سونے کی مقدار معلوم نہ ہو کہ وہ ثمن کے سونے سے کم ہے یا زیادہ؟ تو اس صورت میں بیع حنفیہ کے نزدیک بھی ناجائز ہے، جیسا کہ قلادہ کے مسئلے میں پیچھے بیان ہوا۔ رفیع)۔

۴۰۵۶- "حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ قَالَ: نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو ح قَالَ: وحَدَّثَنِي اَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: اَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اَنَّ اَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ اَنَّ بُسْرَ بْنَ سَعِيْدٍ، حَدَّثَهُ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّهُ اَرْسَلَ غُلَامَهُ بِصَاعِ قَمْحٍ، فَقَالَ: بِعْهُ ثُمَّ اشْتَرِ بِهِ شَعِيْرًا، فَذَهَبَ الْغُلَامُ فَاَخَذَ صَاعًا وَزِيَادَةَ بَعْضِ صَاعٍ۔ فَلَمَّا جَاءَ مَعْمَرًا اَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ۔ فَقَالَ لَهُ مَعْمَرٌ: لِمَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ، انْطَلِقْ فَرُدَّهُ، وَلَا تَاْخُذَنَّ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ، فَاِنِّي كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "اَلطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ"۔ وَكَانَ طَعَامُنَا يَوْمَئِذٍ الشَّعِيْرَ۔ قِيْلَ لَهُ: فَاِنَّهُ لَيْسَ بِمِثْلِهِ۔ قَالَ: اِنِّي اَخَافُ اَنْ يُّضَارِعَ۔" (ص:۲۶ سطر:۶ تا ۹)

قوله: "مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ" (ص:۲۶ سطر:۷)

صحابی ہیں اور مہاجرینِ متقدمین فی الاسلام میں سے ہیں (تکملة)۔[2]

قوله: "فَاِنَّهُ لَيْسَ بِمِثْلِهِ" (ص:۲۶ سطر:۹)

یعنی گندم شعیر کی جنس سے نہیں، لہٰذا تفاضل جائز ہے۔

قوله: "قَالَ: اِنِّي اَخَافُ اَنْ يُّضَارِعَ" (ص:۲۶ سطر:۹)

اَیْ یُشَابِہَ، (نووی)[3] یعنی مجھے ڈر ہے کہ ربا کے مسئلے میں گندم، شعیر کے مماثل، یعنی

---

(۱) اس تاویل کی وجہ علامہ نوویؒ نے یہ فرمائی ہے کہ: "الأوقية" اور "الوُقية" چالیس درہم کے وزن کا ہوتا ہے، اور ظاہر ہے اتنے زیادہ وزن کے سونے کو کوئی بھی دو یا تین دینار کے عوض فروخت نہیں کرتا (ج:۲ ص:۲۶)۔ رفیع

(۲) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۸۲، وتهذيب التهذيب ج:۵ ص:۳۸۲، وتهذيب الكمال ج:۲۸ ص:۳۱۴۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۲۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

متجانس ہو، اوران کے درمیان بھی تفاضل حرام ہو، یا مطلب یہ ہے کہ مجھے ڈر ہے کہ یہ بیع مشابہ رِبا ہو۔

اس سے امام مالکؒ نے اس پر استدلال کیا ہے کہ گندم اور جَو، حکماً جنس واحد ہیں، اوران کے درمیان بیع میں تفاضل حرام ہے،(۱) لیکن حنفیہ، شافعیہ اور جمہور کے نزدیک یہ الگ الگ جنسیں ہیں، اوران کے درمیان بیع میں تفاضل جائز ہے، جیسا کہ گندم اور چاول میں جائز ہے، اور دلیل حضرت عُبادۃؓ کی وہ روایت ہے جو پیچھے آچکی ہے، "فاذا اختلفت هٰذه الأصناف فبيعوا كيف شئتم اذا كان يدًا بيدٍ"۔

ہماری (جمہور کی) دلیل ابوداوُد(۲) ونسائی(۳) کی وہ روایت بھی ہے جو حضرت عُبادۃؓ ہی نے روایت کی ہے کہ: ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا بأس ببيع البرِ والشعيرِ والشعيرُ أكثرهما يدًا بيدٍ، كما ذكره النووي،(۴) اور حضرت معمر رضی اللہ عنہ کے عمل کا جواب ظاہر ہے، کہ انہوں نے یہ صراحت نہیں فرمائی کہ یہ دونوں ایک جنس ہیں، بلکہ تجانس کا محض خوف ظاہر فرمایا، اوراسی خوف کی وجہ سے بہ طور تقویٰ کے اپنے عمل میں احتراز فرمایا، دُوسروں کو فتویٰ نہیں دیا۔(۵)

۴۰۵۷- "حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ -يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ- عَنْ عَبْدِالْمَجِيْدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّهُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ وَاَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ حَدَّثَاهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَخَا بَنِي عَدِيِّ الْاَنْصَارِيَّ فَاسْتَعْمَلَهُ عَلٰى خَيْبَرَ۔ فَقَدِمَ بِتَمْرٍ جَنِيْبٍ۔ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ! يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّا لَنَشْتَرِي الصَّاعَ بِالصَّاعَيْنِ مِنَ الْجَمْعِ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

---

(۱) اعلاء السنن ج:۱۴ ص:۳۲۱ كتاب البيوع، باب جواز بيع الحنطة بالشعير متفاضلًا الخ، البر والشعير جنسان۔ رفيع

(۲) سنن أبي داؤد ج:۲ ص:۴۷۵ [illegible]اب البيوع، باب في الصرف۔

(۳) سنن النسائي ج:۲ ص:۲۲۱ [illegible]اب البيوع، بيع الشعير بالشعير۔

(۴) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ [illegible] ۲۶۔

(۵) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۲۶، والمعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۲۰۷، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۸۳، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۷۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا تَفْعَلُوْا وَلٰكِنْ مِثْلًا بِمِثْلٍ۔ اَوْ بِيْعُوْا هٰذَا وَاشْتَرُوْا بِثَمَنِهٖ مِنْ هٰذَا۔ وَكَذٰلِكَ الْمِيْزَانُ۔" (ص:۲٦ سطر:۹ تا ۱۳)

قوله: "الجَمْعِ" (ص:۲٦ سطر:۱۲)

بفتح الجيم واسكان الميم تمرٌ رَدِی، اور آگے اسی باب میں ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں اس کی تفسیر "وھو الخلط من التمر" سے کی گئی ہے، یعنی کھجوروں کا ایسا مجموعہ جس میں مختلف اقسام کی کھجوریں ہوں (نووی)۔[1] اور "الخلط" و "الخليط" دونوں کے معنی ہیں: مخلوط۔

قوله: "اَوْ بِيْعُوْا هٰذَا وَاشْتَرُوْا بِثَمَنِهٖ مِنْ هٰذَا" (ص:۲٦ سطر:۱۲و۱۳)

اس سے حیلے کا جواز ثابت ہوا، کیونکہ یہ بھی ایک حیلہ ہے اور جائز ہے۔[2]

قوله: "وَكَذٰلِكَ الْمِيْزَانُ" (ص:۲٦ سطر:۱۳)

یہ حنفیہ کی واضح دلیل ہے، اس پر کہ حرمتِ ربا الفضل کی علت موزون (یا مکیل) ہونا ہے مع التجانس۔[3]

۴۰۵۹- "حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ وَهُوَ ابْنُ سَلَّامٍ ح قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيْمِيُّ وَعَبْدُاللهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ -وَاللَّفْظُ لَهُمَا جَمِيْعًا- عَنْ يَحْيَى بْنِ حَسَّانٍ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ وَهُوَ ابْنُ سَلَّامٍ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ يَحْيٰى -وَهُوَ ابْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ- قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَبْدِالْغَافِرِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ يَقُوْلُ: جَاءَ بِلَالٌ بِتَمْرٍ بَرْنِيٍّ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مِنْ اَيْنَ هٰذَا؟" فَقَالَ بِلَالٌ: تَمْرٌ كَانَ عِنْدَنَا رَدِيٌّ فَبِعْتُ مِنْهُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ لِمَطْعَمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ: "اَوَّهْ عَيْنُ الرِّبَا، لَا تَفْعَلْ وَلٰكِنْ اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَشْتَرِيَ التَّمْرَ فَبِعْهُ

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۲٦۔

(۲) حوالۂ بالا۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۲٦ وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۸۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بِبَيْعٍ آخَرَ ثُمَّ اشْتَرِ بِهٖ۔" لَمْ يَذْكُرِ ابْنُ سَهْلٍ فِيْ حَدِيْثِهٖ عِنْدَ ذٰلِكَ۔"

(ص:۲۶ سطر:۱۶تا۲۰)

قوله: "اَوَّهْ" (ص:۲۶ سطر:۱۹)

یہ کلمہ اظہارِ افسوس کے لئے بولا جاتا ہے، بفتح الهمزة وتشديد الواو المفتوحة وسکون الهاء، اس میں اور بھی کئی لغات ہیں جو علامہ نوویؒ نے شرح میں ذکر کئے ہیں۔ (۱)

۴۰۶۲- "حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ؟ فَقَالَ: أَيَدًا بِيَدٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ۔ قَالَ: لَا بَأْسَ بِهٖ۔ فَأَخْبَرْتُ أَبَا سَعِيْدٍ۔ فَقُلْتُ: إِنِّي سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ؟ فَقَالَ: أَيَدًا بِيَدٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ۔ قَالَ: فَلَا بَأْسَ بِهٖ۔ قَالَ: أَوَ قَالَ ذٰلِكَ؟ إِنَّا سَنَكْتُبُ إِلَيْهِ فَلَا يُفْتِيْكُمُوْهُ۔ قَالَ: فَوَاللّٰهِ! لَقَدْ جَاءَ بَعْضُ فِتْيَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ فَأَنْكَرَهُ۔ فَقَالَ: كَأَنَّ هٰذَا لَيْسَ مِنْ تَمْرِ أَرْضِنَا۔ قَالَ: كَانَ فِي تَمْرِ أَرْضِنَا -أَوْ فِي تَمْرِنَا- الْعَامَ، بَعْضُ الشَّيْءِ، فَأَخَذْتُ هٰذَا وَزِدْتُ بَعْضَ الزِّيَادَةِ۔ فَقَالَ: أَضْعَفْتَ، أَرْبَيْتَ۔ لَا تَقْرَبَنَّ هٰذَا۔ إِذَا رَابَكَ مِنْ تَمْرِكَ شَيْءٌ، فَبِعْهُ ثُمَّ اشْتَرِ الَّذِيْ تُرِيْدُ مِنَ التَّمْرِ۔" (ص:۲۷ سطر:۵تا۹)

قوله: "عَنِ الصَّرْفِ" (ص:۲۷ سطر:۵) ای مبادلة الثمن بالثمن۔ (۲)

قوله: فَقَالَ: أَيَدًا بِيَدٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ۔ قَالَ: فَلَا بَأْسَ بِهٖ" (ص:۲۷ سطر:۶)

حضرت ابنِ عباسؓ کا مذہب پہلے یہی تھا کہ بیع الصرف جب متجانسین میں ہو ذھب کی بیع ذھب سے یا فضة کی بیع فضة سے، تو اس صورت میں بھی صرف نساء حرام ہے اور تفاضل جائز ہے، اُن کی دلیل آگے آ رہی ہے۔

قوله: "إِذَا رَابَكَ" (ص:۲۷ سطر:۸) یعنی تجھے تردُّد میں یا وہم میں ڈالے۔

۴۰۶۳- "حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ: أَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى قَالَ: أَنَا دَاوُدُ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ وَابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ؟ فَلَمْ يَرَيَا بِهٖ بَأْسًا۔ فَإِنِّي

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۲۶،۲۷۔

(۲) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۸۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لَقَاعِدٌ عِنْدَ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ فَسَأَلْتُهُ عَنِ الصَّرْفِ؟ فَقَالَ: مَا زَادَ فَهُوَ رِبًا۔ فَأَنْكَرْتُ ذٰلِكَ لِقَوْلِهِمَا، فَقَالَ: لَا أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُ صَاحِبُ نَخْلَةٍ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ طَيِّبٍ۔ وَكَانَ تَمْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا اللَّوْنَ۔ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "أَنّٰى لَكَ هٰذَا؟" قَالَ: انْطَلَقْتُ بِصَاعَيْنِ فَاشْتَرَيْتُ بِهِ هٰذَا الصَّاعَ۔ فَإِنَّ سِعْرَ هٰذَا فِي السُّوْقِ كَذَا۔ وَسِعْرَ هٰذَا كَذَا۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "وَيْلَكَ أَرْبَيْتَ۔ إِذَا أَرَدْتَ ذٰلِكَ فَبِعْ تَمْرَكَ بِسِلْعَةٍ، ثُمَّ اشْتَرِ بِسِلْعَتِكَ أَيَّ تَمْرٍ شِئْتَ"۔

قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: فَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ أَحَقُّ أَنْ يَكُوْنَ رِبًا أَمِ الْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ؟ قَالَ: فَأَتَيْتُ ابْنَ عُمَرَ بَعْدُ، فَنَهَانِي۔ وَلَمْ آتِ ابْنَ عَبَّاسٍ۔ قَالَ: فَحَدَّثَنِي أَبُو الصَّهْبَاءِ أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْهُ بِمَكَّةَ، فَكَرِهَهُ۔" (ص:۲۷ سطر:۹ تا ۱۴)

قوله: "فَلَمْ يَرَيَا بِهِ بَأْسًا" (ص:۲۷ سطر:۹)

معلوم ہوا کہ حضرت ابنِ عمرؓ کا مذہب بھی پہلے حضرت ابنِ عباسؓ کے موافق تھا۔ (۱)

قوله: "فَنَهَانِي" (ص:۲۷ سطر:۱۳)

یعنی صَرف میں (جبکہ بیع متجانسین میں ہو) تفاضل سے بھی منع فرما دیا، معلوم ہوا کہ حضرت ابنِ عمرؓ نے اپنے قول سے رُجوع کرلیا تھا۔ (۲)

قوله: "سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْهُ بِمَكَّةَ، فَكَرِهَهُ" (ص:۲۷ سطر:۱۴)

یہاں صراحت ہے کہ حضرت ابنِ عباسؓ نے بھی رُجوع فرمالیا تھا۔ (۳)

۴۰۶۴- "حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيْعًا عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ عَبَّادٍ- قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي صَالِحٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ: الدِّيْنَارُ بِالدِّيْنَارِ، وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ مِثْلًا بِمِثْلٍ۔ مَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبٰى۔ فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ غَيْرَ هٰذَا۔

(۱) إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۷۷، وشرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۲۷، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۲۸۰۔ (۲) حوالۂ بالا۔ (۳) حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَقَالَ: لَقَدْ لَقِيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ۔ فَقُلْتُ: اَرَاَيْتَ هٰذَا الَّذِيْ تَقُوْلُ اَشَيْءٌ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ وَجَدْتَهُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ؟ فَقَالَ: لَمْ اَسْمَعْهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ اَجِدْهُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ۔ وَلٰكِنْ حَدَّثَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اَلرِّبَا فِي النَّسِيْئَةِ۔" (ص:۲۷ سطر:۱۴ تا ۱۸)

قوله: "اَلرِّبَا فِي النَّسِيْئَةِ" (ص:۲۷ سطر:۱۸)

اگلی روایت میں "انما الربا فی النسیئة" ہے، اوراس سے اگلی روایت میں اورزیادہ صریح الفاظ ہیں کہ: "لا ربا فی ما کان یدًا بیدٍ" ان تینوں روایات سے حضرت ابنِ عباسؓ نے صَرف میں مطلقاً تفاضل کے جواز پر استدلال کیا تھا، لیکن تفاضل کے جواز میں یہ روایات صریح نہیں، برخلاف حضرت عبادة بن الصامتؓ کی روایت کے کہ وہ متجانسین میں تفاضل کی حرمت میں صریح ہے، اور حضرت ابوسعیدؓ کی روایت بھی صریح ہے، اسی لئے حضرت ابنِ عباسؓ وابنِ عمرؓ کو جب حدیث پہنچی تو رُجوع فرمالیا۔ (۱)

اوران تین روایات کے جوابات مندرجہ ذیل دیئے گئے ہیں:-

۱- ایک یہ کہ ان کا تعلق اس صورت سے ہے جبکہ اموالِ ربویہ کی بیع بغیر جنسها ہو، مثلاً سونے کی بیع چاندی سے، اور گندم کی بیع شعیر سے ہو، یہ جواب شمس الائمہ سرخسیؒ نے مبسوط میں اور حضرت گنگوہیؒ نے "الحل المفهم" میں دیا ہے۔ (۲)

۲- دُوسرا جواب فتح الباری میں نقل کیا گیا ہے کہ ان کا تعلق رِبا القرآن سے ہے، جسے "رِبٰوا النسیئة" بھی کہا جاتا ہے کہ وہ رِبا صرف قرض میں ہوتا ہے، بیع میں نہیں ہوتا، یعنی رِبا الفضل سے ان احادیث کا تعلق نہیں۔ (۳)

---

(۱) إکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۷۷، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۲۷، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۲۸۰۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۵۸، والکوکب الدری ج:۲ ص:۲۹۴ ابواب البیوع، باب الصرف، ومبسوط السرخسیؒ ج:۱۲ ص:۱۱۲۔

(۳) فتح الباری ج:۴ ص:۳۸۲ کتاب البیوع، بیع الدینار بالدینار نسأ، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۸۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳۔ تیسرا جواب ابنِ رشدؒ سے منقول ہے کہ ان احادیث میں مراد یہ ہے کہ ربا کا معاملہ عموماً اور بیشتر قرض میں ہوتا ہے، جسے ربٰوا النسیئۃ کہا جاتا ہے، ربٰوا الفضل کا رواج بہت کم ہے، واللہ اعلم۔[۱]

۴۰۶۷۔ "حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ: حَدَّثَنِيْ هِقْلٌ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَطَاءُ بْنُ اَبِيْ رَبَاحٍ اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ لَقِيَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَهٗ: اَرَاَيْتَ قَوْلَكَ فِي الصَّرْفِ، شَيْئًا سَمِعْتَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَمْ شَيْءٌ وَجَدْتَهٗ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ؟ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَلَّا، لَا اَقُوْلُ۔ اَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْتُمْ اَعْلَمُ بِهٖ۔ وَاَمَّا كِتَابُ اللّٰهِ فَلَا اَعْلَمُهٗ۔ وَلٰكِنْ حَدَّثَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّمَا الرِّبَا فِي النَّسِيْئَةِ۔"

(ص:۲۷ سطر:۲۱تا۲۴)

قوله: "فَاَنْتُمْ اَعْلَمُ بِهٖ" (ص:۲۷ سطر:۲۳) لطول صحبتكم۔

قوله: "وَاَمَّا كِتَابُ اللّٰهِ فَلَا اَعْلَمُهٗ" (ص:۲۷ سطر:۲۳)

أی لا أعلم أن ذٰلك فيه۔ (الحل المفهم بزيادة ايضاح)۔[۲]

۴۰۶۸۔ "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالُوْا: نَا هُشَيْمٌ اَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبَا وَمُؤْكِلَهٗ وَكَاتِبَهٗ وَشَاهِدَيْهِ وَقَالَ: هُمْ سَوَاءٌ۔" (ص:۲۷ سطر:۲۵،۲۶)

قوله: "وَكَاتِبَهٗ وَشَاهِدَيْهِ" (ص:۲۷ سطر:۲۶)

معلوم ہوا کہ ایسی ملازمت حرام ہے جس میں سود کا معاملہ یا حساب کتاب کرنا ہو، اور یہ عمل حرام ہونے کی وجہ سے اس عمل کا معاوضہ یا تنخواہ وغیرہ بھی حرام ہے۔ چنانچہ سودی بینکوں اور رائج الوقت انشورنس کمپنیوں اور مالیاتی اداروں میں بھی ایسی ملازمت جائز نہیں جس میں سود کا معاملہ یا اس کا حساب کتاب یا گواہی کا کام کرنا پڑے۔ اور اس عمل کی تنخواہ بھی حرام ہے۔

(۱) بداية المجتهد ج:۲ ص:۱۵۸، القسم الثالث القول فی الأحكام العامة للبيوع الصحيحة، الجملة الرابعة فی اختلاف المتبايعين۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۵۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب أخذ الحلال وترك الشبهات (ص:۲۸)

۴۰۷۰- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرِ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: -وَاَهْوَى النُّعْمَانُ بِاِصْبَعَيْهِ إِلٰى اُذُنَيْهِ- إِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَإِنَّ الْحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ۔ فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ اسْتَبْرَاَ لِدِيْنِهٖ وَعِرْضِهٖ۔ وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الْحَرَامِ، كَالرَّاعِيْ يَرْعٰى حَوْلَ الْحِمٰى يُوْشِكُ اَنْ يَرْتَعَ فِيْهِ، اَلَا وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى۔ اَلَا وَإِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَحَارِمُهٗ۔ اَلَا وَإِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ، وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ، اَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ۔" (ص:۲۸ سطر:۱تا۴)

قوله: "وَاَهْوَى النُّعْمَانُ بِاِصْبَعَيْهِ إِلٰى اُذُنَيْهِ" (ص:۲۸ سطر:۲)

اهــوٰى إهــواء باب افعال سے ہے، لغت میں اس کے کئی معنی آتے ہیں، گرنا، اُوپر سے ڈالنا، ہاتھ بڑھانا، ہاتھ اُٹھانا، اشارہ کرنا، یہاں آخری تین معنی مراد ہو سکتے ہیں، کہا جاتا ہے: "اَهْـوَتْ يَدِي لَهٗ امتدت وارتفعت، يقال: "أهوٰى اليه بيده ليأخذه، اى مدّ يدهٗ إليه، وقيل الباء زائدة حقيقته اهوٰى يدهٗ إليه، ويقال ايضًا: "أهْوَيْتُ بالشيء" اى اومأتُ به۔[۱]

قوله: "وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ" (ص:۲۸ سطر:۲)

یعنی وہ اُمور جن کی حلت یا حرمت کا علم بہت سے لوگوں کو نہیں، اگرچہ اللہ تعالیٰ نے کوئی مسئلہ ایسا نہیں چھوڑا جس کا حکم کسی دلیلِ شرعی سے معلوم نہ ہو سکے، ہر مسئلے کے حکم کے لئے کوئی نہ کوئی دلیلِ شرعی ضرور قائم فرمادی ہے جس کے ذریعہ فقہاء حکم معلوم کر سکتے ہیں، خلاصہ یہ کہ وہ اُمور فی نفسہٖ تو مشتبہ نہیں، لیکن بہت سے لوگوں کے لئے مشتبہ ہوتے ہیں، اس لئے آگے فرمایا کہ: "لَا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ" (ص:۲۸ سطر:۲)، معلوم ہوا کہ کچھ لوگوں (فقہاء) پر وہ اُمور مشتبہ نہیں۔[۲]

---

(۱) الصحاح في اللغة ج:۲ ص:۲۶۰۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنووىؒ ج:۲ ص:۲۸، والديباج للسيوطيؒ ج:۲ ص:۶۷۰، والمعلم ج:۲ ص:۲۰۶، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۸۹، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۸۲، وبذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۹۳ كتاب البيوع، باب في اجتناب الشبهات، ذكر صور الأمور المشتبهة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور تفصیل اس میں یہ ہے کہ کسی چیز کی حلت وحرمت میں اشتباہ اگر عامی کو ہو مفتی سے نہ پوچھنے کی وجہ سے تب تو اس چیز سے بچنا واجب ہے، اور اگر فتاویٰ کے اختلاف کی وجہ سے ہو تو بچنا مستحب ہے، اور اگر اشتباہ مجتہد کو پیش آیا اجتہاد نہ کرنے کی وجہ سے، یا تعارض ادلہ کی وجہ سے (کہ کسی جانب کو ترجیح نہ دے سکا) تو اس چیز سے بچنا اس پر واجب ہے، اور اگر اس نے ترجیح اباحت کو (بعد الاجتهاد في الادلة المتعارضة دے) دی لیکن اس کی دلیل جانب حرمت کے احتمالِ بین سے خالی نہیں تو اس سے بچنا مستحب ہے، واجب نہیں۔[1]

قوله: "وَقَعَ فِي الْحَرَامِ" (ص:۲۸ سطر:۳)

کیونکہ جب آدمی مشتبہات سے نہ بچنے کا عادی ہو جائے گا تو وہ دینی اُمور میں لاپرواہی کرنے لگے گا جس کا نتیجہ بالآخر یہ نکلے گا کہ وہ رفتہ رفتہ حرمت کا علم ہونے کے باوجود بھی اس کا ارتکاب کرنے لگے گا، یا اس وجہ سے کہ وہ مشتبہ اُمور کا بغیر تحقیق کے مرتکب ہوگا تو ہو سکتا ہے کہ وہ چیز نفس الامر میں حرام ہی ہو، تو اس طرح وہ اس اَمرِ مشتبہ کے ارتکاب سے حرام ہی کا مرتکب ہو جائے گا۔

قوله: "الحِمٰى" (ص:۲۸ سطر:۳)

ہر وہ جگہ جو کسی حاکم نے اپنے لئے خاص کر لی ہو اور دُوسروں کا داخلہ اس میں ممنوع کر دیا ہو، اور اکثر اس لفظ کا استعمال حاکم کی مخصوص چراگاہ کے لئے ہوتا ہے۔

قوله: "إذا صَلُحَتْ" (ص:۲۸ سطر:۴) بفتح اللام وقيل بالضم۔

باب بيع البعير واستثناء ركوبه (ص:۲۸)

۴۰۷- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ: نَا أَبِي قَالَ: نَا زَكَرِيَّاءُ، عَنْ عَامِرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ أَنَّهُ كَانَ يَسِيْرُ عَلَى جَمَلٍ لَهُ قَدْ أَعْيَا. فَأَرَادَ أَنْ يُسَيِّبَهُ. قَالَ: فَلَحِقَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا لِيْ وَضَرَبَهُ فَسَارَ سَيْرًا لَمْ يَسِرْ مِثْلَهُ. قَالَ: "بِعْنِيْهِ بِوُقِيَّةٍ" قُلْتُ: لَا۔ ثُمَّ قَالَ: "بِعْنِيْهِ" فَبِعْتُهُ بِوُقِيَّةٍ، وَاسْتَثْنَيْتُ عَلَيْهِ حُمْلَانَهُ إِلَى أَهْلِي. فَلَمَّا بَلَغْتُ أَتَيْتُهُ بِالْجَمَلِ، فَنَقَدَنِي ثَمَنَهُ. ثُمَّ رَجَعْتُ. فَأَرْسَلَ فِيْ أَثَرِيْ، فَقَالَ: "أَتُرَانِيْ مَاكَسْتُكَ لِآخُذَ جَمَلَكَ؟ خُذْ جَمَلَكَ

(۱) تكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۹۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَدَرَاهِمَكَ فَهُوَ لَكَ۔" (ص:۲۸ سطر:۱۰و۱۱ تا ص:۲۹ سطر:۱، ۲)

قوله: "وَاسْتَثْنَيْتُ عَلَيْهِ حُمْلَانَهُ إِلَى أَهْلِي" (ص:۲۹ سطر:۱)

استثناء سے مراد شرط ہے، اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ یہ شرط مقتضائے عقد کے خلاف ہے اور اس میں احد المتعاقدین یعنی بائع کا فائدہ ہے، لہٰذا یہ مفسد للعقد ہونی چاہئے تھی؟

اس کے دو جواب ہیں، ایک یہ کہ یہ واقعہ کتبِ حدیث میں مختلف الفاظ میں آیا ہے، یہاں راوی نے اختصار کیا ہے، تفصیل مسندِ احمد کی روایت میں آئی ہے، جس کا متعلقہ حصہ یہاں نقل کیا جاتا ہے۔ "فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد أخذته بوقیة، قال (ای جابر) فَنَزَلْتُ عن الرحل الی الأرض، قال (ای النبی صلی اللہ علیہ وسلم): ما شأنك؟ قال: قلت: جملُك، قال لی: ارکب جملَك، قال: قلت: ما هو بجملی ولٰکنه جملُك، قال: کنا نراجعه مرتین فی الأمر اذا أمرنا به، فاذا أمرنا الثالثة لم نراجعه، قال: فرکبت الجمل حتی اتیتُ عَمَّتِیْ بِالْمَدِیْنَةِ، قَالَ: وَقُلْتُ لَهَا: اَلَمْ تَرَیْ اَنِّیْ بِعْتُ نَاضِحَنَا رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بِأُوْقِيَةٍ؟ ..... إلخ۔" (مسند احمد من طریق نبیح)[۱]۔

اس سے معلوم ہوا کہ اس اُونٹ پر گھر تک سواری کی شرط عقد میں نہیں تھی، اسی لئے حضرت جابر عقد کے فوراً بعد اُس اُونٹ سے اتر گئے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کرم سے بعد العقد محض تبرعاً اس پر سواری کی اجازت دی تھی، جسے مسلم کی روایت میں لفظ "استثنیتُ" سے راوی نے اپنے الفاظ میں تعبیر کردیا ہے۔

اور اس اِشکال کا دُوسرا جواب امام طحاویؒ نے یہ دیا ہے کہ اس واقعے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے درحقیقت یہ اُونٹ خریدا ہی نہیں تھا، یعنی مقصود خریدنا نہیں تھا، بلکہ ایک دِل نواز انداز میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو عطیہ دینا مقصود تھا[۲]، اس جواب کی تائید صحیح مسلم کی اسی حدیثِ باب کے اس جملے سے ہوتی ہے کہ: "اتُرانی ما کستك لاٰخذ جملك؟ خذ جملك ودراهمك، فهو لك"۔ نیز مسند احمد کی مذکورہ بالا روایت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد: "ارکب جملَكَ" سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے۔

---

(۱) مسند احمد ج:۲۳ ص:۱۵۰ رقم الحدیث: ۱۴۸۶۴۔

(۲) شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۲۰۳ کتاب البیوع، باب البیع یشترط فیه شرط لیس منه، والکوکب الدری ج:۲ ص:۳۰۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور تیسرا جواب حضرت گنگوہیؒ نے "الحل المفهم" میں[1] دیا ہے کہ: ''یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے مدینہ تک اس اُونٹ پر سواری کی جو شرط لگائی تھی اس سے عقد فاسد ہوگیا، جس کا فسخ واجب تھا، چنانچہ مدینہ منورہ پہنچ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع کو فسخ کر دیا اور اس عقدِ فاسد سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شروع میں اس لئے احتراز نہیں فرمایا کہ اس طرف توجہ دِلانا مقصود ہوگا کہ عقدِ فاسد سے قیمت واجب ہوجاتی ہے اور مبیع پر مشتری کی ملکیت (قبضے کے بعد) ثابت ہوجاتی ہے اور بیعِ فاسد کا فسخ واجب ہوتا ہے۔ لیکن اس واقعے کی جو تفصیل ہم نے ابھی مسندِ احمد کی روایت سے نقل کی ہے وہ سندِ صحیح سے ثابت ہے، لہٰذا اس تیسرے جواب کی نہ ضرورت رہتی ہے، نہ گنجائش۔ مسندِ احمد کی اس روایت کو علامہ ہیثمیؒ نے مجمع الزوائد میں نقل کر کے فرمایا ہے کہ: "رواهُ احمد، ورجالهٗ رجال الصحيح غَيْرُ نُبَيْحِ العنزي وَثَّقَهُ ابْنُ حبّان"۔[2] اور مسندِ احمد کے حاشیہ میں اس روایت کے بارے میں تحریر ہے: "اِسْنادُہ صحيح، رجاله ثِقات رجال الصحيح غيرُ نُبَيْحِ العنزي، فقد روٰى له اصحابُ السُّنن، وهو ثقة"۔[3]

قوله: "مَاكَسْتُكَ" (ص:۲۹ سطر:۲)

المماكسة، مناقصة في الثمن کو کہتے ہیں،[4] جسے بازاری زبان میں ''بارگیننگ'' یا ''سودا بازی'' کہا جاتا ہے، اشارہ اس گفتگو کی طرف ہے جو اس سودے کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے درمیان ہوئی تھی، مگر مسلم کی روایت میں مذکور نہیں، مسندِ احمد[5] کی روایت میں آئی ہے: "من طريق محمد بن اسحاق: وتحدّث معي رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: أتبيعني جملك هٰذا يا جابر؟ قال (أي جابر): قلت: يا رسول الله! بل أهبه لك، قال: لا، ولٰكن بعنيه، قال: قد قلت: فسُمني به، قال: قد قلت: أخذته بدرهم، قلت: لا، اذًا يغبنني رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: فبدرهمين، قال: قلت: لا، قال: فلم يزل يرفع لي رسول الله صلى الله عليه وسلم حتّٰى بلغ الأوقية"۔

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۵۹۔

(۲) بُغْيَةُ الرائد في تحقيق مجمع الزوائد ج:۸ ص:۵۲۹۔

(۳) مسند احمد ج:۲۲ ص:۱۵۱ رقم الحديث:۱۴۸۶۴۔

(۴) النهاية لابن الأثيرؒ ج:۴ ص:۳۴۹، ومجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۶۱۹۔

(۵) مسند احمد ج:۲۳ ص:۲۷۰، ۲۷۱ رقم الحديث: ۱۵۰۲۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب جواز اقتراض الحیوان ...الخ (ص:۳۰)

۴۰۸۴- "حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ قَالَ: اَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَسْلَفَ مِنْ رَجُلٍ بَكْرًا۔ فَقَدِمَتْ عَلَيْهِ اِبِلٌ مِنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ فَاَمَرَ اَبَا رَافِعٍ اَنْ يَقْضِيَ الرَّجُلَ بَكْرَهُ۔ فَرَجَعَ اِلَيْهِ اَبُوْ رَافِعٍ فَقَالَ: لَمْ اَجِدْ فِيْهَا اِلَّا خِيَارًا رَبَاعِيًا۔ فَقَالَ: "اَعْطِهِ اِيَّاهُ۔ اِنَّ خِيَارَ النَّاسِ اَحْسَنُهُمْ قَضَاءً۔"

(ص:۳۰ سطر:۴تا۶)

قوله: "اِسْتَسْلَفَ مِنْ رَجُلٍ بَكْرًا" (ص:۳۰ سطر:۵)

"بَـكـر" چھوٹا اُونٹ جس کی عمر "ربـاعی" سے کم ہو، اور "رَبَـاعی" وہ اُونٹ جس کی عمر کا ساتواں سال شروع ہوگیا ہو (نووی)۔[۱]

اِستسلاف کے دو معنی آتے ہیں، قرض لینا اور عقدِ سلم کرنا، یہاں پہلے معنی مراد ہیں،[۲] "اقتراض الحیوان" اور "السلم فی الحیوان" دونوں مسئلوں میں فقہائے کرام کا اختلاف ہے، حضرت امام شافعیؒ، امام مالکؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک جائز ہے، لأحادیث الباب، اور حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک جائز نہیں،[۳] سَـلَـم کے مسئلے میں سفیان ثوریؒ اور امام اوزاعیؒ بھی امام ابوحنیفہؒ کے ساتھ ہیں،[۴] حنفیہ کے دلائل درج ذیل ہیں:-

۱- روی الحاکم[۵] والدارقطنی[۶] باسنادهما عن ابن عباس رضی الله عنهما، ان

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۰۔

(۲) النهایة لابن الأثیرؒ ج:۲ ص:۳۸۹، ۳۹۰، ومجمع بحار الأنوار ج:۳ ص:۱۰۲۔

(۳) إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۲۹۲، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۰۱، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۰۔

(۴) فتح القدیر ج:۶ ص:۲۰۹ کتاب البیوع، باب السلم، والدر المختار مع ردّ المحتار ج:۵ ص:۲۱۱ کتاب البیوع، باب السلم۔

(۵) المستدرك للحاکم رقم الحدیث: ۲۳۴۱ کتاب البیوع۔

(۶) سنن الدارقطنی رقم الحدیث: ۳۰۲۶ کتاب البیوع۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہٰی عن السَّلَف[1] فی الحیوان۔

۲- أخرج ابن حبان[2] والترمذی[3] والدارقطنی[4] والبزار عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہٰی عن بیع الحیوان بالحیوان نسیئۃ۔ قال البزار: لیس فی الباب أجَلُّ اسنادًا من ھٰذا۔[5]

۳- عقلی دلیل یہ ہے کہ قرض[6] اور عقدِ سَلَم ذوات الامثال میں ہوتا ہے، یعنی مکیلات، موزونات، مذروعات اور معدودات متقاربۃ میں، اور ظاہر ہے کہ حیوان معدودات متفاوتہ میں سے ہے، اگر اس میں بھی اقتراض اور سلم کو جائز قرار دیا جائے تو جہالتِ فاحشہ کی وجہ سے مفضی الی المنازعۃ ہوگا۔[7]

عقلی دلیل کا جواب ائمہ ثلاثہ کی طرف سے یہ دیا جاتا ہے کہ سَلَم کے لئے مُسْلَم فِیْہ کا معلوم ہونا شرط ہے، پس اگر حیوان کی جنس مثلاً حمار، فرس، بقر، اور عمر مثلاً ابن مخاض، بنت لبون وغیرہ، اور نوع مثلاً عربی، حبشی، فارسی ونحو ذٰلك، اور صنف مثلاً ذکر و اُنثیٰ، اور صفت کالأحمر والأسود والأبیض والطویل والربعۃ ونحو ذٰلك، بیان کردی جائے تو اس کے بعد تفاوت کم رہ جاتا ہے جو جواز کے لئے مضر نہیں اور مفضی الی المنازعۃ نہیں۔[8]

ہماری طرف سے علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ نے یہ جواب دیا ہے کہ جنس، عمر، نوع، صنف اور وصف بیان کرنے کے باوجود بھی حیوانات میں تفاوتِ فاحش باقی رہ جاتا ہے، مثلاً دو غلام جو جنس، نوع، عمر، صنف اور لون میں بالکل متفق ہوں، ان کے درمیان معانیٔ باطنہ یعنی اخلاق وعادات اور فہم

---

(۱) "سَلَف" قرض کو بھی کہتے ہیں اور بیع سلم کو بھی۔ رفیع

(۲) صحیح ابن حبان رقم الحدیث: ۵۰۰۶ باب الربا۔

(۳) جامع الترمذی ابواب البیوع، باب ما جاء فی کراھیۃ بیع الحیوان بالحیوان نسیئۃً ج:۱ ص:۳۶۵۔

(۴) سنن الدارقطنی رقم الحدیث: ۳۰۲۵ کتاب البیوع۔

(۵) نصب الرایۃ، کتاب البیوع، باب السلم ج:۴ ص:۲۱ بحوالۂ مسند البزار والجوھر النقی ج:۵ ص: ۲۸۹ بحوالۂ مسند البزار۔

(۶) اس لئے کہ قرض کی حقیقت "تملیك الشیء بشرط رد مثلہ" ہے۔ (رف)

(۷) تکملۃ فتح الملھم ج:۱ ص:۳۰۲، والھدایۃ ج:۳ ص:۹۳۔

(۸) فتح القدیر ج:۶ ص:۲۰۹ کتاب البیوع، باب السلم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وذکاء میں تفاوت اتنا کثیر ہوتا ہے کہ ایک کی قیمت دُوسرے سے کئی گنا زیادہ ہوتی ہے، یہی حال جمل اور فرس وغیرہ کا ہے۔(۱)

لہٰذا حیوان کی نہ سلم جائز ہے نہ اقتراض، کیونکہ اقتراض اور سلم ان اشیاء میں ہوسکتا ہے جو واجب فی الذمۃ ہوسکیں، اور واجب فی الذمۃ صرف مثلیات ہوسکتی ہیں نہ کہ قیمیّات۔(۲)

اور احادیثِ باب کا جواب حنفیہ کی طرف سے امام طحاویؒ نے یہ دیا ہے کہ یہ منسوخ ہے،(۳) اور ناسخ حضرت ابنِ عباسؓ کی وہ روایتیں ہیں جو اُوپر ذکر کی گئیں، نیز اس مضمون کی مزید احادیث مختلف طرق سے علامہ ابن الہمام نے فتح القدیر میں ذکر کی ہیں۔

۲-اور دُوسرا جواب علامہ ابن الہمامؒ نے یہ دیا ہے کہ عدمِ جواز کی احادیث، احادیثِ باب کے مقابلے میں زیادہ قوی اور راجح ہیں، لقول البزار: لیس فی الباب أجلُّ اسنادًا من هذا۔(۴)

۳-تیسرا جواب یہ بھی دیا جاسکتا ہے کہ ہمارا استدلال احادیثِ منع سے ہے، جو احادیثِ باب سے معارض ہیں، اور عندالتعارض ترجیح مُحرِّم کو ہوتی ہے۔(۵)

۴-چوتھا جواب بذل المجھود میں دیا گیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ اُونٹ ثمنِ مؤجل کے بدلے میں خریدا ہو، اور ثمن دراہم و دنانیر وغیرہ ہوں، پھر ادائیگی کے وقت ثمن سے اُونٹ خرید کر صاحبِ حق کی مرضی سے وہ ادا کردیا ہو۔(۶) اس جواب کی تائید اسی باب کی تیسری روایت سے ہوتی ہے، جو حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے، اُس میں جانور خرید کر اداء کرنے کی صراحت ہے۔

---

(۱) فتح القدیر ج:۶ ص:۲۱۰ کتاب البیوع، باب السلم۔

(۲) اوجز المسالك ج:۱۱ ص:۲۵۷ کتاب البیوع، باب ما یجوز من بیع الحیوان الخ۔

(۳) شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۲۱۱، ۲۱۲ کتاب البیوع، باب استقراض الحیوان، وبذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۱۲ کتاب البیوع، باب فی حسن القضاء، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۰۲۔

(۴) فتح القدیر ج:۶ ص:۲۱۰ کتاب البیوع، باب السلم۔

(۵) فتح القدیر ج:۶ ص:۲۱۱ کتاب البیوع، باب السلم۔

(۶) بذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۱۲ کتاب البیوع، باب فی حسن القضاء، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۰۲ و۳۰۳، والعرف الشذی ج:۳ ص:۶۵ ابواب البیوع، باب ما جاء فی استقراض البعیر الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۵- پانچواں جواب یہ ہوسکتا ہے کہ ہمارا استدلال حدیثِ قولی سے ہے، اور حدیثِ باب میں واقعہ جزئیہ ہے جس میں عموم نہیں ہوتا، لہٰذا حدیثِ قولی کو ترجیح ہوگی۔

قولہ: "خِيَارًا" (ص:۳۰ سطر:۵)

یعنی بہتر، یہ واحد کے لئے بھی آتا ہے، جمع کے لئے بھی۔

قولہ: "رَبَاعِيًّا" (ص:۳۰ سطر:۵)

وہ اُونٹ جس کی عمر ۶ سال پوری ہوکر ساتواں شروع ہوگیا ہو، اور "بَـكْـر" اس سے کم عمر ہوتا ہے، بکر کا مؤنث "بکرة" ہے۔[1]

۴۰۸۲- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ لِرَجُلٍ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ. فَأَغْلَظَ لَهُ. فَهَمَّ بِهِ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا". فَقَالَ لَهُمْ: "اشْتَرُوْا لَهُ سِنًّا فَأَعْطُوْهُ إِيَّاهُ". فَقَالُوْا: إِنَّا لَا نَجِدُ إِلَّا سِنًّا هُوَ خَيْرٌ مِنْ سِنِّهِ. قَالَ: "فَاشْتَرُوْهُ فَأَعْطُوْهُ إِيَّاهُ. فَإِنَّ مِنْ خَيْرِكُمْ أَوْ خَيْرَكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً". (ص:۳۰ سطر:۷ تا ۱۰)

قولہ: "فَأَغْلَظَ لَهُ" (ص:۳۰ سطر:۸)

یعنی مطالبے میں سختی کی، مگر ایسی نہیں جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہنچتی، اور اگر ایسی سختی کی تھی جو اذیت ناک تھی تو کہنا پڑے گا کہ وہ شخص مسلمان نہیں تھا، اس لئے کہ اللہ کے نبی کو ایذاء دینا کفر ہے[2]، واللہ اعلم۔

قولہ: "إِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا" (ص:۳۰ سطر:۹)

یعنی دائن اگر مدیون سے کچھ سخت کلامی کا انداز اختیار کرے تو مدیون کو صبر کرنا چاہئے۔

اس واقعے سے ایک سؤال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ذمہ کا

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۳۰، والدیباج للسیوطی ج:۴ ص:۲۷۲، والنہایۃ لابن الأثیر ج:۲ ص:۱۸۸۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۳۰، والدیباج للسیوطی ج:۴ ص:۲۷۲، وإکمال إکمال المعلم ج:۲ ص:۲۹۴، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۰۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قرض صدقہ کے اُونٹ سے کیسے اداء کردیا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ قرض اپنے لئے نہیں بلکہ کسی مستحقِ صدقہ کے واسطے لیا ہوگا، جب صدقہ کے اُونٹ آگئے تو ان سے قرض اداء کردیا۔

سوال: مگر اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ صدقات کے ناظم ونگران کے لئے غیر مستحق کو تبرّع کرنا صدقہ کے مال سے جائز نہیں، پھر آپ نے اُس دائن کو قرض سے زیادہ قیمت کا جانور کیسے دے دیا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کا وہ جانور اپنے لئے خرید کر ثمن صدقات میں جمع کرادی ہوگی اور وہ جانور دائن کو دے دیا ہوگا۔ اس جواب کی تائید آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے ہوتی ہے کہ: "اشتروا لَهٗ سِنًّا" (نوویؒ بزیادۃ وتصرف)۔[1]

باب جواز بيع الحيوان بالحيوان من جنسه متفاضلًا (ص:۳۰)

۴۰۸۹- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَابْنُ رُمْحٍ قَالَا: انَا اللَّيْثُ ح قَالَ وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ عَبْدٌ فَبَايَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَلَمْ يَشْعُرْ اَنَّهُ عَبْدٌ۔ فَجَاءَ سَيِّدُهُ يُرِيدُهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "بِعْنِيهِ" فَاشْتَرَاهُ بِعَبْدَيْنِ اَسْوَدَيْنِ۔ ثُمَّ لَمْ يُبَايِعْ اَحَدًا بَعْدُ، حَتَّى يَسْاَلَهُ "اَعَبْدٌ هُوَ؟" (ص:۳۰ سطر:۱۲ تا ۱۴)

قوله: "فَاشْتَرَاهُ بِعَبْدَيْنِ اَسْوَدَيْنِ" (ص:۳۰ سطر:۱۴)

قال النوويؒ فيه جواز بيع عبدٍ بعبدين، سواء كانت القيمة متفقة أو مختلفة، وهٰذا مجمع عليه، اذا بيع نقدًا، وكذا حكم سائر الحيوان، فان باع عبدًا بعبدين، أو بعيرًا ببعيرين إلى أجل فمذهب الشافعي والجمهور جوازه،[2] وقال أبوحنيفة والكوفيون لا يجوز۔[3]

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۰۔

(۲) ولم يذكر النووي دليلًا على مذهبهم، ولا حجة لهم في حديث الباب، كما لا يخفى۔ (رفيع)

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۱، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۴۴ كتاب البيوع، باب بيع العبيد والحيوان بالحيوان نسيئة، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۰۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بیع الحیوان بالحیوان مؤجلا میں وہی اختلاف ہے جو پیچھے اقتراض الحیوان اور سلم فی الحیوان کے مسئلے میں بیان ہوا۔

باب الرھن (ص:۳۱)

۴۰۹۲- "حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ: أَنَا الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُالْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ: ذَكَرْنَا الرَّهْنَ فِي السَّلَمِ عِنْدَ إِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ فَقَالَ: نَا الْأَسْوَدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى مِنْ يَهُوْدِيٍّ طَعَامًا إِلٰى أَجَلٍ وَرَهَنَهُ دِرْعًا لَهٗ مِنْ حَدِيْدٍ۔" (ص:۳۱ سطر:۴،۵)

قوله: "ذَكَرْنَا الرَّهْنَ فِي السَّلَمِ" (ص:۳۱ سطر:۴)

اس کی صورت یہ ہے کہ ایک شخص نے یعنی رَبّ السلم نے مثلاً سو درہم دُوسرے کو یعنی مُسلَم الیه کو دیئے کہ اگلے ماہ مثلاً پہلی تاریخ کو چار من گندم مجھے دینا، یہ سلم کا معاملہ ہوا، اور مسلم فیہ جو گندم ہے وہ مُسلَم الیه کے ذمے دَین ہوگئی، اب رَبّ السلم اس دَین کے مقابلے میں مُسلَم الیه سے کوئی چیز لے کر اپنے پاس بطورِ رہن رکھتا ہے،[۱] ابراہیم نخعیؒ سے اس صورت کا حکم پوچھا گیا کہ جائز ہے یا نہیں؟ انہوں نے جواب میں یہ حدیث پیش کی کہ: "اشترىٰ من يهودي طعامًا إلى أجل ورهنه درعا له من حديد"۔

اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ صورتِ مسئولہ کے جواب میں یہ حدیث کیسے دلیل بن سکتی ہے جبکہ اس کا تعلق ثمنِ مؤجل سے ہے، نہ کہ مسلم فیہ (مَبِیْعِ مؤَجَّل) سے، یعنی حدیث رهن في البيع المطلق سے متعلق ہے نہ کہ رهن في السلم سے۔

جواب یہ ہے کہ رهن في البيع المطلق کو جواز میں پیش کر کے اس پر رهن في السلم کو قیاس (یا دلالۃ النص) سے ثابت کیا ہے، کہ جس طرح ثمنِ مؤجل کے مقابلے میں رہن رکھا جاسکتا ہے اسی طرح مبیعِ مؤجل (مُسلَم فیہ) کے لئے بھی رکھا جاسکتا ہے، اور علتِ مشترکہ یہ ہے کہ دونوں دَین یعنی واجب فی الذمہ ہیں۔[۲]

---

(۱) رد المحتار ج:۶ ص:۴۹۴ کتاب الرهن، باب ما يجوز إرتهانه ومالا يجوز۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۶۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب السَّلَم (ص:۳۱)

۴۰۹۴- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَعَمْرٌو النَّاقِدُ -وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى- قَالَ عَمْرٌو: نَا وَقَالَ يَحْيَى: أنَا- سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، وَهُمْ يُسْلِفُونَ فِي الثِّمَارِ، السَّنَةَ وَالسَّنَتَيْنِ، فَقَالَ: مَنْ سَلَفَ فِي تَمْرٍ فَلْيُسْلِفْ فِي كَيْلٍ مَعْلُومٍ وَوَزْنٍ مَعْلُومٍ إِلَى أَجَلٍ مَعْلُومٍ۔" (ص:۳۱ سطر:۶ تا ۸)

قوله: "يُسْلِفُوْنَ فِي الثِّمَارِ" (ص:۳۱ سطر:۸)

اسلاف اور سَلَف، اسلام اور سَلَم سب کے ایک ہی معنی ہیں، بیع الاٰجل بالعاجل کو کہتے ہیں، اس عقد کو اِسلام اور سَلَم کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں ثمن یعنی رأس المال بائع کو پہلے تسلیم کر دیا جاتا ہے، اور اسلاف وسَلَف کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اِسلاف اور سلف اصل لغت میں قرض اور دَین کو کہتے ہیں، اور عقدِ سلم میں مبیع، مُسلَم الیه کے ذمہ دَین ہوتی ہے۔[۱]

قوله: "فِيْ كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ وَوَزْنٍ مَعْلُوْمٍ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ۔" (ص:۳۱ سطر:۸)

یعنی مسلم فیه اگر مکیلات میں سے ہو تو کَیل معلوم ہونا ضروری، موزونات میں سے ہو تو وزن معلوم ہونا ضروری، اور اجل کا معلوم ہونا بھی ضروری ہے، ان اشیائے ثلاثہ میں سے اگر ایک بھی چیز مجہول رہ گئی تو عقد بالاتفاق فاسد ہو جائے گا، ائمہ اربعہ کے نزدیک مذروعات اور عددیات متقاربة میں بھی سلم جائز ہے، بدلالة النص، لا بالقیاس، بشرطیکہ ناپ (مثلاً انچ، فٹ، گز، میٹر وغیرہ) اور عدد متعین کر دیے جائیں۔[۲]

بیعِ سلم کا جواز احادیثِ باب سے ثابت ہے، مگر یہ جواز خلافِ قیاس ہے، اس لئے کہ یہ بیع

---

(۱) إکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۲۹۶، وفتح الباري ج:۴ ص:۴۲۸ کتاب السلم، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۰۵، ومجمع بحار الأنوار ج:۳ ص:۱۰۲، والنهاية لابن الأثير ج:۲ ص:۳۹۰، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۶۱ کتاب السلم۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنووي ج:۲ ص:۳۱، وفتح الباري ج:۴ ص:۴۳۰ کتاب السلم، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۶۲ کتاب السلم، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۵۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

المعدوم ہے، جس کی ممانعت اوائل کتاب البیوع میں بیان ہو چکی ہے، احادیثِ باب کی وجہ سے قیاس کو بالاجماع ترک کیا گیا ہے، چونکہ اس کا ثبوت خلافِ قیاس ہے لہٰذا اس پر کسی اور معاملے کو قیاس نہیں کیا جاسکتا۔ اور جواز بھی چند شرائط کے ساتھ ہوا ہے، لہٰذا کسی بھی شرط کے فوت ہوجانے سے عقد فاسد ہوجائے گا، شرائط کی تفصیل کتبِ فقہ مثلاً ہدایہ[1] وغیرہ میں دیکھی جاسکتی ہے۔ جن کا خلاصہ یہ ہے کہ:

ائمہ اربعہؒ کے نزدیک جوازِ سلم کے لئے پانچ شرطیں متفقہ طور پر لازم ہیں:-

۱- تعیینِ قدر۔ ۲- تعیینِ اجل۔ ۳- تعیینِ جنس، مثلاً چنا۔ ۴- تعیینِ نوع، مثلاً کابلی یا دیسی۔ ۵- تعیینِ صفت، مثلاً موٹا یا معمولی۔

امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مکان ایفاء کی تعیین بھی شرط ہے جبکہ مسلم فیہ کے حمل ونقل میں خرچ و مؤنۃ ہو، خلافًا للصاحبین، فلم یشترطا ذلك، بل یجب الایفاء فی مکان العقد۔ ان میں سے پہلی دو شرطیں عبارۃ النص سے ثابت ہیں، باقی سب شرائط دلالۃ النص سے ثابت کی گئی ہیں، قیاس سے نہیں۔ اور علت مشترکہ ــــ جس کا ادراک غیر مجتہد بھی احادیثِ باب پڑھ کر یا سن کر کرسکتا ہے ــــ یہ ہے کہ ان شرائط میں سے کسی کا بھی فقدان ہو تو عقد میں جہالت آجاتی ہے جو مُفضی الی النزاع ہے۔ پس اس جہالت کو رفع کرنا واجب ہوگا۔ ان شرطوں کا اضافہ قیاس سے اس لئے نہیں کیا جاسکتا کہ بیع السلم کا جواز خود خلافِ قیاس ہے، اور جو حکم خلافِ قیاس ہو اس پر کسی اور کو قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

امام ابوحنیفہؒ نے دلالۃ النص ہی کی بناء پر مکان ایفاء کی تعیین کو بھی شرط قرار دیا ہے جبکہ مسلم فیہ ایسی چیز ہو جس کی بار برداری میں خرچ اور مؤنۃ ہو، کیونکہ مکان ایفاء متعین نہ ہونے سے بھی نزاعات پیدا ہوتے ہیں۔ اور صاحبینؒ و امام احمدؒ کے نزدیک مکان ایفاء کی تعیین شرط نہیں، بلکہ ایفاء اسی مقام میں واجب ہوگا جہاں عقد ہوا تھا، امام شافعیؒ کا ایک قول امام ابوحنیفہؒ کے موافق اور ایک قول صاحبینؒ کے موافق ہے۔

امام ابوحنیفہؒ نے ساتویں شرط کا بھی اضافہ کیا ہے، اور وہ یہ کہ مُسلم فیہ عقد کے وقت

(۱) الهداية ج:۳ ص:۹۵، ۹۶ كتاب البيوع، باب السلم، وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۴۴۰، ۴۴۱ كتاب البيوع، ما يرجع الى المسلم فيه، والهندية ج:۳ ص:۱۷۹، ۱۸۰ كتاب البيوع، الباب الثامن عشر فی السلم الخ، مطلب فی شرائط السلم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے حلولِ اَجل تک (بازار میں) پائی جاتی رہے، یعنی دستیاب ہو سکتی ہو خلافًا للجمهور۔[۱] چنانچہ جمہور کے نزدیک رُطب کی بیع السلم سردیوں کے موسم میں کرنا جائز ہے حالانکہ سردیوں میں رُطب ناپید ہوتی ہے۔

امامِ اعظمؒ کی دلیل صحیح بخاری[۲] کی روایت ہے: عن ابن عباس انه سئل عن السلم فی النخل، فقال: نهٰی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن بیع النخل حتّٰی یؤکل منه۔ اور حضرت ابنِ عمرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "لا تسلفوا فی النخل حتّٰی یبدو صلاحه۔" رواه ابوداؤد[۳] وابن ماجة[۴] وسکت عن الکلام فیه ابوداؤد والمنذری۔

قوله: "اِلٰی اَجَلٍ مَعْلُوْمٍ" (ص:۳۱ سطر:۸)

اس شرط کے بارے میں فقہاء کے اقوال مختلف ہیں، یعنی اس پر تو سب کا اتفاق ہے کہ سلم اگر مؤجلاً ہو، یعنی مسلم فیه مؤجل ہو تو اجل کا معلوم ہونا سب کے نزدیک شرط ہے۔ اختلاف اس میں ہے کہ آیا بیع السلم[۵] حالًا بھی جائز ہے یا نہیں؟ امام شافعیؒ کے نزدیک جائز ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ناجائز[۶]، یہی جمہور کا مذہب ہے۔[۷]

---

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۲۵۵، واعلاء السنن ج:۱۴ ص:۴۱۲،۴۱۳ کتاب البیوع، ابواب السلم، باب شرائط السلم۔

(۲) صحیح البخاری ج:۱ ص:۲۹۹ کتاب السلم، باب السلم فی النخل۔

(۳) سنن ابی داؤد ج:۲ ص:۴۹۱، کتاب البیوع باب فی السلم فی ثمرة بعینها۔

(۴) سنن ابن ماجة ج:۲ ص۱۶۵ ابواب التجارات۔

(۵) حالًا کا مطلب یہ ہے کہ ربّ السلم جب بھی مسلَم فیه کا مطالبہ کردے مُسلَم الیه پر لازم ہوگا کہ اس کو ادا کردے۔ (رفیع)

(۶) لیکن امام محمدؒ نے کتاب الآثار میں اپنا اور امامِ اعظمؒ کا یہ مذہب لکھا ہے: عن ابن عباس رضی الله عنهما فی السلم یحلّ فیأخذ بعضه ویأخذ بعض راس ماله فیما بقی قال: هٰذا المعروف الجمیل، قال محمد: وبه نأخذ، وهو قول ابی حنیفة رحمهُ الله۔ یعنی یہ کہ اگر سلم حالًا اس طرح کرے کہ بعض مسلم فیه فی الحال لے لے اور بعض راس المال کا اسلام بقیہ مسلم فیه کے عوض میں ہو تو جائز ہے۔ انظر کتاب الآثار ص:۱۷۴، باب السلم یأخذ بعضه وبعض راس ماله۔ (رفیع)

(۷) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۱، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۳۰۷، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۰۰، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۰۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امام شافعیؒ کی دلیل علامہ نووی نے یہ بیان کی ہے کہ: اذا جاز (ای السلم) مُؤجلًا مع الغرر (لکونہ بیع المعدوم) فجواز الحالّ أولی لأنّه ابعد من الغرر۔ (۱)

جمہور کا استدلال حدیث کے اس لفظ سے بھی ہے: "إلي أجل معلوم"، لیکن علامہ نوویؒ (۲) نے شوافع کی طرف سے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ حدیث کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جب بھی سلم کرو مؤجلاً کرو، بلکہ مطلب یہ ہے کہ سلم جب مؤجلاً کرو تو اجل معلوم ہونی چاہئے جیسا کہ "فليُسْلف في كيل معلوم ووزن معلوم" میں ہے، کہ اس کا یہ مطلب نہیں کہ سلم ہمیشہ مکیلات یا موزونات ہی کے اندر کرو، بلکہ بالاتفاق مذروعات اور عدديات متقاربة میں بھی سلم جائز ہے، اور سب نے اس کے یہ معنی بیان کئے ہیں کہ اگر سلم مکیلات میں کرو تو کیل معلوم ہونا ضروری ہے اور موزونات میں ہو تو وزن معلوم ہونا ضروری ہے، اسی طرح "إلي اجل معلوم" میں کہا جائے گا کہ سلم اگر مؤجل کرو تو اجل معلوم ہونا ضروری ہے۔ (۳)

لہٰذا جمہور کی طرف سے دُوسری دلیل یہ دی گئی ہے کہ سلم کا جواز خلافِ قیاس ہے اور جو حکم خلافِ قیاس ثابت ہو وہ مورد النص پر مقتصر رہتا ہے، اور مورد النص سلم مؤجلًا ہے نہ کہ حالًا، جس کی صراحت اسی حدیث میں اُوپر آئی ہے کہ: "وهم يسلفون في الثمار السنة والسنتين۔" (ص:۳۱ سطر:۸)

تیسری دلیل یہ ہے کہ سلم کا جواز ضرورت کی وجہ سے ہے: "والضرورة تتقدر بقدر الضرورة" اور حالًا میں ضرورت متحقق ہی نہیں ہوتی، کیونکہ جب مسلم اليه نے فوری ادائیگی کو مان لیا، تو معلوم ہوا کہ وہ مسلم فيه کی ادائیگی پر فی الحال قادر ہے تو ضرورت منتفی ہوگئی، یہ آخری

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۱۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۱، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۳۰۷۔

(۳) إكمال المعلم ج:۵ ص:۳۰۷، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۰۰، وعمدة القاری ج:۱۲ ص:۶۳ كتاب السلم، باب السلم في وزن معلوم، ومرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۱۰۴ كتاب البيوع، باب السلم والرهن، الفصل الأول، والكوكب الدری ج:۲ ص:۳۳۷ ابواب البيوع، باب ما جاء في السلف في الطعام والثمر، وانوار المحمود ج:۲ ص:۳۳۱ كتاب البيوع، باب السلف وسلم في ثمرة، وفتح القدير ج:۶ ص:۲۱۸ كتاب البيوع، باب السلم، وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۳۲۸ كتاب البيوع، احكام المسلم فيه۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جواب شیخ ابن الہمامؒ نے دیا ہے، راجع فتح القدیر۔[۱]

باب تحریم الاحتکار فی الأقوات (ص:۳۱)

۴۰۹۸- "حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ -يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ- عَنْ يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ سَعِيدٍ- قَالَ: كَانَ سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ أَنَّ مَعْمَرًا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنِ احْتَكَرَ فَهُوَ خَاطِئٌ"- قِيلَ لِسَعِيدٍ: فَإِنَّكَ تَحْتَكِرُ؟ قَالَ سَعِيدٌ: إِنَّ مَعْمَرًا الَّذِي كَانَ يُحَدِّثُ هٰذَا الْحَدِيثَ كَانَ يَحْتَكِرُ۔" (ص:۳۱ سطر:۱۳ تا ۱۵)

احتکار، "حکر" سے مشتق ہے، بمعنی حبس، اور اصطلاح میں احتکار لوگوں کی ضرورت کی اشیاء کو مہنگائی کے انتظار میں زیادہ نرخ پر فروخت کرنے کی نیت سے روک کر رکھنے کو کہتے ہیں۔[۲] جسے آج کل کی اصطلاح میں "ذخیرہ اندوزی" کہا جاتا ہے، انسانوں اور جانوروں کی اقوات میں احتکار بالاتفاق مکروہ تحریمی یعنی ناجائز ہے، الّا یہ کہ احتکار سے عوام کو ضرر لاحق نہ ہو تو اس صورت میں احتکار جائز ہے،[۳] امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک غیر اقوات میں احتکار جائز ہے، لیکن امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ایسی ہر شئی میں احتکار حرام ہے جس کے احتکار سے عوام الناس کو ضرر لاحق ہوتا ہو، خواہ وہ اقوات ہوں یا دوسری اشیاء۔[۴]

قوله: "كَانَ يَحْتَكِرُ" (ص:۳۱ سطر:۱۵)

ہوسکتا ہے کہ حضرت سعیدؒ اور حضرت معمر رضی اللہ عنہ احتکار فی غیر الأقوات کرتے

(۱) فتح القدير ج:۶ ص:۲۱۸ كتاب البيوع، باب السلم، وانوار المحمود ج:۲ ص:۳۳۱ كتاب البيوع، باب السلف وسلم في ثمرة، والكفاية ج:۶ ص:۲۱۸ كتاب البيوع، باب السلم، وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۳۴۸ كتاب البيوع، احكام المسلم فيه۔

(۲) النهاية لابن الأثيرؒ ج:۱ ص:۴۱۷، ومجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۵۳۲۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۱، والمفهم ج:۴ ص:۵۲۱، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۳۰۹، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۰۴، والهداية ج:۴ ص:۴۷۰ كتاب الكراهية۔

(۴) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۱، والمعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۲۱۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۰۴، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۱۱، والهداية ج:۴ ص:۴۷۰ كتاب الكراهية۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہوں اور ان کے نزدیک یہ جائز ہو، جیسا کہ ائمہ اربعہ کا مذہب ہے۔[۱] نیز یہ بھی احتمال ہے کہ وہ احتکار ایسے شہروں یا ایسے زمانے میں کرتے ہوں جن میں اقوات وغیرہ کی فراوانی ہو، یا ایسی اقوات میں کرتے ہوں کہ جو فراوانی سے شہر میں موجود ہوں، لوگوں کو اس سے ضرر نہ ہوتا ہو۔

باب النهي عن الحلف في البيع (ص:۳۲)

۴۱۰۱- "حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا أَبُو صَفْوَانَ الْأُمَوِيُّ ح قَالَ: وَحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَا: أَنَا ابْنُ وَهْبٍ كِلَيْهِمَا عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: "الْحَلِفُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلرِّبْحِ۔" (ص:۳۲ سطر:۱و۲)

قوله: "مَنْفَقَةٌ" (ص:۳۲ سطر:۲)

بفتح الميم، مصدر میمی ہے، بمعنی النَّفاق بفتح النون، وهو الرواج، اس صورت میں اس سے پہلے لفظ "سبب" مقدر ہوگا، ای الحلف سببٌ لرواج السعلة اور بعض نے اس کو بضم الميم، اسم فاعل من التنفيق پڑھا ہے، اور آگے "مَمْحقة" (مِن المحق، وهو النقص) میں بھی یہی تفصیل ہے۔[۲]

قوله: "لِلرِّبْحِ" (ص:۳۲ سطر:۲) ای للبرکة، کذا فی الحل المفهم۔[۳]

بیع میں قسم بغیر حاجت کے کھانا، اگرچہ قسم سچی ہو، پھر بھی مکروہ ہے، اور بے برکتی کا سبب ہے، کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے نام کی تعظیم کے خلاف ہے۔

باب الشفعة (ص:۳۲)

۴۱۰۳- "حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: نَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۳۱، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۳۱۰، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۰۵، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۱۲۔

(۲) إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۰۶، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۱۲۔

(۳) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۲۳، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۳۱۱، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۰۶، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۱۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جَابِرٍ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: أَنَا أَبُوْ خَيْثَمَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ كَانَ لَهُ شَرِيْكٌ فِيْ رَبْعَةٍ أَوْ نَخْلٍ، فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَبِيْعَ حَتّٰى يُؤْذِنَ شَرِيْكَهُ۔ فَإِنْ رَضِيَ أَخَذَ، وَإِنْ كَرِهَ تَرَكَ۔" (ص:۳۲ سطر:۵،۶)

الشفعة، الشفع سے مشتق ہے، والشفع هو الضم، سميت بها لأن الشفيع يضم المبيع الى ملكه۔[۱]

قوله: "مَنْ كَانَ لَهُ شَرِيْكٌ فِيْ رَبْعَةٍ أَوْ نَخْلٍ" (ص:۳۲ سطر:۵)

"رَبْعَة" دراصل اس مقام کو کہتے ہیں جہاں موسمِ بہار گزارا جاتا ہو، پھر ہر رہائشی مکان (دار) کو رَبْعَة کہا جانے لگا۔ "نخل" سے مراد نخل کا باغ ہے۔[۲]

جمہور اور ائمۂ اربعہ کا مذہب یہی ہے کہ شفعہ صرف عقار میں ہوتا ہے، اموالِ منقولہ میں شفعہ نہیں ہوتا، البتہ ایک قول شاذ حضرت عطاء سے مروی ہے کہ ہر شئ میں شفعہ ہوتا ہے، حتّٰی فی الثوب، امام احمدؒ سے بھی ایک روایت یہ ہے کہ حیوان میں بھی شفعہ جاری ہوتا ہے۔[۳]

احادیثِ باب میں صرف شريك في العقار المبيع کے لئے حقِ شفعہ بیان کیا گیا ہے، چنانچہ اس پر تو اجماع ہے کہ شريك في نفس المبيع کو حقِ شفعہ ملتا ہے، حنفیہ کے نزدیک حقِ شفعہ جار کے لئے بھی ہوتا ہے۔ یعنی ایسے جار کے لئے بھی جو شريك في حق المبيع ہو، اور جارِ مُلاصِق کے لئے بھی۔

جس کی تفصیل یہ ہے کہ شفعہ کا سب سے زیادہ حق دار شريك في نفس المبيع ہے، دُوسرے درجے میں شريك في حق المبيع ہے، نحو الطريق والشِّرْب والمَسِيل۔ تیسرے درجے میں جار مُلاصِق کا حق ہے۔

ائمۂ ثلاثہ کے نزدیک جار کو حقِ شفعہ نہیں ملتا، یعنی نہ شريك في حق المبيع کو نہ جارِ

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۲، والهداية ج:۴ ص:۳۸۹ كتاب الشفعة، والبناية ج:۴ ص:۲، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۲ ص:۴۸۵ كتاب الشفعة۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۲، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۱۳، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۰۷، والديباج ج:۴ ص:۲۷۳، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۵۱۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مُلاصِق کو۔ ان حضرات کا استدلال احادیثِ باب سے ہے کہ ان میں صرف شریک فی نفس المبیع کو حقِ شفعہ دیا گیا ہے، نیز صحیح بخاری کی اس روایت سے بھی ان کا استدلال ہے: "عن جابر بن عبداللہ قال قضی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالشفعة فی کل ما لم یقسم، فاذا وقعت الحدود، وصرفت الطرق فلا شفعة"[1]۔

لیکن حنفیہ کا استدلال بھی شریک فی حق المبیع کے بارے میں اسی حدیث کے جملے "وصُرِفَت الطُرُق" سے ہے، کیونکہ اس سے معلوم ہوا کہ جو حقِ شفعہ اس حدیث کے پہلے جملے میں ثابت کیا گیا ہے، وہ اس وقت ختم ہوتا ہے جب تقسیم کرکے راستے الگ الگ کردیئے جائیں، اور جب راستے الگ نہ ہوں تو وہ باقی رہتا ہے۔[2] اس سے شریک فی حق المبیع کا حق شفعہ ثابت ہوا، شریک فی الطریق کا عبارةً اور شریک فی الشرب والمسیل کا دلالةً یعنی دلالة النص سے۔ حنفیہ کے مزید دلائل یہ ہیں:

۱۔ عن ابراهيم بن ميسرة سمع عمرو بن الشريد سمع ابا رافعؓ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول: الجار احق بسَقَبه۔ رواه أبوداؤد فی سننه،[3] وهذا لفظه، وکذا أخرجه البخاری فی صحيحه،[4] بهذا اللفظ، اور معجم طبرانی میں اس حدیث کے آخر میں یہ بھی ہے کہ: قیل لعمرو بن الشرید: ما السَّقَب؟ قال: الجِوار۔ (کذا فی حاشية العلامة السنبهلی علی الهداية)۔[5] نیز علامہ خطابیؒ[6] نے بھی صراحت کی ہے کہ سقب بمعنی قُرب ہے، کذا فی بذل المجهود۔[7]

---

(۱) صحیح البخاری ج:۱ ص:۳۰۰ کتاب السلم، باب الشفعة فیما لم یقسم فاذا وقعت الحدود فلا شفعة۔

(۲) الهداية ج:۴ ص:۳۸۹، ۳۹۰، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۴۱۷۔

(۳) سنن ابی داؤد ج:۲ ص:۴۹۲ کتاب الاجارة، باب الشفعة۔

(۴) صحیح البخاری، کتاب السلم، باب عرض الشفعة علی صاحبها قبل البیع ج:۱ ص:۳۰۰۔

(۵) الهداية ج:۴ ص:۳۸۹۔

(۶) معالم السنن ج:۳ ص:۱۳۱، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۲ ص:۳۷۷، ومجمع بحار الأنوار ج:۳ ص:۸۵۔

(۷) بذل المجهود ج:۱۵ ص:۱۹۴ کتاب البیوع، باب فی الشفعة، وانوار المحمود ج:۲ ص:۳۴۷ کتاب البیوع، باب الشفعة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نیز سنن النسائی وابن ماجہ میں روایت ہے: عن عمرو بن الشرید عن أبیه أنّ رجلًا قال: یا رسول الله! ارضی لیس لأحد فیها شرکة ولا قسمة الا الجوار، فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الجار أحق بسقبه۔[1] معلوم ہوا کہ جار کے لئے شفعہ ثابت ہے۔

۲- عن الحسن عن سمرة أن النبی صلی الله علیه وسلم قال: جار الدار أحقّ بدار الجار والأرض۔ رواہ أبوداؤد فی سننه۔[2]

۳- عن جابر بن عبدالله قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الجار أحق بشفعة جارہ ینتظر به وان کان غائبًا اذا کان طریقهما واحدا۔ رواہ أبوداؤد فی سننه،[3] والترمذی فی جامعه وحسّنه۔[4]

باب غرز الخشب فی جدار الجار (ص:۳۲)

۴۱۰۶- "حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیَی قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰی مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "لَا یَمْنَعْ أَحَدُکُمْ جَارَہٗ أَنْ یَّغْرِزَ خَشَبَةً فِیْ جِدَارِہٖ"۔

قَالَ: ثُمَّ یَقُوْلُ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: مَالِیْ أَرَاکُمْ عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ؟ وَاللّٰهِ لَأَرْمِیَنَّ بِهَا بَیْنَ أَکْتَافِکُمْ۔" (ص:۳۲ سطر:۹ تا ۱۱)

قوله: "لَا یَمْنَعْ أَحَدُکُمْ جَارَہٗ .... الخ" (ص:۳۲ سطر:۱۰)

یعنی کوئی شخص اپنے پڑوسی کو اپنی دیوار میں کوئی لکڑی (مثلاً چھت ڈالنے کے لئے بلّی) ٹیکنے

---

(۱) سنن النسائی، کتاب البیوع، ذکر الشفعة واحکامها ج:۲ ص:۲۳۴، وسنن ابن ماجة، ابواب الشفعة، باب الشفعة بالجوار ج:۲ ص:۱۷۹۔

(۲) سنن أبی داؤد ج:۲ ص:۴۹۶ کتاب البیوع، باب الشفعة۔

(۳) حوالۂ بالا۔

(۴) جامع الترمذی ج:۱ ص:۳۸۶،۳۸۷ ابواب الأحکام عن رسول الله صلی الله علیه وسلم، باب ما جاء فی الشفعة للغائب، رقم الحدیث: ۱۳۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یا گاڑنے سے نہ روکے۔ امام احمدؒ کے نزدیک یہ نہی تحریمی ہے، اور حنفیہ، مالکیہ اور شوافع کے نزدیک تنزیہی[۱]، امام احمدؒ کا استدلال حدیثِ باب سے ہے کیونکہ نہی میں اصل یہی ہے کہ وہ تحریم کے لئے ہوتی ہے، ہمارا استدلال قرآنِ کریم کی آیت: "یَآاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْکُلُوْٓا اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَکُوْنَ تِجَارَۃً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْکُمْ"[۲] سے ہے، نیز حدیث "لا یحل مال امرءٍ مسلم الا بطیب نفس منه"[۳] سے بھی ہے، اور حدیثِ باب میں نہی تحریمی نہ ہونے کی ایک دلیل یہ ہے کہ سنن ابوداؤد میں حدیثِ باب کے الفاظ یہ ہیں: "اذا استأذن احدکم اخاه أن یغرز خشبة فی جداره فلا یمنعه"[۴]، معلوم ہوا کہ لکڑی گاڑنے والے پر استیذان لازم ہے، اگر یہ اس کا حقِ ثابت شدہ ہوتا تو استیذان کی حاجت ہی نہ تھی۔ نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہی مالک کو فرمائی ہے، خود اس سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کا منع کرنا مؤثر ہے، اگر قضاءً غیر مؤثر ہوتا تو مالک کو نہی فرمانے کی ضرورت ہی نہ تھی[۵]، بلکہ یہ فرمادیا جاتا کہ "للجار أن یغرز خشبته فی جدار جاره"، مگر ایسا نہیں فرمایا گیا۔

قوله: "مَا لِیْ اَرَاکُمْ عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ؟ .... إلخ" (ص:۳۲ سطر:۱۱)

علامہ نوویؒ نے حضرت ابوہریرہؓ کے اس قول سے بھی جمہور کے مذہب پر استدلال کیا ہے، کیونکہ جب حضرت ابوہریرہؓ کے سامعین نے اس روایت پر عمل کرنے میں توقف کیا تو یہ اس کی علامت ہے کہ انہوں نے بھی اس نہی کو تنزیہ پر محمول کیا تھا، ورنہ وہ اس سے اعراض نہ کرتے۔[۶]

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۲، وعمدة القاری ج:۱۳ ص:۸، ۹ کتاب المظالم والقصاص، باب لا یمنع جارٌ جاره ان یغرز خشبه فی جداره، وفتح الباری ج:۵ ص:۱۱۰ کتاب المظالم والقصاص، باب لا یمنع جارٌ جاره ان یغرز خشبه فی جداره، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۲۷، ۲۲۸ کتاب الاقضية، باب القضاء فی المرفق، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۳۱۷، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۶۷۰۔

(۲) النساء: ۲۹۔

(۳) مشکوٰة المصابیح ج:۱ ص:۲۵۵ باب الغصب والعاریة۔

(۴) سنن أبی داؤد ج:۲ ص:۵۱۱، ۵۱۲ کتاب القضاء، باب من القضاء بعد باب الوکالة۔

(۵) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۶۱۸۔

(۶) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۲، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۱۲، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۳۱۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب تحریم الظلم وغصب الأرض وغیرھا (ص:۳۲)

۴۱۰۸- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالُوا: نَا إِسْمَاعِيلُ -وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ- عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "مَنِ اقْتَطَعَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ ظُلْمًا طَوَّقَهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ أَرَضِيْنَ." (ص:۳۲ سطر:۱۲ تا ۱۴)

قوله: "طَوَّقَهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ ..... إلخ" (ص:۳۲ سطر:۱۴)

حاصل اس کا یہ ہے کہ اسے قیامت کے دن زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔[1]

قوله: "مِنْ سَبْعِ أَرَضِيْنَ" (ص:۳۲ سطر:۱۴)

یہ واقعہ آخرت میں ہوگا، اس وقت سات زمینوں کو پیدا کردینے میں تو کوئی استبعاد ہی نہیں، لیکن کیا قیامت سے پہلے یعنی اب بھی زمینوں کی تعداد سات ہے؟ قرآنِ کریم کے ظاہر: "خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ"[2] سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ اب بھی زمینوں کی تعداد سات ہے،[3] مگر ان کی کیفیت اور مقام ہمیں معلوم نہیں، واللہ اعلم بمرادہ۔

۴۱۰۹- "حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: أَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ أَنَّ

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے: عمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۲۹۸ کتاب المظالم والغصب، باب اثم من ظلم شیئًا من الأرض، وفتح الباری ج:۵ ص:۱۰۴ کتاب المظالم والغصب، باب اثم من ظلم شیئًا من الأرض، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۳۱۹، ۳۲۰، وتکملۃ فتح الملھم ج:۱ ص:۴۲۱، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۱۳۔

(۲) الطلاق:۱۲۔

(۳) إکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۱۴، وفتح الباری ج:۵ ص:۱۰۵ کتاب المظالم والغصب، باب اثم من ظلم شیئًا من الأرض، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۲۹۸ کتاب المظالم والغصب، باب اثم من ظلم شیئًا من الأرض، وتکملۃ فتح الملھم ج:۱ ص:۴۲۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اَرْوَى خَاصَمَتْهُ فِي بَعْضِ دَارِهِ فَقَالَ: دَعُوْهَا وَإِيَّاهَا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْاَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ طُوِّقَهُ فِيْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَتْ كَاذِبَةً فَاَعْمِ بَصَرَهَا وَاجْعَلْ قَبْرَهَا فِيْ دَارِهَا۔ قَالَ: فَرَاَيْتُهَا عَمْيَاءَ تَلْتَمِسُ الْجُدُرَ تَقُوْلُ: اَصَابَتْنِيْ دَعْوَةُ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، فَبَيْنَمَا هِيَ تَمْشِيْ فِي الدَّارِ مَرَّتْ عَلٰى بِئْرٍ فِي الدَّارِ فَوَقَعَتْ فِيْهَا فَكَانَتْ قَبْرُهَا۔" (ص:۳۳ سطر:۱تا۴)

قوله: "طُوِّقَهُ فِيْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" (ص:۳۳ سطر:۲)

طُوِّقَ صیغۂ مجہول ہے، نائب الفاعل غاصب ہے، اور مغصوب (شبر من الارض) مفعولِ ثانی۔ یا مغصوب (شبرٌ من الأرض) نائب الفاعل ہے اور ضمیر "ہٗ" غاصب کی طرف راجع ہے اور وہ مفعولِ ثانی۔

باب قدر الطريق اذا اختلفوا فيه (ص:۳۳)

۴۱۱۵- "حَدَّثَنِيْ اَبُوْ كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ قَالَ: نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِاللهِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِي الطَّرِيْقِ جُعِلَ عَرْضُهُ سَبْعَ اَذْرُعٍ۔" (ص:۳۳ سطر:۱۵،۱۶)

قوله: "إِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِي الطَّرِيْقِ .... الخ" (ص:۳۳ سطر:۱۶)

اس کی شارحینِ حدیث نے متعدّد صورتیں بطورِ احتمال کے بیان کی ہیں، ان میں سے ایک صورت یہ ہے کہ کوئی زمین یا مکان اگر چند شرکاء کے درمیان مشترک ہو، پھر وہ اسے تقسیم کریں مگر راستہ مشترک رکھنا چاہتے ہیں یا رکھنے پر مجبور ہوں، مثلاً اس وجہ سے کہ اس مکان کے تین طرف دُوسروں کے مکانات یا زمینیں ہیں، تو لامحالہ اسی دارِ مشترکہ میں سے کچھ حصے کو راستہ بنایا جائے گا، تو اس صورت میں اگر یہ متقاسمین، راستے کے عرض کے بارے میں کسی مقدار پر متفق ہوجائیں، تب تو اتنا ہی عرض رکھا جائے گا، اور اگر اختلاف ہوجائے مثلاً ایک کہے کہ پندرہ فٹ چوڑا رکھنا چاہئے، دُوسرا کہے چار فٹ، تیسرا کہے دس فٹ، تو ایسی صورت میں قطعِ نزاع کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وسلم نے سات ذراع کی مقدار مقرر فرمادی، جیسا کہ حدیثِ ہٰذا میں ہے۔[1]

لیکن یہاں اِشکال یہ ہوتا ہے کہ صاحب ہدایہ نے "کتاب القسمة" میں مذکورہ بالا صورت میں یہ کہا ہے کہ طریق کا عرض، عرضِ باب کے برابر رکھا جائے گا،[2] اور اس حدیث سے کوئی تَعَرُّض نہیں کیا، حالانکہ یہ حدیث اس مسئلے میں صریح ہے۔

اس کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ صاحبِ ہدایہ اس صورت کا حکم بیان کر رہے ہیں جبکہ وہاں ایک باب متفق علیہ طور پر موجود ہو، اور حدیثِ ہٰذا میں اس صورت کا بیان ہے کہ ایسا کوئی باب شرکاء کے درمیان متفق علیہ موجود نہ ہو۔

***

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۳، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۱۵، ۳۱۶، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۲۴و۳۲۵۔

(۲) الهدایة ج:۴ ص:۴۱۷ کتاب القسمة، فصل فی کیفیة القسمة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب الفرائض (ص:۳۳)

فرائض "فریضة" کی جمع ہے، اصطلاحِ شریعت میں اس کے دو معنی آتے ہیں، ایک وہ عمل جس کا وجوب دلیلِ قطعی سے ثابت ہو، کالصلوٰة والزکوٰة ونحوهما، دُوسرا وہ حصۂ میراث جو ذوی الفروض کو ملتا ہے، پھر مطلق میراث کو بھی فرائض کہہ دیتے ہیں۔ (۱)

وارثوں کی تین قسمیں ہیں:-

۱- ذوی الفروض۔ ۲- عصبات۔ ۳- ذوی الارحام۔

ذوی الفروض:- وہ وارث ہیں جن کا حصۂ میراث قرآن وسنت یا اجماع سے مقرّر ہوگیا ہے۔ (۲)

عَصَبَات:- عَصَبة کی جمع ہے، لغت میں پٹھے کو کہتے ہیں، (۳) اور اصطلاح میں اس وارث کو کہتے ہیں جو ذوی الفروض سے بچے ہوئے سارے مال کا مستحق ہوتا ہے، اور اگر ذوی الفروض نہ ہوں تو کُل مال کا مستحق ہوتا ہے۔ (۴)

ذوی الارحام:- وہ وارث ہیں جو ذوی الفروض اور عَصَبات کے علاوہ ہیں۔ (۵)

پھر عصبة کی تین قسمیں ہیں، عصبة بنفسہٖ، عصبة بغیرہٖ، عصبة مع غیرہٖ۔

عصبة بنفسہٖ:- وہ وارث ہے جو خود بھی مذکر ہو اور اس کی نسبة الی المیّت میں کوئی

---

(۱) عمدة القاری ج:۲۳ ص:۲۲۹ کتاب الفرائض، ولسان العرب ج:۱۰ ص:۲۳۰، والمنجد فی اللغة ص:۵۷۷، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۱۷۔

(۲) السراجی فی المیراث ص:۴۔

(۳) المنجد فی اللغة ص:۵۰۸۔

(۴) والدر المختار ج:۶ ص:۷۷۳ مع الشامیة، کتاب الفرائض، فصل فی العصبات، والسراجی فی المیراث ص:۳۴۔

(۵) الدرّ المختار ج:۶ ص:۷۷۴ کتاب الفرائض، فصل فی العصبات، والسراجی فی المیراث ص:۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

واسطہ مؤنث کا نہ ہو، کالابن وابن الابن وإن سفل۔ وکالأب وأبِ الأب وإن علی۔

عصبة بغیرہٖ:- چار عورتیں ہیں: بنت اور بنت الابن، اور اخت لأب وأم، اور اخت لأب، یہ چاروں اپنے بھائیوں کی موجودگی میں عصبہ بن جاتی ہیں، لقوله تعالیٰ: ''یُوْصِیْکُمُ اللّٰهُ فِیْٓ اَوْلَادِکُمْ لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ''[1] ولقوله تعالیٰ: ''وَاِنْ کَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ''[2] اور جب ان کے بھائی موجود نہ ہوں تو ذوی الفروض رہتی ہیں، غرض اصالةً یہ ذوات الفروض میں سے ہیں، لیکن بھائیوں کی وجہ سے عصبہ بن جاتی ہیں، اس لئے انہیں عصبة بغیرہٖ کہتے ہیں۔

عصبة مع غیرہٖ:- یہ ایسی اخت لأب وأم اور اخت لأب ہیں، جو بنت اور بنت الابن کی موجودگی میں عصبہ بن جاتی ہیں۔[3] ورنہ اصالةً وہ بھی ذوات الفروض میں سے ہیں۔[4]

اسلام کا قانونِ میراث ان اہم اور بنیادی اُصول میں سے ایک ہے جن کے ذریعہ اسلام نے ارتکازِ دولت کا راستہ بند کیا ہے، ارتکازِ دولت کی نفی کے لئے ہی اسلام نے غنیمت اور فیٔ کی تقسیم کا بھی خاص نظام مقرر کیا، جیسا کہ فیٔ کے بارے میں سورۂ حشر کی آیت: ''کَیْ لَا یَکُوْنَ دُوْلَةً بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْکُمْ''[5] میں صراحت فرمائی گئی، وراثت کے ذریعہ انفرادی ملکیت بتدریج ایک ہاتھ سے دُوسرے ہاتھوں میں منتقل اور تقسیم ہوتی رہتی ہے، اگر اس قانون کی پوری پابندی کی جائے اور عدالتیں اس کے مطابق فیصلوں میں سستی نہ کریں تو اموال چاہے منقولہ ہوں یا غیر منقولہ وہ کسی شخص کی ملکیت میں زیادہ عرصہ تک اتنی مقدار میں باقی نہیں رہ سکتے جسے ارتکازِ دولت کہا جا سکے، غرض اسلام کا قانونِ وراثت ان بنیادی اُصولوں میں سے ہے جو نظامِ سرمایہ داری کی ضد ہیں،[6] جبکہ

---

(۱) النساء: ۱۱۔

(۲) اخر آیة فی سورة النساء: ۱۷۶۔

(۳) لحدیث: "اجعلوا الأخوات مع البنات عصبة" (مرقاة المفاتیح ج:۶ ص:۲۴۳ باب الفرائض، الفصل الثانی) (من الأستاذ مدظلهم)۔

(۴) الدرّ المختار مع الشامیة ج:۶ ص:۷۷۳و۷۷۵و۷۷۶ کتاب الفرائض، فصل فی العصبات والسراجی فی المیراث ص:۱۴، ۱۵۔

(۵) الحشر: ۷۔

(۶) تفصیل کے لئے دیکھئے: معارف القرآن ج:۸ ص:۳۷۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عیسائی مذہب میں ساری میراث اولاد میں سے اُس شخص کو دے دی جاتی ہے جو عمر میں سب سے بڑا ہو، لڑکا ہو یا لڑکی۔

(تنبیہ) سخت افسوس کی بات ہے کہ ہمارے ملک کے دیہی علاقوں میں خواتین کو میراث سے محروم رکھا جاتا ہے، ساری میراث پر مرد وارث قبضہ کر لیتے ہیں، یہ بہت بڑا ظلم ہے، اور اللہ تعالیٰ کے غضب کو دعوت دینا ہے، علماء کو اس ظلم کے خاتمے کے لئے مسلسل اور مؤثر آواز اُٹھانی چاہئے، اور حکام کا فریضہ ہے کہ وہ اس ظلم کا خاتمہ کریں۔

٤١١٦- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ -وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى- قَالَ يَحْيَى: أَنَا وَ قَالَ الآخَرَانِ: نَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا يَرِثُ الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ۔"

(ص:٣٣ سطر:١٦ تا ١٨)

قوله: "لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ .... إلخ" (ص:٣٣ سطر:١٨)

ائمہ اربعہ اور جمہور فقہاء کا مذہب یہی ہے کہ اختلافِ دین مانعِ ارث ہے، یعنی مسلمان کافر کا اور کافر مسلمان کا وارث نہیں ہوسکتا، مگر حضرت معاذ بن جبلؓ و حضرت معاویہؓ اور بعض تابعین کا مذہب یہ منقول ہے کہ کافر تو مسلمان کا وارث نہیں ہوسکتا، ولٰكن المسلم يرث الكافر، واستدلوا بقوله عليه السلام: الاسلام يعلو ولا يُعلى عليه، قاله النووي[1]، واستدلوا أيضًا بحديث: "الاسلام يزيد ولا ينقص" رواه أبوداؤد[2] والحاكم[3] كما في التكملة[4]۔

لیکن اِن کا جواب یہ ہے کہ اِن میں صراحت نہیں ہے کہ مسلم کافر کا وارث ہوگا، بلکہ یہ اس پر محمول ہے کہ اسلام کو دُوسرے ادیان پر فضیلت ہے، اور حدیثِ باب میں "ارث المسلم من الكافر"

(١) شرح صحيح مسلم للنووي ج:٢ ص:٣٣، وإكمال إكمال المعلم ج:٤ ص:٣١٧، ٣١٨، والمعلم بفوائد مسلم ج:٢ ص:٢١٨۔

(٢) سنن ابي داؤد ج:٢ ص:٤٠٣ كتاب الفرائض، باب هل يرث المسلم الكافر؟۔

(٣) المستدرك للحاكم ج:٤ ص:٣٨٣ كتاب الفرائض رقم الحديث: ٨٠٠٦۔

(٤) تكملة فتح الملهم ج:٢ ص:١١، وإكمال إكمال المعلم ج:٥ ص:٣٢٥، والمعلم بفوائد مسلم ج:٢ ص:٢١٨۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کی صراحۃً نفی ہے، بظاہر حضرت معاذ بن جبلؓ اور حضرت معاویہؓ کو حدیثِ باب نہیں پہنچی تھی۔ (۱)

۴۱۱۷- "حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ -وَهُوَ النَّرْسِيُّ- قَالَ: نَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "أَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا، فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ۔" (ص:۳۴ سطر:۱،۲)

قوله: "أَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا" (ص:۳۴ سطر:۱)

یعنی تقسیمِ میراث میں سب سے پہلے ذوی الفروض کو ان کے حصے دو، ذوی الفروض کل بارہ ہیں، جن میں سے چار مرد اور آٹھ عورتیں ہیں، تفصیل کتبِ فقہ میں مذکور ہے۔ (۲)

قوله: "فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ" (۳) (ص:۳۴ سطر:۲)

یعنی ذوی الفرض کو ان کے حصے دینے کے بعد جو مال بچے وہ قریب ترین عصبة بنفسہٖ کو دیا جائے گا۔ اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ ذوی الفروض سے بچا ہوا مال جس طرح عصبة بنفسہٖ کو دیا جاتا ہے عصبة بغیرہٖ اور مع غیرہ کو بھی دیا جاتا ہے، پھر حدیثِ ہٰذا میں "لأولى رجل ذكر" کا کیا مطلب ہے؟

جواب یہ ہے کہ عصبة بغیرہٖ کا حکم تو خود قرآنِ حکیم میں دو مقام پر صراحۃً آ گیا ہے، وهو قوله تعالیٰ: ''يُوصِيكُمُ اللهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ''۔ (۴)

وقوله تعالیٰ: ''وَإِنْ كَانُوا إِخْوَةً رِجَالًا وَنِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ''۔ (۵)

اس لئے حدیث میں اس کے ذکر کی ضرورت نہ تھی، اور عصبہ مع غیرہ کا حکم ایک دُوسری

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۳۳، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۱۷، ۳۱۸، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۳۲۵۔

(۲) السراجي في الميراث ص:۶۔

(۳) لفظ "رجل" کے بعد لفظ "ذکر" تاکید کے لئے لایا گیا ہے، تاکہ اشارہ ہو جائے کہ یہاں لفظ "رَجل"، "صغیر" کے مقابلے میں نہیں بلکہ "انثی" کے مقابلے میں ہے، اور جو حکم بڑے مرد کا ہے وہی مذکر بچے کا ہے۔ (من الأستاذ مدظلهم) كذا في عمدة القاري ج:۲۳ ص:۲۳۶، ۲۳۷ كتاب الفرائض، باب ميراث الولد من أبيه وأمه، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۵ (از محشی)۔

(۴) النساء: ۱۱۔ (۵) النساء: ۱۷۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حدیث موقوف میں صراحۃً مذکور ہے، وھو قول زید بن ثابت: "اجلعوا الأخوات مع البنات عصبة"۔[۱] دیگر بعض صحابہ کرامؓ کا فتویٰ بھی یہی تھا، اور یہ اثر غیر مدرک بالقیاس ہونے کی وجہ سے بحکمِ مرفوع ہے۔

پس چونکہ عصبات میں اصل عصبة بنفسہ ہے، لہٰذا اس کو یہاں صراحۃً ذکر کر دیا گیا، باقی دونوں قسمیں دلائلِ مذکورہ کی وجہ سے اس کے حکم میں داخل سمجھی جائیں گی۔[۲]

یتیم پوتے کی میراث

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد: "لأولی رجل ذکر" سے میراث کا ایک بڑا اُصول ثابت ہوا، اور وہ یہ کہ عصبات میں "الأقرب فالأقرب" کا قانون جاری ہوگا، یعنی اقرب کی موجودگی میں ابعد محجوب ہوگا، چنانچہ بیٹے کی موجودگی میں پوتا، باپ کی موجودگی میں دادا، اخ کی موجودگی میں ابن الأخ، اور عم کی موجودگی میں ابن العم محروم ہوگا، اس اُصول کے بہت فروع ہیں، اور یہ قاعدہ کلیہ ہے اس میں کوئی استثناء نہیں، احادیثِ باب اس میں صریح ہیں جو نہایت قوی سند کے ساتھ بدرجۂ صحت ثابت ہیں، اس لئے اس قاعدۂ کلیہ پر پوری اُمت کا اجماع ہے، اس قاعدے کا ناگزیر تقاضا یہ ہے کہ بیٹے کی موجودگی میں یتیم پوتا اپنے دادا کی میراث سے محروم ہو، وعلیہ اجماع الأمة۔[۳]

منکرینِ حدیث کے اعتراضات اور ان کے کافی شافی جوابات

اس پر غلام احمد پرویز نے جو پاکستان میں منکرینِ حدیث کا سرگروہ ہے،[۴] شدید اعتراض کیا ہے، وہ کہتا ہے کہ یتیم پوتے پر پہلی مصیبت تو یہ آئی کہ اس کا باپ مر چکا ہے، دُوسری مصیبت یہ آئی کہ اب دادا بھی مر گیا، اور تیسری مصیبت مُلّا نے اس پر نازل کی کہ اسے دادا کی میراث سے محروم کر دیا،

(۱) تکملة فتح الملھم ج:۲ ص:۲۸، ومرقاۃ المفاتیح ج:۶ ص:۲۴۳ باب الفرائض، الفصل الثانی۔

(۲) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: فتح الباری ج:۱۲ ص:۱۲، ۱۳، وتکملة فتح الملھم ج:۲ ص:۱۵۔

(۳) عمدة القاری ج:۲۳ ص:۲۳۸ کتاب الفرائض، باب میراث ابن الابن اذا لم یکن ابنٌ، وفتح الباری ج:۱۲ ص:۱۳ کتاب الفرائض، باب میراث الابن اذا لم یکن ابن، وتکملة فتح الملھم ج:۲ ص:۱۶، ۱۷۔

(۴) جب درس میں یہ بات آئی تھی اُس وقت وہ زندہ تھا، اب وہ کئی سال سے اپنے کافرانہ عقائد کا سامنا قبر میں کر رہا ہے۔ العیاذ باللہ۔ (رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور ساری میراث اس کے چچاؤں کو دلوادی، حالانکہ یہ یتیم اس میراث کا زیادہ حاجت مند ہے، پرویز اور اس کے موافقین کی کوشش سے ایوب خان سابق صدر پاکستان کے دورِ حکومت میں جو عائلی قوانین بنائے گئے ان میں ایک دفعہ یہ بھی رکھی گئی کہ بیٹوں کی موجودگی میں یتیم پوتے کو میراث کا وہی حصہ ملے گا جو اگر اس کا باپ زندہ ہوتا تو اس کو ملتا۔

منکرینِ حدیث کے اعتراض کا جواب ایک تو سادہ سا یہ ہے کہ مُلّاؤں پر اس کا الزام نہیں لگایا جاسکتا، اگر ہمت ہے تو الزام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور شریعت پر لگاؤ، اس لئے کہ یہ قانون مُلّاؤں نے نہیں گھڑا، قوی درجے کی حدیثِ صحیح سے ثابت ہے، اور عہدِ رسالت سے اب تک اس پر اجماع چلا آرہا ہے۔

رہا عقلی اعتراض کہ اس طرح پوتا باوجود حاجت مندی کے میراث سے محروم ہو جائے گا؟ تو اس کا جواب ایک تو یہ ہے کہ یہ کیا ضروری ہے کہ وہ اپنے چچاؤں سے زیادہ حاجت مند ہو، یہ بھی تو ممکن ہے کہ اسے اپنے باپ سے اتنی زیادہ میراث ملی ہو کہ یہ اپنے چچاؤں سے زیادہ مال دار ہو، خصوصاً جبکہ اس کے باپ کی میراث صرف اس کو ملی ہے، چچاؤں کو اس سے کوئی حصہ نہیں ملا۔

پھر جس طرح یہ اپنے باپ سے محروم ہے چچا بھی تو اپنے باپ سے محروم ہو گئے ہیں، تو جو مصیبت اس پر آئی وہ ان پر بھی آئی۔

پھر یہ بھی دیکھنے کی بات ہے کہ جب اس کے باپ کی میراث میں اس کے چچاؤں کو کوئی حصہ نہیں ملا تو چچاؤں کے باپ کی میراث میں اس کو کیوں حصہ دیا جائے؟

اور اگر کہا جائے کہ پوتا اکثر بچہ ہوتا ہے اور چچا بڑے ہوتے ہیں لہٰذا بچہ مال کا زیادہ حاجت مند ہے۔

تو اس کا ایک جواب یہ ہے کہ کیا یہ ضروری ہے کہ یہ پوتا بچہ ہی ہو؟

اور دُوسرا جواب یہ ہے کہ تقسیمِ میراث میں عقلی طور پر تین میں سے ایک اُصول کو اپنانا پڑے گا، کہ:-

۱- یا تو مطلق قرابت کو سببِ میراث قرار دیا جائے۔ قرابت کے قُرب و بُعد کا کوئی اعتبار نہ ہو۔

۲- یا زیادہ حاجت مندی کو۔

۳- یا وہ اُصول اختیار کیا جائے جو حدیثِ باب میں ہے، کہ نہ مطلق قرابت کافی ہو، نہ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حاجت مندی، بلکہ اقربیّت فی القرابۃ کی بنیاد پر میراث تقسیم کی جائے۔

پہلا اُصول عقلاً، عرفاً، طبعاً اور نقلاً بالکل باطل ہے، اس لئے کہ تمام انسان آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں، جس کی وجہ سے ہر انسان کی دُوسرے انسان سے قرابت فی الجملہ موجود ہے، تو اقربیت کا اعتبار ختم کردیا جائے تو لازم آئے گا کہ ہر میّت کی میراث دُنیا کے تمام انسانوں میں مساوی طور پر تقسیم کی جائے، اوّل تو عملاً یہ ممکن نہیں، اور بالفرض ممکن بھی مان لیا جائے تو ایک شخص کے حصے میں جزء لا یتجزیٰ بھی آجائے تو غنیمت ہے، بلکہ اس کی تقسیم ہی پر اتنے مصارف آجائیں گے کہ میراث کا سارا مال ان کے لئے کافی نہ ہوگا۔

اور دُوسرا اُصول اس لئے غلط ہے کہ اس سے لازم آتا ہے کہ میّت کے کسی بھی وارث کو کچھ نہ ملے، بلکہ کل میراث تلاش کرکے ایسے شخص کو دی جائے جو دُنیا میں سب سے زیادہ حاجت مند اور فقیر ہو، عملاً ظاہر ہے کہ یہ بھی تقریباً ناممکن ہے، چنانچہ اس صورت کو خود منکرینِ حدیث بھی تسلیم نہیں کرتے، لہٰذا سوائے اس کے کوئی چارہ کار نہیں کہ وہی اُصول اختیار کیا جائے جو حدیثِ باب میں بیان کیا گیا ہے۔

رہا یہ اِشکال کہ یتیم پوتے کی حاجت مندی کا تقاضا ہے کہ اس سے صرفِ نظر نہ کی جائے۔

جواب یہ ہے کہ شریعتِ اسلامیہ نے اس سے صَرفِ نظر نہیں کی، چنانچہ اگر وہ فقیر ہو تو شریعت نے اس کے چچاؤں پر واجب کیا ہے کہ اس کا نفقہ برداشت کریں، اور اگر وہ انکار کریں تو بذریعہ عدالت ان کو اس پر مجبور کیا جاسکتا ہے، جیسا کہ فقہ کے باب النفقات میں صراحت ہے، نیز شریعت نے دادا کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ اپنی زندگی میں مرض الوفاۃ سے پہلے جتنا مال چاہے اسے دیدے، اور مرض الوفاہ میں ثلث مال تک دے سکتا ہے۔ نیز وہ چاہے تو ثلث مال کی حد تک پوتے کے لئے وصیت کرسکتا ہے، لہٰذا مذکورہ بالا اُصول پر کوئی عقلی اِشکال بھی باقی نہیں رہتا۔ اس مسئلے میں والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ کا ایک مستقل رسالہ بنام ''یتیم پوتے کی میراث'' ''جواہر الفقہ'' میں چھپ چکا ہے۔ نیز ہمارے اُستاذِ محترم حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب لدھیانویؒ کا بھی ایک رسالہ اس موضوع پر ہے ان میں سے ہر ایک رسالہ اس مسئلے کے لئے کافی وشافی ہے۔

۴۱۲۱- ''حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُكَيْرٍ النَّاقِدُ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: مَرِضْتُ فَأَتَانِي

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍ يَعُوْدَانِيْ مَاشِيَانِ، فَأُغْمِيَ عَلَيَّ، فَتَوَضَّأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَبَّ عَلَيَّ مِنْ وَضُوْئِهِ، فَأَفَقْتُ۔ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ اَقْضِيْ فِيْ مَالِيْ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئاً، حَتّٰى نَزَلَتْ آيَةُ الْمِيْرَاثِ: "يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ"۔ (ص:۳۴ سطر:۶ تا ۹)

قوله: "ماشيان" (ص:۳۴ سطر:۷)

اکثر نسخوں میں اسی طرح ہے اور بظاہر قاعدۂ نحویہ کے خلاف ہے، کیونکہ یہ ترکیب میں حال واقع ہوا ہے، جس کا تقاضا تھا کہ "مَاشِيَيْنِ" یعنی منصوب ہوتا، چنانچہ بعض نسخوں میں "ماشِيَيْنِ" آیا ہے، لیکن "ماشيانِ" کو بھی اس تأویل سے صحیح کہا گیا ہے کہ تقدیرِ عبارت "وَهما ماشيانِ" ہے اس طرح یہ جملہ حالیہ ہوگا (نووی بزیادة ایضاح)۔[1]

قوله: "قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ" (ص:۳۴ سطر:۸)

"کلالة" کے معنی میں مختلف اقوال ہیں جن میں سے مندرجہ ذیل دو کی صراحت نصوص میں موجود ہے:-

۱- پہلا قول جمہور کا ہے، اور وہ یہ کہ جس مورِث کا کوئی ولد نہ ہو یعنی نہ بیٹا ہو نہ بیٹی، اور نہ والد حیات ہو، وہ "کلالة" ہے،[2] لقوله تعالیٰ: "وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ"۔[3] اس صورت میں اس کے وارث بہن بھائی ہوتے ہیں۔

۲- دوسرا قول یہ ہے کہ "کَلَالة" ایسے میت کے وارثوں کو یعنی بہن بھائیوں کو کہتے ہیں، لما في حديث الباب: "اِنَّمَا يرثُنِيْ كَلالةٌ" (ص:۳۴ سطر:۱۵)۔[4]

اس لفظ کے اشتقاق میں بھی اختلاف ہے، جن میں سے مشہور تین ہیں:-

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۴۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۵، وفتح الباری ج:۱۲ ص:۲۶ کتاب الفرائض، باب يستفتونك، قل الله يفتيكم في الكلالة الخ، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۲۰، و تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۹۔

(۳) النساء:۱۲۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۵، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۲۰، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱-ایک یہ کہ یہ "کلال" سے مشتق ہے جس کے معنی إعیاء وذھاب القوۃ کے ہیں، تو چونکہ جو قرابت رشتۂ وُلاد کے علاوہ ہو وہ نسبۃً ضعیف ہوتی ہے، اس لئے اسے کلالۃ کہتے ہیں، اختارہ الزمخشری فی الکشاف۔[۱]

۲-دُوسرا قول یہ ہے کہ "کَلّ یَکِلُّ" سے مشتق ہے، جس کے معنی بعید ہونے کے ہیں، یقال: کلّت الرحم، ای بعدت قرابته، تو غیرِ وِلاد کی قرابت چونکہ نسبۃً بعید ہے اس لئے اسے کلالۃ کہتے ہیں۔[۲]

۳-تیسرا قول یہ ہے کہ یہ "إکلیل" سے مأخوذ ہے، جواہرات سے مزین کیا ہوا پٹہ جو (شاہانہ انداز میں) سر پر لپیٹا جاتا ہے، اور وہ سر کا احاطہ کر لیتا ہے۔ تو ایسے شخص کی میراث کا احاطہ چونکہ غیر الولد والوالد کر لیتے ہیں، اس لئے ایسے مورث یا وارثوں کو کلالۃ کہتے ہیں۔[۳]

قوله: "حتّٰی نزلَتْ اٰیةُ المیراث: یَسْتَفْتُوْنَکَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِی الْکَلٰلَةِ"

(ص:۳۴ سطر:۸)

سند سے واضح ہے کہ یہ سفیان بن عُیَیْنَة کی روایت ہے، آگے ابن جُریج کی روایت میں آرہا ہے کہ: "فنزلت: یُوْصِیْکُمُ اللّٰهُ فِیْٓ اَوْلَادِکُمْ لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ"، لیکن راجح ابن عُیینة کی روایت ہے، کیونکہ حضرت جابرؓ سے براہِ راست تعلق "یَسْتَفْتُوْنَکَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِی الْکَلٰلَةِ" ہی کا ہے، اس لئے کہ اس میں اخوۃ لأب وأم اور إخوۃ لأب کا حصہ میراث بتایا گیا ہے، اور حضرت جابرؓ کی بہنیں سگی بہنیں تھیں، برخلاف "یُوْصِیْکُمُ اللّٰهُ فِیْٓ اَوْلَادِکُمْ ... الخ" کے کہ اُس کے آخر میں بھی اگرچہ کلالۃ کا حکم بیان ہوا ہے مگر وہ إخوۃ لأم سے متعلق ہے، تفصیل کے لئے تکملة فتح الملهم کی مراجعت کی جائے۔

۴۱۲۴- "حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: نَا بَهْزٌ قَالَ: نَا شُعْبَةُ قَالَ: اَخْبَرَنِی مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْکَدِرِ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ یَقُوْلُ: دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ

(۱) الکشاف ج:۱ ص:۵۱۶۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۳۵، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۲۰، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۰، وبذل المجهود ج:۱۳ ص:۱۵۴، ۱۵۵ کتاب الفرائض، باب فی الکلالة۔

(۳) حوالہ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا مَرِيْضٌ لَا اَعْقِلُ، فَتَوَضَّأَ فَصَبُّوا عَلَيَّ مِنْ وَضُوْئِهِ، فَعَقَلْتُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنَّمَا يَرِثُنِيْ كَلَالَةٌ، فَنَزَلَتْ آيَةُ الْمِيْرَاثِ، فَقُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ "يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ"؟ قَالَ: هٰكَذَا اُنْزِلَتْ۔"

(ص:۳۴ سطر:۱۴تا۱۶)

قوله: "اِنَّمَا يَرِثُنِيْ كَلَالَةٌ" (ص:۳۴ سطر:۱۵)

حضرت جابرؓ کے اس قول سے ثابت ہوتا ہے کہ کلالہ ان وارثوں کو کہا جاتا ہے جن میں کوئی ولد اور والد نہ ہو، کیونکہ حضرت جابرؓ کے وارثوں میں کوئی ولد اور والد نہ تھا، اور آیتِ قرآنیہ: "وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ" سے ثابت ہوتا ہے کہ ایسے وارثوں کے مورث کو کلالہ کہا جاتا ہے، لہٰذا معلوم ہوا کہ یہ لفظ دونوں معنی میں مشترک ہے۔[1]

قوله: "هٰكَذَا اُنْزِلَتْ" (ص:۳۴ سطر:۱۶)

شعبہ کے جواب میں محمد بن المنکدر نے بھی شعبہ کی تصدیق کی ہے کہ ہاں جابرؓ کے قصے میں جو آیت نازل ہوئی وہ "يَسْتَفْتُوْنَكَ" ہے۔

۴۱۲۶- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى -وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى- قَالَا: نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا هِشَامٌ قَالَ: نَا قَتَادَةُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَطَبَ يَوْمَ جُمُعَةٍ فَذَكَرَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ اَبَابَكْرٍ، ثُمَّ قَالَ: اِنِّيْ لَا اَدَعُ بَعْدِيْ شَيْئًا اَهَمَّ عِنْدِيْ مِنَ الْكَلَالَةِ مَا رَاجَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شَيْءٍ مَا رَاجَعْتُهُ فِي الْكَلَالَةِ، وَمَا اَغْلَظَ لِيْ فِيْ شَيْءٍ مَا اَغْلَظَ لِيْ فِيْهِ حَتّٰى طَعَنَ بِاِصْبَعِهِ فِيْ صَدْرِيْ، وَقَالَ: "يَا عُمَرُ! اَلَا تَكْفِيْكَ آيَةُ الصَّيْفِ الَّتِيْ فِيْ آخِرِ سُوْرَةِ النِّسَاءِ" وَاِنِّيْ اِنْ اَعِشْ اَقْضِ فِيْهَا بِقَضِيَّةٍ يَقْضِيْ بِهَا مَنْ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَمَنْ لَا يَقْرَاُ الْقُرْآنَ۔" (ص:۳۵ سطر:۱تا۴)

قوله: "اَلَا تَكْفِيْكَ آيَةُ الصَّيْفِ" (ص:۳۵ سطر:۳)

کلالہ کے بارے میں قرآنِ حکیم میں دو آیتیں آئی ہیں، ایک سورۃ النساء کے دوسرے

(۱) حاشیة صحیح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۵۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رُکوع کے آخر میں: ''وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِى الثُّلُثِ''۔ [1]

یہ سردی کے موسم میں نازل ہوئی تھی، اس لئے اس کو آیت الشتاء کہتے ہیں۔

دُوسری، سورۂ نساء کے بالکل آخر میں ہے، وهي قوله تعالىٰ: ''يَسْتَفْتُوْنَكَ ۗ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِى الْكَلٰلَةِ ۗ''۔ [2]

یہ آیت گرمیوں میں نازل ہوئی، اس لئے آیۃ الصیف کہلاتی ہے، (كذا في البذل عن الخطابي [3])۔ پہلی آیت میں الإخوة لأمٍّ (ماں شریک بہن بھائیوں) کا حصہ میراث بتایا گیا ہے اور آیة الصیف میں الإخوة لأب وأمٍّ اور إخوة لأب کا، وهذا بالإجماع كما نقله النووي۔[4] لیکن ایک قسم کا اجمال آیۃ الصیف میں بھی باقی رہا، مثلاً یہ کہ اس آیت سے صراحۃً معلوم نہیں ہوتا کہ کلالۃ ہونے کے لئے والد اور دادا کا حیات نہ ہونا بھی شرط ہے یا نہیں۔ تاہم عدم الوالد کے شرط ہونے پر تو اہلِ سنت والجماعت کا اجماع ہے، چنانچہ والد کی موجودگی میں بھائی محروم ہوں گے۔

شیعہ کا مذہب علامہ نووی نے یہ نقل کیا ہے کہ عدم الوالد شرط نہیں،[5] (چنانچہ وہ والد اور جد کے ساتھ اِخوۃ کو بھی وارث قرار دیتے ہیں)۔ لیکن ساتھ ہی علامہ نوویؒ نے بعض العلماء کا یہ قول نقل کیا ہے کہ عدم الوالد کے شرط ہونے میں کوئی اختلاف نہیں۔ (یعنی شیعہ کی طرف شرط نہ ہونے کی نسبت صحیح نہیں)۔ البتہ اگر والد کے بجائے جد موجود ہو تب بھی کلالہ کے اَحکام جاری ہوں گے یا

---

(۱) النساء: ۱۲۔

(۲) النساء: ۱۷۶۔

(۳) بذل المجهود ج:۱۳ ص:۱۶۳ كتاب الفرائض، باب من كان ليس له ولد وله أخوات، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۵۵، ومعالم السنن للخطابيؒ ج:۴ ص:۸۷ كتاب الفرائض، باب من كان ليس له ولد وله أخوات۔

(۴) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۵۔

(۵) فالنووي حكى عن الشيعة ان الكلالة عندهم من ليس له ولد وان كان له والد او جدّ، فورثوا الأخوة مع الأب، اور اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک باپ زندہ ہو تو بھائی محروم ہوتے ہیں۔ (من الأستاذ مدظلهم) شرح نووي ج:۲ ص:۳۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نہیں؟ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک عدم الجد بھی شرط ہے،[۱] چنانچہ ان کے نزدیک جد کی موجودگی میں بھی بہن بھائی محروم ہوتے ہیں۔ اور مالکیہ وشافعیہ، اور صاحبین کے نزدیک شرط نہیں، للہذا ان کے نزدیک جد کی موجودگی میں الاخوۃ محروم نہیں ہوتے بلکہ جد کو بھی میراث ملتی ہے بھائیوں کو بھی مگر جد کو کتنی اور بھائیوں کو کتنی؟ اس میں پھر بہت اختلافات ہیں، تفصیل مطلوب ہو تو تکملہ فتح الملہم کی مراجعت کی جائے۔

غالباً اسی طرح کے اِشکالات حضرت عمرؓ کے سامنے تھے جن کا اشارہ انہوں نے اپنے خطبے میں کیا، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان اِشکالات کا مفصّل جواب دینے کے بجائے صرف آیۃ الصیف کے حوالے پر اکتفا فرمایا، اس میں بقول علامہ نوویؒ کے غالباً یہ حکمت تھی کہ حضرت عمرؓ اور دُوسرے حضرات جو اجتہاد کی صلاحیت رکھتے ہیں ان اِشکالات کا جواب اس آیت اور اس کے متعلقات میں غور وفکر کر کے اپنے اجتہاد واستنباط سے معلوم کریں اور ہر مسئلے میں نصِ صریح پر تکیہ کرنے کے بجائے نصوص سے استنباط واجتہاد کیا کریں، کیونکہ ہر مسئلے میں نصِ صریح نہیں پائی جاتی، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جو قول آگے آرہا ہے کہ:-

"وَاِنِّی اِنْ اَعِشْ اَقْضِ فِیْهَا بِقَضِیَّةٍ یَقْضِیْ بِهَا مَنْ یَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَمَنْ لَا یَقْرَأُ الْقُرْآنَ۔" (ص:۳۵ سطر:۴)

اس میں انہوں نے اپنے اسی اجتہاد کے ارادے کا اظہار فرمایا ہے، کیونکہ یہ جملہ حضرت عمرؓ کا ہے نہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ لیکن حضرت عمرؓ تاحیات اس مسئلے میں کوئی حتمی فیصلہ نہ کر سکے۔[۲]

۴۱۲۸- "حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ: نَا وَکِیْعٌ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: اٰخِرُ آیَةٍ نَزَلَتْ مِنَ الْقُرْاٰنِ: یَسْتَفْتُوْنَکَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِی

(۱) فقال ابوحنیفة یشترط ای عدم الجد، فیحرم الجد الأخوة کما یحرم الأب، وهو مذهب أبی بکر وکثیر من الصحابة والتابعین، وقال الشافعی: ان الکلالة لا یشترط له عدم الجد، فلا یحرم الجد الأخوة، بل ان الأخوة یقاسمون الجد المیراث، وهو مذهب مالك وأبی یوسف ومحمد وغیرهم۔ (من الأستاذ حفظهم الله)

(۲) إکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۲۱، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۵، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۳۳۴، ۳۳۵، وبذل المجهود ج:۱۳ ص:۱۶۳ کتاب الفرائض، باب من کان لیس له ولد وله أخوات۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الْكَلٰلَةِ"۔ (ص:۳۵ سطر:۶،۷)

قوله: "اٰخِرُ اٰيَةٍ نَزَلَتْ" (ص:۳۵ سطر:۶)

اى فى الميراث (كما فى تقرير الجنجوهى ص:۳۴)۔

۴۱۳۰- "حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ: اَنَا عِيْسٰى -وَهُوَ ابْنُ يُوْنُسَ- قَالَ: نَا زَكَرِيَّا، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ اَنَّ اٰخِرَ سُوْرَةٍ اُنْزِلَتْ تَامَّةً سُوْرَةُ التَّوْبَةِ وَاَنَّ اٰخِرَ اٰيَةٍ اُنْزِلَتْ اٰيَةُ الْكَلَالَةِ۔" (ص:۳۵ سطر:۸تا۹)

قوله: "اٰخِرُ سُوْرَةٍ الخ" (ص:۳۵ سطر:۸تا۹)

صحابہ کرامؓ کی روایات اس بارے میں متعارض ہیں، ہر ایک نے اپنے علم کے مطابق بیان کیا ہے، تحقیقی بات یہ ہے کہ روایات سے اس کا حتمی فیصلہ کرنا بہت مشکل ہے۔ تفصیل کے لئے تکملة فتح الملهم کی مراجعت کی جائے۔

۴۱۳۳- "حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا اَبُوْ صَفْوَانَ الْاُمَوِيُّ، عَنْ يُوْنُسَ الْاَيْلِيِّ ح قَالَ: وحَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى -وَاللَّفْظُ لَهٗ- قَالَ: اَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ الْمَيِّتِ، عَلَيْهِ الدَّيْنُ، فَيَسْاَلُ: هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهٖ مِنْ قَضَاءٍ؟ فَاِنْ حُدِّثَ اَنَّهٗ تَرَكَ وَفَاءً صَلّٰى عَلَيْهِ۔ وَاِلَّا قَالَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ۔ فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْفُتُوْحَ، قَالَ: "اَنَا اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ تُوُفِّيَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَعَلَيَّ قَضَاؤُهٗ، وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَهُوَ لِوَرَثَتِهٖ۔"

(ص:۳۵ سطر:۱۱تا۱۴)

قوله عليه السلام: "فَعَلَيَّ قَضَاؤُهٗ" (ص:۳۵ سطر:۱۴)

علامہ کرمانیؒ نے شرح بخاری میں فرمایا کہ میّتِ مُعسر کا دَین اداء کرنا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص میں تھا، اور یہ آپ اپنے ذاتی مال سے ادا فرماتے تھے، اور بعض نے کہا کہ بیت المال سے ادا فرماتے تھے۔[1]

(۱) الكواكب الدرارى للكرمانىؒ ج:۲۳ ص:۱۵۹ كتاب الفرائض، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم "من ترك مالا فلأهله"، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علامہ عینیؒ نے "العمدۃ" میں فرمایا کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام (حکومت) پر یہ ادائیگی فرض ہے، اگر امام، میّتِ مُعسر کا دَین ادا نہیں کرے گا تو آخرت میں دینا پڑے گا، اور گناہ اسی پر ہوگا، بشرطیکہ بیت المال میں اس میّت کا اتنا حق ہو کہ اس سے یہ پورا دَین ادا کیا جا سکے، ورنہ جس قدر اس کا بیت المال میں حق ہوگا اتنا دینا امام پر فرض ہوگا۔[1]

مگر ناچیز عرض کرتا ہے کہ یہ حساب لگانا انتہائی مشکل ہے کہ کس میّت کا کتنا حق بیت المال میں ہے، واللہ اعلم۔

۴۱۳۵- "حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا شَبَابَةُ قَالَ: حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنْ عَلَى الْاَرْضِ مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا اَنَا اَوْلَى النَّاسِ بِهٖ، فَاَيُّكُمْ مَا تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيَاعًا فَاَنَا مَوْلَاهُ، وَاَيُّكُمْ تَرَكَ مَالًا فَاِلَى الْعَصَبَةِ مَنْ كَانَ۔"

(ص:۳۵ سطر:۱۶،۱۷ تا ص:۳۶ سطر:۱)

قوله: "اَوْ ضَيَاعًا" (ص:۳٦ سطر:۱)

الضَّياع والضَّيعة بفتح الضاد المراد بهما عيال محتاجون ضائعون۔ یعنی ایسے وارث اور اولاد جن کے پاس مال نہ ہو، اور ان کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہو (نوویؒ)۔[2]

۴۱۳٦- "حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا اَبِي، قَالَ: نَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيٍّ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِلْوَرَثَةِ، وَمَنْ تَرَكَ كَلًّا فَاِلَيْنَا۔" (ص:۳٦ سطر:۳،۴)

قوله: "كَلًّا" (ص:۳٦ سطر:۴)

بفتح الكاف، ای عيالًا۔ اس کے اصل معنی بوجھ کے آتے ہیں، عیال بھی عیال دار پر بوجھ ہوتے ہیں اس لئے ان کو بھی "الكَلّ" کہہ دیا جاتا ہے (نوویؒ)۔[3]

❊❊❊

(۱) عمدة القاری ج:۱۲ ص:۱۳ کتاب الکفالة، باب الدَّین، وفتح الباری ج:۴ ص:۴۷۸ کتاب الکفالة، باب الدَّین، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۳۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳٦۔

(۳) حوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب الهبات (ص:۳۶)

باب کراهة شراء الانسان ما تصدق به ممّن تَصَدَّق علیه (ص:۳۶)

۲۱۳۹- "حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ عَتِيْقٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَاَضَاعَهُ صَاحِبُهُ. فَظَنَنْتُ اَنَّهُ بَائِعُهُ بِرُخْصٍ. فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ. فَقَالَ: لَا تَبْتَعْهُ، وَلَا تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ، فَاِنَّ الْعَائِدَ فِيْ صَدَقَتِهٖ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهٖ." (ص:۳۶ سطر:۶ تا ۸)

قوله: "حَمَلْتُ" (ص:۳۶ سطر:۶)

یہاں حمل بمعنی التصدق ہے، یعنی کسی مجاہد کو صدقے میں دے دیا تھا۔[۱]

قوله: "عَلٰى فَرَسٍ عَتِيْقٍ" (ص:۳۶ سطر:۶)

العتيق الفرس النفيس الجواد السابق (نوویؒ)۔[۲]

قوله: "فَاَضَاعَهُ صَاحِبُهُ" (ص:۳۶ سطر:۷)

یعنی اس کی غذاء اور دیکھ بھال اچھی نہ کی۔[۳]

قوله: "بِرُخْصٍ" (ص:۳۶ سطر:۷)

(۱) شرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۶، ومجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۵۲۴۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۶، ومجمع بحار الأنوار ج:۳ ص:۵۲۱۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۶، وفتح الباری ج:۵ ص:۲۳۶ كتاب الهبة، باب لا يحل لأحد أن يرجع في هبته وصدقته۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رخص مہنگائی کی ضد ہے، یعنی کم قیمت کے بدلے۔ (۱)

قوله: "وَلَا تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ" (ص:۳٦ سطر:۷)

اس گھوڑے کی خریداری کو "عود فی الصدقة" اس لئے قرار دیا کہ جب صدقہ کرنے والا ہی اسے اُسی فقیر سے خریدے تو عموماً فقیر اسے اصل قیمت سے کم میں فروخت کردیتا ہے، تو جتنی قیمت بازاری قیمت سے کم ہوئی اس پر عود فی الصدقة کا اطلاق کیا گیا۔ (۲) اور "فَظَنَنْتُ اَنَّهٗ بَائِعه برُخص" اس کا قرینہ ہے۔

اور حکم ایسی بیع کا یہ ہے کہ امام مالکؒ، حنفیہ سمیت فقہائے کوفیین اور امام شافعیؒ و جمہور کے نزدیک یہ بیع منعقد ہوجاتی ہے، البتہ اگر اصل قیمت سے کم کے لالچ میں خریدا تو یہ مکروہِ تحریمی ہے، کیونکہ اس میں فی الجملہ عود فی الصدقة پایا جاتا ہے، اور اگر اس لالچ کے بغیر خریدا تو مکروہِ تنزیہی ہے، کیونکہ یہ حقیقۃً تو نہیں مگر صورۃً عود فی الصدقة ہے۔ بعض ظاہریہ ان تمام صورتوں کو ناجائز کہتے ہیں، اور اگر صدقہ کی ہوئی چیز میراث میں متصدق کو واپس مل گئی تو بالاتفاق یہ بلا کراہت جائز ہے، الا عند بعض اهل الظاهر (كذا في التكملة)۔ (۳)

باب تحريم الرجوع في الصدقة بعد القبض إلا ما وهبه لولده وإن سفل (ص:۳٦)

۴۱۴۶- "حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى الرَّازِيُّ وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَا: أَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ قَالَ: نَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "مَثَلُ الَّذِيْ يَرْجِعُ فِيْ صَدَقَتِهٖ كَمَثَلِ الْكَلْبِ يَقِيْءُ ثُمَّ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهٖ فَيَأْكُلُهٗ"۔ (ص:۳٦ سطر:۱۷ تا ۱۹)

قوله: "عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ" (ص:۳٦ سطر:۱۸)

(۱) لسان العرب ج:۵ ص:۱۷۸، وتاج العروس ج:۴ ص:۳۹۷۔

(۲) فتح الباری ج:۵ ص:۲۳٦ کتاب الهبة، باب لا يحل لأحد أن يرجع في هبته وصدقته، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۵، والمعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۳۴۴۔

(۳) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۵، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳٦، وحاشية الحل المفهم ج:۲ ص:۱٦۷، ۱٦۸، والمفهم ج:۴ ص:۵۷۹، ۵۸۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ الامام الباقر ابوجعفر محمد بن علی بن سیّدنا حسینؓ بن سیّدنا علی رضی اللہ عنہ ہیں، یعنی سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کے پڑپوتے۔ اسی وجہ سے انہیں اگلی سے اگلی روایت میں، جو امامِ مسلمؒ نے اپنے شیخ حجاج بن الشاعر سے روایت کی ہے، اُس میں ان کو "محمد ابن فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم" کہا گیا ہے، کیونکہ یہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پڑپوتے ہیں۔ وكان من فقهاء المدينة، وثقات المحدثين من التابعين، اور الامام جعفر الصادق ان کے صاحب زادے ہیں۔[1]

رُجوع فی الصدقة تو بالاتفاق ناجائز ہے حنفیہ کے نزدیک بھی جائز نہیں،[2] البتہ رُجوع فی الهبة میں اختلاف ہے۔

امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمدؒ اور امام اوزاعیؒ کے نزدیک واهب کو رُجوع فی الهبة کا حق نہیں ہے، اِلّا للوالد علی ولده، فله الرجوع فيما وهب لولده، ان حضرات کا استدلال عدمِ جواز پر اسی باب میں آگے آنے والی حدیث کے اس جملے سے ہے کہ: "العائِدُ فی هبتهٖ كالعائِد فی قَيئِهٖ" (ص:۳۶ سطر:۲۴) اور رُجوع والد علی ولده کے جواز پر استدلال اگلے باب کی احادیث سے ہے۔[3]

امام ابوحنیفہؒ اور دیگر متعدّد فقہاء وصحابہ کرامؓ، وفيهم عمر بن الخطاب وعليّ بن أبي طالب وعبدالله بن عمر، رضي الله عنهم، کے نزدیک واهب کو رُجوع فی الهبة کا حق ہے،[4] حنفیہ کے ہاں اس کی تفصیل یہ ہے کہ رُجوع دیانۃً تو مکروہِ تحریمی ہے،[5] مگر قضاءً چند شرائط کے ساتھ جائز ہے:۔

---

(۱) كذا في تكملة فتح الملهم (ج:۲ ص:۳۷) نقلًا عن تهذيب التهذيب۔ (از حضرت الاستاذ مدظلہم)

(۲) الهداية ج:۳ ص:۲۹۰ أخر كتاب الهبة، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۶۹ كتاب الاقضية، باب الاعتصار في الصدقة۔ (من الأُستاذ مدظلهم)

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۶، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۷، وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۳۴۳، والمفهم ج:۴ ص:۵۸۲، وعمدة القارى ج:۱۳ ص:۱۴۳ كتاب الهبة، باب الهبة للولد الخ۔

(۴) عمدة القارى ج:۱۳ ص:۱۴۹ كتاب الهبة، باب هبة الرجل لامرته والمرأة لزوجها، والجوهر النقى على هامش السنن الكبرىٰ ج:۶ ص:۱۸۲ كتاب الهبات، باب المكافأة في الهبة۔

(۵) كذا في تكملة فتح الملهم عن الدر المختار ج:۲ ص:۳۸و۳۹، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۷۴، ۲۷۵ كتاب الاقضية، باب الاعتصار في الصدقة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- واھب نے کوئی عوض ہبہ کا موھوب لہٗ سے نہ لیا ہو۔ عوض لینا مانع عن الرجوع ہے۔

۲- واھب اور موھوب لہٗ دونوں زندہ ہوں، موت أحدھما مانع عن الرجوع ہے۔

۳- واھب اور موھوب لہٗ آپس میں ذی رحم محرم نہ ہوں، نیز دونوں میں زوجیت کا تعلق نہ ہو، اگر ذی رحم محرم یا احد الزوجین ہوں گے تو رُجوع جائز نہیں، خواہ وہ واھب کا ولد ہو یا نہ ہو۔

۴- یا تو موھوب لہٗ رَدّ پر راضی ہو جائے یا اس کا فیصلہ قاضی کر دے، تراضی یا قضاء قاضی کے بغیر رُجوع جائز نہیں۔

۵- شیء موھوب میں زیادت متصل کالغرس والبناء والسِّمن متحقق نہ ہو، اگر متحقق ہوئی تو رُجوع جائز نہ ہوگا، والتفصيل في كتب الفقه۔[۱]

حنفیہ کا استدلال مندرجہ ذیل احادیث سے ہے:-

۱- عن ابن عباس وابن عمر وأبي هريرة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من وهب هبة فهو أحق بها ما لم يُثَبْ منها۔ رواه الحاكم عن ابن عمر، وصححه على شرط الشيخين، وأقره الذهبي۔[۲] ورواه ابن ماجة عن أبي هريرة باسناد ضعيف،[۳] ورواه الدارقطني[۴] والطبراني[۵] عن ابن عباس رضي الله عنهما، كذا في نصب الراية۔[۶]

۲- عن عبدالله بن عَمرٍو عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: مثل الذي

(۱) أوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۷۴ كتاب الاقضية، باب الاعتصار في الصدقة، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۲۰ كتاب الهبة والصدقة، باب الرجوع في الهبة، ومؤطا للامام محمدؒ ص:۳۴۷ باب الهبة والصدقة، والبحر الرائق ج:۷ ص:۴۹۵ تا ۵۰۰ كتاب الهبة، باب الرجوع في الهبة، وبدائع الصنائع ج:۵ ص:۱۸۵ كتاب الهبة، شرائط الرجوع عن الهبة، والبناية للعينيؒ ج:۳ ص:۲۰۴ كتاب الهبة، باب ما يصح رجوعه ومالا يصح، والمحيط البرهاني ج:۹ ص:۱۸۴ كتاب الهبة والصدقة، الفصل الخامس في الرجوع في الهبة۔

(۲) المستدرك للحاكم ج:۲ ص:۲۰ رقم الحديث: ۲۳۲۳۔

(۳) سنن ابن ماجة ج:۲ ص:۱۷۲ رقم الحديث: ۲۳۸۷۔

(۴) سنن الدارقطني ج:۲ ص:۲۳۷ رقم الحديث: ۲۹۳۷۔

(۵) المعجم الكبير للطبراني ج:۱۱ ص:۱۴۷ رقم الحديث: ۱۱۳۱۷۔

(۶) نصب الراية ج:۴ ص:۱۲۵، ۱۲۶ رقم الحديث: ۶۷۶۶ تا ۶۷۶۹ كتاب الهبة، باب الرجوع في الهبة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

يسترد ما وهب كمثل الكلب يقيئ فيأكل قيئه، فاذا استرد الواهب فليوقف وليعرف بما استرد، ثم ليدفع اليه ما وهب۔ رواه أبوداؤد في آخر باب الرجوع في الهبة۔[۱]

اس سے معلوم ہوا کہ ہبہ واپس لینا اگرچہ ناجائز ہے، لیکن اسے واپس دِلا دیا جائے تو وہ مالک ہو جائے گا۔[۲]

۳- عن سمرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا كانت الهبة لذى رحم محرم لم يرجع فيها۔ رواه الدارقطني[۳] والبيهقي[۴] والحاكم[۵] وصحّحه على شرط البخاري وأقره عليه الذهبي۔[۶]

اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ غیر ذی رحم محرَم سے رُجوع کا جواز اس حدیث کے مفہومِ مخالف سے نکلتا ہے، جو حنفیہ کے نزدیک معتبر نہیں ہے۔

جواب یہ ہے کہ یہ حدیث اگرچہ ہمیں اپنے مذہب کے لئے مفید نہیں، لیکن الزام على الخصم کے لئے ایک حد تک فائدے سے خالی نہیں، کیونکہ وہ مفہومِ مخالف کو ایک درجے میں حجت مانتے ہیں۔

دُوسرا جواب یہ ہے کہ اس حدیث کا مفہومِ مخالف حضرت عمرؓ نے صراحۃً اپنے منطوق میں بیان کیا ہے، لہٰذا ہمارا استدلال مفہومِ مخالف سے نہیں بلکہ منطوق سے ہے۔

۴- عن عمر بن الخطاب قال: من وهب هبة لذى رحم محرم، فليس له أن يرجع فيها، ومن وهب هبة لغير ذى رحم محرم، فله أن يرجع فيها، إلّا ان يثاب منها۔[۷]

---

(۱) سنن ابی داؤد ج:۲ ص:۴۹۹ کتاب البیوع، باب الرجوع فی الهبة۔

(۲) اس سے حنفیہ کے اس قول کی تائید ہوتی ہے کہ رُجوع فی الهبة، دیانۃً تو ناجائز ہی ہے، البتہ قضاءً جائز ہے۔ رفیع

(۳) سنن الدارقطنی ج:۲ ص:۱۳۸ رقم الحدیث: ۲۹۴۲۔

(۴) السنن الکبریٰ للبیهقی ج:۶ ص:۱۸۱ کتاب الهبات، باب المكافاة فی الهبة۔

(۵) المستدرك للحاكم ج:۲ ص:۶۱ رقم الحدیث: ۲۳۲۴۔

(۶) كذا فی نصب الراية ج:۴ ص:۱۲۷ كتاب الهبة، باب الرجوع فی الهبة، وحاشية المستدرك للحاكمؒ ج:۲ ص:۶۱۔

(۷) نصب الراية ج:۴ ص:۱۲۶ كتاب الهبة، باب الرجوع فی الهبة، نقلًا عن مصنف عبدالرزاق ج:۹ ص:۱۰۶، ۱۰۷ رقم الحدیث: ۱۶۵۲۵ و ۱۶۵۲۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور احادیثِ باب کا ایک جواب یہ ہے کہ نہی دیانةً پر محمول ہے، اور رُجوع فی الهبة کو دیانةً ہم بھی ناجائز کہتے ہیں۔[1]

دُوسرا جواب یہ دیا گیا کہ کلب کے کسی فعل کو حرام نہیں کہا جا سکتا، فانه ليس من المكلّفين، البتہ اس کے فعل کو قبیح اور ناپسندیدہ کہا جا سکتا ہے، پس اس کے عود فی القیء کے ساتھ رُجوع فی الهبة کو جو تشبیہ دی گئی ہے، اس میں وجہ شبہ حرمت نہیں ہو سکتی، البتہ استقباح اور ناپسندیدگی وجہ شبہ ہو سکتی ہے، وهو قولنا،[2] اس کی ایک دلیل یہ ہے کہ اُوپر کے باب "كراهة شراء الانسان ما تصدق به" میں شراء ما تصدق به کو بھی "كالكلب يعود فی قيئه" سے تشبیہ دی گئی ہے، اور وہاں بالاتفاق وجہ شبہ استقباح ہے نہ کہ حرمت، "لأنهم اتفقوا على أن النهي ثمّ محمول على التنزيه"، یعنی جبکہ قیمت سے کم ملنے کے لالچ میں نہ خریدا ہو۔ لیکن اس جواب کا تقاضا یہ ہے کہ رُجوع دیانةً بھی مکروہِ تحریمی نہ ہو، تنزیہی ہو، وهو خلاف ما نقلناه عن الدر المختار،[3] لہٰذا پہلے ہی جواب کو ترجیح ہوگی۔

باب كراهة تفضيل بعض الأولاد في الهبة (ص:۳۶)

۴۱۵۳- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ. عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، يُحَدِّثَانِهِ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ أَبَاهُ أَتَىٰ بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي نَحَلْتُ ابْنِيْ هٰذَا غُلَامًا كَانَ لِيْ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "أَكُلَّ

---

(۱) أوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۷۴ كتاب الاقضية، باب الاعتصار في الصدقة۔

(۲) أوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۷۵ كتاب الاقضية، باب الاعتصار في الصدقة، وعمدة القارى ج:۱۳ ص:۱۴۹ كتاب الهبة، باب هبة الرجل لامرأته والمرأة لزوجها، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۶۲، واعلاء السنن ج:۱۶ ص:۱۰۲ كتاب الهبة، باب التسوية المستحبة بين الأولاد، وانوار المحمود ج:۲ ص:۳۵۶ كتاب البيوع، باب الرجوع في الهبة، والبناية للعينيؒ ج:۳ ص:۶۰۳ كتاب الهبة، باب الرجوع في الهبة، وبدائع الصنائع ج:۵ ص:۱۸۴ كتاب الهبة، شرائط الرجوع عن الهبة، والجوهر النقي على هامش السنن الكبرىٰ ج:۶ ص:۱۸۲ كتاب الهبات، باب المكافأة في الهبة۔

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: الدر المختار ج:۵ ص:۶۹۸ كتاب الهبة، باب الرجوع في الهبة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَلَدِكَ نَحَلْتَهُ مِثْلَ هٰذَا"؟ فَقَالَ: لَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "فَارْجِعْهُ۔" (ص:۳٦ سطر:۲۸ تا ۳۰)

قوله: "إِنِّيْ نَحَلْتُ" (ص:۳٦ سطر:۲۸) من باب فتح ای وَهَبْتُ، والنِّحلَة بکسر النون الهبة والعطية۔

ہبہ میں ساری اولاد کو برابر دینا امام احمدؒ وعبداللہ بن المبارکؒ وامام بخاریؒ وظاہریہ کے نزدیک واجب ہے، لظاهر احادیث الباب۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک (وفیهم الامام ابوحنیفةؒ) ہبہ میں ساری اولاد کو برابر دینا مستحب ہے، واجب نہیں۔(۱) اور حضرت گنگوہیؒ نے ایک اہم مسئلہ یہ ارشاد فرمایا ہے کہ تفضیل فی الهبة یہ زیرِ بحث حرمت یا کراہتِ تنزیہیہ صرف اولاد کے بارے میں ہے باقی رشتہ داروں مثلاً بہن بھائیوں وغیرہم میں تفضیل نہ حرام ہے نہ مکروہِ تنزیہی (الحل المفهم ج:۲ ص:۱٦۸)۔

ائمہ ثلاثہؒ کا استدلال حضرت ابوبکر صدیقؓ، عمر فاروقؓ وعبدالرحمٰن بن عوفؓ کے عمل سے ہے کہ انہوں نے اپنی بعض اولاد کو بعض سے زیادہ دیا، کما فی تکملة فتح الملهم۔(۲)

یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان اکابر صحابہؓ نے حضرت بشیرؓ کے واقعے کو وجوب پر محمول نہیں کیا۔

اور عقلی دلیل یہ ہے کہ آدمی کو اختیار ہے کہ اپنی اولاد کے سوا دُوسرے کو پورا مال دیدے، جس سے اولاد بالکل محروم ہو جائے، تو جب ساری اولاد کو (جبکہ وہ غنی ہو) بالکل محروم کر دینا جائز ہوا تو بعض اولاد کو کلاً یا جزواً محروم کر دینا بھی جائز ہوا۔(۳)

---

(۱) عمدة القاری ج:۱۳ ص:۱۴٦ کتاب الهبة، باب الهبة للولد الخ، وفتح الباری ج:۵ ص:۲۱۴ کتاب الهبة، باب الهبة للولد الخ، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:٦۸، والتمهيد لابن عبدالبرؒ ج:۷ ص:۲۲۵ تا ۲۲۷ کتاب الاقضية، باب ما لا يجوز من النحل، حديث سادس لابن شهاب عن حميد الخ، واوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۵٦ کتاب الاقضية، باب ما لا يجوز من النحل۔

(۲) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۴۴ و۴۵، وشرح معانی الآثار ج:۲ س:۲۲۵ کتاب الهبة والصدقة، باب الرجل ينحل بعض بنيه دون بعض، والموطا للامام محمدؒ ص:۳۴۷، ۳۴۸ کتاب البيوع، باب النحلی۔

(۳) عمدة القاری ج:۱۳ ص:۱۴۷ کتاب الهبة، باب الهبة للولد، وفتح الباری ج:۵ ص:۲۱۵ کتاب الهبة، باب الهبة للولد، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۴٦، والتمهيد لابن عبدالبرؒ ج:۷ ص:۲۳۰ کتاب الاقضية، باب ما لا يجوز من النحل، حديث سادس لابن شهاب عن حميد الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک کسی اولاد کو ضرر پہنچانے کے لئے دُوسری کو زیادہ دینا تو ناجائز ہے، قصدِ اضرار کے بغیر جائز ہے، مع الکراهة التنزيهية۔

اور کسی کی نیکی کی وجہ سے اسے زیادہ دینا، اور کسی اولاد کے فسق کی وجہ سے اسے کم دینا یا بالکل نہ دینا بلا کراہت جائز ہے۔[۱]

اور برابر کرنے کا طریقہ حنفیہ، مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک یہ ہے کہ مذکر اور مؤنث کو برابر دے، میراث کے طریقے پر "للذكر مثل حظ الأنثيين" دینا مراد نہیں، امام احمدؒ کے نزدیک حصہ میراث کے برابر دینا مراد ہے۔[۲]

اور احادیثِ باب کا جواب تفضيل بعض الأولاد کے بارے میں یہ دیا گیا ہے کہ یہ کراہت تنزیہ پر محمول ہیں، جس کا ایک قرینہ حدیثِ باب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بشیرؓ سے یہ فرمانا ہے کہ: "فَأَشْهِدْ على هذا غيري" اگر تفضیل حرام ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر کسی دُوسرے کو گواہ بنانے کا حکم نہ دیتے۔[۳] پس یہ ایسا ہی ہے جیسا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدیون کے جنازے کے بارے میں فرمایا: "صلُّوا على صاحبكم"۔[۴]

دُوسرا جواب یہ ہے کہ بشیرؓ کی زوجہ کا ارادہ اس ہبہ سے شاید یہ ہوگا کہ بشیرؓ کی دُوسری اولاد کو نقصان پہنچے، جس کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی یا قرائن سے ہوگیا ہوگا، اس لئے آپ نے نعمان کو اس سے منع فرمایا۔[۵]

---

(۱) اعلاء السنن ج:۱۶ ص:۹۳ كتاب الهبة، باب جواز تفضيل بعض الأولاد على البعض في العطية، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۷۱، والفتاوى الهندية ج:۴ ص:۳۹۱ كتاب الهبة، الباب السادس في الهبة للصغير، وحاشية الطحطاوي على الدرّ ج:۳ ص:۳۹۹، ۴۰۰ كتاب الهبة، قبيل باب الرجوع في الهبة۔

(۲) عمدة القاري ج:۱۳ ص:۱۴۶ كتاب الهبة، باب الاشهاد في الهبة، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۳۵۰، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۳۲، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۴۴و۴۵، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۷، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۲۵ كتاب الهبة والصدقة، باب الرجل ينحل بعض بنيه دون بعض۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۷، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۳۵۰، ۳۵۱، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۲۹، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۵۸ كتاب الاقضية، باب ما لا يجوز من النحل، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۴۶و۴۷۔

(۴) جامع الترمذي ج:۱ ص:۲۳۱ أبواب الجنائز رقم الحديث: ۱۰۷۰۔

(۵) إكمال المعلم ج:۵ ص:۳۵۱، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۳۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "فَارْجِعْهُ"　　(ص:۳۶ سطر:۳۰)

اس سے ان فقہائے کرام نے استدلال کیا ہے جو والد کو اپنے ولد سے رُجوع فی الهبة کو جائز کہتے ہیں۔

حنفیہ کے نزدیک رُجوع ولد سے بھی ناجائز ہے، کیونکہ وہ بھی ذی رحم محرم ہے، جس سے رُجوع فی الهبة کی ممانعت کی دو حدیثیں پچھلے باب میں ہم نقل کر چکے ہیں۔

حنفیہ نے اس حدیثِ باب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد "فارجعه" کے مندرجہ ذیل جوابات دیئے ہیں:-

۱- ہبہ اس وقت تک مکمل نہیں ہوا تھا کیونکہ حضرت بشیرؓ نے ہبہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت پر موقوف رکھا تھا، جیسا کہ طحاوی کی ایک روایت میں صراحت ہے۔[1]

۲- اگر فرض کرلیا جائے کہ ہبہ مکمل ہو چکا تھا، تب بھی امام کو اختیار ہے کہ اگر وہ دیکھے کہ باقی اولاد کو ضرر پہنچانے کے لئے ہبہ کیا گیا ہے تو اسے واپس کروادے، یہاں ایسا ہی ہوا ہوگا، واللہ اعلم۔[2]

۴۱۵۸- "حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ اَبِي حَيَّانَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ بْنِ نُمَيْرٍ -وَاللَّفْظُ لَهٗ- قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: نَا اَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ بَشِيْرٍ اَنَّ اُمَّهٗ بِنْتُ رَوَاحَةَ سَاَلَتْ اَبَاهُ بَعْضَ الْمَوْهُوْبَةِ مِنْ مَالِهٖ لِابْنِهَا؟ فَالْتَوٰى بِهَا سَنَةً ثُمَّ بَدَا لَهٗ فَقَالَتْ: لَا اَرْضٰى حَتّٰى تُشْهِدَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَا وَهَبْتَ لِابْنِيْ، فَاَخَذَ اَبِيْ بِيَدِيْ وَاَنَا يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ! اِنَّ اُمَّ هٰذَا بِنْتَ رَوَاحَةَ اَعْجَبَهَا اَنْ اُشْهِدَكَ عَلَى الَّذِيْ وَهَبْتُ لِابْنِهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يَا بَشِيْرُ! اَلَكَ وَلَدٌ سِوٰى هٰذَا؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "اَكُلَّهُمْ وَهَبْتَ لَهٗ مِثْلَ هٰذَا؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "فَلَا تُشْهِدْنِيْ اِذًا، فَاِنِّيْ لَا اَشْهَدُ عَلٰى جَوْرٍ۔"　　(ص:۳۷ سطر:۹ تا ۱۳)

قولہ: "فَالْتَوٰى بِهَا سَنَةً"　　(ص:۳۷ سطر:۱۱)

(۱) شرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۲۵ كتاب الهبة والصدقة، باب الرجل ينحل بعض بنيه دون بعض۔

(۲) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یعنی اُس کو ٹلایا، اصل میں "الـلـيُّ" اور "الـتـواء" کے معنی ہیں مُڑنا، بل کھانا، پھر یہ اداۓ دین کو ٹلانے کے معنی میں استعمال ہونے لگا۔

قولہ: "فَاِنِّیْ لَا اَشْهَدُ عَلٰی جَوْرٍ" (ص:۳۷ سطر:۱۳)

وجوب تسوية بين الأولاد کے قائلین اس سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ اس کا جواب ائمہ ثلاثہ کی طرف سے یہ دیا جاتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو شاید یہ علم ہو گیا ہو کہ بشیر کی زوجہ کا مقصد دوسری بیوی کی اولاد پر اپنے بیٹے کی فضیلت جتانا ہے، اور علامہ نوویؒ نے یہ جواب دیا ہے کہ یہاں جور سے کراہتِ تنزیہی مراد ہے۔[1]

۴۱۶۱- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ وَعَبْدُ الْاَعْلٰی ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ وَیَعْقُوْبُ الدَّوْرَقِیُّ جَمِیْعًا عَنِ ابْنِ عُلَیَّةَ -وَاللَّفْظُ لِیَعْقُوْبَ- قَالَ: نَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ: اِنْطَلَقَ بِیْ اَبِیْ یَحْمِلُنِیْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اشْهَدْ اَنِّیْ قَدْ نَحَلْتُ النُّعْمَانَ کَذَا وَکَذَا مِنْ مَالِیْ، فَقَالَ: "اَکُلَّ بَنِیْكَ قَدْ نَحَلْتَ مِثْلَ مَا نَحَلْتَ النُّعْمَانَ؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "فَاَشْهِدْ عَلٰی هٰذَا غَیْرِیْ" ثُمَّ قَالَ: "اَیَسُرُّكَ اَنْ یَکُوْنُوْا اِلَیْكَ فِی الْبِرِّ سَوَاءً؟" قَالَ: بَلٰی، قَالَ: "فَلَا اِذًا۔"

(ص:۳۷ سطر:۱۵تا۱۹)

قولہ: "اَیَسُرُّكَ اَنْ یَکُوْنُوْا اِلَیْكَ فِی الْبِرِّ سَوَاءً؟ قَالَ: بَلٰی، قَالَ: فَلَا اِذًا"

(ص:۳۷ سطر:۱۸) یہ قرینہ ہے اس بات کا کہ یہ نہی تنزیہی ہے۔

۴۱۶۲- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِیُّ قَالَ: نَا اَزْهَرُ قَالَ: نَا ابْنُ عَوْنٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ: نَحَلَنِیْ اَبِیْ نَحْلًا، ثُمَّ اَتٰی بِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِیُشْهِدَهٗ فَقَالَ: "اَکُلَّ وَلَدِكَ اَعْطَیْتَهٗ هٰذَا؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "اَلَیْسَ تُرِیْدُ مِنْهُمُ الْبِرَّ مِثْلَ مَا تُرِیْدُ مِنْ ذَا؟" قَالَ: بَلٰی، قَالَ: "فَاِنِّیْ لَا اَشْهَدُ۔"

قَالَ ابْنُ عَوْنٍ: فَحَدَّثْتُ بِهٖ مُحَمَّدًا فَقَالَ: اِنَّمَا حُدِّثْتُ اَنَّهٗ قَالَ: قَارِبُوْا بَیْنَ

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اَبْنَائِکُمْ۔" (ص:۳۷ سطر:۱۹تا۲۱)

قولہ: "قَارِبُوْا بَیْنَ اَبْنَائِکُمْ" (ص:۳۷ سطر:۲۱)

یعنی اولاد کے درمیان برابری اور تسویہ میں بہت باریک بینی سے حساب کرنا ضروری نہیں، بلکہ اجمالی طور پر اندازہ کرلینا کافی ہے، تھوڑی کمی بیشی مکروہ نہیں، ہاں اتنی کمی بیشی نہ کی جائے جو دوسری اولاد کو بُری لگے۔

باب العُمْرٰی (ص:۳۷)

۴۱۶۴- "حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیَی قَالَ: قَرَاْتُ عَلٰی مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اَیُّمَا رَجُلٍ اُعْمِرَ عُمْرٰی لَهٗ وَلِعَقِبِهٖ، فَاِنَّهَا لِلَّذِیْ اُعْطِیَهَا لَا تَرجِعُ اِلَی الَّذِیْ اَعْطَاهَا، لِاَنَّهٗ اَعْطٰی عَطَاءً وَقَعَتْ فِیْهِ الْمَوَارِیْثُ۔" (ص:۳۷ سطر:۲۳تا۲۵)

لغت میں "عُمرٰی" ایسے گھر وغیرہ کو کہا جاتا ہے جو کسی کو عمر بھر استعمال کے لئے (عاریۃً) دے دیا جائے۔ هو ان یدفع الرجل الی اخیه دارًا فیقول له: هٰذہٖ لك عُمْرك ای طول عمرك۔ اصل میں یہ مصدر ہے، پھر مفعول کے معنی میں بھی استعمال ہونے لگا۔ باب افعال سے بھی اس کے لغوی معنی یہی ہیں۔ مگر احادیثِ باب نے اسے عاریۃ کے بجائے ہبہ قرار دیدیا۔

عمریٰ کی تین صورتیں ہیں:-

۱- ایک یہ کہ ان یصرح المُعْمِر للمُعْمَر له بأنّها لك ولعقبك، فانها تنعقد هبة عند الجمهور، خلافا للامام مالك والليث رحمهما الله، فانها عندهما تمليك المنافع، ولا تملك بها رقبة المعمَر بحال ويكون للمعمَر له السكنٰى، فاذا مات كانت السكنٰى لورثته، فاذا انقرضوا عادت الى المعمِر أو ورثته، واحتجّوا بما أخرجه الترمذي وغيره من حديث جابر: "العمرٰى جائزة لأهلها"[1] قالوا ان ذٰلك إجازة، لما كان العرب يفعلونه في الجاهلية، ولم تكن العرب تعرف بالعمرٰى الا انها عارية دون الهبة، وحجة الجمهور حديث الباب۔

(۱) جامع الترمذي، كتاب الأحكام باب ما جاء في العمرىٰ رقم الحديث: ۱۳۵۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۲-اور دُوسری صورت یہ کہ یقول المعمِر: اعمرتك هٰذه الدار ما عِشتَ، فان مُتَّ فهي راجعة اليَّ، اس میں فقہاء کے دو قول ہیں:-

ایک یہ کہ یہ عارية موقتة ہے، معمر لهٗ کی وفات کے بعد معمِر کو یا اس کے وارثوں کو واپس مل جائے گی، یہ مذہب حضرت امام مالکؒ وغیرہ کا ہے، امام احمدؒ اور امام شافعیؒ کا بھی ایک قول یہی ہے۔

دُوسرا مذہب یہ ہے کہ یہ بھی ہبہ ہے، اور شرطِ رُجوع باطل ہے، یہ مذہب امامِ اعظمؒ کا ہے، حضرت امام شافعیؒ کا قولِ جدید یہی ہے، اور امام احمدؒ کا مذہبِ ظاہر بھی یہی ہے۔[1]

پہلے مذہب کی دلیل صحیح مسلم کے اسی باب میں امام زہری کی روایت ہے کہ: "انما العمرٰی التي اجاز رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يقول: "هي لك ولعقبك" فأمّا اذا قال "هي لك ما عشت" فانها ترجع الى صاحبها، قال مَعْمر: وكان الزهري يفتي به" (ص:۳۸ سطر:۴،۵)۔

امامِ اعظمؒ اور ان کے موافقین احادیثِ باب کے اطلاق سے استدلال کرتے ہیں، نیز مسلم ہی کی روایت اسی بابِ میں آ رہی ہے، "عن جابرؓ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: امسكوا عليكم اموالكم ولا تفسدوها، فانه من أُعمِر عمرىٰ فهي للذي أُعمِرَها حيًّا وميتًا ولعقبه" (ص:۳۸ سطر:۱۲)۔

وأمّا رواية الزهري فالجواب عنها ان هٰذه الرواية ليست صحيحة، فانه عند جميع الرواة قول الزهري، ولم يسنده الى جابر الا عبدالرزاق، وهو في الحقيقة قول الزهري،[2] ويمكن ايضًا ان يؤوّل قول الزهري بأنّه فيما اذا قال: "داري لك سكنٰى ما عشتَ" أو "داري لك عمرىٰ سكنٰى" فانه تكون عارية، كما صرح به صاحب الهداية في العارية۔[3]

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۸، واکمال اکمال المعلم ج:۴ ص:۳۳۴، ۳۳۵، واعلاء السنن ج:۱۶ ص:۱۱۸ کتاب الهبة، باب أن العلاقة الزوجية مانعة من الرجوع في الهبة، وفتح الباري ج:۵ ص:۲۳۸، ۲۳۹ کتاب الهبة، باب ما قيل في العُمرىٰ والرقبىٰ، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۵۴۔

(۲) اعلاء السنن ج:۱۶ ص:۱۲۰، ۱۲۱ کتاب الهبة، باب أن العلاقة الزوجية مانعة من الرجوع في الهبة۔

(۳) الهداية ج:۳ ص:۲۸۴، ۲۸۵ کتاب الهبة، باب ما يصح رجوعه وما لا يصح، قبيل فصل في الصدقة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

والحاصل ان انعقاد العمری هبة انما یکون اذا لم یفسرها بالسکنٰی، وأما اذا فسرها بذلك فلا۔

۳۔عمریٰ کی تیسری صورت یہ ہے کہ ان یقول: "اَعْمَرْتُكَ هذه الدار" ویطلق اللفظ، فلا یذکر حکم ما بعد موت المعمَر، اختلف الفقهاء فیها علی أقوال:۔

① حضرت امام اعظمؒ، حضرت امام شافعیؒ اور حضرت امام احمدؒ کے نزدیک یہ بھی ہبہ ہے، متعدد صحابہ کرامؓ کا بھی یہی مذہب ہے، لا طلاق احادیث الباب۔

② حضرت امام مالکؒ کے نزدیک یہ بھی عاریت ہے، الی حیاة المعمَر له، فاذا مات المعمَر له عادت الی المعمِر أو إلٰی ورثته۔

③ تیسرا مذہب یہ ہے کہ یہ عقدِ باطل ہے، یعنی اس سے نہ عاریت ہوتی ہے نہ ہبہ، بلکہ یہ عقد کالعدم ہے، یہ حضرت امام شافعیؒ کا قولِ قدیم ہے، (کذا فی شرح النوویؒ)۔[1]

خلاصہ یہ کہ مذکورہ بالا تینوں صورتوں میں "عمریٰ" امام مالکؒ کے نزدیک عاریۃ ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ہبہ ہے، دوسری صورت میں اگر چہ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا ایک قول، امام مالکؒ کے موافق ہے، مگر ان کا قولِ راجح وظاہر ہبہ ہی کا ہے، کقول الامام الأعظمؒ۔

۴۱۷۶- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اَلْعُمْرٰی جَائِزَةٌ۔" (ص:۳۸ سطر:۲۱، ۲۲)

قوله: "اَلْعُمْرٰی جَائِزَةٌ" (ص:۳۸ سطر:۲۲) ای نافِذَةٌ مَاضِيَةٌ (الحل المفهم)۔[2]

❊❊❊

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۳۸، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۳۴، ۳۳۵، واعلاء السنن ج:۱۶ ص:۱۱۸ کتاب الهبة، باب أن العلاقة الزوجیة مانعة من الرجوع فی الهبة، وفتح الباری ج:۵ ص:۲۳۸، ۲۳۹، وعمدة القاری ج:۱۳ ص:۱۷۸، ۱۷۹، وشرح الطیبی ج:۶ ص:۱۷۶ و ۱۷۷ کتاب البیوع، باب العطایا، الفصل الأول، العمریٰ جائزة، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۷۶ تا ۲۷۸ کتاب الاقضیة، باب القضاء فی العمریٰ، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۵۴۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۷۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب الوصیة (ص:۳۸)

۴۱۸۰- "حَدَّثَنَا اَبُوْخَیْثَمَةَ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی الْعَنَزِیُّ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰی- قَالَا: نَا یَحْیٰی -وَهُوَ ابْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ- عَنْ عُبَیْدِاللّٰهِ قَالَ: اَخْبَرَنِی نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا حَقُّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ لَهٗ شَیْءٌ یُرِیْدُ اَنْ یُوْصِیَ فِیْهِ یَبِیْتُ لَیْلَتَیْنِ اِلَّا وَوَصِیَّتُهٗ مَکْتُوْبَةٌ عِنْدَهٗ۔"

(ص:۳۸ سطر:۲۶،۲۷ تا ص:۳۹ سطر:۱)

قوله: "یَبِیْتُ لَیْلَتَیْنِ" (ص:۳۹ سطر:۱)

ابوعوانہ[۱] اور بیہقی کی روایت میں "یبیت لیلة أو لیلتین" ہے،[۲] اور آگے مسلم ہی کی روایت میں "ثلاث لیال" (ص:۳۹ سطر:۸) آیا ہے، حضرت گنگوہیؒ کی تقریر "الکوکب الدری" کے حاشیہ میں حافظ ابن حجرؒ کا یہ قول نقل کیا گیا ہے کہ "واختلاف الروایات فیه دال علی أنه للتقریب لا للتحدید، والمعنی لا یمضی علیه زمان وان کان قلیلًا إلّا ووصیته مکتوبة عنده، وفیه اشارة إلی اغتفار الزمن الیسیر، وکان الثلاث غایة للتأخیر"۔[۳]

۴۱۸۱- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَیْمَانَ وَعَبْدُاللّٰهِ

(۱) مسند ابی عوانة ج:۳ ص:۴۷۳ رقم الحدیث: ۵۷۴۵۔

(۲) السنن الکبریٰ للبیهقی ج:۶ ص:۲۷۲ کتاب الوصایا، باب الحزم لمن کان له شيء یرید ان یوصی فیه ان لا یبیت لیلتین الخ۔

(۳) الکوکب الدری ج:۲ ص:۴۲ ابواب الوصایا عن رسول الله صلی الله علیه وسلم، باب فی الحث علی الوصیة، وفتح الباری ج:۵ ص:۳۵۸ کتاب الوصایا، باب الوصایا، وقول النبی صلی الله علیه وسلم "وصیة الرجل مکتوبة عنده"، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۳۷، وشرح الطیبی ج:۲ ص:۲۰۹ کتاب البیوع، باب الوصایا، الفصل الأوّل۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بْنُ نُمَيْرٍ ح قَالَ: وَثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، كِلَاهُمَا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ۔ غَيْرَ اَنَّهُمَا قَالَا: وَلَهٗ شَيْءٌ يُوْصٰى فِيْهِ۔ وَلَمْ يَقُوْلَا: يُرِيْدُ اَنْ يُوْصِيَ فِيْهِ۔"

(ص:۳۹ سطر:۱تا۳)

قوله: "وَلَهٗ شَيْءٌ يُوْصٰى فِيْهِ" (ص:۳۹ سطر:۲)

اس باب میں امام مسلمؒ نے یہ حدیث ۱۲ طرق سے روایت کی ہے، اور سوائے دو کے سب طُرق میں "لَه شيءٌ يوصٰى فيه" ہے، اور صرف دو طُرق میں "له شيءٌ يريد ان يوصِيَ فيه" ہے، اس لئے راجح الفاظ وہی ہیں جو اکثر حفاظ نے روایت کئے ہیں، اسی لئے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے تشریح اُنہی الفاظ کی بناء پر یہ کی ہے کہ:

یوصٰی بصیغۂ مجہول ہے، "ای وله شيء ينبغي فيه الوصية .... مثل ان يكون عليه ديون أو في يده عوار أو ودائع إلى غير ذلك، واما اذ لا فلا" (كذا في الكوكب الدری)(۱)۔

۴۱۸۵- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ قَالَ: اَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: عَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ وَجَعٍ اَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ۔ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! بَلَغَ بِيْ مَا تَرٰى مِنَ الْوَجَعِ۔ وَاَنَا ذُوْ مَالٍ، وَلَا يَرِثُنِيْ اِلَّا ابْنَةٌ لِيْ وَاحِدَةٌ اَفَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِيْ؟ قَالَ: "لَا"۔ قَالَ: قُلْتُ: اَفَاَتَصَدَّقُ بِشَطْرِهٖ؟ قَالَ: "لَا، الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ، اِنَّكَ اَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ اَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، وَلَسْتَ تُنْفِقُ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ، اِلَّا اُجِرْتَ بِهَا حَتّٰى اللُّقْمَةُ تَجْعَلُهَا فِيْ فِيْ امْرَاَتِكَ"۔ قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اُخَلَّفُ بَعْدَ اَصْحَابِيْ؟ قَالَ: اِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ، فَتَعْمَلَ عَمَلًا تَبْتَغِيْ بِهٖ وَجْهَ اللّٰهِ، اِلَّا ازْدَدْتَ بِهٖ دَرَجَةً وَرِفْعَةً، وَلَعَلَّكَ تُخَلَّفُ حَتّٰى يُنْفَعَ بِكَ اَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُوْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اَمْضِ لِاَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ، وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ۔ لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ۔ قَالَ: رَثٰى لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَنْ تُوُفِّيَ

(۱) الکوکب الدری ج:۲ ص:۴۲ ابواب الوصایا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب في الحث على الوصية۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بِمَكَّةَ۔" (ص:۳۹ سطر:۱۱تا۱۵ تا ص:۴۰ سطر:۱،۲)

قوله: "اَلثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ" (ص:۳۹ سطر:۱۳)

پہلے ثلث میں نصب ورفع دونوں جائز ہیں، نصب کی صورت میں تقدیرِ عبارت ہوگی: "اعطِ الثلث" یعنی "الثُّلُث" مفعول بہ ہوگا "اعطِ" محذوف کا، اور رفع کی صورت میں تقدیرِ عبارت یہ ہوگی "يَكْفِيْكَ الثُّلُثُ" یعنی فعل محذوف کا فاعل ہوگا۔

قوله: "اِنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ" (ص:۳۹ سطر:۱۳)

یہ "اِن" شرطیہ بھی ہوسکتا ہے اور "اَن" ناصبة بھی، روایت بھی دونوں طرح ہے، (كذا في شرح النوويؒ)۔[۱]

قوله: "أُخَلَّفُ بَعْدَ اَصْحَابِيْ؟" (ص:۳۹ سطر:۱۵)

یعنی میں اپنے ساتھیوں سے پیچھے مکہ مکرمہ میں رہ جاؤں گا، جس سے میری ہجرتِ مدینہ جو میں پہلے سے کر چکا ہوں کہیں باطل تو نہ ہو جائے گی؟

قوله: "وَلَعَلَّكَ تُخَلَّفُ" (ص:۴۰ سطر:۱)

یہاں تُخَلَّفُ سے مراد طولِ عمر ہے، اور مطلب یہ ہے کہ اُمید ہے کہ تم اپنے کئی ساتھیوں کے بعد بھی زندہ رہو گے، یہاں تک کہ کئی قوموں کو تم سے نفع اور کئی قوموں کو تم سے ضرر لاحق ہوگا۔ علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے ہے، چنانچہ حضرت سعد بن ابی وقاص کی عمر طویل ہوئی یہاں تک کہ انہوں نے عراق کو فتح کیا، بہت سی قوموں کو ان سے فائدہ دُنیا اور آخرت کا پہنچا کہ وہ مشرف باسلام ہوگئیں، اور بہت سی قوموں کو ضرر لاحق ہوا کہ ان کو شکست ہوئی، ان کو قتل کیا گیا، قیدی بنایا گیا وغیرہ وغیرہ۔[۲]

قوله: "حَتّٰى يُنْفَعَ بِكَ" (ص:۴۰ سطر:۱)

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۳۹، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۵، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۴۰۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہ بصیغۂ مجہول ہے، اور بعض نسخوں میں "ینتفع" ہے من باب الافتعال بصیغۂ معروف، (قاله النوویؒ)۔[1]

قوله: "وَيُضَرَّ بِكَ" (ص:۴۰) بصیغۂ مجہول۔

قوله: "لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ" (ص:۴۰ سطر:۱)

البائس وہ شخص جس پر "بؤس" یعنی فقر وافلاس کا اثر ہو، بظاہر یہاں قابلِ رحم کے معنی میں استعمال فرمایا گیا ہے، کیونکہ یہ بمعنی الترحّم بھی استعمال ہوتا ہے (اگر چہ وہ مال دار ہو)[2] جس کا قرینہ راوی کا یہ قول ہے کہ "رثٰی له رسول الله صلى الله عليه وسلم" (ص:۴۰ سطر:۱) اس کے قائل یا تو خود حضرت سعد بن ابی وقاصؓ ہیں، کما فی بعض الروایات، وقال القاضی: اکثر ما جاء انه من کلام الزهری، (قاله النوویؒ)۔[3]

قوله: "مِنْ اَنْ تُوُفِّيَ بِمَكَّةَ" (ص:۴۰ سطر:۲)

علامہ نوویؒ نے اس کے مختلف اسباب نقل کئے ہیں:-

۱- عیسیٰ بن دینارؒ کا قول ہے کہ انہوں نے ہجرت ہی نہیں کی تھی۔

۲- امام بخاریؒ نے ذکر کیا ہے کہ ہجرت کی تھی، غزوۂ بدر میں شریک ہوئے، پھر مکہ واپس چلے گئے۔

۳- ابنِ ہشامؒ کا قول ہے کہ ہجرت کی تھی، پھر جب حجۃ الوداع میں آئے تو مکہ میں وفات ہوگئی،[4] مکہ میں وفات کی صراحت خود حدیثِ باب میں موجود ہے۔

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۰، تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۲۔

(۲) عمدة القاری ج:۱۴ ص:۳۳ کتاب الوصایا، باب ان یترك ورثته اغنیاء خیر من أن یتکففوا الناس، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۷، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۴۲، وإکمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۳۲۶۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۰، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۶۷، وإکمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۳۲۶، ۳۲۷۔

(۴) سیرة ابن هشام ج:۱ ص:۳۲۹، والاستیعاب فی معرفة الأصحاب ج:۲ ص:۵۸۶، ۵۸۷، وأسد الغابة ج:۲ ص:۴۰۹، والاصابة فی تمییز الصحابة ج:۲ ص:۴۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۴- ایک قول یہ ہے کہ ہجرت کی تھی، پھر مدینہ منورہ سے کسی مجبوری کے بغیر واپس مکہ چلے گئے، ان میں سے تیسری وجہ کے علاوہ باقی سب میں اظہارِ غم کی وجہ سقوطِ ہجرت ہے، اور تیسری کی وجہ احقر کے نزدیک یہ ہوسکتی ہے کہ ان کی تمنا یہ تھی کہ موت دار الھجرۃ مدینہ منوّرہ میں ہو، مکہ مکرمہ میں نہ ہو جسے وہ ہجرت کے وقت اللہ کے لئے چھوڑ چکے تھے، ان کی تمنا کے خلاف ہونے کی وجہ سے اظہارِ غم فرمایا گیا۔[1]

۴۱۹۴- "حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ قَالَ: أَنَا عِيسَى -يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ- ح قَالَ: وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا: نَا وَكِيعٌ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا ابْنُ نُمَيْرٍ كُلُّهُمْ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَوْ أَنَّ النَّاسَ غَضُّوا مِنَ الثُّلُثِ إِلَى الرُّبُعِ، فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ۔

وَفِي حَدِيثِ وَكِيعٍ: كَبِيرٌ أَوْ كَثِيرٌ" (ص:۴۰ سطر:۱۸ تا ص:۴۱ سطر:۱،۲)

قوله: "غَضُّوا" (ص:۴۱ سطر:۱)

أی نقصوا، والغض والغضاضة، من باب نصر: النقص،[2] چنانچہ حنفیہ کے نزدیک وصیت بالمال ثلث سے کم کرنا مستحب ہے۔[3]

قوله: "وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ" (ص:۴۱ سطر:۲)

فقہِ مالکی کے مختلف ابواب اور مسائل میں جگہ جگہ یہ نظر آتا ہے کہ جہاں قلیل اور کثیر کی تعیین کرنی ہوتی ہے وہ ثلث ہی کی بنیاد پر کرتے ہیں، ثلث سے کم کو قلیل، اور ثلث یا اس سے زائد کو کثیر قرار دیتے ہیں، غبنِ فاحش کی تعیین میں بھی جگہ جگہ ثلث سے کم کو غیر فاحش اور ثلث یا اس سے زائد کو فاحش

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۰، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۶۷، وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۳۶۷، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۴۲، والديباج ج:۴ ص:۱۸۰۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۱، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۳ ص:۳۷۱، والفائق في غريب الحديث ج:۳ ص:۳۶۸، وإكمال المعلم بفوائد مسلم ج:۵ ص:۳۶۹۔

(۳) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۷۰، والبحر الرائق ج:۹ ص:۲۱۳، ۲۱۴ كتاب الوصايا، وتبيين الحقائق ج:۷ ص:۳۸۰ كتاب الوصايا، والمبسوط للسرخسيؒ ج:۲۷ ص:۱۴۴ كتاب الوصايا، باب الوصية في العين والدين على بعض الورثة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قرار دیا ہے، بظاہر ان کا ماخذ یہی حدیث ہے۔

باب وصول ثواب الصدقات الى الميّت (ص:۴۱)

۴۱۹۶- "حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أُمِّيَ افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا، وَإِنِّي أَظُنُّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ۔ فَلِيْ أَجْرٌ أَنْ أَتَصَدَّقَ عَنْهَا؟ قَالَ: "نَعَمْ۔"

(ص:۴۱ سطر:۴، ۵)

عباداتِ مالیہ مثلاً حج اور زکوٰۃ وصدقات کے بارے میں تو اجماع ہے کہ وہ میّت کی جانب سے نیابۃً ادا کی جاسکتی ہیں اور ان کا ایصالِ ثواب بھی کیا جاسکتا ہے، عباداتِ بدنیہ محضہ مثلاً صوم و صلوٰۃ میں نیابت ہوسکتی ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے:

حنفیہ، مالکیہ وشافعیہ کے نزدیک میّت کی جانب سے نیابۃً ادا نہیں کی جاسکتیں، البتہ ایصالِ ثواب کیا جاسکتا ہے، اور امام احمدؒ کے نزدیک صوم میں نیابت جائز ہے۔ صوم کے بارے میں علامہ نوویؒ نے بھی اسی کو "الصحیح" کہا ہے۔[1]

پھر عباداتِ مالیہ میں حنفیہ کے نزدیک تفصیل یہ ہے کہ میّت نے ان کی ادائیگی کی یا تو وصیت کی ہوگی یا نہیں، اگر نہیں کی تو وارثوں پر ان کی ادائیگی واجب نہیں، تبرعاً کریں تو جائز بلکہ مستحب ہے، اور اگر وصیت کی ہے اور مال نہیں چھوڑا، تب بھی یہی حکم ہے، اور اگر وصیت بھی کی، مال بھی چھوڑا تو ثلث مال کی حد تک ان کی ادائیگی واجب ہے، زائد کی نہیں، تبرعاً زائد کی ادائیگی بھی جائز بلکہ مستحب ہے، لیکن وارثوں میں اگر کوئی نابالغ یا مجنون ہے تو زائد کی ادائیگی ان کے حصے میں سے جائز نہیں۔[2]

قوله: "إِنَّ أُمِّيَ افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا" (ص:۴۱ سطر:۴)

بالفاء وضمّ التاء، اى مَاتَتْ بغتةً وفجاءةً، والـفَتْلَةُ والافتلات ما كان بَغْتَةً

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۱۔

(۲) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: الدر المختار ج:۲ ص:۵۹۶ تا ۵۹۸ كتاب الحج، باب الحج عن الغير، والبحر الرائق ج:۳ ص:۱۰۵ تا ۱۱۰ كتاب الحج، باب الحج عن الغير۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور "نَفْسُــهَا" میں سین کا رفع اور نصب دونوں جائز ہیں، رفع نائب الفاعل ہونے کی وجہ سے، (بمعنی سُلِبَتْ نَفْسُهَا فُجَاءَةً یعنی اُس کی جان اچانک سلب کرلی گئی) اور نصب مفعول ثانی کی بناء پر (بمعنی سُلِبَتِ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا فُجَاءَةً یعنی اُس عورت سے سلب کرلی گئی اُس کی جان اچانک)۔[1]

حاصل یہ کہ اُفْتُلِتَتْ باب افتعال سے ماضی مجہول کا صیغہ ہے، اور مطلب یہ ہے کہ اُس کی موت اچانک واقع ہوگئی۔

قوله: "فَلِيْ اَجْرٌ اَنْ اَتَصَدَّقَ عَنْهَا؟" (ص:۴۱ سطر:۵)

اگلی روایت میں "اَفَلَهَا اَجْرٌ" ہے، چونکہ واقعہ ایک ہی ہے لہٰذا بظاہر اُس شخص نے سوال دونوں کے بارے میں کیا تھا، اور دونوں کے جواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے "نَعَمْ" فرمایا، پہلی روایت کے راوی نے اپنی یادداشت کے مطابق صرف متکلم کا صیغہ استعمال کیا، دوسرے نے اپنی یادداشت کے مطابق صرف مؤنث غائب کا۔ حاصل یہ ہے کہ ثواب صدقہ کرنے والے کو بھی ملے گا، اور جس کی طرف سے صدقہ کیا گیا اُس کو بھی۔

البتہ یہاں ایک مسئلہ یہ قابلِ توجہ ہے کہ معتزلہ اور ہمارے زمانے کے بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ ایصالِ ثواب کرنے سے میّت کو کوئی ثواب نہیں پہنچتا، اور دلیل میں قرآنِ کریم کی یہ آیت پیش کرتے ہیں کہ:

"وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾"[2]

ترجمہ: ''اور یہ کہ انسان کو اپنی کوشش کے سوا کسی اور چیز کا (ثواب لینے کا) استحقاق نہیں''

اس کے متعدد جوابات علمائے حق کی طرف سے دیئے گئے ہیں، جن کی تفصیل پیچھے فتح الملهم میں "کتاب الزکوٰة، باب وصول ثواب الصدقة عن المیّت" میں آچکی ہے، ایک جواب اعلاء السنن میں یہ دیا گیا ہے کہ میّت کو ایصالِ ثواب سے ثواب پہنچنے کی احادیث احادیثِ مشہورہ ہیں، جن سے آیتِ مذکورہ بالا کے عموم میں تخصیص آگئی ہے۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ میّت کو جو ایصالِ ثواب کیا جاتا ہے یا جو عمل اس کی طرف سے کیا

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۱۔

(۲) سورة النجم آیت:۳۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جاتا ہے وہ اس کے ایمان اور عملِ صالح ہی کی وجہ سے کیا جاتا ہے، اور ظاہر ہے کہ میّت کا ایمان اور عملِ صالح اُسی کی کوشش کا نتیجہ ہے۔

تیسرا جواب علامہ ابن تیمیہؒ (۱) نے یہ دیا ہے کہ اس آیت میں میّت کے استحقاق کی نفی ہے، استحقاق کے بغیر اگر کوئی اسے ثواب پہنچادے تو اس کے پہنچنے کی نفی اس آیت میں نہیں، اور حدیثِ باب اور اس کی ہم معنی احادیثِ مشہورہ سے، پہنچنے کا اثبات ہو رہا ہے، لہٰذا آیت اور ان احادیثِ مشہورہ میں کوئی تعارض یا تضاد نہیں، اللہ تعالیٰ جس کو چاہے۔ جس طرح چاہے۔ استحقاق کے بغیر بھی ثواب پہنچا سکتا ہے، جس کا ایک طریقہ یہ ہے۔

باب ما یلحق الانسان من الثواب بعد وفاته (ص:۴۱)

۴۱۹۹- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا مَاتَ الإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثَةٍ، إِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ، أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ، أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ۔" (ص:۴۱ سطر:۹ تا ۱۱)

قوله: "انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ" (ص:۴۱ سطر:۱۰)

یعنی موت کے بعد کوئی نیا ثواب اپنے عمل کا نہیں ملتا، سوائے مذکورہ تین صورتوں کے، (۲) کیونکہ یہ تینوں انسان کے اپنے ہی کسب کا نتیجہ ہیں، ولدِ صالح بھی انسان کے کسب ہی کا نتیجہ ہے، لہٰذا ان تینوں کا ثواب متجدد ہو کر ملتا رہتا ہے۔

باب الوقف (ص:۴۱)

۴۲۰۰- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ: أَنَا سُلَيْمُ بْنُ أَخْضَرَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: أَصَابَ عُمَرُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْمِرُهُ فِيهَا۔ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ! إِنِّي أَصَبْتُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ، لَمْ أُصِبْ مَالًا قَطُّ هُوَ أَنْفَسُ عِنْدِي مِنْهُ، فَمَا تَأْمُرُنِي بِهِ؟ قَالَ: "إِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ أَصْلَهَا

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۷۲۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۱، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۴۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَتَصَدَّقْتَ بِهَا"، -قَالَ: فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ- أَنَّهُ لَا يُبَاعُ أَصْلُهَا وَلَا تُبَاعُ وَلَا تُوْرَثُ وَلَا تُوْهَبُ۔ قَالَ: فَتَصَدَّقَ عُمَرُ فِي الْفُقَرَاءِ وَفِي الْقُرْبٰى وَفِي الرِّقَابِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَالضَّيْفِ، لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ أَوْ يُطْعِمَ صَدِيْقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيْهِ۔

قَالَ: فَحَدَّثْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مُحَمَّدًا، فَلَمَّا بَلَغْتُ هٰذَا الْمَكَانَ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيْهِ۔ قَالَ مُحَمَّدٌ: غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالًا۔ قَالَ ابْنُ عَوْنٍ: وَأَنْبَأَنِيْ مَنْ قَرَأَ هٰذَا الْكِتَابَ أَنَّ فِيْهِ غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالًا۔ " (ص:۴۱ سطر:۱۱ تا ۱۶)

قوله: "حَبَسْتَ أَصْلَهَا" (ص:۴۱ سطر:۱۳)

"حَبْس" کے معنی روکنے، بند کرنے کے بھی آتے ہیں، اور کسی چیز کو کسی کے لئے خاص کرنے کے بھی، اسی لئے یہ وقف کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، مگر متأخرین کے عرف میں مشہور لفظ "وقف" ہے، یہاں یہ وقف ہی کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ (۱)

"حَبستَ اصلها" جمہور کے نزدیک اس کے معنی ہیں کہ: "اس کو اللہ کی ملکیت میں دیدو" کیونکہ جمہور کے نزدیک وقف کرنے سے شیٔ موقوف کی ملکیت واقف سے ختم ہوکر اس پر اللہ کی ملکیت قائم ہوجاتی ہے، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس کے معنی ہیں کہ: "اسے اپنی ملکیت میں روک لو اور اس کے منافع کا تصدق کردو"۔ (۲)

قوله: "وَتَصَدَّقْتَ بِهَا" (ص:۴۱ سطر:۱۳)

ای جعلتَ منافعها للفقراء۔ چنانچہ طحاوی کی روایت میں یہ لفظ ہیں: "تصدق بثمرة" (۳) (ای بمنافعِهٖ- رفیع)۔

---

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۴۲۶، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۱ ص:۳۲۸، ۳۲۹۔

(۲) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: عمدة القاری ج:۱۳ ص:۱۹۰ كتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها، باب اذا حمل رجل على الفرس .... إلخ، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۷۲، والدر المختار مع الشامية ج:۴ ص:۳۴۳ كتاب الوقف، واعلاء السنن ج:۱۳ ص:۹۶ تا ۱۰۲ كتاب الوقف، باب مشروعية الوقف الخ، تنقيح قول الامام أبى حنيفة رحمه الله في الوقف، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۲۹ باب الصدقات والموقوفات۔

(۳) شرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۲۹ باب الصدقات والموقوفات۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "لَا يُبَاعُ اَصْلُهَا" (ص:۴۱ سطر:۱۳)

بخاری، بیہقی اور طحاوی کی روایات میں صراحت ہے کہ "لا یباع ولا یوھب ولا یورث" کی ہدایت ان کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی۔ (۱)

قولہ: "غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيْهِ" (ص:۴۱ سطر:۱۴)

تموّل سے مراد تکثیرِ مال ہے، یعنی مال داری حاصل کرنا، مال بڑھانا اور متأثل کے معنی ہیں اثاثہ بنانا، مال جمع کرنا، حاصل دونوں کا ایک ہے، اور مطلب حضرت عمرؓ کا یہ ہے کہ اس وقف کے متولّی کو عرف کے مطابق اس کی آمدنی یا پیداوار سے اپنے اُوپر خرچ کرنے یا اپنے کسی دوست کو کھلانے کی تو اجازت ہے، مگر اسے اپنے لئے جمع کرنے یا اپنے اثاثے بنانے کی اجازت نہیں۔ (۲)

باب ترك الوصية لمن ليس له شيء يوصى فيه (ص:۴۲)

۴۲۰۳- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ قَالَ: اَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اَبِيْ اَوْفٰى: هَلْ اَوْصٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: لَا، قُلْتُ: فَلِمَ كُتِبَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ الْوَصِيَّةُ اَوْ فَلِمَ اُمِرُوْا بِالْوَصِيَّةِ؟ قَالَ: اَوْصٰى بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى۔"

(ص:۴۲ سطر:۱،۲)

قولہ: "هَلْ اَوْصٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟" (ص:۴۲ سطر:۱،۲)

یہاں خلافت یا مال کی وصیت مراد ہے، کیونکہ شیعہ دعویٰ کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کے لئے خلافت کی وصیت فرمائی تھی، اور اپنے بعض اقارب کے لئے مال

(۱) صحیح البخاری ج:۱ ص:۳۸۲ کتاب الشروط، باب الشروط في الوقف، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۲۹ باب الصدقات والموقوفات، وصحیح ابن حبان ج:۷ ص:۲۰۲ رقم الحدیث: ۴۸۸۱ وشعب الایمان للبیهقیؒ رقم الحدیث:۲۳۹۲۔

(۲) إكمال المعلم ج:۵ ص:۳۷۵، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۵۰، ۳۵۱، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کی وصیت فرمائی تھی، ان کے اس دعوے کی تحقیق کے لئے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ سے یہ سوال کیا گیا۔[۱]

قولہ: ”فَقَالَ: لَا“ (ص:۴۲ سطر:۲)

یعنی مال یا خلافت کی وصیت نہیں فرمائی، چنانچہ اخراجُ الْمُشْرِکِیْنَ من جزیرة العرب اور اجازۃُ الوفود کی وصیت جو آگے کی احادیث میں آرہی ہے، اس کے منافی نہیں۔[۲]

قولہ: ”فَلِمَ کُتِبَ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ الْوَصِیَّةُ؟“ (ص:۴۲ سطر:۲)

اس سے مراد سورۂ بقرہ کی آیت ”کُتِبَ عَلَیْکُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَکَ خَیْرًا ۖ الْوَصِیَّةُ لِلْوَالِدَیْنِ وَالْاَقْرَبِیْنَ بِالْمَعْرُوْفِ“[۳] ہے۔ شاید طلحة بن مصرف اس آیت کو منسوخ نہ سمجھتے ہوں، علامہ نوویؒ نے یہی فرمایا ہے۔[۴]

ناچیز محمد رفیع عرض کرتا ہے کہ ایک احتمال یہ بھی ہے کہ سائل کی مراد اس آیت کی بجائے وہ حدیث ہو جو چند صفحات پہلے اسی کتاب الوصیۃ کے بالکل شروع میں امام مسلمؒ نے ذکر کی ہے کہ: ”ما حق امرئ مسلم له شيء يوصى فيه يبيت ليلتين إلّا ووصيته مكتوبة عنده“ واللہ اعلم۔[۵]

قولہ: ”اَوْصٰى بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى“ (ص:۴۲ سطر:۲)

نحو قوله عليه الصلوٰة والسلام: ”تركت فيكم أمرين لن تضلّوا ما تمسكتم

(۱) إكمال المعلم ج:۵ ص:۳۷۷، ۳۷۸، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۵۱، ۳۵۲، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۷۵ (بالاختصار)۔

(۲) إكمال المعلم ج:۵ ص:۳۷۷، ۳۷۸، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۵۱، ۳۵۲، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۷۹۔

(۳) البقرة: ۱۸۰۔

(۴) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۵۱، وتكملة فتح الملهم ج:۱ ص:۷۹۔

(۵) إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۵۲، ومكمل إكمال الإكمال على هامش إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۵۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بهما کتاب الله وسنة نبیه"۔[1] اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُوسرے متعدد اُمور کی بھی وصیت فرمائی جن میں سے تین کا ذکر اسی باب میں آرہا ہے، لیکن تمام وصایا میں اہم ترین وصیت کتاب اللہ کی ہے، لہٰذا اسے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ نے یہاں خاص طور سے ذکر فرمایا ہے۔

۴۲۰۵- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ قَالَ: نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ ح قَالَ: وَثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ: نَا اَبِیْ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالَا: نَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا وَلَا شَاةً وَلَا بَعِيْرًا وَلَا اَوْصٰى بِشَیْءٍ" (ص:۴۲ سطر:۴تا۶)

قوله: "وَلَا اَوْصٰى بِشَیْءٍ" (ص:۴۲ سطر:۶) ای من المال وامر الخلافة۔[2]

۴۲۰۷- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ -وَاللَّفْظُ لِيَحْيٰى- قَالَ: اَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ: ذَكَرُوْا عِنْدَ عَائِشَةَ اَنَّ عَلِيًّا كَانَ وَصِيًّا، فَقَالَتْ: مَتٰى اَوْصٰى اِلَيْهِ؟ فَقَدْ كُنْتُ مُسْنِدَتَهٗ اِلٰى صَدْرِیْ، اَوْ قَالَتْ: حِجْرِیْ، فَدَعَا بِالطَّسْتِ، فَلَقَدِ انْخَنَثَ فِیْ حِجْرِیْ، وَمَا شَعَرْتُ اَنَّهٗ مَاتَ، فَمَتٰى اَوْصٰى اِلَيْهِ؟" (ص:۴۲ سطر:۷تا۹)

قوله: "كَانَ وَصِيًّا" (ص:۴۲ سطر:۸)

یہ دعویٰ شیعہ کرتے ہیں، مگر اس کی تردید متعدد صحابہ کرامؓ اور خود حضرت علیؓ نے فرمائی ہے۔ ترمذی، مسندِ احمد، بیہقی اور مستدرک حاکم میں یہ روایات موجود ہیں،[3] اور صحیحین میں بھی ہیں۔[4]

(۱) مشکوٰۃ ص:۳۱ کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الفصل الثالث، والموطا امام مالك ص:۷۰۲ باب النهی عن القول فی القدر۔

(۲) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۸۰، وحاشية صحيح مسلم للذهنیؒ ج:۲ ص:۶۸۔

(۳) جامع الترمذی، ابواب الفتن، باب ما جاء فی الخلافة رقم الحدیث:۲۳۲۶، ومسند أحمد ج:۲ ص:۲۴۴ رقم الحدیث:۹۲۱، ودلائل النبوة للبیهقیؒ ج:۷ ص:۲۲۳، باب ما یستدلّ به علی أن النبی صلی الله علیه وسلم لم یستخلف أحدًا بعینه.... إلخ، والمستدرك للحاكم ج:۳ ص:۸۴ رقم الحدیث:۴۴۷۶۔

(۴) صحیح مسلم ج:۲ ص:۱۶۰ کتاب الأضاحی، باب تحریم الذبح لغیر الله تعالٰی ولعن فاعله، وصحیح البخاری ج:۱ ص:۲۱ کتاب العلم، باب کتابة العلم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "فَدَعَا بِالطَّسْتِ" (ص:۴۲ سطر:۹)

ای لیبول (کما زادہٗ النسائی فی هٰذه الرّوایة عن عائشة) أو لیتفل فیه (رواہٗ الحافظ فی الفتح فی الروایة عنها أیضًا)۔[1]

قوله: "فَلَقَدِ انْخَنَثَ" (ص:۴۲ سطر:۹) ای مال وسقط[2] یعنی ڈھلک گئے۔

قوله: "فِیْ حَجْرِیْ" (ص:۴۲ سطر:۹) بفتح الحاء و کسرها۔[3]

اس میں شیعہ کے اس دعوے کی تردید ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت آپ کا سر مبارک حضرت علیؓ کی گود میں تھا، وہ دلیل میں حاکم اور طبقات ابنِ سعد کی بعض روایات پیش کرتے ہیں، مگر وہ سب ضعیف ہیں، اور ہر روایت میں شیعہ راوی ہیں، کما حققه الحافظ فی الفتح فی باب مرض النبی صلی الله علیه وسلم ووفاته۔[4]

واقعة قرطاس (ص:۴۲)

۴۲۰۸- "حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَقُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ وَأَبُوْ بَکْرِ بْنُ أَبِیْ شَیْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ -وَاللَّفْظُ لِسَعِیْدٍ- قَالُوْا: نَا سُفْیَانُ، عَنْ سُلَیْمَانَ الْأَحْوَلِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: یَوْمُ الْخَمِیْسِ! وَمَا یَوْمُ الْخَمِیْسِ! ثُمَّ بَکٰی حَتّٰی بَلَّ دَمْعُهُ الْحَصٰی، فَقُلْتُ: یَا أَبَا عَبَّاسٍ وَمَا یَوْمُ الْخَمِیْسِ؟ قَالَ: اشْتَدَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَجَعُهُ، فَقَالَ: "ائْتُوْنِیْ أَکْتُبْ لَکُمْ کِتَابًا، لَا تَضِلُّوْا بَعْدِیْ" فَتَنَازَعُوْا، وَمَا یَنْبَغِیْ عِنْدَ نَبِیٍّ تَنَازُعٌ۔ وَقَالُوْا: مَا شَأْنُهُ؟ أَهَجَرَ؟ اسْتَفْهِمُوْهُ۔ قَالَ: "دَعُوْنِیْ، فَالَّذِیْ أَنَا فِیْهِ خَیْرٌ، أُوْصِیْکُم بِثَلَاثٍ: أَخْرِجُوا الْمُشْرِکِیْنَ مِنْ جَزِیْرَةِ

---

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۸۲۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۲، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۳۸۷، والنهایة لابن الأثیرؒ ج:۲ ص:۸۲، ومجمع بحار الأنوار ج:۲ ص:۱۱۸، والفائق ج:۱ ص:۴۰۰۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۲، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۳۸۷۔

(۴) فتح الباری ج:۸ ص:۱۳۹ کتاب المغازی، باب مرض النبی صلی الله علیه وسلم ووفاته، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۸۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الْعَرَبِ، وَاَجِيْزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ اُجِيْزُهُمْ"، قَالَ: وَسَكَتَ عَنِ الثَّالِثَةِ اَوْ قَالَهَا فَاُنْسِيْتُهَا۔" (ص:۴۲ سطر:۱۰ تا ۱۲ تا ص:۴۳ سطر:۱)

قولہ: "مَا شَانُهُ؟ اَهَجَرَ؟ اِسْتَفْهِمُوْهُ" (ص:۴۲ سطر:۱۲)

یعنی بعض حاضرین نے آپس میں کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا حال ہے؟ کیا آپ نے ہمیں چھوڑ دیا ہے، یعنی چھوڑ کر ہم سے رُخصت ہو رہے ہیں؟ یعنی کیا آپ کا وقتِ وفات آ گیا ہے، آپ سے پوچھ لو۔

واقعۂ قرطاس کی جو تفصیل احادیثِ باب میں ہے، روافض نے اس کی بنیاد پر حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ پر پانچ شدید اعتراضات کئے ہیں:-

۱- "حسبنا كتاب الله" کہہ کر جیسا کہ اس باب کی تیسری حدیث میں ہے، انہوں نے حجیتِ حدیث کا انکار کیا ہے۔

۲- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اَمر کی صریح خلاف ورزی کی۔

۳- ایسی کتاب سے اُمت کو محروم کر دیا جو اختلاف اور گمراہی سے بچانے والی تھی۔

۴- "ما شانه اهجر استفهموه" کہہ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی اور سخت توہین کی کیونکہ "هَجَر" کے معنٰی ہذیان کرنے کے بھی آتے ہیں۔ (نعوذ باللہ)

۵- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلافت کی وصیت حضرت علیؓ کے حق میں کرنا چاہتے تھے، اسے روک کر حضرت عمرؓ نے اہلِ بیت کے خلاف سازش کی۔

جوابات

پہلے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کی پوری زندگی جب سے مشرف باسلام ہوئے تھے اس بات پر شاہدِ عدل ہے کہ وہ نہ صرف حجیتِ حدیث کے قائل تھے بلکہ اتباعِ سنت ان کی پوری زندگی میں رچا بسا تھا، دورِ خلافت میں بھی جب کوئی نیا واقعہ پیش آتا تو اس کے متعلق حدیث کی جستجو کرتے اور صحابہ کرامؓ سے دریافت کرتے تھے، کوئی حدیث مل جاتی تو اس کے سامنے جھک جاتے تھے اور سرکاری اَحکام اُس کے مطابق جاری فرماتے تھے۔ اس قسم کے واقعات کثیر تعداد میں روایات سے ثابت ہیں، خود صحیح مسلم میں بھی ایسے کئی واقعات منقول ہیں، لہٰذا انہیں یہاں بیان کرنے کی ضرورت نہیں، اتباع کا یہی وصف ہے جس کی بدولت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ:

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اقتدُوا بالذَين من بعدى أبى بكر وعمر۔ (رواه الترمذی)۔[1]

لہٰذا ان کے قول "حسبنــا كتــاب الله" کا مطلب انکارِ حدیث ہرگز نہیں ہو سکتا، بلکہ مطلب یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآنِ کریم مکمل نازل ہو چکا ہے، اس میں قیامت تک کے لئے کام دینے والے اُصول بیان کر دیئے گئے ہیں، اور اسی میں یہ آیت بھی آ چکی ہے کہ:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۔[2]

وقوله تعالى: تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ۔[3]

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول و فعل اور تقریر سے قرآنِ کریم کی تفسیر بھی حسبِ ضرورت فرما دی ہے، جس کی روشنی میں ہم اجتہاد و استنباط کے ذریعہ ہر نئے پیش آنے والے مسئلے کا حکم شرعی دریافت کر سکتے ہیں، اور اس وقت جو کتاب لکھنے کے لئے فرما رہے ہیں وہ محض شفــقــة عــلــى الأمــة کے لئے ہے،[4] جو باتیں آپ پہلے اپنی زندگی میں بیان فرما چکے ہیں، انہی کی تذکیر یا تاکید یا تلخیص، اس کتاب میں فرمائیں گے، جن کو لکھنا، اتنا ضروری نہیں کہ آپ اس شدید تکلیف میں اس کی مشقت برداشت فرمائیں۔

دُوسرے اور تیسرے اعتراض کا جواب یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اَوامر کبھی وجوب کے لئے ہوتے تھے جو کہ اصل ہے، اور کبھی نُدُب، اباحت یا ارشاد وغیرہ کے لئے، اور صحابہ کرامؓ جو مزاج شناس رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) تھے، قرائن سے پہچان لیتے تھے کہ کون سا اَمر وجوب کے لئے ہے؟ اور کون سا نہیں؟ جب دیکھتے کہ اَمر وجوب کے لئے نہیں اور اَمر کے مقابلے میں کوئی دُوسری رائے ان کو بہتر معلوم ہوتی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مراجعت کرتے تھے، اس کے متعدّد واقعات ہیں اور اس مراجعت پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی نکیر نہیں فرمائی، مثلاً صلح حدیبیہ کے موقع پر معاہدے کی عبارت میں سے لفظ "رسول اللہ" مٹانے کا حکم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیا تھا، اور حضرت علیؓ نے صاف انکار کر دیا کہ میں یہ کام نہیں کروں گا، اس پر آپ صلی

(۱) جامع الترمذی ج:۲ ص:۲۰۷ ابواب المناقب، بابٌ فی مناقب أبی بکر الصدیق۔

(۲) المائدة: ۳۔ (۳) النحل: ۸۹۔

(۴) دلائل النبوة للبيهقیؒ ج:۷ ص:۱۸۱ جماع ابواب مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم ووفاته، باب ما جاء فی همه بأن يكتب كتابا لأصحابه الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللہ علیہ وسلم نے کوئی نکیر نہیں فرمائی،[۱] پس اسی طرح حضرت عمرؓ نے بھی قرائن سے سمجھ لیا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی نئی بات لکھوانے والے نہیں ہیں، اور آپ کا امر بالکتابة وجوب کے لئے نہیں، بلکہ ارشاد اور شفقة علی الأمة کے لئے ہے، اور حضرت عمرؓ کا یہ خیال بالکل صحیح نکلا۔

دلیل اس کی یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس واقعے کے بعد چار روز حیات رہے، کیونکہ حدیثِ باب میں صراحت ہے کہ یہ واقعہ جمعرات کا ہے جبکہ وفات پیر کو ہوئی، اور صحیحین کی روایت سے ثابت ہے کہ اس واقعے کے بعد وفات سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحت بہتر ہوگئی تھی، تو اگر ایسی کوئی ضروری بات لکھوانی تھی جو آپ نے پہلے نہ بتائی ہو تو ان چار روز میں لکھوا سکتے تھے، مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں لکھوائی، اور کم از کم زبانی تو فرما سکتے تھے، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زبانی بھی کوئی ایسی بات ارشاد نہیں فرمائی جو پہلے نہ بتائی ہو، کیونکہ جیسا کہ حدیثِ باب میں صراحت ہے کہ (اسی حالت میں[۲]) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زبانی تین وصیتیں فرمائیں:

۱- ایک یہ کہ: "أخرجوا المشركين من جزيرة العرب"۔

۲- دُوسری: "وأجيزوا الوفد بنحو ما كنتُ أُجيزهم"۔

۳- اور تیسری راوی بھول گئے، ہوسکتا ہے کہ وہ جیشِ اُسامہ کے بارے میں ہو، نیز ممکن ہے کہ تیسری وصیت وہ ہو جو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "الصلٰوة- وما ملكت أيمانكم" كما في فتح الباري،[۳] اور ظاہر ہے کہ ان میں سے کوئی بات بھی نئی نہیں ہے، یہ سب باتیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے بار بار فرما چکے تھے، معلوم ہوا کہ اس کتاب میں آپ کوئی نئی بات لکھوانا نہ چاہتے تھے، محض پچھلی ہی باتوں کی تاکید یا تلخیص مقصود تھی، شفقةً على الأمة، اس کا ادراک حضرت عمرؓ نے کر لیا تھا جس کے دلائل ان کے پاس تھے، مثلاً "اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ"، نیز حدیث الثقلین جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ: "میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں،

---

(۱) صحيح مسلم مع شرحه للنوویؒ ج:۲ ص:۴۳۰۔

(۲) بخاری نے یہ واقعہ کتاب المغازی، بابُ مرض النبي صلى الله عليه وسلم میں نقل کیا ہے، اُس میں "أُوصيكم بثلاث" کے بجائے "وَأَوْصَاهم بثلاث" ہے، اس جملے کے تحت حافظ نے فرمایا ہے کہ: "اى فى تلك الحالة" یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جملہ اسی حالت میں فرمایا تھا، یعنی جب یہ تنازع ہو رہا تھا۔ (فتح الباری ج:۸ ص:۱۳۴) رفیع

(۳) فتح الباری ج:۸ ص:۱۳۵ كتاب المغازی، باب مرض النبي صلى الله عليه وسلم ووفاته۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جب تک تم انہیں تھامے رکھو گے گمراہ نہیں ہوگے، کتابُ اللہ وسنّۃُ نبیّہٖ" (۱) (صلی اللہ علیہ وسلم)۔

چوتھے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ کسی روایت سے ثابت نہیں کہ "ما شانہ اھجر؟" کا لفظ حضرت عمرؓ نے کہا تھا، حتیٰ کہ شیعوں کی بھی کسی روایت سے ثابت نہیں ہوتا، لہٰذا یہ دعویٰ بلا دلیل ہے، اور اگر مان بھی لیا جائے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا، تو قرائنِ قویہ اس کے مؤید ہیں کہ ھجر کے لغوی معنی مراد تھے، یعنی چھوڑنا، (۲) اور مطلب یہ تھا کہ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں چھوڑ کر جارہے ہیں؟ یعنی کیا آپ کی وفات کا وقت بالکل قریب آگیا ہے؟ آپ سے پوچھ لو، یعنی اگر آپ فرمائیں کہ وفات کا وقت بالکل قریب ہے تو لکھنے کا سامان لے آؤ، اور اگر فرمائیں کہ ابھی کچھ مہلت باقی ہے، تو اس شدید مرض کی حالت میں آپ کو تکلیف نہ دو، بعد میں لکھوا سکتے ہیں، اور ھجر کے جو معنی ہم نے بیان کئے وہی اس کے اصلی معنی ہیں، ہذیان کے معنی میں بھی اصل معنی کی مناسبت ہی کی وجہ سے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے، اور یہاں ہذیان مراد نہیں ہوسکتا، اس لئے کہ اسی جملے میں ہے کہ "استفھموہ" اور ظاہر ہے کہ جس شخص کے متعلق کسی کو یہ گمان ہو کہ وہ ہذیان کر رہا ہے، اس سے وہ استفہام کیسے کرسکتا ہے؟

یہ سب تفصیل تو اس تقدیر پر ہے کہ یہ فرض کرلیا جائے کہ یہ قول حضرت عمرؓ سے ثابت ہے، ورنہ زیادہ راجح یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ قول ان حضرات کا ہے جو کتابت کے حق میں تھے، اور اس پر قرینہ "اھجر" میں ہمزۂ استفہام ہے، اور جن روایات میں ہمزۂ استفہام مذکور نہیں، ان میں مقدر ماننا ضروری ہے، تاکہ تعارض لازم نہ آئے، تو اب جملے کا مطلب استفہامِ انکاری کے طور پر یہ ہوا کہ تم جو کتابت سے منع کر رہے ہو کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نعوذ باللہ ہذیان کر رہے ہیں؟ یعنی ہذیان نہیں کر رہے، اس لئے تمہیں ان کے اَمر کی تعمیل کرنی چاہئے، اور یہ معنی بالکل بے غبار ہیں، (ذکرہ الشیخ عبدالعزیز الدھلویؒ فی تحفۃ الاثناء عشریۃ)۔ (۳)

پانچویں اعتراض کا جواب یہ ہے کہ اوّل تو قرائن سے پتہ چلتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صرف وہی باتیں لکھوانا چاہتے تھے جو بعد میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زبانی فرمائیں، یعنی "اخرجوا المشرکین من جزیرۃ العرب .... الخ"، اور اگر بالفرض کہا جائے کہ خلافت ہی کی وصیت کرنا چاہتے تھے، تو ناقابلِ انکار دلائل سے ماننا پڑے گا کہ مقصود خلافتِ ابی بکرؓ تھی نہ کہ خلافتِ علیؓ، اور دلائل

---

(۱) مشکوٰۃ المصابیح ج:۱ ص:۳۱ کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ۔ والموطا للإمام مالک باب النھی عن القول فی القدر، ص:۷۰۲۔ رفیع

(۲) مجمع بحار الأنوار ج:۵ ص:۱۴۸۔

(۳) ص:۲۸۴ تا ۲۹۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وہی ہیں جن سے اہلِ سنۃ والجماعۃ نے خلافتِ ابی بکر کے حق ہونے پر استدلال کیا ہے۔

مذکورہ بالا اعتراضات میں سے کئی کے جواب کے لئے مسندِ احمدؒ[۱] کی وہ روایت جو حضرت علیؓ سے مروی ہے، کافی ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ: ایک طبق لاؤ تا کہ میں وہ باتیں لکھ دوں جن کے بعد تم گمراہ نہ ہوگے، حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ: مجھے خوف ہوا کہ طبق لے کر واپس آنے تک کہیں آپ کی وفات نہ ہو جائے، (چنانچہ) میں نے عرض کی کہ: مجھے وہ باتیں یاد رہیں گی اور میں محفوظ رکھوں گا (لکھنے کی ضرورت نہیں)، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "أوصیکم بالصلوٰۃ والزکوٰۃ وما ملکت أیمانکم" (کذا فی ارشاد القاری)[۲]۔

اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں:

۱- ایک یہ کہ امر بالکتابۃ کو جس طرح حضرت عمرؓ نے اباحت یا شفقت پر محمول کیا تھا، اسی طرح حضرت علیؓ نے بھی اباحت یا شفقت پر محمول کیا تھا۔

۲- دُوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ جس طرح حضرت علیؓ کے واقعے میں جو باتیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھنے کا ارادہ فرمایا تھا، وہ ایسی ہی تھیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بار بار فرما چکے تھے، اسی طرح واقعۂ قرطاس میں بھی ہوا، واللہ اعلم۔[۳]

قولہ: "وَسَكَتَ عَنِ الثَّالِثَةِ أَوْ قَالَهَا فَأُنْسِيتُهَا" (ص:۴۳ سطر:۱)

سفیان بن عیینۃ جو اس حدیث کے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ "ان کے استاذ سلیمان نے فرمایا ہے کہ میرے شیخ سعید بن جبیرؒ نے یا تو تیسری وصیت ذکر نہیں کی تھی، سکوت کیا تھا، یا تیسری وصیت بھی ذکر کی تھی مگر مجھے (یعنی سلیمان کو) یاد نہیں رہی۔[۴]

❋❋❋

---

(۱) مسند احمد ج:۲ ص:۱۰۵ رقم الحدیث: ۲۹۳۔

(۲) ارشاد القاری ص:۱۵۱ کتاب العلم، باب کتابۃ العلم۔

(۳) واقعۂ قرطاس کی مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: هدية الشيعة ص:۲۷ تا ۷۵، وفوائدِ نافع ج:۱ ص:۱۲۶ تا ۱۹۹، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۳۹ تا ۱۴۶۔

(۴) حافظ ابن حجرؒ نے قائل اور شک کرنے والے کی یہ تعیین ابو نُعیم اصفہانی کی "المستخرج" سے ایک صریح روایت کی بنیاد پر کی ہے۔ دیکھئے فتح الباری، کتاب المغازی، باب مرض النبی صلی اللہ علیہ وسلم ووفاته ج:۸ ص:۱۳۵۔ (رفیع)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب النذر (ص:۴۴)

نذر کی حقیقت یہ ہے کہ آدمی اپنے اُوپر ایسی عبادت واجب کر لے جو اُس پر پہلے سے واجب نہیں تھی، پھر اس کی دو قسمیں ہیں: ۱- نذرِ مطلق کقولہ: "لِلّٰہِ عَلَیَّ ان اصومَ یومًا"۔ ۲- نذرِ معلّق کقولہ: "إن شفاني الله تعالیٰ فعليَّ صوم یوم" تفصیل آگے آئے گی۔

۴۲۱۱- "حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیَی التَّمِیْمِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ قَالَا: نَا اللَّیْثُ ح قَالَ: وثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ: نَا لَیْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَیْدِاللّٰہِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ: اسْتَفْتیٰ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَذْرٍ کَانَ عَلٰی اُمِّهٖ، تُوُفِّیَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِیَهُ۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "فَاقْضِهٖ عَنْهَا۔" (ص:۴۴ سطر:۱،۲)

قولہ: "فِيْ نَذْرٍ کَانَ عَلٰی اُمِّهٖ" (ص:۴۴ سطر:۲)

یہ نذر کس عبادت کی تھی؟ اس میں متعدد اقوال ہیں، یقین یا ظنِ غالب سے کچھ کہنا مشکل ہے۔

قولہ: "فَاقْضِهٖ عَنْهَا" (ص:۴۴ سطر:۲)

یہ اَمر شوافع کے نزدیک نذرِ مالی میں وجوب پر محمول ہے (بشرطیکہ میّت نے اتنا مال چھوڑا ہو)، خواہ میّت نے وصیت کی ہو یا نہ کی ہو (نووی)۔[1] اور حنفیہ کے نزدیک دیگر عباداتِ مالیہ کی طرح نذرِ مالی میں بھی یہ تفصیل ہے کہ:

(الف) میّت نے اگر اس کی ادائیگی کی وصیت نہیں کی، تو وارثوں پر اس کی ادائیگی واجب نہیں، تبرّعاً کر دیں تو جائز بلکہ مستحب ہے۔

(ب) اگر وصیت کی تھی مگر مال نہیں چھوڑا تب بھی یہی حکم ہے۔

(ج) اگر وصیت بھی کی، مال بھی چھوڑا تو تجہیز و تکفین کے مصارف اور اَدائے دیون کے

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بعد جوترکہ بچے اُس کے ثلث کی حد تک نذر کی ادائیگی واجب ہے، زائد کی نہیں، تبرعاً کوئی زائد کی ادائیگی بھی کردے تو جائز بلکہ مستحب ہے۔ لیکن اگر وارثوں میں کوئی نابالغ یا مجنون ہے تو زائد کی ادائیگی اُس کے حصے میں سے جائز نہیں۔

عباداتِ مالیہ کی یہ تفصیل پیچھے چار باب پہلے "باب وصول ثواب الصدقات الی المیت" میں بھی بیان ہوچکی ہے، وہیں اس کے متعلقہ حوالہ جات بھی آچکے ہیں۔

اور اگر نذر عباداتِ بدنیہ محضہ کی تھی کالصّوم والصلوٰۃ، تو وارث اس کی طرف سے یہ افعال نہیں کرسکتا، البتہ ایصالِ ثواب کرسکتا ہے اور فدیہ بھی دے سکتا ہے۔ لما روی عن ابن عباس وابن عمر رضی اللہ عنهم نحوه إنَّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: "لا يصوم أحد عن أحد ولا يصلي احد عن أحد"، (كذا في البذل ناقلًا عن السنن الكبرىٰ للنسائي)۔[1]

۴۲۱۳- "حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ -قَالَ إِسْحَاقُ: أَنَا وَقَالَ زُهَيْرٌ: نَا- جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا يَنْهَانَا عَنِ النَّذْرِ، وَيَقُوْلُ: إِنَّهُ لَا يَرُدُّ شَيْئًا، وَإِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهٖ مِنَ الشَّحِيْحِ۔" (ص:۴۴ سطر:۵تا۷)

قوله: "يَنْهَانَا عَنِ النَّذْرِ"[2] (ص:۴۴ سطر:۶)

اس نہی کی علت اگلے جملے میں بیان کی گئی ہے، یعنی "إِنَّهُ لَا يَرُدُّ شَيْئًا، وَإِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهٖ مِنَ الشَّحِيْحِ" (ص:۴۴ سطر:۶) معلوم ہوا کہ نہی کا تعلق دو چیزوں سے ہے، ایک یہ خیال کہ نذر

(۱) بذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۶۱ كتاب الأيمان والنذور، باب قضاء النذر عن الميت، وانوار المحمود ج:۲ ص:۲۷۷ كتاب الأيمان والنذور، باب قضاء النذر عن الميت، والسنن الكبرىٰ ج:۲ ص:۱۷۴، ۱۷۵، كتاب الصيام رقم الحديث: ۲۹۱۷، ۲۹۱۸۔

(۲) نذر کی دو قسمیں ہیں۔ ۱- مطلق من غير شرط كقوله: "لله عليّ ان أصوم يوما"۔ ۲-نذر معلق على شرط كقوله: "ان شفى الله مريضي صمت يومين"۔ قسمِ اوّل کی نذر بالاتفاق جائز ہے بلا کراہت، نہی کا تعلق دُوسری قسم سے ہے (كذا في التكملة ج:۲ ص:۹۳)۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اعتکاف ليلة في المسجد الحرام کی نذر فرمائی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر کوئی نکیر نہیں فرمائی (كذا في البذل ج:۱۴ ص:۲۴۶ كتاب الأيمان والنذور، باب كراهية النذر)۔ (من الاستاذ مدظلهم)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کرنے سے تقدیر بدل جائے گی، اور دوسری ایسا بخل کہ سوائے نذرِ معلق کے کسی اور طریقے سے وہ تصدق نہ کرے (الکوکب الدری)۔(۱)

۴۲۲۱- "حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ -وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ- قَالَا: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: كَانَتْ ثَقِيفُ حُلَفَاءَ لِبَنِي عُقَيْلٍ فَأَسَرَتْ ثَقِيفٌ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَسَرَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ بَنِي عُقَيْلٍ، وَأَصَابُوا مَعَهُ الْعَضْبَاءَ، فَأَتَى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الْوَثَاقِ، قَالَ: يَا مُحَمَّدُ! فَأَتَاهُ، فَقَالَ: مَا شَأْنُكَ؟ فَقَالَ: بِمَ أَخَذْتَنِي وَبِمَ أَخَذْتَ سَابِقَةَ الْحَاجِّ؟ قَالَ إِعْظَامًا لِذٰلِكَ: أَخَذْتُكَ بِجَرِيرَةِ حُلَفَائِكَ ثَقِيفَ، ثُمَّ انْصَرَفَ عَنْهُ، فَنَادَاهُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! يَا مُحَمَّدُ! -وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِيمًا رَقِيقًا- فَرَجَعَ إِلَيْهِ فَقَالَ: مَا شَأْنُكَ؟ قَالَ: إِنِّي مُسْلِمٌ۔ قَالَ: لَوْ قُلْتَهَا وَأَنْتَ تَمْلِكُ أَمْرَكَ، أَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَادَاهُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! يَا مُحَمَّدُ! فَأَتَاهُ فَقَالَ: مَا شَأْنُكَ؟ قَالَ: إِنِّي جَائِعٌ فَأَطْعِمْنِي، وَظَمْآنُ فَأَسْقِنِي، قَالَ: هٰذِهِ حَاجَتُكَ فَفُدِيَ بِالرَّجُلَيْنِ۔

قَالَ: وَأُسِرَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ وَأُصِيبَتِ الْعَضْبَاءُ، فَكَانَتِ الْمَرْأَةُ فِي الْوَثَاقِ وَكَانَ الْقَوْمُ يُرِيحُونَ نَعَمَهُمْ بَيْنَ يَدَيْ بُيُوتِهِمْ، فَانْفَلَتَتْ ذَاتَ لَيْلَةٍ مِنَ الْوَثَاقِ، فَأَتَتِ الْإِبِلَ فَجَعَلَتْ إِذَا دَنَتْ مِنَ الْبَعِيرِ رَغَا فَتَتْرُكُهُ، حَتّٰى تَنْتَهِيَ إِلَى الْعَضْبَاءِ فَلَمْ تَرْغُ۔ قَالَ: وَهِيَ نَاقَةٌ مُنَوَّقَةٌ۔ فَقَعَدَتْ فِي عَجُزِهَا، ثُمَّ زَجَرَتْهَا فَانْطَلَقَتْ، وَنَذِرُوا بِهَا فَطَلَبُوهَا فَأَعْجَزَتْهُمْ قَالَ: وَنَذَرَتْ لِلّٰهِ إِنْ نَجَّاهَا اللّٰهُ عَلَيْهَا لَتَنْحَرَنَّهَا۔

فَلَمَّا قَدِمَتِ الْمَدِينَةَ رَآهَا النَّاسُ، فَقَالُوا: الْعَضْبَاءُ نَاقَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

---

(۱) الکوکب الدری ج:۲ ص:۴۰۱ ابواب النذور والأيمان، باب في كراهية النذور، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۵۴، وأوجز المسالك ج:۹ ص:۷ كتاب النذور والأيمان، وانوار المحمود ج:۲ ص:۲۷۵ کتاب الأيمان والنذور، باب كراهية النذر، ومرقاة المفاتيح ج:۲ ص:۵۹۸، ۵۹۹ كتاب الأيمان والنذور، باب في النذور، الفصل الأول۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: إِنَّهَا نَذَرَتْ إِنْ نَجَّاهَا اللّٰهُ عَلَيْهَا لَتَنْحَرَنَّهَا، فَأَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! بِئْسَمَا جَزَتْهَا، نَذَرَتْ لِلّٰهِ إِنْ نَجَّاهَا اللّٰهُ عَلَيْهَا لَتَنْحَرَنَّهَا، لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِيْ مَعْصِيَةٍ، وَلَا فِيْمَا لَا يَمْلِكُ الْعَبْدُ۔ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ حُجْرٍ: لَا نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ۔" (ص:۴۴ سطر:۱۷ تا ص:۴۵ سطر:۲)

قوله: "اَلْعَضْبَاءُ" (ص:۴۴ سطر:۱۹)

یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ناقہ کا نام ہے، مشقوقة الأذن، ومقطوعة الأذن کو کہتے ہیں، مگر یہ مشقوقة یا مقطوعة الأذن نہیں تھی، بلکہ اس کے کان چھوٹے تھے، اس لئے عضباء نام پڑ گیا، یہ عضباء رجل من بنی عقیل سے بطور مالِ غنیمت کے ملی تھی، جیسا کہ اسی واقعہ سے ظاہر ہے۔ پھر یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے استعمال میں رہی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ناقہ کا نام "القصواء" ہے، جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرّمہ سے مدینہ طیبہ ہجرت فرمائی تھی، وہ دُوسری ناقہ ہے۔[1]

قوله: "وَبِمَ اَخَذْتَ سَابِقَةَ الْحَاجِّ؟" (ص:۴۴ سطر:۲۰)

سابقة الحاج سے مراد یہی ناقہ عضباء ہے، اور سابقة الحاج اس لئے کہا کہ حج کے قافلوں میں یہ سب سے آگے رہتی تھی[2] (تیز رفتاری کے باعث)، اس میں اشارہ ہے اسیر کی طرف سے یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک فضیلت والی ناقہ کو ناحق پکڑا ہے (نعوذ باللہ)۔

قوله: "فَقَالَ إِعْظَامًا لِذٰلِكَ" (ص:۴۴ سطر:۲۰)

یہ راوی کا کلام ہے، اس میں "قال" کے فاعل اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں تو راوی کا مطلب یہ ہوگا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسیر کو اگلا جواب "اخذتك بجريرة حلفائك

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۱ ص:۳۹۴، ۳۹۵، وعمدة القاری ج:۱۴ ص:۱۶۱ كتاب الجهاد والسير، باب ناقة النبي صلى الله عليه وسلم، وفتح الباري ج:۶ ص:۷۴ كتاب الجهاد والسير، باب ناقة النبي صلى الله عليه وسلم، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۹۶، وكتاب الوسيلة للموصلي ج:۶ ص:۲۰۹ تا ۲۱۱، والفائق ج:۲ ص:۴۴۴۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۴، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۶۰، ومكمل إكمال الإكمال ج:۴ ص:۳۶۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ثـقـيـفٍ" (ص:۴۴ سطر:۲۱) اس وجہ سے دیا کہ اسیر نے جو سوال کیا تھا وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر فضیلت والی اُونٹنی کو ناحق پکڑنے کے الزام کو متضمن تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس الزام کی قباحت کے اظہار کے لئے یہ جواب دیا، اس صورت میں "ذلك" کا اشارہ اسیر کے قول "بم اخذت سابقة الحاج" کی طرف ہوگا۔ اور اگر "قال" کا فاعل اسیر ہے، تو مطلب یہ ہوگا کہ اس نے ناقہ کے وصف "سابقة الحاج" کا ذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل کو "بڑا غلط" ظاہر کرنے کے لئے کیا، اس صورت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب "اخذتُك بجريرة .... إلخ" سے پہلے لفظ "فقال" محذوف ماننا پڑے گا، ای فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اخذتُك بجريرة حلفائك .... إلخ، (كذا في الحل المفهم وحاشية الشيخ الذهني)۔[۱]

قوله: "بِجَرِيْرَةِ حُلَفَائِكَ ثَقِيْفَ" (ص:۴۴ سطر:۲۱)

جـريـرة سے مراد جرم ہے،[۲] یہاں سوال ہوتا ہے کہ ثقیف کے جرم کی وجہ سے ان کے حلیف جو بنی عقیل تھے ان کے آدمی کو پکڑنا کیسے جائز ہوا؟

اس کے دو جواب ہیں، ایک یہ کہ ممکن ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معاہدہ ثقیف اور ان کے حلیفوں (دونوں) سے تھا، کہ وہ مسلمانوں سے تعرض نہ کریں گے، ثقیف نے اس عہد کی خلاف ورزی کی کہ دو صحابہ کو پکڑ لیا، اور بنی عقیل نے اس پر نکیر نہیں کی، لہٰذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی عقیل کے آدمی کو ان کی (بالواسطہ) بدعہدی پر پکڑا۔

دُوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ اس زمانے میں یہ عرف ہو کہ حلیف کو بھی اس کے حلیف کی بدعہدی پر پکڑ لیا جاتا ہو، اگرچہ معاہدے میں اس کی صراحت نہ ہو، اسی لئے یہاں اسیر نے اس جواب پر نکیر نہیں کی۔[۳]

---

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۷۸، وحاشية صحيح مسلم للذهنيّ ج:۲ ص:۷۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۶۰، والمفهم ج:۴ ص:۶۰۹، ۶۱۰، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۹۷۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويّ ج:۲ ص:۴۴، ومكمل إكمال الإكمال ج:۴ ص:۳۶۱، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۵۹، ۱۶۰، وبذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۶۷ كتاب الأيمان والنذور، باب النذر فيما لا يملك۔

(۳) معالم السنن للخطابيّ ج:۴ ص:۵۳ كتاب الأيمان والنذور، باب النذر فيما لا يملك، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۶۰، وحاشية صحيح مسلم للذهنيّ ج:۲ ص:۷۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "لَوْ قُلْتَهَا وَأَنْتَ تَمْلِكُ أَمْرَكَ، أَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ" (ص:۴۴ سطر:۲۲)

یعنی فلاحِ تام، اس طرح کہ تو گرفتار ہونے سے پہلے مسلمان ہو چکا ہوتا تو تجھے چھوڑ دیا جاتا، لیکن اب جبکہ گرفتار پہلے ہوا، اب مسلمان ہونے سے تو غلامی سے بچنے کا مستحق نہیں، (کذا فی البذل)۔[1]

قوله: "فَفُدِيَ بِالرَّجُلَيْنِ" (ص:۴۵ سطر:۱)

"الحل المفهم"[2] میں ہے کہ فدیہ لے کر چھوڑنے کا حکم امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک منسوخ ہو چکا ہے، یعنی امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کافر قیدی کو یا تو غلام بنایا جائے گا، یا قتل کر دیا جائے گا، یعنی بغیر فدیہ چھوڑ دینا، یا فدیہ لے کر چھوڑنا دونوں حکم ابتدائے اسلام میں تھے، لقوله تعالى: "فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً"[3] پھر یہ حکم آیۃ السیف سے منسوخ ہو گیا،[4] اس مسئلے کی تفصیل مع فقہاء کے اختلاف کے آگے کتاب الجهاد کے مستقل باب "باب التنفيل وفداء المسلمين بالأسارى" میں آئے گی۔

اس تفصیل کا حاصل یہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کی اظهر الروایتین یہ ہے کہ فدية بالأسارى المسلمين جائز ہے، لحديث الباب وما في معناه، اور فدية بالمال بھی لے کر چھوڑ دینا بوقتِ حاجت جائز ہے، كما حققه ابن الهمامؒ في فتح القدير (ج:۵ ص:۴۶۱)۔

البتہ یہاں ایک اِشکال یہ ہوتا ہے کہ اس قیدی کے مشرف باسلام ہونے کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کفار کے پاس کیوں واپس بھیج دیا؟

اس کے متعدّد جواب دیئے گئے ہیں:-

---

(۱) بذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۶۸ كتاب الأيمان والنذور، باب النذر فيما لا يملك، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۴، ۴۵، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۹۸۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۷۹۔

(۳) سورة محمد: ۴۔

(۴) عمدة القارى ج:۱۴ ص:۲۶۵، ۲۶۶ كتاب الجهاد والسير، باب "فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً"، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۱۴۳، ۱۴۴ كتاب السير، باب الفداء، ومرقاة المفاتيح ج:۷ ص:۵۲۳ كتاب الجهاد، باب حكم الأسراء، الفصل الأول۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- علامہ نوویؒ نے یہ جواب دیا ہے کہ اس واقعے میں کہیں یہ ذکر نہیں کہ یہ شخص آزاد ہو کر کافروں کے پاس واپس چلا گیا تھا، کیونکہ فدیہ میں دیا جانا رُجوع الی الکفار کو مستلزم نہیں، ہوسکتا ہے کہ یہ کافروں کے پاس اپنے قبیلے میں واپس نہ گیا ہو اور مسلمانوں ہی کے پاس رہا ہو، اور اگر ثابت ہو جائے کہ کفار کے علاقے میں واپس چلا گیا تھا، تو ہوسکتا ہے کہ وہاں جانے کے باوجود وہ اپنے دینِ اسلام کے اظہار پر اپنے خاندان اور برادری کی شوکت وقوت کی بناء پر قادر ہو، اس صورت میں رُجوع الی الکفار حرام بھی نہیں تھا[۱] جیسا کہ آج کل بھی بہت سے مسلمان غیر مسلموں کے ملک میں جا کر آباد ہو جاتے ہیں، اور اپنے دِین پر کسی رُکاوٹ کے بغیر عمل کرتے ہیں۔

۲- علامہ اُبیّ شارحِ مسلم نے یہ جواب دیا ہے کہ ممکن ہے یہ شخص دِل سے ایمان نہ لایا ہو، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی یہ معلوم ہو گیا ہو، اس لئے واپس بھیج دیا ہو[۲]۔

۳- علامہ ذہنیؒ نے حاشیہ صحیح مسلم میں یہ احتمال ذکر کیا ہے کہ فدیہ لے کر واپس بھیجنا اس معاہدے کی شرائط میں داخل ہو، جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ان کے درمیان تھا، واللہ اعلم۔[۳]

قوله: "وَتَنَذَّرُوْا بِهَا" (ص:۴۵ سطر:۳)

بفتح النون وكسر الذال المعجمة، أي علموا (نوویؒ)۔[۴]

قوله: "مُنَوَّقَةٌ" (ص:۴۵ سطر:۳)

بضم الميم وفتح النون والواو المشدّدة أي مذلّلةٌ (نوویؒ)[۵] یعنی فرماں بردار۔

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۵، وبذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۶۹ كتاب الأيمان والنذور، باب النذر فيما لا يملك، وانوار المحمود ج:۲ ص:۲۷۸ كتاب الأيمان والنذور، باب النذر فيما يملك، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۹۸۔

(۲) اكمال اكمال المعلم ج:۴ ص:۳۶۰، وبذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۶۸ كتاب الأيمان والنذور، باب النذر فيما لا يملك، وعون المعبود ج:۹ ص:۱۰۴ كتاب الأيمان والنذور، باب النذر فيما لا يملك، ومرقاة المفاتيح ج:۷ ص:۵۲۲ كتاب الجهاد، باب حكم الأُسراء، الفصل الأول۔

(۳) حاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۴۷، ومرقاة المفاتيح ج:۷ ص:۵۲۳ كتاب الجهاد، باب حكم الأُسراء، الفصل الأوّل۔

(۴) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۵۔

(۵) بحوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِي مَعْصِيَةٍ، وَلَا فِيمَا لَا يَمْلِكُ الْعَبْدُ" (ص:۴۵ سطر:۶)

صحتِ نذر کے لئے یہ دو شرطیں متفق علیہ ہیں، ایک یہ کہ منذور معصیت نہ ہو، دُوسری یہ کہ منذور ناذر کی مملوک ہو، اور کل شرطیں صحتِ نذر کے لئے پانچ ہیں:-

۱- منذور کا عبادت ہونا، چنانچہ مباحات کی نذر منعقد نہیں ہوتی، جیسے کوئی نذر کرے کہ میں بازار جاؤں گا، اس کا ایفاء واجب نہیں۔ اسی طرح معصیت کی نذر بھی منعقد نہیں ہوتی، کقوله: لله عليّ أن أقتل فلانًا۔

۲- عبادت کا مقصود ہونا، چنانچہ اگر کوئی وضو کی نذر کرے تو ایفاء واجب نہ ہوگا، کیونکہ وضو عبادت تو ہے مقصودہ نہیں۔

۳- اس عبادتِ منذورہ کا من جنس الفرض ہونا، كالصّوم والصلوٰة والصدقة وغيرها، چنانچہ عیادۃ المریض کی نذر صحیح نہیں، کیونکہ وہ من جنس الفرض نہیں۔

۴- منذور کا ناذر کی ملکیت میں ہونا، فمن نذر أن يتصدق بشاة الغير لا يجب ايفائه۔ یہ اس وقت ہے کہ جب اُس نے دُوسرے کی متعین مملوک چیز کو صدقہ کرنے کی نذر کی ہو، لیکن اگر اُس نے کسی ایسی چیز کو صدقہ کرنے کی نذر کی جو فی الحال اس کی ملکیت میں نہیں مگر اُس نے نذر کو منذور کے کسی خاص فرد کے ساتھ مخصوص نہیں کیا مثلاً یوں کہا: "ان شفى الله مريضي فعليَّ صدقةُ شاة" اور اس وقت ایک بکری اس کی ملکیت میں نہیں تھی تو نذر منعقد ہو جائے گی، اور ایک بکری کا تصدق اُس پر واجب ہوگا (نوویؒ)۔[1]

۵- منذور کا ممتنع اور مستحیل نہ ہونا، یعنی ممکن ہونا، فمن نذر أن يصوم أمس لا يصح نذره ولا يجب ايفائه، (كذا في الدر المختار وردّ المحتار)۔[2]

حدیثِ باب میں ناقہ عضباء کا جو واقعہ ہے، اس سے شوافعؒ[3] نے اس پر استدلال کیا ہے کہ

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۵۔

(۲) الدر المختار مع الرد ج:۳ ص:۷۳۵ تا ۷۳۷ كتاب الأيمان، وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۲۲۶، تا ۲۲۸، كتاب النذر۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۵، ومعالم السنن للخطابیؒ ج:۴ ص:۵۲ كتاب الأيمان والنذور، باب النذر فيما لا يملك۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مسلمان کا جو مال حربیّین چھین لیں وہ ان کی ملکیت نہیں ہوتا، خواہ انہوں نے اس مال کا احراز بدار الحرب کیا ہو یا نہ کیا ہو، جس کا یہ نتیجہ ہوگا کہ اگر پھر کبھی مسلمان وہ مال کفار سے چھین لیں، تو وہ غانمین کا حق نہ ہوگا، بلکہ مالکِ اوّل کو واپس کیا جائے گا، جیسا کہ یہاں ہوا کہ یہ ناقہ اس عورت کے بجائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی مملوک قرار دی گئی۔

اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ تفصیل ہے کہ اگر کفار نے اس مال کا احراز بدار الحرب نہیں کیا تب تو وہی حکم ہے جو امام شافعیؒ نے بیان کیا، اور اگر احراز بدار الحرب کرلیا تو وہ مال مسلم کی ملکیت سے نکل کر کفار کی ملکیت میں داخل ہو جائے گا، چنانچہ اگر بعد میں مسلمان وہ مال ان سے چھین لیں تو وہ غانمین کا حق ہوگا، اور مسلم جو اس کا مالکِ اوّل تھا اس کی کوئی خصوصیت اس میں نہ ہوگی، لقولہٖ تعالٰی فی سورۃ الحشر:-

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ الآیۃ۔[1]

اس میں مہاجرین کو، جو اپنا مال مکہ مکرمہ چھوڑ آئے تھے اور کفار نے ان پر قبضہ کرلیا تھا، فقراء کہا گیا ہے، حالانکہ فقیر اس کو کہتے ہیں جس کی ملکیت میں مال نہ ہو، تو اس آیت کی اشارۃ النص سے معلوم ہوا کہ وہ مال ان کی ملکیت سے نکل گیا تھا، یعنی استیلاء الحربیّین علی مال المسلم مع الاحراز بدارھم، کفار کی ملکیت کا سبب ہے۔[2]

اور ناقۂ عضباء کی حدیث کا جواب یہ ہے کہ اس کا احراز کفار نے بدارھم نہیں کیا ہوگا، اور وہ راستے ہی کی کسی منزل میں ہوں گے، جس کا قرینہ حدیثِ باب ہی میں یہ ہے کہ "وکان القوم یریحون[3] نعمھم بین یدی بیوتھم" ای فی افنیتھم خائفین (کذا فی البذل)۔[4] یعنی اگر وہ

---

(۱) الحشر: ۸۔

(۲) التفسیر المظھری ج:۹ ص:۲۴۰، ومعارف القرآن ج:۸ ص:۳۷۲، والبنایۃ للعینیؒ ج:۲ ص:۸۴۴، ۸۴۵ کتاب السیر، باب استیلاء الکفار۔

(۳) ای ینیخونھا امام بیوتھم لتر تاح۔ (من الأستاذ مدظلھم)

(۴) بذل المجھود ج:۱۴ ص:۲۷۰ کتاب الأیمان والنذور، باب النذر فیما لا یملك، والتفسیر المظھری ج:۹ ص:۲۴۱، والبنایۃ للعینیؒ ج:۲ ص:۸۴۴ کتاب السیر، باب استیلاء الکفار۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اپنے علاقے (دارُالحرب) میں پہنچ چکے ہوتے تو اپنے مویشیوں کو چرنے کے لئے اپنے گھروں کے سامنے کے بجائے جنگل میں یا صحراء میں چھوڑ آتے جیسا کہ رواج تھا۔

اور طحاوی[۱] کی روایت میں صراحت ہے کہ: "وکانوا اذا نزلوا یرسلون ابلهم فی افنیتهم فلما کانت .... الخ" اس سے معلوم ہوا کہ وہ راستے ہی کی کسی منزل میں تھے، (کذا فی التکملة[۲] واختاره الشیخ الگنگوهیؒ فی الحل المفهم)[۳]۔

۴۲۲۲- "حَدَّثَنِيْ أَبُوالرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادٌ -يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ- ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ وَابْنُ أَبِيْ عُمَرَ عَنْ عَبْدِالْوَهَّابِ الثَّقَفِيِّ كِلَاهُمَا عَنْ أَيُّوْبَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَفِيْ حَدِيْثِ حَمَّادٍ قَالَ: كَانَتِ الْعَضْبَاءُ لِرَجُلٍ مِنْ بَنِيْ عُقَيْلٍ وَكَانَتْ مِنْ سَوَابِقِ الْحَاجِّ، وَفِيْ حَدِيْثِهِ أَيْضًا: فَأَتَتْ عَلٰى نَاقَةٍ ذَلُوْلٍ مُجَرَّسَةٍ وَفِيْ حَدِيْثِ الثَّقَفِيِّ وَهِيَ نَاقَةٌ مُدَرَّبَةٌ۔" (ص ۴۵ سطر:۶ تا ۸)

قوله: "نَاقَةٍ ذَلُوْلٍ مُجَرَّسَةٍ وفی روایة مُدَرَّبَةٌ" (ص ۴۵ سطر:۸)

یہ تینوں الفاظ ہم معنی ہیں، یعنی فرماں بردار (نوویؒ)[۴]۔

۴۲۲۳- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ قَالَ: أَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ ح قَالَ: وحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ -وَاللَّفْظُ لَهٗ- قَالَ: نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ قَالَ: نَا حُمَيْدٌ قَالَ: حَدَّثَنِيْ ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى شَيْخًا يُهَادَى بَيْنَ ابْنَيْهِ، فَقَالَ: مَا بَالُ هٰذَا؟ قَالُوْا: نَذَرَ أَنْ يَمْشِيَ۔ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى عَنْ تَعْذِيْبِ هٰذَا نَفْسَهٗ لَغَنِيٌّ، وَأَمَرَهٗ أَنْ يَرْكَبَ۔"

(ص ۴۵ سطر:۸ تا ۱۰)

---

(۱) شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۱۴۴ کتاب السیر، باب الفداء۔

(۲) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۰۰۔

(۳) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۷۹۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "يُهَادٰى" (ص ۴۵ سطر:۹)

باب مفاعلہ سے مضارع مجہول ہے، یعنی اس شیخ کو اُس کے دو بیٹوں کے درمیان سہارا دے کر چلایا جا رہا تھا، (نوویؒ)۔[1]

قوله: "قَالُوْا: نَذَرَ[2] اَنْ يَّمْشِيَ" (ص ۴۵ سطر:۱۰) اى الى بيت الله۔

جو شخص مشي الى بيت الله کی نذر کرے، ہمارے اور شوافع کے نزدیک یہ نذر صحیح اور اس کا ایفاء واجب ہے، درِمختار میں صراحت ہے کہ اس پر واجب ہے کہ حج یا عمرہ کرے، علامہ شامیؒ[3] رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ اِستحسان کی بناء پر ہے، کیونکہ مشي الى بيت الله کی نذر ایجاب أحد النسكين کے معنی میں متعارف ہو کر حقیقتِ عرفیہ ہوگئی ہے، پس "لله عليّ أن أمشي الى بيت الله" کے معنی وہی ہیں جو "لله عليّ حجٌّ او عمرة ماشيًا" کے ہیں، لیکن اگر مشی سے عاجز ہے، تو سوار ہونا جائز ہے، مگر دَم واجب ہوگا۔ لادخال النقص فيما التزمه لله على نفسه، وهو مأثور عن عليؓ، (كذا في الهداية، في باب اليمين في الحج والصلوٰة والصوم، من كتاب الأيمان)۔[4]

ولما رواه الحاكم وصَحَّحهُ وأقرّه عليه الذهبي، عن عمران بن حصين مرفوعًا: "فمن نذر أن يحج ماشيًا فليهد هديًا وليركب"۔[5]

اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ مشي من جنس الفرض نہیں، تو حج یا عمرہ اگرچہ نذر کی وجہ سے استحساناً واجب ہو جائے، مگر مشی واجب نہ ہونا چاہئے۔

جواب یہ ہے کہ طواف میں مشي في الجملة من جنس الفرض ہے، نیز اہلِ مکہ میں سے جو تندرست ہے اور سواری کے پیسے اس کے پاس نہیں، اس پر ماشیًا حج فرض ہے، (كذا حققهٗ

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۵۔

(۲) قوله نذر من باب نصر و سمع كذا في التكملة ج:۲ ص:۹۸و۹۹۔ (من الأُستاذ مدظلهم)

(۳) شامي ج:۳ ص:۷۳٦ كتاب الأيمان، مطلب في احكام النذر۔

(۴) الهداية ج:۲ ص:۵۰۱، ۵۰۲ كتاب الأيمان، باب اليمين في الحج والصوم، ومرقاة المفاتيح ج:٦ ص:٦۰۳ كتاب الأيمان والنذور، باب في النذور، الفصل الأوّل، وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۲۳۰، ۲۳۱ كتاب النذر، شروط النذر۔

(۵) المستدرك للحاكمؒ ج:۴ ص:۳۴۰ رقم الحديث: ۷۸۴۳ مع حاشيته۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابن الھمامؒ)۔[1] البتہ حافیًا حج کی نذر کی، تو حفاء یعنی ننگے پاؤں چلنا واجب نہ ہوگا، (نوویؒ) کیونکہ ننگے پاؤں چلنا من جنس الواجب نہیں، نہ عبادتِ مقصودہ ہے۔[2]

۴۲۲۹- "حَدَّثَنِیْ هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِیُّ وَيُوْنُسُ بْنُ عَبْدِالْاَعْلٰی وَاَحْمَدُ بْنُ عِيْسٰی -قَالَ يُوْنُسُ: اَنَا وَقَالَ الآخَرَانِ: نَا- ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ، عَنْ اَبِی الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ۔" (ص:۴۵ سطر:۱۹تا۲۱)

قوله: "كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ" (ص:۴۵ سطر:۲۰،۲۱)

بعض صورتوں[3] میں نذر سے یمین منعقد ہوجاتی ہے، مثلاً منذور کو ایسی شرط پر معلق کیا جس سے وہ بچنا چاہتا ہے، جسے نذر اللّجاج کہتے ہیں، مثلاً "ان سَرقتُ فعلیَّ صوم یوم" تو اس صورت میں یہ لفظاً نذر اور معنًی یمین ہے، چنانچہ اگر سرقہ کرلیا، تو اب اس کو اختیار ہے کہ یا تو ایک دن کا روزہ رکھ لے، یعنی نذر کو پورا کرلے، یا کفارۂ یمین ادا کرے (کذا فی الدر المختار)۔[4]

نذر سے یمین منعقد ہوجانے کی دُوسری صورت یہ ہے کہ نذر معصیة لعینها یا لغیرها کی ہو اور نیت یمین کی ہو، مثلاً کہے: "للّٰہ علیَّ ان اقتل فلانًا" اس صورت میں حانث ہونا واجب ہوگا، اور حنث کا کفارہ بھی واجب ہوگا۔[5]

تیسری صورت یہ ہے کہ نذر میں منذور کو معین نہ کیا ہو، مثلاً قوله: للّٰہ علیَّ نذر، فتجب

---

(۱) فتح القدیر ج:۵ ص:۱۶۹ کتاب الأیمان، باب الیمین فی الحج والصلاة والصوم۔

(۲) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۰۳ و۱۰۴، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۵۔

(۳) کچھ صورتیں ابوداؤد (ج:۲ ص:۴۷۲ کتاب الأیمان والنذور، باب من نذر نذرًا لم یسمه) کی اس حدیثِ مرفوع میں جمع ہیں، "من نذر نذرًا لم یسمّه فکفارته کفارة یمین، ومن نذر نذرًا فی معصیة فکفارته کفارة یمین، ومن نذر نذرًا لا یطیقه فکفارته کفارة یمین" (کذا فی التکملة ج:۲ ص:۱۰۵)۔ رفیع

(۴) الدر المختار ج:۳ ص:۷۳۸، ۷۳۹ کتاب الأیمان۔

(۵) فتح القدیر ج:۵ ص:۷۹، ۸۱، ۸۲ کتاب الأیمان، باب ما یکون یمینًا وما لا یکون یمینًا، والهدایة ج:۲ ص:۴۸۲ کتاب الأیمان، باب ما یکون یمینًا وما لا یکون یمینًا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علیہ کفارۃ الیمین، لقولہ علیہ السلام: ”کفارۃ النذر اذا لم یسّم (أی المنذور) کفارۃ یمین“ أخرجہ الترمذی[۱] وابن ماجۃ[۲] بلفظ: ”من نذر نذرًا ولم یسمّہ فکفارتہ کفارۃ یمین“ (کذا فی التکملۃ)[۳] اور بھی بعض صورتیں کتبِ فقہ میں مذکور ہیں، ایسی صورتوں میں اگر حانث ہوجائے گا تو کفارۂ یمین واجب ہوگا، لحدیث الباب۔

❋❋❋

(۱) جامع الترمذی ج:۱ ص:۲۸۲، ابواب النذور والأیمان۔

(۲) سنن ابن ماجۃ، باب من نذر نذرًا ولم یسمّہ، رقم الحدیث: ۲۱۲۷، وسنن أبی داؤد ج:۲ ص:۴۷۲ کتاب الأیمان والنذور، باب من نذر نذرًا لم یسمہ رقم الحدیث: ۳۱۸۱۔

(۳) تکملۃ فتح الملہم ج:۲ ص:۱۰۵، وفتح القدیر ج:۵ ص:۷۱، ۷۲ کتاب الأیمان، باب ما یکون یمینًا وما لا یکون یمینًا، والہدایۃ ج:۲ ص:۴۸۱ کتاب الأیمان، باب ما یکون یمینًا وما لا یکون یمینًا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب الأیمان (ص:۴۶)

یمین کے اصل لغوی معنی دائیں ہاتھ کے ہیں، پھر حلف کے معنی میں بھی استعمال ہونے لگا، کیونکہ عرب جب تحالف کرتے تھے تو ایک دوسرے سے ہاتھ ملاتے تھے، (كذا في حاشية الحل المفهم)۔[1]

باب النهي عن الحلف بغير الله تعالىٰ

۴۲۳۱- "حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ ح قَالَ: وحَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ" قَالَ عُمَرُ: فَوَاللّٰهِ مَا حَلَفْتُ بِهَا مُنْذُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْهَا ذَاكِرًا وَّلَا آثِرًا۔" (ص:۴۶ سطر:۱تا۳)

قوله: "ذَاكِرًا وَّلَا آثِرًا" (ص:۴۶ سطر:۳)

یعنی نہ اپنی طرف سے قصد کرکے ایسی قسم کھائی نہ کسی اور شخص کی کھائی ہوئی ایسی قسم کو نقل کیا۔[2]

۴۲۳۶- "حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: أَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ ح قَالَ: وحَدَّثَنِيْ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ: أَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۸۱، وحاشية مجمع بحار الأنوار ج:۵ ص:۲۲۱۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۴۶، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۶۶، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۰۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَالَ: اَخْبَرَنِی حُمَیْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَنَّ اَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ حَلَفَ مِنْكُمْ فَقَالَ فِیْ حَلِفِهٖ بِاللَّاتِ فَلْیَقُلْ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهٖ: تَعَالَ اُقَامِرْكَ فَلْیَتَصَدَّقْ۔" (ص:۴۶ سطر:۱۳ تا ۱۵)

قوله: "فَقَالَ فِیْ حَلِفِهٖ بِاللَّاتِ فَلْیَقُلْ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" (ص:۴۶ سطر:۱۵)

صحابۂ کرامؓ جو حدیث العھد بالاسلام تھے، ان کی زبانوں پر زمانۂ جاہلیت میں اصنام کی قسم جاری رہتی تھی، اسلام لانے کے بعد بھی سہواً کسی سے ایسے الفاظ صادر ہو سکتے تھے، اور بعض سے ہوئے بھی، جو موہمِ کفر تھے، اس کی تلافی کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا، جس کے دو فائدے ہیں، ایک یہ کہ زبان کو کلمہ موہم کفر سے جو تلوّث ہوا، اس کا ازالہ ہو جائے، دُوسرا یہ کہ سننے والوں کو یہ بدگمانی نہ رہے کہ یہ کافر ہے۔[1]

قوله: "وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهٖ: تَعَالَ اُقَامِرْكَ فَلْیَتَصَدَّقْ" (ص:۴۶ سطر:۱۵)

یہ اَمر فقہائے کرامؒ کے نزدیک استحباب پر محمول ہے، علامہ عینیؒ نے عمدة القاری میں اس کی دلیل یہ بیان فرمائی ہے کہ جو شخص کسی معصیت کا ارادہ کرے پھر اس کے ارتکاب سے خود کو روک لے تو اُس پر کوئی کفارہ واجب نہیں ہوتا بلکہ اس کے لئے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے[2] (جیسا کہ صحیح مسلم کی کتاب الایمان میں احادیثِ مرفوعہ میں اس کی صراحت آچکی ہے۔ رفیع) اور مقدارِ صدقہ مقرر نہیں، جتنا چاہے دیدے،[3] جیسا کہ اگلی روایت میں ہے: "فلیتصدّق بشیء" بعض کا قول ہے

---

(۱) الکوکب الدری ج:۲ ص:۱۴۰ ابواب النذور والأیمان، باب فی کراهية الحلف بغیر الله، ومرقاة المفاتیح ج:۶ ص:۱۸۱ کتاب الأیمان والنذور، الفصل الأوّل، وبذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۱۸ کتاب الأیمان والنذور، باب الیمین بغیر الله، وأوجز المسالك ج:۹ ص:۹۶، وانوار المحمود ج:۲ ص:۲۲۹ کتاب الأیمان والنذور، باب الیمین بغیر الله، والدیباج ج:۴ ص:۲۸۷، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۱۰۔

(۲) عمدة القاری ج:۲۳ ص:۱۷۹ کتاب الأیمان والنذور، باب لا یحلف باللات والعزیٰ ولا بالطواغیت، وبذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۱۹ کتاب الأیمان والنذور، باب الیمین بغیر الله، والتعلیق الصبیح ج:۴ ص:۱۴۷ کتاب الأیمان والنذور، الفصل الأوّل۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۶، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۶۸، والتعلیق الصبیح ج:۴ ص:۱۴۷ کتاب الأیمان والنذور، الفصل الأوّل، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کہ اتنا مال صدقہ کرے جتنے کا قمار کھیلنے کا ارادہ تھا۔[1]

باب ندب من حلف یمینًا فرای غیرها خیرًا منها ... إلخ (ص:۴۶)

۴۲۳۹- "حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَيَحْيَى بْنُ حَبِيْبٍ الْحَارِثِيُّ -وَاللَّفْظُ لِخَلَفٍ- قَالُوْا: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَهْطٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ نَسْتَحْمِلُهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ! لَا أَحْمِلُكُمْ وَمَا عِنْدِيْ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ۔ قَالَ: فَلَبِثْنَا مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ أُتِيَ بِإِبِلٍ، فَأَمَرَ لَنَا بِثَلَاثِ ذَوْدٍ غُرِّ الذُّرٰى۔ فَلَمَّا انْطَلَقْنَا قُلْنَا -أَوْ قَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ-: لَا يُبَارِكُ اللّٰهُ لَنَا، أَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَسْتَحْمِلُهُ، فَحَلَفَ أَنْ لَا يَحْمِلَنَا۔ ثُمَّ حَمَلَنَا فَأَتَوْهُ فَأَخْبَرُوْهُ، فَقَالَ: "مَا أَنَا حَمَلْتُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَمَلَكُمْ، وَإِنِّي وَاللّٰهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ ثُمَّ أَرٰى خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا كَفَّرْتُ عَنْ يَمِيْنِيْ وَأَتَيْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ۔" (ص:۴۶ سطر:۲۰ تا ص:۴۷ سطر:۳)

قولہ: "وَاللّٰهِ! لَا أَحْمِلُكُمْ" (ص:۴۷ سطر:۱)

یہاں یمینِ فور مراد ہوسکتی ہے، کہ میں تم کو اس وقت سواری کے جانور نہیں دُوں گا، لہٰذا بعد میں آنے پر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دے دیئے تو یمین کے خلاف نہ ہوا، (کذا فی الحلّ المفہم وحاشیتہ)۔[2] یعنی ہوسکتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیت قسم کھاتے وقت یہ ہو کہ بحالتِ موجودہ (جبکہ میرے پاس جانور موجود نہیں) میں تم کو جانور نہیں دُوں گا، اس صورت میں جانور آنے کے بعد ان کو جانور دینا یمین کے خلاف نہ ہوا کیونکہ یہ یمینِ فور ہے۔ یعنی خاص اُس وقت کے لئے تھی جبکہ آپ کے پاس سواری کے جانور نہیں تھے۔

یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یمینِ مطلق ہو، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفارہ بعد میں ادا کردیا ہو۔

---

(۱) معالم السنن ج:۴ ص:۴۲ کتاب الأیمان والنذور، باب الیمین بغیر اللّٰه، والتعلیق الصبیح ج:۴ ص:۱۴۷ کتاب الأیمان والنذور، الفصل الأوّل، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۶۸۔

(۲) الحل المفہم ج:۲ ص:۱۸۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "ذَوْدٍ" (ص:۴۷ سطر:۲)

بفتح الذال المعجمة، الإبل لا يتجاوز عددها الثلاثين، ولا يقل عن ثلاث، ولا يكون إلّا من الإناث وهو جمع لا واحد له، أو واحد جمعه اذواد۔[1]

قولہ: "غُرِّ الذُّرٰی" (ص:۴۷ سطر:۲)

امّا الذُّرٰی: فبضم الذال وكسرها وفتح الراء المخفّفة، جمع "ذُرْوَةٍ" بكسر الذال وضمّها، وَذُرْوَةَ كلِ شيءٍ اعلاهُ، والمراد هنا الاسنِمَة، وامّا الغُرُّ فهي البيض (یعنی غرّاء، بمعنی البیضاء کی جمع ہے) اسی طرح آگے ایک روایت میں "بُقْعِ الذرٰی" "بَقعاء" کی جمع ہے۔ بمعنی سفید، اَبْقَعْ اور بقعاء اصل میں وہ چیز ہے جس میں سفیدی وسیاہی ہو۔ (نووی)[2] یہاں مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سفید سنام والی اونٹنیاں عطاء فرمائیں۔

قولہ: "مَا اَنَا حَمَلْتُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَمَلَكُمْ" (ص:۴۷ سطر:۳)

الحل المفهم کے حاشیہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے اس بات کی تائید ہوتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ سابق "والله لا احملكم" بطور یمینِ فور کے تھا، یعنی وہ یمینِ مطلق نہ تھی، بلکہ اس قید کے ساتھ تھی کہ (چونکہ اس وقت میرے پاس دینے کے لئے جانور نہیں، اس لئے) اس وقت میں تم کو سواری کا جانور نہیں دُوں گا، آئندہ دینے کی نفی مراد نہیں تھی، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے پاس جب "ابل" بھیج دیئے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اب دینا، یمین کے منافی نہ ہوا، شاید یہی بتانے کے لئے آپ نے اب یہ ارشاد فرمایا: "ما انا حملتكم .... إلخ" ای فی ذالك الوقت یعنی جس وقت میں نے قسم کھائی تھی اس وقت میں نے تم کو سواری کے جانور نہیں دیئے، لہٰذا میں حانث نہیں ہوا، بعد میں جب اللہ نے سواری کے جانور بھیج دیئے تو اب تمہیں دینا اس یمین کے منافی نہ ہوا۔ پھر آگے کا ارشاد کہ: "وَاللّٰهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا اَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ .... إلخ" (ص:۴۷ سطر:۳) یہ مسئلے کا بیان ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ علی تقدیر التسلیم اگر میری یمین مطلق ہوتی، تو میں اس صورت میں بھی اپنی یمین پر اصرار نہ کرتا، بلکہ حانث ہو جاتا اور

(۱) لسان العرب ج:۵ ص:۷۰، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۲ ص:۱۷۱۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کفارہ ادا کر دیتا، یعنی جو کام بہتر تھا وہ کر لیتا۔[1]

اور تکملة فتح الملهم[2] میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد: "ما انا حملتكم" کا ایک مطلب احتمال کے طور پر یہ بیان کیا ہے، (بحوالہ ابن المنیر) کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلف میں یہ نیت فرمائی ہوگی کہ میں اپنا مملوک جانور نہیں دُوں گا، پھر جب دیا تو وہ بیت المال کے جانور تھے، اپنے نہ تھے، اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی یمین میں حانث نہیں ہوئے، یہی ظاہر کرنے کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ما انا حملتكم" (ای من مالی)۔

اس پر فقہائے کرامؒ کا اتفاق ہے کہ کفارہ کو حنث سے مؤخر کرنا جائز ہے، نیز اس پر بھی اتفاق ہے کہ تقديم الكفارة على اليمين دُرست نہیں، اختلاف اس میں ہے کہ تقديم الكفارة على الحنث جائز ہے یا نہیں؟ امام مالک، سفیان ثوری، امام اوزاعی اور امام شافعی و امام احمد رحمہم اللہ کے نزدیک جائز ہے، مگر امام شافعیؒ كفارة بالصوم کو مستثنیٰ قرار دیتے ہیں کہ اس کی تقديم على الحنث جائز نہیں، کیونکہ صوم عبادتِ بدنیہ ہے لہٰذا صوم کو اس کے وقت پر مقدم نہیں کیا جا سکتا، كالصلوة وكصوم رمضان، غرض جمہور کے نزدیک تقديم الكفّارة على الحنث في الجملة جائز ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقاً ناجائز۔[3]

جمہور کی عقلی دلیل یہ ہے کہ وجوبِ کفارہ کا سبب یمین ہے، لإضافة الكفّارة إلى اليمين، كما في قوله تعالىٰ: "وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗۤ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ" الآية۔[4]

وفي قوله عليه السلام: كفارة النذر كفارة اليمين۔[5]

---

(۱) حاشية الحل المفهم ج:۲ ص:۱۸۲، ۱۸۳۔

(۲) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۱۳، وفتح الباري ج:۱۱ ص:۵۲۵ كتاب الأيمان والنذور، باب اليمين فيما لا يملك، وفي المعصية، وفي الغضب۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۶، ۴۷، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۴۰۸، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۶۹، ۳۷۰، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۱۴، وفتح الباري ج:۱۱ ص:۶۰۹ كتاب كفارات الأيمان، باب الكفارة قبل الحنث وبعده۔

(۴) المائدة: ۸۹۔

(۵) رواه مسلم في آخر كتاب النذر (ج:۲ ص:۴۵)۔ رفيع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کیونکہ اضافت اس بات کی علامت ہے کہ مضاف الیہ، مضاف کا سبب ہے، کصلوٰۃ الفجر، وصوم رمضان وزکوٰۃ المال۔ البتہ حنث وجوبِ کفارہ کے لئے شرط ہے، اور حکم کو شرط پر مقدّم کرنا بعد وجود السبب، شرعاً ثابت ہے، کما فی الزکوٰۃ، فإن من ملك نصاباً فأدی زکوٰته قبل حولان الحول أجزاہ بالإتفاق۔[1] حالانکہ حولان الحول شرطِ وجوب زکوٰۃ ہے، تو جس طرح ادائے زکوٰۃ قبل حولان الحول جائز ہے، اسی طرح ادائے کفارہ بھی بعد الیمین قبل الحنث جائز ہوگا۔

ہمارا جواب یہ ہے کہ اوّلاً تو ہم تسلیم نہیں کرتے کہ یمین سببِ کفارہ ہے، اس لئے کہ سبب کا اقل درجہ یہ ہے کہ وہ مفضی الی المسبّب ہو، اور یمین مفضی الی الکفّارۃ نہیں، اس لئے کہ یمین کا مقصد تو یہ ہوتا ہے کہ یمین کے خلاف عمل نہ کیا جائے تاکہ کفارہ لازم نہ ہو، معلوم ہوا کہ یمین مفضی الی الکفّارۃ ہونے کے بجائے فی الجملة مانع عن الکفّارۃ ہے، اور مانع عن الشیء سبب ذٰلك الشیء نہیں ہوسکتا۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ کفارہ کا سبب سیئات ہوتی ہیں، اور یمین سیئة نہیں، ہاں حنث سیئة ہے، لہٰذا وہی سببِ کفارہ ہوگا۔[2]

رہا یہ کہنا کہ کفارہ کی اضافت یمین کی طرف ہونا سبب کی علامت ہے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ علامت مطرد نہیں، بلکہ اضافت کبھی شرط کی طرف ہوتی ہے۔ چنانچہ "صدقة الفطر" اور "کفّارۃ الإحرام" میں حکم کی اضافت شرط کی طرف ہے نہ کہ سبب کی طرف، کیونکہ صدقة الفطر کا سبب "رأس یمونه ویلی علیه" ہے، اور کفارۂ إحرام کا سبب جنایة ہے، اور کفّارۃ الیمین میں بھی ہم یہی کہتے ہیں کہ یہ اضافت شرط کی طرف ہے، اور سببِ کفارہ حنث ہے۔[3]

---

(۱) بذل المجھود ج:۱۴ ص:۲۳۵، ۲۳۶ کتاب الأیمان والنذور، باب الحنث إذا کان خیراً، وانوار المحمود ج:۲ ص:۲۷۱ کتاب الأیمان والنذور، باب الحنث إذا کان خیراً، ومرقاۃ المفاتیح ج:۶ ص:۵۸۴ کتاب الأیمان والنذور، الفصل الأوّل۔

(۲) بذل المجھود ج:۱۴ ص:۲۳۶، ۲۳۷ کتاب الأیمان والنذور، باب الحنث إذا کان خیراً، وانوار المحمود ج:۲ ص:۲۷۱ کتاب الأیمان والنذور، باب الحنث إذا کان خیراً، ومرقاۃ المفاتیح ج:۶ ص:۵۸۴ کتاب الأیمان والنذور، الفصل الأوّل، وفتح القدیر ج:۴ ص:۳۶۷ تا ص:۳۶۹ کتاب الأیمان، فصل فی الکفارۃ۔

(۳) بذل المجھود ج:۱۴ ص:۲۳۸ کتاب الأیمان والنذور، باب الحنث إذا کان خیراً، وفتح القدیر ج:۴ ص:۳۶۷ تا ص:۳۶۹ کتاب الأیمان، فصل فی الکفارۃ، وانوار المحمود ج:۲ ص:۲۷۳ کتاب الأیمان والنذور، باب الحنث إذا کان خیراً۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور دُوسرا جواب علی وجه التسلیم یہ ہے کہ اگر مان لیا جائے کہ یمین سبب، اور حنث شرطِ وجوبِ کفارہ ہے تب بھی لازم ہوگا کہ قبل الحنث کفارہ واجب نہ ہو،[1] اور کسی فعل کے واجب ہونے سے پہلے صفتِ وجوب کے ساتھ اس کی ادائیگی ممکن نہیں، معلوم ہوا کہ قبل الحنث اگر کفارہ ادا کیا جائے تو واجب ادا نہ ہوگا۔

لیکن ہمارے اس جواب کا تقاضا یہ ہے کہ زکوٰۃ بھی قبل حولان الحول ادا کرنے سے ادا نہ ہو، لیکن چونکہ ادائے زکوٰۃ کی یہ صورت خلافِ قیاس احادیث سے ثابت ہوگئی ہے، اس واسطے زکوٰۃ میں تو جواز کا حکم دیا جائے گا، لیکن یہ حکم مقتصر علی مورد الشرع رہے گا، اور اس پر کفارۂ یمین کو قیاس کرنا صحیح نہ ہوگا۔[2]

جمہور کی نقلی دلیل احادیثِ باب ہیں کہ ان میں کفارے کا ذِکر پہلے اور حنث کا ذکر بعد میں ہے، حنفیہ کی طرف سے اس کا جواب یہ ہے کہ احادیثِ باب میں کفارے پر حنث کا عطف حرفِ واوَ کے ذریعہ کیا گیا ہے جو مطلق جمع کا فائدہ دیتا ہے، ترتیب کا فائدہ نہیں دیتا، لہٰذا احادیثِ باب سے تقدیم کفارہ کے جواز پر اِستدلال دُرست نہیں۔

اگر کہا جائے کہ بعض احادیث میں عطف، لفظِ "ثُمَّ" سے منقول ہے، مثلاً عبدالرحمٰن بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیثِ باب کے الفاظ صحیح مسلم میں تو یہ ہیں:

"إذا حلفتَ علی أمر فرأیتَ غیرھا خیرًا منھا فکفِّر عن یمینك وأْتِ الذی ھو خیر۔" (ص:۴۸ سطر:۲۱ تا ۲۲)

اس میں تو "فکفّر عن یمینك" کے بعد "وأت الذی ھو خیر" واوِ عاطفہ کے ساتھ ہے، لیکن سُننِ اِبی داوٗد میں یہی روایت ان الفاظ سے آئی ہے کہ: "فکفِّر عن یمینك، ثمّ ائت الذی ھو خیر"[3] اور مثلاً مستدرک حاکم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

(۱) کیونکہ قاعدہ ہے کہ: "إذا فات الشرط فات المشروط"۔ (رفیع)

(۲) مرقاۃ المفاتیح ج:۶ ص:۵۸۵ کتاب الأیمان والنذور، الفصل الأوّل، وفتح القدیر ج:۴ ص:۳۶۷ تا ص:۳۶۹ کتاب الأیمان، فصل فی الکفارۃ۔ رفیع

(۳) سنن ابی داؤد ج:۲ ص:۴۶۵ کتاب الأیمان والنذور، باب الحنث اذا کان خیرًا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لا أحلف (إلى ان قال) إلا كفرتُ عن يميني ثم اتيتُ الذی هو خير۔[1]

ان دونوں روایتوں میں "ثـــمَّ" ہے جو ترتیب مع التراخی کا فائدہ دیتا ہے، معلوم ہوا کہ حنث کو کفارہ سے مؤخر کر دیا جائے تب بھی کفارہ ادا ہو جاتا ہے۔

ان احادیث کا جواب یہ ہے کہ حنث کا عطف حرف "ثم" یا حرف "فاء" کے ذریعہ صحیحین کی کسی روایت میں نہیں، نہ دیگر روایاتِ معتبرہ میں ہے، اور عبد الرحمٰن بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کی مذکورہ روایت بھی بخاری[2] و مسلم سمیت کتبِ معتبرہ میں "ثم" یا "فاء" کے ساتھ نہیں بلکہ "واؤ" کے ساتھ ہے، اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ بالا روایت کو بھی بخاری[3] نے "واؤ" کے ساتھ ذکر کیا ہے، غرض اس روایت کی بھاری اکثریت میں "واؤ" ہے، نہ کہ "ثم" یا "فاء" لہٰذا جن بعض روایات میں "فاء" یا "ثم" ہے ان کو اکثر روایات کے مقابلے میں مُنکر کہا جائے گا، اس لئے کہ جب حافظ، حفاظ کی مخالفت کرے، تو محدثین کے نزدیک وہ حدیث مُنکر ہو جاتی ہے[4] جو قابلِ استدلال نہیں، تو جب ثابت ہو گیا کہ عطف بالواؤ ہی صحیح ہے، تو یہ بھی ثابت ہو گیا کہ جمہور کے لئے ان احادیث میں کوئی دلیل نہیں، کیونکہ واؤ مطلق جمع کے لئے آتا ہے، اور حدیث کے معنی یہ ہیں کہ جب تم حلف کے بعد حنث کو بہتر سمجھو تو دو کام کرو، ایک کفارہ کی ادائیگی اور دُوسرا حانث ہونا، ترتیب سے یہ احادیث ساکت ہیں، فوجب المصير إلى القياس في حق الترتيب، وهو ما ذكرنا من قبل۔ (كذا حقّقه ابن الهمامؒ)۔[5]

ابوداؤد اور مستدرک حاکم کی مذکورہ (کُل دو) روایتوں کے علاوہ بھی بعض روایات اعلاء السنن میں ثم یا فاء کے ساتھ نقل کی گئی ہیں، ان احادیث کا ایک جواب یہ ہو سکتا ہے کہ اگر ان کو سند

---

(۱) المستدرك للحاكمؒ ج:۴ ص:۳۳۴ رقم الحديث: ۷۸۲۶ صححهُ الحاكم على شرط الشيخين، وأقرّهُ عليه الذهبي، كما في تكملة فتح الملهم۔

(۲) صحيح البخاري، كتاب الأيمان والنّذور، باب الكفارة قبل الحنث وبعده ج:۲ ص:۹۹۵۔

(۳) صحيح البخاري، كتاب الأيمان والنّذور، بابٌ قول الله لا يُؤاخِذكم الله باللغو ــــ الآية ج:۲ ص:۹۸۰۔

(۴) جیسا کہ مقدمہ صحیح مسلم میں امام مسلمؒ نے بھی تفصیل سے بیان فرمایا ہے۔

(۵) یہ پوری بحث علامہ ابن الہمامؒ سے مأخوذ ہے، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: فتح القدير، كتاب الأيمان، فصل في الكفارة ج:۴ ص:۳۶۷ تا ص:۳۶۹۔ (رشیدیہ) ومرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۵۸۵، ۵۸۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کے اعتبار سے دُرست تسلیم بھی کرلیا جائے تو کہنا پڑے گا کہ احادیثِ باب میں تعارض ہے، پس رُجوع شریعت کے قواعدِ کلیہ کی طرف کیا جائے گا، جن کا تقاضا وہی ہے جو ہم نے اختیار کیا ہے کہ سبب سے قبل مسبّب کا وجود نہیں ہوسکتا، اور شرط کے بغیر مشروط نہیں پایا جاسکتا۔

قوله: "أَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ" (ص:۴۷ سطر:۳)

یہاں مجازاً یمین سے مراد محلوف علیہ ہے، یعنی کُل بول کر جزء مراد ہے، کیونکہ یمین حقیقت میں قسم اور مقسم علیہ کے مجموعے کا نام ہے، (كذا حقّقه ابن الهمامؒ في فتح القدير)[۱]۔

۴۲۵۷- "حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ قَالَ: نَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ: نَا الْحَسَنُ قَالَ: نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يَا عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ! لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيْتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنْ أُعْطِيْتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ وَأْتِ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ۔"

قَالَ أَبُوْ أَحْمَدَ الْجُلُوْدِيُّ: حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ الْمَاسَرْجَسِيُّ قَالَ: نَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ۔" (ص:۴۸ سطر:۱۹ تا ۲۲)

قوله: "وُكِلْتَ" (ص:۴۸ سطر:۲۱)

بصیغۂ مجہول، باب ضرب و باب تفعیل سے۔[۲] یعنی تم کو امارۃ کے سپرد کردیا جائے گا اللہ تعالیٰ کی مدد کے مستحق نہ ہوگے۔

قوله: "قَالَ أَبُوْ أَحْمَدَ الْجُلُوْدِيُّ" (ص:۴۸ سطر:۲۲)

الجُلودی بضم الجیم واللّام، یہ امام مسلم رحمہ اللہ کے تلمیذ ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن سفیان کے شاگرد ہیں، اور کتابِ صحیح مسلم کے راوی ہیں، مگر یہ حدیث انہوں نے ابواسحاق کے علاوہ ابوالعباس الماسرجسی سے بھی سنی ہے جو اسے شیبان بن فروخ سے براہِ راست روایت کرتے ہیں، اور

(۱) فتح القدير ج:۴ ص:۳۶۹ كتاب الأيمان، فصل في الكفارة۔ ومرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۵۸۴ كتاب الأيمان والنذور، الفصل الأوّل۔

(۲) حاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۴۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

شیبان بن فروخ امام مسلمؒ کے شیخ ہیں، اس طرح ابواحمد الجلودی کا یہ طریق امام مسلمؒ کے واسطے والے طریق سے عالی ہوگیا ہے، یعنی ان کے اس طریق میں پچھلے طریق کی بہ نسبت ایک واسطہ امامِ مسلمؒ کا کم ہوگیا ہے۔ ابواحمد الجلودی یہاں یہی بتانا چاہتے ہیں۔[1]

باب اليمين على نيّة المستحلف (ص:۴۸)

۴۲۵۹- "حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يَحْيٰى وَعَمْرٌو النَّاقِدُ قَالَ يَحْيٰى: اَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ وقَالَ عَمْرٌو: نَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ قَالَ: اَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَمِيْنُكَ عَلٰى مَا يُصَدِّقُكَ عَلَيْهِ صَاحِبُكَ۔ وقَالَ عَمْرٌو: يُصَدِّقُكَ بِهٖ صَاحِبُكَ۔"

(ص:۴۸ سطر:۲۷)

قوله: "عَلٰى مَا يُصَدِّقُكَ عَلَيْهِ صَاحِبُكَ" (ص:۴۸ سطر:۲۷)

في البذل أي خصمك ومدعيك أي لا يعتبر فيه المعاريض والتورية، فالعبرة في اليمين لنيّة المستحلف إذا كان على الحق، وإلّا فالعبرة لنيّة الحالف فله تورية، قال في النهاية أي يجب عليك أن تحلف له على ما يصدقك عليها إذا حَلَفْتَ له،[2] إنتهى۔

لیکن مستحلف کی نیت معتبر ہونے کے لئے یہ شرطیں ہیں:-

۱- مستحلف یمین لینے کا حق رکھتا ہو۔

۲- یمین عند القاضي أو عند نائبه ہو۔

۳- یمین، اللہ کے نام یا اس کی صفات کی ہو، طلاق یا عتاق کی نہ ہو، لہٰذا مستحلف اگر ظالم ہو یعنی یمین کے مطالبے کا حق نہ رکھتا ہو، یا یمین عند القاضي أو عند نائبه نہ ہو، یا مطالبہ طلاق یا عتاق کی یمین کا ہو، تو نیت حالف کی معتبر ہوگی بالاتفاق، یعنی اس کو توریہ جائز ہوگا (نوویؒ)،[3] بشرطیکہ لفظ اس معنیٔ غیرِ ظاہر کا احتمال رکھتا ہو، ولو مجازًا اور دلیل اس کی وہ حدیث

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۴۸، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۲۲، والحل المفهم ج:۲ ص:۱۸۴۔

(۲) بذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۲۴ كتاب الأيمان، باب المعاريض في اليمين۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۴۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے جسے ابوداؤدؒ[(۱)] نے "باب المعاریض في الیمین" میں روایت کیا ہے:

عن سوید بن حنظلة قال: خرجنا نرید رسول الله صلی الله علیه وسلم ومعنا وائل بن حجر فأخذه عدوٌّ له، فتحرج القوم أن یحلفوا، وحلفتُ أنه أخي، فخلّٰی سبیله فأتینا رسول الله صلی الله علیه وسلم فأخبرتُه (إلٰی قوله) فقال: صدقتَ، المسلم أخو المسلم۔[(۲)]

اور اگر یمین کا مطالبہ کسی نے نہیں کیا، کوئی شخص از خود ہی قسم کھائے تو اس میں بھی نیت حالف کی معتبر ہے بالاتفاق (نوویؒ)۔[(۳)]

باب الإستثناء في الیمین وغیرها (ص:۴۹)

۴۲۶۲- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَابْنُ اَبِیْ عُمَرَ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ اَبِیْ عُمَرَ- قَالَا: نَا سُفْیَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَیْرٍ، عَنْ طَاؤُسٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوُدَ نَبِیُّ اللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ: لَاُطِیْفَنَّ اللَّیْلَةَ عَلٰی سَبْعِیْنَ امْرَاَةً کُلُّهُنَّ تَاْتِیْ بِغُلَامٍ یُقَاتِلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ فَقَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ اَوِ الْمَلَکُ: قُلْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔ فَلَمْ یَقُلْ وَنَسِیَ۔ فَلَمْ تَاْتِ وَاحِدَةٌ مِنْ نِسَائِهٖ اِلَّا وَاحِدَةٌ جَاءَتْ بِشِقِّ غُلَامٍ۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: وَلَوْ قَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ یَحْنَثْ وَکَانَ دَرَکًا لَهٗ فِیْ حَاجَتِهٖ۔" (ص:۴۹ سطر:۳تا۶)

قوله: "لَاُطِیْفَنَّ اللَّیْلَةَ" (ص:۴۹ سطر:۴)

پچھلی روایت میں "لَاَطُوْفَنَّ" ہے، دونوں کے ایک ہی معنی ہیں: یعنی کسی کے گرد گھومنا، یہاں مراد جماع ہے۔

(۱) سنن ابی داؤد ج:۲ ص:۴۶۴ کتاب الأیمان والنذور، باب المعاریض في الیمین رقم الحدیث: ۳۲۵۷۔

(۲) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۲۴، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۸، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۷۴، واعلاء السنن ج:۱۱ ص:۴۶۸ کتاب الأیمان والنذور، باب أن الرجوع في الأیمان الیٰ نیة الحالف الخ، وحاشیة صحیح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۸۰۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۸، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۷۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "بِشِقِّ غُلَامٍ" (ص:۴۹ سطر:۶)

پچھلی روایت میں "نصف انسان" اور آگے ایک روایت میں "بشقِّ رَجُلٍ" ہے، سب کا حاصل یہ ہے کہ ناقص الخلقت بچہ پیدا ہوا، بعض مفسرین نے کہا ہے کہ اس سے مراد وہی جَسَد ہے جس کا ذکرہ سورة صٓ میں ہے: "وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾" لیکن محققین کے نزدیک یہ بات کسی قابلِ اعتماد روایت سے ثابت نہیں، لہٰذا ہمارے بزرگوں نے اس معاملے میں سکوت ہی کو صحیح قرار دیا ہے۔

قال في البذل: قال إبن أمير الحاج في التقرير والتحبير على تحرير ابن الهمامؒ يشترط في الإستثناء الإتصال بالمستثنى منه لفظًا عند جماهير العلماء (ونسب النوويؒ[1] هذا القول إلى مالكؒ والأوزاعيؒ والشافعيؒ أيضًا) إلّا لتنفس أو سعال۔[2]

استثناء سے مراد "إن شاء الله" کہنا ہے، اگر یمین کے ساتھ "إن شاء الله" بھی متصلًا کہہ دیا تو یمین منعقد نہیں ہوتی، وهو مذهب الحنفية وجماهير العلماء، كما في البذل۔[3] لما أخرجه الترمذي عن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "من حلف على يمين فقال: إن شاء الله، فلا حنث عليه"۔[4]

قوله: "لَمْ يَحْنَثْ" (ص:۴۹ سطر:۴تا۶)

یعنی اگر متصلًا "إن شاء الله" کہہ دیتے تو یمین منعقد ہی نہ ہوتی، لہٰذا اولاد کے نہ ہونے سے حانث نہ ہوتے۔

۴۲۶۴- "حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ بْنُ هَمَّامٍ قَالَ: اَنَا

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۴۹، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۴۱۶، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۷۹۔

(۲) بذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۸۱ كتاب الأيمان والنذور، باب الحالف يستثنى بعد ما يتكلم۔

(۳) بذل المجهود ج:۱۴ ص:۲۲۹ كتاب الأيمان، باب الاستثناء في اليمين، وعمدة القاري ج:۲۳ ص:۲۲۳ كتاب الأيمان والنذور، باب الاستثناء في اليمين، وأوجز المسالك ج:۹ ص:۲۴ كتاب الأيمان، باب ما لا يجب فيه الكفّارة من الأيمان، ومرقاة المفاتيح ج:۶ ص:۵۹۶ كتاب الأيمان والنذور، الفصل الثاني، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۲۹۔

(۴) جامع الترمذي ج:۱ ص:۲۱۲ باب في الإستثناء في اليمين۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاؤُسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ لَاُطِيْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى سَبْعِيْنَ امْرَاَةً تَلِدُ كُلُّ امْرَاَةٍ مِنْهُنَّ غُلَامًا يُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ فَقِيْلَ لَهُ: قُلْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَلَمْ يَقُلْ۔ فَاَطَافَ بِهِنَّ فَلَمْ تَلِدْ مِنْهُنَّ اِلَّا امْرَاَةٌ وَاحِدَةٌ نِصْفَ اِنْسَانٍ۔ قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ يَحْنَثْ، وَكَانَ دَرَكًا لِحَاجَتِهٖ" (ص:۴۹ سطر:۷تا۹)

قوله: "وَكَانَ دَرَكًا لِحَاجَتِهٖ" (ص:۴۹ سطر:۹)

"الدرك" بفتح الدال والراء اسم مصدر ہے، "الادراك" سے، جس کے ایک معنی ہیں لاحق ہوجانا، پکڑ لینا، کما فی قوله تعالیٰ: "لَا تَخٰفُ دَرَكًا"[1] ای لحاقا من العدو۔[2] اور لغۃ میں ایک معنی یہ لکھے ہیں کہ: "الدَّرْكُ والدرَكُ: (بسكون الراء وفتحها) إدراك الحاجة" یہاں یہی معنی مراد ہیں کہ سلیمان علیہ السلام کا اِن شاء اللہ کہنا ان کے مقصد کے حصول (دَرک) کا سبب بن جاتا، ای کان سبباً لحصول حاجتہ۔

یعنی "إن شاء الله" کہنے کی وجہ سے یمین منعقد نہ ہوتی اور اس کی برکت سے مطلوبہ اولاد بھی مل جاتی۔ حدیث کی یہ ایک تشریح ہے، لیکن حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے جو تشریح کی ہے اُس کا حاصل یہ ہے کہ یمین اُن خواتین سے اُس رات میں صرف جماع کرنے کی تھی، وہ یمین تو پوری ہوگئی، اور اولاد کا ہونا محلوف علیہ نہیں تھا، لہٰذا سلیمان علیہ السلام درحقیقت حانث ہوئے ہی نہیں، اور اس حدیث میں جو حنث کی نسبت اُن کی طرف کی گئی، اُس سے مراد حنث اصطلاحی نہیں بلکہ تمنا پوری نہ ہونا مراد ہے،[3] واللہ اعلم۔

نوّے خواتین کے بارے میں سلیمان علیہ السلام کی قسم

۴۲۶۵- "حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ شَبَابَةُ قَالَ: حَدَّثَنِيْ وَرْقَاءُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ: لَاَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى تِسْعِيْنَ امْرَاَةً كُلُّهَا تَاْتِيْ بِفَارِسٍ يُقَاتِلُ

(۱) سورة طٰهٰ:۷۷۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۹، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۲۶ و۱۲۷۔

(۳) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۸۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ: قُلْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔ فَلَمْ يَقُلْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَطَافَ عَلَيْهِنَّ جَمِيْعًا، فَلَمْ تَحْمِلْ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ فَجَاءَتْ بِشِقِّ رَجُلٍ۔ وَايْمُ الَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْ قَالَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُرْسَانًا أَجْمَعُوْنَ۔"

(ص:۴۹ سطر:۹ تا ۱۲)

قوله: "عَلٰى تِسْعِيْنَ امْرَأَةً" (ص:۴۹ سطر:۱۰)

پچھلی دو روایتوں میں "عَلٰى سَبْعِيْنَ امْرَأَةً" اور اسی باب کی سب سے پہلی روایت میں "سِتُّوْنَ امْرَأَةً" ہے، اور غیر صحیح مسلم میں "تسع وتِسْعُوْنَ" اور ایک روایت میں "مائة" کا لفظ آیا ہے، تعارض کچھ نہیں، کیونکہ عددِ اقل اکثر کی نفی نہیں کرتا (قالہ النوویؒ)[1] جس راوی کو جو عدد یاد رہا اُسے روایت کر دیا، کیونکہ اس قسم کی چھوٹی چھوٹی جزئی تفصیلات۔ جن سے کوئی عقیدہ یا حکمِ شرعی متعلق نہ ہو۔ اُنہیں حفظ کرنے کا بسا اوقات بہت سے راویانِ حدیث زیادہ اہتمام نہیں کرتے، ان کی بنیادی توجہ اصل مضمونِ حدیث پر رہتی ہے، لہٰذا اس قسم کے معمولی اختلاف سے اصل حدیث کی صحت میں کوئی فرق نہیں آتا۔ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے فتح الباری میں جگہ جگہ اس کی صراحت کی ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کا یہ واقعہ اپنی صحیح میں حضرت ابو ہریرہؓ ہی کی روایت سے تقریباً چھ مقامات پر نقل کیا ہے، نسائی اور ترمذی نے بھی روایت کیا ہے۔ لہٰذا اس واقعہ کی صحتِ سند میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔

لیکن تعجب ہوتا ہے کہ سید ابو الاعلیٰ مودودی صاحب مرحوم نے اپنی تفسیر "تفہیم القرآن" میں اس حدیث کی سند کو صحیح اور قوی تسلیم کرنے کے باوجود اس واقعہ کی صحت سے محض اس بناء پر انکار کر دیا ہے کہ ساٹھ یا زیادہ عورتوں سے صرف ایک رات میں جماع کرنا "صریح عقل کے خلاف ہے"۔ اُن کی عبارت[2] بعینہٖ مندرجہ ذیل ہے:

تفہیم القرآن کی عبارت

"یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے، اور

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۴۹۔

(۲) تفہیم القرآن ج:۴ ص:۳۳۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اسے بخاری و مسلم اور دوسرے محدثین نے متعدد طریقوں سے نقل کیا ہے، خود بخاری میں مختلف مقامات پر یہ روایت جن طریقوں سے نقل کی گئی ہے اُن میں سے کسی میں بیویوں کی تعداد ۶۰ بیان کی گئی ہے، کسی میں ۷۰، کسی میں ۹۰، کسی میں ۹۹، اور کسی میں ۱۰۰، جہاں تک اِسناد کا تعلق ہے، ان میں سے اکثر روایات کی سند قوی ہے، اور باعتبار روایت اس کی صحت میں کلام نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن حدیث کا مضمون صریح عقل کے خلاف ہے اور پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح ہرگز نہ فرمائی ہوگی جس طرح وہ نقل ہوئی ہے۔ بلکہ آپ نے غالبًا یہود کی یاوہ گوئیوں کا ذکر کرتے ہوئے کسی موقع پر اسے بطور مثال بیان فرمایا ہوگا، اور سامع[1] کو یہ غلط فہمی لاحق ہوگئی کہ اس بات کو حضور بطور واقعہ بیان فرما رہے ہیں۔ ایسی روایات کو محض صحتِ سند کے زور پر لوگوں کے حلق سے اُتروانے کی کوشش کرنا دین کو مضحکہ خیز بنانا ہے۔ ہر شخص خود حساب لگا کر دیکھ سکتا ہے کہ جاڑے کی طویل ترین رات میں بھی عشاء اور فجر کے درمیان دس گیارہ گھنٹے سے زیادہ وقت نہیں ہوتا، اگر بیویوں کی کم سے کم تعداد ۶۰ ہی مان لی جائے[2] تو اس کے معنی یہ ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام اس رات بغیر دَم لیے فی گھنٹہ ۶ بیوی کے حساب سے مسلسل دس گھنٹے یا ۱۱ گھنٹے مباشرت کرتے چلے گئے۔ کیا یہ عملاً ممکن بھی ہے؟ اور کیا یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ حضور نے یہ بات واقعے کے طور پر بیان کی ہوگی؟"

(اقتباس ختم)

سید مودودی صاحب مرحوم کا اس واقعہ کی صحت سے یہ دوٹوک انکار جبکہ وہ اس کی سند کو بھی قوی اور صحیح قرار دے رہے ہیں، اور صحیح بھی اس درجے میں کہ اُس کے خلاف کلام کی بھی گنجائش نہیں سمجھتے۔ اس کے باوجود اس حدیث کے مضمون کو تسلیم کرنے سے محض اس لئے انکار کر دینا کہ اُن کی

(۱) یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جیسے حافظِ حدیث کو؟ رفیع

(۲) اور یہی تعداد یعنی ساٹھ زیادہ یقینی ہے، اس لئے کہ ۶۰ سے کم کی کوئی روایت نہیں، اور زیادہ کی روایات بھی ۶۰ کی نفی نہیں کرتیں، یعنی کم از کم ۶۰ پر تو وہ روایات بھی متفق ہیں، اختلاف صرف زیادہ میں ہے، ۶۰ میں نہیں۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عقل اسے ماننے کے لئے تیار نہیں، اس پر جتنا بھی تعجب اور افسوس کیا جائے، بجا ہے۔ کیونکہ یہ من مانا طریقہ تو احادیثِ صحیحہ کو مجروح کرنے کا خطرناک دروازہ کھول دے گا۔

بلاشبہ احادیث کی صحت کو پرکھنے اور جانچنے کے لئے علمی اور تحقیقی تنقید کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہا ہے، اور آئندہ بھی اس کا دروازہ بند نہیں کیا جاسکتا، لیکن اس جانچ اور پرکھ کے لئے کچھ اصول اور قواعد مقرر ہیں جو محدثین کرام نے اصول کی کتابوں میں تفصیل سے بیان کئے ہیں، اگر تمام اصول وقواعد کو بالائے طاق رکھ کر احادیثِ صحیحہ کو رد کردینے کا اختیار - باوجود ان کی صحتِ سند اور سب راویوں کے ثقہ ہونے کے - ہر ایک کو مل جائے، محض اس لئے کہ حدیث کا مضمون اُس کی عقل کے موافق نہیں، تو اس طرح کیا دین کی بنیاد بالکل غیر محفوظ نہ ہوجائے گی؟ اور دین میں تحریف کا دروازہ چوپٹ نہ کھل جائے گا؟

سردیوں کی طویل ترین رات

رہا رات کے اوقات کا وہ حساب جو سید صاحب موصوف نے بیان کیا ہے کہ اتنے وقت میں ساٹھ عورتوں سے جماع ممکن نہیں، تو وہ اس وجہ سے ناقابلِ تسلیم ہے کہ موسم سرما کی طویل ترین رات بیت المقدس کے علاقے میں - جہاں حضرت سلیمان علیہ السلام کا قیام تھا - بارہ گھنٹے ۲۸ منٹ کی ہوتی ہے، کیونکہ ۲۲ ردسمبر کو وہاں غروبِ آفتاب ۴ بج کر ۴۰ منٹ پر اور طلوعِ فجر ۵ بج کر ۸ منٹ پر ہوتی ہے۔[1] اگر بیچ میں سے ۲۸ منٹ ایک غسل اور عشاء کی نماز کے نکال دیئے جائیں (اگرچہ یہ بھی معلوم نہیں کہ سلیمان علیہ السلام کی شریعت میں غسلِ جنابت اور نمازِ عشاء بھی فرض تھی یا نہیں) تب بھی ۱۲ گھنٹے سالم ملتے ہیں،[2] اس طرح اگر خواتین کی تعداد ساٹھ ہو تو ایک گھنٹہ میں ۵ عورتیں آتی ہیں۔[3] بلکہ چونکہ ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ اُن کی شریعت میں صبح کی نماز طلوعِ شمس سے پہلے تھی یا بعد میں، لہٰذا حدیثِ زیرِ بحث میں یہ احتمال بھی موجود ہے کہ اس میں لفظ "اللَّيلة" سے مراد غروبِ شمس سے طلوعِ شمس تک کا وقت ہو، کیونکہ لغت میں یہ لفظ غروبِ شمس سے طلوعِ فجر تک کے لئے بھی آتا ہے اور طلوعِ

(۱) یاد رہے کہ "المسجد الاقصیٰ" بیت المقدس میں واقع ہے اُس کا عرض البلد 31:46N اور طول البلد 35:14E ہے۔

(۲) دس گیارہ گھنٹے نہیں جیسا کہ سید مودودی صاحب نے تحریر فرمایا ہے۔ (رف)

(۳) چھ نہیں جیسا کہ سید صاحب موصوف نے تحریر فرمایا ہے۔ (رف)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

شمس تک کے لئے بھی۔ اگر طلوعِ شمس تک کا وقت مراد ہے تو اُس رات کا دورانیہ ۱۳ گھنٹے ۵۹ منٹ (یعنی ایک منٹ کم ۱۴ گھنٹے) بنتا ہے۔

اس میں محالِ عقلی کی کونسی بات ہے؟

بہرحال! اس واقعہ سے حضرت سلیمان علیہ السلام کی جسمانی قوت کا عام لوگوں سے بدرجہا زیادہ اور انتہائی عجیب ہونا تو ثابت ہوتا ہے جو واقعی تعجب خیز ہے، لیکن اس میں ''محالِ عقلی'' کی کونسی بات ہے؟ کیا انبیاء کرام علیہم السلام کے سارے معجزات انتہائی عجیب وغریب نہیں ہوتے؟ معجزہ تو کہا ہی جاتا ہے ایسے عجیب وغریب واقعہ کو جس کی مثال لانے سے دوسرے عاجز رہ جائیں۔ کیا یہ عقلاً ممکن نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام میں اُتنی قوت پیدا فرمائی ہو جو اس حدیث سے ثابت ہورہی ہے؟ بلکہ علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ نے تو بجا طور پر یہ بھی اپنی شرح میں تحریر فرمایا ہے کہ: ''کان نَبِیُّنا صلی اللہ علیہ وسلم یطوف علیٰ إحدیٰ عشرۃَ امرأۃً لَہٗ في الساعۃ الواحدۃ، کما ثبت في الصحیح، وھٰذا کُلُّہٗ من زیادۃ القوّۃ''۔[1]

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے سید مودودی صاحب مرحوم کو ''محالِ عادی'' اور ''محالِ عقلی'' کا فرق یاد نہیں رہا، کیونکہ یہ فرق ملحوظ ہوتا تو اس واقعہ کے انکار کی نوبت نہ آتی۔ کیونکہ انبیائے کرام علیہم السلام کے معجزات ہوں یا اولیاء اللہ کی کرامات وہ سب ''محالِ عادی'' کے قبیل سے ہوتے ہیں، یعنی وہ عقلاً تو ممکن ہوتے ہیں، مگر عادۃً ممکن نہیں ہوتے۔

''محالِ عادی'' کی حقیقت

اور ''محالِ عادی'' کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کائنات میں لاتعداد قوانینِ قدرت جاری کئے ہوئے ہیں، مثلاً مقناطیس لوہے کو کھینچتا ہے لکڑی وغیرہ کو نہیں۔ لوہا پانی میں ڈوب جاتا ہے لکڑی نہیں ڈوبتی۔

اسی طرح ایک قانونِ قدرت یہ ہے کہ بچہ ماں اور باپ کے ملاپ سے پیدا ہوتا ہے، ان کے بغیر بچے کا پیدا ہونا عام قانونِ قدرت کے خلاف ہے، یعنی عادۃً محال ہے، لیکن عقلاً ممکن ہے۔

(۱) شرحِ نووی علیٰ صحیح مسلم ج:۲ ص:۴۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

چنانچہ آدم علیہ السلام بغیر ماں باپ کے پیدا کئے گئے، حوّاء ماں کے بغیر وجود میں آئیں اور عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے۔

اسی طرح قانونِ قدرت یہ ہے کہ آگ کا کام جلانا ہے، کسی زندہ انسان کو بڑی آگ میں ڈال کر دیر تک رکھا جائے تو وہ اُسے جلا ڈالے گی، نہ جلانا قانونِ قدرت کے خلاف یعنی عادۃً محال ہے، مگر عقلاً ممکن ہے، چنانچہ ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ یہی ہوا۔

تیز چھری کو کسی جاندار کے گلے پر قوت سے چلایا جائے تو وہ اُسے کاٹ ڈالے گی، نہ کاٹنا قانونِ قدرت کے خلاف اور عادۃً محال ہے مگر عقلاً ناممکن نہیں۔ چنانچہ اسماعیل علیہ السلام کا گلا چُھری پوری قوت سے چلنے کے باوجود نہ کاٹ سکی۔

اللہ تعالیٰ بعض حکمتوں کی بناء پر اور اپنی قدرتِ کاملہ کے اظہار کے لئے اور یہ باور کرانے کے لئے کہ تمام قوانین قدرت خود بخود وجود میں نہیں آ گئے بلکہ وہ اُسی کے پیدا کردہ اور اُسی کے تابعِ فرمان ہیں، کبھی کبھی اِن قوانین کے خلاف بھی کر دیتا ہے۔ اسی خلاف قانونِ قدرت کو ''خرقِ عادت'' کہا جاتا ہے، یہ ''خرقِ عادت'' عادۃً محال ہوتا ہے، مگر عقلاً محال نہیں ہوتا، انبیاء علیہم السلام کے تمام معجزات اور اولیائے کرام کی ساری کرامات اسی ''خرقِ عادت'' یعنی ''محالِ عادی'' کے قبیل سے ہوتی ہیں، مگر عقلاً ممکن ہوتی ہیں، جس کی مثالیں پیچھے بیان ہوئیں۔

اور محالِ عقلی وہ ہے جو عادۃً تو محال ہوتا ہی ہے، عقلاً بھی محال اور ناممکن ہو۔ مثلاً دو اور دو چار ہی ہوتے ہیں، اُن کا ۵ یا ۳ ہونا عقلاً محال ہے، یا مثلاً اجتماعِ نقیضین، یا اجسام کا قدیم ہونا وغیرہ کہ یہ سب محالِ عقلی ہیں، کسی بھی حالت میں ان کا اِمکان نہیں۔

چنانچہ قرآن وحدیث میں کوئی واقعہ ایسا بیان نہیں کیا گیا جس کا وقوع عقلاً محال اور ناممکن ہو۔ عادۃً محال اور عقلاً ممکن ہونے کے واقعات بہت ہیں، جن میں سے ایک واقعہ یہی حضرت سلیمان علیہ السلام کا ہے، جو روایاتِ صحیحہ قویہ سے ثابت ہے۔

قوله: "لَوْ قَالَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَاهَدُوْا... إلخ" (ص:۴۹ سطر:۱۲)

یعنی "إن شاء الله" کہنے کی یہ برکت ہوتی۔

باب النهي عن الإصرار على اليمين .... إلخ (ص:۵۰)

۴۲۶۷- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: نَا مَعْمَرٌ، عَنْ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ: هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ اَحَادِيْثَ، مِنْهَا: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "وَاللّٰهِ لَاَنْ يَلَجَّ اَحَدُكُمْ بِيَمِيْنِهٖ فِيْ اَهْلِهٖ آثَمُ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ اَنْ يُعْطِيَ كَفَّارَتَهُ الَّتِيْ فَرَضَ اللّٰهُ۔"

(ص:۵۰ سطر:۱، ۲)

قولہ: "لَاَنْ يَلَجَّ اَحَدُكُمْ بِيَمِيْنِهٖ فِيْ اَهْلِهٖ ...الخ" (ص:۵۰ سطر:۲)

لجّ يَلَجُّ لَجَاجًا کے معنی ہیں: کسی بات پر اصرار کرنا، جمے رہنا، اور مطلب یہ ہے کہ اگر یمین گھر والوں سے متعلق ہو، اور اس کی وجہ سے گھر والوں کو ایذاء پہنچتی ہو، تو ایسی یمین پر اصرار کرنا اور جمے رہنا زیادہ گناہ کا سبب ہے، بہ نسبت اس کے کہ (یمین میں حانث ہو جائے اور) کفارہ ادا کردے۔ مگر یہ اس وقت ہے جبکہ حنث کا عمل معصیت نہ ہو،[1] اگر وہ عمل معصیت ہو تو حانث ہونا ہرگز جائز نہ ہوگا، مثلاً کسی نے قسم کھائی کہ وہ زکوٰۃ پابندی سے ادا کیا کرے گا، اور گھر والے اس پر ناراض ہوتے ہیں تو حانث ہونا یعنی زکوٰۃ کی ادائیگی چھوڑنا ہرگز جائز نہیں ہوگا۔

قولہ: "آثَمُ لَهٗ ...الخ" (ص:۵۰ سطر:۲)

اس میں "آثَمُ" اسم تفضیل کے ظاہر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گناہ تو دونوں صورتوں میں ہے، یعنی حانث ہونے میں بھی اور یمین پر جمے رہنے میں بھی، مگر یمین پر جمے رہنے میں زیادہ گناہ ہے، حالانکہ یہ مراد نہیں، کیونکہ جب حنث کا عمل معصیت نہ ہو تو مذکورہ صورت میں حانث ہو جانے میں بالکل گناہ نہیں ہوتا، اور گناہ صرف یمین پر جمے رہنے میں ہوتا ہے، لہٰذا یہاں "آثَمُ" کا لفظ حانث کے زعم کی بنا پر لایا گیا ہے، یعنی حالف عموماً مذکورہ صورت میں حانث ہونے کو گناہ سمجھتا ہے، اس زعم کی نفی کے لئے علیٰ سبیل التسلیم فرمایا گیا کہ (اگر بالفرض حانث ہونا گناہ ہوتا تب بھی) یمین پر جمے رہنا زیادہ گناہ ہوتا (قالہ النوویؒ)۔[2]

باب نذر الكافر وما يفعل فيه إذا أسلم (ص:۵۰)

۴۲۶۸- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَزُهَيْرُ

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۰، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۸۱۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بْنُ حَرْبٍ -وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ- قَالُوْا: نَا يَحْيٰى -وَهُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ- عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنِّيْ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. قَالَ: "فَاَوْفِ بِنَذْرِكَ".

(ص:۵۰ سطر:۲ تا ۴)

قوله: "فَاَوْفِ بِنَذْرِكَ" (ص:۵۰ سطر:۴)

اس اَمر کی بناء پر متعدّد تابعین، ظاہریہ، شافعیہ کی ایک جماعت، اور بعض مالکیہ کا مذہب اور امام احمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ کافر نے جو نذر کی اسلام لانے کے بعد اس کا ایفاء واجب ہے، لیکن جمہور کے نزدیک کافر کی نذر منعقد نہیں ہوتی، اور حدیثِ باب میں اَمر استحبابی ہے، وجوبی نہیں۔ امامِ اعظمؒ، امام مالکؒ اور اکثر شافعیہ کا یہی مذہب ہے، وهو رواية عن أحمد،[1] لما رواه الطحاوي عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إنما النذر ما ابتغي به وجه الله"۔[2] اور "إبتغاء وجهِ الله" کی شرط مشرک میں نہیں پائی جاتی، کیونکہ اس کا قصد اللہ تعالیٰ کے بجائے غیر اللہ کی عبادت کرنا ہوتا ہے جو معصیت ہے اور معصیت کی نذر منعقد نہیں ہوتی،[3] لقوله عليه السلام: "لا نذر في معصية" كما تقدم في رواية مسلمؒ۔

۴۲۷۰- "حَدَّثَنِي اَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: اَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: نَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ اَنَّ اَيُّوْبَ حَدَّثَهُ اَنَّ نَافِعًا حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ بَعْدَ اَنْ رَجَعَ مِنَ

(۱) عمدة القارى ج:۲۳ ص:۲۰۹ كتاب الأيمان والنذار، باب اذا نذر أو حلف ان لا يكلم انسانا في الجاهلية ثم أسلم، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۰، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۴۲۴، ۴۲۵، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۸۲، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۳۱، وفتح القدير ج:۵ ص:۸۲، ۸۳ كتاب الأيمان، فصل في الكفارة۔

(۲) شرح معاني الآثار ج:۲ ص:۷۵، ۷۶، كتاب الأيمان والنذور، باب الرجل ينذر وهو مشرك نذرًا ثم يسلم۔

(۳) شرح معاني الآثار ج:۲ ص:۷۶ كتاب الأيمان والنذور، باب الرجل ينذر وهو مشرك الخ، وعمدة القارى ج:۲۳ ص:۲۰۹ كتاب الأيمان والنذور، باب اذا نذر أو حلف ان لا يكلم انسانا في الجاهلية ثم أسلم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الطَّائِفِ- فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ يَوْمًا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَكَيْفَ تَرٰى؟ قَالَ: اذْهَبْ فَاعْتَكِفْ يَوْمًا۔

قَالَ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَعْطَاهُ جَارِيَةً من الْخُمُسِ، فَلَمَّا اَعْتَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا النَّاسِ، سَمِعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّاب اَصْوَاتَهُمْ، يَقُوْلُوْنَ اَعْتَقَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ فَقَالُوْا: اَعْتَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا النَّاسِ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا عَبْدَاللّٰهِ! "اِذْهَبْ اِلٰى تِلْكَ الْجَارِيَةِ فَخَلِّ سَبِيْلَهَا۔" (ص:۵۰ سطر:۸ تا ۱۳)

قولہ: "اَنْ اَعْتَكِفَ يَوْمًا" (ص:۵۰ سطر:۱۰)

اس سے معلوم ہوا کہ نذر صرف رات کے اعتکاف کی نہیں تھی جیسا کہ باب کی پہلی حدیث کے لفظ "لیلۃ" سے ظاہر ہورہا تھا، بلکہ دن اور رات کے مجموعے کی تھی، لہٰذا اس حدیث سے شافعیہ کے اس قول پر استدلال نہیں ہوسکتا کہ اعتکاف (یعنی اعتکافِ منذور- رفیع) صرف رات میں اور بغیر روزے کے بھی صحیح ہوجاتا ہے۔[1] شافعیہ کا یہ مذہب علامہ نوویؒ رحمۃ اللہ علیہ[2] نے شرح مسلم میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسی واقعہ کے تحت بیان کیا ہے، اور لفظ "لیلۃ" سے استدلال کیا ہے۔ اور "یَوْمًا" کی روایت کا جواب یہ دیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے شاید "لیلۃ" کا مسئلہ الگ پوچھا گیا ہوگا اور "یومًا" کا الگ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک کی ادائیگی کا حکم دیا، لہٰذا دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں، اور دونوں صورتوں میں نذر منعقد ہوجائے گی۔

حنفیہ کے نزدیک اعتکافِ منذور کے لئے روزہ شرط ہے، خواہ یہ اعتکاف رمضان میں کرے یا غیر رمضان میں، ہر حال میں اعتکافِ منذور کے ساتھ روزہ رکھنا لازم ہے۔ چنانچہ اگر کسی نے صرف ایک رات کا اعتکاف کرنے کی نذر کی تو یہ نذر منعقد نہیں ہوگی، اور اس پر کچھ واجب نہ ہوگا، کیونکہ رات میں روزہ نہیں ہوسکتا، اور روزے کے بغیر اعتکاف نہیں ہوسکتا، البتہ نفلی

(۱) إكمال المعلم ج:۵ ص:۲۲۵، وإكمال إكمال المعلم ج:۲ ص:۳۸۲، ۳۸۳۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اعتکاف کے لئے روزہ شرط نہیں لہٰذا وہ صرف رات میں بھی ہوسکتا ہے، اور دن میں روزے کے بغیر بھی ہوسکتا ہے۔[1]

باب صحبة المماليك (ص:۵۱)

۴۲۲۷- "حَدَّثَنِیْ اَبُوْ کَامِلٍ فُضَیْلُ بْنُ حُسَیْنٍ الْجَحْدَرِیُّ قَالَ: نَا اَبُوْعَوَانَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ ذَکْوَانَ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ زَاذَانَ اَبِیْ عُمَرَ قَالَ: اَتَیْتُ ابْنَ عُمَرَ وَقَدْ اَعْتَقَ مَمْلُوْکًا، قَالَ: فَاَخَذَ مِنَ الْاَرْضِ عُوْدًا اَوْ شَیْئًا، فَقَالَ: مَا فِیْهِ مِنَ الْاَجْرِ مَا یَسْوٰی هٰذَا اِلَّا اَنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: "مَنْ لَطَمَ مَمْلُوْکَهُ اَوْ ضَرَبَهُ فَکَفَّارَتُهُ اَنْ یُّعْتِقَهُ۔" (ص:۵۱ سطر:۱،۲)

قوله: "مَا فِیْهِ مِنَ الْاَجْرِ مَا یَسْوٰی هٰذَا" (ص:۵۱ سطر:۲)

قولُه "یَسْوٰی" (علٰی وزن یخشٰی) وفی بعض النسخ "یُساوِی" (من باب المفاعلة) وهٰذه هی اللغة الصحیحة المعروفة، والأولٰی عدّها أهل اللُّغة فی لحن العوام، واجاب بعض العلماء عن هٰذه اللفظة بأنها تعبیر من بعض الرواة لا أن ابن عمر نطق بها۔ (النوویؒ)[2] واما قوله: "ما فیه من الأجر ما یسوٰی هٰذا" فمعناهُ لیس فیه من الأجر الخالی عن الکفارة ما یُساوی هٰذا (الحل المفهم) ای لیس فی إعتاقهٖ أجر المعتق تبرعًا (نوویؒ)۔

قوله: "اِلَّا اَنِّیْ سَمِعْتُ الخ" (ص:۵۱ سطر:۲)

قیل هو استِثْنَاءٌ منقطع (ای لکنی سمعت) وقیل بل هو متصل، ومعناهُ: ما أعتقتُه، إلّا لِأنّی سمعتُ الخ (نوویؒ)۔[3]

قوله: "فَکَفَّارَتُهُ اَنْ یُّعْتِقَهُ" (ص:۵۱ سطر:۲)

أجمع المسلمون علٰی أنّ عتقه بهٰذا لیس واجبًا، وإنّما هو مندوب رجاءَ کفارة

---

(۱) بدائع الصنائع، کتاب الإعتکاف ج:۲ ص:۲۷۵، ۲۷۶۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۱، وحاشیة صحیح مسلم للذهنیؒ ج:۲ ص:۸۳، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۲۴۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ذنبه فيه وإزالة إثم ظلمه، ومما استدلوا به لعدم وجوب إعتاقه حديث سويد بن مقرن بعده أن النبي صلى الله عليه وسلم أمرهم حين لطم أحدهم خادمهم بعتقها، قالوا ليس لنا خادم غيرها، قال: فليستخدموها فإذا استغنوا عنها فليخلّوا سبيلها۔ خادم کا لفظ مذکر ومؤنث دونوں کے لئے بولا جاتا ہے، (نوویؒ)۔ (۱)

ناچیز عرض کرتا ہے کہ اگر اعتاق واجب ہوتا تو اس باندی کے اعتاق میں تاخیر اور اُس سے خدمت لینا ایک دن کے لئے بھی جائز نہ ہوتا۔ (۲)

وَاعلم أنَّ ضرب العبد لا يخلوا إما أن يكون للتعليم والتأديب أو لغيره، فالأوّل جائز بشرط ألّا يكون على الوجه ولا ضربًا مبرّحًا في غير الوجه ولا يجب الكفارة بحالٍ، والثاني غير جائز مطلقًا فإن تلف به عضو يجب عليه اعتاقه عند مالكؒ، لحديث ابن عمرو بن العاصؓ في الذى جَبَّ عبده فاعتقه النبي صلى الله عليه وسلم، ولا يجب عند غيره وهٰذا التفصيل موافق لما نقله النوويؒ (۳) وأحاديث الباب تؤيده، (رفيع)۔

۴۲۷۸- "حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ -وَاللَّفْظُ لِاَبِيْ بَكْرٍ- قَالَا: نَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ: عَجِلَ شَيْخٌ فَلَطَمَ خَادِمًا لَهٗ فَقَالَ لَهٗ سُوَيْدُ بْنُ مُقَرِّنٍ: عَجَزَ عَلَيْكَ اِلَّا حُرُّ وَجْهِهَا؟ لَقَدْ رَاَيْتُنِيْ سَابِعَ سَبْعَةٍ مِنْ بَنِيْ مُقَرِّنٍ مَا لَنَا خَادِمٌ اِلَّا وَاحِدَةٌ لَطَمَهَا اَصْغَرُنَا فَاَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُعْتِقَهَا۔" (ص:۵۱ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قوله: "عَجَزَ عَلَيْكَ اِلَّا حُرُّ وجهها"؟ (ص:۵۱ سطر:۱۱)

یہ جملہ مقلوب ہے، اصل میں یوں تھا کہ: اعجزت عن غير وجهها؟ اور "حُرُّ الوجه" چہرے کا نرم حصہ یعنی رخسار، وحُرُّ كل شيء افضلهٗ وارفعهٗ۔ ناچیز عرض کرتا ہے بظاہر حُرُّ الوجه میں یہاں اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے یعنی فضیلت ورفعت والا چہرہ۔

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۱، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۴۲۸، ومرقاة المفاتيح ج:۲ ص:۵۲۱ كتاب النكاح۔

(۲) إكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۸۴۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۱، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۸۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۴۲۸۴- "حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: نَا الْاَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: كُنْتُ اَضْرِبُ غُلَامًا لِيْ، فَسَمِعْتُ مِنْ خَلْفِيْ صَوْتًا "إِعْلَمْ اَبَا مَسْعُوْدٍ لَلّٰهُ اَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ" فَالْتَفَتُّ فَإِذَا هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! هُوَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ. فَقَالَ: "اَمَا لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ اَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ."

(ص:۵۱ سطر:۲۳ تا ۲۵)

قوله: "اَمَا لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ اَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ" (ص:۵۱ سطر: آخر)

لفحٌ کے معنی ہیں "جھلسانا"۔ (۱)

الظاهر انه شك من الراوى (رف) وظاهر هٰذا الكلام يقتضي أن الكفارة بالإعتاق واجبة، وجوابه عند العبد الضعيف عفا الله عنه أن مثل هٰذا الضرب لما كان ظلمًا وتعديًا في حق العبد وجب جبره بإرضائه، وطرق الإرضاء متنوعة متعددة ومن أعظمها الإعتاق، فلعلَّ المراد من قوله عليه السلام "لو لم تفعل .... إلخ" لو لم تُرضه، ومقتضاه وجوب الإعتاق إذا لم يرض العبد الا به، اورآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد کو راضی کرنے کے طریقوں میں سے صرف اِعتاق کا ذِکر شاید اس لئے فرمایا کہ اِعتاق سے عبد کا راضی ہوجانا تقریباً یقینی ہے، برخلاف دُوسرے طریقوں کے، واللہ اعلم (رفیع)۔

۴۲۸۵- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى- قَالَا: نَا اِبْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ اَنَّهُ كَانَ يَضْرِبُ غُلَامَهُ فَجَعَلَ يَقُوْلُ: "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ"، قَالَ: فَجَعَلَ يَضْرِبُهُ فَقَالَ: اَعُوْذُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ، فَتَرَكَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "وَاللّٰهِ لَلّٰهُ اَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ"، قَالَ: فَاَعْتَقَهُ."

(ص:۵۲ سطر:۱،۲)

قوله: "اَعُوْذُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ فَتَرَكَهُ" (ص:۵۲ سطر:۲)

(۱) مجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۵۰۸، والنهاية لإبن الأثيرؒ ج:۴ ص:۲۶۰، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۳۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لعلّهٗ لم یَسْمَعْ اِسْتِعَاذَتَهٗ الاولٰی لِشدّۃ غضبه، کما لم یسمع نداء النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم (نوویؒ)۔[1]

۴۲۸۷- "حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرِ بْنِ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَ: نَا ابْنُ نُمَیْرٍ ح قَالَ: وَثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَیْرٍ قَالَ: نَا اَبِیْ قَالَ: نَا فُضَیْلُ بْنُ غَزْوَانَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بنِ اَبِیْ نُعْمٍ قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُوْهُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ اَبُوالْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ قَذَفَ مَمْلُوْکَهٗ بِالزِّنَا یُقَامُ عَلَیْهِ الْحَدُّ یَوْمَ الْقِیَامَةِ اِلَّا اَنْ یَکُوْنَ کَمَا قَالَ۔" (ص:۵۲ سطر:۳تا۵)

قوله: "مَنْ قَذَفَ مَمْلُوْکَهٗ بِالزِّنَا الخ" (ص:۵۲ سطر:۴)

علامہ نوویؒ نے اس پر اجماع نقل کیا ہے کہ قاذف العبد پر دنیا میں حد جاری نہیں ہوگی، یہاں تعزیر کی جائے گی، اور آخرۃ میں حد جاری ہوگی۔[2]

۴۲۸۹- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَ: نَا وَکِیْعٌ قَالَ: نَا الْاَعْمَشُ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَیْدٍ قَالَ: مَرَرْنَا بِاَبِیْ ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ وَعَلَیْهِ بُرْدٌ وَعَلٰی غُلَامِهٖ مِثْلُهٗ، فَقُلْنَا: یَا اَبَا ذَرٍّ! لَوْ جَمَعْتَ بَیْنَهُمَا کَانَتْ حُلَّةً۔ فَقَالَ اِنَّهٗ کَانَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ رَجُلٍ مِنْ اِخْوَانِیْ کَلَامٌ وَکَانَتْ اُمُّهٗ اَعْجَمِیَّةً فَعَیَّرْتُهٗ بِاُمِّهٖ۔ فَشَکَانِیْ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَقِیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا اَبَا ذَرٍّ! اِنَّکَ امْرُؤٌ فِیْکَ جَاهِلِیَّةٌ۔ قُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ سَبَّ الرِّجَالَ سَبُّوْا اَبَاهُ وَاُمَّهٗ۔ قَالَ: یَا اَبَا ذَرٍّ! اِنَّکَ امْرُؤٌ فِیْکَ جَاهِلِیَّةٌ، هُمْ اِخْوَانُکُمْ جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ اَیْدِیْکُمْ فَاَطْعِمُوْهُمْ مِمَّا تَاْکُلُوْنَ، وَاَلْبِسُوْهُمْ مِمَّا تَلْبَسُوْنَ، وَلَا تُکَلِّفُوْهُمْ مَا یَغْلِبُهُمْ، فَاِنْ کَلَّفْتُمُوْهُمْ فَاَعِیْنُوْهُمْ۔" (ص:۵۲ سطر:۶ تا ۹)

قوله: "عَلَیْهِ بُرْدٌ وَعَلٰی غُلَامِهٖ مِثْلُهٗ" (ص:۵۲ سطر:۷)

اس کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ پورا حُلّہ دونوں میں سے کسی کے پاس نہیں تھا، لیکن اگلی سے اگلی روایت جو محمد بن المثنٰی اور محمد بن بشار سے مروی ہے اُس میں ہے کہ: "رأیتُ ابا ذرّ وعلیه حُلّة وعلی غلامِهٖ مثلها" (ص:۵۲ ص:۱۳) دونوں روایتوں میں تطبیق اس

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۲۔

(۲) بحوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

طرح دی جاسکتی ہے کہ ابوذر نے اُوپر کی چادر اچھی اوڑھ رکھی تھی اور اِزار اُسی جنس کے کپڑے کی پرانی باندھ رکھی تھی، اور غلام کے بدن پر بھی دونوں کپڑے اسی طرح تھے۔ لہٰذا اب جو اُن سے کہا گیا کہ: "لَوْ جَمعتَ بينهما كانت حلّة" تو اس کا مطلب یہ تھا کہ غلام کے اُوپر جو اچھی چادر ہے اگر وہ لے کر آپ اپنی اِزار بنا لیتے تو آپ کا پورا حُلّہ اچھے کپڑے کا ہو جاتا، اى كانت حُلّة كاملة الجودة۔

قوله: "مَنْ سَبَّ الرِّجَالَ سَبُّوْا اَبَاهُ وَاُمَّهُ" (ص:۵۲ سطر:۸)

یعنی عام طور سے لوگ ایسا کرتے ہیں، مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوذر رضی اللہ عنہ کی اس معذرت کو قبول نہیں فرمایا اور بتایا کہ یہ جاہلیت کی غلط عادات میں سے ہے کہ گالی کے جواب میں گالی دینے والے کے ماں باپ کو گالی دی جائے۔ جسے گالی دی گئی ہو اسے صرف اتنا حق ہے کہ وہ بدلہ لینے کے لئے گالی دینے والے کو (نہ کہ اس کے ماں باپ کو) صرف اتنی گالی دیدے جتنی اُسے دی گئی ہے، (نوویؒ)۔[1]

قوله: "فَاَطْعِمُوْهُمْ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ، وَاَلْبِسُوْهُمْ مِمَّا تَلْبَسُوْنَ" (ص:۵۲ سطر:۹)

یہ امر بالاجماع استحباب پر محمول ہے، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا عمل بھی استحباب ہی کے طور پر تھا۔ اور واجب یہ ہے کہ مولیٰ مقام، زمانے اور لوگوں کے حالات کے اعتبار سے جو بھی عرف ہو اس کے مطابق طعام اور كسوة دے۔[2] اور دلیل اس کی وہ حدیث ہے جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے امام مالک رحمہ اللہ نے مؤطا میں روایت کی ہے مرفوعاً کہ: "للمملوك طعامُه وكِسوتُه بالمعروف"۔[3] نیز اسی باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت مرفوعاً آرہی ہے کہ: "فإن كان الطعام مَشفوهًا قليلًا فَلْيَضَعْ في يده منه أُكلةً أو أُكلتين" (ص:۵۲ سطر:۱۸) (اى لقمة أو لقمتين) معلوم ہوا کہ مساواۃ واجب نہیں بلکہ مواساۃ مطلوب ہے۔[4]

۴۲۹۱- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى-

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۲، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۸۲، ومكمل إكمال الإكمال ج:۴ ص:۳۸۷۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۲، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۸۲۔

(۳) مؤطا ص:۷۳۰ باب الأمر بالرفق بالمملوك۔

(۴) مكمل إكمال الإكمال ج:۴ ص:۳۸۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَالَا : نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاصِلٍ الْاَحْدَبِ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا ذَرٍّ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ وَعَلٰى غُلَامِهٖ مِثْلُهَا، فَسَاَلْتُهٗ عَنْ ذٰلِكَ قَالَ: فَذَكَرَ اَنَّهٗ سَابَّ رَجُلًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَيَّرَهٗ بِاُمِّهٖ، قَالَ: فَاَتَى الرَّجُلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ۔ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ امْرُأٌ فِيْكَ جَاهِلِيَّةٌ، اِخْوَانُكُمْ وَخَوَلُكُمْ، جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ اَيْدِيْكُمْ، فَمَنْ كَانَ اَخُوْهُ تَحْتَ يَدَيْهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَاْكُلُ، وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ، وَلَا تُكَلِّفُوْهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَاِنْ كَلَّفْتُمُوْهُمْ فَاَعِيْنُوْهُمْ عَلَيْهِ۔" (ص:۵۲ سطر:۱۲تا ۱۵)

قوله: "اِخْوَانُكُمْ وَخَوَلُكُمْ" (ص:۵۲ سطر:۱۴)

الخَوَل محرّكة، ما أعطاك الله تعالٰى من النعم والعبيد والإماء وغيرهم من الماشية (قاموس)[1]۔ فهو مأخوذ من التخويل بمعنى التمليك۔ والمراد بالخَوَل العطية (تاج العروس)[2]۔ للواحد والجمع والمذكر والمؤنث (قاموس)[3]۔

۴۲۹۸– "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَاَبُوْ كُرَيْبٍ قَالَا : نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِذَا اَدَّى الْعَبْدُ حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيْهِ كَانَ لَهٗ اَجْرَانِ"۔ قَالَ فَحَدَّثْتُهَا كَعْبًا فَقَالَ كَعْبٌ: لَيْسَ عَلَيْهِ حِسَابٌ وَلَا عَلٰى مُؤْمِنٍ مُزْهِدٍ۔" (ص:۵۳ سطر:۶تا۸)

قوله: "كان لَهٗ أجْرَان" (ص:۵۳ سطر:۷)

اس کی تشریح جلد اوّل (کتاب ایمان) "بابُ وجوب الایمان برسالة نبینا صلی الله علیه وسلم الٰی جمیع الناس" کے تحت آچکی ہے، فلیراجع۔

قوله: "فَقَالَ كَعْبٌ: لَيْسَ عَلَيْهِ حِسَابٌ وَلَا عَلٰى مُؤْمِنٍ مُزْهِدٍ" (ص:۵۳ سطر:۸)

---

(۱) القاموس المحيط ج:۳ ص:۵۴۴۔

(۲) تاج العروس ج:۷ ص:۳۱۲، والنهاية لإبن الأثيرؒ ج:۲ ص:۸۸، ومجمع بحار الأنوار ج:۲ ص:۱۲۷۔

(۳) القاموس المحيط ج:۳ ص:۵۴۴، ۵۴۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ای لکثرۃ اجرہٖ وعدم معصیتہ، وھذا الذی قالہ کعب یحتمل انہ اخذہ بتوقیفٍ ویحتمل انہ بالإجتھاد، لأن من رجحت حسناتہ واوتی کتابہٗ بیمینہٖ فسوف یحاسَبُ حسابًا یسیرًا وینقلب إلٰی أھلہٖ مسرورًا۔ (قالہ النوویؒ)۔[1]

أقول بتوفیق اللہ تعالٰی: ویمکن ان یقال: لعل المراد أن العبد لما لم یکن مالکًا لمال فلیس علیہ حساب المال، اما غیر الأموال من العبادات البدنیۃ وحقوق العباد فحسابہ لیس بمنتف، ویؤیدہ قول کعب: "ولا علٰی مؤمنٍ مُزْھِدٍ" یعنی قلیل المال، واللہ أعلم۔ ـــــ رفیع

قولہ: "مُزْھِدٍ" (ص:۵۳ سطر:۸) إزھاد سے اسم فاعل ہے بمعنی قلیل المال۔

۴۳۰۰- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ قَالَ: نَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ اَحَادِيْثَ، مِنْهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعِمَّا لِلْمَمْلُوْكِ اَنْ يُتَوَفّٰى يُحْسِنُ عِبَادَةَ اللّٰهِ وَصَحَابَةَ سَيِّدِهٖ نِعِمَّا لَهٗ۔" (ص:۵۳ سطر:۸ تا ۱۰)

قولہ: "وَصَحَابَةَ سَيِّدِهٖ" (ص:۵۳ سطر:۱۰) ای صُحبتہٗ (نوویؒ)۔[2]

۴۳۰۱- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: قُلْتُ لِمَالِكٍ: حَدَّثَكَ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَعْتَقَ شِرْكًا لَهٗ فِيْ عَبْدٍ فَكَانَ لَهٗ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ قُوِّمَ عَلَيْهِ قِيْمَةَ الْعَدْلِ، فَاَعْطٰى شُرَكَائَهٗ حِصَصَهُمْ وَعَتَقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ وَاِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ۔" (ص:۵۳ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قولہ: "مَنْ اَعْتَقَ شِرْكًا لَهٗ فِيْ عَبْدٍ فَكَانَ لَهٗ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ ...الخ۔" (ص:۵۳ سطر:۱۱)

جب کوئی غلام ایک سے زیادہ آدمیوں کے درمیان مشترک ہو اور ان میں سے کوئی شریک اپنے حصے کو آزاد کردے تو باجماعِ مَن یعتدُّ بہ معتِق کا حصہ اسی وقت آزاد ہو جائے گا، مگر باقی

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۳۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۳، وحاشیۃ صحیح مسلم للذھنیؒ ج:۲ ص:۸۸، ومکمل إکمال الإکمال ج:۴ ص:۳۸۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حصے کے بارے میں فقہائے کرامؒ کا اختلاف اور کثیر اقوال ہیں، خلاصہ یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا مذہب یہ ہے کہ مُعْتِق اگر مُوسِر ہے تو شریک اس سے اپنے حصے کا ضمان لینا چاہے تو لے گا، اور شریک کا حصہ بھی معتق کے حصے کے ساتھ ہی آزاد ہوجائے گا، یعنی حالتِ یسار میں عتق میں تجزّی نہ ہوگی۔ اور اگر معتق مُعسِر ہے تو شریک کا حصہ حسبِ سابق رقیق رہے گا، لہٰذا شریک کو ضمان لینے کا اختیار نہیں، یعنی حالتِ إعسار میں عتق میں تجزّی ہوگی۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک شریک کا حصہ مُعتق کے حصے کے ساتھ نہ حالتِ یسار میں آزاد ہوگا نہ حالتِ إعسار میں، البتہ مُستحِقُ العتق ہوجائے گا۔ یعنی عتق میں ہر حالت میں تجزی ہوگی۔ پس حالتِ یسار میں شریک کو تین اُمور میں اختیار ہے کہ یا تو وہ بھی اپنے حصے کو بلامعاوضہ آزاد کردے، یا مُعتق سے اس کا ضمان لے کر آزاد کردے، (پھر معتق چاہے تو ضمان کا رُجوع عبد پر کرے بطریق الاستسعاء)، یا شریک اپنے حصے کی قیمت وصول کرنے کے لئے غلام سے سعایۃ کرائے۔ اور حالتِ إعسار میں صرف دو چیزوں کا اختیار ہے کہ یا تو سعایۃ کرائے یا إعتاق کردے، ضمان لینے کا اختیار نہیں۔ حاصل یہ کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک یسار اور إعسار دونوں صورتوں میں تجزیٔ عتق بھی ہوتی ہے اور سعایہ کا اختیار بھی۔

صاحبین رحمہما اللہ کا مذہب حالتِ یسار میں امام شافعیؒ کے موافق ہے کہ نہ تجزی ہوگی نہ سعایہ، بلکہ شریک کا حصہ بھی معتق کے حصے کے ساتھ آزاد ہوجائے گا، اور شریک اپنے حصے کا ضمان معتق سے لے سکے گا۔ اور حالتِ إعسار میں صاحبینؒ کا مذہب امام ابوحنیفہؒ کے موافق ہے کہ عبد سے سعایہ کرا سکے گا۔ البتہ اتنا فرق ہے کہ حالتِ إعسار میں صاحبینؒ کے نزدیک تو شریک کا حصہ بھی معتق کے حصے کے ساتھ ہی قبل الإستسعاء آزاد ہوجائے گا۔ اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک شریک کا حصہ بعد السعایۃ آزاد ہوگا اور مدّتِ إستسعاء میں اس کا حکم مکاتب کی طرح ہوگا، کہ وہ یداً آزاد اور رقبۃً رقیق ہوگا۔[1] یعنی صاحبین کے نزدیک عتق میں تجزّی نہ حالتِ

(۱) فتح القدیر مع الهدایة ج:۴ ص:۴۲۰ تا ۴۲۲، کتاب الإعتاق، باب العبد یعتق بعضه، وشرح صحیح مسلم للنووی ج:۱ ص:۴۹۲، ومرقاة المفاتیح ج:۶ ص:۵۵۵ تا ۵۵۷ کتاب العتق، باب اعتاق العبد المشترك وشراء القریب، الفصل الأوّل، وانوار المحمود ج:۲ ص:۴۳۰ تا ۴۳۲ کتاب العتق، باب العتق علی شرط، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۱۴۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یسار میں ہے نہ حالتِ إعسار میں۔ اور سعایة حالتِ إعسار میں ہے حالتِ یسار میں نہیں۔

امام شافعیؒ وامام احمد کا استدلال مذکورہ بالا حدیث سے ہے کہ اس میں حالتِ یسار میں صرف عتق اور ضمان کا ذکر ہے، إعتاق یا سعایة کا کوئی ذکر نہیں۔ معلوم ہوا کہ حالتِ یسار میں شریک کا حصہ خود بخود آزاد ہو جائے گا اور معتق پر اُس کا ضمان واجب ہوگا، اور حالتِ إعسار میں "وإلا فقد عتق منه ما عتق" کہا گیا ہے، یعنی اس صورت میں ضمان بھی نہیں لیا جائے گا، اور شریک کا حصہ آزاد نہ ہوگا۔

صاحبینؒ کا استدلال اسی باب میں آنے والی اس حدیث سے ہے:-

"عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من اعتق شقيصا له في عبد فخلاصه في ماله إن كان له مال، فإن لم يكن له مال أُستسعي العبد غيرَ مشقوق عليه۔" (ص:۵۳ ص:۲۷و۲۸)

یہ حدیث حالتِ إعسار میں ثبوتِ سعایة کے لئے صریح ہے اور امام شافعیؒ پر حجت ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا استدلال مذکورہ بالا دونوں حدیثوں سے ہے، وہ اس طرح کہ حدیثِ اوّل میں حالتِ إعسار میں تجزّی عتق ثابت ہوگئی، چنانچہ قیاسًا علیہ حالتِ یسار میں بھی ثبوتِ تجزی کے لئے کوئی مانع نہیں، حدیث میں بھی اس کی نفی نہیں، بلکہ تجزّی کا یہ قرینہ اس میں بھی موجود ہے کہ "فأعطیٰ" کا عطف "قُوّم" پر بذریعہ "فا" کیا گیا ہے، جو تعقیب کے لئے ہے، پھر اعطی پر "عتق علیه العبد" کا عطف کیا گیا، معلوم ہوا کہ اعطاء اور عتق یہ دونوں تقویم کے بعد ہوں گے، پس جب شریک کے حصے کا عتق تقویم سے متأخر ہوا، اور معتق کا حصہ پہلے ہی آزاد ہو چکا ہے تو تجزّی ثابت ہوگئی۔ سالم بن عبداللہ بن عمرؓ کی روایت میں جو آگے آرہی ہے، یہ الفاظ اس معنی میں اور بھی صریح ہیں کہ "ثم عتق علیه في ماله إن كان موسرًا" یہاں لفظ ثم، عتق بعد التراخي کی صراحت کر رہا ہے (ص:۵۳ سطر:۲۲) اور اس سے اگلی روایت میں ہے کہ: "عتق ما بقي في ماله" (ص:۵۳ سطر:۲۴) یہاں "ما بقي" میں بھی تجزّی پر دلالت موجود ہے، کما لا یخفی، اور جب حالتِ یسار میں بھی تجزّی قیاسًا ثابت ہوگئی تو شریک کو اپنے حصے کے إعتاق یا ترکِ إعتاق کا اختیار خود بخود نکل آیا۔

دُوسری دلیل وہی حدیث ہے جس سے صاحبینؒ نے استدلال کیا ہے، یعنی اس کے یہ الفاظ "من اعتق شقيصًا لهٗ في عبد فخلاصه في ماله إن كان له مال" معلوم ہوا کہ معتق کے

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حصے کی آزادی سے شریک کا حصہ مستحق العتق تو ہو جاتا ہے مگر فی الحال اس کا عتق متحقق نہیں ہوتا، ورنہ "فخلاصہ فی مالہ" تحصیلِ حاصل قرار پائے گا، چنانچہ اس سے بھی تجزّیٔ عتق ثابت ہوئی، لہٰذا شریک کو اپنے حصے کے إعتاق یا ترکِ اعتاق کا حق بھی ثابت ہوا۔

البتہ سعایۃ کا ثبوت حالتِ یسار میں کسی حدیث سے صراحۃً ثابت نہیں، محض قیاس سے ثابت ہے، یعنی امام ابو حنیفہؒ نے یسار کو إعسار پر قیاس کیا کہ جب حالتِ إعسار میں سعایۃ ثابت ہے تو یسار میں بھی ثابت ہوگا، اور علتِ مشترکہ یہ ہے کہ دونوں صورتوں میں شریک کی مالیت عند العبد محتبس ہوگئی ہے جسے وصول کرنے کا اختیار اس کو حاصل ہے، حالتِ إعسار میں چونکہ معتق سے ضمان لینا ممکن نہیں، اس لئے شریک کو صرف دو چیزوں کا اختیار رہ جاتا ہے، إما أن یستسعِيَ وإما أن یُعتق۔

اس مسئلے میں حالتِ یسار میں تجزّیٔ عتق اور سعایۃ کو جو امام ابو حنیفہؒ نے قیاس سے ثابت کیا ہے، اس قیاس کے معارض احادیثِ باب میں کوئی لفظ نہیں ہے، بلکہ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ احادیث اس سے ساکت ہیں، چنانچہ حالتِ یسار میں تجزّی اور سعایۃ کی نفی سوائے مفہومِ مخالف کے اور کسی دلیل سے نہیں ہوتی، اور مفہومِ مخالف ہمارے نزدیک حجت نہیں، مفہومِ مخالف اگر قیاس کے مخالف ہو تو قیاس کے لئے مضر نہیں، لہٰذا قیاس پر کوئی اعتراض نہیں، بلکہ قائلین بالمفہوم کے نزدیک بھی اس صورت میں ترجیح قیاس کو ہوتی ہے، قالہ ابن الهمامؒ۔[1]

۴۳۰۵- "حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ اَبِیْ عُمَرَ -كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ- قَالَ ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعْتَقَ عَبْدًا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ آخَرَ قُوِّمَ عَلَيْهِ فِيْ مَالِهٖ قِيْمَةَ عَدْلٍ، لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ، ثُمَّ عَتَقَ عَلَيْهِ فِيْ مَالِهٖ اِنْ كَانَ مُوْسِرًا۔"

(ص:۵۳ سطر:۲۱،۲۲)

قوله: "لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ" (ص:۵۳ سطر:۲۲)

(۱) فتح القدیر ج:۴ ص:۴۲۲ تا ۴۲۵، کتاب الإعتاق، باب العبد یعتق بعضه، ومرقاة المفاتیح ج:۶ ص:۵۵۶، ۵۵۷ کتاب العتق، باب اعتاق العبد المشترك الخ، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۱۱ تا ۱۳ کتاب الاعتاق، باب العبد یکون بین رجلین فیعتقه احدهما، وتکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۱۴۸، وعمدة القاري ج:۱۳ ص:۸۲، ۸۳ کتاب العتق، باب اذا عتق عبدًا بین اثنین الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ای لا بنقص ولا بزیادة (نوویؒ)۔[1]

"الوَکْسُ" دھوکا، اور حق میں کمی کرنا[2]، اور "الشَّطَطُ" افراط اور حد سے تجاوز کرنا۔[3]

قوله: "ثُمَّ عَتَقَ عَلَيْهِ فِيْ مَالِهِ إِنْ كَانَ مُوْسِرًا" (ص:۵۳ سطر:۲۲)

اس میں لفظ "ثم" سے حالتِ یسار میں تجزّی عتق کی صراحت ہو رہی ہے، كما مَرّ مِن مذهب أبي حنيفة رحمهُ الله۔

۴۳۱۱- قوله: "حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَأَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوا: نَا إِسْمَاعِيْلُ -وَهُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ- عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوْكِيْنَ لَهُ عِنْدَ مَوْتِهِ، لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ، فَدَعَا بِهِمْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَزَّأَهُمْ أَثْلَاثًا، ثُمَّ أَقْرَعَ بَيْنَهُمْ، فَأَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَأَرَقَّ أَرْبَعَةً، وَقَالَ لَهُ قَوْلًا شَدِيْدًا۔"

(ص:۵۴ سطر:۱ تا ۳)

قوله: "أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوْكِيْنَ" (ص:۵۴ سطر:۲)

ائمۂ ثلاثہ اور جمہور فقہاء کا مذہب اس حدیث کے ظاہر کے مطابق ہے، یعنی جس شخص کی ملکیت میں سوائے غلاموں کے اور کوئی مال بالکل نہ ہو اور وہ مرضِ وفات میں سب کو آزاد کردے، تو یہ إعتاق ترکہ کے صرف ثلث میں جاری ہوگا، جتنے غلام ثلث میں آجائیں وہ آزاد ہوجائیں گے اور باقی غلام رقیق رہیں گے کیونکہ مرضِ وفات میں کیے گئے تبرعات ترکہ کے صرف ثُلُث کی حد تک نافذ ہوتے ہیں، جس طرح کہ وصیت صرف ثُلُث کی حد تک نافذ ہوتی ہے، اور آزاد ہونے والے غلاموں کی تعیین قرعہ اندازی سے کی جائے گی۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک ایسی صورت میں ہر غلام کا ایک ثلث آزاد ہوگا اور باقی دو ثلث کا حکم وہی ہوگا جو پچھلے مسئلے میں حالتِ إعسار کا تھا کہ وارث اپنے حصوں میں غلاموں

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۳، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۳۸۹، ۳۹۰، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۸۸، ۸۹، ومجمع بحار الأنوار ج:۵ ص:۱۱۰، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۵ ص:۲۱۹۔

(۲) لسان العرب ج:۱۵ ص:۳۸۴، ومجمع بحار الأنوار ج:۵ ص:۱۱۰۔

(۳) لسان العرب ج:۷ ص:۱۱۹، ومشارق الأنوار ج:۲ ص:۳۱۳، ومجمع بحار الأنوار ج:۵ ص:۱۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سے سعایۃ کرائیں گے یا اپنے اپنے حصوں کو آزاد کردیں گے۔ جمہور کا استدلال حدیثِ باب سے ہے۔(۱)

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی طرف سے اس حدیث کا جواب علّامہ ابن الهمام رحمہ اللہ نے یہ دیا ہے کہ یہ حدیث اگرچہ سنداً بالکل قوی اور صحیح ہے، مگر دو وجہ سے قابلِ عمل نہیں، ایک یہ کہ نصِ قرآنی اور سنتِ متواترہ کے خلاف ہے، دُوسری یہ کہ عرف و عادت کے بھی مخالف ہے جو اس کے ثبوت کی نفی کرتی ہے۔

مخالف الکتاب والسنة المتواترة اس وجہ سے ہے کہ مذکورہ صورت میں اِقراع "میسِر" محض ہے، کیونکہ قمار اور میسر کی حقیقت تعلیق الملك أو الإستحقاق علی الخطر ہے، اور یہاں یہی صورت ہے کہ قرعہ جس غلام کا نکل آئے وہ پورا آزاد ہوگا، اور باقی بالکل آزاد نہیں ہوں گے، حالانکہ "میسِر" کو قرآن وسنت نے صراحۃً حرام کیا ہے۔

رہا یہ اعتراض کہ قرعہ اندازی کا جواز تو قرآن وسنت سے ثابت ہے، چنانچہ کفالتِ مریم کے بارے میں جب لوگوں کا اختلاف ہوا تو ان میں قرعہ اندازی کی گئی اور قرعہ حضرت زکریا علیہ السلام کے نام نکلا، کما فی قولہ تعالٰی: وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ....الخ۔(۲)

نیز احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں ساتھ لے جانے کے لئے ازواج کی تعیین قرعہ اندازی سے فرمایا کرتے تھے،(۳) معلوم ہوا کہ قرعہ اندازی قمار میں داخل نہیں۔

جواب یہ ہے کہ اِقراع کی دو قسمیں ہیں۔ ۱- ایک وہ جو محض تبرعاً کیا جائے واجب نہ ہو، یعنی فیصلہ کرنے والے کو اس کا ترک جائز ہو اور اسے اپنی آزادی ومرضی سے فیصلہ کرنے کا حق ہو۔ ۲- اور ایک وہ جو مِلک اور استحقاق کا سبب چند افراد میں مساوی طور پر متحقق ہوجانے کے بعد ان میں سے بعض افراد کو منتخب کرکے دینے اور باقیوں کو محروم کرنے کے لئے کیا جائے۔ پہلی قسم بالاتفاق جائز ہے اور وہ "میسِر" میں داخل نہیں، کیونکہ اس کے اندر تعلیق التملیك أو الإستحقاق علی

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۵۴، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۹۰، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۴۴۱۔

(۲) آل عمران: ۴۴۔

(۳) صحیح البخاری ج:۲ ص:۷۸۴، کتاب النکاح۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الخطر نہیں، اور کفالتِ مریم میں یہی صورت تھی، کیونکہ وہاں ان کی حق دار حضرت زکریا علیہ السلام کی اہلیہ تھیں، کیونکہ وہ مریم کی خالہ تھیں، ان پر إقــراع واجب نہ تھا، لوگوں کی تطییبِ خاطر کے لئے إقـــراع کیا گیا،[۱] اسی طرح آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار تھا کہ ازواج میں جس کو چاہیں سفر میں ساتھ لے جائیں، یا کسی کو نہ لے جائیں، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے محض تطییبِ خاطر کے لئے إقراع فرمایا۔[۲]

اور إقـراع کی دُوسری قسم صراحۃً "میسر" میں داخل ہے، اس کا جواز سوائے حدیثِ باب کے اور کہیں نہیں ملتا، لہٰذا اسے آیت تحریم میسر سے منسوخ کہا جائے گا، لمخالفۃ الکتاب والسُّنّۃ المتواترۃ، چنانچہ علماء کا اتفاق ہے کہ جب بیّنتین متعارض ہوجائیں تو ان میں إقراع جائز نہیں، اسی طرح جب دو حدیثیں متعارض ہوجائیں تو ان میں إقراع بالاتفاق ناجائز ہے۔

پھر یہ حدیث عرف وعادت کے بھی خلاف ہے، اس لئے کہ ایسا ہونا کہ کسی کی ملکیت میں غلام تو ہوں اور کوئی چیز قلیل یا کثیر اس کی ملکیت میں بالکل نہ ہو، یہ انتہائی مستبعد اور نادر ہے۔

ناچیز محمد رفیع عرض کرتا ہے کہ اگر کہا جائے کہ ان غلاموں کے علاوہ تھوڑا سا کوئی مال ممکن ہے کہ معتق کی ملکیت میں ہو مگر راوی نے اسے لا یعبأ بہ ہونے کی وجہ سے ذکر نہیں کیا، تو جواب یہ ہے کہ پھر تو دو غلام کل مال کا ثلث نہ ہوئے، ثلث سے کم ہوگئے، لہٰذا ثلث پورا کرنے کے لئے تیسرے غلام کا بھی کچھ حصہ آزاد ہونا چاہئے تھا، حالانکہ حدیث میں صرف دو غلاموں کے إعتـــاق کی، اور چار کو رقیق رکھنے کی صراحت ہے۔

لہٰذا ظنِ غالب یہی ہے کہ عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے نیچے کے کسی راوی کو روایت میں کوئی غلطی لگی ہے، یا پھر یہ منسوخ ہے، کذا حققہ ابن الھمامؒ۔[۳] خلاصہ یہ کہ یہ حدیث قوی سند کے باوجود قابلِ عمل نہیں۔

---

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے: بیان القرآن ج:۱ ص:۱۱۳، ومعارف القرآن ج:۲ ص:۶۵، والتفسیر المظھری ج:۲ ص:۴۲، ۴۳۔

(۲) عمدۃ القاری ج:۲۰ ص:۱۹۲ کتاب النکاح، باب القرعۃ بین النساء اذا اراد سفرًا۔

(۳) فتح القدیر ج:۴ ص:۴۴۷ تا ۴۴۹ کتاب العتاق، باب عتق أحد العبدین، وتکملۃ فتح الملھم ج:۲ ص:۱۴۹و۱۵۰، وشرح معانی الآثار ج:۲ ص:۳۸۹، ۳۹۰ کتاب الوصایا، باب ما یجوز فیہ الوصایا من الأموال الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور امام ابوبکر جصاص رازیؒ نے کفالتِ مریم (اور حدیثِ باب) کا جواب یہ دیا ہے کہ میّت نے ان سب غلاموں کا اِعتاق کیا تھا، لہٰذا یہ ہر غلام کے ایک ثلث میں فوراً نافذ ہوگیا، (کیونکہ اِعتاق جب کسی شرط پر معلق نہ ہو تو فوراً نافذ ہوجاتا ہے)، لہٰذا اب قرعہ کے ذریعہ کسی غلام کے آزاد شدہ حصے کو غلام بنانا جائز نہ ہوگا، اگرچہ غلام اس قرعہ اندازی پر راضی بھی ہوں، جیسا کہ یہ جائز نہیں کہ جس غلام کو پورا آزاد کردیا گیا ہو وہ اپنی آزادی کو کسی دُوسرے غلام کی غلامی سے تبدیل کرلے، (کیونکہ کسی آزاد انسان کو اپنی مرضی سے بھی غلام بننا جائز نہیں) برخلاف کفالتِ مریم علیہا السلام کے کہ اس کا حق سب مل کر باہمی رضامندی سے اگر کسی ایک کو بغیر قرعہ کے دے دیتے تو یہ بھی جائز تھا، (لہٰذا تطییبِ خاطر کے لئے) قرعہ اندازی کے ذریعہ سے بھی دینا جائز ہوا، خلاصہ یہ کہ تراضی علی الکفالۃ لواحدٍ من المستحقین جائز ہے، اور تراضی علی الرق بعد الحریۃ جائز نہیں۔[1]

قولہ: "وَقَالَ لَهُ قَوْلًا شَدِيدًا" (ص:۵۴ سطر:۳)

وقد جاء في رواية أخرىٰ تفسير هذا القول الشديد قال: "لو علمنا ما صلينا عليه" كما في شرح النوويؒ۔[2]

باب جواز بيع المدبَّر (ص:۵۴)

۴۳۱۴- "حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادٌ -يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ- عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ أَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ يَشْتَرِيهِ مِنِّي؟ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ، فَدَفَعَهَا إِلَيْهِ۔

قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُولُ: عَبْدًا قِبْطِيًّا مَاتَ عَامَ أَوَّلَ۔"

(ص:۵۴ سطر:۶تا۸)

---

(۱) احکام القرآن للجصاصؒ ج:۲ ص:۱۳۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۴، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۹۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "أَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ" (ص:۵۴ سطر:۷)

إعتاق عن دبر سے مراد تدبیر ہے،[1] یعنی مولیٰ غلام سے یوں کہے کہ: "إذا متُّ فأنت حرٌّ" تو ایسا غلام مدبّر کہلاتا ہے،[2] جس کا حکم یہ ہے کہ مولیٰ کی موت سے پہلے تو وہ رقیق ہے اور موت کے بعد یہ دیکھا جائے گا کہ وہ ثُلُثِ مال کی قیمت کا ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو پورا آزاد ہوجائے گا، ورنہ بقدر الثلث آزاد ہوجائے گا، اور باقی حصے کا وہی حکم ہے جو عبدِ مشترک کے بعض حصے کے إعتاق کا پچھلے سے پچھلے باب میں گزر چکا، مگر یہاں چونکہ معتق زندہ نہیں ہوتا اس لئے وارثوں کو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک صرف دو چیزوں کا اختیار ہوگا کہ یا تو اپنے حصے کو آزاد کردیں، یا غلام سے سعایة کرائیں۔ اور صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک باقی حصہ بھی مولیٰ کی موت کے وقت ہی آزاد ہوجائے گا، اور وارث اس سے سعایة کرا سکیں گے۔[3]

پھر مدبّر کی دو قسمیں ہیں، مطلق اور مقیّد۔ مطلق کی صورت اُوپر بیان ہوئی، اور مقیّد کی صورت یہ ہے کہ مولیٰ غلام سے کہے: "إذا متُّ في سفري هذا أو في مرضي هذا أو في شهر كذا أو في يوم كذا ونحو ذلك فأنت حُرٌّ"۔[4]

مدبّر مقید کے بارے میں تو فقہاء کا اتفاق ہے کہ اس کی بیع جائز ہے۔[5] اور مدبّر

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۵۴، وحاشية صحيح مسلم للذهنيّ ج:۲ ص:۹۰، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۵۰ و۱۵۱، وعمدة القاري ج:۱۲ ص:۴۹ كتاب البيوع، باب بيع المدبر۔

(۲) بدائع الصنائع ج:۳ ص:۵۶۴ كتاب التدبير، والتاتارخانية ج:۴ ص:۳۷۰ كتاب العتاق، الفصل الحادي عشر في التدبير۔

(۳) التاتارخانية ج:۴ ص:۳۷۸ كتاب العتاق، الفصل الحادي عشر في التدبير، وبدائع الصنائع ج:۳ ص:۵۷۰، ۵۷۱ كتاب التدبير۔

(۴) عمدة القاري ج:۱۲ ص:۴۹ كتاب البيوع، باب بيع المدبر، وانوار المحمود ج:۲ ص:۴۳۵ كتاب العتق، باب بيع المدبر، وبذل المجهود ج:۱۶ ص:۲۸۸ كتاب العتق، باب بيع المدبر، والتاتارخانية ج:۴ ص:۳۷۰ كتاب العتاق، الفصل الحادي عشر في التدبير، وبدائع الصنائع ج:۳ ص:۵۶۴ كتاب التدبير۔

(۵) انوار المحمود ج:۲ ص:۴۳۶ كتاب العتق، باب بيع المدبر، وبذل المجهود ج:۱۶ ص:۲۸۸ كتاب العتق، باب بيع المدبر۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مطلق کے بارے میں اختلاف ہے، امام شافعیؒ، امام احمدؒ اور ان کے موافقین کے نزدیک اس کی بیع قبل موتِ سیّدہٖ جائز ہے۔ ان کا استدلال حدیثِ باب سے ہے، اور حنفیہ، مالکیہ، حضرت علی، حضرت ابنِ مسعود، حضرت زید بن ثابت، حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہم (کما فی البیهقی)[1] اور جمہور فقہاء کے نزدیک اس کی بیع جائز نہیں، سواء کان المولٰی حیًّا او میّتًا۔[2]

ہمارا استدلال ابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث سے ہے: "المدبر لا یُباعُ ولا یوهب وهو حُرٌّ من ثلث المال" (رواه الدارقطني والبيهقي)۔[3] یہ قول مرفوعاً روایت کیا گیا ہے، لیکن دارقطنی نے اس کے مرفوع ہونے کو ضعیف اور موقوف ہونے کو صحیح قرار دیا ہے، لیکن یہ مرفوعاً بھی چونکہ متعدّد طرق سے آیا ہے، اگر وہ سب طرق ضعیف ہوں تب بھی تعدّدِ طرق کے باعث حسن لغیرہٖ ہوگا۔

اور علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ نے یہ جواب دیا ہے کہ اس کا موقوف ہونا ہمارے لئے مضر نہیں، اس لئے کہ منع عن بیع المدبر، غیر مدرك بالقیاس ہے، کیونکہ موتِ سیّد سے پہلے مدبر پورا کا پورا (یداً ورقبةً) رقیق ہے، اور قیاس کا تقاضا ہے کہ رقیق کی بیع جائز ہو، اور غیر مدرك بالقیاس اُمور میں قولِ صحابی حکماً مرفوع ہوتا ہے، چنانچہ یہ بمنزلہ قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے، لہٰذا اس کو حدیثِ باب پر ترجیح ہوگی، کیونکہ حدیثِ باب فعلی ہے، فهو واقعة حال لا عموم لها، اور ابنِ عمرؓ کی حدیث قولی ہے، نیز حدیث ابنِ عمرؓ مُحرِّم ہے اور حدیثِ باب مبیح، والترجیح للمحرِّم، نیز حدیثِ باب کے تین جواب اور دیئے گئے ہیں، کہ ہوسکتا ہے کہ:-

۱- وہ مدبر مقیّد ہو، مطلق نہ ہو۔

۲- یہ ابتدائے اسلام کا واقعہ ہو جبکہ دَین کے بدلے میں حر کی بیع بھی جائز تھی، کما نقله

---

(۱) السنن الکبریٰ للبیهقی ج:۱ ص:۳۱۴، باب من قال لا یباع المدبر وباب المدبر من الثلث۔

(۲) عمدة القاری ج:۱۲ ص:۴۹ کتاب البیوع، باب بیع المدبر، وانوار المحمود ج:۲ ص:۴۳۵ کتاب العتق، باب بیع المدبر، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۵۱۔

(۳) السنن الکبریٰ للبیهقیؒ ج:۱۰ ص:۳۱۴، وسنن الدارقطنی ج:۳ ص:۳۷۴ رقم الحدیث: ۴۱۸۸ کتاب المکاتب۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابن الھمامؒ فی فتح القدیر،[۱] جب حر کی بیع منسوخ ہوئی[۲] تو بیع المدبر بھی منسوخ ہوگئی، بحدیث ابن عمرؓ۔

۳۔ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الکوکب الدری'' میں ایک جواب یہ دیا ہے، اور وہ مجھے زیادہ قرینِ قیاس معلوم ہوتا ہے کہ ممکن ہے یہاں پر بیع کا لفظ مجازاً استعمال ہوا ہو اور مراد یہ ہو کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میّت کے وارثوں کو اس مدبر کی دوثلث قیمت دِلوانے کے لئے اس غلام سے سعایۃ کرایا ہو، (جیسا کہ پچھلے باب میں آیا ہے کہ "فان لم یکن له (ای للمعتق) مالٌ أُستسعی العبدُ غیر مشقوق علیه" یہاں چونکہ عبد کو مُدبّر بنانے والا مُعسر تھا، یا اس کا انتقال ہو چکا تھا، اس لئے وارثوں کو اُن کا حصہ (دوثلث) دلوانے کے لئے یا اگر میّت پر دین تھا تو وہ اداء کرانے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے استسعاء کروایا ہو) اور نعیم بن عبداللہ نے اس کی کفالت کی ہو، جو صورۃً بیع ہوئی، حقیقۃً نہیں، راوی نے اس کو لفظِ "بیع" سے تعبیر کیا، یہ تأویل اگرچہ الفاظ حدیث الباب کے اعتبار سے کچھ بعید سی معلوم ہوتی ہے، مگر قرینِ قیاس ضرور ہے ورنہ حدیث الباب کا تعارض مذکورہ بالا حدیث سے بھی لازم آئے گا جس میں استسعاء کا حکم ہے۔[۳]

۴۳۱۵۔ "حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، عَنِ ابْنِ عُیَیْنَةَ قَالَ اَبُوْ بَکْرٍ: نَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ قَالَ: سَمِعَ عَمْرٌو جَابِرًا یَقُوْلُ: دَبَّرَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ غُلَامًا لَهُ لَمْ یَکُنْ لَهُ مَالٌ غَیْرُهُ، فَبَاعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

قَالَ جَابِرٌ: فَاشْتَرَاهُ ابْنُ النَّحَّامِ عَبْدًا قِبطِیًّا، مَاتَ عَامَ اَوَّلَ فِیْ إِمَارَةِ ابْنِ الزُّبَیْرِ۔" (ص:۵۴ سطر:۸ تا ۱۰)

قوله: "عامَ اوّلَ" (ص:۵۴ سطر:۱۰)

موصوف کی اضافت صفت کی طرف ہے (الحل المفهم)۔[۴]

---

(۱) فتح القدیر ج:۵ ص:۱۸ تا ۲۳ کتاب العتاق، باب التدبیر، وعمدۃ القاری ج:۱۲ ص:۴۹ کتاب البیوع، باب بیع المدبر، وبذل المجهود ج:۱۶ ص:۲۸۸ کتاب العتق، باب بیع المدبر، وانوار المحمود ج:۲ ص:۴۳۷ کتاب العتق، باب بیع المدبر، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۵۱ و ۱۵۲ وأوجز المسالك ج:۱۱ ص:۲۳، ۲۴۔

(۲) ای بقوله تعالیٰ: "وَإِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلٰى مَيْسَرَةٍ" کذا فی فتح القدیر (کتاب الاعتاق، باب التدبیر ج:۵ ص:۱۹) (من الأستاذ مدظلهم)۔

(۳) الکوکب الدری ج:۱ ص:۳۵۶ فی شرح جامع الترمذی، ابواب البیوع، باب بیع المدبر۔

(۴) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۸۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

كتاب القسامة والمحاربين والقصاص والدّيات

باب القسامة (ص:٥٤)

٤٣١٨- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: ثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَحْيٰى -وَهُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ- عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِى حَثْمَةَ، قَالَ يَحْيٰى: وَحَسِبتُ قَالَ: وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ اَنَّهُمَا قَالَا: خَرَجَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ سَهْلِ بْنِ زَيْدٍ وَمُحَيِّصَةُ بْنُ مَسْعُوْدِ بْنِ زَيْدٍ، حَتّٰى إِذَا كَانَا بِخَيْبَرَ تَفَرَّقَا فِيْ بَعْضِ مَا هُنَالِكَ۔ ثُمَّ إِذَا مُحَيِّصَةُ يَجِدُ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ سَهْلٍ قَتِيْلًا، فَدَفَنَهُ ثُمَّ اَقْبَلَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَحُوَيِّصَةُ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ، وَكَانَ اَصْغَرَ الْقَوْمِ، فَذَهَبَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ لِيَتَكَلَّمَ قَبْلَ صَاحِبَيْهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "كَبِّرِ" الْكُبْرَ فِي السِّنِّ فَصَمَتَ۔ فَتَكَلَّمَ صَاحِبَاهُ وَتَكَلَّمَ مَعَهُمَا۔ فَذَكَرُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْتَلَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ۔ فَقَالَ لَهُمْ: اَتَحْلِفُوْنَ خَمْسِيْنَ يَمِيْنًا فَتَسْتَحِقُّوْنَ صَاحِبَكُمْ اَوْ قَاتِلَكُمْ؟ قَالُوْا: وَكَيْفَ نَحْلِفُ؟ وَلَمْ نَشْهَدْ۔ قَالَ: "فَتُبْرِئُكُمْ"[1] يَهُوْدُ بِخَمْسِيْنَ يَمِيْنًا۔" قَالُوْا: وَكَيْفَ نَقْبَلُ اَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ؟ فَلَمَّا رَاَى ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطٰى عَقْلَهُ۔" (ص:٥٤ سطر:١٤ تا ص:٥٥ سطر:٣)

---

(١) قولہ: "فَتُبْرِئُكُمْ" (ص:٥٥ سطر:٣) یہ باب افعال سے بھی ہوسکتا ہے اور باب تفعیل سے بھی، اور مطلب علامہ نوویؒ نے اس کا یہ بیان کیا ہے کہ یہود پچاس قسمیں کھا کر تمہارے دعوے سے بری ہو جائیں گے (ای تبرأ الیکم من دعواکم) رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "فَذَهَبَ" (ص:۵۵ سطر:۱) افعالِ شروع میں سے ہے، یعنی عبدالرحمٰن بات کرنے لگے۔

قولہ: "كَبِّرْ" (ص:۵۵ سطر:۱)

بابِ تفعیل سے امر کا صیغہ ہے، اور مطلب یہ ہے کہ بڑے کو مقدم کرو، یعنی گفتگو کا آغاز بڑے کو کرنا چاہئے۔ اور آگے "الْكُبْرَ فِي السِّنِّ" میں "الكُبْرَ" (بضم الكاف وسكون الباء الموحدة التحتانية) کے معنی ہیں اکبر۔ یہاں ایک احتمال تو یہ ہے کہ یہ پورا مرکب راوی نے بطور تفسیر جملۂ معترضہ کے طور پر درج کیا ہو۔ اس صورت میں اس سے پہلے فعل "يُرِيْدُ" یا "يعني" محذوف ماننا پڑے گا اور "الكُبْرَ فِي السِّنِّ" اُس کا مفعول بہ ہوگا اور راوی کے اس قول کا مطلب یہ ہوگا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لفظ "كَبِّــر" فرمایا اُس سے عمر میں بڑا امراد ہے، اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ راوی نے ادراج صرف لفظ "فى السِّنّ" کا کیا ہو، اور "الكُبْرَ" خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد ہی کا حصہ ہو، یعنی "كَبِّر" کا مفعول بہ ہو (نووی وتکملة)۔[1]

قسامت مصدر ہے بمعنی إقسام، یعنی قسم کھانا، اور اصطلاحِ شریعت میں ان خاص قسموں کو کہا جاتا ہے جو ایسے مقتول کے قاتل کی تحقیق میں لی جاتی ہیں جو کسی جگہ پایا جائے مگر بیّنة سے اس کے قاتل کی تعیین نہ ہو سکے۔[2]

قسامت جمہور فقہاء کے نزدیک ثابت ہے، لیکن اس کی تفصیل میں اختلاف ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اس کی تفصیل[3] یہ ہے کہ کسی ایسی جگہ جو کسی فرد یا افراد کی مملوک یا مقبوض ہو، جب کوئی ایسی میّت پائی جائے جس کے اُوپر قتل کے آثار مثلاً جرح، ضرب اور خنق کے نشانات ہوں مگر قاتل معلوم نہ ہو اور اولیائے مقتول اس جگہ کے معیّن یا غیر معیّن کسی ایک یا

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۵۔

(۲) النهاية لابن الأثيرؒ ج:۴ ص:۶۲، ومجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۲۷۴، ۲۷۵، وعمدة القارى ج:۲۴ ص:۵۷ كتاب الديات، باب القسامة، وبذل المجهود ج:۱۸ ص:۳۲ كتاب الديات، باب القسامة۔

(۳) البناية للعينيؒ ج:۴ ص:۵۵۵، ۵۵۶ كتاب الديات، باب القسامة، وانوار المحمود ج:۲ ص:۵۱۸ كتاب الديات، باب القسامة، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۲۰، وحاشية الكوكب الدرى ج:۲ ص:۳۷۱ ابواب الديات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب ما جاء في القسامة، وتكملة البحر الرائق ج:۹ ص:۱۸۸، ۱۸۹ كتاب الديات، باب القسامة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

زیادہ لوگوں کو متہم کریں (یعنی متہم اشخاص کی تعیین کریں یا نہ کریں) اور قسامت کا مطالبہ کریں تو ان سے کہا جائے گا کہ اس جگہ کے لوگوں میں سے پچاس آدمیوں کا انتخاب کریں جن سے قسمیں لی جائیں گی، چنانچہ ان میں سے ہر ایک یہ قسم کھائے گا کہ "باللہ ما قتلتُه وما علمتُ له قاتلًا" اگر پچاس آدمی پورے نہ ہوں تو موجودین پر یمین مکرّر آئے گی، إلى ان یتمّ خمسون یمینًا، اگر یہ لوگ قسمیں کھالیں تو یہ سب حبس اور قصاص سے بَری ہوجائیں گے لیکن ان کے عاقلہ پر دیت لازم ہوجائے گی، خواہ دعویٰ قتلِ عمد کا ہو یا قتلِ خطأ کا، کیونکہ ان کی مقبوض یا مملوک جگہ پر قتل کا ہوجانا بہرحال ان کی غفلت اور تقصیر کی علامت ہے اور اگر کوئی ایک یا سب نکول کریں تو نکول کرنے والوں کو قید میں رکھا جائے گا، إلى ان یحلفوا او یقرّوا بالقتل او یخبروا بالقاتل۔[۱]

امام شافعیؒ کے نزدیک قسامت اس صورت میں واجب ہوتی ہے جبکہ قتل ایسے محلّہ میں ہوا ہو جو بڑے شہر سے منفصل ہو، یا قریۂ صغیرہ میں ہوا ہو، اور اولیائے مقتول کسی معین شخص یا اشخاص معینین پر دعویٰ کریں کہ انہوں نے قتل کیا ہے، اور بیّنة موجود نہ ہو۔

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جب "لوث"[۲] موجود ہو تو یمین کی ابتداء اولیائے مقتول یعنی مدعین سے ہوگی، وہ پچاس قسمیں کھائیں گے کہ: "إن فلانًا قتله" (کذا فی التکملة)۔[۳] اور نوعیتِ قتل بھی بیان کریں گے قتلِ عمد ہے، یا شبہ العمد ہے یا قتلِ خطأ، اگر وہ قسمیں کھالیں تو امام شافعیؒ کے نزدیک مدعا علیہ پر دیت واجب ہوگی، جبکہ دعویٰ قتلِ عمد کا ہو، اور اگر دعویٰ شبہ العمد یا خطأ کا ہو تو دیت اس کے عاقلہ پر واجب ہوگی۔ اور اگر اولیائے مقتول نکول کریں، تو مدعا علیہم سے پچاس قسمیں لی جائیں گی کہ انہوں نے قتل نہیں کیا، اگر وہ قسمیں کھالیں تو وہ اور ان کے عاقلہ دیت سے بَری ہوجائیں گے، اور اگر نکول کریں تو اب قسموں کا مطالبہ دوبارہ اولیائے مقتول (مدعین) سے کیا جائے گا۔

اور اگر "لــــوث" نہ پایا جائے تو قسموں کا مطالبہ اوّلاً مدعا علیہم سے ہوگا، وہ پچاس قسمیں کھالیں تو وہ اور عاقلہ بَری ہوجائیں گے، اور اگر نکول کریں تو اولیائے مقتول سے پچاس قسمیں لی جائیں گی جن کے بعد مدعا علیہ یا اس کے عاقلہ پر دیت اسی تفصیل کے ساتھ واجب ہوجائے گی جو

(۱) یہ پوری تفصیل ہدایہ میں مذکور ہے، کتاب الدیات، اوّل باب القسامة (ج:۴ ص:۱۳۴، ۱۳۵)۔ رفیع

(۲) "لوث" کی تفصیل آگے آئے گی۔ رفیع

(۳) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۶۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لـوث کی صورت میں بیان ہوئی۔ اور امام مالکؒ واحمدؒ کا مذہب امام شافعیؒ کے موافق ہے، البتہ چند اُمور میں فرق ہے:-

۱- ایک یہ کہ لوث کی صورت میں جب اولیائے مقتول قسمیں کھالیں تو دعویٰ اگر قتلِ عمد کا ہوتو امام شافعیؒ کے نزدیک دیت واجب ہوتی ہے، مگر امام مالکؒ واحمدؒ کے نزدیک قصاص واجب ہوگا۔[1]

۲- دُوسرا فرق یہ ہے کہ عدم اللوث کی صورت میں حنابلہ کے نزدیک مدعا علیہ صرف ایک قسم کھائے گا، بظاہر یہی مذہب[2] مالکیہ کا ہے، جبکہ شوافع کے نزدیک دونوں صورتوں میں پچاس قسمیں کھائے گا، جس کا حاصل یہ ہے کہ عدم اللوث کی صورت میں مالکیہ وحنابلہ کے نزدیک قسامت ہے ہی نہیں، بلکہ دُوسرے قضایا کی طرح عام قاعدے کے مطابق "الیمین علی من انکر" پر عمل ہوگا۔[3]

۳- تیسرا فرق یہ ہے کہ لوث کی صورت میں جب مدعا علیہ نکول کرے، تو امام شافعیؒ کے نزدیک قسموں کا مطالبہ دوبارہ اولیائے مقتول سے کیا جائے گا، اور مالکیہ وحنابلہ کے نزدیک دوبارہ اولیائے مقتول سے قسموں کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا، بلکہ مالکیہ کے نزدیک مدعا علیہ کو قید رکھا جائے گا، یہاں تک کہ یا تو وہ قتل کا اقرار کرلے، یا حلف کرے یا مرجائے، اور حنابلہ کے نزدیک قید کرنے کے بجائے اس پر دیت واجب ہوگی۔ اور ان کی ایک روایت میں یہ ہے کہ اس صورت میں دیت بیت المال سے ادا کی جائے گی۔[4]

مذکورہ بالا تفصیل کی رُو سے ائمۂ ثلاثہ سے ہمارا اختلاف کئی مقامات پر ہے، جن میں سے بڑے اور بنیادی اختلاف تین ہیں:

---

(۱) إکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۹۵۔

(۲) کیونکہ مالکیہ کے یہاں عدم اللوث کی صورت میں قسامت نہیں ہوتی (کما صرّح به مالك فی المؤطا ص:۶۸۱، کتاب القسامة)۔ رفیع

(۳) إکمال المعلم ج:۵ ص:۴۵۲، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۳۹۹، والمغنی لابن قدامةؒ ج:۱۰ ص:۲، ۷ کتاب الدیات، باب القسامة۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۵، والشرح الصغیر للدردیرؒ ج:۴ ص:۴۲۱ باب فی احکام الجنایة الخ، القسامة، تعریفها، قبیل باب البغی، والمغنی ج:۱۰ ص:۲۲ کتاب الدیات، باب القسامة، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۷۸، والهدایة ج:۴ ص:۶۳۴ کتاب الدیات، باب القسامة، والمبسوط للسرخسیؒ ج:۲۶ ص:۱۰۸ کتاب الدیات، باب القسامة، والبنایة ج:۴ ص:۵۵۶ کتاب الدیات، باب القسامة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

① ایک یہ کہ ان کے نزدیک لوث اور عدم اللوث کے اَحکام مختلف ہیں۔ ہمارے نزدیک مختلف نہیں، اور لوث کا مطلب یہ ہے کہ کوئی ایسی علامت پائی جائے جس سے اولیائے مقتول کے دعوے کی تائید ہوتی ہو، مثلاً مقتول اور مدعا علیہ کے درمیان پہلے سے عداوت معروف ہو یا مثلاً مقتول کی طرف سے اہلِ محلّہ کا کوئی آدمی اس حالت میں آتا ہوا دِکھائی دے کہ اس کے اُوپر کوئی علامتِ قتل موجود ہو، یا شہادۃٌ عدل ہو، ونحو ذٰلك۔ (۱)

ائمہ ثلاثہ کی دلیل یہ ہے کہ انصار اور یہودِ خیبر کے درمیان عداوت معروف تھی جو لوث کی ایک صورت ہے، اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمین کا مطالبہ اوّلاً اولیائے مقتول سے فرمایا۔ (۲)

ہمارا جواب یہ ہے کہ فتحِ خیبر سے پہلے تو عداوت تھی، فتحِ خیبر کے بعد صلح ہوگئی تھی، جیسا کہ صحیح مسلم میں اسی باب کی ایک روایت میں صراحت ہے کہ: ''وھی یومئذ صلح وأھلھا یھود'' (ص:۵٦ سطر:۱۰)۔

② دُوسرا اختلاف یہ ہے کہ ان کے نزدیک بعض صورتوں میں جو پیچھے بیان ہوئیں قسمیں اولیائے مقتول سے لی جاتی ہیں، اور ہمارے نزدیک ہر صورت میں اہلِ محلّہ ہی سے قسمیں لی جاتی ہیں، اولیائے مقتول سے کسی صورت میں نہیں لی جاتیں۔ (۳)

ائمہ ثلاثہ کی دلیل حدیثِ باب کا یہ جملہ ہے: ''فقال لھم: أتحلفون خمسین یمیناً فتستحقون صاحبکم أو قاتلکم؟ قالوا: وکیف نحلف ولم نشھد'' اس میں اولیائے مقتول سے یمین کا مطالبہ کیا گیا ہے اور ان کے انکار پر ردّ الیمین علی الیھود کا ذکر ہے۔

ہماری دلیل وہ حدیثِ مرفوع ہے جو صحیحین (۴) میں سندِ صحیح کے ساتھ آئی ہے کہ: ''الیمین علی المدعٰی علیه'' اور بیہقی (۵) میں ان الفاظ کے ساتھ ہے کہ: ''البیّنة علی المدعی والیمین

---

(۱) الھدایة ج:۴ ص:۶۳۴ کتاب الدیات، باب القسامة۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۵۔

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: بدائع الصنائع ج:۷ ص:۳۵۳ کتاب الجنایات، الکلام فی القسامة وتفسیرھا، والھدایة ج:۴ ص:۶۳۴ تا ۶۳۶ کتاب الدیات، باب القسامة۔

(۴) صحیح البخاری ج:۱ ص:۳۶۷، باب الیمین علی المدعٰی علیه .... إلخ، وصحیح مسلم ج:۲ ص:۷۴ کتاب الأقضیة، باب الیمین علی المدعٰی علیه۔

(۵) السنن الکبریٰ للبیھقیؒ ج:۱۰ ص:۲۵۲، باب البیّنة علی المدعی .... الخ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علی من انکر" اس میں قاعدہ کلیہ بیان کیا گیا ہے، اور حدیثِ باب میں واقعۂ جزئیہ ہے۔

پھر قسامت کا یہ واقعہ مختلف طرق، مختلف الفاظ اور مختلف تفصیلات کے ساتھ کتبِ حدیث میں آیا ہے، صحیح بخاری[1]، سنن ابی داؤد، مصنف ابن ابی شیبہ، مصنف عبدالرزاق اور معجم طبرانی وغیرہ کی متعدد روایات میں صراحت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمین کا مطالبہ اولاً یہود[2] سے کیا تھا، اور جن روایات میں[3] بدایۃ الیمین بالمدعین کا ذکر ہے، کما فی حدیث الباب، تو ان کے دو جواب ہیں:-

١- ایک یہ کہ یہ روایات اس قاعدۂ کلیہ مذکورہ بالا کے منافی ہیں جو صحیحین اور بیہقی میں آیا ہے، یعنی "الیمین علی المدعیٰ علیہ" لہٰذا ترجیح بخاری وابوداؤد وغیرہ کی ان روایات کو ہوگی جو اس قاعدہ کے معارض نہیں۔ دُوسرے الفاظ میں ہمارا جواب یہ ہے کہ یہ روایت ایک واقعۂ جزئیہ پر مشتمل ہے یعنی حدیثِ فعلی ہے اور ہماری پیش کردہ حدیث حدیثِ قولی ہے جس میں قاعدۂ کلیہ بیان کیا گیا ہے۔ لہٰذا ترجیح حدیثِ قولی کو ہوگی۔

٢- دُوسرا جواب یہ ہے کہ یہ جملہ ائمۂ ثلاثہ کی دلیل میں صریح نہیں، کیونکہ اس میں یہ احتمال ہے کہ "اتحلفون .... إلخ" میں استفهام بہ طور تعجیز کے ہو، یعنی یہ ظاہر کرنے کے لئے ہو کہ تم یہ قسمیں نہیں کھا سکو گے کہ فلاں شخص یا فلاں فلاں اشخاص قاتل ہیں، کیونکہ تم نے اس واقعے کا مشاہدہ نہیں کیا۔ یعنی جب اولیائے مقتول نے اصرار کیا کہ قاتل ضرور بالضرور اہلِ خیبر کا آدمی ہے اور ان کی قسموں کا ہمیں اعتبار نہیں (جیسا کہ بخاری وابوداؤد وغیرہ میں ہے) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور تعجیز کے یہ فرمایا ہو کہ کیا تم پچاس قسمیں کھا کر قاتل کے مستحق بن جاؤ گے؟ یعنی تم یہ قسمیں نہیں

---

(١) فی القسامة عن بشیر بن یسار (ج:٢ ص:١٠١٨)، نیز صحیح بخاری میں یہ بھی صراحت ہے کہ قسامت جاہلیت میں قسمیں مدعاعلیہم سے لی جاتی تھیں، رواہ البخاری عن ابن عباس فی المناقب باب القسامة فی الجاهلیة (ج:١ ص:٥٤٢)۔ اور آگے مسلم ہی کی روایت میں آرہا ہے کہ: ان رسول الله صلی الله علیه وسلم اقر القسامة علیٰ ما کانت علیه فی الجاهلیة (ص:٥٧)۔ رفیع

(٢) بلکہ صحیح بخاری میں بشیر بن یسار کی روایت میں صرف یہود کی قسموں کا ذکر ہے (ج:٢ ص:١٠١٨)۔ رفیع

(٣) سنن ابی داؤد ج:٢ ص:٦٢١ کتاب الدیات، باب القسامة، ومصنف ابن ابی شیبة ج:٩ ص:٣٧٦ رقم الحدیث: ٧٨٥٥، ومصنف عبدالرزاق ج:١٠ ص:٢٧ رقم الحدیث: ١٨٢٥٢، والمعجم الکبیر للطبرانیؒ ج:٦ ص:١٢١، ١٢٢، رقم الحدیث: ٥٦٢٩۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کھا سکو گے کیونکہ تم نے اس واقعے کا مشاہدہ نہیں کیا۔

اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ اِحتمال ذکر فرمایا ہے کہ یہ اِستفہام انکاری ہو، اور مطلب یہ ہو کہ تم قسمیں کھا کر قاتل کے مستحق نہیں بن سکتے۔ بلکہ دعوے کے ثبات کے لئے بینہ ضروری ہے (الکوکب الدری)۔[1]

اس تأویل کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ شوافع کے نزدیک قسامت میں حلف صرف وارث کرتے ہیں، غیر وارث سے حلف نہیں لیا جاتا،[2] حالانکہ حدیثِ مسلم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد منقول ہے کہ: "یقسم خمسون منکم علی رجل منهم" (کما فی الروایة الثانیة من الباب، ص:۵۶ سطر:۴)، اور روایتِ اُولیٰ میں ہے کہ: "اتحلفون خمسین یمینًا؟" اور خطاب عبدالرحمٰن، حویّصة اور محیّصة سے ہے، حالانکہ محیّصة و حویّصة مقتول کے وارث نہ تھے، اس لئے علامہ نووی ؒ کو ان روایتوں میں تأویل کرنی پڑی ہے۔[3]

(۳) تیسرا اختلاف یہ ہے کہ اہلِ محلّہ یا مدعا علیہم جب پچاس قسمیں کھالیں تو ان کے ذمے سے ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دیت ساقط ہو جاتی ہے، ہمارے نزدیک ساقط نہیں ہوتی، ائمہ ثلاثہ کی دلیل حدیثِ باب کا یہ جملہ ہے کہ: "فتبرئكم يهود بخمسين يمينًا" یعنی یہود پچاس قسمیں کھا کر تمہارے سامنے بَری ہو جائیں گے، ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں کہ یہاں بَری ہونا دیت سے ہے، اور عقلی دلیل یہ ہے کہ شریعت میں یمین دفع اور براءة عن دعوى المدعي کے لئے وضع ہوئی ہے، اگر قسامت کے باوجود دیت سے بَری نہ ہو تو یمین کا کوئی فائدہ نہ رہا۔[4]

ہماری پہلی دلیل مسلم کے اسی باب کے اَواخر میں ایک حدیث ہے: "ان رسول الله صلى الله عليه وسلم أقر القسامة على ما كانت عليه في الجاهلية" (ص:۵۷ سطر:۲،۳)۔ اور

---

(۱) الكوكب الدري ج:۲ ص:۳۷۲ ابواب الديات، باب ما جاء في القسامة، وإعلاء السنن ج:۱۸ ص:۲۶۸ كتاب الجنايات، باب في كيفية القسامة، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۲۶، وفتح الباري ج:۱۲ ص:۲۳۹ كتاب الديات، باب القسامة، وبدائع الصنائع ج:۶ ص:۳۵۴ كتاب الجنايات، الكلام في القسامة وتفسيرها۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۵۶۔

(۳) بحوالۂ بالا۔

(۴) البناية ج:۴ ص:۵۵۸، والهداية ج:۴ ص:۶۳۴، ۶۳۵ كتاب الجنايات، باب القسامة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مصنف ابنِ ابی شیبہ میں سندِ جید کے ساتھ ایک روایت میں صراحت ہے کہ جاہلیت میں دیت اور قسامت دونوں کو جمع کیا جاتا تھا۔ (۱)

دُوسری دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وہ فیصلہ ہے جو وادعہ پر انہوں نے کیا تھا، اس فیصلے میں قسامت اور دیت دونوں کو واجب کیا گیا اور فرمایا: "إنه الحق"، ذكره الزيلعي في نصب الراية بأسانيد متعدّدة عن الكتب المتعدّدة۔ (۲)

اور ائمہ ثلاثہ کی دلیل کا جواب یہ ہے کہ اَیمان سے اہلِ محلّہ کو براءۃ عن الحبس والقصاص حاصل ہوجاتی ہے، پس "فتبرئكم يهود .... إلخ" کا مطلب یہ ہے کہ یہود اپنی قسموں کی بدولت قصاص اور حبس سے بَری ہوجائیں گے، لہٰذا یہ کہنا صحیح نہیں کہ یمین کا کوئی فائدہ نہ رہا۔

اور ہماری عقلی دلیل یہ ہے کہ ان کے محلے میں قتل کا ہوجانا، ان کی تقصیر کی علامت ہے، پس جس طرح قتلِ خطأ میں تقصیر کی وجہ سے دیت واجب ہوجاتی ہے اسی طرح یہاں بھی واجب ہوگی۔

اور ایک نقلی دلیل یہ ہے کہ مصنف ابنِ ابی شیبہ اور مصنف عبدالرزاق میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس واقعہ میں بھی جمع بين الدية والقسامة فرمائی تھی، واللہ اعلم۔ (۳)

۴۳۱۹- "حَدَّثَنِي عُبَيْدُاللهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ أَنَّ مُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُوْدٍ وَعَبْدَاللهِ بْنَ سَهْلٍ انْطَلَقَا قِبَلَ خَيْبَرَ فَتَفَرَّقَا فِي النَّخْلِ، فَقُتِلَ عَبْدُاللهِ بْنُ سَهْلٍ، فَاتَّهَمُوا الْيَهُوْدَ۔ فَجَاءَ أَخُوْهُ عَبْدُالرَّحْمٰنِ وَابْنَا عَمِّهِ حُوَيِّصَةُ وَمُحَيِّصَةُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَكَلَّمَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ فِيْ أَمْرِ أَخِيْهِ -وَهُوَ أَصْغَرُ مِنْهُمْ- فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "كَبِّرِ الْكُبْرَ أَوْ قَالَ: لِيَبْدَأِ الْأَكْبَرُ"۔ فَتَكَلَّمَا فِيْ أَمْرِ صَاحِبِهِمَا۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يُقْسِمُ

---

(۱) مصنف إبن أبي شيبة ج:۹ ص:۳۷۶ رقم الحديث: ۷۸۵۵۔

(۲) مصنف عبدالرزاق ج:۱۰ ص:۳۵ رقم الحديث: ۱۸۲۶۶، ونصب الراية ج:۴ ص:۳۹۴ رقم الحديث: ۸۰۱۸ تا ۸۰۲۰، والبناية للعينيؒ ج:۴ ص:۵۵۸ كتاب الجنايات، باب القسامة، والهداية ج:۴ ص:۶۳۵ كتاب الجنايات، باب القسامة۔

(۳) الهداية ج:۴ ص:۶۳۵، ۶۳۶ كتاب الجنايات، باب القسامة، والبناية للعينيؒ ج:۴ ص:۵۵۸، ۵۵۹ كتاب الجنايات، باب القسامة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

خَمْسُوْنَ مِنْكُمْ عَلٰی رَجُلٍ مِنْهُمْ، فَيُدْفَعُ بِرُمَّتِهٖ"۔ قَالُوْا: اَمْرٌ لَمْ نَشْهَدْهُ، كَيْفَ نَحْلِفُ؟ قَالَ: "فَتُبْرِئُكُمْ يَهُوْدُ بِاَيْمَانِ خَمْسِيْنَ مِنْهُمْ"۔ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَوْمٌ كُفَّارٌ۔ قَالَ: فَوَدَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِهٖ۔ قَالَ سَهْلٌ: فَدَخَلْتُ مِرْبَدًا لَهُمْ يَوْمًا فَرَكَضَتْنِي نَاقَةٌ مِنْ تِلْكَ الْاِبِلِ رَكْضَةً بِرِجْلِهَا۔" (ص:۵۶ سطر:۱ تا ۵)

قولہ: "فَيُدْفَعُ بِرُمَّتِهٖ" (ص:۵۶ سطر:۴)

"رُمّة" وہ رسّی جسے قاتل کی گردن میں باندھ کر ولیٔ مقتول کے سپرد کیا جائے۔ (۱)

قولہ: "مِرْبَدًا" (ص:۵۶ سطر:۵)

بکسر المیم وفتح الباء، اونٹوں کا باڑہ، یعنی وہ جگہ جہاں اونٹوں کو رکھا جاتا ہے۔

قولہ: "فَرَكَضَتْنِي نَاقَةٌ" (ص:۵۶ سطر:۵)

یعنی مجھے ایک اونٹنی نے لات ماردی۔

۴۳۲۲- "حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ سَهْلِ بْنِ زَيْدٍ وَمُحَيِّصَةَ بْنِ مَسْعُوْدِ بْنِ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيَّيْنِ ثُمَّ مِنْ بَنِيْ حَارِثَةَ خَرَجَا اِلٰى خَيْبَرَ فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ يَوْمَئِذٍ صُلْحٌ وَاَهْلُهَا يَهُوْدُ فَتَفَرَّقَا لِحَاجَتِهِمَا، فَقُتِلَ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ سَهْلٍ فَوُجِدَ فِيْ شَرْبَةٍ مَقْتُوْلًا فَدَفَنَهُ صَاحِبُهُ، ثُمَّ اَقْبَلَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَمَشٰى اَخُو الْمَقْتُوْلِ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةُ وَحُوَيِّصَةُ فَذَكَرُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاْنَ عَبْدِاللّٰهِ وَحَيْثُ قُتِلَ، فَزَعَمَ بُشَيْرٌ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ مَنْ اَدْرَكَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَهُمْ: تَحْلِفُوْنَ خَمْسِيْنَ يَمِيْنًا وَتَسْتَحِقُّوْنَ قَاتِلَكُمْ اَوْ صَاحِبَكُمْ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا شَهِدْنَا وَلَا حَضَرْنَا، فَزَعَمَ اَنَّهُ قَالَ: فَتُبْرِئُكُمْ يَهُوْدُ بِخَمْسِيْنَ فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ نَقْبَلُ اَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ، فَزَعَمَ بُشَيْرٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَلَهُ مِنْ عِنْدِهٖ۔" (ص:۵۶ سطر:۸ تا ۱۳)

قولہ: "وَهِيَ يَوْمَئِذٍ صُلْحٌ" (ص:۵۶ سطر:۱۰)

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۵۲، والنہایۃ لابن الاثیر ج:۲ ص:۲۶۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس سے ائمہ ثلاثہؒ کے اس قول کی نفی ہوتی ہے کہ جب یہ واقعہ پیش آیا اُس وقت یہودِ خیبر سے دشمنی تھی، لہٰذا "لَوْث" موجود تھا۔

قوله: "فِيْ شَرْبَةٍ" (ص:۵٦ سطر:۱۰)

بفتح الشين المعجمة والراء، وہ گڑھا جو درخت کی جڑ میں اس کے اِردگرد پانی بھرنے اور سیراب کرنے کے لئے بنایا جاتا ہے، اور آگے ایک روایت میں "فی عین او فقیر" آرہا ہے، اس سے بھی یہی مراد ہے۔ فقیر گڑھے کو بھی کہتے ہیں (نوویؒ)۔[1]

قوله: "عَقَلَهُ مِنْ عِنْدِهٖ" (ص:۵٦ سطر:۱۲)

آگے ایک روایت میں آرہا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دیت ابل الصدقہ سے ادا کی تھی اس تعارض کے کئی جوابات دیئے گئے ہیں، ایک یہ کہ "من عندہ" سے مراد بیت المال سے دینا ہے، دوسرا احتمال یہ ہے کہ آپ نے وہ ابل الصدقہ اپنے مال سے یا بیت المال کے مد سے خرید کر ادا کئے ہوں۔

باب حكم المحاربين والمرتدين (ص:۵۷)

۴۳۲۹- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ وَأَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ كِلَاهُمَا عَنْ هُشَيْمٍ -وَاللَّفْظُ لِيَحْيٰى- قَالَ: أَنَا هُشَيْمٌ عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ وَحُمَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ نَاسًا مِنْ عُرَيْنَةَ قَدِمُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ، فَاجْتَوَوْهَا. فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنْ شِئْتُمْ أَنْ تَخْرُجُوْا إِلٰى إِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَتَشْرَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا". فَفَعَلُوْا فَصَحُّوْا، ثُمَّ مَالُوْا عَلَى الرُّعَاءِ فَقَتَلُوْهُمْ وَارْتَدُّوْا عَنِ الْإِسْلَامِ، وَسَاقُوْا ذَوْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَعَثَ فِيْ أَثَرِهِمْ فَأُتِيَ بِهِمْ فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَسَمَلَ أَعْيُنَهُمْ وَتَرَكَهُمْ فِي الْحَرَّةِ حَتّٰى مَاتُوْا." (ص:۵۷ سطر:۵تا۹)

قوله: "مِنْ عُرَيْنَةَ" (ص:۵۷ سطر:۷)

اگلی روایت میں "انّ نفرًا من عُكل ثمانية" ہے ابوعوانہ اور طبرانی کی ایک روایت

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵٦۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میں ہے کہ چار آدمی قبیلہ عرینۃ کے تھے، اور تین عُکل کے، ممکن ہے آٹھواں آدمی اِن دونوں قبیلوں سے باہر کا ہو، اور ان کے ساتھ آ گیا ہو (تکملہ)۔[۱]

قوله: "فَاجْتَوَوْهَا" (ص:۵۷ سطر:۷) وقوله: "فاستوخموا" (ص:۵۷ سطر:۱۰)

کِلاهما بمعنٰی اس زمین کو ناموافق پایا، یعنی یہاں کی آب و ہوا ان کو موافق نہیں آئی۔[۲]

قوله: "سُمِلَ اَعْيُنُهُمْ" (ص:۵۷ سطر:۸)

یعنی اُن کی آنکھیں پھوڑ دی گئیں، اگلی روایت میں "سُمِرَ اعینهم" ہے (بالرّاء) یعنی ان کی آنکھوں میں آگ سے تپائی ہوئی سلائیاں یا سلاخیں گھما دی گئیں سُرمے کی سلائی کی طرح، ایک قول یہ ہے کہ دونوں کے ایک ہی معنی ہیں (نوویؒ)۔[۳]

اس حدیث میں متعدّد مسائل ہیں، ترجمة الباب سے متعلق مسئلہ یہ ہے کہ مرتد کی سزا بالاجماع قتل ہے، وهٰذا ظاهر في الباب، اور دُوسرا مسئلہ قطّاع الطريق کے بارے میں ہے، اس مسئلے میں اصل سورۂ مائدہ کی آیت ہے:-

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ۔[۴]

اس آیت کی تفسیر میں فقہائے کرامؒ کا اختلاف ہوا، امام مالکؒ کے نزدیک اس میں "او" تخییر کے لئے ہے، یعنی حاکم کو مذکورہ بالا چار سزاؤں میں سے جو بھی چاہے دینے کا اختیار ہے، البتہ اگر قطاع الطريق نے قتل کیا ہے تو سزا قتل ہی متعین ہے۔

حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک "او" تقسیم اور تنویع کے لئے ہے، یعنی یہ چار سزائیں چار جرائم کی ہیں، ہر جرم کی سزا اس کے مناسب ہے، چنانچہ اگر انہوں نے صرف إخافة الناس کی، تو سزا "نفي من الارض" ہے، اور اگر اَخذِ مال بھی کیا، تو "قطع الأيدي والأرجل من خلاف" ہے، اور اگر قتل کیا، تو قتل ہے، البتہ اگر انہوں نے قتل بھی کیا اور اَخذِ مال بھی، تو اس میں حضرت امام ابوحنیفہ

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۷۵۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۷، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۴۰۸، ومرقاة المفاتيح ج:۷ ص:۱۰۴ كتاب الديات، باب قتل اهل الردة والسعاة بالفساد، الفصل الأوّل۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۷۔ (۴) المائدة: ۳۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور امام شافعی رحمہما اللہ کا اختلاف ہے، امام شافعیؒ کے نزدیک اس صورت میں قتل اور تصلیب متعین ہے، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس صورت میں حاکم کو اختیار ہے کہ: ۱- إن شاء قطع أيديهم وأرجلهم من خلاف وقتلهم وصلبهم۔ ۲- وإن شاء قتلهم۔ ۳- وإن شاء صلبهم، (كذا في الهداية،[۱] في باب قطع الطريق، وليس كما ذكره النووي)۔ حدیثِ باب امام ابوحنیفہؒ کی مؤید ہے، کیونکہ عرنیین نے قتل اور اَخذِ مال دونوں جرم کیے تھے، مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تصلیب نہیں کی۔[۲]

۴۳۳۱- "حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ أَبِيْ رَجَاءٍ مَوْلٰى أَبِيْ قِلَابَةَ قَالَ: قَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ: نَا أَنَسُ ابْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمٌ مِنْ عُكْلٍ أَوْ عُرَيْنَةَ فَاجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ، فَأَمَرَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِقَاحٍ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَّشْرَبُوْا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا بِمَعْنٰى حَدِيْثِ حَجَّاجِ بْنِ أَبِيْ عُثْمَانَ، وَقَالَ: وَسُمِّرَتْ أَعْيُنُهُمْ وَأُلْقُوْا فِي الْحَرَّةِ يَسْتَسْقُوْنَ فَلَا يُسْقَوْنَ۔" (ص:۵۷ سطر:۱۳ تا ۱۴)

قوله: "بِلِقَاحٍ" (ص:۵۷ سطر:۱۵) لِقْحَةٌ کی جمع ہے دودھ دینے والی اونٹنیاں۔

۴۳۳۲- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ: نَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ح قَالَ: وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ قَالَ: نَا أَزْهَرُ السَّمَّانُ قَالَا: نَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ: نَا أَبُوْ رَجَاءٍ -مَوْلٰى أَبِيْ قِلَابَةَ- عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا خَلْفَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِالْعَزِيْزِ، فَقَالَ لِلنَّاسِ: مَا تَقُوْلُوْنَ فِي الْقَسَامَةِ؟ فَقَالَ عَنْبَسَةُ: قَدْ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ كَذَا وَكَذَا، فَقُلْتُ: إِيَّايَ حَدَّثَ أَنَسٌ، "قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمٌ" وَسَاقَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِ حَدِيْثِ أَيُّوْبَ وَحَجَّاجٍ۔ قَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ: فَلَمَّا فَرَغْتُ، قَالَ عَنْبَسَةُ:

---

(۱) الهداية ج:۲ ص:۵۵۵ كتاب السرقة، باب قطع الطريق، وفتح القدير ج:۵ ص:۴۰۷ تا ۴۰۹ كتاب السرقة، باب قطع الطريق، وأحكام القرآن للجصاصؒ ج:۲ ص:۴۰۸ تا ۴۱۰، والتفسير المظهري ج:۳ ص:۸۸، ۸۹، وروح المعاني ج:۶ ص:۱۲۰، ومعين الحكام ص:۲۲۷، والبناية ج:۲ ص:۷۸۱ كتاب السرقة، باب قطع الطريق، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۸۲۔

(۲) التفسير المظهري ج:۳ ص:۹۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سُبْحَانَ اللّٰهِ! قَالَ اَبُوْ قِلَابَةَ: فَقُلْتُ: اَتَتَّهِمُنِيْ يَا عَنْبَسَةُ! قَالَ: لَا، هٰكَذَا ثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، لَنْ تَزَالُوْا بِخَيْرٍ يَا اَهْلَ الشَّامِ! مَا دَامَ فِيْكُمْ هٰذَا اَوْ مِثْلُ هٰذَا۔"

(ص:۵۷ سطر:۱۶ تا ۱۹)

قولہ: "مَا تَقُوْلُوْنَ فِي الْقَسَامَةِ؟" (ص:۵۷ سطر:۱۷)

یعنی عمل بالقسامۃ مشروع ہے یا نہیں؟ یا یہ دریافت فرمانا چاہتے تھے کہ قسامت سے (دعویٰ قتلِ عمد کی صورت میں) قصاص واجب ہوتا ہے یا نہیں؟[1]

قولہ: "فَقَالَ عَنْبَسَةُ .... إلخ" (ص:۵۷ سطر:۱۷ تا ۱۹)

یہ روایت یہاں بہت مبہم ہے، صحیح بخاری (کتاب الدیات، باب القسامۃ) میں پوری روایت تفصیل سے آئی ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ جب حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے حاضرین سے قسامت کا حکم پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کہ: "القسامۃ القود بها حق" یعنی قسامت کی بنیاد پر قصاص لینا دُرست ہے، (چنانچہ امام مالکؒ واحمدؒ کا مذہب بھی لوث کی صورت میں یہی ہے جیسا کہ پچھلے باب میں بیان ہوا) اس پر حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے ابوقلابہؒ (راویٔ حدیثِ ہذا) کی رائے پوچھی، ابوقلابہؒ نے جواب دیا، جس کا حاصل یہ تھا کہ قسامت سے قصاص ثابت نہیں ہوسکتا، کیونکہ سزائے موت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف تین صورتوں میں دی ہے۔

۱- النفس بالنفس، ۲- زنا بعد الإحصان، ۳- اللہ ورسول سے محاربۃ و إرتداد عن الإسلام۔[2] (پس اگر قسامت کی بناء پر قصاص لیا جائے تو یہ جرمِ قتل کی سزا نہیں ہوگی، کیونکہ جرمِ قتل بغیر بیّنہ یا اقرار کے ثابت نہیں ہوتا، بلکہ یہ اہلِ محلّہ کی غفلت اور اپنے علاقے کی حفاظت اور مظلوم کی نصرت میں تقصیر کی سزا ہوگی، اور یہ تقصیر اُن تین جرائم میں داخل نہیں جن کی سزا حدیث میں موت بیان فرمائی گئی ہے۔) اس پر حاضرین (حضرت عنبسہؒ وغیرہ) نے اعتراض کیا جس کا حاصل یہ تھا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے عُرَنیّین کا جو قصہ روایت کیا ہے، اس میں سرقہ پر سزائے موت دی گئی ہے، اس پر ابوقلابہؒ نے فرمایا کہ: انسؓ نے وہ قصہ خود مجھے اس طرح سنایا تھا (آگے وہ

(۱) تکملۃ فتح الملہم ج:۲ ص:۱۹۳۔

(۲) جیسا کہ ایک حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "لا یحل دم امریء مسلم یشهد ان لا اله إلّا الله وانّي رسول الله إلّا باحدی ثلث النفس بالنفس والثيب الزاني والمارق لدينه التارك للجماعة۔" (مشکوٰۃ ج:۱ ص:۲۹۹ کتاب القصاص، وصحیح البخاری ج:۲ ص:۱۰۱۶ کتاب الدیات)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پورا قصہ سنایا)، جس کا حاصل یہ ہے کہ عُرنیین کو سزائے موت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف سرقہ کی وجہ سے نہیں، بلکہ اِرتداد عن الاسلام، اخذِ مال اور قتل (حرابہ) کے جرم پر دی تھی۔

۴۳۳۴- "حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِنْ عُرَيْنَةَ، فَاَسْلَمُوْا وَبَايَعُوْهُ، وَقَدْ وَقَعَ بِالْمَدِيْنَةِ الْمُوْمُ وَهُوَ الْبِرسَامُ- ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيْثِهِمْ وَزَادَ "وَعِنْدَهُ شَبَابٌ مِنَ الْاَنْصَارِ، قَرِيْبٌ مِنْ عِشْرِيْنَ فَاَرْسَلَهُمْ إِلَيْهِمْ وَبَعَثَ مَعَهُمْ قَائِفًا يَقْتَصُّ اَثَرَهُمْ-"

(ص:۵۷ سطر:۲۱،۲۲ و ص:۵۸ سطر:۱،۲)

قوله: "اَلْمُوْمُ وَهُوَ الْبِرسَامُ" (ص:۵۸ سطر:۱)

هو نوعٌ من إختلال العقل، ويطلق على ورم الراس وورم الصدر (النوويؒ)-[1]

باب ثبوت القصاص في القتل بالحجر وغيره ...إلخ (ص:۵۸)

۴۳۳۷- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى- قَالَا: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ يَهُوْدِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلٰى اَوْضَاحٍ لَهَا فَقَتَلَهَا بِحَجَرٍ- قَالَ: فَجِيْءَ بِهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِهَا رَمَقٌ، فَقَالَ لَهَا: "اَقَتَلَكِ فُلَانٌ؟" فَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا: اَنْ لَا- ثُمَّ قَالَ لَهَا: الثَّانِيَةَ؟، فَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا: اَنْ لَا- ثُمَّ سَاَلَهَا: الثَّالِثَةَ؟ فَقَالَتْ: نَعَمْ، وَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا- فَقَتَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَجَرَيْنِ-" (ص:۵۸ سطر:۵تا۷)

قوله: "اَوْضَاحٍ" (ص:۵۸ سطر:۶) جمع وَضَحٍ، چاندی کے زیور کی ایک قسم-[2]

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۸، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۴۱۲، والديباج ج:۴ ص:۲۹۶، ومجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۱۴۷-

(۲) النهاية لابن الأثيرؒ ج:۵ ص:۱۹۶، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۸-

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "رَمَق" (ص:۵۸ سطر:۶) بقية الحيٰوة والرُّوح (نوویؒ)۔[۱]

قولہ: "أَقَتَلَكِ فُلَانٌ؟" (ص:۵۸ سطر:۶)

مقتول اگر مرنے سے پہلے کسی شخص کو متعیَّن کر کے کہے کہ مجھے اس نے قتل کیا ہے تو حنفیہ، شافعیہ اور جمہور فقہاء کے نزدیک یہ ثبوتِ قصاص کے لئے کافی نہیں، بلکہ دو مرد گواہوں کی شہادت شرط ہے۔ اور امام مالکؒ کے نزدیک کافی ہے،[۲] ان کا استدلال اس حدیث سے ہے، وہ فرماتے ہیں کہ اگر مقتول کی طرف سے قاتل کی تعیین کافی نہ ہوتی تو یہ سوال لغو ہوتا۔

جواب یہ ہے کہ اس سوال کا یہ فائدہ ہے کہ اس سے مُتّہم شخص معلوم ہو جائے گا، تاکہ اس سے پوچھ گچھ کی جاسکے، اگر اس نے اقرار کر لیا تو قصاص ثابت ہو جائے گا ورنہ نہیں، چنانچہ قصۂ ہٰذا میں قاتل نے اقرار کر لیا تھا، جیسا کہ اسی باب کے آخر میں حدیث آرہی ہے۔[۳]

۴۳۳۸- "حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نَا خَالِدٌ -يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ- ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا أَبُوكُرَيْبٍ قَالَ: نَا ابْنُ إِدْرِيسَ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَفِي حَدِيثِ ابْنِ إِدْرِيسَ: فَرَضَخَ رَأْسَهُ بَيْنَ حَجَرَيْنِ۔"

(ص:۵۸ سطر:۷،۸)

قولہ: "فَرَضَخَ رَأْسَهُ بَيْنَ حَجَرَيْنِ" (ص:۵۸ سطر:۸)

رَضْخٌ کے معنی ہیں سر پھاڑ دینا، آگے ایک روایت میں "يُرَضُّ رَأْسُه بالحجارة" آرہا ہے اُس کے معنی بھی یہی ہیں، اور ایک روایت میں "فرُجِم حتى مات" آرہا ہے، وہ بھی اسی معنی میں ہے، کیونکہ جب اُس کا سر ایک پتھر پر رکھا گیا اور دوسرے پتھر سے مارا گیا تو رجم پایا گیا (قاله النوويؒ)۔[۴]

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۸، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۲ ص:۲۶۴۔

(۲) امام مالک کا یہ مذہب حافظ ابن حجرؒ نے نقل کیا ہے، لیکن مالکیہ کا مذہب محقق یہ ہے کہ مقتول کے ایسے دعوے سے قصاص ثابت نہیں ہوتا، البتہ لوث موجب قسامة ثابت ہو جاتا ہے، چنانچہ اولیائے مقتول اگر اس شخص کے قاتل ہونے پر قسمیں کھالیں تو قصاص واجب ہو جائے گا، (كذا في التكملة ج:۲ ص:۱۹۷)۔ رفیع

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۸، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۹۷، وعمدة القاری ج:۲۴ ص:۳۸، ۳۹ کتاب الدیات، باب سوال القاتل حتی یقرّ الخ۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ایک مختلف فیہ مسئلہ یہاں یہ ہے کہ قاتل نے مقتول کو جس طرح قتل کیا ہے، قصاص میں قاتل کو اسی طرح قتل کیا جائے گا یا صرف قتل بالسیف ہوگا؟ پہلا مذہب امام مالکؒ وامام شافعیؒ کا ہے، اور دُوسرا مذہب حنفیہ کا، چنانچہ امام مالکؒ وامام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ قاتل نے اگر پانی میں غرق کیا ہو یا آگ میں جلایا ہو یا بڑے پتھر سے سر کچلا ہو تو اسی کے مثل قاتل کے ساتھ قصاصاً کیا جائے گا۔ ان کا استدلال حدیثِ باب سے ہے،[۱] اور اصل استدلال مندرجہ ذیل آیاتِ قرآنیہ سے ہے:-

۱- وَ اِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۔[۲]

۲- فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۔[۳]

۳- وَ جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۔[۴]

ہمارا استدلال بھی انہی آیات سے ہے، اس طرح کہ یہ آیات بتارہی ہیں کہ تعدّی جس قدر ہوئی اس سے زیادہ سزا دینا یا بدلہ لینا حرام ہے، اور قاتل کے ساتھ اسی جیسا عمل کرنے میں مماثلت بہت مشکل ہے، کیونکہ کوئی آدمی ایک ضرب سے مرجاتا ہے، کوئی زیادہ سے مرتا ہے۔ پس اگر قاتل نے ایک ضرب سے قتل کیا تھا، مگر قصاص میں وہ ایک ضرب سے نہ مرا تو زیادہ ضربات کی ضرورت ہوگی، پس مماثلت حاصل نہ ہوئی۔[۵]

نیز حنفیہ کے مذہب پر امام طحاوی رحمہ اللہ نے اس حدیث سے بھی استدلال کیا ہے جو امام طحاویؒ[۶] اور دار قطنیؒ[۷] نے نقل کی ہے، عن ابی هريرة مرفوعاً "لا قود الّا بالسيف" (یہ حدیث متعدّد صحابہ کرامؓ سے مروی ہے، تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: تکملة فتح الملهم)۔[۸]

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۸، وعمدة القاري ج:۲۴ ص:۳۹ كتاب الديات، باب سوال القاتل حتى يقرّ الخ، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۹۹، ۱۰۰ كتاب الجنايات، باب الرجل يقتل رجل كيف يُقتل؟ وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۰۲۔

(۲) النحل: ۱۲۶۔ (۳) البقرة: ۱۹۴۔ (۴) الشورىٰ: ۴۰۔

(۵) رُوح المعاني ج:۱۴ ص:۲۵۸، ج:۲۵ ص:۵۰، واحكام القرآن للجصاصؒ ج:۳ ص:۱۹۴، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۱۰۲ كتاب الجنايات، باب الرجل يقتل رجلًا كيف يُقتل؟

(۶) شرح معاني الآثار ج:۲ ص:۱۰۲ كتاب الجنايات، باب الرجل يقتل رجلًا كيف يُقتل؟۔

(۷) سنن الدارقطني ج:۳ ص:۱۱ رقم الحديث: ۳۰۷۵۔

(۸) تكملة ج:۲ ص:۲۰۲و۲۰۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور حدیثِ باب کا جواب دو طرح سے دیا گیا ہے، ایک یہ کہ یہ واقعہ اس وقت کا ہے جبکہ دیت اور قصاص کے مفصّل اَحکام نازل نہ ہوئے تھے اور مُثلہ جائز تھا، پھر منسوخ ہوا۔ دُوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ طریقہ تعزیراً اختیار کیا گیا تھا، قصاصاً نہیں، امام جب مصلحت سمجھے تو تعزیراً ایسی سزا بھی دے سکتا ہے۔ (۱)

یہاں تیسرا مختلف فیہ مسئلہ یہ ہے کہ قتلِ عمد اور شبه العمد کی تعریف میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک قتلِ عمد وہ ہے جو دھاردَار آلے سے کیا گیا ہو، "من حدید او خشب او حجر" یا ایسے غیر دھاردَار آلے سے کیا گیا ہو جس سے کسی انسان پر حملہ صرف قتل ہی کے لئے ہوتا ہو، مثلاً بندوق، یا بم، یا ان دونوں قسم کے علاوہ کسی اور آلے سے کیا گیا ہو مگر قاتل اقرار کرلے کہ اُس کا ارادہ قتل ہی کرنے کا تھا (کما فی ردالمحتار)۔ (۲) ان تینوں صورتوں میں قتل، قتلِ عمد ہی ہوگا۔

اور شبہُ العمد وہ ہے جو ایسے آلے کے بجائے کسی بھاری مثقل شئے سے کیا گیا ہو، اور ارادۂ قتل کا اقرار نہ ہو۔

ائمۂ ثلاثہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے نزدیک بڑی لاٹھی اور بڑا پتھر یا ہر وہ آلہ جو اگرچہ تفریقِ اجزاء کے لئے وضع نہ کیا گیا ہو مگر اس کے لگنے سے موت کا وقوع غالب ہو قتلِ عمد کا موجب ہے، خواہ ارادہ قتل کا ہو، یا نہ ہو۔ (۳)

ائمۂ ثلاثہ اور صاحبینؒ کا استدلال حدیثِ باب سے ہے کہ اس عورت کا بھاری پتھر سے سر کچلا گیا تھا، اس پر قاتل کو قتل کیا گیا۔ (۴)

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا استدلال حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کی

---

(۱) شرح معاني الآثار ج:۲ ص:۱۰۰ كتاب الجنايات، باب الرجل يقتل رجلًا كيف يُقتل؟ وعمدة القاري ج:۲۴ ص:۳۹ كتاب الديات، باب اذا قتل بحجر أو بعصا، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۹۷۔

(۲) الردالمحتار مع الدر المختار ج:۶ ص:۵۲۷ تا ۵۲۹، كتاب الجنايات۔

(۳) الهداية ج:۴ ص:۵۵۹، ۵۶۰ كتاب الجنايات، والدر المختار مع الشامية ج:۶ ص:۵۲۷ تا ۵۲۹ كتاب الجنايات، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۱۹۸۔

(۴) إكمال المعلم ج:۵ ص:۴۶۹، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۴۱۴، وشرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۵۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

روایتوں سے ہے جنھیں ابوداؤد، نسائی، اور ابنِ ماجہ نے ذکر کیا ہے کہ فتحِ مکہ میں خطبے کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "الا! ان دیة الخطأ شبه العمد ما کان بالسوط أو العصا مائة من الابل"۔ (۱)

اور حدیثِ باب کا جواب وہی ہے جو اُوپر بیان کیا گیا کہ یا تو تعزیراً ایسا کیا گیا، یا قاتل نے اقرار کرلیا ہوگا کہ اس کا ارادہ قتل کا تھا۔ یا ہماری پیش کردہ حدیث سے منسوخ ہے جو خطبۂ فتحِ مکہ میں ارشاد فرمائی گئی ہے۔

باب الصائل علی نفس الانسان وعضوه .... الخ (ص:۵۸)

۴۳۴۲- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: قَاتَلَ يَعْلَى بْنُ مُنْيَةَ اَوِ ابْنُ اُمَيَّةَ رَجُلًا فَعَضَّ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ فَانْتَزَعَ يَدَهُ مِنْ فِيْهِ فَنَزَعَ ثَنِيَّتَهُ- وَقَالَ ابْنُ الْمُثَنّٰی: ثَنِيَّتَيْهِ، فَاخْتَصَمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "اَيَعَضُّ اَحَدُكُمْ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ، لَا دِيَةَ لَهٗ" (ص:۵۸ سطر:۱۳ تا ۱۵)

قوله: "قَاتَلَ يَعْلَى بْنُ مُنْيَةَ اَوِ ابْنُ اُمَيَّةَ رَجُلًا ... الخ" (ص:۵۸ سطر:۱۳، ۱۴)

یعلیٰ کی والدہ یا جدّہ کا نام "مُنْيَة" ہے اور والد کا نام "اُمَيَّة"، لہٰذا ان کو "ابن منية" کہنا بھی دُرست ہے اور "ابنُ اُمَيَّة" کہنا بھی (نوویؒ)۔ (۲)

وفي الرواية الرابعة من الباب: "ان أجيرًا ليعلى بن منية عض رجل ذراعه" (ص:۵۸ سطر:۱۸) ظاهره التعارض، وقال النوويّ في دفع التعارض: فقال الحفاظ: الصحيح المعروف انه أجير يعلى لا يعلى، ويحتمل انها قضيتان جرتا ليعلى ولأجيره في وقت أو وقتين۔ (۳)

---

(۱) سنن أبي داؤد، كتاب الديات، باب دية الخطاء شبه العمد ج:۲ ص:۲۲۵، وسنن النسائي ج:۲ ص:۲۴۶ كتاب البيوع، باب كم دية شبه العمد، وسنن ابن ماجة ج:۲ ص:۱۸۹ ابواب الديات، دية شبه العمد مغلظة۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۸۔

(۳) بحوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ودفعه الشيخ في البذل بوجه حسن بأن الرجلين المبهمين يعلٰى وأجيرُه وفي رواية النسائي: ان رجلًا من بني تميم عض فان يعلٰى تميمي واَمّا اجيره فلم يصرح بأنه تميمي، فعرف بهٰذا ان العاض هو يعلٰى بن امية، والمعضوض أجيره، ولعل هٰذا هو السر في ابهام يعلٰى نفسه ولم يقع في شئ من الطرق ان الأجير هو العاض ولا أن يعلٰى هو المعضوض لا صريحًا ولا اشارةً، فيتعين علٰى هٰذا ان يعلٰى هو العاض۔ (ملخص من كلام الحافظ في الفتح)۔ (بذل المجهود)۔[1]

قوله: "أَيَعَضُّ أَحَدُكُمْ" (ص:۵۸ سطر:۱۹)

عین پر فتحہ ہے، باب سمع سے۔ دانتوں سے پکڑنا، کاٹنا۔

۴۳۴۵- "حَدَّثَنِي أَبُوْ غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ قَالَ: نَا مُعَاذٌ قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفىٰ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلًا عَضَّ ذِرَاعَ رَجُلٍ فَجَذَبَهُ فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتُهُ۔ فَرُفِعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبْطَلَهُ وَقَالَ: "أَرَدْتَ أَنْ تَأْكُلَ لَحْمَهُ۔" (ص:۵۸ سطر:۱۷ تا۱۹)

قوله: "فَأَبْطَلَهَا" (ص:۵۸ سطر:۱۹)

أي اهدر ثنيته، وهو مذهبنا ومذهب الشافعي وكثيرين او الأكثرين، وقال مالكؒ يضمن، كذا في شرح النوويؒ۔[2] لیکن مالکیہ کے یہاں قولِ راجح عدمِ ضمان کا ہے جمہور کے موافق (كذا في التكملة)۔[3]

۴۳۴۶- "حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ قَالَ: نَا قُرَيْشُ بْنُ أَنَسٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلًا عَضَّ يَدَ رَجُلٍ فَانْتَزَعَ يَدَهُ فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتُهُ أَوْ ثَنَايَاهُ۔ فَاسْتَعْدَىٰ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(۱) بذل المجهود ج:۱۸ ص:۱۰۴، ۱۰۵، كتاب الديات، باب في الرجل يقاتل الرجل فيدفعه عن نفسه، وفتح الباري ج:۱۲ ص:۲۲۰ كتاب الديات، باب اذا عضّ رجلًا فوقعت ثناياه، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۰۵و۲۰۶۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۵۸، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۹۲۔

(۳) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۰۷، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۴۱۲، وفتح الباري ج:۱۲ ص:۲۲۲ كتاب الديات، باب اذا عضّ رجلا فوقعت ثناياه۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَأْمُرُنِيْ؟ تَأْمُرُنِيْ اَنْ آمُرَهٗ اَنْ يَدَعَ يَدَهٗ فِيْ فِيْكَ، تَقْضَمُهَا كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ؟ اِدْفَعْ يَدَكَ حَتّٰى يَعَضَّهَا، ثُمَّ انْتَزِعْهَا۔"

(ص:۵۸ سطر:۱۹،۲۰ تا ص:۵۹ سطر:۱،۲)

قوله: "تَقْضَمُهَا كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ" (ص:۵۸ سطر:۱۹)

بفتح الضاد، من باب سمع دانتوں سے چبانا، اور "الفحل" ہر مذکر جانور، یہاں مذکر اونٹ مراد ہے۔

قوله: "فَاسْتَعْدٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" (ص:۵۹ سطر:۱)

یہ "عُدوان" بمعنی ظلم سے باب استفعال ہے، بمعنی ظلم کے خلاف مدد مانگنا، یعنی اُس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فریاد کی، مدد مانگی۔

قوله: "اِدْفَعْ يَدَكَ حَتّٰى يَعَضَّهَا .... إلخ" (ص:۵۹ سطر:۲)

یہ اَمر توبیخ اور تہدید کے طور پر ہے، تشریع کے طور پر نہیں (الحل المفهم)۔ (۱)

باب اثبات القصاص فی الاسنان وما فی معناها (ص:۵۹)

۴۳۵۰- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ: نَا عَفَّانُ قَالَ: نَا حَمَّادٌ قَالَ: اَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اُخْتَ الرُّبَيِّعِ اُمَّ حَارِثَةَ جَرَحَتْ إِنْسَانًا، فَاخْتَصَمُوْا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الْقِصَاصَ الْقِصَاصَ"۔ فَقَالَتْ اُمُّ الرَّبِيْعِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اَيُقْتَصُّ مِنْ فُلَانَةَ؟ وَاللّٰهِ لَا يُقْتَصُّ مِنْهَا۔ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "سُبْحَانَ اللّٰهِ يَا اُمَّ الرَّبِيْعِ! الْقِصَاصُ كِتَابُ اللّٰهِ"۔ قَالَتْ: لَا، وَاللّٰهِ لَا يُقْتَصُّ مِنْهَا اَبَدًا۔ قَالَ: فَمَا زَالَتْ حَتّٰى قَبِلُوا الدِّيَةَ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ۔" (ص:۵۹ سطر:۷تا۱۰)

قوله: "جَرَحَتْ إِنْسَانًا" (ص:۵۹ سطر:۸)

صحیح بخاری میں صراحت ہے کہ اس خاتون نے ایک لڑکی کا ثـنـیـة گرادیا تھا۔ اور جانیہ

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۱۹۱، وشرح صحيح مسلم للنووی ج:۲ ص:۵۹، والديباج للسيوطیؒ ج:۲ ص:۶۹۷، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۰۸و۲۰۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اخت الربیّع کے بجائے خود الربیّع تھی۔ [۱]

قولہ: "الْقِصَاصَ الْقِصَاصَ" (ص:۵۹ سطر:۸)

یہ دونوں منصوب ہیں، ای ادّوا القصاصَ (نوویؒ)۔ [۲] معلوم ہوا کہ مادون النفس میں بھی قصاص جاری ہوتا ہے، واصله قوله تعالیٰ:

اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ۔ [۳]

اسنان کے قصاص میں یہ تفصیل [۴] ہے کہ اگر دانت جڑ سے اُکھاڑ دیا جائے تب تو قصاص واجب ہوگا، اور اگر اُکھاڑا نہیں بلکہ توڑ دیا تو دیت لازم ہوگی، قصاص نہیں۔ [۵]

پھر قصاص بین الرجل والمراۃ میں [۶] امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مسلک یہ ہے کہ قصاص فی النفس تو ان دونوں میں جاری ہوگا اور مادون النفس (جراحات واتلافِ عضو) میں قصاص جاری نہ ہوگا، بلکہ ارش (مالی معاوضہ) واجب ہوگا۔ کیونکہ قصاص کے لئے اطراف (اعضاء) میں مماثلت معتبر ہے، اور مرد وعورت کے اعضاء میں مماثلت اور برابری نہیں، لہٰذا ان میں قصاص جاری نہیں ہوگا، جیسا کہ ناکارہ (شل) عضو کا قصاص تندرست عضو سے، اور ناقص کا قصاص کامل عضو سے نہیں لیا جاتا۔ اور چونکہ بخاری ومسلم کی روایتیں اس پر متفق ہیں کہ جنایت کرنے والی خاتون ہے یعنی أخت الربیع فی روایة مسلم، والربیع فی روایة البخاری، اور یہ دونوں

---

(۱) صحیح البخاری ج:۲ ص:۱۰۱۸ کتاب الدیات، باب اذا عض رجلًا فوقعت ثنایاہ۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۵۹۔

(۳) المائدۃ: ۴۵۔

(۴) الهدایة ج:۴ ص:۵۶۹، ۵۹۵ کتاب الجنایات، باب القصاص فیما دون النفس، وفتاویٰ قاضی خان مع الهندیة ج:۳ ص:۴۳۶ کتاب الجنایات، والدر المختار مع الشامیة ج:۶ ص:۵۵۲، ۵۵۳ کتاب الجنایات، باب القود فیما دون النفس۔

(۵) لیکن حنفیہ میں سے متعدد فقہائے متأخرین نے کہا ہے کہ توڑنے کی صورت میں بھی قصاص ہوگا، یعنی جتنا دانت توڑا ہے اتنا ہی دانت توڑنے والے کا مبرد سے گھس دیا جائے گا (کذا فی معین الحکام)۔ رفیع

(۶) الدر المختار مع الشامیة ج:۶ ص:۵۳۴، ۵۵۳، ۵۵۴ کتاب الجنایات، فصل فیما یوجب القود وما لا یوجبه وباب القود فیما دون النفس۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

خاتون ہیں، اور بخاری کی روایت میں یہ بھی صراحت ہے کہ مجنی علیہا ایک جاریہ تھی جس کا ثنیۃ رُبَیّع نے گرادیا تھا، اور مسلم کی روایت میں مجنی علیہا کے لئے انسان کا لفظ مذکور ہے، جو جاریہ پر بھی صادق آتا ہے، لہٰذا بخاری و مسلم دونوں کی روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ جانیہ اور مجنی علیہا دونوں عورتیں ہیں، ان کے درمیان قصاص کا جو فیصلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوّلاً فرمایا حنفیہ کا مذہب اس کے خلاف نہیں۔[1] اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مرد و عورت کے درمیان اعضاء کے اتلاف پر بھی قصاص جاری ہوتا ہے۔

قولہ: "مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ" (ص:۵۹ سطر:۱۰)

ای لَو اقْسَمَ تَوَكُّلًا عَلَى الله. یعنی اللہ کے بعض بندے ایسے ہوتے ہیں کہ وہ اگر اللہ پر بھروسہ کر کے قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ انہیں قسم میں حانث ہونے سے بچالیتا ہے، اور ان کی قسم کو سچا کر دِکھاتا ہے۔

باب ما یباح به دم المسلم (ص:۵۹)

۴۳۵۱- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَوَكِيْعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، اِلَّا بِاِحْدَىٰ ثَلَاثٍ: الثَّيِّبُ الزَّانِ، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالتَّارِكُ لِدِيْنِهٖ، الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ۔" (ص:۵۹ سطر ۱۰ تا ۱۲)

قولہ "اِلَّا بِاِحْدَىٰ ثَلَاثٍ" (ص:۵۹ سطر:۱۲)

...س سے اباحت د... مسلم صرف تین قسموں میں منحصر معلوم ہوتی ہے، حالانکہ مستند احادیث سے ... ت ہے کہ ... ب حمر جسے ... تہ حد لگ چکی ہو، تو چوتھی مر... تعزیراً ... سے قتل بھی کیا جاسکتا ہے۔ نیز قتال میں باغی کا قتل بھی بالاتفاق جا... ہے، ... سر کوئی ... گر کسی ... قاتلانہ حملہ کرے تو ... کے لئے اس حملہ ... ر کو قتل کرنا بھی جائز ہے۔

---

(۱) ... نفس ... ص ... کتاب ... لو ... ل ... وتکملة فتح الملهم ج ۲ ص ۲۱۱، وفیض الباری ج ۴ ص ۲۹۱ کتاب الدیات، باب القصاص بین الرجال والنساء في الجراحات

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس کا جواب ناچیز کو یہ سمجھ میں آتا ہے کہ ارتداد، زنا بعد الاحصان اور قتلِ عمد کی سزا تو قتل ہی متعین ہے، چنانچہ اس کا ترک جائز نہیں، جبکہ اس کی شرائطِ وجوب متحقق ہو جائیں۔ بخلاف شاربِ خمر، باغی اور صائل علی نفس الانسان کے کہ ان کا قتل حتمی طور پر واجب نہیں بلکہ شارب کو تعزیراً قتل کرنے کا قاضی کو اختیار ہے، اس پر واجب نہیں، چنانچہ وہ مناسب سمجھے تو قتل کے بجائے حد شرب پر اکتفاء کر لے۔

اور باغی کو صرف معرکے میں قتل کرنا جائز ہے، صبراً قتل کرنا جائز نہیں، اور اگر کسی کے نزدیک صبراً قتل کرنا جائز بھی ہو تو واجب بہرحال کسی کے نزدیک نہیں۔

اور صائل علیٰ نفس الانسان کو قتل کرنا صرف اسی صورت میں جائز ہوتا ہے جب اس کے حملے سے بچنا اسے قتل کیے بغیر بظاہر ممکن نہ ہو۔

پس ہو سکتا ہے کہ حدیثِ باب میں "لا یحل دم امرئٍ مسلم ... الخ" سے مراد یہ ہو کہ: "لا یحل ایجاب دم امرئٍ مسلم ... الخ" یعنی حدیثِ باب میں ذکر کیے گئے تین قسم کے مجرموں کے علاوہ کسی چوتھی قسم کو حتمی طور پر واجب القتل قرار دینا حلال نہیں، واللہ اعلم۔

قوله "اَلْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ" (ص:۵۹ سطر:۱۲)

یہ "التارک لدینہ" کی صفتِ کاشفہ ہے، یعنی جماعۃ المسلمین سے عقیدے میں الگ ہو جانے والا، یعنی ضروریاتِ دین میں سے کسی امر کا انکار کرنے والا، خواہ وہ جسماً الگ نہ ہو، اور خواہ وہ خود کو مسلمان کہتا ہو جیسے زنادقہ ہوتے ہیں۔(۱) اس صفت کے اضافے سے ایک جدید فائدہ یہ حاصل ہوا کہ اگر کوئی خود کو تارکِ اسلام تو نہ کہتا ہو، بلکہ مسلمان ہی کہتا ہو، مگر جماعتِ مسلمین کے عقیدے سے منحرف ہو، یعنی زندیق ہو تو اُس کا قتل بھی واجب ہے۔

۴۳۵۳- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى -وَاللَّفْظُ لِاَحْمَدَ- قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَالَّذِيْ لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ

(۱) عمدۃ القاری ج ۲۴ ص ۴۰ کتاب الدیات، باب من اقاد بالحجر والمفہم ج ۵ ص ۴۰، وتکملۃ فتح الملہم ج ۲ ص ۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللّٰہِ، ثَلَاثَۃُ نَفَرٍ: اَلتَّارِکُ لِلْاِسْلَامِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَۃِ اَوِ الْجَمَاعَۃَ شَکٌّ فِیْہِ اَحْمَدُ- وَالثَّیِّبُ الزَّانِیْ وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، قَالَ الْاَعْمَشُ: فَحَدَّثْتُ بِہٖ اِبْرَاھِیْمَ فَحَدَّثَنِیْ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَۃَ بِمِثْلِہٖ-" (ص:۵۹ سطر:۱۴تا۱۶)

قولہ: "اَوِ الْجَمَاعَۃَ" (ص:۵۹ سطر:آخر)

یعنی امام احمد بن حنبلؒ کو شک ہوا اس میں کہ روایت میں "الجماعۃ" سے پہلے لامِ جارّہ بھی ہے یا نہیں۔

باب بیان إثم مَن سنَّ القتل (ص:۶۰)

۴۳۵۵- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ نُمَیْرٍ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ اَبِیْ شَیْبَۃَ- قَالَا: نَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ مُرَّۃَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰہِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: "لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا اِلَّا کَانَ عَلَی ابْنِ آدَمَ الْاَوَّلِ کِفْلٌ مِنْ دَمِھَا، لِاَنَّہٗ کَانَ اَوَّلَ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ-" (ص:۶۰ سطر:۲و۳)

قولہ: "عَلَی ابْنِ آدَمَ الْاَوَّلِ" (ص:۶۰ سطر:۳)

یعنی قابیل پر، جس نے ہابیل کو قتل کر دیا تھا۔

قولہ: "کِفْلٌ مِنْ دَمِھَا" (ص:۶۰ سطر:۳)

کفل بکسر الکاف، نصیب اور حصہ، نیز یہ ثواب کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے اور گناہ کے معنی میں بھی، یہاں گناہ مراد ہے، اور یہ حدیث اسلام کے قواعد میں سے ایک ہے، اور وہ یہ کہ جو شخص کوئی اچھا طریقہ جاری کرتا ہے تو جتنے لوگ اس پر عمل کرتے ہیں اس کا ثواب ان کو بھی ملتا ہے، اور اُس شخص کو بھی جس نے یہ طریقہ جاری کیا، اور جو شخص کوئی بُرا طریقہ جاری کرے اُس کا گناہ اُس پر عمل کرنے والے کو بھی ہوتا ہے، اور اُس کو بھی جس نے اُسے جاری کیا، کما فی قولہ صلی اللہ علیہ وسلم: "من سنَّ فی الإسلام سُنّۃً حسنۃ فلہ اجرھا واجر من عمل بھا بعدہ من غیر ان ینقص من اجورھم شیءٌ، ومن سَنَّ فی الإسلام سُنّۃً سیّئۃً کان علیہ وزرھا ووزرُ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

من عمل بها من بعده من غير ان ينقص من اوزارهم شيءٌ" رواه مسلم۔[۱]

باب المجازاة بالدماء في الاٰخرة ...الخ (ص:۶۰)

۴۳۵۷- "حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ جَمِيْعًا عَنْ وَكِيْعٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ ح قَالَ: وَثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَوَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَوَّلُ مَا يُقْضىٰ بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الدِّمَاءِ" (ص:۶۰ سطر:۵تا۷)

قوله: "اَوَّلُ مَا يُقْضىٰ بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الدِّمَاءِ" (ص:۶۰ سطر:۶تا۷)

"مَا" مصدر یہ ہے، اور "اوّل ما يُقضٰى الخ" مبتدا ہے اور "في الدماء" اُس کی خبر۔

یہ حدیث اُس حدیثِ مشہور کے مخالف نہیں جو کتب السنن میں آئی ہے کہ: "اوّل ما يحاسب به العبد يوم القيامة صلاتُه"[۲] کیونکہ حدیثِ باب کا تعلق حقوق العباد سے ہے، (اور اس میں "بين الناس" کا لفظ اس کا واضح قرینہ ہے) اور یہ دُوسری حدیث حقوق اللہ سے متعلق ہے (نوویؒ)۔[۳]

اور حاصل دونوں حدیثوں کا یہ ہے کہ حقوق العباد میں سب سے پہلے فیصلہ خونوں (قتل) کے مقدمات کا کیا جائے گا، اور حقوق العباد میں سب سے پہلے نماز کا حساب ہوگا۔

باب تغليظ تحريم الدماء والاعراض والأموال (ص:۶۰)

۴۳۶۰- "حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ قَالَ: نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ

(۱) صحيح مسلم، كتاب الزكوٰة، باب الحث على الصدقة ج:۱ ص:۳۲۷ ونحوه، صحيح مسلم، كتاب العلم، باب من سَنّ سُنَّةً حسنةً إلخ ج:۲ ص:۳۴۱۔

(۲) جامع الترمذي، ابواب الصلوٰة، باب ما جاء ان اول ما يحاسب به العبد يوم القيامة الصلاة ج:۱ ص:۹۴۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اَبِیْہِ قَالَ: لَمَّا کَانَ ذٰلِکَ الْیَوْمُ قَعَدَ عَلٰی بَعِیْرِہٖ وَاَخَذَ اِنْسَانٌ بِخِطَامِہٖ، فَقَالَ: اَتَدْرُوْنَ اَیَّ یَوْمٍ ھٰذَا؟ قَالُوْا: اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ، حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّہٗ سَیُسَمِّیْہِ سِوَی اسْمِہٖ، فَقَالَ: اَلَیْسَ بِیَوْمِ النَّحْرِ؟ قُلْنَا: بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، قَالَ: فَاَیُّ شَھْرٍ ھٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ، قَالَ: اَلَیْسَ بِذِی الْحِجَّۃِ؟ قُلْنَا: بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، قَالَ: فَاَیُّ بَلَدٍ ھٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ۔ قَالَ: حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّہٗ سَیُسَمِّیْہِ سِوَی اسْمِہٖ۔ قَالَ: اَلَیْسَ بِالْبَلْدَۃِ؟ قُلْنَا: بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، قَالَ: "فَاِنَّ دِمَائَکُمْ وَاَمْوَالَکُمْ وَاَعْرَاضَکُمْ عَلَیْکُمْ حَرَامٌ کَحُرْمَۃِ یَوْمِکُمْ ھٰذَا، فِیْ شَھْرِکُمْ ھٰذَا، فِیْ بَلَدِکُمْ ھٰذَا، فَلْیُبَلِّغِ الشَّاھِدُ الْغَائِبَ"۔ قَالَ: ثُمَّ انْکَفَأَ اِلٰی کَبْشَیْنِ اَمْلَحَیْنِ فَذَبَحَھُمَا، وَاِلٰی جُزَیْعَۃٍ مِنَ الْغَنَمِ فَقَسَمَھَا بَیْنَنَا۔"

(ص:۶۱ سطر:۱تا۵)

قولہ: "انْکَفَأَ اِلٰی کَبْشَیْنِ اَمْلَحَیْنِ فَذَبَحَھُمَا .... الخ" (ص:۶۱ سطر:۵)

یعنی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پلٹے دو بھیڑوں کی طرف جن میں سفیدی بھی تھی اور سیاہی بھی اور سفیدی غالب تھی، پس ان کو ذبح فرمادیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پلٹے بکریوں کے ایک چھوٹے سے ریوڑ کی طرف، پس وہ بکریاں ہمارے اندر تقسیم فرمادیں۔ مگر یاد رہے کہ حدیث کا یہ حصہ حجۃ الوداع اور منیٰ کا واقعہ نہیں بلکہ مدینہ منورہ میں عید الاضحیٰ کی نماز کے بعد کا واقعہ ہے، اسے یہاں بیان کرنے میں راوی کو وہم ہوا ہے (نوویؒ)۔[1]

قولہ: "جُزَیْعَۃٍ" (ص:۶۱ سطر:۵)

بضمّ الجیم وفتح الزای، ورواہُ بعضھم "جَزِیْعَۃ" بفتح الجیم وکسر الزای وکلاھما صحیح، والأول ھو المشھور فی روایۃ المحدثین، وَھِیَ القطعۃ من الغنم تصغیر جِزْعَۃٍ بکسر الجیم، وھی القلیل مِنَ الشیء (نووی)۔[2]

باب صحۃ الاقرار بالقتل .... الخ (ص:۶۱)

۴۳۶۳- "حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِیُّ قَالَ: نَا اَبِیْ قَالَ: نَا

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۱۔

(۲) بحوالہ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

أَبُوْيُوْنُسَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ[۱] حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ قَالَ: إِنِّي لَقَاعِدٌ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ يَقُوْدُ آخَرَ بِنِسْعَةٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذَا قَتَلَ أَخِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "أَقَتَلْتَهُ؟ فَقَالَ: إِنَّهُ لَوْ لَمْ يَعْتَرِفْ أَقَمْتُ عَلَيْهِ الْبَيِّنَةَ"۔ قَالَ: نَعَمْ قَتَلْتُهُ۔ قَالَ: "كَيْفَ قَتَلْتَهُ؟" قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَهُوَ نَخْتَبِطُ مِنْ شَجَرَةٍ، فَسَبَّنِيْ فَأَغْضَبَنِيْ فَضَرَبْتُهُ بِالْفَأْسِ عَلٰى قَرْنِهِ فَقَتَلْتُهُ۔ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "هَلْ لَكَ مِنْ شَيْءٍ تُؤَدِّيْهِ عَنْ نَفْسِكَ؟" قَالَ: مَا لِيْ مَالٌ إِلَّا كِسَائِيْ وَفَأْسِيْ۔ قَالَ: "فَتَرٰى قَوْمَكَ يَشْتَرُوْنَكَ؟" قَالَ: أَنَا أَهْوَنُ عَلٰى قَوْمِيْ مِنْ ذَاكَ فَرَمٰى إِلَيْهِ بِنِسْعَتِهِ۔ وَقَالَ: دُوْنَكَ صَاحِبَكَ۔ فَانْطَلَقَ بِهِ الرَّجُلُ فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنْ قَتَلَهُ فَهُوَ مِثْلُهُ"۔ فَرَجَعَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّهُ بَلَغَنِيْ أَنَّكَ قُلْتَ: إِنْ قَتَلَهُ فَهُوَ مِثْلُهُ، وَأَخَذْتُهُ بِأَمْرِكَ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا تُرِيْدُ أَنْ يَبُوْءَ بِإِثْمِكَ وَإِثْمِ صَاحِبِكَ؟ قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! -لَعَلَّهُ قَالَ- بَلٰى۔ قَالَ: فَإِنَّ ذَاكَ كَذَاكَ۔ قَالَ: فَرَمٰى بِنِسْعَتِهِ وَخَلّٰى سَبِيْلَهُ۔"

(ص:۶۱ سطر:۱۱ تا ۱۷)

قوله: "بِنِسْعَةٍ" (ص:۶۱ سطر:۱۲)

بنون مكسورة ثم سين ساكنة، ثم عين، چمڑے کو بٹ کر بنائی ہوئی رسّی۔[۲]

قوله: "نَخْتَبِطُ" (ص:۶۱ سطر:۱۳)

بابِ افتعال سے "اختباط" کا مضارع ہے، "خَبَطٌ" سے بنا ہے، جس کے معنی ہیں "درخت کے پتے" اور اختباط کے معنی ہیں درخت سے پتے جھاڑ کر جمع کرنا (نوویؒ)۔[۳]

قوله: "عَلٰى قَرْنِهِ" (ص:۶۱ سطر:۱۴)

قرن سر کی جانب (جانب الراس)۔ (نوویؒ)[۴] یعنی جہاں جانور کے سینگ ہوتے ہیں

(۱) ای وائل بن حُجر رضی الله عنه۔ كذا فی تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۱۹۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۱۔

(۳) بحوالۂ بالا۔ (۴) بحوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

(قَرْن کے ایک معنی سینگ کے بھی آتے ہیں) چوٹی کو بھی کہتے ہیں۔

قوله: "هَلْ لَكَ مِنْ شَيْءٍ تُؤَدِّيهِ عَنْ نَفْسِكَ؟" (ص:٦١ سطر:١٤)

هٰذا تحريض له، على الصلح عن القصاص على مال۔[1]

قوله: "إِنْ قَتَلَهُ فَهُوَ مِثْلُهُ" (ص:٦١ سطر:١٦)

قال في البذل:[2] اى مثل القاتل لأنه استوفى حقه فلم يكن له فضل، فيكون هو والقاتل سواء (اى فى انه لم يبق لأحدهما حق ولا منّة على الآخر)۔

قوله: "أَمَا تُرِيْدُ أَنْ يَبُوْءَ بِإِثْمِكَ وَإِثْمِ صَاحِبِكَ؟" (ص:٦١ سطر:١٦،١٧)

یعنی کیا تو نہیں چاہتا کہ یہ قاتل تیرے گناہ کے ساتھ اور مقتول کے گناہ کے ساتھ لوٹے؟ اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں، ایک یہ کہ اگر تو نے قصاص معاف کر دیا تو یہ عمل تیرے پچھلے گناہوں کا اور تیرے مقتول بھائی کے پچھلے گناہوں کی معافی کا ذریعہ بن جائے گا۔ اس صورت میں "يَبُوْءَ" بمعنی "يُسْقِطَ" ہوگا، یعنی مقتول کے اور تیرے پچھلے گناہوں کو ساقط کر دے گا۔ (نووی) اور دوسرا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ تیرے بھائی کو قتل کرنے اور تجھے اس کا غم دینے کی وجہ سے آخرت میں اس قاتل پر مقتول کے سابق (بعض) گناہ اور تیرے سابق (بعض) گناہ لاد دیئے جائیں کیا تو یہ بات پسند نہیں کرتا؟ (نووی) (وكذا في حاشية الحل المفهم)۔[3]

۴۳۶۴- "حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: نَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ قَالَ: أَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

---

(۱) إكمال المعلم ج:٥ ص:٤٨٦، وإكمال إكمال المعلم ج:٤ ص:٤٢٧، وتكملة فتح الملهم ج:٢ ص:٢١٩۔

(۲) بذل المجهود ج:١٨ ص:١٢ كتاب الديات، باب الامام يأمر بالعفو في الدم، وإكمال المعلم ج:٥ ص:٤٨٧، والمفهم ج:٥ ص:٥٥، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:٢ ص:٦١۔

(۳) الحل المفهم ج:٢ ص:١٩٣، وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:٢ ص:٦٢، وإكمال إكمال المعلم ج:٤ ص:٤٢٨، وتكملة فتح الملهم ج:٢ ص:٢٢٠و٢٢١۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَتَلَ رَجُلًا فَاَقَادَ[1] وَلِيَّ الْمَقْتُوْلِ مِنْهُ، فَانْطَلَقَ بِهٖ وَفِي عُنُقِهٖ نِسْعَةٌ يَجُرُّهَا، فَلَمَّا اَدْبَرَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَلْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِي النَّارِ"۔ فَاَتٰى رَجُلٌ الرَّجُلَ فَقَالَ لَهٗ مَقَالَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَلّٰى عَنْهُ۔ قَالَ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ سَالِمٍ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِحَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ اَشْوَعَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سَاَلَهٗ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُ فَاَبٰى۔"

(ص:۶۱ سطر:۱۷تا۱۹ تا ص:۶۲ سطر:۱،۲)

قوله: "اَلْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِي النَّارِ" (ص:۶۱ سطر:۱۹)

ليس المراد به القاتل والمقتول في هٰذه القضية، بل المراد غيرهما وهو اذا التقى المسلمان بينهما في المقاتلة المحرمة كالقتال عصبية ونحو ذٰلك، فالقاتل والمقتول في النار، والمراد منه التعريض لكون الولي يفهم منه دخوله في معناه ولهٰذا ترك قتله فحصل المقصود، ومثل هٰذا التعريض مستحب للمفتي والقاضي كما أفاده هٰذا الحديث وصرّح به النوويؒ[2] في بيان هٰذا الحديث، فراجعه فانه نفيس۔

یہاں ایک احتمال یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تو وہی فرمایا ہوگا جو پچھلی روایت میں ہے کہ: "اِنْ قَتَلَهٗ فَهُوَ مِثْلُهٗ" لیکن اس دوسری روایت کے کسی راوی نے اپنے فہم کے مطابق روایت بالمعنیٰ کے طور پر اسے "القاتِلُ وَالمقتولُ فی النار" سے تعبیر کردیا ہو۔ واللہ اعلم۔

باب دية الجنين .... الخ (ص:۶۲)

۴۳۶۵- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ امْرَاَتَيْنِ مِنْ هُذَيْلٍ رَمَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى،

---

(۱) قوله: "فَاَقَادَ وَلِيَّ الْمَقْتُوْلِ مِنْهُ" (ص:۶۱ سطر:۱۸) "اَقَادَ" بابِ افعال ہے "قَوَد" بمعنی قصاص سے، اقادَ کے معنی ہیں قصاصاً قتل کرنا (الصحاح للجوهري) اور یہاں مراد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ولی مقتول کو قاتل سے قصاص لینے کا حقدار قرار دیدیا، اختیار دیدیا، "وَلِيَّ المقتول" یہاں "اقادَ" کا مفعول بہ ہے، اور "منه" کی ضمیر قاتل کی طرف راجع ہے۔ رفیع

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۱، ۶۲، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۴۸۸، وإكمال إكمال المعلم مع مكمل إكمال الإكمال ج:۴ ص:۴۲۷، ۴۲۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَطَرَحَتْ جَنِيْنَهَا، فَقَضىٰ فِيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَو اَمَةٍ۔"

(ص:۶۲ سطر:۲،۳)

قوله: "امْرَاَتَيْنِ مِنْ هُذَيْلٍ" (ص:۶۲ سطر:۲)

اگلی روایت میں آرہا ہے کہ مضروبہ عورت بنی لحیان کی تھی، تعارض کچھ نہیں اس لئے کہ بنی لحیان قبیلہ ہذیل ہی کی ایک شاخ (بطن) ہے (نووی)۔[۱]

قوله: "جَنِيْنَهَا" (ص:۶۲ سطر:۳)

حمل جب تک ماں کے پیٹ میں ہو "جنین" ہے، پھر اگر وہ زندہ باہر نکلا تو "ولد" ہے، مردہ نکلا تو "سِقْط" ہے، یہ الفاظ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔[۲]

قوله: "بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَو اَمَةٍ" (ص:۶۲ سطر:۳)

غُـــرَّةٌ اصل میں تو اس سفیدی کو کہتے ہیں جو گھوڑے کے چہرے پر ہو، پھر ہر شئ نفیس کو "غُـرَّةٌ" کہا جانے لگا، اور اسی مناسبت سے غلام اور باندی کو بھی "غُـرَّةٌ" کہا جاتا ہے،[۳] اس حدیث میں "غُرَّةٍ" کو تنوین سے بھی پڑھا گیا ہے، اس صورت میں "عبدٍ او أمةٍ" عطف بیان ہوگا، لیکن اکثرین نے إضافة کے ساتھ پڑھا ہے، اس صورت میں إضافة بيانية ہوگی۔

اور "او اَمَةٍ" میں راجح یہی ہے کہ یہ شک کے لئے نہیں بلکہ تقسیم[۴] کے لئے ہے، اور مطلب یہ ہے کہ جنین کی دیت میں غلام بھی دیا جاسکتا ہے اور باندی بھی دی جاسکتی ہے، دونوں صورتوں میں دیت ادا ہو جائے گی۔ اور "غُرَّةٌ" کی تفسیر جو اس حدیث میں "عبد او اَمَةٍ" سے کی گئی ہے یہ تفسیر مرفوع ہے، راوی کا ادراج نہیں۔[۵]

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۳۔

(۲) عمدة القاری ج:۲۴ ص:۶۶ کتاب الدیات، باب جنین المرأة، وفتح الباری ج:۱۲ ص:۲۴۷ کتاب الدیات، باب جنین المرأة، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۲۲۔

(۳) مجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۲۴، والنهاية لابن الاثیرؒ ج:۳ ص:۳۵۳۔

(۴) علامہ نوویؒ نے لفظ تقسیم ہی لکھا ہے، لیکن مراد اس سے تخییر ہے۔ رفیع

(۵) إکمال المعلم ج:۴ ص:۴۳۰، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۲، وشرح الطیبی ج:۷ ص:۲۹ باب الدیات، الفصل الأوّل، وعمدة القاری ج:۲۴ ص:۶۷ کتاب الدیات، باب جنین المرأة، وفتح الباری ج:۱۲ ص:۲۴۹ کتاب الدیات، باب جنین المرأة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ائمہ اربعہ کے نزدیک "غُرّة" کی قیمت بالاتفاق نصف عشر الدية ہے،[۱] یعنی پانچ سو درہم یا پچاس دینار۔ لما رواه الطبراني مرفوعًا: "فيه غرّة عبد او اَمَةٍ أو خَمْسُمِئة"،[۲] ولما رواه ابن أبي شيبة في مصنفه عن زيد بن أسلم أن عمر بن الخطاب رضي الله عنه قوم الغُرّة خمسين دينارًا،[۳] ولما رواه أبو داؤد في سننه عن ابراهيم النخعي قال: الغرة خمسمائةٍ، يعني درهمًا، قال أبوداؤد: قال ربيعة: خمسون دينارًا۔[۴]

۴۳۶۶- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ: قَضىٰ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنِيْنِ امْرَأَةٍ مِنْ بَنِي لَحْيَانَ سَقَطَ مَيِّتًا بِغُرَّةٍ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ۔ ثُمَّ إِنَّ الْمَرْأَةَ الَّتِيْ قَضىٰ عَلَيْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّيَتْ، فَقَضىٰ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَنَّ مِيْرَاثَهَا لِبَنِيْهَا وَزَوْجِهَا، وَأَنَّ الْعَقْلَ عَلٰى عَصَبَتِهَا۔" (ص:۶۲ سطر:۳تا۵)

قوله: "ثُمَّ إِنَّ الْمَرْأَةَ الَّتِيْ قُضِيَ عَلَيْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّيَتْ" (ص:۶۲ سطر:۴)

یہاں "عليها" سے مراد "لها" ہے، اور وفات مجنى عليها یعنی مضروبہ کی مراد ہے، قاله النووی،[۵] والقاضی عیاض،[۶] کیونکہ آگے کی روایت میں اس کی صراحت ہے۔ اس تفسیر کی بناء پر یہ کہنا پڑے گا کہ آگے "وان العقل على عصبتها" میں ضمیر مؤنث قاتلہ یعنی جانیہ کی طرف راجع ہے۔ لیکن اس صورت میں انتشارِ ضمائر کا اشکال ہوتا ہے۔

دوسرا احتمال یہ بھی بیان کیا گیا ہے۔ اور بندۂ ناچیز کو احادیثِ باب کے مجموعی الفاظ کے پیشِ نظر یہ زیادہ قریب معلوم ہوتا ہے۔ کہ "عليها" معروف معنی میں ہو، اور یہاں وفات جانية (ضاربة) کی مراد ہو جس کا قرینہ اسی روایت میں یہ ہے کہ: "فقضىٰ رسول الله صلى الله عليه وسلم بأنّ

---

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۲۴۔

(۲) المعجم الكبير للطبرانيّ ج:۱ ص:۱۹۳ رقم الحديث: ۵۱۴۔

(۳) مصنف ابن أبي شيبة، كتاب الديات ج:۹ ص:۲۵۴ رقم الحديث: ۷۳۳۵۔

(۴) سنن ابي داؤد ج:۲ ص:۶۳۰ كتاب الديات، باب دية الجنين رقم الحديث: ۴۴۱۳۔

(۵) شرح صحيح مسلم للنوويّ ج:۲ ص:۶۲۔

(۶) اكمال المعلم ج:۵ ص:۴۹۰، وحاشية صحيح مسلم للذهنيّ ج:۲ ص:۱۰۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۴۳۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میراثها لبنیها وزوجها وان العقل علی عصبتها" اس میں "عصبتها" کی ضمیر تو یقیناً قاتلہ کی طرف راجع ہے ہی، لہٰذا باقی ضمیریں بھی بظاہر قاتلة کی طرف ہی راجع ہیں[1]، اور ظاہر ہے کہ قاتلہ کی میراث اُس کی وفات کے بعد ہی دی گئی۔ اور اگلی روایت میں مجنی علیها (مضروبة) کی وفات کے ذکر سے کوئی تعارض لازم نہیں آتا، کیونکہ مطلب پہلی روایت کا یہ ہوگا کہ: پھر جب اس واقعے یعنی جنین کے سقوط اور مجنی علیها کی وفات اور دیت کی ادائیگی کے بعد خود جانية کی بھی وفات ہوگئی تو اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ فرمایا کہ جانية کی میراث صرف وارثوں کو ملے گی، اگر چہ اس کے جرم کی دیت اس کے عاقلہ پر آئی تھی۔ اور یہ جملہ اس لئے ارشاد فرمایا ہوگا کہ عاقلة یہ مطالبہ نہ کرنے لگیں کہ اس قاتلة کی طرف سے دیت چونکہ ہم نے اداء کی تھی لہٰذا اس کی میراث بھی ہمیں دلوائی جائے، اس مطالبے کی نفی کے لئے یہ ارشاد فرمایا ہو۔ واللہ اعلم۔

۴۳۶۷- "حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ ح قَالَ: وَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيْبِيُّ قَالَ: اَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: اقْتَتَلَتِ امْرَاَتَانِ مِنْ هُذَيْلٍ فَرَمَتْ إِحْدَاهُمَا الأُخْرىٰ بِحَجَرٍ، فَقَتَلَتْهَا وَمَا فِي بَطْنِهَا، فَاخْتَصَمُوْا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضىٰ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ دِيَةَ جَنِيْنِهَا غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ وَلِيْدَةٌ وَقَضىٰ بِدِيَةِ الْمَرْاَةِ عَلٰى عَاقِلَتِهَا وَوَرَّثَهَا وَلَدَهَا وَمَنْ مَعَهُمْ۔ فَقَالَ حَمَلُ بْنُ النَّابِغَةِ الْهُذَلِيُّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! كَيْفَ اَغْرَمُ مَنْ لَا شَرِبَ وَلَا اَكَلَ وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّمَا هٰذَا مِنْ اِخْوَانِ الْكُهَّانِ مِنْ اَجْلِ سَجْعِهِ[2] الَّذِيْ سَجَعَ۔" (ص:۶۲ سطر:۵ تا ۹)

قوله: "كَيْفَ اَغْرَمُ" (ص:۶۲ سطر:۸)

(۱) اس معنی کی مزید تائید ابوداؤد کی اس روایت سے ہوتی ہے: عن جابر بن عبدالله ان امرءتين من هذيل قتلتْ إحداهما الأخرىٰ ولِكُلٍّ واحدةٍ منهما زَوْجٌ وَوَلَدٌ، فَجعلَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم دية المقتُولة على عاقلة القاتلة وبرَّأ زوجها وولدها قال: فقال عاقلة المقتولة: ميراثها لنا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا، ميراثها لزوجها وولدها۔ سنن ابى داوٗد، كتاب الديات، باب دية الجنين، رقم الحديث: ۳۹۶۲ (از حضرت الاستاذ مدظلہم)۔

(۲) قوله: "سَجْعِهِ" (ص:۶۲ سطر:۹) بسكون الجيم كلام مُقفّٰى یعنی قافیوں والا کلام کرنا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

واتّما غرم حمل بن مالك زوج القاتلة الدية لكونه من عصبتها ايضًا، كذا في التكملة۔[1]

قوله: "يُطَلّ" (ص:٦٢ سطر:٨)

بضم الياء التحتانية وفتح الطاء وتشديد اللّام على البناء للمجهول، يقال طُلّ دمه واُطِلّ دمه على البناء للمجهول في كليهما جعل هدرا، وطلّه واطلّه جعله هدرا۔[2]

۴۳۶۹- "حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ: اَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نُضَيْلَةَ الْخُزَاعِيِّ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ: ضَرَبَتِ امْرَأَةٌ ضَرَّتَهَا بِعَمُوْدِ فُسْطَاطٍ، وَهِيَ حُبْلٰى فَقَتَلَتْهَا۔ قَالَ: وَإِحْدَاهُمَا لِحْيَانِيَّةٌ۔ قَالَ: فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةَ الْمَقْتُوْلَةِ عَلٰى عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ وَغُرَّةً لِمَا فِيْ بَطْنِهَا۔ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ: اَنَغْرَمُ دِيَةَ مَنْ لَا اَكَلَ وَلَا شَرِبَ وَلَا اسْتَهَلَّ فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسَجْعٌ كَسَجْعِ الْاَعْرَابِ"۔ قَالَ: وَجَعَلَ عَلَيْهِمُ الدِّيَةَ" (ص:٦٢ سطر:١٠ تا ١٣)

قوله: "بِعَمُوْدِ فُسْطَاطٍ" (ص:٦٢ سطر:١١)

پیچھے ایک حدیث میں "بحجر" (ص:٦٢ سطر:٦) کا لفظ آیا ہے، لیکن کوئی تعارض نہیں کہ پتھر بھی مارا اور عمود فسطاط بھی مارا ہوگا۔[3]

اس قتل میں دیت لازم کرنے سے امام اعظمؒ کے مذہب کی تائید ہوتی ہے کہ قتل بالعصا الكبير وبالحجر الكبير، شبه العمد میں داخل ہے، نہ کہ عمد میں، وقد مرّ تحقيقه عن قريب، والله اعلم۔

۴۳۷۳- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَاَبُوْ كُرَيْبٍ وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ

(۱) تكملة فتح الملهم ج:٢ ص:٢٢٦، وإكمال إكمال المعلم ج:٤ ص:٤٣٣۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:٢ ص:٦٢، وتكملة فتح الملهم ج:٢ ص:٢٢٦، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:٣ ص:١٣٦۔

(۳) تكملة فتح الملهم ج:٢ ص:٢٢٧، وإكمال إكمال المعلم ج:٤ ص:٤٢٩، والمفهم ج:٥ ص:٥٩، ٦٠۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

-وَاللَّفْظُ لِأَبِيْ بَكْرٍ- قَالَ إِسْحَاقُ: أَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ: نَا وَكِيْعٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ: اسْتَشَارَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ النَّاسَ فِيْ مِلَاصِ الْمَرْأَةِ۔ فَقَالَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ: شَهِدتُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضیٰ فِيْهِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ۔ قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ ائْتِنِيْ بِمَنْ يَشْهَدُ مَعَكَ۔ قَالَ: فَشَهِدَ لَهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ۔" (ص:۶۳ سطر:۲تا۴)

قوله: "فِيْ مِلَاصِ الْمَرْأَةِ" (ص:۶۳ سطر:۵) ای جنینها (نوویؒ)۔[۱]

❋❋❋

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج ۲ ص ۶۳، وحاشية صحيح مسلم للذهنیؒ ج ۲ ص ۳

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب الحدود (ص:۶۳)

باب حدّ السرقة ونصابها (ص:۶۳)

۴۳۸۰- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الرُّؤَاسِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمْ تُقْطَعْ يَدُ سَارِقٍ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَقَلَّ مِنْ ثَمَنِ الْمِجَنِّ حَجَفَةٍ اَوْ تُرْسٍ وَكِلَاهُمَا ذُوْ ثَمَنٍ۔" (ص ۶۳ سطر:۱۵، ۱۶)

قوله: "ثَمَنِ الْمِجَنِّ" (ص ۶۳ سطر ۱۶)

ڈھال کی قیمت۔ حَجَفَة بتقديم الحاء على الجيم وفتحهما، والتُرْس، والدَّرَقَة والْمِجَنّ سب کے تقریبا ایک ہی معنی ہیں، یعنی ڈھال۔

سرقہ پر قطع ید بالاجماع واجب ہے، البتہ نصاب سرقہ میں اختلاف ہے، جمہور اور ائمہ اربعہ کے نزدیک نصاب شرط ہے۔ خوارج، داؤد ظاہری اور حضرت حسن بصری کے نزدیک کوئی نصاب شرط نہیں، سرقہ قلیل کا ہو یا کثیر کا، قطع ید بہرحال واجب ہوگا۔ ان حضرات کا استدلال سورۂ مائدہ کی آیت: "والسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ الخ"[1] کے عموم اور اطلاق سے ہے

جمہور کا استدلال ... ب اور تعامل صحابہؓ خلفائے راشدین سے ہے ... یہ احادیث معنیً مشہور و مستفیض ہیں وبمثله يجوز الزيادة على كتاب الله، فجاز تقييد الآية وتخصيصها بهذه الروايات الصحيحة لقوية المشهورة عند الحنفية نصًا.

پھر جمہور فقہا کا نصاب سرقہ کی تعیین میں اختلاف ہوا فقيل درهم، وقيل درهمان، وقيل ثلثة دراهم، وقيل اربعة وقيل خمسة وقيل عشرة وقيل اربعون درهمًا.

---

(۱) المائدة ۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امام شافعیؒ کے نزدیک نصاب رُبع دینار یا اس کی قیمت ہے، سواء کان ثمنه ثلاثة دراهم او لا۔ امام مالکؒ کے نزدیک نصاب رُبع دینار اور ثلاثة دراهم میں سے جس کی قیمت زیادہ ہو وہ ہے۔ امام احمدؒ کے نزدیک نصاب سونے کی چوری میں رُبع دینار اور چاندی کی چوری میں ثلاثة دراهم ہے، اور سونے چاندی کے علاوہ میں تین دراہم کی قیمت ہے (كذا فی التكملة)۔[۱]

امام شافعیؒ کا استدلال باب کی ان تمام احادیث سے ہے جن میں رُبع دینار کا ذکر ہے، امام مالکؒ و امام احمدؒ کا استدلال ان احادیث سے بھی ہے، اور اسی باب کی ان احادیث سے بھی جن میں ثلاثة دراهم کی صراحت ہے۔

امام ابوحنیفہؒ وصاحبینؒ وعطاءؒ وثوریؒ کے نزدیک نصابِ سرقہ عشرة دراهم یا دینار واحد ہے، وهو مذهب عمر وعثمان و علی رضی الله عنهم (كذا فی البذل)۔[۲]

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے دلائل میں سے چند یہ ہیں:-

۱- عن مجاهد عن أيمن قال: "لم يقطع اليد على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم الّا فی ثمن المجن وثمنه يومئذ دينار" وفی رواية أخرى: "وكان ثمن المجن على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم دينارًا أو عشرة دراهم" (رواه النسائی[۳]) ورواه الحاكم فی المستدرك وسكت عنه۔[۴]

اس پر اعتراض کیا گیا ہے کہ ایمن صحابی ہیں جو غزوۂ حنین میں شہید ہو گئے تھے، اس وقت تک حضرت مجاہد پیدا بھی نہ ہوئے تھے، لہٰذا یہ حدیث منقطع اور نا قابلِ استدلال ہے۔

جواب یہ ہے کہ ایمن نام کے دو بزرگ ہیں، ایک وہی صحابی جن کا ذکر معترض نے کیا ہے،

---

(۱) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۲۹و۲۳۰، وشرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۳، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۴۹۸، ۴۹۹، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۴۳۷، والمفهم ج:۵ ص:۷۱ تا ۷۳، واوجز المسالك ج:۱۳ ص:۲۸۱، ۲۸۲ كتاب السرقة، باب ما يجب فيه القطع۔

(۲) بذل المجهود ج:۱۷ ص:۳۳۴ كتاب الحدود، باب ما يقطع فيه السارق۔

(۳) سنن النسائی ج:۲ ص:۲۵۹ كتاب اقطع السارق، باب القدر الذی اذا سرقه السارق الخ رقم الحديث: ۴۹۴۴۔

(۴) المستدرك للحاكمؒ ج:۴ ص:۴۲۰ رقم الحديث: ۸۱۴۳، كتاب الحدود۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور دُوسرے تابعی ہیں، اور ائمہ حدیث مثلاً ابو زرعہؒ اور ابنِ حبانؒ نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے، تو غایۃ ما فی الباب یہ حدیث مرسل ہوئی، وھو حجۃ عندنا وعند الجمھور۔[۱]

۲- عن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جده قال: کان ثمن المجن علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم عشرۃ دراھم۔ رواہ النسائی[۲] والدارقطنی[۳] واحمد[۴] فی مسندہ۔

۳- عن سعید بن المسیّب عن رجل من مُزَیْنَۃَ عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال: ما بلغ ثمن المجن قطعت ید صاحبه، وکان ثمن المجن عشرۃ دراھم۔ رواہ ابن أبی شیبة فی مصنفه فی کتاب الحدود۔[۵]

۴- عن القاسم بن عبدالرحمٰن عن ابن مسعودؓ قال: لا قطع إلّا فی دینار او عشرۃِ دراھم، رواہ الترمذی، لٰکن یرد علیه ان القاسم بن عبدالرحمٰن لم یسمع من ابن مسعود فالاسناد منقطع۔[۶]

جواب یہ ہے کہ مسند ابی حنیفہ[۷] (من روایۃ ابن مقاتل) میں بھی یہ حدیث آئی ہے، اور اس میں سند متصل ہے، ولفظه: "عن القاسم بن عبدالرحمٰن عن أبیه عن عبداللہ بن مسعودؓ قال: کان قطع الید علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فی عشرۃ دراھم" (ھذا کله مأخوذ من کلام ابن الھمامؒ فی فتح القدیر)۔[۸]

---

(۱) فتح القدیر ج:۵ ص:۱۲۳ کتاب السرقة، والعرف الشذی ج:۳ ص:۱۳۸ ابواب الحدود، باب ما جاء فی کم تقطع ید السارق، والجوھر النقی ج:۸ ص:۲۵۸ کتاب السرقة، باب اختلاف الناقلین فی ثمن المجن، وتکملة فتح الملھم ج:۲ ص:۲۳۱۔

(۲) سنن النسائی ج:۲ ص:۲۵۹ کتاب قطع السارق، باب القدر الذی اذا سرقه السارق الخ رقم الحدیث: ۴۹۵۶، ومصنف ابن أبی شیبة ج:۹ ص:۴۷۴ رقم الحدیث: ۸۱۵۴۔

(۳) سنن الدارقطنی ج:۳ ص:۱۱۳ رقم الحدیث: ۳۳۷۳۔

(۴) مسند أحمد ج:۱۱ ص:۲۸۱ رقم الحدیث: ۶۶۸۷۔

(۵) مصنف ابن ابی شیبة ج:۹ ص:۴۷۶ رقم الحدیث: ۸۱۲۲۔

(۶) جامع الترمذی ج:۱ ص:۳۰۰، ابواب الحدود، باب ما جاء فی کم یقطع السارق۔

(۷) جامع المسانید ج:۲ ص:۲۱۶، الباب الحادی والثلاثین فی السرقة۔

(۸) فتح القدیر ج:۵ ص:۱۲۳، ۱۲۴ کتاب السرقة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اوراحادیثِ باب کا جواب یہ ہے کہ ثمن مجن کی تعیین میں صحابہ کرامؓ کے اقوال مختلف ہیں، احادیثِ باب میں تین درہم بیان کیے گئے ہیں، اور ہماری پیش کردہ احادیث میں دس درہم ہیں، اور دس درہم پر قطعِ ید کا وجوب فریقین کی پیش کردہ تمام احادیث سے ثابت ہے، یعنی دس درہم پر قطع کے وجوب پر یہ سب حدیثیں متفق ہیں، اختلاف صرف رُبع دینار یا ثلاثة دراهم میں ہے، پس ہم نے متفق علیہ کو لیا اور مختلف فیہ کو ترک کر دیا، کیونکہ یہاں احتیاط درا الحد میں ہے، لقوله عليه السلام: "ادراؤا الحدود ما استطعتم" (قاله ابن الهمامؒ)۔(۱)

قوله: "حَجَفَةٍ" (ص:۶۳ سطر:۱۶)

بحاء ثم جيم مفتوحتين، یعنی بغیر لکڑی کی، چمڑے سے بنی ہوئی ڈھال، والدرقة كذلك جمعه دَرَقٌ۔(۲)

۴۳۸۴- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَاَبُوْ كُرَيْبٍ قَالَا: نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ يَسْرِقُ الْبَيْضَةَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ، وَيَسْرِقُ الْحَبْلَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ۔"

(ص:۶۴ سطر:۳،۴)

قوله: "لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ يَسْرِقُ الْبَيْضَةَ .... إلخ" (ص:۶۴ سطر:۴)

بعض ظاہریہ اور خوارج اور حسن بصریؒ اس سے بھی قطعِ ید کے لئے نصاب کی نفی پر استدلال کرتے ہیں۔

جواب یہ ہے کہ ممکن ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اس وقت فرمایا ہو جب آیتِ قطعِ ید نازل ہوئی اور نصاب کی وحی نہ آئی تھی، یعنی نصاب کی وحی بعد میں آئی ہوگی۔ دُوسرا جواب یہ ہے کہ یہ باب التدریج سے ہے، یعنی مطلب یہ ہے کہ جو شخص ان حقیر اشیاء کی چوری کا عادی ہو جاتا ہے تو رفتہ رفتہ بڑی چوریاں بھی کرنے لگتا ہے جو موجبِ قطعِ ید ہوتی ہیں (كذا في التكملة)۔(۳)

---

(۱) فتح القدير ج:۵ ص:۱۲۲ كتاب السرقة، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۳۳، وأوجز المسالك ج:۱۳ ص:۲۸۲ كتاب السرقة، باب ما يجب فيه القطع۔

(۲) لسان العرب ج:۳ ص:۶۳، والقاموس الوحيد ص:۲۱۴۔

(۳) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۳۶، وعمدة القاري ج:۲۳ ص:۲۷۲ كتاب الحدود، باب لعن السارق اذا لم يسم، وفتح الباري ج:۱۲ ص:۸۱، ۸۲ كتاب الحدود، باب لعن السارق اذا لم يسم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب قطع السارق الشریف وغیرہ الخ (ص:۶۴)

۴۳۸۸- "حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: أَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَتِ امْرَأَةٌ مَخْزُومِيَّةٌ تَسْتَعِيرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهُ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَطْعِ يَدِهَا۔" (ص:۶۴ سطر:۱۶،۱۷)

قوله: "تَسْتَعِيرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهُ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَطْعِ يَدِهَا" (ص:۶۴ سطر:۱۷)

علامہ نوویؒ نے امام احمدؒ واسحاق بن راہویہؒ کا مذہب اس روایت کے ظاہر کے مطابق یہ نقل کیا ہے کہ عاریۃ لے کر انکار کرنے سے بھی قطع ید واجب ہو جاتا ہے۔ مگر جمہور فقہاء کے یہاں (جن میں حنفیہ بھی شامل ہیں) واجب نہیں ہوتا، کیونکہ اس واقعہ کی پچھلی تمام روایات میں صراحت ہے کہ اس عورت کا قطع ید سرقہ کی بنا پر ہوا تھا، لہٰذا اس روایت کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ عاریت لے کر منکر ہو جانا اُس کی عادت کے طور پر بیان کیا گیا ہے، یعنی یہ گناہ تو وہ کیا ہی کرتی تھی، پھر جب اُس نے سرقہ کرلیا تو سرقہ کی وجہ سے ہاتھ کاٹا گیا (نوویؒ)۔[1]

باب حدّ الزنا (ص:۶۵)

۴۳۹۰- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ: أَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوا عَنِّي، خُذُوا عَنِّي، خُذُوا عَنِّي، فَقَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيلًا الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَنَفْيُ سَنَةٍ، وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ۔"

(ص:۶۵ سطر:۳،۴)

قوله: "فَقَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيلًا" (ص:۶۵ سطر:۴)

جب تک حدِ زنا کے احکام نازل نہیں ہوئے تھے، زنا کی سزا کے بارے میں سورۂ نساء کے تیسرے رُکوع میں صرف اتنا فرمایا گیا تھا کہ:-

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۶۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَیْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِی الْبُیُوْتِ حَتّٰی یَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ یَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِیْلًا ﴿۱۵﴾ (۱)

یعنی عورتوں کا زنا چار گواہوں کی گواہی سے ثابت ہو جانے کے بعد انہیں بیُوت میں روکے رکھو، یہاں تک کہ ان کو موت آجائے، یا ان کے متعلق اللہ کا کوئی حکم نازل ہو جائے، چنانچہ بعد میں جب سورۂ نور کی آیت: ''اَلزَّانِیَةُ وَالزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ'' (۲) نازل ہو گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ارشاد: ''فقد جعل الله لهن سبيلا'' سے اسی آیت کی طرف اشارہ فرمایا، یعنی جس حکم کا وعدہ سورۂ نساء میں کیا گیا تھا، وہ اب نازل ہو گیا ہے۔ (۳)

قوله: ''اَلْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَنَفْيُ سَنَةٍ'' (ص:۶۵ سطر:۴)

ای جزاء زنا البكر بالبكر جلد مائة .... الخ۔ اس پر پوری اُمت کا اجماع ہے کہ بکر زاني وزانية کی سزا جلد مائة ہے، بنصّ آية النُّور، اور بکر سے مراد وہ مرد و عورت ہیں جنھوں نے کبھی نکاحِ صحیح کے ساتھ وطی نہیں کی، چنانچہ جس نے وطی بشبهةٍ یا بنكاحٍ فاسدٍ کی ہو یا زنا کیا ہو، اور نکاحِ صحیح کے ساتھ کبھی بھی جماع نہیں کیا وہ بھی بِکر کے حکم میں ہے۔ البتہ اس میں اختلاف ہے کہ نَفْيُ سنة (ایک سال کے لئے جلا وطن کر دینا) بھی حدِ زنا کا جزء ہے یا نہیں؟ جمہور فقہاء کے نزدیک جزء ہے خواہ مرد ہو یا عورت، اور امام مالکؒ کے نزدیک بھی جزء ہے، مگر ان کے نزدیک نفی صرف مرد کے لئے ہے، عورت کے لئے نہیں لخوف الفتنة، حنفیہ کے نزدیک نفی سنة جزء حد نہیں البتہ تعزیراً اگر امام مصلحت سمجھے تو کر سکتا ہے۔ (۴)

جمہور کا استدلال حدیثِ باب سے ہے، ہمارا جواب یہ ہے کہ قرآن نے سزا صرف ''مائة جلدة'' بتائی ہے اور نفی سنة کا ثبوت خبرِ واحد سے ہے، اور ہمارے نزدیک خبرِ واحد سے زیادة علی كتاب الله جائز نہیں، كما قرّره العلماء في أصول الفقه، لہٰذا نفی سنة کو تعزیر پر محمول کیا

(۱) النساء:۱۵۔

(۲) النور:۲۔

(۳) معارف القرآن ج:۲ ص:۳۴۴۔

(۴) عمدة القاری ج:۲۴ ص:۱۳ کتاب الحدود، باب البكران يُجلدان ويُنفيان، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۲۱، والدر المختار ج:۴ ص:۱۴ کتاب الحدود۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جائے گا، جیسا کہ آگے رجم کے ساتھ جلد مائة کو جمہور نے بھی تعزیر پر محمول کیا ہے۔[۱]

قوله: "وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ" (ص:۶۵ سطر:۴)

جمہور فقہاء کے نزدیک ثیب کے لئے جمع بین الجلد والرجم نہیں، بلکہ صرف رجم ہے، اس لئے کہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ اور إمرأة غامدية اور عسیف کے واقعات آگے آرہے ہیں جن میں صرف رجم ہے، پورے عہدِ رسالت میں جمع بین الجلد والرجم کی کوئی مثال نہیں ملتی، لہٰذا حدیثِ باب کا جواب یہ ہے کہ بظاہر یہ اس وقت کی بات ہے کہ اَحکامِ زنا نئے نئے نازل ہوئے تھے، بعد میں یہ حکم منسوخ ہوگیا،[۲] وعليه الأئمة الأربعة، نیز یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ جلد مائة تعزیرًا تھا نہ کہ حدًا۔[۳] البتہ اس حدیث کی بناء پر حضرت علیؓ، حسن بصریؒ، اسحاق ابن راہویہؒ، واہل الظاہر اور بعض اصحاب الشافعی جمع بین الجلد والرجم کے قائل ہیں۔

۴۳۹۲- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ جَمِيْعًا عَنْ عَبْدِ الْأَعْلٰى، قَالَ ابْنُ الْمُثَنّٰى: نَا عَبْدُ الْأَعْلٰى قَالَ: نَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ كُرِبَ لِذٰلِكَ وَتَرَبَّدَ لَهُ وَجْهُهُ۔ قَالَ: فَأُنْزِلَ عَلَيْهِ ذَاتَ يَوْمٍ فَلُقِيَ كَذٰلِكَ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ: "خُذُوْا عَنِّيْ فَقَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ، الثَّيِّبُ جَلْدُ مِائَةٍ ثُمَّ رَجْمًا بِالْحِجَارَةِ۔ وَالْبِكْرُ جَلْدُ مِائَةٍ ثُمَّ نَفْيُ سَنَةٍ۔" (ص:۶۵ سطر:۵تا۷)

قوله: "كُرِبَ لِذٰلِكَ" (ص:۶۵ سطر:۶)

بضم الكاف وكسر الرّاء على البناء للمجهول يعني اصابه كربٌ لشدة تلك

(۱) فتح القدير ج:۵ ص:۲۸، ۲۹ كتاب الحدود، فصل في كيفية اقامة الحدود، وعمدة القاری ج:۲۳ ص:۱۳ كتاب الحدود، باب البكران يُجلدان ويُنفيان، واعلاء السنن ج:۱۱ ص:۲۰۴، ۲۰۵ كتاب الحدود، باب ان لا يجمع بين البكر بين الجلد والنفي، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۴۳۔

(۲) يعني قبل العمل به، كما في الحل المفهم (ص:۱۹۴)۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۵، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۵۰۴، ۵۰۵، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۱۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الحالة، والكرب المشقة كما في حاشية الذهني۔ (۱)

قوله: "وَتَرَبَّدَ لَهُ وَجْهُهُ" (ص:۶۵ سطر:۶)

اى عَلَتْهُ غُبْرَةٌ، والربد تغير البياض الى السواد، وانما حَصَلَ لَهٗ ذالك لعظم موقع الوحى قال الله تعالىٰ: "اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ۝" (۲) قاله النوویؒ۔

قوله: "سُرِّیَ عَنْهُ" (ص:۶۵ سطر:۷)

یعنی جب وہ مشقت اور کرب کی کیفیت آپ سے ہٹادی گئی جو نزولِ وحی کے وقت تھی۔

سزائے رجم کا ثبوت

۴۳۹۴- "حَدَّثَنِی اَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیٰی قَالَا: نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ یَقُوْلُ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَهُوَ جَالِسٌ عَلٰی مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ، وَاَنْزَلَ عَلَیْهِ الْكِتَابَ، فَكَانَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلَیْهِ آیَةُ الرَّجْمِ قَرَاْنَاهَا وَوَعَیْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا، فَرَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهٗ۔ فَاَخْشٰی اِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ اَنْ یَقُوْلَ قَائِلٌ: مَا نَجِدُ الرَّجْمَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَیَضِلُّوْا بِتَرْكِ فَرِیْضَةٍ اَنْزَلَهَا اللّٰهُ، وَاِنَّ الرَّجْمَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰی مَنْ زَنٰی اِذَا اَحْصَنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اِذَا قَامَتِ الْبَیِّنَةُ اَوْ كَانَ الْحَبَلُ اَوِ الْاِعْتِرَافُ۔" (ص:۶۵ سطر:۹ تا ۱۳)

قوله: "اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ، وَاَنْزَلَ عَلَیْهِ الْكِتَابَ، فَكَانَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلَیْهِ آیَةُ الرَّجْمِ قَرَاْنَاهَا وَوَعَیْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا، فَرَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهٗ ...الخ۔" (ص:۶۵ سطر:۱۳)

---

(۱) حاشیة صحیح مسلم للذهنیؒ ج:۲ ص:۱۰۶۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۵، والنهایة لابن الأثیرؒ ج:۲ ص:۱۸۳، ومشارق الأنوار ج:۱ ص:۳۴۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کیا کوئی آیتِ رجم قرآن کا جزو ہو کر نازل ہوئی تھی؟

فاروقِ اعظمؓ کے خطبے میں اِن الفاظ کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ رجم کے حکم کی کوئی مستقل آیت تھی جو سورۃ نور کی آیت کے علاوہ تھی، کیونکہ سورۃ نور کی آیت میں ''اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ'' کی سزا ''مِائَةَ جَلْدَةٍ'' (سو کوڑے) بتائی گئی ہے، رجم کا ذکر نہیں، اس لئے علامہ نوویؒ[۱] اور حافظ ابنِ حجرؒ[۲] سمیت کئی حضرات نے فرمایا کہ آیتِ رجم نازل ہوئی تھی پھر اس کی تلاوت منسوخ ہوگئی اور حکم باقی رہا۔ حافظ ابنِ کثیرؒ[۳] اور علامہ قرطبیؒ[۴] نے بھی بعض روایات کی بناء پر یہی فرمایا ہے۔

حافظ ابنِ حجر رحمۃ اللہ علیہ نے امام نسائیؒ کے حوالے سے آیتِ رجم کے یہ الفاظ نقل کئے ہیں: ''اَلشَّيْخُ وَالشَّيْخَةُ اِذَا زَنَيَا فَارْجُمُوْهُمَا اَلْبَتَّةَ'' لیکن ساتھ ہی امام نسائیؒ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ: ''لا اعلم احدًا ذكر في الحديث (اى فى خطبة عمر برواية ابن عباس رضى الله عنهم، رفيع) ''الشَّيْخُ وَالشَّيْخَةُ'' غير سفيان، وينبغى ان يكون وَهِمَ فى ذالك۔''

حافظ ابنِ حجرؒ فرماتے ہیں کہ: ''شاید اسی وجہ سے امام بخاریؒ نے یہ جملہ نقل نہیں کیا، بلکہ امامِ مسلمؒ اور دیگر ائمۂ حدیث نے بھی ابنِ عباسؓ کی اس روایت کو کئی حفاظ سے عن الزهرى روایت کیا ہے، مگر وہ یہ جملہ نقل نہیں کرتے۔ خلاصہ یہ کہ حضرت ابنِ عباسؓ کی روایت میں یہ جملہ فاروقِ اعظمؓ کے خطبے میں کسی معتبر روایت سے ثابت نہیں۔

البتہ مؤطا مالک[۵] کی روایت عن يحيى بن سعيد عن سعيد بن المسيّب میں فاروقِ اعظمؓ کے خطبے میں یہ جملہ بھی منقول ہے، اور حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے مؤطا کی اس روایت کے بعد حضرت اُبَیّ بن کعب اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہما سے بھی یہ جملہ نقل کیا ہے۔ ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جملہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فاروقِ اعظمؓ سمیت کئی صحابۂ کرامؓ نے سنا تھا۔

مگر ان روایات سے بھی صراحۃً یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کبھی بھی

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۵۔

(۲) فتح البارى ج:۱۲ ص:۱۳۸ و ۱۴۳ كتاب الحدود، باب الاعتراف بالزنا۔

(۳) تفسير ابن كثير، سورة النّور ج:۶ ص:۵ تا ۷۔

(۴) تفسير القرطبي، سورة الأحزاب ج:۱۴ ص:۱۱۳۔

(۵) مؤطا إمام مالك، كتاب الحدود، ص:۶۸۲ وفتح البارى ج:۱۲ ص:۱۴۳ كتاب الحدود، باب الاعتراف بالزنا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قرآنِ کریم میں لکھوایا تھا، بلکہ حافظ ابنِ حجرؒ نے اس کے برخلاف حضرت زید بن ثابتؓ کی روایت سے فاروقِ اعظمؓ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ: "اکْتِبْنِی آیَۃَ الرجم" فقال: "لَا استطیعُ" یعنی فاروقِ اعظمؓ نے کہا کہ یا رسول اللہ! مجھے آیتِ رجم لکھوا دیجئے (اِملاء کروا دیجئے) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "میں یہ نہیں کرسکتا" اور زید بن ثابتؓ ہی کی دوسری روایت میں فاروقِ اعظمؓ کے یہ الفاظ نقل کئے ہیں کہ: "لما نَزَلَتْ اَتَیْتُ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقلتُ اَکْتُبُها؟ فکانّه کرهَ ذالك" یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے لکھنے کو گویا ناپسند کیا۔[1]

علامہ ابن الہمامؒ کی تحقیق:

چنانچہ علّامہ ابن الھمامؒ نے فرمایا ہے کہ: راجح بات یہی ہے کہ رجم کا حکم سنة متواترة قطعیة سے ثابت ہوا ہے، اور کسی قطعی روایت سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ قرآنِ حکیم میں رجم کے بارے میں کوئی آیت نازل ہوئی تھی کہ اُسے منسوخ التلاوۃ قرار دیا جائے۔

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب شُراحَة کو جَلْد کیا اور پھر اُسے رَجم کیا تو فرمایا کہ: "جَلدتُها بکتابِ اللہ تعالٰی ورجمتُها بِسُنّةِ رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" اس روایت کو نقل کرکے علّامہ ابن الھمامؒ فرماتے ہیں کہ: "ولم یعلل (ای علیّ کرّم اللہ وجهَهُ -رفیع) الرجمَ بالقراٰن المنسوخ التلاوة (الٰی قوله) فیکون رایه (ای رای علیؓ) ان الرجم حکم زائد فی حق المحصن ثبت بالسنّة ...الخ۔"[2]

اس روایت سے معلوم ہوا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا موقف بھی یہی تھا جو علّامہ ابن الھمامؒ نے اِختیار کیا ہے۔

علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے تفسیر روح المعانی[3] میں علّامہ ابن الھمامؒ کا یہ قول نقل کرکے اس کے خلاف اپنی کوئی رائے نہیں لکھی، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی علّامہ ابن الھمامؒ کی رائے سے متفق ہیں۔

---

(۱) فتح الباری ج:۱۲ ص:۱۴۳ کتاب الحدود، باب الاعتراف بالزنا۔

(۲) فتح القدیر، کتاب الحدود، فصل فی کیفیة إقامة الحدّ ج:۵ ص:۲۸،۲۹۔

(۳) تفسیر روح المعانی سورة النور ج:۱۸ ص:۷۸ تا ۷۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تفسیر معارف القرآن میں بھی یہی موقف اختیار کیا گیا ہے

تفسیر معارف القرآن میں حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہی موقف اختیار کیا ہے، اور جن روایات سے آیتِ رجم کا نازل ہونا ظاہر ہوتا ہے اُن کا جواب دیا ہے، ہم یہاں تفسیر معارف القرآن کا وہ حصہ بعینہٖ نقل کرتے ہیں، البتہ جہاں وضاحت کی ضرورت ہوگی اُسے قوسین میں لکھ دیا جائے گا۔

فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا مذکورہ بالا خطبہ جو اِمام مسلمؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے، اُسے نقل کر کے حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

''یہ روایت صحیح بخاری میں بھی زیادہ تفصیل کے ساتھ مذکور ہے (بخاری ج:۲ ص:۱۰۰۹) اور نسائی میں اس روایت کے بعض الفاظ یہ ہیں:-

"انا لا نجد من الرجم بُدًّا فإنّه حدّ من حدود الله، الا وان رسول الله صلى الله عليه وسلم قد رجم ورجمنا بعده، ولو لا ان يقول قائلون ان عمر زاد فى كتاب الله ما ليس فيه لكتبت فى ناحية المصحف ـ وشهد عمر بن الخطاب وعبدالرحمٰن بن عوف وفلان وفلان ان رسول الله صلى الله عليه وسلم رجم ورجمنا بعده۔" الحديث۔ (ابن كثير)(1)

یعنی'' زنا کی سزا میں ہم شرعی حیثیت سے رجم کرنے پر مجبور ہیں کیونکہ وہ اللہ کی حدود میں سے ایک حد ہے، خوب سمجھ لو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود رجم کیا اور ہم نے آپ کے بعد بھی رجم کیا۔ اور اگر یہ خطرہ نہ ہوتا کہ کہنے والے کہیں گے کہ عمر نے کتاب اللہ میں اپنی طرف سے کچھ بڑھا دیا ہے تو میں قرآن کے کسی گوشے میں بھی اس کو لکھ دیتا، اور عمر بن خطاب گواہ ہے اور عبدالرحمٰن بن عوف گواہ ہیں اور فلاں فلاں صحابہ گواہ ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رجم کیا اور آپ کے بعد ہم نے رجم کیا۔''

---

(۱) تفسير ابن كثير: سورة النور/ ۲ ج:۲ ص:۲۶۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

آ گے حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''حضرت فاروقِ اعظمؓ کے اس خطبے سے بظاہر یہ ثابت ہوتا ہے کہ حکمِ رجم کی کوئی مستقل آیت ہے جو سورۂ نور کی آیتِ مذکورہ کے علاوہ ہے مگر حضرت فاروقِ اعظمؓ نے اُس آیت کے الفاظ نہیں بتلائے کہ کیا تھے۔ (یعنی فاروقِ اعظمؓ کا خطبہ جس طرح حضرت ابنِ عباسؓ نے نقل کیا ہے جو اِس وقت زیرِ بحث ہے اُس کی کسی معتبر روایت میں وہ الفاظ نہیں ہیں، جیسا کہ حافظ ابنِ حجرؒ کے کلام میں پیچھے بیان ہو چکا ہے -رفیع) اور نہ یہ فرمایا کہ اگر وہ اس آیتِ نور کے علاوہ کوئی مستقل آیت ہے تو قرآن میں کیوں نہیں، اور کیوں اس کی تلاوت نہیں کی جاتی، صرف اتنا فرمایا کہ اگر مجھے یہ خطرہ نہ ہوتا کہ لوگ مجھ پر کتاب اللہ میں زیادتی کا اِلزام لگائیں گے تو میں اس آیت کو قرآن کے حاشیہ پر لکھ دیتا، کما رواہ النسائی۔ (اور ''الحلیۃ'' کی روایت عن سعید بن المسیّب میں فاروقِ اعظمؓ کے یہ الفاظ منقول ہیں: ''لکتبتُھا فی اٰخر القراٰن'' یعنی میں قرآن کے آخر میں اسے لکھ دیتا، کما فی فتح الباری، کتاب الحدود، باب الاعتراف بالزّنا ج:۱۲ ص:۱۴۳ -رفیع)۔

اس روایت میں یہ بات قابلِ غور ہے کہ اگر وہ واقعی قرآن کی کوئی آیت ہے اور دُوسری آیات کی طرح اُس کی تلاوت واجب ہے تو فاروقِ اعظمؓ نے لوگوں کی بدگوئی کے خوف سے اُس کو کیسے چھوڑ دیا جبکہ اُن کی شدّت فی اَمر اللہ معروف ومشہور ہے، اور یہ بھی قابلِ غور ہے کہ خود حضرت فاروقؓ نے یہ نہیں فرمایا کہ میں اس آیت کو قرآن میں داخل کر دیتا بلکہ ارشاد یہ فرمایا کہ میں اس کو قرآن کے حاشیہ پر لکھ دیتا۔

یہ سب اُمور اس کے قرائن ہیں کہ حضرت فاروقِ اعظمؓ نے سورۂ نور کی آیت مذکورہ کی جو تفسیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی جس میں آپ نے سو کوڑے لگانے کے حکم کو غیر شادی شدہ (غیر مُحْصن) مرد وعورت کے ساتھ مخصوص فرمایا اور شادی شدہ (مُحْصن) کے لئے رجم کا حکم دیا۔ اس مجموعی تفسیر کو

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور پھر اُس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تعامل کو "کتاب اللہ" اور آیتِ کتاب اللہ کے الفاظ سے تعبیر فرمایا اس معنی میں کہ آپ کی یہ تفسیر و تفصیل بحکمِ کتاب اللہ ہے وہ کوئی مستقل آیت نہیں، ورنہ حضرت فاروقِ اعظمؓ کو کوئی طاقت اس سے روک نہ سکتی کہ قرآن کی جو آیت رہ گئی ہے اس کو اس کی جگہ لکھ دیں۔ حاشیہ پر لکھنے کا جو ارادہ ظاہر فرمایا وہ بھی اسی کی دلیل ہے کہ درحقیقت وہ کوئی مستقل آیت نہیں بلکہ آیت سورۂ نور ہی کی تشریح میں کچھ تفصیلات ہیں، اور بعض روایات میں جو اس جگہ ایک مستقل آیت کے الفاظ مذکور ہیں وہ اسناد و ثبوت کے اعتبار سے اس درجے میں نہیں کہ اُس کی بنا پر قرآن میں اس کا اضافہ کیا جا سکے۔ (چنانچہ حافظ ابنِ حجرؒ اور علامہ ابن الہمامؒ کا جو کلام ہم نے پیچھے نقل کیا ہے اس سے یہ بات واضح ہے۔ رفیع) حضراتِ فقہاء نے جو اس کو منسوخ التلاوۃ غیر منسوخ الحکم کی مثال میں پیش کیا ہے وہ مثال ہی کی حیثیت میں ہے، اُس سے درحقیقت اس کا آیتِ قرآن ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ (اور علامہ نوویؒ، حافظ ابنِ حجرؒ، حافظ ابنِ کثیرؒ اور علامہ قرطبیؒ کے جو اقوال ہم نے بحث کے شروع میں نقل کئے ہیں اُن کا جواب علامہ ابن الہمامؒ اور خود حافظ ابنِ حجرؒ کے کلام میں پیچھے آچکا ہے۔ رفیع)۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ سورۂ نور کی آیتِ مذکورہ میں جو زانیہ اور زانی کی سزا سو کوڑے لگانا مذکور ہے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مکمل تشریح و تصریح کی بناء پر غیر شادی شدہ (غیر مُحصن) لوگوں کے لئے مخصوص ہے اور شادی شدہ (مُحصن) کی سزا رجم ہے، یہ تفصیل اگرچہ الفاظِ آیت میں مذکور نہیں مگر جس ذاتِ اقدس پر یہ آیت نازل ہوئی خود اُن کی طرف سے ناقابلِ التباس وضاحت کے ساتھ یہ تفصیل مذکور ہے، اور صرف زبانی تعلیم و ارشاد ہی نہیں بلکہ متعدد بار اس تفصیل پر عمل بھی صحابۂ کرامؓ کے مجمع کے سامنے ثابت ہے اور یہ ثبوت ہم تک تواتر کے ذریعے پہنچا ہوا ہے، اس لئے شادی شدہ (مُحصن) مرد و عورت پر سزائے رجم کا حکم درحقیقت کتاب اللہ ہی کا حکم اور اُسی کی طرح قطعی

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور یقینی ہے، اس کو یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ سزائے رجم سنتِ متواترہ سے قطعی الثبوت ہے جیسا کہ حضرت علیؓ سے یہی الفاظ منقول ہیں کہ رجم کا حکم سنت سے ثابت ہے اور حاصل دونوں کا ایک ہی ہے۔"[۱] (تفسیر معارف القرآن کی بعینہٖ عبارت یہاں ختم ہوگئی)

قوله: "وَاِنَّ الرَّجْمَ فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ" (ص:۶۵ سطر:۱۳)

المراد به قوله تعالیٰ: وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ۔[۲]

یعنی یہاں "حکم الله" سے مراد رجم ہے، (کذا فی التکملة)[۳] اور فاروقِ اعظمؓ کے مذکورہ بالا قول میں "کتاب الله" سے مراد "فریضة الله" ہے، یعنی معنی لغوی مراد ہیں، یہ فریضہ (رجم) توراۃ میں نازل ہوا تھا جس کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تقریر فرمادی نیز سورۃ النور کی آیت میں جو حکم آیا تھا اُس کی تفصیل وتشریح میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رجم کا حکم پوری وضاحت سے ارشاد فرمادیا۔ اور یہ تقریر صراحۃً جو قولاً بھی تھی فعلاً بھی تواترِ معنوی کے ذریعہ ہم تک پہنچی ہے، اس تقریر وتفسیر کو "کتاب الله" بمعنیٰ "فریضة الله" کہا گیا، جیسا کہ پیچھے تفسیر معارف القرآن کی عبارت میں بھی تفصیل سے آچکا ہے۔

لہٰذا سورۃ النور کی آیت: "اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا.... اِلـــخ" کے عموم میں تخصیص ان احادیثِ متواترہ معنیً سے بالاتفاق جائز بلکہ واجب ہوگئی، پس ثبوتِ حدِ رجم میں شبہ نہیں رہا کہ رجم کی احادیث باون صحابہ کرامؓ نے روایت کی ہیں، جن میں سے کئی صحیح مسلم کے اسی "باب حدّ الزنا" میں آگئی ہیں، باقی کی تفصیل تکملة فتح الملهم میں دیکھی جاسکتی ہے۔[۴]

قوله: "اِذَا اَحْصَنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ" (ص:۶۵ سطر:۱۳)

---

(۱) تفسیر معارف القرآن، سورۃ النُّور ج:۶ ص:۳۴۶ تا ۳۴۸۔

(۲) المائدة : ۴۳۔

(۳) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۴۸، والجامع لأحكام القرآن ج:۲ ص:۱۷۸، والتفسير المظهری ج:۳ ص:۱۱۶۔

(۴) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۴۸ تا ۲۵۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رجم کے لئے زانی کا محصن ہونا بالاتفاق شرط ہے، البتہ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک إحصان چار صفات کا مجموعہ ہے: حرية، عقل، بلوغ، الوطی بنکاحٍ صحیحٍ، ان کے نزدیک اسلام شرطِ إحصان نہیں۔ لہٰذا ان کے نزدیک کافر کو بھی رجم کیا جائے گا۔

ہمارے اور مالکیہ کے نزدیک مذکورہ چار اوصاف کے ساتھ اِسلام کا وصف بھی احصان کے لئے شرط ہے، چنانچہ ہمارے نزدیک کافر کو رجم نہیں کیا جائے گا، جَلد کیا جائے گا۔[1]

امام شافعیؒ واحمدؒ کا استدلال اس واقعہ سے ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی مرد وعورت کو رجم کیا، رواہ مسلم في هذا الباب، كما يأتي، ورواه الترمذي في جامعه۔[2]

امام ابوحنیفہؒ کی دلیل حدیثِ مرفوع ہے عن نافع عن ابن عمر قال: "من أشرك بالله فليس بمحصن"[3] ذكره الزيلعي في نصب الراية بعدّة طرق،[4] (كذا في الكوكب الدري)۔[5]

اور رجم یہودی ویہودیہ کا جواب یہ ہے کہ وہ تعزیراً تھا نہ کہ حدًّا، اور اس سے یہ ظاہر کرنا مقصود تھا کہ یہودی مذہب میں بھی رجم ہے، جسے علمائے یہود نے چھپا رکھا ہے۔

قوله: "أَوْ كَانَ الْحَبَلُ" (ص:۶۵ سطر:۱۳)

ثبوتِ زنا کے لئے بالاجماع چار مردوں کی گواہی شرط ہے، یا زانی خود اقرار کرلے تو وہ بینہ کے قائم مقام ہے۔ اختلاف اس میں ہے کہ جس عورت کا نہ کوئی شوہر ہو نہ سیّد، پھر وہ حاملہ ہو جائے اور زنا پر نہ بیّنة قائم ہو نہ اقرار پایا جائے تو اس پر بھی حد جاری کی جائے گی یا نہیں؟ امام مالکؒ کے

---

(۱) عمدة القاري ج:۲۳ ص:۲۹۰ كتاب الحدود، باب رجم المحصن، وفتح القدير ج:۵ ص:۲۲ كتاب الحدود، وفيض الباري ج:۴ ص:۴۵۶ كتاب الحدود، باب رجم المحصن۔

(۲) جامع الترمذي ج:۱ ص:۳۹۷ ابواب الحدود، باب ما جاء في رجم اهل الكتاب رقم الحديث: ۱۴۴۰۔

(۳) ورواه الدارقطني (ج:۳ ص:۱۴۷ رقم الحديث: ۳۲۵۱) وواسحاق بن راهويه في مسنده۔ رفيع

(۴) نصب الراية ج:۳ ص:۳۲۷ رقم الحديث: ۵۴۹۳۔

(۵) الكوكب الدري ج:۲ ص:۳۸۰ ابواب الحدود عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، وفتح القدير ج:۵ ص:۲۵ كتاب الحدود۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نزدیک جاری کی جائے گی لقول عمرؓ[۱] هذا، "إلّا ان تكون مكرهة وقامت بذلك مستغيثة قبل ظهور الحمل او تكون غريبة وتدعي انه من زوج او سيّد"۔ اور حنفیہ سمیت جمہور فقہاء کے نزدیک حبل ثبوتِ حد کے لئے کافی نہیں۔ لاحتمال ان تكون مكرهة او وطيت بشبهة او بنكاح فاسد، (اور قبل الحبل استغاثہ حیاء کی وجہ سے نہ کیا ہو) والحدود تندرأ بالشبهات۔[۲]

۴۳۹۶- "حَدَّثَنِيْ عَبْدُالْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ قَالَ: حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ قَالَ: اَتىٰ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ، فَنَادَاهُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ زَنَيْتُ۔ فَاَعْرَضَ عَنْهُ، فَتَنَحّٰى تِلْقَاءَ وَجْهِهٖ، فَقَالَ لَهٗ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنِّيْ زَنَيْتُ۔ فَاَعْرَضَ عَنْهُ، حَتّٰى ثَنّٰى ذٰلِكَ عَلَيْهِ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ۔ فَلَمَّا شَهِدَ عَلٰى نَفْسِهٖ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ دَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "اَبِكَ جُنُوْنٌ؟ قَالَ: لَا۔ قَالَ: "فَهَلْ اَحْصَنْتَ؟" قَالَ: نَعَمْ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اذْهَبُوْا بِهٖ فَارْجُمُوْهُ"۔

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَاَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُوْلُ: فَكُنْتُ فِيْمَنْ رَجَمَهُ، فَرَجَمْنَاهُ بِالْمُصَلّٰى، فَلَمَّا اَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ هَرَبَ فَاَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ فَرَجَمْنَاهُ۔"

(ص:٦٦ سطر:١ تا٥)

قوله: "حَتّٰى ثَنىٰ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ" (ص:٦٦ سطر:٣)

---

(۱) لیکن جواب یہ ہے کہ فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا عمل اس کے خلاف ثابت ہے، یعنی متعدد واقعات سے ثابت ہے کہ حضرت عمرؓ نے محض حبل کی بناء پر کسی عورت کو رجم نہیں کیا، (التکملة ج:٢ ص:٢٦٠) جب تک کہ اس نے اقرار نہ کرلیا، پس فاروقِ اعظمؓ کے یہ سارے فیصلے چونکہ مذکورہ بالا ارشاد کے معارض ہیں، لہٰذا ان فیصلوں کے باعث ثبوتِ حد میں شبہ پیدا ہوگیا، والحدود تندرأ بالشبهات۔ رفیع

(۲) شرح صحيح مسلم للنووي ج:٢ ص:٦٥، ٦٦۔ وإكمال المعلم ج:٥ ص:٥٠٨، ٥٠٩، وإكمال إكمال المعلم ج:٣ ص:٣٤٩۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

"ثني" من باب ضرب كرمی، ای کرر۔[۱]

امام شافعیؒ و مالکؒ کے نزدیک إقرار بمرّة واحدةٍ کافی ہے، اور حنفیہ وحنابلہ کے نزدیک أربع مرّات شرط ہے، نیز عند الحنفية یہ بھی شرط ہے کہ چاروں اقرار الگ الگ مجلس میں ہوں، كما في الكوكب الدري نقلاً عن الهداية۔[۲]

ہماری دلیل حدیثِ باب کا یہی جملہ ہے، اس سے چار اقرار ثابت ہوئے، اور اُوپر کے جملے "فأعرض عنه فتنحّى تلقاء وجهه .... إلخ" (ص:۶۶ سطر:۳) سے أربعة مجالس کا ثبوت واضح ہے۔[۳]

قوله: "فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ هَرَبَ فَأَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ فَرَجَمْنَاهُ" (ص:۶۶ سطر:۵)

"إذلاق" کے معنی تکلیف انتہاء کو پہنچا دینا اور زخمی کر دینا ہے۔[۴] جس کا زنا اقرار سے ثابت ہوا ہو، رجم کے وقت اگر وہ بھاگ جائے تو امام مالکؒ کا مسلک یہ ہے کہ اس کا پیچھا کیا جائے اور رجم جاری رکھا جائے حتّى يموت، حنفیہ، شافعیہ اور حنابلہ کا مذہب یہ ہے کہ رجم روک کر اس سے پوچھا جائے گا، اگر اس نے رُجوع عن الإقرار کیا تو چھوڑ دیا جائے گا ورنہ رجم کر دیا جائے گا، امام مالکؒ کا استدلال بابِ هٰذا کی اسی روایت سے ہے۔[۵]

ہمارا استدلال ابوداوٗد[۶] کی روایت سے ہے: "عن رسول الله صلى الله عليه وسلم:

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۶، ولسان العرب ج:۲ ص:۱۳۹، ۱۴۰، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۱ ص:۲۲۴، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۶۱۔

(۲) الكوكب الدري مع حاشيته ج:۲ ص:۳۷۴، ۳۷۵ ابواب الحدود، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۶۱، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۸۰، ۸۱ كتاب الحدود، باب الاعتراف بالزنا الخ، والهداية ج:۲ ص:۵۰۷، ۵۰۸ كتاب الحدود۔

(۳) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: فتح القدير ج:۵ ص:۸ تا ۱۱ كتاب الحدود۔

(۴) لسان العرب ج:۵ ص:۵۴، ۵۵، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۶۲۔

(۵) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۶، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۵۱۱، ۵۱۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۴۵۰، ۴۵۱۔

(۶) سنن أبي داوٗد ج:۲ ص:۶۰۶، ۶۰۷ كتاب الحدود، باب في الرجم رقم الحديث: ۴۲۵۷، ۴۲۵۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

أَلَّا تركتموه حتّى انظر في شأنه" وفي رواية: "هلّا تركتموه، فلعله يتوب، فيتوب الله عليه" وفي رواية الترمذي: "فهلّا تركتموه"[1]۔

۴۳۹۹- "حَدَّثَنِي أَبُوْ كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: رَأَيْتُ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ حِيْنَ جِيْءَ بِهٖ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَصِيْرٌ أَعْضَلُ لَيْسَ عَلَيْهِ رِدَاءٌ، فَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهٖ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ أَنَّهُ زَنٰى۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "فَلَعَلَّكَ"، قَالَ: لَا، وَاللّٰهِ إِنَّهُ قَدْ زَنَى الْأَخِرُ۔ قَالَ: فَرَجَمَهُ ثُمَّ خَطَبَ، فَقَالَ: "أَلَا كُلَّمَا نَفَرْنَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَلَفَ أَحَدُهُمْ لَهٗ نَبِيْبٌ كَنَبِيْبِ التَّيْسِ، يَمْنَحُ أَحَدُهُمُ الْكُثْبَةَ، أَمَا وَاللّٰهِ إِنْ يُمَكِّنِّيْ مِنْ أَحَدِهِمْ لَأُنَكِّلَنَّهٗ عَنْهُ۔" (ص:٦٦ سطر:۹ تا ۱۲)

قوله: "رَجُلٌ قَصِيْرٌ أَعْضَلُ" (ص:٦٦ سطر:۱۰)

"قصیر" چھوٹے قد کا، ٹھگنا،[2] اور "أَعْضَلُ" گٹھے ہوئے جسم والا، مٹھکے ہوئے جسم والا، یعنی مضبوط جسم کا۔[3]

قوله: "فَلَعَلَّكَ" (ص:٦٦ سطر:۱۱)

ای فلعلك قبّلتَ او لمستَ یہ اشارہ رجوع عن الاقرار کی تلقین ہے اور مستحب ہے، (الحل المفهم والنوویؒ)۔[4]

قوله: "الْأَخِرُ" (ص:٦٦ سطر:۱۱)

بفتح الهمزة المقصورة والخاءِ المكسورة رذیل، لئیم، کمینہ، بدبخت، یہ لفظ ماعز نے اپنے لئے استعمال کیا جس سے واضح ہے کہ وہ اپنے اس جرم پر کتنے شرمسار تھے۔

۴۴۰۰- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى-

---

(۱) جامع الترمذی ج:۱ ص:۳۹۶ رقم الحدیث: ۱۴۳۲۔

(۲) المنجد ص:۷۶۹۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۶۔

(۴) بحوالہ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَالَا: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ قَالَ: أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَصِيْرٍ أَشْعَثَ ذِيْ عَضَلَاتٍ عَلَيْهِ إِزَارٌ، وَقَدْ زَنىٰ۔ فَرَدَّهُ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ أَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلَّمَا نَفَرْنَا غَازِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَخَلَّفَ أَحَدُكُمْ يَنِبُّ نَبِيْبَ التَّيْسِ يَمْنَحُ إِحْدَاهُنَّ الْكُثْبَةَ، إِنَّ اللّٰهَ لَا يُمْكِنُنِيْ مِنْ أَحَدٍ مِنْهُمْ إِلَّا جَعَلْتُهُ نَكَالًا أَوْ نَكَّلْتُهُ۔"

قَالَ: فَحَدَّثْتُهُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ فَقَالَ: إِنَّهُ رَدَّهُ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ۔"

(ص:۶۶ سطر:۱۲ تا ۱۶)

قوله: "يَنِبُّ" (ص:۶۶ سطر:۱۵)

باب "ضرب" سے ہے، ومصدرہ نبًّا ونبيبًا ونبابًا۔

قوله: "نَبِيْبَ" (ص:۶۶ سطر:۱۵)

جفتی کرنے کے وقت جانور کے منہ سے نکلنے والی آواز۔ (۱)

قوله: "التَّيْسِ" (ص:۶۶ سطر:۱۵) بکرا، مینڈھا۔

قوله: "يَمْنَحُ إِحْدَاهُنَّ الْكُثْبَةَ" (ص:۶۶ سطر:۱۵)

"الكُثْبَةُ" تھوڑا سا دودھ، ہر تھوڑی سی چیز کو بھی کہتے ہیں، یعنی عورتوں کو مائل کرنے کے لئے انہیں کچھ دے دیتا ہے۔ (۲)

قوله: "إِنَّهُ رَدَّهُ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ" (ص:۶۶ سطر:۱۵، ۱۶)

یہ بھی حنفیہ کی دلیل ہے کہ اقرار چار مجالس میں ہوا۔

۴۴۰۳- "حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْأَعْلٰى قَالَ: نَا دَاوُدُ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَسْلَمَ يُقَالُ لَهُ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ، أَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّيْ أَصَبْتُ فَاحِشَةً فَأَقِمْهُ عَلَيَّ فَرَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا۔ قَالَ: ثُمَّ سَأَلَ قَوْمَهُ فَقَالُوْا: مَا نَعْلَمُ بِهٖ بَأْسًا إِلَّا أَنَّهُ أَصَابَ

(۱) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۶۶، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۵۱۳، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۴۵۱۔

(۲) بحوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

شَيْئًا نَرٰى اَنَّهُ لَا يُخْرِجُهُ مِنْهُ إِلَّا اَنْ يُّقَامَ فِيْهِ الْحَدُّ۔ قَالَ: فَرَجَعَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَنَا اَنْ نَّرْجُمَهُ۔ قَالَ: فَانْطَلَقْنَا بِهٖ إِلَى بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ۔ قَالَ: فَمَا اَوْثَقْنَاهُ وَلَا حَفَرْنَا لَهٗ، قَالَ: فَرَمَيْنَاهُ بِالْعِظَامِ وَالْمَدَرِ وَالْخَزَفِ، قَالَ: فَاشْتَدَّ وَاشْتَدَدْنَا خَلْفَهٗ، حَتّٰى اَتٰى عُرْضَ الْحَرَّةِ فَانْتَصَبَ لَنَا فَرَمَيْنَاهُ بِجَلَامِيْدِ الْحَرَّةِ يَعْنِي الْحِجَارَةَ حَتّٰى سَكَتَ، قَالَ: ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيْبًا مِنَ الْعَشِيِّ فَقَالَ: "اَوَ كُلَّمَا انْطَلَقْنَا غُزَاةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَخَلَّفَ رَجُلٌ فِيْ عِيَالِنَا، لَهٗ نَبِيْبٌ كَنَبِيْبِ التَّيْسِ، عَلَيَّ اَنْ لَا اُوْتٰى بِرَجُلٍ فَعَلَ ذٰلِكَ إِلَّا نَكَّلْتُ بِهٖ"۔ قَالَ: فَمَا اسْتَغْفَرَ لَهٗ وَلَا سَبَّهٗ۔" (ص:۶۷ سطر:۴ تا ۹)

قولہ: "فَقَالُوْا: مَا نَعْلَمُ بِهٖ بَأْسًا" (ص:۶۷ سطر:۵)

یعنی ہم ان میں کوئی خرابی نہیں پاتے، معلوم ہوا کہ یہ عادی مجرم نہیں تھے، نہ ان بدکاروں میں شامل تھے جن کا ذکر پچھلی اور اگلی حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ: "كلما نفرنا غازين .... إلخ" (ص:۶۶ سطر:۱۴) لہٰذا بعض معاصر اہلِ قلم نے ان کو "غنڈوں" میں شمار کرکے سخت غلطی کی ہے، بلکہ ابوبکر بن ابی شیبہؒ کی روایت میں اگلے صفحہ:۶۸ سطر:۱۰ پر حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کی برادری کے لوگوں کا یہ صریح بیان آرہا ہے کہ: "ما نعلمهٗ إلّا وفيّ العقل من صالحينا" یعنی یہ ہمارے عقلمند صالحین میں سے ہیں۔

قولہ: "فَاَمَرَنَا اَنْ نَّرْجُمَهُ" (ص:۶۷ سطر:۶)

ہمارے نزدیک رجم کی ابتداء اقرار کی صورت میں حاکم سے ہونا ضروری ہے، اور اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ماعز رضی اللہ عنہ کے رجم میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم شریک نہیں تھے۔

جواب یہ ہے کہ امراۃ غامدیۃ کے واقعہ میں تو ابوداؤد(۱) کی روایت میں صراحت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے پتھر مارا، وهو مثل الحمصة، البتہ ماعز رضی اللہ عنہ کے واقعہ میں کسی روایت سے ثابت نہیں ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فعلِ رجم میں شریک ہوئے، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے کہ یہ آپؐ کے لئے واجب نہ تھا، کیونکہ حاکم

---

(۱) سنن ابی داؤد ج:۲ ص:۶۱۰ كتاب الحدود، باب المرأة التي امر النبي صلى الله عليه وسلم برجمها الخ، رقم الحديث: ۴۴۲۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کی شرکت میں مصلحت یہ ہے کہ رجم کرنے والوں کو یقین واطمینان ہوجائے کہ قاضی کو اپنے فیصلے میں تردّد نہیں اور اس نے تحقیقِ شرائط کے یقین کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ یقین، شرکت فی الرجم کے بغیر بھی حاصل ہے۔ [1]

ہماری دلیل اس مسئلے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اثر ہے، جسے ابنِ ابی شیبہؒ نے اپنی مصنّف میں روایت کیا ہے: "عن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود عن علیؓ" اس میں ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ: "زنا کی دو قسمیں ہیں، ایک وہ جو بیّنہ سے ثابت ہو، دُوسری وہ جو اقرار یا حبل سے ثابت ہو"، پہلی صورت کے بارے میں فرمایا: "فیکون الشھود أوّل من یرمی ثم الامام ثم الناس"، اور دُوسری صورت کے بارے میں فرمایا: "فیکون الامام أوّل من یرمی"۔ [2] مصنّف ابنِ ابی شیبہ میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کا یہی معمول بیان کیا گیا ہے، نیز مسندِ احمد [3] اور سننِ بیہقی [4] میں بھی یہ اثر مذکور ہے۔ اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ یہ اثرِ صحابی مدرك بالقیاس ہے، لہٰذا مرفوع کے حکم میں نہ ہوگا۔

جواب یہ ہے کہ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ یہ حکم میں مرفوع کے نہیں، لیکن امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا اُصول یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ میں جب اختلاف ہو تو کسی ایک قول کو دلائل سے ترجیح دیتے ہیں، اور اختلاف نہ ہو تو صحابی کی تقلید کرتے ہیں، یہاں بھی یہی صورت ہے، کیونکہ حضرت علیؓ کے اس قانون کے خلاف کسی صحابی کا قول ثابت نہیں۔

ایک اور اِشکال یہاں یہ ہوتا ہے کہ رجم کا ثبوت احادیثِ قطعیہ متواترہ سے ہے، اور ابتداء الرجم بالشھود والإمام کسی حدیثِ مرفوع میں نہیں، بلکہ صرف ایک ایسے اثر سے ثابت ہے جو خبرِ واحد مرفوعاً کے درجے میں بھی نہیں، تو جس طرح خبرِ واحد یا قولِ صحابی سے زیادت علی الکتاب جائز نہیں، اسی طرح احادیثِ متواترہ پر بھی یہ زیادۃ بخبر الواحد یا بقول الصحابی

---

(۱) فتح القدیر ج:۵ ص:۱۵ کتاب الحدود، وردّ المحتار ج:۴ ص:۱۲ کتاب الحدود، مطلب الزنا شرعاً لا یختص بما یوجب الحد بل أعم۔

(۲) مصنّف ابن ابی شیبة ج:۱۰ ص:۹۰ رقم الحدیث: ۸۸۶۷۔

(۳) مسند أحمد ج:۲ ص:۲۷۸ رقم الحدیث. ۹۷۸۔

(۴) السنن الکبریٰ للبیھقیؒ ج:۸ ص:۲۲۰ کتاب الحدود، باب من اعتبر حضور الامام والشھود وبدایة الامام بالرجم۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دُرست نہیں ہوگی۔

جواب یہ ہے کہ احادیثِ متواترہ سے دو چیزیں ثابت ہیں: ایک رجم، دُوسری درأ الحد بالشبهة، اور اثرِ ابنِ اگرچہ دلیلِ شرطیت نہ بن سکے لیکن اس سے شبهة الشرطيت تو یقیناً حاصل ہوگیا، جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر امام ابتداءً بالرجم نہ کرے تو یہ شبہ پیدا ہوجائے گا کہ شرطِ رجم پائی گئی یا نہیں؟ والحدود تندرئ بالشبهات فيسقط الرجم بترك الإمام۔[1]

قوله: "فَمَا اَوْثَقْنَاهُ وَلَا حَفَرْنَا لَهٗ" (ص:٦٧ سطر:٦)

جس کا زنا اقرار سے ثابت ہو اس کے بارے میں جمہور فقہاء کا مسلک یہی ہے کہ اس کو نہ باندھا جائے۔

اور گڑھا کھودنے کے بارے میں اختلاف ہے، امام مالکؒ وامامِ احمدؒ کے نزدیک نہ مرد کے لئے حفر ہوگا نہ عورت کے لئے، حنفیہ اور امام شافعیؒ کے نزدیک مرد کے لئے نہیں کھودا جائے گا، عورت کے لئے کھودنا مستحب ہے،[2] حنفیہ کا مسلک علامہ نوویؒ نے امام مالکؒ کے موافق نقل کیا ہے، مگر صاحبِ ہدایہ نے اس کے خلاف وہی نقل کیا ہے جو ابھی بیان ہوا کہ عورت کے لئے حفر کیا جائے گا اور مرد کے لئے ناجائز ہے۔[3]

ہماری دلیل حدیثِ ہٰذا کا یہ جملہ ہے کہ: "ولا حفرنا له"۔ اور إمراة غامدية کے لئے کھودنے کی صراحت آگے آرہی ہے، جس سے اس کا جواز بلکہ افضلیت ثابت ہوئی، البتہ ماعز رضی اللہ عنہ ہی کے واقعے میں آگے ایک روایت میں ہے کہ ان کے لئے گڑھا کھودا گیا مگر علامہ ابنِ ہمام رحمہ اللہ نے اس روایت کو منکر کہا ہے، لمخالفة الثقات والحفاظ۔[4]

قوله: "اَلْمَدَرُ" (ص:٦٧ سطر:٧)

بفتح الميم وسكون الدال۔ مٹی کا ڈھیلا۔[5]

---

(۱) فتح القدير ج:۵ ص:۱۳ كتاب الحدود۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:٦٧۔

(۳) الدر المختار مع الشامية ج:۴ ص:۱۴ كتاب الحدود، والهداية ج:۲ ص:۵۱۱ كتاب الحدود، فصل في كيفية اقامته۔

(۴) فتح القدير ج:۵ ص:۲۲ كتاب الحدود. فصل في كيفية اقامته۔

(۵) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲٦۵، ومجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۵۷۰، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۴ ص:۳۰۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "اَلْخَزَفِ" (ص:٦٧ سطر:٧) بفتح الخاء والزاء المعجمتین ٹھیکرے۔[1]

قوله: "عُرْضَ الْحَرَّة" (ص:٦٧ سطر:٧) ای جانب الْحَرَّة۔

قوله: "بِجَلَامِیْدِ الْحَرَّةِ" (ص:٦٧ سطر:٧)

"جَلَامِیْد" جُلْمُدٌ اور جُلْمُوْدٌ بضم الجیم کی جمع ہے،[2] بڑے پتھر جو حرّة کے مقام پر پڑے رہتے تھے۔ اردو میں ان کو "جھانوا" کہتے ہیں۔

۴۴۰٦- "حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِیّ قَالَ: نَا یَحْیَی بْنُ یَعْلٰی -وَهُوَ ابْنُ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِیُّ- عَنْ غَیْلَانَ وَهُوَ ابْنُ جَامِعٍ الْمُحَارِبِیُّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ اَبِیْهِ قَالَ: جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ إِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! طَهِّرْنِیْ۔ فَقَالَ: "وَیْحَكَ ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ إِلَیْهِ"۔ قَالَ: فَرَجَعَ غَیْرَ بَعِیْدٍ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! طَهِّرْنِیْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ، حَتّٰی إِذَا كَانَتِ الرَّابِعَةُ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "فِیْمَ اُطَهِّرُكَ؟" فَقَالَ: مِنَ الزِّنَا۔ فَسَاَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "اَبِهٖ جُنُوْنٌ؟" فَاُخْبِرَ اَنَّهُ لَیْسَ بِمَجْنُوْنٍ۔ فَقَالَ: "اَشَرِبَ خَمْرًا؟" فَقَامَ رَجُلٌ فَاسْتَنْكَهَهُ فَلَمْ یَجِدْ مِنْهُ رِیْحَ خَمْرٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "اَزَنَیْتَ؟" فَقَالَ: نَعَمْ، فَاَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ۔ فَكَانَ النَّاسُ فِیْهِ فِرْقَتَیْنِ: قَائِلٌ یَقُوْلُ: لَقَدْ هَلَكَ لَقَدْ اَحَاطَتْ بِهٖ خَطِیْئَتُهُ، وَقَائِلٌ یَقُوْلُ: مَا تَوْبَةٌ اَفْضَلَ مِنْ تَوْبَةِ مَاعِزٍ، اَنَّهُ جَاءَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ یَدَهُ فِیْ یَدِهٖ ثُمَّ قَالَ اقْتُلْنِیْ بِالْحِجَارَةِ۔ قَالَ: فَلَبِثُوْا بِذٰلِكَ یَوْمَیْنِ اَوْ ثَلَاثَةً، ثُمَّ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ جُلُوْسٌ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ: "اسْتَغْفِرُوْا لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ۔" قَالَ: فَقَالُوْا: غَفَرَ اللّٰهُ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَیْنَ اُمَّةٍ

---

(۱) مجمع بحار الأنوار ج: ص:۳۹، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:٦٧۔

(۲) لسان العرب ج:۳ ص:۱۲۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لَوَسِعَتْهُمْ۔" قَالَ: ثُمَّ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ غَامِدٍ مِنَ الْأَزْدِ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! طَهِّرْنِيْ۔ فَقَالَ: "وَيْحَكِ ارْجِعِيْ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوْبِيْ إِلَيْهِ۔" فَقَالَتْ: أَرَاكَ تُرِيْدُ أَنْ تُرَدِّدَنِيْ كَمَا رَدَّدْتَ مَاعِزَ ابْنَ مَالِكٍ؟ قَالَ: "وَمَا ذَاكِ؟" قَالَتْ: إِنَّهَا حُبْلٰى مِنَ الزِّنَا۔ فَقَالَ: "أَنْتِ"۔ قَالَتْ: نَعَمْ۔ فَقَالَ لَهَا: "حَتّٰى تَضَعِيْ مَا فِيْ بَطْنِكِ"۔ قَالَ: فَكَفَلَهَا رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ حَتّٰى وَضَعَتْ، قَالَ: فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: قَدْ وَضَعَتِ الْغَامِدِيَّةُ۔ فَقَالَ: "إِذًا لَا نَرْجُمُهَا وَنَدَعُ وَلَدَهَا صَغِيْرًا، لَيْسَ لَهُ مَنْ يُرْضِعُهُ۔" فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ: إِلَيَّ رَضَاعُهُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، قَالَ: فَرَجَمَهَا۔"

(ص:۶۷ سطر:۱۲تا۱۵ تا ص:۶۸ سطر:۱تا۷)

قوله: "فَاسْتَنْكَهَهُ" (ص:۶۸ سطر:۱)

يعني شمّ فمه، ودلّ هذا الحديث على أن اقرار السكران بالزنا لا يعتبر، وهو قول الجمهور ومنهم الحنفية، إلا انهم قيدوا ذلك بالحدود التي يعمل فيها الرجوع عن الإقرار كالزنا وشرب الخمر وأما فيما هو حق العبد كالقذف وسائر الحقوق المالية فيعمل فيها إقرار السكران إذا كان السكر بطريق محظور، وإن كان بطريق مباح كشرب الدواء عند الضرورة فلا يعمل الإقرار في شيء من الحقوق المالية ولا في الحقوق الجنائية (تكملة فتح الملهم)۔[1]

البتہ شافعیہ کا مذہب علامہ نوویؒ[2] نے یہ نقل کیا ہے کہ سکران کا اقرار تمام قضایا میں معتبر ہے، البتہ حالتِ سکر میں حد جاری نہیں ہوگی، جب سکر ختم ہو جائے تو حد قائم کی جائے گی، (تکملة عن ردّ المحتار)۔[3]

قوله: "فَكَفَلَهَا رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ" (ص:۶۸ سطر:۲)

یعنی اس کے قیام و طعام وغیرہ کا انتظام کیا، وہ کفالت مراد نہیں جو بمعنی ضمان ہوتی ہے،

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۶۶و۲۶۷۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۸۔

(۳) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۶۷، والدر المختار مع الشامية ج:۵ ص:۲۲۲ كتاب الاقرار، فصل في مسائل شتى۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کیونکہ کفالت بمعنی ضمان ان حدود میں جائز نہیں جو حقوق اللہ ہیں، (قالہ النووی)۔ [۱]

قولہ: "فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ: اِلَیَّ رَضَاعُهُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ، قَالَ: فَرَجَمَهَا"

(ص:۶۸ سطر:۷)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ غامدیہ کو بچے کے فطام سے پہلے ہی اس انصاری کی یہ ذمہ داری لینے پر رجم کر دیا گیا تھا کہ رضاعت کا انتظام وہ کر دے گا، لیکن اگلی روایت میں صراحت ہے کہ رجم بعد الفطام ہوا تھا، اس تعارض کو اس طرح رفع کیا گیا ہے کہ رجم بعد الفطام ہی ہوا تھا، جس کا ذکر پچھلی روایت میں اختصار کے باعث حذف ہو گیا ہے۔ اور یہاں "إلیّ رضاعُہ" سے مراد مجازاً "إلیّ کفالتہ وتربیتُہ" ہے (قالہ النوویؒ)۔ [۲] اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے یہ تاویل فرمائی ہے کہ "إلیّ إتمام رضاعِہ" مراد ہے، یعنی فطام مدّتِ رضاعت پوری ہونے سے پہلے ہو گیا تھا، اس انصاری نے رضاعت مکمل کرانے کی ذمہ داری لے لی۔ [۳]

اس تعارض کو اس طرح بھی دُور کیا جا سکتا ہے کہ اگلی روایت کو مرجوح قرار دیا جائے پچھلی روایت سے، کیونکہ یہ روایت بشیر بن مہاجر کی ہے جس میں دُوسرے اوہام بھی ہیں، [۴] تو ہو سکتا ہے کہ یہ بھی بشیر بن مہاجر کا وہم ہو، جیسا کہ ایک وہم آگے آ رہا ہے۔

۴۴۰۷- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَ: نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَیْرٍ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَیْرٍ -وَتَقَارَبَا فِیْ لَفْظِ الْحَدِیْثِ- قَالَ: نَا اَبِیْ قَالَ: نَا بَشِیْرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ قَالَ: نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ بُرَیْدَةَ، عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ الْاَسْلَمِیَّ اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنِّیْ قَدْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَزَنَیْتُ وَاِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ تُطَهِّرَنِیْ، فَرَدَّهُ۔ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ اَتَاهُ فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۸، والدیباج ج:۲ ص:۲۰۵، وحاشیۃ صحیح مسلم للذہنیؒ ج:۲ ص:۱۱۰۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۸، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۴۵۲۔

(۳) الحل المفہم ج:۲ ص:۱۹۵۔

(۴) تکملۃ فتح الملہم ج:۲ ص:۲۶۷و۲۶۸، وفتح القدیر ج:۵ ص:۲۹،۳۰ کتاب الحدود، قبیل باب الوطء الذی یوجب الحد والذی لا یوجبہ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللّٰہِ! اِنِّیْ قَدْ زَنَیْتُ، فَرَدَّہُ الثَّانِیَۃَ۔ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی قَوْمِہٖ فَقَالَ: "اَتَعْلَمُوْنَ بِعَقْلِہٖ بَاْسًا تُنْکِرُوْنَ مِنْہُ شَیْئًا؟" فَقَالُوْا: مَا نَعْلَمُہٗ اِلَّا وَفِیَّ الْعَقْلِ مِنْ صَالِحِیْنَا فِیْمَا نُرٰی۔ فَاَتَاہُ الثَّالِثَۃَ، فَاَرْسَلَ اِلَیْھِمْ اَیْضًا فَسَاَلَ عَنْہُ فَاَخْبَرُوْہُ اَنَّہٗ لَا بَاْسَ بِہٖ وَلَا بِعَقْلِہٖ۔ فَلَمَّا کَانَ الرَّابِعَۃَ حَفَرَ لَہٗ حُفْرَۃً ثُمَّ اَمَرَ بِہٖ فَرُجِمَ۔ قَالَ: فَجَاءَتِ الْغَامِدِیَّۃُ فَقَالَتْ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! اِنِّیْ قَدْ زَنَیْتُ فَطَھِّرْنِیْ، وَاِنَّہٗ رَدَّھَا۔ فَلَمَّا کَانَ الْغَدُ قَالَتْ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! لِمَ تَرُدُّنِیْ؟ لَعَلَّکَ اَنْ تَرُدَّنِیْ کَمَا رَدَدْتَ مَاعِزًا، فَوَاللّٰہِ اِنِّیْ لَحُبْلٰی، قَالَ: "اِمَّا لَا، فَاذْھَبِیْ حَتّٰی تَلِدِیْ۔" فَلَمَّا وَلَدَتْ اَتَتْہُ بِالصَّبِیِّ فِیْ خِرْقَۃٍ قَالَتْ: ھٰذَا قَدْ وَلَدْتُّہٗ، قَالَ: "اذْھَبِیْ فَاَرْضِعِیْہِ حَتّٰی تَفْطِمِیْہِ"۔ فَلَمَّا فَطَمَتْہُ اَتَتْہُ بِالصَّبِیِّ فِیْ یَدِہٖ کِسْرَۃُ خُبْزٍ فَقَالَتْ: ھٰذَا یَا نَبِیَّ اللّٰہِ قَدْ فَطَمْتُہٗ وَقَدْ اَکَلَ الطَّعَامَ، فَدَفَعَ الصَّبِیَّ اِلٰی رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ، ثُمَّ اَمَرَ بِھَا فَحُفِرَ لَھَا اِلٰی صَدْرِھَا وَاَمَرَ النَّاسَ فَرَجَمُوْھَا۔ فَیُقْبِلُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ بِحَجَرٍ فَرَمٰی رَاْسَھَا فَتَنَضَّحَ الدَّمُ عَلٰی وَجْہِ خَالِدٍ، فَسَبَّھَا، فَسَمِعَ نَبِیُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَبَّہٗ اِیَّاھَا، فَقَالَ: مَھْلًا یَا خَالِدُ! فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَۃً لَوْ تَابَھَا صَاحِبُ مَکْسٍ لَغُفِرَ لَہٗ۔ ثُمَّ اَمَرَ بِھَا فَصَلّٰی عَلَیْھَا وَدُفِنَتْ۔" (ص:۶۸ سطر:۷ تا۱۶)

قولہ: "مِنْ صَالِحِیْنَا" (ص:۶۸ سطر:۱۰)

معلوم ہوا کہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ صالحین میں سے تھے، اتفاقاً یہ جرم سرزد ہو گیا تھا۔

قولہ: "حُفِرَ لَہٗ حُفْرَۃٌ" (ص:۶۸ سطر:۱۱)

یہ راوی "بشیر بن مہاجر" کا وہم ہے اور حفاظ کی روایات کے خلاف ہونے کے باعث "منکر" یا "شاذ" ہے (قالہ ابن الھمامؒ)۔[1]

قولہ: "لَعَلَّکَ اَنْ تَرُدَّنِیْ" (ص:۶۸ سطر:۱۲) ای لعلک تریدُ اَنْ تَرُدَّنِیْ۔

قولہ: "اِمَّا لَا" (ص:۶۸ سطر:۱۲) ای اِمّا لا تنتھین۔

قولہ: "قَدْ فَطَمْتُہٗ" (ص:۶۸ سطر:۱۴) ای قبل مدتہ (الحل المفھم)۔[2]

(۱) فتح القدیر ج:۵ ص:۲۲۲ کتاب الحدود، فصل فی کیفیۃ اقامتہ، والحل المفھم مع حاشیتہ ج:۲ ص:۱۹۶۔

(۲) الحل المفھم ج:۲ ص:۱۹۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "فَيُقْبِلُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ" (ص:۶۸ سطر:۱۴)

اس سے معلوم ہوا کہ غامدیہ کا واقعہ ماہ صفر سن ۸ ہجری کے بعد ہوا ہے، کیونکہ حضرت خالدؓ مسلمان ہوکر صفر سن ۸ ہجری میں مدینہ آئے تھے، اس سے ثابت ہوا کہ غامدیہ کا واقعہ سورۃ النور کے نزول کے بعد کا ہے، کیونکہ سورۃ النور کا نزول سن ۵ ہجری میں ہو چکا تھا۔ لہٰذا بعض متجددین کا یہ کہنا باطل ہے کہ سورۃ النور نے رجم کا حکم منسوخ کردیا ہے (تکملہ)۔ (۱)

قوله: "فَتَنَضَّحَ الدَّمُ عَلَى وَجْهِ خَالِدٍ" (ص:۶۸ سطر:۱۵)

رُوِي بالحاء المهملة وبالمعجمة والأكثرون على المهملة ومعناهُ تَرَشَّشَ وانصَبَّ (نوویؒ)۔ (۲)

قوله: "صَاحِبُ مَكْسٍ" (ص:۶۸ سطر:۱۵)

ظالمانہ ٹیکس لینے والا۔ (كذا يفهم من شرح النوويؒ)۔ (۳)

۴۴۰۸- "حَدَّثَنِي أَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ عَبْدِالْوَاحِدِ الْمُسْمَعِيُّ قَالَ: نَا مُعَاذُ -يَعْنِي ابْنَ هِشَامٍ- قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِيْ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُوْ قِلَابَةَ أَنَّ أَبَا الْمُهَلَّبِ حَدَّثَهُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ جُهَيْنَةَ أَتَتْ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ حُبْلَى مِنَ الزِّنَا، فَقَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللهِ! أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَيَّ، فَدَعَا نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيَّهَا، فَقَالَ: "أَحْسِنْ إِلَيْهَا، فَإِذَا وَضَعَتْ فَأْتِنِيْ بِهَا"، فَفَعَلَ فَأَمَرَ بِهَا نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشُكَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ، ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهَا، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: تُصَلِّيْ عَلَيْهَا يَا نَبِيَّ اللهِ وَقَدْ زَنَتْ؟ قَالَ: "لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ سَبْعِيْنَ مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَوَسِعَتْهُمْ، وَهَلْ وَجَدتَ تَوْبَةً أَفْضَلُ مِنْ أَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلّٰهِ تَعَالَى"۔ (ص:۶۸ سطر:۱۶، ۱۷ تا ص:۶۹ سطر:۱ تا ۳)

قوله: "أَنَّ امْرَأَةً مِنْ جُهَيْنَةَ" (ص:۶۸ سطر:۱۷)

---

(۱) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۶۹۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۸۔

(۳) بحوالۂ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امرأۃ غامدیۃ ہی مراد ہے، کیونکہ غامد قبیلۂ جہینہ ہی کی شاخ ہے (تکملہ)۔[۱]

قولہ: "فَشُكَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا" (ص:۶۹ سطر:۱)

یعنی اس کے کپڑے اُس پر لپیٹ کر اُنہیں کانٹوں سے جوڑ دیا گیا۔ تا کہ رجم کے دوران اُس کا جسم کھل نہ جائے (تکملہ)۔[۲]

۴۴۱۰- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ ح قَالَ: وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَ: انَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ اَنَّهُمَا قَالَا: إِنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَعْرَابِ اَتىٰ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اَنْشُدُكَ إِلَّا قَضَيْتَ لِىْ بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَالَ الْخَصْمُ الاٰخَرُ: -وَهُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ- نَعَمْ، فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاْذَنْ لِىْ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "قُلْ"۔ قَالَ: إِنَّ ابْنِىْ كَانَ عَسِيْفًا عَلٰى هٰذَا فَزَنىٰ بِامْرَاَتِهٖ، وَاِنِّىْ اُخْبِرْتُ اَنَّ عَلَى ابْنِى الرَّجْمَ فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَوَلِيْدَةٍ، فَسَاَلْتُ اَهْلَ الْعِلْمِ فَاَخْبَرُوْنِىْ اَنَّمَا عَلَى ابْنِى جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ وَاَنَّ عَلَى امْرَاَةِ هٰذَا الرَّجْمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ الْوَلِيْدَةُ وَالْغَنَمُ رَدٌّ، وَعَلَى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، اُغْدُ يَا اُنَيْسُ! إِلَى امْرَاَةِ هٰذَا، فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا۔" قَالَ: فَغَدَا عَلَيْهَا، فَاعْتَرَفَتْ فَاَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَتْ۔" (ص:۶۹ سطر:۳تا۹)

قولہ: "اَنْشُدُكَ" (ص:۶۹ سطر:۵)

بفتح الهمزة وضم الشين يعني أسألك بالله رافعًا نشيدي أى صوتي (نوویؒ)۔[۳] ترجمہ یہ ہوگا کہ: "میں اللہ کا واسطہ دے کر فریاد کرتا ہوں، یا مطالبہ کرتا ہوں۔"

قولہ: "إِلَّا قَضَيْتَ لِىْ بِكِتَابِ اللّٰهِ" (ص:۶۹ سطر:۵)

---

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۷۰۔

(۲) تکملة فتح الملهم بحوالۂ بالا۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۶۹، ومکمل إکمال الإکمال ج:۴ ص:۴۵۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ای لا اسألك إلّا القضاءَ بكتاب الله۔ یہاں فعل "قضیتَ" کومصدر "القضاء" کے قائم مقام لایا گیا ہے۔

قوله: "عَسِيْفًا" (ص:۶۹ سطر:۶)

بالعین والسین المهملتین، ای اَجیرًا وجمعه "عُسَفَاءُ" كأجير واُجَرَاءُ وفقيه وفُقهاءُ (نوویؒ)۔[۱]

قوله: "الْوَلِيْدَةُ" (ص:۶۹ سطر:۸) یعنی باندی۔

قوله: "فَاَخْبَرُوْنِيْ اَنَّمَا عَلَى ابْنِيْ جَلْدُ مِائَةٍ (إلى قوله) وَاَنَّ عَلَى امْرَاَةِ هٰذَا الرَّجْمَ" (ص:۶۹ سطر:۷)

معلوم ہوا کہ عسیف کے جلد ماۃ کا، اور اس عورت کے رجم کا واقعہ بھی سورۃ النور کے نزول کے بعد کا ہے کیونکہ "جلد ماۃ" کا حکم سورۃ النور ہی میں آیا ہے۔ بلکہ تحقیق سے ثابت ہے کہ رجم کے جتنے واقعات ہیں وہ سب سورۃ النور کے نزول کے بعد کے ہیں، لہٰذا یہ نہیں کہا جا سکتا کہ رجم کے حکم کو آیت سورۃ النور نے منسوخ کر دیا ہے، جیسا کہ بعض متجددین کہتے ہیں۔ سورۃ النور ۵ھ یا ۶ھ میں نازل ہوئی ہے، (راجع لتفصيل ذلك تكملة فتح الملهم فانه نفيس)۔[۲]

قوله: "وَاغْدُ يَا اُنَيْسُ! إِلَى امْرَاَةِ هٰذَا فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا" (ص:۶۹ سطر:۸)

یہاں اِشکال ہوتا ہے کہ یہ جرمِ زنا کا تجسس ہوا، جبکہ مستحب یہ ہے کہ اس جرم کو چھپایا جائے، اور اگر مجرم اقرار بھی کر لے تو اس کے ساتھ ایسا انداز اختیار کیا جائے کہ وہ رجوع کر لے، جیسا کہ ماعز رضی اللہ عنہ اور غامدیہ کے معاملے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا؟ اس کا جواب علامہ نووی رحمہ اللہ نے یہ دیا ہے کہ بظاہر یہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصود یہ تھا کہ اگر وہ عورت انکار کرے تو اُس کو بتایا جائے کہ عسیف کے باپ نے اُس پر اپنے بیٹے سے زنا کرانے کی تہمت لگائی ہے، لہٰذا اُسے حدِ قذف کا مطالبہ کرنے کا حق ہے، اور اگر وہ عورت اقرار کر لے تو اُسے رجم کر دیا جائے، واللہ اعلم۔[۳]

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۹، وغريب الحديث لأبي عبيد ج:۱ ص:۱۵۸۔

(۲) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۷۳۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۶۹، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۷۳و۲۷۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "فَاَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَرُجِمَتْ" (ص:۶۹ سطر:۸تا۹)

اسی حدیث میں ذرا پہلے آچکا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنیس رضی اللہ عنہ کو اعتراف کی صورت میں رجم کا فیصلہ کرنے کا اختیار دیدیا تھا، چنانچہ انہوں نے ضابطے کی پوری کارروائی کر کے فیصلہ تو رجم کا بطورِ قاضی کر دیا ہوگا لیکن مزید احتیاط کے لئے رجم کرنے سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر توثیق چاہی ہوگی، جو آپ نے کر دی بظاہر اس توثیق کو "اَمَرَ بها رسول الله صلی الله علیه وسلم" کے الفاظ سے تعبیر کیا گیا ہے (تکملة)۔[1]

۴۴۱۲- "حَدَّثَنِی الْحَکَمُ بْنُ مُوْسٰی اَبُوْ صَالِحٍ قَالَ: نَا شُعَیْبُ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ: اَنَا عُبَیْدُاللّٰہِ، عَنْ نَافِعٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰہِ بْنَ عُمَرَ اَخْبَرَہٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِیَھُوْدِیٍّ وَیَھُوْدِیَّۃٍ قَدْ زَنَیَا، فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی جَاءَ یَھُوْدَ فَقَالَ: "مَا تَجِدُوْنَ فِی التَّوْرَاۃِ عَلٰی مَنْ زَنٰی!؟" قَالُوْا: نُسَوِّدُ وُجُوْھَھُمَا وَنُحَمِّلُھُمَا وَنُخَالِفُ بَیْنَ وُجُوْھِھِمَا وَیُطَافُ بِھِمَا، قَالَ:"فَأْتُوْا بِالتَّوْرَاۃِ إِنْ کُنْتُمْ صَادِقِیْنَ" فَجَاءُوْا بِھَا فَقَرَاُوْھَا حَتّٰی إِذَا مَرُّوْا بِآیَۃِ الرَّجْمِ وَضَعَ الْفَتَی الَّذِیْ یَقْرَاُ یَدَہٗ عَلٰی آیَۃِ الرَّجْمِ وَقَرَاَ مَا بَیْنَ یَدَیْھَا وَمَا وَرَائَھَا، فَقَالَ لَہٗ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ سَلَامٍ: -وَھُوَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ- مُرْہُ فَلْیَرْفَعْ یَدَہٗ، فَرَفَعَھَا فَإِذَا تَحْتَھَا آیَۃُ الرَّجْمِ فَاَمَرَ بِھِمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا۔ قَالَ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ عُمَرَ: کُنْتُ فِیْمَنْ رَجَمَھُمَا فَلَقَدْ رَاَیْتُہٗ یَقِیْھَا مِنَ الْحِجَارَۃِ بِنَفْسِہٖ۔" (ص:۶۹ سطر:۱۰تا۱۴)

قوله: "اُتِیَ بِیھودیٍّ ویھودیّۃ" (ص:۶۹ سطر:۱۱)

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی سزا کے بارے میں فتویٰ لینے کے لئے ان کو لایا گیا۔

قوله: "فَاَمَرَ بِھِمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا" (ص:۶۹ سطر:۱۴)

یہودی اور یہودیہ کو رجم کرنے کے اس واقعہ سے امام شافعیؒ و احمدؒ نے استدلال کیا ہے کہ اسلام شرطِ احصان نہیں، لہٰذا کافر ثیب کو بھی رجم کیا جائے گا۔

(۱) تکملة فتح الملھم ج:۲ ص:۲۷۵و۲۷۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہماری دلیل پیچھے گزر چکی جو متعدد طرق سے مروی ہے: "عن نافع عن ابن عمر مرفوعًا قال: من اشرك بالله فليس بمحصن" رواه الدار قطني[1] واسحاق بن راهويه في مسنده۔ جب اس حدیث اور حدیثِ باب میں تعارض ہو گیا تو ترجیح اسی حدیث کو دی جائے گی،

اوّلاً اس لئے کہ یہ حدیث قولی ہے اور حدیثِ باب فعلی۔

ثانیاً اس لئے کہ اس حدیث پر عمل کرنے سے رجم مُندرئ ہوتا ہے، اور حدیثِ باب پر عمل کرنے سے رجم ثابت ہوتا ہے، اور احتیاط درا الحد میں ہے۔

حدیثِ باب کا تیسرا جواب یہ بھی دیا جا سکتا ہے کہ یہودیین کو رجم تعزیرًا کیا گیا نہ کہ حدًّا، یعنی اس مصلحت سے کیا ہے کہ باقی یہودیوں میں شہرت ہو جائے کہ تورات کا اصل حکم یہی ہے، جو انہوں نے چھپا رکھا تھا۔

چوتھا جواب ابوبکر جصاص رازی رحمہ اللہ نے دیا ہے کہ ابتداء میں اسلام شرطِ احصان نہ تھا، پھر حدیث: "من اشرك بالله فليس بمحصن" سے شرط قرار دے دیا گیا۔ خلاصہ یہ کہ ذمی کو رجم کرنا منسوخ ہے اور یہودیین کا واقعہ نسخ سے پہلے کا ہے۔

پانچواں جواب یہ دیا گیا ہے کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی یہ روایت اگرچہ سند اور دلالت على الموضوع کے اعتبار سے صحیحین کی حديث الباب سے کم درجے کی ہے، لیکن اس روایت سے کم از کم حدیثِ باب سے استدلال کرنے میں شبہ تو پیدا ہو گیا، وان الحدود تندرأ بالشبهات (كذا في التكملة)۔[2]

۴۴۱۵- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ كِلَاهُمَا عَنْ اَبِيْ مُعَاوِيَةَ۔ قَالَ يَحْيٰى: اَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الْبَرَاءِ ابْنِ عَازِبٍ قَالَ: مُرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَهُوْدِيٍّ مُحَمَّمًا مَجْلُوْدًا فَدَعَاهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هٰكَذَا تَجِدُوْنَ حَدَّ الزَّانِيْ فِيْ كِتَابِكُمْ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، فَدَعَا رَجُلًا مِنْ عُلَمَائِهِمْ، فَقَالَ: "اَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ الَّذِيْ اَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلٰى مُوْسٰى صَلَّى اللّٰهُ

(۱) سنن الدارقطني ج:۳ ص:۱۴۷ رقم الحديث: ۳۲۵۱۔

(۲) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۷۸و۲۷۹، وتفسير روح المعاني ج:۱۸ ص:۸۰، ۸۱، واحكام القرآن للجصاصؒ ج:۳ ص:۲۵۸، والتفسير المظهري ج:۶ ص:۴۲۷، ۴۲۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهٰكَذَا تَجِدُوْنَ حَدَّ الزَّانِيْ فِيْ كِتَابِكُمْ؟" قَالَ: لَا، وَلَوْلَا اَنَّكَ نَشَدْتَنِيْ بِهٰذَا لَمْ اُخْبِرْكَ نَجِدُهُ الرَّجْمَ وَلٰكِنَّهُ كَثُرَ فِيْ اَشْرَافِنَا فَكُنَّا اِذَا اَخَذْنَا الشَّرِيْفَ تَرَكْنَاهُ وَاِذَا اَخَذْنَا الضَّعِيْفَ اَقَمْنَا عَلَيْهِ الْحَدَّ، قُلْنَا: تَعَالَوْا فَلْنَجْتَمِعْ عَلٰى شَيْءٍ نُقِيْمُهُ عَلَى الشَّرِيْفِ وَالْوَضِيْعِ، فَجَعَلْنَا التَّحْمِيْمَ وَالْجَلْدَ مَكَانَ الرَّجْمِ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَوَّلُ مَنْ اَحْيَا اَمْرَكَ اِذْ اَمَاتُوْهُ فَاَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ "يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ...... اِلٰى قَوْلِهٖ ...... اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ" يَقُوْلُ: اِئْتُوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنْ اَمَرَكُمْ بِالتَّحْمِيْمِ وَالْجَلْدِ فَخُذُوْهُ وَاِنْ اَفْتَاكُمْ بِالرَّجْمِ فَاحْذَرُوْا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى "وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴۷﴾" فِي الْكُفَّارِ كُلُّهَا۔" (ص:۷۰ سطر:۲ تا ۹)

قوله: "مُرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَهُوْدِيٍّ" (ص:۷۰ سطر:۳)

بعض دیگر روایات کے مجموعے سے گمان ہوتا ہے کہ یہودی و یہودیہ کا واقعہ اس طرح پیش آیا کہ پہلے انہوں نے صرف یہودی مرد کو یہ سزا دینی شروع کردی، پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حکمِ شرعی معلوم کیا، اور اُس وقت اُس عورت کو بھی جلد کئے بغیر لے آئے۔ اور آگے کا واقعہ پیش آیا۔

قوله: "مُحَمَّمًا مَجْلُوْدًا" (ص:۷۰ سطر:۳)

مُحَمَّمًا باب تفعیل سے اسمِ مفعول ہے، حُمَمٌ سے مشتق ہے، حُمَم کوئلہ کو کہتے ہیں، اور مجلودًا جَلْدٌ سے اسمِ مفعول ہے، اور مطلب یہ ہے کہ اُس یہودی کے منہ پر کوئلہ مَلا ہوا تھا، اور اُس پر کوڑے برسائے جا رہے تھے۔

قوله: "فِي الْكُفَّارِ كُلُّهَا" (ص:۷۰ سطر:۹)

یعنی یہ تینوں آیتیں کفار کے بارے میں ہیں، یعنی "وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ" الخ سے تینوں آیتوں میں کفار مراد ہیں، یعنی جو اللہ کے حکم کے منکر بھی ہیں تارک بھی (کذا فی تفسیر معارف القرآن)۔[1]

(۱) معارف القرآن ج:۳ ص:۱۶۱ و ص:۱۶۵ تفسیر سورۂ مائدۃ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۴۴۲۰- "حَدَّثَنِيْ عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: اَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "إِذَا زَنَتْ اَمَةُ اَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ، وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا، ثُمَّ إِنْ زَنَتِ الثَّالِثَةَ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِنْ شَعَرٍ-" (ص:۷۰ سطر:۱۴ تا ۱۶)

قوله: "فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا" (ص:۷۰ سطر:۱۵)

اى بالبينة او بالإقرار عند القاضي فقط، وهذا عند الحنفية، کیونکہ ان کا مذہب یہ ہے کہ حدود صرف امام ہی قائم کرسکتا ہے، جو یا تو بیّنة سے ثابت ہوگی یا إقرار سے (رفع)۔ اور جو فقہائے کرامؒ سیّد کو بھی حد قائم کرنے کا اختیار دیتے ہیں یا جو حضرات محض علمِ قاضی کی بناء پر إقامة الحدود کے قائل ہیں ان کے نزدیک علمِ سیّد اور علمِ قاضی بھی تبیُّن کے لئے کافی ہوگا (من التکملة بزيادة)۔[1]

قوله: "فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ" (ص:۷۰ سطر:۱۵)

ائمہ ثلاثہؒ اسی ارشاد کی بناء پر اپنے عبد یا أمة پر حدِ زنا قائم کرنے کا اختیار سیّد کو دیتے ہیں، چنانچہ امام شافعیؒ واحمدؒ کے نزدیک سیّد کو اپنے غلام یا باندی پر ہر قسم کی حد جاری کرنے کا اختیار ہے، اور امام مالکؒ کے نزدیک اس کو صرف زنا، قذف اور شُرب کی حد قائم کرنے کا اختیار ہے، سَرِقہ اور حرابہ کی حد قائم کرنے کا نہیں۔ اور حنفیہ اور کوفیّین کے نزدیک حد قائم کرنے کا اختیار صرف امام کو ہے سیّد کو نہیں،[2] اور حنفیہ حدیثِ باب میں مذکورہ جملے کو مجاز قرار دے کر اس کی تأویل یہ کرتے ہیں کہ مراد رفعها إلى السلطان ہے، تا کہ وہ "جَلد" کردے یعنی مسبّب بول کر سبب مراد لیا گیا ہے۔[3] اور اس تأویل کی تأیید اس سے ہوتی ہے کہ پچھلی روایات میں جگہ جگہ آیا ہے کہ: "رجم

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۸۳۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۷۰، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۵۳۶، وإكمال إكمال المعلم ج:۳ ص:۳۶۶، وعمدة القاري ج:۲۴ ص:۱۷ كتاب الحدود، باب اذا زنت الأمة، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۸۴و۲۸۵۔

(۳) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۸۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم" اورآگےروایات میں آرہاہےکہ: "انّ النبی صلی اللّٰه علیه وسلم جلد، فی الخمر" اور "کان یضرب فی الخمر" حالانکہ یہ رجم اور جلد اور ضرب کا عمل آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نے بدستِ خودنہیں کیا تھا، مگران کا اسناد آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی طرف مجازاً کیا گیا، اسی طرح یہاں حدیثِ باب میں مولا کی طرف جَلَد کا اسناد مجازاً ہے (الکوکب الدری حاشیة ج:۱ ص:۲۰۳)۔

حنفیہ کا استدلال متعدد روایات سے ہے، ان میں سے ایک یہ ہے: "عن مسلم بن یسار قال: کان ابو عبداللّٰه رجل من الصحابة، یقول: الزکٰوة والحدود والفیء والجمعة إلی السلطان۔" أخرجه الطحاوی(۱)، ذکره الحافظ فی الفتح وسکت عن أسناده(۲)، وذٰلك یدل علی انه صحیح أو حسن عنده، کما هو معروف من صنیعه، (التکملة)۔(۳) نیز عقلی دلیل یہ ہے کہ اگر یہ اختیار غلاموں اور باندیوں کے مالکان کو دیدیا جائے تو قوی خطرہ لاقانونیت کا ہے، کیونکہ ان پر یہ اعتماد نہیں کیا جا سکتا کہ اقامۃ الحدود کی جو کڑی شرائط شریعت نے رکھی ہیں وہ ان سب کی پابندی کر سکیں گے۔

۴۴۲۶- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: أَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ: نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنِ السُّدِّيِّ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يَذْكُرْ "مَنْ أُحْصِنَ مِنْهُمْ وَمَنْ لَمْ يُحْصِنْ" وَزَادَ فِي الْحَدِيْثِ "اتْرُكْهَا حَتّٰى تَمَاثَلَ۔" (ص:۷۱ سطر:۷،۸)

قوله: "حَتّٰى تَمَاثَلَ" (ص:۷۱ سطر:۸)

باب تفاعُل سے مضارع ہے، اصل میں "تَتَمَاثَل" تھا، ایک تاء حذف ہوگئی، معنی یہ ہیں کہ: "یہاں تک کہ وہ صحت یاب ہوجائے، تندرست ہوجائے۔"

(۱) ومصنف ابن أبی شیبة ج:۹ ص:۵۵۴ رقم الحدیث: ۸۴۸۷ تا ۸۴۸۹ وفتح الباری بحوالۂ امام الطحاویؒ کتاب الحدود باب إذا زنت الامة ج:۱۲ ص:۱۶۳۔

(۲) فتح الباری ج:۱۲ ص:۱۶۳ کتاب الحدود، باب اذا زنت الأمَة، وعمدة القاری ج:۲۳ ص:۱۷ کتاب الحدود، باب اذا زنت الأمَة۔

(۳) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۴۸۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب حد الخمر (ص:۷۱)

۴۴۴۷- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَجَلَدَهُ بِجَرِيْدَتَيْنِ نَحْوَ أَرْبَعِيْنَ۔ قَالَ: وَفَعَلَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ اسْتَشَارَ النَّاسَ فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: أَخَفَّ الْحُدُوْدِ ثَمَانِيْنَ، فَأَمَرَ بِهٖ عُمَرُ۔" (ص:۷۱ سطر:۸،۹)

قوله: "فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: أَخَفَّ الْحُدُوْدِ ثَمَانِيْنَ، فَأَمَرَ بِهٖ عُمَرُ" (ص:۷۱ سطر:۹)

"أَخَفَّ" فعلِ محذوف کا مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے، أی "إجلدْهُ او إجعله أخفَّ الحدود ثمانين" (نووی)[۱] یعنی شربِ خمر کی سزا آپ وہ دیجئے، یا وہ مقرر کیجئے جو ساری حدود میں سب سے ہلکی ہے، یعنی اَسّی کوڑے (کہ وہ قذف کی سزا ہے)۔

اس پر علماء کا اجماع ہے کہ شاربِ خمر کو حد لگائی جائے گی، البتہ جَلْد کی تعداد میں اختلاف ہے، امام شافعیؒ کے نزدیک اربعين جلدة ہیں، ان کے نزدیک حد اتنی ہی ہے، لیکن اگر امام مصلحت سمجھے تو اس کو ثمانين جلدة کا بھی اختیار ہے، اس صورت میں چالیس حدًّا ہوں گے اور باقی چالیس تعزیرًا، (ذکرہ النوویؒ)[۲]۔ ائمہ ثلاثہؒ اور جمہور فقہاء کے نزدیک حَد ثمانون جلدةً ہے،[۳] امام شافعیؒ کا استدلال احادیثِ باب کے بعض جملوں سے ہے، پہلی حدیث میں ہے: "فجلده بجريدتين نحو أربعين قال وفعله أبوبكر" (ص:۷۱ سطر:۹)۔ تیسری حدیث میں ہے: "جلد في الخمر بالجريد والنعال[۴] ثم جلد أبوبكر أربعين" (ص:۷۱ سطر:۱۱)۔

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۷۱۔ (۲) بحوالۂ بالا۔

(۳) إكمال المعلم ج:۵ ص:۵۴۰، ۵۴۱، وإكمال إكمال المعلم ج:۴ ص:۴۷۱، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۴۹۰ و۴۹۱، وفتح القدير ج:۵ ص:۴۹۵ كتاب الحدود، باب حد الشرب، وعمدة القارئ ج:۲۳ ص:۲۶۶ كتاب الحدود، باب ما جاء في ضرب شارب الخمر۔

(۴) أخرج الامام محمد في كتاب الآثار عن أبي حنيفة مرفوعًا انه صلى الله عليه وسلم اتى بسكران فأمرهم أن يضربوه بنعالهم يومئذٍ اربعون رجلا، فضربه كل واحد بنعليه (كما في جامع المسانيد للخوارزمي ج:۲ ص:۱۸۶ الباب الثلاثون في الحدود)۔ رفيع۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

پانچویں حدیث میں ہے: "ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يضرب في الخمر بالنعال والجريد أربعين" (ص:۷۱ سطر:۱۴)۔

نیز حضرت علیؓ کے عمل سے بھی ان کا استدلال ہے جو اسی باب کی چھٹی حدیث میں ہے کہ: "فجلدهٗ وعليٌّ يعُدُّ حتّى بلغ أربعين، فقال: أمسك" (ص:۷۲ سطر:۵)۔

جمہور کا استدلال احادیثِ باب کی پہلی روایت سے ہے: "فجلده بجريدتين نحو أربعين" (ص:۷۱ سطر:۹) اس لئے کہ جب جریدتین کو چالیس مرتبہ مارا گیا تو مجموعی تعداد اسّی ۸۰ ہوگئی، معلوم ہوا کہ ثمانین کا عدد آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے، چنانچہ آگے راوی فرماتے ہیں: "وفعله ابوبكر" (ص:۷۱ سطر:۹)[1] معلوم ہوا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی جلد بجريدتين کیا ہوگا، پس انہوں نے بھی ثمانون جلدة جاری کئے ہیں، اور "فلما كان عمر استشار الناس، فقال عبدالرحمٰن: اخفّ الحدود ثمانين جلدة"۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کی رائے اور حضرت عمرؓ کا عمل بھی اس پر تھا اور مشورے کے وقت اس فیصلے پر کسی نے انکار نہیں کیا، اور مشورہ بحضورِ صحابہؓ ہوا تو اجماع سکوتی حاصل ہوا،[2] اور مؤطا کی روایت میں ہے کہ یہ مشورہ حضرت علیؓ نے دیا تھا۔[3]

علامہ نووی رحمہ اللہ نے دونوں روایتوں میں تطبیق دی ہے کہ یہ مشورہ حضرت علیؓ نے بھی دیا تھا اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے بھی، مسلم میں ایک کا نام ذکر کیا گیا اور مؤطا میں دُوسرے کا، فلا تعارض۔[4] معلوم ہوا کہ حضرت علیؓ کا مذہب بھی ثمانون جلدة تھا، اور چھٹی حدیث میں جو حضرت علیؓ کا عمل مذکور ہے اس کا جواب ہم آگے دیں گے۔

البتہ یہاں ایک اِشکال یہ ہوتا ہے کہ جب ثمانون جلدة کا ثبوت خود آنحضرت صلی اللہ

---

(۱) أخرجه عبدالرزاق في مصنفه (ج:۷ ص:۳۷۹) عن أبي سعيد الخدريؓ أن ابابكر الصديقؓ ضرب في الخمر بالنعلين أربعين كما في التكملة۔ (رفیع)

(۲) فتح القدير ج:۵ ص:۲۹٦ كتاب الحدود، باب حد الشرب، وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۸۸، ۸۹ كتاب الحدود، باب حد الخمر۔

(۳) مؤطا امام مالکؒ ص:۶۹۴ كتاب الأشربة۔

(۴) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۷۲، والديباج ج:۲ ص:۲۰٦۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ سے ہے تو حضرت عمرؓ کو مشورے کی کیا ضرورت تھی؟

جواب یہ ہے کہ حدِ خمر کی مقدار میں کوئی حدیثِ قولی مرفوعاً[1] جو سندِ صحیح کے ساتھ ثابت ہو، دستیاب نہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا صرف فعل سندِ صحیح سے ثابت تھا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس فعل کی یہ تفصیل یاد نہ رہی ہوگی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی تعداد میں جلد کرایا۔

اور مذکورہ بالا دلائل کی بناء پر لازم ہے کہ امام شافعیؒ نے احادیثِ باب کے جن جملوں کو استدلال میں پیش کیا، ان میں تاویل کی جائے، چنانچہ ہم کہتے ہیں کہ جہاں بھی اربعین کا ذکر ہے اس سے مراد بجرید تین ہے تاکہ روایات میں تعارض لازم نہ آئے۔[2]

۴۴۲۹- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی قَالَ: نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَدَ فِي الْخَمْرِ بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ، ثُمَّ جَلَدَ اَبُوْ بَكْرٍ اَرْبَعِيْنَ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ وَدَنَا النَّاسُ مِنَ الرِّيْفِ وَالْقُرٰى قَالَ: مَا تَرَوْنَ فِيْ جَلْدِ الْخَمْرِ؟ فَقَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا كَاَخَفِّ الْحُدُوْدِ۔ قَالَ: فَجَلَدَ عُمَرُ ثَمَانِيْنَ۔" (ص:۱۷ سطر:۱۰ تا ۱۳)

قوله: "مِنَ الرِّيْفِ" (ص:۱۷ سطر:۱۲)

زرخیز اور سرسبز علاقہ، جمعہ ارياف۔[3] مطلب یہ ہے کہ حضرت فاروقِ اعظمؓ کے زمانے میں جب شام و عراق فتح ہوئے، اور لوگ سرسبز و شاداب علاقوں میں رہنے لگے، خوشحالی اور انگوروں اور پھلوں کی کثرت ہوئی تو شربِ خمر کے واقعات زیادہ ہونے لگے، لہٰذا فاروقِ اعظمؓ نے یہ مشورہ کیا۔

۴۴۳۲- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالُوْا: نَا اِسْمَاعِيْلُ -وَهُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ- عَنِ ابْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ عَبْدِاللّٰهِ الدَّانَاجِ ←

---

(۱) امام طحاویؒ نے "شرح معانی الآثار" میں ایک قولی حدیث مرفوعاً ذکر کی ہے، مگر اس کی سند میں تردد کا اظہار کیا ہے، كذا في التكملة (ج:۲ ص:۴۸۹)۔ رفیع۔

(۲) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۴۹۲ و۴۹۳، وانوار المحمود ج:۲ ص:۵۰۹ كتاب الحدود، باب في الحد في الخمر۔

(۳) النهاية لابن الأثير ج:۲ ص:۲۹۰، وإكمال إكمال المعلم ج:۲ ص:۴۷۱، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۴۹۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَالَ: وحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ -وَاللَّفْظُ لَهُ- قَالَ: انَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا عَبْدُالْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ قَالَ: نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ فَيْرُوزَ مَوْلَى ابْنِ عَامِرٍ الدَّانَاجِ قَالَ: نَا حُضَيْنُ بْنُ الْمُنْذِرِ اَبُوْ سَاسَانَ قَالَ: شَهِدتُّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ أُتِيَ بِالْوَلِيْدِ قَدْ صَلَّى الصُّبْحَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ: اَزِيْدُكُمْ؟ فَشَهِدَ عَلَيْهِ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا حُمْرَانُ اَنَّهُ شَرِبَ الْخَمْرَ وَشَهِدَ اٰخَرُ اَنَّهُ رَاٰهُ يَتَقَيَّأُ، فَقَالَ عُثْمَانُ: إِنَّهُ لَمْ يَتَقَيَّأْ حَتّٰى شَرِبَهَا فَقَالَ: يَا عَلِيُّ! قُمْ فَاجْلِدْهُ، فَقَالَ عَلِيٌّ: قُمْ يَا حَسَنُ! فَاجْلِدْهُ، فَقَالَ الْحَسَنُ: وَلِّ حَارَّهَا مَنْ تَوَلّٰى قَارَّهَا، فَكَأَنَّهُ وَجَدَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: يَا عَبْدَاللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ! قُمْ فَاجْلِدْهُ، فَجَلَدَهُ وَعَلِيٌّ يَعُدُّ حَتّٰى بَلَغَ اَرْبَعِيْنَ، فقال: اَمْسِكْ، ثُمَّ قَالَ: جَلَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعِيْنَ وَاَبُوْ بَكْرٍ اَرْبَعِيْنَ وَعُمَرُ ثَمَانِيْنَ وَكُلٌّ سُنَّةٌ وَهٰذَا اَحَبُّ إِلَيَّ." (ص:۷۲ سطر:۱تا۶)

قوله: "وَاُتِيَ بِالْوَلِيْدِ قَدْ صَلَّى الصُّبْحَ رَكْعَتَيْنِ" (ص:۷۲ سطر:۳)

یہ ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ ہیں، ان کا والد "عقبۃ بن ابی معیط" قریش کا مشہور سردار تھا، غزوۂ بدر میں گرفتار ہوا اور بحالتِ کفر قتل کیا گیا، ولید رضی اللہ عنہ فتحِ مکہ کے موقع پر مشرف باسلام ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں "مصدق" (عامل برائے وصولی صدقات) بنا کر بنی المصطلق کی طرف بھیجا تھا، بعد ازاں یہ حضرت عثمانِ غنیؓ کے پاس رہے کیونکہ یہ ان کے ماں شریک بھائی تھے۔ حضرت عمرؓ نے ان کو "الجزیرۃ" کا والی مقرر کیا تھا، پھر بنوتغلب کی بغاوت کے خوف سے معزول کر دیا، بعد ازاں حضرت عثمانؓ نے ان کو والیٔ کوفہ مقرر کیا، وہاں کے لوگوں میں یہ بہت محبوب تھے اور وہاں کے لوگوں پر اتنے مہربان تھے کہ پانچ سال تک کوفہ کے والی رہے، اس پوری مدّت میں اپنے گھر پر دروازہ ہی نہیں لگایا تاکہ ہر ایک کسی روک ٹوک کے بغیر ان سے مل سکے اور اپنی حاجت پیش کر سکے۔[۱]

قوله: "اَزِيْدُكُمْ؟" (ص:۷۲ سطر:۳)

یعنی کیا میں تم کو مزید رکعتیں پڑھاؤں؟ جن لوگوں نے ان پر شربِ خمر کا الزام لگایا، یا

(۱) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: الإصابة ج:٦ ص:۴۸۱ تا ۴۸۳، وأسد الغابة ج:۵ ص:۴۶۷ تا ۴۷۰، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۹۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

شہادت دی تھی وہ ولید کے اس قول کی وجہ ان کا سکران ہونا بتاتے تھے، علامہ طبری[1] رحمہ اللہ نے متعدد روایات ایسی نقل کی ہیں - جن میں سے ایک روایت کو حافظ ابنِ حجر[2] رحمہ اللہ نے حسن قرار دیا ہے- کہ ولیدؓ پر شربِ خمر کی تہمت ان کے چند دشمنوں نے لگائی تھی۔ ولیدؓ نے اس جرم کا ارتکاب نہیں کیا تھا۔ حد محض اس وجہ سے لگائی گئی کہ شرعی شہادت قائم ہوگئی تھی، جو حضرات ولید رضی اللہ عنہ کو بَری سمجھتے تھے وہ ان کے قول "ازیدکم" کی وجہ یہ بتاتے ہیں کہ ولیدؓ نماز پڑھاتے ہوئے رکعتوں کی تعداد بھول گئے تھے۔[3]

قولہ: "فَشَهِدَ عَلَيْهِ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا حُمْرَانُ اَنَّهُ شَرِبَ الْخَمْرَ وَشَهِدَ اٰخَرُ اَنَّهُ رَآهُ يَتَقَيَّأُ" (ص:۷۲ سطر:۳)

حمرانؒ مدینہ منورہ کے تابعین ومحدثین میں سے ہیں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حاجب اور آزاد کردہ غلام تھے، کثیر الحدیث تھے، لیکن ابنِ سعدؒ نے کہا ہے کہ میں نے علماء کو ان کی حدیث سے استدلال کرتے نہیں دیکھا، تاہم ان کی روایات محدثین کی ایک جماعت نے نقل کی ہیں، وکان احد العلماء الأجلّة اهل الوجاهة والرّاي والشرف، کہا جاتا ہے کہ انہوں نے حضرت عثمانؓ کا ایک راز فاش کردیا تھا جس کی بناء پر انہوں نے ان کو جلاوطن کردیا تھا (كذا في التكملة)۔[4]

لہٰذا یہ اِشکال باقی رہتا ہے کہ جب یہ ثقہ ہیں تو طبری کی روایت کیسے دُرست ہوسکتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ولید مجرم نہیں تھے ان پر تہمت لگائی گئی تھی؟

اس اِشکال کا جواب تکملۃ فتح الملہم میں یہ دیا گیا ہے کہ قرائنِ قویہ کثیرہ کی بناء پر یہ امکان بعید نہیں ہے کہ حدیثِ باب میں حُمران کی شہادت کا ذکر کسی راوی مثلاً عبداللہ الداناج کے وہم کے باعث ہوا ہو، ابن الداناج کے بارے میں علامہ طحاوی نے کلام کیا ہے، اور حُمران کی شہادت کا ذکر اس روایت کے علاوہ کسی اور روایت میں نہیں ملتا۔ علامہ طبریؒ کی جس روایت کو حافظ

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے: تاريخ الأمم والملوك ج:۳ ص:۳۲۵ تا ۳۳۳۔

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے: فتح البارى ج:۷ ص:۵۸ كتاب فضائل الصحابة۔

(۳) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۹۶۔

(۴) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۹۶ و۲۹۷، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: تهذيب التهذيب ج:۲ ص:۱۷، ۱۸، وتهذيب الكمال ج:۷ ص:۳۰۱ تا ۳۰۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابن حجرؒ نے حسن قرار دیا ہے اُس میں شُربِ خمر کے جن گواہوں کے نام درج ہیں اُس میں بھی حمران کا نام نہیں ہے۔ (۱)

قوله: "فَقَالَ عُثْمَانُ: إِنَّهُ لَمْ يَتَقَيَّأْ حَتّٰى شَرِبَهَا" (ص:۷۲ سطر:۳،۴)

جس شخص کے شربِ خمر پر دو گواہ موجود نہ ہوں، مگر خمر کی قے کرنے پر موجود ہوں تو امام مالکؒ اور حنابلہ کے نزدیک اس پر حدِ خمر لگے گی، ان کا استدلال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے اس فیصلے سے ہے، اور اس فیصلے پر عمل حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کسی نکیر کے بغیر فرمایا، حاضرین میں سے بھی کسی نے نکیر نہیں کی، نیز اسی طرح کا فیصلہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی ثابت ہے، شاید انہی وجوہ سے علامہ نووی رحمہ اللہ نے مالکیہ وحنابلہ کے قول کو ترجیح دی ہے۔ اور حضرت سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ نے بذل المجهود میں علامہ نوویؒ کی یہ ترجیح نقل کر کے اُس پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔ حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک حد ثابت نہ ہوگی، لإحتمال انه شربها من غير علم كونه خمرا، أو مكرها عليها أو كان مضطرا إليها۔

اور حضرت گنگوہیؒ نے حدیثِ باب کا یہ جواب دیا ہے کہ حضرت عثمانؓ نے ولیدؓ کو یہ سزا حد کے طور پر نہیں بلکہ تعزیراً دی ہوگی، (حاشية الحل المفهم)۔ (۲)

قوله: "فَجَلَدَهُ وَعَلِيٌّ يَعُدُّ حَتّٰى بَلَغَ أَرْبَعِيْنَ" (ص:۷۲ سطر:۵)

پیچھے ہم نے بیان کیا ہے کہ یہ بھی امام شافعیؒ کا مستدل ہے، جواب یہ ہے کہ یہی واقعہ صحیح بخاری میں مذکور ہے (۳) "من رواية عبيدالله بن عدى بن الخيار أن عليًّا جلد ثمانين"۔ لہٰذا مسلم اور بخاری کی روایتوں کو اس طرح جمع کیا جائے گا کہ یہ جلد اربعین بھی بجریدتین تھا، اور اگر ایک ہی جريدة سے تھا تو اربعین پورا کرنے کے بعد حضرت علیؓ نے جلاد سے جو فرمایا "امسك" اور اس کے بعد مسئلہ بتایا، تو اس کے بعد پھر اربعین لگائے ہوں گے جس کا ذکر روایتِ مسلم میں صراحۃً تو نہیں، لیکن اس کا ایک قرینہ اسی روایت میں آگے حضرت علیؓ ہی کے ارشاد "وهذا أَحَبُّ إِلَيَّ" میں آرہا ہے، جیسا کہ ہم وہاں بیان کریں گے۔

(۱) مزید قرائن کی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۹۶و۲۹۷۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۰۰۔

(۳) صحیح البخاری ج:۱ ص:۵۲۲ مناقب عثمان بن عفان رضی اللہ عنه۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نیز ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نجاشی نامی ایک آدمی کو اسّی کوڑے لگائے تھے (ذکرہ النوویؒ)۔(۱)

قولہ: "وَكُلٌّ سُنَّةٌ، وَهٰذَا اَحَبُّ اِلَيَّ" (ص:۷۲ سطر:۵،۶)

اس سے بھی امام شافعیؒ نے استدلال کیا کہ "هٰذا" کا اشارہ اربعین کی طرف ہے۔

اس کا جواب اوّلاً تو یہ ہے کہ اگر اشارہ اربعین کی طرف ہو تب بھی یہ استدلال نا تمام ہے، اس لئے کہ پچھلی حدیثِ مرفوع میں صراحت ہے کہ اربعین بجرید تین تھے، تو زیادہ سے زیادہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ کے نزدیک اربعین بجرید تین افضل تھے بہ نسبت الثمانین بجریدۃ واحدۃ کے، تو اس سے بھی مذہبِ شافعیہ ثابت نہ ہوا۔

دُوسرا جواب یہ ہے کہ "هٰذا" کا اشارہ ثمانین کی طرف ہے، اور یہی زیادہ ظاہر ہے، اس لئے کہ وہ اقرب ہے اور "هٰذا" کی وضع قریب کے لئے ہے، چنانچہ صحیح بخاری میں صراحت ہے کہ ولید رضی اللہ عنہ کو حضرت علیؓ نے ثمانین لگائے تھے۔(۲) جیسا کہ ہم نے پیچھے نقل کیا ہے، اور علامہ نوویؒ نے بھی وہ روایت بخاری کے حوالے سے اپنی شرح میں نقل کی ہے۔(۳)

۴۴۴۳- "حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ الضَّرِيْرُ قَالَ: نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: مَا كُنْتُ اُقِيْمُ عَلٰى اَحَدٍ حَدًّا فَيَمُوْتَ فِيْهِ فَاَجِدَ مِنْهُ فِيْ نَفْسِيْ اِلَّا صَاحِبَ الْخَمْرِ، لِاَنَّهُ اِنْ مَاتَ وَدَيْتُهُ، لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّهُ۔" (ص:۷۲ سطر:۶تا۸)

قولہ: "وَدَيْتُهُ" (ص:۷۲ سطر:۷)

یعنی میں اُس کی دیت اداء کروں گا۔ ای تورُعًا واحتیاطًا لا وجوبًا۔

قولہ: "لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّهُ" (ص:۷۲ سطر:۷تا۸)

یعنی ایک ہی جریدہ یا سوط سے اَسّی ضربیں لگانے کی صراحت نہیں فرمائی، ورنہ

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۲، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۵۴۴، ۵۴۵، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۴۷۵، ۴۷۶۔

(۲) إکمال المعلم ج:۵ ص:۵۴۵۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

چالیس ضربیں لگانا بحرین تین والنعال تو احادیثِ باب سے ثابت ہے۔

باب قدر أسواط التعزير (ص:۷۲)

۴۴۳۵- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسٰى قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اِذْ جَاءَهٗ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ جَابِرٍ فَحَدَّثَهٗ. فَاَقْبَلَ عَلَيْنَا سُلَيْمَانُ فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ جَابِرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "لَا يَجْلِدُ اَحَدٌ فَوْقَ عَشَرَةِ اَسْوَاطٍ اِلَّا فِيْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ." (ص:۷۲ سطر:۸ تا ۱۰)

قوله: "لَا يَجْلِدُ اَحَدٌ فَوْقَ عَشَرَةِ اَسْوَاطٍ.... إلخ" (ص:۷۲ سطر:۱۰)

"لَا يَجْلِدُ" کو صیغۂ معروف سے بھی پڑھا گیا ہے، یعنی یاء کے فتحہ اور لام کے کسرہ کے ساتھ، اور صیغۂ مجہول سے بھی پڑھا گیا ہے، یعنی یاء کے ضمہ اور لام کے فتحہ کے ساتھ۔ اور دال پر اگر ضمہ پڑھا جائے تو یہ نفی بمعنی نہی ہوگی، اور جزم پڑھا جائے تو صیغۂ نہی ہوگا۔

امام احمدؒ، اشہب مالکیؒ اور بعض شوافع اسی کے قائل ہیں کہ تعزیر میں عشرۃ أسواط سے زیادہ جائز نہیں (نوویؒ)۔[1] لیکن جمہور صحابہؓ و تابعینؒ، مالکیہ و شافعیہ اور حنفیہ کے نزدیک اس سے زیادہ بھی تعزیر کی جاسکتی ہے، اور اس حدیث کو جمہور نے منسوخ قرار دیا ہے، (بعض احادیثِ مرفوعہ سے جو تکملۃ فتح الملہم میں مذکور ہیں[2]) اور تعاملِ صحابہ سے بھی زیادہ ثابت ہے، من غير نكير أحد من الصحابة، فهٰذه امارة نسخ هٰذا الحديث[3] قال ابن الهمامؒ: وأجاب أصحابنا عنه (أى حديث الباب عن أبى بردة) وبعض الثقات بأنه منسوخ بدليل عمل الصحابة بخلافه من غير انكار أحد، (فتح القدير)۔[4]

پھر عشرۃ سے زیادہ کتنے ہو سکتے ہیں؟ اس میں جمہور کا اختلاف ہے۔

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۷۲، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۵۴۷۔

(۲) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۰۲۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۷۲۔

(۴) فتح القدير ج:۵ ص:۳۳۵ كتاب الحدود، فصل فى التعزير۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امام ابوحنیفہؒ، امام محمدؒ اور بعض شوافع کے نزدیک زیادہ سے زیادہ اُنتالیس اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اُناسی ہیں[۱]، ان حضرات کی دلیل حدیثِ مرفوع ہے[۲]: "من بلغ حدًّا في غير حد فهو من المعتدين" رواه البيهقي مرسلًا۔[۳] وابن ناجية في فوائده مرفوعًا ورواه محمد بن الحسن في كتاب الآثار مرسلًا[۴] (من طرق اخرىٰ) والمرسل حجة عندنا۔ البتہ طرفین اور امام ابو یوسفؒ کے استدلال میں صرف اتنا فرق ہے کہ طرفین نے حد العبد کو معیار بنایا کہ عبد کو حد القذف اربعين جلدةً لگائے جاتے ہیں تو اس سے کم اُنتالیس ہے، امام ابو یوسفؒ نے حد الأحرار کو معیار بنایا اور اس سے کم کرکے اُناسی کردیا۔[۵] یہ سب تفصیل تعزير بالأسواط کی صورت میں ہے، مگر حاکم کو اختیار ہے کہ مناسب سمجھے تو بغير الأسواط بھی تعزیر کرسکتا ہے، جس کی کوئی خاص صورت متعین نہیں، (كذا ذكره ابن الهمامؒ)۔[۶]

باب الحدود كفارات لأهلها (ص:۷۳)

۴۴۳۶- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ نُمَيْرٍ كُلُّهُمْ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ -وَاللَّفْظُ لِعَمْرٍو- قَالُوْا: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَجْلِسٍ فَقَالَ: تُبَايِعُوْنِي عَلَى أَنْ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا تَزْنُوْا، وَلَا تَسْرِقُوْا، وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ أَصَابَ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ فَعُوْقِبَ

(۱) كذا في الهداية كتاب الحدود، فصل في التعزير (ج:۲ ص:۵۳۵) ۱۲ رفیع۔

(۲) السنن الكبرىٰ للبيهقيؒ ج:۸ ص:۳۲۷ كتاب الأشربة والحد فيها، باب ما جاء في التعزير انه يبلغ به اربعين۔

(۳) عن النعمان بن بشير قاله ابن الهمام في فتح القدير (ج:۵ ص:۳۳۳ فصل في التعزير) (من الأُستاذ المكرم مدظلهم)۔

(۴) كتاب الآثار ص:۱۴۶ رقم الحديث: ۶۱۰۔

(۵) امام ابو یوسفؒ سے دوعدد منقول ہیں: ۷۹ اور ۷۵، كذا في التكملة (ج:۲ ص:۳۰۲) رفیع۔

(۶) فتح القدير ج:۵ ص:۳۳۳ تا ۳۳۵ كتاب الحدود، فصل في التعزير۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهٗ، وَمَنْ اَصَابَ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاَمْرُهٗ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ وَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهٗ۔" (ص:۷۳ سطر:۱ تا ۴)

قوله: "وَمَنْ اَصَابَ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ فَعُوْقِبَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهٗ" (ص:۷۳ سطر:۳)

اکثر علماء کا مذہب علامہ نوویؒ اور حافظ ابن حجرؒ نے قاضی عیاضؒ سے یہ نقل کیا ہے کہ "حد اس گناہ کا کفارہ بن جاتی ہے جس کی وجہ سے حد لگی ہے، خواہ مجرم نے توبہ کی ہو یا نہیں، اس سلسلے میں ائمہ اَحناف کا کوئی قول منقول نہیں، البتہ مشائخ حنفیہ کا مذہب یہ منقول ہے کہ صرف حد بغیر توبہ کے اس گناہ کا کفارہ نہیں جس کی وجہ سے حد لگی ہے نقلہ ابن الهمام في فتح القدير وايّدهٗ بدلائل۔[1] ورجحه وجزم به شيخ مشايخنا مولانا رشيد احمد الگنگوهي رحمهُ الله في الكوكب الدرّي۔[2] واختارهٗ والدي الماجد رحمهُ الله في تفسير معارف القرآن۔[3] وكذا اُستاذنا المحترم مولانا مفتي رشيد احمد اللديانويؒ في ارشاد القاري الٰى صحيح البخاري۔[4]

جمہور کا استدلال حدیثِ باب سے ہے۔

مشائخ حنفیہ کے دلائل مندرجہ ذیل ہیں:۔

۱۔ قوله تعالٰى: "اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۭ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۳۳﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا....."[5] اس میں صراحت ہے کہ محاربین کی عقوبت دُنیا و آخرت دونوں میں ہوگی، اِلَّا مَنْ تَابَ۔

۲۔ قوله تعالٰى: "وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَاۗءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۳۸﴾" (المائدة:۳۸) "نکال" کے معنی عربی لغت میں ایسی سزا کے ہیں جس کو دیکھ کر دُوسروں کو بھی سبق ملے اور اِقدامِ جرم سے باز رہیں۔ یہ قطعِ ید کی حکمت کا بیان ہے، آگے ارشاد

---

(۱) فتح القدير، اول كتاب الحدود ج:۵ ص:۲ تا ۳۔

(۲) الكوكب الدرّي ج:۲ ص:۳۸۱ و ص:۳۷۹ تا ۳۸۰ ابواب الحدود۔

(۳) تفسير معارف القرآن ج:۳ ص:۱۲۲۔

(۴) ارشاد القاري ص:۱۸۲ تا ۱۹۰ كتاب الايمان، باب علامة الايمان حب الأنصار۔

(۵) المائدة ۳۳

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہے: ''فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۹'' (المائدة:۳۹)
اس سے معلوم ہوا کہ محض حد کا جاری ہو جانا کفارہ نہیں کیونکہ اگر قطعِ ید کفارہ ہے تو پھر توبہ کی کیا ضرورت رہی؟[۱]

اور حدیثِ باب کا جواب ایک تو یہ ہے کہ اس کے معارض دلیل حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: "عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: لا ادری الحدود کفارة" ذکرہ النووی فی الشرح نقلًا عن القاضی عیاض وقال: حدیث عبادة (ای حدیث الباب) اصح اسنادًا،[۲] ناچیز رفیع عرض کرتا ہے کہ: ظهر بهٰذا ان حدیث ابی هریرة صحیح ایضًا۔ چنانچہ حافظ نے فتح الباری (ج:۱ ص:٦٦) میں فرمایا ہے کہ یہ حدیث حاکم نے مستدرک میں اور بزار نے روایت کی ہے، حافظ فرماتے ہیں کہ: "وهو صحیح علی شرط الشیخین" نیز فرماتے ہیں کہ اسی حدیث کی وجہ سے بعض علماء نے اس مسئلے میں توقف کیا ہے۔

پھر چونکہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں اس لئے حافظ نے دونوں میں تطبیق کی یہ صورت بیان کی ہے کہ ابو ہریرہؓ کی حدیث اُس وقت کی ہے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کفارہ ہونے کا علم نہیں دیا گیا تھا، بعد میں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا علم دے دیا گیا تو اس کا اظہار حدیثِ عبادةؓ میں کیا گیا ہے۔

مگر ہم کہتے ہیں کہ اگر یہ تسلیم کرلیا جائے کہ حدیثِ ابو ہریرہؓ مقدم اور حدیثِ عبادةؓ مؤخر ہے تب بھی جمہور کا مذہب ثابت نہیں ہوتا، اس لئے کہ حدیثِ عبادةؓ میں بھی یہ صراحت نہیں کہ حدود اسی گناہ کا کفارہ بنتی ہیں جس کی وجہ سے حد لگی ہے، بلکہ مطلق فرمایا گیا ہے، جس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ اسی گناہ کا کفارہ بنتی ہیں، اور دُوسرے یہ کہ پہلے جو (صغیرہ) گناہ کئے ہیں ان کا کفارہ بنتی ہیں، دلیلِ قرآن و حدیث سے حدیثِ باب کو اسی دُوسرے معنی پر محمول کیا جائے گا تاکہ تعارض لازم نہ آئے (ارشاد القاری ص:۱۸۸)۔ خلاصہ یہ کہ اسی گناہ کا کفارہ ہونے کا وعدہ تو حدیثِ باب سے ثابت نہیں ہوتا، لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رحم اور فضل و کرم سے اس خاص گناہ کو بھی اُمید ہے کہ معاف فرمادیں گے۔

علامہ ابن الہمامؒ نے حدیثِ باب کا جواب یہ دیا ہے کہ "فهو کفارة له" کے الفاظ اگرچہ

---

(۱) ارشاد القاری ص:۱۹۰ کتاب الایمان، باب علامة الایمان حب الأنصار۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مطلق ہیں، مگر یہاں ایک قید ملحوظ ہے یعنی "اذا تاب"، اور جس مؤمن کو حد لگتی ہے ظاہر یہی ہے کہ وہ ضرور توبہ بھی کرتا ہے، چونکہ یہ قید ظاہر تھی اس لئے اس کی صراحت کی ضرورت نہ سمجھی گئی اور یہ قید ناگزیر ہے تاکہ حدیثِ باب کا کتاب اللہ سے (یعنی سورۂ مائدہ کی دو آیتوں سے جو پیچھے ذکر کی گئیں) تعارض لازم نہ آئے۔ (کذا حققه ابن الهمامؒ فی فتح القدیر)۔[1]

حاصلِ بحث

مذکورہ بالا پوری بحث کا حاصل یہ ہے کہ ہمارے نزدیک حدیثِ باب سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حدود متعین طور سے اُنہی گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں جن کے سبب حد لگی ہے، یعنی اس کا وعدہ نہیں ہے۔

لیکن جہاں تک اللہ ربّ العالمین کے رحم وکرم کا معاملہ ہے اُس سے یہ اُمید ضرور کی جاسکتی ہے کہ وہ اِن حدود کے باعث اپنے فضل سے عفو ودرگزر کا معاملہ فرماتے ہوئے اِن گناہوں کو بھی معاف فرمادے، کیونکہ وہ تو کانٹا لگنے سے بھی سیئات کو معاف فرمادیتا ہے۔ پھر وہ جَلْد اور قطعِ ید اور رَجم سے کیوں معاف نہ فرمائے گا۔

خلاصہ یہ کہ حد سے اِن گناہوں کی معافی موعود تو نہیں مگر مَرجُو ضرور ہے۔ (ارشاد القاری ص:۱۸۹)۔

۴۴۳۸- "حَدَّثَنِیْ إِسْمَاعِیْلُ بْنُ سَالِمٍ قَالَ: اَنَا هُشَیْمٌ قَالَ: اَنَا خَالِدٌ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِیِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: اَخَذَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَمَا اَخَذَ عَلَی النِّسَاءِ اَنْ لَا نُشْرِكَ بِاللّٰهِ شَیْئًا، وَلَا نَسْرِقَ، وَلَا نَزْنِیَ، وَلَا نَقْتُلَ اَوْلَادَنَا، وَلَا یَعْضَهَ بَعْضُنَا بَعْضًا، فَمَنْ وَفٰی مِنْکُمْ فَاَجْرُهٗ عَلَی اللّٰهِ، وَمَنْ اَتٰی مِنْکُمْ حَدًّا فَاُقِیْمَ عَلَیْهِ فَهُوَ کَفَّارَتُهٗ وَمَنْ سَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ فَاَمْرُهٗ اِلَی اللّٰهِ اِنْ شَاءَ عَذَّبَهٗ وَاِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهٗ۔" (ص:۷۳ سطر:۵ تا۷)

---

(۱) فتح القدیر ج:۵ ص:۳ (اول کتاب الحدود)۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: العرف الشذی ج:۲ ص:۱۳۳ ابواب الحدود، باب ما جاء ان الحدود کفارة لأهلها، وعمدة القاری ج:۲۳ ص:۲۷۳، ۲۷۴ کتاب الحدود، باب الحدود کفارة، وفیض الباری ج:۱ ص:۸۶ تا ۹۳ کتاب الإیمان، بابٌ، بحث نفس فی ان الحدود کفارات ام لا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "وَلَا يَعْضَهَ بَعْضُنَا بَعْضًا" (ص:۷۳ سطر:۷)

يَعْضَهَ بفتح الياء والضاد المعجمة اي لا يسحر وقيل لا يأتي ببهتان، وقيل لا يأتي بنميمة (نوويؒ)۔[1]

باب جرح العجماء والمعدن والبير جُبار (ص:۷۳)

۴۴۴۰- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَا: اَنَا اللَّيْثُ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: "اَلْعَجْمَاءُ جَرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ۔" (ص:۷۳ سطر:۱۰ تا ۱۲)

قوله: "اَلْعَجْمَاءُ جَرْحُهَا جُبَارٌ" (ص:۷۳ سطر:۱۱)

"العجماء" جانور، چوپائے وغیرہ، اور "اَلْجَرْحُ" جیم کے فتحہ کے ساتھ مصدر ہے بمعنی زخمی کرنا، اور جیم کے ضمہ کے ساتھ اسم مصدر ہے بمعنی زخم۔ اور جو حکم زخم کا ہے وہی ہر قسم کے اتلاف کا ہے، خواہ جان کا ہو یا مال کا، اور "جُبار" جیم کے ضمہ کے ساتھ ہے بمعنی هَدَر، یعنی اس کا کوئی ضمان واجب نہیں۔

اس حدیث کا اطلاق دُوسری احادیث اور قواعدِ شرعیہ کی بناء پر ائمۂ اربعہؒ کے نزدیک مراد نہیں، بلکہ یہ مقید ہے، چنانچہ ائمۂ اربعہؒ کا اتفاق ہے کہ جب جانور کے ساتھ راکب، قائد یا سائق ہو اور جانور سے کسی کے مال یا جان کا نقصان ہو تو اس کا ضمان اس شخص پر آتا ہے جو اس کے ساتھ ہے، بظاہر یہ مطلب حدیث کے اطلاق کے خلاف ہے، یہی وجہ ہے کہ ظاہریہ نے اس صورت میں بھی اتلاف کو ھدر قرار دے دیا ہے، مگر فقہاء کی جانب سے جواب یہ ہے کہ جب جانور کے ساتھ راکب وغیرہ ہو تو جانور کے فعل کی نسبت جانور کی بجائے راکب وغیرہ کی طرف ہوتی ہے، کیونکہ ایسی صورت میں جانور اپنے عمل کا مختار نہیں ہوتا، بلکہ راکب وغیرہ کے تابع ہوتا ہے جیسے کسی کے ہاتھ میں تلوار ہو اور وہ کسی کو قتل کر دے تو اس کی نسبت تلوار کی طرف نہیں بلکہ اس شخص کی طرف ہوگی، لہٰذا اس صورت میں اتلاف الدابۃ جرح العجماء میں داخل نہیں ہوگا، اور جب دابۃ کے ساتھ راکب

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وغیرہ نہ ہوتو اس کے اتلاف سے کوئی ضمان مالک پر نہیں آتا، سواء کان فی اللیل او فی النہار وھذا عندنا، اور ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک لیل میں اتلاف کا ضمان ہوگا، نہار میں نہیں[۱]۔ اس مسئلے میں کچھ مزید تفصیل ہے، ومحلُّه کتب الفقه۔

قوله: "وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ" (ص:۷۳ سطر:۱۱،۱۲)

یہ بھی اپنے اطلاق پر نہیں بلکہ اس میں بھی تفصیل ہے، چنانچہ حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک کوئی شخص اگر کنواں یا معدن اپنی مملوکہ زمین یا ارض موات میں۔ کہ جس کا کوئی مالک نہیں۔ کھودے اور اس میں گر کر کوئی مر گیا تو اس کا دم ھدر ہے، لحدیث الباب، اسی طرح اگر کسی نے بیر یا معدن کھودنے کے لئے مزدور لگائے اور معدن یا بیر ان پر گر پڑا اور مزدور دب کر مر گئے تو ان کا خون بھی ھدر ہوگا، لیکن اگر کسی نے بیر یا معدن دُوسرے کی مِلْک میں یا طریق المسلمین میں کھودا اور اس میں کوئی گر کر مر گیا یا کوئی اور نقصان ہو گیا تو یہ ھدر نہ ہوگا، بلکہ حافر پر ضمان آئے گا، للتعدّی[۲]۔

قوله: "وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ" (ص:۷۳ سطر:۱۲)

رکاز بمعنی مرکوز ہے، رکز سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں گاڑنا، اس مسئلے میں فقہاء کا اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک رکاز سے مراد کفار کا دفینہ ہے نہ کہ مَعدِن، چنانچہ ان کے نزدیک معدن سے حاصل شدہ مال میں خمس واجب نہیں، اور دفینہ میں واجب ہے[۳]۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک معدن اور کفار کے دفینہ دونوں میں خمس واجب ہے،[۴]

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۳، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۵۵۲، ۵۵۳، وإکمال إکمال المعلم ج:۴ ص:۴۷۸، ۴۷۹، وعمدة القاری ج:۹ ص:۱۰۲، ۱۰۳ کتاب الزکاة، باب فی الرکاز الخمس، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۰۹۔

(۲) بحوالۂ بالا۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۴، وصحیح البخاری مع فتح الباری ج:۳ ص:۳۶۳ تا ۳۶۵ کتاب الزکاة، باب فی الرکاز الخمس۔

(۴) البتہ اُس دفینہ میں اگر علامات مسلمانوں کی ہوں تو اس پر احکام لقطہ کے جاری ہوں گے۔ الحل المفهم ج:۲ ص:۲۰۳۔ رفیع

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ہماری دلیل بھی اس حدیث میں لفظ "رِکاز" ہے، اس لئے کہ لفظِ "رِکاز" جس طرح دفینہ پر صادق آتا ہے، مَعْدِن پر بھی صادق آتا ہے۔ (کما فی لسان العرب)[1] فرق صرف اتنا ہے کہ معدن میں رکز مِن جانب اللہ ہے، اور دفینہ میں مِن جانب الناس۔ حنفیہ نے کچھ مزید احادیثِ مرفوعہ وموقوفہ سے بھی اس پر استدلال کیا ہے (کما فی التکملۃ)،[2] ائمہ ثلاثہؒ فرماتے ہیں کہ یہاں "معدن" پر "رکاز" کا عطف کیا گیا ہے، والعطف للمغایرۃ۔

جواب یہ ہے کہ ہمارے قول کے اعتبار سے بھی مغایرت ہے، "معدن" اخص ہے اور "رکاز" اعمّ، اور ان میں فی الجملۃ مغایرت موجود ہے، نیز مغایرت دُوسرے اعتبار سے بھی ہے کہ "معدن" میں ہلاکت کا حکم بیان کرنا مقصود ہے، اور "رکاز" میں خمس کے وجوب کو بیان کرنا مقصود ہے، وبینھما مغایرۃ۔[3]

❊❊❊

---

(۱) لسان العرب ج:۵ ص:۳۵۵، مادّۃ:"رکز"۔

(۲) تکملۃ فتح الملہم ج:۲ ص:۳۱۱ تا ۳۱۳۔

(۳) عمدۃ القاری ج:۹ ص:۹۶، ۱۰۳ کتاب الزکاۃ، باب ما یستخرج من البحر، وفیض الباری ج:۳ ص:۵۳، ۵۴ کتاب الزکاۃ، باب ما یستخرج من البحر، وأوجز المسالک ج:۵ ص:۲۷۳ تا ۲۷۵ کتاب الزکاۃ، باب زکاۃ الرکاز۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

كتاب الأقضية (ص:۷۴)

بابُ اليمين عَلَى المدّعٰى عليه (ص:۷۴)

۴۴۴۵- "حَدَّثَنِي اَبُو الطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ قَالَ: اَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعىٰ نَاسٌ دِمَاءَ رِجَالٍ وَاَمْوَالَهُمْ وَلٰكِنَّ الْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعىٰ عَلَيْهِ۔" (ص:۷۴ سطر:۱،۲)

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ: "هٰكذا روى هٰذا الحديث البخاري ومسلم في صَحِيْحَيْهِمَا مرفوعًا من رواية ابن عباس (الٰى قوله) وهٰكذا ذكرهٗ اصحاب السنن وغيرهم (الٰى قوله) وجاء في رواية البيهقي وغيره بإسنادٍ حَسَنٍ أو صحيح زيادةٌ عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "لَوْ يُعْطَى الناسُ بدعْواهم لادّعٰى قومٌ دِماء قوم وأموالَهُمْ، لٰكنَّ البيّنة عَلَى المدّعي وَاليمين عَلٰى مَنْ انكر"۔ آگے علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ: "وهٰذا الحديث قاعدةٌ كبيرة مِن قواعِدِ احكام الشرع۔"(۱)

باب وجوب الحكم بشاهد ويمين (ص:۷۴)

۴۴۴۷- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَا: نَا زَيْدٌ -وَهُوَ ابْنُ حُبَابٍ- قَالَ: ثَنِيْ سَيْفُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضىٰ بِيَمِيْنٍ وَشَاهِدٍ۔" (ص:۷۴ سطر:۳و۴)

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۷۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "قَضیٰ بِیَمِیْنٍ وَشَاھِدٍ" (ص:۷۴ سطر:۴)

اگر کوئی مدعی اپنے دعویٰ پر صرف ایک گواہ پیش کرے تو ائمہ ثلاثہؒ کے نزدیک اس سے دُوسرے گواہ کے عوض میں یمین لی جائے گی، ان کی دلیل حدیثِ باب ہے، حنفیہ، کوفییّن اور دُوسرے متعدّد فقہاء، اور مالکیہ میں سے علمائے اندلس کا مذہب یہ ہے کہ یہ یمین دُوسرے شاہد کے قائم مقام نہیں ہوسکتی اور یہ ایک شاہد کالعدم ہوگا، چنانچہ ایسی صورت میں مدعا علیہ سے یمین لی جائے گی۔(۱) ہمارا استدلال مندرجہ ذیل دلائل سے ہے:-

۱- قولہ تعالیٰ: "وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِنْ رِجَالِكُمْ فَإِنْ لَمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ"(۲) اس میں صراحت ہے کہ شاہد کم از کم دو ہونے ضروری ہیں۔

۲- عن ابن عباس انّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: "لو یُعْطی الناس بدعواھم، لادّعی رجال اموالَ قوم ودمائَھم، ولٰکنَّ البیّنة علی المدعی والیمین علی من انکر" (رواہ البیھقی)(۳) یہ مختلف الفاظ اور طرق سے مختلف کتب میں موجود ہے، اور درحقیقت یہ اُسی حدیث کا مکمل متن ہے جو پچھلے باب میں حضرت ابن عباسؓ ہی کی روایت سے مختصراً آئی ہے، اور ہم نے علامہ نوویؒ سے وہاں بھی اس کا پورا متن نقل کرکے اُن کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ: "وھذا الحدیث قاعدةٌ کبیرة من قواعدِ احکام الشرع۔" اس حدیث میں تقسیم کردی گئی ہے کہ بیّنة کی ذمہ داری مدعی پر اور یمین کی مدعا علیہ پر ہے، والقسمة تنافی الشرکة۔(۴)

۳- قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم للمدعی وھو الأشعث بن قیس: "شاھداك او یمینه" مسلم کتاب الإیمان۔(۵)

صحیح مسلم ہی کے پچھلے باب میں حدیثِ مرفوع ابھی آپ نے پڑھی ہے کہ: "الیمین علی المدعی علیه"۔ (ص:۷۴ سطر:۲و۳)

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۴، واکمال المعلم ج:۵ ص:۵۵۸، ۵۵۹، واکمال إکمال المعلم ج:۵ ص:۶، ۷۔

(۲) البقرة: ۲۸۲۔

(۳) السنن الکبریٰ للبیھقیؒ ج:۱۰ ص:۲۵۲ کتاب الدعویٰ والبیّنات۔

(۴) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: تکملة فتح الملھم ج:۲ ص:۳۲۹ تا ۳۳۲۔

(۵) صحیح مسلم ج:۱ ص:۸۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور حدیثِ باب کے جوابات مندرجہ ذیل ہیں:-

۱- یہ حدیث سنداً منقطع ہے، قال الترمذی فی علله الکبیر: سألتُ محمدًا عن هذا الحدیث فقال: ان عمرو بن دینار لم یسمعه من ابن عباس۔[۱]

اس پر اِشکال ہوتا ہے کہ یہ حدیث اور بھی متعدّد صحابہ کرامؓ سے مروی ہے، تو یہ سنداً اگرچہ منقطع ہے لیکن باقی اسانید میں اس کا اثبات ممکن ہے۔

اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ دُوسری روایتوں کی سندوں میں بھی کلام ہے، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ متعدّد طرق اور بعض سندوں کا خالی عن الکلام ہونا اس حدیث کو ثابت کرتا ہے۔

۲- اگر یہ حدیث صحیح سند کے ساتھ ثابت ہو جائے تب بھی خبرِ واحد ہے، جو کتابُ اللہ کے مقابلے میں حجت نہیں۔

۳- یہ حدیث فعلی ہے، یعنی ایک واقعہ سے متعلق ہے جس میں عموم نہیں ہوتا، لہٰذا اس سے کوئی قاعدۂ کلیہ ثابت نہیں ہوتا۔[۲]

۴- اس حدیث میں لفظِ "شاهد" ہے جس سے جنسِ شاہد مراد ہو سکتا ہے، جو واحد، اثنین اور جمع کو شامل ہے، لہٰذا اس حدیث کا یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ یہ تھا کہ آپ بیّنة سے فیصلہ فرماتے تھے، (اور جب مدعی بیّنة پیش نہ کر سکے تو مدعا علیہ سے یمین لے کر فیصلہ فرماتے تھے،) بناءً علی أن المراد بالشاهد الجنس، (حاشیة السِّنْدِی)[۳]۔ اس معنی کی رُو سے یہ حدیث کتابُ اللہ کے اور ہماری پیش کردہ احادیث کے موافق ہے، (کذا فی الکوکب الدری)[۴]۔ اس توجیہ کا حاصل وہی ہے جو حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے "الحل المفهم" میں فرمایا ہے کہ: "قضی بیمین ای تارةً، وشاهد تارةً"[۵]۔

باب بيان أن حكم الحاكم لا يغير الباطن (ص:۷۴)

۴۴۴۸- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ قَالَ: أَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ

---

(۱) نصب الرایة ج:۴ ص:۹۷، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۳۲۔

(۲) فیض الباری ج:۳ ص:۳۸۲ کتاب الشهادات، باب ما جاء فی البینة علی المدعی۔

(۳) حاشیة السندی ج:۲ ص:۳۲۶۔

(۴) الکوکب الدری ج:۲ ص:۳۴۷، ۳۴۸ ابواب الاحکام، باب ما جاء فی الیمین مع الشاهد۔

(۵) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۰۱، وحاشیة السندیؒ ج:۲ ص:۳۲۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ابْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهٖ مِنْ بَعْضٍ فَاَقْضِيَ لَهٗ عَلٰى نَحْوِ مَا اَسْمَعُ مِنْهُ فَمَنْ قَطَعْتُ لَهٗ مِنْ حَقِّ اَخِيْهِ شَيْئًا فَلَا يَاْخُذْهُ، فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ بِهٖ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ۔" (ص:۷۴ سطر:۴ تا ۶)

قوله: "اَلْحَنَ بِحُجَّتِهٖ" (ص:۷۴ سطر:۵)

اى أبلغ بحجته، وهو مشتق من اللحَن بفتح الحاء، بمعنى الفطنة۔[1]

قوله: "فَمَنْ قَطَعْتُ لَهٗ مِنْ حَقِّ اَخِيْهِ شَيْئًا .... الخ" (ص:۷۴ سطر:۶)

ائمہ ثلاثہ، صاحبین اور جمہور فقہاء رحمہم اللہ کے نزدیک اگر کسی نے اپنے جھوٹے دعوے پر جھوٹی گواہی پیش کی اور قاضی نے ان گواہوں کو صادق سمجھ کر مدعی کے حق میں فیصلہ کردیا تو قاضی کا یہ حکم ظاہراً تو نافذ ہوگا باطناً نہیں۔ ظاہراً کا مطلب یہ ہے کہ فی ما بین الناس اس شئ کو اس کی ملکیت سمجھا جائے گا، اور حکومت کے قانون کی رُو سے اس شئ پر ملکیت کے تمام اَحکام جاری ہوں گے، باطناً نافذ نہ ہونے کا مطلب یہ ہے یہ شئ فیما بینه وبین الله مدعی کے لئے حلال نہ ہوگی۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک یہ قضاء قاضی کچھ شرائط کے ساتھ ظاہراً و باطناً نافذ ہوگی، چنانچہ اگر کسی شخص نے کسی عورت پر جھوٹا دعویٰ کیا کہ یہ میری بیوی ہے اور نکاح پر دو جھوٹے گواہ پیش کئے جن میں ظاہراً شرائطِ شہادت موجود تھیں اور قاضی نے مدعی کے حق میں فیصلہ کردیا، حالانکہ نفس الأمر میں یہ اس کی بیوی نہ تھی، تو جمہور کے نزدیک اس عورت سے جماع مرد کے لئے حلال نہیں، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اگرچہ جھوٹے دعوی کا سخت گناہ ہوگا اور جھوٹے گواہ بھی سخت حرام کے مرتکب ہوں گے، لیکن عورت اس کے لئے حلال ہوگی کیونکہ قاضی کا فیصلہ قائم مقام عقد کے ہوگیا، (کذا فی الهداية مع الفتح فی كتاب النكاح قبيل باب الأولياء والأكفاء)۔[2]

لیکن امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک قضاء کے باطناً نافذ ہونے کے لئے تین شرائط ہیں:

---

(۱) حاشية صحيح مسلم للذهنیؒ ج:۲ ص:۱۱۹، ومجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۴۸۶، والنهاية لإبن الأثیرؒ ج:۴ ص:۲۴۱، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۹۱ كتاب الأقضية، باب الترغيب فى القضاء بالحق۔

(۲) الهداية ج:۳ ص:۱۴۳، ۱۴۴ كتاب ادب القاضی، باب كتاب القاضی الى القاضی فصل آخر، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۳۷و۳۳۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱- قاضی نے یہ فیصلہ بیّنۃ کی بناء پر کیا ہو، یا مدعا علیہ کے نکول کی بنیاد پر کیا ہو، جھوٹی یمین کی بنیاد پر نہ کیا ہو، (کذا فی معین القضاۃ والمفتین لفضیلۃ الشیخ شمس الحق الأفغانی متّعنا اللہ بعلومہ)[۱]، لقولہ تعالیٰ: "اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ"[۲]۔

۲- یہ دعویٰ عقود و فسوخ سے متعلق ہو، چنانچہ اگر غیر عقود و فسوخ، مثلاً ارث کے متعلق ہوگا، اس طرح کہ کسی شخص نے جھوٹے گواہ اس دعویٰ پر پیش کئے کہ میرا باپ مر گیا اور میں اس کا وارث ہوں تو قضاءِ قاضی صرف ظاہراً نافذ ہوگی باطناً نہیں، (کذا فی العنایۃ وعامّۃ کتب الفقہ)[۳]۔

۳- مدعی نے سبب ملک بتایا ہو، مثلاً نکاح، یا اشتراء وغیرہ، یعنی دعویٰ املاکِ مرسلہ سے متعلق نہ ہو، مرسلہ سے مراد ایسی املاک ہیں جن کا سببِ مِلک مدعی یا گواہوں نے بیان نہ کیا ہو، (کذا فی الهدایۃ من کتاب أدب القاضی)[۴]۔

اس مسئلے میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی ایک دلیل حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فیصلہ ہے کہ ایک شخص نے ایک عورت پر دعویٰ کیا کہ یہ میری بیوی ہے، اور نکاح پر جھوٹے گواہ پیش کر دیئے، حضرت علیؓ نے مدعی کے حق میں فیصلہ دے دیا، تب اس عورت نے عرض کی: یا امیر المؤمنین! اگر مجھے اس کے پاس رہنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں، تو اس سے نکاح کر دیجئے، تا کہ ہم حرام میں مبتلا نہ ہوں، حضرت علیؓ نے فرمایا: "شَاهِدَاكِ زَوَّجَاكِ" اگر قضاء باطناً نافذ نہ ہوتی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ عورت کے مطالبہ اور مرد کی رغبت کے باوجود عقد کرنے سے انکار نہ فرماتے، (کذا فی العنایۃ)[۵]۔

---

(۱) معین القضاۃ والمفتین ص:۶۷، ۶۸۔

(۲) آل عمران: ۷۷۔

(۳) العنایۃ ج:۲ ص:۷۵ کتاب ادب القاضی، والکفایۃ ج:۳ ص:۲۴۳ کتاب ادب القاضی، وفتح القدیر ج:۳ ص:۲۴۳ کتاب ادب القاضی۔

(۴) الهدایۃ ج:۳ ص:۱۴۲ کتاب ادب القاضی، وفتح القدیر ج:۳ ص:۲۴۳ کتاب ادب القاضی، والعنایۃ ج:۲ ص:۷۵ کتاب ادب القاضی، وبذل المجهود ج:۱۵ ص:۲۴۲۔

(۵) العنایۃ ج:۲ ص:۷۴ کتاب ادب القاضی، والکفایۃ ج:۳ ص:۲۴۳، ۲۴۴ کتاب ادب القاضی، وتکملۃ فتح الملهم ج:۲ ص:۳۳۸، وأحکام القرآن للجصاصؒ ج:۱ ص:۲۵۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

دُوسری دلیل ایک اجماعی مسئلہ ہے کہ جس شخص نے کوئی باندی خریدی پھر جھوٹا دعویٰ کیا کہ میرے اور بائع کے درمیان بیع فسخ ہوگئی ہے اور جھوٹے گواہ بھی پیش کردیئے اور قاضی نے مشتری کے حق میں فیصلہ کردیا، یعنی وہ باندی بائع کو واپس کروادی تو یہ قضاء بالاتفاق باطناً بھی نافذ ہوگی چنانچہ بائع کو اس باندی سے وطی بھی جائز ہوگی۔

تیسری دلیل عقلی ہے، اور وہ یہ کہ قضاء اگر باطناً نافذ نہ ہو تو قضاء کا جو مقصود ہے، یعنی قطعِ منازعت وہ حاصل نہ ہوگا، مثلاً کسی عورت نے اپنے زوج کے خلاف طلاقِ ثلاث کا بیّنۃ کاذبۃ پیش کیا اور قاضی نے وقوعِ طلاق کا فیصلہ دے دیا، پھر عدّت کے بعد اس عورت نے کسی اور مرد سے نکاح کرلیا، تو ائمہ ثلاثہ وصاحبین کے قول پر ظاہراً اس کا شوہر زوجِ ثانی ہے اور باطناً زوجِ اوّل، تو ایک عورت کے لئے بیک وقت دو زوج کا ہونا لازم آیا۔ (۱)

مزید خرابی یہ ہے کہ عورت زوجِ ثانی کے گھر میں رہتی ہے اور فیما بین الناس اس کو وطی کا اختیار ہے، لیکن وطی کرتا ہے تو زنا اور عذابِ اُخروی میں مبتلا ہوتا ہے، اور زوجِ اوّل کے لئے فیما بینه وبین الله اس سے وطی جائز ہے لیکن وہ اس سے وطی کرے گا تو حکومت اس کو رجم کرے گی۔

نیز ایک خرابی یہ ہے کہ عورت زوجِ ثانی سے وطی کا مطالبہ کرے گی وہ عذابِ آخرت کے خوف سے انکار کرے گا تو معاملہ پھر قاضی کے پاس جائے گا، غرض منازعت ختم نہ ہوگی۔

جمہور نے حدیثِ باب سے استدلال کیا ہے لیکن امام ابوحنیفہؒ کی طرف سے ایک جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں کہیں یہ مذکور نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد اس قضاء کے بارے میں فرمایا جو مبنی بَرشہادت یا مبنی بَرنکول تھا، تو ہوسکتا ہے کہ یہ حکم اس قضاء سے متعلق ہو جو مدعا علیہ کی یمین کاذبۃ کی بناء پر ہوئی ہو۔

دُوسرا جواب یہ ہے کہ ہوسکتا ہے کہ یہ ارشاد عقود و فسوخ کے فیصلوں کے بارے میں نہ ہو بلکہ اِرث سے متعلق ہو۔

ان دونوں جوابات کی تائید ابوداؤد کی اس روایت سے ہوتی ہے: "عن اُمّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قالت: اتى رسول الله صلى الله عليه وسلم رجلان يختصمان في مواريث لهما لم تكن لهما بينة إلا دعواهما، فقال النبي صلى الله عليه وسلم" وذكر حديث الباب۔ (۲)

(۱) العناية ج:۲ ص:۷۳ كتاب ادب القاضي، وفتح القدير ج:۳ ص:۲۴۴ كتاب ادب القاضي۔

(۲) سنن أبي داود ج:۲ ص:۵۰۴ كتاب القضاء، باب في قضاء القاضي اذا اخطأ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اس روایت میں صراحت ہے کہ جس قضیہ کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا وہ اِرث سے متعلق تھا، عقود و فسوخ سے نہیں، نیز بیّنة کوئی موجود نہ تھا، اس صورت میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک بھی قضاء قاضی صرف ظاہراً نافذ ہوتی ہے باطناً نہیں، ثابت ہوا کہ امامِ اعظم رحمہ اللہ کا مذہب حدیثِ باب کے خلاف نہیں۔ (۱)

چنانچہ شیخ ابن الہمام رحمہ اللہ نے فتح القدیر میں مذہب امامِ اعظمؒ کو ترجیح دی ہے، (۲) لیکن کتاب "معین القضاة والمفتین" (۳) میں صراحت ہے کہ فتویٰ قولِ جمہور پر ہے، اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ علامہ شامی رحمہ اللہ نے "شرح عقود رسم المفتی" (۴) میں صراحت کی ہے کہ مسائلِ قضاء میں جب ائمہ حنفیہ کا اختلاف ہو تو فتویٰ امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول پر ہوتا ہے، اور امام ابو یوسفؒ کا قول جمہور کے موافق ہے، واللہ اعلم۔

۴۴۵۰- "حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ: أَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ جَلَبَةَ خَصْمٍ بِبَابِ حُجْرَتِهٖ فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ فَقَالَ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ وَإِنَّهُ يَأْتِيْنِي الْخَصْمُ فَلَعَلَّ بَعْضَهُمْ أَنْ يَكُوْنَ أَبْلَغَ مِنْ بَعْضٍ فَأَحْسِبُ أَنَّهُ صَادِقٌ فَأَقْضِيْ لَهُ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحَقِّ مُسْلِمٍ فَإِنَّمَا هِيَ قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ فَلْيَحْمِلْهَا أَوْ يَذَرْهَا۔"

(ص:۷۴ سطر:۷ تا ۱۰)

قولہ: "جَلَبَةَ" (ص:۷۴ سطر:۸)

بفتح الجيم واللّام والباء، اُردو میں اس کے معنی ہیں شور، وبمعناہُ قولہ: لجبة بتقديم اللّام على الجيم، (نوویؒ)۔ (۵)

---

(۱) تكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۳۹۔

(۲) فتح القدير ج:۳ ص:۲۴۵ كتاب ادب القاضي۔

(۳) معين القضاة والمفتين ص:۶۸۔

(۴) شرح عقود رسم المفتي ص:۹۴۔

(۵) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۷۵، والديباج ج:۲ ص:۲۰۹، ومكمل إكمال الإكمال ج:۵ ص:۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب قضية هند (ص:۷۵)

۴۴۵۲- "حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَتْ هِنْدٌ بِنْتُ عُتْبَةَ امْرَاَةُ اَبِيْ سُفْيَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ اَبَاسُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ لَا يُعْطِيْنِيْ مِنَ النَّفَقَةِ مَا يَكْفِيْنِيْ وَيَكْفِيْ بَنِيَّ إِلَّا مَا اَخَذْتُ مِنْ مَالِهٖ بِغَيْرِ عِلْمِهٖ، فَهَلْ عَلَيَّ فِيْ ذٰلِكَ مِنْ جُنَاحٍ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "خُذِيْ مِنْ مَالِهٖ بِالْمَعْرُوْفِ مَا يَكْفِيْكِ وَيَكْفِيْ بَنِيْكِ۔" (ص:۷۵ سطر:۱تا۴)

قوله: "شَحِيْحٌ" (ص:۷۵ سطر:۲) بہت کنجوس، بخیل۔[۱]

قوله: "خُذِيْ مِنْ مَالِهٖ بِالْمَعْرُوْفِ" (ص:۷۵ سطر:۳)

یعنی نفقہ کے لئے اتنا مال لے لو جتنا عرف اور رواج کے مطابق ہو۔ یہی حکم ہر اُس شخص کا ہے جس پر کسی کا مال واجب ہو مگر دیتا نہ ہو، کہ حق دار اپنے حق کے بقدر مال اُس سے جس طرح بھی لے سکے لینا جائز ہے، خواہ خفیہ طور پر (چوری کر کے)، اور متاخرینِ حنفیہ کا فتویٰ اس پر ہے کہ اس طرح لیا جانے والا مال خواہ واجب الاداء مال کی جنس سے ہو یا غیر جنس سے، دونوں صورتوں میں جائز ہے۔ متقدمینِ حنفیہ اسے جنسِ واجب سے ہونے کی شرط کے ساتھ جائز کہتے تھے، اور غیر جنس سے لینے کو ناجائز۔[۲]

۴۴۵۴- "حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: اَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَاءَتْ هِنْدٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ اَهْلُ خِبَاءٍ اَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ اَنْ يُذِلَّهُمُ اللّٰهُ مِنْ اَهْلِ خِبَائِكَ، وَمَا عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ اَهْلُ خِبَاءٍ اَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ اَنْ يُعِزَّهُمُ اللّٰهُ مِنْ اَهْلِ خِبَائِكَ۔ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَيْضًا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ"۔ ثُمَّ قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مُمْسِكٌ، فَهَلْ عَلَيَّ حَرَجٌ

---

(۱) النهاية لإبن الأثيرؒ ج:۲ ص:۴۴۸۔

(۲) الشامية ج:۴ ص:۱۵۱ كتاب الحجر، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۴۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اَنْ اُنْفِقَ عَلٰی عِیَالِهٖ مِنْ مَالِهٖ بِغَیْرِ اِذْنِهٖ؟ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "لَا حَرَجَ عَلَیْكِ اَنْ تُنْفِقِیْ عَلَیْهِمْ بِالْمَعْرُوْفِ۔" (ص:۷۵ سطر:۴تا۸)

قوله: "خِبَائِكَ" (ص:۷۵ سطر:۶) خبآء، بکسر الخاء، خیمہ، گھر، مسکن۔[۱]

قوله: "وَاَیْضًا" (ص:۷۵ سطر:۶)

یعنی تیری اس محبت میں اور اضافہ ہوگا۔ علامہ نووی رحمہ اللہ نے یہی تفسیر کی ہے،[۲] مگر حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے اس کی تفسیر میں فرمایا کہ: ای "وانا كذالك" یعنی "میں ہوں بھی ایسا ہی" یعنی "اسی قابل ہوں" (الحل المفهم)۔[۳]

قوله: "رَجُلٌ مُمْسِكٌ" (ص:۷۵ سطر:۶)

روکنے والا، یعنی مال کو روکنے والا، حاصل اس کا بھی وہی ہے جو لفظ "شحیح" کا ہے۔ اور اگلی روایت میں لفظ "مِسِّیْك" آرہا ہے، اس کی تفسیر میں علامہ نوویؒ فرماتے ہیں: "ای شحیح وبخیل، واختلفوا فی ضَبْطِهٖ علی وجهین حكاهما القاضی، احدُهما مَسِیْكٌ بفتح المیم وتخفیف السین، والثانی بكسر المیم وتشدید السین، وهٰذا الثانی هو الأشهر فی روایاتِ المحدثین، والأوّل اصح عند اهل العربیة، وهما جمیعا للمبالغة، والله اعلم۔"[۴]

باب النهی عن كثرة المسائل .... الخ (ص:۷۵)

۴۴۵۶- "حَدَّثَنَا زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا جَرِیْرٌ عَنْ سُهَیْلٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ یَرْضٰی لَكُمْ ثَلَاثًا وَیَكْرَهُ لَكُمْ ثَلَاثًا، فَیَرْضٰی لَكُمْ اَنْ تَعْبُدُوْهُ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَیْئًا وَاَنْ تَعْتَصِمُوْا

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۵، ولسان العرب ج:۳ ص:۲۱، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۴۶۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۵، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۵۶۶، وإكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۱۲۔

(۳) الحل المفهم مع حاشیته ج:۲ ص:۲۰۲۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَلَا تَفَرَّقُوْا۔ وَيَكْرَهُ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَإِضَاعَةَ الْمَالِ۔" (ص:۷۵ سطر:۱۱ تا ۱۳)

قوله: "قِيْلٌ وَقَالٌ" (ص:۷۵ سطر:۱۲)

یہ دوطرح سے پڑھے جاسکتے ہیں، فعلِ ماضی کے طور پر "قیلَ وقالَ" بھی اور تنوین کے ساتھ "قِيْلًا وقالًا" بمعنی المصدر بھی۔ یعنی غیر تحقیقی اقوال یا دینی امور میں بے فائدہ لوگوں کے اختلافات نقل کرنا کہ قال فلانٌ کذا، وقیل کذا، جیسا کہ بعض لوگ اپنی علمیت کے اظہار کے لئے یا محض وقت گزاری کے لئے کرتے ہیں۔

قوله: "وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ" (ص:۷۵ سطر:۱۳)

یعنی غیر ضروری سوالات کرنا، لایعنی سوالات کرنا، جس میں لوگوں سے ان کے ذاتی حالات معلوم کرنا بھی داخل ہے، جن کو وہ ظاہر کرنا پسند نہیں کرتے۔ یا لوگوں سے مال مانگنا، (نوویؒ)۔[1]

۴۴۵۸- "حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ: أَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ وَرَّادٍ مَوْلَى الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الْأُمَّهَاتِ، وَوَأْدَ الْبَنَاتِ، وَمَنْعًا وَهَاتِ۔ وَكَرِهَ لَكُمْ ثَلَاثًا: قِيْلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ، وَإِضَاعَةَ الْمَالِ۔"

(ص:۷۵ سطر:۱۴ تا ۱۶)

قوله: "وَأْدَ البنات" (ص:۷۵ سطر:۱۵)

واو کے بعد ہمزہ ہے، لڑکیوں کو زندہ دفن کردینا، جو جاہلیت کی رسم تھی (نووی)۔[2]

قوله: "مَنْعًا وَهَاتِ" (ص:۷۵ سطر:۱۵)

مَنْعًا مصدر ہے، مراد یہ ہے کہ حقوق کی ادائیگی سے انکار کرنا، اور "هَاتِ" اسم فعل ہے بمعنی أَعْطِ، مراد یہ ہے کہ ایسی چیز مانگے جس کا وہ مستحق نہیں (نووی بزیادة ایضاح)۔[3]

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۷۶۔

(۲) بحوالہ بالا۔ (۳) بحوالہ بالا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب بيان أجر الحاكم إذا اجتهد فأصاب أو أخطأ (ص:۷۶)

۴۴۶۴- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيْمِيُّ قَالَ: أَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ أُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ قَيْسٍ مَوْلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ أَصَابَ فَلَهُ أَجْرَانِ، وَإِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ أَخْطَأَ فَلَهُ أَجْرٌ۔" (ص:۷۶ سطر:۵ تا ۷)

قوله: "ثُمَّ أَخْطَأَ فَلَهُ أَجْرٌ" (ص:۷۶ سطر:۷)

بشرطیکہ اس میں اہلیت فیصلہ کرنے کی اور اجتہاد کی موجود ہو، ورنہ گنہگار ہوگا اگرچہ اتفاقاً اس کا فیصلہ حق کے موافق ہوگیا ہو، کیونکہ جس میں اہلیت نہ ہو اسے فیصلہ کرنا حلال ہی نہیں، علامہ نووی رحمہ اللہ نے اس پر اجماع نقل کیا ہے۔[1]

باب كراهة قضاء القاضي وهو غضبان (ص:۷۶)

۴۴۶۵- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا أَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ: كَتَبَ أَبِيْ وَكَتَبْتُ لَهُ إِلَى عُبَيْدِاللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ -وَهُوَ قَاضِيْ سجستان- أَنْ لَا تَحْكُمَ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَأَنْتَ غَضْبَانُ فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "لَا يَحْكُمْ أَحَدٌ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ۔" (ص:۷۶ سطر:۱۱ تا ص:۷۷ سطر:۱و۲)

قوله: "كَتَبَ أَبِيْ" (ص:۷۷ سطر:۱)

یعنی لکھنے کا حکم دیا، یا املاء کیا، آگے اسی کی تفصیل ہے کہ "كتبتُ له" یعنی والد صاحب کے املاء کرانے یا حکم کے مطابق میں نے لکھا۔ یہ بھی عہدِ صحابہؓ میں کتابتِ حدیث کی ایک مثال ہے۔

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۷۶، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۵۷۲، وإکمال إکمال المعلم ج:۵ ص:۱۵، ۱۶، ومکمل إکمال الإکمال ج:۵ ص:۱۶، ۱۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "وَهُوَ غَضْبَانُ" (ص:۷۷ سطر:۲)

اس حالت میں قضاء مکروہ ہے، مگر قاعدے کے مطابق کی تو نافذ ہو جائے گی، کیونکہ شراج الحرۃ[1] کے قضیہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ ایسی ہی حالت میں فرمایا تھا۔ جو حکم حالتِ غضب کا ہے وہی ہر ایسی حالت کا ہے جو قاضی کو صحیح غور وفکر اور صحیح فیصلے تک پہنچنے میں عادۃً مانع ہوتی ہے، مثلاً سخت بھوک، یا بہت زیادہ پیٹ بھرا ہوا ہونا، شدید رنج وفکر، حد سے زیادہ خوشی، پیشاب یا پاخانے کی شدید حاجت، دِل کا کسی اور چیز میں اُلجھا ہوا ہونا وغیرہ، (نوویؒ)۔[2] غضب کو خاص طور سے بظاہر اس لئے ذکر فرمایا گیا کہ قاضی کو غضب کے اسباب زیادہ پیش آتے ہیں، اور شراج الحرۃ کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا غضب اور فیصلہ اس کے منافی نہیں، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم معصوم تھے، (قالہ المازری فی المعلم)۔[3] یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں یہ مکروہ بھی نہیں تھا۔

باب نقض الأحكام الباطلة وردّ

محدثات الأمور (ص:۷۷)

۴۴۶۷- "حَدَّثَنَا أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ وَعَبْدُاللهِ بْنُ عَوْنٍ الْهِلَالِيُّ جَمِيْعًا عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ ابْنُ الصَّبَّاحِ: نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: نَا أَبِيْ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ۔"

(ص:۷۷ سطر:۴ تا ۶)

---

(۱) اس واقعہ کی تفصیل کے لئے دیکھئے: صحیح مسلم ج:۲ ص:۲۶۱، ۲۶۲ باب وجوب اتباعه صلی الله علیه وسلم، وصحیح البخاری ج:۱ ص:۳۱۷ باب سکر الانهار۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۷، وحاشیة صحیح مسلم للذهنیؒ ج:۲ ص:۱۲۲۔

(۳) المعلم بفوائد مسلم ج:۲ ص:۲۶۵، ۲۶۶، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۵۷۵، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۷، وإكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۱۹ تا ۲۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قوله: "مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا هٰذَا" (ص:۷۷ سطر:۶)

یعنی بدعت ایجاد کی۔ اور بدعت کی تعریف علامہ شاطبی رحمہ اللہ نے یہ کی ہے کہ: "طریقة فی الدین مخترعة تضاهی الشرعیّة یقصد بالسلوك علیها المبالغة فی التعبّد لله سبحانه"۔ (۱)

چنانچہ ایسی صنعتیں، شہر یا عمارتیں بنانا جو عہدِ رسالت میں نہ پائی جاتی تھیں، بدعت کی تعریف میں داخل نہیں، کیونکہ وہ طریقة مخترعة فی الدّین نہیں بلکہ طریقة مخترعة فی الدُّنیا ہے۔ (۲)

قوله: "فَهُوَ رَدٌّ" ای مردود۔ (ص:۷۷ سطر:۶)

اس حدیث سے بدعت کو ایجاد کرنے کی حرمت و بطلان ثابت ہوا، اور اگلی حدیث کے آخر میں مرفوعاً ایک جملہ مزید آ رہا ہے کہ: "من عمل عملًا لیس علیه امرنا فهو ردٌّ" اس سے ثابت ہوا کہ جس طرح بدعت کو ایجاد کرنا حرام اور باطل و مردُود ہے، اسی طرح کسی اور کی ایجاد کردہ بدعت پر عمل کرنا بھی حرام، باطل اور مردُود ہے (نووی)۔ (۳)

۴۴۶۸- "حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ جَمِیْعًا عَنْ اَبِی عَامِرٍ قَالَ عَبْدٌ: نَا عَبْدُالْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الزُّهْرِیُّ، عَنْ سَعْدِ ابْنِ إِبْرَاهِیْمَ قَالَ: سَاَلْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ رَجُلٍ لَهٗ ثَلَاثُ مَسَاکِنَ فَاَوْصٰی بِثُلُثِ کُلِّ مَسْکَنٍ مِنْهَا۔ قَالَ: یُجْمَعُ ذٰلِكَ کُلُّهٗ فِیْ مَسْکَنٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ قَالَ: اَخْبَرَتْنِیْ عَائِشَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَیْسَ عَلَیْهِ اَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ۔"

(ص:۷۷ سطر:۶ تا ۸)

قوله: "یُجْمَعُ ذٰلِكَ کُلُّهٗ فِیْ مَسْکَنٍ وَاحِدٍ" (ص:۷۷ سطر:۷،۸)

یہ قاسم بن محمد رحمہ اللہ کا فتویٰ ہے، لیکن اسے علی الاطلاق دُرست نہیں کہا جا سکتا، اسی لئے

(۱) الإعتصام ج:۱ ص:۳۷ الباب الأوّل۔

(۲) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: ''سنت و بدعت'' ص:۱۱ تا ۱۳ مصنفہ مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

حافظ ابنِ حجر رحمہ اللہ نے فرمایا کہ: "وهو مشكل جدًا فالذى أوصٰى بثلث كل مسكن اوصى بأمر جائز اتفاقا" وأما الزام القاسم بأن يُجمع فى مسكن واحد ففيه نظر، لاحتمال ان يكون بعض المساكن اعلٰى قيمةً من بعض۔

چنانچہ حافظ ابنِ حجر رحمہ اللہ نے احتمال کے طور پر اس قول کی ایک توجیہ بیان فرمائی ہے لیکن ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ شاید وصیت میں کوئی اَمرِ زائد ایسا تھا جسے قاسمؒ نے منکر قرار دیا اور راوی نے وہ یہاں ذکر نہیں کیا۔[1]

علامہ قرطبی رحمہ اللہ نے بھی قاسمؒ کے اس فتویٰ پر اِشکال کیا ہے، اور اس کی تاویل دُوسرے طریقے سے فرمائی ہے،[2] قاضی عیاض رحمہ اللہ نے اس کی تاویل تیسرے طریقے سے فرمائی ہے،[3] علامہ نووی رحمہ اللہ نے قاسمؒ کے اس فتویٰ پر مکمل سکوت فرمایا ہے، اس کی شرح بھی نہیں فرمائی۔

خلاصہ یہ کہ اس فتویٰ کو راوی نے چونکہ تفصیل کے بغیر ذکر کیا ہے اور پوری صورتِ مسئلہ بیان نہیں کی، لہٰذا محض اس فتویٰ کی بناء پر کوئی نتیجہ نہیں نکالا جاسکتا۔

اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے اس کی توجیہ یہ فرمائی ہے کہ: "ولم يصلح كل مسكن منها لصغره أن ينتفع به بعد تقسيمه، وبذلك ينطبق إحتجاجه بالحديث، فإنه لمّا قصد الإضرار بالورثة وبالموصٰى له حيث لا يمكن لهما الإنتفاع بأنصبائهم ردّ تصرفه هذا" (الحل المفهم)۔[4]

یہ توجیہ مذکورہ بالا بزرگوں کی توجیہات کے مقابلے میں زیادہ واضح اور بے غبار ہے، لیکن یہ اسی صورت میں قاسمؒ کے فتویٰ پر پوری طرح منطبق ہوسکے گی کہ وہ تینوں مکان ایک ہی قیمت کے ہوں۔

باب بيان خير الشهود (ص:۷۷)

۴۴۶۹- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

---

(۱) فتح الباری ج:۵ ص:۳۰۲، ۳۰۳ کتاب الصلح، باب اذا اصطلحوا علٰی صلح جُور فالصلح مردود۔

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے: المفہم ج:۵ ص:۱۷۱، ۱۷۲۔

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: إکمال المعلم ج:۵ ص:۵۷۶، ۵۷۷۔

(۴) الحل المفہم ج:۲ ص:۲۰۲، ۲۰۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اَبِیْ بَکْرٍ، عَنْ اَبِیْہِ، عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ عَمْرَۃَ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُھَنِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِ الشُّھَدَاءِ؟ اَلَّذِیْ یَأْتِیْ بِشَھَادَتِہٖ قَبْلَ اَنْ یُسْاَلَھَا۔" (ص:۷۷ سطر:۹و۱۰)

قولہ: "اَلَّذِیْ یَأْتِیْ بِشَھَادَتِہٖ قَبْلَ اَنْ یُسْاَلَھَا" (ص:۷۷ سطر:۱۰)

اس سے مراد وہ شخص ہے جو کسی مدعی کے دعوے کی صحت کا علم رکھتا ہو، مگر مدعی کو معلوم نہیں کہ یہ شخص علم رکھتا ہے، تو ایسی صورت میں گواہ کو چاہئے کہ وہ طلب کے بغیر خود ہی اس کو اپنی گواہی دینے کی پیشکش کردے (نووی)۔[1]

اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہاں "شھادۃ" سے مراد "شھادۃ الحسبۃ" ہو، یعنی جو حقوق العباد سے متعلق نہ ہو (بلکہ خالص حق اللہ سے متعلق ہو)، مثلاً طلاق، عتق، وقف، وصیّۃ للعامۃ اور حدود سے متعلق ہو کہ اس میں بھی طلب کے بغیر شہادۃ پیش کردینا واجب ہے، (نوویؒ)۔[2] لیکن اس کا حدود سے متعلق ہونا ناچیز کے نزدیک محلِ نظر ہے، کیونکہ حدود کے جرائم کو تو چھپانا مستحب ہے۔

اور جس حدیث میں (جو آگے جلدِ ثانی ہی کے اواخر میں آئے گی) بطورِ مذمت کے آیا ہے کہ "یشھدون ولا یُستشھدون" اس سے مراد یا تو جھوٹے گواہ ہیں، یا ایسے گواہ مراد ہیں جن میں شہادۃ کی اہلیت نہیں۔

یا وہ اس صورت پر محمول ہے کہ مدعی کو معلوم ہے کہ فلاں شخص میرے اس دعوے کا گواہ ہے، پھر بھی اس نے فلاں سے شہادت طلب نہیں کی، تو ایسی صورت میں خود کو گواہی کے لئے پیش کرنا مذموم ہے، (قالہ النوویؒ)۔[3]

باب إختلاف المجتهدین (ص:۷۷)

۴۴۷۰- "حَدَّثَنِیْ زُھَیْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا شَبَابَۃُ قَالَ: ثَنِیْ وَرْقَاءُ، عَنْ اَبِی

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۷۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۷، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۵۷۸، وإکمال إکمال المعلم ج:۵ ص:۲۲، ۲۳، ومکمل إکمال الإکمال ج:۵ ص:۲۲۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۷، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۵۷۹، وإکمال إکمال المعلم ج:۵ ص:۲۳، ومکمل إکمال الإکمال ج:۵ ص:۲۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "بَيْنَمَا امْرَأَتَانِ مَعَهُمَا ابْنَاهُمَا جَاءَ الذِّئْبُ فَذَهَبَ بِابْنِ إِحْدَاهُمَا، فَقَالَتْ هٰذِهٖ لِصَاحِبَتِهَا: إِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ أَنْتِ، وَقَالَتِ الْأُخْرٰى: إِنَّمَا ذَهَبَ بِابْنِكِ، فَتَحَاكَمَتَا إِلٰى دَاوُدَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فَقَضٰى بِهٖ لِلْكُبْرٰى، فَخَرَجَتَا عَلٰى سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فَأَخْبَرَتَاهُ، فَقَالَ: ائْتُوْنِيْ بِالسِّكِّيْنِ أَشُقُّهُ بَيْنَكُمَا، فَقَالَتِ الصُّغْرٰى: لَا -يَرْحَمُكَ اللّٰهُ- هُوَ ابْنُهَا، فَقَضٰى بِهٖ لِلصُّغْرٰى۔ قَالَ: قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ: وَاللّٰهِ إِنْ سَمِعْتُ بِالسِّكِّيْنِ قَطُّ إِلَّا يَوْمَئِذٍ، مَا كُنَّا نَقُوْلُ إِلَّا الْمُدْيَةَ۔" (ص:۷۷ سطر:۱۰ تا ۱۳)

قوله: "فَقَضٰى بِهٖ لِلْكُبْرٰى" (ص:۷۷ سطر:۱۲)

اس فیصلے کی وجہ حدیث میں بیان نہیں کی گئی، علامہ نووی رحمہ اللہ نے اس کے تین احتمال ذکر کیے ہیں، ان میں سے ایک جو بہتر معلوم ہوتا ہے یہ ہے کہ ہوسکتا ہے کہ وہ بچہ کبریٰ کے قبضے میں ہو۔[1]

ناچیز عرض کرتا ہے کہ یہ وجہ زیادہ قرینِ فہم ہے، کیونکہ بیّنہ دونوں میں سے کسی کے پاس نہیں تھا، اور ہماری شریعت میں بھی قانون یہی ہے کہ ایسی صورت میں صاحب الید کا قول مع الیمین معتبر ہوتا ہے۔

قوله: "فَقَالَتِ الصُّغْرٰى: لَا" (ص:۷۷ سطر:۱۲)

یہاں فعل محذوف ہے، اور تقدیر عبارت ہے: "لا تَشُقُّه" آگے قولها: "یرحمك الله" جملہ دُعائیہ ہے۔[2]

قوله: "فَقَضٰى بِهٖ لِلصُّغْرٰى" (ص:۷۷ سطر:۱۳)

اس قضاء کی ایک وجہ تو ظاہر ہی ہے کہ صغریٰ کا بچے کو کاٹ کر تقسیم کرنے سے انکار کرنا واضح قرینہ تھا کہ وہ اس کی ماں ہے، وہ بچے کی جان بچانے کے لئے اس پر راضی ہوگئی کہ کبریٰ ہی اس کو

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۷۷، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۵۸۰، وإکمال إکمال المعلم ج:۵ ص:۲۵۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۷۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اپنے پاس رکھ لے، اور کبریٰ کا اس فیصلے پر سکوت کرنا اس کا واضح قرینہ تھا کہ اسے اس بچے پر کوئی شفقت نہیں۔(۱)

لیکن یہاں دو اِشکال ہوتے ہیں، ایک یہ کہ اس قضیہ کا فیصلہ حضرت داؤد علیہ السلام کر چکے تھے، اس کو منسوخ کرنا سلیمان علیہ السلام کے لئے کیسے جائز ہوا؟

دُوسرا اِشکال یہ ہے کہ جس قرینے کی بنیاد پر سلیمان علیہ السلام نے فیصلہ کیا، کیا اس جیسے مقدمے میں صرف اتنے قرینے پر ایسا فیصلہ کرنا جائز ہے؟

علامہ نووی رحمہ اللہ نے متعدّد جوابات دیئے ہیں:-

۱- ایک یہ کہ ہوسکتا ہے کہ داؤد علیہ السلام نے فیصلہ حتمی طور پر نہ کیا ہو۔

ناچیز عرض کرتا ہے کہ بظاہر اس توجیہ کا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ داؤد علیہ السلام نے یہ بات مشورۃً کہلا کر حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس بھیجی ہوگی، تاکہ فیصلہ وہ کریں اور اس مشورے پر بھی غور کرلیں۔ (رفیع)

۲- دُوسرا جواب یہ دیا ہے کہ یہ داؤد علیہ السلام کا فیصلہ نہیں بلکہ فتویٰ تھا۔

۳- تیسرا جواب یہ دیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ ان کی شریعت میں ایک قاضی کے فیصلے کو منسوخ کرنا دُوسرے قاضی کے لئے جائز ہو جبکہ دیانۃً وہ فسخ کرنے کو ضروری سمجھتا ہو۔

ناچیز عرض کرتا ہے کہ یہ صرف پچھلی شریعت کی خصوصیت نہیں، بلکہ ہماری شریعت میں بھی ایک قاضی کے فیصلے کو فسخ کرنا دُوسرے قاضی کے لئے جائز بلکہ بعض صورتوں میں واجب ہوتا ہے، معین الحکّام(۲) میں اس کی صراحت ہے۔

بلکہ قاضی القضاۃ کے فرائضِ منصبی میں تو یہ بھی داخل ہے کہ وہ ماتحت قاضیوں پر نظر رکھے، اور اگر کسی ماتحت قاضی کا فیصلہ قرآن وسنت کے خلاف پائے تو اسے فسخ کردے، (معین الحکام)۔(۳)

۴- چوتھا جواب جو دونوں اِشکالات کو حل کرتا ہے علامہ نووی رحمہ اللہ نے یہ دیا ہے کہ

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۷، وإکمال المعلم ج:۵ ص:۵۸۰، وإکمال إکمال المعلم ج:۵ ص:۲۶، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۵۶۔

(۲) معین الحکّام ص:۳۳، ۳۴، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: الجامع لأحکام القرآن ج:۱۱ ص:۲۷۳، ۲۷۴، والتفسیر المظهری ج:۶ ص:۲۱۲، ومعارف القرآن ج:۶ ص:۲۰۸، ۲۰۹۔

(۳) معین الحکّام ص:۳۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

سلیمان علیہ السلام نے بچے کو دو ٹکڑے کرنے کا جو ذکر کیا، ظاہر ہے کہ وہ بطور حیلہ کے تھا، تا کہ اصل حقیقتِ حال واضح ہو جائے، جب اس حیلے کے ذریعہ صورتِ حال تقریباً معلوم ہوگئی تو ہوسکتا ہے کہ کبریٰ نے اصل حقیقت کا اقرار کرلیا ہو اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس اقرار پر عمل کیا ہو، اگر چہ یہ اقرار حضرت داؤد علیہ السلام کے فیصلے کے بعد تھا، چنانچہ ہماری شریعت میں بھی حکم یہی ہے کہ محکوم لہٗ اگر بعد میں اقرار کرلے کہ حق اس کے خصم کا ہے، تو عمل اس کے اقرار پر کیا جاتا ہے۔[1] واللہ اعلم بالصواب۔

باب إستحباب إصلاح الحاكم بين الخصمين (ص:۷۷)

۴۴۷۲- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: نَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ: هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ اَحَادِيْثَ، مِنْهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْتَرٰى رَجُلٌ مِنْ رَجُلٍ عَقَارًا لَهٗ فَوَجَدَ الرَّجُلُ الَّذِي اشْتَرَى الْعَقَارَ فِيْ عَقَارِهٖ جَرَّةً فِيْهَا ذَهَبٌ، فَقَالَ لَهُ الَّذِي اشْتَرَى الْعَقَارَ: خُذْ ذَهَبَكَ مِنِّيْ إِنَّمَا اشْتَرَيْتُ مِنْكَ الْاَرْضَ وَلَمْ اَبْتَعْ مِنْكَ الذَّهَبَ، فَقَالَ الَّذِيْ شَرَى الْاَرْضَ: إِنَّمَا بِعْتُكَ الْاَرْضَ وَمَا فِيْهَا۔ قَالَ: فَتَحَاكَمَا إِلٰى رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِيْ تَحَاكَمَا إِلَيْهِ: اَلَكُمَا وَلَدٌ؟ فَقَالَ اَحَدُهُمَا: لِيْ غُلَامٌ، وَقَالَ الْآخَرُ: لِيْ جَارِيَةٌ۔ قَالَ: اَنْكِحُوا الْغُلَامَ الْجَارِيَةَ، وَاَنْفِقُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمَا مِنْهُ وَتَصَدَّقَا۔"

(ص:۷۷ سطر:۱۵ تا ص:۷۸ سطر:۱ تا ۳)

قوله: "جَرَّةً" (ص:۷۸ سطر:۱) یعنی مٹکا۔

قوله: "إِنَّمَا اشْتَرَيْتُ مِنْكَ الْاَرْضَ" (ص:۷۸ سطر:۲)

(۱) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۷۷، وإكمال المعلم ج:۵ ص:۵۸۰، وإكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۲۷، ۲۸، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۵۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یہاں بائع اور مشتری میں جو اختلاف ہوا، اس میں دو احتمال ہیں، (کما فی حاشیة الحل المفهم)[(۱)] ایک یہ کہ دونوں میں الفاظ عقد پر تو اتفاق تھا کہ عقد میں زمین کے اندر کی اشیاء کا نفیًا یا اِثباتًا کوئی ذکر نہیں ہوا تھا، مگر اختلاف اس عقد کے حکم میں تھا کہ مشتری کہتا تھا کہ اس صورت میں یہ "جَرَّةٌ مِن ذهب" عقد میں حکماً بھی داخل نہیں ہوا لہٰذا بائع یہ واپس لے، اور بائع کا کہنا تھا کہ اگر چہ عقد میں اندر کی چیزوں کا ذکر نہیں تھا لیکن یہ اشیاء عقد میں ضمناً خود بخود داخل ہو گئیں لہٰذا یہ جرّة مشتری کو ملے گا۔

دُوسرا اِحتمال یہ ہے کہ اختلاف صورۃِ عقد یعنی الفاظِ عقد میں ہوا ہو، کہ مشتری کہتا ہو کہ اندر کی چیزوں (ما فیها) کا ذکر عقد میں نہیں ہوا تھا، اور بائع کہتا ہو کہ "ما فیها" کا ذکر بھی عقد میں صراحۃً کیا گیا تھا۔

پہلی صورت میں ہماری شریعت کا حکم، حافظ ابنِ حجر رحمہ اللہ نے یہ تحریر فرمایا ہے کہ قول مشتری کا معتبر ہوگا، اور سونا بائع ہی کی ملکیت پر برقرار رکھا جائے گا۔

دُوسری صورت کا حکم حافظ ابنِ حجر رحمہ اللہ نے یہ تحریر فرمایا ہے کہ دونوں سے حلف لے کر بیع فسخ کردی جائے گی، (کذا فی حاشیة الحل المفهم)[(۲)]۔

اور "الحل المفهم" میں حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے اس اختلاف کو پہلے ہی احتمال پر محمول کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ: وهٰذا لعلّه کان یوافق شرعهم ولا یوافق هٰذا الحکم شرعنا، فان الجرّة عندنا سبیلها سبیل اللقطة ان لم تکن عادیة (أی لم تکن من دفین الجاهلیة، رفیع) وان کانت عادیة فهو لأوّل مسلم أُختطّ له هٰذه البقعة التي وجدت الجرّة فیها[(۳)]۔

لیکن ناچیز عرض کرتا ہے کہ اگر یہ جرّة عادیة نہ ہو، یعنی دفین الجاهلیة کا نہ ہو، تو حضرت گنگوہی رحمہ اللہ کے اس ارشاد کی رُو سے جب یہ بحکم لقطہ ہوا تو حاکم کو ہماری شریعت کی رُو سے بھی یہ اختیار ہے کہ وہ اس کو ان دونوں میں تقسیم کردے، جیسا کہ آگے کتاب اللقطة میں آرہا ہے، کیونکہ اگر ملتقط - جو یہاں مشتری ہے - غنی ہو، اور بائع حاجت مند، تو اس صورت میں حاکم کو

---

(۱) حاشیة الحل المفهم ج:۲ ص:۲۰۴، وفتح الباری ج:۶ ص:۵۱۹، کتاب الأنبیاء، رقم الحدیث:۳۴۷۲۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۰۴۔

(۳) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۰۳، والمفهم ج:۵ ص:۱۸۹، ۱۹۰، وإکمال إکمال المعلم ج:۵ ص:۲۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اختیار ہے کہ دونوں میں تقسیم کردے۔ کیونکہ ملتقط جب غنی ہو تو اُس پر لقطہ کا صدقہ کردینا حنفیہ کے نزدیک واجب ہے، اور باذنِ حاکم خود بھی رکھ سکتا ہے، پس جب حاکم نے دونوں میں تقسیم کردیا تو اس کے جواز میں کوئی مانع نہیں۔ کما یحصُل من المسائل التی تأتی فی کتاب اللقطة۔

قوله: "شَرَی الأرض" (ص:۷۸ سطر:۲)

قال النووی رحمه الله فی الشرح: "هٰکذا هو فی أکثر النسخ "شَرَای" بغیر الف وفی بعضها "اشتَرَای" بالألف۔ قال العلمآء: الأوّل اصحُّ، وَشرای هٰنا بمعنٰی باعَ کما فی قوله تعالٰی: "وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ م بَخْسٍ"، ولهٰذا قال: (ای فی حدیث الباب رفیعہ) فقال الذی شَرَاْیٰ الأرض: اِنّما بعتك۔[1]

قوله: "وَتَصَدَّقَا" (ص:۷۸ سطر:۳)

یعنی اِن دونوں پر خرچ کرو، یہاں اِن پر خرچ کرنے کو تصدُّق سے تعبیر اس لئے فرمایا گیا کہ اس انفاق میں بھی اجروثواب ہے (کذا فی حاشیة الحل المفهم)۔[2]

***

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۸۔

(۲) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۰۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

كتاب اللُّقَطَة (ص:۷۸)

۴۴۷۳- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ: "اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَائَهَا ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا فَشَأْنَكَ بِهَا"۔ قَالَ: فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ قَالَ: "لَكَ أَوْ لِأَخِيْكَ أَوْ لِلذِّئْبِ"۔ قَالَ: فَضَالَّةُ الْإِبِلِ؟ قَالَ: "مَا لَكَ وَلَهَا مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا"۔ قَالَ يَحْيٰى: أَحْسِبُ قَرَأْتُ عِفَاصَهَا۔" (ص:۷۸ سطر:۳تا۶)

قوله: "اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَائَهَا" (ص:۷۸ سطر:۵)

عِفاص بکسر العین تھیلی کو بھی کہتے ہیں اور اُس ڈھکن کو بھی جو بوتل کے منہ پر ٹوپی کی طرح پہنا دیا جاتا ہے، اور اُردو میں جس چیز کو ڈاٹ کہا جاتا ہے، یعنی لکڑی یا چمڑا وغیرہ جسے بوتل کے منہ میں داخل کر کے اس کا منہ بند کیا جاتا ہے، اُسے عربی میں "صِمَام" (بکسر الصاد) کہتے ہیں (نوویؒ)[1]۔ اور وکاء وہ ڈوری جس سے تھیلی کے منہ کو باندھا جاتا ہے۔[2] اور مطلب یہ ہے کہ لقطہ کی تھیلی یا ڈھکن کو اور ڈوری کو پہچان لو تاکہ تمہارے مال میں مل کر اس کی پہچان مشکل نہ ہو جائے، اور تاکہ جب اس کا دعوے دار آئے تو اُس کے بتائے ہوئے اوصاف میں اس کے صدق و کذب کو پہچان سکو، (نوویؒ)۔[3]

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۸۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۸، وحاشیة صحیح مسلم للذهنیؒ ج:۲ ص:۱۲۴، والنهاية لابن الأثيرؒ ج:۳ ص:۲۶۳ و ج:۵ ص:۲۲۲، وإكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۳۱۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۷۸، وحاشیة صحیح مسلم للذهنیؒ ج:۲ ص:۱۲۴، وإكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۳۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً" (ص:۷۸ سطر:۵)

امام محمد، امام مالک وشافعی واحمد رحمہم اللہ کے نزدیک ایک سال تک تعریف کرنا ضروری ہے خواہ مال قلیل ہو یا کثیر، لظاهر هذا الحديث، وهذا رواية عن ابي حنيفة رحمه الله۔[1]

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے ایک روایت یہ ہے کہ دس درہم سے کم ہو تو اپنی صوابدید سے کچھ روز تعریف کرے، اگر دس درہم یا اس سے زیادہ کا مال ہو تو ایک مہینہ، دوسو درہم یا اس سے زیادہ ہو تو ایک سال تعریف کرنا ضروری ہے۔

مگر حنفیہ کے ہاں فتویٰ اس پر ہے کہ تعریف کی کوئی مدّت مقرر نہیں بلکہ شیٔ کی قدر و قیمت کے اعتبار سے تعریف مختلف ہوگی، یعنی اتنی مدّت تک تعریف کی جائے جب تک ظنِ غالب یہ ہو کہ اس کا مالک تلاش کرتا ہوگا، اختاره شمس الأئمة السرخسي،[2] صاحبِ ہدایہ کا رُجحان بھی اسی طرف معلوم ہوتا ہے۔[3]

اس قول کی ایک دلیل یہ ہے کہ آگے اسی باب میں آرہا ہے کہ حضرت اُبَیّ بن کعب رضی اللہ عنہ کو ایک تھیلی ملی جس میں سو دینار تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں تین سال تک تعریف کرنے کا حکم دیا۔

دُوسری دلیل مصنف عبدالرزاق کی روایت ہے کہ فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ: "اذا وجدتَ لقطة فعرفها على باب المسجد ثلاثة أيام"۔[4] اور مصنف عبدالرزاق ہی کی دُوسری روایت میں ہے کہ: "ان سفيان بن عبدالله الثقفي وجد عيبة (چمڑے کا تھیلا) فيها مال عظيم فأمره عمر بن الخطاب رضي الله عنه بتعريف سنة"۔[5] معلوم ہوا کہ تعریف کی کوئی مدّت مقرر نہیں۔

---

(۱) عمدة القاري ج:۱۲ ص:۲۲۶ كتاب اللقطة، باب اذا اخبره رب اللقطة بالعلامة دفع اليه، وبذل المجهود ج:۸ ص:۲۵۴، ۲۵۵، ۲۵۸ كتاب اللقطة، بيان الاختلاف في مدة تعريف اللقطة الخ، والهداية ج:۲ ص:۶۱۴ كتاب اللقطة۔

(۲) المبسوط للسرخسيؒ ج:۱۱ ص:۳ كتاب اللقيطة۔

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: الهداية ج:۲ ص:۶۱۴، ۶۱۵ كتاب اللقطة۔

(۴) مصنف عبدالرزاق ج:۱۰ ص:۱۳۶ رقم الحديث: ۱۸۶۲۰۔

(۵) مصنف عبدالرزاق ج:۱۰ ص:۱۳۵ رقم الحديث: ۱۸۶۱۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لقطہ اگر حقیر چیز کا ہو تو اصحابِ شافعیہ کا مسلک بھی علامہ نوویؒ[۱] نے وہی ذکر کیا ہے، جس پر حنفیہ کے یہاں فتویٰ ہے۔ اور حدیثِ باب اس کے معارض نہیں، اس لئے کہ اس میں خطاب ایک خاص شخص سے ہے جس سے کوئی قاعدۂ کلیہ ثابت نہیں ہوتا، لہٰذا ہو سکتا ہے کہ وہ لُقطہ کوئی قیمتی چیز تھی اس لئے ایک سال تک تعریف کا حکم فرمایا، اور "عفاص" اور "وکاء" کا قرینہ، نیز اس باب کی پانچویں روایت میں "اللقطۃ الذھب أو الورق" کا قرینہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ وہ کوئی بڑی قیمتی چیز تھی۔

قوله: "فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا" (ص:۷۸ سطر:۵)

اس کی جزاء محذوف ہے "اي فاعطها إياه" چنانچہ مالک اگر بیّنۃ پیش کردے کہ یہ چیز میری ہے تو اس کا ردّ واجب ہوگا اور اگر بیّنۃ پیش نہ کرے اور علامتیں بتائے اور ملتقط تکذیب نہ کرے تو ردّ جائز ہے، قضاءً واجب نہیں (الهداية)۔[۲]

قوله: "وَإِلَّا فَشَأْنَكَ بِهَا" (ص:۷۸ سطر:۵)

"شأنك" منصوب ہے فعلِ مقدر سے، اي اختر شأنك بها، اور شأن سے مراد ہے قصد، اور صوابدید، یعنی اپنی صوابدید سے عمل کرو، اور اسے مرفوع بھی پڑھ سکتے ہیں اس صورت میں یہ مبتداء ہوگا اور خبر محذوف ہوگی یعنی "شأنك بها مباحٌ"۔[۳]

اس میں جمہور فقہاء کے نزدیک غنی اور فقیر کی کوئی تفصیل نہیں، مدّتِ تعریف کے بعد اگر مالک نہ ملے تو اپنے تصرف میں لانا اور اپنی ملکیت بنانا جائز ہے، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک فقیر کو تو جائز ہے، غنی کو بغیر اذنِ حاکم جائز نہیں، اُس پر لازم ہے کہ تعریف کے بعد مالک نہ ملے تو اس کا صدقہ کردے، صدقہ کرنے کے بعد اگر مالک آگیا تو اس کا ضمان دینا پڑے گا، اِلّا یہ کہ وہ مالک صدقہ پر راضی ہو جائے، اس صورت میں یہ صدقہ مالک کی طرف سے ہو جائے گا۔[۴]

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۷۸۔

(۲) الهداية ج:۲ ص:۶۱۷ كتاب اللقطة۔

(۳) حاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۱۲۴، وحاشية الحل المفهم ج:۲ ص:۲۰۷، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۸۸ كتاب الأقضية، باب القضاء في اللقطة۔

(۴) عمدة القاري ج:۱۲ ص:۲۶۷ كتاب اللقطة، باب اذا اخبره رب اللقطة الخ، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۸۸ تا ۲۹۰ كتاب الأقضية، باب القضاء في اللقطة، والهداية ج:۲ ص:۶۱۵، وبذل المجهود ج:۸ ص:۲۶۰ كتاب اللقطة، بيان الاختلاف في مدة تعريف اللقطة الخ، والمبسوط للسرخسيؒ ج:۱۱ ص:۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جمہور کا استدلال اس حدیث کے ظاہر سے ہے اور اسی باب کی آگے آنے والی ایک روایت سے بھی جو حضرت اُبیّ بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: "انی وجدت صُرّة فیها مائة دینار علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم فأتیت بها رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال: "عَرِّفْها حَولا" قال: فعرّفتُها فلم اجدْ مَنْ یعرفها، ثم اتیتُه، فقال: "عَرِّفها حَوْلًا" فَعرّفتُها، فلم اجد من یعرفها، ثم اتیتُه فقال: "عَرِّفْهَا حَوْلًا" فعرّفتُها فلم أجد من یعرفها، فقال: احفظ عددها ووعائها ووکائها، فان جاء صاحبها، والا فاستمتِع بها، فاستمتعتُ بها" (ص:۷۹ سطر:۱۵ تا ۱۷) وجہ استدلال یہ ہے کہ اُبیّ بن کعب رضی اللہ عنہ غنی اور مال دار تھے۔ اس کے باوجود ان کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لقطے کو اپنے استعمال میں لانے کی اجازت دیدی۔

حنفیہ کا استدلال نصوص کے اطلاق سے ہے (الهدایة مع فتح القدیر)[1] کقوله تعالیٰ:

۱- يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ۔[2]

۲- وقوله علیه السلام: "لا یحل مال امرء إلا بطیب نفسه۔"[3]

اور حدیثِ اوّل کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ اس واقعے میں سائل فقیر ہو، اور اگر مال دار بھی تھا تو چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حاکم تھے تو اِذنِ حاکم سے مال دار کو لینا ہمارے نزدیک بھی جائز ہے، (صرّح به فی الهدایة)۔[4]

اور اُبیّ بن کعب رضی اللہ عنہ کے واقعہ کا جواب یہ ہے کہ اس میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اِذن سے اِستمتاع ہوا، ہمارا مذہب اس کے مخالف نہیں، نیز ہم یہ بھی تسلیم نہیں کرتے کہ اُبیّ بن کعب رضی اللہ عنہ پورے عہدِ رسالت میں غنی رہے ہیں، بلکہ اس کے خلاف دلیل موجود ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ''[5] تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنا باغ تصدق کے لئے پیش کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "إجعلها فی قراباتك، قال:

(۱) فتح القدیر ج:۶ ص:۱۲۰ کتاب اللقطة۔

(۲) النساء: ۲۹۔

(۳) مشکوٰة ج:۱ ص:۲۵۵ کتاب البیوع، باب الغصب والعاریة۔

(۴) الهدایة ج:۲ ص:۶۱۸ کتاب اللقطة۔

(۵) آل عمران: ۹۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فجعلها أبو طلحة في أُبَيٍّ وحَسَّان" (رواہ مسلم فی کتاب الزکوٰۃ،[1] وذکرہ ابن الهمام فی الفتح)[2]۔

قوله: "قَالَ: فَضَالَّةُ الْإِبِلِ؟ مَا لَكَ وَلَهَا .... إلخ" (ص:۷۸ سطر:۵،۶)

اس کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ ضالّۃ الإبل کو تعریف کی غرض سے بھی پکڑنا جائز نہیں، چنانچہ آگے عبداللہ بن مسلمہ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ: "ما لك ولها دعها" (ص:۷۹ سطر:۶) وبه قال الأئمة الثلاثة، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اگر اس کے ضیاع کا اندیشہ ہو تو اس کا حکم بھی ضالّۃ الغنم کی طرح ہے، یعنی تعریف کے لئے اس کو پکڑنا بھی واجب ہے۔[3]

اور حدیثِ باب کا جواب یہ ہے کہ یہ حکم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے زمانے کے اعتبار سے دیا ہے، جب لوگوں کی خیانت کا اندیشہ مغلوب تھا، نیز اس حدیث میں آپ نے ایک مخاطب کو حکم دیا ہے، کوئی قاعدہ کلیہ بیان نہیں کیا، پھر تمام احادیث میں غور کرنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ لقطہ کے ان تمام اَحکام کا مقصد لوگوں کے اموال کی حفاظت ہے۔ خود اسی حدیث میں بھی عدمِ جواز کی علت عدمِ ضیاع کو قرار دیا گیا ہے، معلوم ہوا کہ یہ حکم معلول بعلت ہے، پس اب فسادِ زمانہ کی وجہ سے علت باقی نہ رہی اس لئے عدمِ جواز کا حکم بھی باقی نہ رہے گا۔[4]

۴۴۷۴- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ، قَالَ ابْنُ حُجْرٍ: أَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ: نَا إِسْمَاعِيلُ -وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ- عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ: "عَرِّفْهَا سَنَةً ثُمَّ اعْرِفْ وِكَاءَهَا وَعِفَاصَهَا ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا، فَإِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَأَدِّهَا إِلَيْهِ"۔ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ قَالَ: "خُذْهَا فَإِنَّمَا

(۱) الصحيح لمسلم ج:۱ ص:۳۲۳، باب فضل النفقة والصدقة على الأقربين .... الخ۔

(۲) فتح القدير ج:۶ ص:۱۲۰ كتاب اللقطة، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۶۵و۳۶۶۔

(۳) الهداية ج:۲ ص:۶۱۵ كتاب اللقطة، وبذل المجهود ج:۸ ص:۲۶۶، ۲۶۷ كتاب اللقطة، بيان الاختلاف في مدة تعريف اللقطة الخ، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۹۵، ۲۹۶ كتاب الأقضية، باب القضاء في اللقطة۔

(۴) المبسوط للسرخسيؒ ج:۱۱ ص:۱۱، وأوجز المسالك ج:۱۲ ص:۲۹۶ كتاب الأقضية، باب القضاء في اللقطة، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۶۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

هِيَ لَكَ اَوْ لِاَخِيْكَ اَوْ لِلذِّئْبِ"۔ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فَضَالَّةُ الْاِبِلِ؟ قَالَ: فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ اَوْ احْمَرَّ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: "مَا لَكَ وَلَهَا مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا۔" (ص:۷۸ سطر:۶ تا ۱۰)

قوله: "ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا، فَاِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَاَدِّهَا اِلَيْهِ" (ص:۷۸ سطر:۸)

یعنی اگر مدتِ تعریف کے بعد اس کا مالک آگیا اور تم اسے خرچ کر چکے تھے تو اس کا ضمان دے دو، اور اگر وہ لعینہٖ موجود ہے تو لعینہٖ لوٹا دو۔ حنفیہ اور شافعیہ اور جمہور کا یہی مذہب ہے، وقال داؤد لا یلزمہ۔ (نوویؒ)۔[1]

قوله: "وَجْنَتَاهُ" (ص:۷۸ سطر:۹)

بفتح الواو وضمّها وكسرها، دونوں رُخسار (نوویؒ)۔[2]

۴۴۷۶۔ "حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيْمٍ الْاَوْدِيُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ -وَهُوَ ابْنُ بِلَالٍ- عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ يَقُوْلُ: اَتٰى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيْثِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ جَعْفَرٍ غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ: فَاحْمَارَّ وَجْهُهُ وَجَبِيْنُهُ وَغَضِبَ، وَزَادَ بَعْدَ قَوْلِهِ "ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً" فَاِنْ لَمْ يَجِئْ صَاحِبُهَا كَانَتْ وَدِيْعَةً عِنْدَكَ۔" (ص:۷۹ سطر:۱ تا ۳)

قوله: "كَانَتْ وَدِيْعَةً عِنْدَكَ" (ص:۷۹ سطر:۳)

یعنی مدتِ تعریف کے بعد جب تم اسے خرچ کر چکے اور بعد میں اس کا مالک آگیا تو اس کا ضمان دینا پڑے گا، جیسے کہ ودیعت خرچ کرنے کے بعد مالک مل جائے تو اس کا ضمان واجب ہوتا ہے (الحل المفهم مع حاشیته)۔[3]

۴۴۸۱۔ "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ ←

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۷۸، وإکمال المعلم ج:۶ ص:۱۲۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۷۸۔

(۳) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۱۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَالَ: وَحَدَّثَنِي أَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ -وَاللَّفْظُ لَهٗ- قَالَ: نَا غُنْدَرٌ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ ابْنِ كُهَيْلٍ قَالَ: سَمِعْتُ سُوَيْدَ بْنَ غَفَلَةَ قَالَ: خَرَجْتُ أَنَا وَزَيْدُ بْنُ صُوْحَانَ وَسَلْمَانُ ابْنُ رَبِيْعَةَ غَازِيْنَ، فَوَجَدتُّ سَوْطًا فَأَخَذْتُهُ، فَقَالَا لِيْ: دَعْهُ، فَقُلْتُ: لَا وَلٰكِنْ أُعَرِّفُهُ فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهُ وَإِلَّا اسْتَمْتَعْتُ بِهٖ. قَالَ: فَأَبَيْتُ عَلَيْهِمَا، فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ غَزَاتِنَا قُضِيَ لِيْ أَنِّيْ حَجَجْتُ فَأَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَلَقِيْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ فَأَخْبَرْتُهُ بِشَأْنِ السَّوْطِ وَبِقَوْلِهِمَا فَقَالَ إِنِّيْ وَجَدتُّ صُرَّةً فِيْهَا مِائَةُ دِيْنَارٍ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُ بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "عَرِّفْهَا حَوْلًا"۔ قَالَ: فَعَرَّفْتُهَا فَلَمْ أَجِدْ مَنْ يَّعْرِفُهَا ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ: "عَرِّفْهَا حَوْلًا"۔ فَعَرَّفْتُهَا فَلَمْ أَجِدْ مَنْ يَّعْرِفُهَا ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ: "عَرِّفْهَا حَوْلًا"۔ فَعَرَّفْتُهَا فَلَمْ أَجِدْ مَنْ يَّعْرِفُهَا فَقَالَ: "احْفَظْ عَدَدَهَا وَوِعَائَهَا وَوِكَائَهَا فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا فَاسْتَمْتِعْ بِهَا" فَاسْتَمْتَعْتُ بِهَا۔ فَلَقِيْتُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِمَكَّةَ فَقَالَ: لَا أَدْرِيْ بِثَلَاثَةِ أَحْوَالٍ أَوْ حَوْلٍ وَاحِدٍ۔" (ص:۷۹ سطر:۱۲ تا ۱۸)

قوله: "صُرَّةً" (ص:۷۹ سطر:۱۵) تھیلی۔

قوله: "فَلَقِيْتُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِمَكَّةَ، فَقَالَ: لَا أَدْرِيْ بِثَلَاثَةِ أَحْوَالٍ أَوْ حَوْلٍ وَاحِدٍ" (ص:۷۹ سطر:۱۷،۱۸)

اس کے قائل شعبہ ہیں اور جن سے انہوں نے ملاقات کی وہ سلمة بن کُهیل ہیں، اور لا ادری ...الخ کہنے والے بھی سلمة بن کُهیل ہیں۔ (تکملة)۔

۴۴۸۴- "حَدَّثَنِيْ أَبُو الطَّاهِرِ وَيُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَا: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ لُقَطَةِ الْحَاجِّ۔" (ص:۷۹ سطر:آخر تا ص:۸۰ سطر:۱و۲)

قوله: "نَهٰى عَنْ لُقَطَةِ الْحَاجِّ" (ص:۸۰ سطر:۲)

یعنی حاجی کے لقطے کو تعریف کئے بغیر صدقہ کرنے سے اور اپنے استعمال میں لانے سے منع فرمایا، یا اُس کے التقاط سے منع فرمایا تا کہ لقطہ جہاں پڑا ہے وہیں پڑا رہے حاجی کو وہاں سے اُٹھانا آسان ہوگا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

امام شافعیؒ کا ایک قول یہ ہے کہ حاجی کا لقطہ جس کو ملے وہ عمر بھر اس کی تعریف کرتا رہے، تصدّق نہ کرے اور نہ اپنے خرچ میں لائے، امام شافعیؒ کا ایک قول جمہور کے موافق ہے (فتح القدیر)۔[1] اور جمہور فقہاء (ومنهم الحنفية) کے نزدیک حاجی اور غیرِ حاجی کے لقطہ میں کوئی فرق نہیں، اور یہاں خاص طور سے حاجی کے لقطہ کی ممانعت کا مقصود یہ بتانا ہے کہ حرم میں پائے جانے والے لقطہ کی بھی تعریف لازم ہے، تاکہ یہ وہم نہ کیا جائے کہ اس کی تعریف اس لئے لازم نہیں کہ حجاج اپنے گھروں کو جا چکے ہیں، لہٰذا تعریف کا کوئی فائدہ نہیں، (اور اسے تصدّق کر دینا چاہئے یا اپنے استعمال میں لے لینا چاہئے) کذا فی الهداية۔[2]

باب تحريم حلب الماشية بغير اذن مالكها (ص:۸۰)

۴۴۸۶- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "لَا يَحْلُبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِهٖ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تُؤْتَى مَشْرَبَتُهُ فَتُكْسَرَ خِزَانَتُهُ فَيُنْتَقَلَ طَعَامُهُ، اِنَّمَا تَخْزُنُ لَهُمْ ضُرُوْعُ مَوَاشِيْهِمْ اَطْعِمَتَهُمْ فَلَا يَحْلُبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔"

(ص:۸۰ سطر:۳ تا ۵)

قوله: "مَشْرَبَتَهٗ" (ص:۸۰ سطر:۴)

بفتح الميم، اور راء میں فتحة اور ضمّة دونوں دُرست ہیں۔ وہ کمرہ جس میں کھانے کی چیزیں اور دُوسرا سامان حفاظت کے لئے رکھا جاتا ہے (نوویؒ)۔[3] یعنی جسے ہماری زبان میں "اسٹور" کہا جاتا ہے۔

۴۴۸۷- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ جَمِيْعًا عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ: نَا اَبِيْ، كِلَاهُمَا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ح قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ اَبُو الرَّبِيْعِ وَاَبُوْ كَامِلٍ

(۱) فتح القدير ج:۶ ص:۱۲۰ كتاب اللقطة۔

(۲) الهداية ج:۲ ص:۶۱۶، ۶۱۷ كتاب اللقطة۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۸۰، وإكمال المعلم ج:۶ ص:۱۹، والديباج ج:۲ ص:۱۴۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قَالَا: نَا حَمَّادٌ ح قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيْلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ جَمِيْعًا عَنْ اَيُّوْبَ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ ح قَالَ: وَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ اَيُّوْبَ وَابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُوْسٰى كُلُّ هٰؤُلَاءِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيْثِ مَالِكٍ، غَيْرَ اَنَّ فِيْ حَدِيْثِهِمْ جَمِيْعًا "فَيُنْتَثَلَ" إِلَّا اللَّيْثَ بْنَ سَعْدٍ فَإِنَّ فِيْ حَدِيْثِهٖ "فَيُنْتَقَلَ طَعَامُهٗ" كَرِوَايَةِ مَالِكٍ۔" (ص:۸۰ سطر:۵ تا ۹)

قوله: "فَيُنْتَثَلَ" (ص:۸۰ سطر:۹)

قاف کی بجائے ثاء مثلثہ سے، یعنی پھینک دیا جائے اور بکھیر دیا جائے، (نوویؒ)۔[۱]

بابُ الضيافة ونحوها (ص:۸۰)

۴۴۸۸- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: اَنَا لَيْثٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ اَنَّهٗ قَالَ: سَمِعَتْ اُذُنَایَ وَاَبْصَرَتْ عَيْنَایَ حِيْنَ تَكَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ جَائِزَتَهٗ"۔ قَالُوْا: وَمَا جَائِزَتُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "يَوْمُهٗ وَلَيْلَتُهٗ، وَالضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ فَمَا كَانَ وَرَاءَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ عَلَيْهِ۔" وَقَالَ: "وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ۔" (ص:۸۰ سطر:۹ تا ۱۲)

قوله: "فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ جَائِزَتَهٗ" (ص:۸۰ سطر:۱۰)

"ضَيْفَ" مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے، اور "جائزتَہٗ" اُس سے بدل اشتمال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ ایک دن رات کا جائزہ قولِ مشہور کے مطابق یہ ہے کہ مہمان کے لئے پہلے دن رات کے کھانے پینے میں حتی الوسع تکلف کرے۔ اور ایک قول کے مطابق اس سے

---

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۸۰، والديباج ج:۲ ص:۲۱۴، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۱۲۷، ۱۲۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مراد یہ ہے کہ مہمان جب رخصت ہوتو اس کے ساتھ ایک دن رات کا کھانا توشے (زاد) کے طور پر کردیا جائے۔[(۱)]

۴۴۸۹- "حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: نَا وَكِيْعٌ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِیْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ[(۲)] قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَلضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَجَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَلَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ مُسْلِمٍ اَنْ يُقِيْمَ عِنْدَ اَخِيْهِ حَتّٰى يُؤْثِمَهُ"۔ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَكَيْفَ يُؤْثِمُهُ؟ قَالَ: "يُقِيْمُ عِنْدَهُ وَلَا شَيْءَ لَهُ يَقْرِيْهِ بِهٖ۔"

(ص:۸۰ سطر:۱۲، ۱۳ تا ص:۸۱ سطر:۱)

قوله: "وَلَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ مُسْلِمٍ اَنْ يُقِيْمَ عِنْدَ اَخِيْهِ حَتّٰى يُؤْثِمَهُ...الخ"

(ص:۸۰ سطر:۱۳)

یعنی حتیٰ کہ اُسے گناہ میں مبتلا کردے، کیونکہ اگر میزبان کے پاس اُسے کھلانے کے لئے کچھ نہیں ہوگا تو خطرہ ہے کہ وہ اس کی غیبت کرے گا، یا ایذاء رسانی کرے گا۔ اس علت سے معلوم ہوا کہ اگر یہ خطرہ نہ ہو، مثلاً میزبان خود اُسے مزید ٹھہرنے کو کہے تو زیادہ ٹھہرنے میں کوئی کراہت نہیں، (نوویؒ)۔[(۳)]

۴۴۹۱- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَ: اَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِی الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّهُ قَالَ: قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنَّكَ تَبْعَثُنَا فَنَنْزِلُ بِقَوْمٍ فَلَا يَقْرُوْنَنَا فَمَا تَرٰى؟ فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَاَمَرُوْا لَكُمْ بِمَا يَنْبَغِیْ لِلضَّيْفِ فَاقْبَلُوْا، فَاِنْ لَمْ يَفْعَلُوْا فَخُذُوْا مِنْهُمْ حَقَّ الضَّيْفِ الَّذِیْ يَنْبَغِیْ لَهُمْ۔" (ص:۸۱ سطر:۳ تا ۵)

(۱) إكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۴۰، ومكمل إكمال الإكمال ج:۵ ص:۴۰، ۴۱، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۱۲۸، والديباج ج:۲ ص:۱۴/۷، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۷۲ و۳۷۳۔

(۲) پچھلی روایت میں ان کے نام کے ساتھ "العدوی" آیا ہے، کیونکہ یہ خزاعی بھی ہیں، عدوی بھی اور الکعبی بھی۔ (نووی) از حضرت الاستاذ مدظلہم۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۸۰، وإكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۴۱، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۱۲۸، وتكملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۷۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قولہ: "اِنَّکَ تَبعَثُنَا" (ص:۸۱ سطر:۴)

یعنی آپ ہمیں زکوٰۃ کی وصول یابی وغیرہ کے لئے کہیں بھیجتے ہیں۔ (۱)

قولہ: "فَاِنْ لَّمْ یَفْعَلُوْا فَخُذُوْا مِنْهُمْ حَقَّ الضَّیْفِ" (ص:۸۱ سطر:۵)

اس کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ مہمان کی مہمان داری واجب ہے، حتیٰ کہ اُسے میزبان سے اپنا یہ حق زبردستی وصول کرنا بھی جائز ہے، جیسا کہ "مسئلة الظفر" کا حکم ہے، چنانچہ لیث بن سعد کا مذہب مطلقاً یہی ہے، اور امام احمدؒ کا مذہب بھی اہلِ بادیہ کے بارے میں یہی ہے، البتہ آبادی میں رہنے والوں کے بارے میں ان کا مذہب جمہور کے موافق ہے۔

جمہور فقہاء اور ائمۂ ثلاثہؒ کے نزدیک مہمان کی ضیافت واجب نہیں سنتِ مؤکدہ ہے، جمہور کی طرف سے اس حدیث کے متعدد جوابات منقول ہیں (۲):-

۱- ایک یہ کہ یہ حکم ایسے مہمانوں کے لئے ہے جو حالتِ اضطرار میں ہوں۔

۲- دُوسرا یہ کہ یہ اُس صورت میں ہے جبکہ حاجت مند مہمان کھانا خریدنا چاہتا ہے مگر طعام والا فروخت کرنے سے انکار کردے۔ تو اس کو اس سے جبراً لینے کا حق ہے، امامِ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ اس طرح کی بات بعض الحدیث میں مفسراً آئی ہے۔

۳- تیسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ حکم ابتدائے اسلام میں تھا، پھر جب مسلمانوں کو فتوحات حاصل ہوئیں تو منسوخ ہوگیا۔

۴- چوتھا جواب یہ ہے کہ یہ اُن عُمّال کے ساتھ مخصوص ہے جن کو امامِ وقت (حکومت) نے صدقات کی وصول یابی کے لئے بھیجا ہو۔ اس جواب کی دلیل اسی حدیث کے یہ الفاظ ہیں کہ: "اِنَّکَ تَبعَثُنَا ..... الخ"۔ تو جس قوم کے پاس ان کو بھیجا گیا ہو اُس پر ان کی ضیافت ان کے اُس عمل کے مقابلے میں واجب ہوگی جس کی انجام دہی کے لئے ان کو بھیجا گیا ہے۔

یہ جواب علامہ خطابی رحمہ اللہ سے منقول ہے، وہ فرماتے ہیں کہ: یہ اُس زمانے میں تھا جب

---

(۱) فتح الباری ج:۵ ص:۱۰۸، کتاب المظالم، باب قصاص المظلوم اذا وجد مال ظالمه (من اُستاذنا المکرّم مدظلہم)۔

(۲) فتح الباری ج:۵ ص:۱۰۸، ۱۰۹ کتاب المظالم، باب قصاص المظلوم اذا وجد مال ظالمه، وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مسلمانوں کا بیت المال قائم نہیں ہوا تھا، مگر اب عُمّال کے مصارف بیت المال سے اداء کئے جاتے ہیں، لہٰذا اب یہ حکم باقی نہیں رہا۔

۵- پانچواں جواب یہ دیا گیا ہے کہ حدیثِ باب کا یہ حکم اُن اہلِ ذمہ کے بارے میں ہے جن پر ان کی بستیوں سے گزرنے والے مسلمانوں کی ضیافت لازم کی گئی تھی۔

لیکن علامہ نووی اور حافظ ابنِ حجر رحمہما اللہ نے اس جواب کو یہ کہہ کر رَدّ کر دیا ہے کہ یہ میزبانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانے میں شام کے ذمی نصاریٰ پر لازم کی تھی، حافظ ابنِ حجرؒ فرماتے ہیں کہ: عہدِ رسالت میں ایسا ہونا محتاجِ دلیل ہے۔[۱]

بندۂ ناچیز عرض کرتا ہے کہ طبقاتِ ابنِ سعدؒ میں ایسی تین روایات موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض مسلم قبائل اور بعض غیر مسلم اقوام پر مسلمان مسافروں کی ضیافت لازم فرمادی تھی،[۲] ''قبیلہ اَزْد'' کی شاخ ''بارِق'' پر تین دن کی ضیافت لازم کی گئی تھی۔ طبقاتِ ابنِ سعدؒ میں ہے[۳]:-

كتب رسول الله صلى الله عليه وسلم لبارق من الازد:-

"هٰذا كتابٌ من محمد رسول الله لبارق انْ لَّا تُجَدَّ[۴] ثمارُهم وان لَّا تُرعٰى بلادهم فى مَرْبَعٍ[۵] وَلَا مَصِيفٍ[۶] اِلَّا بمسألة مِنْ بارق، وَمَنْ مَرَّ بِهِمْ مِنَ المسلمين فى عَرَكٍ[۷] او جَدْبٍ[۸] فَلَهٗ ضيافة ثلاثة أيَّام، فاذا أيْنَعَتْ ثمارُهُمْ فلابن السبيل اللّقاطُ يوسعُ بَطْنَهٗ مِنْ غير انْ يقتثِمَ۔[۹] شهد ابو عبيدة بن الجرّاح وحُذيفة بن اليمان، وكتب اُبيُّ بن كعب۔"

---

(۱) فتح البارى ج:۵ ص:۱۰۹، كتاب المظالم، باب قصاص المظلوم اذا وجد مال ظالمه۔

(۲) فتوح البلدان ص:۷۱، ۷۲۔

(۳) الطبقات الكبرىٰ لابن سعد، ذِكرُ بعثة رسول الله صلى الله عليه وسلم الرُّسُلَ بكتبه الى الملوك وللناس من العرب وغيرهم، ج:۱ ص:۲۸۶، ۲۸۷۔ ا،ف،ع

(۴) "تُجَدَّ" از باب نصر بمعنیٰ کاٹنا۔ (۵) "مَرْبَع" موسمِ بہار گزارنے کی جگہ۔

(۶) "مَصِيف" موسمِ گرما گزارنے کی جگہ۔ (۷) "عَرَك" جنگ۔

(۸) "جَدْب" خشک سالی۔ (۹) "يقتثِمَ" از باب افتعال بمعنیٰ بالکل جڑ سے نکال دینا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اور اہلِ نجران جو ذمّی تھے، اُن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن شرائط پر صلح کی تھی اُن میں ایک یہ بھی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جو سفیر اُن کے یہاں پہنچیں یہ اُن کے بیس روز تک وہاں قیام کا انتظام کریں گے۔ طبقاتِ ابنِ سعد[1] میں ہے کہ:-

وكتب رسول الله صلى الله عليه وسلم لأهل نَجْران:-

"هذا كتابٌ من محمد النبي رسول الله لأهل نجران انه كان له حكمه في كل ثمرةٍ (إلى قوله عليه الصلوة والسلام) فأفضل عليهم وتَرَكَ ذلك كلّه على الفي حُلّةٍ (إلى قوله عليه الصلوة والسلام) وعلى نجران مَثْواةُ[2] رُسُلِيْ عِشْرِيْنَ يومًا فدُونَ ذلك (إلى) وشهد أبو سفيان بن حرب، وغيلان بن عمرو، ومالك بن عوف النصري، والأقرع بن حابس، والمستوردُ بن عمرو، وأخو بَلِيّ، والمغيرة بن شعبة، وعامر مولى أبي بكر۔"[3]

بلکہ وائل بن حجر رضی اللہ عنہ اپنے وطن واپس جانے لگے تو ان کی درخواست پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو گرامی نامہ اُن کی قوم کے نام لکھوا کر دیا اُن میں نماز اور زکوٰۃ وغیرہ کے اَحکام کے ساتھ یہ بھی تحریر تھا کہ: "وعليهم الْعَوْنُ لسرايا المسلمين وعلى كلِّ عشرة ما تحمل العراب"۔

ظاہر ہے کہ مسلم فوجی دستوں کی مدد (الْعَوْن) میں ضیافت یعنی ان کے کھانے پینے کا انتظام بھی بدرجۂ اَوْلیٰ داخل تھا۔

اگر طبقاتِ ابنِ سعدؒ کی یہ روایات قابلِ اعتماد سند سے ثابت ہو جائیں تو صحیح مسلم کی زیرِ بحث حدیث کے جو پانچ جوابات جمہور فقہاء کی طرف سے پیچھے نقل کئے گئے ہیں اُن میں سے آخری دو

---

(۱) الطبقات الكبرىٰ لابن سعد، ذِكرُ بعثة رسول الله صلى الله عليه وسلم الرُّسُلَ بكتبهٖ الى الملوك ولناس من العرب وغيرهم، ج:۱ ص:۲۸۷، ۲۸۸۔ (من أُستاذنا المكرّم مدظلهم)

(۲) "مثواة" بمعنیٰ میزبانی۔

(۳) اس واقعہ کی مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: طبقات ابن سعد، ذكر وفادات العرب على رسول الله صلى الله عليه وسلم، وفد نجران ج:۱ ص:۳۵۷، ۳۵۸ (من الأُستاذ مدظلّهم)، وتاريخ اليعقوبي ج:۲ ص:۸۲، ۸۳، وفتوح البلدان ص:۷۵، صلح نجران، (از محشی)۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

جوابات دلیل سے ثابت ہو جائیں گے، واللہ اعلم۔

بابُ إستحباب المُواساةِ بفُضول المال (ص:۸۱)

۴۴۹۲- "حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ قَالَ: نَا اَبُو الْاَشْهَبِ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ فِيْ سَفَرٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ عَلٰى رَاحِلَةٍ لَّهُ، قَالَ: فَجَعَلَ يَصْرِفُ بَصَرَهُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ كَانَ مَعَهُ فَضْلُ ظَهْرٍ فَلْيَعُدْ بِهٖ عَلٰى مَنْ لَا ظَهْرَ لَهُ، وَمَنْ كَانَ لَهُ فَضْلٌ مِنْ زَادٍ فَلْيَعُدْ بِهٖ عَلٰى مَنْ لَا زَادَ لَهُ"۔ قَالَ: فَذَكَرَ مِنْ اَصْنَافِ الْمَالِ مَا ذَكَرَ حَتّٰى رَاَيْنَا اَنَّهُ لَا حَقَّ لِاَحَدٍ مِنَّا فِيْ فَضْلٍ۔" (ص:۸۱ سطر:۵ تا ۷)

قوله: "فَجَعَلَ يَصْرِفُ بَصَرَهُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا" (ص:۸۱ سطر:۶)

اس نے یہ عمل یا تو اس لئے کیا کہ ضرورت مند تھا، اور سوال کئے بغیر چاہتا تھا کہ اُس کی مدد کردی جائے۔ (قاله النووی[1])، یا اس لئے کیا کہ اُس کی ناقہ چلنے کے قابل نہیں رہی تھی، چاہتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ناقہ کی یہ حالت دیکھ کر اُسے دُوسری ناقہ عطاء فرمادیں۔ اس کی تائید ابوداؤد[2] کی روایت سے ہوتی ہے جس میں ہے کہ: "فجعل يَصْرِفها" ای الناقة، (كذا في بذل المجهود[3])۔

قوله: "فَلْيَعُدْ به على مَنْ لَا ظَهْرَ له .... إلخ" (ص:۸۱ سطر:۷)

یہاں عود سے مراد رُجوع بالإحسان ہے، یعنی جس کے پاس سواری فاضل ہے اسے چاہئے کہ وہ اس کے ذریعہ اُس شخص پر احسان کرے جس کے پاس سواری نہیں یعنی اُسے دیدے۔

بابُ إستحباب خَلْط الْاَزْوَاد إذا قَلَّتْ، والمُوَاساةُ فيها (ص:۸۱)

۴۴۹۳- "حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا النَّضْرُ يَعْنِيْ ابْنَ

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج:۲ ص:۸۱۔

(۲) سنن ابی داؤد ج:۱ ص:۲۳۴، کتاب الزکوٰۃ باب حقوق المال۔

(۳) بذل المجهود، کتاب الزکاۃ، باب حقوق المال ج:۸ ص:۲۰۷، تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۲۷۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ -وَهُوَ ابْنُ عَمَّارٍ- قَالَ: نَا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةٍ فَأَصَابَنَا جَهْدٌ حَتّٰى هَمَمْنَا أَنْ نَنْحَرَ بَعْضَ ظَهْرِنَا فَأَمَرَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَمَعْنَا تَزَوَادَنَا فَبَسَطْنَا لَهٗ نِطَعًا فَاجْتَمَعَ زَادُ الْقَوْمِ عَلَى النِّطَعِ۔ قَالَ: فَتَطَاوَلْتُ لِأَحْزُرَهٗ كَمْ هُوَ؟ فَحَزَرْتُهٗ كَرَبْضَةِ الْعَنْزِ، وَنَحْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً۔ قَالَ: فَأَكَلْنَا حَتّٰى شَبِعْنَا جَمِيْعًا ثُمَّ حَشَوْنَا جُرُبَنَا فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "فَهَلْ مِنْ وَضُوْءٍ؟" قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ بِإِدَاوَةٍ لَهٗ فِيْهَا نُطْفَةٌ فَأَفْرَغَهَا فِيْ قَدَحٍ فَتَوَضَّأْنَا كُلُّنَا نُدَغْفِقُهٗ دَغْفَقَةً أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً۔ قَالَ: ثُمَّ جَاءَ بَعْدَ ثَمَانِيَةٌ فَقَالُوْا: هَلْ مِنْ طَهُوْرٍ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "فَرِغَ الْوَضُوْءُ۔" (ص:۸۱ سطر:۷ تا ۱۲)

قولہ: "جَهْدٌ" (ص:۸۱ سطر:۹)

یعنی مشقت، یہاں جیم پر فتحہ ہے (نوویؒ)[۱]۔ اور جب جیم پر ضمہ ہو تو اُس کے معنی ہوتے ہیں: کوشش۔[۲]

قولہ: "فَتَطَاوَلْتُ" (ص:۸۱ سطر:۹) یعنی میں اُونچا ہوا۔[۳]

قولہ: "لِأَحْزُرَهٗ" (ص:۸۱ سطر:۹)

حاء کے بعد زاء معجمۃ ہے، اُس کے بعد راء مھملۃ، یعنی تاکہ اندازہ کروں۔[۴]

قولہ: "كَرَبْضَةِ الْعَنْزِ" (ص:۸۱ سطر:۱۰)

ربضــــة کی راء پر فتحہ بھی پڑھا گیا ہے، کسرہ بھی منقول ہے، یعنی بکرے کے بیٹھنے کے

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۱۔

(۲) مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: النهاية لابن الأثيرؒ ج:۱ ص:۳۲۰، ومجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۴۱۰ تا ۴۱۲۔

(۳) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۷۶، وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۱۲۹۔

(۴) مجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۴۸۷، ۴۸۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

مساوی، مطلب یہ ہے کہ اس سارے جمع شدہ کھانے نے صرف اتنی جگہ لی تھی جتنی ایک بکرا اپنے بیٹھنے میں لیتا ہے۔[1]

قولہ: "حَشَوْنَا" (ص:۸۱ سطر:۱۰)

یعنی ہم نے بھر لئے، اور "جُرُبَنَا" (ص:۸۱ سطر:۱۰) بضم الجیم والراء، جِراب بکسر الجیم کی جمع ہے، چمڑے کے تھیلے۔[2]

قولہ: "نُطْفَةٌ" (ص:۸۱ سطر:۱۱)

تھوڑا سا پانی،[3] اور "فَأَفْرَغَهَا" کے معنی ہیں اُسے خالی کر دیا، یعنی اُنڈیل دیا، اور "دَغْفَقَةٌ" (ص:۸۱ سطر:۱۱) کے معنی ہیں تیزی سے بہانا، زیادہ بہانا۔[4]

قولہ: "ثَمَانِيَةٌ" (ص:۸۱ سطر:۱۱) أی ثمانیةُ أشخاص۔

قولہ: "فَرَغَ الْوَضُوءُ" (ص:۸۱ سطر:۱۱)

یعنی وضوء کا پانی ختم ہوگیا، فَرِغَ باب فتح ونصر و سَمِعَ سے فَرَاغًا بمعنی خالی ہوجانا، اور جب باب سمع سے ہو تو بہہ جانا، یہاں مراد ہے ختم ہوجانا،[5] اور "الوَضوء" بفتح الواؤ، وضو کا پانی۔[6]

قال النووی رحمہ اللہ: "وفی هٰذا الحدیث إستحبابُ المواساة فی الزاد وجمعه

---

(۱) النهایة لابن الأثیرؒ ج:۲ ص:۱۸۴، وتکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۷۶، وحاشیة صحیح مسلم للذهنیؒ ج:۲ ص:۱۲۹۔

(۲) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۱، ومجمع بحار الأنوار ج:۱ ص:۳۳۸۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۱، ومجمع بحار الأنوار ج:۴ ص:۷۴۶، والنهایة لابن الأثیرؒ ج:۵ ص:۷۵، وإکمال المعلم ج:۶ ص:۲۶، ۲۷۔

(۴) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۱، وإکمال المعلم ج:۶ ص:۲۷، وإکمال إکمال المعلم مع مکمل إکمال الإکمال ج:۵ ص:۳۳۔

(۵) لسان العرب ج:۸ ص:۴۴۴ و ص:۴۴۶۔ رفیع

(۶) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۱، وإکمال إکمال المعلم ج:۵ ص:۳۳، ولسان العرب ج:۱۵ ص:۳۲۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عنـد قـلتـه، وجـاز أكـل بـعضهم مع بعض في هٰذهِ الحالة، وليس هٰذا من الربا في شيء وانـمـا هـو مـن نـحـو الإباحـة، وكل واحد مبيح لرفقته الأكل من طعامه، وسواء تحقق الإنسان انه أكـل أكثـر مـن حـصتـه او دونها او مثلها فلا بأس بهٰذا، لٰكن يستحب لـهُ الإيثار والتقلُّل لا سيما إن كان في الطعام قلة"۔[۱]

علامہ نووی رحمہ اللہ کے اس ارشاد کی روشنی میں آج کل کے بعض مالی معاملات کا شرعی حکم دریافت کرنے میں مدد مل سکتی ہے، مثلاً اس پر غور کیا جاسکتا ہے کہ موجودہ زمانے میں متعدّد مغربی ممالک اور جنوبی افریقہ میں ''میڈیکل انشورنس'' کا جو طریقہ رائج ہے، کیا اُس کے جواز کی کوئی صورت اس حدیث کی روشنی میں بن سکتی ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کن اصلاحات کے ساتھ وہ شرعاً جائز ہوسکتی ہے؟

❋❋❋

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۱۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

كتاب الجهاد والسِّيَر (ص:۸۱)

بابُ تأمير الامام الأمراء .... إلخ (ص:۸۲)

۴۴۹۷- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ قَالَ: نَا وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ سُفْيَانَ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ: اَنَا سُفْيَانُ قَالَ: اَمْلَاهُ عَلَيْنَا إِمْلَاءً ح قَالَا: حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ هَاشِمٍ -وَاللَّفْظُ لَهٗ- قَالَ: ثَنِیْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ -يَعْنِی ابْنَ مَهْدِیٍّ- قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اَمَّرَ اَمِيْرًا عَلٰى جَيْشٍ اَوْ سَرِيَّةٍ اَوْصَاهُ فِیْ خَاصَّتِهٖ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَمَنْ مَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ: "اغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، اغْزُوْا فَلَا تَغُلُّوْا وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تَمْثُلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا، وَإِذَا لَقِيْتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ إِلٰى ثَلَاثِ خِصَالٍ اَوْ خِلَالٍ فَاَيَّتُهُنَّ مَا اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ فَإِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ إِلٰى دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ إِنْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِيْنَ، فَإِنْ اَبَوْا اَنْ يَتَحَوَّلُوْا مِنْهَا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ يَكُوْنُوْنَ كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ يَجْرِیْ عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِیْ يَجْرِیْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَكُوْنُ لَهُمْ فِی الْغَنِيْمَةِ وَالْفَیْءِ شَیْءٌ إِلَّا اَنْ يُجَاهِدُوْا مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَإِنْ هُمْ اَبَوْا فَسَلْهُمُ الْجِزْيَةَ فَإِنْ هُمْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ، فَإِنْ هُمْ اَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ، وَإِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَلَا ذِمَّةَ نَبِيِّهٖ وَلٰكِنِ اجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَّةَ اَصْحَابِكَ فَإِنَّكُمْ اَنْ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تُخْفِرُوْا ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ أَصْحَابِكُمْ أَهْوَنُ مِنْ أَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ، وَإِذَا حَاصَرْتَ أَهْلَ حِصْنٍ فَأَرَادُوْكَ أَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ أَنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِكَ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِيْ أَتُصِيْبُ حُكْمَ اللّٰهِ فِيْهِمْ أَمْ لَا"۔

قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ هٰذَا أَوْ نَحْوَهُ۔ وَزَادَ إِسْحَاقُ فِيْ اٰخِرِ حَدِيْثِهٖ "عَنْ يَحْيَى ابْنِ آدَمَ" قَالَ: فَذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ لِمُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ يَحْيٰى يَعْنِيْ أَنَّ عَلْقَمَةَ يَقُوْلُهُ لِابْنِ حَيَّانَ فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ مُسْلِمُ بْنُ هَيْصَمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ۔" (ص:۸۲ سطر:۱۲تا۱۴)

قوله: "ح قَالَا: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَاشِمٍ" (ص:۸۲ سطر:۱۱)

یہاں لفظ "قالا" کتابت کی غلطی ہے، میں نے دمشق، بیروت، مصر، قطر اور ریاض کے کل ۱۲ نسخوں کی مراجعت کی ان میں سے کسی میں یہ لفظ نہیں، سب میں یہ عبارت اس طرح ہے: "ح وحدثني عبدالله بن هاشم" لفظ "قالا" کسی نسخے میں نہیں، لہٰذا اس لفظ کو حذف کرنا اس لئے بھی ضروری ہے کہ یہاں اس کے کوئی معنیٰ نہیں بنتے، البتہ صحیح مسلم کے جو نسخے پاکستان (کراچی و راولپنڈی) کے چھپے ہوئے ہمارے مدارس میں رائج ہیں ان میں یہ لفظ غلطی سے چھپ گیا ہے۔ رفیع

قوله: "وَزَادَ إِسْحَاقُ فِيْ اٰخِرِ حَدِيْثِهٖ عَنْ يَحْيَى بْنِ آدَمَ قَالَ ..... إلخ۔"

(ص:۸۲ سطر:۱۱)

یعنی علقمہ کہتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث مقاتل بن حیان سے ذکر کی، چنانچہ اگلے جملے میں یحییٰ نے صراحت کردی ہے کہ مقاتل سے اس حدیث کا ذکر کرنے والے علقمہ ہیں، یعنی "قال" کی ضمیر فاعل علقمہ کی طرف راجع ہے، (الحل المفهم)۔[1]

بابُ الأنفال (ص:۸۵)

۴۵۳۲- "حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنّٰى- قَالَا: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: نَزَلَتْ فِيَّ أَرْبَعُ آيَاتٍ أَصَبْتُ سَيْفًا فَأَتٰى بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۱۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! نَفِّلْنِيْهِ، فَقَالَ: "ضَعْهُ"۔ ثُمَّ قَامَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! نَفِّلْنِيْهِ، فَقَالَ: "ضَعْهُ" ثُمَّ قَامَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! نَفِّلْنِيْهِ أَأُجْعَلُ كَمَنْ لَا غَنَاءَ لَهُ؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "ضَعْهُ مِنْ حَيْثُ أَخَذْتَهُ"۔ قَالَ: فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ "يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ ۖ قُلِ الْأَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ۚ"۔ (ص:۸۵ سطر:۱۶ تا ۱۸ تا ص:۸۶ سطر:۱)

"نَفَل" کے دو معنی آتے ہیں، ایک مالِ غنیمت اور دُوسرے مجاہدین کا خصوصی اِنعام جو حصۂ غنیمت کے علاوہ ہو۔ دُوسرے معنی اصلی ہیں اور پہلے معنی میں کم استعمال ہے، مگر سورۂ انفال کی پہلی آیت میں یہ اکثر مفسرین کے نزدیک مطلق غنیمت کے معنی میں استعمال ہوا ہے (تفسیر معارف القرآن(۱)، نیز صحیح بخاری میں بھی یہ معنی حضرت ابنِ عباسؓ سے منقول ہیں)۔(۲)

فقہائے کرام کا اس پر اتفاق ہے کہ امام کو تنفیل کا اختیار ہے، یعنی غنیمت میں جتنا حصہ ہر مجاہد کا ہے اس سے زائد کسی کو بطور نفل یعنی اِنعام کے طور پر دینا جائز ہے۔ پھر حنفیہ کے ہاں اس کی تفصیل یہ ہے کہ غنیمت کے إحراز بدار الإسلام سے پہلے تو مجموعۂ غنیمت میں سے نفل دے سکتا ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ ساری غنیمت بطور نفل کے نہ دیدے، کیونکہ ایسا کرنے سے باقی مجاہدین محروم رہ جائیں گے، اور إحراز بدار الإسلام کے بعد چونکہ حقِ غانمین متأکّد ہوجاتا ہے اس لئے اربعۃ اخماس میں سے نفل دینا جائز نہیں، باقی خُمس سے دینا جائز ہے (کذا فی الھدایۃ)۔(۳)

قوله: "كَمَنْ لَا غَنَاءَ لَهُ؟" (ص:۸۶ سطر:۱)

أی کمن لا کفایة له۔ (الحل المفهم)۔(۴)

بابُ إستحقاق القاتل سَلَب القتيل (ص:۸۶)

۴۵۴۳- "حَدَّثَنَا أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ -وَاللَّفْظُ لَهُ- قَالَ: أَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ

---

(۱) معارف القرآن ج:۴ ص:۱۷۴، وروح المعانی ج:۹ ص:۱۶۰۔

(۲) صحیح البخاری ج:۲ ص:۶۲۹، کتاب التفسیر۔

(۳) الهداية ج:۲ ص:۵۷۸، ۵۷۹ کتاب السیر، فصل فی التنفیل وردّ المحتار ج:۴ ص:۱۵۲ کتاب الجهاد، مطلب فی التنفیل والاختیار، الجزء الرابع ص:۱۳۲۔

(۴) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۱۷ وإكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۲۰ وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَهْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ اَبِيْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰى اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ، قَالَ: فَرَاَيْتُ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاسْتَدَرْتُ اِلَيْهِ حَتّٰى اَتَيْتُهُ مِنْ وَّرَائِهٖ فَضَرَبْتُهُ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهٖ وَاَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَجَدتُّ مِنْهَا رِيْحَ الْمَوْتِ ثُمَّ اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَاَرْسَلَنِيْ فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ: مَا لِلنَّاسِ؟ فَقُلْتُ: اَمْرُ اللّٰهِ۔ ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ رَجَعُوْا وَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهُ سَلَبُهُ۔ قَالَ: فَقُمْتُ فَقُلْتُ: مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ؟ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ، قَالَ: فَقُمْتُ فَقُلْتُ: مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ؟ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ الثَّالِثَةَ فَقُمْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ؟ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ۔ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: صَدَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! سَلَبُ ذٰلِكَ الْقَتِيْلِ عِنْدِيْ، فَاَرْضِهٖ مِنْ حَقِّهٖ۔ وَقَالَ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ: لَا هَا اللّٰهِ اِذًا لَا يَعْمِدُ اِلٰى اَسَدٍ مِنْ اُسُدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَعَنْ رَسُوْلِهٖ فَيُعْطِيْكَ سَلَبَهُ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "صَدَقَ فَاَعْطِهٖ اِيَّاهُ"۔ فَاَعْطَانِيْ قَالَ: فَبِعْتُ الدِّرْعَ فَابْتَعْتُ بِهٖ مَخْرَفًا فِيْ بَنِيْ سَلِمَةَ فَاِنَّهُ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُهُ فِي الْاِسْلَامِ۔ وَفِيْ حَدِيْثِ اللَّيْثِ: كَلَّا لَا يُعْطِهٖ، اُضَيْبِعَ مِنْ قُرَيْشٍ وَيَدَعُ اَسَدًا مِنْ اُسُدِ اللّٰهِ۔" (ص:۸٦ سطر:۱۷تا۱۹ تا ص:۸۷ سطر:۱تا۲)

قوله: "مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهُ سَلَبُهُ" (ص:۸۷ سطر:۲)

جمہور فقہاء کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد پوری اُمت کے لئے حکم تشریعی ہے، چنانچہ امیرِ لشکر اس کا اعلان کرے یا نہ کرے، بہر صورت قاتل مقتول کے سَلَب کا مستحق ہوتا ہے، بشرطیکہ وہ بیّنۃ سے اپنا قاتل ہونا ثابت کردے۔

حنفیہ کا مذہب اور امام مالکؒ کا ایک قول یہ ہے کہ اگر امام اعلان کرے، تب تو قاتل سَلَب کا مستحق ہوگا ورنہ نہیں۔

اور حدیثِ باب کا جواب یہ ہے کہ یہ حکم تشریعی نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بحیثیت امیر الجیش کے یہ اعلانِ خاص ان لوگوں کے لئے فرمایا تھا جو اس غزوہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کے ساتھ شریک تھے، اس کے علاوہ جس غزوہ میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اعلان فرمایا اس میں بھی خطاب صرف موجودین سے تھا، اس کو اصطلاحی الفاظ میں اس طرح تعبیر کیا جاتا ہے کہ کلمہ "مَنْ" میں اگرچہ عموم ہے لیکن مراد اس سے خصوص ہے۔ (۱)

ہمارے دلائل مندرجہ ذیل ہیں:-

۱- اگلی حدیث میں قتلِ ابی جہل کا واقعہ آرہا ہے، اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مُعاذ بن عمرو اور مُعَوِّذ بن عفراء دونوں سے فرمایا: "کِلاکُما قتله" (ص:۸۸ سطر:۲) جس سے معلوم ہوا کہ قاتل یہ دونوں تھے، مگر اسی حدیث میں یہ صراحت ہے کہ: "فقضیٰ بسلبه لمعاذ بن عمرو" (ص:۸۸ سطر:۲) اور مُعوّذ بن عفراء کو قاتل ہونے کے باوجود نہیں دیا، معلوم ہوا کہ قاتل اِذنِ امام کے بغیر سلب کا مستحق نہیں ہوتا۔ (۲)

۲- اسی باب کی تیسری حدیث میں عوف بن مالک اور خالد بن الولید کا واقعہ آرہا ہے، اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قاتل کو سلب دیئے جانے کے بارے میں فرمایا: "لا تعطه یا خالد" (ص:۸۸ سطر:٦) یہ حدیث عدمِ وجوب میں اور زیادہ صریح ہے۔

علامہ نووی رحمہ اللہ نے اس حدیث کا ایک جواب یہ دیا ہے کہ سَلَب دینے سے منع کرنا زجر اور تعزیر کے طور پر تھا، اس سے سلب کا وجوب عام حالات میں منفی نہیں ہوتا۔ (۳) لیکن ہم یہ جواب دیتے ہیں کہ گستاخی تو عوف بن مالک سے ہوئی تھی اور سلب سے محروم کیا گیا رجل من الحمیر کو، یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ خطا تو عوف سے ہو اور سزا اس شخص کو مل جائے جس نے کوئی گستاخی نہیں کی؟ (۴)

---

(۱) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۷ وإکمال المعلم ج:٦ ص:۲۰ تا ۲۲ وتکملة فتح الملهم ج:۳ ص:۲۱، ۲۲ وشرح معانی الآثار ج:۲ ص:۱۲۴، ۱۲۵ کتاب السیر، باب الرجل یقتل قتیلا الخ، وعمدة القاری ج:۱۵ ص:٦۹ کتاب الخمس، باب من لم یخمس الأسلاب۔

(۲) شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۱۲۵ کتاب السیر، باب الرجل یقتل قتیلا الخ وإکمال المعلم ج:٦ ص:٦٦ وتکملة فتح الملهم ج:۳ ص:۳۷و۳۸ وعمدة القاری ج:۱۵ ص:٦۸ کتاب الخمس، باب من لم یخمس الأسلاب وفتح القدیر ج:۵ ص:۵۰۳ کتاب السیر، باب الغنائم وقسمتها۔

(۳) شرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۸۸۔

(۴) فتح القدیر ج:۵ ص:۵۰۴ کتاب السیر، باب الغنائم وقسمتها۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۳- قوله تعالیٰ: ''وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ وَلِلرَّسُوْلِ''[۱] وقوله تعالیٰ: ''فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا''[۲] اس سے معلوم ہوا کہ اربعة اخماس غانمین کا حق ہے، اگر غنیمت میں سے سلب کو مستثنیٰ کر کے صرف قاتل کے لئے خاص کیا جائے تو زیادة علی کتاب اللہ لازم آتی ہے۔[۳]

اگر حنفیہ پر اعتراض کیا جائے کہ زیادة علی کتاب اللہ تو تمہارے مذہب پر بھی لازم آتی ہے، کیونکہ اِذنِ امام سے تم بھی سلب دیئے جانے کے قائل ہو۔

تو جواب یہ ہے کہ جو زیادة علی کتاب اللہ ہمارے مذہب پر لازم آتی ہے وہ بالدلیل القطعی ہے نہ کہ بالظنی، کیونکہ اتنی بات کہ ''مقتول کا سلب قاتل کو دِلایا جانا مشروع ہے'' احادیثِ مشہورہ سے ثابت ہے، جن کے ذریعہ زیادة علی الکتاب جائز ہے، مگر یہ بات کہ یہ سلب دِلایا جانا بطور وجوب ہے یا بطور تنفیل، دلیلِ قطعی سے ثابت نہیں ہے بلکہ ظنی سے ہے، کیونکہ احادیث دونوں معنی کو محتمل ہیں، نیز دیگر احادیث معنیٔ وجوب سے معارض بھی ہیں جو اُوپر بیان کی گئیں، اسی لئے اُمت میں یہ مسئلہ مختلف فیہ رہا، اگر قطعی ہوتا تو اختلاف نہ ہوتا۔

۴۵۴۷- "حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ سَلَمَةُ بْنُ الْاَكْوَعِ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ فَبَيْنَا نَحْنُ نَتَضَحّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلٰى جَمَلٍ اَحْمَرَ فَاَنَاخَهٗ ثُمَّ انْتَزَعَ طَلَقًا مِنْ حَقَبِهٖ فَقَيَّدَ بِهِ الْجَمَلَ ثُمَّ تَقَدَّمَ يَتَغَدّٰى مَعَ الْقَوْمِ وَجَعَلَ يَنْظُرُ وَفِيْنَا ضَعْفَةٌ وَرِقَّةٌ فِي الظَّهْرِ وَبَعْضُنَا مُشَاةٌ، إِذْ خَرَجَ يَشْتَدُّ فَاَتٰى جَمَلَهٗ فَاَطْلَقَ قَيْدَهٗ ثُمَّ اَنَاخَهٗ فَقَعَدَ عَلَيْهِ فَاَثَارَهٗ فَاشْتَدَّ بِهِ الْجَمَلُ فَاتَّبَعَهٗ رَجُلٌ عَلٰى نَاقَةٍ وَرْقَاءَ قَالَ سَلَمَةُ: وَخَرَجْتُ اَشْتَدُّ فَكُنْتُ عِنْدَ وَرِكِ النَّاقَةِ، ثُمَّ تَقَدَّمْتُ حَتّٰى كُنْتُ عِنْدَ وَرِكِ الْجَمَلِ، ثُمَّ تَقَدَّمْتُ حَتّٰى اَخَذْتُ بِخِطَامِ الْجَمَلِ فَاَنَخْتُهٗ. فَلَمَّا وَضَعَ رُكْبَتَهٗ فِي الْاَرْضِ اخْتَرَطْتُ سَيْفِيْ فَضَرَبْتُ رَاْسَ الرَّجُلِ فَنَدَرَ، ثُمَّ جِئْتُ بِالْجَمَلِ اَقُوْدُهٗ عَلَيْهِ رَحْلُهٗ وَسِلَاحُهٗ فَاسْتَقْبَلَنِيْ

(۱) الأنفال: ۴۱۔ (۲) الأنفال: ۶۹۔

(۳) تکملة فتح الملهم ج:۲ ص:۳۸و۳۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ مَعَهُ، فَقَالَ: "مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ؟" قَالُوا: ابْنُ الْأَكْوَعِ قَالَ: لَهُ سَلَبُهُ أَجْمَعُ۔" (ص:۸۸ سطر:۱۰ تا ص:۸۹ سطر:۲)

قوله: "وَرِقَّةٌ فِي الظَّهْرِ" (ص:۸۸ سطر:۱۲)

بکسر الراء وتشدید القاف، أي قلة المراكب، كذا في بذل المجهود۔(۱)

باب التنفيل وفداء المسلمين بالأسارىٰ (ص:۸۹)

۴۵۴۸- "حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ ابْنُ عَمَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ قَالَ: غَزَوْنَا فَزَارَةَ وَعَلَيْنَا أَبُوْبَكْرٍ أَمَّرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا، فَلَمَّا كَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمَاءِ سَاعَةٌ أَمَرَنَا أَبُوْبَكْرٍ فَعَرَّسْنَا ثُمَّ شَنَّ الْغَارَةَ فَوَرَدَ الْمَاءَ فَقَتَلَ مَنْ قَتَلَ عَلَيْهِ وَسَبَى وَأَنْظُرُ إِلَى عُنُقٍ مِنَ النَّاسِ فِيْهِمُ الذَّرَارِيُّ فَخَشِيْتُ أَنْ يَسْبِقُوْنِيْ إِلَى الْجَبَلِ فَرَمَيْتُ بِسَهْمٍ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْجَبَلِ فَلَمَّا رَأَوُا السَّهْمَ وَقَفُوْا فَجِئْتُ بِهِمْ أَسُوْقُهُمْ وَفِيْهِمُ امْرَأَةٌ مِنْ بَنِيْ فَزَارَةَ عَلَيْهَا قَشْعٌ مِنْ أَدَمٍ -قَالَ: الْقَشْعُ النِّطَعُ- مَعَهَا ابْنَةٌ لَهَا مِنْ أَحْسَنِ الْعَرَبِ فَسُقْتُهُمْ حَتّٰى أَتَيْتُ بِهِمْ أَبَابَكْرٍ فَنَفَّلَنِيْ أَبُوْبَكْرٍ ابْنَتَهَا، فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا فَلَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّوْقِ فَقَالَ: "يَا سَلَمَةُ! هَبْ لِيَ الْمَرْأَةَ" فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ لَقَدْ أَعْجَبَتْنِيْ وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا۔ ثُمَّ لَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَدِ فِي السُّوْقِ فَقَالَ لِيْ: "يَا سَلَمَةُ! هَبْ لِيَ الْمَرْأَةَ لِلّٰهِ أَبُوْكَ" فَقُلْتُ: هِيَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فَوَاللّٰهِ مَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا۔ فَبَعَثَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ فَفَدَى بِهَا نَاسًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ كَانُوْا أُسِرُوْا بِمَكَّةَ۔" (ص:۸۹ سطر:۲تا۹)

قوله: "فَفَدَى بِهَا نَاسًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ كَانُوْا أُسِرُوْا بِمَكَّةَ" (ص:۸۹ سطر:۹)

ائمۂ ثلاثہؒ کے نزدیک کفار کے جنگی قیدیوں کو فدیہ لے کر چھوڑ دینا جائز ہے، فدیہ خواہ

(۱) بذل المجهود ج:۱۲ ص:۱۷۷، كتاب الجهاد باب الجاسوس المستأمن وحاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۱۴۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بالمال ہو یا ان مسلمان قیدیوں کے بدلے میں ہو جو کفار کے قبضے میں ہیں۔

ان حضرات کا استدلال اُساریٰ بدر کے واقعے اور حدیثِ باب سے ہے کہ اُساریٰ بدر کو مال لے کر چھوڑا گیا، اور حدیثِ باب کے واقعے میں اس عورت کو مسلمان قیدیوں کے مقابلے میں چھوڑا گیا۔

صاحبینؒ کے نزدیک فدیة بالمال تو جائز نہیں البتہ فدیة بالأساری المسلمین جائز ہے، (وهو رواية عن أبي حنيفة، كذا في فتح القدير)[۱]، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک نہ فدية بالمال جائز ہے، نہ بالأساری المسلمين، أي في المشهور من المذهب۔[۲][۳]

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی طرف سے (أي على رواية غير السير الكبير) ان تمام روایات کا جن سے جمہور نے استدلال کیا ہے جواب یہ ہے کہ یہ سب منسوخ ہیں "بآية السيف"۔ وهي قوله تعالىٰ في سورة البراءة: ''فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ''[۴] وهذه آخر آية نزلت في حكم هذه المسئلة۔[۵]

باب حكم الفيىء (ص:۸۹)

۴۵۵۵- "حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: نَا حُجَيْنٌ قَالَ: نَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ

(۱) وقال ابن الهمام: وهذه رواية السير الكبير، قيل وهو أظهر الروايتين عن أبي حنيفة رحمه الله۔ (فتح القدير ج:۵ ص:۴۶۰، ۴۶۱ كتاب السير، باب الغنائم وقسمتها) (من الأُستاذ حفظهم الله)۔

(۲) كذا في الهداية (ج:۴ ص:۳۰۷) مع الفتح لكن قال ابن الهمامؒ في آخر البحث: وفي السير الكبير، أنه لا بأس به اذا كان بالمسلمين حاجة، استدلالا بأساری بدر، ومقتضى صنيع صاحب الهداية، أنّ رواية السير الكبير راجحة عنده لكونه ذكرها في آخر البحث۔ رفيع

(۳) المعلم ج:۳ ص:۱۵ وإكمال المعلم ج:۶ ص:۷۲، ۷۳ وإكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۷۰ وبذل المجهود ج:۱۲ ص:۲۴۱ كتاب الجهاد، باب ذكر الختلاف في مقاتل الأسير والهداية ج:۲ ص:۵۶۶، ۵۶۷ كتاب السير، باب الغنائم وقسمتها۔

(۴) البراءة (التوبة): ۵۔

(۵) بذل المجهود ج:۱۲ ص:۲۴۱، ۲۴۲ كتاب الجهاد، باب ذكر الاختلاف في مقاتل الأسير والهداية ج:۲ ص:۵۶۷ كتاب السير، باب الغنائم وقسمتها والحل المفهم ج:۲ ص:۲۱۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَتْ إِلٰى اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ تَسْأَلُهٗ مِيْرَاثَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالْمَدِيْنَةِ وَفَدَكٍ وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ، إِنَّمَا يَاْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْمَالِ وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لَا اُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهَا فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَاَعْمَلَنَّ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ فَاَبٰى اَبُوْ بَكْرٍ اَنْ يَّدْفَعَ إِلٰى فَاطِمَةَ شَيْئًا فَوَجَدَتْ فَاطِمَةُ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ فِيْ ذٰلِكَ، قَالَ: فَهَجَرَتْهُ فَلَمْ تُكَلِّمْهُ حَتّٰى تُوُفِّيَتْ، وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ دَفَنَهَا زَوْجُهَا عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ لَيْلًا وَلَمْ يُؤْذِنْ بِهَا اَبَابَكْرٍ، وَصَلّٰى عَلَيْهَا عَلِيٌّ۔ وَكَانَ لِعَلِيٍّ مِنَ النَّاسِ جِهَةٌ حَيَاةَ فَاطِمَةَ فَلَمَّا تُوُفِّيَتِ اسْتَنْكَرَ عَلِيٌّ وُجُوْهَ النَّاسِ فَالْتَمَسَ مُصَالَحَةَ اَبِيْ بَكْرٍ وَمُبَايَعَتَهٗ وَلَمْ يَكُنْ بَايَعَ تِلْكَ الْاَشْهُرَ فَاَرْسَلَ إِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ اَنِ ائْتِنَا وَلَا يَاْتِنَا مَعَكَ اَحَدٌ كَرَاهِيَةَ مَحْضَرِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ عُمَرُ لِاَبِيْ بَكْرٍ: وَاللّٰهِ لَا تَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَحْدَكَ، فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ: وَمَا عَسَاهُمْ اَنْ يَّفْعَلُوْا إِنِّيْ وَاللّٰهِ لَاٰتِيَنَّهُمْ، فَدَخَلَ عَلَيْهِمْ اَبُوْبَكْرٍ فَتَشَهَّدَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّا قَدْ عَرَفْنَا يَا اَبَابَكْرٍ! فَضِيْلَتَكَ وَمَا اَعْطَاكَ اللّٰهُ وَلَمْ نَنْفَسْ عَلَيْكَ خَيْرًا سَاقَهُ اللّٰهُ إِلَيْكَ وَلٰكِنَّكَ اسْتَبْدَدْتَ عَلَيْنَا بِالْاَمْرِ وَكُنَّا نَحْنُ نَرٰى لَنَا حَقًّا لِقَرَابَتِنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَزَلْ يُكَلِّمُ اَبَابَكْرٍ حَتّٰى فَاضَتْ عَيْنَا اَبِيْ بَكْرٍ۔ فَلَمَّا تَكَلَّمَ اَبُوْبَكْرٍ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ إِلَيَّ اَنْ اَصِلَ مِنْ قَرَابَتِيْ وَاَمَّا الَّذِيْ شَجَرَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاَمْوَالِ فَإِنِّيْ لَمْ آلُ فِيْهَا عَنِ الْحَقِّ وَلَمْ اَتْرُكْ اَمْرًا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهٗ فِيْهَا إِلَّا صَنَعْتُهٗ۔ فَقَالَ عَلِيٌّ لِاَبِيْ بَكْرٍ: مَوْعِدُكَ الْعَشِيَّةُ لِلْبَيْعَةِ۔ فَلَمَّا صَلّٰى اَبُوْبَكْرٍ صَلَاةَ الظُّهْرِ رَقِيَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَتَشَهَّدَ وَذَكَرَ شَاْنَ عَلِيٍّ وَتَخَلُّفَهٗ عَنِ الْبَيْعَةِ وَعُذْرَهٗ بِالَّذِيْ اعْتَذَرَ إِلَيْهِ ثُمَّ اسْتَغْفَرَ، وَتَشَهَّدَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ فَعَظَّمَ حَقَّ اَبِيْ بَكْرٍ وَاَنَّهٗ لَمْ يَحْمِلْهُ عَلَى الَّذِيْ صَنَعَ نَفَاسَةً عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ وَلَا إِنْكَارًا لِلَّذِيْ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَـضَّـلَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهٖ وَلٰكِنَّا كُنَّا نَرٰى لَنَا فِي الْاَمْرِ نَصِيْبًا فَاسْتُبِدَّ عَلَيْنَا بِهٖ فَوَجَدْنَا فِيْ اَنْـفُسِنَا۔ فَسُرَّ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُوْنَ وَقَالُوا: اَصَبْتَ، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ اِلٰى عَلِيٍّ قَرِيْبًا حِيْنَ رَاجَعَ الْاَمْرَ الْمَعْرُوْفَ۔" (ص:۹۱ سطر:۱۱ تا ۲۳ و ص:۹۲ سطر:۱ تا ۳)

قوله: "فَهَجَرَتْهُ فَلَمْ تُكَلِّمْهُ" (ص:۹۱ سطر:۱۶)

اى فى هٰذا الباب، (كذا فى الحل المفهم)۔ [۱] یعنی اس مسئلے پر کوئی گفتگو نہیں فرمائی۔

باب كيفية قسمة الغنيمة بين الحاضرين (ص:۹۲)

۴۵۶۱- "حَـدَّثَـنَـا يَـحْـيَـى بْـنُ يَحْيٰى وَاَبُوْ كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ كِلَاهُمَا عَـنْ سُلَيْمٍ قَـالَ يَـحْيٰى: اَنَا سُلَيْمُ بْنُ اَخْضَرَ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: نَا نَافِعٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ فِي النَّفَلِ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّجُلِ سَهْمًا۔" (ص:۹۲ سطر:۱۷، ۱۸)

قوله: "قَسَمَ فِي النَّفَلِ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ" (ص:۹۲ سطر:۱۸)

نفل کئی معنی میں استعمال ہوتا ہے، غـنـيـمـت، صفی اور وہ انعام جو غازی کو اصل حصے سے زائد دیا جاتا ہے، یہاں پہلے معنی مراد ہیں، (ذكره النووى فى الشرح، والشيخ الجنجوهیؒ فى الكوكب)۔ [۲]

ائمہ ثلاثہؒ اور صاحبینؒ کے نزدیک غنیمت میں فـارس کے تین حصے اور راجل کا ایک حصہ ہے، اور فـارس کے تین حصوں کی تفصیل یہ ہے کہ ان میں سے دو حصے فـرس کے اور ایک حصہ صاحب فرس کا ہے، ان کا استدلال حدیثِ باب سے ہے۔

امامِ اعظم اور امام زفر رحمہما اللہ کے نزدیک فـارس کے صرف دو حصے ہیں، ایک فـرس کا اور ایک صاحب فرس کا، [۳] امام ابوحنیفہؒ کے دلائل مندرجہ ذیل ہیں:-

---

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۱۹۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۹۲ والكوكب الدرى ج:۲ ص:۳۰۶ ابواب السير عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب ما جاء فى قتل الأسارى والفداء۔

(۳) شرح صحيح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۹۳ وإكمال المعلم ج:۶ ص:۹۲، ۹۳ والهداية ج:۲ ص:۵۷۲، ۵۷۳ كتاب السير، فصل فى كيفية القسمة وبذل المجهود ج:۱۲ ص:۳۳۳، ۳۳۴ كتاب الجهاد، باب فى سهمان الخيل۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

۱۔ سنن ابوداؤد میں مجمع بن جاریۃ الانصاریؓ سے روایت ہے کہ: "فقسمت خیبر علی أهل حديبية فقسمها رسول الله صلى الله عليه وسلم على ثمانية عشر سهمًا وكان الجيش ألفًا وخمس مائة، فيهم ثلاث مائة فارس، فأعطى الفارس سهمين وأعطى الراجل سهمًا" [۱] لیکن ابوداؤدؒ نے کہا کہ یہ راوی کا وہم ہے، فارس صرف دو سو تھے، اور امام شافعیؒ نے اس حدیث کے بارے میں فرمایا کہ: یہ الفاظ صحیح نہیں، اور صحیح الفاظ یہ ہیں: "فأعطى الفرس سهمين وأعطى الرجل يعني صاحبه سهمًا"، اور ابن القطانؒ نے اس حدیث کی سند میں کلام کیا ہے کہ یعقوب مجهول الحال ہے، (فتح القدیر)۔ [۲]

۲۔ معجم طبرانی میں روایت ہے: "عن المقداد بن عمرو، أنه كان يوم بدر على فرس يقال له سبحة، فأسهم له النبي صلى الله عليه وسلم سهمين، لفرسه سهم واحد وله سهم"، وفي سنده الواقدي، (فتح القدیر)۔ [۳]

۳۔ "عن عائشة رضي الله عنها قالت: أعطى النبي صلى الله عليه وسلم للفارس سهمين وللراجل سهمًا" ذكره الزيلعيؒ في نصب الراية۔ [۴]

۴۔ ابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی روایت مصنف ابنِ ابی شیبہ [۵] اور سننِ دارقطنی [۶] میں طرقِ متعددہ کے ساتھ یہ ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فارس کو دو حصے اور راجل کو ایک حصہ دیا، ان طرق میں کئی ایسے ہیں کہ جن میں کوئی کلام نہیں۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی مذکورہ روایت سے حدیثِ باب کا جواب بھی نکل آیا، کیونکہ یہ بھی ابنِ عمرؓ سے مروی ہے، اور وہ جواب یہ ہے کہ ابنِ عمرؓ کی روایات میں تعارض ہے، جن کے درمیان جمع

---

(۱) سنن أبي داؤد كتاب الجهاد، باب في من أسهم له سهم ج:۲ ص:۳۷۵۔

(۲) فتح القدير ج:۵ ص:۴۸۲ كتاب السير، فصل في كيفية القسمة۔

(۳) فتح القدير ج:۵ ص:۴۸۲ كتاب السير، فصل في كيفية القسمة والمعجم الكبير للطبرانيؒ ج:۲۰ ص:۲۶۱ رقم الحديث: ۶۱۴۔

(۴) نصب الراية ج:۳ ص:۴۱۷ كتاب السير، فصل في كيفية القسمة رقم الحديث: ۵۹۰۲۔

(۵) مصنف ابن أبي شيبة ج:۱۲ ص:۳۹۷ رقم الحديث: ۱۵۱۶ تا ۱۵۲۰۔

(۶) سنن الدارقطني ج:۳ ص:۳۴۰ تا ۳۴۲ كتاب السير رقم الحديث: ۴۰۸۹ تا ۴۰۹۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ممکن نہیں، پس غیر ابنِ عمرؓ کی روایات کی طرف رُجوع کیا جائے گا، جو ہم نے اُوپر بیان کی ہیں (کذا في الهداية)۔ [1]

اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ جواب دیا ہے کہ جن روایات میں فرس کے لئے سھمین کا ذکر ہے وہاں مراد یہ ہے کہ فرس کا ایک حصہ تو بطورِ اصل کے دیا، دُوسرا حصہ بطور نفل یعنی بطورِ اِنعام دیا۔

باب الإمداد بالملائكة في غزوة بدر (ص:۹۳)

۴۵۶۳- "حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ: نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ زُمَيْلٍ هُوَ سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُاللهِ بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ نَظَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ وَهُمْ اَلْفٌ وَاَصْحَابُهُ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَتِسْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا، فَاسْتَقْبَلَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ مَدَّ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يَهْتِفُ بِرَبِّهٖ: "اَللّٰهُمَّ اَنْجِزْ لِيْ مَا وَعَدْتَنِيْ، اَللّٰهُمَّ آتِ مَا وَعَدْتَنِيْ، اَللّٰهُمَّ إِنْ تُهْلِكْ هٰذِهِ الْعِصَابَةَ مِنْ اَهْلِ الْإِسْلَامِ لَا تُعْبَدْ فِي الْاَرْضِ" فَمَا زَالَ يَهْتِفُ بِرَبِّهٖ مَادًّا يَدَيْهِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ حَتّٰى سَقَطَ رِدَاؤُهُ عَنْ مَنْكِبَيْهِ فَاَتَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ فَاَخَذَ رِدَاءَهُ فَاَلْقَاهُ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ الْتَزَمَهُ مِنْ وَّرَائِهٖ وَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللهِ! كَفَاكَ مُنَاشَدَتُكَ رَبَّكَ فَإِنَّهُ سَيُنْجِزُ لَكَ مَا وَعَدَكَ فَاَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: "إِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ" فَاَمَدَّهُ اللهُ بِالْمَلَائِكَةِ۔

قَالَ اَبُوْ زُمَيْلٍ: فَحَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ يَشْتَدُّ فِيْ اَثَرِ رَجُلٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اَمَامَهُ إِذْ سَمِعَ ضَرْبَةً بِالسَّوْطِ فَوْقَهُ وَصَوْتَ الْفَارِسِ فَوْقَهُ يَقُوْلُ: اَقْدِمْ حَيْزُوْمُ فَنَظَرَ إِلَى الْمُشْرِكِ اَمَامَهُ فَخَرَّ مُسْتَلْقِيًا فَنَظَرَ إِلَيْهِ

---

(۱) الهداية ج:۲ ص:۵۷۲، ۵۷۳ كتاب السير، فصل في كيفية القسمة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

فَإِذَا هُوَ قَدْ خُطِمَ أَنْفُهُ وَشُقَّ وَجْهُهُ كَضَرْبَةِ السَّوْطِ فَاخْضَرَّ ذٰلِكَ أَجْمَعُ، فَجَاءَ الْأَنْصَارِيُّ فَحَدَّثَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: صَدَقْتَ ذٰلِكَ مِنْ مَدَدِ السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ، فَقَتَلُوْا يَوْمَئِذٍ سَبْعِيْنَ وَأَسَرُوْا سَبْعِيْنَ۔

قَالَ أَبُوْ زُمَيْلٍ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَلَمَّا أَسَرُوا الْأُسَارٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ: "مَا تَرَوْنَ فِيْ هٰؤُلَاءِ الْأُسَارٰى؟" فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! هُمْ بَنُو الْعَمِّ وَالْعَشِيْرَةِ أَرٰى أَنْ تَأْخُذَ مِنْهُمْ فِدْيَةً فَتَكُوْنُ لَنَا قُوَّةً عَلَى الْكُفَّارِ فَعَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّهْدِيَهُمْ لِلْإِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَا تَرٰى يَا ابْنَ الْخَطَّابِ؟" قُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! مَا أَرَى الَّذِيْ رَأٰى أَبُوْبَكْرٍ وَلٰكِنِّيْ أَرٰى أَنْ تُمَكِّنَّا فَنَضْرِبَ أَعْنَاقَهُمْ، فَتُمَكِّنَ عَلِيًّا مِنْ عَقِيْلٍ فَيَضْرِبَ عُنُقَهُ وَتُمَكِّنِّيْ مِنْ فُلَانٍ نَسِيْبًا لِعُمَرَ فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ فَإِنَّ هٰؤُلَاءِ أَئِمَّةُ الْكُفْرِ وَصَنَادِيْدُهَا، فَهَوِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ أَبُوْبَكْرٍ وَلَمْ يَهْوَ مَا قُلْتُ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جِئْتُ فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُوْ بَكْرٍ قَاعِدَيْنِ وَهُمَا يَبْكِيَانِ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَخْبِرْنِيْ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تَبْكِيْ أَنْتَ وَصَاحِبُكَ؟ فَإِنْ وَجَدْتُ بُكَاءً بَكَيْتُ وَإِنْ لَمْ أَجِدْ بُكَاءً تَبَاكَيْتُ لِبُكَائِكُمَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "أَبْكِيْ لِلَّذِيْ عَرَضَ عَلَى أَصْحَابِكَ مِنْ أَخْذِهِمُ الْفِدَاءَ، لَقَدْ عُرِضَ عَلَيَّ عَذَابُهُمْ أَدْنٰى مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ" شَجَرَةٍ قَرِيْبَةٍ مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: "مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ أَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ ... إلى قوله ... فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا" فَأَحَلَّ اللّٰهُ الْغَنِيْمَةَ لَهُمْ۔ (ص:۹۳ سطر:۱ تا ۱۵)

قوله: "فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: "مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ أَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ .... إلخ" (ص:۹۳ سطر:۱۴، ۱۵)

قال في الكوكب: في هذا الحديث إشكال وهو أن جبرئيل خيّرهم بإذنه تعالىٰ ثم كيف سخط عليهم حيث أنزل: "ولو لا كتب من الله سبق لمسكم فيما أخذتم فيه عذاب عظيم" والجواب أنه لم يخير تخيير الإباحة، بل خيرهم إبتلاءً ليعلم ماذا يختارون من أنفسهم فلما لم ير منهم شدّة في أمر الله ولم يجد منهم موجدة على

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

أعداء الله، أنزل آية السخط۔[1]

باب ربط الأسير وحبسه وجواز المنّ عليه (ص:۹۳)

۴۵۶۴- "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: نَا لَيْثٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَائَتْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِيْ حَنِيْفَةَ يُقَالُ لَهٗ ثُمَامَةُ بْنُ اُثَالٍ سَيِّدُ اَهْلِ الْيَمَامَةِ فَرَبَطُوْهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ؟" فَقَالَ: عِنْدِيْ يَا مُحَمَّدُ! خَيْرٌ اِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ، وَاِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰى شَاكِرٍ، وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ۔ فَتَرَكَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَ بَعْدَ الْغَدِ فَقَالَ: "مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ؟" قَالَ: مَا قُلْتُ لَكَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰى شَاكِرٍ، اِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ، وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ۔ فَتَرَكَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَ مِنَ الْغَدِ فَقَالَ: "مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ؟" فَقَالَ: عِنْدِيْ مَا قُلْتُ لَكَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰى شَاكِرٍ، اِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ، وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ" فَانْطَلَقَ اِلٰى نَخْلٍ قَرِيْبٍ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، يَا مُحَمَّدُ! وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلَى الْاَرْضِ وَجْهٌ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ وَجْهِكَ فَقَدْ اَصْبَحَ وَجْهُكَ اَحَبَّ الْوُجُوْهِ كُلِّهَا اِلَيَّ، وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ دِيْنٍ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ دِيْنِكَ فَاَصْبَحَ دِيْنُكَ اَحَبَّ الدِّيْنِ كُلِّهٖ اِلَيَّ، وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ بَلَدٍ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ بَلَدِكَ فَاَصْبَحَ بَلَدُكَ اَحَبَّ الْبِلَادِ كُلِّهَا اِلَيَّ، وَاِنَّ خَيْلَكَ اَخَذَتْنِيْ وَاَنَا اُرِيْدُ الْعُمْرَةَ فَمَاذَا تَرٰى؟ فَبَشَّرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَهٗ اَنْ يَعْتَمِرَ۔ فَلَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ قَالَ لَهٗ قَائِلٌ: اَصَبَوْتَ؟ فَقَالَ: لَا وَلٰكِنِّيْ اَسْلَمْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا وَاللّٰهِ لَا

---

(۱) الكوكب الدري ج۲ ص:۴۰۹، ۴۱۰ ابواب السير عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب ما جاء في قتل الأسارى والفداء۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تَأْتِيْكُمْ مِنَ الْيَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ حَتّٰى يَأْذَنَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔"

(ص: ۹۳ سطر: ۱۵ تا ۱۷ تا ص: ۹۴ سطر: ۱ تا ۸)

قولہ: "اَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ" (ص: ۹۴ سطر: ۴)

کافر قیدی کو بغیر کسی فدیہ وغیرہ کے چھوڑ دینا بطور احسان جو "مَنّ" کہلاتا ہے، کما فی قولہ تعالیٰ: "فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً"[1] یہ جائز ہے یا نہیں؟ اس میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام شافعیؒ کے نزدیک جائز، اور امام ابوحنیفہؒ و مالکؒ و حنابلہ کے نزدیک ناجائز ہے۔ حنفیہ کے مذہب کی تفصیل پیچھے گزر چکی ہے کہ کافر قیدی کے بارے میں امام کو صرف تین چیزوں کا اختیار ہے، ۱- إما ان یقتله، ۲- أو یسترقه، ۳- او یطلقه حُرًّا ذمیًّا۔ لیکن دار الحرب واپس بھیج دینا بغیر مال کے جائز نہیں۔ لیکن باب التنفیل وفداء المسلمین بالأساریٰ میں "سیر کبیر" کی روایت گزری ہے کہ بوقتِ حاجت حنفیہ کے نزدیک مال کے عوض میں بھی چھوڑنا جائز ہے، اور مسلمان قیدیوں کے بدلے میں بھی جائز ہے، لیکن بغیر کسی بدلے کے چھوڑ دینا جائز نہیں۔

بغیر کسی فدیہ اور بدلے کے چھوڑنے کے جواز پر امام شافعیؒ کا استدلال ثمامہ بن اثال کے واقعے سے ہے، نیز آیتِ قرآنیہ: "فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً" سے بھی استدلال کرتے ہیں، جمہور کی دلیل آیت السیف ہے، اور امام شافعیؒ کے مستدلات اس آیت سے منسوخ ہیں، لأنها اٰخر اٰیة نزلت فی هذه المسئلة۔[2]

اور حدیثِ باب کا ایک جواب احقر کی سمجھ میں یہ آتا ہے کہ حنفیہ کے نزدیک "مَنّ" کی صرف یہ صورت ناجائز ہے کہ اس قیدی کو دار الحرب میں واپس بھیج دیا جائے، لیکن ذمی بنا کر آزاد رکھنا ہمارے نزدیک بھی جائز ہے، اور ثمامۃ بن اثال قید سے رہا ہونے کے بعد دار الحرب نہیں گئے، بلکہ حدیثِ باب ہی میں صراحت ہے کہ غسل کرکے مشرف باسلام ہو گئے، لہٰذا یہ حدیث ہمارے خلاف حجت نہیں۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی یہ علم ہو چکا ہو کہ یہ دار الحرب میں واپس نہیں جائیں گے، بلکہ مشرف باسلام ہو جائیں گے۔

قولہ: "فَبَشَّرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" (ص: ۹۴ سطر: ۶)

(۱) سورۃ محمد: ۴۔

(۲) اس مسئلہ کی مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: معارف القرآن ج: ۸ ص: ۲۲ تا ۲۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

ای بالجنة، (كذا في الحل المفهم)۔[1]

باب جواز قتال من نقض العهد (ص:۹۵)

۴۵۷۳- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ نُمَيْرٍ قَالَ ابْنُ الْعَلَاءِ: نَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ: نَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: اُصِيْبَ سَعْدٌ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، رَمَاهُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ ابْنُ الْعَرِقَةِ رَمَاهُ فِي الْاَكْحَلِ فَضَرَبَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ يَعُوْدُهُ مِنْ قَرِيْبٍ، فَلَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَنْدَقِ وَضَعَ السِّلَاحَ فَاغْتَسَلَ فَاَتَاهُ جِبْرِيْلُ وَهُوَ يَنْفُضُ رَأْسَهُ مِنَ الْغُبَارِ فَقَالَ: وَضَعْتَ السِّلَاحَ وَاللّٰهِ مَا وَضَعْنَاهُ اخْرُجْ اِلَيْهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "فَاَيْنَ؟" فَاَشَارَ اِلٰى بَنِيْ قُرَيْظَةَ۔ فَقَاتَلَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُكْمَ فِيْهِمْ اِلٰى سَعْدٍ، قَالَ: فَاِنِّيْ اَحْكُمُ فِيْهِمْ اَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ وَاَنْ تُسْبَى الذُّرِّيَّةُ وَالنِّسَاءُ وَتُقْسَمَ اَمْوَالُهُمْ۔" (ص:۹۵ سطر:۶تا۱۱)

قوله: "فِي الْاَكْحَلِ" (ص:۹۵ سطر:۷)

ذكر ابن حجر رحمه الله أنّه عِرْق في وسط الذراع إذا قطع لم يرقأ الدم، كذا في حاشية الذهني۔[2]

۴۵۷۶- "حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكُوْفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ: فَانْفَجَرَ مِنْ لَبَّتِهٖ فَمَا زَالَ يَسِيْلُ حَتّٰى مَاتَ۔ وَزَادَ فِي الْحَدِيْثِ قَالَ: فَذَاكَ حِيْنَ يَقُوْلُ الشَّاعِرُ:

اَلَا يَا سَعْدُ سَعْدَ بَنِيْ مُعَاذٍ ۔۔۔ فَمَا فَعَلَتْ قُرَيْظَةُ وَالنَّضِيْرُ

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۲۲۔

(۲) حاشية صحيح مسلم للذهني ج:۲ ص:۱۵۰ وفتح الباري ج:۷ ص:۴۱۳ كتاب المغازي، باب مرجع النبي صلى الله عليه وسلم من الأحزاب ومخرجه إلى بني قريظة .... الخ والديباج للسيوطي ج:۲ ص:۲۷۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لَعَمْرُكَ إِنَّ سَعْدَ بَنِي مُعَاذٍ ... غَدَاةَ تَحَمَّلُوْا لَهُوَ الصَّبُوْرُ
تَرَكْتُمْ قِدْرَكُمْ لَا شَيْءَ فِيْهَ ... وَقِدْرُ الْقَوْمِ حَامِيَةٌ تَفُوْرُ
وَقَدْ قَالَ الْكَرِيْمُ أَبُوْ حُبَابٍ ... أَقِيْمُوْا قَيْنُقَاعُ وَلَا تَسِيْرُوْا
وَقَدْ كَانُوْا بِبَلْدَتِهِمْ ثِقَالًا ... كَمَا ثَقُلَتْ بِمَيْطَانَ الصُّخُوْرُ

(ص:۹۵ سطر:۱۶،۱۷ تا ص:۹۶ سطر:۱و۲)

قوله: "غَدَاةَ تَحَمَّلُوْا" (ص:۹۵ سطر:۱۷)

ای کلفوا الموت والسبی، (الحل المفهم)۔(۱)

بابُ ما لقی النبی صلی اللہ علیہ وسلم من أذی المشرکین .... إلخ (ص:۱۰۸)

۴۶۳۵- "حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ -وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ- قَالَ: نَا وَقَالَ الآخَرَانِ: أَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ قَالَ: أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ حِمَارًا عَلَيْهِ إِكَافٌ تَحْتَهُ قَطِيْفَةٌ فَدَكِيَّةٌ وَأَرْدَفَ وَرَاءَهُ أُسَامَةَ وَهُوَ يَعُوْدُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فِيْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ وَذَاكَ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ، حَتّٰى مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ أَخْلَاطٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الأَوْثَانِ وَالْيَهُوْدِ فِيْهِمْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ وَفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ خَمَّرَ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ أُبَيٍّ أَنْفَهُ بِرِدَائِهِ ثُمَّ قَالَ: لَا تُغَبِّرُوْا عَلَيْنَا، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ وَقَفَ فَنَزَلَ فَدَعَاهُمْ إِلَى اللّٰهِ وَقَرَأَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ: أَيُّهَا الْمَرْءُ! لَا أَحْسَنَ مِنْ هٰذَا، إِنْ كَانَ مَا تَقُوْلُ حَقًّا فَلَا تُؤْذِنَا فِيْ مَجَالِسِنَا وَارْجِعْ إِلٰى رَحْلِكَ فَمَنْ جَاءَكَ مِنَّا فَاقْصُصْ عَلَيْهِ، فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ: اغْشَنَا فِيْ مَجَالِسِنَا فَإِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ، قَالَ: فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْيَهُوْدُ حَتّٰى هَمُّوْا أَنْ يَتَوَاثَبُوْا فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ ثُمَّ رَكِبَ دَابَّتَهُ حَتّٰى دَخَلَ

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۲۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

عَلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ: "اَىْ سَعْدُ! اَلَمْ تَسْمَعْ إِلٰى مَا قَالَ اَبُوْحُبَاب -يُرِيْدُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ- قَالَ كَذَا وَكَذَا"، قَالَ: اعْفُ عَنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاصْفَحْ فَوَاللّٰهِ لَقَدْ اَعْطَاكَ اللّٰهُ الَّذِىْ اَعْطَاكَ، وَلَقَدِ اصْطَلَحَ اَهْلُ هٰذِهِ الْبُحَيْرَةِ اَنْ يُتَوِّجُوْهُ فَيُعَصِّبُوْهُ بِالْعِصَابَةِ فَلَمَّا رَدَّ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِىْ اَعْطَاكَهُ شَرِقَ بِذٰلِكَ فَذٰلِكَ فَعَلَ بِهٖ مَا رَاَيْتَ، فَعَفَا عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔" (ص:۱۰۹ سطر:۱۹ تا ص:۱۱۰ سطر:۳)

قوله: "تَحْتَهٗ" (ص:۱۰۹ سطر:۲۰)

اى تحت النبي صلى الله عليه وسلم وفوق الأكاف (كذا في تقرير الجنجوهي ص:۳۶ على صحيح مسلم)۔

بابُ غزوة ذى قَرَد وغيرها (ص:۱۱۳)

۴۲۵۴- "حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ: اَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الدَّارِمِيُّ -وَهٰذَا حَدِيْثُهٗ- قَالَ: اَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالْمَجِيْدِ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ -وَهُوَ ابْنُ عَمَّارٍ- قَالَ: حَدَّثَنِىْ إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبِىْ قَالَ: قَدِمْنَا الْحُدَيْبِيَةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ...(الٰى قوله)... فَلَمَّا اَصْبَحْنَا إِذَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ الْفَزَارِيُّ قَدْ اَغَارَ عَلٰى ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاقَهٗ اَجْمَعَ وَقَتَلَ رَاعِيَهٗ، قَالَ: فَقُلْتُ يَا رَبَاحُ! خُذْ هٰذَا الْفَرَسَ فَاَبْلِغْهُ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِاللّٰهِ وَاَخْبِرْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ اَغَارُوْا عَلٰى سَرْحِهٖ۔ قَالَ: ثُمَّ قُمْتُ عَلٰى اَكَمَةٍ فَاسْتَقْبَلْتُ الْمَدِيْنَةَ فَنَادَيْتُ ثَلَاثًا يَا صَبَاحَاه، ثُمَّ خَرَجْتُ فِىْ آثَارِ الْقَوْمِ اَرْمِيْهِمْ بِالنَّبْلِ وَاَرْتَجِزُ اَقُوْلُ:

اَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ

وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

...(الٰى قوله)... قَالَ: قُلْتُ خُذْهَا وَاَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ،

قَالَ: يَا ثَكِلَتْهُ أُمُّهُ أَكْوَعُهُ بُكْرَةَ قَالَ قُلْتُ: نَعَمْ يَا عَدُوَّ نَفْسِهِ أَكْوَعُكَ بُكْرَةَ .... الحديث۔" (ص:۱۱۳ سطر:۱۴ تا ۱۷ و ص:۱۱۵ سطر:۱)

قوله: "أَكْوَعُهُ .... إلخ" (ص: ۱۱۵ سطر:۱)

بالإضافة الى ضمير الغيبة ومعناهُ هذا الأكوع الذى كان يرتجز لنا به صباح هذا النهار قد عاد يرتجز لنا به آخرة۔ وقد علمت انه كان أوّل ما لحقهم صاح بهم بهذا الرجز، ووقع فى رواية البهجة "أكوعنا بكرة" بالإضافة الى ضمير المتكلمين اى أنت الأكوع الذى كنت تتبعنا بكرة اليوم؟ قال: نعم أنا أكوعك بكرة، ولعل هذه الرواية أقرب إلى الصواب لإتصال آخر الكلام فيها بأوّله، كذا فى حاشية الذهنى۔[1]

شاید "اکوع" کی اضافت ضمیرِ غائب کی طرف اضافتِ بیانیہ ہے، لہٰذا اس کا ترجمہ ہوگا: "اکوع جو کہ تھا آج صبح"۔ (رفیع)

باب النساء الغازيات يرضخ لهن .... إلخ (ص:۱۱۶)

۴۶۶۱- "حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ أَنَّ نَجْدَةَ كَتَبَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ عَنْ خَمْسِ خِلَالٍ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَوْلَا أَنْ أَكْتُمَ عِلْمًا مَا كَتَبْتُ إِلَيْهِ۔ كَتَبَ إِلَيْهِ نَجْدَةُ: أَمَّا بَعْدُ! فَأَخْبِرْنِي هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِالنِّسَاءِ؟ وَهَلْ كَانَ يَضْرِبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ؟ وَهَلْ كَانَ يَقْتُلُ الصِّبْيَانَ؟ وَمَتَى يَنْقَضِي يُتْمُ الْيَتِيمِ؟ وَعَنِ الْخُمُسِ لِمَنْ هُوَ؟ فَكَتَبَ إِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ كَتَبْتَ تَسْأَلُنِي هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِالنِّسَاءِ؟ وَقَدْ كَانَ يَغْزُو بِهِنَّ فَيُدَاوِينَ الْجَرْحَى وَيُحْذَيْنَ مِنَ الْغَنِيمَةِ وَأَمَّا بِسَهْمٍ فَلَمْ يَضْرِبْ لَهُنَّ وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَقْتُلُ الصِّبْيَانَ فَلَا تَقْتُلِ الصِّبْيَانَ، وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي مَتَى يَنْقَضِي يُتْمُ الْيَتِيمِ؟ فَلَعَمْرِي إِنَّ الرَّجُلَ لَتَنْبُتُ لِحْيَتُهُ وَإِنَّهُ لَضَعِيفُ الْأَخْذِ لِنَفْسِهِ، ضَعِيفُ الْعَطَاءِ مِنْهَا فَإِذَا أَخَذَ لِنَفْسِهِ مِنْ صَالِحِ مَا يَأْخُذُ النَّاسُ فَقَدْ ذَهَبَ عَنْهُ الْيُتْمُ،

(۱) حاشية صحيح مسلم للذهنىؒ ج:۲ ص:۱۸۱، ۱۸۲۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي عَنِ الْخُمُسِ لِمَنْ هُوَ؟ وَإِنَّا نَقُوْلُ هُوَ لَنَا فَأَبٰى عَلَيْنَا قَوْمُنَا ذَاكَ۔"

(ص:۱۱۶ سطر:۱۳ تا ص:۱۱۷ سطر:۱،۲)

قوله: "تَسْأَلُنِي مَتٰى يَنْقَضِيْ يُتْمُ الْيَتِيْمِ؟" (ص:۱۱۷ سطر:۱)

یعنی اگرچہ نفسِ یُتم تو بلوغ سے ختم ہو جاتا ہے (چنانچہ وہ مکلفین میں داخل ہو جاتا ہے) لیکن یہاں مقصود یہ ہے کہ بالغ ہو جانے کے باوجود بھی یُتم کا حکم اس درجے میں برقرار رہتا ہے کہ جب تک اُس میں اپنے بارے میں اور اپنے اموال کے بارے میں رُشد ظاہر نہ ہو اُسے اِن معاملات میں آزاد اور خود مختار نہیں چھوڑا جائے گا، (الحل المفہم)۔[1]

ناچیز عرض کرتا ہے کہ اس کی دلیل قرآنِ کریم کا یہ ارشاد ہے:۔

وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِي جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰى إِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَإِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْا إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ ۚ ۔[2]

قوله: "وَإِنَّا كُنَّا نَقُوْلُ هُوَ لَنَا فَأَبٰى عَلَيْنَا قَوْمُنَا ذَاكَ" (ص:۱۱۷ سطر:۲)

یعنی غنیمت کا جو خمس بیت المال کے لئے نکالا جاتا ہے اُس خمس کا خمس ہمارے نزدیک ہمارا یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ذوی القربیٰ کا ہے، خواہ ہم محتاج ہوں یا غنی، لیکن ہماری قوم یعنی ابوبکر صدیق وعمر فاروق وعثمانِ غنی رضی اللہ عنہم نے وہ ہمیں نہیں دیا۔ اشارہ قرآنِ کریم کی اس آیت کی طرف ہے کہ: "وَاعْلَمُوْا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ"۔

حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے مذکورہ بالا خلفائے راشدینؓ کے عمل کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ اُن کے نزدیک "ذوی القربیٰ" کا حصہ حاجت مندی (افتقار) کے ساتھ اسی طرح مشروط ہے جیسے کہ اسی آیت میں ذکر کی گئی باقی اصناف کا مشروط ہے، کیونکہ یتامٰی اگر غنی ہوں تو ان کو یہ حصہ نہیں ملتا، اسی طرح ذوی القربیٰ کو بھی نہیں ملے گا، البتہ یہ ضرور ہے کہ ذوی القربیٰ میں سے جو حضرات یتامٰی یا مساکین ہوں اُن کو دوسرے یتامٰی و مساکین پر ترجیح ہوگی۔[3]

---

(۱) الحل المفہم ج:۲ ص:۲۲۵ وإکمال اکمال المعلم ج:۵ ص:۱۵۵۔

(۲) النساء: ۵، ۶۔ (۳) الحل المفہم ج:۲ ص:۲۲۶۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب الإمارة (ص:۱۱۹)

باب الناس تبع لقريش والخلافة في قريش (ص:۱۱۹)

۴۶۸۳- "حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ قَالَ: نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "لَا يَزَالُ اَمْرُ النَّاسِ مَاضِيًا مَا وَلِيَهُمْ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا." ثُمَّ تَكَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَلِمَةٍ خَفِيَتْ عَلَيَّ فَسَاَلْتُ اَبِیْ مَاذَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ." (ص:۱۱۹ سطر:۹ تا ۱۱)

قوله: "مَا وَلِيَهُمْ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا" (ص:۱۱۹ سطر:۱۰)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلفائے راشدینؓ کو شامل کر کے ۱۲ ویں خلیفہ ولید بن عبدالملک ہوئے جن کے دور میں خوارزم (وسط ایشیا کے ممالک ترکستان، سمرقند و بخاریٰ وغیرہ) اور سندھ واندلس فتح ہوئے، ولید کے بعد ۱۳ ویں خلیفہ سلیمان بن عبدالملک ہوئے، انہوں نے اپنا ولی عہد حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کو مقرر کیا، چنانچہ ۱۴ ویں خلیفہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ ہیں (تاریخِ اسلام از نجیب آبادی)۔[1]

باب قوله صلى الله عليه وسلم: لا تزال طائفة من أمتي .... إلخ (ص:۱۴۳)

۴۹۳۵- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: اَنَا هُشَيْمٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا

(۱) تاریخِ اسلام ج:۲ ص:۱۵۹۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

یَزَالُ اَهْلُ الْغَرْبِ ظَاهِرِیْنَ عَلَی الْحَقِّ حَتّٰی تَقُوْمَ السَّاعَةُ۔" (ص:۱۴۴سطر:۶،۷)

قوله: "لَا یَزَالُ اَهْلُ الْغَرْبِ .... إلخ" (ص:۱۴۴ سطر:۷)

حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ان سے مراد اهل الشام ہیں، کیونکہ شام (حجاز سے) شمال مغرب میں ہے (الحل المفهم)۔[1]

❋❋❋

(۱) الحل المفهم ج:۲ ص:۲۳۱ وإکمال المعلم ج:۶ ص:۳۴۸ وشرح صحیح مسلم للنوویؒ ج:۲ ص:۱۴۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب الصيد والذبائح وما يؤكل من .... إلخ (ص:۱۴۵)

باب الصيد بالكلاب المعلمة والرمي (ص:۱۴۵)

۴۹۵۸- "حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ السَّكُوْنِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اَرْسَلْتَ كَلْبَكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ، فَإِنْ اَمْسَكَ عَلَيْكَ فَاَدْرَكْتَهُ حَيًّا فَاذْبَحْهُ وَإِنْ اَدْرَكْتَهُ قَدْ قَتَلَ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ فَكُلْهُ، وَإِنْ وَجَدتَّ مَعَ كَلْبِكَ كَلْبًا غَيْرَهُ وَقَدْ قَتَلَ فَلَا تَاْكُلْ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِيْ اَيُّهُمَا قَتَلَهُ، وَإِنْ رَمَيْتَ سَهْمَكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَإِنْ غَابَ عَنْكَ يَوْمًا فَلَمْ تَجِدْ فِيْهِ إِلَّا اَثَرَ سَهْمِكَ فَكُلْ إِنْ شِئْتَ وَإِنْ وَجَدْتَهُ غَرِيْقًا فِي الْمَاءِ فَلَا تَاْكُلْ۔" (ص:۱۴۶ سطر:۹ تا۱۲)

قوله: "فَإِنْ غَابَ عَنْكَ يَوْمًا .... إلخ" (ص:۱۴۶ سطر:۱۱)

تیر لگنے کے بعد جانور اگر غائب ہوکر پھر زندہ مل جائے اور اسے ذبح بھی کردیا جائے تو بالاجماع وہ حلال ہے، اور اگر مردہ ملا تو اس میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام شافعیؒ کے نزدیک مطلقاً حرام ہے (وهذا أصح الأقوال الثلاثة للشافعيؒ، كما ذكره النوويؒ)[۱]۔

ان کا استدلال اس روایت سے ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف غیبوبة کی بناء پر اَکل سے احتراز فرمایا، اور فرمایا کہ: "لعل هوامّ الأرض قتلته" (مصنف ابن أبی

(۱) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۴۶، وتكملة فتح الملهم ج:۳ ص:۴۷۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

شیبۃ)[۱]۔ نیز ابنِ عباسؓ کا ایک اثر ہے: "كُلْ مَا اَصْمَيْتَ وَدَعْ مَا اَنْمَيْتَ"[۲] ای كُلْ مَا لَمْ يَغِبْ عَنْكَ دُوْنَ مَا غَابَ۔[۳]

اور امام مالکؒ کے نزدیک اگر رات گزرنے سے پہلے مل گیا تو حلال ہے، رات گزرنے کے بعد ملا تو حرام ہے، (هداية)[۴] لحديث الباب، امام شافعیؒ کا ایک قول حلت کا ہے اور علامہ نوویؒ نے اس کو ترجیح دی ہے۔[۵]

حنفیہ کے نزدیک یہ تفصیل ہے کہ شکار کے غائب ہونے کے بعد اگر صائد اس کی تلاش میں مسلسل لگا رہا یہاں تک کہ وہ مردہ مل گیا، تب تو وہ حلال ہے، اگر درمیان میں طلب چھوڑ دی، کسی اور کام میں یا آرام میں لگ گیا پھر وہ جانور مردہ ملا تو حرام ہے۔[۶]

ہمارا استدلال مصنف ابن ابی شیبہؒ کی اس حدیث سے ہے: "عن أبي رزين عن النبي صلى الله عليه وسلم في الصيد يتوارى عن صاحبه قال: لعلّ هوامّ الأرض قتلته"[۷] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غیبوبۃ کی صورت میں حرمتِ اکل کی علت یہ اندیشہ ہے کہ اس کی موت شکاری کے تیر کے علاوہ کسی اور سبب سے ہوئی ہو، اور یہ احتمال غیبوبۃ کی تقریباً ہر صورت میں ہوتا ہے، جس کا تقاضا مطلق حرمت کا ہے مگر ایسی غیبوبۃ جس سے احتراز ممکن نہ ہو، وہ مستثنیٰ ہوگی، کیونکہ تھوڑی بہت غیبوبۃ تو ہر شکار میں عادۃً ہو ہی جاتی ہے، اگر اتنی غیبوبۃ بھی مستثنیٰ نہ ہو تو

---

(۱) نصب الراية بحواله مصنف ابن أبي شيبة ج:۴ ص:۳۱۴ كتاب الصيد، فصل في الرمي، والمعجم الكبير للطبرانيؒ ج:۱۹ ص:۲۱۵۔

(۲) المعجم الكبير للطبرانيؒ ج:۱۲ ص:۲۷، وسنن الكبرىٰ للبيهقيؒ ج:۹ ص:۲۴۱ كتاب الصيد والذبائح، باب الارسال على الصيد يتوارى عنك ثم تجده مقتولاً۔

(۳) تفصیل کے لئے دیکھئے: كتاب الآثار ص:۱۸۸ كتاب الحظر والاباحة، باب الصيد ترميه، رقم الحديث:۸۲۲ وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۱۸۸ كتاب الذبائح والصيود، حكم حمار الوحش۔

(۴) الهداية ج:۴ ص:۵۱۰ كتاب الصيد، فصل في الرمي۔

(۵) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۴۶۔

(۶) الهداية ج:۴ ص:۵۱۰ كتاب الصيد، فصل في الرمي۔

(۷) نصب الراية بحواله مصنّف ابن أبي شيبة ج:۴ ص:۳۱۴ كتاب الصيد، فصل في الرمي والمعجم الكبير للطبرانيؒ ج:۱۹ ص:۲۱۵۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

لازم آئے گا کہ کوئی شکار بھی حلال نہ ہو، إلّا شاذًا ونادرًا، چنانچہ جب رامی مسلسل تلاش میں لگا رہا تو یہ غیبوبۃ ایسی ہوئی جس سے احتراز ممکن نہ تھا، کیونکہ اس میں اس کے عمل کو دخل نہیں، اس لئے مضر نہ ہوگی اور جانور حلال ہوگا، بَرخلاف اس صورت کے کہ اس نے طلب ترک کردی کہ وہاں اس غیبوبۃ کا سبب خود اس کا عمل ہے، جس سے احتراز ممکن تھا، لہٰذا یہ غیبوبۃ معتبر ہوگی اور جانور حرام ہوگا، اور حدیثِ باب کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ یومًا سے مراد مرّۃً یا مطلق زمان ہے۔

اور یہ سب تفصیل اس وقت ہے جب شکاری کے تیر کے علاوہ کوئی زخم اس جانور پر نہ پایا جائے، اگر پایا جائے تو یہ جانور بہرحال حرام ہوگا، (کذا في الهداية فصل في الرمی)۔[۱]

باب تحريم أكل كل ذي ناب من السباع (ص:۱۴۷)

۴۹۷۰- "حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا أَبِيْ قَالَ: نَا شُعْبَةُ عَنْ الْحَكَمِ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَكُلِّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ۔" (ص:۱۴۷ سطر:۱۵،۱۶)

قوله: "مِنَ السِّبَاعِ" (ص:۱۴۷ سطر:۱۵)

"مِن" تبعیضیۃ نہیں بلکہ بیانیۃ ہے، اور مطلب یہ ہے کہ ہر وہ ذی ناب جو سبُع ہو حرام ہے، لہٰذا جو ذی ناب، سبُع نہ ہو حرام نہیں، مثلاً اُونٹ کہ وہ بھی ذی ناب ہے مگر حلال ہے کیونکہ سباع میں سے نہیں۔[۲]

قوله: "كُلِّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ" (ص:۱۴۷ سطر:۱۶)

اس میں "مِن" تبعیض کے لئے ہے، بیانیۃ نہیں، مطلب یہ ہے کہ پرندوں میں سے جو مخلب والے ہیں، اور مخلب پنجے کو کہتے ہیں اور مراد وہ پنجہ ہے جس سے شکار کیا جائے، اب مطلب یہ ہوگا کہ پنجے سے شکار کرنے والے پرندے حرام ہیں۔[۳]

---

(۱) الهداية ج:۴ ص:۵۰۹ كتاب الصيد، فصل في الرمي، وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۱۸۷ كتاب الذبائح والصيود، حكم الصيد من كل ذي ناب من السباع۔

(۲) إكمال إكمال المعلم ج:۵ ص:۲۷۵۔

(۳) حاشية صحيح مسلم للذهنيؒ ج:۲ ص:۱۴۴۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

باب إباحة أكل لحم الخيل (ص:۱۵۰)

۴۹۹۷- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَاَبُو الرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ -وَاللَّفْظُ لِيَحْيٰى- قَالَ يَحْيٰى: اَنَا و قَالَ الاٰخَرَانِ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَاَذِنَ فِيْ لُحُوْمِ الْخَيْلِ۔" (ص:۱۵۰ سطر:۶،۷)

لحمِ خیل کے بارے میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام شافعیؒ، امام احمدؒ، صاحبینؒ اور جمہور محدثین کے نزدیک اَکلِ لحمِ خیل حلال ہے، امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، امام اوزاعیؒ، حکم، حضرت ابن عباسؓ اور بعض دُوسرے حضرات کے نزدیک مکروہ ہے، پھر امام ابوحنیفہؒ سے دو روایت ہیں، ایک میں کراہت تحریمی ہے، دُوسری میں تنزیہی[۱]، صاحبِ ہدایہ نے کراہتِ تحریمی کو ترجیح دی ہے، (ھدایۃ، کتاب الذبائح)[۲]، اور قاضی خان نے تنزیہی کو (اعلاء السنن)[۳]، جمہور کا استدلال احادیثِ باب سے ہے۔

امام ابوحنیفہؒ اور ان کے موافقین کا استدلال مندرجہ ذیل آیات وروایات سے ہے:-

۱-قوله تعالٰی فی سورة النحل: وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً۔[۴]

یہاں بطورِ امتنان بیان کیا گیا ہے کہ مذکورہ تین جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے رُکوب اور زینت کے لئے پیدا کیا ہے، یہاں اَکل کا ذکر نہیں، اگر اَکل حلال ہوتا تو موضعِ امتنان میں اسے ضرور ذکر کیا جاتا، کیونکہ اباحتِ اَکل سب سے بڑی نعمت ہے[۵]، جیسا کہ حلال جانوروں کے بارے

---

(۱) بدائع الصنائع ج:۴ ص:۱۵۱ کتاب الذبائح والصيود، حكم الخيل وحمير الوحش۔

(۲) الهداية ج:۴ ص:۴۴۱ كتاب الذبائح، فصل فيما يحل اكله وما لا يحل، ورُوح المعاني ج:۱۴ ص:۱۰۱، ۱۰۲۔

(۳) اعلاء السنن ج:۱۷ ص:۱۴۸، ۱۴۹ كتاب الذبائح، باب كراهة لحوم الخيل۔

(۴) النحل: ۸۔

(۵) الهداية ج:۴ ص:۴۴۱ كتاب الذبائح، فصل فيما يحل اكله وما لا يحل، ورُوح المعاني ج:۱۴ ص:۱۰۲ وبدائع الصنائع ج:۴ ص:۱۴۹، ۱۵۰ كتاب الذبائح والصيود، باب نهي رسول الله صلى الله عليه وسلم عن أكل لحوم الحمر۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

میں اس سے پہلی آیت میں فرمایا گیا ہے، وھو قولہ تعالیٰ: وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝۵ ۔[۱]

۲- خیل آلة الجهاد ہے، جس کی تیاری کا حکم قرآنِ حکیم میں دیا گیا ہے، سورۂ انفال میں ارشاد ہے: وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ ۔[۲]

ظاہر ہے کہ اکلِ لحمِ خیل میں تقلیلِ آلـة الجهاد ہے، جو امرِ مذکور کے منافی ہے، نیز یہ آلۂ جہاد ہونے کی وجہ سے قابلِ احترام ہے اور اس کا اکل احترام کے منافی ہے۔[۳]

۳- "عن خالد بن الوليد رضي الله عنه قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم من لحوم الخيل والبغال والحمير وكل ذي ناب من السباع" رواه أبوداوٗد[۴] والنسائي۔[۵]

لیکن ائمۂ حدیث نے متفقہ طور پر اسے ضعیف کہا ہے،[۶] اسی لئے امام طحاوی[۷] رحمہ اللہ نے جمہور کے قول کو ترجیح دی ہے جو صاحبین کا قول بھی ہے، اور حضرت گنگوہی[۸] رحمہ اللہ نے قولِ امام کو ترجیح دی ہے، جس کی دو وجہ ہیں، ایک یہ کہ روایتِ خالد مُحرِّم ہے اور احادیثِ باب مُبیح،

---

(۱) النحل: ۵۔

(۲) الأنفال: ۶۰۔

(۳) الهداية ج:۴ ص:۴۴۱ كتاب الذبائح، فصل فيما يحل أكله وما لا يحل۔

(۴) سنن ابی داوٗد ج:۲ ص:۵۳۱ كتاب الأطعمة باب في اكل لحوم الخيل۔

(۵) سنن النسائي ج:۲ ص:۱۹۸ كتاب الصيد والذبائح باب تحريم اكل لحوم الخيل۔

(۶) قال صاحب اعلاء السنن: الجواب عنه ان هذه الدعوىٰ غير مسلّمة لأن أبا داوٗد صححه لأنه قال: "انه منسوخ" ولا يكون منسوخًا الا بعد الصحة، ولم يجزم النسائي بضعفه لأنه قال: "ان كان هذا صحيحًا يكون منسوخًا" فلا يصح دعوى الضعف باجماع المحدثين (إلى قوله في اعلاء السنن) إن قيل انه معارض لحديث جابر (إلى قوله) وهو اصح من حديث خالد فيقدم عليه، فالجواب عنه أوّلا انه قال ابن اسحاق: أن جابرًا لم يشهد خيبر فتكون روايته مرسلة وحديث خالد مسند فيقدم عليه مع ان سنده جيد أيضًا كما حقّقه الطحاوي (ملخصًا من اعلاء السنن ج:۱۷ ص:۴۵ إلى ص:۱۵۳ كتاب الذبائح، باب كراهة لحوم الخيل) رفيع۔

(۷) شرح معاني الآثار ج:۲ ص:۲۹۶ كتاب الأشربة، باب الخمر المحرمة ما هي؟

(۸) الكوكب الدري ج:۲ ص:۳ ابواب الأطعمة، باب في اكل لحوم الخيل۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

والترجيح للمحرم۔[1] دُوسری یہ کہ خالد بن الولیدؓ غزوۂ خیبر کے بعد قبل فتحِ مکہ مشرف باسلام ہوئے اور حضرت جابرؓ کی حدیث جو مسلم نے ذکر کی ہے غزوۂ خیبر سے متعلق ہے، پس روایتِ خالد بظاہر متأخر ہے، لہٰذا وہ روایتِ جابرؓ کے لئے ناسخ ہوگی، واللہ اعلم۔

باب إباحة الضب (ص:۱۵۰)

۵۰۰۱- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ قَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى: أنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبِّ، فَقَالَ: "لَسْتُ بِآكِلِهٖ وَلَا مُحَرِّمِهٖ" (ص:۱۵۰ سطر:۱۲،۱۳)

قوله: "لَسْتُ بِآكِلِهٖ" (ص:۱۵۰ سطر:۱۲،۱۳)

لحمِ ضبّ کی حلت میں بھی فقہاء کا اختلاف ہے، جمہور فقہاء کے نزدیک حلال ہے من غير كراهة، اور حنفیہ کے نزدیک مکروہ ہے۔[2] جمہور کا استدلال احادیثِ باب سے ہے، حنفیہ کی دلیل سننِ ابی داؤد اور مسندِ احمد میں عبدالرحمٰن بن شبل کی روایت ہے: "ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن أكل لحم الضب .... إلخ" (أخرجه ابوداؤد فى الأطعمة)۔[3] اس حدیث کی سند پر ابنِ حزمؒ، بیہقیؒ، خطابیؒ اور ابن الجوزیؒ نے کلام کیا اور ضعیف قرار دیا ہے، لیکن حافظ ابنِ حجرؒ نے اس کی سند کو حسن قرار دیا ہے اور معترضین پر رَدّ کیا ہے اور کہا ہے کہ اسماعیل بن عیاش جو اس حدیث کے ایک راوی ہیں اگرچہ محدثین کے نزدیک غیر شامیین سے ان کی روایات ضعیف ہیں لیکن اس پر محدثین کا اجماع ہے کہ ان کی روایات شامیین سے مقبول ہیں اور یہ روایت ابنِ عیاش نے ضمضم بن زرعہ سے کی ہے جو شامی ہیں (نصب الرایة)۔[4]

اور احادیثِ باب کا جواب ایک تو یہ ہے کہ یہ مُبیح ہیں، ان کے مقابلے میں محرِّم کو ترجیح ہوگی۔ دُوسرا جواب یہ ہے کہ غالباً احادیثِ باب مذکورہ بالا روایت سے منسوخ ہیں جس کا ایک

(۱) الهداية ج:۴ ص:۴۴۱ كتاب الذبائح، فصل فيما يحل أكله وما لا يحل۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۱۵۰، ۱۵۱ والهداية ج:۴ ص:۴۴۱۔

(۳) سنن ابى داؤد ج:۲ ص:۵۳۲ كتاب الأطعمة باب فى اكل الضب۔

(۴) نصب الراية ج:۴ ص:۱۹۵ كتاب الذبائح، فصل فيما يحل أكله، وما لا يحل۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

قرینہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "لستُ بآکله ولا محرِّمه" فرمایا، بظاہر اس وقت تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کے بارے میں کوئی حکم نازل نہ ہوا ہوگا، بعد میں جب حرمت کا حکم نازل ہوگیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہی فرمادی ہوگی۔(۱)

دُوسرا قرینہ اس باب کی آخری روایت ہے: "فقال: یا اعرابی ان الله عزّ وجلّ لعن او غضب علٰی سبط من بنی اسرائیل فمسخهم دوابًا یدِبون فی الأرض فلا ادری لعل هٰذا منها، فلستُ آکلها ولا انهی عنها" (ص:۱۵۲ سطر:۶،۵)۔

تیسرا قرینہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ"(۲) معلوم ہوا کہ ہر شیٔ خبیث حرام ہے، اور ظاہر ہے کہ ایک قوم کسی چیز کو خبیث سمجھتی ہے، اور دُوسری قوم خبیث نہیں سمجھتی تو اس میں معیار عرفِ اہلِ حجاز کو قرار دیا جائے گا، کسی اور قوم کا عرف مدارِ حکم نہیں بن سکتا، ورنہ لازم آئے گا کہ چوہا اور چھپکلی بھی حلال ہو کیونکہ اہلِ چین اس کو خبیث نہیں سمجھتے، اور احادیثِ باب میں اس کی صراحت ہے کہ ضب حجاز میں نہیں بلکہ نجد میں ہوتی تھی، اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے طبعًا ناپسند فرمایا اور کبھی ضب نہیں کھائی، چنانچہ حضرت میمونہؓ کے واقعے میں آرہا ہے کہ حضرت ابنِ عباسؓ نے فرمایا: "فقلت: احرام هو یا رسول الله؟ قال: لا ولٰکنه لم یکن بأرض قومی فأجدنی أعافه" (ص:۱۵۱ سطر:۵)۔

لیکن امام طحاویؒ نے ترجیح اِباحت کو دی ہے، اور حنفیہ کا مذہب یہ نقل کیا ہے کہ حنفیہ کے نزدیک اس کی کراہت تنزیہی ہے، (کذا فی اعلاء السنن(۳) والتکملة(۴))، لیکن متونِ ہدایہ و کتاب الآثار کے ظاہر سے کراہتِ تحریمیہ کی ترجیح معلوم ہوتی ہے، (کذا فی التکملة)۔(۵)

***

(۱) الکفایة ج:۸ ص:۴۲۰ کتاب الذبائح، فصل فیما یحل أکله، وما لا یحل۔

(۲) الاعراف: ۱۵۷۔

(۳) اعلاء السنن ج:۱۷ ص:۱۶۲ کتاب الذبائح، باب النهی عن أکل الضب۔

(۴) تکملة فتح الملهم ج:۳ ص:۲۹۶و۲۹۷۔

(۵) بحوالۂ بالا، نیز دیکھئے: الهدایة ج:۴ ص:۴۴۱ کتاب الذبائح، فصل فیما یحل أکله، وما لا یحل۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتاب الأضاحی (ص:۱۵۳)

باب سِنّ الْاُضحیة (ص:۱۵۵)

۵۰۵۵- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ قَالَ: نَا زُهَیْرٌ قَالَ: نَا اَبُو الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْبَحُوْا اِلَّا مُسِنَّةً اِلَّا اَنْ یَّعْسُرَ عَلَیْکُمْ فَتَذْبَحُوْا جَذَعَةً مِنَ الضَّاْنِ۔" (ص:۱۵۵ سطر:۴،۵)

قال فی الهدایة: ویُجْزِی من ذلك کله الثنی فصاعدًا إلا الضأن فإن الجزع منه یُجْزِی لقوله علیه السلام: ضحُّوا بالثنایا إلا أن یعسر علی احدکم فلیذبح الجذع من الضأن، وقال علیه السلام: نعمت الأضحیة الجذع من الضأن،(۱) قالوا: وهذا إذا کانت عظیمة بحیث لو خلط بالثنیان یشتبهُ علی الناظر من بعید، والجذع من الضأن ما تمت له ستة أشهر فی مذهب الفقهاء، وذکر الزعفرانیؒ انه إبن سبعة أشهر والثنی منها ومن المعز إبن سنة، ومن البقر إبن سنتین، ومن الإبل إبن خمس سنین ویدخل فی البقر الجاموس لأنه من جنسه۔(۲)

***

(۱) جامع الترمذی ج:۱ ص:۳۰۸ ابواب الأضاحی، باب فی الجذع من الضأن من الأضاحی۔

(۲) الهدایة ج:۴ ص:۴۴۹، کتاب الأضحیة۔ (من الأستاذ مدظلهم)

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

كتاب الأشربة (ص:۱۶۱)

باب تحريم الخمر وبيان أنها تكون من عصير العنب .... إلخ (ص:۱۶۱)

۵۱۰۱- "حَدَّثَنِي أَبُوْبَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ: أَنَا سَعِيْدُ بْنُ كَثِيْرِ بْنِ عُفَيْرٍ أَبُوْ عُثْمَانَ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيًّا قَالَ: كَانَتْ لِيْ شَارِفٌ مِنْ نَصِيْبِيْ مِنَ الْمَغْنَمِ يَوْمَ بَدْرٍ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَانِيْ شَارِفًا مِنَ الْخُمُسِ يَوْمَئِذٍ، فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَبْتَنِيَ بِفَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاعَدْتُ رَجُلًا صَوَّاغًا مِنْ بَنِيْ قَيْنُقَاعَ يَرْتَحِلُ مَعِيَ، فَنَأْتِيْ بِإِذْخِرٍ أَرَدْتُ أَنْ أَبِيْعَهُ مِنَ الصَّوَّاغِيْنَ فَأَسْتَعِيْنَ بِهِ فِيْ وَلِيْمَةِ عُرْسِيْ، فَبَيْنَا أَنَا أَجْمَعُ لِشَارِفَيَّ مَتَاعًا مِنَ الْأَقْتَابِ وَالْغَرَائِرِ وَالْحِبَالِ، وَشَارِفَايَ مُنَاخَانِ إِلَى جَنْبِ حُجْرَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَجَمَعْتُ حِيْنَ جَمَعْتُ مَا جَمَعْتُ فَإِذَا شَارِفَيَّ قَدِ اجْتُبَّتْ أَسْنِمَتُهُمَا وَبُقِرَتْ خَوَاصِرُهُمَا وَأُخِذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا فَلَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ حِيْنَ رَأَيْتُ ذٰلِكَ الْمَنْظَرَ مِنْهُمَا، قُلْتُ: مَنْ فَعَلَ هٰذَا؟ قَالُوْا: فَعَلَهُ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ وَهُوَ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ فِيْ شَرْبٍ مِنَ الْأَنْصَارِ غَنَّتْهُ قَيْنَةٌ وَأَصْحَابَهُ، فَقَالَتْ فِيْ غِنَائِهَا: أَلَا يَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ، فَقَامَ حَمْزَةُ بِالسَّيْفِ فَاجْتَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا فَأَخَذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا، فَقَالَ عَلِيٌّ: فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى أَدْخُلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ قَالَ: فَعَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ وَجْهِيَ الَّذِيْ لَقِيْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَا لَكَ؟" قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ مَا

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ عَدَا حَمْزَةُ عَلٰى نَاقَتَيَّ فَاجْتَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا وَهَا هُوَ ذَا فِيْ بَيْتٍ مَعَهُ شَرْبٌ، قَالَ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرِدَائِهِ فَارْتَدَاهُ، ثُمَّ انْطَلَقَ يَمْشِيْ وَاتَّبَعْتُهُ أَنَا وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ حَتّٰى جَاءَ الْبَابَ الَّذِيْ فِيْهِ حَمْزَةُ فَاسْتَأْذَنَ فَأَذِنُوْا لَهُ فَإِذَا هُمْ شَرْبٌ فَطَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلُوْمُ حَمْزَةَ فِيْمَا فَعَلَ، فَإِذَا حَمْزَةُ مُحْمَرَّةٌ عَيْنَاهُ فَنَظَرَ حَمْزَةُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ إِلٰى رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلٰى سُرَّتِهِ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلٰى وَجْهِهِ فَقَالَ حَمْزَةُ: وَهَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيْدٌ لِأَبِيْ، فَعَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ ثَمِلٌ، فَنَكَصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عَقِبَيْهِ الْقَهْقَرٰى وَخَرَجَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ۔" (ص:۱۶۱ سطر:۱۳ تا ص:۱۶۲ سطر:۱، ۲)

قوله: "الْأَقْتَابِ" (ص:۱۶۲ سطر:۱)

جمع قَتَب، بفتح القاف والتاء المثناة الفوقية، وهو للجمل كالإكاف لغيره، وهو مذكر لا يؤنث، ويقال له: "القِتْب" بكسر القاف وسكون التاء، والجمع من كليهما "أقتابٌ" (كذا في لسان العرب)۔[1]

قوله: "الْغَرَائِرِ" (ص:۱۶۲ سطر:۱)

بالغين المعجمة وبالراءِ المكرّرة، ظرفُ التِّبْنِ ونحوه، وهو جمع غَرَارَة (كذا في حاشية الذهني)۔[2] ہماری زبان میں "غرارة" کا ترجمہ ہوگا "بوری" یا "تھیلا"۔

۵۱۰۲– "حَدَّثَنِيْ أَبُو الرَّبِيْعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادٌ يَعْنِيْ ابْنَ زَيْدٍ قَالَ: أَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ سَاقِيَ الْقَوْمِ يَوْمَ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ فِيْ بَيْتِ أَبِيْ طَلْحَةَ وَمَا شَرَابُهُمْ إِلَّا الْفَضِيْخُ، الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ فَإِذَا مُنَادٍ يُنَادِيْ فَقَالَ: اخْرُجْ فَانْظُرْ، فَخَرَجْتُ فَإِذَا مُنَادٍ يُنَادِيْ: أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ۔ قَالَ: فَجَرَتْ فِيْ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ لِيْ أَبُوْ طَلْحَةَ: اخْرُجْ فَاهْرِقْهَا، فَهَرَقْتُهَا فَقَالُوْا أَوْ قَالَ

(۱) لسان العرب ج:۱۱ ص:۲۷، ۲۸ وتكملة فتح الملهم ج:۳ ص:۳۳۳۔

(۲) حاشية صحيح مسلم للذهنيّ ج:۲ ص:۲۶۷۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بَعْضُهُمْ: قُتِلَ فُلَانٌ قُتِلَ فُلَانٌ وَهِيَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ قَالَ: فَلَا اَدْرِيْ هُوَ مِنْ حَدِيْثِ اَنَسٍ فَاَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: "لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ۔" (ص:۱۶۲ سطر:۱۰ تا ۱۴)

قوله: "وَمَا شَرَابُهُمْ اِلَّا الْفَضِيْخُ، الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ (الٰى قوله) فَهَرَقْتُهَا"

(ص:۱۶۲ سطر:۱۱، ۱۲)

ائمہ ثلاثہؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک ہر مُسکر خمر ہے، چنانچہ خمر کے تمام اَحکام ہر شرابِ مسکر پر جاری ہوں گے، اور امام ابوحنیفہؒ و امام ابویوسفؒ "خمر" صرف النیّ ء من ماء العنب اذا غلا واشتدّ کو کہتے ہیں، البتہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک "وقذف بالزبد" کی قید بھی ہے، اور باقی اشربۃ مسکرۃ کو خمر نہیں کہتے، اور ان کے اَحکام بھی ان کے نزدیک خمر سے مختلف ہیں، امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اشربۃ مُسکرۃ کے اَحکام کی تفصیل یہ ہے کہ اشربۃ مُسکرۃ کی کل تین قسمیں ہیں:۔

ایک خمر، جس کی تعریف اُوپر ذکر ہوئی، اس کا قلیل و کثیر مطلقاً حرامِ قطعی ہے، حرمت کا منکر کافر ہے، شارب کو حد لگائی جائے گی، اگرچہ مُسکر نہ ہو، یہ پیشاب کی طرح نجاستِ غلیظہ ہے، مسلم کے حق میں غیر متقوّم ہے، اس کے مُتلف پر ضمان نہیں، اور اس کی بیع جائز نہیں۔

دُوسری قسم میں تین طرح کی شرابیں ہیں، ایک طلاء یعنی عصیر العنب اذا طبخ حتی یذهب اقلّ من ثلثیه، دُوسری سَکَر جسے نقیع التمر بھی کہتے ہیں، وهو النیّ ء من ماء التمر اذا اسکر، تیسری نقیع الزبیب اذا غلی واشتدّ وهو النیّ ء من ماء الزبیب اذا أسکر، ان تینوں شرابوں کا پینا بھی مطلقاً حرام ہے قلّ او کثر، لیکن ان کی حرمت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک خمر کی حرمت سے کم درجے کی ہے، کیونکہ ان کی حرمت دلیلِ ظنی (اَخبارِ آحاد) سے ثابت ہے، قرآنِ حکیم یا احادیثِ متواترہ سے ثابت نہیں، چنانچہ ان کی حرمت کا منکر کافر نہیں اور ان کے شارب کو جب تک سکر نہ ہو حد نہیں لگائی جائے گی، ان کی بیع مع الکراهة دُرست ہے اور مُتلف پر ضمان ہے اور ان کی نجاست ایک روایت میں خفیفہ اور ایک میں غلیظہ ہے۔

تیسری قسم میں وہ تمام مُسکر شرابیں داخل ہیں جو مذکورہ بالا اقسام کے علاوہ ہیں، مثلاً:

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نبيذ الحنطة، والشعير، والذرة، والتين، والعسل، وعصير العنب اذا طبخ حتّى ذهب ثلثاه فصاعداً، وكذا نبيذ التمر والزبيب اذا طبخ كل واحد منهما أدنى طبخةٌ حلال وان اشتدّ اذا شرب منه ما يغلب على ظنه انه لا يُسكر من غير لهو ولا طرب، (كذا في الهداية)۔[1]

اس تیسری قسم کی شرابوں میں اتنی مقدار حلال ہے کہ پینے والے کو اس سے سکر پیدا نہ ہو، إذا كان للتقوى لا للتلهي، پس اگر تلهّي کے لئے پیا تو حرام ہے، اور مقدارِ مُسکر بالاجماع حرام ہے، مقدارِ مُسکر پر پینے والے کو حد لگائی جائے گی یا نہیں؟ اس میں امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ نہیں لگائی جائے گی، لیکن مشائخ نے فتویٰ وجوب کا دیا ہے۔

جمہور نے اس باب کی احادیث سے اس طرح استدلال کیا ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: جب حرمتِ خمر کا اعلان ہوا تو لوگوں نے اپنی اپنی شرابیں مدینہ کی گلیوں میں بہادیں، حالانکہ مدینہ میں تمر کی شراب کے علاوہ دوسری شراب نہیں ہوتی تھی، چنانچہ اس باب کی آخری روایت میں تصریح ہے: "وما بالمدينة شراب يشرب إلا من تمر" (ص:۱۶۳ سطر:۱۴) تو معلوم ہوا کہ تمر کی شراب کو بھی "خمر" کہا جاتا تھا، ورنہ تحریمِ خمر کی آیت کی بناء پر لوگ شراب التمر کو ضائع نہ کرتے بلکہ فروخت کر دیتے۔

امام ابوحنیفہؒ کا استدلال اہلِ لغت کے اجماع سے ہے کہ "خمر" لغت میں صرف "النيّ من ماء العنب اذا غلا واشتدّ وقذف بالزبد" کو کہتے ہیں، اور قرآنِ حکیم میں صرف حرمتِ خمر کی صراحت ہے، لہٰذا اس کی حرمت تو قطعی ہوگی اور باقی اشربۃ محرّمۃ کی صراحت اَخبارِ آحاد سے ثابت ہے، جن سے حرمتِ قطعیہ ثابت نہیں ہوسکتی،[2] ورنہ "زيادة على كتاب الله بخبر واحد" لازم آئے گی؛ جانبین کے دلائل اور جزئی تفصیلات ہم احادیث کی تفسیر کے ضمن میں بیان کریں گے۔

---

(۱) الهداية ج:۴ ص:۴۹۲ تا ۴۹۷ كتاب الأشربة وتكملة فتح الملهم ج:۴ ص:۳۳۶ وبذل المجهود ج:۱۶ ص:۱۲ كتاب الأشربة، باب الخمر مم هي؟ وأوجز المسالك ج:۱۳ ص:۳۳۱ تا ۳۴۴ كتاب الأشربة۔

(۲) الهداية ج:۴ ص:۴۹۵ كتاب الأشربة وتكملة فتح الملهم ج:۴ ص:۳۴۲ وأوجز المسالك ج:۱۳ ص:۳۳۳ كتاب الأشربة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

رہا حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کہ اگر شراب التمر کی بیع جائز ہوتی تو اس کو گلیوں میں صحابہ کرامؓ نہ بہاتے، لہٰذا خمر کی طرح شراب التمر کی بیع بھی جائز نہیں۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ تمر کی شراب مُسکر کو تو ہم بھی حرام کہتے ہیں اور بیع کو مکروہ کہتے ہیں، البتہ چونکہ اس کی حرمت کی یہ روایات اخبارِ آحاد ہیں اس لئے اس کی حرمت ظنیّہ ہے قطعیّہ نہیں، صحابہؓ کا یہ عمل بھی ہم تک خبرِ واحد سے پہنچا ہے، اور شراب التمر کو بیع کے بجائے بہا دینا بیع کی کراہت کی وجہ سے تھا۔

نیز ہمارے مذہب کی تائید حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت سے ہوتی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ: جب خمر حرام کی گئی تو مدینہ طیبہ میں اس وقت یہ پائی ہی نہیں جاتی تھی، معلوم ہوا کہ شراب التمر کو "خمر" کہا ہی نہیں جاتا تھا۔(۱)

باب تحریم تخلیل الخمر (ص:۱۶۳)

۵۱۱۱- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ: أَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ح قَالَ: وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ يَحْيَى ابْنِ عَبَّادٍ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْخَمْرِ تُتَّخَذُ خَلًّا؟ فَقَالَ: "لَا۔" (ص:۱۶۳ سطر:۱۴، ۱۵)

قوله: "سُئِلَ عَنِ الْخَمْرِ تُتَّخَذُ خَلًّا؟" (ص:۱۶۳ سطر:۱۵)

تخلیلِ خمر کا مسئلہ مع اختلافِ ائمہ و دلائل کے ساتھ "کتاب المساقاة، باب تحریم بیع الخمر" میں گزر چکا ہے۔ مگر یہ حدیثِ باب وہاں نہیں آئی اس سے بھی امام شافعیؒ، امام احمدؒ اور اُن کے موافقین نے حرمتِ تخلیلِ خمر پر استدلال کیا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ خمر کو سرکہ بنانے کی یہ ممانعت اُس وقت تھی جب خمر کی حرمت کا حکم نیا نیا نازل ہوا تھا، بعد میں یہ ممانعت منسوخ ہو گئی، جیسے کہ اَوانیٔ اربعہ میں نبیذ رکھنے کی حُرمت شروع میں تھی، بعد میں منسوخ کر دی گئی۔ شروع میں ہونے کی دلیل یہ ہے کہ امام مسلمؒ نے یہاں حدیثِ باب کو مختصر روایت کیا ہے، دار قطنی نے اپنی سنن میں اسرائیل کے طریق سے اس طرح نقل کی ہے: "عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ

(۱) اعلاء السنن ج:۱۸ ص:۲۰ كتاب الأشربة، باب حرمة الخمر ونصب الراية ج:۴ ص:۲۹۶ رقم الحديث: ۷۵۵۶، ۷۵۵۷ كتاب الأشربة۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

يَتيمًا كان في حِجْرِ ابي طلحة، فاشترى له خمرًا، فلمّا حُرِّمَتْ سئل النبيُّ صلى الله عليه وسلم: ايَتَّخِذُ خَلًّا؟ قال: لا "[1] اس سے صاف ظاہر ہے کہ تخلیل کی ممانعت تحریمِ خمر کے بالکل ابتدائی دور میں تھی، جو منسوخ ہوگئی، اور نسخ کے دلائل وہ احادیث ہیں جو ہم کتاب المساقاۃ، باب تحریم بیع الخمر میں بیان کر چکے ہیں۔

باب أنّ جميع ما ينبذ ممّا يُتّخذ من النخل والعنب .... إلخ (ص:۱۶۳)

۵۱۱۳- "حَدَّثَنِيْ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ: انَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَبِيْ عُثْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ اَنَّ اَبَا كَثِيْرٍ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ۔" (ص:۱۶۳ سطر:۱۷تا۱۹)

قوله: "اَلْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ": (ص:۱۶۳ سطر:۱۸)

امام شافعیؒ اور ان کے موافقین نے ہر شراب مُسکر کے خمر ہونے پر اس سے بھی استدلال کیا ہے کیونکہ اس میں نخلۃ سے بننے والی شراب کو بھی "خمر" قرار دیا ہے۔[2]

اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں خمر سے مراد عمومِ مجاز کے طور پر شراب مُحرّم ہے، یعنی ایسی شراب محرّم جس کا قلیل و کثیر حرام ہوتا ہے ان دو درختوں سے حاصل ہوتی ہے، یہ تاویل اس لئے ناگزیر ہے کہ خمر کے معنی جو اُوپر ہم نے بیان کئے ہیں اس پر اہلِ لغت کا اجماع ہے، اس تاویل کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بتانے کے لئے مبعوث نہیں ہوئے تھے کہ کون سی چیز کس سے بنائی جاتی ہے، اور نہ بیانِ لغت کے لئے مبعوث ہوئے تھے کہ کون سے لفظ کے کیا معنی ہیں، بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اَحکامِ شرعیہ کی تعلیم کے لئے مبعوث ہوئے تھے، لہٰذا منصبِ رسالت کے موافق یہی ہے کہ اس جملے کو بیانِ حکمِ شرعی پر محمول کیا جائے نہ کہ بیانِ لغت یا بیانِ صنعت پر، یعنی یوں کہا جائے کہ اس جملے سے ان دو درختوں سے حاصل کردہ شراب کا حکم

(۱) تکملة فتح الملهم ج:۱ ص:۳۴۵ تا ۳۴۶، بحواله دارقطني ج:۴ ص:۲۶۵، باب تحريم تخليل الخمر۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۶۳۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

بیان کرنا مقصود ہے کہ وہ حرام ہے، "خمر" کے معنی یا اس کا ماخذ بیان کرنا مقصود نہیں، البتہ حرمت کا یہ حکم چونکہ خبرِ واحد سے ثابت ہوا ہے، لہٰذا یہ حرمت ظنّیة ہوگی قطعیة نہیں۔ (۱)

باب کراهة إنتباذ التمر والزبيب مخلوطين (ص:۱۶۳)

۵۱۱۶- "حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ قَالَ: نَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِیْ رَبَاحٍ قَالَ: نَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی اَنْ يُّخْلَطَ الزَّبِيْبُ وَالتَّمْرُ وَالْبُسْرُ وَالتَّمْرُ۔" (ص:۱۶۳ سطر:۲۱و۲۲)

قوله: "نَهٰی اَنْ يُّخْلَطَ الزَّبِيْبُ وَالتَّمْرُ .... إلخ" (ص:۱۶۳ سطر:۲۲)

ایسی مخلوط نبیذ اگر غیر مطبوخ بھی ہو اور مُسکر بھی، تو بالاجماع حرام ہے، کما مرّ قبل البابين، اور اگر غیر مطبوخ غیر مسکر ہو تو جمہور کے نزدیک مکروہِ تنزیہی ہے، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک بلا کراہت جائز ہے، اور اگر مطبوخ مُسکر ہو تو جمہور کے نزدیک حرام اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس کا وہی حکم ہے جو نبیذ الحنطة والشعير ونحوهما کا ہے، (۲) یعنی مقدارِ غیر مُسکر حلال ہے بشرط ان يكون للتقوّي لا للتلهّي۔

ہماری دلیل وہ روایت ہے جسے امام محمدؒ نے "کتاب الآثار" میں امام ابوحنیفہؒ سے نقل کیا ہے کہ ابنِ زیاد کہتے ہیں کہ ابنِ عمرؓ نے مجھے ایک مشروب پلایا جس کے بعد میں نے اپنے گھر کا راستہ بھی بمشکل پہچانا، اگلے دن میں نے ابنِ عمرؓ سے ذکر کیا تو فرمایا: "ما زدناك على عجوة وزبيب"۔ (۳) معلوم ہوا کہ یہ مخلوط تھی، نیز یہ مطبوخ بھی تھی کیونکہ ابنِ عمرؓ سے غیر مطبوخ نبیذ کی حرمت منقول ہے، كذا في الهداية۔ (۴)

اور حدیثِ باب کا جواب یہ ہے کہ اس کی نہی ابتدائے اسلام میں تھی یا تو عسرت وتنگدستی کی

---

(۱) الهداية ج:۴ ص:۴۹۳ كتاب الأشربة۔

(۲) شرح صحيح مسلم للنووي ج:۲ ص:۱۶۳ والهداية ج:۴ ص:۴۹۶، ۴۹۷ كتاب الأشربة۔

(۳) نصب الراية ج:۴ ص:۳۰۰ كتاب الأشربة رقم الحديث: ۷۵۷۶ وكتاب الآثار ص:۱۹۰ كتاب الحظر والاباحة، باب الأشربة والأنبذة الخ رقم الحديث: ۸۲۹۔

(۴) الهداية ج:۴ ص:۴۹۶ كتاب الأشربة وتكملة فتح الملهم ج:۳ ص:۳۴۷و۳۴۸۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

وجہ سے (ذکرہ صاحب الهدایة)،[1] جیسے قران بین التمرتین کے بارے میں علماء نے یہی علت بیان کی ہے، یا اس لئے کہ مخلوط نبیذ میں سکر جلدی پیدا ہو جاتا ہے تو ابتدائے تحریم کے وقت جیسا کہ ظروفِ اربعہ سدِّ ذریعہ کے طور پر حرام کر دیئے گئے تھے اور بعد میں حلال کر دیئے گئے، اسی طرح خلیطین کو سدِّ ذریعہ کے طور پر منع کیا گیا اور بعد میں ممانعت منسوخ ہوگئی، (ذکر هذا الوجه الشیخ الجنجوهی رحمه الله فی الکوکب)۔[2] اور دلیلِ نسخ وہ روایات ہیں جو حافظ زیلعیؒ نے "نصب الرایة"[3] میں حضرت عائشہ، اُمّ سلیم، ابوطلحہ اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہم سے نقل کی ہیں، ان روایات سے خلیطین کی مقدارِ قلیل کا جواز ثابت ہوتا ہے، اگرچہ اس کا کثیر مُسکر ہو، فلیراجع۔

باب النهي عن الإنتباذ في المزفت ..... إلخ (ص:۱۶۴)

۵۱۷۴- "حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: نَا اَبُو الزُّبَيْرِ ح قَالَ: وَثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ: اَنَا اَبُوْخَيْثَمَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ يَنْبَذُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سِقَاءٍ فَاِذَا لَمْ يَجِدُوْا سِقَاءً نُبِذَ لَهٗ فِيْ تَوْرٍ مِنْ حِجَارَةٍ۔ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ وَاَنَا اَسْمَعُ لِاَبِي الزُّبَيْرِ: مِنْ بِرَامٍ؟ قَالَ: مِنْ بِرَامٍ۔"

(ص:۱۶۶ سطر:۲۵ تا ۲۷)

قوله: "مِنْ بِرَامٍ؟" (ص:۱۶۶ سطر:۲۷)

بكسر الموحدة من تحت جمع البُرْمة وهي القدرُ من الحجارة وقد يطلق على القِدر مطلقًا، كما في لسان العرب۔[4] فقول السائل لأبي الزبير: "من بِرَامٍ؟" معناه اتريد بقولك: "تورٍ من حجارة" انّ التورُ كان من بِرَامٍ؟ اى من القدور المتخذة من الحجارة المردفة؟ فقال أبو الزبير: "من بِرَامٍ" اى نعم كان التور من تلك القدور۔

والتورُ: إناءٌ معروف تُشْرَبُ فيه، وفي حديث امّ سُليم: "انها صَنَعَتْ حَيْسًا في

(۱) الهداية ج:۴ ص:۴۹۷ كتاب الأشربة۔

(۲) الكوكب الدرى ج:۲ ص:۱۳ ابواب الأشربة، باب كل مسكر خمر۔

(۳) نصب الراية ج:۴ ص:۳۰۱ كتاب الأشربة رقم الحديث: ۷۵۸۴۔

(۴) لسان العرب ج:۱ ص:۳۹۲ والمنجد في اللغة ص:۳۵ وحاشية صحيح مسلم للذهنیؒ ج:۲ ص:۲۷۶ واكمال اكمال المعلم مع مكمل اكمال الاكمال ج:۵ ص:۳۲۰۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

تَوْرٍ" هو إناءٌ من صفرٍ أو حجارةٍ كالإجّانَة وقد يتوضأ منه، كذا في لسان العرب۔[1] وقال في المنجد: هو إناءٌ صغير۔[2]

باب بيان أنّ كل مُسكر خمر .... إلخ (ص:۱۶۷)

۵۱۷۹- "حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ: قَرَأْتُ عَلٰى مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِتْعِ؟ فَقَالَ: "كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ"۔ (ص:۱۶۷ سطر:۵،۶)

قوله: "عَنِ الْبِتْعِ؟" (ص:۱۶۷ سطر:۶)

قليله حلال عند أبي حنيفةؒ، والقدر المسكر حرام، كما مرّ، ومذهبنا لا يخالف هذا الحديث لأن القليل منه إذا لم يسكر لم يصدق عليه أنه شراب مسكر، معلوم ہوا کہ علتِ نہی سکر ہے کیونکہ مشتق کے حکم کی علت مادّۂ اشتقاق ہوتا ہے، ومذهبنا كذلك في البتع ونحوه۔[3]

۵۱۸۲- "حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيْعِ الْعَتَكِيُّ وَأَبُوْ كَامِلٍ قَالَا: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نَا أَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا فَمَاتَ وَهُوَ يُدْمِنُهَا لَمْ يَتُبْ لَمْ يَشْرَبْهَا فِي الْآخِرَةِ"۔ (ص:۱۶۷ سطر:۲۳،۲۴)

قوله: "كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ" (ص:۱۶۷ سطر:۲۳)

جمہور نے اپنے مذہب پر اس سے بھی استدلال کیا ہے، لیکن جواب وہی ہے جو "الخمر من هاتين الشجرتين" میں دیا گیا، کہ مراد ماہیتِ خمر یا معنیٔ خمر بیان کرنا نہیں، بلکہ حکم بیان کرنا مقصود ہے، اور مطلب یہ ہے کہ ہر مسکر حرام ہے کالخمر ومذهبنا كذلك، بلکہ "الخمر

(۱) لسان العرب ج:۲ ص:۹۳۔

(۲) المنجد في اللغة ص:۶۶ وشرح صحيح مسلم للنوويؒ ج:۲ ص:۱۶۶ وتكملة فتح الملهم ج:۳ ص:۵۶۳۔

(۳) الهداية ج:۴ ص:۴۹۷ كتاب الأشربة

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

من هاتين الشجرتين" سے تو ہمارے مذہب کی اور تائید ہوتی ہے، کیونکہ اگر خمر کو "هاتين الشجرتين" میں منحصر مانا جائے اور خمر سے مراد شراب محرّم لی جائے، تو نبیذ الحنطة وغیرہ اس سے خارج ہو جاتی ہے، البتہ ترمذی وغیرہ کی بعض روایات میں جو مرفوعاً آیا ہے: "ما اسكر كثيره فقليله حرام"(۱) اور "ماأسكر الجرة منه، فالجرعة حرام"(۲) تو اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ یہ قصد تلہّی پر محمول ہے، اور تلہّی کے لئے وہ ہمارے نزدیک بھی حرام ہے۔ اور دُوسرا جواب یہ ہے کہ قلیل اور جُرعة سے مراد وہ آخری قلیل حصہ اور جُرعة ہے جس سے سکر ہوا، اور جو اس سے پہلے پیا گیا ہو وہ اس میں داخل نہیں۔(۳) اور تیسرا جواب اعلاء السنن میں یہ دیا ہے کہ مَا اسکر سے مراد خمر ہے، یعنی جس خمر کا کثیر مُسکر ہو اس کا قلیل بھی حرام ہے۔(۴)

ان تاویلات کی ضرورت ہمیں اس لئے پیش آتی ہے کہ حضرت عمر، ابن عمر، ابن عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہم سے ایسی اشربۃ مُسکرۃ کا پینا اور پلانا ثابت ہے جن کا قلیل مُسکر نہ تھا اور کثیر مُسکر تھا، مثلاً ابنِ عمرؓ اور ابنِ زیاد کا واقعہ پیچھے گزر چکا، اور حضرت علیؓ کے بارے میں حاشیة الکوکب الدری میں روایت ہے کہ انہوں نے کچھ لوگوں کی ضیافت کی جن میں سے ایک شخص کو سکر ہوگیا، تو اس پر حد جاری کی، اس نے کہا: آپ خود ہی پلاتے ہیں اور خود ہی حد لگاتے ہیں؟ تو حضرت علیؓ نے فرمایا: "انما اضربك للسكر"۔(۵) نیز امام طحاویؒ نے ابنِ عمرؓ سے روایت کی ہے:

"انّ النبي صلى الله عليه وسلم أتي بنبيذ فشمّه فقتب وجهه لشدّته فصَبّ عليه من الماء فشربه"۔(۶)

---

(۱) أخرجه الترمذي في الأشربة عن جابر بن عبدالله رضي الله عنه ج:۲ ص:۳۵۰۔

(۲) نصب الراية ج:۴ ص:۳۰۵ رقم الحديث: ۶۵۹۴ وسنن الدارقطني ج:۳ ص:۵۰۷ رقم الحديث: ۴۵۸۱ بألفاظ مختلفة۔

(۳) بذل المجهود ج:۱۶ ص:۱۸ كتاب الأشربة، باب ما جاء في السكر ونصب الراية ج:۴ ص:۳۰۵ كتاب الأشربة وأنوار المحمود ج:۲ ص:۳۸۹ كتاب الأشربة، باب ما جاء في السكر۔

(۴) اعلاء السنن ج:۱۸ ص:۲۱، ۲۸ كتاب الأشربة، باب قوله: كل مسكر حرام، وكل مسكر خمر۔

(۵) حاشية الكوكب الدري ج:۲ ص:۱۲، ۱۳ ابواب الأشبة، باب كل مسكر خمر وشرح معاني الآثار ج:۲ ص:۳۰۰ كتاب الأشربة، باب ما يحرم من النبيذ وبذل المجهود ج:۱۶ ص:۱۷ كتاب الأشربة، باب ما جاء في السكر۔

(۶) شرح معاني الآثار ج:۲ ص:۳۰۰، ۳۰۱ كتاب الأشربة، باب ما يحرم من النبيذ۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نیز "اعلاء السنن" میں نقل فرمایا ہے: "عن ابن عباسؓ قال: حرمت الخمر لعینها والسکر من کل شراب" اخرجه الطحاویؒ فی معانی الآثار[1] وهکذا رواه ابوبکرؒ بن ابی خیثمة فی تاریخه عن ابی نُعَیم، واخرجه ایضًا من طریق ابن ابی خیثمة قاسم بن اصبغ، وقال ابن حزم: صحیح کما فی عقود الجواهر المنیفة"[2]۔ وقال صاحب اعلاء السنن بعد نقلِ هذا: یدل علیه ما رواه ابراهیم عن عمر انه ذاق من نبیذ اعرابی سکر منه، وشربه بعد کسره بالماء۔[3] والله اعلم۔

***

(۱) شرح معانی الآثار ج:۲ ص:۲۹۷ کتاب الأشربة، باب الخمر المحرمة ما هی؟ واعلاء السنن ج:۱۸ ص:۲۷ کتاب الأشربة، باب الخمر حرام لعینها۔

(۲) عقود الجواهر المنیفة ج:۲ ص:۱۰۵، ۱۰۲۔ (من اُستاذنا المکرّم مدظلهم)

(۳) اعلاء السنن ج:۱۸ ص:۲۹ کتاب الأشربة، بابُ قوله کل مسکر حرام وکل مسکر خمر۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

کتابیات

(اس کتاب کے متن یا حاشیہ میں جن کتابوں کا حوالہ دیا گیا ہے، ان کے اسماء حروفِ تہجی کے اعتبار سے مندرجہ ذیل ہیں)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱	القرآن الکریم			
	(الف)			
۲	الاختیار	علامہ عبداللہ بن محمود الحنفی	مطبعۃ مصطفی البابی الحلبی الادارۃ العامۃ الأزھریۃ، مصر	
۳	ارشاد القاری	مولانا مفتی رشید احمد لدھیانوی	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	۱۴۰۵ھ
۴	أحکام القرآن للتھانوی	مفتی محمد شفیع صاحب، مفتی جمیل احمد تھانوی	ادارۃ القرآن کراچی	
۵	أحکام القرآن للجصاص	علامہ ابوبکر احمد بن علی الجصاص	سہیل اکیڈمی لاہور	
۶	الاستیعاب فی معرفۃ الصحابۃ	حافظ ابن عبدالبر	دار الجیل بیروت	۱۴۱۲ھ
۷	أسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ	امام ابن الأثیر الجزری	دار احیاء التراث العربی بیروت	۱۴۱۷ھ
۸	الأشباہ والنظائر	علامۃ ابن نجیم الحنفی	ادارۃ القرآن کراچی	۱۴۱۸ھ
۹	الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ	حافظ ابن حجر العقسلانی	مطبعۃ مصطفی محمد مصر	۱۳۵۸ھ
۱۰	الاعتصام	علامہ ابواسحاق ابراھیم بن موسی الشاطبی	دار المعرفۃ بیروت	۱۴۰۵ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۱	اعلاء السنن	علامه ظفر احمد عثمانی	ادارة القرآن كراچی	
۱۲	اكمال المعلم	علامه قاضی عياض	دار الوفاء المنصوره	۱۴۱۹ هـ
۱۳	اكمال اكمال المعلم	امام ابی المالكی	دار الكتب العلمية بيروت	
۱۴	الانصاف	علامه علاء الدين أبوالحسن علی بن سليمان المرداوی	دار احياء التراث العربی بيروت	۱۴۰۰ هـ
۱۵	انوار المحمود علیٰ سنن ابی داوٗد	علامه شيخ محمد صديق نجيب آبادی	ادارة القرآن كراچی	۱۴۲۱ هـ
۱۶	أوجز المسالك	شيخ الحديث مولانا محمد زكريا	اداره تأليفات اشرفيه ملتان	۱۳۹۲ هـ
	(ب)			
۱۷	البحر الرائق	علامه ابن نجيم الحنفی	دار الكتب العلمية بيروت	۱۴۱۸ هـ
۱۸	البحر المحيط (تفسير)	علامه أبو حيان	مطبعة السعادة القاهرة	۱۳۲۸ هـ
۱۹	بحر المذهب	علامه عبدالواحد ابن اسماعيل	دار احياء التراث العربی بيروت	۱۴۲۳ هـ
۲۰	بدائع الصنائع	امام ابوبكر الكاسانی	دار احياء التراث العربی بيروت	
۲۱	بذل المجهود	مولانا خليل أحمد سهارنپوری	مطبع ندوة العلماء لكهنو	۱۳۹۳ هـ
۲۲	بُغْيَةُ الرائد فی تحقيق مجمع الزوائد	علامه جلال الدين السيوطی		
۲۳	البناية	علامه بدر الدين عينی	مكتبه امداديه فيصل آباد	
۲۴	بيان القرآن	مولانا اشرف علی تهانوی	ايچ ايم سعيد كمپنی	
	(ت)			
۲۵	تاج العروس	السيد محمود مرتضیٰ الزبيدی	دار ليبيا بنغاری	

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۲۶	تاريخ الأمم والملوك (تاريخ الطبرى)	علامه ابوجعفر محمد بن جرير الطبرى	مطبعة الاستقامة القاهرة	۱۳۵۸ھ
۲۷	التاريخ الكبير للبخارى	امام محمد بن اسماعيل البخارى		
۲۸	تاريخ اليعقوبى	علامه أحمد بن أبى يعقوب اليعقوبى	دار صادر بيروت	
۲۹	تبيين الحقائق	امام فخر الدين عثمان بن على الزيلعى	دار الكتب العلمية بيروت	
۳۰	تعليق الصبيح	مولانا محمد ادريس كاندهلوى	مكتبه عثمانيه لاهور	
۳۱	التفسير الكبير	امام فخر الدين الرازى	المطبعة البهية المصرية	
۳۲	التفسير المظهرى	مولانا قاضى ثناء الله پانى پتى	ادارة اشاعت العلوم دهلى	
۳۳	تكملة البحر الرائق	امام محمد بن حسين الطورى القادرى	دار الكتب العلمية بيروت	
۳۴	تكملة فتح الملهم	مولانا مفتى محمد تقى عثمانى مدظلهم	مكتبة دار العلوم كراچى	۱۴۱۲ھ
۳۵	تلخيص الحبير	علامه ابن حجر العسقلانى	مكتبة نزار مصطفى الباز مكة المكرمة	۱۴۱۷ھ
۳۶	التمهيد لما فى المؤطا من المعانى والاسانيد	علامه ابن عبدالبر	مكتبة نزار مصطفى الباز مكة المكرمة	۱۴۱۶ھ
۳۷	تهذيب التهذيب	علامه حافظ ابن حجر	دار المعرفة بيروت	۱۴۱۷ھ
۳۸	تهذيب الكمال فى أسماء الرجال	علامه حافظ جمال الدين المزى	مؤسسة الرسالة بيروت	۱۴۱۳ھ

(ج)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۳۹	الجامع لأحكام القرآن (تفسير القرطبى)	امام أبو عبدالله محمد بن أحمد القرطبى	دار الكتاب العربى بيروت	۱۴۲۳ھ
۴۰	جامع الترمذى	امام أبو عيسىٰ محمد بن عيسىٰ الترمذى	مكتبه رحمانيه لاهور	

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۴۱	الجامع الصغير للسيوطي	علامہ عبدالرحمن السيوطي	مكتبة نزار مصطفى الباز السعودية	۱۴۲۰ھ
۴۲	جامع المسانيد (مسانید امام اعظم)	علامہ ابومؤيد محمد بن محمود الخوارزمی	مجلس دائرة المعارف حيدرآباد دكن	۱۳۳۲ھ
۴۳	الجوهر النقي	علامہ علاء الدين الماردينی الشهير بابن التركمانی	نشر السنة ملتان	

(۳)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۴۴	حاشية الحل المفهم	شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی	مكتبة الشيخ كراچی	
۴۵	حاشية الدسوقي	امام محمد بن أحمد الدسوقی	دار الفكر مصر	
۴۶	حاشية السندی علیٰ صحيح مسلم	علامہ محمد بن عبدالهادی السندی	قدیمی کتب خانہ کراچی	۱۳۷۵ھ
۴۷	حاشية الشيخ الشلبی	علامہ شهاب الدين أحمد الشلبی	دار الكتب العلمية بيروت	
۴۸	حاشية صحيح مسلم للذهنی	شیخ محمد ذهنی	مصطفى البابی الحلبی وأولاده مصر	۱۳۴۸ھ
۴۹	حاشية الطحطاوی علی الدر	علامہ سیّد أحمد الطحطاوی	المكتبة العربية كوئٹہ	۱۲۸۲ھ
۵۰	حاشية الكوكب الدری	شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی	ادارة القرآن کراچی	۱۴۰۷ھ
۵	حاسية المستدرك	مصطفیٰ عبدالقادر عطا	دار الكتب العلمية بيروت	۱۴۱۱ھ
۵۲	الحاوی الكبير فی فقه مذهب الشافعی	علامہ علی بن محمد	دار الكتب العلمية بيروت	۱۴۱۴ھ
۵۳	حجة الله البالغة	حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	قدیمی کتب خانہ	

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۵۴	الحل المفهم	مولانا رشید احمد گنگوہی	مکتبة الشیخ کراچی	

(د)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۵۵	دائرة معارف القرن	محمد فرید وجدی	مطبع دائرة معارف القرن العشرون	
۵۶	الدراية في تخريج أحاديث الهداية	علامه حافظ ابن حجر العسقلاني	المكتبة الأثريه شيخوپوره	
۵۷	الدر المختار	علامه علاء الدين حصكفي	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	۱۴۰۶ھ
۵۸	الدر المنثور	علامه عبدالرحمٰن السيوطي	دار احياء التراث العربي بيروت	۱۴۲۱ھ
۵۹	دلائل النبوة	امام أبوبكر أحمد بن الحسين البيهقي	دار الكتب العلمية بيروت	
۶۰	الديباج علىٰ صحيح مسلم بن الحجاج	علامه جلال الدين سيوطي	ادارة القرآن كراچی	۱۴۱۲ھ

(ر)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۶۱	رد المحتار المعروف بفتاویٰ الشامية	علامه ابن عابدين الشامي	ایچ ایم سعید کمپنی	۱۴۰۶ھ
۶۲	روح المعاني	علامه أبوالفضل محمود الآلوسي	المكتبة الرشيديه لاهور	

(س)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۶۳	سراجي	شيخ سراج الدين محمد بن عبدالرشيد السجاوندي	مكتبه شركت علميه ملتان	
۶۴	سنت و بدعت	مولانا مفتی محمد شفیع صاحب	ادارة المعارف کراچی	۱۴۲۵ھ
۶۵	سنن أبي داؤد	امام أبوداؤد السجستاني	مير محمد كتب خانه كراچی	۱۳۶۹ھ
۶۶	سنن ابن ماجة	ابن ماجة		

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۶۷	سنن الدارقطنی	امام علی بن محمد عمر الدارقطنی	دار المعرفة بیروت	۱۴۲۲ھ
۶۸	سنن الدارمی	امام عبدالله الدارمی	دار القلم دمشق	۱۴۱۷ھ
۶۹	السنن الکبریٰ للبیهقی	امام أبوبکر أحمد بن الحسین البیهقی	نشر السنة ملتان	
۷۰	سنن الکبریٰ للنسائی	امام أبو عبدالرحمٰن النسائی	دار الکتب العلمیة بیروت	۱۴۱۱ھ
۷۱	سنن النسائی	امام أبو عبدالرحمٰن النسائی	قدیمی کتب خانه کراچی	
۷۲	السیرة النبویة المعروف بسیرة ابن هشام	علامه ابن هشام الحمیری	مکتبة مصطفی البابی مصر	۱۳۷۵ھ

(ش)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۷۳	شرح البخاری لابن بطال	امام أبوالحسن علی بن خلف	مکتبة الرشد الریاض	۱۴۲۰ھ
۷۴	شرح البخاری للکرمانی	علامه محمد بن یوسف الکرمانی	دار احیاء التراث العربی بیروت	۱۴۰۱ھ
۷۵	شرح الزرقانی علیٰ مؤطا	علامه محمد الزرقانی	مصر	
۷۶	شرح صحیح مسلم للنووی	علامه أبو زکریا یحیٰی بن شرف النووی	قدیمی کتب خانه کراچی	۱۳۷۵ھ
۷۷	شرح الصغیر للدردیر	علامه أحمد بن محمد بن أحمد الدردیر	دار المعارف مصر	۱۳۹۲ھ
۷۸	شرح الطیبی	امام شرف الدین حسین بن محمد الطیبی	ادارة القرآن کراچی	
۷۹	شرح عقود رسم المفتی	علامه ابن عابدین الشامی	مکتبة دار العلوم کراچی	
۸۰	شرح معانی الآثار	امام أبو جعفر الطحاوی	مکتبۂ حقانیه پشاور	
۸۱	شرح منح الجلیل	شیخ محمد عایش		

(ص)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۸۲	الصحاح فی اللغة والعلوم	مرعشلی	دار الحضارة العربیة	۱۹۷۴م

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۸۳	صحیح ابن حبان	امام ابو حاتم محمد بن حبان	دار الکتب العلمیة بیروت	۱۴۰۷ھ
۸۴	صحیح البخاری	امام محمد بن اسماعیل البخاری	قدیمی کتب خانہ کراچی	۱۳۸۱ھ
۸۵	صحیح مسلم	امام مسلم بن الحجاج القشیری	قدیمی کتب خانہ کراچی	۱۳۷۵ھ

(ع)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۸۶	العرف الشذی	علامہ أنور شاہ کشمیری	دار احیاء التراث العربی بیروت	۱۴۲۵ھ
۸۷	عقود الجواهر المنیفة	علامہ محمد بن محمد الزبیدی	مطبعة الشبشکی الأزهر	
۸۸	العنایة علیٰ هامش الفتح القدیر	علامہ محمد بن محمد بن أحمد الحنفی	دار الکتب العلمیة بیروت	
۸۹	عمدة القاری	علامہ بدر الدین العینی	دار الفکر بیروت	
۹۰	عون المعبود	علامہ محمد شمس الحق عظیم آبادی	دار الکتب العلمیة بیروت	

(غ)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۹۱	غریب الحدیث للخطابی	علامہ محمد بن محمد الخطابی	جامعة أم القریٰ مکة المکرمة	۱۴۰۲ھ

(ف)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سنِ طباعت
۹۲	الفائق فی غریب الحدیث	علامہ محمود بن عمر الزمخشری	دار الفکر بیروت	۱۴۱۴ھ
۹۳	الفتاوی البزازیة	شیخ محمد بن محمد الکردری	مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ	۱۴۰۳ھ
۹۴	فتاویٰ قاضی خان	امام فخر الدین حسن بن منصور	مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ	۱۴۰۳ھ
۹۵	فتاوی الهندیة	علامہ شیخ نظام وجماعة من العلماء	مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ	۱۴۰۳ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۹۶	فتح الباری	علامہ حافظ ابن حجر العسقلانی	دار نشر الکتب الاسلامیة	
۹۷	فتح القدیر	امام کمال الدین المعروف بن الهمام	دار الکتب العلمیة بیروت	
۹۸	فتوح البلدان	علامہ احمد بن یحیٰی البلاذری	دار الکتب العلمیة بیروت	۱۴۰۳ھ
۹۹	الفروق للقرافی	علامہ شهاب الدین القرافی	دار المعرفة بیروت	
۱۰۰	فوائدِ نافع			
۱۰۱	فیض الباری	علامہ محمد أنور شاہ کشمیری	المجلس العلمی ڈابھیل ہند	۱۳۵۷ھ

(ق)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۰۲	القاموس المحیط	علامہ مجد الدین الشیرازی الفیروزآبادی	دار احیاء التراث العربی بیروت	۱۴۱۲ھ

(ک)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۰۳	کتاب الآثار	امام محمد بن الحسن الشیبانی	ادارة القرآن کراچی	
۱۰۴	کتاب الحجة علیٰ أهل المدینة			
۱۰۵	کتاب العلل			
۱۰۶	کتاب الکافی			
۱۰۷	کتاب المیسّر	امام ابو عبداللہ فضل اللہ التوربشتی	مکتبة نزار مصطفی مکة المکرمة	
۱۰۸	کتاب الوسیلة للموصلی			
۱۰۹	کشف الخفاء	علامہ اسماعیل بن محمد العجلونی	مؤسسة الرسالة بیروت	۱۴۰۳ھ
۱۱۰	الکفایة	شیخ امام تاج الشریعة عمر بن عبیداللہ المحبوبی الحنفی		
۱۱۱	الکوکب الدری	مولانا رشید احمد گنگوهی	ادارة القرآن کراچی	۱۴۰۷ھ

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
		(ل)		
۱۱۲	لامع الدراری	مولانا رشید احمد گنگوهی	مکتبة الیحیویة سهارنپور	۱۳۷۹ هـ
۱۱۳	لسان العرب	علامه ابن منظور	دار احیاء التراث العربی بیروت	
		(م)		
۱۱۴	المبدع	علامه برهان الدین ابراهیم بن محمد الحنبلی	المکتب الاسلامی بیروت	۱۹۸۰م
۱۱۵	المبسوط للسرخسی	امام أبوبکر محمد بن أحمد السرخسی	ادارة القرآن کراچی	
۱۱۶	مجمع بحار الأنوار	علامه محمد طاهر الگجراتی	مکتبة دارالایمان المدینة المنورة	۱۳۱۵ هـ
۱۱۷	مجمع الزوائد	شیخ حافظ نور الدین الهیثمی	دار الکتب العلمیة بیروت	۱۴۲۲ هـ
۱۱۸	محلّٰی	علامه ابن حزم	دار الکتب العلمیة بیروت	۱۴۲۳ هـ
۱۱۹	المحیط البرهانی	امام برهان الدین محمود بن صدر الشریعة	ادارة القرآن کراچی	۱۴۲۴ هـ
۱۲۰	مرقاة المفتایح	علامه علی بن سلطان محمد القاری	مکتبة حقانیه پشاور	
۱۲۱	المستدرك للحاکم	امام أبو عبدالله محمد بن عبدالله الحاکم	دار الکتب العلمیة بیروت	۱۴۱۱ هـ
۱۲۲	مسند أحمد	امام أحمد بن حنبل	مؤسسة الرسالة بیروت	۱۴۱۹ هـ
۱۲۳	مسند الشافعی	امام محمد بن ادریس الشافعی		
۱۲۴	مسند ابی یعلی	امام احمد بن علی الموصلی		

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۲۵	مسند اسحاق بن راهویه	امام اسحاق بن محمد الحنظلي النيسابوری		
۱۲۶	مسند الطيالسي	امام سليمان بن داؤد الطيالسي		
۱۲۷	مسند أبي عوانة	امام يعقوب بن اسحاق بن ابراهيم الأسفرايني النيسابوری		
۱۲۸	مشارق الأنوار	امام قاضي عياض	دار الفكر بيروت	۱۴۱۸ھ
۱۲۹	مشكوٰة المصابيح	امام ولي الدين الخطيب التبريزی	قديمی كتب خانه كراچی	۱۳۶۸ھ
۱۳۰	مصنف ابن ابی شيبة	امام ابوبكر عبدالله بن محمد بن ابی شيبة	ادارة القرآن كراچی	۱۴۰۶ھ
۱۳۱	مصنف عبدالرزاق	امام عبدالرزاق بن همام الصنعانی	المجلس العلمی	۱۳۹۰ھ
۱۳۲	معارف القرآن	مولانا مفتی محمد شفيع صاحب	ادارة المعارف كراچی	۱۴۰۴ھ
۱۳۳	معالم السنن	امام أبو سليمان محمد بن محمد الخطابی	دار الكتب العلمية بيروت	۱۴۱۶ھ
۱۳۴	معجم الأوسط للطبرانی	حافظ أبو القاسم سليمان بن أحمد الطبرانی	مكتبة المعارف الرياض	۱۴۰۶ھ
۱۳۵	معجم البلدان	أبو عبدالله ياقوت الحموی	دار صادر بيروت	۱۳۷۴ھ
۱۳۶	المعجم البير للطبرانی	حافظ أبو القاسم سليمان بن أحمد الطبرانی	مطبعة الزهراء الحديثة موصل	۱۴۰۴ھ
۱۳۷	المعلم بفوائد مسلم	امام أبو عبدالله محمد بن علی المازری	دار الغرب الاسلامی بيروت	
۱۳۸	معين الحكام	شيخ علاء الدين أبوالحسن علی بن خليل الطرابلسی		

www.besturdubooks.wordpress.com

(c) ketabton.com: The Digital Library

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۳۹	المغنی لابن قدامة	علامہ موفق الدین ابن قدامة	دار الکتاب العربی بیروت	
۱۴۰	المفهم	امام أبو العباس القرطبی	دار ابن کثیر دمشق	۱۴۱۷ھ
۱۴۱	المقدمات الممهدات			
۱۴۲	مکمل اکمال الاکمال	امام أبو عبدالله السنوسی	دار الکتب العلمیة بیروت	
۱۴۳	المنتقی شرح المؤطا	علامہ ابوالولید سلیمان بن خلف الباجی	مطبعة السعادة مصر	۱۳۳۱ھ
۱۴۴	المنجد	لیوس معلوف	انتشارات اسماعیلیان تهران	
۱۴۵	مؤطا امام مالك	امام مالك بن أنس	نور محمد کارخانه تجارت کتب کراچی	
۱۴۶	المؤطا للامام محمد	امام محمد بن الحسن الشیبانی	میر محمد کتب خانه کراچی	

(ن)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۴۷	نصب الرایة	علامہ جمال الدین ابو محمد الزیلعی	مؤسسة الریّان بیروت	۱۴۱۸ھ
۱۴۸	نور الأنوار	شیخ احمد المعروف بمُلّا جیون	ایچ ایم سعید کمپنی کراچی	
۱۴۹	النهایة لابن الأثیر	امام مجدالدین أبو السعادات المبارك بن محمد الجزری	مؤسسة مطبوعاتی اسماعیلیان قم	

(ھ)

نمبر شمار	نامِ کتاب	مصنف	ناشر	سن طباعت
۱۵۰	هدایة	شیخ الاسلام برهان الدین أبو الحسن علی بن ملبان أبی بکر المرغینانی	مکتبه شرکت علمیه	
۱۵۱	هدیه الشیعة	حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی	مکتبه نعمانی لاهور	

❊❊❊

www.besturdubooks.wordpress.com

Get more e-books from www.ketabton.com
Ketabton.com: The Digital Library